PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN DEBATES

9th June, 1965

Vol. I—No. 1

OFFICIAL REPORT



CONTENTS

	Pages
Wednesday, the 9th June, 1965	
Recitation from the Holy Qur'an	1
Oath of Allegiance of M.P.As.	2
Announcement—	
re : nomination for the election of the Speaker and the Deputy Speaker	5

FIRST SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Wednesday, the 9th June, 1965

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-00 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an and its translation by Qari Ali Hussain Siddiqui, Qari of the Assembly.

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُکُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓی اَھْلِھَا ۙ وَاِذَا حَکَمْتُمْ بَیْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْکُمُوْا بِالْعَدْلِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ نِعِمَّا یَعِظُکُمْ بِہٖ ؕ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ سَمِیْعًا بَصِیْرًا ۝ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ ۚ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِیْ شَیْءٍ فَرُدُّوْہُ اِلَی اللّٰہِ وَالرَّسُوْلِ اِنْ کُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِکَ خَیْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِیْلًا ۝

پ ۵ - س ۴ - ع ۵ - آیات ۵۸ و ۵۹ -

(مسلمانو!) اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ جو امانتیں (تمہارے سپرد) ہیں وہ امانت والوں کے حوالے کر دیا کرو۔ اور جب لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تو لازم ہے انصاف کے ساتھ فیصلہ کرو۔ کیا ہی اچھی بات ہے جس کی اللہ تم کو نصیحت کرتا ہے۔ بلاشبہ وہ سب کچھ سننے والا اور دیکھنے والا ہے۔

مسلمانو! اللہ کی اطاعت کرو اور اللہ کے رسول کی اطاعت کرو اور ان لوگوں کی جو تم میں حکم و اختیار رکھتے ہوں پھر اگر تم کسی معاملے میں جھگڑ پڑو تو چاہیئے کہ اللہ اور اس کے رسول کی طرف رجوع کرو اگر تم اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہو تو اسی میں تمہارے لئے بہتری ہے اور اسی میں انجام کار کی خوبی ہے۔

وما علینا الا البلاغ

OATH OF ALLEGIANCE OF M.P.As.

منسٹر سپیکر—میں جملہ اراکین اسمبلی کی خدمت میں ان کی کامیابی پر ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں اور امن معزز ایوان میں ان کی تشریف آوری پر ان کا خیر مقدم کرتا ہوں—

اب سب سے پہلے اراکین اسمبلی حلف اٹھائیں گے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ ہر معزز ممبر کا نام ابجد کے لحاظ سے پکارا جائیگا۔ وہ یہاں تشریف لا کر حلف نامہ پڑھیں گے۔ اس کے بعد میرے ساتھ مصافحہ کریں گے پھر میرے پیچھے سے گذر کر اسسٹنٹ سیکریٹری کے پاس جو رجسٹر اس غرض سے رکھا گیا ہے اس میں اپنے اپنے دستخط کریں گے —

The following Members of the Assembly then took the oath of allegiance* :—

Abdul Aziz, Mian, (Jhelum I).

Abdul Ghaffar Khan Pasha, Mr. (Karachi V).

Abdul Ghani Mr.(Bahawalnagar III).

Abdul Khaliq, Syed (Peshawar Agency IV).

Abdul Qayum Qureshi, Mr. (Bahawalpur III).

Abdul Qayum, Mr. (Karachi II).

Abdul Sattar Khan Muhammad Khan (Mardan II).

Abdul Subhan Khan, Khan (Peshawar Agency VII).

Abdur Rehman, Mr. (Hazara VI).

Afzal Khan, Khan Mir (Mardan I).

AhmedMian Soomro, Mr. (Jacobabad II).

Ahmed Sultan Khan, Sardar (Larkana I).

Ajoon Khan Jadoon, Khan. (Mardan III).

Akhtar Ali Shah Qureshi, Mukhdum (Jhang II).

Akhtar Ayub Khan, Captain. (Hazara III).

Allah Yar Khan, Langarial Malik (Multan V).

Amanullah Khan, Shahani. Mr. (Mianwali II).

Anwar Aziz, Chaudhry. M. A. LL.B. (Punjab), LL.M.,(Michigan) (Sialkot IV).

Arif Hussain, Mr. (Lyallpur V).

Asghar Ali, Randhawa. Chaudhri (Lyallpur IV)

Asghar Ali Khan Nawabzada (Gujrat I).

Ashraf Abbasi, Dr. Mrs. (PW-152 Zone II).

Atta Muhammad Haji. (Khairpur II).

Atta Muhammad Khan Mari Baloch, Rais (Sanghar II).

Badshah Khan Mahsood Major Mir (D. I. Khan Agency II).

Bashir Ahmed Shah, Mr. (Thatta I).

Chander Singh, Rana (Tharparkar II).

*Please see Appendix at the end.

Darya Khan Jalbani, Rais Haji (Nawabshah I).
Fateh Khan, Brigadier Chaudhri (Rawalpindi III).
Fateh Sher Mr. (Montgomery I).
Fazal Hussain, Sheikh (Muzaffargarh I).
Fida Hassan Hakro, Mr. (Larkana III).
Ghulab Khan Shinwari, Haji (Peshawar Agency II).
Ghulam Abbas Bokhari, Diwan Syed (Multan VII).
Ghulam Akbar Khan Khakwani, Haji (Multan VI).
Ghulam Ali, Malik (Sheikhupura I).
Ghulam Ali Chishti, Pir (Montgomery VI).
Ghulam Muhammad Ahmed Khan, Mr. (Montgomery V).
Ghulam Qasim Khan Khakwani, Nawabzada (Multan I).
Ghulam Shabbir, Qazi (Jhang III).
Gul Hameed Khan, B.A., LL.B., Mr. (Mianwali I).
Gul Hassan Mangi, Haji (Sukkur III).
Gul Zaman Khan, Sardar (Hazara I).
Habibullah Khan, Mr. (D. I. Khan II).
Hamid-ud-Din Shah, Makhdum (Rahimyar Khan III).
Hamza Mr. (Lyallpur VI).
Hazar Khan, Malik Mir (Karachi III).
Idd Muhammad, Chaudhri (Lahore II).
Imam Ali Unar, Haji (Nawabshah III).
Imtiaz Ahmed Gill, Chaudhri (Lyallpur II).
Inayat Ali Shah, Syed (Peshawar IV).
Jaffar Ali Shah, Ataliq (Peshawar Agency VI).
Jaffar Hussain Jaffery, Mr. (Khairpur I).
Jalal-ud-Din Khan, Mr. (Peshawar II).
Jamal Muhammad Koraija, Khawaja (Rahimyar Khan I
Jamshed Khan, Mohmand, Khan (Peshawar Agency III
Karam Elahi Khan, Mr. (Dera Ghazi Khan II).
Khan Muhammad Kalyar, Mian (Sargodha I).
Khan Muhammad, Mr. (Hyderabad VI)
Khan Muhammad Khan, Sardar (Sukkur IV)
Khuda Bux, Mir (Tharparkar III)
Kilbat Khan, Masozai Malik (PeshawarAgency I)
Mahmood Azam Farooqi, Mr. (Karachi VIII)
Mahmooda Begum, Sahibzadi (P.W- 153 Zone III)
Manak Khan Bosal, Chaudhri (Gujrat II)
Mansab Ali Khan Kharal, Rai (Sheikhupura III)
ManzurAhmed Khan, Mr. (Dera Ghazi Khan I)
Manzur Hussain, Mr. (Sheikhupura II)
Mazhar Hussain, Mr. (Dadu I)
Meraj Khalid, Malik (Lahore V)
Mir Muhammad Khan, Mir (Tharparkar I)

Miraj Din, Mian (Lahore I)
Muhammad Abdullah Khan, Raja (Gujranwala III)
Muhammad Afreen Khan, Mr. (Peshawar Agency X)
Muhammd Afzal, Mr. (Montgomery IV)
Muhammad Ahmed Khan, Khan (Lahore VI)
Muhammad Akbar Khan Kanju, Mr. (Rahimyar Khan IV)
Muhammad Akbar Khan, Mr. (Dera Ismail Khan-I)
Muhammad Akhtar, Malik (Lahore II)
Muhammad Akhtar, Mian (Karachi VII)
Muhammad Ali, Major (Sargodha III)
Muhammad Anwar Ali Khan, Baloch Mr. (Lyallpur I)
Muhammad Ashraf Khan, Sardar (Jhelum II)
Muhammad Aslam Jan, Major (Rawalpindi I)
Muhammad Aslam Khan Khattak, M.A. (Oxon), Bar-at-Law, S.P.C., Dr. (Kohat II).
Muhammad Aslam Khan, Malik (Campbellpur I).
Muhammad Aurangzeb Khan, Awan B.A., LL.B. Mr. (Hazara IV).
Muhammad Ayub Khan, Sardar, (Bahawalpur I).
Muhammad Azam, Qazi, (Hyderabad II).
Muhammad Hassan Shah, Syed (Hyderabad IV).
Muhammad Hayat Kalyar, Mian (Sargodha IV)
Muhammad Idrees, Chaudhri (Jhang I).
Muhammad Iqbal Khan, Hiraj Sial, Mr. (Multan III)
Muhammad Iqbal Khan Jadoon, Khan (Hazara II).
Muhammad Ishaq Khan, Sardar (Quetta-*cum*-Chagai).
Muhammad Islam, Mian (Rahimyar Khan II).
Muhammad Khan Jogezai, Tumandar, Sardar Bahadur, Nawab (Quetta-*cum*-Zhob *cum*-Sibi-*cum*-Lorali.)
Muhammad Murad Shah, Mr. (Hyderabad III).
Muhammad Musa Khan Bughio, Mr. (Larkana II).
Muhammad Muzaffar Khan, Malik (Campbellpur II).
Muhammad Nawaz, Chaudhri, (Montgomery II).
Muhammad Qasim Mela, Chaudhri, (Sargodha II).
Muhammad Rafique, Babu (Loralai-*cum*-Sibi).
Muhammad Rehmat Hussain Gilani, Makhdoomzada Syed (Multan II).
Muhammad Safdar, Khawaja, (Sialkot I).
Muhammad Shah Nasir Khan, Nawabzada. (Peshawar Agency V).
Muhammad Umar Qureshi, Mr. (Hyderabad I).
Muhammad Sarwar Khan, Mr. (Sialkot III).
Muhammad Shams-ud-Din Gilani, Makhkdum. (Bahawalpur II)
Muhammad Yusaf, Khan, Mr. B.A.LL.B. (Rawalpindi II).
Muhammad Zaman Chishti, Mr. (Bahawalnagar II).
Mukarram Khan, Khan (Peshawar III).

Mumtaz Jamal, Begum (P.W. 154 Zone IV)
Mumtaz Safdar, Begum, (P.W. 155 Zone V).
Nasir-ud-Din Shah, Makhdum Syed, (Lyallpur VII).
Nazar Muhammad, Kaluka, Mian (Bahawalnagar I).
Nazeer Ahmed, Mr. (Montgomery III).
Nisar Muhammad Khan, Mr. (Peshawar V).
Phool Muhammad Khan, Rana, (Lahore VII).
Qadir Bakhsh, Malik (Muzaffargarh II).
Qurban Ali, Pir (Nawabshah II).
Rahim Dil Khan, Nawabzada (Bannu II).
Rahim Shah, Syed (Peshawar Agency IX).
Saadullah Khan, Haji, (Dera Ismail Khan Agency I.)
Sadiq Hussain Qureshi Nawabzada (Multan IV).
Sadar-ud-Din Durrani, Agha (Sukkur I).
Saifullah Khan, B.Sc. (Calif U.S:A), Mian (Karachi IV).
Saifullah Khan, Mr. (Bahawalnagar IV).
Saifullah Khan Tarar, Chaudhri (Gujranwala II).
Sarmast Khan Afridi, Malik (Kohat III).
Shabbir Ahmed Raees, Mr. (Rahimyar Khan V).
Sikander Khan, Malik (Dadu II).
Sultan Ahmed Cheema Z.O.M.S. (Vienna) W.P.H.S. (Retd.) Dr. (Sialkot II)
Sunder Khan, Mir (Jacobabad I).
Taj Muhammad Khan Bangash, Khanzada (Kohat I).
Umar Jan Khan, Mr. (Bannu I).
Umer Khan Sheikh, Mir (Kalat-*cum*-Mekran-*cum*-Kharan).
Wahidullah Khan, Mr. (Lyallpur III).
Wali Muhammad Khan Talpur, Mir B.A., (Hyderabad V).
Yusaf Ali Khan Magsi, Mr. (Kalat I).
Yusaf Ali Shah, Syed (Peshawar I).
Zahida Khaliquz Zaman Begum, (P.W. 151 Zone I)
Zain Noorani, Mr. (Karachi I).

ANNOUNCEMENT

re: nominations for the election of the Speaker and the Deputy Speakers

Mr. Speaker: The next item on the Orders of the Day is an announcement regarding invitation of the nominations for the election of the Speaker, Senior Deputy Speaker and the other Deputy Speaker.

Under Rule 8 (1) of the National Assembly of Pakistan Rules of Procedure as adopted for regulating the procedure of the Provincial Assembly of West Pakistan nominations are invited proposing names of Members for election as Speaker, Senior Deputy Speaker and the other Deputy Speaker, separately. These nominatons will be made in the prescribed forms which are available with the Assembly Secretariat. The Members proposing another Member for election as Speaker, Senior Deputy Speaker or the other Deputy Speaker, will state in writing in the nomination paper that he has ascertained that the Member proposed is willing to serve as Speaker, Senior Deputy Speaker or the other Deputy Speaker as the case may be

Nomination Papers will be received by the Secretary Assembly up to 12 noon on Thursday the 10th June 1965. Members nominated for election as Speaker, Senior Deputy Speaker or the other Deputy Speaker may withdraw their candidature at any time before 12 noon on Friday the 11th June 1965.

Separate polls will be held for election to the offices of the Speaker, Senior Deputy Speaker and the other Deputy Speaker from 8 a.m. onwards on Saturday the 12th June 1965, if necessary.

The House is adjourned for 12th June to meet at 8. a.m.

The Assembly then adjourned till 8.00 *a.m. on Saturday the 12th June* 1965

APPENDIX

OATH OF ALLEGIANCE

I,_____, do solemnly swear that I will bear true faith and allegiance to Pakistan :

That as a Member of the Assembly of the Province of West Pakistan, I will perform my functions honestly, to the best of my ability, faithfully in accordance with the Constitution, the Law and the Rules of the Assembly, and always in the interest of the solidarity, integrity, well, being and prosperity of Pakistan :

And that I will preserve, protect and defend the Constitution.

3412 PLA—600—SGPWP Lahore.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FIRST SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Saturday, the 12th June, 1965

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8.00 a.m. of the clock Mr. Senior Deputy Speaker, Mr. Muhammad Ishaq Khan Kundi, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an and its translation by Qari Ali Hussain Siddiqi, Qari of the Assembly.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيعًا وَّلَا تَفَرَّقُوا ۚ وَاذْكُرُوا نِعْمَتَ اللّٰهِ
عَلَيْكُمْ إِذْ كُنْتُمْ أَعْدَاءً فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ فَأَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهِ
إِخْوَانًا ۚ وَكُنْتُمْ عَلَىٰ شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَأَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ۗ
كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ۝ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ
أُمَّةٌ يَّدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ
عَنِ الْمُنْكَرِ ۚ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝

پ ۴۔ س ۳۔ رکوع ۱۔ آیات ۱۰۳ و ۱۰۴

(مسلمانو!) اور تم سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑو اور آپس میں تفرقہ مت ہو۔ اللہ کی اس مہربانی کو یاد کرو کہ جب تم آپس میں ایک دوسرے کے دشمن ہو رہے تھے۔ تو اس نے تمہارے دلوں میں الفت ڈالدی اور تم اس کی مہربانی سے بھائی بھائی ہو گئے۔ اور تم آگ سے بھرپور خندق کے کنارے تک پہنچ چکے تھے پس اس نے تمہیں (اس میں گرنے سے) بچا لیا اس طرح تم کو اللہ اپنی آیتیں واضح کر کے بیان کرتا ہے تاکہ تم ہدایت پاجاؤ۔

اور تم میں ایک ایسی جماعت کا ہونا نہایت ضروری ہے جو لوگوں کو نیکی کی طرف بلائے اور اچھے کام کرنے کا حکم دے اور برے کاموں سے منع کرے یہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔

وما علینا الا البلاغ

OATH OF ALLEGIANCE OF M. P. As.

Mr. Senior Deputy Speaker (Mr. Muhammad Ishaq Khan Kundi) :The Secretary will now call the names of members, who have not yet taken the oath. They will come here one by one and take their oaths and sign in the register.

The following Members then took the oath :—

(1) Mr. Abdur Rehman Qureshi.
(2) Mr. Fateh Muhammad Khan.
(3) Syed Sher Ali Shah

ANNOUNCEMENT

RE-ELECTION OF THE SPEAKER

Mr. Senior Deputy Speaker : I will now read the announcement before the House.

In accordance with sub-rule (1) of Rule 8 of the National Assembly of Pakistan Rules of Procedure as adopted for regulating the procedure of the Provincial Assembly of West Pakistan nominations for election to the office of the Speaker of the Provincial Assembly of West Pakistan were invited on 9th June, 1965. The nominations were to be made upto 12 noon on the 10th June, 1965.

Three nomination papers proposing the name of Ch. Muhammad Anwar; M.P.A. for election as Speaker were presented by Ch. Imtiaz Ahmed Gill, Babu Muhammad Rafiq and Ch. Saifullah Khan Tarar, M. P. As., on 9th June, 1965.

As Ch. Muhammad Anwar M. P. A. is the only candidate who has been duly nominated for election as Speaker, he is declared, under sub-rule (3) of Rule 8 of the said Rules, to have been duly elected as Speaker of the Provincial Assembly of West Pakistan.

I now call upon Ch. Muhammad Anwar to make the prescribed oath of office and then occupy the chair.

(*At this stage Chaudhri Muhammad Anwar took the Oath of Office as Speaker, and then occupied the Chair*)

FELICITATIONS TO THE SPEAKER

Mr. Speaker : Yes, Khan Habib Ullah Khan, Leader of the House.

Khan Habib Ullah Khan : Mr. Speaker, Sir, I feel privileged to take this opportunity to extend to you on behalf of myself, my colleagues and the members of the House a warm welcome and hearty congratulations on your election to the office of the Speaker. (*Applause*).

Sir, it is a matter of particular gratification to see that your election has been unopposed and you have been unanimously elected to this Chair. This is an ample and clear proof that you have discharged your duties and performed your functions faithfully, honestly and to the best of your ability. Sir, you are not new to this Chair as you have already held this office since 1963 We know that your task is very arduous and your responsibilities are very heavy but we, are quite sure that you will perform your duties again, during the second term as honestly and faithfully as you have done in the past.

Sir, in carrying out your duties and responsibilities you can always depend upon us andI, on behalf of my colleagues and members of my party, assure you of our fullest co-operation. You are well aware that this House has some rights and privileges guaranteed to them under the Constitution and the law. We hope and I trust, that you will safeguard these rights and privileges to the best of your ability and would not allow anybody to encroach upon them. So far as the dignity, honour and decorum of the House is concerned we are perfectly sure that you will maintain them. This House has also traditions and there are also conventions of this House. We are confident and sure that you will main

tain them. With these few words Sir, I once more offer you our congratulation and we wish you the best of success. Our best wishes and goodwill will be always with you.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) جناب والا - میں آپ کے اس عہدہ جلیلہ پر دوبارہ متمکن ہونے پر آپ کی خدمت میں ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں - اللہ تعالے نے آپ کو اپنے فضل و کرم سے نوازا ہے اور مجھے امید واثق ہے کہ آپ آئندہ پانچ سال کے لئے اس ایوان کے فرائض اور اپنے عہدہ جلیلہ کے فرائض کو بہ حسن و خوبی سر انجام دینگے - اس میں کوئی شک نہیں کہ آپ اس عہدے پر لئے نہیں ہیں بلکہ گذشتہ ڈیڑھ سال سے اس عہدہ جلیلہ پر متمکن رہے ہیں اور اپنے فرائض کو بہ حسن و خوبی سر انجام دیتے رہے ہیں لہذا میں پورے وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ آپ آئندہ بھی اس ایوان کی روایات کو نہ صرف بر قرار رکھیں گے بلکہ ان روایات کو بہتر سے بہتر بنانے کی سعی فرمائیں گے اور اس سلسلے میں آپ کی پارٹی آپ کے رستے میں رکاوٹ نہیں بن سکے گی -

جناب والا - اس ضمن میں میں آپکو حال ہی کا ایک واقعہ یاد دلاؤں گا جو کہ چند روز ہوئے برطانوی پارلیمنٹ میں پیش آیا تھا، جب کہ وہاں حزب اقتدار اور حزب مخالف نے ایک پیش کردہ موشن کے سلسلے میں برابر ووٹ ڈالے اور مسٹر سپیکر کو اپنا کاسٹنگ ووٹ ڈالنا تھا - مسٹر سپیکر خود تو کنزرویٹو پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں مگر انہوں نے اپنا ووٹ اپنی مخالف پارٹی یعنی لیبر پارٹی کے حق میں ڈالا اور اس امر کی مطلق پرواہ نہ کی کہ ان کے ووٹ سے انکی اپنی پارٹی ہاری ہے تو انہوں نے اس معزز ایوان کی شاندار روایت کو بر قرار و قائم رکھا -

جناب والا - اس ضمن میں میں آپ کی خدمت میں عرض کرونگا کہ آپ بھی اس معزز ایوان کی روایات کو برقرار رکھنے کی سعی فرمائیں -

جناب والا- آپ جس کرسی پر متمکن ہیں یہ ایک بلند و بالا کرسی ہے اور جس قدر اس کرسی کا وقار بلند ہوگا اسی قدر آپکا اپنا وقار بھی بلند ہوگا - خدانخواستہ اگر اس کرسی کا وقار کم ہوتا گیا تو آپکا وقار بھی کم تر ہو جائیگا - اس لئے میں آپکی خدمت میں درخواست

کرونگا کہ آپ اس ایوان اور اس ایوان کے معزز ارکان کے وقار کو بلند کرنے کی سعی فرمایا کریں اور میں اپنی طرف سے بھی اور اپنی پارٹی کے ارکان کی طرف سے آپ کو تعاون کا یقین دلاتا ہوں اور خداوند تعالے سے دعا بھی کرتا ہوں کہ وہ آپ کا حامی و مددگار ہو اور ناصر ہو——— اور آپ انصاف سے اس ایوان کے دونوں حصوں یعنی حزب اقتدار اور حزب مخالف کے ساتھ اور خاص کر بلند و بالا ہستی والے قائد ایوان اور میرے جیسے جو شخص دونوں کے ساتھ ایک جیسا سلوک روا رکھیں۔

اب جناب والا ۔ میں ایک دفعہ پھر آپ کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتا ہوں اور اپنی تقریر ختم کرتے ہوئے اپنی نشست پر بیٹھتا ہوں ۔

مسٹر حمزہ (لائلپور—۶) ۔ جناب سپیکر ۔ آپ کے اس عہدہ جلیلہ پر متفقہ طور پر منتخب ہونے پر میں آپکو ہدیہ تبریک اور مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ مبارکباد پیش کرتے ہوئے مجھے اس امر کا انتہائی احساس ہے کہ آپ کو دوبارہ منتخب کرکے ہم نے اس ملک میں ایک جمہوری روایت قائم کی ہے ۔ بلکہ وہ روایت جو پہلے موجود تھی ۔ اسے دوبالا کیا ہے ۔ مجھے پوری توقع ہے کہ یہ ملک جہاں اس وقت جمہوری روایات کو پامال کیا جا رہا ہے ۔ کم از کم اب آپ ان کو اس ایوان میں پامال نہ ہونے دینگے ۔

اس میں شک نہیں کہ ہم ملک کی سیاسی زندگی کو حصوں بخروں میں تقسیم نہیں کر سکتے ۔ تاہم اس ایوان کے باہر کی فضا اس کے اندر کی فضا پر بھی اثر انداز ہوگی ۔ اور وہ چیزیں ۔ وہ باتیں یا وہ خیالات جن کا اظہار اس معزز ایوان کے معزز ممبران اس کے اندر کرتے ہیں یا اس سے پہلے کرتے رہے ہیں ۔ ان کا خمیازہ انہیں بعض اوقات اس ایوان سے باہر بھی بھگتنا پڑا ہے ۔ میں آپ سے توقع کرتا ہوں کہ آپ اس ایوان کی تمام قیمتی روایات پورے طور پر قائم رکھینگے ، بلکہ ان کو بہتر بنانے کی کوشش کرینگے ۔ اور اس ایوان کے معزز ممبران کے فرائض اور ذمہ داریوں کا لحاظ رکھتے ہوئے آپ اپنی سابقہ روایات جو آپ نے ایک غیر جانبدار اور قانون کا احترام کرانے والے سپیکر کے طور پر قائم کی تھیں ۔ آئندہ پانچ سال کے لئے قائم رکھیں گے ۔

بابو محمد رفیق (لورا لائی و سبی) ۔ جناب سپیکر ۔ میں آپ کو اس عہدے کے لئے دوبارہ منتخب ہونے پر ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں ۔ آپ کا دوبارہ انتخاب اس بات کی بین دلیل ہے کہ آپ نے اپنے گذشتہ ڈیڑھ سالہ دور میں جس غیر جانبدارانہ طریق پر اس ہاؤس کی رہنمائی کی ۔ وہ قابل ستائش ہے ، مجھے امید ہے کہ آپ کا آئیندہ پانچ سالہ دور بھی ایسا ہی ثابت ہو گا اور آپ کی رہنمائی میں اس ایوان میں ایسے قوانین بنائے جائینگے جو ہمارے عوام کی بہتری و بہبودی کے لئے ممد و معاون ثابت ہوں گے ۔

جناب سپیکر ۔ اس وقت صرف ہماری نظریں ہی آپ کی طرف نہیں اٹھی ہوئیں ، بلکہ مغربی پاکستان کے تمام عوام آپ کی طرف دیکھ رہے ہیں کہ آپ کے دور میں ایسے کونسے قوانین وضع ہوتے ہیں جو ان کی ترقی کے لئے مدد گار ثابت ہوں ۔

میں آپ کو ایک بار پھر مبارک باد پیش کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ جس طرح آپ نے اپنے پچھلے دور میں نہایت ہی غیر جانبدار رہ کر ہماری رہنمائی کی تھی ۔ آئندہ بھی آپ اسی طرح ہماری رہنمائی فرمائینگے ۔

Haji Gul Hassan Mangi (Sukkur III): Mr. Speaker, Sir, I offer my heartiest congratulations on your unopposed election as Speaker for this term. I am happy that you have been elected as the Speaker of the House During the last term you maintained the dignity and the prestige of the House and you never gave any chance to any Member to say that you have no maintained the dignity and prestige of the House. I hope that during this term also you will continue the same traditions and maintain the dignity and prestige of the House and under your leadership, we will do something better for the country. Again I offer my heartiest congratulations.

خان اچون خان جدون (مردان ۔ ۳) ۔ جناب سپیکر ۔ میں آپ کو اس معزز ایوان کے سب سے اعلیٰ عہدے یعنی سپیکر کے لئے منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔

جناب سپیکر ۔ آپ کے انتخاب سے مغربی پاکستان میں دو بہترین جمہوری روایتیں قائم ہوئی ہیں ۔ یعنی یہ کہ آپ کے حلقہ نیابت کے لوگوں نے آپ کے عہدے کا احترام کرتے ہوئے آپ کو اس ایوان کا بلامقابلہ ممبر منتخب کیا ہے ۔ جس کے لئے میں آپ کے حلقہ نیابت کے ممبران اور عوام کو بھی مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے ایک اچھی جمہوری روایت قائم کی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس ایوان کا سپیکر منتخب ہونے پر آپ مغربی پاکستان کی اعلیٰ ترین کرسی پر فائز ہوئے ہیں اور چونکہ آپ کو ۱۰۰ ممبران نے بلا مقابلہ سپیکر منتخب کیا ہے ۔ اس لئے آپ سارے مغربی پاکستان کے نمائندہ ہیں اور سارے مغربی پاکستان کے عوام آپ کی طرف عزت کی نگاہ سے دیکھ رہے ہیں ۔ جس طرح جناب والا نے گذشتہ دو سال کے دوران اس ایوان میں پارلیمانی روایات قائم کیں ۔ جس قابلیت ۔ دیانت اور ذہانت سے آپ نے اس ایوان کی کارروائی ترتیب دی اور یہاں صدارت فرمائی ۔ مجھے امید ہے کہ آپ پچھلے تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے اس ایوان کی پارلیمانی روایات ۔ اس کے وقار اور مرتبے میں اضافہ فرمائیں گے ۔

جناب سپیکر ۔ میں آخر میں آپ کو دوبارہ دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔

مسٹر محمد یوسف خان (راولپنڈی ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ قائد ایوان نے آپ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے جن خیالات کا اظہار فرمایا ہے ۔ میں بھی ان میں شمولیت کرتے ہوئے آپ کو ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں ۔ گذشتہ تین سال کے دوران آپ نے اپنے فرائض منصبی کو جس طرح کماحقہ، سر انجام دیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں اس کے پیش نظر آج آپ کو بلا مقابلہ منتخب کرکے اس معزز ایوان نے ان فرائض کو پوری طرح سرانجام دینے کے سلسلے میں شکر گذاری کا اظہار کیا ہے ۔

جناب والا ۔ یہاں یہ بھی کہا گیا ہے کہ جمہوری تصورات یا خیالات یا جمہوریت اس ملک میں پامال ہو رہی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں یہ ایسا موقع نہ تھا جب کہ اس امر کا تذکرہ کیا جاتا ۔ ابھی تک کسی کو یہ معلوم نہیں کہ جمہوریت کے اصل تصورات کیا ہیں اور جمہوریت کا نظریہ کیا ہے ۔ حتیٰ کہ تمام جمہوری حکومتیں اور جمہوریت پسند ممالک ابھی تک اس کے متعلق متفق نہیں ہو سکے ۔ اس لحاظ سے اگر دیکھا جائے تو جمہوری طریقہ وہی ہے جو بذریعہ انتخاب ہوتا ہے ۔ خواہ طریقہ نتخاب کوئی ہو اور یہ بات بھی عیاں ہے کہ ہم سب ممبران اسمبلی سارے صوبے سے بذریعہ انتخاب ہی یہاں آئے ہیں اور

بذریعہ انتخاب ہی آپ یہاں بلا مقابلہ سپیکر منتخب ہوئے ہیں ۔ چنانچہ اس کے بعد یہ کہنے کی جسارت کرتا کہ ملک میں جمہوریت نہیں ہے ۔ جمہوریت کے منہ چڑانے کے مترادف ہے عرض یہ ہے کہ ہمارے ہاں حکیم‌الامت علامہ اقبال کا جمہوریت کا نظریہ سب کو معلوم ہے ۔ انہوں نے جمہورت کو نا پسند فرمایا ہے ۔ وہ فرماتے ہیں کہ جمہوریت ایک طرز حکومت ہے کہ جس میں بندوں کو گنا کرتے ہیں ۔ تولا نہیں کرتے اور دوسرے مقام پر فرماتے ہیں کہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

گریز از طرز جمہوری غلام پختہ کارے شو

کہ از مغز دو صد خر فکر انسانے نمے آید

میں یہ عرض کرتا ہوں کہ ان ہی جمہوری تصورات کے تحت آپ منتخب ہوئے ہیں اور ہم سب بھی اس ایوان میں منتخب ہو کر آئے ہیں ۔ یہ اسلامک ری پبلک آف پاکستان ایک جمہوری ملک ہے ، جس میں اسلامی طرز فکر کو فروغ دینے کے لئے قواعد و ضوابط مرتب کئے گئے ہیں ۔ میری گذارش ہے کہ ایسے بحث میں جانے کی ضرورت نہیں اور اس چیز کا خیال رکھنا چاہیے کہ آیا کسی بات کے کرنے کا موقع ہے یا نہیں ۔ اس وقت ہمیں صرف آپ کی خدمت میں مبارک باد پیش کرنا ہے ہمیں کسی بحث میں نہیں پڑنا چاہئے ۔

بہر کیف آپ کے اس عہدہ جلیلہ پر بلا مقابلہ منتخب ہو کر فائز ہونے پر میں دلی طور پر آپ کی خدمت میں مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔

صاحبزادی محمودہ بیگم (زون—۳) ۔ صدر محترم ۔ میں اپنی طرف سے اور اپنی بہنوں کی طرف سے آپ کے اس جلیل‌القدر عہدہ کے لئے بلا مقابلہ منتخب ہونے پر دلی مبارک باد پیش کرتی ہوں ۔ صدر محترم ۔ آپ کی ذات والا صفات نے گذشتہ اسمبلی کے دور میں جس محنت اور جانفشانی سے سپیکر کے فرائض کو انجام دیا ہے ۔ اس کی بنا پر اس دفعہ بلا مقابلہ سپیکر منتخب ہونے پر میں سمجھتی ہوں جمہوری روایات کی بلندی کے ساتھ ساتھ ہمارے عوام کی قابلیت کا بھی اس میں دخل ہے ۔ انہوں نے آپ کی خدمات کو اس درجہ اہمیت

دی کہ آپ اپنے حلقہ نیابت سے بلا مقابلہ منتخب ہوئے پھر خدا کے فضل سے اس عہدہ جلیلہ پر بھی جو اسمبلی کا سب سے بڑا عہدہ تصور کیا جاتا ہے بلا مقابلہ منتخب ہوئے - آپ کی گذشتہ خدمات اس بات کی ضامن ہیں کہ آپ نے اس اسمبلی کی روایات کو بلند کرنے کی کوشش کی ہے - ہم آپ سے توقع رکھتے ہیں کہ آپ آئیندہ پانچ سال کے عرصہ میں بھی ان روایات کو بلند رکھنے کی پوری کوشش کریں گے - آپ کی ذات ہمارے لئے باعث رحمت ہے کیونکہ ہمارے پاس اس قسم کے محنتی اور جانفشانی سے کام کرنے والے لوگوں کی کمی ہے اس لئے آپ پر بلا شک و شبہ فخر کیا جا سکتا ہے -

آخر میں میں آپ کو اس عہدہ جلیلہ پر فائز ہونے پر دلی مبارک باد پیش کرتی ہوں -

مسٹر عبدالستار خان (مردان - ۲) - جناب والا - آپ کے بلا مقابلہ سپیکر منتخب ہونے پر میں آپ کو دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں اور اس امر پر مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ مسلم لیگ اسمبلی پارٹی نے آپ کو اس عہدہ کا امیدوار چنا - اس سے اس بات کا ثبوت ملتا ہے کہ مسلم لیگ پارٹی میں کس حد تک اتحاد ہے اور آپس میں کس حد تک اتفاق پایا جاتا ہے - یہ امر بھی قابل مبارک باد ہے کہ مسلم لیگ اسمبلی پارٹی نے جن پانچ خواتین کے نام تجویز کئے وہ بلا مقابلہ منتخب ہو گئیں - اب آپ کی رہنمائی اور سرکردگی میں انشاءاللہ مسلم لیگ پارٹی قوم اور ملک کے لئے مفید کام کرے گی - اپنے آپ کو مضبوط بنائے گی اور ملک کے اندر جو پیچیدہ مسائل درپیش ہیں انہیں انشاءاللہ حل کرنے میں کامیاب ہو گی - جناب والا - اگرچہ ہم نئے ممبر ہیں، لیکن ہم سنتے رہے ہیں کہ آپ نے اس ہاؤس میں جمہوری روایات کو پوری طرح بر قرار رکھا ہے - انشاءاللہ آپ آئیندہ بھی ان جمہوری روایات کو بر قرار رکھیں گے اور اس ایوان کے وقار کو بلند سے بلند تر کرنے کی کوشش فرمائیں گے - ہم آپ کے ساتھ ہیں اور پوری طرح آپ سے تعاون کریں گے -

چودھری محمد نواز (منٹگمری — ۲) - جناب سپیکر — اس عہدہ جلیلہ کے لئے آپ کے بلا مقابلہ منتخب ہونے پر میں آپ کی خدمت

میں اپنے ضلع کے عوام کی طرف سے ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں اس کے ساتھ ہی میں اس معزز ایوان کے ممبران کو بھی مبارک باد کا مستحق سمجھتا ہوں جنہوں نے آپ کی سابقہ اعلے روایات اور آپ کے بلند کردار کو پیش نظر رکھتے ہوئے آپ کو بلا مقابلہ منتخب کیا ہے۔

حضور والا—جب آپ اس جلیل القدر عہدہ پر متمکن ہوئے ہیں تو اس کے ساتھ آپ کے کندھوں پر ذمہ داریوں کا بھاری بھرکم بوجھ بھی ڈال دیا گیا ہے میں امید کرتا ہوں کہ آپ اپنی اعلے روایات کے مطابق ان ذمہ داریوں سے عہدہ برا ہونے میں ضرور کامیاب ہوں گے۔

آخر میں میں آپ کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

خواجہ جمال محمد کویجہ (رحیم یار خان۔ ۱)۔ صاحب صدر۔ میں آپ کو دوبارہ سپیکر منتخب ہونے پر مبارک باد پیش کرتا ہوں آپ کا دوبارہ منتخب ہونا آپ کی کامیابی کی بین دلیل ہے۔میں امید کرتا ہوں کہ آئندہ ۵ سال کے عرصہ میں آپ زیادہ کامیابی حاصل کریں گے۔

میں لیڈر آف ہاؤس جناب خان حبیب اللہ خان صاحب کی خدمت میں بھی مبارکباد پیش کرتا ہوں اور ساتھ ہی ان کی خدمت میں ایک معروضہ پیش کرتا ہوں — وہ یہ ہے کہ جس طرح سابقہ اسمبلی میں شیخ مسعود صادق صاحب نے نہایت خلوص اور اخلاق کا رویہ قائم رکھا آپ بھی اس ایوان کے ممبران کے ساتھ اسی طرح بڑھ چڑھ کر تعاون فرمائیں گے۔ ہمارا یہ فرض ہے کہ اپنی مشکلات آپ کے گوش گذار کریں—اور آپکا یہ فرض ہے کہ آپ ان پر نگاہ رکھیں—اور مشکلات کو رفع کرنے کی کوشش کریں—اس کے بعد میں ہاؤس کے ممبران کی خدمت میں مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ وہ اپنے اپنے علاقوں سے منتخب ہو کر آئے ہیں۔

آخر میں میں دوبارہ آپ کے سپیکر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

Makhdum Hamid-ud-din Shah (Rahimyar Khan—III): Mr. Speaker, Sir, I rise to felicitate you on the assumption of this high Office. That you have been unanimously inducted into office is yet another hall-mark of propriety, decorum and precedent followed on very rare occasions.

Sir, in democaracy, a conflict of opinion is of very significant vulue, yet concensus of opinion is equally the embodiment of wisdom and foresight. You hardly need to be introduced in this House. Your past services to the out-going Assembly and the diligence and perseverence with which you performed your functions have earned for you profound applause and commendation.

Mr. Speakar., Sir, you are the custodian of the rights and privileges of this Honourable House and I am sure that you will rise to the occasion whenever attended by a situation seeking your protection. Worthy of the high confidence having been reposed in you today I once again congratuala e you.

Malik Muhammad Aslam Khan (Campbellpur—I) Mr. Speaker Sir, I take this opportunity to offer you my hearty congratulations on your being elected unanimously to the Chair of the Speaker. Sir the way and the manner in which all the members of this House are admiring you and offering you their congratulations attach a lot of expectations with you, and we, the new members, have now attached great hopes and expectations with you. Moreover, Sir, I may remind you and tell you that we, the members of the Pakistan Muslim League Party, have made a sacrifice in electing you to this Office, because we would be deprived of your active part in our party meetings. Therefore, Sir, for the sacrifice which we have made I hope you will prove that we did well because that is in the best interest of our country and of our party.

I once again extend to you my heartiest congratulations Sir.

ہیوان سید غلام عباس بخاری (ملتان—۷)۔ جناب سپیکر۔ پیشتر اسکے کہ میں دلی مبارکباد پیش کروں میں یہ عرض کرونگا کہ میں اس معزز ایوان میں سنہ ۱۹۶۹ء سے منتخب ہو کر آ رہا ہوں اسوقت کے دوستوں میں سے بہت ہی تھوڑی تعداد میرے دوستوں کی نظر آتی ہے— حزب اختلاف کے لیڈر خواجہ صفدر کو دیکھ رہا ہوں ملک قادر بخش اور شیخ مسعود صادق صاحب اور انکے علاوہ بہت تھوڑی تعداد نظر آتی ہے جو اس ایوان میں موجود ہے—میں نے متعدد سپیکروں کا طریقہ کار اور اس ایوان سے جو انکا رابطہ رہا ہے دیکھا ہے میں وثوق سے یہ کہہ سکتا ہوں کہ پچھلے ڈیڑھ سال میں جو وقار اور انصاف حزب اختلاف یا حزب اقتدار کے ساتھ آپ نے قائم رکھا وہ کسی طرح بھی ان سپیکروں سے جنکو میں نے دیکھا ہے کم نہ تھا—

جناب والا۔ میرا تعلق صرف ملتان سے نہیں بلکہ روحانی طور پر منٹگمری مظفر گڑھ اور ڈیرہ غازیخان سے بھی ہے۔ پورے ویسٹ پاکستان سے بھی ہے اور پورے پاکستان سے بھی ہے میں یہ سمجھتا ہوں کہ ممبران نے جب آپکو چنا ہے تو آپ صرف ایک علاقہ یا ایک ضلع کے عوام کی طرف سے نہیں بلکہ پورے ویسٹ پاکستان کے عوام کیطرف سے مبارکباد کے مستحق ہیں— میں صرف ایک جملے پر اپنی بات کو ختم کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ کسی ادارہ میں یا کسی ملک میں یا کسی ملک کے حصہ میں جہاں انصاف نہ ہو تو وہاں کبھی بھی سکون حاصل نہیں ہوتا جو دو سال میں نے آپکو دیکھا ہے اسکے پیش نظر مجھے پوری توقع اور پورا اعتماد ہے کہ ان پانچ سال میں بھی اس دوران میں حزب اختلاف یا حزب اقتدار کیساتھ پورا پورا انصاف ہو گا—

جناب والا - میں پھر آخری بار اپنی طرف سے اور اپنے علاقہ کے عوام کیطرف سے دل کی گہرائی سے دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

سردار محمد اسحاق خان (کوئٹہ-چغئی)-جناب سپیکر-میں پہلی دفعہ اس معزز ایوان میں بحیثیت ممبر کے منتخب ہو کر آیا ہوں میں اپنے دوسرے معزز ممبران کی تقریروں سے یہ اندازہ لگا رہا ہوں کہ اس ایوان کو آپ پر مکمل اعتماد ہے۔ میں اپنے کوئٹہ ڈویژن کے عوام کیطرف سے آپکو مبارکباد پیش کرتا ہوں میں اسبات پر فخر محسوس کرتا ہوں اور میں یہ بجا طور پر کہہ سکتا ہوں کہ اس مبارکباد کے مستحق ہمارے صدر محترم فیلڈ مارشل محمد ایوب خان صاحب ہیں۔ ہماری مسلم لیگ پارٹی کی قیادت بھی انکے ہاتھ میں ہے۔یہ مسلم لیگ کی تنظیم ہی کا نتیجہ ہے کہ اس ہاؤس میں آپکو متفقہ طور پر بلا مقابلہ اس عہدہ جلیلہ پر منتخب کیا گیا۔ میں ایک بار پھر آپکو اس عہدہ جلیلہ پر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

میاں معراج الدین (لاہور-۱)-جناب سپیکر - میں آپ کو بلا مقابلہ اس عہدہ جلیلہ پر منتخب ہونے پر اپنی طرف سے اور اپنے حلقہ نیابت کی طرف سے اور اس معزز ایوان کی طرف سے ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں اور پاکستان مسلم لیگ اور اسکے قائد کو مبارکباد کا مستحق سمجھتا ہوں جنہوں نے اس اہم آفس پر ایک معزز شخصیت کا انتخاب کیا ہے۔ سابقہ اسمبلی میں چند دوستوں کیطرح مجھے بھی آپ کی نگرانی میں کام کرنے کی سعادت حاصل ہوئی ہے جس احسن طریقہ سے آپ نے سابقہ اسمبلی میں غیر جانبداری، انصاف اور جمہوریت کو مد نظر رکھتے ہوئے کام کیا ہے اسکے پیش نظر میں یہ وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ اب بھی آپ انشاءاللہ تعالی اسی طرح غیر جانبداری سے کام کریں گے خاص طور پر آپوزیشن والے حضرات کو بھی آپ موقع دیتے رہے اور ان کے ساتھ بھی آپ غیر جانبداری اور انصاف سے کام کرتے رہے ہیں آخر میں میں آپ کو ایک بار پھر مبارک باد پیش کرتا ہوں۔

سید یوسف علی شاہ (پشاور-۱)-جناب سپیکر-میں آپ کو اپنی طرف سے اور اپنے حلقہ نیابت کے عوام کی طرف سے اس ایوان کا سپیکر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں جناب عالی - ۲-جنوری سنہ ۱۹۶۵ کو صدر مملکت پاکستان کیلئے انتخاب ہوا اور اسکے بعد قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات نے یہ ثابت کر دیا کہ پاکستان

کے عوام کو صدر مملکت فیلڈ مارشل محمد ایوب خان انکی جماعت اور انکی حکومت کے پروگرام اور Policies کیساتھ کامل اتفاق ہے —

Khawaja Muhammad Safdar : Question !

سید یوسف علیشاہ آپ کے اس انتخاب نے یہ ثابت کر دیا کہ پاکستان مسلم لیگ کے امیدوار نے یہ انتخاب جیتا ہے اور اس ایوان کو صدر مملکت اور انکی جماعت پر کامل اعتماد ہے —

Khawaja Muhammad Safdar: Again, Question !

سید یوسف علیشاہ—جناب سپیکر - میں حزب اختلاف کے اس رکن سے جنہوں نے اپنی تقریر میں جمہوریت کے متعلق کچھ فرمایا ہے صرف اتنا عرض کرونگا کہ میں اس ایوان کا نیا ممبر ہوں لیکن سنہ ۱۹۵۸ء میں ایک مرتبہ تماشی بن کی حیثیت سے مجھے اس ایوان کی کارروائی دیکھنے کا موقع ملا تو وہ دن دیکھنے کے بعد مغربی پاکستان کی اسمبلی کے متعلق میں نے جو کچھ تاثر قائم کیا تھا وہ یہ تھا کہ پاکستان میں خدا جمہوریت کبھی نہ لاوے یہ وہ دن تھا کہ جب ریپبلکن حکومت اور مسلم لیگ کے درمیان کسی بات پر تقسیم ہونی تھی اور اس تقسیم میں ایک دوسرے کیطرف سے ممبروں کے بڑھانے کی کوشش کی جا رہی تھی —

خواجہ محمد صفدر—آج کیا ہو رہا ہے —

سید یوسف علیشاہ—کبھی اسطرف بیٹھنے والے اس طرف چلے جاتے تھے کبھی اس طرف بیٹھنے والے اس طرف چلے جاتے تھے—تو کیا ہمارے حزب اختلاف کے ممبران پاکستان میں دوبارہ وہی جمہوریت دیکھنا چاہتے ہیں میں ان سے صرف یہ عرض کرونگا کہ مخالفت برائے مخالفت کے جذبہ کو ترک کر دیں اور قومی تعمیری جذبہ کے ساتھ حکومت کیساتھ تعاون کریں—ہمارے ملک کے عوام کی بلکہ تمام دنیا کی نظریں آج پاکستان پر لگی ہوئی ہیں—آئندہ پانچ سال میں بہت اہم کام ہونگے لہذا آپ حضرات حکومت کیساتھ اور حکومت کے پروگرام کے ساتھ تعاون کریں—

مسٹر محمد سرور خان (سیالکوٹ—۳)—مسٹر سپیکر—جناب والا آپ کو ۵—کروڑ خدا پرست قوم کے نمائندگان نے بلا مقابلہ منتخب کر کے یہ ثابت کر دیا ہے کہ آپ کو یہاں بڑی عزت حاصل ہے—جناب والا حزب اختلاف اور حزب اقتدار کی تقریروں کے بعد میں نے یہ محسوس کیا

کہ جس عہدہ جلیلہ کے لئے آپ کو اس ایوان میں منتخب کیا گیا ہے آپ اس عہدہ جلیلہ کیلئے پوری پوری صلاحیت رکھتے ہیں۔

جناب والا ۔ لیکن پیشتر اس کے کہ میں آپکو مبارک باد پیش کروں میں آپ کو یہ احساس کرائے بغیر نہیں رہ سکوں گا کہ آپ کی زندگی آج سے پھر ایک نئے تاریخی موڑ سے شروع ہوئی ہے اور آپ اس ملک اور اس ایوان کی ایک تاریخی شخصیت کی حیثیت سے اجاگر ہوئے ہیں ۔ جناب والا ۔ اس موڑ پر زندگی کے نئے بابوں میں کئی ایک باب لکھے گئے ہیں جو اس ایوان کے نمائندوں کے حقوق کا تحفظ جمہوریت کی بقا اور عوام کے حقوق سے متعلق ہیں ۔ لیکن مجھے یہ امید واثق ہے کہ آپ ان تمام باتوں سے عہدہ بر آ ہونے کی صلاحیت رکھتے ہیں ۔ اس کے بعد جناب والا ۔ میں آپ کو تہہ دل سے مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔

ملک محمد اختر (لاہور ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ آپ کو اس ایوان کا سپیکر منتخب ہونے پر میں دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ آپ کی کافی تعریف کی جا چکی ہے ۔ دراصل آپ اس تمام تعریف اور تحسین کے مستحق ہیں لیکن اس وقت میں آپ کو یقین دلائے بغیر نہیں رہ سکتا کہ مغربی پاکستان میں جمہوریت کا مجسمہ آپ ہیں ۔ اس ایوان کے Rights and Privileges اور تمام دیگر جو بھی ہمارے حقوق ہیں ۔ ان کی آپ ہی کے ذریعہ سے نگہداشت ہو سکتی ہے ۔ میں توقع کرتا ہوں کہ آپ تدبر سے ، جرات سے ، دلیری سے ان تمام حقوق کی حفاظت کرنے کی کوشش کریں گے اور ہم منتخب اراکین کو یہ موقعہ بہم پہنچائیں گے کہ ہم یہاں پر آزادی سے اپنے constituents کی آواز کو اٹھا سکیں اور وہ مطالبات جو عوام کے ہیں ان کو بلند آواز سے یہاں پکار کر کہہ سکیں اور ارباب اقتدار کے کانوں تک پہنچا سکیں ۔ اس کے بعد جناب کو میں پھر مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔

سردار محمد ایوب خان (بہاولپور ۔ ۱) ۔ جناب سپیکر ۔ اس فاضل ایوان کے ہر گوشہ سے آپ کے انتخاب پر آپ کی خدمت میں جذبات عقیدت اور مبارک باد پیش کئے گئے ہیں ۔ میں بھی ان خیالات میں اور اظہارات میں برابر کا شریک ہوں اور آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ ایک خصوصی بات میرے ذہن میں آئی ہے

کہ جہاں آپ کو ہر گوشہ سے ہر جانب سے آپ کے انتخاب پر مبارکباد پیش کی جا رہی ہے وہاں میں صرف اس قدر ایزاد کرنا چاہتا ہوں کہ مسلم لیگ اسمبلی پارٹی کے حسن انتخاب کی بھی داد دینی چاہئیے کہ اس پارٹی نے متفقہ طور پر آپ جیسی ہردلعزیز فاضل منصف اور غیر جانبدار شخصیت کو سپیکر کے عہدہ کے لئے منتخب کیا ہے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں ایک بار پھر آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالی آپ کو اپنے فرائض منصبی سر انجام دینے میں آپ کا حامی و ناصر ہو ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) ۔ جناب سپیکر ۔ میں اس ایوان میں نیا ضرور ہوں لیکن گذشتہ ڈیڑھ سالہ سیاسی دور زندگی میں اس ایوان میں سپیکر کی حیثیت سے جو آپ کا کردار سامنے آتا رہا ہے وہ میرے لئے نہ محتاج تعارف ہے اور نہ نیا ہے اور میں آپ کو مبارکباد دیتا ہوں کہ اس ایوان کی اکثریت نے آپ کی بے لوث خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے آپ کو دوبارہ اس منصب پر بلا مقابلہ منتخب کیا ہے ۔ اس مبارکبادی کے ساتھ ساتھ میں آپ کے ساتھ اظہار ہمدردی بھی کرنا چاہتا ہوں ۔ اظہار ہمدردی اس لئے کہ جب کسی منصب خصوصی پر کسی شخص کو منتخب کیا جاتا ہے تو اس پر ذمہ داریوں کا اتنا بڑا بوجھ ہوتا ہے کہ بغیر اللہ تعالی کی امداد کے ان سے عہدہ برآ ہونا ممکن نہیں۔ جناب عالی ۔ اس ایوان میں آپ کی حیثیت اس سے بھی زیادہ مختلف نہیں ہے جو کسی عدالت میں ایک جج کی ہوتی ہے بلکہ میں یہ عرض کروں گا کہ آپ کی حیثیت عدالت کے جج سے بھی زیادہ نازک ہے ۔ اس لئے کہ کسی عدالت کے جج کو کسی موقعہ پر دو فریقین کے درمیان فیصلہ کرنا ہوتا ہے آپ کو ۱۰۰ افراد کے درمیان انصاف کرنا اور معاملہ کرنا ہے ان کے حقوق کی حفاظت کرنا ہے ان کے مفادات کی نگرانی کرنی ہے اور یہ دیکھنا ہے کہ ان کے درمیان کوئی ایسی بات نہ ہو جو عدل و انصاف کے حصول اور ان کے تقاضوں کے خلاف ہو۔ اس لئے اس لحاظ سے آپ کی ذمہ داری عظیم تر ہے اور میری اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ آپ کو اس سے عہدہ برآ ہونے کی توفیق و صلاحیت عطا فرمائے ۔ جناب والا ۔ میں حزب اختلاف کے ایک رکن کی حیثیت سے آپ کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ آپ کو ہمارا تعاون حاصل ہوگا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ ہیئر ہیئر ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ اور میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اس طرف ہم اختلاف برائے اختلاف کے قائل نہیں ہیں ۔ ہمارا اصول تعاون ہے اور ہر نیکی اور بھلائی کے کام میں ہم حزب اقتدار کے ساتھ ہیں۔ صرف ساتھ ہی نہیں بلکہ آپکی ہر صحیح اور اچھی بات جو آپ عدل و انصاف کے تقاضوں کے مطابق اور اللہ اور اللہ کے رسول کے حکام کے مطابق لائیں ہم آپ کے پیچھے چلنے والوں میں فخر محسوس کریں گے لیکن کسی برائی اور کسی غلط بات کو ہم برداشت کرنے والے نہیں خواہ اس کی آواز ہماری ہی صفوں سے کیوں نہ اٹھے ۔ اس موقع پر میرے ایک معزز دوست نے جمہوریت کی پامالی کا سوال اٹھایا تھا اور اسکا جواب میرے دوسرے چند معزز ساتھیوں نے دیا کہ اس ملک میں جمہوریت برقرار ہے اور وہ انتخابات جو ہمارے سامنے ہوئے ہیں وہ اس چیز کی واضح دلیل ہیں کہ یہ موقع ایسا نہیں کہ ہم کسی Controversy میں پڑیں ۔ میں اپنے ان دوستوں سے جو یہ سمجھتے ہیں کہ ملک میں جمہوریت قائم ہے صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر جمہوریت پامال ہوگی تو اس کا ہم کو غم ہوگا لیکن افسوس تو اس بات کا ہے ''تعاونو علی البر والتقوی،، ولا تعاونو علی الاثم والعدوان،، قافلے کے دل سے احساس زیان جاتا رہا ۔ میں ان الفاظ کے ساتھ آپ کو دوبارہ ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں اور آپ کے لئے دعا کرتا ہوں ۔

مسٹر جعفر علی شاہ اثاثیق (پشاور ایجنسی ۔ ٦) ۔ جناب والا ۔ میں قبائلی علاقہ کے ممبروں کی طرف سے اور فرنٹیئر کی طرف سے جناب کو دوبارہ صدر ایوان منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ اس ہاؤس میں مختلف خیالات کے جن لوگوں نے آپ کو خراج تحسین پیش کیا اس سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ نے گذشتہ دور میں اپنا کام نہایت اچھی طرح سرانجام دیا ۔ ہم امید کرتے ہیں کہ آئندہ بھی اسی طرح سے آپ اپنی ہردلعزیزی کو برقرار رکھیں گے۔

رانا پھول محمد خان (لاہور ۔ ٧) صدر محترم ۔ میں آپ کو اس ایوان کا بلا مقابلہ صدر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ کا انتخاب آپ کی دیانتداری اور منصف مزاجی کا آئینہ دار ہے اور یہ صلہ من جانب اللہ ہے ۔ اس کے بعد میں مناسب نہیں سمجھتا ہوں کہ میں اس ایوان میں آپ

کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کسی بات میں الجھنے کی کوشش کروں میں اپنے ان معزز دوستوں کو جنہوں نے جمہوریت پر حملہ کیا یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اگر اس ملک میں جمہوریت نہ ہوتی تو وہ مسلم لیگ کے ٹکٹوں کے خلاف الیکشن لڑ کر منتخب نہ ہوتے ۔ ان کا منتخب ہونا ہی اس ملک میں جمہوریت کا صحیح ثبوت ہے ۔ اس کے بعد میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ آپ کو دیانتداری سے اس ایوان پر کنٹرول اور اس ایوان کے وقار کو بحال رکھنے کا جذبہ عطا فرمائے ۔

Nawabzada Rahim Dil Khan (Bannu II): Mr. Speaker, Sir, I also take this opportunity of congratulating you, not only on behalf of myself but of all the members and the people of the Dera Ismail Khan Division. When the Leader of the House, Khan Habibullah Khan spoke-and I feel proud in saying that—as he also belongs to the Dera Ismail Khan district, so I thought that there was no occasion for me to repeat all what has been said by him. But on second thought I was of the opinion that since his position here is recognised more as the Leader of the House than as the leader from that Division, I should say some thing also. I would briefly say, Sir, that your unanimous, unopposed and uncontested election by itself is a great tribute and great praise which this House has given you. We have heard a lot from the old members about the way you kept the traditions of this House and the way in which the proceedings of the House were conducted and controlled by you and we hope and trust that the same traditions would be kept up and the decorum of the House would be safe in your hands as it was all through. I also join with the members of this House and pray, may God give you Power to conduct your duties so thoroughly and so honestly and faithfully as we have heard that you have been doing in the past sessions of this Assembly. With these words I resume my seat.

میر خدا بخش تالپور (تھرپارکر - ۳) ۔ جناب والا ۔ میں آپ کو بلا مقابلہ منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ پچھلے ڈیڑھ سال میں آپ نے ممبران سے جو حسن سلوک کیا وہ مغربی پاکستان کے سارے عوام کو پتہ ہے ۔ میں سارے ایوان کی طرف سے اور خاص طور پر سندھ کے ممبران کی طرف سے آپ کو مبارکباد دیتا ہوں ۔ آپ نے پچھلے ڈیڑھ سال کے دوران ممبروں کے ساتھ جو تعاون کیا وہ ہمارے لئے فخر کی بات ہے ۔ میں آپ سے ملا تھا اور میں نے آپ سے کہا تھا کہ میں نے سنا ہے کہ آپ دوبارہ سپیکر منتخب ہونے والے ہیں ۔ ہمیں اس کی بہت خوشی ہے کیونکہ آپ نے ممبروں سے ہمیشہ اچھا سلوک اور تعاون کیا ہے ۔ میں خان حبیب اللہ خان صاحب لیڈر آف دی ہاؤس اور خواجہ محمد صفدر صاحب کو بھی مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے آپ کے دوبارہ سپیکر منتخب ہونے پر ایسے اچھے خیالات

کا اظہار کیا ہے اس کے بعد میری یہ دعا ہے کہ ہمارے محترم صدر فیلڈ مارشل محمد ایوب خان نے ملک کی ترقی کے لئے جو منشور دیا ہے ہماری اس اسمبلی کے ممبران ہر صورت میں اس سے تعاون کریں تاکہ ملک ترقی کرے۔ پاکستان نے آگے بھی ترقی کی ہے اور امید ہے کہ اس پانچ سال کے عرصہ میں بھی ترقی کرے گا۔ ان چند الفاظ کے ساتھ میں اپنی سیٹ پر بیٹھتا ہوں۔

مسٹر سپیکر۔ معزز اراکین مجلس قانون ساز مغربی پاکستان۔ میں آپ کا بے حد مشکور و ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے سپیکر کے عہدہ جلیلہ پر بلا مقابلہ منتخب فرمایا۔ اس وقت جن خیالات کا اظہار آپ نے فرمایا ہے ان کے لئے میں آپ کا تہہ دل سے مشکور ہوں۔ حضرات میں اچھی طرح سے جانتا ہوں کہ مجھ میں بہت سی کمزوریاں ہیں۔ لیکن آج یہاں آپ نے جن کلمات اور جن جذبات کا اظہار فرمایا ہے وہ میرے لئے باعث حوصلہ ہیں۔ حضرات جس نے اپنے حلقہ انتخاب سے صوبائی اسمبلی کا الیکشن لڑا تو اس وقت میرے حلقہ انتخاب کے عوام نے ایک جمہوری روایت کو برقرار رکھتے ہوئے مجھ پر یہ احسان کیا کہ مجھے بلا مقابلہ منتخب کیا۔ لیکن وہ جمہوری روایت شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتی تھی اگر آج آپ کا تعاون حاصل نہ ہوتا۔ آج آپ نے مجھے یہاں بلا مقابلہ منتخب کرکے اس ملک میں ایک اچھی جمہوری روایت کو قائم کیا اور بحال رکھا ہے۔

حضرات بلا مقابلہ منتخب ہونے میں میں صرف اس لئے خوشی محسوس نہیں کرتا کہ میں اس انتخاب کی صعوبت سے بچ گیا ہوں بلکہ یہ امر میرے لئے اس لئے باعث مسرت ہے کہ انتخاب کے دوران یا انتخاب کی صورت میں طرح طرح کا پراپیگنڈہ یا طرح طرح کی باتیں سننے میں آتی ہیں اور اگرچہ اس عہدہ میں الیکشن کے بعد یہ چیزیں اثر انداز نہیں ہوتیں لیکن پھر بھی کچھ نہ کچھ تاثر کچھ نہ کچھ خیال دل و دماغ میں غیر شعوری طور پر باقی رہ جاتا ہے۔

حضرات۔ آپ جانتے ہیں کہ ۱۹۶۳ء میں میں سابقہ صوبائی اسمبلی کا سپیکر منتخب ہوا تھا۔ اس کے بعد میں نے حتی المقدور کوشش کی کہ اپنی قابلیت اور فہم و فراست کے مطابق اس ہاؤس کی اس اسمبلی کی خدمت کروں۔ اور اپنی طرف سے میں نے کوئی دقیقہ

فروگذاشت نہیں کیا اس ہاؤس کے ممبران کا تعاون میرے ساتھ بدرجہ اتم تھا ۔ میں نے اپنی الوداعی تقریر میں بھی اس بات کا اعتراف کیا تھا کہ سابقہ لیڈر آف دی ہاؤس شیخ مسعود صادق صاحب اور سابقہ لیڈر آف اپوزیشن خواجہ محمد صفدر صاحب کا تعاون بھی میرے ساتھ بہت رہا ۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ جب کبھی کوئی مشکل مرحلہ آیا وہ بخیر و خوبی گذر گیا ۔ اور اسمبلی کے گذشتہ دو سال نہایت خوشگوار ماحول اور نہایت اچھی طرح گذرے ۔ میں نے اس دور میں بہت کچھ سیکھا۔ آپ کو معلوم ہے کہ اس سے پہلے اس عہدہ کے لئے میرا کوئی تجربہ نہ تھا ۔ میں نے جو کچھ تجربہ حاصل کیا ان دو سالوں میں حاصل کیا ۔ اس اسمبلی کے ممبران نے مجھے کافی تجربہ دیا ۔ اور آج جب کہ آپ نے مجھے دوبارہ اس عہدہ جلیلہ کے لئے منتخب کیا ہے میں محسوس کرتا ہوں کہ میرا وہ تجربہ میری راہنمائی کرے گا ۔ اور میں آئندہ اپنے فرائض زیادہ صحیح طور پر سر انجام دونگا ۔

معزز اراکین میں اس موقع پر اپنے دلی جذبات کا واشگاف الفاظ میں اظہار کر دینا چاہتا ہوں ۔ کہ میں آج بھی اور آئندہ پانچ سال کے دوران بھی اپنے آپ کو اس ایوان کا ایک رکن سمجھتا رہوں گا ۔ میں یہ سمجھوں گا کہ میں آپ میں سے ہوں اور آپ کی طرح ہی اس ہاؤس کا ایک عام رکن ہوں ۔ یہ علیحدہ بات ہے کہ آپ نے میرے ذمہ ان فرائض کی سر انجام دھی سونپ دی ہے جو اس عہدہ جلیلہ سے وابستہ ہیں ۔ مگر میں یہ فراموش نہیں کروں گا کہ میں آپ میں سے ہوں ۔ یہ عزت جو آپ نے مجھے دی ہے فی الحقیقت آپ کی عزت ہے ۔ (تالیاں)

بحیثیت سپیکر کے میرا نصب العین یہ ہوگا ۔ میرا پروگرام یہ ہوگا ۔ اور میرا لائحہ عمل یہ ہوگا ۔ کہ اس ایوان کے وقار کو دو بالا کیا جائے ۔ (تالیاں) اس ایوان کے وقار کو نہ صرف یہ کہ دوبالا ہی کیا جائے ۔ بلکہ اس میں اس قدر اضافہ ہو کہ اس ملک میں آج تک کسی ایوان کا بھی نہ ہوا ہو ۔ (تالیاں) لیکن حضرات آپ جانتے ہیں کہ یہ ایوان چار کروڑ افراد کا نمائندہ ایوان ہے ۔ اور آپ سب حضرات یہاں اس معزز ایوان میں نمائندے منتخب ہو کر آئے ہیں ۔ اور یہاں آپ ملک کی ضروریات کے مطابق قانون سازی کا اہم کام کریں

گے۔ یہ واحد قانون ساز ادارہ ہے ۔ جو اس صوبے میں موجود ہے ۔ اس ایوان کو نہایت ہی ارفع و اعلیٰ مقام حاصل ہے ۔ اس لئے اس معزز ایوان کا وقار اس ادارے کے شایان شان ہونا چاہئیے ۔ اور اس کا وقار اس صوبے میں دیگر تمام اداروں سے بلند ہونا چاہیئے ۔ اس سلسلے میں میری یہ کوشش ہوگی ۔ کہ اس کا وقار صوبے کے دوسرے اداروں اور ایوانوں سے بلند تر ہو ۔

حضرات ۔ آپ نے مجھے اس عہدۂ جلیلہ پر بلا مقابلہ منتخب کر کے میری عزت افزائی فرمائی ہے ۔ اور میرا یہ فرض ہے ۔ کہ آپ نے مجھے یہ جو عزت بخشی ہے ۔ تو اس کے لئے میں آپ کی جتنی بھی زیادہ عزت کرسکوں ۔ اتنی ہی کم ہے ۔ اور آپ مجھے اس ایوان میں ہمیشہ ہی ایک ادنیٰ خادم پائیں گے ۔ اور آپ یہ یقین رکھیں ۔ کہ اس ایوان کے اندر اور اس سے باہر بھی مجھے آپ کی عزت اور احترام ہمیشہ ملحوظ خاطر رہے گا ۔ اور آپ کی عزت کو میں اپنی ہی عزت سمجھوں گا بلکہ مجھے اپنی عزت سے بھی آپ کی عزت زیادہ عزیز ہوگی ۔ اور میں اسے اپنی ہی عزت سمجھوں گا ۔ اس میں اس معزز ایوان کی عزت ہوگی ۔ اور بلاواسطہ یہ عزت عوام کی عزت ہوگی ۔ اور عوام کی عزت اور احترام ہمیں ہر لحاظ سے اور ہر چیز سے زیادہ عزیز ہے ۔ (تالیاں)

میرے چند دوستوں نے اس ایوان کے حقوق کے متعلق کچھ حوالہ جات فرمائے ہیں۔ اس ضمن میں میں آپ کو یقین دلاتا ہوں۔ کہ اس معزز ایوان کے اور اس معزز ایوان کے معزز اراکین کے جو بھی حقوق ہیں۔ وہ جو آپ سب پر واضح ہیں۔ اور ان حقوق کے تحفظ کے لئے قانون موجود ہے ۔ اس قانون سے ہم سب نے استفادہ کرنا ہے ۔ اور اس کا نفاذ عدالتیں کریں گی ۔ اور اس کا احترام عدالتیں کریں گی ۔ لیکن میں آپ سب صاحبان پر یہ واضح کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ جہاں تک میری ذات کا تعلق ہے ۔ میں ان حقوق کی نگہداشت اور تحفظ نہ صرف اپنا فرض منصبی سمجھتا ہوں ۔ بلکہ مجھے خوشی ہوگی ۔ کہ اگر میں اپنے اس آئندہ دور میں اس معزز ایوان اور اس کے معزز اراکین کے حقوق کی حفاظت کر سکوں ۔ اور مجھے یقین ہے ۔ کہ اگر معزز اراکین ایوان کے حقوق کا تحفظ ہو ۔ تو اس میں بھی اس معزز ایوان کے وقار میں اضافے کا پہلو نکلتا ہے ۔ اور اس طرح ہر رکن اور عوام کے وقار میں بھی اضافہ ہوگا ۔

حضرات ۔ اس موقع پر میں یہ بھی عرض کر دوں ۔ اور جیسا کہ آپ صاحبان نے بھی فرمایا ہے ۔ کہ میرے فرائض منصبی نہایت کٹھن اور مشکل ہیں ۔ اور اپنے فرائض کی ادائیگی میں مجھے نہایت دشوار گذار مراحل سے بھی گزرنا ہوگا ۔ ہو سکتا ہے ۔ کہ ایوان کے اندر نظم و ضبط کی برقراری کے سلسلے میں مجھے بعض اوقات سختی سے بھی کام لینا پڑے ۔ اور مجھے اپنی پالیسی قدرے سخت بھی کرنی پڑے ۔ لیکن آج پہلے ہی روز میں آپ صاحبان پر یہ واضح کر دوں ۔ کہ جہاں تک آپ کی عزت و تکریم اور وقار کا تعلق ہے ۔ میرے دل میں وہ اسی طرح برقرار رہے گا ۔ اور اس میں سرمو کوئی فرق نہ آئے گا ۔ اور ایوان کے اندر نظم و ضبط کی برقراری کے سلسلے میں میری جانب سے کوئی سختی محض اس ایوان کے وقار کی بحالی کی غرض سے ہی ہوگی ۔ میرا وہ عمل اس معزز ایوان کی عزت کے لئے ہی ہوگا ۔ اور نظم و نسق کی برقراری کے لئے ہوگا ۔ اور مجھے امید ہے ۔ کہ اس مقصد کے حصول کے لئے اگر آپ کی جانب میرے رویئے میں کوئی لغزش ہوگی ۔ تو اس کے لئے آپ مجھے معاف فرمائیں گے ۔

حضرات ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ کہ سپیکر کے عہدے کا سب سے اہم فرض یہ ہے ۔ کہ وہ ایوان کے اندر بیٹھکر اسمبلی کی کارروائی کو انصاف کے ساتھ conduct کرے ۔ اور یہ دیکھے کہ ایک ممبر اور دوسرے ممبر کے مابین انصاف ہو ۔ ایک پارٹی اور دوسری پارٹی کے مابین انصاف ہو ۔ ایک گروپ اور دوسرے گروپ کے مابین انصاف ہو ۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ بحیثیت سپیکر میری پالیسی یہ ہوگی کہ ایک گروپ اور دوسرے گروپ کے مابین ایک پارٹی اور دوسری پارٹی کے مابین اور ایک ممبر اور دوسرے ممبر کے مابین حق اور انصاف سے کام لیا جائے ۔ (تالیاں) اور اس مقصد کے حصول کے سلسلے میں ممکن ہے ۔ کہ بعض اوقات میرے متعلق بعض ممبران کے ذہن میں کچھ غلط فہمی بھی پیدا ہو ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں ۔ کہ یہ غلط فہمی پیدا نہیں ہونی چاہیئے ۔ کیونکہ آپ سب

صاحبان کو علم ہے ۔ کہ میرے فرائض ایسے ہیں ۔ اور جیسا کہ آپ میں سے صاحبان نے فرمایا بھی ہے ۔ کہ آپ مجھ سے یہ توقع کرتے ہیں ۔ کہ میں اپنے فرائض نہایت دیانتداری اور نہایت نیک نیتی سے سر انجام دوں ۔ اور یہ اسی وقت ہو سکتا ہے ۔ کہ میرا سلوک ہر پارٹی ، ہر گروپ اور ہر ممبر کے ساتھ حق و انصاف پر مبنی ہو ۔

حضرات ۔ یہ چند گذارشات میں نے اپنی ذات کے متعلق اس غرض سے عرض کی ہیں ۔ کہ آپ کو علم ہو سکے ۔ کہ اس معزز ایوان کی کارروائی کو بطریق احسن چلانے کے لئے میری پالیسی کیا ہو گی ۔ اور اس سلسلے میں میرے نظریات اور خیالات کیا ہیں ۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ میری چند ایک توقعات آپ سے بھی وابستہ ہیں ۔ اور جنہیں آج ہی عرض کر دینا نہایت ضروری ہے ۔ آپ کو معلوم ہے کہ کسی صدر کی کامیابی ، کسی سپیکر کی کامیابی اس اسمبلی یا اس ادارے کے اراکین کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں ہو سکتی ۔ میں یہ سمجھتا ہوں ۔ کہ اگر سابقہ اسمبلی میں میں نے اپنے فرائض منصبی کو بخیر و خوبی سرانجام دیا تھا ۔ تو اس کا سہرا میرے سر نہیں ہے ۔ بلکہ اس کا سہرا اس اسمبلی کے ان اراکین کے سر ہے ۔ کہ جنہوں نے مجھے اپنا پورا پورا تعاون دیا تھا ۔ اور اسی لئے آج بھی میں آپ صاحبان سے عرض کرتا ہوں ۔ کہ آپ بھی میرے ان کٹھن فرائض منصبی کی انجام دہی میں اپنا دست تعاون میری جانب بڑھائیں ۔ کیونکہ میری دانست میں آپ کے تعاون کے بغیر سپیکر کے فرائض کی انجام دہی نہ صرف میرے لئے بلکہ کسی بھی سپیکر کے لئے انتہائی مشکل بلکہ ناممکن ہے ۔ ایوان کی کارروائی کو خوش اسلوبی کے ساتھ چلانے ، اچھے قوانین وضع کرنے اور بہتر جمہوری روایات قائم کرنے کی غرض سے یہ انتہائی ضروری ہے کہ مجھے آپ کا تعاون حاصل ہو ۔ اور میں توقع کرتا ہوں کہ انشاء اللہ تعالیٰ

مجھے آپ کا تعاون حاصل رہیگا اور ہم یقیناً اس ایوان میں رہ کر وہ مقاصد حاصل کرنے میں کامیاب ہوں گے کہ جنکے حصول کی توقعات انتخابات کے وقت عوام نے ہمارے ساتھ وابستہ کی تھیں۔

معزز اراکین۔ آپ کو معلوم ہے اور آپ اس سے بخوبی واقف ہیں کہ عوام نے آپ پر اعتماد کر کے آپ کو یہاں بھیجا ہے۔ یہ آپ کی ذاتی عزت نہیں۔ یہ درست ہے۔ کہ آپ کے منتخب ہونے میں آپ کی شخصیت آپ کی ممدو معاون ضرور تھی۔ لیکن آپ کو منتخب کر کے عوام نے آپ پر اس اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ کہ آپ ان کے لئے بہتر قوانین وضع کریں گے۔ اور آپ ان کی بہتری کے لئے یہاں زیادہ اچھی تجاویز پیش کریں گے۔ آپ ان کے لئے اس صوبے میں زیادہ مفید مطلب ماحول پیدا کریں گے۔ آپ معاشرے کی برائیوں کی نشاندھی کریں گے۔ اور ان برائیوں کو رفع کرنے کی سعی کریں گے۔ کہ جو معاشرے کو خراب کر رہی ہیں۔ آپ کو عوام نے ان ہی جذبات و احساسات کے ساتھ منتخب کر کے یہاں بھیجا ہے۔ اب آپ کا یہ فرض ہے۔ کہ آپ محنت، تندھی اور جانفشانی سے کام کر کے ان کے اس اعتماد کو درست ثابت کریں اور یہ مقصد تب ہی پورا ہو سکتا ہے کہ جب آپ اسمبلی کی کارروائی میں دلچسپی لے کر ایسے قوانین وضع کریں جو معاشرے کے لئے مفید ثابت ہوں۔ ایوان کی کارروائی میں دلچسپی لینے کے لئے ضروری ہے کہ آپ بروقت ایوان میں تشریف لائیں۔ اور قانون سازی کے ہر پہلو پر اور ہر مرحلے پر اتنی ہی گہری دلچسپی کا اظہار کریں جتنی کہ آپ اپنے کسی ذاتی کام میں کرتے ہیں۔ اور اگر آپ نے ایسا کیا تو میں یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ نہ صرف یہ کہ عوام آپ سے مطمئن ہوں گے بلکہ اس قانون ساز ادارے سے بھی ایسے قوانین وضع ہو کر نکلیں گے جو نہ صرف آپ کے آئندہ انتخابات میں بھی آپ کی امداد کریں گے۔ بلکہ ہماری آئندہ زندگی پر بھی بہتر طریق سے اثر انداز ہوں گے۔

حضرات آپ یہ جانتے ہیں کہ قانون سازی کا کام نہایت ہی ٹیکنیکل ہے - جو ممبر صاحبان پہلی مرتبہ اس قانون ساز اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے ہیں اور یہاں تشریف لائے ہیں - ان کے لئے اس سلسلے میں اتنی دقت تو ضرور ہو گی کہ اسمبلی کی کارروائی کا طریقہ کار کیا ہوتا ہے - شاید ان کو یہ معلوم نہ ہو کہ بجٹ کیسے پاس ہوتا ہے - شاید ان کو یہ معلوم نہ ہو کہ قوانین کیسے پاس ہوتے ہیں - لیکن میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اگر آپ نے اسمبلی کی کارروائی میں پوری پوری دلچسپی لی - محنت سے کام کیا تو یہ کام یقیناً آپ کے لئے اتنا مشکل نہ ہو گا - جو آپ کو جلد سے جلد سمجھ میں نہ آ سکے - مجھے یقین ہے کہ آپ میں وہ تمام صلاحیتیں موجود ہیں کہ آپ اس کام کو نہایت اچھی طرح سے سمجھ سکیں گے - میرے خیال کے مطابق اللہ تعالی کے فضل و کرم سے اس ہاؤس میں بہت سے قانون دان - پرانے تجربہ کار پارلیمینٹرین اور بہت سے ذی شعور افراد منتخب ہو کر آئے ہیں ان کے لئے یہ کام مشکل نہ ہو گا - آپ اپنے فرائض منصبی کی تکمیل کے لئے زیادہ سے زیادہ محنت کریں - زیادہ سے زیادہ تندھی سے کام لیں - اگر آپ نے محنت سے کام لیا تو انشاء اللہ ہم اس ایوان میں ایسے قوانین وضع کریں گے اور ایسی چیزیں عوام کی بہتری کے لئے لائیں گے اور پیش کریں گے - جو ہمارے لئے باعث فخر ہونگی -

حضرات میں ان گذارشات کے ساتھ ساتھ یہ بھی عرض کرونگا کہ میں آپ کا ناصح نہیں بننا چاہتا - آپ سب صاحبان ذی شعور ہیں - مجھ سے زیادہ عقلمند ہیں اور زیادہ تجربہ رکھتے ہیں لیکن میں نے اپنے مختصر سے تجربہ کی بنا پر جو معروضات تھیں پیش کر دی ہیں - اب تجربہ اور وقت ہی آپ کو صحیح لائن پر - آپ کو صحیح طور پر ایک قانون ساز اسمبلی کا رکن ہونے کی اہلیت اور صلاحیت بخشے گا - میں امید کرتا ہوں کہ آپ اپنے عوام کی خدمت کی خاطر اسمبلی کی کارروائی میں پوری پوری دلچسپی لیں گے اور پوری جانفشانی سے کام کریں گے -

میں اس مرحلہ پر اگر پریس کے متعلق کچھ نہ کہوں تو میرے خیال میں مناسب نہ ہو گا - میری سابقہ سپیکر شپ کے دوران قومی پریس نے جو تعاون مجھے دیا - جو تعاون اس ہاؤس کو دیا

وہ یقیناً ہمارے لئے قابل فخر ہے ۔ گو پریس اینڈ پبلیکیشن آرڈیننس یہاں نافذ ہے لیکن گذشتہ اسمبلی کی کارروائی کے دوران کوئی ایسا موقع نہیں آیا کہ اس آرڈیننس کو بروئے کار لانے کی ضرورت محسوس ہوئی ہو ۔ (ہیئر ۔ ہیئر) قومی پریس نے ہماری اسمبلی کی کارروائی کو نہایت احسن طریق پر اور قابلیت اور صلاحیت کے ساتھ عوام کے سامنے پیش کیا ہے ۔ آپ دیکھ رہے ہیں کہ اسمبلی کی روزانہ کارروائی کو پریس نہایت دلچسپی کے ساتھ نہایت ہی ایماندارانہ طور پر اور ہر روز کی ڈویلپمنٹ کو اور خبروں کو شائع کر رہا ہے ۔ ان کے تعاون کے بغیر ہمارے یہاں کی کار کردگی ہمارے عوام تک نہیں پہنچ سکتی ۔ ہمارے عوام تک ہماری کار کردگی پہنچانے کے لئے وہ زیادہ سے زیادہ مدد و معاون ہے ۔ قومی پریس ہمارے ساتھ تعاون کر رہا ہے ۔ اور ہم آئندہ بھی توقع کرتے ہیں ۔ کہ قومی پریس ہماری اسمبلی کی کارروائی کو عوام تک پہنچانے کے لئے ارکان اسمبلی سے پورا پورا تعاون کرے گا ۔

آخر میں میں سب صاحبان کا ایک مرتبہ پھر شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ کے تعاون ۔ خلوص اور محبت کی امید لئے ہوئے میں اس عہدہ جلیلہ کی کرسی سنبھالنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں ۔

(تالیاں)

ANNOUNCEMENTS

re. Election of the Senior Deputy Speaker and the other Deputy Speaker.

Mr. Speaker: Now there is an announcement about the election of the Senior Deputy Speaker:

In accordance with sub-rule (1) of Rule 8 read with Rule 9 of the National Assembly of Pakistan Rules of Procedure as adopted for regulating the procedure of the Provincial Assembly of West Pakistan, nominations for election to the office of the Senior Deputy Speaker of the Provincial Assembly of West Pakistan were invited on 9th June, 1965. The nominations were to be made upto 12 noon on the 10th June 1965.

Three nomination papers proposing the name of Mr. Umar Jan Khan MPA for election as Senior Deputy Speaker were presented by Syed Inayat Ali Shah, Mr. Ahmed Mian Soomro and Mr. Rahim Ail Khan MPA on 9th June, 1965.

As Mr. Umar Jan Khan M. P. A. is the only candidate who has been duly nominated for election as Senior Deputy Speaker, he is declared, under sub-rule (3) of Rule 8 read with Rule 9 of the said Rules, to have been duly elected as Senior Deputy Speaker of the Provincial Assembly of West Pakistan.

I now call upon Mr. Umar Jan Khan to make the prescribed oath of office.

(Mr. Umar Jan Khan then took the Oath of Office).

Mr. Speaker: The next announcement is about the election of the other Deputy Speaker:

In accordance with sub-rule (1) of Rule 8 read with Rule 9 of the National Assembly of Pakistan Rules of Procedure as adopted for regulating the procedure of the Provincial Assembly of West Pakistan, nominations for election to the office of the other Deputy Speaker of the Provincial Assembly of West Pakistan were invited on 9th June, 1965. The nominations were to be made upto 12 noon on the 10th June, 1965.

Two nomination papers proposing the name of Mr. Ahmed Mian Soomro M.P.A. for election as the other Deputy Speaker were presented by Mir Sundar Khan and Mr. Wali Muhammad Talpur M. P. As on 9th June, 1965.

As Mr. Ahmed Mian Soomro, M. P. A. is the only candidate who has been duly nominated for election as the other Deputy Speaker, he is declared, under sub-rule (3) of Rule 8 read with Rule 9 of the said Rules, to have been duly elected as the other Deputy Speaker of the Provincial Assembly of West Pakistan.

I now call upon Mr. Ahmed Mian Soomro to make the prescribed oath of office.

(*Mr. Ahmed Mian Soomro then took the oath of office*).

RESOLUTIONS

re-Cyclone havoc in East Pakistan

Khan Habib Ullah Khan (Leader of the House): Sir, before you take up the schedule on the Orders of the Day I will, with your permission, move two resolutions which are obviously of non-controversial nature. I move the first resolution. Sir, I move:

That this Assembly place on record its deep sense of sorrow and grief for the very heavy loss of human life and property which occurred as a result of the cyclone in the sister Province of East Pakistan in May, 1965. This Assembly expresses its sympathies for the relatives of those who perished during the cyclone and for those who have suffered material loss.

I further move that this House offer 'Fatiha' for the souls of those who perished in the cyclone.

Sir, when odds are heavy words are few. I don't want to inflict any lengthy speech on the House and, therefore, I shall be quite brief. As the Members are well aware, some weeks back unfortunately a cyclone hit East Pakistan resulting in heavy loss of life and property. Thousands of our brothern perished in that disaster and thousands become shelterless. This is apart from the material loss which we have suffered. Sir, our heart goes out to them in their suffering and we join them in their mourning. We convey our condolences to the relatives of those who have perished in the cyclone and also extend our sincere and heartfelt sympathies to those who have suffered in this disaster. I commend this resolution for the acceptance of the House.

Mr. Speaker: The resolution moved is:

That this Assembly place on record its deep sense of sorrow and grief for the very heavy loss of human life and property which occurred as a result of the cyclone in the sister Province of East Pakistan in May, 1965. This Assembly expresses its sympathies for the relatives of those who perished during the cyclone and for those who have suffered material loss.

I further move that this House offer 'Fatiha, for the souls of those who perished in the cyclone.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - مجھے اپنے مشرقی پاکستان میں بسنے والے بھائیوں کے ساتھ ان کی موجودہ مصیبت میں پوری پوری ہمدردی ہے اور جہاں تک ان جذبات کا تعلق ہے جن کا اظہار قائد ایوان نے اپنی تحریک میں کیا ہے - میں ان کی ہمنوائی کرتا ہوں - مشرقی پاکستان میں حالیہ طوفان سے نہ صرف ہزار ہا قیمتی جانیں ضائع ہو گئی ہیں - بلکہ لاکھوں گھرانے بے گھر ہوئے ہیں کروڑوں روپوں کی املاک تلف ہو گئی ہیں اور ان کے ساتھ اظہار ہمدردی ہمارا فرض ہے - وہ ہمارے بھائی ہیں ایک انسان کی حیثیت سے بھی ہمارا فرض ہے - کہ ہم ان کی مصیبت میں اظہار ہمدردی کریں - لیکن موجودہ روکھے پھیکے اظہار ہمدردی سے ان ہمارے بے گھر خانماں برباد بھائیوں کو کچھ فائدہ نہیں پہنچ سکے گا -

جناب والا - میں نے بھی اس ضمن میں اپنے بھائیوں کی مصیبت کے متعلق ایک تحریک پیش کرنے کا نوٹس دیا تھا اور یہ بھی ممکن تھا - کہ میں قائد ایوان کی تحریک میں ترمیم پیش کرکے اپنا فرض پورا کر لیتا مگر میں اس تحریک میں کسی قسم کی controversy پیدا نہیں کرنا چاہتا بہر حال میں اب بھی ان کی تحریک پر کچھ قیود عائد کرنا نہیں چاہتا لیکن میں قائد ایوان کو یاد دلانا چاہتا ہوں ہماری صوبائی گورنمنٹ پاکستان گورنمنٹ کو اتنا تو کہہ سکتی ہے کہ محض زبانی اظہار ہمدردی کافی نہیں بلکہ اس lip sympathy کی بجائے مالی امداد کرنی چاہئے - یہ ظاہر ہے کہ انسانی ہمدردی کا تقاضا یہ ہے کہ کم از کم زبانی ہمدردی کا اظہار ضرور کیا جائے - مگر ہمیں صرف اسی پر اکتفا نہیں کرنا چاہئے - کیا اس ایوان سے حکومت پاکستان کی خدمت میں یہ عرض نہیں کیا جا سکتا کہ وہ موجودہ امدادی کام کی رفتار کو تیز تر کر دے - کیا یہ ایوان سنٹرل گورنمنٹ سے یہ درخواست نہیں کر سکتا - کہ موجودہ مالی امداد میں اضافہ کیا جاوے اور وہ ان بے گھر اور برباد لوگوں کو Rehabilitate کرنے کا انتظام کرے جو اس سیلاب سے بری طرح متاثر ہوئے ہیں - مجھے امید واثق ہے کہ نہ صرف میرے ساتھی بلکہ میرے سامنے بیٹھنے والے جملہ ارکان میرے ساتھ اتفاق کریں گے کہ ہم قائد ایوان سے درخواست کریں کہ ہمارے

مشرقی پاکستان کے بھائیوں کو سیلاب کی ان ہولناک تباہ کاریوں سے مستقل طور پر بچانے کے لئے منصوبہ بندی کرنے کی طرف سنٹرل گورنمنٹ کی توجہ دلائی جائے ۔ یقیناً یہ ہمارا فرض ہے کہ ہم اپنی حکومت سے کہیں کہ وہ سنٹرل گورنمنٹ کی توجہ اس طرف مبذول کرائے اور سنٹرل گورنمنٹ امدادی کاموں کی رفتار کو تیز تر کرے ۔ مجھے امید ہے کہ میرے سب دوست اس بات پر میری ہم نوائی کریں گے ۔ کہ نہ صرف حکومت خود مالی امداد کرے اور لوگوں سے بھی چندے کی اپیل کرے بلکہ جیسا کہ سابقہ سال اس قسم کے طوفان زدگان کے لئے معزز ارکان نے ایک ایک دن کا الاؤنس اس امدادی فنڈ میں دیا تھا اس طرح کا انتظام اس دفعہ بھی کرنا چاہئے ۔ اس کے ساتھ ہی میں عرض کروں گا کہ میں اپنی تحریک کو Press نہیں کروں گا بلکہ قائد ایوان سے تعاون کرتے ہوئے ان کے ریزولیوشن کی تائید کے ساتھ ساتھ یہ کہونگا کہ سنٹرل گورنمنٹ طوفان زدگان کو ان ہولناک طوفان سے بچانے کے لئے کوئی موثر اقدام کرے ۔

مجھے امید ہے کہ حزب اقتدار اور حزب مخالف دونوں پارٹیوں کے معزز ارکان میری گذارشات میں میری ہم نوائی کریں گے ۔

Mr. Speaker: I think there is no opposition to this resolution. The question is:

That this Assembly places on record its deep sense of sorrow and grief for the very heavy loss of human life and property which occurred as a result of the cyclone in the sister Province of East Pakistan in May, 1965. This Assembly expresses its sympathies for the relatives of those who perished during the cyclone and for those who have suffered material loss.

I further move that the House offer Fatiha' for the souls of those who perished in the cyclone.

The Resolution was unanimously carried.

مسٹر سپیکر ۔ اب ہم فاتحہ پڑھیں ۔
(اس مرحلہ پر ممبران اسمبلی نے فاتحہ خوانی کی)

---

re: Aircrash of P. I. A. Boeing at Cairo.

Mr. Speaker: The Leader of the House may please move his resolution.

Khan Habibullah Khan (Leader of the House): Sir, I move—

That this Assembly places on record its deep sense of grief and sorrow for the loss of very valuable lives that occurred as a result of aircrash of P. I. A. Boeing at Cairo airport on the 20th May, 1965. As a result of this tragedy men commanding eminent and high positions in different walks of life in Pakistan perished and the country has become the poorer in their loss.

I move that the House offer Fatiha for the departed souls and extend its sympathies to the bereaved families.

جناب والا ۔ یہ واقعہ بھی دو تین یا چار ہفتے ہوئے ہیں مصر میں ہمارے پی۔آئی۔اے کے بوئنگ ہوائی جہاز کو پیش آیا ۔ جو وہاں گر کر تباہ ہو گیا اور جس میں تقریباً ۱۲۱ جانیں ضائع ہوئیں ۔ یہ ایک بہت بڑا اکاہ سانحہ تھا ۔ ہم اس حادثے میں ضائع ہونے والی جانوں کے پس ماندگان کے ساتھ شریک غم ہیں ۔ اور ہماری تمام تر ہمدردیاں ان کے ساتھ ہیں ۔ ہم خداوند ذوالجلال کے سامنے دست بدعا ہیں کہ وہ ان کو غریق جنت فرمائے ۔ اور ان کے رشتہ داروں اور پس ماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے ۔ مجھے امید ہے کہ جو الفاظ اس سلسلے میں میں عرض کر رہا ہوں ان سے میں اس ایوان کے جملہ اراکین کے جذبات کی ترجمانی کر رہا ہوں ۔ اور وہ بھی اس اظہار غم اور صدمہ میں میرے ساتھ برابر کے شریک ہیں ۔

Mr. Speaker: The Resolution moved is:

That this Assembly places on record its deep sense of grief and sorrow for the loss of very valuable lives that occurred as a result of aircrash of P.I.A. Boeing at Cairo airport on the 20th May, 1965. As a result of this tragedy men commanding eminent and high positions in different walks of life in Pakistan perished and the country has become the poorer in their loss.

I move that the House offer Fatiha for the departed souls and extend its sympathies to the bereaved families.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ ہماری تاریخ میں پی ۔ آئی ۔ اے کے بوئنگ ۷۲۰ کا یہ حادثہ ایک قومی المیہ کی حیثیت رکھتا ہے ۔ جیسا کہ قائد ایوان نے اپنی تحریک میں ارشاد فرمایا ہے ۔ بہت سی نامور شخصیتیں جن کا مختلف پیشوں سے تعلق تھا ۔ اس حادثے کی نذر ہوگئیں ۔ لیکن سب سے زیادہ زک اور زخم ہماری صحافت کو پہنچا ہے ۔ کیونکہ اس حادثے سے ہماری صحافت کے آفتاب و ماہتاب قاہرہ کی لحد میں ہمیشہ ہمیشہ

کے لئے دفن ہو گئے - یہ نقصان عظیم ہمارے ملک کی صحافت شاید کبھی پورا نہ کر سکے گی - اس پیشے میں پہلے ہی افراد کی قلت تھی - کیونکہ ورکر تو بہت زیادہ تھے لیکن انسان بہت ہی کم تھے - ان انسانوں میں اتنی بڑی تعداد کا یک وقت اس دنیا کو خیرباد کہنا اس پیشے اور اس ملک کی فورتھ اسٹیٹ اور اس ملک کیلئے ناقابل تلافی نقصان ہے -

جناب والا - جب میں پریس گیلری کی طرف دیکھتا ہوں تو مجھے کئی جانے پہنچانے چہرے نظر نہیں آ رہے - وہ ہم سے ہمیشہ ہمیشہ کیلئے رخصت ہو چکے ہیں - حقیقت یہ ہے کہ ان کی ہم سے بے وقت جدائی پر جس قدر بھی ماتم کیا جائے کم ہے - ان میں سے کئی ایک میرے ذاتی دوست بھی تھے - مجھے اس لحاظ سے بھی اس سانحہ - اس واقعہ اور اس المیہ پر بے انتہا افسوس ہے - اب ہم عرفان چغتائی کو کہاں سے ڈھونڈیں - وہ مجسمہ خلوص اب ہمارے پاس کہاں سے آئیگا - وہ نڈر اور بہادر صحافی اب صحافت میں کہاں سے آئیگا - غرض اس حادثے پر جس قدر بھی رنج و الم کا اظہار کیا جائے - کم ہے - اور ان چھوٹے چھوٹے بچوں اور نوجوان بیوگان کے ساتھ جس قدر بھی اظہار ہمدردی کیا جائے کم ہے -

جناب والا - میں جذبات کی رو میں بہہ کر یہ عرض نہیں کر رہا ، میں حقیقت بیان کر رہا ہوں - وہ لوگ جو ہم سے بچھڑ چکے ہیں - کوئی سرمایہ نہیں چھوڑ گئے - وہ کوئی اثاثہ چھوڑ کر نہیں گئے - وہ محض ورکر تھے - وہ سرمایہ دار نہ تھے - چنانچہ قوم کو بالعموم اور ان لوگوں کو بالخصوص جن کے ہاتھ میں اس قوم کی باگ ڈور ہے - سوچنا چاہئے کہ ان یتیم بچوں اور نوجوان بیوگان کا والی وارث کون ہے - ان کے لئے قوم نے کیا کیا ہے - اور اس گورنمنٹ نے کیا کیا ہے - میں پھر نہایت ادب سے قائد ایوان کی خدمت میں درخواست کرونگا کہ وہ اس مسئلے کے متعلق ٹھنڈے دل سے غور کریں - کیا یہ ان کے فرائض میں نہیں آتا کہ ان کے یتیم بچوں کیلئے کچھ کیا جائے -

جناب والا ۔ میں ایک بار پھر اس ایوان میں نہایت ادب سے درخواست کرونگا کہ یہاں ریزولیوشن پاس کرنے اور تقاریر کرنے سے کسی بیوہ کا پیٹ نہیں بھریگا ۔ اور نہ ہی کسی یتیم کی پرورش ہوسکے گی ۔ آئیے ہم سب مل کر بیٹھیے ہی نہیں ۔ بلکہ کچھ درمے بھی ان کی مدد کریں ۔ غالباً میری پہلی گذارش کی طرف میرے دوستوں نے کان نہیں دھرا ۔ شاید میرے اس تکرار پر وہ کچھ توجہ فرمائیں ۔ اور کچھ کرنے کے قابل ہوں یہاں اس معزز ایوان میں کئی لکھ پتی انسان بیٹھے ہیں ۔ اور کئی کروڑ پتی بھی موجود ہیں ۔ اگر وہ اپنا ایک دن کا الاؤنس دیدیں تو کوئی حرج نہیں ۔

Mr. Speaker : May I know the views of the Leader of the House regarding the proposal of the Leader of the Opposition.

Leader of the Opposition **خواجہ محمد صفدر** ۔ جناب والا ۔ میں ابھی نہیں ہوں ۔

Mr. Speaker : I am sorry.

خان حبیب اللہ خان (قائد ایوان) ۔ جناب والا ۔ میں نے اپنے ساتھیوں سے مشورہ کیا ہے ۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ نجی طور پر بھی بعض اصحاب نے چندہ دیا ہے ۔ اور اس طرح کل تین چار لاکھ روپیہ جمع ہو چکا ہے ۔ تاکہ ہم متاثرین کی امداد کی جائے ۔ جہاں تک حکومت کی طرف سے امداد کا تعلق ہے ۔ مجھے معلوم نہیں اور میں صاف صاف کہہ دیتا ہوں ۔ بہر صورت

to all those who are concerned in the matter I will convey your sentiments, which are shared, I hope, by the whole of the House.

مسٹر سپیکر ۔ میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ معزز ممبران کا اس کے متعلق کیا خیال ہے کہ ایک دن کا الاؤنس دیا جائے ۔

خان حبیب اللہ خان ۔ جہاں تک ممبران کا تعلق ہے یہ تو جناب خود ممبران سے پوچھ سکتے ہیں ۔ میں ممبر نہیں ہوں ۔ صرف ایک منسٹر ہوں یا قائد ایوان ہوں ۔ جو کچھ بھی ہوں ۔ میں ایک دن کی تنخواہ مشرقی پاکستان

کے مصیبت زدگان کی امداد کے لئے پیش کرتا ہوں ایک دن کی تنخواہ بوئنگ کے حادثہ میں ہلاک اور غریب لوگوں جن کا ذکر قائد حزب اختلاف نے کیا ہے کی امداد کے لئے دیتا ہوں - بغیر کسی کا نام لئے میں یہ عرض کروں گا کہ میرے تمام colleagues یعنی ہر ایک منسٹر ایسٹ پاکستان کے بھائیوں کی امداد کے لئے ایک ایک دن کی تنخواہ دیں گے - اسی طرح ہوائی حادثہ میں ہلاک ہونے والے صحافیوں کے پس ماندگان کی امداد کے لئے ایک ایک دن کی تنخواہ دیں گے - جہاں تک مسلم لیگ اسمبلی پارٹی کا تعلق ہے ایوان کے اس طرف کے ممبران نے متفقہ طور پر تجویز کیا ہے کہ وہ ایک ایک دن کا الاؤنس دیں گے - یعنی ایک دن کا الاؤنس ہوائی حادثہ میں ہلاک ہونے والے صحافیوں کے پس ماندگان اور ایک ایک دن کا الاؤنس ایسٹ پاکستان کے متاثر لوگوں کی امداد کے لئے دیں گے -

دوسری طرف کے ممبران کے متعلق میں کچھ نہیں کہہ سکتا -

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): My contribution is in addition to Rs. 2000 which I have already contributed.

حاجی عطا محمد - جناب والا - اس طرف کے معزز ممبران بھی ایک ایک دن کا الاؤنس دینے کو تیار ہیں اور وہ قبول کر لیں تو ہم مشکور ہوں گے -

مسٹر سپیکر - میرا خیال ہے کہ یہ sense of the House ہے کہ ہر ممبر اپنا ایک ایک دن کا اؤلانس قاہرہ کے حادثہ میں ہلاک ہونے والوں کے پس ماندگان کی امداد کے لئے اور ایک ایک دن کا الاؤنس مشرقی پاکستان کے متاثر اشخاص کے لئے دے - لیکن میں یہ بات واضح کر دوں کہ یہ رقم ان کے الاؤنس میں سے نہیں کاٹی جائے گی - بلکہ ان کو نقد ادا کرنی ہوگی - اس لئے وہ دفتر اسمبلی میں نقد رقم جمع کرا دیں - میری توقع ہے اور میں معزز ممبران سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ اسمبلی سیکریٹریٹ میں نقد رقم جمع کرا دیں تاکہ جلد از جلد مشرقی پاکستان اور دوسری فنڈز میں جمع کرا دی جائے -

The question is :—

That this Assembly places on record its deep sense of grief and sorrow for the loss of very valuable lives that occurred as a result of aircrash of PIA Boeing at Cairo airport on the 20th May, 1965. As a result of this tragedy men commanding eminent and high positions indifferent walks of life in Pakistan perished and the country has become the poorer in their loss.

I move that the House offer Fatiha for the departed souls and extend its sympathies to the bereaved families.

The Resolution was unanimously carried.

مسٹر سپیکر ۔ اب آپ بی آئی اے کے حادثہ میں ہلاک ہونے والے صحافیوں اور دیگر متاثرہ اشخاص کے لئے دعائے فاتحہ فرمائیں ۔

(اس مرحلہ پر ممبران اسمبلی نے فاتحہ خوانی کی)

ANNUAL REPORT ON THE WORKING OF THE WEST PAKISTAN PUBLIC SERVICE COMMISSION FOR THE YEAR 1964

(Laid on the Table).

Mr. Speaker: Next Motion. Minister for Law and Parliamentary Affairs.

Minister of Law: (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) Sir, I beg to lay on the Table the Annual Report on the working of the West Pakistan Public Service Commission for the year 1964 alongwith the requisite memorandum.

Mr. Speaker: The Annual Report on the working of the West Pakistan Public Service Commission for the year 1964 along with the requisite memorandum is laid on the Table.

There is no other item on the Orders of the Day.

The House stands adjourned till 5-30 p.m. today.

The Assembly then adjourned till 5-30 p. m. the same day.

EVENING SITTING

The Assembly met for the evening sitting at the Assembly Chamber at 5-30 p.m. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar in the Chair.

Recitation from the Holy Quran, and its translation.

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَیْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْھَکُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلٰکِنَّ الْبِرَّ
مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِکَۃِ وَالْکِتٰبِ وَالنَّبِیّٖنَ ج
وَاٰتَی الْمَالَ عَلٰی حُبِّہٖ ذَوِی الْقُرْبٰی وَالْیَتٰمٰی وَالْمَسٰکِیْنَ وَابْنَ السَّبِیْلِ لا
وَالسَّآئِلِیْنَ وَفِی الرِّقَابِ ج وَاَقَامَ الصَّلٰوۃَ وَاٰتَی الزَّکٰوۃَ ج
وَالْمُوْفُوْنَ بِعَھْدِھِمْ اِذَا عٰھَدُوْا وَالصّٰبِرِیْنَ فِی الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ
وَحِیْنَ الْبَاْسِ ط اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ صَدَقُوْا ط وَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُتَّقُوْنَ ٥

پ ۲- س ۲- رکوع ۶- آیات ۱۷۷

کچھ سارا نیکی کا کمال اسی میں نہیں آگیا کہ تم اپنا منہ مشرق کی طرف کرلو یا مغرب کو لیکن اصلی کمال تو یہ ہے کہ جو شخص اللہ پر یقین رکھے اور قیامت کے دن پر اور فرشتوں پر اور تمام کتب سماوی پر اور پیغمبروں پر اور مال (و دولت) دیتا ہو اللہ کی محبت میں رشتہ داروں کو اور یتیموں کو اور غلام آزاد کرانے میں۔ اور نماز کی پابندی رکھتا ہو اور زکوٰۃ بھی ادا کرتا ہو اور اپنے عہدوں کو پورا کرنے والے ہوں جب وہ عہد کرلیں اور ثابت قدم رہنے والے ہوں تنگدستی میں، بیماری میں، قتال میں تو یہ لوگ ہیں جو سچے ہیں اور یہی لوگ متقی ہیں۔

وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ

THE WEST PAKISTAN SUPPLEMENTARY BUDGET (GENERAL) FOR THE YEAR 1964-65 ((*PRESENTATION*).

Mr. Speaker: I now call upon the Finance Minister to present the West Pakistan Supplementary Budget (General) for the year 1964-65.

Minister of Finance (Sheikh Masood Sadiq) Sir in pursuance of Article 44 read with Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan I beg to lay before the Provincial Assembly of West Pakistan the Second Supplementary Budget Statement (General) for the year 1964-65. The Demands are being made with the recommendation of the Governor.

Mr. Speaker: The West Pakistan Supplementary Budget (General) for the year 1964-65 stands presented to the House.

THE WEST PAKISTAN BUDGET (RAILWAY) FOR THE YEAR 1965-66 (*PRESENTATION*)

Mr. Speaker: I now call upon the Railway Minister to present the West Pakistan Budget (Railway) for the year 1965-66.

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان تمن) ۔ جناب والا ۔ میں ریلوے کا میزانیہ بابت ۱۹۶۵-۶۶ء پیش کرنے کی اجازت چاہتا ہوں ۔ میزانیہ کے نمایاں خطوط کی وضاحت کرنے سے قبل میں جناب والا کی اجازت سے اس معزز ایوان کے لئے اراکین کے حالیہ انتخاب پر انہیں خوش آمدید کہتا ہوں ۔مجھے اس امر کا احساس ہے کہ یہ سب حضرات اس انتظامیہ کی مدد اور رہنمائی کے قومی فرض کی تکمیل کے لئے پوری طرح مستعد ہیں ، جس کا میں بھی ایک ادنی نمائندہ ہوں تاکہ عوام کی خدمت کا پورا مقصد جو ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے ، ایک تسلسل کے ساتھ پورا ہوتا رہے ۔ میں اس امید واثق اور عاجزانہ دعا کے ساتھ اس تقریر کی ابتدا کر رہا ہوں کہ ہم سب ملکی فلاح کو مقدم سمجھ کر اور ریلوے کے مفاد کو پیہم سامنے رکھ کر ہم آہنگی سے مل جل کر کام کرنے کے قابل ہو سکیں ۔ اس امر کا احساس نہایت ضروری ہے کہ ترقیاتی سرگرمی قلیل وقت کے خلاف ایک جد و جہد ہے ، جس کا تقاضا یہ ہے کہ اپنی تمام تر قوتوں کو بلا دریغ تعمیری مصروفیات میں لگا دیں ۔ اب جبکہ قوم تیسرے پنجسالہ منصوبہ کے مرحلے میں داخل ہو رہی ہے ، ریلوے کو اس کی ذمہ داریوں اور مواقع کا پورا احساس ہے اور یہ ایک نئی قوت اور جذبے کے ساتھ نئے منصوبہ کی کامیابی میں اپنے فرائض سے عہدہ برا ہونا چاہتی ہے ۔ مجھے یقین کامل ہے کہ اس معزز ایوان میں جہاں پیہم اعلیٰ حکمت عملی کی

ساخت ہوتی ہے ، ہم سب مقاصد کی بارآوری کے شدید احساس سے پیہم رہنمائی حاصل کرتے رہیں گے ۔

۲ ۔ ریلوے کا میزانیہ صوبہ کے میزانیہ سے الگ پیش کیا جاتا ہے ۔ آزادی سے قبل بھی یہی طریق کار رائج تھا ۔ ایک قلیل عرصہ کے بعد ۱۹۶۱ء میں واضح مفاد کی بنا پر یہ طریق کار پاکستان میں بھی رائج کر دیا گیا ۔ پاکستان کا ہر شہری جو ریلوے کی خدمات سے فائدہ اٹھانے کا متمنی ہے ، اس کے معاشی مفاد کو پیش نظر رکھتے ہوئے استفادہ عامہ کا یہ شعبہ حکومت خود چلا رہی ہے ۔ ریلوے ملک کی سب سے بڑی صنعت ہے جو حکومت کی ملکیت ہے اور اسی کے زیر انتظام ہے ۔ چنانچہ اس کی کارگزاری مقننہ کی بحث و نظر کے لئے پیش کر کے ریلوے کو ایک ایسا امتیازی درجہ دیا گیا جو مقننہ کو ریلوے کی اہم حکمت عملی پر پوری توجہ مبذول کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے تاکہ یہ عظیم کاروبار عمدگی سے چلتا رہے ۔ اور یہ شعبہ اپنے پورے نظام میں نقل و حمل کے لئے پیش کردہ سامان کی فوری اور خاطر خواہ ترسیل اور مسافروں کے ایک جگہ سے دوسری جگہ بحفاظت اور آرام کے ساتھ پہنچانے کی بنیادی ذمہ داری سے خوش اسلوبی کے ساتھ عہدہ برا ہوتا رہے ۔ مجھے یقین ہے کہ اس ایوان کے معزز اراکین ایسی تعمیری تجاویز سے میری اعانت فرمائیں گے ، جن سے ریلوے کی کارکردگی مجموعی طور پر بہتر ہوتی جائے ۔ میں ان سے یہ بھی درخواست کروں گا کہ وہ ان چند کوتاہیوں کو بھی نظر انداز فرماویں ۔ جن کا ریلوے جیسے وسیع شعبہ میں واقع ہونا نا گزیر ہے ۔ صرف اسی جذبہ کے ساتھ یہ ممکن ہے کہ ہم ان عظیم فرائض کو جو ہم پر عائد ہوتے ہیں ، پورا کرنے کی مثبت کاوش کر سکیں ۔

۳ ۔ آئین کے تقاضے کے مطابق ریلوے کے سالانہ میزانیہ کا گوشوارہ جس میں ترقیاتی منصوبوں کے تخمینہ جات (Project Estimates) شامل ہیں اور مطالبات زر کی کتاب (Book of Demands for Grant) علیحدہ تقسیم کر دی گئی ہیں ۔ کچھ اور دستاویزات بھی تقسیم کی گئی ہیں ۔

اولاً پنک بک (Pink Book) جس میں نو سو سے زائد ایسے کاموں کی تفصیل ہے جو ترقیاتی منصوبوں کے تخمینہ جات (Project Estimates) میں ظاہر کئے گئے ہیں ۔ دوئم ، نئے اخراجات کا کتابچہ (New Expenditure Pamphlet) جو میزانیہ کے گوشوارہ اور مطالبات زر کی کتاب میں ظاہر کردہ تمام نئے اخراجات کی تفصیل ، اور ان کے ضروری جواز ، فراہم کرتا ہے ۔ اور آخرش وھائٹ پیپر (White Paper) جس میں سال رواں کے دوران ریلوے کی متعدد کارگزاریوں کا جائزہ لیا گیا ہے ۔ تاکہ ایوان کے معزز اراکین پورے نظام کی کار کردگی کے بارے میں ایک معقول رائے قائم کر سکیں ۔

۴ ۔ دوسرا منصوبہ ۔ چونکہ دوسرا پنجسالہ منصوبہ ختم ہونے کو ہے ، لہذا میں چاہتا ہوں کہ اس موجودہ منصوبہ میں ریلوے کے لئے مقرر کردہ ترقیاتی منازل کے حصول میں محکمہ نے جو کامیابیاں حاصل کی ہیں ۔ ان کے مختصر ذکر سے ابتدا کروں ۔

پہلی جنگ عظیم کی ابتدا ہی سے فرسودہ ساز و سامان کی تبدیلی کے بقایا جات مالی و دیگر وجوہات سے رہ گئے تھے ۔ ان کے پیش نظر پہلے منصوبہ کا مقصد خاص ان ساز و سامان کی بحالی تھا اور یہی مقصد موجودہ منصوبہ میں بھی نمایاں طور پر کار فرما ہے ۔ مزید برآں ریلوے مغربی پاکستان کی معاشی ترقیات کے بنیادی لوازمات کا ایک اہم جزو ہے ۔ ملک کی ہمہ گیر معاشی ترقی سے پیدا شدہ ضروریات نقل و حمل کو ریلوے کی استعداد کار میں متوازی اضافہ کئے بغیر نہیں سنبھالا جا سکتا ۔ چنانچہ مقررہ سرمایا جہاں تک اجازت دیتا تھا ، ریلوے کے حسن کارکردگی کو بہتر کرنے پر بھی مناسب توجہ دی گئی ۔ اس سلسلے میں گاڑیوں کی رفتار میں اضافہ کیا گیا ، ریلوے لائنوں اور یارڈوں کو بہتر بنایا گیا ۔ اور سگنل کاری کی تجدید کی گئی ۔ علاوہ ازیں گاڑی کے ڈبوں اور انجنوں میں بھی کچھ اضافہ کیا گیا ۔ موجودہ منصوبہ کے لئے ابتدائی طور پر ریلوے کا منظور شدہ پروگرام ایک سو سترہ کروڑ روپے کا تھا ۔ اس میں پہلے منصوبہ سے منتقل شدہ بقایا جات (Throw Forwards) کے پچیس کروڑ روپیہ بھی شامل تھے ۔ بعد ازاں ریلوے کی اعلی ترقیاتی صلاحیت کے پیش نظر چند اور سکیموں کا بھی اضافہ کیا گیا ۔ علاوہ ازیں اس خیال کے تحت کہ تیسرے پنجسالہ منصوبہ میں زیر عمل آنے والی

کچھ بڑی اور اہم سکیموں کے ابتدائی کام کو ہاتھ میں لیا جا سکے ۔ چنانچہ مزید سکیمیں شامل کر لی گئیں ۔ درآمدی سامان کی قیمتوں میں اضافہ کے باعث کچھ سکیموں کی لاگت میں بھی اضافہ ہوا جس سے پروگرام میں کچھ ترمیم ضروری ہو گئی ۔ نئی سکیموں کی شمولیت سے پروگرام میں تینتیس کروڑ بیس لاکھ روپے کا اضافہ ہوا ۔ اور لاگت بڑھنے سے چھ کروڑ ساٹھ لاکھ روپے کا اضافہ ہوا ۔ اس طرح پروگرام کی مجموعی وسعت ایک سو اٹھاون کروڑ روپیہ تک پہنچ گئی دوسری طرف ریلوے کے لئے مقررہ رقم ستانوے کروڑ تھی ۔ جو بعد میں نظر ثانی کر کے ایک سو بارہ کروڑ روپے کر دی گئی ۔ لیکن منصوبہ کا عرصہ ختم ہونے تک قریباً ایک سو چودہ کروڑ روپے فی الواقع خرچ ہو جائیں گے ۔ چنانچہ تیسرے منصوبے کے لئے منتقل شدہ بقایا جات (Throw Forwards) کی رقم چوالیس کروڑ روپے ہوگی ۔ ریلوے کے لئے مقرر کردہ رقم میں اضافہ حال ہی میں کیا گیا تھا ۔ جو کہ اتنے کثیر منتقل شدہ بقایا جات کا سبب ہوا ۔ ریلوے یقیناً تعلیم ترقیاتی کوششوں کو بروئے کار لانے کے قابل ہوتی بشرطیکہ اس کے لئے زیادہ مقرر کردہ رقم شروع ہی میں مل جاتی ۔ قومی وسائل پر مطالبات کا کثیر اور بھاری بوجھ ہے ، ریلوے کے لئے مقرر کردہ رقم دوسرے پنجسالہ منصوبے کی کل رقم کی چار فیصد ہے ۔ قومی وسائل پر دیگر متعدد مسابقتی مطالبات کو ذہن میں رکھ کر دیکھا جائے تو یہ کل رقم کا کافی بڑا حصہ ہے ۔ میں اس سلسلے میں یہ بھی واضح کرنا مناسب سمجھتا ہوں ۔ کہ اگر وہ حد جو ریلوے کے لئے ضرورتاً مقرر کر دی گئی تھی نہ ہوتی تو ریلوے اور زیادہ ترقیاتی کاوش کر سکتی تھی ۔ مقرر کردہ رقم جو ملی اس میں بیشتر خرچ ریل کے ڈبوں اور انجنوں کی خرید اور ریلوے لائنوں کی بحالی پر خرچ ہوا ۔ اول الذکر کا بیشتر حصہ فرسودگی کی وجہ سے تھا ۔ ان دونوں مدوں میں اخراجات یا تو مقرر کردہ رقم کے برابر پہنچے یا کچھ آگے بڑھ گئے جو کہ ریلوے کی اعلیٰ ترقیاتی صلاحیت کا ثبوت دیتے ہیں ۔ اور جسے تمام متعلقہ حلقوں نے سراہا ہے ۔ (الف) نئی تعمیرات ۔ (ب) تنصیبات اور مشینوں کا حصول ، اور (ج) ریلوے لائنوں کی استعداد بڑھانے اور سگنل کے نظام کی اصلاح ،

جیسی تمام سکیموں پر بھی اخراجات مقرر کردہ رقوم کے مطابق رہے۔ مجموعی طور پر ریلوے نے مذکورہ منصوبہ کے تحت مقرر کردہ رقوم کو خوش اسلوبی سے استعمال کرنے میں کامیابی حاصل کی۔

۵ - بیرونی قرضے — ریلوے کے ترقیاتی پروگرام کے لئے قرضے حاصل کرنے کی اس وقت ابتدا ہوئی۔ جب کہ پہلا منصوبہ جاری تھا۔ اس منصوبہ کے دوران پچیس کروڑ روپیہ کے قرضے لئے گئے۔ اور خرچ ہوئے۔ پہلے منصوبہ سے منتقل شدہ بقایا جات کو نکال کر دوسرے منصوبہ کے دوران ہماری زر مبادلہ کی کل ضرورت اسی کروڑ روپے تھی۔ جس میں سے ہم تا حال پچھتر کروڑ روپے کے قرضے حاصل کر پائے ہیں۔ اور باقی پانچ کروڑ روپے کے لئے گفت و شنید جاری ہے۔ عالمی بنک بشمول آئی۔ ڈی۔ اے (I. D. A.) نے تین قرضوں کی صورت میں تینتیس کروڑ پچاس لاکھ روپے فراہم کئے ہیں۔ ریاستہائے متحدہ امریکہ کی ایجنسی برائے بین الاقوامی ترقیات (U. S. Aid) اور اس کے ہمراہ ڈیولپمنٹ لون فنڈ ایڈمنسٹریشن (Development Loan Fund Administration) اور امریکہ کے اکسپورٹ امپورٹ بنک (Export Import Bank) نے مجموعی طور پر قریباً چھتیس کروڑ روپے کے چھ قرضوں کی منظوری دی ہے۔ مغربی جرمنی سے تقریباً آٹھ کروڑ روپے کی مالیت کے قرضے ملے اور برطانیہ نے چھ کروڑ پچاس لاکھ روپے کے چار قرضے دئیے یہاں پر اس بات کا بھی ذکر کرنا چاہتا ہوں کہ پہلے منصوبے کو ملا کر اب تک منظور شدہ قرضوں کا زیادہ حصہ جس کی مالیت نواسی کروڑ روپے ہے استعمال ہوچکا ہے وہ سامان جو اب تک ہم حاصل کر چکے ہے اور جس کی قیمت کی ادائیگی کی جا چکی ہے اس کی مالیت اکہتر کروڑ روپے ہے۔

۶ - دیسی اشیاء کا استعمال — زرمبادلہ کو محفوظ رکھنے کے لئے ریلوے اپنی متعدد ضروریات میں قومی استعداد ساخت کو ترقی دینے پر کافی توجہ دیتی رہی ہے اس سلسلے میں ریلوے نے چند ایک کام مکمل کر لئے ہیں۔ اور چند اہم منصوبے آئندہ سالوں میں زیرعمل لانے کا پروگرام ہے۔ اب تک ریلوے نے (الف) سالانہ ایک ہزار پانچ سو ویگنوں کے بنانے کی صلاحیت پیدا کر لی ہے جو کہ سٹاک کی طلب

واجب کے ذیل میں پرانے ویگنوں کی جگہ نئے ویگن لانے کی عام سالانہ ضرورت کی پوری طرح کفیل ہو گی (ب) ڈبوں اور انجنوں اور ریلوے کے دیگر سازو سامان میں مطلوبہ ہر قسم کے سپرنگ بنانے کے لئے ایک سپرنگ شاپ قائم کی ہے اور (ج) ملکی خام مال سے فولادی کارخانوں میں لگانے والی خاص اینٹیں بنانے کے لئے خشت سازی کی ایک فیکٹری کی تعمیر مکمل کی ہے ۔ اس کے علاوہ ریلوے سٹیل شاپ میں پانچ ٹن کی ایک بجلی کی بھٹی بھی لگائی جا رہی ہے تاکہ بیکار شدہ فولاد کو زیادہ سے زیادہ حد تک دوبارہ استعمال میں لایا جا سکے ۔ جب یہ بھٹی نصب ہو جائے گی تو اس سے فولاد کی پیداوار میں ساڑھے تیرہ ہزار ٹن سالانہ کا اضافہ ہوگا ۔ جہاں بھی ممکن ہوتا ہے ، ریلوے کے بجلی گھروں میں بجلی پیدا کرنے کے لئے سوئی گیس کا استعمال کیا جاتا ہے ۔ جہاں بجلی مہیا ہو سکتی ہے ، وہاں ریلوے سٹیشنوں اور ریلوے کی بستیوں میں آب رسانی کے لئے تیل اور بھاپ سے چلنے والے پمپنگ انجنوں کی جگہ بجلی سے چلنے والے پمپ لگائے جا رہے ہیں ۔ جو سکیمیں مکمل ہو چکی ہیں ، ان کی وجہ سے ریلوے کو ایک کروڑ چھہتر لاکھ روپیہ کے زرمبادلہ کی سالانہ بچت ہوئی ہے ۔ اس کے علاہ زرمبادلہ پر انحصار میں کمی کرنے کے لئے آئندہ سالوں میں چند اور سکیموں کو بروئے کار لانے کی تجویز ہے ۔ ان میں مندرجہ ذیل سکیمیں شامل ہیں ۔ (الف) ریلوے کی سالانہ ضروریات کی پوری پوری تکمیل کے لئے نئے مسافر ڈبے بنانا (ب) ریلوے لائن کا ساز و سامان بنانے کی فیکٹری کا قیام (ج) لکڑی کے سلیپروں کی جگہ جو باہر سے منگوانے پڑتے ہیں ، ریلوے لائن پر استعمال کے لئے پری اسٹریسڈ کنکریٹ سلیپر (Prestressed Concrete Sleeper) بنانے کی ایک فیکٹری کا قیام ۔ (د) لاہور ۔ خانیوال سیکشن کو برقانے کی سکیم جس سے غیر ملکی ایندھن کے تیل پر انحصار میں کمی واقع ہوگی ۔ اور (ہ) ڈیزل انجنوں کے پرزے بنانے کی سہولتیں فراہم کرنا ۔ جب یہ سکیمیں مکمل ہو جائیں گی تو زرمبادلہ کے اخراجات میں تین کروڑ پچاس لاکھ روپے کی مزید بچت ہو جائے گی ۔

جو حکمت عملی اختیار کی جا چکی ہے، اس سے مستقبل میں بیرونی قرضے حاصل کرنے کی ضرورت رفتہ رفتہ کم ہوتی جائے گی۔

۷۔ موجودہ سال کی کارگزاری — موجودہ مالی سال کے دوران ریلوے ۶۲۰ کروڑ پسنجر میل (Passenger Miles) اور ۴۹۰ کروڑ ٹن میل (Ton Miles) اٹھائے گی۔ مسافروں کی اتنی کثیر تعداد کے سفر کے لئے ریلوے کو ایک لاکھ ساٹھ ہزار سے زیادہ مسافر گاڑیاں چلانی پڑیں۔ مجھے ایوان کو یہ بتاتے ہوئے مسرت ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس سال دوران سفر میں ایک مسافر بھی حادثے کا شکار نہیں ہوا۔ دوران سفر مسافروں کی سلامتی کی اہمیت پر مسلسل توجہ دی جاتی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ آئندہ بھی ریلوے اس اہم فریضہ پر مناسب توجہ دیتی رہے گی۔

۸ نقل وحرکت کی کیفیت۔ تمام مسافر گاڑیوں میں مجموعی پابندی اوقات گزشتہ سال کی طرح اٹھاسی فیصدی رہی۔ گذشتہ سال ماہ اکتوبر میں پابندی وقت کا ہفتہ منایا گیا جس کے دوران پابندی وقت اوسطاً چھیانوے اعشاریہ چار فیصد تک پہنچ گئی۔ اگرچہ ریلوے کے تمام نظام پر لائن اور سگنلنگ کی بحالی اور بہتری کے بہت سے ایسے کام جاری تھے، جو نقل و حرکت میں رکاوٹ پیدا کرتے ہیں، پھر بھی گاڑیوں کی پابندی اوقات کے معیار کو گونے کے لئے جہاں ممکن ہو سکا دور دراز مقامات کے لئے براہ راست (T ough) مال گاڑیاں چلائی گئیں۔ علاوہ ازیں ویگنوں کے بہتر استعمال کے لئے مسلسل توجہ دی گئی۔ جس سے مین لائن (Main Lion) کی مال گاڑیوں کا مجموعی بار مال گذشتہ کے ایک ہزار ساٹھ ٹن کے مقابلہ پر ایک ہزار ایک سو سترہ ٹن ہو گیا ہے۔ توقع ہے کہ سال رواں کے کاروباری اخراجات کل آمدنی کا تقریباً سترہ اعشاریہ تین ہوں گے۔ یہ صورت حال اس سے نسبتاً بہتر ہے جبکہ پہلے منصوبہ کے دوران کاروباری اخراجات کل آمدنی کا اوسطاً تہتر اعشاریہ دو (۷۳٫۲۰) فیصد تھے۔ ریلوے کو سپرد کئے ہوئے

کچھ مال کے ضائع ہونے کی بنا پر جو مطالبات داخل کئے گئے، ان میں بھی سال گذشتہ کے مقابلے میں دو فیصد کمی واقع ہوئی اور ان کے فیصلے بھی بلا تاخیر کئے گئے۔

سال گذشتہ کے مقابلے میں ٹن میل اور پیسنجر میل میں قریباً ۳ فیصد کا اضافہ ہوا۔ اگرچہ گندم اور اس سے تیار کردہ اشیاء کے ویگن لادنے میں اضافہ پانچ فیصد سے زائد۔ جپسم میں۔ پچاس فیصد۔ سیمنٹ میں۔ نو فیصد اور ایندھن کی لکڑی میں چھ فیصد تک رہا۔ لیکن پھر بھی ویگن لادنے میں بحیثیت مجموعی دوفیصد کی کمی واقع ہوئی ہے اس کمی کی بیشتر وجہ یہ تھی کہ درآمدی گندم کو بڑی مقدار میں ملک کے بالائی حصوں میں مختلف مقامات تک پہنچانا ضروری تھا جس کی وجہ سے ویگنوں کے دوبارہ حصول میں نسبتاً تاخیر ہوئی۔ موسم کی غیر معمولی شدت جو گزشتہ سال ماہ اگست اور ستمبر میں سیلابوں اور سال رواں کے اوائل میں بے وقت بارشوں کا باعث بنی اور چند دیگر وجوہات کا ویگن کی لدائی پر اثر پڑا۔ لیکن ویگن کی لدائی کے کام کو خصوصی کاوش کی وجہ سے چنداں نقصان نہیں پہنچا۔ سال میں دو موقعوں پر ویگن کی یومیہ لدائی چار ہزار ایک سو اکیانوے اور چار ہزار دو سو سنتیس تک پہنچ گئی جو تمام گزشتہ کارگزاریوں سے بہتر ہے۔ مارچ کے مہینہ میں ویگن کی لدائی نے ایک نیا ریکارڈ قائم کیا۔ مسافروں کی آمدورفت کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے اس سال میں اکتیس نئی گاڑیاں چلائی گئیں۔ جن میں دوایکسپریس گاڑیاں بھی شامل ہیں نیز بائیس گاڑیوں کی حد مسافت میں توسیع کی گئی۔ جس میں شاہیں ایکسپریس کی وزیرآباد سے سیالکوٹ تک توسیع مسافت بھی شامل ہے۔ ایک اور نمایاں پہلو کراچی اور پشاور کے درمیان تیسرے درجہ کی سلیپر ایکسپریس کا اجراء ہے۔ اس گاڑی میں ایک سرے سے دوسرے سرے تک آمدورفت کا انتظام ہے۔ ڈبہ میں سونے کے لئے اوپر نیچے تین تین برتھیں لگی ہیں۔ کوئٹہ اور لاہور کے درمیان سفر کے لئے دو مخصوص ڈبے

اور کوئٹہ اور پشاور کے درمیان سفر کے لئے ایک مخصوص ڈبہ اس گاڑی کے ساتھ لگائے جاتے ہیں - کراچی سرکولر ریلوے کے پہلے مرحلے کی تکمیل ہوچکی ہے - جس میں کراچی کے علاقے میں واقع ڈرگ روڈ اور وزیر مینشن سٹیشنوں کو ملایا جانا تھا - گذشتہ سال ۱۰ نومبر کو اسے مسافر گاڑیوں کی آمدورفت کے لئے کھول دیا گیا ہے - آجکل اس ریلوے پر آٹھ مقامی گاڑیاں آ جا رہی ہیں -

ریلوے کی کارکردگی کے اس پس منظر میں اب میں سال رواں کے ترمیمی تخمینہ جات اور آئندہ مالی سال کے تخمینہ جات کا ذکر کروں گا -

۹ - ۱۹۶۴-۶۵ء کے ترمیمی تخمینے — سال رواں میں مسافر برداری سے محاصل آمدنی کا ترمیمی تخمینہ اکیس کروڑ چھیاسٹھ لاکھ روپے ہے - جس کا مطلب یہ ہے کہ اس مد میں آمدنی بائیس کروڑ چار لاکھ روپیہ کے منظور شدہ میزانیہ سے بقدر اڑتیس لاکھ روپے کم ہو گی - بار برداری سے محاصل آمدنی کا ترمیمی تخمینہ اکتیس کروڑ پچانوے لاکھ روپیہ ہے جبکہ منظور شدہ میزانیہ بتیس کروڑ بیس لاکھ روپے تھا - اس طرح اس مد آمدنی میں قریباً پچیس لاکھ روپیہ کی کمی واقع ہو گی - متفرقات کی مد میں بھی محاصل آمدنی بقدر پانچ لاکھ روپیہ کم ہو گی - البتہ سواری گاڑیوں کے ذریعہ دیگر نقل و حمل (Other Coaching Traffic) سے محاصل آمدنی میں بیس لاکھ روپے کا اضافہ ہو گا - اس طرح جملہ کمی بیشی کے نتیجہ میں سال رواں کے محاصل آمدنی کا تخمینہ اٹھاون کروڑ روپے ہے - جو کہ منظور شدہ میزانیہ کے اٹھاون کروڑ پچاس لاکھ روپے کے مقابلے میں مجموعی طور پر پچاس لاکھ روپے کی کمی ظاہر کرتا ہے - بالفاظ دیگر محاصل آمدنی میں اعشاریہ آٹھ فیصد کی کمی واقع ہو گی - اس کمی کی وجہ یہ تھی کہ گذشتہ ماہ اگست اور ستمبر میں ریلوے نظام کے چند نہایت مصروف قطعوں پر لائن میں شگاف ہو گئے - جنکی درستگی میں وقت لگا - علاوہ ازیں روئی کی موسمی نقل و حرکت میں کمی ہو گئی - واپڈا کے لئے پتھر اور بجری کی کم نقل و حرکت ہوئی اور بر آمد میں کمی کے باعث چاول کی ترسیل بھی کم ہو گئی - متوقع آمدنی میں اس معمولی سی کمی کے ماسوا سال بھر ریلوے کا کاروبار کم و بیش یکساں رہا -

۱۰—اخراجات محاصل — سال رواں میں کل اخراجات محاصل کا تخمینہ اکیاون کروڑ اڑتیس لاکھ روپے ہے ۔ جو اکیاون کروڑ پچاسی لاکھ روپے کے منظور شدہ میزانیہ سے بقدر سینتالیس لاکھ روپے کم ہے ۔ اخراجات میں سینتالیس لاکھ روپے کی کمی کی وجوہات یہ ہیں ۔ عام کاروباری اخراجات میں آمدنی میں پچاس لاکھ روپے کی کمی ہو جانے کی وجہ سے اسی حد تک تخفیف کی گئی ۔ نیز اصلاح و بہتری کے فنڈ میں چوالیس لاکھ روپے کی کم منتقلی کی گئی ۔ لیکن یہ کمی جزوی طور پر اس طرح ختم ہوئی کہ واقعی اعداد و شمار کی بنا پر فرسودگی کے محفوظ سرمایہ میں تیرہ لاکھ روپے کی مزید رقم ڈالی گئی تاکہ پوری رقم زیر کار سرمایہ کے تیسویں حصہ کے مطابق ہو جائے ۔ علاوہ ازیں غیر ملکی قرضوں پر سود کی ادائیگی کے لئے تیرہ لاکھ روپے کی مزید فراہمی کی گئی اور بائیس لاکھ روپے کی حد تک ملتوی کھاتوں اور منہائیوں میں تبدیلیاں ہوئیں ۔

۱۱—فاضل رقم— محاصل آمدنی میں پچاس لاکھ روپے کی کمی اور اخراجات محاصل میں سینتالیس لاکھ روپے کی کمی کا حتمی اثر یہ ہو گا کہ منظور شدہ میزانیہ میں مذکور منافع تین لاکھ روپے کی حد تک گھٹ جائے گا ۔ مرکزی اور صوبائی حکومتوں کے لگائے ہوئے سرمائے پر سود کی رقم پانچ کروڑ ستہ لاکھ کے بجائے اب پانچ کروڑ گیارہ لاکھ ہو گی ۔ اس طرح منافع یعنی فاضل رقم میزانیہ میں مذکورہ ایک کروڑ اڑتالیس لاکھ روپے کے بجائے ایک کروڑ اکیاون لاکھ روپے ہو گا ۔ اس فاضل رقم سے فرسودگی کے محفوظ سرمایہ میں مزید اضافہ کرنے کی تجویز ہے ۔

تخمینہ جات میزانیہ بابت ۱۹۶۵-۶۶

۱۲—محاصل آمدنی — ۱۹۶۵-۶۶ء کے محاصل آمدنی کا تخمینہ انسٹھ کروڑ چھبیس لاکھ روپے ہے ، جو کہ سال رواں کے ترمیمی میزانیہ سے ایک کروڑ چھتیس لاکھ روپے زیادہ ہے ۔ چونکہ آئندہ سال کے آخری مہینوں سے پہلے مزید ریلوے انجن دستیاب نہ ہوسکیں گے لہذا انجنوں کے بہتر استعمال اور مال گاڑیوں اور موجودہ مسافر گاڑیوں میں مزید دینے لگا کر ریلوے کی صلاحیت کار میں اضافہ کیا جائے گا اور اس طرح بڑھتی ہوئی ضروریات نقل و حمل کو پورا کیا جائے گا ۔

۱۳-اخراجات محاصل — ۱۹۶۵-۶۶ء کے کل اخراجات محاصل کا تخمینہ باون کروڑ چھہتر لاکھ روپے ہے جو سال رواں کے اس مد میں ترمیمی میزانیہ کی نسبت بقدر ایک کروڑ اڑتیس لاکھ روپے زیادہ ہے۔ عام کاروباری اخراجات کا تخمینہ اکتالیس کروڑ پچاس لاکھ روپے ہے۔ جو کہ ترمیمی میزانیہ میں اس مد کے اخراجات کی رقم یعنی چالیس کروڑ اسی لاکھ روپے سے بقدر ستر لاکھ روپے زیادہ ہے اس اضافہ میں سے سترہ لاکھ روپے کے ،، نئے اخراجات ،، شامل ہیں جس میں اولاً مطالبہ زرنمبر (۱) کے تحت مزید آسامیوں کے لئے گیارہ لاکھ پچاس ہزار روپے درکار ہوں گے جو کاروبار کی مناسب توسیع کے لئے ضروری ہیں دوم سروے کے نئے کاموں کے لئے مزید تین لاکھ اڑتیس ہزار روپے کی ضرورت ہو گی اور سوم اکاؤنٹس کے نظام کار میں تجدید کی سکیموں میں دو لاکھ اٹھارہ ہزار روپے صرف ہوں گے۔ عام کاروباری اخراجات میں باقی اضافے زیادہ تر مرمت اور بحالی، گاڑیوں سے متعلقہ عملہ، ایندھن اور اسٹور وغیرہ کے بڑھے ہوئے اخراجات کی وجہ سے ہوں گے، جو کہ ریلوے کی اعلیٰ کارکردگی کے لئے نہایت ضروری ہیں ۔ مزید برآں آئندہ سال تینتالیس لاکھ روپے کی حد تک بمد فرسودگی زیادہ رقم ڈالی جائے گی۔ اصلاح وبہتری کے فنڈ میں بھی بقدر دو لاکھ روپے زیادہ ڈالا جائے گا۔ اس کے علاوہ بیرونی قرضوں پر سود کی رقم کی ادائیگی میں اضافہ کے باعث اخراجات مزید انیس لاکھ روپے بڑھ جائیں گے۔ ان اضافوں کی وجہ سے عام کاروباری اخراجات میں سترلاکھ روپے کے اضافے سے اور ملتوی کھاتوں اور منہائیوں کی مد میں بقدر چار لاکھ روپے کے اتار چڑھاؤ سے کل اخراجات محاصل میں مجموعی طور پر ایک کروڑ اڑتیس لاکھ روپے کا اضافہ ہوگا۔

۱۴- سال آئندہ کی فاضل رقم—سال آئندہ میں مجموعی

منافع کا تخمینہ چھ کروڑ پچاس لاکھ روپے ہے ۔ اس میں سے مرکزی اور صوبائی حکومتوں کے لگائے ہوئے سرمائے پر پانچ کروڑ چالیس لاکھ روپے سود کی ادائیگی کے بعد خالص منافع یا فاضل رقم ایک کروڑ دس لاکھ روپے رہ جائے گی جسے فرسودگی کے محفوظ سرمایہ میں منتقل کرنے کی تجویز ہے تاکہ اس سرمائے سے آئندہ سالوں کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کیا جا سکے ۔

۱۵ ۔ ترقیاتی پروگرام کے ترمیمی تخمینے — سال رواں کے لئے ترقیاتی پروگرام کے ترمیمی تخمینے کی رقم چوبیس کروڑ ترانوے لاکھ روپے ہے جو منظور شدہ میزانیہ میں مذکورہ پچاس کروڑ روپے سے بقدر سات لاکھ روپے کم ہے یہ کمی نئی تعمیرات کی مد میں واقع ہوئی لیکن کھلی لائن پر کاموں کے میزانیے میں تبدیلی نہیں کی گئی اگرچہ چند ضمنی مدوں میں معمولی ترمیمیں کی گئیں ۔

۱۶ ۔ ترقیاتی پروگرام کے تخمینہ جات میزانیہ بابت ۱۹۶۵-۶۶ — آئندہ سال کے تخمینہ جات میزانیہ میں اس مد میں خرچ کے لئے چھبیس کروڑ پچاس لاکھ روپے رکھے گئے ہیں ، جس میں حکومت کے محدود وسائل کے پیش نظر پانچ فیصد کی لازمی تخفیف کی گئی ہے ۔ چھبیس کروڑ پچاس لاکھ کی مذکورہ بالا رقم میں سے انیس کروڑ چونسٹھ لاکھ روپے کا خرچ جاری سکیموں پر ہوگا ۔ گذشتہ سال ایوان سے منظور شدہ ترقیاتی منصوبوں کے تخمینہ میں بتیس کروڑ اٹھاسی لاکھ روپے کی رقم آنے والے سال کے لئے مہیا کی گئی تھی ۔ لیکن آئندہ سال کے دوران اس رقم میں سے چھ کروڑ اڑتیس لاکھ روپے کی حد تک سرمائے کی بات کی وجہ سے کمی کر دی گئی ہے ۔

۱۷ - خارجی مصارف — چھبیس کروڑ پچاس لاکھ روپے کے مجوزہ اخراجات میں خارجی مصارف کی چودہ کروڑ اکتیس لاکھ روپے کی رقم شامل ہے اس میں سے گیارہ کروڑ اکتالیس لاکھ روپے ان جاری سکیموں کے لئے ہیں جن کے لئے مطلوبہ سرمایہ ایسے بیرونی قرضوں سے فراہم کیا جائے گا جن کے حصول کے لئے ریلوے کی طرف سے بات چیت اب تک مکمل ہو چکی ہے یا ہو رہی ہے - خارجی مصارف کی باقی رقم بقدر دو کروڑ نوے لاکھ روپے ان نئی سکیموں سے متعلق ہے جنہیں ریلوے کے تیسرے پنج سالہ منصوبہ میں شامل کیا گیا ہے اور جن کے لئے بیرونی قرضوں کے حصول کی بابت بات چیت ہونا ابھی باقی ہے -

۱۸ - ترقیات کی منازل — ریلوے کا ترقیاتی پروگرام نئی تعمیرات اور کھلی لائن پر کام کے دو منصوبوں پر مشتمل ہے - سال آئندہ کے دوران نئی تعمیر کے لئے ایک کروڑ بیس لاکھ روپے کے اخراجات کی تجویز ہے - اور یہ تمام خرچ جاری سکیموں سے متعلق ہے - اس میں سے پندرہ لاکھ روپیہ کی رقم کراچی سرکولر ریلوے کے دوسرے اور آخری مرحلے کی تکمیل پر خرچ ہوگی ، جس کے ذریعے کراچی شہر اور وزیر مینشن کو ملا دیا جائے گا - پچاس لاکھ روپے کی رقم مذکورہ ذیل دو زیر عمل سکیموں میں سے ہر ایک سکیم پر خرچ ہوگی - ان میں سے پہلی سکیم کے ذریعے حیدرآباد اور میر پور خاص کے درمیان درمیانی لائن کو بڑی لائن سے بدل دیا جائے گا - اور دوسری سکیم کے تحت اڑتالیس میل لمبی وہ ریلوے لائن تعمیر کی جائے گی جو تونسہ بیراج پر سے گذر کر کوٹ آدو کو دریائے سندھ سے دوسری جانب ڈیرہ غازی خان سے ملا دے گی -

اس کے علاوہ اندازاً ایک کروڑ بارہ لاکھ روپے کی لاگت سے انیس میل لمبی ریلوے لائن تعمیر کرکے امروکہ اور دساوے والا کو بذریعہ ریل ملانے کی گنجائش بھی رکھی گئی ہے ۔ ان مقامات کو ریل سے ملا دینے کا منصوبہ بہاول نگر کو ملک کے شمالی حصوں سے سمہسٹہ کے طویل راستہ کی بجائے ایک سیدھے راستہ سے ملا دے گا ۔ اور بہاول نگر جیسے نسبتاً پسماندہ ضلع کی معاشی ترقی میں معاون ہوگا ۔

کھلی لائن پر کاموں کے دوسرے منصوبے کے تحت گیارہ کروڑ پینسٹھ لاکھ روپیہ ڈبوں اور انجنوں کی فراہمی کے لئے ، چھ کروڑ چھیاسی لاکھ روپیہ انجینئیرنگ اور تعمیراتی کاموں کے لئے چار کروڑ ۱۶ لاکھ روپیہ ریلوے لائن کی تجدید کے لئے ، ایک کروڑ انتالیس لاکھ روپے تنصیبات اور مشینوں کے لئے اور ایک کروڑ تیئیس لاکھ روپے پلوں کی تعمیر کے کام کے لئے رکھے گئے ہیں ۔

سال آئندہ کے ڈبوں اور انجنوں کی فراہمی کے پروگرام کے تحت جو گنجائش رکھی گئی ہے اس میں پچیس نئے انجن حاصل کئے جائیں گے ، جن میں درمیانی لائن کے وہ پانچ سٹیم انجن بھی شامل ہیں جو پاکستان ایسٹرن ریلوے سے منتقل کئے جائیں گے ۔ یہ سب انجن مالی سال کے خاتمے کے قریب مل جائیں گے نیز چھپن مسافر ڈبے اور ایک سو اٹھاسی ویگن بھی حاصل کئے جائیں گے مزید برآں اٹھارہ مسافر ڈبے، ایک سو چھ سواری کی دیگر گاڑیاں اور ایک ہزار پانچ سو اکسٹھ ویگن ریلوے کے اپنے کارخانوں میں بنائے جائیں گے لاہور ۔ خانیوال سیکشن کو پرقانے اور مغلپورہ میں مسافر ڈبے بنانے کی فیکٹری کے قیام کی دو اہم سکیموں سے متعلق ابتدائی کام کرنے کا اہتمام بھی کیا گیا ہے ۔

لائن کی تجدید کے پروگرام کی صورت یہ ہے کہ ایک سو ستاسی میل لمبی پٹڑی کی مکمل تجدید اور نوے میل پٹڑی پر پرانے سلیپروں کی جگہ نئے سلیپروں کی تنصیب پیش نظر ہے کراچی سے لالہ موسی تک ۹۰ پاؤنڈ کی جگہ ۱۰۰ پاؤنڈ کی آہنی لائن بچھا کر پٹڑی کی تجدید اور مضبوطی ور متعدد برانچ لائنوں پر پٹڑی کی بحالی اور پائیداری کے کام بھی اس پروگرام میں شامل ہیں - مین لائن کے اس حصے پر جہاں ۱۰۰ پاؤنڈ کی لائن بچھائی جاچکی ہے جڑی ہوئی طویل آہنی لائن مہیا کرنے کا کام بھی آگے بڑھ رہا ہے، جس سے نہ صرف مسافروں کے لئے ریلوے کی سواری زیادہ آرام دہ بن جائے گی بلکہ اصلاح و درستی کے اخراجات میں کمی بھی ہوگی اور پٹڑی اور گاڑیوں کی پائیداری میں اضافہ ہو گا سولہ لاکھ روپے سے کچھ زائد کے سرمایہ کی لاگت سے پری اسٹریسڈ کنکریٹ کے سلیپر بنانے کا کارخانہ قائم ہونے کا ابتدائی کام مکمل ہو چکا ہے یہ کارخانہ ۱۹۶۶ء کے وسط میں کام کرنا شروع کر دے گا پہلے سال میں اس کارخانہ کی سالانہ پیداوار اسی ہزار سلیپر ہو گی، جو کہ آئندہ سالوں میں دو لاکھ سالانہ تک پہنچ جائے گی -

انجینئرنگ اور تعمیرات کے مجوزہ کاموں کے تحت سگنلنگ کے تجدد اور سٹیشن یارڈوں کی توسیع اور رد و بدل کے ذریعے ریلوے لائن کی استعداد بڑھانے والے کام پروگرام میں شامل کئے گئے ہیں، جن سے گاڑیوں کی نقل و حرکت بہتر ہو سکے گی کئی ایسے کاموں کی گنجائش بھی رکھی گئی ہے جو تاجروں کو سامان لادنے اور اتارنے میں مزید سہولتیں فراہم کرنے سے متعلق ہیں سگنلنگ کی تجدید کی غرض و غایت یہ ہے کہ مصروف قطعوں پر ریلوے لائن کی استعداد میں اضافہ ہو، تا کہ ان قطعوں پر روز بروز بڑھتے ہوئے نقل و حمل کے تقاضوں کو خوش

اسلوبی سے پورا کیا جا سکے ۔ اس ضمن میں تجویز ہے کہ منڈرہ، گوجرخاں اور سرائے عالمگیر کے سٹیشنوں پر درجہ نبر ۳ کی سگنلنگ مہیا کی جائے اور سکھر سے جیکب آباد ، چک جھمرہ سے سانگلاھل، لالہ موسیٰ سے چک لالہ اور خانیوال سے لودھران کے قطعوں پر بلا ٹوکن بلاک کا طریق کار اختیار کیا جائے اس کے علاوہ مین لائن کے منٹگمری سے رائے ونڈ اور شاھدرہ سے لالہموسیٰ کے قطعوں کے سٹیشنوں کے داخلی سگنلوں (Home Signals)کی درمیانی لائنوں میں بجلی کے ذریعہ سگنلنگ کا انتظام کیا جا رہا ہے سماسٹہ میں گاڑیوں کو ترتیب دینے کے لئے مشینی یارڈ بنانے کی سکیم بھی مکمل کی جائے گی ۔ اس امر کی گنجائش بھی رکھی گئی ہے ، کہ سکھر ، نوشہرہ ، لاڑکانہ ، گوجرانوالہ ، سبی ، راولپنڈی لالہموسے اور بادامی‌باغ کے سٹیشنوں پر یارڈ کی ساخت میں تجدید کا کام شروع کردیا جائے ۔ حیدرآباد ، ملتان چھاؤنی اور وزیرآباد میں‌سطح لائن پر زیادہ مصروف پھاٹکوں کی جگہ اوپر سے گزرنے والی سڑکوں کے لئے پلوں کی تعمیر کا کام تسلی بخش طور پر آگے بڑھا ہے ایسے ھی دو مزید پلوں کی‌تعمیر کی گنجائش اگلے مالی سال میں رکھی گئی ہے ان میں سے ایک پل سکھر اور دوسرا گوجرانوالہ میں تعمیر کیا جائے گا ۔ کارخانوں کی سہولتوں کی بحالی اور توسیع کا ایک پروگرام بھی پیش نظر ہے مثلاً مغلپورہ کے مرکزی کارخانے کو وسیع تر اور متوازن بنانا اور سٹیل شاپ مغلپورہ کی تجدید چونکہ بجلی کے ڈیزل انجنوں کی مرمت اور صفائی وغیرہ کے لئے راولپنڈی کی ڈیزل ورکشاپ کے قیام کا پہلا اور دوسرا مرحلہ مکمل ہو چکا ہے لہذا تیسرے مرحلہ میں اس ورکشاپ میں توسیع کا کام پروگرام میں شامل کر لیا گیا ہے تاکہ لائن پر مصروف کار تین سو انجنوں کی مرمت اور صفائی کی استعداد پیدا کی جاسکے ۔

۱۹ ۔ مسافروں کے لئے آسائشی انتظامات اور عملے کی بہبود ۔ تمام ریلوے سٹیشنوں پر بنیادی آئش فراہم کرنے کے مقصد کی تکمیل کے تحت مسافروں اور عوام کو آسائش مہیا کرنے کے کام پر اس وقت سے متواتر عمل کیا جارہا ہے جب سے ریلوے صوبائی تحویل میں آئی ہے ۔ ہمارے محدود مالی وسائل پر مطالبات کے شدید بار کے باوجود یہ ارادہ ہے کہ اس پروگرام پر عمل جاری رکھا جائے بعض مسافر گاڑیوں میں نچلے درجوں میں ہجوم کی وجہ سے جو مسافروں کو جن مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے مجھے ان کا پورا احساس ہے جس حد تک ممکن ہو سکتا ہے ، مسافر گاڑیوں میں ہجوم کم کرنے کے لئے مناسب تدبیریں کی جارہی ہیں ۔ ان تدابیر میں نئی مسافر گاڑیوں کا اجراء اور موجودہ گاڑیوں میں ڈبوں کا اضافہ شامل ہیں ۔ نچلے درجہ کے مسافروں کے لئے خصوصاً اور ریلوے سے مستفید ہونے والے دوسرے لوگوں کے لئے عموماً زیادہ سہولتیں بہم پہنچانے اور دوران سفر ان کے معیار آسودگی میں اضافہ کرنے کی ضرورت پر مناسب توجہ دی جارہی ہے عملے کی بہبود کے کاموں کو بھی نظر انداز نہیں کیا گیا ۔ مسافروں کو بہتر سہولتیں مہیا کرنے کی نئی سکیمیں جو سال آئندہ کے دوران میں شروع کی جائیں گی، ان کی لاگت ایک کروڑ روپے ہے , جس میں سے بیالیس لاکھ روپے آئندہ سال میں خرچ ہوں گے ۔ عملے کی بہبود کی نئی سکیموں پر اکیاسی لاکھ روپے سے زیادہ کی رقم خرچ ہو گی ۔ ان کے علاوہ جاری سکیموں پر بھی خرچ ہوگا ۔ ان میں سے مسافروں کی آسائش سے متعلق سکیموں پر نو لاکھ بیس ہزار روپے اور عملے کی بہبود سے متعلق سکیموں پر چھیالیس لاکھ اکتیس ہزار روپے کے مصارف ہوں گے ۔ علاوہ ازیں ان مدوں پر اخراجات کے لئے تخمینہ جات

محاصل میں سے پنتیس لاکھ روپے کی رقم رکھی گئی ہے ۔ مجموعی طور پر سال آئندہ میں مسافروں کے لئے آسائشوں اور عملے کی بہبود کی سکیموں پر گذشتہ سال کے تخمینہ جات میزانیہ میں فراہم کردہ ایک کروڑ اسی لاکھ روپے کے مقابلے میں کل اخراجات دو کروڑ چودہ لاکھ روپے ہوں گے ۔

مسافروں کے لئے آسائشیں فراہم کرنے کی نئی سکیمیں ان کاموں میں شامل ہیں ۔ چونتیس سٹیشنوں کے پلیٹ فارموں پر دھوپ اور بارش وغیرہ سے بچاؤ کے لئے چھتوں کی فراہمی اٹھائیس سٹیشنوں پر پلیٹ فارم بنانا , سینتیس سٹیشنوں پر نچلے درجے کے مسافروں کے لئے مسافر خانے تعمیر کرنا، اکیس سٹیشنوں پر مسافروں کے لئے اور سترہ سٹیشنوں پر تاجروں کے لئے انتظار گاہیں بنانا ۔ چالیس سٹیشنوں پر پینے کے لئے پانی ٹھنڈا کرنے کی مشینیں لگوانا تیرہ سٹیشنوں پر معیاری اور فلش سسٹم سے آراستہ بیت الخلاء تعمیر کرنا , پانچ سٹیشنوں پر آرام گاہیں ۔ (retiring rooms) بنانا چھ سٹیشنوں پر لائن عبور کرنے کے لئے پل بنانا اور متعدد سٹیشنوں پر بجلی کی سہولتیں مہیا کرنا ۔

عملے کی بہبود کی نئی سکیموں کی تفصیل یہ ہے ۔ دو سو اکیانوے درجہ سوئم کے اور سات سو اٹھاسی درجہ چہارم کے سٹاف کوارٹرز تعمیر کرنا ، انیس سٹیشنوں پر ریلوے عملہ کے بچوں کے لئے تعلیم کی سہولتیں فراہم کرنا ، تیرہ سٹیشنوں پر طبی سہولتیں مہیا کرنا ، پانچ سٹیشنوں پر عملے کے لئے آرام گاہیں (Rest Houses) بنانا ، چار سٹیشنوں پر رننگ روم (Running Room) بنانا ، آٹھ سٹیشنوں پر ادنیٰ درجے کی آرام گاہیں (Rest Shelters) تعمیر کرنا ، نو سٹیشنوں پر کھانے پینے کی کنٹینیں چلانا ، نو سٹیشنوں پر بنگلوں کی نئی تعمیر یا ان میں پرانے سامان کی تبدیلی کرنا ، گیارہ سٹیشنوں پر پانی ٹھنڈا

کرنے کی مشینوں کا لگوانا ، سات سٹیشنوں پر کاب اور انسٹی ٹیوٹ قائم کرنا اور متعدد سٹیشنوں پر بجلی اور دیگر سہولتیں فراہم کرنا ۔

۲۰ ۔ عملے اور انتظامیہ کے باہمی تعلقات ۔

میں یہ کہتے ہوئے خوشی محسوس کرتا ہوں کہ عملے اور انتظامیہ کے باہمی تعلقات سال بھر خوشگوار رہے ۔

۲۱ ۔ جناب والا ۔ اس موقعہ پر میں ریلوے کے افسران اور عملہ کی محنت اور جانفشانی کی تعریف کرنا چاہتا ہوں ۔ اپنے فرض کی ادائیگی میں ان کا انہماک اور ان کے احساس ذمہ داری کے بغیر ریلوے کے لئے خدمت عامہ کا بلند معیار بر قرار رکھنا ممکن نہیں ہو سکتا تھا ۔ وزیر متعلقہ کی حیثیت سے میری یہ مسلسل کوشش رہے گی کہ ریلوے کی انتظامیہ کو مسافروں اور تجارت و صنعت کی ضروریات کی جانب اور زیادہ متوجہ کر سکوں اس کاوش میں یہ احساس میرے لئے بے حد حوصلہ افزا ہو گا کہ مجھے اس ایوان کی حمایت اور رہنمائی اور حکومت کے دیگر سرکاری محکموں کا تعاون حاصل ہے ۔

جناب والا ۔ گذشتہ چند برسوں میں ریلوے نے قابل ذکر ترقی کی ہے ، ہم صدر مملکت کے مرہون منت ہیں، جن کی دوراندیشی اور قومی تعمیر کے لئے مسلسل جد و جہد اس ہمہ جہت ترقی کی بنیاد بنیں جس سے ریلوے نے بھی استفادہ کیا حسن کارگردگی کے اعلیٰ ترین معیار کو قائم رکھنے پر ان کا پیہم اصرار ہماری تمام کوششوں کے لئے مشعل راہ بنا رہا ۔ یہ بھی ہماری انتہائی خوش بختی ہے کہ جناب گورنر صاحب کی مدبرانہ رہنمائی ہمیں حاصل ہے جن کی پر عزم قوت عمل اور حسن انتظام پر متواتر توجہ سے ریلوے نے بھی تعمیر و ترقی میں قابل قدر مقام حاصل کیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ میں ممبران کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ صبح ہم نے دو ریزولیوشن پاس کئے تھے ۔ ایک مشرقی پاکستان

کے سیلاب زدگان کی امداد کے لئے اور دوسرا بی - آئی - اے کے حادثہ میں شکار ہونے والوں کے پسماندگان کی امداد کے لئے - میں نے اپنی جانب سے ایک دن کی تنخواہ دیکر حساب کھول دیا ہے - اب سب صاحبان سے استدعا ہے کہ وہ ایک ایک دن کی تنخواہ اور الاؤنس جمع کرا دیں تاکہ وہ رقوم بھجوا سکیں -

The House stands adjourned for Monday to meet at 8·00 a.m.

The Assembly then adjourned till 8·00 a.m. on Monday, the 14th June, 1965.

3482 PLA—600—SGPWP Lahore

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FIRST SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Monday, the 14th June, 1965.

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 9-00 a.m. of the Clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi, (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَفَمَنْ يَّعْلَمُ اَنَّمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ اَعْمٰى اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ الَّذِيْنَ يُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَلَا يَنْقُضُوْنَ الْمِيْثَاقَ ۝ وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُوْنَ سُوْٓءَ الْحِسَابِ ۝ وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ۝

(پ ۱۳ — س ۱۳ — ع ۹ — آیات ۱۹ تا ۲۲)

بھلا جو شخص یہ جانتا ہے کہ جو کچھ تمہارے پروردگار کی طرف سے تم پر نازل ہوا ہے وہ حق ہے وہ اس شخص کی طرح ہو سکتا ہے جو اندھا ہے (دراصل) سمجھتے تو وہی ہیں جو عقل مند ہیں۔ جو اللہ کے عہد کو پورا کرتے ہیں اور قول و قرار کو نہیں توڑتے اور جن (رشتوں) کو اللہ نے جوڑنے کا حکم دیا ہے اُن کو جوڑے رکھتے ہیں۔ اور اپنے پروردگار سے ڈرتے رہتے اور برے حساب سے خوف رکھتے ہیں۔ اور جو لوگ پروردگار کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے (مصائب پر) صبر کرتے ہیں۔ اور نماز قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے اُن کو دیا ہے اُس میں سے پوشیدہ اور ظاہر خرچ کرتے ہیں اور اچھائی کے ذریعہ برائی کو دور کرتے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن کے لئے عاقبت کا گھر ہے۔

وما علینا الا البلاغ

ANNOUNCEMENTS

PANEL OF CHAIRMEN

Mr. Speaker: There are two announcements.

Secretary: As required by Rule 5 of the National Assembly of Pakistan Rules of Procedure as adopted for regulating the procedure of the Provincial Assembly of West Pakistan, the Speaker of the Provincial Assembly has been pleased to nominate the following Members of the Assembly to form the Panel of Chairmen in the order of priority for the current session of the Assembly:—

1. Khan Muhammad Yousaf Khan.
2. Makhdum Hameed-ud-Din.
3. Pir Qurban Ali.
4. Nawabzada Rahim Dil Khan.

HOURS OF SITTING OF THE ASSEMBLY

Secretary: In pursuance of Rules 17 and 18 of the Rules of Procedure of the National Assembly of Pakistan as adopted for regulating the procedure of the Provincial Assembly of West Pakistan, Mr. Speaker, has been pleased to direct that with effect on and from the 14th day of June, 1965, the Assembly shall meet on all week days (except Sundays and holidays) and that the sittings of the Assembly shall ordnarily commence at 8-00 A.M. each day and conclude at 12.00 Noon on Fridays and 1-00 P.M. on other days.

The Speaker has further been pleased to direct that there will be a second sitting of the Assembly on 15th June, 1965, which shall commence at 8.00 P.M.

ORDINANCES LAID ON THE TABLE

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Sir, I beg to lay on the Table the following Ordinances:—

(1) The Land Acquisition (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1965.

(2) The West Pakistan Regulation and Control of Loudspeakers and Sound Amplifiers Ordinance, 1965.

(3) The Quetta and Kalat (Civil and Criminal Law) Ordinance, 1965.

(4) The Railways (Transport of Goods) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1965.

(5) The Essential Personnel (Registration) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1965.

(6) The Karachi Control of Disorderly Persons (Amendment) Ordinance, 1965.

(7) The Sind Co-operative Societies (West Pakistan Amendment) Ordinane, 1965.

(8) The Road Transport Corporation (West Pakistan) Removal of Undesirable Employees Ordinance, 1965.

(9) The West Pakistan University of Engineering and Technology (Amendment) Ordinance, 1965.

(10) The West Pakistan Employees, Social Security Ordinance, 1965.

(11) The West Pakistan Provincial Assembly (Allowances of Members) (Amendment) Ordinance, 1965.

(12) The West Pakistan Agricultural University (Amendment) Ordinance, 1965.

(13) The West Pakistan Seeds and Fruit Plants Ordinance, 1965.

(14) The West Pakistan Government Servants Benevolent Fund (Amendment) Ordinance, 1965.

(15) The Industrial Disputes (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1965.

(16) The West Pakistan Co-operative Development Board (Amendment) Ordinance, 1965.

(17) The West Pakistan Consolidation of Holdings (Amendment) Ordinance, 1965.

(18) The Motor Vehicles (Validation of Fees) Ordinance, 1965.

(19) The West Pakistan Motor Vehicles Ordinance, 1965.

(20) The West Pakistan Arms Ordinance, 1965.

(21) The West Pakistan Urban Rent Restriction (Amendment) Ordinance, 1965.

(22) The West Pakistan Control of Goondas (Amendment) Ordinance, 1965.

(23) The Canal and Drainage (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1965.

ELECTION OF MEMBERS FOR THE PAKISTAN WESTERN RAILWAY LOCAL ADVISORY COMMITTEE.

Minister of Railways (Mr. Muhammad Hayat Tuman): Sir, I beg to move:

That the Provincial Assembly of West Pakistan do elect six of its members through simple majority vote to represent the House on the Pakistan Western Railway Local Advisory Committee—four on the Lahore Committee and two on the Karachi Committee—against the seats reserved for the members of the Provincial Assembly.

Mr. Speaker: I think there is no opposition to it.

Motion moved, the question is:

That the Provincial Assembly of West Pakistan do elect six of its members through simple majority vote to represent the House on the Pakistan Western Railway Local Advisory Committee—four on the Lahore Committee and two on the Karachi Committee—against the seats reserved for the members of the Provincial Assembly.

The motion was carried

Mr. Speaker: The motion is carried unanimously.

I will fix the date for the election later on.

ORDINANCES

THE LAND ACQUISITION (WEST PAKISTAN AMENDMENT) ORDINANCE 1965

Mr. Speaker: Next motion :

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Sir, I beg to move: —

That the Assembly do approve of the Land Acquisition (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 13th February, 1965.

Mr. Speaker: The motion moved is :

That the Assembly do approve of the Land Acquisition (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 13th February, 1965.

Is there any opposition?

Khawaja Muhammad Safdar: Sir, I oppose it.

Minister of Law: Sir, consistently with the ruling of the Speaker, it is necessary to say a few words in support of this resolution. By the present amending Ordinance only 2 sections of the existing Land Acquisition Act have been amended. They are sections 17 and 41. Before this amending Ordinance, Section 17 dealt with acquisition of land which then as it stood meant the "waste and arable" land which in an emergency could be acquired by the Commissioner of the Division concerned. By the present amending Ordinance buildings have also been included and to that end the words 'waste and arable' land have been deleted and instead the word 'land' has been used and the power is now vested with the Government instead of the Commissioner. Likewise the powers have been vested in the Government to acquire land for the purpose of raising any building for a statutory corporation or a company. My submission is this that this amending Ordinance has enlarged the scope of the law as it stood before this Ordinance was issued and that no substantial change has been made. On the contrary the power to acquire land in an emergency before the compensation is paid by the Land Acquisition Collector to the person concerned has been withdrawn from the Commissioner and it now vests in the Government. I request the House to unanimously pass this resolution.

Mr. Speaker: Yes, Khawaja Sahib.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - نئی اسمبلی کا آغاز ہے - اور اس سے پیشتر کہ میں موضوع زیر بحث کے متعلق اپنی گذارشات آپ کے توسل سے اس معزز ایوان کے سامنے پیش کروں - مجھے ایک شکایت کا اظہار کرنا ہے - روحانی شکایات تو بہت ہیں لیکن ان کے بیان کرنے کا تو یہ موقع نہیں ہے - وہ تو اللہ تعالیٰ ان کے اور میرے درمیان آخرت میں فیصلہ کریں گے کہ کون سچا ہے اور کون غلط ہے -

وزیر تعلیم - شکایت پرانی ہے یا نئی ؟

(اس مرحلہ پر ملک قادر بخش نے مداخلت کی)

خواجہ محمد صفدر - میاں محمد یاسین صاحب وٹو اور میرے درمیان بات ہو رہی ہے - ملک قادر بخش صاحب نے یہ سمجھا ہوا ہے کہ وہ اب بھی منسٹریل بنچوں پر بیٹھے ہوئے ہیں -

وزیر تعلیم - میں نے پوچھا تھا شکایت پرانی ہے یا نئی ؟

خواجہ محمد صفدر - شکایت بالکل نئی ہے - اور اگر یہ میری سمجھ کی غلطی ہے تو میں اس کے لئے معذرت خواہ ہوں - وہ شکایت یہ ہے (اور وہ آپ کی ذات سے ہے) کہ اس سے پہلے بجٹ سیشن کا پروگرام تیار کرتے وقت آپ اور آپ کے پیش رو ہمیشہ اس ایوان کے دونوں حصوں کو اعتماد میں لیا کرتے تھے - کم از کم ان سے مشورہ تو ضرور کر لیا کرتے تھے - مجھے یہ معلوم نہیں کہ آپ نے حزب اقتدار سے کوئی مشورہ کیا ہے یا نہیں - لیکن میں اپنی جانب سے کہتا ہوں کہ مجھے اس کا کوئی علم نہیں ہے -

جناب والا - میرے نقطۂ نظر سے بجٹ کا پروگرام اس قدر ناقص ہے کہ اس سے اس ایوان کو خاص دقت درپیش ہے - مثال کے طور پر آپ نے ان قواعد و ضوابط کا بالکل خیال نہیں کیا جن کے ماتحت ہم نے یہاں کام کرنا ہے - کل ہم ضمنی بجٹ پر بحث کرنے والے ہیں جو گذشتہ دن یعنی ہفتہ کے روز

شام کے وقت وزیر خزانہ نے اس معزز ایوان میں پیش کیا۔ ہمیں تحاریک تخفیف پیش کرنی ہیں جس کے لئے ہمیں دو واضح دن کا نوٹس دینا ہوگا . . . . .

مسٹر سپیکر۔ خواجہ صاحب میں یہ پوچھتا ہوں کہ اس آرڈیننس کے متعلق شکایت ہے یا آج کی کارروائی کے متعلق کوئی شکایت ہے یا کل کی کارروائی کے متعلق کوئی شکایت ہے۔

خواجہ محمد صفدر۔ جناب والا۔ جو کل ہوگا اور جو کل گذر چکا ہے یعنی جو کارروائی گذشتہ ہفتہ کے روز ہوئی ہے اور جو کل منگل کے روز ہوگی۔

میں یہ عرض کر رہا تھا کہ رولز کے مطابق تحریک تخفیف پیش کرنے کے لئے دو واضح دن کا نوٹس ضروری ہے۔ ضمنی بجٹ کے متعلق جو قواعد ہیں جو جنرل بجٹ کے متعلق ہیں صرف as far as possible کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ ورنہ ضابطہ وہی ہے۔ اگر میں آپ کے دفتر کو خصوصیت سے درخواست نہ کرتا تو ہماری تحاریک تخفیف لینے کے لئے دفتر میں کوئی موجود نہ ہوتا۔ کل باوجود تعطیل کے بھی آپ کے دفتر والوں نے ازراہ نوازش دفتر کھلا رکھا۔ لیکن وہ تحاریک تخفیف بھی in order نہیں ہوں گی کیونکہ اتوار کا دن اس میں شامل نہیں ہو سکتا۔ ساری تحاریک تخفیف زر منگل کے دن پیش نہیں ہو سکتیں۔

جناب والا۔ دوسری بات یہ ہے کہ یہاں ایک روایت چلی آتی ہے کہ بجٹ پیش کرنے کے بعد ممبران کو دو دن اس کی تیاری کے لئے دیئے جاتے ہیں۔ آج کا دن اگر خالی رکھ لیا جاتا

اور آرڈیننسوں پر بحث نہ ہو تو آرڈیننس کالعدم نہیں ہو رہے تھے ۔ آرڈیننسز ۳۰ تاریخ کو بھی زیر بحث آ سکتے ہیں ۔ بہر حال اس کے متعلق آئندہ خیال رکھنے کی زحمت گوارا فرمائیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ اگر آپ مناسب سمجھیں تو میں ابھی جواب دے دوں ۔ جہاں تک خواجہ صاحب کی اس بات کا تعلق ہے کہ آج کا دن میں نے رکھا ہے اس لئے ہم تیاری نہیں کر سکتے اس کے متعلق عرض ہے کہ آج کا دن سرکاری کارروائی کا ہے ۔ Order of the day کا فیصلہ وزیر قانون صاحب سیکرٹری صاحب کے مشورہ کے ساتھ کرتے ہیں ۔ جہاں تک آج کے دن کو spare کرنے کا تعلق ہے وہ میرے اختیار میں نہیں ہے ۔ جہاں تک اس امر کا تعلق ہے کہ تحاریک تخفیف کے لئے دو دن دیئے جانے چاہئیں تھے یعنی اتوار اور سوموار کو دو دن کا نوٹس ہونا چاہئے تھا ۔ اگر آج بھی کوئی کٹوتی کی تحریک آئے جس پر اس بناء پر اعتراض کیا جا سکتا ہو تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اسے نامنظور نہیں کیا جائے گا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ شام کو بجٹ پیش ہو اور ہم سے یہ توقع کرنا کہ ہم یہاں اسی وقت کٹوتی کی تحریک پیش کر دیں میرا خیال ہے کہ یہ توقع رکھنا ہم سے زیادتی ہے ۔ ہماری ہمت اتنی نہیں ہے ۔

بہر حال اب میں اس مسئلہ کو چھوڑتے ہوئے اصل مسئلہ کی طرف آتا ہوں ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ آج ہماری اسمبلی شاید وہ کام کرے جس کے لئے یہ اسمبلی معرض وجود میں آئی ہے ۔ یعنی قانون سازی کرے ۔ یہاں میرے تمام معزز

دوست جو اس معزز ایوان کے معزز رکن ہیں وہ بڑی اچھی طرح سے جانتے ہیں کہ یہ اسمبلی کن اغراض کے لئے ، کن مقاصد کے لئے ، اور کون سے کام سرانجام دینے کے لئے معرض وجود میں لائی گئی ہے اور کیوں اس اسمبلی کے اراکین پر اور خود اس اسمبلی کی maintenance پر عوام کے خزانہ سے لاکھوں روپیہ صرف ہوتے ہیں ۔ مختصراً یہ کہ اس اسمبلی کا سب سے بڑا اور اولین فرض یہ ہے کہ وہ اس صوبہ کے پونے پانچ کروڑ انسانوں کے لئے سوچ سمجھ کر اور عقل و فراست سے کام لے کر عوام کی بھلائی اور بہبودی کے لئے قانون سازی کرے ۔ یہ اسمبلی اس لئے بلائی گئی ہے کہ وہ یہ دیکھے کہ موجودہ قوانین اس قسم کے تو نہیں ہیں کہ ان سے عوام کی بھلائی کی بجائے انہیں نقصان پہنچتا ہے ۔ اور یہ اسمبلی دیکھے کہ مغربی پاکستان میں بسنے والے احباب کی بہتری کے لئے ، ان کی بھلائی کے لئے ، ان کی ترقی کے لئے ، ان کی بہبود کے لئے جو قوانین ضروری ہیں وہ اس ایوان میں پیش کئے جائیں ۔ ان پر بحث و تمحیص ہو ۔ اور انہیں پاس کیا جائے اور نافذ کیا جائے ۔ اس اسمبلی کے ذمے ایک اور اہم فریضہ بھی ہے ۔ جس کا ذکر اگر میں کروں تو شاید غلط فہمی پیدا ہو ۔ وہ یہ ہے کہ اس صوبہ کے آمد و خرچ پر کنٹرول کیا جائے ۔ بجٹ یہاں پیش ہو ۔ اس کو منظور کیا جائے یا اس کو نا منظور کیا جائے ۔ بہرحال موضوع زیر بحث سے یہ دونوں فرائض اس وقت غیر متعلقہ ہیں اس لئے موزوں اور مناسب وقت پر میں اس اسمبلی کے دونوں فرائض کے متعلق اپنی گذارشات پیش کروں گا ۔ بہرحال میرے نزدیک ریزولیوشن پاس کرنا ، آرڈیننری موشن لانا اور اس قسم کے دوسرے سوالات پوچھنا وغیرہ یہ تمام

ضمنی چیزیں ہیں - اس اسمبلی کی اصل غرض یہ ہے کہ یہ قانون سازی کرے - ہم سے آئین کے مطابق بھی یہ توقع کی جاتی ہے کہ یہ قانون سازی کرے - اب ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ کیا ہم اپنے فرائض کو سرانجام دے رہے ہیں - کہیں ایسا تو نہیں کہ ہمیں اپنے فرائض کی بجاآوری سے روکا جا رہا ہے - کہیں ایسا تو نہیں کہ ہمارا یہ حق ہم سے چھینا جا رہا ہے - میری رائے میں یہ فرض اور یہ اختیار اور یہ حق اس اسمبلی کو نہیں رہا - اور اس سے پہلی اسمبلی کو بھی نہیں تھا - اور آج ہی محترم وزیر قانون صاحب نے اس بات کو ثابت کر دیا ہے کہ اگر سابقہ اسمبلی کو یہ حق نہیں تھا کہ وہ قانون سازی کرے تو اس اسمبلی کو آئندہ یہ حق حاصل نہ ہوگا کہ وہ قانون سازی کرے - آئین کے تحت دیئے گئے اختیارات اس طور پر ہم سے غصب کئے جا رہے ہیں - کہ موجودہ آئین کو غلط طور پر استعمال کیا جا رہا ہے اور جو حلف انہوں نے اور ہم نے بھی اٹھایا ہوا ہے اس کی خلاف ورزی کی جا رہی ہے - حالانکہ اس آئین کا احترام کرنے اس کو Defend کرنے اور اس کو preserve کرنے کا حلف انہوں نے اٹھایا ہوا ہے - لیکن شاید Defend کرنے کا انہوں نے یہ مطلب لے لیا ہے کہ اس کو defeat کیا جائے اور حلف اٹھانے کے بعد اس کے پرخچے اڑا دیئے جائیں -

جناب والا - عام طریق کار جس کا قانون سازی کے متعلق دنیا بھر کے ممالک میں رواج ہے (میرا مطلب جمہوری ممالک سے ہے) وہ یہ ہے کہ گورنمنٹ کی طرف سے یا انفرادی طور پر اراکین کی طرف سے مجالس قانون کی جانب سے Bills یعنی

مسودات قانون ایوان میں پیش کیا جاتا ہے اور اگر ایوان میں اسے پیش کرنے اور اس پر غور کرنے کی اجازت مل جائے تو اس مسودہ قانون کو مجلس قائمہ کے سپرد کر دیا جاتا ہے تاکہ تھوڑے سے ارکان اور افراد زیادہ وقت دے کر زیادہ سوچ بچار کرنے کے بعد اس مسودہ قانون کے نقائص کو رفع کر سکیں اور اپنی رپورٹ کے ساتھ اس مسودہ قانون کو ایوان میں دوبارہ پیش کر دیا جاوے۔ اس مسودہ قانون پر تین مراحل میں ایوان میں بحث کی جاتی ہے پہلا مرحلہ تو عمومی بحث کا ہوتا ہے۔ دوسرے مرحلے میں اگر کوئی ترامیم پیش کی گئی ہوں تو وہ زیر بحث آتی ہیں۔ اگر ایوان کو وہ ترامیم منظور ہوں تو ان کو مسودہ قانون میں شامل کر کے یا اگر کوئی ترمیم نہ ہوئی ہو تو اس مسودہ قانون کو بجنسہ ایوان میں پیش کر کے اس پر بحث کی جاتی ہے اور پھر اس کو ایوان کی منظوری سے قانون کی شکل دے دی جاتی ہے۔ اس معروف طریقے کے ساتھ ساتھ emergency کی صورت میں ہنگامی حالات میں آرڈیننس یا ہنگامی قانون نافذ کرنے کا اختیار ہے اور مجھے اعتراف ہے کہ عام جمہوری ممالک میں حکمرانوں کو ہوتا ہے۔ اور ہمارے آئین میں ایک شق اس کے بارے میں موجود ہے کہ سربراہ مملکت یا اس کے نائبین کو ہنگامی حالات میں قانون بنانے اور اس کو نافذ کرنے کا اختیار ہے جسے اردو میں ہنگامی قانون اور انگریزی میں آرڈیننس کہتے ہیں۔ اس کے نام سے ہی آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ ایسا قانون عام حالات میں نافذ کرنے کے اختیارات کسی سربراہ مملکت یا اس کے کسی نائب کو حاصل نہیں ہیں۔

جناب والا ۔ میں اس ایوان کے سامنے اگر متعلقہ آرٹیکل پیش کر دوں تو زیادہ مناسب ہوگا ۔

This is Article 79 of the Constitution :

" If, at a time when the Assembly of a Province stands dissolved or is not in session, the Governor of the Province is satisfied that circumstances exist which render immediate legislation necessary, he may, subject to this Article, make and promulgate such Ordinances as the circumstances appear to him to require, and any such Ordinance shall, subject to this Article, have the same force of law as an Act of the Provincial Legislature. "

جناب والا ۔ میں نے بڑے غور سے محترم وزیر قانون صاحب کی تقریر دل پذیر سنی ہے ۔ انہوں نے ہرگز اس ایوان کو یہ نہیں بتایا کہ وہ کون سے حالات تھے جن سے مجبور ہو کر ۔ جیسا کہ آرٹیکل ۹۷ میں لکھا ہے ۔ جناب گورنر صاحب نے جناب وزیر قانون کے مشورے پر یہ آرڈیننس نافذ کیا ہے ۔ انہوں نے ہمیں صرف یہ بتایا ہے کہ موجودہ قانون میں یہ بہتری ہو جائے گی ۔ لیکن یہ تو ہم بعد میں دیکھیں گے کہ وہ بہتری کیا ہے ۔ پہلے تو ہمیں اس کا جواز بتاتے کہ یہ جائز کس طرح سے ہے ۔ اس موقع پر ہنگامی قانون بنایا جائے ۔ اس کے بعد انہیں ہمیں یہ بتانا چاہیئے کہ اس میں فلاں خوبی ہے ۔ اس لئے اسے نافذ کیا گیا ہے ۔ جب تک وہ ہمیں اس کا جواز نہ بتائیں گے ۔ کم از کم میں تو یہ سمجھنے اور سوچنے پر مجبور ہوں گا کہ ان کے پاس اس آرڈیننس کے نفاذ کی کوئی وجہ جواز نہیں ۔ جناب وزیر قانون نے محض اس اسمبلی کے اختیارات کو غصب کرنے کی غرض سے جناب گورنر صاحب کو یہ مشورہ دیا کہ وہ یہ آرڈیننس نافذ کریں ۔

جناب والا ۔ اگر ان کے پاس کوئی وجہ جواز نہیں ۔ تو

میں یہ بات اس معزز ایوان کے معزز اراکین کی خدمت میں عرض کرنے میں اپنے آپ کو حق بجانب سمجھتا ہوں کہ یہ ہنگامی قانون بلا وجہ اس ایوان کے سامنے پیش کیا گیا ہے۔ لہذا وہ اس ہنگامی قانون کو مسترد کر دیں۔ کیونکہ اس ایوان کے وقار کو برقرار رکھنے اور اپنے حقوق کی حفاظت کے لئے انہیں assert کرنا ہوگا۔

جناب والا۔ حکومت کی طرف سے یہ کہا جائے گا کہ ہمارے آئین میں کوئی ایسی پابندی نہیں جس کی بناء پر ہم اس آرٹیکل ۷۹ کو استعمال نہ کریں۔ میرا یہ جواب ہے کہ آرٹیکل ۷۹ مخصوص اور صرف مخصوص حالات میں استعمال کے لئے ہی اس آئین میں رکھا گیا ہے۔ اور عام حالات میں اس کا استعمال ناجائز ہے۔

جناب والا۔ بات صرف یہیں تک ہوتی تو شاید کچھ طبیعتیں صبر کر جاتیں۔ اب آپ اس دفعہ ۷۹ کی تحتی دفعہ (۳) ملاحظہ فرمائیں جو میں آپ کے سامنے پڑھ دیتا ہوں۔

"If, before the expiration of the prescribed period, the Assembly of the Province, by resolution, approves of the Ordinance, the Ordinance shall be deemed to have become an Act of the Provincial Legislature, but if, before the expiration of that period, the Assembly of the Province, by resolution, disapproves of the Ordinance, it shall cease to have effect, and shall be deemed to have been repealed, upon the passing on the resolution."

جناب والا۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس اسمبلی کے اختیارات کو اس آئین کے ذریعے کس طرح محدود کیا جا رہا ہے۔ اور کیا گیا ہے۔ اور عملی صورت میں جو اختیارات اس اسمبلی کو اب آئین نے دئے ہوئے ہیں۔ ان کو کس طرح غصب کیا جا رہا ہے۔ بہر حال محدود اختیارات کے ضمن میں میں اس

سب آرٹیکل ۳ کی طرف آپ کی اور اس معزز ایوان کے معزز اراکین کی توجہ دلاتا ہوں۔ اس میں کوئی شک نہیں۔ جیسا کہ میں نے پہلے بھی تسلیم کیا ہے کہ صرف جمہوری ممالک کے آئینوں کے تحت ان کے سربراہ مملکت اور نائبین کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ ہنگامی قوانین صرف ہنگامی حالات میں ہی نافذ کریں۔ لیکن ساتھ ہی یہ پابندی بھی ہے کہ جونہی اسمبلی کا اجلاس ہو۔ بلکہ اکثر و بیشتر پہلے میعاد مقرر کر دی جاتی ہے کہ اتنے عرصے کے اندر اندر اسمبلی کا اجلاس ہونا لازمی ہے۔ اور اس اجلاس میں وہ ہنگامی قانون پیش کیا جائے۔ میں نہایت محدود علم کا انسان ہوں۔ اس لئے میں کوئی دعویٰ سے تو نہیں کہہ سکتا۔ لیکن میرے علم میں کم از کم دنیا کے کسی ملک کا کوئی ایسا آئین نہیں جس میں یہ شق درج ہو کہ کسی ایسے آرڈیننس کو جیسا کہ اس وقت ہمارے سامنے پیش ہوا ہے۔ کہ من و عن اسمبلی پاس کرے یا اسے مسترد کر دے۔ آپ اس کے ایک comma یا full stop کو بھی تبدیل نہیں کر سکتے۔ اس میں اگر غلطیاں ہوں تو اس اسمبلی کے ۱۵۵ اراکین مل کر ان میں سے کسی ایک غلطی کو بھی درست نہیں کر سکتے۔ چنانچہ جس طریق پر جناب وزیر قانون صاحب نے اسے اس ایوان میں پیش فرمایا ہے۔ اس معزز ایوان کو اسی صورت میں بجنسہ اسے قبول کرنا ہوگا یا یہ تمام کا تمام مسترد کرنا ہوگا۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ (میاں محمد یاسین خان وٹو) (خواجہ صاحب کو متوجہ کرتے ہوئے)۔ کیا آپ جنس تبدیل کرنا چاہتے ہیں۔

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - آج کل کئی لوگ جنس تبدیل کر رہے ہیں - ہو سکتا ہے کل کو وٹو صاحب بھی جنس تبدیل کر جائیں - میری مراد یہ ہے کہ ہم اس کی جنس تبدیل کرنا نہیں چاہتے - بلکہ میں تو قانون کا sting یا اس کا ڈنگ نکالنا چاہتا ہوں - اور اس غرض کے لئے اس میں ترمیم کرنا چاہتا ہوں - یہ حق میں اپنے لئے نہیں مانگتا بلکہ اس ایوان کے لئے مانگتا ہوں اور اس بناء پر مانگتا ہوں کہ دنیا کے کسی آئین میں بھی اس قسم کی شق جس سے اسمبلی کے اختیارات کو جکڑ دیا گیا ہو ، محدود کر دیا ہو یا پابند کر دیا گیا ہو موجود نہیں - جناب والا - اس کی متبادل اس قسم کی شق جہاں تک ہنگامی قانون جاری کرنے کا تعلق ہے اس آئین میں بھی موجود تھی - جس کو نافذ ہونے سے پہلے قتل کر دیا گیا - اس قسم کی شق اس آئین میں موجود تھی جو انگریز حاکموں نے ہندوستان کے غلاموں کے لئے تجویز کیا تھا - میرا مقصد ہے گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ۱۹۳۵ء میں یہ شق موجود تھی - انگریز حاکموں نے جن کے ہم غلام رہے ہیں انہوں نے اسمبلیوں کو اتنی سزا دینا مناسب نہیں سمجھا تھا جتنا کہ ہمارے موجودہ حکمران دینا پسند فرما رہے ہیں -

میں گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ۱۹۳۵ء کی وہ شق پیش کر دیتا ہوں تاکہ کوئی شک و شبہ نہ رہے اور جو بات میں عرض کر رہا ہوں اس کے متعلق کسی دوست کو کوئی ابہام نہ رہے - پہلے میں گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ۱۹۳۵ء کی شق ۸۸ جس میں گورنر صاحب یا گورنر صاحبان کو ہنگامی قوانین نافذ کرنے کے اختیارات دئے گئے ہیں آپ کے سامنے پڑھ کر سناتا ہوں -

Power of Governor to promulgate Ordinances during recess of legislature :—

(1) If at any time when the Legislature of a Province is not in session, the Governor is satisfied that circumstances exist which render it necessary for him to take immediate action, he may promulgate such Ordinances as the circumstances appear to him to require :

(Provided that the Governor shall, not, without instructions from the Governor-General, promulgate and such Ordinance if an Act of the Provincial Legislature containing the same provisions would under this Act have been invalid unless, having been reserved for the consideration of the Governor-General, it had received assent of the Governor-General.)

(2) An Ordinance promulgated under this section shall have the same force and effect as an Act of the Provincial Legislature, assented to by the Governor but every such Ordinance :—

(*a*) shall be laid before the Provincial Legislature and shall cease to operate at the expiration of six weeks from the reassembly of the Legislature or, if a resolution disapproving it is passed by the Legislature Assembly, upon the passing of the resolution.

جناب والا۔ اس میں یہ بات نہیں کہ آرڈیننس میں ترمیم نہیں ہو سکتی بلکہ اس آئین کے ذریعہ جو آرڈیننس اسمبلی کے سامنے رکھا جاتا ہے یا پیش کیا جاتا ہے ۔ اسمبلی کو اختیار تھا کہ وہ اسے قبول کرے یا مسترد کرے یا ترمیم کر دے یا جیسا کہ وٹو صاحب نے فرمایا ہے اتنی ترامیم کر دے کہ اس کی جنس تبدیل ہو جاوے ۔ پہلی اسمبلی کو یہ اختیار تھا لیکن اس اسمبلی کو جنس تبدیل کرنے کا اختیار تو کجا اسے ایک comma یا کوئی شوشہ بھی تبدیل کرنے کا اختیار نہیں ۔ جناب والا ۔ اس کے ساتھ ہی میں اس آئین کا حوالہ دینا چاہتا ہوں جسے میں سمجھتا ہوں کہ پیدائش سے پہلے ہی مار دیا گیا ہے ، قتل کر دیا ہے ۔ تاکہ اس پر عمل نہ ہو سکے ۔ اسے ناقابل عمل کیا جا سکے ۔ وہ ہے آرٹیکل ۱۰۲ (۱) ۔

(1) If at any time, except when the Provincial Assembly is in session, the Governor is satisfied that circumstances exist which render immediate action necessary, he may make and promulgate such Ordinances as the circumstances appear to him to require, and any Ordinance so made shall have the like force of law as an Act of the Provincial Legislature, but the power of making Ordinances under this clause shall be subject to the like restrictions as the power of the Provincial Legislature to make laws, and any Ordinance made under this clause may be controlled or suspended by any such Act.

(2) An Ordinance promulgated under clause (1) shall be laid before the Provincial Assembly and shall cease to operate at the expiration of six weeks from the next meeting of the Assembly, or if a resolution disapproving it is passed by the Assembly, upon the passing of that resolution.

جناب والا ۔ ان دو حوالہ جات سے کم از کم یہ بات واضح ہو گئی ہے کہ موجودہ آئین سے قبل اس ایوان کو یہ اختیار حاصل تھا کہ وہ کس آرڈیننس میں ترمیم کر سکے یا تبدیل کر سکے ۔ لیکن آج یہ اسمبلی بے بس ہے اس کے ہاتھ پاؤں جکڑ دیئے گئے ہیں ۔ وہ اس مسئلہ میں کچھ نہیں کر سکتی ۔ اور پھر میرے چند دوستوں نے جنہوں نے آپ کی تقرری پر مبارک باد پیش کرتے وقت یہ فرمایا تھا اس ملک میں جمہوریت ہے ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ یہ اسمبلی مغربی پاکستان کا سب سے بڑا جمہوری ادارہ ہے ۔ لیکن یہاں بھی جمہوریت کو پابجولان کر دیا ہے اور دعویٰ یہ ہے کہ یہاں جمہوریت ہے ۔ اسی پر اکتفاء نہیں ۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یٰسین خان وٹو) ۔ لیکن اسے نامنظور کرنے کے اختیارات تو دیئے گئے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ قانون سازی کے سلسلہ میں اس ایوان کو جو اختیارات دیئے گئے ہیں وہ تو ظاہر ہیں ۔ اور اگر یہ کہا جائے کہ اس اسمبلی پر کوئی پابندی نہیں تو یہ مناسب نہیں ہوگا ۔ حقیقت یہ ہے کہ قانون سازی کے سلسلہ میں اس ایوان پر ہر قسم کی پابندی ہے ۔ مالی معاملات میں جو پابندیاں ہیں ایسی کبھی نہ تو انگریز نے اس ایوان پر لگائی تھیں اور نہ کسی حاکم نے نافذ کی تھیں خواہ اسے کتنا ہی بدبخت کیوں نہ کہیں ۔ اگر انہیں دعویٰ ہے تو دلیل لائیں ۔ اور اس ایوان میں پیش کریں ۔ میرا تو یہ دعویٰ ہے اور میں بلا خوف تردید کہہ سکتا ہوں کہ انگریز کے وقت کے مقابلہ میں اب ایوان کو ۲۵ فیصد سے زیادہ اختیارات حاصل نہیں ہیں ۔ اس وقت نہیں ہیں اس سے پہلے تھے ۔ لیکن آج اگر اس کے مجموعی اختیارات کو ملا لیا جائے اور ۱۹۳۵ء کے

ایکٹ میں دیئے گئے اختیارات کو دیکھا جائے تو اس ظالم اور جابر حکمران نے بھی جو ۵ ہزار میل دور سے چل کر یہاں آیا تھا اور ہم پر حکمرانی اپنی ایڑی کے زور سے کرتا تھا اس نے بھی ہمیں وہ اختیارات دیئے تھے جو آج کے ہمارے حکمران ہمیں دینا پسند نہیں کرتے۔

جناب والا۔ کون نہیں جانتا کہ اس آئین کے تحت کوئی قانون یہاں پیش نہیں کیا جا سکتا جب تک کہ جناب گورنر صاحب کی قبل اس کے کہ recommendation یا approval یا منظوری حاصل نہ کر لی جائے۔ یہ بھی ہمارے ان اختیارات پر جو کہ قانون سازی کے متعلق ہیں ایک حد ہے ایک قید ہے اس کے لئے شاید ہمارے دوست یہ خیال کریں ـــ ـــ ـــ میرے پاس اس وقت جیسا کہ میں نے عرض کیا کہ ۱۹۳۵ء ، ۱۹۵۶ء اور ۱۹۶۲ء کے تینوں آئین موجود ہیں preventive detention کے متعلق آرٹیکل ۷۶ ہے۔

Mr. Speaker : This Ordinance does no trelated to preventive detention.

خواجہ محمد صفدر - جناب - چونکہ آپ نے ارشاد فرمایا ہے اس لئے میں یہ بات بتانا چاہتا ہوں کہ میں متعلقہ بات کر رہا ہوں - ہم اس آرڈیننس پر اس طور سے بحث کر رہے ہیں کہ اس اسمبلی کے اختیارات کو محدود کر دیا گیا ہے۔

Mr. Speaker : In so far as the issuing of Ordinances is concerned and not in so far as the law of preventive detention is concerned.

خواجہ محمد صفدر - جناب - جیسا کہ آپ فرماتے ہیں اس کے متعلق میرا سر تسلیم خم ہے میں اسے قبول کرتا ہوں اور یہ سمجھتے ہوئے کہ یہ سپیکر صاحب کا حکم ہے نہ کہ یہ سمجھ کر کہ یہ درست ہے۔

سردار محمد ایوب خان - پوائنٹ آف آرڈر - جناب اس وقت ایک خاص آرڈیننس زیر بحث ہے - میرے فاضل دوست خواجہ صفدر صاحب اس موضوع پر زیادہ زور دے رہے ہیں کہ اس اسمبلی کو یہ اختیار کبھی نہیں دیا گیا کہ وہ اس آرڈیننس میں کسی قسم کی ترمیم کر سکے اور میرے فاضل دوست نے اس ضمن میں اس ملک کے دستور کے حوالے بھی دئے ہیں اور انہوں نے خود اپنی زبانی اس امر کو تسلیم کیا ہے -

Mr. Speaker : It should not be a lengthy speech. The member is only on a point of order.

سردار محمد ایوب خان - اس اسمبلی کو کانسٹی ٹیوشنل طور پر یہ اختیار نہیں دیا گیا کہ وہ ایسے آرڈیننسوں میں کسی قسم کی ترمیم کرے اس معاملے پر اس اسمبلی میں بحث کرنا کہ اسے ایسا اختیار کیوں نہیں دیا گیا یہ اس اسمبلی کے اختیار اور اس کے دائرے سے باہر ہے اس کا صحیح فورم نیشنل اسمبلی ہے۔ اگر کانسٹی ٹیوشن میں کسی قسم کی ترمیم و تنسیخ کی ضرورت ہو یا ہمیں یا اس اسمبلی کو اس معاملے میں کسی قسم کی تحریک کرنی ہو تو اس کو دوسرے ذریعہ سے کیا جا سکتا ہے یعنی کوئی ریزولیوشن پاس کیا جا سکتا ہے کہ چونکہ اس اسمبلی کو اس قسم کے اختیارات نہیں ہیں اس لئے کانسٹی ٹیوشن میں امنڈمنٹ کر دی جائے۔ اس وقت زیر بحث موضوع کے متعلق جو چیزیں کہی گئی ہیں وہ irrelavent ہیں -

مسٹر سپیکر - جہاں تک آپ کی دلیل ہے کہ اس اسمبلی کو اس آئین میں ترمیم و تنسیخ کا اختیار نہیں ہے میں آپ سے متفق ہوں اور میں مانتا ہوں کہ اس اسمبلی کو اس آئین میں کسی قسم کے ردوبدل کرنے کا اختیار نہیں ہے - لیکن اگر خواجہ صاحب کسی آرڈیننس کے جاری ہونے

یا اس کے نافذ ہونے یا اسکی وجوہات ہونے کے متعلق کچھ کہنا چاہیں تو وہ کہہ سکتے ہیں اس لئے آپ کا پوائنٹ آف آرڈر مسترد کیا جاتا ہے ۔

خان عبدالستار خان مہمند ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب کچھ ٹائم limit ہونا چاہئے یا نہیں ۔

Mr. Speaker : There is no time limit so far as legislative business is concerned.

Khan Muhammad Yusuf Khan : May I know whether this Assembly can comment upon the provisions of the Constitution as such ?

مسٹر سپیکر ۔ جہاں تک خان صاحب آپ کے اس پوائنٹ کا تعلق ہے آئینی دفعات کے تحت اس کا reference دیا جا سکتا ہے لیکن جہاں تک اس کے move کرنے اور اس کی ترمیم و تنسیخ کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس کے متعلق بحث کے طور پر آئینی دفعات کا حوالہ دیا جا سکتا ہے ۔

پیر غلام علی چشتی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب عرض یہ ہے کہ خواجہ صاحب نے یہ کہا ہے کہ پرانے زمانے میں یہ ہوتا تھا کہ گورنر آرڈیننس نہیں جاری کرتے تھے ۔ جناب اس وقت انگریز گورنر ہوتے تھے وہ ہمارے ملک کی problems کو نہیں سمجھتے تھے اس لئے اس وقت آرڈیننس کم جاری ہوتے تھے ۔ اب ہمارے ملک کے معاملات کو ہمارے گورنر صاحب بہتر سمجھتے ہیں اور اس لئے بہتر سمجھتے ہیں کہ وہ ہمارے ملک کے گورنر ہی نہیں ہیں بلکہ Guardian بھی ہیں ۔ اس لئے وہ جو کچھ آرڈیننس جاری کرتے ہیں وہ صحیح ہوتے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر - ماشاء اللہ -

Mr. Speaker : This is no point of order.

Sardar Muhammad Ayub Khan : On a point of order. The members of the Assembly have voluntarily taken over and they have accepted the Constitution and have also taken oath to abide by it and defend it. Will it be in order if any member of this Assembly rises up and criticises openly and contradicts certain Articles of the Constitution? Will it be in order to criticise or contradict those Articles of the Constitution for which they have already taken oath and which they acepted to observe and follow ?

Mr. Speaker : Would Khawaja Sahib like to reply to this point of order ?

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میرے محترم دوست سردار محمد ایوب خان صاحب نے یہ اعتراض اٹھایا ہے کہ ہم سب نے ابھی دو چار روز ہوئے یہ حلف اٹھایا تھا کہ ہم اس آئین کو Defend کریں گے ، اس آئین کی حفاظت کریں گے - جناب والا - وہ حلف اس قسم کا ہے جسے میں آپ کے سامنے پڑھے دیتا ہوں اور کانسٹی ٹیوشن میں ۱۱۷ صفحہ پر فرسٹ شیڈول آرٹیکل ۱۰۶ کے تحت حلف دیا گیا ہے - جسے تمام ممبران نے اٹھایا ہے - خواہ وہ پراونشل اسمبلی کے ممبران ہوں یا نیشنل اسمبلی کے ممبران ہوں اس معاملے میں نیشنل اسمبلی یا پراونشل اسمبلی کے ممبران میں کوئی تخصیص نہیں ہے - جہاں تک چیف الیکشن کمشنر سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کا تعلق ہے بلکہ جناب صدر جو حلف اٹھاتے ہیں اس میں بھی جناب یہ لکھا ہے That I will preserve, protect and defend the Constitution یہ فقرہ وہی ہے جناب - اور جناب گورنر صاحب جو حلف اٹھاتے ہیں اس میں بھی یہی الفاظ ہیں -

That I will preserve, protect and defend the Constitution.

اور جناب والا اس حلف کے باوجود نیشنل اسمبلی کے ہر رکن کو

یہ اختیار ہے ۔ صدر صاحب کو یہ اختیار ہے ۔ وزراء صاحبان مرکزی حکومت کو یہ اختیار ہے کہ وہ اس آئین میں مناسب ترامیم جو وہ مناسب سمجھیں لائیں ۔ اس آئین میں ترمیم کی خواہش کرنا ، ترمیم کے لئے جدوجہد کرنا ، ترمیم کے لئے کوشش کرنا کیا اس حلف کے منافی نہیں جو میں نے یا صدر صاحب یا گورنر صاحب یا آپ نے یا ان ممبران نے یا نیشنل اسمبلی کے ممبران نے اٹھایا ہے ۔ اس حلف پر کاربند ہوتے ہوئے ۔ ۔ ۔

Sardar Muhammad Ayub Khan : On a point of order, Sir.

Khawaja Muhammad Safdar Khan : Sir, I am answering his point of order. I am not going to give way to the Member.

جناب والا ۔ میرے محترم دوست نے یہ حلف اٹھایا ہے اور کہا گیا ہے کہ میں حلف کی خلاف ورزی کر رہا ہوں ۔ اگر میں کر رہا ہوں تو سب سے بڑی خلاف ورزی سنٹرل گورنمنٹ کے سربراہ جناب صدر صاحب فرما رہے ہیں ۔ ابھی پرسوں نیشنل اسمبلی میں ایک نئی ترمیم آئی ہے اور اس سے پہلے ہمارا یہ آئین نیشنل اسمبلی میں دوبار ترمیم کر چکی ہے ۔ تو وہ مجھ سے پہلے اس حلف کی خلاف ورزی کا ارتکاب کر چکے ہیں ۔ میں نے کسی قسم کی خلاف ورزی اس حلف کی نہیں کی ۔ مجھے یہ حق حاصل ہے کہ میں اس خواہش کا اظہار کروں ۔ میں صرف خواہش کا اظہار کر سکتا ہوں اس ایوان کے اندر ۔ یعنی اس ایوان کو حق ہی نہیں ہے کہ وہ آئین میں تبدیلی کرے یا یوں اس خواہش کا اظہار کیا جا سکتا ہے ۔ میں تو صرف خواہش کا اظہار کر سکتا ہوں ۔ لیکن جو عملی صورت اس خواہش کو دی جا سکتی ہے وہ میری رائے میں اس حلف کی خلاف ورزی نہیں کرتی ۔

مسٹر سپیکر - میں نے اس پوائنٹ آف آرڈر کے متعلق رولنگ دے دی ہے - کیا آپ پھر اس کے متعلق کچھ فرمانا چاہتے ہیں ؟

سردار محمد ایوب خان (بہاولپور - ۱) - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - میرے پوائنٹ آف آرڈر کا جواب خواجہ صاحب نے تسلی بخش طریق پر نہیں دیا - میرا خیال یہ تھا کہ ہر آئین میں کسی دفعہ کی تبدیلی کے لئے ایک خاص ضابطہ مقرر ہوتا ہے - اس کی تبدیلی کے لئے صرف نیشنل اسمبلی میں اس کی تحریک ہو سکتی ہے - پراونشل اسمبلی میں نہیں - قومی دستور کو تبدیل کرنے کے لئے سوائے اس کے اور کوئی ضابطہ کار نہیں ہے کہ یہاں ایک ریزولیوشن کی صورت میں سفارش کی جائے نیشنل اسمبلی کو کہ وہ ایک ضروری ترمیم دستور میں کر دے -

Sir, my point of order is that can we bring an Article of the Constitution under discussion in a different context.

تو کیا اس اسمبلی میں دستور کے کسی آرٹیکل کی خلاف ورزی کرنے کے لئے کوئی تحریک یا کوئی تقریر کی جا سکتی ہے - اس وقت ہمارے سامنے ایک دوسرا آرڈیننس ہے -

"bring any Article of the Constitution under discussion under different context."

Can we, when that Ordinance is under discussion, bring any other part of the Constitution and try to preach that that part of the Constitution is not valid or is not being respected.

اس طرح سے تو جناب آرڈیننس میں ہر بات آئین کی ہر دفعہ پر اس اسمبلی میں ایک نیا باب کھل جائے گا -

خواجہ محمد صفدر - یہ باب تو کھلا ہی رہے گا -

(شور و قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : Order, please.

Sardar Muhammad Ayub Khan : My point of order is on relevancy. Whether this objection on the part of Khawaja Sahib is relevant to the matter under discussion or not.

مسٹر سپیکر - سردار صاحب تشریف رکھیں - سردار صاحب آپ نے جو پوائنٹ آف آرڈر اٹھایا ہے - جہاں تک آئین میں کسی ترمیم یا تنسیخ کا تعلق ہے تو اس کا proper forum ہماری نیشنل اسمبلی ہے - یہاں کوئی ترمیم و تنسیخ نہیں کی جا سکتی - کسی ترمیم یا تنسیخ پیش کرنے کے لئے یہی مناسب ہے جو آپ نے تجویز کیا ہے کہ ریزولیوشن دے دیا جائے جہاں تک کسی آرڈیننس یا کسی ایکٹ پر بحث کرنے کا تعلق ہے اور جہاں تک اس چیز کا تعلق ہے اس کے لئے آئین کی کسی دفعہ یا کسی آرٹیکل کا حوالہ دیا جا سکتا ہے اور اس آرٹیکل یا اس دفعہ پر بحث کی جا سکتی ہے اور جہاں تک اس امر کا تعلق ہے کہ اس کے متعلق خواہش کا اظہار کیا جائے کسی ممبر کی طرف سے کہ اس میں ترمیم ہونی چاہئے - دوران بحث اگر کوئی ممبر یہ چیز اٹھاتا ہے تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ وہ آئین کی حفاظت نہیں کر رہا ہے وہ مطالبہ پیش نہیں کرتا کہ میں آئین کو defend نہیں کرتا ہوں یا وہ یہ نہیں کہتا کہ یہ آئین جو ہے اسے کالعدم ہو جانا چاہئے - بلکہ وہ خواہش کا اظہار کرتا ہے تو اس طرح کی ترمیم کی application اس طرح سے ہونی چاہئے - تو ان حالات میں آپ کا پوائنٹ آف آرڈر مسترد کیا جاتا ہے -

Khan Muhammad Yusaf : On a point of order. Sir, it is obvious that a Member can bring to your notice the provisions of certain Articles provided in the Constitution and they can be relevant to the point at issue. But the point is whether a Member can criticise and pass adverse remarks on the Articles of the Constitution and whether this House is the proper fourm for that. That is the point at issue.

Mr. Speaker : I have already given the ruling that so far as the discussion on a particular Article of the Constitution is concerned a Member can make use of that Article and he can say that he wants this Amendment and he wants to interpret that Article in that manner. But so far as the proper forum is concerned that is the National Assembly. Yes Please.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ اس ایوان کے اختیارات کو ہمارے موجودہ آئین کے ذریعے کس طرح محدود کیا گیا ہے - مجھے اس بات پر خصوصیت سے خوشی حاصل ہوئی ہے کہ میرے دوستوں نے اس بات میں خوشی کا اظہار کیا ہے کہ آئین کے متعلق بحث ہو سکتی ہے کہ نہیں - اب آپ کی رولنگ کے بعد میرا خیال ہے کہ اس ایوان کے ہر معزز رکن کو اور ان کے ذہن میں جو کسی قسم کا ابہام تھا وہ رفع ہو گیا ہوگا -

آئین میں خود آئین کے اندر ترمیم کرنے کے طریقے رکھے گئے ہیں - آئین کو قرآن مجید کا درجہ نہیں دیا جا سکتا - یہ کوئی الہامی کتاب نہیں جس میں کوئی ترمیم و تنسیخ نہ ہو سکتی ہو -

مسٹر سپیکر - خواجہ صاحب - آپ پھر اس بحث میں پڑ رہے ہیں جسکے بارے میں میں رولنگ دے چکا ہوں -

خواجہ محمد صفدر - جناب میں یہ عرض کر رہا تھا کہ نہ صرف اس آئین کی رو سے اس اسمبلی کے اختیارات کو محدود کیا گیا ہے بلکہ جو اختیارات ہنگامی حالات کے تحت جناب گورنر صاحب کو دئے گئے ہیں انہیں میری رائے میں درست طور پر ، جائز طور پر ، مناسب طور پر استعمال نہیں کیا گیا - اور آئین کے ایک حصہ کو اسے ترمیم کئے بغیر عملی طور پر منسوخ کیا جا رہا ہے - یہ آرٹیکل ۷۷ اور اسکی متعلقہ دفعات ہیں - ان میں یہ طریقہ دیا ہوا ہے کہ کسطرح ایک بل

کو اسمبلی میں پیش کر کے اسے قانون کی شکل دی جا سکتی ہے ۔ جو کچھ میں پہلے عرض کر چکا ہوں اب اسکا اعادہ نہیں کروں گا ۔ اب میں اعداد و شمار سے ثابت کروں گا کہ میرا یہ دعویٰ کہاں تک درست ہے ۔ آئین کے دوسرے حصہ کو عملی طور پر اسطرح استعمال کیا جا رہا ہے ۔ جس کا جواز میرے محترم دوست وزیر قانون کے پاس نہیں ہے ۔

جناب والا ۔ آج اس وقت اس اسمبلی کے سامنے ۲۳ آرڈیننس پیش کئے گئے ہیں اور یہ سال کی ابتداء ہے ۔ آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا ۔ شاید اس سال کے دوسرے سیشن میں انکی تعداد سینکڑوں تک پہنچ جائے ۔ یا اس سے کم رہ جائے ۔ آئندہ کی کسے خبر کہ کیا ہوگا ۔ شاید وہ میری رائے سے اتفاق کر جائیں ۔ اور آئندہ اس ایوان میں بل ہی پیش کر دیا کریں ۔

(ایک آواز ۔ یا آپ انکی رائے سے اتفاق کر جائیں ۔)

خواجہ محمد صفدر ۔ ہو سکتا ہے ۔ لیکن میرا اعتراض یہ ہے کہ جس طرح سے ابتداء ہوئی ہے اسکی انتہا ضرور کوئی لمبی چوڑی ہوگی ۔ میں نے یہ عرض کیا ہے کہ موجودہ آئین کے تحت جو اختیارات دئیے گئے ہیں انہیں درست طور پر استعمال نہیں کیا جا رہا ۔ اور اگرچہ یہ اختیارات وہی ہیں جو سابقہ آئین میں تھے یا جیسا کہ میں نے ابھی آپ کے سامنے پڑھ کر سنایا ہے گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ۱۹۳۵ء میں بھی تھے ۔ مگر آپ موازنہ کریں ، مقابلہ کریں کہ وہ ان اختیارات کو کیسے استعمال کرتے تھے اور ہم انہیں کیسے استعمال کرتے ہیں ۔ میرا یہ مطالبہ نہیں کہ برطانوی پارلیمنٹ کی طرح کسی شخص کو یہاں ہنگامی قانون کا اختیار نہ ہو ۔ میں اسوقت یہ مطالبہ نہیں کرتا ۔

شاید میری اور آپ کی زندگی میں وہ وقت آ جائے کہ میں یہ مطالبہ کروں لیکن اس وقت اگر میں یہ مطالبہ کروں تو میرے دوست یہ کہینگے کہ چھ سات سال پہلے ایک آئین یہاں نافذ کیا گیا تھا ۔ اور اس میں بھی یہ اختیارات اور دفعات موجود تھے ۔ اس لئے میں یہ نہیں کہتا کہ یہ اختیارات کیوں ہیں ۔ مگر میں ان اختیارات کے استعمال کے متعلق ضرور کچھ عرض کرنے پر مجبور ہوں ۔

جناب والا ۔ میں عرض کر چکا ہوں کہ سال رواں کا کیا قصہ ہے ۔ ساری کارروائی اپنا ہی ریکارڈ ہے جو میں یہاں پیش کر رہا ہوں ۔ پچھلے سال یعنی ۱۹۶۴ء میں اس ایوان میں ۲۶ آرڈیننس پیش کئے گئے ۔

مسٹر سپیکر ۔ خواجہ صاحب وہ یہ ایوان نہ تھا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ شکریہ جناب ۔ سابقہ ایوان میں ۔ اور جناب اس سے پہلے ۱۹۶۳ء میں ۴۵ ، اس سال ہم نے ۱۷ ایکٹ بھی پاس کئے ۔ ۱۹۶۲ء میں ۴۹ آرڈیننس منظور کئے گئے اور پانچ بلوں کو ایکٹ کی صورت دی گئی ۔ اس آئین کے تحت ہماری سابقہ اسمبلی کی کارگزاری یہ ہے ۔ میرے محترم جناب قائد ایوان مجھے ہاتھ کے اشارہ سے یہ سمجھا رہے ہیں کہ یہ تعداد بتدریج کم ہو رہی ہے ۔ وہ اس ایوان میں نووارد ہیں ۔ یہاں ہم بتدریج اوپر جا رہے ہیں ۔ موجودہ سیشن میں جتنے آرڈیننس پیش کئے گئے ہیں اس سے زیادہ لمبی چوڑی فہرست سابقہ اسمبلی میں کبھی پیش نہیں کی گئی ۔

ہاں تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس سے پہلے اگرچہ ہم آرڈیننس پاس کیا کرتے تھے مگر ان کی تعداد اسقدر زیادہ نہیں

ہوتی تھی - چلئے انگریز حاکموں ہی کا رویہ دیکھئے - وہ اس وقت کی اسمبلی کے ساتھ کیا سلوک کرتے تھے - اگرچہ میرے نہایت ہی محترم دوست چشتی صاحب نے ابھی ارشاد فرمایا ہے کہ انگریز گورنر یہاں کے حالات سے اتنے باخبر نہیں ہوتے تھے - ٹھیک ہے وہ انگریز حاکم تھے - مگر انکا ہمارے ساتھ کیا سلوک تھا - اسکے متعلق میں عرض کروں کہ ۳۶ سے لے کر ۴۰ تک ایک آرڈیننس بھی یہاں پیش نہیں کیا گیا تھا - اس کے بعد جنگ ہو گئی - پھر البتہ ہنگامی حالات میں انہوں نے کئی قسم کے رولز اور قواعد و ضوابط جاری کئے - وہ حاکم تھے - ہم محکوم تھے - مگر پاکستان بننے کے بعد کیا ہوا -

ان سیاستدانوں نے کیا کیا جو کہ اس وقت بعض کی نظروں میں مقہور ہیں - بعض کی نظروں میں مزدور ہیں - لیکن میں انہیں اس ملک کا بنانے والا تصور کرتا ہوں - انہوں نے اس ملک کو بنایا - انہوں نے اس ملک کو پیدا کیا - اور چونکہ وہ اس ملک کے خالق ہیں اس لئے میں انکی عزت کرتا ہوں - انہوں نے غلطیاں کی ہیں - اور میں انکی غلطیوں کو تسلیم کرتا ہوں - لیکن چونکہ وہ اس ملک کے خالق ہیں - اسوجہ سے میں انکو گالیاں نہیں دے سکتا - میرے دل میں ان کے لئے عزت ہے - اب یہ دیکھئے کہ انہوں نے جہاں تک آرڈیننسوں کا تعلق ہے - اس صوبہ میں کیا رویہ اختیار کیا - ۱۹۴۸ء میں پنجاب کی صوبائی اسمبلی نے چار آرڈیننس جاری کئے - ۱۹۴۹ء میں اور ۱۹۵۰ء میں کوئی آرڈیننس جاری نہیں کیا - ۱۹۵۱ء میں تین آرڈیننس جاری کئے - ۱۹۵۲ء میں ایک، ۱۹۵۳ء میں سات، ۱۹۵۴ء میں چھ اور ۱۹۵۵ء میں سولہ آرڈیننس انہوں نے نافذ کئے -

مغربی پاکستان اسمبلی میں ۱۹۵۶ء اور ۱۹۵۷ء میں کوئی

آرڈیننس پیش نہیں ہوا ۔ اور ۱۹۵۸ء میں سولہ آرڈیننس پیش ہوئے تھے ۔

جناب والا ۔ اس تقابل سے میری مراد یہ ہے ۔ کہ یہ دفعہ جسکا ذکر میرے محترم دوست جناب سردار محمد ایوب صاحب نے فرمایا ہے ۔ وہ اس آرڈیننس کا پیراگراف نمبر ۳ ہے۔

Now, therefore, in pursuance of the powers conferred on him by clause (1) of Article 79 of the Constitution, the Governor of West Pakistan is pleased to make and promulgate the following Ordinances.

میری رائے میں اس قوت اور ان اختیارات کو درست طور پر اور جائز طور پر استعمال نہیں کیا گیا ۔ میں اپنی گذارشات کو اس آرڈیننس کے اس آئینی پہلو کی بحث تک ہی محدود رکھونگا ۔ اور میرے اس جانب بیٹھنے والے دوست اسکے باقی پہلوؤں پر روشنی ڈالیں گے ۔

ان چند کلمات کے بعد آپ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے میں اپنی نشست پر بیٹھتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ خان محمد یوسف خان ۔

خان محمد یوسف خان (راولپنڈی ۔ ۲) ۔ جناب صدر ۔ میرے فاضل دوست نے بجائے اسکے کہ وہ اس آرڈیننس کے متعلق یہ ارشاد فرماتے کہ اس آرڈیننس کے پاس کرنے کے بعد کونسے نقائص وارد ہوں گے ۔ اس سے ملک کو کیا نقصان ہوگا ۔ اور عوام کو اس سے کیا نقصان پہنچنے کا احتمال ہے ۔ اور اس میں ایسی کونسی دفعات ہیں ۔ جو قابل پذیرائی نہیں ہیں اور جنکی وجہ سے بجائے استفادہ کے

نقصان ہوگا ۔ یا یہ کہ ان دفعات میں کوئی سخت گیری ہے ۔ یا آرڈیننس میں ان دفعات کا ہونا خود اس آرڈیننس کو اس قابل بنا دیتا ہے ۔ کہ اس کو مسترد کر دیا جائے ۔ ان وجوہات کی بناء پر اگر وہ اس ایوان کی توجہ اس طرف دلاتے ۔ اور یہ مطالبہ فرماتے ۔ کہ اس آرڈیننس کو مسترد کیا جائے ۔ تو میرے نزدیک انکے مطالبے میں بہت وزن ہوتا ۔ لیکن مجھے افسوس ہے ۔ کہ میرے فاضل دوست نے اس امر پر روشنی نہیں ڈالی ۔ کہ آئین کے ماتحت اگر کوئی آرڈیننس جاری ہوتا ہے ۔ تو اسے ہم کیوں مسترد کر دیں ۔

جناب والا ۔ آپ پر یہ چیز واضح ہے ۔ کہ آئین کی رو سے جناب گورنر صاحب کو آرڈیننس جاری کرنے کا اختیار حاصل ہے ۔ اب یہ کہنا کہ یہ اختیارات بہت زیادہ ہیں ۔ یا ان اختیارات سے اسمبلی کے حقوق پر کوئی زد پڑتی ہے ۔ یا ۱۹۳۷ء کی اسمبلی میں ایسا نہیں تھا ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ کہ یہ تمام تر تبصرہ غیر متعلقہ ہے ۔ اور اس سے ہمیں کوئی فائدہ نہیں پہنچتا ۔ کہ ہم اس آرڈیننس کو فی نفسہ اس نظر سے دیکھیں کہ وہ پیش نہ کیا جائے ۔

جناب والا ۔ میں آپکی توجہ اس امر کی طرف مبذول کراتا ہوں ۔ کہ مجھے یہ فخر حاصل ہے ۔ کہ جب اس ایوان کا وجود ظہور میں آیا ۔ تو یہاں بیٹھنے والوں میں سب سے پہلے میں بھی شامل تھا اور ۱۹۳۷ء میں جب یہاں اسمبلی معرض وجود میں آئی ۔ تو اس وقت ۱۹۳۵ء کا آئین یہاں پر نافذ تھا ۔ اس آئین کو جس طریقے پر یہاں چلایا گیا ۔ اور اس میں جو کچھ نفع اس وقت کی حکومت کو یا عوام کو اس سے تھا ۔ میں اس سے پورے طور پر اور عملاً آشنا ہوں ۔ میرے فاضل دوست کا یہ کہنا کہ اسوقت ایسا نہیں ہوتا تھا ۔ یہ سب کچھ شنید ہے ۔ دید نہیں ہے ۔ ہم نے اس آئین پر سب سے پہلے عمل درآمد

کیا تھا - ایک چیز جو بنیادی طور پر ہمیشہ ذہن میں رکھنی چاہئے وہ یہ ہے کہ وہ آئین پارلیمانی نظام کے تابع تھا - اور موجودہ آئین صدارتی نظام کے تابع ہے - ہمارا ملک صدارتی نظام کو قبول کر چکا ہے - اور اس کے بعد پارلیمانی نظام کی خوبیاں بیان کرنا اس امر کے مترادف ہے - کہ موجودہ آئین درست نہیں ہے - اگر اس وقت انگریزوں نے ملک میں آرڈیننس جاری نہیں کئے - تو اس آئین کی فی نفسہ روح یہ تھی - کہ جو کچھ بھی قوانین ملک کو چلانے کی غرض سے بنائے جائیں گے - وہ اسمبلی کے اندر پیش ہوں - اور آرڈیننس کے ذریعے سے نہ ہوں - لیکن ہم سب کو یاد رکھنا چاہئے - کہ وہ ہمارے غلامی کا دور تھا - اور دور غلامی میں حکومت سست رو ہوتی ہے - اسکا نصب‌العین اور غرض و غایت غلاموں کو تابع رکھنا ، ان سے کام لینا اور انتظامی امور میں امن و امان قائم رکھنا ہوتا ہے - ملک کی ترقی اور بہبود سے اسے کوئی سروکار نہیں ہوتا - آج ہم آزاد ہیں اور اس وقت ہمارا سب سے پہلا کام یہ ہے کہ ہماری حکومت کی تمام مشینری تیز رو ہو - ترقیات کی طرف ہمارے قدم جلد از جلد اٹھیں اور ہم ترقی کے زینے پر سوار ہوں - اس امر کے لئے ضروری ہوتا ہے کہ قوانین بھی ہمارے ساتھ چلیں - ہم سب جانتے ہیں کہ جمہوری حکومت کمزور ہوتی ہے - اور اگر جمہوریت میں کمزور حکومت کے ساتھ ساتھ ایسی جمہوریت قائم کرتے ہیں - جسکے اندر زور بھی پیدا ہو - اور وہ تیز رفتار حکومت ہو - اور وہ ہمارے ملک کے لئے عین مناسب ہو اس دور میں جبکہ ہمارے ملک میں صدارتی آئین نافذ ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس آئین کی رو سے اگر آرڈیننس جاری کئے جائیں تو انکی غرض و غایت یہ ہے - کہ بجائے اسکے کہ بہت زیادہ لمبا وقت لیا جائے - اور زیادہ لمبا وقت لیکر اور قوم کا روپیہ بھی زیادہ صرف کیا جائے - اور زیادہ لمبی چوڑی اور طویل تقاریر ہوں - اور

ملکی ضروریات کے لئے ایک ایک سال میں ایک ایک قانون پاس ہو - تو اسکے بجائے اگر حکومت ان ضروریات کے پیش نظر وہ قانون یہاں پیش کرے جنکی ضرورت ہو - تو یہ بہتر طریقہ ہے - اسلئے میں سمجھتا ہوں - کہ یہ آرڈیننس جاری کئے گئے ہیں - ماسوائے دو آرڈیننسوں کے یہ نہایت ہی مختصر آرڈیننس ہیں - اور اس اختصار میں انکی غرض و غایت محض یہ ہے - اور یہ ان حالات میں پیش کئے گئے ہیں کہ اسمبلی کا اجلاس نہیں ہو رہا تھا - اور آئین کی دفعہ نمبر ۱۰۶ خود گورنر صاحب کو اس بات کی اجازت دیتی ہے - کہ ان حالات میں جنکو وہ مناسب سمجھیں - وہ آرڈیننس جاری کریں - میرے فاضل دوست نے ہمیں یہ نہیں بتایا - اور کم از کم وہ ہمیں یہی کہہ دیتے کہ ملک میں ایسے حالات موجود نہیں تھے - کہ جنکی بناء پر یہ آرڈیننس نہ جاری کئے جاتے - ہم سب اس امر سے آگاہ ہیں - کہ اس ملک میں ابھی ابھی انتخابات ہوئے ہیں - صوبائی اسمبلی کے انتخابات سے قبل الیکٹورل کالج کے قانون کے تحت بنیادی جمہوریتوں کے انتخابات ہوئے تھے - اس طرح ملک انتخابات میں مصروف تھا - لہذا Legislators ان میں منہمک تھے - اور وہ قانون سازی کا کام نہیں کر سکتے تھے - اگر ان حالات میں یہ ضرورت درپیش آئی کہ کوئی قانون نافذ کیا جائے - اور اسے آرڈیننس کی شکل دیدی جائے - تو میں نہیں سمجھتا کہ یہ فعل اس ایوان کی عظمت اور وقار پر کوئی ضرب ہے - اس اسمبلی کو وہ اختیارات حاصل ہیں - جو اسکو ہونے چاہئیں - اور یہ کہنا کہ یہ اختیارات کم ہیں یا زیادہ ہیں - جیسا کہ پہلے عرض کیا جا چکا ہے - ہمارا یہ کہنا مناسب نہیں ہے اور نہ آئین پر یہاں بحث ہو سکتی ہے - میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ جہاں تک آرڈیننس کے وجود کا تعلق ہے اس میں کوئی قباحت نہیں ہے - یہ آرڈیننس اپنے مقام پر نہایت موزوں ہے اور ایوان کو چاہئے کہ

اس آرڈیننس کو پاس کریں ۔

مسٹر سپیکر ۔ مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی ۔ ۸) ۔ جناب والا ۔ میں سب سے پہلے چاہتا ہوں کہ محترم دوست خواجہ محمد صفدر صاحب نے اپنی تقریر میں جو ایک بات فرمائی تھی اور اس میں کچھ ابہام رہ گیا تھا اس کی اصلاح ہو جائے تو بہتر ہے ۔ خواجہ صاحب نے اپنی تقریر میں یہ فرمایا تھا کہ ان کے علم کی حد تک دنیا میں کوئی ایسا قانون و ضابطہ یا کوئی آئین نہیں ہے جس کے تحت کوئی ایوان میں قانون سازی کے لئے مقرر کیا گیا ہو ۔ اور جب اس کے سامنے کوئی بل یا قانون لایا جائے تو اس میں اس ایوان کو ترمیم کا حق حاصل نہ ہو ۔ میرے خیال میں خواجہ صاحب کی نظر سے شائد دنیا کا ایک آئین پوشیدہ رہا ہو ۔ بے شک ہمارے پاس ایک ایسا آئین موجود ہے کہ جب وہ ہمارے پاس آیا تو اسکے بھیجنے والے نے صاف الفاظ میں یہ کہہ دیا کہ اگر تم یہ نہیں کر سکتے کہ اس میں سے کچھ کو مانو کچھ کو چھوڑو ۔ افتومنون ببعض الکتاب و تکفرون ببعض تمہیں سارے کا سارا ماننا پڑے گا یا سارے کا سارا چھوڑنا پڑے گا ۔ تو دراصل ہمارے موجودہ دستور میں ہمارے حکمرانوں کو جو اختیار دیا گیا ہے وہ اسی طرح کا اختیار ہے جو صرف اللہ تعالیٰ نے اپنے لئے مختص کیا تھا ۔ فرق صرف یہ ہے کہ وہ قانون دینے والا قادر مطلق علیم و بصیر تھا ۔ اور وہ لوگوں کے دلوں کے حال سے واقف تھا ۔ اور لوگوں کی ضروریات اور مسائل کو سمجھنے والا تھا ۔ لیکن ہمارے آج کے خدا اور ان کے پیغمبر یعنی وزیر قانون جن کی معرفت یہ قانون ہمارے اوپر نازل ہوتا ہے وہ اپنے مکانوں اور کوٹھیوں کی

حد تک محصور ہیں عوام کی ضروریات سے اور حالات سے بے خبر ہیں ۔ ان کو یہ بھی معلوم نہیں ہے کہ لوگوں کے مسائل کیا ہیں ۔ ان کی ضروریات کیا ہیں ۔ یہ بدقسمت ایوان ہے کہ جسکے ارکان کو ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ بدقسمت ایوان کہنا ایوان کی توہین ہے ۔

Mr. Speaker : The member may please withdraw his words.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ کون سے الفاظ ؟

Khawaja Muhammad Safdar : Is it unparliamentary?

Mr. Speaker : It is not proper.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ میں سمجھا نہیں ۔ کون سے الفاظ ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ مجھے اس میں فرق بتا دیجئے کہ وہ الفاظ جو ہم استعمال نہیں کر سکتے اور جو غیر پارلیمانی ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ جو الفاظ proper نہیں ہیں ۔ وہ آپ کو استعمال نہیں کرنے چاہئیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اگر یہ حکم ہے تو سر تسلیم خم ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ آپ کے حکم کے تحت میں اپنے الفاظ کو واپس لیتا ہوں ۔ اس کی ترمیم اس طرح کرتا

ہوں ۔ کہ اس ایوان کا میں بدقسمت رکن ہوں کہ مجھے حق حاصل نہیں ہے کہ میرے سامنے ایک قانون منظوری کے لئے آئے اور میں اس میں ترمیم پیش نہ کر سکوں ۔ میں اس آرڈیننس پر گفتگو کرنے سے پہلے ایک اور چیز کی وضاحت چاہتا ہوں ۔

جناب والا ۔ میرے ایک دوست نے حلف کا سوال اٹھایا تھا جو ہر شخص سے متعلق ہے ۔ ذہن میں وسوسہ پیدا ہوتا ہے کہ میں کہیں اپنے حلف کی خلاف ورزی تو نہیں کر رہا ہوں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ حلف میں یہ الفاظ ہیں کہ میں اپنے دستور کی حفاظت protection اس کی preservation اس کا ڈیفینس کروں گا کہ یہ الفاظ خود اپنے اندر یہ معنی موجود رکھتے ہیں ۔ کہ کسی چیز کی حفاظت کا تقاضا ہے کہ اس کی اصلاح نگرانی کی جاتی ہے ۔ اس کے اندر یہ Implied sense موجود ہے کہ اس کی درستگی بھی کی جاتی ہے ۔ ایک مالی جس کا unwritten حلف موجود ہے کہ وہ باغ کی نگرانی کرے گا ۔ وہ اپنے حلف پر پورا نہیں اتر سکتا بلکہ وہ اپنے حلف کی خلاف ورزی کرے گا اگر وہ باغ کے خود رو پودوں اور جھاڑ جھنکاڑ کو الگ نہ کرتا رہے ۔ ایک ڈاکٹر جس کا unwritten حلف یہ ہے کہ وہ مریض کے جسم کی نگرانی کرے گا ۔ وہ اپنے حلف کی خلاف ورزی کرے گا اگر وہ مریض کے پیٹ کو پھاڑ کر اس کے اندر ان چیزوں کو علیحدہ نہ کر دے جو اسکے پورے جسم کو نقصان پہنچا رہی ہیں ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ میرے حلف کا تقاضا ہے خلاف ورزی نہیں ہے کہ جس دستور کی پابندی کا حلف میں نے اٹھایا ہے اس کی [illegible]لاح کرنے کی کوشش کروں ۔ اس کو سوچوں ۔ اس کو [illegible]ن میں ارباب اقتدار کے سامنے رکھوں ۔ اگر میں ایسا نہ کروں

تو میں اپنے حلف کی خلاف ورزی کروں گا۔

جناب والا۔ جہاں تک اس آرڈیننس کا تعلق ہے جو وزیر قانون صاحب کی معرفت ہم پر نازل ہو رہا ہے اس کے متعلق میں یہ عرض کروں گا اس میں جو ترمیم کی گئی ہے یعنی waste and arable land کے الفاظ کو نکالا گیا ہے وہ بڑے اہم نتائج کا حامل ہے۔

انیسویں صدی کا یہ قانون جس میں بیسویں صدی میں ترمیم کی جا رہی ہے جس وقت یہ قانون بنا تھا اس وقت waste and arable land کو گورنمنٹ urgency کی صورت میں حاصل کر سکتی تھی۔ ان حالات میں غالباً اس میں کوئی مضائقہ نہیں رہا ہوگا کہ کسی عدالت کو یہ اختیار نہ ہو کہ اس کے سامنے حکومت کے اختیارات کے استعمال کو چیلنج کر سکے۔ اب جناب والا۔ حکومت یہ اختیار حاصل کر رہی ہے۔ کہ اگر کوئی زمین جس کو کسی کسان نے، کسی زمیندار نے اپنی محنت، اپنی سالہا سال کی قوتوں سے آباد کیا ہو۔ اس میں اسکی کھیتیاں لہلہا رہی ہوں۔ جس کے اوپر اس کے خاندان اور آئندہ نسلوں کی زندگی کا انحصار ہو۔ حکومت جب اسکو حاصل کرنا چاہے کر سکتی ہے۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ یقیناً جب تک اس زمین کے مالک کو حق حاصل نہ ہو کہ وہ کسی عدالت کو move کر سکے یہ قانون ایک بہت بے جا قسم کا اختیار ہوگا۔ اور یہ بے جا اختیار ہے جو حکومت کو دیا جا رہا ہے۔ جناب والا۔ میں یہ عرض کر دوں کہ ۱۸۹۴ء کے قانون میں حکومت جو کچھ معاوضہ دیتی تھی۔ اس زمین کے مالک اسے کسی عدالت میں چیلنج کرنے کا اختیار حاصل تھا۔ لیکن زمین

مالک کو زمین کی acquisition کے خلاف جہاں تک میں نے قانون کا مطالعہ کیا ہے یہ اختیار حاصل نہیں ہے ۔ کہ وہ مالک کسی عدالت کو move کر سکے اور کسی عدالت کے سامنے اپنی شکایات پیش کر سکے ۔

جناب والا ۔ دوسری ترمیم جو یہ آرڈیننس introduce کرتا ہے ۔ وہ دفعہ ۴۰ میں ہے ۔

Section 40 is :

"(aa) or that such acquisition is needed for the construction of some building or work for a company which is engaged or is taking steps for engaging itself in any industry or work which is for a public purpose."

جو موجودہ قانون کی موجودہ دفعات میں کمپنیوں کے ملازمین کی فلاح و بہبود کے لئے ۔ ان کے مکانات کی تعمیر کے لئے بے شک اس بات کی گنجائش ہے کہ اگر کسی کمپنی کو کسی جگہ کی ضرورت ہو تو حکومت اس کو حاصل کر کے دے دے ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ اختیار بھی کہ اگر کسی کمپنی کو کسی کام کے لئے بھی جگہ کی ضرورت ہو حکومت اسکو حاصل کر کے جگہ دے ۔ ہمارے ملک کی ڈویلپمنٹ اکنانومی میں صنعت کی ترقی کے لئے ضروری ہے ۔ لیکن ہمارا ملک ایک زراعتی ملک ہے جہاں صنعت کی ترقی ضروری ہے وہاں زرعی زمینوں کی نگرانی اور تحفظ بھی کچھ کم اہمیت کا حامل نہیں ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ آرڈیننس حکومت کو ایسے اختیارات دیتا ہے جس کے استعمال سے عوام کی حق تلفی ہوگی اس لئے میں درخواست کروں گا کہ میرے سامنے بیٹھنے والے معزز ارکان بھی ملک کے مجموعی مفاد کے پیش نظر اس آرڈیننس کی پالیسی

کی مخالفت کریں گے اور یہ دیکھیں گے کہ آیا یہ آرڈیننس قابل قبول ہے یا نہیں -

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب سپیکر - آج اگرچہ ایک سادہ سا مسودہ قانون ہمارے سامنے پیش ہے مگر میں اس کی implications اور متضمنات کو اس ایوان کے معزز اراکین کے سامنے انکشاف کر کے رکھنا چاہتا ہوں جو کہ کافی دوررس نتائج کے حامل ہیں اور جو پبلک Public interest کے سراسر منافی ہیں -

جناب سپیکر - سب سے پہلے میں دفعہ ۱۷ کلاز ۱ لینڈ ایکویزیشن کو پڑھوں گا پھر اس میں جو ترمیم مسودہ زیر غور میں کی گئی ہے اس کے نتائج سے ایوان کو آگاہ کروں گا تاکہ آپ کو اس ترمیم کا پس منظر معلوم ہو جائے اور اس کے دور رس نتائج کا علم ہو سکے -

"In cases of urgency, whenever the Provincial Government so directs, the Collector, though no such award has been made, may on the expiration of fifteen days from the publication of the notice mentioned in Section 9, sub-section (1), take possession of any waste or arable land needed for public purposes or for a Company. Such land shall thereupon (vest absolutely in the Crown), free from all encumbrances."

جناب اس میں صرف Waste and Arable Land کے حصول کا پروویژن تھا مگر اب زیر غور مسودہ میں ان دونوں الفاظ کو یعنی Waste اینڈ Arable کو اڑا دینے کی سفارش کی گئی ہے - اب میں دفعہ ۳ میں لفظ Land کی Expression یعنی لفظ اراضی کی تشریح وضاحت پڑھ کر سناتا ہوں جس سے ثابت ہوگا کہ مجوزہ ترمیم کس قدر grave and serious amendment ہے - وہ کلاز ۳ مندرجہ ذیل ہے :-

"The expression "land" includes benefits to arise out of land and things attached to the earth or permanently fastened to any thing attatched to the earth.

پہلے تو کسی خاص emergency کی صورت میں اراضی کا حصول کیا جا سکتا تھا مگر اب اس لینڈ میں ہر قسم کی عمارات اور اراضی کا حصول شامل کر دیا گیا ہے ۔ دراصل میں یہ سمجھتا ہوں کہ جو سکیم لینڈ ایکویزیشن ۱۸۹۴ء میں تھی اس کو اڑا دیا گیا ہے ۔ سب سے پہلے دفعہ ۵ میں یہ اختیار کلکٹر کو دیا گیا تھا کہ وہ Objection سن کر اور Pros and Cons پر غور کرنے کے بعد فیصلہ دیا کرے اور Compensation کو بھی determine کیا کرے اور پھر زمین کا حصول کریں ۔ مگر اب دیگر انسران یا حکومت خود اراضی کا حصول کر سکتی ہے اور معاوضہ بھی determine کئے بغیر اب کر سکتی ہے ۔ دفعہ ۶ اور دفعہ ۹ میں جو شرائط تھیں وہ بھی اڑا دی گئی ہیں اور ان سے نجات حاصل کرنے کے لئے دفعہ ۷ کو اڑا دیا گیا ہے تاکہ کلکٹر کو determination of compensation کی زحمت بھی نہ اٹھانی پڑے ۔ دفعہ ۱۷ کے ماتحت حصول اراضی کے لئے اب Waste and Arable اراضی کی شرط بھی نہیں رہی کیونکہ دفعہ ۱۷ سابقہ Procedure سے depart کرتی ہے ۔ اب ہر قسم کی زمین جب گورنمنٹ چاہے جس سے چاہے Acquire کر سکتی ہے ۔ اب کسی Prior award of compensation خواہ کسی کا محل بننا ہو ، خواہ کسی کی جھونپڑی بننی ہو اس کے لئے مالکان اراضی سے اس کی زمین چھینی جا سکے گی ۔ معاوضہ کی تشخیص بھی لازمی نہیں رہی ۔ اصل میں یہ قانون حصول اراضی ایکوزیشن سے قبل ۱۸۹۴ء میں نافذ کیا گیا تھا اس وقت ہماری Foreign Govt. تھی جس نے شرط رکھی تھی کہ اگر پبلک مفاد میں سڑکیں بنانی ہوں یا نہر بنانی ہو تو گورنمنٹ اراضی

کو Acquire کر سکے گی مگر اب سڑکوں یا نہروں کے بنانے کی بھی شرط نہیں رہی ۔ اب تو جملہ اغراض اور مشکوک اغراض کے لئے بھی مالکان سے ان کی اراضی چھینی جا سکتی ہے برطانوی حکومت نے ۱۸۵۰ء میں کلکتہ میں یہ قانون نافذ کیا تھا اور ۱۸۵۷ء میں بقایا علاقوں میں بھی نافذ کیا گیا تھا ۔

جناب سپیکر ۔ میں ایک دل چسپ fact عرض کر دوں کہ ۱۸۵۷ء میں foreign Govt. جو لینڈ Acquire کرتی تھی اس کے لئے determination of compensation لازمی تھا اور کلکٹر کو معاوضہ کا فیصلہ Award of compensation بعد از تشخیص Arbitration دینا پڑتا تھا مگر foreign گورنمنٹ نے اس کو بھی ناپسند کیا تھا ۔ میں آپ کو اس کا پس منظر سمجھانے کے لئے ایک quotation پڑھنا چاہتا ہوں جو اس وقت کے لاء منسٹر Mr. Stratchy کے بیان پر مشتمل ہے ۔ آربٹریشن کلاز بھی پڑھوں گا ۔ I am comparing the two laws

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): May I rise on a point of order. The Member is actually discussing the entire Land Acquisition Act as it stood before the Amendment and is going into its history. I will submit that this is not strictly relevant to the Ordinance.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ اس آرڈیننس میں جو ترمیم پیش کی گئی ہے اور اس سے پہلے جو پرانا ایکٹ حصول اراضی تھا اس کی اصل شکل کو ایوان کے سامنے رکھا جا سکتا ہے اس لئے وزیر قانون کا اعتراض غلط ہے ۔

منسٹر سپیکر ۔ جہاں تک وزیر قانون کے پوائنٹ آف آرڈر کا تعلق ہے معزز رکن سابقہ ایکٹ حصول اراضی کا حوالہ موجودہ

ترمیم کی وضاحت کی غرض سے دے سکتے ہیں اور یہ Relevant ہے کہ اس سلسلے میں References دیئے جائیں کہ پہلے کلاز کی شکل و صورت کیا تھی اور اب ترمیم کی عبارت کیا ہے ۔ اس لئے سابقہ ایکٹ کا حوالہ relevant ہے ۔

Malik Muhammad Akhtar: I will come to the relevant point if I am allowed to express.

جناب سپیکر ۔ پہلے میں وہ quotation پڑھوں گا ۔

The existing system, by which the value of land acquired for public purpose was determined by three arbitrators whose award was absolutely final and there was no appeal made against that under any circumstances had been found to lead to consequences which were altogether preposterous and which often involved waste of public money which was really scandalous.

جناب والا ۔ اب ذرا غور فرمائیے کہ آج سے ۹۳ سال قبل جو way of determination of Compensation تھا یعنی ۱۸۵۷ء کے ایکٹ کی جو شکل تھی اس کے ذریعہ جو رعایت اور انصاف ایک foreign گورنمنٹ نے روا رکھی تھی وہ بھی اب چھینی جا رہی ہے اور یہ موجودہ قانون ۱۸۵۷ء کے ایکٹ حصول اراضی سے بھی بدتر ہے ۔ جو ترمیم بھی کی گئی ہے ۔ وہ بد سے بدتر ہے ۔ جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ سہارا جو لیا جا رہا ہے وہ اس Maxim کا ہے کہ "Public necessity is greater than private" لیکن اس Maxim کو انہوں نے نظر انداز کر دیا ہے کہ

Every violation of a right to ownership which causes damage gives rise to a liability to make compensation to the owners for damages done and stopped.

جناب والا ۔ دفعہ ۱۷ کو اگر بغور دیکھا جائے تو دفعہ ۱۷ میں ایک ہی چیز ہے جو depart کرتی ہے acquisition کے باقی طریقہ سے جو یہ ہے کہ دفعہ ۱۶ تک عام acquisition کی حالت میں یہ absolutely necessary ہے کہ پہلے Compensation کو determine کیا جائے اور اسے award کر دیا جائے بلکہ award کرنے کے بعد اسے کسی بنک میں reserve رکھ دیا جائے ۔ اگر وہ پارٹی نہیں لیتی تو ان کا

روپیہ محفوظ اور موجود ہے۔

جناب والا۔ دفعہ ۱۷ میں زیادہ یہ قصہ ہے کہ emergency acquisition ہے اور اس میں ایسے award کی ضرورت نہیں بلکہ جب سیکشن ۹ کے تحت نوٹس جاری ہو گیا تو اس نوٹس کے پندرہ دن گزرنے کے فوراً بعد acquisition کی جا سکتی ہے اور پہلے یہ acquisition صرف arable اور waste land کی تھی لیکن اب اس acquisition کو اتنا آگے کر دیا گیا ہے کہ اگر کسی پرائیویٹ شخص کی ملکیت ہو تو اس کو بھی Land Acquisition Collector حاصل کر سکتا ہے۔

جناب والا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس ملک میں جہاں ہمیں Freedom of Speech اور Liberty of Expression کی ضرورت ہے۔ وہاں ہمیں Private Property کو زیادہ honour کرنا چاہئے۔ اور ایسے قوانین جن کے ذریعے عوام کے حقوق پامال ہوتے ہوں۔ ہرگز پاس نہ کرنے چاہئیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ میں وزیر قانون صاحب کو قابل مبارکباد سمجھتا۔ اگر وہ اس ایکٹ کی harsh دفعات کو حذف کرنے کے لئے یہ ہنگامی قانون پیش کرتے۔ لیکن افسوس کہ انہوں نے ہماری زنجیر میں ایک کڑی کا اضافہ کر دیا ہے۔ لہذا میں اس معزز ایوان سے درخواست کروں گا کہ اس میں ہم بھی involved ہیں اور آپ بھی۔ اور ہمارے ساتھ ہمارے عوام بھی involved ہیں۔ خدارا اپنے ضمیر ٹٹولیئے۔ اگر یہ دفعہ ایسی ہے کہ اسے پاس کرنا ضروری ہے۔ تو اسے ضرور پاس کیجئے۔ وگرنہ جو حقائق میں نے آپ کے سامنے بیان کئے ہیں۔ ان کے مطابق اس آرڈیننس کو مکمل طور پر مسترد کر دینا چاہئے۔

Minister of law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir the Leader of the Opposition and the members of this House are aware that this year the country started and found itself in very difficult circumstances. This is not the occasion for me to indulge in the details. I would content myself with saying this that conditions around, both within and without the country, are not satisfactory. Added to that, the Third Five Year Plan has to come up and its outlines were already available with the Government and the Governor. From all aspects, colossal development was envisaged, particularly in the public sector, and it was found necessary that the Government should have this power for the purpose of expansion, for the purpose of development, and the like, and any such impediment that may possibly have stood in the way of Government, restricting achievement of this laudiable object, the Governor thought that circumstances existed and the emergency is such that the Government should have this power and that the law should be amended. I do not want as I said earlier to indulge in the details. I am not here to appeal to the sentiments, as some of the members have tried to do here. There is nothing to appeal to the sentiments ; it is a pure and simple question of interest, of the security of the State, of the province and of the people ; and towards the betterment of the people any legislation is called for, is justified, and I would request the Leader of the Opposition and those members, who are not able to see eye to eye with the Government, that they should accept this legislation at its face value. There is absolutely no reason to fear, and there will be no ground and no occasion for any misunderstanding or for any mis-use or abuse of this legislation. I assure on behalf of the Government that this legislation is in the best interest of the people and the people alone.

Mr. Speaker : I will now put the question. The question is :

That the Assembly do approve of the Land Acquisition (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 13th February, 1965.

The motion was carried

THE WEST PAKISTAN REGULATION AND CONTROL OF LOUDSPEAKERS AND SOUND AMPLIFIERS ORDINANCE, 1965.

Mr. Speaker : Next motion.

Minister of law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir I beg to move :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Regulation and Control of Loudspeakers and Sound Amplifiers Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 2nd March, 1965.

Mr. Speaker : Motion moved is :—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Regulation and Control of Loudspeakers and Sound Amplifiers Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 2nd March, 1965.

Mr. Hamza : Opposed Sir.

Minister of law : The House is aware and particularly the Leader of the Opposition that the Loudspeakers Ordinance, which was the predecessor of this present Ordinance, was challenged on certain grounds, including its constitutionality by the Leader of the Opposition himself before the High Court. The decision of the High Court was that some sections of this Ordinance were not in accordance with the Constitution. Considering this need, it was substituted by another Ordinance. In due course of time, as a result of the speeches and the sentiments of the members expressed here, the Government thought that time has come when a more suitable Ordinance not completely prohibiting the use of Loudspeakers for any purpose but for only certain specified purposes or occasion should be enacted. The Governor thought that that ordinance should also disappear and the present Ordinance was promulgated, and the emergency being that even some cases went to the High Court under the Second Ordinance, which replaced the earlier one and it was thought that to set all doubts at rest, an Ordinance which will satisfy the wishes of the people of the province should come up and replace the earlier one. Therefore, that was repealed and the present Ordinance has been promulgated.

Mr. Speaker : Yes, Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ (لائلپور - ٦) جناب سپیکر - جیسا کہ جناب وزیر قانون نے فرمایا ہے - یہ ہنگامی قانون آج اس ایوان کے سامنے محض اس بناء پر پیش کیا گیا ہے - یا اسے اس سے قبل اس لئے نافذ کیا گیا تھا کہ ایک بار مغربی پاکستان ہائی کورٹ نے خواجہ محمد صفدر صاحب کی ایک Writ Petition پر اسے آئین کے خلاف قرار دیا تھا اور اس کے بعد جب ایک ترمیم شدہ ہنگامی قانون اس ایوان میں اپنی طاقت کے بل بوتے پر پاس کروایا گیا - اور اس کو بھی جب عدالت عالیہ میں چیلنج کیا گیا تو ہماری حکومت نیک نیتی سے نہیں - بلکہ محض مجبوری کی بناء پر موجودہ ہنگامی قانون ترمیم شدہ حالت میں اس ملک میں نافذ کرنے کے لئے لے آئی -

جناب سپیکر - میرا خیال ہے کہ آپ مجھے متفق ہونگے کہ ہماری حکومت نے عملی طور پر جو کچھ بھی پچھلے چھ سات سال کے عرصہ میں کیا ہے - اس میں اب کسی شک و شبہ کی گنجائش نہیں کہ ہماری حکومت آزادیٔ تحریر و تقریر کی قائل ہی نہیں اور اس میں بھی شک نہیں کہ انہوں نے غلطی سے آئین میں بعض ایسی دفعات شامل کرلی ہیں جو آج ان کے ارادوں کی تکمیل کے راستے میں حائل ہیں - میں سمجھتا ہوں - اس ملک کی آبادی کے جذبات کا احترام کرنا تو ان کا کام ہی نہیں - ہوسکتا ہے کہ کسی بیرونی طاقت یا بیرونی ممالک کو دکھانے کی غرض سے انہوں نے یہ دفعات اس آئین میں رکھی ہوں لیکن انتہائی فیاضی کے بعد (جسے فراخدلی بھی کہا جا سکتا ہے) آج یہ ہنگامی قانون جس طرح نافذ کیا گیا ہے - اس کی شکل میرے نزدیک پہلے ہنگامی قانون سے بھی زیادہ بھیانک اور خطرناک ہے -

جناب سپیکر - اس ہنگامی قانون کی زبان اس قسم کی ہے جو عام فہم نہیں - اس سے قبل جو وزرائے قانون رہے ہیں ہمارے موجودہ وزیر قانون ان سے زیادہ لائق فائق ہیں - عام طور پر جیسا کہ انہیں معلوم ہے یہ کہا جاتا ہے کہ قانون کی زبان مختصر ہونی چاہئے اس طرح کہ اس کی دفعات کو ذومعنی نہ بنایا جا سکے - وہ واضح ہو اور غیر مبہم ہو - تاکہ کسی قسم کا ابہام یا غلط فہمی پیدا نہ ہو - قانون سازی میں قانون کی زبان کے لئے یہی بنیادی اصول ہے - لیکن یہاں یہ بات اس ہنگامی قانون کی تمام تر operating clauses کے خلاف جاتی ہے - مثلاً سیکشن ۲ کی سب سیکشن ۸ میں یہ بتایا گیا ہے کہ کوئی شخص لاؤڈ سپیکر نہیں چلائے گا ، استعمال نہیں کرے گا یا استعمال کرنے میں مدد

نہیں دے گا ۔ اور یہ کہ کسی پبلک جگہ میں ایسے طریقہ سے استعمال نہیں کرے گا جس سے ملک کی آبادی کے جذبات مجروح ہوں یا ان کو کوئی تکلیف ہو اس کے بعد کلاز ڈی میں یہ بتایا گیا ہے کہ لاؤڈ سپیکر کسی عبادت گاہ میں استعمال نہیں کیا جائے گا کسی ہسپتال میں یا تعلیمی ادارہ میں یا ان جگہوں میں جن کی تفصیل دی گئی ہے استعمال نہیں ہوگا ۔

یہاں Proximity کا لفظ ہے اسے وسیع معنی پہنائے جا سکتے ہیں اور پھر کوئی سب انسپکٹر پولیس لاؤڈ سپیکر استعمال کرنے یا چلانے یا سننے والوں کو اس ہنگامی قانون کی خلاف ورزی کرنے کی اپیٹ میں لے سکتا ہے آگے چل کر اس قانون میں یہ دیا گیا ہے ۔

Section 2 (1) of the Ordinance says :

"No person shall operate or use or cause to be operated or used a loud-speaker or a sound amplifier in a mosque, church, temple or other place of worship in a manner or at a volume whereby any sound from such loud-speaker or sound amplifier could be heard outside the immediate precincts of such mosque, church, temple or other place of worship."

جناب سپیکر ۔ آپ نے بھی کبھی کسی پبلک اجتماع کو خطاب کیا ہوگا یا کسی مسجد میں جانے کا اتفاق ہوا ہوگا جہاں لاؤڈ سپیکر کا استعمال ہو رہا ہو ۔ میرے علم میں تو ماسوائے چند ایک مساجد میں جو بہت ہی وسیع ہیں سب مسجدوں میں جہاں لاؤڈ سپیکر کا استعمال کیا جاتا ہے اس کی آواز مسجد کی حدود سے لازماً باہر چلی جاتی ہے ۔ دراصل لاؤڈ سپیکر کے استعمال پر کسی خاص اوقات کے دوران میں پابندی لگائی جا سکتی ہے ۔ اور اس بات پر مجبور کیا جا سکتا ہے کہ اس کی velocity اس کی آواز مقررہ حد سے تجاوز نہ کرے ۔ لیکن

اس پابندی کی بناء پر کہ مسجد کی حدود سے باہر لاؤڈ سپیکر کی آواز سنائی نہ دے لازماً نتیجہ یہ ہوگا کہ لاؤڈ سپیکر چلانے والے استعمال کرنے والے یا اجتماع میں شامل ہونے والے اشخاص کو دھر لیا جائے گا۔ اس سے پہلے جب کسی شخص یا کسی ادارے یا کسی جماعت کو لاؤڈ سپیکر استعمال کرنے کی ضرورت پڑتی تھی تو اسے ڈپٹی کمشنر صاحب سے اجازت لینا پڑتی تھی اجازت لینے کے بعد جب وہ استعمال کرتا تھا تو یہ تمام شرائط اور پابندیاں اس پر عائد ہوتی تھیں۔ چونکہ وہ ان پر پورا نہیں اترتا تھا۔ اس لئے اکثر اوقات اجازت نہیں ملتی تھی۔ اس قانون کی بھی یہی منشاء تھی کہ اجازت نہ دی جائے اور ملک میں ایک سیاسی جمود طاری رہے۔ اب بھی اس قانون کی یہی منشاء ہے کہ سیاسی جمود طاری رہے۔ اس لحاظ سے پہلے جو پابندی لگائی گئی تھی وہ موثر ثابت ہوئی۔ اب اس سے ایک فائدہ ضرور ہوا ہے کہ پہلے چونکہ اجازت نہیں ملتی تھی لوگ خواہ مخواہ مقدمات میں ملوث نہیں ہوتے تھے۔ البتہ اتنا ضرور ہے کہ اب اگر کوئی غلطی ہوئی تو انہیں جیل یاترا کے لئے جانا پڑے گا۔

وزیر قانون صاحب جو حکومت کی یہاں نمائندگی کرتے ہیں یا جو نامزد وزیر ہیں میں سمجھتا ہوں کہ ہنگامی قانون بنانے کو ان کی یہی منشاء تھی کہ عام لوگوں کو یہ بتایا جائے کہ ہم نے لاؤڈ سپیکر کے استعمال پر جو سخت قسم کی پابندیاں لگائی گئی تھیں انہیں ہٹا دیا گیا ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ میں اسے ہمرنگ زمین جال قرار دیتا ہوں۔

جناب سپیکر ۔ سیکشن ۲ کی سب سیکشن ۲ میں یہ بتایا گیا ہے ۔

"Nothing in this Section shall be applicable to the use of loudspeakers or sound amplifiers for the purposes of Azan, prayers, or of Khutba delivered on Fridays or at the time of Eid prayers in a moderate tone."

جناب وزیر قانون نے اپنی قانونی قابلیت کے تحت اسے moderate tone کہا ہے ۔ اگر وہ اس ایوان کو بتا دیں کہ وہ moderate tone کیا ہے تو زیادہ بہتر تھا ۔

ہم لوگوں کو جب کبھی موقع نصیب ہوا ہے کہ پبلک اجتماع کو خطاب کریں تو سب سے پہلے ہماری حکومت ایسے طریقے اور حربے استعمال کرتی تھی جو عوام کو معلوم ہیں ۔ آپ کو یاد ہوگا کہ جب کبھی حزب اختلاف یا کسی جماعت یا کسی شخص کی طرف سے کسی شہر میں جلسہ عام کا انتظام اور اہتمام کیا گیا تو اس میں بہت سے غیر پسندیدہ عناصر نے مداخلت کی ۔ پہلے پہل جب لاؤڈ سپیکر پر پابندی عائد کی گئی تو اس وقت جماعت اسلامی اپنا سالانہ جلسہ منعقد کر رہی تھی یہ آرڈیننس اسی وقت عائد کیا گیا تھا ۔ اور لاؤڈ سپیکر پر پابندی کا جواز اس لئے پیدا کیا گیا تھا کیونکہ ایسے چار پانچ لوگ جن کی نیت صاف نہ ہو بآسانی میسر آ جاتے ہیں ۔

ان سے یہ درخواست کی گئی کہ یہاں لاؤڈ سپیکر کے استعمال سے تکلیف ہوتی ہے لہذا حکومت نے لاؤڈ سپیکر کے استعمال کی اجازت نہیں دی اور اجازت نہ دینے کے بعد پھر اس قسم کا ہنگامی قانون نافذ کرنے کی جرأت نہیں کی بلکہ نافذ کر دیا ۔

جناب سپیکر ۔ پہلے غیر پسندیدہ عناصر کے ذریعہ جلسوں میں گڑبڑ کروائی گئی ، پھر یہ آرڈیننس نافذ کیا اور جب یہ آرڈیننس عدلیہ نے خلاف آئین قرار دے دیا تو پھر دوبارہ اس قسم کا آرڈیننس یہ لایا گیا ہے جو کسی لحاظ سے بھی پہلے آرڈیننس سے

کم خطرناک نہیں ہے ۔ آپ کو اس چیز کا احساس ہوگا کہ اس سائنس کے ترقی یافتہ دور میں جب کہ آبادی بہت بڑھ چکی ہے کسی جلسہ عام کو لاؤڈ سپیکر کے استعمال کے بغیر خطاب کرنا تقریباً ناممکن ہوگیا ہے ۔ اور سیاسی ، سماجی اور اصلاحی نقطۂ نظر سے جلسہ عام میں اپنے خیالات دوسروں تک پہونچانا ہمارا پیدائشی حق ہے اور اس کے ذریعہ کسی جلسہ عام میں تقریر کرنا تکلیف دہ قرار نہیں دیا جا سکتا ۔ ہماری حکومت کے نزدیک پولیس جو کہ پہلے ہی بہت نیک نام ہے اور جس نے ماضی میں بڑے بڑے کارہائے نمایاں سرانجام دئے ہیں اس کو چاہئے تھا کہ وہ اس قانون کو قابل دست اندازی پولیس قرار دیتی ۔ اس کے لئے یہ مناسب تھا یہ موزوں تھا کہ وہ پولیس کو اختیارات دینے کے بجائے میونسپلٹیوں کو ہدایات کرتی کہ چونکہ لاؤڈ سپیکر کے استعمال کا مسئلہ امن و امان کا مسئلہ نہیں ہے بلکہ اس کا تعلق ملحقہ آبادی کی تھوڑی بہت تکلیف اور پریشانی سے ہے ۔ میونسپلٹیاں اپنے حدود میں لاؤڈ سپیکر کی اجازت دینے کے لئے کچھ بائی لاز فراہم کر سکتی ہیں اور ان بائی لاز کے ذریعہ میونسپلٹیاں کچھ خاص جگہ مقرر کر دیتیں جہاں لاؤڈ سپیکر کا استعمال کیا جاتا اور جہاں پبلک جلسے منعقد کئے جاتے ۔ لہذا پولیس کو یہ اختیار دینا کسی لحاظ سے بھی مفید نہیں ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہ لوگ جو حکومت پر نکتہ چینی کرتے ہیں اور ان کی نکتہ چینی کرنے کی وجہ محض یہ ہوتی ہے کہ وہ سمجھتے ہیں کہ ہماری حکومت اس ملک کو پولیس سٹیٹ میں منتقل کر رہی ہے ۔ ہماری حکومت بجائے اس کے کہ وہ کام نہ کرے جن کی وجہ سے پبلک شاکی ہے یا یہ کہ حکومت اس ملک کو پولیس سٹیٹ نہ بنائے مگر ہماری حکومت کو

یہ طرہ امتیاز حاصل ہے کہ اگر ان کے خلاف کوئی بات کہی جائے تو یہ اس کو پورا کر کے دکھا دیں گے۔ یہ اس بات میں فخر محسوس کرتے ہیں کہ جو کچھ بھی اختیار دیا جائے وہ پولیس کو دیا جائے۔ لیکن ان کو پہلے ہی علم ہے کہ پولیس اپنے فرائض جو کہ بہت ہی زیادہ اہمیت رکھتے ہیں جن کا تعلق ہمارے ملک میں لوگوں کی جان و مال اور عزت کی حفاظت سے ہے پہلے ہی اچھے طریقہ سے سر انجام نہیں دے رہی ہے۔ پبلک نالاں ہے۔ امن و امان انتہائی مخدوش ہے۔ لوگوں کی جان و مال اور عزت اس ملک میں محفوظ نہیں ہے اور پولیس اپنے فرائض میں پوری طرح ناکام ہو چکی ہے۔ میں یہ نہیں سمجھتا کہ یہ حکومت اس قسم کے اختیارات اس بدنام پولیس کے محکمہ کو کیوں دینی ہے۔ اگر ہماری حکومت یہ سمجھتی ہے کہ انہوں نے اپنے فرائض بخوبی سر انجام دے لئے ہیں یا انہوں نے پولیس کے محکمہ کی اصلاح کرلی ہے تو اس کے بعد میں سمجھتا ہوں کہ انہیں یہ حق پہنچتا ہے کہ پولیس کو زیادہ سے زیادہ اختیارات دیتے چلے جائیں۔ لیکن جب حالات اس کے برعکس ہوں تو میں سمجھتا ہوں کہ حکومت محکمہ پولیس اور اپنے ساتھ بھی زیادتی کرتی ہے۔ اگر آپ کو اس ملک کی آبادی کے ساتھ زیادتی کرنے میں کوئی آر نہیں اگر آپ اس ملک کی آبادی کے ساتھ زیادتی کرنا اچھا سمجھتے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ آپ کم سے کم اپنے ساتھ ہی انصاف کیجئے کہ اس محکمہ پولیس کو ایسی جگہوں پر استعمال نہ کیا جائے جہاں ان کا استعمال کرنا کسی لحاظ سے بھی مناسب نہیں ہے۔

جناب سپیکر۔ اس ملک میں جو کچھ بھی حزب اختلاف کی پارٹیوں کے ساتھ یا ان افراد کے ساتھ جنہوں نے کہ اس حکومت

کی پالیسیوں کی مخالفت کی ہے جو سلوک کیا گیا ہے وہ کسی سے چھپا نہیں ہے - ہماری حکومت نے یہ اصول بنا لیا ہے کہ وہ جس طرح بذات خود پبلک سے بھاگتی ہے اور پبلک کو اپنے اعتماد میں نہیں لینا چاہتی اور ایک خاص vested interest کلاس پیدا کرنا چاہتی ہے اور ان کے ذریعہ سے اس ملک پر حکومت کرنا چاہتی ہے - ان کا یہ خیال ہے کہ اگر حزب اختلاف کے لوگ جو عوام الناس کی حکمرانی کے قائل ہیں اگر وہ عوام الناس کو خطاب کرتے رہے اور اس حکومت کی بد عنوانیوں سے اور وہ مظالم جو کہ اس وقت یہ عوام پر ڈھا رہے ہیں ان سے انکو آگاہ کرتے رہے تو اس سے اس حکومت کے امور میں کمی واقع ہو گی - حقیقت میں یہ جو آرڈیننس ہے اس کا بڑا مقصد یہ ہے کہ اس ملک میں جو گھٹن ہے یہ بدستور قائم رہے اور آزادی تقریر و تحریر کا جو اصول ہے یا جو حق ہے وہ محض کتابوں میں یا آئین میں لکھا رہے - عملی طور پر اس سے مستفیض ہونے کی نوبت ہی اس ملک میں نہ آئے - میں ان الفاظ کے ساتھ اس کی انتہائی مخالفت کرتا ہوں اور جناب وزیر صاحب سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ وہ انتہائی ذہین ہیں اگر وہ نیک نیتی سے اس تمام کے تمام آرڈیننس کا جائزہ لینگے تو ان کو پتہ چلے گا کہ یہ انتہائی Defective ہے اور پہلے ہنگامی قانون سے بھی زیادہ خطرناک ہے -

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - جناب سپیکر - لاؤڈ سپیکر قوانین کی تاریخ ہمارے ملک کے اس حصہ میں مختصر ضرور ہے لیکن بڑی المناک ہے - اور جب ان قوانین کا ذکر آتا ہے تو بڑی تلخ یادیں تازہ ہو جاتی ہیں اور جمہوریت پر لگائے ہوئے کئی گہرے زخم ہرے ہو جاتے ہیں -

جناب سپیکر ۔ اکتوبر ۱۹۶۳ء سے پہلے ملک کے اس حصہ میں اپنی آواز کو دوسروں تک پہنچانے کے لئے کوئی پابندی نہیں تھی ۔ میں یہ بات کہنے میں کوئی خوشی محسوس نہیں کر رہا ہوں اور نہ لذت نفس کے لئے کہہ رہا ہوں لیکن یہ امر واقعہ ہے کہ اس برصغیر میں تقسیم ملک سے پہلے جو مختلف حکمران تھے ۔ جب انگریز حکمران تھے اور جب انگریز حکمرانوں کے خلاف آزادی کی جدوجہد جاری تھی تو لوگوں کا مطالبہ اس وقت انگریز حکمرانوں کو تبدیل کرنا نہ تھا بلکہ ان کو ملک سے نکالنا تھا اور اس وقت جب حکمرانوں کے نقطۂ نظر سے وہ مطالبہ بغاوت کے مترادف تھا تب ملک میں تقریر پر وہ پابندیاں عائد نہ تھیں جن سے آج ہم دو چار ہیں ۔ ملک میں تقریریں ہوتی تھیں ۔ سیاسی جماعتیں قائم ہوتی تھیں ۔ سیاسی رہنما لوگوں کو اکساتے تھے ان حکمرانوں کے خلاف بغاوت پر ۔ ان حکمرانوں کے ملک چھوڑنے پر quit India کا موومنٹ چلا تھا لیکن عوامی نقطۂ نظر سے سوچنے اور اپنے نتیجہ فکر کو دوسروں تک پہنچانے کی آزادی تھی ۔ ان پر وہ پابندیاں نہ تھیں جو آج ہمارے اس آزاد ملک کے شہریوں پر خود ان کے منتخب کئے ہوئے حکمرانوں کی طرف سے ان پر وہ لوگ عائد کرتے ہیں کہ جنکو ہمارے ہی خزانے سے عوام الناس کے جمع کئے ہوئے ٹیکسوں سے تنخواہ ملتی ہے ۔ جناب والا ۲۳ اکتوبر ۱۹۶۳ء کو سب سے پہلے لاؤڈسپیکر آرڈیننس اس ملک میں اس وقت عائد ہوا جب اس ملک کی ایک منظم سیاسی جماعت اپنے تمام کارکنوں کا اجتماع آپکے اس لاہور شہر میں منعقد کر رہی تھیں ۔ پورے ملک سے ، صرف مغربی پاکستان سے ہی نہیں بلکہ مشرقی پاکستان سے بھی سینکڑوں اور ہزاروں کی تعداد میں انسان

جوق در جوق لاہور میں اکٹھے ہوئے اپنی سیاسی جماعت کے لائحہ عمل کو سمجھنے کے لئے - اپنی پچھلی کارروائیوں کا جائزہ لینے کے لئے - یہ کوئی بد امنی پیدا کرنے والا اجتماع نہیں تھا - اس اجتماع کا مقصد یہ تھا کہ کارکن اپنی جماعت کی کارکردگی سے با خبر ہوں اور عوام کو یہ بتایا جائے کہ اجتماعات کا مقصد ان کا لائحہ عمل، ان کا طریق کار ، ان کی زندگی کا مقصد کیا ہے - اس وقت کے ارباب اقتدار کو خود علم تھا کہ یہ اجتماع امن عامہ کے خلاف نہیں - چنانچہ دس ہزار آدمیوں کے اجتماع کو خطاب کرنے کی اجازت تو دے دی گئی لیکن لاؤڈسپیکر کے بغیر - اور اس لاؤڈ سپیکر کے استعمال کو روکنے کے لئے وہ بدنام زمانہ لاؤڈ سپیکر آرڈیننس جس کو ۱۹۶۳ -۱۰-۲۳ کا آرڈیننس کہا جاتا ہے نافذ کیا گیا - اس میں یہ دفعات موجود تھیں کہ آپ اپنی ضرورت حکام وقت کے پاس لیجائیں - ڈی - سی کے پاس لے جائیں اگر ان کے فیصلے سے آپ مطمئن نہ ہوں تو کمشنر کے پاس لے جائیں - تمام صورت اختیار کی گئی لیکن ان کا منشاء تھا کہ ۱۰ ہزار آدمیوں کا اجتماع لاؤڈ سپیکر کے بغیر چلے - جناب والا - اس کے بعد جنوری ۱۹۶۴ء میں کچھ بین‌الاقوامی حالات کی وجہ سے ، کچھ ملک کے داخلی مسائل کی وجہ سے ، ہماری حکومت مجبور ہوئی کہ دستور میں بنیادی حقوق کے نام سے وہ قانونی دفعات شامل کی جائیں کہ جو آزادیٔ تقریر اور آزادیٔ اجتماع کا وہ حق لوگوں کو دے جو اگرچہ ان کو اس سے پہلے بھی حاصل نہ تھا - اس کے بعد اس ایوان کے حزب اختلاف کے رہنما خواجہ محمد صفدر صاحب نے ملک کی عدالت عالیہ کیطرف رجوع کیا کہ اس آرڈیننس کو دستور کے خلاف قرار دیا جائے - ہمیں فخر ہے کہ ہمیں اپنی

عدلیہ سے انصاف کی پوری توقع ہے اور وہ ہماری وہ توقع پوری ہوئی ۔ عدالت نے اس آرڈیننس کو کالعدم قرار دیا اور اپنے فیصلہ میں بھی واضح الفاظ میں بتا دیا کہ آزادی تقریر عوام کا بنیادی حق ہے ۔ جسکے لئے لاؤڈ سپیکر کا استعمال ایک جائز ضرورت ہے ۔ سائنس کی ترقی کیوجہ سے جبکہ آواز کو دوسروں تک پہنچانے کے لئے لاؤڈ سپیکر وجود میں آ چکا ہے ۔ یہ بات دنیا کے تمام مہذب ملکوں ۔ انگلینڈ امریکہ یہاں تک کہ ہندوستان میں بھی تسلیم کیجاتی ہے کہ آزادی تقریر کے حق میں یہ بات شامل ہے کہ جس کو آزادی تقریر ہو وہ لاؤڈ سپیکر استعمال کر کے اپنی بات اور اپنا نتیجۂ فکر دوسروں تک پہنچا سکے ۔ میں اس سلسلے میں آپکے سامنے خواجہ محمد صفدر صاحب کے مقدمے کے سلسلے میں پیش شدہ امریکہ کے ایک مقدمہ کا جو حوالہ دیتا ہوں ۔ جو ہمارے لاؤڈ سپیکر آرڈیننس سے متعلق ہے اور بہت relevant ہے اس کا ایک جزو اس ایوان میں اپنے دوستوں کی اطلاع کے لئے میں پڑھ کر سناؤں گا ۔

"It was a case in which, under Section 2 of the Municipal Ordinance, it was made unlawful for any person to maintain and operate in any building or in any premises or in any automobile, motor truck or other motor vehicles, any radio device, mechanical device or loudspeaker or any device of any kind whereby the sound therefrom was cast directly upon the streets and public places,... "

یہ ہمارے اس آرڈیننس کی اُس دفعہ سے متعلق ہے جس میں یہ چیز کہی گئی ہے کہ آپ لاؤڈ سپیکر کا اس طرح استعمال نہ کریں کہ وہ دوسروں کو تکلیف پہنچائے یا یہ کہ وہ کسی کے آرام میں مخل ہو تو امریکہ کا جو قانون تھا اس میں بھی یہ درج تھا

".... that the sounds coming therefrom could be heard to the annoyance or inconvenience of the travellers upon any street or public places or of persons in neighbouring premises. Section 3 provided for an exemption from violation of Section 2 in the case of public dissemination through Radio, loudspeakers, of items of news and matters of public concern and atheletic activities

provided the same was done under permission obtained from the Chief of Police. Samuel Saia, who was a Minister of the Religious Sect known as Jehova's Witnesses obtained, a permission from the Chief of Police to use sound equipment, mounted atop his car to amplify lectures on the religious subjects. These lectures were given on Sundays at a fixed place in a public park. When the permit expired he applied for another one but was refused on the ground that complaints had been made. He nevertheless used his equipment on four occasions without a permit. He was tried for violation of the Ordinance and was convicted. On appeal to the Supreme Court of United States of America Section 3 of the Ordinance was held to be unconstitutional on its face on the ground that it established a previous restraint on the right of free speech...

تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس دنیا کے مہذب ممالک نے لاؤڈ سپیکر کے ذریعے اپنی بات دوسروں تک پہنچانے کی ضرورت پر اتفاق کا اظہار کر دیا ہے اور اس ضرورت کے تحت اس کا استعمال انسان کے بنیادی حق میں شامل ہے ۔ اب آپ اس آزادیٔ تقریر کے حق کی روشنی میں اس آرڈیننس کا جائزہ لیں تو جناب والا آپ دیکھیں گے کہ اس کا پہلا کلاز یعنی

No person shall operate or use or cause to be operated or used a loudspeaker or a sound amplifier:-

(a) in a public place, in a manner so as to cause or to be likely to cause annoyance or injury to persons residing in any residential locality;"

یہ کلاز اتنا خوفناک ہے کہ آپ کسی وقت بھی کسی جلسۂ عام سے خطاب نہیں کر سکتے بغیر اس خطرہ کے کہ کسی وقت ایک پولیس انسپکٹر آئے اور آپکو بتائے کہ آپکی تقریر اور آپکا جلسہ لوگوں کی تکلیف کا باعث ہے لہذا آپ اس کو بند کر دیں ۔ پہلے قانون میں اتنی گنجائش تھی کہ ایک دفعہ بہ دقت تمام ، بڑی کوششوں سے ، خوش قسمتی سے اگر آپکو اجازت مل گئی ڈی ۔ سی سے تو آپکو اپنا جلسہ کرنے کی اجازت تھی اور آزادی تھی ۔ آپ اطمینان سے اپنی بات دوسروں تک پہنچا سکتے تھے ۔ آپ مقررین کو اور رہنماؤں کو اطمینان سے بلا سکتے تھے اور آرام کے ساتھ جلسہ کر سکتے تھے۔ لیکن اب یہ سب انسپکٹر کی تلوار ہر

وقت آپکے سر پر لٹکتی رہے گی ۔ کیونکہ اگر آپکی تقریر اسکی مرضی کے خلاف ہوگی تو وہ آپ سے کہہ دے گا کہ آپکے جلسہ میں لاؤڈسپیکر کا یہ استعمال اس آرڈیننس کے خلاف ہے اسے بند کریں ۔ میں سمجھتا ہوں یہ آرڈیننس لاؤڈسپیکر کے پچھلے آرڈیننس کے مقابلہ میں بدترین قانون ہے ۔ جو ہماری شخصی آزادی کے خلاف استعمال کیا جا سکتا ہے۔ میرے دوست مسٹر حمزہ نے بجا طور پر فرمایا ہے کہ ایک مجمل لفظ "Moderate" استعمال کر کے مسجدوں میں آذانوں اور خطبوں پر پابندی لگا دی گئی ہے ۔ اسکی کیا گارنٹی ہے کہ جو آواز کسی ایک شخص کے لئے ماڈریٹ ہے وہ دوسرے نازک طبع شخص پر گراں نہیں گزریگی ۔ قانون میں اس قسم کے مبہم الفاظ استعمال کرنے سے حکومت کا مقصد یہ ہے کہ عوام اسکے قابو میں رہیں ۔ ادنیٰ پولیس افسروں کو یہ اختیارات دینے کا بھی یہی مقصد ہے کہ وہ عوام کو Harass کرتے رہیں ۔ اب اس سے آگے چلئے ۔ سیکشن ۴ میں یہ درج ہے ۔

"Any police officer not below the rank of Sub-Inspector may seize and take possession of any loudspeaker or sound amplifier used or reasonably suspected to have been used..."

خان حبیب اللہ خان ۔ جناب والا ۔ میں مجبور ہوں کہ پوائنٹ آف آرڈر پیش کروں کیونکہ اگر یہاں اس قانون کے غلط معنی اور غلط تاویل کی اجازت دی گئی تو عین ممکن ہے کہ ممبر صاحبان پر اسکا غلط اثر ہو ۔ اسلئے میں انکی توجہ سیکشن ۲ کے سب سیکشن ۲ کی طرف مبذول کرتا ہوں ۔

"Nothing in this sectioo shall be applicable to use of loudspeakers or sound amplifiers for the purposes of Azan, prayers or of Khutba delivered on Fridays or at the time of Eid prayers in a moderate tone."

اسکا مطلب یہ نہیں کہ اذان اور نماز پر لفظ ماڈریٹ کا اطلاق ہوتا ہے ۔ اسکا مطلب یہ ہے کہ خطبہ جو ماڈریٹ آواز میں پڑھا جائے ۔ کیونکہ لفظ اذان کے بعد کا ہے ۔

انہوں نے فرمایا ہے کہ اذان پر بھی یہ پابندی ہے کہ مدھم آواز میں دی جائے ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس آرڈیننس کی رو سے اذان پر کوئی پابندی نہیں ہے ۔ جس آواز میں کوئی چاہے پڑھے ۔ اگر کوئی یہ کہے کہ اذان پر یہ پابندی ہے کہ درمیانی آواز میں دی جائے تو یہ غلط ہے ۔ لاءمنسٹر صاحب اسکی مزید وضاحت کر دینگے ۔ محترم رکن اس پر اپنا وقت ضائع نہ کریں ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔ جناب والا ۔ جناب قائد ایوان نے یہ وضاحت فرما کر بڑی مہربانی کی ہے ۔ وہ تھوڑی سی اور مہربانی کریں اور یہاں ہمیں عملی طور پر بتا دیں کہ ''ماڈریٹ ٹون،، کیا ہوتا ہے تاکہ ہم باہر جا کر لوگوں کو بتا سکیں اور وہ غلطی سے کسی جرم کے مرتکب نہ ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میں لیڈر آف دی ہاؤس کی توجہ کا مشکور ہوں ۔ مگر جسطرح یہاں الفاظ لکھے گئے ہیں اور جو کچھ مجھے انگریزی ادب سے سمجھ اسکے مطابق انکی توجہ ٹھیک نہیں سلم ہوتی ہے ۔

"... use of loudspeakers or sound amplifiers for the purp oses of Azan, prayers or of Khutba...".

رانا پھول محمد خان ۔ پوآئنٹ آف آرڈر جناب ۔ جناب والا ۔ چونکہ میرے دوست مولانا صاحب کی تقریر انکے پیدائشی حق سے تعلق رکھتی ہے ۔ مگر انکی تیز رفتاری کی وجہ سے میں انکے سارے لفظ نہیں سمجھ سکتا اور اس سے میرے پیدائشی حق کی حق تلفی ہوتی ہے اسلئے میں ان سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ اپنی رفتار تھوڑی سی دھیمی کر دیں تا کہ ہم انکی تقریر سمجھ سکیں ۔

مسٹر سپیکر - یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے، درخواست ہے -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - اپنی بات کہنا ضرور میرا پیدائشی حق ہے لیکن کسی کا اسے سمجھنا اسکا پیدائشی حق نہیں - بہر حال میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہاں الفاظ اسطرح سے ہیں اور جہاں تک انگریزی ادب پر میری نظر ہے میں سمجھتا ہوں کہ ماڈریٹ کا اطلاق تینوں پر ہوتا ہے - بہر حال میں قائد ایوان کی اس یقین دہانی کو قبول کرتا ہوں کہ اذان اور نماز پر اسکا اطلاق نہیں ہوتا - صرف خطبہ پر ہوتا ہے- لیکن وہ مشکل پھر بھی باقی رہتی ہے کہ لفظ ماڈریٹ کی کیا تعریف ہے - آپ اپنی طرف سے ماڈریٹ آواز میں خطبہ دیتے ہیں مگر کسی کی نازک طبع پر وہی آواز گران گزرتی ہے - لفظ ماڈریٹ مبہم ہے اور یہ اختیار پولیس کے حکام کو دیا گیا ہے کہ وہ فیصلہ کریں کہ کونسی آواز ماڈریٹ ہے اور کونسی ماڈریٹ نہیں ہے - فرض کیجئے ایک امام مسجد جسکے اپنے علاقے کے تھانیدار سے اچھے تعلقات نہیں ہیں اپنی دانست میں ماڈریٹ آواز میں خطبہ دے رہا ہے - اب اگر وہ تھانیدار چاہے تو اس دفعہ کے تحت اسکے فرائض میں حائل ہو سکتا ہے - پولیس کے ادنیٰ حکام کو اتنے وسیع اختیارات دے دئے گئے ہیں کہ کوئی بڑے سے بڑا آدمی بھی ان سے محفوظ نہیں رہ سکتا - جیسا کہ میں نے بتایا ہے پولیس افسر کو یہ بھی اختیار ہے کہ اگر اسے شبہ بھی ہو کہ کوئی لاؤڈ سپیکر ایسے مقصد کے لئے استعمال کیا گیا ہے تو وہ اسے ضبط کر سکتا ہے - لاؤڈ سپیکر کو استعمال کوئی اور کرتا ہے مگر سزا اسکے مالک کو ملتی ہے -

ایک ممبر - جناب والا - آپکے حکم کے باوجود انہوں نے اپنی رفتار کم نہیں کی -

مسٹر سپیکر ۔ یہ بھی انکا پیدائشی حق ہے ۔

مسٹر جلال الدین خان ۔ جناب والا ۔ ماڈریٹ ٹون سے یہ مراد ہے کہ وہ ماڈریٹ طریق سے بات کرے ۔ اس شخص کی تقریر سے کسی کی انفرادی بیعزتی نہ ہو ، اسکی قوم کی بیعزتی نہ ہو ۔ اسکی پارٹی کی بیعزتی نہ ہو ۔

مسٹر سپیکر ۔ کسی فاضل ممبر کی تقریر کے دوران آپ پوائنٹ آف آرڈر تو اٹھا سکتے ہیں ۔ لیکن اگر آپ نے کوئی وضاحت کرنی ہو یا کوئی جواب دینا ہو تو اس معزز ممبر کے بعد آپ باقاعدہ تقریر کر سکتے ہیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ پہلے میں اپنے معزز رفقاء سے معذرت چاہتا ہوں ۔ کہ میں تیز بولتا ہوں اور انہیں میری بات سمجھنے میں دقت محسوس ہو رہی ہے ۔ بہر حال میں کوشش کرونگا کہ میں قدرے آہستہ بولوں ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ سیکشن ۴ میں پولیس کے معمولی حکام کو بھی صرف شبے کی بناء پر یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ ملک کے کسی بھی معزز سے معزز آدمی کو اپنے اختیار کے دائرے میں لے سکتا ہے جب کہ پہلے قوانین اپنے اندر اس بات کی گنجائش رکھتے تھے کہ لاؤڈ سپیکر کے استعمال کے لئے ڈپٹی کمشنر سے اجازت حاصل کرنے کے بعد کوئی شخص آزاد ہوگا کہ وہ اس کو moderate tone میں استعمال کرے ۔ یا اس کو زیادہ volume میں استعمال کرے اور وہ اسے کسی public place میں اس طرح استعمال کرے کہ آواز باہر جائے ۔ یا اس طرح سے استعمال کرے کہ آواز باہر نہ جائے اور دوسروں کو inconvenience نہ ہو ۔ تو اس

صورت میں لاؤڈ سپیکر کرائے پر دینے والے لوگ بڑے اطمینان کے ساتھ کسی شخص سے یہ پوچھ سکتے تھے کہ حضور آپ لاؤڈ سپیکر کرائے پر حاصل تو کر رہے ہیں ۔ آپ کے پاس ڈپٹی کمشنر صاحب کا اجازت نامہ موجود ہے ۔؟ اور اس اجازت نامے کو دیکھنے کے بعد وہ مطمئن ہو جاتا تھا ۔ کہ اس کا لاؤڈ سپیکر اس کے کرایہ داروں کے ہاتھوں میں محفوظ ہے ۔ لیکن اب صورت حال یہ ہے کہ کسی شخص کو لاؤڈ سپیکر استعمال کرنے کے لئے اجازت کی تو ضرورت نہیں لیکن ایک انسپکٹر پولیس کو یہ اختیار ہے کہ وہ جس وقت جس لاؤڈ سپیکر کو بھی چاہے اس کے moderate tone میں نہ ہونے کی بناء پر یا اس بناء پر کہ اس کا استعمال اس طرح ہو رہا ہے کہ دوسروں کو inconvenience ہو رہی ہے وہ لاؤڈ سپیکر کوضبط کر سکتا ہے ۔ اس شق کی موجودگی سے میں سمجھتا ہوں کہ کوئی کم ہی ہوشمند دوکاندار ہوگا جو لاؤڈ سپیکر کو کرائے پر دے کر اپنے دو ہزار روپے کی مالیت کی چیز کو خطرے میں ڈال دے ۔ کیونکہ اسے تو اس امر کا علم نہیں ہے کہ کب اس کا لاؤڈ سپیکر پولیس انسپکٹر کی مرضی کے خلاف استعمال ہوگا ۔ اور اس کا لاؤڈ سپیکر ضبط ہو جائے گا ۔ اور نہ صرف یہ کہ لاؤڈ سپیکر ہی ضبط ہو جائے گا ۔ بلکہ اس کو استعمال کرنے والا ، اس کے استعمال میں اعانت کرنے والا بھی مجرم اور قابل سزا ہے ۔ مستلزم جرم ہے ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس آرڈیننس کی رو سے پولیس کے ادنٰی حکام کو بھی اس قدر وسیع اختیارات دئے گئے ہیں ۔ اور وہ اختیارات اس قدر خطرناک ہیں کہ وہ اس ملک کے کسی بھی شہری کی آزادئی تقریر اور اس کے نتیجۂ فکر کو دوسروں تک پہنچانے میں حائل ہو سکتے ہیں ۔ اور ان اختیارات کی موجودگی

میں اس قانون کو یہاں پر پاس کر دینا اس معزز ادارے کے وقار کے منافی ہے۔ میں اپنی بات ختم کرنے سے پہلے اجازت چاہتا ہوں۔ کہ میں آپ کے توسط سے سامنے بیٹھنے والے معزز اور عزت مآب اراکین اسمبلی سے یہ درخواست کروں کہ وہ اس قانون کو اس بنیاد پر نہ دیکھیں کہ اسے اکثریتی پارٹی کی طرف سے اس ایوان میں پیش کیا گیا ہے۔ بلکہ اسے خالص عوام کے فلاح و بہبود کے نقطہ نظر سے دیکھیں۔ اسے اس نقطۂ نظر سے دیکھیں کہ دستور نے عوام کو آزادئی تقریر کا جو حق دیا ہے وہ حق اس آرڈیننس کی موجودگی میں پوری طرح سے استعمال کیا جا سکتا ہے، یا نہیں۔

جناب والا۔ کوئی بھی حکومت انسانوں کے نظریات اور ان کے افکار اور ان کے نتیجۂ فکر کو دوسروں تک پہنچانے کے حقوق پر قدغن لگا کر اور اس پر پہرے بٹھا کر اس کے مضر اثرات سے محفوظ نہیں رہ سکتی۔ بہت مشہور بات ہے کہ

بو فساد کی آتی ہے بند پانی میں

تو جب آپ لوگوں کے نظریات اور ان کے افکار کو دوسروں تک پہنچانے پر پابندی لگائیں گے تو پھر یقیناً وہ کوئی دوسرا راستہ اختیار کریں گے۔ جو ملک و قوم اور حکمرانوں کے لئے کبھی مفید نہ ہوگا۔ آپ کے پاس اکثریت کی قوت ہے۔ اور آپ بڑی آسانی کے ساتھ اپنی بھاری اکثریت کی بناء پر اس قانون کو اس ایوان میں منظور کرالیں گے۔ لیکن میں آپ سے عرض کرونگا کہ آپ اس قوت کے استعمال سے پہلے اور اس قانون کو منظور کرنے سے پہلے اپنے اس دوست سے ضرور مشورہ کریں۔ جنہوں نے کل علامہ اقبال مرحوم کا ایک بڑا ہی اچھا شعر پڑھا تھا۔۔۔۔*

*Expunged as ordered by the Speaker.

ملک محمد اختر (لاهور - ۲) جناب سپیکر - میں اس آرڈیننس کو آئین کی دفعات کے ساتھ ایزاد کر کے پڑھتا ہوں - میں سمجھتا ہوں کہ اس کا نفاذ ان دفعات کے ساتھ inconsistent ہے - جو ہمارے بنیادی حقوق نمبر ۹ کے متعلق ہیں - اور اپنی حمایت میں میں ہائی کورٹ کا وہ فیصلہ بھی اس معزز ایوان کے معزز اراکین کے سامنے پیش کرونگا جو ہمارے معزز ممبر خواجہ محمد صفدر صاحب کی رٹ درخواست پر ہائی کورٹ نے صادر فرمایا ہے - سب سے پہلے میں بنیادی حقوق نمبر ۹ کے متعلق عرض کروں گا -

مسٹر سپیکر - فاروقی صاحب - آپ نے اپنی تقریر میں فارسی کا ایک جملہ ارشاد فرمایا تھا - وہ جملہ کیا ہے -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - جناب والا - میں نے اپنے ایک دوست کے ارشاد کا اعادہ کیا تھا - اور میں سمجھتا ہوں - کہ ایک چیز ایک مرتبہ اس ایوان میں کہی جائے اور اس پر اعتراض نہ ہوا ہو - تو دوبارہ اس کے استعمال پر اعتراض نہ ہونا چاہئیے - میرے ایک معزز دوست جو کہ حزب اقتدار سے متعلق ہیں - انہوں نے فرمایا تھا (کہ از مغز دوصد خر فکر انسانے نمی آید) اور میں نے ان کا ہی اعادہ کیا تھا -

مسٹر سپیکر - آپ نے یہ جملہ کس حوالے میں استعمال کیا تھا -

مسٹر محمد یوسف خان - جناب والا - میں نے جمہوریت کے متعلق اپنا اظہار خیال کرتے ہوئے وہ حوالہ دیا تھا - اور میں نے اس سلسلے میں یہ عرض کیا تھا کہ علامہ اقبال مرحوم

نے بھی جمہوریت کے متعلق یہ فرمایا ہے کہ ع

گریز از طرز جمہوری غلام پختہ کارے شو

که از مغز دوصد خر فکر انسانے نمی آید

تو اگر آپ اس کے context کو توڑ کر بیان فرمائیں - تو اس کا مطلب کچھ اور ہو جاتا ہے - اس طرح سے تو یہ اس تمام ایوان پر ایک طنز ہے -

Mr. Speaker: The remarks made in Persian by Mr. Mahmud Azam Farooqi are expunged from the proceedings of the Assembly.

Yes, Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar: Sir, Basic Right No. 9 says —

> "**Freedom of Speech** - Every citizen shall have the right to freedom of speech and expression, subject to any reasonable restrictions imposed by law in the interest of security of Pakistan, friendly relations with foreign States, public order, decency or morality, or in relation to contempt of court, defamation or incitement to an offence."

آئین کی یہ دفعہ اس کے استعمال کو restrict کرتی ہے - صرف محدود پابندی لگائی ہے - لیکن جس فارم میں یہ آرڈیننس پیش کیا گیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ آئین کی اس دفعہ کے ساتھ inconsistent ہے - میری اس دلیل کو ہائی کورٹ کے اس فیصلے سے بھی support ملے گی - جو فیصلہ کہ میرے ایک معزز دوست کی رٹ درخواست پر ہائی کورٹ نے دیا تھا - لیکن اس رٹ درخواست کا حوالہ اس لئے دے رہا ہوں کہ یہ آرڈیننس اور اس سے پہلے کا وہ آرڈیننس جس کے متعلق فیصلے کا میں حوالہ دے رہا ہوں - آپس میں بہنیں ہیں - اور ان کی زبانیں آپس میں ملی ہوئی ہیں - اور یہ قانون آپس میں ملتے جلتے قانون ہیں - اگرچہ میں سمجھتا ہوں - کہ ایک

نئے طریقے سے اسے پیش کرنے کی کوشش کی گئی ھے - لیکن پھر بھی اس کا مطلوبہ مقصد اور اس کے اندر استعمال کی گئی زبان وھی ھے - اور پابندیاں وھی ھیں جو کہ اس میں لگائی گئی تھیں - جناب والا - اس سے پہلے لاؤڈ سپیکر آرڈیننس کا جو سیکشن نمبر ۲ تھا - اور جس کا نفاذ مارچ ۱۹۶۳ء کو کیا گیا تھا - اور جس کا نام Loud Speakers Prohibition Ordinance, 31 of 1963 تھا - اس کی سیکشن نمبر ۲ کے خلاف رٹ درخواست دائر کی گئی تھی - اس کا سیکشن نمبر ۲ اس طرح ھے

"No person shall use or cause to be used a loudspeaker in a public place for any purpose except with the permission of the Deputy Commissioner and subject to such terms and conditions as the Deputy Commissioner may impose;

provided that the prohibition shall not apply to the use of a loudspeaker for the purpose of 'Azan'.

EXPLANATION:— For the purposes of this section 'public' means any place to which the members of the public have access with or without invitation."

جناب والا - یہ وھی دفعہ تھی جسے آئین کی ان دفعات کے ساتھ جس میں کہ Speech اور Expression کی آزادی دی گئی ھے - inconsistent declare کیا گیا -

جناب والا - ھمارے ارباب اقتدار نے اس کے بعد جو کوشش کی - اور ایک نیا آرڈیننس لائے - یعنی پرانے آرڈیننس کو جب نئے سانچے میں ڈالا - یہاں ان کی اس کوشش کا تجزیہ کرنے کے لئے یہ ضروری ھے کہ اس آئین کے Preamble کو اس ھاؤس میں دھرایا جائے وہ یہ ھے

"WHEREAS it is expedient, for the purposes of preventing public nuisance and the voicing of utterances of a controversial nature likely to cause public disorder, to regulate, control and prohibit in the interest of public order,

decency and for the prevention of incitements to the commission of any offence the use of loudspeakers and sound amplifiers in the Province of West Pakistan;

AND WHEREAS the Provincial Assembly of West Pakistan is not in session and the Governor of West Pakistan is satisfied that circumstances exist which render immediate legislation necessary;"

جناب والا ۔ یہ اس Preamble سے ظاہر ہوتا ہے کہ half heartedly یا ضد سے ہمارے ارباب اقتدار نے سمجھا کہ کسی نہ کسی طور پر ، کسی نہ کسی طریقے سے لاؤڈ سپیکر پر پابندی قائم رہے ۔ اور اس کے لئے نئی آڑ لی گئی ۔ پبلک آرڈر کے تحت اس کا نفاذ کیا گیا ۔ اگر گستاخی نہ ہو تو میں عرض کروں گا کہ اس کا مطلب یہ ہے ۔

"نئے جال لائے پرانے شکاری"

جناب والا ۔ باوجود اس بات کے ایک آرڈیننس directly inconsistent ہے کیونکہ آئین کی وہ دفعہ کسی جگہ یہ نہیں کہتی ۔ وہاں پر جو رائڈر لگایا گیا ہے وہ خاص اور مخصوص حالات کے لئے لگایا گیا ہے ۔ اب دوبارہ جو آرڈیننس کو نافذ کیا جا رہا ہے وہ اس طریقے سے کیا جا رہا ہے جیسے لاؤڈ سپیکر کوئی سٹین گن ہے یا کوئی توپ ہے جو ہر ایک کے پاس نہیں ہونی چاہئے ۔ اور اس کا misuse ہو سکتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں حکومت کو اس میں فراخ دلی کا ثبوت دینا چاہئے اور ان کو آئین کا احترام کرنا چاہئے تھا اور نئی فارم میں اس آرڈیننس کو نہیں لانا چاہئے تھا ۔

جناب والا ۔ اب میں یہ گذارش کروں گا کہ اگر اس نئے آرڈیننس کے الفاظ کو گہری نظر سے بغور دیکھا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ کتنی vast powers پولیس افسران کو دے

دی گئی ھیں ۔ entirely ان کی discretion پر چھوڑ دی گئی ھیں ۔ اگر آپ کچھ واضح پابندی لگا دیں وہ کافی سخت پابندی ھے ۔ اور کوئی آدمی اس کام کو کرنے کی جرأت نہیں کرے گا ۔ ایک نرم پابندی لگائیں اور اس نرم پابندی میں نرم الفاظ ھوں ۔ آپ کے یہ الفاظ واضح نہیں ھیں ۔ میں سمجھتا ھوں کہ موجودہ صورت میں کوئی شخص جرأت نہیں کرے گا کہ اس آرڈیننس کے ھوتے ھوئے وہ لاؤڈ سپیکر کا استعمال کرے ۔ میں اس آرڈیننس کی دفعہ ۲ کے متعلق یہ گذارش کروں گا ۔ یہ دفعہ ایسے ھے

"No person shall operate or use or cause to be operated or used a loudspeaker or a sound amplifier;

(a) in a public place, in a manner so as to cause or to be likely to cause annoyance or injury to persons residing in any residential locality."

جناب والا ۔ Public place ایک بڑی Vast definition ھے ۔ اس کا مطلب یہ ھے کہ ھر جگہ لاؤڈ سپیکر کے استعمال پر پابندی لگا دی ھے ۔ جہاں Public place کا لفظ آیا ھے ۔

"in a manner so as to cause or to be likely to cause annoyance."

اب یہ فرمایا جائے کہ in a manner کی کون وضاحت کرے گا ؟ کیا یہ ضد نہیں ؟ جانتے ھوئے کہ اگر ھم نے definite کوئی قانون بنایا تو اس کے الفاظ definite ھوئے اور concise ھوئے تو اس سے وہ inconsistent ھو جائے گا ۔ تو اور قسم کے طریقے تھے اگر گستاخی نہ ھو تو مؤدبانہ منسٹر صاحب سے عرض کروں گا کہ انہوں نے کوشش تو ضرور کی ھے لیکن وہ جو کرنا چاھتے تھے وہ نہیں کر پائے ۔ یہ ایسے بے ھنگم سی کوشش ھے ۔ اس آرڈیننس میں بڑے vast اختیارات ادنیٰ پولیس

افسران کو دے دیئے گئے ہیں اور اس کا سکوپ بھی نہایت ہی wide ہے ۔

اب جناب والا ۔ میں اس کی دفعات کی طرف آتا ہوں ۔ place of worship ہو ، ہسپتال ہو ، Educational institutions ہوں یا گورنمنٹ کے ایسے اداروں کے قریب لاؤڈ سپیکر کا استعمال نہیں ہونا چاہئے ۔ اس کے بعد یہ ہے ، مسجد ہو ، چرچ ہو ، ٹمپل ہو اور place of worship ہو ۔ اس طریقہ سے استعمال نہ کیا جائے۔ اگر اس کی آواز باہر آئے اور اس سے دوسروں کے جذبات مجروح ہوں ۔ میں سمجھتا ہوں وہاں یہ presumption کر لینا کہاں تک درست ہے ۔ place of worship میں ہمیشہ لاؤڈ سپیکر کو misuse کیا جاتا ہے یا misuse کیا جائے گا ۔ میں سمجھتا ہوں اسلام کافی رواداری کا مہذب ہے اور ہمیں کبھی اس بات پر اعتراض نہیں ہونا چاہئے ۔ جو اقلیتیں ہیں اور چند لوگ جو ہماری آبادی میں رہتے ہیں وہ کسی قسم کے غلط الفاظ استعمال نہیں کریں گے ہمیں ہرگز خدشہ نہیں جس سے ہمارے جذبات مجروح ہوں گے ۔ اور ہم بھی ان کا احترام کرتے ہیں ۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ لاؤڈ سپیکر کبھی بھی place of worship میں misuse نہیں کیا گیا ۔ ہو سکتا ہے Once upon a time کسی جگہ کوئی مثال ملی ہو ۔ ایک incident ہرگز Justify نہیں کر سکتا کہ تمام ملک کے پونے پانچ کروڑ انسانوں کی زبان بندی کر دی جائے ۔ ان پر پابندیاں لگا دی جائیں ۔ لاؤڈ سپیکر جیسے بے ضرر آلے کو توپ اور بندوق سمجھ کر اس قسم کی پابندیاں لگا دینا ٹھیک نہیں ۔

اب جناب والا میں اس دفعہ کی طرف آتا ہوں جس پر مجھے سب سے زیادہ اعتراض ہے۔ ابھی ہمارے محترم لیڈر آف دی ہاؤس نے بتایا تھا کہ ماڈریٹ ٹون خطبے کو ریفر کرتی ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں خطبہ میں اشاعت اسلام کے لئے تقاریر کی جاتی ہیں۔ لوگوں کو پاکیزہ کرنے کے لئے تقاریر کی جاتی ہیں۔ میں اس میں کوئی justification نہیں پاتا۔ جب دوسرے قانون موجود ہیں کہ جو ایسی تقریر ہو جو peace اور order کے خلاف ہو۔ اس کے متعلق دوسرے قانون استعمال کئے جا سکتے ہیں۔ جنرل لاؤڈ سپیکر پر پابندی لگا کر خطبہ پر یہ پابندی لگا دی جائے کہ ماڈریٹ ٹون میں ہو۔ جناب والا۔ میں نہیں سمجھتا کہ اگر کسی مسجد سے کوئی اونچا خطبہ دیا جائے۔ اونچی آواز میں worship کی جائے کیا کوئی بھی ایسا ہمسایہ ہوگا جو تھانے میں جاکر یہ رپورٹ کرے کہ یہاں میوزک ہو رہی ہے۔ اب اکبر کا ایک مزاحیہ شعر اگر آپ کی اجازت ہو عرض کروں۔

رقیبوں نے رپٹ لکھوائی ہے جا جا کر تھانے میں
کہ اکبر نام لیتا ہے خدا کا اس زمانے میں

میں نہیں سمجھتا کہ کوئی پاکستانی یا کسی بھی مذہب کا ہو وہ جا کر اس بات پر اعتراض کرے گا کہ place of worship سے جو آوازیں آ رہی ہیں وہ میں پسند نہیں کرتا۔ ہم رواداری لوگ ہیں۔ ہمیں اقلیتوں کے خطبات کا احترام ہے۔ اور اقلیتوں کو ہمارے ساتھ پیار ہے۔ اور ہرگز ایسا نہیں ہو سکتا کہ ہم ان کے جذبات و احساسات کو مجروح کریں یا وہ ہمارے جذبات و احساسات کو مجروح کریں۔

جناب والا - میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ناکام کوشش ہے جو ہمارے لاء منسٹر صاحب نے اس آرڈیننس کو نافذ کرنے کے لئے کی ہے - دراصل یہ آرڈیننس اور لاؤڈ سپیکر پر کسی قسم کی پابندی کا اس وقت جنازہ نکل چکا تھا جب fundamental rights کا نفاذ ہوا - جب اس کے بعد ہائی کورٹ نے خواجہ محمد صفدر صاحب کی رٹ پٹیشن پر جو فیصلہ دیا - کہ freedom of expression اور freedom of speech ہر پاکستانی کا حق ہے -

اس لئے میں گذارش کروں گا کہ گورنمنٹ کو as a policy matter اس آرڈیننس کو withdraw کرنا چاہئے اور کسی صورت میں بھی پاس نہیں کرنا چاہئے -

مسٹر سپیکر - سردار محمد ایوب خان -

سردار محمد ایوب خان (بہاول پور - ۱) - جناب سپیکر صاحب - میرے فاضل دوست جو میرے دائیں طرف تشریف فرما ہیں معلوم یہ ہوتا ہے کہ انہوں نے ایک نہایت ہی simple اور عام فہم الفاظ والے آرڈیننس کو اور اس کے الفاظ کو ایسے معنی پہنانے اور ایسی شکل دینے کی کوشش کی ہے جس کا کوئی امکان نہیں ہو سکتا - آپ کی تقریر میں Constitution کی دفعہ ۹ کا ذکر کیا گیا ہے جس میں یہ تحریر کیا گیا ہے -

"Every citizen shall have the right to freedom of speech and expression subject to any reasonable restrictions",

I repeat, Sir, "any reasonable restrictions"

"imposed by law in the interest of security of Pakistan, friendly relations with foreign states, public order"

I repeat these words—"public order"

"decency or morality"

I again repeat these two words—decency and morality.

"or in relation to contempt of Court, defamation or incitement to an offence"

I again repeat these words — incitement to any offence.

موجودہ آرڈیننس میں سابقہ آرڈیننس مصدرہ ۱۹۶۴ء کا ذکر کیا گیا ہے جس کی جگہ یہ آرڈیننس آ رہا ہے یعنی West Pakistan Regulation of Loudspeakers and Sound Amplifiers Ordinance, 1964

اس سابقہ آرڈیننس میں جو پابندیاں تھیں ان کو موجودہ آرڈیننس میں رفع کر دیا گیا مثلاً سابقہ آرڈیننس میں لاؤڈ سپیکر استعمال کرنے سے پہلے اس کے استعمال کی اجازت لینا لازمی تھا اور اس زیر بحث آرڈیننس میں کانسٹی ٹیوشن کی دفعہ ۹ کی تعمیل میں آزادیٔ تقریر پر سے پابندی اٹھا دی گئی ہے اس کے Preamble میں یہ الفاظ تھے

"Whereas it is expedient, for the purposes of preventing public nuisance and the voicing of utterances of a controversial nature likely to cause public disorder, to regulate, control and prohibit in the interest of public order, decency and for the prevention of incitements to the commission of any offence the use of loudspeakers and sound amplifiers in the Province of West Pakistan;"

اب جناب والا ۔ آپ اس آرڈیننس کے preamble کے الفاظ کو بہ نظر غور پڑھیں تو اس کا مقصد اتنا صاف اور فائدہ مند نظر آتا ہے ۔ جس میں کوئی کلام نہیں ہو سکتا ۔ جمہوریت کا تقاضا ہے کہ ملک کے اندر آزادئ تقریر ہونی چاہئے ۔ مگر اس کے ساتھ ہی ساتھ جمہوریت کا یہ تقاضا بھی ہے کہ جمہوریت کے ماتحت ملے ہوئے حق آزادئ تقریر کو Abuse نہ کیا جائے چنانچہ اس آرڈیننس میں آزادی تقریر پر کوئی پابندی نہیں لگائی گئی جو شخص چاہے جب چاہے جہاں چاہے اپنے خیالات کا اظہار کر سکتا

ہے ۔ اور لاؤڈ سپیکر کے استعمال سے قبل اجازت لینا ضروری نہیں رہا مگر اپنی آواز کو ایک تھوڑے مجمع تک یا ایک مخصوص مجمع تک محدود رکھنے پر پابندی لگائی گئی ہے ۔ یہ محض چند احتیاطیں عمل میں لائی گئی ہیں ۔ کہ ان اہل محلہ کے جذبات کو ٹھیس نہ پہنچائی جائے ۔ جن کے جذبات خیالات اور اعتقادات آپ سے مختلف ہوں ۔ اب اس کی دفعہ ۲ کو ملاحظہ فرمائیں جس میں درج ہے ۔

... to cause annoyance or injury to persons residing in a residential locality.

اسی طرح ۔ ۔ ۔

"in any place in the proximity of—

.... a mosque, church, temple or other place of worship in a manner or at a volume whereby any sound from such loudspeaker or sound amplifier could be heard outside the immediate precincts of such mosque, church, temple or other place of worship;"

یا ہسپتال کے قریب جہاں بیماروں کو آرام و علاج کے لئے رکھا ہوتا ہے یا ایجوکیشنل اداروں یا دیگر سرکاری اداروں کے قریب بھی لاؤڈ سپیکر کا استعمال ممنوع ہے ۔ ان احتیاطوں سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ کوئی blanket law نہیں کہ ہر کہیں لاؤڈ سپیکر کا استعمال کر دیا گیا ہو ۔ باقی رہا مسجد کے اندر فرقہ وارانہ منافرت پھیلانے والے اور دوسرے فرقوں کے لوگوں کے جذبات کو ٹھیس لگانے والے نعرے وغیرہ لاؤڈ سپیکر پر لگانے کی پابندی محض اس لئے ہے کہ لوگوں کے جذبات مجروح نہ ہوں ۔ ورنہ عام کھلی جگہوں پر جہاں قریب ہسپتال کے مریضوں کو تکلیف نہ ہو یا جہاں کسی فرقے کے لوگوں کے دل نہ دکھیں لاؤڈ سپیکر استعمال کیا جا سکتا ہے ۔ اسلام خود مختلف عقائد کا احترام سکھاتا ہے ۔

اور حکم دیتا ہے کہ ہم دوسروں کے جذبات کو مجروح نہ کریں -

اگر ایسی چیزوں کی طرف ایک آرڈیننس کے ذریعے یا ایک قانون کے ذریعے ہمیں اپنے فرائض یاد کرائے جاتے ہیں اور ہمیں مدد دی جاتی ہے تاکہ ہم اپنے اخلاقی اور قانونی فرائض کی پابندی کریں - تو اس میں شکوے شکایت کی کوئی گنجائش نہیں ہو سکتی - میرے دوست جو میرے دائیں جانب بیٹھے ہیں کیا وہ یہ چاہتے ہیں کہ لاؤڈ سپیکر پر کوئی پابندی نہ ہو - اور ان کے پڑوس میں رہنے والے لوگ ان کے لاؤڈ سپیکر کی بیجا اونچی آوازوں سے disturb ہوا کریں - اور جو جس کے جی میں آئے اور جس طریقے سے کوئی چاہے دوسرے لوگوں کی دلازاری کرتا پھرے - کیا جمہوریت اس بات کی اجازت دیتی ہے یا اخلاق اس بات کی اجازت دیتا ہے ؟ یہ ایک سیدھا سادہ قانون ہے جس کے ذریعے ایک آئینی حق کو اجاگر کرنے کی کوشش کی گئی ہے - اور ہمارے لئے واضح طور پر آسانیاں پیدا کی گئی ہیں - اب ہمیں تقریر کرنے کے لئے کسی کی اجازت کی ضرورت نہیں ہوگی - اگر ہم اپنی تقریر کو بہت سے لوگوں تک پہنچانا چاہیں تو ہم بغیر کسی سے اجازت لئے آزادی سے لاؤڈ سپیکر استعمال کر سکتے ہیں - لیکن اس قانون میں ہمارے تحفظ کے لئے اور ہماری کمیونیٹی کے تحفظ کے لئے چند ایک احتیاطیں برتی گئی ہیں - یعنی یہ کہ لاؤڈ سپیکر کا استعمال اسی حد تک مناسب ہے جس حد تک کسی کی دلازاری نہ ہو - جس حد تک کسی طبقے یا فرقے کے خلاف نفرت نہ پھیلائی جائے - اور جس حد تک لوگوں کو عام طور پر disturb نہ کیا

جا سکے - کیا یہ ایسی چیزیں ہیں جو اخلاق کے منافی ہیں - کیا یہ ایسی چیزیں ہیں جن کے متعلق کسی قسم کی پابندی لگانا شخصی آزادی کے خلاف تصور کیا جاتا ہے ؟ کیا آپوزیشن یہ چاہتی ہے کہ جس طریق پر کوئی چاہے کسی فرقے کی دلازاری کرتا پھرے یا disturb کرے ؟ کیا وہ چاہتے ہیں کہ ہسپتالوں یا مساجد کے پاس اونچی آواز سے لاؤڈ سپیکر کا استعمال کیا جائے - اور ایسی فرقہ وارانہ باتیں کہی جائیں جن سے لوگوں کی دلازاری ہو - لاؤڈ سپیکر کے استعمال کا مقصد یہ ہے کہ اس کے immediate سننے والوں تک بخوبی آواز پہنچ سکے - یہ قانون ایسی آواز کو نہیں روکتا - ہمیں اس قانون کو خوش آمدید کہنا چاہئے - یہ ایک Progressive Step ہے جو پہلے قانون کو منسوخ کر کے لیا گیا ہے - اس لئے یہ ہمارے لئے باعث اطمینان ہونا چاہئے - کیونکہ وہ قانون جس کے متعلق ہمیں قبل ازیں شکایات تھیں - منسوخ کر کے برسراقتدار پارٹی ایک liberal قانون لا رہی ہے - لیکن اگر آپوزیشن کی طرف سے اسے سیاسی رنگ میں پیش کیا جائے - تو وہ اور بات ہے - بہر صورت اگر ہم حقایق کو پیش نظر رکھتے ہوئے اس آرڈیننس پر غور کریں تو ہمیں اس میں کوئی ایسی بات نظر نہیں آتی جو اصول ، اخلاق اور روایات کے منافی ہو - میں پھر گذارش کروں گا کہ ہمیں وزیر قانون صاحب کو اس بات پر مبارکباد پیش کرنا چاہیئے کہ انہوں نے سابقہ قانون کو جس کے متعلق واقعی شکایات تھیں - کیونکہ وہ بہت سخت تھا - اور اس میں شخصی آزادی پر پابندیاں تھیں - منسوخ کر کے ایک ایسا Progressive قانون لائے ہیں جس میں ان کی شخصی اور ذاتی آزادی پر پابندیوں کو بڑی حد تک رفع کر دیا گیا ہے -

مسٹر نثار محمد خان (پشاور ۔ ۵) ۔ صاحب سپیکر ۔ ہمارے وزیر قانون صاحب نے لاؤڈ سپیکرز آرڈیننس پیش کر کے بظاہر تو عوام اور بعض اداروں سے جن میں تعلیمی ادارے اور خصوصاً ہسپتال شامل ہیں ۔ ہمدردی کا اظہار کیا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ چونکہ یہ ادارے اپنا کام اور کارروائی اکثر و بیشتر چھتوں کے نیچے سر انجام دیتے ہیں ۔ اس لئے اگر باہر لاؤڈ سپیکر کا استعمال ہو بھی جائے تو ان پر کوئی اثر نہیں پڑتا ۔ کیونکہ بعض مریض کمزور اور ضعیف لوگ جو باہر نکل نہیں سکتے اور وہ لاؤڈ سپیکروں کے استعمال سے اپنے مذہبی یا سیاسی رہنماؤں کے خیالات سے مستفید ہونا چاہتے ہیں ۔ تو وہ اپنے ہسپتال کے کمرے کے دروازے کھول کر ہی ایسا کر سکتے ہیں ۔ یہی ایک طریقہ ہے جس کے ذریعے وہ لاؤڈ سپیکر کی آواز سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ اس قانون میں پولیس کو جو اختیار دیا گیا ہے وہ ایک قسم کی ڈنڈا ماری کے مترادف ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ مہذب ممالک میں پولیس لوگوں کی رہنمائی کے لئے ہوتی ہے ۔ میں یورپ میں پڑھا ہوں ۔ میں نے وہاں دیکھا ہے کہ پولیس کا یہ فرض ہوتا ہے کہ وہ عوام کے ساتھ ہمدردی کرے اور ان کی رہنمائی کرے ۔ لیکن ہماری انتہائی بدقسمتی ہے کہ ہمارے ہاں پولیس ڈنڈے مارا کرتی ہے ۔ چنانچہ اس قانون نے ایک بار پھر یہ بات ثابت کر دی ہے کہ وہ ہماری پیٹھ مار کرنے کے لئے پیش کیا گیا ہے ۔

باقی رہی یہ بات جیسا کہ ایک معزز ممبر نے فرمایا ہے کہ لاؤڈ سپیکر کا ناجائز استعمال کرنا جمہوریت کو گالی دینے

کے مترادف ہے ۔ میرے خیال میں جب کوئی شخص لاؤڈ سپیکر کے سامنے آکر تقریر کرتا ہے تو اس کا یہ ہرگز مقصد نہیں ہوتا کہ لاؤڈ سپیکر کا ناجائز استعمال کر کے جمہوریت کو گالی دی جائے یا عوام کی دلازاری کی جائے بلکہ اس کا مقصد یہ ہوگا کہ وہ عوام کے دلوں کو جیتے اور ان کے ساتھ ایسی باتیں کرے جن سے ان کے دلوں میں اس کی قدر و منزلت پیدا ہو ۔ چنانچہ اسی طرح ان کے دلوں میں ہمدردی اور جگہ پیدا کرنے سے جمہوریت بحال ہو سکتی ہے ، نہ کہ ڈنڈے ماری سے لہذا میری درخواست ہے کہ عوام اور ملک کی بہبود کی خاطر اس معزز ایوان کے ممبر صاحبان اس آرڈیننس کو مسترد فرمائیں ۔

خان عبدالستار خان مہمند (مردان ۔ ۲) ۔ جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں وزیر قانون صاحب نے یہ آرڈیننس پیش کر کے ہمارے بالمقابل تشریف فرما بھائیوں کی گذشتہ مشکلات کو دور کر دیا ہے ۔ ان کی یہ مشکلات کہ لاؤڈ سپیکر کے استعمال کے لئے ڈپٹی کمشنر صاحب کی اجازت کی ضرورت ہوتی ہے ۔ اس قانون کے منظور ہو جانے سے حل ہوگئی ہیں ۔ اب رہی آزادی تحریر و تقریر تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ لاؤڈ سپیکر Public Nuisance بن کر رہ جائے ۔ اس کا یہ منشاء نہیں کہ رات کو لوگ جو ایک جگہ سو رہے ہوں اور صبح ان میں سے ایک شخص نے چار بجے کی شفٹ پر جانا ہو تو آپ اس محلے اور کوچے میں رات کے بارہ یا ایک بجے تک لوگوں پر خواہ مخواہ اپنا سیاسی نظریہ ٹھونسنے کی کوشش کریں ۔ اس کا ہرگز یہ منشاء نہیں کہ آپ لوگوں کے آرام میں مخل ہوں ۔ آخر آپ ہر چیز سیاسی رنگ میں کیوں لینا چاہتے ہیں ۔ آپ یہ کیوں نہیں کہتے کہ اگر مال روڈ پر

ہارن بجانا بند کر دیا گیا ہے ۔ تو چونکہ یہ Public Nuisance ہے ۔ لہذا اس کے لئے پابندی لگائی جائے ۔ آپ کو یہ خیال رکھنا چاہئے کہ بعض جگہ ہسپتال ہیں ۔ سیکریٹریئیٹ یا بعض دیگر جگہوں کے پاس جہاں لوگوں کو تکلیف ہوتی ہو ہارن بجانا بند ہونا چاہئے تاکہ شور و غل نہ ہو اور لوگوں کے آرام میں بے جا مداخلت نہ ہو ۔ آپ کو اس کے خلاف آواز نہیں اٹھانا چاہئے ۔ آپ نے تو اتنی سی معمولی چیز کو خواہ مخواہ اتنی بڑی سیاسی اہمیت دے دی ہے ۔ حالانکہ آپ کو پوری آزادی دے دی گئی ہے ۔ مگر ایک پبلک پارک یا کسی ایسی مناسب جگہ میں جہاں آپ چاہیں آپ ایک محدود رقبے یا ایک محدود مجمعے تک اپنی آواز پہنچا سکتے ہیں ۔ اور اس صورت میں آپ کو اپنی آواز moderate voice میں پہنچانی چاہئے ۔

جناب والا ۔ تھوڑی دیر ہوئی ایک معزز ممبر نے لیڈر آف دی ہاؤس سے یہ سوال کیا تھا کہ moderate voice کیا ہوتی ہے ۔ تو عرض یہ کہ moderate voice یہ ہے جو میں آپ تک پہنچا رہا ہوں ۔ اگر میں اسے زیادہ تیز کر دوں (اونچی آواز میں بولتے ہوئے) تو اس کا منشاء یہ ہوگا کہ یہ immoderate ہے ۔ میرا منشاء تو اپنی آواز کو صرف اس ہاؤس تک پہنچانا ہے ۔

Mr. Speaker : Please be moderate.

خان عبدالستار خان مہمند ۔ عرض یہ ہے کہ اس سے پہلے اگر کوئی آواز اٹھاتا یا مال روڈ پر ہارن بجاتا تو ایک پولیس کنسٹیبل اسے پکڑ لیتا تھا اور اسے ۱۰۰ روپیہ جرمانہ ہو جاتا تھا ۔ لیکن اب تو اس کے لئے ایک سب انسپکٹر پولیس کو رکھا گیا

ہے جو عام کنسٹیبل سے زیادہ تنخواہ لیتا ہے ۔ اس کی ذمہ داری بھی زیادہ ہے ۔ اس سے آزادئی تحریر و تقریر کو زیادہ فائدہ ہوا ہے ۔ آپ اسے سیاسی رنگ نہ دیں ۔ آپ کے لئے یہ لازم ہے کہ یہ آرڈیننس جو پیش ہوا ہے ۔ جس کے تحت حکومتی پارٹی نے ڈپٹی کمشنر سے اجازت لینے کی پابندی کو ہٹا دیا ہے ۔ اسے منظور کریں ۔ میں حیران ہوں کہ پبلک کے لئے یہ کس طرح nuisance ہے اور کس طرح لوگوں کی نیند میں مخل ہو سکتا ہے یا کس طرح محلوں میں عوام کے آرام میں مخل ہو سکتا ہے ۔ آپ مہربانی فرما کر اسے سیاسی رنگ نہ دیں بلکہ نہایت فراخ دلی سے حکومت کا ساتھ دیں اور تعاون کریں ۔

چودھری محمد نواز (منٹگمری ۔ ۲) ۔

قربان اس خلوص کے جو ہے جفا کے ساتھ

جناب والا ۔ ہمارے دائیں جانب کے فاضل دوستوں نے یہ فرمایا ہے کہ اس آرڈیننس کے نفاذ سے آزادی میں ایک گھٹن سی پیدا ہو گئی ہے اور اس سے جمہوریت کی نفی ہوتی ہے ۔ میں عرض کروں گا کہ ہر چیز کے دو پہلو ہوتے ہیں ۔ تاریک بھی اور روشن بھی ۔ میرے فاضل دوستوں نے اس کے جو تاریک پہلو ہیں صرف ان کو اجاگر کیا ہے ۔ اور اس کے جو روشن پہلو ہیں ان پر روشنی ڈالنا گوارا نہیں فرمایا ۔

میرے فاضل دوست مسٹر اختر صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ یہ presume کر لیا گیا ہے کہ لاؤڈ سپیکر کے استعمال سے پبلک Nuisance پیدا ہو گئی ہے ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ یہ presume نہیں کیا گیا بلکہ یہ حقیقت ہے اور یہ حقیقت واقعات پر مبنی ہے کہ ایک طرف مسجد

میں نماز ہو رہی ہو اور دوسری طرف اس کے ساتھ ہی لاؤڈ سپیکر استعمال ہو رہا ہو - یہ چیز ایک جھگڑا کا پیش خیمہ بن سکتی ہے اور اس سے حکومت کے لئے الجھنیں اور دشواریاں پیدا ہو سکتی ہیں - جن کا سلجھانا کارے دارد ہے - کاش ہمارے فاضل دوست جو ہمارے دائیں طرف بیٹھے ہیں ہر چیز کے روشن پہلو کو دیکھنے کی تکلیف گوارا فرمائیں - اور اس کے حسن و قبح کو بعد میں حکومت کے نوٹس میں لائیں - پھر

ع سر تسلیم خم ہے جو مزاج یار میں آئے -

ایک معزز ممبر - اس طرح آپ کو پارٹی سے نکال دیا جائے گا -

چودھری محمد نواز - حمزہ صاحب یہ فرما چکے ہیں کہ آزادی میں ایک گھٹن پیدا ہوتی ہے ان کے نقطۂ نظر اور ان کے زاویہ نگاہ سے یہ بات ٹھیک ہوگی - لیکن ضرورت اس چیز کی ہے کہ واقعات کو دیکھا جائے کیونکہ حالات اس کے برعکس ہیں -

اختر صاحب نے فرمایا ہے کہ سب سیکشن ۲ clear نہیں - انہوں نے اس کا Explanation بھی پڑھا ہوتا اس میں یہ بات صاف طور پر عیاں ہے -

"For the purposes of this section, a "public place" means public street, a public thoroughfare, a public park or playground ....."

اس کے بعد وہ فرماتے ہیں کہ یہ ذو معنی ہے اور اس کا مطلب میری سمجھ میں نہیں آیا - اگر وہ دیکھیں تو یہ اتنا آسان ہے کہ ایک آدمی بڑی آسانی سے سمجھ سکتا ہے کہ public place کونسی ہے اور ایک street کیا چیز ہے - حقیقت یہ ہے کہ یہ آرڈیننس

مفاد عامہ کے لئے اور ہم سب لوگوں کے لئے اتنا اچھا ہے کہ اسے متفقہ طور پر منظور کیا جائے ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - اس آرڈیننس کی ایک تاریخ ہے - میرے بعض دوستوں نے اس تاریخ کے بعض حصوں کو ایوان کے سامنے پیش کیا ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اس کے کچھ حصے ایسے ہیں جو اس ایوان کے سامنے نہیں آئے اور انہیں اس ایوان میں پیش کرنا چاہئے - اس لئے میں جناب والا کی اجازت سے اور آپ کی وساطت سے اس ایوان کے سامنے وہ باتیں جو ابھی تک نہیں کہی گئیں - عرض کرنے کی جسارت کرتا ہوں - اکثر دوستوں کو یہ غلط فہمی رہی ہے کہ موجودہ آرڈیننس سے پہلے صرف ایک آرڈیننس جاری ہوا تھا - درحقیقت یہ تیسرا آرڈیننس ہے دوسرا نہیں - پہلا آرڈیننس ۱۹۶۳-۱۰-۲۲ کو اس صوبہ پر نافذ کیا گیا تھا - دوسرا آرڈیننس ۱۹۶۴-۹-۸ کو جاری ہوا تھا - اور یہ تیسرا آرڈیننس ۱۹۶۵-۳-۲ کو جاری ہوا -

۲۲ اکتوبر ۱۹۶۳ء والے آرڈیننس کو میں نے ایک رٹ پیٹیشن کے ذریعہ عدالت عالیہ میں چیلنج کیا اس کی سماعت عدالت عالیہ کے ایک فل بینچ نے کی - اس کا فیصلہ ۱۹۶۴-۷-۲۱ کو ہوا - اس کے بعد ایک دوسرا آرڈیننس جاری ہوا - جس کو میرے ایک دوسرے دوست نے ہائی کورٹ میں چیلنج کیا - اس رٹ پیٹیشن کا فیصلہ ابھی نہیں ہوا تھا کہ یہ تیسرا آرڈیننس جاری کیا گیا اور نمبر ۲ آرڈیننس کو منسوخ کر دیا گیا -

میں نے یہ تاریخ نہایت مختصر طور پر عرض کر دی ہے لیکن آپ غور فرمائیں کہ ایسا کیوں ہو رہا ہے - کہ تین آرڈیننس

یکے بعد دیگرے کیوں آئے ہیں ۔ اور اس کا پس منظر کیا ہے ۔ اس وقت اسی پس منظر کے متعلق چند گذارشات پیش کروں گا ۔

جہاں تک پہلے آرڈیننس کا تعلق ہے اس کے متعلق میرے ایک محترم دوست نے پس منظر بیان کر دیا ہے میں اس کے متعلق کچھ عرض نہیں کروں گا ۔ دوسرے آرڈیننس کے متعلق میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس کا اجرأ دیانت داری پر مبنی نہیں تھا اور اس کے میرے پاس وجوہات ہیں ۔ میں وزیر قانون کو ایک ماہر قانون سمجھتا ہوں اور یہ ان سے بے انصافی ہوگی اگر میں یہ کہوں کہ وہ ہائی کورٹ کے فیصلہ کو سمجھنے سے قاصر تھے ۔ وہ اتنے ذہین ہیں اور وہ ہائی کورٹ کے فل بینچ کی رولنگ اس کے مفہوم اور اس کے معنی کو خوب اچھی طرح جانتے تھے لیکن باوجود اس علم کے ، باوجود اس سمجھنے کے ، باوجود اس علم کے انہوں نے جان بوجھ کر دوسرا آرڈیننس نافذ کر دیا اور اسے ان الفاظ میں اس صوبے میں جاری کیا کہ انہوں نے ایک لحاظ سے مغربی پاکستان ہائی کورٹ کے اس فیصلہ کی پروا نہ کی ۔ اس کو درخوراعتنا نہیں سمجھا ۔ اس کو اس کاغذ کے برابر بھی وقعت نہ دی جس پر وہ ججمنٹ تحریر تھا ۔ اور جس قسم کا پہلا آرڈیننس تھا اور جو اعتراض پہلے پر وارد ہوتا تھا اس زبان میں اور ویسے ہی الفاظ میں دوسرا آرڈیننس جان بوجھ کر جاری کیا ۔ اس زمانے میں حالات کیا تھے ؟ حالات یہ تھے کہ صدارتی انتخاب آ رہا تھا ۔ ملک بھر میں سیاسی چہل پہل تھی ۔ جلسے ہو رہے تھے ۔ جلوس نکل رہے تھے ۔ حکومت وقت یہ مناسب نہیں سمجھتی تھی کہ یہ جلسے اور جلوس ان کی پابندیوں سے آزاد ہوں ۔ ان کے لئے یہ لازمی تھا اور یہ جانتے تھے کہ وزیر قانون

کے شہر میں جلسے کئے جائیں گے ۔ اگر دوسرا آرڈیننس ان ہی الفاظ میں جس میں پہلے تھا جاری نہ ہوتا تو جلسوں میں لاؤڈ سپیکر کے استعمال کے لئے اجازت کی ضرورت نہ تھی ۔ شاید یہ کہا جائے کہ میں ویسے ہی ہوا میں بات کہہ رہا ہوں اور میرے پاس اس کے متعلق کوئی دلیل نہیں اور میرے وہ دوست جو کہ نئے نئے یہاں تشریف لائے ہیں وہ شاید یہ خیال کریں کہ ہم بھکائے جا رہے ہیں ۔ نہیں، ایسا نہیں ہے ۔ جناب والا ۔ میں آپ کے سامنے اس آرڈیننس کی دفعہ (۲) جو کہ سب سے پہلے اس صوبے میں نافذ کیا گیا پڑھ کر سناتا ہوں :۔

"No person shall use or cause to be used a loudspeaker in a public place for any purpose except with the permission of the Deputy Commissioner and subject to such terms and conditions as the Deputy Commissioner may impose."

جناب والا ۔ یہ دفعہ تھی جس کو میں نے عدالت عالیہ ہائی کورٹ میں چیلنج کیا ۔ میرا یہ دعویٰ تھا کہ یہ میرے بنیادی حق کے خلاف ہے ۔ کوئی ڈپٹی کمشنر اور بڑے سے بڑا یا چھوٹا افسر مجھ پر یہ پابندی نہیں لگا سکتا کہ میں لاؤڈ سپیکر استعمال کرنے سے پہلے اس سے اجازت لوں کہ میں لاؤڈ سپیکر استعمال کر سکتا ہوں یا نہیں ۔ میرے اس Contention کے بارے میں ہائی کورٹ نے ان الفاظ میں فرمایا ۔

The reference is PLD 1964, Lahore, page 718. The judgement of the Full Bench consisting of Justice Abdul Aziz Khan, Justice Ortcheson and Justice S.A.Mahmud (Page 727) is as follows:-

"A more effective previous restraint was difficult to imagine. Unless they were to retreat from the firm positions they had taken in the past, they must give freedom of speech in the case the same preferred treatment that they gave freedom of religion in the Cantwell's case, freedom of the press in the Griffin case, and freedom of speech and assembly in the Hague's case. The learned judges held that the Ordinance was a dangerous weapon if it were allowed to get a hold on the public life. The same observations apply with full force to section 2 of the present Ordinance. The Deputy Commissioner stands athwart the channels of communication as an obstruction to effective public speaking. He has the power of a previous restraint, and a more drastic power is difficult to think of. Thus the right to be heard and to communicate one' s views on religious, political and other subjects is placed in the uncontrolled discretion on the Deputy Commissioner, which renders the power conferred under section 2 of the Ordinance violative of the guarantee provided in the ninth fundamental right".

جناب والا ۔ یہ جج صاحبان فل بنچ پر مشتمل تھے وہ ارشاد فرماتے ھیں اس Contention کے متعلق ۔

"ڈپٹی کمشنر کو یہ حق حاصل نہیں ھے کہ وہ مجھ پر اس بات کی پابندی عائد کرے کہ میں اس سے پہلے اجازت لوں اور پھر لاؤڈ سپیکر استعمال کروں۔"

بڑے واضح الفاظ میں فاضل جج صاحبان نے ارشاد فرمایا ھے کہ ڈپٹی کمشنر صاحب کو بنیادی حق نمبر ۹ کی موجودگی میں یہ حق نہیں دیا جا سکتا کہ وہ مجھے مجبور کریں کہ میں ان کے پاس پہلے حاضر ھوں اور وہ مجھے اجازت دیں اور پھر میں لاؤڈ سپیکر استعمال کروں ۔ اس فیصلے کے بعد اگر اس صوبے کی حکومت میں دیانتداری ھوتی ، ایمانداری ھوتی اور سچائی کا شائبہ بھی باقی ھوتا تو دوسرا آرڈیننس جاری کرنے سے پہلے یہ بات دیکھ لی جاتی کہ پہلے آرڈیننس میں فاضل جج صاحبان نے ڈپٹی کمشنر سے لاؤڈ سپیکر کے استعمال کی اجازت لینے کو بنیادی حق کے خلاف قرار دیا ھے ۔ یہ بات تو اگر کوئی ان پڑھ نہیں تو معمولی سی انگریزی جاننے والا آدمی بھی جو قانون سے واقف نہ ھو سمجھ سکتا ھے کہ اس کا مطلب کیا ھے لیکن

معلوم نہیں میرے نہایت ہی فاضل دوست اور نہایت ہی فہیم اور نہایت ہی عقیل لاء منسٹر صاحب نے دوسرا آرڈیننس کیوں جاری کیا اور وہ دوسرا آرڈیننس کیا تھا۔ وہ یہ تھا۔ ۴ ستمبر کو یہ جاری ہوا اس کے سیکشن ۲ کے جناب والا۔ الفاظ ملاحظہ ہوں۔

West Pakistan Resolution of Loudspeakers and sound Amplfiers Ordinance, 1964'

Section 2 says:-

"No person shall operate, use or cause to be used or operated, a loudspeaker or a sound amplifier in a public place, save with the permission of the Deputy Commissioner of the district and subject to such terms and conditions as to the day or days and the hour or hours on which such loudspeaker or sound amplifier may be used or operated... "

یعنی اس میں بھی یہ پابندیاں ہیں جن کے متعلق واضح طور پر ہائی کورٹ نے اعلان کر دیا ہے کہ یہ پابندیاں نہیں لگائی جا سکتیں کہ ڈی سی کو درخواست دینی لازم ہے۔ اس لئے دوسرے میں بھی یہ پابندیاں عائد کر دیں ہیں۔ اس کے متعلق اگر یہ کہا جائے کہ جان بوجھ کر دوبارہ وہی پابندی ہائی کورٹ کے فیصلہ کے بالکل برعکس لگائی گئی ہے تو یہاں اس کی تردید کوئی نہیں کر سکتا۔ جناب والا۔ ہمارے ملک میں جہاں ہمیں یہ سکھایا جاتا ہے کہ دیانتداری سے زندگی بسر کریں۔ دیانت داری سے سیاست میں حصہ لیں۔ دیانتداری سے اپنا کاروبار کریں یہ سب زبانی باتیں ہیں۔ مگر اس پر عمل نہیں ہوتے۔ زیربحث مسئلہ اس کی ایک مثال ہے۔ یہ ایک ایسا فعل ہے جو حکومت کے شایان شان نہیں ہے کہ وہ ہائی کورٹ کے فیصلے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے دوبارہ وہی الفاظ استعمال کرے۔ اس قانون میں جس کے خلاف ہائی کورٹ کا فیصلہ آچکا ہے۔ محض اس زعم میں کہ دوبارہ کوئی شخص رٹ پٹیشن

کرے گا - اور جب تک فیصلہ ہائی کورٹ کی جانب سے آئے گا تب تک ہمارا کام تو چلتا رہے گا - ہم لوگوں کا گلا گھونٹتے رہیں گے اور ہم یہ گھٹن جو پیدا کرنا چاہتے ہیں یہ پیدا کرتے رہیں گے - یہ لوگ آزادئ تقریر کی عصمت کو لوٹتے رہیں گے - جناب والا - ان حالات میں دوسرا آرڈیننس لانا کسی طرح جائز اور واجب نہیں ہے - اور میرے اس دعویٰ کی تائید اس امر سے ہوتی ہے کہ جب وہ حالات گزر گئے - صدارتی انتخاب ختم ہو گیا - سیاسی گہما گہمی اور ہنگامے ختم ہو گئے - جنہیں پابندی عائد کرنے کی ضرورت تھی - از خود انہوں نے اس آرڈیننس کو اس طرح ترمیم کر دیا تیسرے آرڈیننس کی شکل میں جس طرح کہ ہائی کورٹ کا منشاء تھا - از خود میرے فاضل دوست نے کہا کہ پبلک رائے تھی - لوگوں کی ڈیمانڈ تھی - لوگوں کا مطالبہ تھا اور اس لئے تیسرا آرڈیننس ہم نے یوں ترمیم کیا - جناب والا - میں اپنے دوستوں کی کیا کہوں - آپ تو ہائی کورٹ کے فیصلوں کی پابندی اپنے پر لازم نہیں سمجھتے تو پبلک بیچاری تو آپکی نظروں میں ہے ہی نہیں - آپ تو ان کو درخوراعتنا سمجھتے ہی نہیں - پونے پانچ کروڑ انسان انسان ہی نہیں ہیں - یہ تو آپ کا نظریہ ہے اور وہ آپ کی نظر میں بیشمار جانور ہیں - ان کی آپ کو کیا پروا ہے - جب ہائی کورٹ کے فیصلوں کا یہ حال ہے تو ہمیں یہ بتا دیا جائے کہ پبلک کی خواہش کے مطابق ہم نے ایسا کیا ہے تو یہ کہاں تک درست تسلیم کیا جا سکتا ہے - بلکہ ان کا مقصد تو حل ہو چکا تھا اور دوسری رٹ پٹیشن کی سماعت بھی ہونے والی تھی اور فاضل جج صاحبان شاید دوسرے فیصلے میں اتنے نرم الفاظ استعمال نہ کرتے جتنے کہ میں استعمال کرنے پر

مجبور ہوں - وہ شاید زیادہ سخت الفاظ استعمال کرتے جن سے میرے دوست کو شاید رنج پہنچتا - جناب والا - اس لئے اس فیصلہ کے آنے سے قبل ' میرے محترم لا'منسٹر صاحب نے عافیت اسی میں جانی کہ اس کی شق نمبر ۲ اس طرح تبدیل کر دی جائے کہ previous restraint نہ رہے یعنی وہ درخواست یا اجازت جو کہ لاؤڈ سپیکر کے استعمال سے پہلے مجھے منظور کرانی تھی یا حاصل کرنی تھی اس کی پابندی نہ رہے - جہاں تک میرے محترم دوست جناب سردار محمد ایوب خان صاحب کی تقریر کا تعلق ہے انہوں نے غالباً اس آرڈیننس کو نہیں پڑھا نہ انہیں اس کے متعلق کسی بات کا علم ہے اور نہ وہ گذشتہ واقعات سے کچھ واقفیت رکھتے ہیں - انہوں نے ان اعتراضات کا جواب نہیں دیا جو کہ اس جانب سے معزز اراکین نے اس ایوان میں اس آرڈیننس کے متعلق پیش کئے ہیں - مثال کے طور پر یہ اعتراض کہ پولیس کو غیر محدود اختیارات دے دیئے گئے ہیں ان کو اس قسم کے اختیارات دے دیئے گئے ہیں - اور اس قانون میں ایسے الفاظ استعمال کئے گئے ہیں - جو کہ مبہم ہیں - جو کہ واضح نہیں ہیں جیسے کہ کسی قانون کے الفاظ ہونے چاہئیں - ان unfettered اور وسیع اختیارات کے ہوتے ہوئے اس صوبہ کی پولیس جس کے متعلق کچھ گذارشات میں انشاالله اس سیشن میں آئندہ کسی موزوں وقت پر کروں گا - اس کو مزید اختیارات دینا کسی طور پر بھی درست نہیں - اس کے متعلق محترم سردار محمد ایوب خان صاحب نے کچھ ارشاد نہیں فرمایا - باقی رہا میرے دوست چودھری محمد نواز صاحب انہوں نے بھی شکایت یہ کی ہے - کہ ہم تاریک پہلو تو یہاں پیش کرتے ہیں لیکن منور اور روشن پہلو نہیں پیش کرتے - جہاں تاریک پہلو

پیش کرنے کے لئے یہاں دو چار ہی دوست ہیں اور ایک موج ظفر موج منور پہلو پیش کرنے کے لئے موجود ہے - وہ کیوں لب کشائی نہیں کرتی - وہ منور پہلو بڑے شوق سے پیش کریں - ہم یقیناً سنیں گے اور اگر اس میں کوئی وزن ہوگا تو اسے قبول بھی کریں گے - ہم وہ آدمی نہیں کہ ہم اپنی ہی رائے کو درست سمجھیں - اگر کوئی ہمارا دوست ہمیں معقول بات بتا دے گا ہم ماننے کے لئے تیار ہیں - آپ بلا شک روشن پہلو پر روشنی ڈالیں لیکن افسوس کہ میرے محترم دوست چودھری صاحب نے کوئی روشن پہلو اپنی تقریر میں بتایا نہیں - جناب والا - میں آخر میں اس بات کی طرف اس ایوان کی توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ اس ملک میں گذشتہ کئی برسوں سے سیاسی اور سماجی اجتماعات پر لاؤڈ سپیکر استعمال ہوتے رہے ہیں - کھیل کے میدان میں بھی لاؤڈ سپیکر استعمال ہوتے ہیں - ان کا استعمال عام ہے - مساجد میں سالہا سال سے لاؤڈ سپیکر استعمال ہوتے ہیں اور بہت سے اجتماعات میں بھی لاؤڈ سپیکر استعمال ہوتے ہیں - کیا میرے محترم دوست مجھے کوئی ایسا واقع بتا سکتے ہیں - الا ماشا اللہ کوئی ایک دو آدھ ہوں گے جن کی وجہ سے امن عامہ میں خلل ہوا ہو - جن کی وجہ سے محض لاؤڈ سپیکر کے استعمال سے ایسے حالات پیدا ہوئے ہوں اور جس کے بعد یہ ضروری ہو گیا ہو کہ لاؤڈ سپیکر کے استعمال کی آزادی محدود کی جائے - میرا خیال ہے کہ میرے دوست ایسے واقعات یہاں بیان نہیں فرما سکیں گے ہمیں نہیں بتا سکیں گے - لیکن یہ محض اس سلسلہ کی ایک کڑی ہے کہ اس صوبہ کے عوام کے حقوق کو کس طرح سلب کیا جائے - پریس اینڈ پبلیکیشن آرڈیننس جس کے ذریعے کہ پریس کا گلا گھونٹا گیا اور قلم کے پر نوچے گئے یہ اس کی ایک کڑی ہے -

یہ کر رہے ہیں پریس ٹرسٹ جس کے ذریعے صحافت پر قدغن لگائی گئی ہے۔ یہ کر رہے ہیں کریمینل لاء امینڈ منٹ آرڈیننس جس کے ذریعہ عدالتوں کو چھٹی دی گئی ہے۔ تاکہ جرگوں کے ذریعے جس قسم کے فیصلے جس سے چاہیں حاصل کر سکیں۔ اور یہ ساری چیزیں مسلسل تسلسل کے ساتھ ہو رہی ہیں۔ اور یہ بھی لازم تھا کہ انسانوں کی آواز پر پابندی لگائی جائے۔ اس کے لئے یہ اس آرڈیننس کو لائے ہیں۔ ورنہ یہاں اس سے پہلے بھی لاؤڈ سپیکر استعمال ہوتا رہا۔ کبھی کسی نے یہ نہیں سوچا تھا کہ اس ڈیوائس کو جس کے ذریعہ انسان آسانی سے اپنی آواز دوسروں تک پہنچا سکتا ہے۔ اس طرح سے محدود کر دیا جائے۔ مثلاً یہ چھوٹا سا ایوان ہے۔ جس میں ۱۷۵ محترم ارکان بیٹھے ہوئے ہیں۔ کچھ دوست اوپر گیلری میں ہیں۔ سب تک آواز آسانی سے پہنچائی جا سکتی ہے۔ مگر پھر بھی یہاں لاؤڈ سپیکروں کی سہولت مہیا کی گئی ہے۔ کیونکہ یہ ماڈرن ایج ہے۔ مگر شاید ان کے ذہن میں پتھر کا زمانہ ہے۔ انہیں یہ دور جدید راس نہیں آتا۔ یہ اس تاریک دور کی طرف لوٹ جانا چاہتے ہیں جب انسان پتھر کی کلہاڑی سے شکار کیا کرتے تھے۔ اور درختوں کے پتوں اور چھال سے اپنا تن ڈھانپتے تھے۔ دنیا بہت آگے جا رہی ہے۔ لوگ تو چاند تک پہنچ رہے ہیں۔ اور ہم اس قدر ترقی کر رہے ہیں کہ ہمارے لئے لاؤڈ سپیکر بھی ممنوع ہے۔ ان الفاظ کے ساتھ میں جناب اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔ مگر میں اپنے دوستوں سے یہ ضرور اپیل کروں گا کہ وہ اس آرڈیننس کو ضرور مسترد کر دیں۔ انہیں بھی کسی نہ کسی وقت اس کے ختم ہونے کی ضرورت پڑے گی۔ ورنہ اگر تقریر کرتے ہوئے انہیں کوئی تھانیدار نظر آ گیا تو بس۔

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Sir, I will be very brief in my reply. The Leader of the Opposition has very correctly described the history of this legislation. My only respectful disagreement with him is this that he seems to be very optimistic about his interpretation of the second ordinance but he will kindly pardon me if I cannot persuade myself to accept his interpretation because it was yet to be decided by the High Court where the writ petition was pending, and before the decision was given it was repealed.

I am happy that he at least had this much to concede that the present ordinance does not go beyond the scope of the suggestions made by the High Court in the writ petition to which he was a party. The third ordinance has been before the province from the 2nd of March and one would have expected that if the Leader of the Opposition felt that this was also something which was not only against the letter but the spirit of the Constitution, against the public opinion, we would have expected him to run up to the High Court and again say that the fundamental rights of all the people in this province had been affected or jeopardized. My respectful submission is that I was very happy when the Leader of the Opposition quoted a full page ruling of the High Court of this province but member of this House felt very much enamoured of quoting a case from America in support of his contention here in this House. I think the member may persuade himself to quote any law from America but the conditions there are different from what are prevailing here and he will at least give the Government the benefit of doubt if the Government is not in a position to subscribe to his views and conform to the law, which is operating in America. We can only say "sorry" for it.

The main emphasis has been on the use of the words "moderate tone". As the leader of the House at the very start explained that this expression, these two words, do not go with either Azan or the prayers. Thereafter there is a comma, which goes only with Khutba. It is no longer a secret that whereas there can be no controversy with regard to Azan or prayers, but often times it has happened and I think we should readily concede that there can be a contraversial subject or a matter which may form a subject matter of a Khutba, and it was, therefore, only reasonable to expect that those who do not agree to congregate or collect at a place to hear a particular Khutba of a particular sect or a particular community in which he has no interest, at least that should not be inflicted on him on account of reasons over which he has no control. Therefore, it was thought that so far as Khutba is concerned, it should be restricted as far as its hearing is concerned, to a place where Khutba is recited or any such meeting and a person who is not a willing party to it should not be annoyed by what is said there or what is happening there. As a member on this side of the House said, at least I believe Sir the member from Lyallpur does realise what a moderate tone is. There have been instances in this very House where we had a very clear distinction between a moderate tone or high tone and a low tone and I don't think there should be any misgiving about or any mis-interpretation of this expression.

This ordinance Sir, as I said, has been in operation since the 2nd of March. Thereafter elections to the National Assembly have taken place; elections of the Provincial Assembly have taken place. Members on either side who have come over here as elected members—they belong to different political organisations and parties—I don't think any member, any organisation of whatever nomenclature or pattern, had the slightest difficulty in using the loudspeaker and using it in the manner of his choice, and there has not been a single prosecution against any individual under this ordinance till this day. Therefore, I would assure the members, particularly those who seem to entertain any doubt or any misgiving or any fear on this score, that powers under this ordinance will not be misused or abused by the executive in whom the powers have been vested. I assure them and repeatedly assure them with all the emphasis at my command on behalf of the Government that their fears are ill-founded and they should have nothing to fear at the hands of the executive. I have of course no remedy and much less any sympathy with them if they are suffering from any halucination or things of their own marking, which are haunting them times out of number.

Another complaint has been made that more powers have been vested in the police. I for one would have thought that the leader of the Opposition knows that powers are always vested in the police to take immediate action on the spot when there is a contravention of any offence. In this particular case, in the ordinance powers do vest in the police as they do vest in the same authority whether it is an offence under the penal code or it is an offence under any other law of the nature now under discussion before theis House.

One thing is urgent. If there is a contravention it is not the police officer who is the final arbiter or the final arbitrator of the destiny of the gentleman concerned but he shall be put up before a court of law to be tried in a regular way with all the rights of appeal to the highest court in the country. Suffice it to say that if any police officer tries to misbehave or is found misbehaving or having abused his official position, the arm of the law is long enough to catch him. He can be prosecuted for malicious prosecution as is the case of any other executive officer working or doing his duty under the law of the land. I again assure the Members of this House that it is far from the mind of the Government to create any impediment in the reasonable and legitimate use of loudspeaker or sound amplifier on occasions where it need. Therefore, I appeal to them and hope they will accept this assurance and join with the colleagues on this side and pass this ordinance unanimously.

Mr. Speaker : I will now put the question.

The question is :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Regulation and Control of Loudspeakers and Sound Amplifiers Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 2nd March, 1965,

The motion was carried

THE QUETTA AND KALAT (CIVIL AND CRIMINAL LAW) ORDINANCE 1965

Mr. Speaker: Next motion, please.

Minister of Law and Parliamentary Affairs (Mr. Ghulam Nabi Mohammad Varyal Memon): Sir I move:

That the Assembly do approve of the Quetta and Kalat (Civil and Criminal Law) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of WestP akistan on 18th March, 1965.

Mr. Speaker: The motion moved is :

That the Assembly do approve of the Quetta and Kalat (Civil and Criminal Law) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 18th March, 1965.

Mr. Hamza: Opposed.

Minister of Law and Parliamentary Affairs: The House is well aware that in Quetta and Kalat Regions, the Frontier Crimes Regulation was in operation. Some months back, the High Court declared some of the provisions of the Frontier Crimes Regulation *ultra vires* of the Constitution, against which an appeal is pending before the Supreme Court. For my purpose I would completely abstain from commenting on the merits of the decision of the High Court because, as I respectfully submitted before, the matter is still sub-judice. I would content myself to saying that Government thought that since some of the provisions of the Frontier Crimes Regulation have been declared *ultra vires* for the strict reasons of stated by the High Court, it should be replaced by some other law. There was a lacuna and need was immediate. To think of the law which will suit the conditions and the circumstances prevailing in these two regions, the Criminal Law Amendment Act, 1963 was immediately extended to these areas and, simultaneously, in order to comply with the orders of the High Court, the application of the Frontier Crimes Regulation was immediately withdrawn from these areas. Government got time in the mean time and the Governor himself undertook a journey to Sibbi and had

full occasion to meet the people there who had their respective thought and ideas about the law which they really need and after considering their views and circumstances and the conditions prevailing there, the Governor issued this Ordinance which I dare say, and say with confidence, meets their requirements and the needs of the people who are the residents of these two divisions.

I would, therefore, request the Leader of the House, who has been very hoarse and very emphatic in this House that the Frontier Crimes Regulation .....

Mr. Speaker : Not Leader of the House.

Minister of Law & Parliamentary Affairs : I am sorry, Sir. I stand corrected. I mean Leader of the Opposition. Sir, in deference to his wishes and his views the Frontier Crimes Regulation has now disappeared from these two regions and has been replaced by a law which, as I said earlier, meets the requirements of the people there. I am sure he will join hands with us to see that the people are not deprived of the law which they need.

Mr. Speaker : Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ (لائلپور - ۶) - جناب سپیکر - کوئٹہ اور قلات کا لفظ کابل اور قندھار سے ملتا ہے - اور میں سمجھتا ہوں - کہ ہمارے ملک کے سیاسی حالات افغانستان سے ملتے ہیں - اور اگر ان میں کوئی فرق ہے تو ہماری حکومت ان کو ایک ہی سطح پر لانے کی کوشش کر رہی ہے - اس اسمبلی کا ممبر منتخب ہونے کے بعد مجھے اس امر کی انتہائی خوشی ہوئی کہ ہمیں ایک ایسے قائد ایوان میسر آئے ہیں جو کہ اس سے پہلے تحریک آزادی کے ایک سرگرم رکن بھی رہ چکے ہیں - اور اس کے بعد انہیں یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ وہ عدالت عالیہ کے ایک جج بھی رہ چکے ہیں - اور حالانکہ وہ اس سے قبل مرکزی حکومت میں وزیر داخلہ کے عہدے پر بھی متمکن رہے ہیں - تاہم یہاں بحیثیت قائد ایوان کے ان کی تشریف آوری کے بعد میرا یہ احساس تھا بلکہ مجھے اس امر کی توقع تھی کہ ان کی موجودگی کی وجہ سے کم از کم اب عدلیہ کے اختیارات روز بہ روز کم نہ ہونگے بلکہ

اس سے پہلے کسی کوتاہ اندیشی یا کسی غلط پالیسی کی بناء پر ہماری مغربی پاکستان کی حکومت نے اگر عدلیہ کے اختیارات میں کمی کی ہے تو وہ اپنی گونا گوں خصوصیات کی ایک ہستی ہونے کی وجہ سے اور اپنے سابقہ تجربات کی بناء پر اس امر کی انتہائی کوشش فرمائیں گے کہ سابقہ حکومت کی غلطیوں کا ازالہ کریں ۔ اور اس امر کو ملحوظ خاطر رکھیں گے ۔ کہ اس بارے میں مزید غلطیاں نہ ہوں مگر افسوس میری وہ توقع پوری نہ ہو سکی ۔ تاہم مجھے اب بھی امید ہے کیونکہ ابھی انہیں تھوڑا عرصہ ہی ہوا ہے ۔ کہ انہوں نے قائد ایوان کی ذمہ داریاں سنبھالی ہیں اور اگر آج وہ اسے اپنے وقار کا سوال بنا کر اور اپنی اس بہت بڑی اکثریت کے بل بوتے پر اس آرڈیننس کو پاس بھی کروالیں (شاید تھوڑے عرصے کے بعد وہ اس آرڈیننس میں ترمیم کریں یا اسے واپس لے لیں) ۔

ہماری حکومت جمہوریت کے نعرے تو بہت لگاتی ہے ۔ بلکہ ہماری حکومت سے بڑھ کر نئے منتخب شدہ اراکین جمہوریت کے بے حد دلدادہ دکھائی دیتے ہیں ۔ لیکن یہ کس قسم کی جمہوریت ہے کہ اس میں لاؤڈ سپیکروں کے استعمال پر پابندیاں لگانے کی ضرورت پڑی ہے ۔ میرے خیال میں کسی بھی دوسرے جمہوری ملک میں اس قسم کی ضرورت درپیش نہیں آئی ۔

Mr. Speaker: That Ordinance has already been approved by this House.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ یہ تو میں صرف ان کو سمجھانے کی کوشش کر رہا تھا کہ کسی بھی جمہوری ملک میں لاؤڈ سپیکروں کے استعمال پر کبھی کسی قسم کی پابندی لگانے کی ضرورت محسوس نہیں ہوئی ۔ بلکہ اسی ملک کے ایک حصے یعنی مشرقی پاکستان میں

بھی ایسی پابندی لگانے کی ضرورت محسوس نہیں ہوئی تو پھر یہ کس قسم کا جمہوری ملک ہے ۔ کہ جہاں اس قسم کی پابندی لگانے کی ضرورت محسوس کی گئی ہے ۔ میرے ایک معزز بھائی نے موجودہ آرڈیننس کو اس سے پیشتر کے آرڈیننس کی بہن کہا تھا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایف۔سی۔آر کی بہن تو یقینی طور پر ہے ۔ لیکن اس کا باپ بھی یقیناً ایک ہی ہے ۔ اب یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ جب پاکستان معرض وجود میں آیا بلکہ اس سے بھی قبل ہم تمام دنیا کے سامنے یہ ڈھنڈورا پیٹتے رہے ہیں کہ پاکستان میں کالے قوانین ہیں اور ان میں ایف۔سی۔آر سر فہرست تھا ۔ یہ ناپید ہونگے ان کا کوئی وجود نہ ہوگا ۔ لیکن افسوس آج اس ایوان میں یہ آرڈیننس پیش کیا جاتا ہے اور اس کے اوپر یہ لکھا ہے کہ اس کو جاری کرنے کی وجہ یہ ہے کہ اس علاقہ کے لوگ یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ اس کو نافذ کیا جائے ۔ اور اس کے ساتھ ساتھ محض اس کا نفاذ ان علاقوں تک محدود نہیں بلکہ اس ہنگامی قانون میں اس امر کی گنجائش رکھی گئی ہے کہ ہماری حکومت جس وقت بھی چاہے اس کو مغربی پاکستان کے دوسرے حصوں پر بھی نافذ کر سکتی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ جہاں تک لوگوں کے مطالبہ کا تعلق ہے اس سے قبل جب مغربی پاکستان کے صوبہ میں کریمینل لاء امنڈمنٹ ایکٹ نافذ کیا گیا اس کا آغاز اس طرح ہوا ہے کہ حکومت کی طرف سے اشارہ ہو جاتا ہے اور ڈسٹرکٹ کونسل متفقہ طور پر ریزولیوشن پاس کرنا شروع کر دیتی ہے کہ اس قسم کا خاص قانون ہمیں چاہئے ۔ کریمینل لاء امنڈمنٹ ایکٹ کے حق میں اس قسم کے ریزولیوشن مختلف ڈسٹرکٹ کونسلوں نے پاس کئے ہیں ۔ ڈسٹرکٹ کونسلیں اس قسم کے ریزولیوشن پاس کیوں نہ کریں ۔ ان کا مقصد حیات کیا ہے ۔ وہ کس غرض کے

لئے معرض وجود میں آئی ہیں بلکہ لائی گئی ہیں - اب اس طرح خدا معلوم وہ کونسے حضرات ہیں جو اس کو چاہتے ہیں - میں مانتا ہوں کہ بہت سے قوانین لوگ لازمی چاہتے ہونگے اور وہ حضرات چاہتے ہوں گے جن کا تعلق عام آبادی سے نہیں ہے - عام آبادی جو ہے وہ اس قسم کے قوانین نہیں چاہتی اور سب سے بڑی افسوس کی بات تو یہ ہے کہ جب کریمینل لاء امنڈمنٹ ایکٹ نافذ کیا گیا اس وقت بعض اوقات ذہن میں آتا تھا کہ ہو سکتا ہے کہ اس قسم کا سخت قانون نافذ ہونے کے بعد ملک میں امن عامہ کی حالت بہتر ہو جائے گی - اس کو نافذ ہوئے کافی عرصہ گزر گیا ہے لیکن یہ علاج اس قسم کا ہے کہ اس سے مرض دن بدن بڑھتی گئی - یہ دوا نہیں ہے بلکہ بذات خود مرض ہے - آپ کو اس چیز کا علم ہے کہ جب سے کریمینل لاء امنڈمنٹ ایکٹ نافذ ہوا ہے تمام مغربی پاکستان میں امن عامہ کی حالت پہلے سے خراب ہے - زیادہ راھزنیاں ہوتی ہیں زیادہ قتل ہوتے ہیں بلکہ میں تو یہ کہوں گا کہ یہاں تو صورت حال اس حد تک بگڑ گئی ہے کہ قانون کا نفاذ کرنے والے زیادہ قانون شکنی کرتے ہیں - خدا معلوم یہ کریمینل لاء امنڈمنٹ ایکٹ کی برکت سے ہے - دراصل چیز یہ ہے کہ قانون کبھی حالات کو بہتر نہیں بنا سکتا نہ بنائے گا جب تک کہ قانون کے نافذ کرنے والے اپنے آپ کو درست نہیں کرتے - قانون پہلے بھی موجود تھا - آج بھی موجود ہے - پہلے سے زیادہ سخت قسم کی سزا دی جا سکتی ہے لیکن اس کے باوجود ہمارا تلخ تجربہ ہے ہو سکتا ہے کہ بہت سے معزز ممبران کو نہ ہو لیکن مغربی پاکستان کی عام آبادی اس کو جانتی ہے کہ ہمارے حالات پہلے سے بہت زیادہ بگڑے ہوئے ہیں - آپ نے قوم پر احسان کیا ہے اور اس ملک پر آج کرم فرمائی کی ہے کہ آپ نے کنٹرولڈ جمہوریت پیدا کی ہے اور اس کو قابو کی ہوئی جمہوریت کہہ سکتے ہیں جب سے آپ نے اتنے

بڑے اختیارات لئے اور آپ نے سارے ملک میں قبرستان کے سماں جیسی حالت پیدا کر دی ہے ۔ افسوس کم از کم مجرموں پر بھی کنٹرول کرلیتے ۔ عام شہری کی عزت محفوظ رہتی اور سکون کی زندگی بسر کرتا ۔ آپ مزدوروں کو دبا سکتے ہیں آپ جلسے میں گڑبڑ برپا کر سکتے ہیں ۔ آپ پولیس کو اور دوسرے انتظامیہ کے اہل کاروں کو ووٹ حاصل کرنے کے لئے مامور کر سکتے ہیں لیکن افسوس آپ نے ان کی بدعنوانیوں کو ، ان کی رشوت ستانیوں کو بالکل بند نہیں کیا لیکن آپ کی کارگزاریوں سے ان میں اضافہ ہوا ہے ۔ آج پبلک جو ہے وہ پہلے سے زیادہ چیخ رہی ہے اور پریشان ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ ایف۔سی۔آر اور کوئٹہ قلات کے اس قانون کے تحت بعض ایسے مجرموں کو سزا دی جا سکتی ہے جن کو عام قانون کے تحت سزا نہیں دی جا سکتی ۔ عام قانون کے ہوتے ہوئے بہت سے مجرمان گواہوں کی غیر موجودگی کی بناء پر یا واردات کی نوعیت کی بناء پر مجرمان کو سزا نہیں دی جا سکتی ۔ آج ہمارے موجودہ وزراء صاحبان اس قسم کی کئی مثالیں بتا سکتے ہیں جس میں انہوں نے سنگین قسم کے جرائم کرنے والوں کو سخت سزائیں دیں ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ چند مثالیں بتانے سے اس قانون کی وجہ سے جو ظلم و تشدد ہوگا ۔ اس قانون کے بل بوتے پر جو زیادتیاں ہوں گی ان کو کسی طور پر بھی ، کسی لحاظ سے بھی جائز قرار نہیں دیا جا سکتا ۔ جناب سپیکر ۔ یہ حکومت پیچھے کی طرف پیش قدمی کر رہی ہے ۔ یہ ترقی اس regime کے دور میں یہ ملک بھگت رہا ہے ۔ یہ ان کے لئے ہی قابل فخر ہو سکتی ہے لیکن آپ مجھے معاف فرمائیں گے بلکہ دوسرے معزز ممبران بھی مجھے معاف فرمائیں گے اگر کسی کے

دینی جذبات مجروح نہ ہوں ۔ میں ایک لفظ استعمال کرتا ہوں کہ اس قانون کے تحت ہم نے ڈپٹی کمشنر کو واحدہ لا شریک کا درجہ دیا ہے ۔ اتنے بڑے اختیارات ہیں کہ جس شخص کو بھی چاہے تباہ کر سکتا ہے ۔ زندان میں بھیج سکتا ہے ۔ اس کی جائیداد ضبط کر سکتا ہے ۔ جہاں تک ٹریبونل (جس کو عام طور پر جرگہ کہتے ہیں) کا تعلق ہے جہاں تک جرگہ کے ممبران کا تعلق ہے وہ تو ڈپٹی کمشنران کے ہاتھ میں کٹ پتلی ہوتے ہیں کیونکہ ان کا تقرر خود ڈی ۔ سی ہی کرتے ہیں ۔ اب ظاہر ہے جن ممبروں کو ڈی ۔ سی نے ہی بنایا ہو وہ بھلا اپنے بنانے والے کے خلاف کس طرح رائے دے سکتے ہیں ۔ وہ بیچارے تو ڈی ۔ سی کے اشارے اور اسکی منشاء اور خواہش کے خلاف جا ہی نہیں سکتے ۔ بالفرض اگر وہ کسی رائے کا اظہار کریں بھی تو انکی رائے کو ڈی ۔ سی کی نظر میں ایک کوڑی کے برابر بھی وقعت نہیں ہوتی ۔ جناب والا ۔ ہمارے ملک کی یہ خوش قسمتی ہوتی اگر ہمارے ڈی ۔ سی ایسے قابل اور ایسے دیانتدار ہوتے جو صحیح معنوں میں اس قابلیت اور دیانتداری کے معیار پر پورے اتر سکتے جس کی توقع ان سے کی جاتی ہے ۔ در اصل یہ قانون جس کی بنیاد پر اس حکومت کی عمارت کھڑی کی گئی ہے وہ قانون خود ریت کی بنیاد پر کھڑا کیا گیا ہے ۔ لہذا نہ یہ قانون مفید ثابت ہو سکتا ہے اور نہ ہی یہ حکومت مفید ثابت ہو سکے گی ۔ یہ تو آپ بھی جانتے ہیں اور مملکت پاکستان کا ہر شہری جانتا ہے بلکہ ہر ان پڑھ بھی جانتا ہے کہ اگر یہ ڈی ۔ سی اپنے فرائض دیانتداری اور تندھی سے اور نیک نیتی کے ساتھ سر انجام دیں تو اس ملک کی کایا ہی پلٹ جائے اور اب تک پلٹ چکی ہوتی ۔ ملک میں ہر طرف پھیلی ہوئی یہ بیکاری اور یہ رشوت ستانی دور ہو گئی ہوتی جو پنجاب میں ہی نہیں بلکہ فرنٹیئر میں بھی ، سندھ میں بھی ، بہاول پور میں بھی اور بلوچستان میں بھی وبا کی شکل اختیار

کر چکی ہے ۔ اگر سب ڈی ۔ سی صاحبان کا معیار دیانت و محنت اچھا ہوتا تو یہ صورت حال نمودار نہ ہوئی ہوتی ۔ دیانت کا معیار الیکشن کے بعد تو اور بھی گر گیا ہے ۔ پہلے اگر کوئی ڈی ۔ سی دیانتدار تھا بھی تو وہ الیکشن کے بعد اپنے معیار پر قائم نہیں رہ سکا ۔ وہ بھی حکومت کے ناجائز مطالبات پورا کرنے پر مجبور ہے ۔ وہ بھی اب غیرجانب‌دار نہیں رہا ۔ اب ڈی ۔ سی صاحبان اپنی کانشنس کے مطابق کام کرتے ہوئے ڈرتے ہیں ۔ پہلے اگر صاحب ضمیر اور دیانتدار ڈی ۔ سی تھے تو اب ان کے حوصلے بھی ٹوٹ چکے ہیں ۔ ہر دیانتدار افسر کا حوصلہ ٹوٹ چکا ہے ۔ اب اس قانون کے مطابق جو اختیارات دئیے جائینگے ان کا استعمال بھی غلط ہوگا ۔ یا ان کا ناجائز استعمال کرایا جائیگا ۔ ان خیالات کے پیش نظر میرے نزدیک یہ قانون مفاد عامہ کے منافی ہے اور میں ہرگز اسکی تائید نہیں کر سکتا ۔

جناب سپیکر ۔ میں یہ نہیں سمجھ سکتا کہ کیا وجہ ہے کہ اگرچہ اس وطن عزیز کو معرض وجود میں آئے ہوئے ۱۸ سال کا عرصہ ہو گیا ہے پھر بھی یہ special circumstances اور یہ ہنگامی حالات ختم ہونے کا نام نہیں لیتے ۔ اصل میں ان ہنگامی حالات کے موجب یہی لوگ ہیں جو پھر ان کا بہانہ بنا کر نئے نئے ہنگامی قانون بناتے رہتے ہیں ۔ یہ خود ہی اس قسم کے حالات کو پیدا کرتے ہیں اور خود ہی ان سے فائدہ اٹھانے کے لئے قانون بناتے ہیں ۔ باقی جناب والا یہ سب کہنے کی باتیں ہیں کہ All citizens are equal before Law and are entitled to equal protection of Law. یہ تو محض الفاظ کا ہیر پھیر ہی ہے ۔ یہ حکمران لوگ کئی ''ہیرا پھیریاں'' کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ سب لوگ اس قانون کی نگاہ میں برابر ہیں ۔ لیکن وہ برابر کہاں ہیں ؟ یہ باتیں صرف کتابوں میں پڑھنے میں آتی ہیں لیکن عملی طور پر دیکھنے میں کہیں بھی نہیں آتیں ۔ کہا جاتا ہے کہ لوگ خود اس کالے قانون کے نفاذ کا مطالبہ کر رہے ہیں ۔ اسکے

برعکس میں ہزاروں مثالیں اس قسم کی پیش کر سکتا ہوں جن میں لوگوں نے اس سے بیزاری کا اظہار کیا ہے ۔ دراصل انگریزوں نے ہمیں غلام بنانے کے لئے یہ کالا قانون یعنی ایف ۔ سی آر ۔ فرنٹئیر کرائمز ریگولیشن وضع کیا تھا ۔ اور اسکو صوبہ سرحد میں نافذ کیا تھا ۔ مگر موجودہ قانون اس سے بھی خطرناک تر ہے جو کہ ہمارے اپنے حکمرانوں بلکہ ہمارے فاتحوں نے بنایا ہے ۔

وزیر تعلیم و بنیادی جمہوریت ۔ ہم تو اپنے آپ کو آپکے خادم سمجھتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ مگر ہم بقول شاعر ۔

ع سر تسلیم خم ہے جو مزاج یار میں آئے ۔

خاموشی کے ساتھ آپکا حکم مانتے چلے جاتے ہیں ۔ جناب والا وزیر قانون یہ فرما کر باہر چلے گئے تھے کہ یہ قانون نرم ہے ۔

وزیر تعلیم ۔ جناب وہ آپکی تقریر سن رہے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ کریمینل لاء امنڈمنٹ کے مقابلے میں یہ قانون کس طرح نرم ہو سکتا ہے ۔ ممکن ہے کہ یہ حکومت نئی نئی تبدیلیاں لانے کے ساتھ کوئی نئی ڈکشنری ایجاد کر کے اسکا مطلب بدل دے ۔ سب سیکشن ۵ میں یہ اختیار دیا گیا ہے ۔

"An offence for decision under the provisions of the Frontier Crimes Regulation, 1901, or the West Pakistan Criminal Law (Amendment) Act, 1963, on or after the 10th of January, 1964, or in which a conviction was recorded and the sentence awarded has not been served out or a revision application was pending under the provisions of either of the aforesaid enactments on or after the aforesaid date, shall notwithstanding any decision of any Court, be referred by the District Magistrate for decision to the Tribunal in accordance with the provision sof sub-section (3)."

جناب سپیکر - آپ کو اس چیز کا علم ہے کہ ہمارے ملک میں کس قسم کی عدالتیں قائم ہیں - ہماری حکومت نے اس قسم کی عدالتیں قائم کر دی ہیں جن پر انتظامیہ کے افسران بیٹھے ہوئے ہیں - چنانچہ اس قسم کی عدالتوں کے ذریعے ہماری حکومت نے اس قانون کے تحت دوہری سزا دینے اور سزا دینے سے پہلے دوہری سماعت کی گنجائش رکھی ہے- اس قسم کی عدالتوں میں مقدمات کی سماعت کے دوران ہی لوگوں کو اچھی خاصی سزا مل جاتی ہے - کیونکہ اس قانون میں یہ گنجائش رکھی گئی ہے کہ پہلے ایک قانون کے تحت ایک مقدمے کی سماعت ہو اور اس کے بعد پھر اسی قانون کے تحت دوبارہ اسی مقدمے کی سماعت ہو :

جناب سپیکر - جرگے کے بے پناہ اختیارات کا اندازہ آپ سیکشن ۷ سے لگا سکتے ہیں - اور جرگے کے ممبران کے بارے میں جیسا کہ مجھے لاہور کے متعلق علم ہے - اور جیسا کہ مجھے اس اسمبلی میں بتایا گیا تھا کہ شہر لاہور میں جرگے کا ایک ممبر ایک ان پڑھ آدمی ہے جس کا ۱۹۵۸ء میں غنڈہ ایکٹ کے تحت چالان ہوا تھا - یہ اسی حکومت کا کارنامہ ہے جس نے اسے جرگے کا ممبر منتخب کیا - اور یہ اطلاع سابقہ اسمبلی میں مجھے اس ایوان میں حکومت نے میرے ایک سوال کے جواب میں بہم پہنچائی تھی - لہذا اب ڈپٹی کمشنر صاحبان کے چناؤ کی داد دیجئے - اور ایک اچھی حکومت کی مشینری کا اندازہ لگائیے اور ان کی کارکردگی کا اندازہ لگائیے اب وہ شخص جرگے کا ممبر ہے اور وہ ٹریبونل میں اس قسم کے مقدمات کی سماعت کر سکتا ہے - اور ہو سکتا ہے کہ کل کو یہی قانون لاہور پر بھی لاگو کیا جائے - چنانچہ اس کے تحت ان کو اختیار یہ ہے -

"The Tribunal shall hear any evidence that may be adduced before it in support of the accusation or which may be led by the accused in his defence;

Provided that the Tribunal may in its discretion refuse to hear any evidence which it feels is being tendered for the purpose of vexation or delay or for defeating the ends of justice."

جناب سپیکر - ہم یہ تو مانتے ہیں کہ ہماری حکومت مقدمات کا فیصلہ بڑی تیزی سے کرتی ہے - اس کا علم آپ کو ان تمام مقدمات کی تعداد سے ہو سکتا ہے جو اس وقت زیر سماعت ہیں- لیکن اختیارات کا عالم یہ ہے کہ جب ان کو اس امر کا احساس ہو جائے کہ کسی مقدمے کی سماعت کو دیدہ دانستہ طور پر لمبا کیا جا رہا ہے - تو وہ کسی صفائی کے گواہ کی گواہی لینے سے انکار کر سکتے ہیں - اور اس کے ساتھ ساتھ حد یہ ہے کہ اس کیلئے کوئی وجوہات تحریر کرنے کی ان پر پابندی نہیں لگائی گئی -

جناب سپیکر - سیکشن ۱۰ کے سب سیکشن ۲ میں ڈپٹی کمشنر کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ مجرم کی غیر منقولہ جائیداد ضبط کر سکتا ہے -

"In cases of conviction under section 20 of the West Pakistan Maintenance of Public Order Ordinance, 1960, the immovable property of the accused shall be liable to forfeiture."

اور اس کے ساتھ ساتھ بعض ایسے حالات میں جب کہ کسی شخص کو ضمانت دینے کیلئے پابند کیا جائے اور وہ ضمانت نہ دے سکے تو ڈپٹی کمشنر صاحب کو یہ اختیار بھی حاصل ہے کہ وہ اسے جیل میں بھیج دیں - اور جیل میں بھیجنے کے بعد ڈپٹی کمشنر صاحب کو یہ اختیار بھی حاصل ہے کہ وہاں اسے بامشقت سزا دیں یا بلا مشقت - یہ تمام کے تمام اختیارات ڈپٹی کمشنر صاحب کو حاصل ہیں - اور کوئی شخص ان کو پوچھنے والا نہیں - میرے نزدیک ان چیزوں کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ان لامحدود اختیارات کے ہوتے ہوئے بااختیار افسروں کو کوئی پوچھنے والا ہی نہیں ہوتا - اور حقیقت یہ ہے کہ صحیح معنوں میں ان عدالتوں کا دروازہ کھٹکھٹایا ہی نہیں جا سکتا اور

فی الحقیقت ان کے دروازے عوام پر ہمیشہ کیلئے بند کر دئے گئے ہیں اور وہ لوگ جن کو یہ اختیارات حاصل ہیں وہ ان سے پورا پورا فائدہ اٹھاتے ہیں ۔ آج ملک میں جو رشوت ستانی پھیلی ہوئی ہے جسے روکنے کیلئے ہماری حکومت آئے دن تدابیر سوچتی ہے ۔ اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ بااختیار افسران پر کوئی check نہیں ہے ۔ اختیارات بے تحاشا اور بڑے وسیع ہیں ۔ فی زمانہ بہت ہی کم افسر ایسے ہونگے جو اپنے اختیارات کا جائز استعمال کریں ۔ اور جیسا کہ ہمارے ملک میں اس وقت ماحول ہے ہر شخص یہ چاہتا ہے ۔ اور خصوصاً ہمارا حکمران طبقہ یہ چاہتا ہے کہ اسے دنیاوی سہولتیں زیادہ سے زیادہ میسر آئیں ۔ اور وہ دن دگنی اور رات چوگنی ترقی کریں۔ اور یہ محض عہدوں میں ہی نہیں ۔ بلکہ دولت کے میدان میں بھی ۔ غرض دولت حاصل کرنے کیلئے ان کو بڑے آسان مواقع مہیا کئے گئے ہیں ۔ اور آج کون کافر ہے جو ان سے فائدہ نہ اٹھائے ۔

جناب سپیکر ۔ سیکشن ۱۸ کے تحت ڈپٹی کمشنر صاحب کو یہ اختیار بھی دیا گیا ہے ۔

> " (1) Where an application is made to the District Magistrate by all the parties to a dispute relating to any such matter as is referred to in section 2 of the West Pakistan Muslim Personal Law (Shariat) Application Act, 1962, requesting that the dispute be referred for decision to a Tribunal under this section, the District Magistrate shall, subject to the provisions of the Conciliation Courts Ordinance, 1961, and the Muslim Family Laws Ordinance, 1961, and if a suit is not pending in respect of the matter in dispute in a Civil Court, by an order in writing, refer the dispute to a Tribunal to be constituted in the manner provided in sections 4 and 6 and require the Tribunal to come to a finding on the matter in dispute after holding an enquiry as provided in section 19."

ان کو یہ اختیار حاصل ہے کہ civil cases یعنی دیوانی کے مقدمات کو جو محدود اور مشروط ہوں وہ جرگہ کے پاس بھیج دیں اور ہدایت کر دیں کہ سماعت کرنے کے بعد اس کے فیصلہ سے

ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کریں ۔ اس حکم کے بعد جرگہ جیسا بھی اس کو مقدمات کی سماعت کا اختیار دیا گیا ہے سماعت کرے لیکن اس کے بعد

"On receipt of the finding of the Tribunal under this section, the District Magistrate, after hearing the parties and for reasons to be recorded, may:—

(a) pass a decree in accordance with the finding of the Tribunal; or

(b) remand the matter to the Tribunal or refer the matter to a second Tribunal for a further enquiry and finding, if the Tribunal has failed to give a finding on the matter referred to it or any substantial part thereof or if the District Magistrate is of opinion that there has been material irregularity or that the proceedings have been so conducted as to occasion a miscarriage of justice;

(c) declare that further proceedings under this section are not required."

جب ڈپٹی کمشنر محسوس کرے کہ انہوں نے بدعنوانی کی ہے ۔

That there has been material irregularity.

اور اس کے ساتھ ہی انہیں یہ محسوس ہو اور یہ خیال کریں کہ اس سے انصاف کے تقاضے پورے نہیں ہوتے تو اس معاملہ میں انہیں فیصلہ کرنے کا اختیار حاصل ہے ۔

To declare that further proceedings under this section are not required.

کہ اس دفعہ کے تحت مقدمہ کی سماعت نہیں ہونی چاہئے ۔ اب میں وزیر صاحب سے پوچھتا ہوں کہ آپ نے جرگہ کو انتہائی وسیع اختیارات دئے ہیں جن کے متعلق آپ کو بخوبی علم ہوگا ۔ اور اگر میرے ایسا کہنے سے کوئی گستاخی ہوئی ہو تو معاف فرمائیں ۔ اتنے وسیع اختیارات دیتے ہوئے بھی ڈپٹی کمشنر یہ محسوس کرتا ہے کہ

That they have committed some material irregularity and have so conducted the proceedings as to occasion a mis-carriage of justice.

تو آپ مجھے بتائیں کہ اس قانون کے تحت جرگہ کے ممبران پر کوئی کارروائی کرنے کی گنجائش بھی رکھی گئی ہے ۔ آپ ان کو اختیارات تو دیتے ہیں لیکن اگر وہ زیادتی کرتے ہیں تو ان سے باز پرس نہیں کرتے اس کی کیا وجہ ہے ۔ ڈپٹی کمشنر کو کیوں یہ حق دیا گیا ہے کہ وہ فیصلہ کریں کہ آئندہ اس مقدمہ کی سماعت نہیں ہوگی ۔ جب کہ متفقہ طور پر دونوں پارٹیز نے لکھ کے دے دیا ہے کہ مقدمہ کی سماعت جاری کر دیں ۔ تاکہ وہ مکمل ہو جائے ۔ اور جب فیصلہ پسند نہیں ہوتا تو کہہ دیتے ہیں کہ اب سے مقدمہ کی سماعت نہ کی جائے ۔

جناب سپیکر ۔ ایسے اختیارات والے ڈپٹی کمشنر کو مطلق العنان نہ کہنا زیادتی ہوگی ایسے مطلق العنان فرمانروا کو خصوصیت سے جو آپ نے ایسے اختیارات دئے ہیں یہ آپ نے محض اپنا کام نکالنے کے لئے کیا ہے ۔ کیا یہ آپ کا فریضہ نہیں کہ آپ انہیں کنٹرول کریں ۔ آپ کو کبھی اس چیز کا احساس ہی نہیں ہوا آپ جانتے ہیں میں وکیل نہیں ہوں ۔ بہ حیثیت ایک lay man کے جو کچھ میری سمجھ میں آتا ہے عرض کر دیتا ہوں ۔ سیکشن ۳۱ کی سب سیکشن ۲ میں جہاں حکومت عالیہ یہ فرماتی ہے ۔

"An offence under section 404, section 497 or section 498 of the Pakistan Penal Code, if referred for decision to a Tribunal, may be compounded with the permission of the District Magistrate by the husband of the woman in respect of whom the offence is alleged to have been committed."

ہمیں مجبور کیا جاتا ہے کہ ہم اظہار خیال کریں ۔ اگرچہ ہم آئین کی وفاداری کا حلف اٹھاتے ہیں ۔ بعض کو یہ طعنہ دیا جاتا ہے کہ وہ حلف اٹھاتے ہیں مگر وفادار نہیں ۔ جن لوگوں کی

وفاداری مشکوک ہوتی ہے انہیں حزب اختلاف میں دھکیل دیا جاتا ہے لیکن بعد میں جب وہ آزادانہ طور پر منتخب ہو جاتے ہیں اور حکومت سے مل جاتے ہیں - تو ان کی وفاداری پر کوئی شبہ نہیں رہتا - اور وہ اس قدر معصوم ہو جاتے ہیں جیسے وہ آج ہی پیدا ہوئے ہیں -

یہ جو principles & policy میں آپ نے اسلام کو ڈھال بنایا ہوا ہے اس میں ہے کہ

No law shall be repugnant to the teachings and requirements of Islam as set out in the Holy Quran and Sunnah and all existing laws shall be in conformity with the Holy Quran and Sunnah,"

جناب سپیکر - جیسا کہ تمام لوگوں کو معلوم ہے کہ اس اسمبلی میں جو آپ کو سپیکر بننے کا اعزاز ملا ہے وہ اس لئے ہے کہ پچھلی اسمبلی کے دوران میں اس قسم کی قانونی دفعات Criminal Law (Amendment) Act میں نہ آ سکیں جو علامہ رحمت اللہ ارشد صاحب نے پیش کی تھیں - وہ اس وقت ایوان میں نہیں ہیں شاید وہ مقہور ہو گئے ہیں اور اب ان کے آنے کا سوال پیدا نہیں ہوتا - چونکہ انہوں نے قرآن اور سنت کے حوالے دئے تھے اس لئے انہیں یہاں آنے کا موقع نہیں ملا - ایسی ہی باتیں سننے میں آتی ہیں اور میں سنی ہوئی بات ہی عرض کرتا ہوں -

وزیر قانون صاحب تو وزیر ٹھہرے - قانون کے ماہر ہیں - ان کے پاس Advisory Council of Islamic Ideology مشورہ دینے کے لئے ہے - ساتھ ہی ساتھ اس آئین کا حلف اٹھایا ہے اور فرماتے ہیں کہ principles of policy کے تحت تمام سابقہ قوانین کو قرآن اور

سنت کے مطابق ڈھالیں گے ۔ اس سے ان کی قانونی قابلیت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے اس سے ان کی وفاداری کو جانچ لیجئے اور تولئے ۔ آئین تو کہتا ہے کہ قرآن اور سنت کے مطابق ڈھالیں گے لیکن جو نئے قوانین وہ لا رہے ہیں ان کا مذاق اڑا رہے ہیں ۔ قرآن اور سنت میں تو صاف طور پر آیا ہے کہ زنا کے مقدمات میں بالکل نرمی کا سلوک نہ کیا جائے ۔ وہ راضی نامہ نہیں کر سکتے ان کے لئے سزا مقرر کی گئی ہے اور ساتھ ہی ساتھ اس امر پر زور دیا گیا ہے کہ سزا دیتے وقت ان سے نرمی نہ برتی جائے کیونکہ اسلام کے نزدیک زنا کا جو جرم ہے وہ محض دو افراد کا جرم نہیں ہے بلکہ معاشرے کے خلاف ہے ۔ یہ حقیقت ہے کہ آپ قتل کے مقدمات میں راضی نامہ کر سکتے ہیں لیکن اس کے ساتھ ہی کچھ حدود و قیود ہیں ۔ مجھے معلوم نہیں کہ وزیر قانون صاحب نے اس قسم کی قانونی گنجائش اس قانون میں کیوں رکھی ہے اور یہ بڑے فخر سے فرمایا کرتے ہیں کہ یہ قانون اسلامی جمہوریہ پاکستان کا ہے جس کو معرض وجود میں آئے ہوئے ۱۸ سال گزر گئے اور اگر کوئی شخص یہ بات کہہ دے کہ یہ حکومت آج تک اسلام کا مذاق اڑاتی رہی ہے اس کو محض سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کرتی رہی ہے اور بعض جاگیرداروں کی جاگیرداریاں قائم رکھنے یا ان کی حفاظت کے لئے استعمال کرتی رہی ہے تو یہ کہہ دیتے ہیں کہ یہ بات کہنے والے کمیونسٹ ہیں اور یہ بڑے دین کے ٹھیکیدار ہیں اور یہ ان کا کردار ہے ۔

جناب سپیکر ۔ ہماری حکومت ویسے کوشش تو بہت کرتی ہے کہ جب کوئی خفا ہو اور ان کے خلاف ہو تو ان کو اس کی قیمت ادا کرنا آتی ہے ۔

مسٹر سپیکر - مسٹر حمزہ یہ کونسا پراویژن ہے ؟

مسٹر حمزہ - میں بتاتا ہوں -

Mr. Speaker: The member may please keep in mind that we are having general discussion within a few days.

Mr. Hamza: I am quite relevant.

جناب سپیکر - میں جب آپ سے عرض کرونگا تو آپ خود سمجھ جائیں گے - میں آپ سے دفعہ عرض کئے دیتا ہوں - جناب سپیکر میں عرض کر رہا تھا کہ ہماری حکومت کے پاس وسائل ہیں اور انہیں پتہ ہے کہ بہت سے لوگ ان وسائل سے خریدے جاتے ہیں اور یہ ان کو خوب استعمال کرتے ہیں - اس قانون کے تحت انہوں نے یہ گنجائش رکھی ہے کہ وکلاء جرگے کے سامنے پارٹی کی طرف سے پیش ہو سکتے ہیں - اس سے پہلے وکلاء عام طور پر اس حکومت سے نالاں رہے ہیں - وزیر صاحب کو اس چیز کا علم ہے کہ اس قانون کے تحت مقدمات کی جو سماعت ہوتی ہے اس کا باقاعدہ ریکارڈ نہیں رکھا جاتا اور جرگہ اس امر پر مجبور نہیں ہے کہ وہ مقدمات کی سماعت کے دوران جو بیانات دئے جاتے ہیں وہ لفظ بہ لفظ ریکارڈ کرے - وکلاء کو اس قسم کی نام نہاد عدالتوں کے سامنے پیش ہونے کی گنجائش رکھی گئی ہے اس سے محض چند وکلاء کو جو ان سے نالاں تھے خوش کرنے کی کوشش کی گئی ہے - ورنہ اس قسم کے مقدمات میں اس قسم کے قانون کے تحت وکلاء کا پیش ہونا یا نہ ہونا چنداں سودمند یا کارآمد ثابت نہیں ہو سکتا -

جناب سپیکر - حقیقت یہ ہے کہ یہ قانون مخصوص مفادات کے تحفظ کے لئے بنایا گیا ہے محض سپیشل Circumstances کا سہارا لے کر اس قسم کے قوانین پاس کئے جاتے ہیں - آج ملک میں جس قسم کے حالات

ہیں اس کی موجب ہماری حکومت ہی ہے ۔ اور ہماری حکومت کو یہ معلوم بھی ہے ۔

ایک آواز ۔ آپ تو ہمارے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ ہم آپ کو اپنا ہی سمجھتے ہیں لیکن آپ نے ہمیں اپنا نہیں سمجھا ۔ جناب سپیکر ۔ میں عرض کروں گا کہ اگر موجودہ حکومت اپنے آپ کو واقعی ترقی پسند حکومت کہلوانا چاہتی ہے تو اس کو یہ حق اس وقت حاصل ہو سکتا ہے کہ جب وہ تمام ملک پر ایک ہی قسم کے تمام قوانین نافذ کرے ۔ اگر ہمارے ملک میں اس سے پہلے کچھ مختلف حالات تھے تو ان حالات میں اس قسم کی تبدیلی پیدا کی جائے کہ ہمیں اس قسم کے قوانین کی ضرورت نہ ہو اور اگر آپ نے اس مقصد کو پورا کرنے کے لئے کوئی جد و جہد یا کوشش کی ہوتی تو یہ سپیشل Circumstances قطعاً کبھی پیدا نہیں ہو سکتے تھے اگر آپ نیک نیتی کے ساتھ ملک میں اچھے قوانین کے تحت حکمرانی اور حکومت کرنا چاہیں گے تو لازمی طور پر حالات سازگار ہو جائیں گے ۔ آج جن سنگین قسم کے جرائم کی فراوانی ہے اس کی وجہ صرف قوانین کے نقائص ہیں ۔ اور اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ وہ لوگ جن کے ہاتھ میں آج زمام حکومت ہے وہ ان قوانین کو اور وہ قوانین جو اس سے پہلے موجود تھے ان کو صحیح طور پر استعمال نہیں کر رہے ہیں ۔ میں آپ کو جناب صدر مملکت پاکستان کا ایک بیان یاد دلاتا ہوں ۔ انہوں نے مارشل لاء کے ایام میں سابقہ آئین کے بارے میں بھی یہ بتلایا تھا بلکہ فرمایا تھا کہ ۱۹۵۶ء کا آئین محض اس بناء پر ناکام ہوا کہ ہمارے گورنر جنرل مرحوم غلام محمد اور جناب سکندر مرزا اپنے اختیارات کا غلط

استعمال کرتے رہے اور پارٹیاں بدلنے میں اور نئی پارٹیاں بنانے میں بھی ان کا ہاتھ تھا ۔ انہوں نے نیک نیتی سے خصوصاً سکندر مرزا کے بارے میں یہ فرمایا کہ ۱۹۵۶ء کے آئین کو سامنے رکھ کر چلنے کی کوشش نہیں کی گئی ۔

ہمیں اس آئین کی بعض دفعات سے اختلاف ہے لیکن ہم آپ سے توقع کرتے ہیں کہ آپ اپنے کردار سے اپنے خدشات کو رفع کیجئے آپ اس قسم کا رویہ اختیار نہ کریں جس سے ہمارے شکوک و شبہات صحیح ثابت ہوں ۔ کم سے کم اس آئین سے انصاف کیجئے اس ملک سے انصاف کیجئے ، جیسا کہ ہمارے شکوک و شبہات سے ثابت ہے ۔ اگر آپ اس ملک سے انصاف نہیں کر سکتے تو کم سے کم آپ اپنے آپ سے انصاف کیجئے ۔

Mr. Speaker: The House stands adjourned till tomorrow to meet at 8.00 A.M.

The Assembly then adjourned till 8.00 a.m. on Tuesday, the 15th June, 1965.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FIRST SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Tuesday, the 15th June, 1965.

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-00 a.m. of the Clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair

---

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi, (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ ۚ اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا ۣ فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰٓى اَنْ تَعْدِلُوْا ۚ وَاِنْ تَلْوٗٓا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ۝

پ ۵ - س ۴ - رکوع ۱۷ - آیات ۱۳۵ و ۱۳۶

اے ایمان والو انصاف پر قائم رہو اور اللہ کے واسطے سچی گواہی دو خواہ اس میں تمہارا یا تمہارے والدین اور رشتہ داروں کا نقصان کیوں نہ ہو۔ اگر کوئی شخص امیر ہے یا فقیر بس اللہ اُن کا خیر خواہ ہے۔ تو تم خواہش نفس کے پیچھے چل کر عدل کو نہ چھوڑ دینا۔ اگر تم گول مول شہادت دو گے یا (شہادت سے) پہلوتہی کرو گے تو (جان لو) اللہ تمہارے تمام کاموں سے واقف ہے۔

اے مسلمانو! اللہ پر اور اُس کے رسول پر اور جو کتاب اس نے پیغمبر پر نازل کی ہے اور جو کتابیں اس سے پہلے نازل کی تھیں سب پر ایمان لاؤ۔ اور جو شخص اللہ اور اس کے فرشتوں اور اُس کی کتابوں اور اس کے پیغمبروں اور روز قیامت سے انکار کرے وہ راہ ہدایت سے دور جا پڑا۔

وما علینا الا البلاغ

DISCUSSION AND VOTING ON SUPPLEMENTARY DEMANDS, 1964-65.

(DEMAND No. 1)

Mr. Speaker: Finance Minister to move Demand No. 1.

Minister of Finance (Sh. Masood Sadiq) : Sir, I beg to move:

That a supplementary sum not exceeding Rs. 63,70,650 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Miscellaneous.

Mr. Speaker: Demand moved is :

That a supplementary sum not exceeding Rs. 63,70,650 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Miscellaneous.

Is there any opposition ?

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - پوائنٹ آف آرڈر جناب - جناب عالی بجٹ میں ایک رقم ایک کروڑ پانچ لاکھ روپے کی اے - سی - سی کے سلسلہ میں طلب کی گئی ہے - اور ایک اور رقم ۳ کروڑ ۷۵ لاکھ روپے کی اے - سی - سی - کو خریدنے کے سلسلہ میں پیش کی گئی ہے - میری یہ اطلاع ہے کہ اے - سی - سی کا سارا معاملہ اس وقت کورٹ میں ہے - اگر یہ صحیح ہے تو جب تک اس پر فیصلہ نہ ہو جائے ہم ان ڈیمانڈز کو یہاں زیر بحث نہیں لا سکتے -

Minister of Finance : That particular grant is coming. This is not that grant.

مسٹر سپیکر - فاروقی صاحب جس وقت وزیر خزانہ وہ ڈیمانڈ پیش کرینگے اس وقت یہ پوائنٹ اٹھائیے -

There is no cut motion on this Demand.T herefore, I will put this Demand directly.

The question is :

That a supplementary sum not exceeding Rs. 63,70,650 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Miscellaneous.

The motion was carried.

(DEMAND No. 2)

Mr. Speaker : Next Demand.

Minister of Finance : Sir, I beg to move :

That a supplementary sum not exceeding Rs, 1,17,32,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Capital Outlay on Provincial Schemes of State Trading.

Mr. Speaker : Demand moved is :

That a supplementary sum not exceeding Rs. 1,17,32,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Capital Outlay on Provincial Schemes of State Trading.

Mr. Hamza has given notice of a cut motion for this Demand, i.e. Demand No. 2. But this cut motion is out of order because Mr. Hamza has given notice that the whole Demand should be omitted. Mr. Hamza can oppose this Demand but his cut motion is out of order. Does the Member want to make a speech ?

Mr. Hamza : Yes, Sir.

مسٹر محمود اعظم فاروقی - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - جیسا کہ میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا - میری اطلاع یہ ہے کہ اے - سی - سی - کو گورنمنٹ کے take over کرنے کا جو معاملہ ہے ، یہ سارے کا سارا معاملہ دو مقدمات کے سلسلے میں ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ میں پیش ہوا ہے - اے - سی - سی کو

پہلے ڈبلیو - پی - آئی - ڈی - سی نے take over کرنے کی کوشش کی - اس کے خلاف ایک مقدمہ ھائی کورٹ میں دائر کیا گیا تھا - لیکن بعض وجوھات کی بناء پر ھائی کورٹ میں خارج ھونے کی وجہ سے اسے سپریم کورٹ میں پیش کیا گیا - اب حکومت مغربی پاکستان نے اسے take over کیا ھے - اور اس کے خلاف مقدمہ ھائی کورٹ میں زیر سماعت ھے - اب اگر یہ بات صحیح ھے - تو میں سمجھتا ھوں - کہ یہ معاملہ Sub-judice ھے - اور اس پر یہاں بحث کرنا ھمارے قواعد کے خلاف ھے -

مسٹر سپیکر - کونسے قواعد کے خلاف ھے - کیا آپ ان کا حوالہ دے سکتے ھیں -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - صفحہ نمبر ۵۰۳ پر قاعدہ نمبر ۱۴۸ کی شق نمبر ۲ میں ھے - کہ

"A Member while speaking shall not ---

(i) refer to any matter which is sub-judice in a court of law in any part of Pakistan."

Mr. Speaker : Mr. Memon, what is the position ? May I know?

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Sir, the position factually is this that the matter is sub-judice. Sardar Shaukat Hayat has filed a writ petition, which is pending before the High Court at Lahore. The acquisition of ACC, which has got its factories at Wah in Pindi District and in Sukkur District, both on the legal, constitutional and factual grounds, and I think the member is right that under the circumstances, the matter being sub-judice cannot be discussed. That is the position but so far as the demand, as it is, is concerned, it can be put to the House to be accepted or to be rejected.

مسٹر محمود اعظم فاروقی - جناب والا - بقول جناب وزیر قانون کے یہ Case sub-judice تو ضرور ھے - لیکن اس کے باوجود یہ

Demand ہاؤس کے سامنے رکھی جا سکتی ہے۔ مجھے اس پر یہ اعتراض ہے کہ جب تک کسی موشن پر ایوان میں پوری طرح بحث نہ ہو جائے۔ اور اس کے حسن و قبح پر دونوں جانب سے سیر حاصل گفتگو نہ ہو جائے۔ اور ممبران اسکے سارے پہلوؤں پر مختلف خیالات کو سن نہ لیں۔ وہ اپنی رائے کا اظہار اس پر کیسے کر سکتے ہیں۔ اور انکی رائے کے اظہار کے بعد ہی کسی مسئلے پر کوئی فیصلہ کیا جا سکتا ہے۔ تو جب یہ مسئلہ Sub-judice ہے۔ اور ہم اس پر اچھی طرح غور کرنے سے معذور ہیں۔ تو میرے خیال میں اس صورت میں اس موشن کو ایوان کے سامنے پیش کرنا مناسب نہ ہوگا۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق)۔ ہم نے یہاں جو Demand پیش کی ہے۔ اگر بقول انکے اس پر بحث نہ کر سکیں۔ اور دس برس تک یہ مسئلہ کسی سول کورٹ میں چلتا رہے۔ تو پھر ہم دس برس تک ہی اس کے لئے Demand پیش نہیں کر سکیں گے۔ ہم Merits of the case پر تو یہاں بحث نہیں کر سکتے ہیں۔ لیکن اس کے لئے Demand تو پیش کر سکتے ہیں۔

مسٹر سپیکر۔ شیخ صاحب۔ کونسا معاملہ عدالت میں زیر سماعت ہے۔

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): The Prorncial Government in the Industries Department has purchased and acquired under the Land Acquisition Act the entire concern of ACC, as it existed. The petitioner before the High Cornt has challenged the very acquisition under the Land Acquisition Act by the Provincial Government as mala-fide on account of political considerations, and has also attacked the acquisition and the purchase on the legal, constitutional grounds, as I have already submitted earlier. In that matter, the High Court has also issued a stay order to the effect that no further proceedings should be taken after the possession had been

taken over because it was acquired before the writ petition was filed. That is the legal and the factual position as obtaining till today, Sir.

Here, as the Finance Minister has very rightly pointed out, is a Demand for grant before the House and until this grant is a sanctioned by the House or negatived, the very acquisition will fall through, because this must be done during the financial year. This is a supplementary grant before the House and the department not having the requisite funds at its disposal will simply say 'hands off'.

Mr. Speaker : Is this the demand in respect of the acquisition of the ACC ?

Minister of Finance (Sheikh Masood Sadiq): We have already taken over the company and we have to pay for it. The Agreement has been signed.

Minister of Law : The payment of this concern is to be made in instalments and this amount which the Finance Minister has put before the House is towards the payment of the first instalment.

مسٹر سپیکر ۔ فاروقی صاحب ۔ جہاں تک آپکے اس پوائنٹ کا تعلق ہے کہ acquisition کو ہائی کورٹ میں چیلنج کیا گیا ہے ۔ کہ آیا یہ acquisition جائز ہے یا ناجائز ہے تو اس کے متعلق تو ہم یہاں پر بحث نہیں کر سکتے ۔ لیکن یہ Demand کہ یہ گرانٹ اسکے لئے دینی چاہئے یا نہیں دینی چاہئے ۔ اس کے متعلق یہاں پر بحث ہو سکتی ہے ۔ یہاں Merits of the case کو زیر بحث نہیں لایا جا سکتا ۔

مسٹر حمزہ آپ اپنی تقریر شروع کریں ۔

مسٹر حمزہ (لائلپور - ٦) ۔ جناب سپیکر ۔ جب پی ۔ آئی ۔ ڈی ۔ سی ۔ معرض وجود میں آئی تھی ۔ اور جب کہ ابھی جناب وزیر صاحب بھی معرض وجود میں نہیں آئے تھے اس وقت اس کی غرض و غایت یہ تھی کہ حکومت ان صنعتوں میں سرمایہ کاری کرے ۔

کہ جن میں نجی سرمایہ کار یا صنعت کار سرمایہ نہ لگانا چاہتے ہوں ۔ اور ان میں سرمایہ کاری عوام کے مفاد کے لئے اشد ضروری ہو ۔

جناب سپیکر ۔ پی ۔ آئی ۔ ڈی ۔ سی ۔ کی پچھلی پندرہ سالہ تاریخ یا کارگذاری کا مطالعہ کرنے سے یہ امر صاف طور پر عیاں ہو جاتا ہے ۔ کہ اس صنعتی ترقیاتی کارپوریشن نے جو کہ آج دو حصوں میں بانٹ دی جا چکی ہے ۔ اور مغربی پاکستان میں اسے West Pakistan Industrial Development Corporation کا نام دیدیا گیا ہے ۔ اس نے جہاں کہیں بھی نئی صنعتیں قائم کیں ۔ وہ محض اس قسم کی تھیں کہ جن میں صنعت کار اس میں حصہ دار تو تھے ۔ لیکن وہ صنعتیں یا وہ Projects یا وہ ادارے بالکل نئے تھے ۔ اس کارپوریشن کا دوسرا مقصد یہ بھی تھا ۔ کہ جب وہ صنعتیں ۔ ۔ ۔ ۔

Minister of Law : May I Sir rise on a point of order. So far as the acquisition of this ACC is concerned, it is not by the PIDC. It is by Government. PIDC has nothing to do with this. Probably the member is under the misunderstanding that this acquisition has been made by the Provincial Government for and on behalf of the PIDC but that is not the fact. This has been taken oven by the Provincial Government and is being run as such by the Provincial Government. PIDC has absolutely nothing to do with it.

Mr. Speaker : It has been acquired by the Provincial Government ?

Minister of Law : Yes, Sir.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I think, there is some misunderstanding. It is given in Demand No. 4.

"Investment in the Projects of Pakistan Industrial Development Corporation.—Additional appropriation required to meet the anticipated excess".

And, Sir :

"D—Other Schemes of Industrial Development Associated Cement (Government of Pakistan)—Purchase price of the Associated Cement (Government of Pakistan)".

Also kindly see the note :

"The entire assets of the Associated Cement Companies Ltd., situated in the Province were taken over by the West Pakistan Government on the 13th March 1965, under the agreement entered into between the Government and Management of the Company."

تو یہ جناب چلا رہے ہیں اس کمپنی کو ۔ گورنمنٹ نہیں بلکہ ویسٹ پاکستان انڈسٹریل ڈویلپمنٹ کارپوریشن چلا رہی ہے ۔ اس کے ذمہ یہ کام ڈالا گیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ خواجہ صاحب اس نوٹ کے متعلق ہے ۔ اسکو مغربی پاکستان گورنمنٹ نے take over کیا ہے ۔

Khawaja Muhammad Safdar : Yes, it has been taken over by the West Pakistan Government but it has been handed over to the West Pakistan Industrial Development Corporation;

یہ پوزیشن واضح کر دیں ۔ شائد یہ درست ہو اور ہم مان لیں ۔ لیکن صحیح پوزیشن یہی ہے ۔

Minister of Law : I have clarified the position with full authority and with full sense of responsibility that the entire concern has been acquired by the Government in the Industries Department and it is the Government which is running it.

Mr. Speaker : And not the West Pakistan Industrial Development Corporation?

Minister of Law : No, Sir.

Mr. Speaker : Yes, Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ وزیر قانون صاحب نے جو وضاحت کی ہے ۔ ہم اسکو درست تسلیم کرنے پر مجبور ہیں ۔ تاہم میری جو

معلومات ہیں وہ یہ ہیں کہ اس concern کو مغربی پاکستان انڈسٹریل ڈویلپمنٹ کارپوریشن چلا رہی ہے ۔

وزیر خزانہ ۔ یہ صحیح نہیں ہے ۔ یہ بار بار ویسٹ پاکستان انڈسٹریل ڈویلپمنٹ کارپوریشن کا نام لیتے ہیں ۔

Mr. Speaker : Now, it is clear after his statement.

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ اس وضاحت کے بعد میں اس بات کو چھوڑتا ہوں ۔ جناب سپیکر ۔ پچھلی اسمبلی کی میعاد کے دوران آپ کے بلکہ مغربی پاکستان کی آبادی کے کان یہ بات سنتے سنتے تھک گئے ہوں گے ۔ لوگ یہ باتیں سنتے سنتے اکتا گئے ہوں گے کہ ہماری حکومت کی جانب سے اکثر اقدامات ایسے کئے جاتے ہیں جن کو نیک نیتی پر محمول نہیں کیا جا سکتا ہے ۔

Minister of Finance ; Question!

مسٹر حمزہ ۔ بعض ایسے آرڈیننس پاس کئے گئے ہیں جن کا مقصد محض ایک شخص کو فائدہ پہنچانا ہوتا تھا ۔ اور بعض کا ایک ہی شخص کو نقصان پہنچانا ہوتا تھا ۔ اس صنعتی ادارے کو حکومت نے محض سیاسی وجوہات کی بنا ء پر ۔ ۔ ۔ ۔

Minister of Finance : He is again discussing the merits of the case inspite of the fact that it is sub-judice.

خواجہ محمد صفدر ۔ اب تکلیف ہو رہی ہے ۔ لوگوں پر ظلم کرتے ہو ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ یہ ادارہ اور یہ Associated Cement Factory جیسا کہ وزیر خزانہ صاحب نے فرمایا ہے حکومت اپنی تحویل میں لیکر

اسکو چلا رہی ہے اور اسکا مطالبہ زر ہمارے سامنے ہے ۔ جناب والا ۔ میں عرض کر رہا ہوں کہ اس کا مقصد صنعتی ادارے کو چلانا نہیں بلکہ ایک فرد کو نقصان پہنچانا ہے ۔

Minister of Finance : Sir, the Member is discussing merits of the case.

Mr. Speaker : Then what else he should discuss?

Khawaja Muhammad Safdar : Please tell us what the member should discuss? Should we accept the grant as it is?

وزیرخزانہ ۔ جناب آپ merit پر نہ جائیں ۔ کیا ہم نے غلطی کی ہے ۔

It is pure and simple business.

مسٹر سپیکر ۔ وہ اسکے متعلق تقریر کر سکتے ہیں کہ خرچ جائز ہے یا ناجائز ہے ۔ یہ خرچ اس مد میں ہونا چاہئے یا نہیں ہونا چاہئے ۔

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, may I crave your indulgence to respectfully submit as I have already submitted that this is one of the allegations in the Writ Petition that this A. C. C. has been acquired by Government on account of mala-fide reasons, on account of political victimization, on account of favouritism and, therefore, what the member is now about to say on this Demand is exactly the same which is pending consideration before the High Court. The Chair rightly pointed out as to what should now be discussed under the circumstances. My submission is that the field, to a limited extent, is still open, namely to say that the Government should not really indulge in any commercial undertaking and that this money can be saved to be diverted to some other useful project. The limited extent of the field is still open. The member can very conveniently discuss in this House that aspect of the question but not the aspect of the question which is sub-judice.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب عالی میں وزیر قانون صاحب کی اس بات سے اتفاق نہیں کرتا ۔ جب کسی چیز کو ڈسکس کرنے کیلئے رولز میں ممبران پر کوئی پابندی نہیں اور پھر اس

پر بحث بھی جاری ہو جائے تو ہم اس پر بحث کر سکتے ہیں - ایک چیز ہمارے سامنے ہے بلکہ اس ادارے کا خرچ منظوری کے لئے ہمارے سامنے لایا گیا ہے کہ ہم اس پر بحث کریں تو ہم اسکو ڈسکس کر سکتے ہیں -

مسٹر سپیکر - فاروقی صاحب جو معاملہ directly sub-judice ہے بہتر ہے کہ اس پر بحث نہ کی جائے - کورٹ میں یہ بات اثر انداز ہوگی -

مسٹر حمزہ - جناب والا - جو رٹ پٹیشن دائر کی گئی ہے وہ ہمارے سامنے نہیں ہے - ہمیں تو بحیثیت ممبر کے محض اتنا علم ہے کہ ہماری حکومت کی یہ پالیسی رہی ہے کہ وہ بعض صنعتوں کو خود چلا رہی ہے - اور بعض کو پرائیویٹ سرمایہ داروں کے پاس فروخت کرتی رہی ہے - بہت سی ایسی صنعتیں ہیں جن کو گورنمنٹ نے چلایا ہے - اس کے بعد ان کو پرائیویٹ سرمایہ داروں کے پاس فروخت کر دیا ہے - اس معاملہ میں انہوں نے بہت الٹا راستہ اختیار کیا ہے - اب ہم نے دیکھنا یہ ہے کہ آیا یہ اقدامات جو گورنمنٹ کی طرف سے کئے گئے ہیں ان سے پبلک کے روپیہ کو اور پبلک کے مفاد کو نقصان تو نہیں پہنچتا ہے - اگر ان کی کوئی ذاتی عداوت ہے تو یہ اپنے طور پر ان سے نپٹیں - ان کو قطعاً حق حاصل نہیں ہے کہ وہ پبلک اور غریب پبلک کے کروڑھا روپیہ سے اپنی ذاتی مخالفت نکالیں اور اپنے اختیارات کو ناجائز استعمال کریں -

جناب سپیکر - ابھی کل ہی The Land Acquisition (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1965 پر بحث ہوئی ہے - میں آپ کو یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ اس آرڈیننس کو یا ایکٹ کو جاری

کرنے کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ انہوں نے اس ادارے کو یعنی اے - سی - سی کو اپنی تحویل میں لینا تھا - اس کی جتنی بھی مشینری ، عمارت یا جو کچھ بھی وہاں پلانٹ وغیرہ تھا وہ سب کچھ فوری طور پر قبضہ میں لینے کی ضرورت تھی حالانکہ کسی قسم کی کوئی urgency نہیں تھی -

Minister of Law : Sir the Member has really missed the bus. It was really relevant yesterday but now he is discussing the merits and demerits of the case.

Mr. Speaker : Now, the Member is referring to the Ordinance in his speech and is, therefore, perfectly relevant.

Khawaja Muhammad Safdar : Thank you Sir.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - ہماری حکومت بہت سی سیمنٹ فیکٹریوں کو پچھلے ۵ سالہ منصوبہ میں اور آئندہ ۵ سالہ منصوبہ میں نصب کرنے کی اجازت دے چکی ہے - پرائیویٹ سرمایہ داروں اور entrepreneur کو ہماری حکومت سیمنٹ کی فیکٹریاں نصب کرنے کی اجازت دے چکی ہے -

ایک اور چیز یہ ہے کہ حکومت نے جہاں کہیں کسی صنعت کے کارخانے لگائے وہاں ان کی کارگزاری کے سینکڑوں ثبوت موجود ہیں اکثر اوقات ان میں گورنمنٹ کو نقصان اٹھانا پڑا ہے اور آخر کار جب ان کارخانوں اور فیکٹریوں کو پرائیویٹ لوگوں کے پاس منتقل کر دیا گیا یا فروخت کر دیا گیا تو ادارے منفعت بخش ثابت ہوئے - ہمارے پاس بھی ثبوت موجود ہیں - جناب والا - اس امر کی بیسیوں مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں - ان حالات کے ہوتے ہوئے اس اے - سی - سی کی فیکٹری کو گورنمنٹ نے

جو اپنی تحویل میں لیا ہے تو اس سے لازمی طور پر پبلک کا نقصان ہوگا۔

جناب سپیکر - یہ فیکٹری جن پرائیویٹ افراد نے خریدی تھی ان کا جرم صرف یہ تھا کہ وہ ہماری گورنمنٹ کے لالچ کا شکار نہیں ہوئے بلکہ اس کی طرف سے جو لالچ دیا گیا انہوں نے ملک کے مفاد کی خاطر اسے ٹھکرا دیا اور گورنمنٹ نے بدلہ لینے کے لئے ان محب وطن لوگوں کو کچل کر رکھ دینے کا فیصلہ کر لیا - اس لئے اس فیکٹری کو اپنی تحویل میں لینے میں اور کوئی مقصد ہے ہی نہیں -

مسٹر سپیکر - آرڈر - آرڈر - یہ کیس sub-judice ہے -

مسٹر حمزہ - تو میں چاہتا ہوں کہ یہ معاملہ پبلک کے سامنے آ جائے کہ حکومت نے کس غرض سے اس فیکٹری کو اپنی تحویل میں لیا ہے - اگر پبلک سے چھپایا تھا تو اسے بجٹ میں نہیں رکھنا تھا - ہم کو پبلک کی رقم کے بارے میں جو کہ ایک کروڑ تین لاکھ روپے بطور Working expenses خرچ کی گئی ہے -

مسٹر سپیکر - آپ کا پوائنٹ Relevant تھا یعنی جب آپ یہ کہتے تھے کہ اس فیکٹری پر خرچ کرنے سے عوام کو نقصان پہنچے گا تو اس سے پبلک کو فائدہ نہیں پہنچے گا - مگر جہاں تک گورنمنٹ کے Malafides کا تعلق ہے وہ معاملہ Sub-judice ہے آپ اسے زیر بحث نہیں لا سکتے -

مسٹر حمزہ - میں یہ بتا چکا ہوں کہ حکومت اس ادارے کو اپنی تحویل میں لے کر پبلک کو بھی نقصان پہنچائے گی مگر اصل میں گورنمنٹ نے ان لوگوں کو نقصان پہنچانے کے لئے اسے اپنی تحویل میں لیا ہے جنہوں نے اسکو پہلے چلا رکھا تھا اور خود گورنمنٹ کی اپنی

سکیم اور پلان کے ماتحت یہ ان لوگوں نے اسے خریدا تھا اب اس سے نقصان ہونا لازمی ہے۔ حکومت جانتی ہے کہ اس سے گورنمنٹ کو کوئی فائدہ نہیں پہنچے گا ۔ مگر وہ لوگوں کو یہ بتانا چاہتی ہے کہ وہ لوگ جو اس کے اشارے پر نہیں ناچیں گے اور جو ملکی مفاد کی خاطر حکومت کے لالچ اور دباؤ کو قبول نہیں کریں گے ان کا یہ انجام ہوگا ۔ جناب والا ۔ ہماری گورنمنٹ اکثر گلہ کرتی ہے کہ پبلک ہم سے تعاون نہیں کرتی ۔ اس ملک میں پہلے ہی صنعت وروں کا قحط ہے ۔

گورنمنٹ کو چاہئے تھا کہ کام کرنے والے لوگوں کی حوصلہ افزائی کرتی ۔ مگر اس نے تنگ نظری کا ثبوت بہم پہنچایا ہے ۔ کام کرنے والوں سے کارخانہ چھین کر نہ خود اپنی پالیسی کی مخالفت کی ہے بلکہ تنگ دلی اور تنگ نظری دکھائی ہے ۔ اس سے پبلک کا روپیہ ضائع ہو جانے کا بھی زبردست احتمال ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - جناب سپیکر ۔ ہر ملک جو صنعتی فروغ کی طرف رجوع کرتا ہے ۔ وہ پہلے ایک عام Procedure یا ضابطہ کار مقرر کر لیتا ہے ۔ ہماری گورنمنٹ نے اس ضمن میں Private Sector کو encourage کرنے کی پالیسی مرتب کی تھی لیکن Capitalshy تھا یعنی متأمل و تھا ۔ سرمایہ دار لوگ صنعت میں سرمایہ لگانے میں متأمل متردد تھے ۔ لہذا ہماری گورنمنٹ پہلے سے خود ایک فیکٹری اور کارخانے کو چلاتی اور جب یقین ہو جاتا کہ اب یہ ادارہ اپنے پیروں پر کھڑا ہو سکتا ہے تو اسے پرائیویٹ اداروں کے حوالے کر دیتی ۔ چنانچہ P. I. D. C. نے کئی ایسے ادارے چلا کر پرائیویٹ سیکٹر کو منتقل کر دیئے ۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ جہاں تک سیمنٹ کی صنعت کا تعلق ہے ملک کے پارٹیشن کے وقت یہاں صرف چار سیمنٹ کے کارخانے تھے ۔ ایک اے ۔ سی ۔ سی واہ میں ایک

روھڑی میں ایک ڈنڈوت میں اور ایک کراچی میں ۔ مگر پاکستان بننے کے بعد دس سال کے عرصے میں سیمنٹ کی پیداوار میں سو گنا ترقی ہوئی اس لئے کوئی وجہ نہیں کہ جب پرائیویٹ سرمایہ اس صنعت میں یعنی سیمنٹ میں Shy نہیں رہا تھا تو حکومت مداخلت کرتی اور پرائیویٹ لوگوں سے چھین کر اس صنعتی کارخانہ کو اپنی تحویل میں لیتی ۔ اب سے چند ماہ پہلے جب سیمنٹ فیکٹری پرائیویٹ لوگوں نے خریدی تو گورنمنٹ نے خود خریدنے کی ضرورت محسوس نہیں کی تھی ۔ کاروباری اور معاشی اصطلاحات کی لغت میں حکومت نے جس چیز کے لئے working expenses کے لفظ استعمال کئے ہیں انہیں working capital کہا جاتا ہے اور یہ Current Assets & Liabilities کے فرق کو ظاہر کرتا ہے ۔ اس مد میں ایک کروڑ پانچ لاکھ روپے working capital کے طور پر طلب کیا گیا ہے ۔ میں کہوں گا کہ ایک کروڑ پانچ لاکھ کے یہ اخراجات بہت زیادہ ہیں ۔ خصوصاً جبکہ کل Assets کی مالیت تین کروڑ ۷۵ لاکھ روپے کی ہے اس لحاظ سے working capital بہت زیادہ ہے اس کے بعد دوسری رقم جو مانگی گئی ہے ۔ وہ ایک لاکھ ۷۵ ہزار روپے depreciation کے لئے ہے اور دس لاکھ روپے Taxation Reserve کے لئے ہیں ۔ ۵۷ ہزار روپے Staff Gratuity کے لئے بھی رکھے گئے ہیں ۔ میری سمجھ میں یہ نہیں آیا کہ فیکٹری ۱۳ مارچ کو حاصل کی گئی ۔ ہمارا مالیاتی سال ۳۰ جون کو ختم ہوتا ہے ۔ تو کیا اس ساڑھے تین ماہ کے عرصہ میں اس فیکٹری سے بیس لاکھ روپے منافع متوقع ہے ۔ کہ جس کے لئے دس لاکھ روپے Taxation کی ضرورت محسوس ہوئی کیونکہ عام طور پر کمپنی کا ٹیکس ریٹ ۵۰ فیصد ہوتا ہے ۔ منافع ٹیکس دس لاکھ روپے ہو ۔ تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ یہ فیکٹری اتنی منافع بخش ہے کہ ساڑھے تین ماہ میں تقریباً بیس لاکھ روپے کمانے کی صلاحیت رکھتی ہے ۔ تو پھر میں یہ عرض کروں گا کہ اتنی

بڑی منافع بخش فیکٹری کو گورنمنٹ کی مداخلت کے بغیر بھی بڑی آسانی سے Private Sector کی طرف منتقل کیا جا سکتا تھا ۔ جو عوام کا حق ہے ۔ اور اس سلسلے میں پھر یہ بھی سمجھ میں نہیں آتا کہ اگر یہ فیکٹری اتنے کثیر منافع کی بناء پر چل رہی ہے ۔ تو یہ depreciation اور Staff Gratuity کے لئے حکومت کے بجٹ سے یہ رقم اس طرف کیوں منتقل کی جا رہی ہے ۔ یہ ایک واضح بات ہے کہ ہر کاروباری ادارے کا منافع اس کے تمام اخراجات وضع کرنے کے بعد نکالا جاتا ہے ۔ اس کے عملے کی تنخواہ ۔ سامان اور مال بنانے کے اخراجات ۔ کرایہ Lease Money depreciation اور Gratuity وغیرہ ۔ یہ تمام چیزیں ایک صنعتی ادارے کے منافع پر ایک صحیح charge ہوتی ہیں ۔ اس لئے صحیح یہ تھا کہ ہمارے سامنے وہ رقم آتی جو اس ادارے سے نفع کی صورت میں متوقع ہے ۔ اس صورت میں اخراجات کے بعد ہمارے پاس ایک Supplementary Receipt ہونا چاہئے تھی ۔ ہمارے بجٹ میں جو کچھ ہمارے سامنے پیش کیا گیا ہے ۔ یعنی یہ تمام depreciation اور Gratuity کا Reserve Fund ہے یہ صنعتی ادارے کے حسابات میں داخل ہونا چاہئے تھا ۔ اور ہمارے سامنے آخری رقم آنی چاہئے تھی ۔ تاکہ اس سے ہمیں پتہ چلتا کہ ہمیں کیا نقصان ہو رہا ہے ۔ یا کیا نفع ہو رہا ہے ۔ اور نقصان کی صورت میں ہمیں وہ رقم یہاں داخل کرنی چاہئے تھی ۔

جناب والا ۔ جب depreciation کا ذکر آیا ہے تو Assets Value بھی لازماً زیر بحث آئے گی ۔

Demand No. 4 کے مطالعہ سے آپ دیکھیں گے کہ اس کے حصول کے لئے تین کروڑ ۷۵ لاکھ روپے طلب کئے گئے ہیں ۔ یہ فیکٹری جہاں تک مجھے علم ہے ۔ تقسیم ملک سے بہت پہلے قائم کی گئی

تھی - میرے خیال میں ایک نئی سیمنٹ فیکٹری تقریباً دو کروڑ روپے کی لاگت سے نصب ہوتی ہے - مجھے اس کی capacity کا علم نہیں - تاہم ایک فیکٹری جو ۱۹۲۵ء یا ۱۹۲۶ء کے production میں آئی ہو - اتنے عرصہ کے بعد اس کی تین کروڑ ۷۵ لاکھ روپے قیمت بہت زیادہ ہے - اور اس لحاظ سے اس کی depreciation بھی یقیناً بہت زیادہ ہے - ان سب چیزوں کی بناء پر میں سمجھتا ہوں گورنمنٹ کا take over کرنے کا یہ سارا Transaction ہی بالکل غلط ہے - اور معاشی لحاظ سے بھی یہ صوبائی حکومت کے خزانے کے ساتھ ایک بہت بڑی زیادتی اور اس پر ناجائز بار ہے - اور اسے کسی صورت میں بھی منظور نہیں کیا جانا چاہئے -

مسٹر عبدالقیوم (کراچی - ۲) - جناب والا - جب حزب اختلاف نے اس موضوع پر بحث شروع کی - تو میں نے اندازہ کیا کہ وہ اس بحث میں پھنس کر رہ جائیں گے - کیونکہ ان کا شروع سے ارادہ ہی یہ تھا کہ اس Industrial Undertaking کو ایک سیاسی موضوع بنایا جائے - جب فاروقی صاحب نے اس موضوع پر روشنی ڈالی - تو مجھے اس سے بہت خوشی ہوئی کیونکہ انہوں نے ایک Industrial Undertaking کو ایک Commercial Angle سے examine کیا ہے -

جناب والا - اس Industrial Unit کا جو Explanation دیا گیا ہے - اور اس کے لئے جو رقم دکھائی گئی ہے - اس کے مطابق اس کے Working Expenses ایک کروڑ پانچ لاکھ روپے ہیں - دس لاکھ روپے اس کی depreciation ہے - اور باقی دیگر رقومات ہیں - اس کے ساتھ ہی فاروقی صاحب نے Demand No. 4 کا بھی حوالہ دیا ہے - اس میں تین کروڑ ۷۵ لاکھ روپے Capital Outlay کے ہیں - انہوں نے اسے criticise کیا ہے کہ تین کروڑ ۷۵ لاکھ روپے اور اس کے مقابلے میں

ایک کروڑ پانچ لاکھ روپے جو اس کا Working Expenses ہے وہ proportionate نہیں ۔ فاروقی صاحب معلوم ہوتا ہے ۔ تھوڑے بہت Industrial Accountancy سے واقف ہیں ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں ۔ انہوں نے اس بات کا صحیح اندازہ نہیں لگایا ۔ کیونکہ ایک کروڑ پانچ لاکھ روپے تین کروڑ ۷۵ لاکھ روپے کے Working Capital Outlay کے مقابلہ کوئی زیادہ نہیں ہیں ۔ جہاں تک اس کی economics کا تعلق ہے ۔ اس میں ایک کروڑ پانچ لاکھ روپے Working Expenses اور ۱۲ لاکھ ۳۲ ہزار روپے دوسرے expenses کے لئے مانگے گئے ہیں ۔ جس کا Total ایک کروڑ ۱۷ لاکھ ۳۲ ہزار روپے بنتا ہے ۔ Explanation میں یہ دیا گیا ہے کہ اس مالی سال میں ہماری return ایک کروڑ ۲۵ لاکھ روپے ہوگی ۔ جس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ یہ Industrial Undertaking کاروباری نقطہ نگاہ سے بالکل نفع بخش ہو سکتی ہے ۔ فاروقی صاحب نے خود ہی بتایا ہے کہ ہم نے اس عرصہ میں نفع کا provision دس لاکھ روپے کا کیا ہے ۔ جس میں ٹیکس بھی شامل ہیں ۔ اگر ہم نے دس لاکھ روپے ٹیکسوں کے لئے رکھے ہیں تو اس کا نفع بیس لاکھ روپے ہو سکتا ہے ۔ اور اگر تین ماہ میں بیس لاکھ روپے منافع ہوگا تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ یہ ایک بڑا ہی منافع بخش کاروباری ادارہ ہے ۔ جس کے لئے ہم حکومت کو مبارکباد پیش کرتے ہیں ۔ کہ اس نے ایک اتنی اچھی Business Undertaking حاصل کی ہے ۔ جس میں اتنا زیادہ منافع ہو سکتا ہے ۔

جناب والا ۔ حزب اختلاف کی طرف سے اس سیمنٹ انڈسٹری کی کچھ ہسٹری پیش کی گئی ہے ۔ اور اس میں انہوں نے ہاؤس پر یہ impress کرنے کی کوشش کی ہے کہ اس میں Private Capital

آ سکتا تھا جسے آنے کا موقع نہیں دیا گیا ۔ اس ھاؤس کے معزز اراکین کو یاد ھوگا کہ تقسیم ملک کے موقع پر ھمارے پاس سیمنٹ کی صرف تین فیکٹریاں تھیں ۔ ایک دالمیا سیمنٹ فیکٹری ، دوسری واہ سیمنٹ فیکٹری اور تیسری روھڑی سیمنٹ فیکٹری ۔ جو ملک کی ضرورت کے پیش نظر بالکل ناکافی تھیں ۔ اس کے بعد مجھے یاد ھے کہ کراچی کے دارالحکومت کے وقت کافی کوشش کی گئی کہ Private Capital کو persuade کیا جائے کہ وہ اس Undertaking اور اس item کی production کی طرف متوجہ ھو اور اس میں سرمایہ لگائے ۔ لیکن باوجود انتہائی کوشش کے Private Capital بالکل shy رھا ۔ اس کے بعد حکومت نے اس میں step in کیا اور دو فیکٹریاں جن کے متعلق بعض حضرات کو معلوم ھے قائم کیں ۔ یعنی Zeal Pak Cement Factory اور Maple Leaf Cement Factory ۔ Zeal Pak Cement Factory پر کل سرمایہ تقریباً چھ کروڑ روپے لگا ھے ۔ اور اس کی سالانہ output ۵ لاکھ ٹن کے برابر ھے ۔

جہاں تک میپل لیف سیمنٹ فیکٹری کا تعلق ھے اس پر ۵ کروڑ روپیہ کا سرمایہ لگا ھے اور سالانہ output اڑھائی سے تین لاکھ ٹن ھے ۔ اس سے ملک کی defficiency کافی حد تک make up ھو جائے گی ۔ اور جو private enterprises ھیں انہوں نے دیکھا کہ سیمنٹ غیر یقینی item نہیں ھے پھر ادھر آنے کی کوشش کی ۔ چنانچہ تین سیمنٹ فیکٹریاں لگائی گئیں ۔ ایک کراچی میں ایک Hatter میں ایک غریب وال میں ۔ جہاں تک مجھے معلوم ھے ان میں سے دو تو production مین آ چکی ھیں ۔ یعنی کراچی اور غریب وال کی سیمنٹ فیکٹریاں ۔ اس سے اگرچہ کافی defficiency make up ھو گئی ھے ۔ لیکن میری معلومات کے مطابق private enterprises

کچھ اتنی تسلی بخش نہیں ہیں ۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ پرائیویٹ enterprises اس item کی production میں زیادہ successful نہیں ہوئیں ۔ حزب مخالف کی طرف سے یہ الزام ہے کہ حکومت نے اس item کی production میں کیوں قدم رکھا جب کہ private enterprises ایسا کام کر سکتی ہیں ۔ میرے خیال میں وہ یہ الزام لگانے میں حق بجانب نہیں ہیں ۔ کیونکہ اس وقت private enterprises جس طرح دوسری Industries میں جانے کو تیار ہیں اس میں جانے کو تیار نہیں ۔ جہاں تک دوسری دو فیکٹریوں یعنی واہ اور روہڑی کا تعلق ہے مجھے ان کے اعداد و شمار صحیح طور پر معلوم نہیں ۔ صرف اتنا جانتا ہوں کہ ان دونوں فیکٹریوں کی مجموعی output تین لاکھ ٹن سالانہ ہے ۔ جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے Zeal Pak سیمنٹ فیکٹری پر ۶ کروڑ روپیہ لگایا گیا تھا اس کی سالانہ output ۵ لاکھ ٹن ہے ۔ میپل لیف پر ۵ کروڑ روپیہ لگا تھا اس کی سالانہ output تقریباً اڑھائی لاکھ ٹن ہے ۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اب جو گورنمنٹ کی فیکٹریاں واہ اور روہڑی میں ہیں جن کے لئے ۳ کروڑ ۷۵ لاکھ روپیہ دیا ہے یہ کوئی unprofitable نہیں ۔ یہ تین لاکھ ٹن کی فیکٹری بمقابلہ دوسری فیکٹری کے جس پر ۵ کروڑ روپیہ لگا ہے اور اڑھائی ٹن output ہے unprofitable نہیں بلکہ اس سے بہتر ہے ۔ اب میں حکومت کی State Trading کی پالیسی کے متعلق عرض کروں گا ۔ حزب اختلاف کی طرف سے اس پر کافی بحث ہو چکی ہے ۔ گورنمنٹ نے کبھی بھی ایسی item کی production کے لئے undertaking نہیں دی بلکہ گورنمنٹ کی یہ پالیسی رہی ہے کہ Private Capital سامنے آتا رہے اور Basic material کی Production کے لئے اس قسم کی item produce کرے تاکہ ملک میں competition ہو اور prices

میں stability پیدا ہو اور defficiency پوری ہو - اس پالیسی کے تحت گورنمنٹ نے یہ فیکٹریاں لی ہیں - جہاں تک میں سمجھتا ہوں یہ کافی profitable ہے اور اس کی demand ہے - حکومت چاہتی ہے کہ وہ investment کرے اور ملک کی ضرورت کو پورا کیا جائے لیکن اگر کوئی صاحب سمجھتے ہیں کہ ان کی حق تلفی ہوئی ہے تو حکومت کی Disinvestment کی پالیسی کے تحت جب ایسی undertakings عوام کے سامنے آئیں گی پھر جو صاحبان خریدنا چاہیں ان کے لئے خریدنے کے کافی مواقع ہوں گے - جناب صدر - میں نے اس demand پر بحث کرتے ہوئے اختصار کے ساتھ اپنی گذارشات پیش کی ہیں - اگر میرے معزز دوست اس undertaking کو business angle سے دیکھیں تو انہیں معلوم ہوگا کہ یہ کافی profitable ہے کیونکہ ایک کروڑ ۱۷ لاکھ working Capital کے مقابلہ میں return ایک کروڑ ۲۵ لاکھ ہے - جہاں تک اس deal کا تعلق ہے میں نے عرض کر دیا ہے کہ ۵ کروڑ کی فیکٹری جس کی اڑھائی لاکھ ٹن سالانہ output ہے اس کے مقابلہ میں پونے چار کروڑ کی فیکٹری جس کی تین لاکھ ٹن سالانہ output ہے زیادہ profitable ہے - اس میں مزید capacity ہے اور اس کی output بڑھ سکتی ہے - علاوہ ازیں میں نے ہاؤس پر یہ impress کیا ہے کہ State Trading حکومت کی پالیسی نہیں لیکن اگر compulsory حالات کے تحت حکومت کسی undertaking کو لے - - - -

خواجہ محمد صفدر - وہ compulsory حالات کیا تھے ؟

مسٹر عبدالقیوم - یہ matter sub-judice ہے - اگر کوئی شخص یا فرد اس undertaking میں interested ہو تو جب حکومت کی investment

کی پالیسی انے کی تو وہ بے سکتا ہے - اس وقت جو front آئے گا جیسا کہ امید ہے کہ کافی profit آئے گا تو وہ profit حکومت کی Treasury میں ہی جائے گا اور بالآخر پبلک کو ہی فائدہ پہنچے گا -

ان معروضات کے بعد میں گذارش کرونگا کہ اس demand کو منظور کیا جائے -

Minister of Law : Sir the members are rightly expecting the Government to disclose the reasons.

Khawaja Muhammad Safdar : The matter is sub-judice and we are not prepared to listen to the reasons.

Mr. Speaker : Yes, the matter is sub-judice, and the Minister of Law need not go into the reasons.

خواجہ محمد صفدر - اگر آپ ان کو وضاحت کی اجازت دیں گے تو پھر ہمیں بھی اجازت دی جائے تا کہ ہم ان کی قلعی کھول دیں اور بتا دیں کہ حقیقت کیا ہے -

Mr. Speaker : If the Law Minister has to justify the action of the Government, he should not have taken the stand that the mala-fide action of the Government cannot be discussed by the members of the Opposition. I think there is no need to give further justification.

ملک محمد اسلم خان - شاید یہ ہو کہ ان کو کوئی فیکٹری نہیں ملی اس لئے اپوزیشن میں چلے گئے ہیں -

خواجہ محمد صفدر - اگر معزز ممبر چاہتے ہیں کہ وہ تمام حالات بتلا دوں تو میں انہیں ہاؤس سے باہر جاکر بتا سکتا ہوں یہاں اس کی اجازت نہیں -

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) - جناب والا - ہمارے پاس

ایک فیکٹری ہے واہ کی اور دوسری فیکٹری روہڑی میں ہے ان کی قیمت تین کروڑ ۷۵ لاکھ روپیہ ہے جس میں ۵۲ لاکھ روپیہ کی Plant & Machinery ہے اور cash تقریباً ایک کروڑ ۳۵ لاکھ روپیہ ہے - وہ اس deal میں آئے گا باقی جو قیمتیں ہیں وہ سٹور اور سیمنٹ کی ہیں -

خواجہ محمد صفدر - نقدی کتنی ہے ؟

وزیر خزانہ - تقریباً ایک کروڑ ۳۵ لاکھ ہے یعنی سوا کروڑ کے اوپر - جناب فاروقی صاحب نے فرمایا ہے کہ اسکی Details نہیں بتائیں - تو میں عرض کرونگا کہ Details سپلیمنٹری بجٹ میں نہیں بتائی جائیں - جنرل بجٹ آنے والا ہے اس میں یہ Details آ جائیں گی -

مسٹر حمزہ - ہم کو الہام نہیں ہوتا ہے -

Mr. Speaker : No cross talk.

وزیر خزانہ - اس کے علاوہ کچھ اور چیزیں جن پر اعتراض کیا گیا ہے ان میں wages, lime stone, power and fuel, depreciations and salaries ہیں - یہ بار بار کہا گیا ہے کہ حکومت جس ادارے کو اپنے ہاتھ میں لیتی ہے - اس میں نقصان ہو جاتا ہے - یہ بالکل صحیح نہیں ہے - ہمارے بہت سے ایسے ادارے ہیں جو بہت فائدے میں جا رہے ہیں - آپ روڈ ٹرانسپورٹ کو دیکھ لیجئے - آپ ریلوے کے محکمہ کو دیکھ لیجئے - ڈبلیو-پی-آئی-ڈی-سی کی ذیل پاک فیکٹری کو دیکھ لیجئے اور اس کے علاوہ بہت سی فیکٹریاں ہیں جو بہت فائدے میں جا رہی ہیں - مثال کے

طور پر شاهدرہ فیکٹری ہے جو بہت فائدہ میں جا رہی ہے ۔ ان حالات میں یہ کہنا کہ جس انڈسٹری کو گورنمنٹ اپنے ہاتھ میں لیتی ہے اس میں گھاٹا ہونے لگتا ہے ۔ یہ صحیح نہیں ہے ۔ ہاں یہ صحیح ہے کہ گورنمنٹ ان فیکٹریوں کو فیشنل انٹرسٹ میں لیتی ہے جن کو عوام لینے کے لئے تیار نہیں ہوتے ۔ اس طرح ہمیں اور بہت سی چیزیں بھی لینی پڑتی ہیں لیکن یہ ضروری نہیں ہے ۔ کہ حکومت ان ہی چیزوں کو چلائے جو گھاٹے میں ہوں حکومت ان چیزوں کو کیوں نہ چلائے جو فائدہ میں ہوں ۔ آپ کو پتہ ہے کہ ہماری کھاد کی فیکٹری جس میں حکومت ۵۰ فیصدی اپنے پاس سے دیتی ہے وہ بھی گھاٹے میں چل رہی ہے اور وہ نیشنل انٹرسٹ میں چلانا پڑ رہی ہے ۔ تو ہمیں Balance کرنے کے لئے آخر کوئی نہ کوئی چیز ایسی ہونی چاہئے ۔ اس فیکٹری نے واقعی تین ماہ میں جیسا فاروقی صاحب نے فرمایا ہے تین لاکھ کے قریب Profit نکالا ہے اور وہ نو لاکھ روپیہ جو یہ فرماتے ہیں واقعی Net Profit ہے ۔ اس کے لئے ہمیں دس لاکھ روپیہ ٹیکس بھی دینا ہے جو ہم نے رکھا ہے ۔ اگر یہ گھاٹے کا سودا ہوتا تو writ petition کیوں کی جاتی ۔ کیا کوئی شخص گھاٹے کے سودے کے لئے کورٹ میں جایا کرتا ہے ۔ میں اس معزز ایوان کو بتانا چاہتا ہوں کہ یہ فیکٹری لینے سے عوام اور حکومت کو بہت فائدہ ہوا ہے ۔ میرے دوست حمزہ صاحب نے on the merit of the case بہت سی اور چیزیں کہی ہیں لیکن یہ Sub-judice معاملہ ہے ۔ اس لئے میں کچھ کہنا نہیں چاہتا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ حکومت نے بڑا اچھا کارنامہ کیا ہے جو اس فیکٹری کو خریدا ہے ۔ میں ایوان سے التجا کرونگا کہ اس کی sanction دے ۔

ایک آواز - جناب مجھے بھی اجازت دیں -

مسٹر سپیکر - تشریف رکھئے - جب ایک منسٹر debate wind up کر دیں تو اس وقت question put کیا جاتا ہے -

The question is

That a supplementary sum not exceeding Rs. 1,17,32,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Capital Outlay on Provincial Schemes of State Trading.

(The motion was carried)

(DEMAND NO. 3)

Mr. Speaker: Next demand, please.

Minister of Finance: Sir, I beg to move :

That a supplementary sum not exceeding Rs. 2,39,00,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Development.

Mr. Speaker : Demand moved is :

That a supplementary sum not exceeding Rs. 2,39,00,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Development.

Mr. Hamza has given notice of a cut motion. He may please move his motion.

Mr. Hamza : I move :

That the total of Rs. 2,39,00,000 on account of 63-B—Development—Total New Expenditure be reduced by Rs.1.00.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is:

That the total of Rs.2,39,00,000 on account of 63-B—Development—Total New Expenditure be reduced by Rs. 1.00.

Yes, Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ (لائلپور - ٦) - جناب سپیکر - ویسے تو حکومت بہت بلند دعوے کرنے کی عادی ہے اور ہم وہ دعوے سننے کے عادی بھی ہو چکے ہیں لیکن وہ دعوے اور وعدے کبھی آج تک پورے نہیں ہوئے اور جب تک اپنی پالیسی میں تبدیلی نہ کرے ان وعدوں کے پورا ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا - پاکستان جیسے زرعی ملک میں جسکی بیشتر آبادی کا انحصار زراعت پر ہے مصنوعی کھاد جیسی اہم چیز کو کسی لحاظ سے بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا - حکومت کو ایک کریڈٹ تو دیا جا سکتا ہے اور وہ یہ کہ محکمہ زراعت نے عام کاشتکاروں کو عملی طور پر یہ بتا دیا ہے کہ مصنوعی کھاد کے استعمال سے کسی کو اتنا فائدہ نہیں ہے اور ملک و قوم کو بھی اس کھاد کے استعمال سے خصوصاً اس دور میں کوئی فائدہ نہیں ہے جبکہ ہم کروڑوں روپیہ غیر ممالک سے صرف اجناس درآمد کرنے پر صرف کرتے ہیں - اس لحاظ سے یہ چیز زیادہ اہمیت اختیار کر گئی ہے - لیکن افسوس یہ ہے کہ وہ حکومت جو کہ ہمیشہ یہ دعویٰ کرتی رہی ہے کہ وہ کاشتکاروں کی انتہائی بہی خواہ ہے اور ملک میں زراعت کو ترقی دینا چاہتی ہے اور جس نے کروڑہا روپے صرف کرکے اس ملک میں مصنوعی کھاد بنانے کے کارخانے قائم کئے ہیں اور کارخانے قائم کرکے کاشتکاروں پر بلکہ میں کہونگا کہ تمام کی تمام آبادی پر ایک بہت بڑا احسان کیا ہے اور ایک ہی سال میں تقریباً ۴ کروڑ ۷۸ لاکھ روپے کی ایک رقم کاشتکاروں کے ہاتھ سستے داموں کھاد فروخت کرنے کے لئے بطور Subsidy دی ہے اور اس رقم میں سے آدھی رقم سنٹرل گورنمنٹ نے بھی دی ہے - یہ بڑا ہی کارخیر اور کارنمایاں ہے - چونکہ سابقہ وزیر زراعت اسوقت وزیر نہیں ہیں اور جہاں تک مجھے علم ہے موجودہ کیبنٹ میں کوئی وزیر زراعت کے طور پر مقرر نہیں کیا

گیا ہے (ہو سکتا ہے کہ اسکے لئے کچھ لوگ بھاگ دوڑ کر رہے ہوں) اس لئے میرا خطاب سابقہ وزیر زراعت سے ہے ۔

جنہوں نے اس ایوان میں یہ اعلان کیا تھا کہ ہم کھاد کی قیمت تقریباً گیارہ روپوں سے گھٹا کر سات روپے کر رہے ہیں ۔ ہم نے شکریہ ادا کیا تھا اور گورنمنٹ بنچز نے تالیاں بجائی تھیں لیکن مجھے افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے اور مجھے امید ہے کہ حکومتی پارٹی بمعہ وزراء یہ تسلیم کریگی کہ یہ زر کثیر جو کہ بطور Subsidy ہمیں دے رہے ہیں جس کا بار صوبائی خزانہ اور مرکزی خزانے پر ہے (اور یہ دونوں خزانے ہمارے اپنے ہی ہیں) اس سے ایک دمڑی کا فائدہ بھی کاشتکاروں کو نہیں پہنچتا ۔ اگر فائدہ پہنچا ہے تو اس بدنام ویسٹ پاکستان انڈسٹریل ڈیویلپمنٹ کارپوریشن کے اہلکاروں کو پہنچتا ہے جنہوں نے اس حکومت کی کسی جکڑ یا گرفت سے بے نیاز ہو کر جو دل چاہا سو کیا ہے ۔ حکومت کی گرفت معلوم نہیں کہاں ہے ۔ اگر ہے تو حزب اختلاف کے چند آدمیوں کے لئے ہے ۔ بلکہ میں تو کہتا ہوں کہ وہ موجود ہی نہیں ہے ۔ انہوں نے خوب رشوت لی ہے ۔ انہوں نے اپنے ایجنٹ مقرر کئے کھاد حاصل کرنے کے لئے ۔ جو ایجنٹ مقرر کئے گئے وہ عملاً رشوت دلال ہیں اور انکا اور کوئی کاروبار نہیں ۔ میں ایک چھوٹے سے قصبے میں رہتا ہوں اور وہ قصبہ ایک مشہور منڈی ہے ۔ جیسا کہ آپکو علم ہوگا زرعی لحاظ سے وہ علاقہ یعنی لائل پور خاص طور پر اس ملک میں بڑی اہمیت کا مالک ہے ۔ بہت مشہور ہے ۔ لیکن آپ یقین کیجئے کہ وہ کھاد جو کہ ملتان میں گورنمنٹ کے مقرر کردہ نرخوں کے مطابق پونے سات روپے فی بوری میسر ہونی چاہئے تھی دلالوں اور کارخانہ کے اہل کاروں کی رشوت خوری کیوجہ سے اس کا نرخ سات کی بجائے نو روپے فی بوری کر دیا گیا اور گوجرہ میں یہ سوا گیارہ روپیہ فی بوری فروخت ہوتی ہے ۔ یہی حال نائٹریٹ اور سلفیٹ کا ہے ۔ یہ ایک کارخانے کا ہی ماجرا

نہیں ۔ یہ وبا سارے کے سارے ملک میں ہے ۔ صرف ملتان ہی میں محدود نہیں ۔ اور اس وبا سے اگر کوئی پلتا ہے تو وہ برے عناصر پلتے ہیں جن کا قلع قمع کرنا حکومت کے دعووں کے مطابق اس کا فرض اولین ہے ۔ آپ دنیا میں کوئی کام کیجئے ۔ آپ کوئی بھی نظام چلائیے اسے چلانے کے لئے کچھ حدود قیود ہوتی ہیں ۔ چہ جائیکہ ایک سلطنت یا حکومت کا نظام چلانا اور اس بیسویں صدی میں ترقی کے زمانے میں وہ حکومت جو کہ منصوبہ بندی کے بڑے بڑے پراجیکٹس اپنے ہاتھ میں لے چکی ہے اور ان پر کروڑھا روپیہ صرف کر رہی ہے اس چھوٹے سے کام میں بری طرح ناکام ہوئی ہے اور اس کی ناکامی کا اس ملک میں ہر اس کاشتکار کو علم ہے جو کہ کھاد استعمال کرتا ہے چاہے وہ بالکل ان پڑھ ہی کیوں نہ ہو ۔ مجھے افسوس ہے ۔ ویسے میں پہلے ہی کہہ چکا ہوں کہ اس ناکامی سے اس بد عنوانی سے اس رشوت خوری کا اور اس ساڑھے چار کروڑ روپیہ کے ضائع ہونے کا علم ہمارے وزراء کو بھی ہوگا ۔ جناب صدر عوام الناس کے بہت قریب رہتے ہیں ان کو بھی ہوگا ۔ اور مجھے معلوم ہے کہ اس صوبہ کے گورنر صاحب کو بھی ہوگا لیکن مجھے افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ ایک دو دن کی بات نہیں بلکہ کئی ماہ گزر چکے ہیں لیکن آج تک کوئی مثبت اقدام نہیں کیا گیا بلکہ دندنا کر اور کھلم کھلا یہاں بلیک مارکیٹ ہو رہی ہے اور وہ جاری ہے ۔ جناب سپیکر ۔ حکومت نے اس امر کی گنجائش بھی رکھی تھی کہ اگر کسی کاشتکار کو کسی زمیندار کو ذاتی استعمال کے لئے کھاد کی ضرورت ہو تو وہ بنفس نفیس فیکٹری گیٹ پر جا کر مقررہ نرخوں پر خرید سکتا ہے لیکن جب اس سہولت سے استفادہ کرنے کی کوشش کی گئی جیسا کہ مجھے بتایا گیا کہ کاشتکاروں کو ڈائیریکٹر محکمہ زراعت پرمٹ جاری کر دیتے ہیں تاکہ وہ فیکٹری کے گیٹ پر جا کر وہاں سے کھاد خرید سکیں ۔ ہو سکتا ہے کہ محکمہ زراعت کے ڈائیریکٹر سے

پرمٹ لینے میں کوئی دقت ہو ۔ پاکستان میں یہ چیزیں بھی عام ہیں بلکہ یہ اتنی عام ہو چکی ہیں اور لوگ اس کے اتنے عادی ہو چکے ہیں کہ وہ اس کی شکایت بھی نہیں کرنا چاہتے لیکن ایک دوسرا کٹھن اور مشکل مرحلہ یہاں آتا ہے کہ جو شخص پرمٹ حاصل کرتا ہے وہ فیکٹری والوں کے پاس جاتا ہے تو اس کو وہاں سے کھاد نہیں ملتی ۔ عملی زندگی میں ہم نے یہ دیکھ لیا ہے کہ جب تک رشوت کا چورن نہ دیا جائے کوئی کام نہیں بنتا ۔ وہاں اہلکار ان کو یہ بتاتے ہیں کہ دیکھو ایک ماہ آپ چکر کاٹتے رہیں گے اور آپکا کام نہیں بنے گا ۔ آپ چکر لگاتے لگاتے دو چار سو روپیہ ضائع کر دیں گے ۔ ہمیں اتنا روپیہ دے دیجئے آپ کا کام ہو جائے گا ۔ آپکو کسی قسم کی دقت نہیں ہوگی ۔ جناب سپیکر ۔ رشوت بہت عام ہے اور لوگ بھی رشوت بہت دیتے ہیں جو اپنا کام ناجائز طریق پر کرواتے ہیں ۔ لیکن افسوس تو یہ ہے جائز کام لینے کے لئے ، جائز کام نکالنے کے لئے بھی رشوت دینی پڑتی ہے ۔ وہ لوگ رشوت خوشی سے نہیں دیتے لیکن جب وہ مجبور ہو جاتے ہیں تو انکو دینی پڑتی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے بڑے افسوس کیساتھ یہ بات کہنی پڑتی ہے کہ بد انتظامی اس قدر بڑھ چکی ہے کہ ہمارے بعض بہت سے ممبر صاحبان ۔ ۔ ۔ ۔*

Mr. Speaker : That has got nothing to do with fertilizers.

Khan Habibullah Khan : Sir, this is an aspersion on the Members of this House.

Mr. Speaker : I agree with the Leader of the House. Mr. Hamza should withdraw these words.

خواجہ محمد صفدر ۔ ۔ ۔ ۔*

*Expunged as ordered by the Speaker.

خان حبیب اللہ خان - یہ بھی غلط ہے کہ جو کچھ درست ہو وہ کہا جا سکتا ہے -

Mr. Speaker : Mr. Hamza may please withdraw these remarks.

Khan Habibullah Khan : And these remarks sho uld be expunged from the proceedings.

Mr. Speaker : Those remarks are expunged.

Khan Muhammad Yousaf : Sir, the remarks made by Khawaja Safdar should also be expunged.

Mr. Speaker : They should also be expunged from the proceedings of the Assembly. (*Interruptions*). No cross talk.

مخدوم اختر علیشاہ قریشی (جھنگ -۲) - جناب عرض یہ ہے کہ انہوں نے بہت غلط الفاظ استعمال کئے ہیں - ہم پارٹی ٹکٹ پر کامیاب ہو کر آئے ہیں - انہیں کہہ دیں کہ وہ آئندہ کے لئے ایسے لفظ استعمال نہ کریں ممبران کی بے عزتی ہوتی ہے - - - *

مسٹر سپیکر - میں آپ کے ریمارکس کو بھی حذف کرتا ہوں ورنہ پہلے ریمارکس حذف کئے جانے کا کوئی فائدہ نہیں -

مسٹر حمزہ - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ہماری حکومت کاشتکاروں سے توقع رکھتی ہے کہ وہ زمین میں اچھی طرح سے ہل چلائیں اسکو وقت پر پانی دیں - اس میں کھاد ڈالیں - اچھا بیج استعمال کریں اور اگر میسر آ جائے تو insecticide بھی استعمال کریں - اب ہماری حکومت اپنے کاشتکاروں کو اس بات پر بھی مجبور کر رہی ہے

*Exunged as ordered by the Speaker.

کہ وہ رشوت دینے میں مہارت حاصل کریں - فیکٹری کے گیٹ پر کھاد حاصل کرنے کے لئے لازم ہے کہ وہ رشوت دینے میں کچھ نہ کچھ مہارت حاصل کریں تا کہ جاتے ہی ان کا کام بن جائے - ان حالات کے پیش نظر میں یہ سمجھتا ہوں کہ ۲ کروڑ ۳۹ لاکھ روپے کی یہ رقم مغربی پاکستان کے خزانہ پر جو کسی کے باپ کا خزانہ نہیں ہے - تمام آبادی کا خزانہ ہے - ہم غریبوں کا روپیہ ہے - ایک بے جا بوجھ ہے - اور اسے کسی لحاظ سے کسی نقطۂ نظر سے کبھی پاس نہ کیا جائے - کیونکہ یہ رشوت کے دلالوں اور ایجنٹوں اور رشوت خور اہلکاروں کی جیب میں پہنچ جائیگی اور کاشتکاروں کو نہیں پہنچے گی - بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ جو رقم مرکزی حکومت دے رہی ہے وہ بھی تمام کی تمام بیکار جا رہی ہے - یہ ایسی حقیقت ہے جس سے کوئی انکار نہیں کر سکتا - اسلئے میں اپنی حکومت سے یہ التجا کرونگا کہ اس قوم پر احسان کیجئے - اس میں ایسا طبقہ پیدا نہ کیجئے - رشوت خوری جسکا روزمرہ کا کام ہو - ایک طرف ہم دوسرے ملکوں سے غلہ حاصل کرنے پر مجبور ہیں - ہمیں اپنی ترقیاتی سکیموں پر عمل کرنے کیلئے ایک ایک روپے کی ضرورت ہے - لیکن دوسری طرف ہمارے کروڑوں روپے جو چاہئے تھا کہ ہم اس مقصد کے لئے صرف کرتے برے عناصر کو پہنچ رہے ہیں - کاشتکاروں کو نہیں پہنچ رہے - اگر حکومت ایسا انتظام کرنے سے قاصر ہے جس سے اس روپے کے خرچ کا فائدہ کاشتکاروں کو پہنچے تو میں ان سے کہونگا کہ وہ سبسڈی کو واپس لے لیں اور اس رقم کو اور جگہ لگائیں - میں آپکی خدمت میں مزید عرض کردوں کہ جس وقت حکومت نے قیمت ۱۱ روپے سے ۷ روپے کی تھی اس وقت جتنا اسٹاک یونین کونسلوں کے پاس پڑا تھا اسکا فائدہ الا ماشاالله تمام کا تمام چیرمینوں کو ہوا - مجھے اسکا ذاتی طور پر علم ہے - ان چیرمین صاحبان نے تمام رقم اپنی گرہ سے جمع کرا دی اور کھاد

مہنگے داموں بیچ لی -

A Member : There are many Members sitting here who are Chairmen. This is an aspersion on Members.

Mr. Speaker : This is not an aspersion on the Members of the House.

He can discuss and criticise the action of the Chairman.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - میں نے الا ماشاالله کہا تھا - گو آپ ان میں سے ہونگے -

Mr. Speaker : Mind it again. Please address the Chair.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - یقین کیجئے - ان چیرمینوں کی کارگذاری ایسی ہے کہ لوگ انہیں - - -*

Minister of Finance : Question. This remark should be expunged from the proceedings.

Mr. Speaker : It is expunged from the proceedings of the Assembly.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - میں عرض کر رہا تھا کہ اس رعایت کا بار قومی خزانہ پر پڑا ہے - مگر تمام کا تمام فائدہ ان چیرمینوں کو ہوا ہے جنہوں نے بددیانتی سے تمام کھاد خود سستے داموں خرید لی اور پھر اسے مہنگے داموں فروخت کرتے رہے - میں آپکی توجہ ان تمام امور کی طرف دلانا چاہتا ہوں - چونکہ حالات اس قسم کے ہیں اسلئے میں ضروری سمجھتا ہوں کہ اس مطالبہ زر کی مخالفت کروں

Mr. Speaker : Sardar Haji Atta Muhammad Lund has given notice of a similar cut motion. He can speak if he likes.

*Expunged or ordered by the Speakes.

سردار حاجی عطا محمد لنڈ (خیر پور - ۲) - جناب سپیکر - اس مسئلہ پر حمزہ صاحب سے میرا اس حد تک اتفاق ہے کہ کھاد کی قیمت گیارہ روپے سے اوپر بک رہی ہے - باقی معاملات جو انہوں نے بیان کئے ہیں وہ میرے علم میں نہیں ہیں - اور گورنمنٹ نے یہ جو مدد دی ہے آبادکاروں کو یہ آبادکاروں کا فائدہ نہیں گورنمنٹ کا اپنا فائدہ ہے - کیونکہ ہمارے ملک کی اقتصادیات کا زیادہ انحصار زرعی پیداوار پر ہے - اور جتنی زیادہ پیداوار ہوگی اس سے قوم کو فائدہ ہوگا - اور بیرونی ممالک سے غلہ نہیں منگوانا پڑے گا - اس لئے گورنمنٹ کا یہ قدم بہت اچھا ہے - اس سے میرا اتفاق ہے - باقی عرض یہ ہے کہ بجٹ میں جو کچھ اچھی نیت سے دیا جاتا ہے اسے سنبھالا نہیں جاتا اور اسے اچھے طریقے سے سنبھالنا یہ گورنمنٹ کا کام ہے - اور اگر حکومت اس کو اچھی طرح سے نہیں سنبھال سکتی تو پھر اس پر پیسہ ضائع نہیں کرنا چاہئے - اور جس دام پر باہر سے اسے منگواتے ہیں - اسی دام پر انہیں اندرون ملک بھی فروخت کریں - کیونکہ موجودہ صورت میں تو نئے آبادکاروں کو اس سے کوئی فائدہ نہیں ہے - اس لئے گورنمنٹ کو اس پر خرچ نہیں کرنا چاہئے - اور یہی رقم دوسری کسی ایسی جگہ صرف کرنی چاہئے کہ جہاں سے عوام کو زیادہ فائدہ حاصل ہو سکے - مغربی پاکستان صنعتی کارپوریشن نے کھاد کی تقسیم کا جو طریقہ کار اپنایا ہے - اس کے تحت باہر سے درآمد شدہ کھاد پر نصف رقم کو گورنمنٹ خود ادا کرتی ہے - اور نصف رقم آبادکاروں سے وصول کی جاتی ہے - مجھے اس امر کا علم نہیں ہے کہ باہر سے کتنی کھاد منگوائی جاتی ہے - اور اس پر کتنا خرچ آتا ہے - لیکن یہ چھ کروڑ انتالیس لاکھ روپے کی رقم کافی رقم ہے - اور پی - آئی - ڈی - سی - کے کارخانے میں جتنی کھاد تیار ہوتی ہے اس کی تقسیم اس طرح سے کی جاتی ہے - کہ کل تیار کردہ

کھاد کا پچاس فیصد حصہ وہ اپنے ایجنٹوں کی معرفت فروخت کرتے ھیں - اور پچیس فیصد حصہ وہ اے - ڈی - سی - کی معرفت تقسیم کرتے ھیں - اور باقی پچیس فیصدی R. C. S. کی معرفت تقسیم کرتے ھیں - ابھی مجھے معلوم ھوا ھے کہ پی - آئی - ڈی - سی کو حکومت نے احکام جاری کئے ھیں - کہ ان کے پاس جتنا بھی مال تیار ھو ۱۵ مئی سے ۳۱ جولائی تک اس میں سے اسی فیصد سابقہ پنجاب کے دس اضلاع میں تقسیم کیا جائے - اور باقی ماندہ بیس فیصد صوبے کے دیگر علاقوں میں بانٹ دیا جائے - اس حساب سے اے - ڈی - سی کو پانچ فیصد حصہ ملے گا - جبکہ پہلے اسے پچیس فیصد ملا کرتا تھا - اور اس کی تقسیم کا طریقہ یہ ھے - کہ جہاں جہاں نئے بیراج کھلے ھیں وھاں کے لوگوں کو تو کھاد دی جاتی ھے لیکن دوسری جگہ رھنے والوں کو کھاد نہیں دی جاتی - سندھ کے علاقے میں چار اضلاع یعنی سکھر ، جیکب آباد ، ٹھٹھہ اور حیدرآباد نئے بیراجوں کے تحت آتے ھیں - وھاں کے لوگ کوآپریٹو بنک کے تحت آتے ھیں - اور ھمیں معلوم ھے کہ حیدر آباد ریجن (جسے سابقہ سندھ کہا جائے تو زیادہ بہتر ھے) اس میں اس کا کوئی حصہ نہیں ھے - اور یہ بات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ھے کہ غلہ کی پیداوار سابق پنجاب اور سندھ میں زیادہ ھوتی ھے - اور اب فصل خریف کا موسم ھے اور اس میں کھاد کی بڑی ضرورت ھے - تو میرے خیال میں اس حساب سے یہ کھاد پنجاب کے دس اضلاع میں تو دی جائے گی - لیکن باقی صوبے میں نہیں بانٹی جائے گی - اس کے لئے میری یہ استدعا ھے کہ حکومت کھاد کی تقسیم کی موجودہ پالیسی میں تبدیلی کرے - اور اس کے لئے انہیں میرا یہ مشورہ ھوگا کہ وہ Priority کے سلسلے کو ختم کرے اور جس جس علاقے میں جتنی جتنی مقدار میں کھاد درکار ھو - وھاں اتنی مقدار میں کھاد مہیا کرے - اور اگر حکومت اپنی اسی موجودہ

پالیسی کو برقرار رکھنا مناسب سمجھتی ہے تو پھر لازم ہے کہ وہ اسے علاقہ وار طریقے پر تقسیم کرے - یہ نہ ہو (جیسا کہ اب ہو رہا ہے) کہ کسی علاقے کو تو کھاد ملے اور کسی علاقے کو بالکل ہی نہ ملے - میں ضلع خیرپور سے تعلق رکھتا ہوں اور خدا بہتر جانتا ہے - اور یہ کسی سے چھپی ہوئی بات نہیں ہے کہ ہماری اراضی سیم زدہ ہے - اور اس کے ساتھ ساتھ لاڑکانہ کی اراضی بھی سیم زدہ ہے - ہم وہاں پر بھوکے مر رہے ہیں اور ہمیں سیم نے اس قدر تنگ کر رکھا ہے کہ ہم خیرپور میں اس طرح ہیں جیسے کہ ہندوستان چھوڑ کر پاکستان آ گئے ہیں - ہم اپنی زمینیں چھوڑ کر مزدوری کرنے پر مجبور ہیں اور جو اراضی قابل کاشت ہے - اور فی‌الحال زیر کاشت ہے - اگر اسے بھی کھاد میسر نہ ہو تو ہمیں یہ بتائیے کہ ہم کہاں سے کھائیں گے - ہمیں روٹی کون دے گا - ہم اس سیم کی وجہ سے اس قدر مصیبت میں مبتلا ہیں - اور میں اس معزز ایوان سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ وہ ہماری حالت پر رحم کرے - ہماری مصیبت کا اندازہ اس بات سے لگائیے کہ ہمارے علاقے میں ایک درخت اگتا ہے جس کا نام ”بیر“ ہے - وہاں کے لوگ اس درخت کو کاٹ کر بازار میں بیچتے ہیں اور اپنا گذر اوقات کرتے ہیں - کیا ہمیں تعلیم کی ضرورت نہیں ہے ؟ کیا ہمیں کپڑے کی ضرورت نہیں ہے ؟

مسٹر سپیکر - حاجی صاحب - جس وقت بجٹ پر عام بحث ہو - آپ اس وقت اپنی تکالیف بیان فرمائیں - اس وقت تو آپ مسئلہ زیر بحث تک ہی اپنی تقریر کو محدود رکھیں -

خواجہ محمد صفدر - دراصل وہ اپنے اس point پر زور دے رہے ہیں کہ ان کے علاقے میں کھاد کی ضرورت ہے -

حاجی عطا محمد - میں بھیک نہیں مانگتا ہوں - میں اپنے ضلع کی خود داری کو ملحوظ رکھتے ہوئے قیمتاً کھاد طلب کر رہا ہوں - حکومت کو کھاد کی تقسیم کے بارے میں اپنی پالیسی پر توجہ کرنی چاہئیے - اگر وہ اس طرف توجہ نہیں دے سکتی تو ہمیں مجبوراً اس گرانٹ کی مخالفت کرنی ہوگی - اس لئے میں وزیر متعلقہ سے عرض کروں گا کہ وہ کھاد ٹھیک طور پر تقسیم کرنے کے بارے میں ہمیں یقین دلائیں کہ کھاد سابقہ سندھ کے تمام علاقوں میں تقسیم کی جائے گی - کیونکہ ہم نے اپنی اراضیات میں فصلیں اگا کر ہی پیٹ پالنا ہے - اگر وہ کھاد کی مناسب تقسیم نہیں کر سکتے تو ہم مجبور ہیں کہ اس گرانٹ کی منظوری کی مخالفت کریں -

خان عبدالستار خان مہمند - جناب والا - میں آپ کی وساطت سے معزز ممبر سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ سال کے اس حصے میں انہیں کس فصل کے لئے کھاد کی ضرورت ہے ؟

مسٹر سپیکر - آپ تشریف رکھیں - کیونکہ پہلے جن ممبران صاحبان نے تحاریک تخفیف دی ہوئی ہیں - ان کو بولنے دیا جائے گا - اس کے بعد اگر آپ بولنا چاہیں تو آپ بھی تقریر کر سکتے ہیں -

Mr. Nisar Muhammad Khan has also given notice of a cut motion which is quite similar to this cut motion. He may speak, if he likes.

مسٹر نثار محمد خان (پشاور - ۵) - جناب سپیکر - حکومت نے یہ رقم منظور کر کے ایک طرح سے زمینداروں کی امداد کرنی چاہی ہے لیکن اس کا نتیجہ پھر بھی وہی ہوگا جس کا کہ ہمیں اس سے پہلے بھی تجربہ ہے - اور اگر ایسا ہی ہے تو پھر ہمیں اس کی ضرورت نہیں ہے - کیونکہ ابھی ابھی انتخابات کے دوران میں ہمارے علاقے چارسدہ کے اسسٹنٹ کمشنر (جو کہ ہمارے ریٹرننگ افسر بھی تھے) ان

کی چٹوں کے ذریعے لوگوں کو کھاد مہیا ہوتی رہی ہے ۔ اس کا اثر یہ ہوا کہ سب کھاد تقریباً بی ۔ ڈی کے ممبر صاحبان کو ہی مہیا ہوتی رہی ۔ جناب اسسٹنٹ کمشنر صاحب کو بھی معلوم نہیں تھا کہ کس کو چٹ دینی ہے ۔ انہوں نے یہ فرما دیا کہ گورنمنٹ کے نامزد کردہ ممبران کو دے دیں ۔ ان ممبروں نے یہ کھاد حاصل کر کے بلیک مارکیٹ میں فروخت کر دی اور بہت پیسہ کمایا ۔ اس طرح زمینداروں کو اس کا کوئی فائدہ نہیں پہنچا ہے ۔ اس کے بعد کمپنی کے ایجنٹ صاحبان مقرر ہوئے ہیں اور ان کے ذریعہ زمینداروں کو یہ کھاد مہیا ہوتی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ اس میں یہ ہوتا ہے کہ یہ ایجنٹ مختلف طریقوں سے اور رشوت کے ذریعہ اس کو حاصل کر لیتے ہیں ۔ چونکہ گورنمنٹ کی طرف سے اس کی قیمت پر کوئی کنٹرول نہیں اس لئے وہ بلیک مارکیٹ میں فروخت کر دیتے ہیں اور اپنے لئے خوب پیسے کماتے ہیں ۔ زمیندار کو جو گورنمنٹ امداد دینا چاہتی ہے وہ امداد نہیں مل رہی ہے ۔ اگر گورنمنٹ زمیندار کے ساتھ احسان کرنا چاہتی ہے تو بہتر یہ ہوگا کہ کھاد کی تقسیم یونین کونسلوں کے ذریعہ ہو ۔ اس کا اچھا اثر ہوگا ۔ کیونکہ اکثر یونین کونسلوں میں ممبران کی اکثریت زمینداروں کی ہے اور ہمارے پاکستان میں بھی اکثریت زمیندار طبقہ کی ہے ۔ لہذا زمیندار اپنی بہبود کے لئے یہ کوشش کریں گے کہ کھاد میں کسی قسم کی بلیک مارکیٹ نہ ہو ۔

جناب والا ۔ دوسرے یہ ہو سکتا ہے کہ گورنمنٹ کی جو مقرر کردہ قیمت ہے اس سے زیادہ نرخ پر اگر اس کو کوئی فروخت کرے تو جس طرح بھی ہو اس کو پکڑا جائے ۔ اس کو مجرم قرار دیا جائے اور اس کو سزا دی جائے ۔ اس دوران میں اپنے علاقے

چارسدہ کے اسسٹنٹ کمشنر صاحب کے پاس گیا اور میں نے تین نام دیئے کہ یہ کھاد بلیک مارکیٹ میں فروخت کرتے ھیں ۔ اسسٹنٹ کمشنر صاحب نے کہا کہ ھمارے پاس کوئی قانون نہیں ھے کہ ھم ان کو سزا دے سکیں ۔ میں حکومت سے درخواست کروں گا کہ اس قسم کے طریقے اختیار کئے جائیں کہ کھاد پر کنٹرول ھو جائے ۔ اگر یہ نہیں ھو سکتا تو میں سمجھتا ھوں کہ اس سے زمیندار کو کوئی فائدہ نہیں پہنچ سکتا ۔

خان عبدالستار خان مہمند (مردان ۔ ۲) ۔ جناب والا ۔ میری عرض یہ ھے کہ میرے معزز بھائیوں نے کھاد کی تقسیم کے بارے میں مشکلات بیان کی ھیں ۔ اس کے بارے میں اگر کوئی قلت ھے تو وہ قلت مصنوعی قلت ھے ۔ اگرچہ کھاد کی ضرورت بھی کچھ زیادہ بڑھ گئی ھے ۔ ایک دو پوائنٹس اس معزز ایوان میں اٹھائے گئے ھیں ۔ ایک پوائنٹ حاجی عطا محمد صاحب نے اٹھایا ھے کہ دس اضلاع ایسے ھیں جن میں ۱۵ جون سے ۱۵ جولائی تک کمپنیوں کو کہا گیا ھے کہ کھاد ان اضلاع کو دی جائے گی ۔ میری عرض یہ ھے اور جہاں تک مجھے یاد ھے کہ ان اضلاع میں اس وقت شوگر اور کھاد کی اشد ضرورت ھے ۔ میں گورنمنٹ کے اس فیصلہ کی پرزور تائید کرتا ھوں اور اس کا خیر مقدم کرتا ھوں ۔ میں ایک ایسے ضلع کا رھنے والا ھوں جہاں اس وقت شدید ضرورت ھے ۔ اور دوسرے نثار احمد صاحب کا یہ جو اعتراض ھے کہ اسسٹنٹ کمشنر صاحب نے اور ڈپٹی کمشنر صاحب نے کھاد کے پرمٹ جاری کئے ھیں میں آپکی وساطت سے یہ عرض کروں گا کہ مجھے پاکستان مسلم لیگ کی طرف سے ٹکٹ ملا ھے ۔ اور میں ضلع مردان کا رھنے والا ھوں اور ایک چھوٹا سا زمیندار ھوں ۔ اکثر حضرات جانتے ھیں کہ ھمیں کھاد کی ضرورت دس پندرہ بوری سے کم نہیں ھوتی ۔ آپ یقین جانئے کہ ڈپٹی کمشنر صاحب نے ایک چٹ بھی ھمیں

نہیں دی - گورنمنٹ پر یہ الزام غلط ہے - اور کھاد کے بارے میں انشاءاللہ مفصل تفصیل اپنی بجٹ تقریر میں کروں گا -

Haji Gul Hassan Mangbi : Mr. Speaker, the Member has said that distribution of fertilizers has been made and there is no necessity in Sind. I say that fertilizers are much more necessary in Sind, especially in the Khairpur Division, because this area is affected by Sem and Thur and we cannot do any cultivation particularly of sugarcane, paddy, cotton crop and wheat. For this purpose fertilizers are very essential. This is a backward area and it is all the more necessary that sufficient fertilizers should be provided for this area. This is in reply to the Member.

چودھری امتیاز احمد گل (لائل پور -۲) - جناب سپیکر - یہ کھاد کی کہانی واقعی ایک لمبی کہانی ہے - مصنوعی کھاد کی ضرورت اس لئے پڑی کہ ہماری زمینیں فصلات برداشت کرتے کرتے اتنی کمزور ہو گئیں ہیں کہ ان میں وہ قوت باقی نہیں رہی کہ ہماری فصلات اچھی پیدا کریں - چنانچہ ہماری گورنمنٹ نے یہ فیصلہ کیا کہ جہاں مصنوعی کھاد کی ضرورت ہو وہاں اسے پورا کیا جائے کیونکہ farmyard manure ہماری زمین کو اچھا کرنے کے لئے کافی نہیں ہے - چونکہ گورنمنٹ نے اس پالیسی پر عمل کرتے ہوئے کھاد کی تقسیم شروع کر دی ہے اور جس تندھی سے محکمہ نے کام کیا ہے (میں اس کی تعریف نہیں کرنا چاہتا) وہ تمام زمیندار بھائی جانتے ہیں - کبھی وہ زمانہ تھا کہ زمیندار مصنوعی کھاد کو اپنے کھیتوں میں ڈالنا گناہ سمجھتا تھا - آپ نے خود دیکھا ہے کہ اب اس ایوان میں ہر طرف سے کھاد کی پکار ہو رہی ہے چونکہ اب ڈیمانڈ اتنی زیادہ بڑھ گئی ہے کہ ہمارے پاس کھاد کافی نہیں ہے - لیکن زمیندار اس قدر شوق سے خریدتا ہے اور اس کو گورنمنٹ نے اس راستے پر اس طرح گامزن کر دیا ہے کہ اب کھاد کی مانگ روز بروز بڑھ رہی ہے -

خواجہ محمد صفدر - کھاد کافی ہے -

چودھری امتیاز احمد گل - Kindly hear me. میں عرض کر رہا ہوں کہ ڈیمانڈ اتنی زیادہ ہے کہ ڈیمانڈ کے مقابلہ میں سپلائی شائد اتنی نہیں ہے - ہم بندوبست کر رہے ہیں کہ سپلائی کو روز بروز زیادہ کیا جائے - جہاں تک میرے فاضل دوست کے اس اعتراض کا تعلق ہے کہ Subsidy نہیں ہونی چاہئے - میں ان کی اس بات سے متفق نہیں ہوں -

خواجہ محمد صفدر - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - اس طرف سے کسی ممبر صاحب نے نہیں کہا کہ Subsidy نہیں ہونی چاہئے - Subsidy ہونی چاہئے - سوال یہ ہے کہ کیا کسان کو اس سے فائدہ پہنچا ہے ؟ اعتراض اس لئے کیا گیا ہے کہ کسان کو فائدہ نہیں پہنچا ہے -

Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill : I think, the Leader of the Opposition was not present in the House at that time.

خواجہ محمد صفدر - اگر ہم صحیح کو غلط طور پر پیش کریں تو لوگ ہمیں باہر پکڑیں گے -

Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill : Mr. Speaker, I would request that the member should have the patience to hear me.

Mr. Speaker : He has clarified his position.

Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill : But he should actually have the patience to hear me. If I do not clarify the position then he can come up.

جناب والا - مسٹر حمزہ نے فرمایا ہے کہ اس صوبہ میں کھاد زمیندار کو گراں نرخوں پر مل رہی ہے- سات آٹھ روپیہ گورنمنٹ نے جو سب سڈی دی ہوئی ہے کیا اس کا کوئی

فائدہ نہیں ہے ۔ مثال کے طور پر آپ ایمونیم سلفیٹ کو لے لیجئے ۔ اس کا بھاؤ ۸ روپیہ ہے ۔ یہ Subsidised rate ہے ۔ اگر گورنمنٹ سب سڈی نہ دے تو اس کا بھاؤ ۱۶ روپیہ ہوگا ۔ جہاں تک سب سڈی کا تعلق ہے ہمیں صوبائی اور سنٹرل گورنمنٹ کا مشکور ہونا چاہئے کہ کافی حد تک گورنمنٹ ساتھ دے رہی ہے ۔ یہ زمیندار کی امداد نہیں ملک کی امداد ہے ۔ جس کی تعریف ہم کو اور سب کو کرنی چاہئے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس کے علاوہ جہاں تک کھاد کی تقسیم کا تعلق ہے گورنمنٹ انتہائی کوشش کر رہی ہے کہ مختلف ذرائع سے کھاد مہیا کر کے زمیندار کے گھر تک پہنچائے ۔ مثلاً پی ۔ آئی ۔ ڈی ۔ سی کے ذریعہ سے ، اے ۔ ڈی ۔ سی کے ذریعہ سے ، کواپرٹیو سوسائٹی کے ذریعہ سے ، بلکہ زمیندار کو فیکٹریاں خود بھی کھاد سپلائی کرتی ہیں جبکہ انہیں سو بوری سے زیادہ کی ضرورت ہو ، جہاں تک کھاد کی سپلائی کرنے کا تعلق ہے مسٹر حمزہ صاحب نے اسے یہ کہہ کر Condemn کرنے کی کوشش کی ہے کہ یہ سپلائی چیئرمینوں کے ہاتھ میں ہے جنہیں انہوں نے ۔ ۔ ۔ * کہا ہے ۔

Mr. Speaker : Please do not use that word and withdraw it. You should know that I have already expunged those remarks from the proceedings of the Assembly.

خواجہ محمد صفدر ۔ جیسا کہ عرف عام میں کہا جاتا ہے ۔ انہوں نے ویسے ہی کہا ہے ۔

Mr. Speaker : The remarks made by Mr. Imtiaz Ahmed Gill are expunged from the proceedings.

*Expunged as ordered by the Speaker.

چودھری امتیاز احمد گل - جناب والا - جو معزز ممبر یہ کہہ رہے تھے وہ خود بھی چیئرمین ہیں -

جناب والا - جہاں تک میں سمجھ سکا ہوں ان کا مطلب یہ ہے کہ کھاد کی بلیک مارکیٹ ہو رہی ہے - وہ چاہتے ہیں کہ یہ صحیح طور پر زمیندار کے دروازوں تک پہنچے - اور ہم بھی کوشش کر رہے ہیں -

مسٹر حمزہ - On a point of personal explanation میرے ایک معزز بھائی نے کہا ہے کہ میں بھی چیئرمین ہوں - یہ غلط ہے میں کسی یونین کونسل کا چیئرمین نہیں ہوں - میں تو یونین کمیٹی کا چیئرمین ہوں - لیکن میں پورے وثوق سے کہتا ہوں کہ یونین کونسلوں کے چیئرمینوں کی اکثریت کا کردار ایسا ہے جس کے لئے یہ لفظ بولا جاتا ہے -

وزیر تعلیم - آپ نے بجا فرمایا ہے لیکن لوگ جو چاہیں سمجھیں (قہقہہ) -

رانا پھول محمد - جناب والا - وہ حمزہ صاحب بھی - - - * ہیں -

مسٹر سپیکر - میں نے یہ لفظ پہلے بھی Expunge کرا دیا تھا - اب بھی میں اسے Expunge کرتا ہوں -

مسٹر عبدالقیوم (کراچی - ۲) - جناب سپیکر - جہاں تک مجھے آپوزیشن کی تقاریر کا اندازہ ہوا ہے میں یہ سمجھتا ہوں کہ وہ

*Expunged as ordered by the Speaker.

اس مطالبہ زر کو پاس کرنا چاہتے ہیں ۔ اُن کو صرف دو اعتراض ہیں اول Fertilisers کی تقسیم کے طریق کار کے خلاف اور ثانیاً Rate کے مختلف ہونے کے خلاف ۔

اب جہاں تک کھاد کی تقسیم کے طریق کار کا تعلق ہے اس میں انہوں نے رشوت ستانی پر زور دیا ہے ۔ یہ میرے خیال میں ایسی بات ہے جس پر آپوزیشن والے اور میری Side والے معزز ارکان بھی اتفاق کرتے ہیں ۔ اور ہم سب کو یہ دیکھنا ہے کہ رشوت ستانی کو کس طرح روکا جائے ۔ آپوزیشن کو ٹھوس مفید تعمیری تجاویز پیش کرنی چاہئیں اور جس سے ہم سب مستفید ہو سکیں ۔ حکومت کا کام تو پالیسی وضع کرنا ہوتا ہے ۔ اس نے ایک مفید پالیسی وضع کر دی ۔ اب تفصیلات کی بات ہے ۔ اب مسٹر حمزہ بتائیں کہ اُن کے حلقے میں کہاں کہاں اور کس کس جگہ پر کس قدر رشوت ستانی ہے ۔ اور اس کا انسداد کس طرح کیا جائے ۔ ملتان میں Fertiliser کا ریٹ سات روپے ہے ۔ مگر لائل پور میں گیارہ روپے ۔ حالانکہ لائل پور سے ملتان کا فاصلہ اتنا زیادہ نہیں ہے جتنا کہ ریٹ میں فرق اور تفاوت ہے جناب سپیکر ۔ میرے خیال میں حمزہ صاحب کو معلوم ہے کہ گورنمنٹ نے تو ایک اصول قائم کرنا ہوتا ہے اس کی تفاصیل تو جگہ جگہ پر مختلف ہونگی ۔ گذشتہ چند تقاریر میں کھاد کی تقسیم اور ریٹ پر کافی اعتراضات کئے گئے ہیں ۔ مگر ہمیں ٹھوس تعمیری تجاویز کی ضرورت ہے ۔ اسمبلی پر پبلک کا بڑا روپیہ صرف ہو رہا ہے ۔ ہمیں ٹھوس اور واضح تجاویز بتانی چاہئیں تاکہ یہ اسمبلی مفید کام کر سکے ۔ طویل تقریروں سے اور لمبے چوڑے اعتراضات سے کوئی معاملہ حل نہیں ہو سکتا ۔ اس کے لئے تعمیری

تجاویز کی ضرورت ہے ۔ کھاد کے مقابلہ میں (۱) ایک تو قیمت کیا ہونی چاہئے (۲) دوسرے کہاں کہاں رشوت ہے اور اس کو کس طرح بند کیا جائے۔ بس یہ دو سوال ضروری ہیں ۔ کس طریق سے انسداد رشوت کیا جائے اور قیمت ہر جگہ پر کس طرح مناسب رکھی جائے۔ آپوزیشن کے معزز ارکان کو ان دو باتوں کے متعلق ٹھوس تجاویز پیش کرنی چاہئیں ۔

جناب سپیکر ۔ میں آپکی وساطت سے ان الفاظ کے ساتھ ایوان سے گذارش کرتا ہوں کہ اس Demand کو approve کیا جائے ۔

خان جمشید خان مہمند (پشاور ایجنسی ۔ ۳) ۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا۔ میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ مختلف مقامات پر اور مختلف فصلات کے لئے مختلف قسم کی کھاد کی ضرورت ہوتی ہے مثلاً (۱) نائٹریٹ (۲) امونیا سلفیٹ (۳) سوپر فاسفیٹ ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ۔ ویسے آپ اس موضوع پر بخوشی تقریر کر سکتے ہیں ۔

خان جمشید خان مہمند۔ جناب والا ۔ میں اس قدر کہنا چاہتا ہوں کہ صوبے کے ہر ضلع اور ہر مقام پر ایک ہی قسم کی کھاد کی ضرورت نہیں ہوتی ۔ مختلف اضلاع میں مختلف فصلات کاشت کی جاتی ہیں۔ ان کے لئے کھاد بھی مختلف قسم کی درکار ہوتی ہے ۔ ساری گڑ بڑ اس بات کو محسوس نہ کرنے سے پیدا ہوتی ہے ۔ میں تجویز کرتا ہوں کہ ٹیکنیکل افراد کی ایک ایک کمیٹی ہر ضلع اور ہر ڈویژن کے لئے مقرر کر کے یہ فیصلہ کرلیا جائے کہ کس ضلع میں کس قدر نائٹریٹ درکار ہے ، کس ضلع میں امونیا سلفیٹ درکار ہے اور کہاں کہاں یوریا کی مانگ ہے ۔ اس طرح رسد اور مانگ کی بناء پر طریق کار وضع

کیا جا سکتا ہے۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - کھاد کی سپلائی کا معاملہ بہت بڑی اہمیت کا حامل ہے اور دونوں جانب سے جو تقاریر کی گئی ہیں ان میں یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ ولایتی کھاد گورنمنٹ کے مقرر کردہ نرخوں پر زمیندار کو دستیاب نہیں ہو رہی ہے - بلکہ جو ایجنسی اس کی تقسیم پر مقرر ہے وہ ناجائز طور پر زمینداروں سے زیادہ قیمت وصول کرتی ہے - لیکن ہم ہرگز یہ نہیں کہتے کہ کھاد کی سپلائی کو Subsidise نہ کیا جائے - جو دوست اور معزز اراکین سابقہ اسمبلی کے رکن تھے اور اللہ کے فضل سے دوبارہ منتخب ہو کر اس ایوان میں تشریف لائے ہیں - انہیں یاد ہوگا کہ پچھلے سال سے قبل یہ Subsidy ۵۰ فیصد سے کم ہو کر ۲۵ فیصد رہ گئی تھی - اور میں محترم ملک قادر بخش صاحب کو خصوصاً یاد دلاتا ہوں کہ میں نے بجٹ سیشن کے دوران ہی ان کی توجہ خاص طور پر اس کی طرف دلائی تھی - اور Food & Agriculture Commission کا حوالہ دے کر کہا تھا کہ Food & Agriculture Commission نے یہ سفارش کی تھی کہ دوسرے پنج سالہ منصوبے میں یہ Subsidy ۵۰ فیصد رہنی چاہئے - اور جو فیصلہ حکومت نے اسے کم کرنے کا کیا ہے - وہ غلط ہے - میری اس درخواست کو میرے محترم بزرگ جناب ملک قادر بخش صاحب نے قبول فرماتے ہوئے اس Subsidy کو ۵۰ فیصد کر دیا تھا - جس کے لئے میں ان کا شکر گزار ہوں - وہ اس وقت Food & Agriculture Minister تھے - ویسے بھی وہ اچھے بھلے زمیندار ہیں - وہ جانتے ہیں کہ ولایتی کھاد کے استعمال سے ہماری زرعی پیداوار میں

کس قدر اضافہ ہو سکتا ہے ۔ اور اس کے کیا امکانات ہیں ۔ اس لئے یہ بات کہنا کہ حزب اختلاف کے رکن کسی طرح بھی اس Subsidy کے خلاف ہیں درست نہیں ۔ دراصل اس وقت جو مسئلہ ہمارے صوبہ کو درپیش ہے وہ یہ ہے کہ اس کھاد کی پیداوار کو کس طرح بڑھایا جائے ۔ ہماری حکومت نے یہ اندازہ غلط لگایا تھا کہ دوسرے پنج سالہ منصوبہ کے آخر تک اس کھاد کی کھپت کس حد تک ہو گی ۔ یہی وجہ ہے کہ اس غلط اندازے کا خمیازہ ہم آج بھگت رہے ہیں ۔ کیونکہ آج مانگ زیادہ ہے اور رسد کم ہے ۔ دراصل اس کا اصول یہ ہے کہ جس چیز کی مانگ زیادہ ہو اور رسد کم ہو تو قدرتی طور پر بد دیانت افراد ایسی situation اور ایسے حالات سے فائدہ اٹھانے ۔ بلیک مارکیٹ کرنے اور زیادہ سے زیادہ منفعت حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں ۔ یہ قدرتی امر ہے اور اسے کسی قانون بنانے یا کسی ایجینسی کے تبدیل کرنے سے نہ تو بند کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی ایسے اقدام سے کوئی فائدہ ہو سکتا ہے ۔ کیونکہ انسان کی فطرت بھی یہی ہے کہ وہ اپنی ذات کے لئے زیادہ سے زیادہ منفعت حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے ۔ اور بعض اوقات بعض لوگ ناجائز ذرائع سے بھی ایسا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جو سب کے سب قابل مذمت ہیں۔ ورنہ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ۔ انسان چاہتا ہے کہ اسے اس کے کام کا زیادہ سے زیادہ معاوضہ ملے ۔ اس لئے جناب والا ۔ اس وقت اصل مسئلہ یہ ہے کہ اس Subsidy کو نہ صرف بحال رکھا جائے بلکہ ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ یہ کھاد مفت دی

جائے۔

خواجہ محمد صفدر - مفت نہیں جناب - وزیر خزانہ صاحب کو پہلے ہی سوجھ گئی کہ ان کے خزانے پر ہاتھ ڈالا جا رہا ہے۔

جناب والا - اس کھاد کی Subsidy کے سلسلہ میں مرکزی حکومت ہمیں ۵۰ فیصد امداد دیتی ہے - کیا یہ ممکن نہیں کہ جناب وزیر خزانہ اس Subsidy کو ۵۰ فیصد کی بجائے ۷۵ فیصد کر دیں - اس سے ہمارے خزانے پر صرف ۱۲ فیصد بوجھ پڑیگا۔ ویسے تو وہ کئی ایسے Enterprises میں روپیہ لگاتے ہیں - اور ابھی ابھی انہوں نے فرمایا ہے کہ انہوں نے ایک بہت ہی منفعت بخش ادارہ یعنی اے - سی - سی بھی خرید لیا ہے - میں ان سے درخواست کروں گا کہ وہ اس منافع کو کچھ اس طرف بھی منتقل کر دیں - تاکہ اس سے نہ صرف انفرادی طور پر اس صوبے کی ۸۵ فیصد آبادی کو جس کا انحصار زراعت پر ہے - اپنا روزگار قائم رکھنے کے سلسلے میں بہت زیادہ فائدہ ہوگا - بلکہ آپ کا خوراک کا مسئلہ حل ہو جائے گا - ابھی پچھلے سال ہی مغربی پاکستان کے لئے پونے آٹھ لاکھ ٹن گندم درآمد کی گئی - کیا اس کے متعلق گورنمنٹ یہ سوچ بچار نہیں کر رہی کہ ہمیں گندم کی پیداوار میں کس طرح اضافہ کرنا چاہیئے - بہر حال جناب والا - میں اس وقت اس موضوع کے متعلق کچھ زیادہ عرض کرنا نہیں چاہتا - وہ وقت بہت جلد آنے والا ہے جب میں اس موضوع کے متعلق انشا اللہ تعالٰے اپنے ذہن کے مطابق بہت کچھ عرض کروں گا - اس وقت میں صرف اس بات کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ اصل مسئلہ یہ ہے کہ ہمیں ولایتی کھاد کی

پیداوار بڑھانے کی سعی کرنا چاہئے - فوری طور پر Short Term Plans بنائے جائیں - کیونکہ Long Terms Plans سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا - بلکہ ہمیشہ یہی صورت حال برقرار رہے گی کہ آٹھ روپے کی بجائے زمیندار کو ۲۴ روپے ادا کرنا پڑیں گے - اور اس سے اوپر بھی کچھ نہ کچھ ہوتا ہے جو middleman کہا جاتا ہے -

ملک قادر بخش (مظفر گڑھ - ۲) - جناب صدر - ہمیں حقائق سے پیٹھ نہیں موڑنا چاہئے - آج سے دو تین سال قبل زمنیداروں کے یہ تاثرات تھے کہ وہ ولایتی کھاد استعمال کرنے کے لئے تیار نہ تھے - چنانچہ محکمہ زراعت اور زرعی ترقیاتی کارپوریشن کی ہمت - پراپیگنڈا اور Missionary Zeal سے جب انہیں demonstrate کر کے دکھایا گیا - تو لوگوں میں اس کا شوق پیدا ہوا اور اس کی مانگ بڑھ گئی - اور خواجہ محمد صفدر صاحب نے درست فرمایا ہے کہ اس کی مانگ بہت زیادہ ہے اور رسد تھوڑی ہے - اور مجھے اس بات سے انکار نہیں کہ میں خود بھی وہی قیمت ادا کر رہا ہوں - یعنی اس وقت ساڑھے سات روپے والی چیز چودہ روپے میں بک رہی ہے - اور یہ عین ممکن ہے - کیونکہ Cash Crops کے لئے زمیندار یہ afford کر سکتا ہے کہ اسے چودہ روپے میں خریدے - لیکن گندم کے لئے جس کی ہمیں اس ملک میں بڑی ضرورت ہے - چودہ روپے فی بوری کے حساب سے خریدنا اور پھر دوبارہ ڈالنا یعنی اٹھائیس روپے کا زائد خرچ برداشت کرنا بہت زیادتی ہے - میں سمجھتا ہوں کہ یہاں تک تو سارا ہاؤس مجھ سے اتفاق کرے گا - اب سوال یہ ہے کہ کس طرح اس قیمت اور Subsidy کا صحیح فائدہ عوام تک پہنچایا جائے - اب جناب fundamentally ایک بات تو یہ ہے کہ مانگ زیادہ ہے اور رسد تھوڑی ہے اس لئے

Producer کے ہاتھ میں اس کی Distribution نہیں ہونی چاہئے۔ تاکہ وہ کسی کو exploit نہ کر سکے۔ اگر بیچ میں سے PIDC کو نکال دیا جائے اور محکمہ زراعت۔ اے۔ ڈی۔ سی -Co-operative Societies اور Service Wing Service Societies - کی معرفت cash & carry کے basis پر ہر ضلع میں کوٹہ مقرر کرکے بھیجا جائے۔ تو بہت حد تک۔ بلکہ ۹۰ فیصد تک بلیک مارکیٹ کی جو قیمتیں ہم سے وصول کی جا رہی ہیں۔ وہ بہت کم ہو سکتی ہیں۔ لیکن اب جو سلسلہ رکھا گیا ہے۔ اور جیسا کہ گل صاحب فرما رہے تھے۔ حکومت نے بہت اچھی پالیسی وضع کی ہے جس کے تحت PIDC کو یہ اجازت مل گئی ہے کہ وہ خود بھی یہ کھاد بیچے۔ اس کے ساتھ کچھ شرائط رکھ دی گئی ہیں۔ یعنی اگر کوئی پرائیویٹ آدمی بھی سو بوری کے لگ بھگ لینا چاہے تو اسے بھی دیدی جائیں۔ اور اس کے ساتھ یہ بھی کہہ دیا گیا ہے کہ اگر ADC والے لینا چاہیں تو ان کو بھی دے دو۔ لیکن یہ عملی طور پر کیسے ممکن ہو سکتا ہے۔ کیونکہ اگر ADC والے دس ہزار ٹن مانگتے ہیں اور انہیں صرف دو ہزار ٹن مہیا کی جاتی ہے تو وہ باقی کا انتظام کیسے کر سکتے ہیں۔ اور اب PIDC کے ۵۰ فیصد ایجنٹ اسی چیز سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ کوئی مظفر گڑھ کا پرائیویٹ ایجنٹ ہے۔ تو وہ اسے ملتان لے جا رہا ہے۔ اور اسی طرح مظفر گڑھ کا کوئی دوسرا ایجنٹ اسے پشاور لے جا کر بیچ رہا ہے۔ ایسی صورت حال میں یہ ہو سکتا ہے کہ ہمارے وزراء صاحبان اور حکومت اس مسئلے پر ٹھنڈے دل سے غور کریں۔ کہ کھاد کی تقسیم کا کام جب تک PIDC کے ہاتھ میں ہے۔ یہ چیز چلتی رہے گی۔ کیونکہ Producer کا کام اس کے ان چھوٹے چھوٹے کلرکوں نے کرنا ہوتا ہے۔ جو ہمارے آرڈر درج کرتے ہیں۔ ان کی مرضی ہے کہ مجھے

سات سو نمبر پر رکھ دیں یا اس کے بعد رکھ دیں ۔ یہ حکومت کی پالیسی جو انتہائی ایمانداری سے وضع کی گئی تھی ۔ اسے PIDC کے کلرکوں نے چلنے نہیں دیا ۔ اور نہ ہی اسے کامیاب ہونے دیا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ کیا آپ کو چیر مین سے خطرہ ہے ؟

Malik Qadir Bakhsh : He does not come in. Let us be frank.

کیونکہ وہ Orders کا اندراج نہیں کرتے ۔ اور نہ ہی کسی جگہ جاتے ہیں ۔ وہ clerical job نہیں کرتا ۔ وہ سٹیشن پر جا کر نہیں دیکھتا کہ کہاں جا رہی ہے اور کہاں نہیں جا رہی ۔ وہ کسی جگہ نہیں جاتا ۔

Khawaja Sahib, let us not be unfair to anybody.

PIDC کا چھوٹا سٹاف اس میں حائل ہو رہا ہے ان حالات میں جب کہ shortage ہو Producer کو Distributor نہیں ہونا چاہئے ۔ اس کے لئے اور سلسلہ ہونا چاہئے ۔ چونکہ Producer نے منافع دیکھنا ہوتا ہے ۔ اس لئے اس کے ہاتھ میں Distribution دینا درست نہیں ہوگا ۔ حقیقت یہ ہے کہ تکلیف تو ہے ۔ گل صاحب نے جو کچھ فرمایا ہے وہ بالکل صحیح ہے کہ عوام کو اجازت دی گئی ہے کہ وہ مل کے دروازہ پر جا کر اٹھا لیں ۔ اس سے زیادہ حکومت سے اور کیا ہو سکتا ہے ۔ دراصل نیچے کام کرنے والے آدمی کسی ادارہ کو ایک منٹ میں فیل کر کے رکھ دیتے ہیں ۔ اس لئے میں یہ عرض کرونگا کہ producer کو distributor نہ بنایا جائے ۔

میر خدا بخش تالپور (تھر پارکر ۔۳) ۔ جناب سپیکر صاحب ۔ میں

یہ عرض کرونگا کہ میں خود چٹیرمین ہوں اور مجھے معلوم ہے کہ ملک قادر بخش صاحب کے زمانہ میں یہ طریقہ تھا کہ یونین کونسل بھی تھی اور سروس سوسائٹی بھی - وہاں یونین کونسل میں ڈپٹی کمشنر صاحب آتے تھے اور ممبر صاحبان سے پوچھتے تھے اور وہ رپورٹ دیتے تھے کہ اس یونین کونسل میں کتنی کھاد کی ضرورت ہے اور پھر ڈپٹی کمشنر صاحب کے حکم سے ان کو جتنی کھاد کی ضرورت ہوتی تھی مل جاتی تھی اس کے لئے میں نے سیکرٹری صاحب سے بھی ایک بات عرض کی تھی کہ سروس سوسائٹی کو ختم کر دیں - ولیج ایڈ کریڈٹ سوسائٹی کی اجازت دی جائے ایسی سوسائٹیاں ہر جگہ قائم ہیں - بد قسمتی سے سندھ میں Regional Bank میں بد انتظامی کی وجہ سے لوگوں کو پورا قرضہ نہیں ملا - اگر ولیج ایڈ کریڈٹ سوسائٹی کے ذریعہ سے کھاد کا انتظام ہو گیا تو اس سے پیداوار بڑھے گی اور آئندہ کے لئے کئی اخراجات ختم ہو جائیں گے اور گندم بھی زیادہ ہوگی - اتنی گندم ہو سکتی ہے کہ دوسرے ممالک بھی پاکستان سے خرید سکتے ہیں - ہماری یہ تجویز ہے کہ ولیج ایڈ کریڈٹ سوسائٹی کی اجازت دینی چاہئے - اور ڈپٹی کمشنر صاحب کو اس میں رکھنا چاہئے کیونکہ بنیادی جمہوریت ہے - ہم جانتے ہیں کہ ڈپٹی کمشنر صاحب لوگوں کے پاس یونین کونسل میں جاتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ ہم ساری قوم کے خادم ہیں - اس لئے محنت سے کام کریں تاکہ ملک کی زرعی پیداوار بڑھے - میری تجویز ہے کہ ملک میں ولیج ایڈ کریڈٹ سوسائٹیاں بنائی جائیں - ڈپٹی کمشنر صاحب کو اس میں رکھا جائے اس سے ملک کو بہت فائدہ ہوگا -

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - جناب والا - تقسیم ملک

سے پہلے جن حصوں پر مغربی پاکستان مشتمل ہے بر صغیر ہند و پاکستان میں اسے Granary کہا جاتا تھا۔ اب صورت حال یہ ہے کہ ہم کو ہر سال لاکھوں ٹن کی ضروریات امپورٹ کرنا پڑتی ہیں۔ اس کی ایک وجہ تو یہ ہو سکتی ہے کہ ملک کی آبادی میں اضافہ ہوا ہے لیکن ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ زرعی پیداوار کو اس حد تک بڑھانے میں حکومت نے شدید کوتاہی کی ہے جس حد تک پیداوار بڑھانے کے امکانات موجود تھے۔

موجودہ زمانہ میں زرعی پیداوار کو بڑھانے کے لئے مصنوعی کھاد جو ایک موثر ذریعہ ہے استعمال کی جاتی ہے۔ اس کا استعمال ہر ملک میں ہو رہا ہے۔ اگر ہمارے ملک میں بھی اس کا استعمال اس طرح کیا جاتا جیسا کہ اس کا حق تھا تو ہم غلہ کے لئے دوسرے ملکوں کے محتاج نہ ہوتے۔ کھاد کی جو فیکٹری یہاں لگائی گئی ہے اس میں Cost of Production تمام دنیا کے مقابلہ میں زیادہ تھی۔ اس کی بہت سی وجوہ تھیں۔ مگر ان کا یہاں بیان کرنے کا موقع نہیں۔

مثال کے طور پر میں عرض کروں گا کہ جاپان میں ۲۶۴ پونڈ گیہوں چاہئے ایک پونڈ کھاد حاصل کرنے کے لئے۔ اور ہمارے ملک میں ایک پونڈ کھاد حاصل کرنے کے لئے ۵ پونڈ گیہوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ حکومت کو Subsidy کی منظوری دینا پڑی اور یہ فیصلہ کیا گیا کہ اس کا ۵۰ فیصد حصہ حکومت برداشت کرے اور ۵۰ فیصد خریدار سے لیا جائے۔ لیکن یکدم ۱۹۶۰-۶۱ میں حکومت کو یہ الہام ہوا کہ اب ملک میں زرعی پیداوار اس مقام پر پہنچ چکی ہے کہ Subsidy کو کم کر دینا چاہئے چنانچہ یہ رعائت ۵۰ فیصد

سے کم کر کے ۲۵ فیصد کر دی گئی - اور نتیجۃ اگلے دو سالوں میں کھاد کی Consumption کافی حد تک گر گئی - ظاہر ہے کہ اس کا اثر زرعی پیداوار پر پڑا - جو کھاد ملک میں تقسیم کی جاتی ہے اس کے صحیح طور پر استعمال نہ ہو سکنے کی بڑی وجہ خود حکومت کی پالیسی کا متعین نہ ہونا ہے - شروع سے اب تک حکومت یہ طے نہ کر سکی کہ اس کی تقسیم کا کیا انتظام ہونا چاہئے - ۱۹۶۰-۶۱ میں انہوں نے ایگریکلچرل ڈیولپمنٹ کارپوریشن بنائی - لیکن اس کے بناتے وقت کسی نے یہ نہیں سوچا کہ اس کارپوریشن کے ساتھ کوئی فیلڈ سٹاف نہیں - چنانچہ اس کارپوریشن کو کواپریٹو سوسائٹیز کی مدد حاصل کرنا پڑی - کواپریٹو سوسائٹیز نے ایک قدم اور نیچے جا کر اپنی ذمہواری کو Rural Co-operative Societies کے سپرد کر دیا جس نے ایک قدم اور نیچے جا کر یونین سوسائٹی کے ذمہ یہ کام لگا دیا - اس طرح کارخانہدار کے پاس سے مال نکلنے سے کاشتکار تک پہنچنے تک اتنے ہاتھ اور اتنے middle men involve ہوگئے کہ ایک طرف تو middle men کی تعداد میں اضافہ ہوا دوسری طرف ملک میں مانگ کے مقابلہ میں رسد کی کمی کی وجہ سے لوگوں کو اس سے فائدہ حاصل کرنے کا موقع ملا اور کھاد کی قیمت اتنی بڑھا دی گئی کہ وہ صحیح ہاتھوں میں نہ پہنچ سکی اور پھر اس کی مصنوعی کمی بھی پیدا کی جاتی رہی - سٹاک گوداموں میں رکھے رہے اور بک نہ سکے - کیونکہ منہ مانگی قیمت نہ مل سکی - اس طرح Subsidy سے کاشتکار کو فائدہ نہ پہنچ سکا - میں جو بات آپ سے عرض کر رہا ہوں اس سلسلہ میں اگر ایک چھوٹا سے ٹکڑا پڑھ کر سناؤں تو آپ کو اندازہ ہو جائے گا - یہ غلام محمد صاحب کا لکھا ہوا ہے جو ایک سنیئر اکانومسٹ ہیں -

"Distribution work was in the hands of the Department of Agriculture upto 1960-61 when it was transferred to the Agricultural Development Corporation. The Corporation did not have any field Organisation for fertiliser distribution. The West Pakistan Agricultural Development Corporation therefore appionted the Co-operative Department as their Selling agents, which in turn organised a Rural Supply Cooperative Corporation for wholesale business and for retail sale of fertilizer. In 1963-64 it was again decided that the West Pakistan Development Corporation should appoint its own private agents."

اس کا مطلب یہ ہوا کہ گورنمنٹ نے جو اقدام ۱۹۶۰-۶۱ میں کیا تھا اس کے بارے میں ۱۹۶۳-۶۴ میں یہ محسوس ہوا کہ ان کا یہ انتظام بھی ناقص تھا۔ پھر پروڈیوسر کو تقسیم کے پورے اختیارات دئے گئے۔ جیسا کہ میرے ایک محترم دوست نے بہت صحیح فرمایا ہے کہ جب کسی چیز کی کمی ضرورت کے لحاظ سے ہو تو ان حالات میں اس کی تقسیم کا انتظام پروڈیوسر کے ہاتھ میں دینا سخت نقصان دہ ہے۔ میں نہیں سمجھتا کہ اتنی معمولی سی بات ہمارے اکابرین کے ذہن میں کیوں نہیں آ سکی۔ میں اس کے متعلق کچھ عرض نہیں کر سکتا۔ ہمارے ملک میں Subsidy کی ضرورت سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا۔ جب کہ کھاد کی اتنی ضرورت ہو۔ جو پیداوار کے لئے اشد ضروری چیز ہے۔ حکومت Subsidy کے بغیر کھاد عوام تک نہیں پہنچا سکتی۔ لیکن عوام کو اس سے مستفید ہونے کے لئے اس سے فائدہ حاصل کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ تقسیم کا نظام درست ہو اور تقسیم کے نظام میں وہ سارے رخنے جو رشوت کے لئے راستہ پیدا کرتے ہیں بند کئے جائیں۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ رشوت کے راستہ کو بند کرنا غالباً ہماری حکومت کے بس کی بات نہیں۔ اس لئے قوم کا اتنا سرمایہ ضائع کرنے کی بجائے ضرورت اس بات کی ہے کہ آپ کوئی کمیشن مقرر کریں جو اس پر اچھی طرح غور کرے اور اس کی تقسیم کا اچھی طرح انتظام کرے۔

دیوان سید غلام عباس بخاری (ملتان - ۷) جناب سپیکر - میں سمجھتا ہوں کہ یہ ملک کی خوش قسمتی ہے جو زمیندار نے یہ محسوس کر لیا ہے کہ مصنوعی کھاد کی اس زمانہ میں اس حد تک ضرورت ہے - جیسا کہ ملک صاحب نے ارشاد فرمایا ہے زمیندار نے یہ محسوس کر لیا ہے کہ ملک کی پیداوار بڑھانے کے لئے مصنوعی کھاد اشد ضروری چیز ہے یہ درست ہے - لیکن اس کی مانگ بڑھ گئی تو اس کی سپلائی کم ہو گئی - جناب سپیکر - سب سے پہلے میں یہ عرض کروں گا کہ اس ملک کی ۸۷ فیصد آبادی کا انحصار زراعت پر ہے اور زراعت کا سب سے زیادہ انحصار کھاد پر ہے - تو میں یہ اپیل کرونگا کہ کسی نہ کسی طریقہ سے کھاد کے پروڈکشن کو بڑھانے کی ضرورت ہے - میرے ایک دوست نے فرمایا ہے کہ اس وقت کھاد ہر ضلع میں بہت ہی بےقاعدہ طریقہ پر استعمال ہو رہی ہے جس کی وجہ سے وہ زمین جو ایک خاص قسم کی کھاد کو قبول نہیں کرتی جب اس میں وہ کھاد استعمال کی جاتی ہو جو کہ وہ زمین قبول ہی نہیں کرتی تو وہ بجائے نفع کے زمیندار کو نقصان پہنچاتی ہے - میں معزز ممبران کی پرزور تائید کرتا ہوں کہ ہمیں یہ چھان بین کر لینی چاہئے کہ کون سے ضلع میں کس قسم کی کھاد کس مقدار میں استعمال کی جائے -

اس کے علاوہ میں ملک قادر بخش صاحب کی اس تجویز کی بیحد تائید کرتا ہوں کہ پروڈیوسر کو Distributor نہ ہونا چاہئے اور یہ تقسیم یقیناً ہمیں کسی اور ادارے کو دینی ہوگی - ہماری آنکھیں شرم سے نیچے جھک جاتی ہیں جب ہم یہ محسوس کرتے ہیں کہ ہمارے ملک میں اور ہماری قوم میں بد دیانتی زیادہ ہے اور یہ کام کسی بھی ادارے کو سپرد کرنے میں ہمیں شک

ضرور رہیگا مگر ہماری یہ کوشش ہونی چاہئے کہ ہم کوئی ایسا نظام قائم کر دیں کہ کھاد کی Distribution میں بد دیانتی کا امکان کم سے کم ہو - اس کے متعلق میری رائے یہ ہے کہ اگر کواپریٹو سوسائٹی کے ذریعہ یہ تقسیم ہوگی تو یہ ممکن نہیں کہ تقسیم ٹھیک طریقہ سے ہو کیونکہ وہ نہیں جانتے کہ کہاں کھاد موجود ہے اور کہاں نہیں ہے اور اگر محکمہ زراعت کے ذریعہ بھی یہ تقسیم ہوگی تو پھر ایک روز اس معزز ایوان میں یہ آواز اٹھائی جائیگی کہ تقسیم بہت بد دیانتی سے ہوئی لہذا میں اس تجویز کی پرزور تائید کرتا ہوں کہ کھاد کی تقسیم بذریعہ یونین کونسل ہو اور اس کی قیمت ۶-۷ روپے فی بوری سے کسی صورت میں زیادہ نہ ہو اور گورنمنٹ کی طرف سے اس کا زیادہ سے زیادہ پروپیگنڈا کیا جائے کہ یونین کونسل اس سے زیادہ نہ وصول کرے - (اس مرحلہ پر پیر غلام علی چشتی نے پنجابی میں تقریر کرنا شروع کی) -

مسٹر سپیکر - چشتی صاحب آپ اردو میں تقریر کریں کیونکہ ہمارے پاس پنجابی زبان کے رپورٹر نہیں ہیں -

پیر غلام علی چشتی (منٹگمری - ۶) - بہت اچھا - جناب عرض یہ ہے کہ پہلے کارخانے کم قیمت پر لگا کر یا اس کا گورنمنٹ گھاٹا برداشت کرکے ہمیں جو کھاد دے رہی تھی اس کا مقصد کچھ ایسا ہی تھا جیسے پہلے برف کے کارخانے لگائے گئے تو ہمیں ٹھنڈا پانی پینے کے لئے مفت برف تقسیم ہوتی تھی تاکہ لوگ عادی ہو جائیں اور اس کے بعد پھر برف بلیک میں بیچی جائے - جناب پہلے تو ہمیں عادی کر دیا اور عادی کرنے کے بعد میں حلف سے کہہ سکتا ہوں کہ اب کھاد کی بھی بلیک ہے اور ڈیزل کی

بھی بلیک ہے ۔ اور ناقابل برداشت بلیک ہے ۔ اگر یہی کرنا ہے اور بیچ میں دکانداروں نے کھانا ہے تو اس کی قیمت ۲۵ روپے کر دی جائے تاکہ دکانداروں کو اس سے فائدہ نہ ہو اور یہ رقم ہمارے اپنے خزانے ہی میں آ جائے ۔ اس کے علاوہ ہمارے پاس دو آدمی ایسے ہیں جو اگر کھاد کی تقسیم کریں تو میں یقین سے کہتا ہوں کہ کوئی اعتراض نہ ہوگا اور اس میں کوئی غلط کاری نہ ہوگی اور اگر ہو تو اس کی ذمہ داری میں ہاؤس میں لیتا ہوں ۔ میرے خیال میں اے ۔ ڈی ۔ سی کے چیئرمین میجر جنرل حق نواز خان اور محمد شفیع گل زراعت کے ڈائرکٹر اگر یہ دونوں آدمی مل کر ایسی تجویز بنائیں تو میں یقین سے کہتا ہوں کہ اس میں کوئی بددیانتی اور بے ایمانی نہ ہوگی ان دونوں سے زیادہ اچھا آدمی اور افسر اس پاکستان میں نہ ہوگا اور اگر ہوگا تو ان کے برابر ہی ہوگا اور جو انہوں نے انگریزی میں کہا تھا ''بنانے والا اور بیچنے والا'' مجھے اتنی انگریزی تو نہیں آتی لیکن وہ مسئلہ بھی حل ہو جائے گا کہ بنانے والا خود نہیں بیچے گا ۔ اگر وہ کھاد اے ۔ ڈی ۔ سی کو دے دیں گے تو وہ دوسرے محکمہ میں چلی جائے گی اور پھر وہ اپنی مرضی سے تقسیم کریں گے ۔ چاہے وہ چیئرمین کے ذریعہ تقسیم ہو ، چاہے کسی اور طریقہ سے ۔ اگر زمیندار ممبر بھی اسمیں رکھنا ہو تو مجھ جیسے ایک نیک خیال کو شامل کر لیں اور اسکا ایک طریقہ بنا لیں ۔ میں ہاؤس کا وقت ضائع کر رہا ہوں لیکن میں یہ ضرور کہوں گا کہ اپوزیشن نے جو کچھ کہا ہے سچ کہا ہے کیونکہ ان کی تائید میں ایک ۷۲ سالہ پرانا مردہ بھی بول اٹھا ۔ بہرحال انہوں نے جو کچھ کہا سچ کہا ہے ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا یہ

۷۲ سالہ مردہ کا کیا ذکر ہے۔

مسٹر سپیکر - انہوں نے ۷۲ سالہ بڈھا کہا ہے۔

وزیر خزانہ - نہیں جناب مردہ کہا ہے۔

پیر غلام علی چشتی - جناب سندھی میں بڈھے کو مردہ کہتے ہیں (قہقہہ) - تو جناب میں یہ کہہ رہا تھا کہ ہمیں حکومت پر تنقید کرنے کی بجائے اور اعتراض کرنے کی بجائے بہتر تجاویز پیش کرنی چاہئیں ان پر ضرور عمل ہوگا - اگر نہ ہوگا تو اس کی ذمہ داری میں لیتا ہوں - جو عمل نہیں کرے گا میں اس سے عمل کراؤں گا -

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) - جناب والا - اس معزز ایوان کے اراکین نے جو کچھ فرمایا ہے میں نے اس کو بغور سنا جیسا کہ امتیاز گل صاحب نے فرمایا تھا کہ یہ ایوان نہیں چاہتا ہے کہ subsidies کو بند کر دیا جائے بلکہ ایوان یہ چاہتا ہے کہ کوئی ایسا اچھا طریق کار اختیار کیا جائے جس سے کھاد کی Distribution بہتر طریقہ پر ہو سکے - خواجہ صاحب نے صحیح فرمایا تھا کہ سوال تو ڈیمانڈ اینڈ سپلائی کا ہے - کبھی وہ وقت تھا کہ کھاد کا صرف ایک کارخانہ تھا اور وہ کھاد بکتی نہ تھی - میں کہتا ہوں کہ حکومت کو شاباش دینی چاہئے کہ اس نے کھاد اتنی پاپولر کر دی ہے کہ سارا ایوان کھاد ہی کھاد کہہ رہا ہے - موجودہ Capacity جو ہمارے کھاد کے کارخانوں کی ہے وہ یہ ہے - ایمونیم سلفیٹ داؤد خیل میں بنتی ہے ۶۵ - ۱۹۶۴ء کے میرے اندازے کے مطابق اس کی سالانہ پیداوار ۵۰ ہزار ٹن ہے - ایک ہمارا کارخانہ ملتان میں ہے جس دو قسم کی کھاد بنا رہا ہے اول ایمونیم Nitrate اور

دوسرے یوریا - ایمونیم Nitrate کا جو میں نے تخمینہ لگایا ہے وہ ایک لاکھ ٹن کے لگ بھگ ہے جس کا اگر ہم In terms of ایمونیم سلفیٹ Collections کریں تو ایک لاکھ ۱۷ ہزار ٹن بنے گا - ایسی ہی یوریا بھی بنتی ہے جس کا میرا اندازہ ۱۹۶۴ء اور ۱۹۶۵ء کا ۶۰ ہزار ٹن ہے - اگر اس کو بھی ہم ایمونیم سلفیٹ کے معیار پر ضرب دیں تو ایک لاکھ ۲۴ ہزار ٹن کے قریب ہے - ایک اور کارخانہ لائلپور میں ہے جس کا حمزہ صاحب کو پتہ نہیں ہے - وہ سپرفاسفیٹ تیار کرتا ہے - اگر اس کا اندازہ ہم ایمونیم سلفیٹ کے حساب سے لگائیں تو ایک لاکھ ۱۸ ہزار بنتا ہے - ان سب کارخانوں کا اگر ایمونیم سلفیٹ کے حساب سے پروڈکشن دیکھیں تو ہماری سالانہ پروڈکشن تین لاکھ ہے - اور جو ڈیمانڈ کا اندازہ میں نے لگایا ہے وہ ۶ لاکھ ٹن سالانہ ہے -

خواجہ محمد صفدر - بس یہی غلطی کھائی ہے -

وزیر خزانہ - جو کچھ میں کہہ رہا ہوں وہ صحیح ہے - اس میں غلطی نہیں ہے - آپ مجھ کو بولنے دیجئے - آپ کے پاس سوائے تنقید کرنے کے اور کوئی کام نہیں ہے اور تنقید بھی آپ کی ساری Destructive ہوتی ہے - آپ کی حکومت اس معاملے میں سوئی ہوئی نہیں ہے -

خواجہ محمد صفدر - ہمارا تو یہی خیال ہے -

وزیر خزانہ - آپ کا خیال ہوگا - ۸۰ کمپنیاں سندھ میں ہیں - موضع ڈاڑکی میں ایک پلانٹ لگا رہے ہیں جس کی capacity اڑھائی لاکھ ٹن کی ہوگی - اور میں نے یہ بھی فیصلہ کیا ہوا ہے کہ دو اور فیکٹریاں گیس سے بنائی جائیں - پرائیویٹ سیکٹرز میں بھی ہم نے کھاد کا کارخانہ لگایا ہے اور جب یہ سب بن جائیں گے تو کھاد کی سالانہ

capacity ساڑھے تیرہ لاکھ ٹن کے قریب ہو جائے گی ۔ یہاں بھی ہم ختم نہیں کرتے بلکہ ہم نے مرکزی حکومت سے التجا کی ہے کہ ہمیں اس سال چار لاکھ ٹن ایمونیم سلفیٹ کے لئے لائسنس بخشیں ۔ ہم اس پر کافی خط و کتابت کر رہے ہیں اور ہماری پوری کوشش ہے کہ اگر مرکزی حکومت ہمیں تقریباً تیرہ کروڑ کا فارن ایکسچینج دیدے تو انشاالله آپ کی حکومت اس کو عارضی طور پر درآمد کرے گی ۔ جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہم تو خود کھاد کے کارخانے قائم کر رہے ہیں ۔ اور جب تک وہ پورے طور پر نہیں بنیں گے ہم درآمد کرنے کے لئے تیار ہیں ۔ یہ کہنا کہ کھاد میں whole-sale بلیک مارکیٹ ہو رہی ہے میں اس کو تسلیم نہیں کرتا ۔ ہو سکتا ہے کہ کسی جگہ ہوتی ہو لیکن بہت سی جگہیں ایسی بھی ہیں جہاں کھاد صحیح قیمت پر مل رہی ہے ۔ ایمونیم سلفیٹ کی قیمت یعنی ایک بوری کی قیمت جس میں ایک سو hundred-weight ہوتا ہے آٹھ روپیہ فی بوری رکھی ہے ۔ جیسا کہ حمزہ صاحب نے فرمایا ہے اگر بلیک مارکیٹ بند نہیں ہوتی تو بہتر ہے کہ یہ subsidy بند کر دیں ۔ وہ تو خود فرماتے ہیں کہ ان کے گاؤں میں سوا گیارہ میں مل رہی ہے اگر subsidy بند کر دیں تو گیارہ روپیہ کنٹرول ریٹ بن جاتا ہے ۔ یہ کہنا کہ عوام کو اس کا فائدہ نہیں پہنچا سراسر غلط ہے ۔ یہ صحیح ہے کہ پورا فائدہ نہیں پہنچ رہا ۔ میں آپ سے متفق ہوں کہ ابھی تک ہمارا طریق کار تقسیم کا درست نہیں ۔ میرے دوست آپ کو بتا چکے ہیں کہ اس کی تقسیم WPIDC خود کرتی ہے ۔ اے ۔ ڈی ۔ سی بھی کرتی ہے ۔ کواپریٹو ڈیپارٹمنٹ بھی کرتا ہے ۔ اور اگر کوئی صاحب ۱۰۰ بوری یا اس سے بھی زیادہ خریدنا چاہیں تو وہ براہ راست WPIDC سے آٹھ روپیہ فی بوری کے حساب سے جتنی چاہیں خرید سکتے ہیں ۔ یہ کوئی حرف آخر نہیں ہے ۔ یہ آپ کی حکومت ہے ۔

اگر آپ چاهیں تو هم سوچ بچار کر سکتے هیں - هم اس طریق کار کو بدل سکتے هیں هو سکتا هے که اگر هم کوشش کریں تو کهاد یونین کونسلوں کی معرفت بھی فروخت هو (آوازیں هیر - هیر) یه کوئی حرف آخر نهیں هے - یه آپ کی اپنی حکومت هے - بہت سے بھائیوں نے کہا هے که کهاد کو بلیک مارکیٹ میں فروخت کیا جاتا هے میں استدعا کروں گا که مجھے لکھکر دیں - میں خود اس معامله کی تفتیش کراؤں گا اور جو خطاوار هوں گے انهیں کڑی سزا دونگا جو آدمی بلیک مارکیٹ کرتے هیں آپ مجھے لکھ کر دیں مجھے ان کے نام دیں - میں کہتا هوں که بلیک مارکیٹ میں فروخت هوتی هوگی لیکن میں عرض کروں گا که کهاد کی کمی نهیں هے -

Mr. Abdus Sattar Khan : On a point of information.

Mr. Speaker : No point of information at this stage.

خان عبدالستار خان مہمند (مردان - ۲) - On a point of order. عرض یه هے جناب که کهاد کے بلیک مارکیٹ میں بیچنے پر کوئی پابندی هے ؟

Mr. Speaker : This is not a point of order.

وزیر خزانه - ایک معزز رکن نے یه بھی فرمایا تھا که ۸۰ فیصدی کهاد کا کوٹا صرف پنجاب کے لئے مقرر کیا هے میں یه عرض کروں گا که یه سراسر غلط چیز هے - هم نے کوئی کوٹا کسی خاص ایریا کے لئے مقرر نهیں کیا - هم نے صرف cotton اور rice کے لئے کوٹا ۸۰ فیصدی مقرر کیا هے - یه چیزیں بہاول پور ، سنده اور پنجاب میں هوتی هیں - کوئی کوٹا ریجن کے لحاظ سے مقرر نهیں کیا گیا یه غلط فہمی هے - میں اس کا ازاله کرنا چاهتا هوں - میں نے جو کچھ explanation دینا تھا دے دیا - میں تو آپ سے کہتا هوں که کهاد

کی مانگ زیادہ ہے اور اس وقت ہمارے پاس اس کا جو ذخیرہ ہے یا اس کی جو مینوفیکچر ہے وہ اس ڈیمانڈ کو پورا نہیں کرتے - ہم پوری پوری کوشش کر رہے ہیں کہ ہم نئے کارخانے بنائیں اور اس کی درآمد بند کی جائے اور ہم اپنے طریق کار کو بھی بدلنے کے لئے تیار ہیں - اس کے بعد میں سمجھتا ہوں کہ ایوان کے کسی ممبر کو بنیادی طور پر سبسڈی کے بارے میں کوئی اعتراض نہیں ہوگا -

I will put the question. مسٹر سپیکر - بحث تو ختم ہو چکی ہے

The question is :

That the total of Rs. 2,39,00,000 on account of 63-B—Development—Total New Expenditure be reduced by Re. 1/-.

The motion was lost.

Mr. Speaker: The question is :

That a supplementary sum not exceeding Rs. 2,39,00,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Development.

The motion was carried.

(DEMAND NO. 4)

Mr. Speaker: Next Demand, please.

Minister of Finance (Sheikh Masood Sadiq) : Sir, I beg to move:

That a supplementary sum not exceeding Rs. 3,90, 45,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Capital Outlay on Industrial Development.

Mr. Speaker: Demand moved is :

That a supplementary sum not exceeding Rs. 3,90,45,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Capital Outlay on Industrial Development.

There is a cut motion in the name of Mr. Hamza. He may move it.

Mr. Hamza: Sir, I beg to move :

That the item of Rs. 3,75,00,000 on account of 72-Capital Outlay on Industrial Development (3) D—Other Schemes of Industrial Development—Total New Expenditure be reduced by Re. 1/-.

Mr. Speaker: Demand under consideration, motion moved is :

That the item of Rs. 3,75,00,000 on account of 72-Capital Outlay on Industrial Development (3) D—Other Schemes of Industrial Development—Total New Expenditure be reduced by Re. 1/-.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - جناب والا - اس ڈیمانڈ نمبر ۴ میں ۳,۹۰,۴۵,۰۰۰ کی رقم جو ہے یہ تین رقوم پر مشتمل ہے - سب سے بڑی رقم اس میں ۳,۷۵,۰۰,۰۰۰ روپیہ کی ہے - W.P.I.D.C. کے سلسلہ میں دو رقوم ہیں - کچھ رقم جنگلات کے خرچ کے سلسلہ میں ہے اور سب سے بڑی رقم ۳,۷۵,۰۰,۰۰۰ روپیہ چونکہ اے - سی - سی کے assets and liabilities کو خریدنے کے لئے ہے اس لئے اس کو میں پہلے لیتا ہوں - میں سمجھتا ہوں کہ اے - سی - سی فیکٹری تین کروڑ پچھتر لاکھ کے سرمایہ میں خریدنا یہ کوئی نفع کا سودا نہیں ہے - صوبائی حکومت کے لئے اس سے پہلے گفتگو میں میرے سامنے بیٹھے ہوئے معزز اراکین اسمبلی میں سے ایک صاحب نے بعض مفید اطلاعات مہیا کی ہیں - زیل پاک فیکٹری جو چھ کروڑ روپے سے حیدر آباد میں لگائی گئی تھی ، ۵ لاکھ ٹن سالانہ سیمنٹ پیدا کرتی ہے - میپل لیف فیکٹری جو پانچ کروڑ کے سرمایہ سے لگائی گئی تھی ساڑھے تین لاکھ ٹن سالانہ سیمنٹ تیار کرتی ہے - اسطرح زیل پاک کے سیمنٹ کا سرمایہ ۱۲۰ روپے فی ٹن فی سال ہے اور میپل لیف کا ۱۴۵ روپے فی ٹن فی سال - اے - سی - سی کی سالانہ پیداوار تین لاکھ ٹن ہے - اور اس پر جو سرمایہ ہم لگا رہے ہیں وہ چار کروڑ بانوے لاکھ ہے - تین کروڑ

پچھتر لاکھ Fixed Capital اور ایک کروڑ ۱۷ لاکھ Working Capital اے - سی - سی کا سرمایہ ۱۶۳ روپے فی ٹن سالانہ ہوگا - جناب والا - ایک بیس تیس سال پرانا پلانٹ ہم اتنے مہنگے داموں خرید رہے ہیں - ہم دو نئے پلانٹوں کے مقابلے میں تقریباً ۵۰ فیصد زیادہ سرمایہ لگا رہے ہیں - یہ کہاں کی عقلمندی ہے - مزید برآں ایک لاکھ ۷۵ ہزار Depreciation کے لئے رکھا گیا ہے - وزیر مالیات کے بیان کے مطابق ۵۲ لاکھ کی مشینری کی قیمت ہے - اسطرح Depreciate ۱۰ فیصد بنتا ہے - اس کا مطلب یہ ہے کہ مشینری کی زندگی صرف دس سال ہے - جو پلانٹ ہم اتنے کثیر سرمایہ سے خرید رہے ہیں اسکی کل زندگی دس سال ہے - دس سالہ زندگی کے پلانٹ پر ہم چار کروڑ ۹۲ لاکھ روپے لگا رہے ہیں - جب کہ ہم پانچ کروڑ روپے سے سیمنٹ کا نیا کارخانہ بھی لگانے کی صلاحیت رکھتے ہیں -

جناب والا - مختلف حضرات نے فرمایا ہے کہ سیمنٹ کے لئے Capital Shy ہے - یہ بات بھی غلط ہے - ابھی چند مہینوں کی بات ہے کہ دو فیکٹریاں بالکل پرائیویٹ سیکٹر کے لوگوں نے فنانس کی ہیں - کوئی وجہ نہیں کہ روہڑی اور واہ کی فیکٹری کے لئے پرائیویٹ سیکٹر سے سرمایہ نہ آتا - یہ فیکٹری بھی پرائیویٹ سیکٹر سے خریدی جا سکتی تھی - جناب والا - حکومت کے لئے یہ بات کوئی قابل مبارکباد نہیں ہے کہ وہ پرائیویٹ انڈسٹری کو نیشنلائز کرے - بالخصوص کسی Under developed ملک میں یہ بیرونی سرمایہ اور ملکی سرمایہ کو باہر آنے سے روکنا ہے - Under developed ملکوں میں حکومت کو بیرونی سرمایہ اور اور ملکی سرمایہ کو موقع فراہم کرنا چاہئے - اسلئے یہاں انڈسٹری کو کم از کم نیشنلائز کرنے کی ضرورت ہے - اس صورت میں

جب کہ یہاں ایسی صنعت پرائیویٹ سیکٹر میں موجود ہے اور اس کے لئے سرمایہ Shy بھی نہیں ہے - حکومت کی مداخلت ضروری نہیں تھی -

اس ڈیمانڈ کے نوٹ میں یہ کہا گیا ہے کہ اسکی قیمت ۵۰ لاکھ روپے سالانہ کے حساب سے ادا کی جائے گی - مجھے نہیں معلوم ، نہ وزیر مالیات نے فرمایا ہے کہ یہ ادائیگی کس صورت میں ہوگی - ہم ہندوستان کو تین کروڑ ۷۵ لاکھ روپے نقد دیں گے - یا وہاں سیمنٹ Export کرکے روپیہ پورا کریں گے - میرے نزدیک دونوں صورتوں میں ملک کا فارن ایکسچینج ضائع ہوتا ہے - اگر حکومت کے علاوہ کوئی پرائیویٹ ادارہ یہ فیکٹری لیتا تو سٹیٹ بنک ریزرو بنک آف انڈیا کی Securities کی صورت میں اس کی ادائیگی کرتا - میں اسکی تھوڑی سی تفصیل آپ کو بتا دوں - تقسیم کے وقت ریزرو بنک آف انڈیا کی کئی کروڑ کی Securities پاکستان کے حصہ میں آئی تھیں - یہ پاکستان کے پاس پڑی ہیں - مگر انڈیا کا ریزرو بنک انہیں Honour کرنے سے انکار کرتا ہے - اسطرح یہ اتنے کروڑ کا سرمایہ ردی کے کاغذ کی طرح ہے اسکی کوئی قیمت نہیں - لیکن حال ہی میں سٹیٹ بنک آف پاکستان نے اسکے استعمال کی یہ صورت نکالی ہے کہ کوئی ہندوستانی ادارہ جو پاکستان میں کاروبار کرتا ہے ، جب وہ اپنا نفع اپنے ملک میں بھیجتا ہے ، تو سٹیٹ بنک اس سے کہتا ہے کہ یہ Securities حاضر ہیں - انہیں اپنے ملک میں منتقل کر لیں اور ریزرو بنک آف انڈیا سے Cash کرا لیں - اسطرح سٹیٹ بنک نے یہ Lever مہیا کیا ہے - ہندوستان کو مجبور کرنے کے لئے کہ وہ اپنی سیکیوریٹیز honour کرے - اگر کوئی پرائیویٹ ادارہ یہ سودا کرتا تو سٹیٹ بنک آف پاکستان اسکی قیمت کو

انڈیا میں منتقل کرنے پر ضروری شرط لگاتا جو ہندوستانی کاروباری اداروں پر اپنا نفع وہاں منتقل کرنے کے سلسلہ میں عائد ہے۔ میں یہ عرض کردوں کہ یہ سٹیٹ بنک کی عام پالیسی ہے اور بے شمار ایسی مثالیں موجود ہیں کہ سٹیٹ بنک نے انڈیا بھیجنے کے لئے زرمبادلہ فراہم کرنے سے انکار کر دیا اور ریزرو بنک آف انڈیا کی Securities پیش کیں۔

جناب والا۔ اس سلسلہ میں ایک بات مزید یہ ہے کہ ہمارے محترم دوست نے فرمایا تھا کہ اس ادارہ کے پاس ایک کروڑ ۳۵ لاکھ روپیہ نقد موجود ہے۔ اگر ایسا ہے تو پھر اس کے لئے ایک کروڑ ۵ لاکھ روپے Working Capital کی ضرورت کیوں پیش آئی۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ ایک کروڑ ۳۵ لاکھ روپیہ نقدی کی صورت میں نہیں ہے۔

اس سلسلہ میں ابھی جو گفتگو ہوئی ہے ڈیمانڈ ۳ پر، اگرچہ اب وہ بند ہو گئی ہے، مگر میں اس بارہ میں جو کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں، وہ موضوع زیر بحث سے متعلق ہے۔ ایک طرف ملک میں صورت حال یہ ہے کہ ہم ذرائع پیداوار کو بڑھانے کے لئے ۶ کروڑ ۳۹ لاکھ روپے لگاتے ہیں۔ ملکی معیشت کو سنبھالنے اور عوام کو سستے داموں کھاد مہیا کرنے کے لئے Subsidy دیتے ہیں۔ اور ملک کا محنت سے کمایا ہوا زرمبادلہ گندم کی import پر خرچ کرتے ہیں، جو ضروری ہے۔ دوسری طرف حکومت کثیر رقم ایک ایسی پالیسی پر پبلک سیکٹر میں لگاتی ہے، جسے وہ بڑی آسانی سے Fertilizer کے کارخانوں پر لگا سکتی تھی۔ آخر وہ کون سے حالات تھے کہ انہوں نے ملک کے خزانہ سے ۶ کروڑ ۳۹ لاکھ روپیہ Fertilizer کی

Subsidy پر تو صرف کر دیا مگر یہ تجویز نہ کی کہ Fertilizer کا نیا کارخانہ لگایا جائے ۔ حالانکہ اے ۔ سی ۔ سی کی خرید پر جو رقم خرچ کی جا رہی ہے اس کی بہتر صورت یہ تھی کہ ملک کی کھاد کی پیداوار بڑھانے کے لئے یہ رقم خرچ کی جاتی ۔ تو بجائے اس کے کہ ہم کھاد کی پیداوار کو بڑھاتے جو کہ یقیناً ہماری زرعی پیداوار میں اضافے کا باعث ہوگی ۔ اور جو ہمارے اس چھ سات کروڑ روپے سالانہ کے recurring اخراجات کو بچاتی ۔ ہم سیمنٹ کی طرف کیوں رجوع ہو گئے ۔ یہ چیز ہمارے لئے محل نظر ہے ۔ اور اس پر گفتگو اس وجہ سے نہیں کی جا سکتی ۔ کہ جو چیزیں اس کے پیچھے کار فرما ہیں ۔ وہ معاملات Subjudice ہیں ۔ بہرحال میں سمجھتا ہوں کہ ارباب اقتدار اس بات پر ضرور غور کریں گے کہ آخر وہ کیا وجوہات تھیں ۔ اور وہ کیا مصالح تھے کہ جن کی بناء پر ہم نے اتنی بڑی رقم کو دوسری سمت منتقل کر دیا ہے ۔ جس رقم کے کہ ملک کے دوسرے مسائل زیادہ مستحق تھے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ میری ان معروضات کی روشنی میں متعلقہ حضرات اور ہماری حکومت کے ارباب اقتدار اس مسئلے پر مزید غور کریں گے ۔ اور ہماری دوسری جانب بیٹھنے والے ساتھی تمام سیاسی اختلافات سے قطع نظر کر کے خالصتاً معاشی نقطۂ نظر سے اور صرف اس بنیاد پر ہی اس کا جائزہ لیں گے کہ ایک ایسا کارخانہ ، ایک ایسی صنعت جس پر کہ ہم اتنی کثیر رقم خرچ کر کے دس سالہ زندگی کا dead stock ہے ۔ اور اگر وہ dead stock نہیں ہیں تو پھر اسے Private sector میں منتقل کر دیں ۔ تاکہ دوسرے سرمایہ میں کوئی رکاوٹ پیدا نہ ہو ۔ یہ بات قابل غور ہے ۔ اور مجھے توقع ہے کہ آپ اس بجٹ پر اپنی رائے کا اظہار کرتے وقت

ان چیزوں کو نظر میں رکھیں گے ۔ اس مطالبۂ زر میں دس لاکھ پینتالیس ہزار روپے کی دوسری بڑی رقم ڈیگاری مائنیز کی ترقی کے لئے رکھی گئی ہے ۔ جناب والا ۔ ہمارے ملک میں کوئلے کی پیداوار جس تیز رفتاری کے ساتھ بڑھ رہی ہے ۔ اسکی کوالٹی اسی رفتار کے ساتھ گر رہی ہے ۔ اور یہ چیز بڑی توجہ کی مستحق ہے ۔ ڈیگاری مائنیز کے لئے پہلے سے بجٹ میں دس لاکھ روپیہ مہیا کیا گیا تھا ۔ اور اب مزید دس لاکھ پینتالیس ہزار روپیہ اس کے لئے مہیا کیا گیا ہے ۔ یعنی اب ہمارے پیش نظر ان مائنیز پر کل بیس لاکھ پینتالیس ہزار روپے کا خرچ ہے ۔ اس امر سے کسی شخص کو بھی انکار نہیں ہو سکتا کہ کوئلہ کسی بھی ملک کی صنعتی ترقی کے لئے ایک اہم ضرورت ہے ۔ اور اگر یہ مائنیز صحیح طریقے پر کام کرتیں تو میں سمجھتا ہوں کہ بیس لاکھ روپے کوئی حقیقت نہیں رکھتے تھے ہمیں کوئلے کی ترقی کے لئے اس سے بہت زیادہ رقم کی ضرورت ہے ۔ تاکہ ہمارے اس زر مبادلہ کا بوجھ جو کہ کوئلے کی درآمد پر خرچ ہوتا ہے کم ہو سکے ۔ لیکن بڑے افسوس کے ساتھ میں اس ایوان کے معزز اراکین کو مطلع کرنا چاہتا ہوں کہ جس تیز رفتاری سے کوئلے کی پیداوار بڑھ رہی ہے ۔ اس رفتار سے اس کی کوالٹی خراب سے خراب تر ہوتی جا رہی ہے ۔ ہر سال نتیجۃً لاکھوں ٹن کوئلہ ہم ہندوستان سے درآمد کرنے پر مجبور ہیں ۔ یہ بات نہیں ہے کہ ہندوستان کے کوئلے کی مائنیز ہمارے کوئلے کی مائنیز سے بہتر کوئلہ پیدا کر سکتی ہیں ۔ البتہ یہ صحیح ہے کہ By and large ان کی مائنیز اچھی ہیں ۔ لیکن اس کے باوجود ہماری مائنیز میں یہ صلاحیت موجود ہے کہ یہ بہتر کوئلہ پیدا کر سکیں ۔ لیکن انتظامات کی خرابی اور

ماہرین کے مشورہ کی کمی دوسروں کے مشوروں پر عمل نہ کرکے اور صرف اپنی سمجھ پر بھروسہ کرنے کے نتیجہ میں ہمارے کوئلے کی پیداوار روز بروز خراب ہوتی جا رہی ہے۔ اور ہمارا محنت سے کمایا ہوا کروڑوں روپے کا زر مبادلہ ہندوستان سے کوئلہ درآمد کرنے پر صرف ہوتا ہے۔

سردار محمد اسحاق خان (کوئلہ - چاغی) - پوائنٹ آف آرڈر - فاروقی صاحب نے فرمایا ہے کہ ہمارے کوئلے کی پیداوار روز بروز بڑھ تو رہی ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ اس کی کوالٹی خراب ہوتی جا رہی ہے۔ میری گذارش ہے کہ قدرت نے جس طریقے پر کوئلے کی کوالٹی کو رکھا ہے۔ ہم اسے تبدیل نہیں کر سکتے۔ ہمارے کوئلے کی کوالٹی میں کوئی خرابی نہیں ہے۔ اور وہ پہلے ہی سے اسی طرح موجود ہے۔

مسٹر سپیکر - خان صاحب - آپ تقریر کے ذریعے فاروقی صاحب کی تقریر کا جواب دے سکتے ہیں۔ This is no point of order.

مسٹر محمود اعظم فاروقی - تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ہمارے کوئلے کی کوالٹی کے خراب ہو جانے کی وجہ سے ہمیں ہر سال لاکھوں ٹن کوئلہ ہندوستان سے درآمد کرکے کروڑوں روپے انہیں ادا کرنے پڑتے ہیں۔ ہم یہ Demand بڑی خوشی سے منظور کر سکتے ہیں۔ لیکن جب ہمیں یہ توقع ہو کہ اسے صحیح طور پر خرچ کیا جائے گا۔ اور اسے کوئلے کی کوالٹی کو بہتر بنانے میں صرف کیا جائیگا۔ میں ضمناً یہاں پر یہ بات عرض کر دوں کہ یہ صحیح نہیں ہے کہ کان سے جو کوئلہ نکلتا ہے اسے بہتر نہیں بنایا جا سکتا۔ اسے

بہتر بنانے کے بہت سے طریقے ایجاد ہو چکے ہیں - اسے بہتر بنایا جا سکتا ہے - اور بنایا جاتا ہے - ان گذارشات کی روشنی میں میں یہ توقع رکھتا ہوں کہ معزز اراکین ایوان ان دو مطالبات پر محض سیاسی بنیاد پر نہیں بلکہ صرف معاشی بنیاد پر غور کریں گے - دوسرے مطالبے کو ہم صرف اسی شرط پر منظور کر سکتے ہیں کہ ہمیں حکومت یہ یقین دلائے کہ اس کو صحیح طور پر خرچ کرے گی - اور پہلے مطالبے کے ہم بالکل خلاف ہیں - بلکہ ہم یہ کہتے ہیں کہ اسے بالکل ختم کر دینا چاہئے - اور یہ جو خرچ ہو رہا ہے وہ ہمارے exchequer پر ایک بار گراں ہے - جسے ہم برداشت نہیں کر سکتے -

Mr. Speaker : Malik Muhammad Akhtar has also given a cut motion which is quite similar to this one. If he likes, he may speak.

Malik Muhammad Akhtar : Thank you, Sir. Since Mr. Farooqi has dealt with it quite elaborately, I do not wish to speak on it.

سردار محمد اسحاق خان (کوئٹہ - چاغی) - جناب والا - جیسا کہ میں عرض کر رہا تھا - کہ کوئلہ کی کوالٹی میں ہم کوئی فرق پیدا نہیں کر سکتے - اور ہمارے کوئلے اور ہندوستان کے کوئلے میں جو فرق ہے - وہ یہ ہے - کہ ہمارے کوئلے کی Chlorofic value ہندوستان کے کوئلے کی نسبت کم ہے - یعنی ہمارے کوئلے کی Steam percentage کم ہے - اور ان کی زیادہ ہے - لہذا فاروقی صاحب جو یہ فرما رہے تھے کہ ہمارے کوئلے کی کوالٹی روز بروز گرتی جا رہی ہے - مجھے ان سے اتفاق نہیں ہے - کوئلے کی یہ خاصیت ہے کہ جوں جوں کان گہری ہوتی جائے گی اس کے کوئلے کی کوالٹی بہتر ہو جائے گی - اور ڈیگاری مائنز کے متعلق جو یہ سوال اٹھایا گیا ہے کہ اس پر

مزید دس لاکھ روپے خرچ کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ تو میں یہ عرض کرتا ہوں کہ ڈیگاری مائنیز بلوچستان میں سب سے پرانی مائنیز ہیں۔ اور ان میں کام شروع ہوئے تیس پینتیس سال کا عرصہ گذر چکا ہے۔ اور یہ روز بروز گہری ہوتی جا رہی ہیں۔ اور اس لحاظ سے ان پر زیادہ اخراجات ہو رہے ہیں۔ کیونکہ جوں جوں کان گہری ہوتی جائے گی۔ کوئلے کی پیداوار میں بھی فرق پڑتا ہے۔ اور اس کے لئے اخراجات بھی بڑھ جاتے ہیں۔ اس لئے میری گذارش ہے کہ انہوں نے جو اس پر خرچ کو فضول بتایا ہے یہ صحیح نہیں ہے۔ میں سمجھتا ہوں۔ کہ اس پر یہ بالکل صحیح، درست اور جائز خرچ ہے۔

مسٹر عبدالقیوم (کراچی۔ ۲)۔ جناب والا۔ فاروقی صاحب نے اپنی تقریر میں دوبارہ ان اعتراضات کو دھرایا ہے۔ جن کا جواب میں پہلے دے چکا ہوں۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ گورنمنٹ نے جو نئی فیکٹری لی ہے اس پر تین کروڑ پچھتر لاکھ روپے پہلے خرچ ہوئے ہیں۔ اور ایک کروڑ پچیس لاکھ روپے مزید خرچ ہوئے ہیں۔ یعنی پانچ کروڑ روپے کے عوض میں ہمیں تین لاکھ ٹن سالانہ سیمنٹ ملتا ہے۔ میرے خیال میں وہ Mix up کر رہے ہیں۔ یہ ایک کروڑ پچیس لاکھ روپے Working Expenditure ہے۔ اور اس طرح سے یہ چھ کروڑ روپے زیل پاک فیکٹری کے سلسلے میں عرض کئے گئے تھے۔ اور پانچ لاکھ ٹن کی output بتائی گئی تھی۔ اور جو Capital Expenditure ہوتا ہے اس میں working expenditure شامل نہیں ہوا کرتا۔ آپ اس کی Calculation کریں تو پونے چار کروڑ میں تین لاکھ ٹن اور گورنمنٹ کی دوسری دو فیکٹریوں میں ایک چھ کروڑ روپے میں، پانچ لاکھ ٹن اور دوسری پانچ کروڑ میں اڑھائی لاکھ ٹن ہوتی ہے۔ تو اگر اسکی

اوسط پیداوار لگائی جائے اور اس بات کو بھی مدنظر رکھیں - کہ جو دو فیکٹریاں حکومت لے رہی ہے ان کی توسیع کے کافی مواقع ہیں - اور ان فیکٹریوں کے قریب جو Material ہے - وہ بھی Superior ہے - یعنی gypsum اور Lime Stone وغیرہ - اسوجہ سے ان دو فیکٹریوں کا جو سیمنٹ بازار میں بک رہا ہے اس کا بھاؤ دوسری فیکٹریوں کی product سے زیادہ ہے - اگر ان سب چیزوں کو ذہن میں رکھیں- تو میں یقین کے ساتھ فاروقی صاحب سے کہہ سکتا ہوں کہ وہ اس بات پر Convince ہوں گے کہ حکومت کا یہ سودا اقتصادی لحاظ سے منفعت بخش ہے - دوسرا اعتراض انہوں نے گورنمنٹ کی State Trading کی پالیسی پر کیا ہے - اس کے متعلق میں پہلے عرض کر چکا ہوں کہ تقسیم ملک کے وقت گورنمنٹ کی صرف تین فیکٹریاں تھیں - اس کے بعض ۶۲ - ۱۹۶۱ تک کسی پرائیویٹ سیکٹر نے کوئی جرآت نہیں کی کہ وہ فیلڈ میں آئے - کیونکہ اس وقت زیادہ تر رجحان Profitable undertaking کی طرف تھا یعنی ٹیکسٹائل اوز اسی قسم کی دوسری انڈسٹریز کی طرف رجحان تھا - اس وقت گورنمنٹ نے خود بھی انڈسٹریز بنائیں اور ملک میں انڈسٹریز کی کمی کو کسی حد تک پورا کیا - ۶۲ - ۱۹۶۱ کے بعد دو تین فیکٹریاں اور معرض وجود میں آئیں ہیں - جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے کہ جو ایک آدھ Production میں آئی ہیں وہ بھی اس وقت اس Venture سے زیادہ مطمئن نہیں ہیں - اگر ایسی صورت حال شروع میں پیدا ہو جاتی یعنی ۱۹۴۷ء میں اگر ایسی فرمیں ایسی Undertaking اختیار کرتیں تو میرے خیال میں ان کو یہ مایوسی نہ ہوتی جو ان کو آئندہ enterprises میں ہوئی ہے - جہاں تک State Trading کا تعلق ہے اس Undertaking کو لینے میں گورنمنٹ حق بجانب تھی - جہاں تک

مجھے یاد ہے ملک میں سیمنٹ کی جو effective production ہے وہ تقریباً ساڑھے چودہ لاکھ ہے ۔ ۵۰ فیصدی گورنمنٹ کی دو فیکٹریاں Produce کرتی ہیں ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ان فیکٹریوں میں expansion کے بھی زیادہ Chances ہیں ۔ گورنمنٹ ان دو فیکٹریوں کو لینے کے لئے زیادہ مستحق ہے ۔ میں نے یہ بھی عرض کیا ہے کہ اگر Profitable Concern گورنمنٹ نے لے لیا ہے جیسا کہ گورنمنٹ کی disinvestment کی پالیسی ہے ۔ اگر گورنمنٹ نے بعد میں اسکو فروخت کرکے کوئی نفع کمایا تو وہ جو نفع ہوگا وہ گورنمنٹ کے exchequer میں جائے گا اور اس سے لامحالہ عوام کو فائدہ ہوگا ۔ جہاں تک عوام کا تعلق ہے اسکے متعلق عرض ہے کہ پرائیویٹ لوگوں کو موقع دیا جائے ۔ میرے خیال میں جب بھی کبھی investment کا موقع آئے گا (وہ دن دور نہیں ہوگا) تو جن صاحبان کے متعلق یہ سمجھا جاتا ہے کہ ان کی حق تلفیاں ہوئی ہیں وہ ان موقعوں سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ر) ۔ جناب والا ۔ اس ڈیمانڈ کے جہاں تک اس حصے کا تعلق ہے جس میں روہڑی اور واہ سیمنٹ فیکٹریوں کو ۳ کروڑ ۷۵ لاکھ کے عوض خریدا گیا ہے ۔ اسکے متعلق ایک حد کے اندر رہتے ہوئے کچھ نہ کچھ کہا گیا ہے ۔ ہماری جانب سے بھی کہا گیا ہے کہ جو اعداد و شمار گورنمنٹ نے خود دیئے ہیں یا گورنمنٹ کی طرف سے دیئے گئے ہیں اسکے پیش نظر یہ سودا مہنگا ہے ۔ دوسری طرف سے یہ کہا جا رہا ہے کہ یہ سودا سستا ہے ۔ دراصل مسئلہ یہ نہیں ہے کہ سودا سستا ہے یا مہنگا ہے ۔ مسئلہ یہ ہے کہ گورنمنٹ کی پالیسی کیا ہے کہ آیا انڈسٹریز کو نیشنلائز کیا

جانے یا نہ کیا جائے۔ جہاں تک مجھے علم ہے کہ ہماری گورنمنٹ جس سے میری مراد پاکستان گورنمنٹ ہے اس نے آج تک جو اعلان فرمایا ہے اور بار بار فرمایا ہے وہ یہ ہے کہ ہم صنعتوں کو نیشنلائز نہیں کرنا چاہتے۔ اب اگر وزیر خزانہ کی آج ہی شائع شدہ بجٹ تقریر کو ملاحظہ فرمائیں تو انہوں نے بھی اپنے اس اعلان کا اعادہ فرمایا ہے۔ اگر صوبائی گورنمنٹ کی یہ پالیسی ہے جو کہ بظاہر سنٹرل گورنمنٹ کی پالیسی سے متضاد ہے تو پھر میں ان کو تجویز کرونگا کہ ان شوگر ملوں کو نیشنلائز کریں جن میں سے ہر سال ڈیڑھ کروڑ منافع ہوتا ہے۔ ان سب شوگر ملوں کو نیشنلائز کر دیں تو ہمارے خزانے میں کم و بیش بارہ کروڑ روپے سالانہ کی آمدنی ہو گی۔ پچھلے سال کریسنٹ شوگر مل کے مینجنگ ڈائریکٹر نے اپنے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو ارشاد فرمایا تھا کہ کریسنٹ شوگر مل نے ایک کروڑ ۳۷ لاکھ روپیہ خالص منافع کمایا ہے۔ یہ ایک ہی فیکٹری ہے۔ میں یہ درخواست کروں گا کہ چلئے آپ ان کو بھی نیشنلائز کیجئے۔ پھر ٹیکسٹائل ملوں کی طرف آئیے اور ان کو بھی نیشنلائز کیجئے۔ حالت یہ ہے اور ہماری پالیسی یہ ہے کہ ہم نے ۸ سال کے لئے صنعتوں کو Tax holiday دے رکھی ہے۔ ہم صنعتوں کی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں۔ اور یہ درست ہے کہ ہمیں صنعتوں کی حوصلہ افزائی کرنی چاہئے ہمیں کوشش کرنی چاہئے کہ پرائیویٹ سرمایہ زیادہ سے زیادہ صنعتوں پر لگایا جائے۔ اب میں مسٹر شعیب وزیر خزانہ مرکزی کی تقریر کا حوالہ دوں گا۔ انہوں نے کہا ہے کہ پہلے ۵ سالہ پلین سے دوسرے ۵ سالہ پلین میں کئی گنا زیادہ (مجھے وہ اعداد و شمار یاد نہیں) پرائیویٹ سیکٹر سے روپیہ فراہم ہوا ہے۔ انہوں نے اس پر فخر کیا ہے کہ ہم

ھیں جو Nationalisation کی پالیسی کے خلاف عمل کر رہے ھیں ۔ اصل مسئلہ یہ ھے کہ آخر ھم نے کیا کرنا ھے ۔ اگر Nationalisation کرنا چاھئیں تو ''چشم ما روشن دل ماشاد ،، سب صنعتوں کو نیشنلائز کیجئے ۔ ھم اسکے حق میں ھیں ۔ لیکن آپ کی پالیسی نہیں ھے ۔ آپ تو پرائیویٹ سیکٹر کو discourage کر رہے ھیں ۔ پرائیویٹ سیکٹر کو encourage کرنے کا یہ طریقہ ھے کہ ایک شخص سے سودا تڑوا کر خود سودا کر لیا جائے اس لئے جناب والا میں ان سے درخواست کروں گا کہ مرکزی حکومت کی جو اس وقت پالیسی ھے اس پر آپ عمل کریں اس سے انحراف نہ کریں ۔ دوسری بات جس کے متعلق استفسار کیا گیا ھے وہ یہ ھے کہ فاروقی صاحب کو معلوم نہیں کہ سات سال میں نقدی کی صورت میں ادائیگی ھوئی ھے یا سیمنٹ کی صورت میں ۔ جہاں تک میرا علم ھے یہ ادائیگی سیمنٹ کی شکل میں ھوگی ۔ وہ اس قیمت کی ادائیگی سیمنٹ کی مقدار میں ادا کریں گے ۔ یقیناً ھمارے ھاں سیمنٹ کی پیداوار ضرورت کے مقابلے میں کم ھے ۔ یہاں تک کہ ھمیں باھر سے سیمنٹ Import کرنا پڑتا ھے اس کے باوجود ھندوستان کو سیمنٹ Export کرنا ان حالات میں کس طرح مناسب ھو سکتا ھے ۔ دوسرا سوال ھے کوئلہ کا اور اسکی کانوں کا ۔ اس میں کوئی کلام نہیں کہ ھم اپنی ضرورت سے کم کوئلہ پیدا کرتے ھیں اور ھمیں ھندوستان سے کوئلہ Import کرنا پڑتا ھے مگر کوئلہ کی رسد ھماری ضرورت سے کم ھی رھی ھے اور تین چار سال سے بڑی دقت پیش آ رھی ھے ۔ دو سال قبل گورنمنٹ نے Consumers and Producers اور یعنی کوئلہ کی کانوں کے مالکان کے مابین ایک gentleman agreement کیا تھا جس کی رو سے پہلے ۵۵ روپے فی ٹن کوئلہ ملتا تھا اب

سوروپیہ فی ٹن تک ہو گیا ہے ۔ جناب والا ۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ اینٹیں مہنگی ہو گئی ہیں ۔ ان کا بھاؤ بے حد بڑھ گیا ہے ۔ اب اینٹوں کا بھاؤ ساٹھ روپے بلکہ ستر روپے فی ہزار ہوگیا ہے ۔ جناب والا ۔ اس کا ایک خطرناک نتیجہ یہ ہوا ہے کہ مکانات جن کی پہلے ہی قلت ہے ان کی مزید تعمیر رک گئی ہے اور بے شمار مزدور اور کاریگر بےکار ہو گئے ہیں ۔ لاکھوں کی تعداد میں لوگ بیکاری کا شکار ہو گئے ہیں ۔ لہذا میں وزیر فنانس کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ کوئی ایسا طریقہ اختیار کریں جس سے کوئلے کی بڑی بڑی کانوں کے مالکان کو مجبور کرے کہ وہ مناسب قیمت پر کوئلہ مہیا کریں ۔ ویسٹ پاکستان کان ایسوسی ایشن نے یکم اپریل کو ایک ریزولیوشن پاس کرکے حکومت کو اس کی نقل بھی ارسال کی تھی اور ہڑتال بھی کی تھی مگر افسوس ہے کہ حکام نے ابھی تک اس معاملہ پر غور نہیں کیا۔ وزیر فنانس صاحب Consumers and Producers کو اس قسم کے Contract پر مجبور کریں کہ وہ مناسب قیمت پر کوئلہ کی رسد کا انتظام کریں ۔ حالت یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ خود گورنمنٹ کے مختلف ترقیاتی شعبوں کے کاموں میں رکاوٹ پیدا ہو چکی ہے ۔ جناب والا ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں وزیر خزانہ کی خدمت میں گذارش کرونگا کہ وہ ان امور کی طرف توجہ فرمائیں ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ جناب والا ۔ A.C.C کے معاملہ کی وضاحت میں نے کل ہی کر دی تھی مگر آج انہوں نے اس کو یہاں دوبارہ چھیڑ دیا ہے ۔ جیسا کہ میں نے بتایا تھا گورنمنٹ نے تین کروڑ ۷۵ لاکھ میں واہ اور

روھڑی کے کارخانے خرید لئے ھیں ۔ میں نے یہ بھی کہا تھا کہ ۹۲ لاکھ کی رقم سیمنٹ کی قیمت ادا کی ہے اور ایک کروڑ ۵ لاکھ کی رقم working expenses دینے پڑیں گے ۔ میں نہیں جانتا کیوں اس بات کو بار بار دوھرایا جاتا ہے ۔ دوسری پارٹی اس کی تنسیخ کی کوشش کر رھی ہے کیونکہ ھمیں ایک سال کے اندر ایک کروڑ منافع کی توقع ہے ۔ لیڈر آف اپوزیشن نے یہ بھی فرمایا ہے کہ اس میں سیمنٹ مہیا کرنے کی شق رکھی گئی ہے ۔ حالانکہ یہ شق نہیں ہے ۔ ھم نے سیمنٹ نہیں بلکہ روڑی دینے کا سودا کیا ہے ۔ یہ سیمنٹ نہیں ھوتا بلکہ جس طرح مٹی سے اینٹیں بنتی ھیں اس طرح کنکر روڑی سے سیمنٹ بنتا ہے ۔ یہ کہنا کہ ھمیں اینٹوں کی کمی ہے ٹھیک ہے مگر یہ کہنا غلط ہے کہ مٹی کی بھی کمی ہے ۔ اس طرح کی کمی نہیں ہے ھم کنکر روڑی دیں گے نہ کہ تیار شدہ سیمنٹ ۔

Khawaja Muhammad Safdar : Question ! Question !

وزیر خزانہ ۔ جناب والا ۔ یہ Question کہنے کے عادی ھیں ۔ وہ اس کی رٹ لگاتے رھیں گے ۔ مگر میں facts بیان کر رھا ھوں ۔ انکو facts ناپسند ھیں ۔ اگر ھم تھوڑا سا سیمنٹ اپنے بھائی افغانستان کو بھی دے دیں تو کیا حرج ہے ۔ ھندوستان کو ایکسپورٹ نہیں کر رہے ھیں ۔ اسی طرح جناب والا ۔ انہوں نے فرمایا تھا کہ کول مائنز ڈیگاری میں سائنٹیفک مشینری استعمال نہیں ھو رھی ہے ۔ یہ غلط ہے ۔ وھاں سائنٹیفک مشینری ھی استعمال ھو رھی ہے ۔ میں یہ بھی کہوں گا کہ سیمنٹ کی قیمتیں بڑھیں گی نہیں بلکہ کم ھو جائیں گی ۔ اسی طرح

جناب والا ڈیمانڈ نمبر ۲ کے متعلق خواجہ صاحب کا خدشہ غلط ہے کہ کوئلہ حد سے زیادہ مہنگا ہے یا کوئلہ کے نرخ بڑھ جائیں گے ۔ وہ ڈیمانڈ اور سپلائی کے مسئلہ پر غور نہیں کرتے اس میں کوئی بلیک نہیں ہو رہی ہے ۔ آپ نے بلیک کی عینک لگا رکھی ہے ۔ اور جناب والا ظاہر ہے کہ لال عینک سے سرخ ہی دکھائی دے گا ۔ سبز عینک سے سبز رنگ نظر آئیگا ۔ یہ بلیک عینک لگاتے ہیں ان کو جناب والا ہر جگہ بلیک ہی بلیک نظر آتی ہے ۔ جب کوئلہ کے نرخ پر کوئی کنٹرول ہی نہیں تو بلیک کیسے ہو سکتی ہے ؟ لیکن تھوڑی بہت بلیک تو دنیا میں ہر کہیں پائی جاتی ہے ۔ دنیا بھر میں اس کو ختم نہیں کیا جا سکتا ۔

آخر میں ۔ جناب والا ۔ میں آپکی وساطت سے ایوان کی خدمت میں عرض کرونگا کہ اس ڈیمانڈ کو منظور کیا جائے اور اس کو اب پاس کیا جائے ۔

Mr. Speaker : I will first put the cut motion.

The question is :

That the item of Rs. 3,75,00,000 on account of 72 Capital Outlay on Industrial Development (3) D-Other Schemes of Industrial Development—Total New Expenditure be reduced by Re 1.

The motion was lost

Mr. Speaker : The question is :

That a supplementary sum not exceeding Rs. 3,90,45,000/- be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965 in respect of Capital Outlay on Industrial Development.

The motion was carried

Mr. Speaker : Next Demand.

Minister of Finance : Sir, I beg to move :

That a supplementary sum not exceeding Rs. 6,64,46,860/- be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Loans and Advances by the Provincial Government.

Mr. Speaker : Demand moved is :

That a supplementary sum not exceeding Rs. 6,64,46,860/- be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Loans and Advances by the Provincial Government.

The first cut motion is from Mr. Mahmood Azam Farooqi. He may please move his cut motion.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : Sir I beg to move :

That the total of Rs. 6,64,46,860 on account of Loans and Advances by the Provincial Government—Total New Expenditure be reduced to Re. 1/-

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is :

That the total of Rs. 6,64,46,860 on account of Loans and Advances by the Provincial Government—Total New Expenditure be reduced to Re 1/-

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - جناب والا - یہ Demand No. 5 ۶ کروڑ ۶۴ لاکھ ۴۶ ہزار ۸ سو ۶۰ روپے پر مشتمل ہے - اس میں چار مختلف items بلکہ رقوم ہیں - ایک رقم یعنی ۳۵ لاکھ ۷۳ ہزار ۸ سو ۶۰ روپے کی ہے جو حیدرآباد میونسپلٹی کے لئے طلب کی گئی ہے دوسری ایک Book Adjustment ہے - یہ رقم ۳ کروڑ ۹۸ لاکھ ۳۷ ہزار روپے واپڈا کیلئے ایک Reappropriation ہے -

تیسری رقم ۴۴ لاکھ ۲۶ ہزار روپے بھی ایک Reappropriation کی رقم ہے - اس رقم کی جو تفصیل Supplementary Budget کے

صفحہ ۱۰ پر بیان کی گئی ہے۔ اس کے آخری پیراگراف میں کہا گیا ہے۔

"The minus expenditure under 'Other Non-recurring' is on account of less expenditure during the last financial year (1963-64) on certain schemes for which loan was advanced by the Provincial Government."

یہ Loan صوبائی حکومت نے WPIDC کو Small Industries Division کی مد میں خرچ کرنے کیلئے دیا تھا۔ سوال یہ ہے کہ وہ رقوم جو کہ Administration پر صرف کرنی ہوں۔ جو ملازمین کو تنخواہ کے طور پر دینی ہوں یا کسی operation کے running expenses کیلئے دینی ہوں۔ ان میں بچت اور کمی کرنا بیشک welcome ہوتا ہے اور ہر شخص اسے خوش آمدید کہتا ہے کہ یہ ٹھیک ہے۔ حکومت نے بڑی اچھی کارکردگی دکھائی۔ اور وہ اخراجات جو پہلے زیادہ تھے۔ جو ہاؤس نے بجٹ کے اندر منظور کر دئیے تھے ان میں حکومت نے کمی دکھائی۔ اور بچت کر کے صوبائی حکومت کے خزانے کو کچھ فائدہ پہنچایا۔ لیکن وہ رقوم جو بجٹ میں Developments کیلئے اور مختلف محکموں کی ترقی کیلئے منظور کی جاتی ہیں۔ ان میں کمی کرنے کے دو مطلب ہوتے ہیں۔ ایک تو بچت کی یہ صورت ہو سکتی ہے کہ وہ Development جو پہلے پیش نظر تھی۔ اس میدان میں اب ملک میں اتنا Development ہو چکا ہو کہ مزید Development کی ضرورت باقی نہ رہی ہو۔ دوسری وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ حکومت نے Development کیلئے رقم منظور کر دی۔ لیکن جن لوگوں کے ہاتھ میں ملک کے Development کے اختیارات ہیں۔ جن کے ذمہ سکیمیں بنانے اور منظور کرنے اور ان کو بروئے کار لانے کی ذمہ داری ہے ان کے اندر شاید فکر و نظر کی اتنی کمی ہو کہ انہیں کے ملک میں مزید سکیمیں بنانے کی ضرورت ہی محسوس نہیں ہوتی۔ اور وہ اس سے دیکھ ہی نہ

سکتے ہوں ۔ اور اس طرح سے وہ رقم جو بجٹ میں منظور کی گئی ہو وہ بغیر صرف کئے ہی سال کے سال پڑی رہ جاتی ہو ۔ اگر اس طرح بچت کی minus اور credit entries بجٹ میں آ جاتی ہیں تو یہ کسی صاحب نظر شخص کے لئے welcome چیز نہیں ہیں۔ ہمارا ایک پسماندہ ملک ہے ہم ابھی ترقی کی طرف پیش قدمی کر رہے ہیں ۔ اور ہماری کوشش ہے کہ ہر شعبۂ زندگی میں ہم دوسرے ترقی یافتہ ممالک کے دوش بدوش چل سکیں ۔ پھر ایسا ہونے کی وجوہات کیا ہیں ۔ اور وہ کیا حالات ہیں کہ وہ رقم جو حکومت Small Industries Division کو Development کیلئے منظور کرتی ہے ۔ WPIDC اسے خرچ کرنے سے معذور رہتی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ WPIDC ایک ایسا ادارہ ہے جو صوبائی حکومت کے تحت آتا ہے ۔ اس سے بازپرس ہونی چاہئے تھی کہ آخر وہ کیا حالات تھے کہ ہم تمہیں تمہارے مطالبے پر ایک رقم دیتے ہیں ۔ اور تم اسے خرچ نہیں کر سکتے ۔ حالانکہ اگر وہ رقم نہ دی جاتی تو وہ کسی دوسری جگہ خرچ کی جا سکتی تھی ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد اس میں چوتھا خرچ ٦٦ لاکھ ١٠ ہزار روپے کا ہے ۔ یہ WPIDC کا Loan ہے ۔ اور یہ بھی دراصل Reappropriation ہے ۔ کوئی نئی مد نہیں ۔ مجھے صرف ایک چیز عرض کرنی تھی اور میں چاہتا ہوں کہ آپ حضرات اپنے ہاں بھی اسے صحیح کرلیں ۔ صفحہ ١١ پر یہ ایک misprint ہے ۔ مجھے اس کے سمجھنے میں بڑی دقت ہوئی اور بڑا وقت صرف کرنا پڑا ۔ یہ رقم بجائے دو کروڑ ٣٢ لاکھ کے یہاں ٢٠ کروڑ ٣٢ لاکھ لکھ دی گئی ہے ۔ دراصل یہ ٢ کروڑ ٣٢ لاکھ ہونی چاہئے تھی ۔ اس مطالبہ کی آخری مد یہ ہے ۔

"German Credit for the West Pakistan Road Transport Corporation for Buses etc. — One crore twenty lakhs (Nonrecurring).

یہ ایک کروڑ ۲۰ لاکھ روپے جرمنی کی حکومت نے ہمارے ملک کو اعانت کے طور پر مہیا کئے ہیں ۔ تا کہ پاکستان میں بسیں خرید کی جا سکیں اس اعانت کے ذریعے غیر ملکی زرمبادلے سے بسیں حاصل کر کے ہمارے ملک میں روڈ ٹرانسپورٹ کو ترقی دی جائے گی ۔ اور اس طرح لوگوں کو سہولت پہنچے گی ۔

جناب والا ۔ مغربی پاکستان روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن کے نام سے ہی ظاہر ہے کہ یہ ساری رقم مغربی پاکستان میں ہی خرچ کی جائیگی ۔ اور کراچی پر اس کا کوئی حصہ خرچ نہ ہوگا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ کراچی کے رہنے والوں کے ساتھ بڑی زیادتی ہے ۔ اس ایوان کے معزز اراکین میں سے جو حضرات کراچی کے حالات سے واقف ہیں ۔ انہوں نے دیکھا ہوگا کہ کراچی میں روڈ ٹرانسپورٹ کی بسیں چلانے کا جو ادارہ کام کرتا ہے اور جس کے ذمہدار لوگوں میں سے ایک صاحب اس اسمبلی کے ممبر بھی ہیں ۔ ان کی بسوں کی حالت یہ ہے کہ ہر بس بجائے خود ایک فیکٹری ہے ۔ جو سڑکوں پر اپنی چمنی سے دھواں پھینکتی ہوئی جاتی ہے ۔ اور اس طرح ٹی-بی اور دوسری بیماریوں کے جراثیم جو اس سے پیدا ہوتے ہیں ۔ وہ سارے شہر میں پھیلتے ہیں ۔ بسوں کی حالت وہاں روز بروز خراب ہوتی جا رہی ہے ۔ وہاں آبادی بدستور بڑھ رہی ہے ۔ دور دور کا فاصلہ ہے ۔ کراچی شہر کیماڑی سے لیکر لانڈھی تک اور کورنگی سے لے کر نیو کراچی تک پھیلا ہوا ہے ۔ جو تقریباً ۲۵ میل لمبا اور ۲۵ میل ہی چوڑا ہے ۔ وہاں اس وقت بسوں کی جتنی تعداد موجود ہے اور جن کی حالت میں نے ابھی آپ کے سامنے بیان کی ہے ۔ وہ اس بات کی متقاضی تھی کہ یہ ایک کروڑ ۲۰ لاکھ روپے جو اعانت کی صورت میں ہمیں بیرونی

ملک سے مدد ملی تھی ۔ اس سے کچھ رقم کراچی پر بھی خرچ کی جاتی ۔ مجھے افسوس ہے کہ بجٹ مرتب کرنے والے ہمارے اکابرین نے اس کی طرف بالکل توجہ نہیں دی ۔ اور کراچی سے بالکل صرف نظر کی ہے ۔ لہذا میں ان سے درخواست کرونگا کہ وہ اس میں ترمیم کر کے اسے reappropriate کریں اور ایک رقم کراچی کی ضروریات کیلئے بھی مختص کریں ۔ کیونکہ کراچی بھی اس ملک کا ایک اہم حصہ ہے اور وہاں کے لوگوں کو شہری amenities کے سلسلے میں اور اپنے دیگر مسائل حل کرنے کے معاملے میں بھی اتنے ہی حقوق حاصل ہیں جتنے کہ اس ملک کے دوسرے شہروں کو ہیں ۔ لہذا مجھے توقع ہے کہ ارباب اقتدار اس بات پر مزید توجہ فرمائینگے ۔

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ میری بھی Demand No. 5 پر ایک cut motion ہے ۔ جناب فاروقی صاحب اس demand پر اپنی cut motion تو move کر چکے ہیں ۔ اب میں اس کی item نمبر ۲ کو discuss کرونگا ۔

"Loans to the West Pakistan Water & Power Development Authority for Water and Power Projects."

اس میں دو رقوم جمع ہیں ۔ پہلی تو Water Projects کے لیے ۹۷ لاکھ ۸۸ ہزار روپے کی ہے ۔ اور اس کے بعد دوسری جو دکھائی گئی ہے وہ Power Projects سے متعلق ہے ۔ جو ۳ کروڑ ۵۲ لاکھ روپے ہے ۔

جناب والا ۔ یہ loans تو Water & Power Development Authority کی ہیں ۔ جس کی abbreviation WAPDA ہے اور جو اسے دئے جانے کے لیے مخصوص کئے گئے ہیں ۔

جناب صدر ۔ یہ مناسب ہوگا کہ واپڈا کو جو نیشنل اہمیت حاصل ہے اس کی طرف میں معزز ممبران اور معزز اراکین کی توجہ مبذول کراؤں ۔

انڈس بیسن واٹر treaty ۱۹۶۰ء میں ہوئی جس پر پاکستان اور ہندوستان کی حکومتوں کی طرف سے ورلڈ بنک کے نمائندوں کی شمولیت میں ۱۹-۹-۱۹۶۰ کو دستخط ہوئے ۔ اس کے مطابق دریاؤں کے پانی کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا گیا ۔ یعنی راوی ، ستلج اور بیاس کا پانی exclusively ہندوستان استعمال کرے اور انڈس ، جہلم اور چناب کے پانی سے پاکستان استفادہ کرے ۔

جناب سپیکر ۔ میں آپ کی وساطت سے ہاؤس کی توجہ اس امر کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ یہ پانی کا مسئلہ اور یہ بجلی کا مسئلہ ایسا ہے کہ زراعت کے لیے اس نئے ملک میں جس میں صنعتی ترقی بھی ہو رہی ہے شاہ رگ کی حیثیت رکھتا ہے ۔ لیکن جو undertaking ہم نے treaty کے تحت اپنے ذمہ لی ہے میں سمجھتا ہوں اگر ہم اس سے عہدہ برا نہ ہو سکے ۔ تو پاکستان کے لئے یہ ایک بہت بڑا اندوہناک حادثہ ہوگا ۔ ریڈکلف ایوارڈ میں لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے اپنی عیاری سے پانی کا مسئلہ ہندوستان اور پاکستان کے لئے پیدا کر دیا تھا ۔ اس کا ایک پہلو یہ بھی تھا کہ پاکستان کا قدرتی حصہ ہندوستان میں شامل کر دیا تھا ۔ مقبوضہ کشمیر جس پر بھارت کا غاصبانہ قبضہ ہے ۔ یہ اسی کا نتیجہ ہے ۔ اور آج ہم دیکھتے ہیں کہ ہماری روزمرہ کی زندگی اس سے کس قدر متاثر ہے ۔ کیونکہ ہم اس کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتے ۔ آئندہ بھی زراعت کے لئے پانی اور بجلی کا مسئلہ ایسا ہے کہ اس کی ہمیں ہر روز ضرورت ہے اور ہم اس سے متاثر ہو رہے ہیں ۔ دراصل یکم اپریل ۱۹۶۸ء کو جب ہندوستان نے پانی کا جھگڑا اٹھایا تھا اس وقت اس نے یہ ثابت کر دیا

تھا کہ اس کی نیت اچھی نہیں ۔ اس لئے ورلڈ بینک کے ساتھ گفت و شنید کی گئی اور چار سال کے بعد یہ مسئلہ اس طرح طے پایا کہ پانی کی تقسیم کر دی جائے ۔ چنانچہ ۱۹۶۰ء میں Indus-Basin water treaty پر دستخط ہوئے ۔

اس کے بعد میں عرض کروں گا کہ اگر آج ہم واپڈا کی کارکردگی کو دیکھیں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ efficiency اور honesty کے لحاظ سے یہ محکمہ up to marks نہیں اور یہ پاکستان کی بہت بڑی بدقسمتی ہے اس محکمہ میں جو نام نہاد foreign experts ہیں وہ اپنے ملک میں ایک مستری سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتے ۔ لیکن ہمارے ملک میں ان کو چیف انجینئر اور دوسرے بڑے بڑے عہدوں پر فائز کیا گیا ہے اگر آپ ان کی activities کی طرف نگاہ ڈالیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ وہ سفید ہاتھی ہیں ۔ اس لئے ان سے جتنی جلدی نجات حاصل کی جائے اچھا ہے ۔ ان کی جگہ اپنے ملک کے ٹرینڈ آدمیوں کو لگایا جائے تاکہ ان کی منصوبہ جات کی تکمیل کی جائے جو ابھی تک نامکمل ہیں ۔ اس کے علاوہ دوسری بات یہ ہے کہ اس محکمہ کے foreign experts کا معیار اتنا بلند نہیں اور یہ اس قابل نہیں کہ ہماری مشکلات دور کر سکیں ۔ اس وقت ہمارے ہاں پانی اور بجلی کے معاملات ایسے ہیں جن کی ہمیں سخت ضرورت ہے لیکن ان میں بہت سی مشکلات درپیش ہیں ۔ اس لیے ان مشکلات کو دور کرنے کی ضرورت ہے ۔ میں ان foreign experts کا موازنہ جن کو میں نے سفید ہاتھی کہا ہے بعد میں پاکستانی ملازمین سے کروں گا ۔ ان کی سروس چونکہ Temporary ہے ان کو کسی وقت بھی Terminate کیا جا سکتا ہے ۔ ان foreign experts کے مقابلہ میں ان کو کچھ ایسی medical Aid کی سہولتیں دی گئی تھیں ان سے بھی ان کو محروم کر دیا گیا ہے ۔ ان تمام باتوں کا جنرل بجٹ پر بحث کے دوران میں تفصیل کے

ساتھ ذکر کروں گا ۔ آج صرف اتنا عرض کروں گا کہ اس محکمہ میں efficiency نہیں ہے اس محکمہ میں بدعنوانی بہت زیادہ ہے جس کی وجہ سے ملک کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے ۔ میری گذارش ہے کہ گورنر صاحب ایک گورنر انسپکشن ٹیم بنائیں جو اس محکمہ کی efficiency کا جائزہ لے اور ایک مفصل رپورٹ پیش کرے ۔ اس کے بعد اس شعر کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں کہ

یقین محکم عمل پیہم محبت فاتح عالم
جہاد زندگانی میں یہ ہیں مردوں کی شمشیریں

اگر اس محکمہ کے حالات کا جائزہ لیا گیا تو ہو سکتا ہے کہ پاکستان کو کئی مشکلات پیش آ جائیں اس لئے میری گذارش ہے کہ اس محکمہ کی خرابیوں کو جلد از جلد دور کر کے اسے اس قابل بنایا جائے کہ یہ ملک کے لئے مفید ثابت ہو ۔

Mr. Speaker : Sardar Haji Ata Muhammad Lund has given notice of a similar motion but be is not present in the House. Now Mr. Hamza may speak.

مسٹر حمزہ (لائل پور - ٦) ۔ جناب سپیکر ۔ اس مطالبہ زر میں جن رقومات کا مطالبہ کیا گیا ہے وہ دو ایسے خود مختار اداروں کے متعلق ہیں ۔ جنہیں Autonomous Bodes کہا جاتا ہے ۔ ملک کے رائج الوقت قانون کے تحت یہ دونوں ادارے اس بات پر مجبور نہیں کہ وہ اپنے اخراجات کی تفصیل اس ایوان میں پیش کریں ۔ میرے خیال میں دوسری بہت سی وجوہات میں سے جن کی وجہ سے ان میں خرابیاں ہیں ایک وجہ یہ بھی ہے کہ ان محکموں کو اپنے اخراجات کی تفصیل ایوان میں پیش کرنے کی چھوٹ دی گئی ہے ۔ انہیں آزاد کر دیا گیا ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ قومی سرمایہ کو بے دریغ استعمال کیا گیا ہے اور خرچ کیا گیا ہے ۔ اور یہ بدنام ہو گئے ہیں ۔

مجھ سے قبل ملک اختر صاحب نے Foreign experts کے بارے میں فرمایا ہے ان میں اکثریت ایسے لوگوں کی ہے جن کو اپنے ملک میں اتنے اہم عہدوں پر فائز ہونے کا خواب بھی نہیں آ سکتا اور وہ آج یہاں اتنے بڑے بڑے عہدوں پر فائز ہیں ۔ اور متعین ہیں ۔ اس کے ساتھ ہی ان کو اس قسم کی تنخواہیں اور مراعات دی گئی ہیں جو کسی لحاظ سے بھی پاکستان جیسے غریب ملک کے لئے مفید ثابت نہیں ہو سکتیں ۔ اس سے بھی بڑھ کر میں یہ عرض کروں گا کہ ان کو بعض ایسی مراعات دی گئی ہیں جن سے ہمارے Foreign Exchange پر بہت برا اثر پڑتا ہے ۔ کیونکہ وہ Foreign Exchange جو ہمارا ملک غیر ممالک سے حاصل کرتا ہے اس کا بڑا حصہ Consultants کی تنخواہوں اور مراعات کی شکل میں دوسرے ممالک میں واپس چلا جاتا ہے ۔ افسوس کا مقام ہے کہ ہمارے اپنے ملک میں ہمارے بھائی ہیں جن میں سے بعض Foreign Experts کے مقابلہ میں زیادہ تجربہ رکھتے ہیں اور زیادہ قابل ہیں انکو تو ادنیٰ قسم کے کاموں پر لگایا جاتا ہے اور انکی تنخواہیں اتنی کم ہوتی ہیں کہ اکثر اوقات انکی تنخواہوں کا دسواں یا بیسواں حصہ ہوتی ہیں ۔ ہمارے انتہائی تجربہ کار اور ذہین اور قابل انجینیرز انکے ماتحت کام کرتے ہیں ۔ ہمارے جتنے پروجکٹس ہیں انکے ڈیزائن میں اور انکی Execution میں انکا بہت کم دخل ہوتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہمارے ملک کی خود داری پر ایک بڑی ٹھیس ہے کہ ہمارے لائق بھائی تجربہ کار بھائی بیرونی Consultant کے ماتحت کام کریں جو کہ انکے مقابلے میں پہلے ہی بہت کم تجربہ رکھتے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ وہ انکے مقابلے میں بہت کم تنخواہیں اور کم معاوضہ حاصل کرتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ اس سے پہلے یہ چیز کئی بار منظر عام پر آ چکی ہے

کہ وہ پروجکٹس جو کہ ہم واپڈا کے ذریعہ پایہ تکمیل تک پہنچانے کی کوشش کرتے رہے ہیں یا کر رہے ہیں ان پر اخراجات دوسرے محکموں کے مقابلے میں بہت زیادہ ہیں ۔ اس سلسلے میں ٹیوب ویل کا مسئلہ پچھلی اسمبلی میں ایک اجلاس میں پیش کیا جا چکا ہے ۔ وہ ٹیوب ویل جو کہ واپڈا نے نصب کئے تھے ان میں سے ایک ایک کی قیمت پچھتر پچھتر ہزار روپے ہے اور ان میں سے بہت سے ایسے ٹیوب ویل ہیں جو کہ بعد میں بالکل ناکارہ ثابت ہوئے اور انکی قیمت ہمارے اپنے ملکی میٹریل سے لگائے ہوئے Tube wells سے کئی گنا زیادہ ہے ۔ دوسری قابل اعتراض چیز یہ ہے کہ واپڈا کا محکمہ جو مشینری استعمال کرتا ہے اس کے سلسلہ میں اسنے ہمارے ملک میں تیار ہونیوالی مشینری کو بہت کم اہمیت دی ہے اسکا نتیجہ یہ ہوا کہ ہمارا بہت سا فارن آکسچینج جو کہ ہم بچا سکتے تھے وہ ضائع ہو رہا ہے اور اسکے ساتھ ساتھ ہماری حکومت واپڈا کو کھلی چھٹی دیکر ہمارے ملک کی صنعت اور صنعتکاروں کی حوصلہ شکنی کر رہی ہے ۔ ہماری اپنی حکومت کا فرض ہے کہ ہمارے ملک کے اندر وہ تمام مشینری جو آسانی کیساتھ اور تھوڑی بہت کوشش کیساتھ یا ہمارے ٹھیکیداروں یا صنعت کاروں کو مراعات دینے کے بعد تیار کیا جائے اور ٹھیکہ کی شرائط کے اندر اس قسم کی گنجائش رکھی جائے کہ وہ تمام قسم کی مشینری جو کہ اس ملک میں تیار ہوسکتی ہے لازمی طور پر خریدی جائے اور وہ دوسرے ممالک سے درآمد نہ کیجائے ۔ جناب سپیکر ۔ اسکے ساتھ ہی ہماری حکومت کا فرض ہے کہ ہمارے وہ ٹھیکیدار جو کہ اپنے محدود وسائل کی بناء پر بڑے بڑے کام نہیں کر سکتے انکو Consortium بنانے کی مراعات دیجائیں تاکہ ہماری حکومت بڑے بڑے غیر ملکی ٹھیکیداروں کی محتاج نہ رہے ۔ میرے خیال میں اگر واپڈا کے محکمہ کی کارگزاریوں کا پورے طور پر جائزہ لیا

جائے اور وہ تمام نقائص جنکی نشاندھی وقتاً فوقتاً کیجاتی رھی ھے (اور میں نے بھی مختصر طور پر کی ھے) دور کئے جائیں تو اس سے ھم اپنے ملک کی بہت بڑی خدمت کر سکتے ھیں میں سمجھتا ھوں کہ اگر وہ تمام رقومات جو بے دریغ خرچ کی جا رھی ھیں اگر انکی چھان بین کیجائے تو ھم اسمیں خاطر خواہ کامیابی حاصل کرسکتے ھیں اور اسوقت جو ھمارے ملک میں فارن اکسچینج کی پوزیشن ھے وہ اس چیز کا تقاضا کرتی ھے کہ ھم اسکی پورے طور پر چھان بین کریں ۔ جہاں جہاں فضول اخراجات کئے جا رھے ھیں انکو ترک کیا جائے ۔ میں ان الفاظ کیساتھ اس تخفیف زر کی حمایت کرتا ھوں ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ جناب والا ۔ میں نے معزز رکن ملک اختر صاحب کی تقریر کو سنا ۔ انہوں نے زیادہ تر Indus Basin Treaty پر بات چیت کی ۔ ان کو شاید پتہ نہیں کہ Indus Basin کا نام مغربی پاکستان کی حکومت کا نہیں ھے وہ سنٹر کا ھے ۔ حمزہ صاحب نے ایڈ کے متعلق جو کچھ فرمایا ھے اس میں تھوڑا بہت صحیح ھے لیکن جو ھمارے Tied Loans ھوتے ھیں ان کے سلسلہ میں Beggars are not Choosers کے مصداق جب ھم فارن ایڈ لیتے ھیں تو ان کے Consultant بھی ساتھ آتے ھیں لیکن آپ کی حکومت کی یہ پالیسی ھے کہ ھم حتی‌الوسع کوشش کر کے اپنے وسائل سے اور اپنے انجنیئرز اور Technicians سے اپنے کام چلائیں انہوں نے ٹیوب ویل کا بھی ذکر کیا ھے یہ صحیح ھے کہ واپڈا کے ٹیوب ویل ھمارے ٹیوب ویلوں کے مقابلے میں قیمتی ھیں اور واپڈا کا ایک ٹیوب ویل تقریباً ۷۰ ھزار میں تیار ھوتا ھے اور دوسرا ٹیوب ویل ۱۵ یا ۲۰ ھزار روپے میں نصب ھوتا ھے ۔ لیکن انہوں نے یہ نہیں کہا کہ

پانی کا نکاس سب سے بڑی چیز ہے اور اگر per cusic لیا جائے تو واپڈا کا ٹیوب ویل کم قیمت پر کام کرتا ہے بہ نسبت دوسرے ٹیوب ویل کے۔ انہوں نے اس کا مقابلہ ایسا ہی کیا ہے جیسے کوئی دریائے سندھ کا دریائے بیاس سے مقابلہ کرے۔ لیکن وہاں سوال تو پانی کے نکاس کا ہے۔ واپڈا کا ٹیوب ویل per cusic سستا رہتا ہے بہ نسبت دوسرے ٹیوب ویل کے۔ کیونکہ وہ زیادہ گہرا ہوتا ہے۔ اور یہ کہنا بھی کہ ہم ٹیوب ویل کی ساری مشینری باہر سے امپورٹ کرتے ہیں صحیح نہیں ہے۔ ہماری کوشش یہ ہے کہ ٹیوب ویل کی مشینری بشرطیکہ وہ Standard کی ہو پاکستان ہی میں بنائی جائے اور Local purchase کی جائے۔ اس کے علاوہ انہوں نے اور مشینری کا بھی ذکر کیا ہے۔ تو میں یہ عرض کروں گا کہ یہ آپکی حکومت کا فیصلہ ہے کہ لوکل چیز کو بشرطیکہ وہ Standard کی ہو ترجیح دی جائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ واپڈا کو تمام تر Condemn کرنا مناسب نہیں ہے کیونکہ واپڈا میں قابل ترین انجنیئرز اور Technicians کام کر رہے ہیں۔ اور واپڈا نے جو اچھے کام کئے ہیں ان کی دنیا بھر میں تعریف ہو رہی ہے۔ کچھ تھوڑا بہت نقص ہے جس کی طرف ہماری توجہ مبذول کرائی گئی ہے۔ ہم کوشش کریں گے کہ ان کو دور کیا جائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اب وقت کافی ہوچکا ہے۔ Question be now put.

Mr. Speaker : I will first put the cut motion.

The question is :

That the total of Rs. 6,64,46,860 on account of Loans and Advances by the Provincial Government—Total New Expenditure be reduced by Re. 1/-.

The motion was lost

Mr. Speaker : I will now put the Demand.

The question is :

That a supplementary sum not exceeding Rs. 6,64,46,860 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1965, in respect of Loans and Advances by the Provincial Government.

The motion was carried

Mr. Speaker : The House is adjourned to meet again today at 8·00 P.M.

The Assembly then adjourned till 8·00 p.m. the same evening.

———



EVENING SITTING

The Assembly met in the Assembly Chamber, Lahore at 8 p.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar in the chair.

Recitation from the Holy Quran by Qari Ali Hussain [(Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ
فَلِاَنْفُسِكُمْ ۭ وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَاۗءَ وَجْهِ اللّٰهِ ۭ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ
اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ۝ لِلْفُقَرَاۗءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا
يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ ۡ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَاۗءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ۚ
تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ۚ لَا يَسْـَٔـلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا ۭ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ
فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ۝ اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ
سِرًّا وَّعَلَانِيَةً فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ
عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝

پ ۳- س ۲- رکوع ۵ و ۶- آیات ۲۷۲ تا ۲۷۴

(اے پیغمبر) تم ان لوگوں کی ہدایت کے ذمہ دار نہیں ہو بلکہ اللہ ہی جسکو چاہتا ہے ہدایت بخشتا ہے اور (مسلمانو) تم جو مال بھی خرچ کروگے وہ تمہیں پورا پورا دیدیا جائیگا۔ اور تمہارا بالکل نقصان نہیں کیا جائیگا۔ اُن حاجتمندوں کیلئے جو اللہ کی راہ میں گھر لے بیٹھے ہیں اور ملک میں کسی طرف آنے جانے کی طاقت نہیں رکھتے یہاں تک کہ سوال نہ کرنے کیوجہ سے ناواقف شخص اُنکو مالدار خیال کرتا ہے تم چہرے سے اُنکو صاف پہچان سکتے ہو کہ حاجتمند ہیں اور شرم کے سبب لوگوں سے منہ چھوڑ کر اور لیٹ کر نہیں مانگ سکتے اور تم جو مال بھی خرچ کروگے۔ بلاشبہ اللہ اُسکو جانتا ہے۔ جو اپنا مال دولت رات و دن پوشیدہ اور ظاہر اللہ کی خوشنودی کے راستوں میں خرچ کرتے رہتے ہیں اُن کا صلہ انکے پروردگار کے پاس ہے اور اسکے سبب انکو نہ کسی طرح کا خوف ہوگا اور نہ غم۔

وما علینا الا البلاغ

THE WEST PAKISTAN BUDGET (GENERAL) FOR THE YEAR 1965-66. (*Presentation*)

Mr. Speaker : The Minister of finance to present the Budget (General) for 1955-66.

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ جناب والا !

۱۔ میں آپ کی اجازت سے مالی سال ۱۹۶۵-۶۶ کا میزانیہ پیش کرتا ہوں ۔

۲۔ میں اپنے لئے یہ امر باعث عزت سمجھتا ہوں کہ آج اس معزز ایوان کے سامنے اس کا پہلا میزانیہ پیش کر رہا ہوں جو تیسرے پانچ سالہ منصوبے کے پہلے سال کا بھی میزانیہ ہے ۔

۳۔ جناب والا ۔ میں نے پچھلے سال کی تقریر میزانیہ میں اس امر کی طرف اشارہ کیا تھا کہ مغربی پاکستان نے دوسرے پنجسالہ منصوبے کے پہلے چار سال میں اہم اور ٹھوس ترقی حاصل کی ہے ۔

منصوبے کے آخری سال کے خاتمے پر ان پانچ سال کی قلیل مدت میں صوبے نے ترقیات کے مختلف شعبوں میں جو شاندار ترقی حاصل کی ہے اس کی جامع تفصیلات پیش کرنا اب ممکن ہو گیا ہے ۔

۴۔ توقع کی جاتی ہے کہ ۱۹۵۹-۶۰ اور ۱۹۶۴-۶۵ میں مغربی پاکستان کی مجموعی پیداوار دوسرے پنج سالہ منصوبے کے مقصود یعنی ۲۴ فیصد کے مقابلے میں ۲۷٫۶ فیصد

تک بڑھ جائے گی - سب سے زیادہ حوصلہ افزا پہلو زراعت کا وہ کردار ہے جو اس نے قومی آمدنی کے بڑھانے میں ادا کیا ہے - مغربی پاکستان میں دوسرے منصوبے میں فصلوں کی پیداوار کے لئے جو حد مقصود مقرر کی گئی تھی اس میں عام طور پر اضافہ ہوا ہے - یہ امر خاص طور پر موجب اطمینان ہے کہ گندم ، کپاس اور گنے کی پیداوار ابتدائی توقعات سے بہت زیادہ بڑھ گئی ہے - زراعت کے اس انقلاب کے لیے حکومت باقاعدہ اور عملی طور پر امداد پہنچاتی رہی ہے - دوسرے منصوبے کے دوران پہلی دفعہ زیر کاشت لائی جانے والی اراضی کے ۱۳ لاکھ ایکڑ رقبے کو آب پاشی کی نئی سہولتیں مہیا کی گئیں اور ۳۸۶۸ لاکھ ایکڑ رقبہ اراضی کو پانی کی مزید مقدار فراہم کی گئی - مزید برآں نجی طور پر نصب کردہ ٹیوب ویلوں کے ذریعے ۳ لاکھ ایکڑ نئی اراضی کو پہلی دفعہ زیر کاشت لانے میں کامیابی حاصل ہوگئی ہے اور ۱۲ لاکھ ایکڑ زمین کو زائد پانی فراہم کیا جا سکا ہے - سیم اور تھور زدہ اراضی کی بحالی کی تدابیر خاصی کامیاب ہوئی ہیں اور اس بحالیٔ اراضی کے نفع بخش اثرات رچنا دوآب اور دوسرے علاقوں میں ظاہر ہو رہے ہیں - مصنوعی کھاد کے استعمال میں بھی بہت اضافہ ہو گیا ہے - اس کیمیاوی کھاد کی کھپت ۱۹۶۰-۶۱ء کے ۱۶۵ لاکھ ٹن سے بڑھ کر ۱۹۶۴-۶۵ء میں ۴ لاکھ ٹن سے زائد ہو گئی ہے - تحفظ اشجار کی تدابیر کے تحت رقبے کی مقدار ۱۹۵۹-۶۰ء

کے ۴۲ لاکھ ایکڑ سے بڑھ کر ۶۵ - ۱۹۶۴
میں ۶۰ لاکھ ایکڑ تک پہنچ گئی ہے -

۵- ترقیات کے دوسرے واٹروں میں بھی کارکردگی کی رفتار ایسی ہی نمایاں ہے - بجلی کی نصب شدہ استعداد پیدا کاری دوسرے منصوبے کے دوران میں ۷ لاکھ اکتیس ہزار کلوواٹس سے ۱۱ لاکھ اناسی ہزار کلو واٹس تک بڑھ گئی ہے - زیادہ طاقت کی بجلی پہنچانے والی تاروں کی لمبائی ۶۰-۱۹۵۹ کے ۶۰۰۰ میل سے بڑھ کر ۶۵ - ۱۹۶۴ میں ۱۴۰۰۰ میل تک پہنچ گئی ہے - صوبے میں بجلی استعمال کرنے والوں کی تعداد ۳٫۶ ۱۲ لاکھ سے بڑھکر ۲۲٫۶ ۷ لاکھ تک پہنچ گئی ہے - حمل و نقل کے شعبے میں پاکستان ویسٹرن ریلوے نے گاڑی کے ڈبوں کی تعداد میں بہت سا اضافہ کیا ہے اور گاڑیوں کی آمدورفت کی تعداد ۱۰۶۳۵۷ سے ۱۴۶۱۸۶ تک بڑھا دی گئی ہے - عمدہ قسم کی سڑکوں کی مجموعی لمبائی ۸۸۰۰ میل سے بڑھ کر ۱۱۵۷۰ میل ہو گئی ہے - دوسرے پنج سالہ منصوبے کے دوران تعلیمی سہولتوں میں بہت زیادہ توسیع عمل میں آئی ہے اور چند مستثنیات کے سوا دوسرے منصوبے کے تمام مقصودات کی تکمیل ہو گئی ہے - منصوبہ میں تجویز کئے گئے ۱۵۰۰۰ کے مقابلے میں ۱۷۰۰۰ مقامات پر نئے پرائمری سکول کھولے

گئے - پرائمری سکولوں میں داخل شدہ بچوں کی تعداد ۱۲۶۳ لاکھ تک پہنچ گئی ہے جو منصوبے میں مقرر کردہ تعداد کے مطابق ہے - ثانوی درجے کی تعلیم میں رفتار ترقی توقع سے زیادہ بہتر رہی ہے اس مدت کے دوران منصوبے میں معین کردہ ۱۷۵ کی تعداد کے مقابلے میں ۵۰۰ نئے ہائی سکول کھولے گئے - توقع ہے کہ ثانوی درجے کے سکولوں میں داخل شدہ طلباء کی تعداد منصوبے میں مقررہ ۲۶۹ لاکھ کے تخمینے سے بڑھ کر ۴۶۵ لاکھ تک پہنچ جائے گی - فنی اور اعلیٰ تعلیم کے نصب العین بھی بہت صورتوں میں حاصل کر لئے گئے ہیں -

۶- میرے لئے ممکن نہیں کہ میں یہاں اس ترقی کی تفصیلات پیش کروں جو مختلف سیکٹروں میں حاصل ہوئی ہے - مختصراً یہ کہ دوسرے پنج سالہ منصوبے کی مدت میں ۳۶۳ کروڑ روپے کے خرچ سے ۱۷۴۲ ترقیاتی منصوبے پایۂ تکمیل کو پہنچے -

۷- جناب والا - دوسرے پنج سالہ منصوبے کی مدت میں صوبے نے جو ترقی حاصل کی اس کا یہ مختصر سا جائزہ لینے کے بعد میں ایوان کو تیسرے پنج سالہ منصوبے کے اہم خدو خال سے روشناس کرانا چاہتا ہوں کہ

جس کا آغاز یکم جولائی سے ہونے والا ہے۔

تیسرے پنج سالہ منصوبے میں حکومت مغربی پاکستان کو ۱۳۵۰ کروڑ روپے کے اخراجات سے عہدہ برآ ہونا ہے۔ یہ اس رقم سے تقریباً دوگنی ہے جو صوبائی حکومت نے دوسرے منصوبے کی مدت میں ترقیات پر صرف کی ہے۔ تیسرے منصوبے کی ایک اہم خصوصیت یہ ہے کہ زراعت کو سب پر فوقیت دی گئی ہے۔ زرعی پروگرام اپنے بنیادی اجزاء مثلاً کیمیاوی کھاد، تحفظ اشجار، مشینی کاشت اور ٹیوب ویلوں پر مزید زور دیتے ہوئے، دوسرے منصوبے کے سرمایہ کاری کے لائحہ عمل کو بڑی حد تک جاری رکھے گا۔ اہم ٹھوس مقصودات جو حاصل کرنے ہیں ان میں ۳۰ لاکھ ایکڑ رقبہ اراضی کی اصلاح، کیمیاوی کھاد کی کھپت میں ۴ لاکھ ٹن سے ۱۲ لاکھ ٹن تک اضافہ اور تحفظ اشجار کی تدابیر کے رقبے میں ۶۰ لاکھ ایکڑ سے ۱۱۹ لاکھ ایکڑ تک توسیع ہیں۔

۸۔ پانی اور بجلی کے لئے ۴۴۰ کروڑ روپے کی گنجائش رکھی گئی ہے۔ اخراج آب، بحالیٔ اراضی اور ٹیوب ویلوں پر خاص توجہ مرکوز کی جائے گی۔ جن کے لئے ۱۵۶ کروڑ روپیہ نشان زد کیا گیا ہے۔ بجلی کی ترقیات پر ۱۷۰ کروڑ روپے خرچ کئے جائیں گے۔

اس میں دیہات میں بجلی پہنچانے کے لئے ۲۵ کروڑ روپے کی رقمی گنجائش بھی شامل ہے ۔

۹ ۔ پبلک سیکٹر میں صنعت کی ترقیات کے پروگرام میں بھاری صنعتوں کے قیام ، کیمیاوی کھاد اور سیمنٹ کی پیداوار میں توسیع پر زیادہ زور دیا گیا ہے ۔ تیسرے منصوبے میں بڑی اور چھوٹی صنعتوں اور صنعتی علاقوں کی ترقی کے لئے ۱۴۵ کروڑ روپے کی گنجائش رکھی گئی ہے ۔

۱۰ ۔ تیسرے منصوبے کی مدت کے دوران میں تعلیم پر سرمایہ کاری کی رفتار بہت تیز کر دی جائے گی ۔ دوسرے منصوبے کے تخمینی اخراجات ۴۲ کروڑ روپے کے مقابلے میں تیسرے منصوبے میں تعلیم کے لئے ۱۱۵ کروڑ روپے کی گنجائش فراہم کی گئی ہے ۔ بالکل اسی طرح صحت کے دائرہ میں بھی دوسرے منصوبے کے ۱۸ کروڑ روپے کے مقابلے میں تیسرے منصوبے میں ۵۲ کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں ۔

ذرائع حمل و نقل ، مواصلات ، منصوبہ بندی اور تعمیر مکانات اور معاشرتی بہبود کے لئے بھی وافر سرمایہ فراہم کیا گیا ہے ۔ اور آخر میں دیہی ترقیاتی پروگرام کے لیے دوسرے منصوبے کے ۲۰ کروڑ کے مقابلے

میں ۱۰۰ کروڑ روپے کی رقمی گنجائش مہیا کی گئی ہے۔

۱۱۔ تیسرے پنج سالہ منصوبے پر عمل درآمد کے لئے ہمیں اپنے مالی اور افرادی طاقت کے تمام ذرائع کو حرکت میں لانا ہوگا۔

مجھے پورا پورا اعتماد ہے کہ ہم اس سے عہدہ برآ ہوں گے۔ اور دوسرے منصوبے کی طرح ہم نہ صرف مقررہ منزل کو پہنچ جائیں گے بلکہ اس سے آگے نکل جائیں گے۔

۱۲۔ پیشتر اس کے کہ میں ۱۹۶۵-۶۶ کے ترقیاتی پروگرام کے متعلق عرض کروں یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ایوان کو ترقیاتی میزانیہ بندی کی ان تبدیلیوں سے مطلع کر دیا جائے۔ جو سال آئندہ سے عمل میں لائی جا رہی ہیں۔ جیسا کہ ایوان کو علم ہے سالہائے گذشتہ میں سالانہ ترقیاتی پروگرام مجموعی اخراجات تجویز کر دیئے جاتے تھے۔ جو حقیقتاً دستیاب ہونے والے سرمایہ سے بہت زیادہ ہوتے تھے۔ یہ کمی ترقیاتی اخراجات میں کوتاہی ہونے کے باعث پوری ہو جاتی تھی۔ چنانچہ بجٹ میں مقررہ مجموعی پروگرام اور خالص پروگرام میں امتیاز کر دیا جاتا تھا۔ جس

کے لئے ذرائع آمدنی حاصل ہوتے تھے - اور اس پر فی الحقیقت عمل درآمد بھی ہو جاتا تھا - ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد میں بتدریج ترقی ہو رہی ہے - چنانچہ اب دستیاب ہونے والے سرمائے سے زیادہ اخراجات کی گنجائش مہیا کرنا مخدوش ہے - اس امر اور ایک مستحکم اور متوازن میزانیئے کے فوائد کے پیش نظر مجموعی پروگرام کو ترک کر دینے اور بجٹ میں صرف اسی خالص پروگرام کو شامل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے - جس پر عمل درآمد کے پورے ذرائع مہیا ہیں - محض ایک عبوری تدبیر کے طور پر ۶۶ - ۱۹۶۵ء کے میزانیہ میں ہر دو پروگرام یعنی مجموعی اور خالص شامل کر دئیے گئے ہیں - مگر زور صرف خالص پروگرام پر ہی دیا گیا ہے - آئندہ سال سے مجموعی پروگرام بالکل ترک کر دیا جائے گا -

۱۳ - ۶۵ - ۱۹۶۴ء کے نظرثانی شدہ تخمینہ جات کے ۱۷۷ کروڑ روپے کے مقابلے میں ۶۶ - ۱۹۶۵ء کے ترقیاتی پروگرام کے لئے خالص صرف سرمایہ ۱۹۰ کروڑ روپے تجویز کیا گیا تھا - ۶۶ - ۱۹۶۵ء کا مجموعی پروگرام ۲۱۸ کروڑ روپے کی حد تک تھا - مگر موجودہ ہنگامی اور پرآشوب حالات کے پیش نظر جو ہماری سرحدات پر رونما ہو رہے ہیں - یہ ضروری سمجھا گیا ہے کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام کے لئے مقررہ اخراجات کا ۵ فیصد روک لیا جائے - یہ پانچ فیصد کی تخفیف سال کے دوران مزید سرمایہ دستیاب ہونے پر بحال کر دی جائے گی - میں ایوان کو یقین دلاتا ہوں کہ اس

وقتی تخفیف کو عمل میں لاتے ہوئے حکومت ۶۶ - ۱۹۶۵ء کے ترقیاتی پروگرام کے خطہ واری اور علاقائی تقدیمات کو مدنظر رکھے گی -

۱۴ - ۶۶ - ۱۹۶۵ء کے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں تمام تر زور ان وعدوں کی بجا آوری پر دیا گیا ہے - جو صدر مملکت نے اپنے انتخابی منشور میں قوم سے کئے تھے سال آئیندہ کے لئے ذرائع آمدنی محدود ہونے کے باوجود منشور کے وعدوں کی بجا آوری تقدیمات کو دوبارہ ترتیب دینے سے ممکن ہو سکی ہے -

۱۵ - تیسرے منصوبے کے طریق کار مقصد قومی ذرائع آمدنی سے زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کرنا ہے - جو صدر کے منشور میں سب سے زیادہ اہم وعدہ ہے- زراعت کے ضمن میں سال آئندہ کے پروگرام میں ان تبدیلیوں پر زیادہ توجہ اور زور دیا جا رہا ہے - جو تیسرے منصوبے کے دوران کی جا رہی ہیں - مشینوں سے فائدہ حاصل کرنے سے متعلق اس جامع سکیم کے لئے ایک معقول گنجائش فراہم کی گئی ہے - جس میں ترقیات اراضی ، مشینی کاشت اور ٹیوب ویل شامل ہیں - آب پاشی کے چاہات اور ٹیوب ویلوں کے لئے نجی سرمایہ کاری کی غرض سے ایک امدادی رقم مہیا کی جائے گی - کیمیاوی کھاد کے لئے رقمی گنجائش میں اضافہ کیا گیا ہے - مقامی پیداوار سے پورا پورا فائدہ اٹھانے کے علاوہ ۸ کروڑ روپے کی مالیت کی کیمیاوی کھاد درآمد کرنے کی تجویز

ہے ۔ صنعت کے میدان میں بھی سال آئندہ کا میزانیہ تیسرے منصوبے کے طریق کار پر عمل پیرا ہوگا ۔ بھاری صنعتوں اور سیمنٹ اور کیمیاوی کھاد کی زیادہ پیداوار پر بہت زور دیا گیا ہے ۔

۱۶ ۔ صدر کی اس یقین دہانی کے بموجب کہ حکومت سیم اور تھور پر قابو پانے کے لئے تمام ضروری اقدام کرے گی ، صوبے میں بحالی اراضی کے پروگرام کو تیز کیا جا رہا ہے ۔ آبی ترقیاتی پروگرام کی تمام تر توجہ بحالی کے ہر دو منصوبوں یعنی ٹیوب ویل اور اخراج آب پر مرکوز کی جائے گی ۔ چنانچہ چج دوآب ، زیریں تھل اور خیرپور میں ٹیوب ویل کے منصوبوں کے لئے کثیر رقوم کی گنجائش رکھی گئی ہے ۔ غلام محمد بیراج اور لاڑکانہ شکارپور میں اخراج آب کے کام کو تیز کر دیا جائے گا ۔

۱۷ ۔ صدر کی جانب سے ایک یقین دہانی دیہی تعمیراتی پروگرام کے دائرہ کار اور مالیاتی دائرہ میں اضافہ کئے جانے سے متعلق تھی ۔ ایوان کو یہ معلوم کر کے خوشی ہو گی کہ دیہی تعمیراتی پروگرام کے لئے سال رواں کے ۱۰ کروڑ روپے کے مقابلہ میں ۶۶ - ۱۹۶۵ء میں خالص تخصیص رقم ۱۵ کروڑ روپے ہوگی ۔ بعض ترقیاتی منصوبوں پر عمل کرانے کے لئے حکومت آئندہ سال سے ان کو ضلعی کونسلوں کی تحویل میں منتقل کرنے کی تجویز پر غور کر رہی ہے ۔ چنانچہ بنیادی جمہوریتوں کے فرائض اور ذمہ داریوں میں اضافہ کئے جانے کا آغاز ہو گیا ہے ۔

۱۸ - ۱۹۶۵ء - ۶۶ کے ترقیاتی پروگرام میں تعلیمی سہولتوں کی متواتر توسیع بالخصوص ثانوی درجے اور فنی تعلیم کے لئے رقمی گنجائش فراہم کی گئی ہے - آئندہ سال کے پروگرام میں ۵ نئے انٹرمیڈیٹ کالج ، ۱۰ نئے ہائی سکول کھولے جائیں گے - اس کے علاوہ ۵ مڈل سکولوں کو ہائی سکولوں کا درجہ دیا جائے گا - تعلیمی معیار کو بلند کرنے کی غرض سے اعلیٰ قسم کی درس گاہیں قائم کرنے کیلئے کثیر رقوم کی تخصیص کی گئی ہے - سال آئندہ کے بجٹ میں ۳ سنٹرل ماڈل سکول اور ۸ اعلیٰ قسم کے سکول قائم کرنے کے لئے رقمی گنجائش مہیا کی گئی ہے - غیر ترقیاتی بجٹ میں ڈسٹرکٹ کونسل ہائی سکولوں کو صوبائی تحویل میں لینے کے لئے ۵۰ لاکھ روپے کی رقم مخصوص کی گئی ہے -

۱۹ - حکومت رہائشی مکانات کی اس شدید قلت سے بخوبی آگاہ ہے - جو شہروں کی طرف لوگوں کے بڑھتے ہوئے رخ کے باعث معرض وجود میں آئی ہے - حکومت کے محدود ذرائع کے پیش نظر یہ مسئلہ جلد حل نہیں ہو سکتا چنانچہ بے خانماں لوگوں کی بحالی اور بہتر رہائشی سہولتوں کی فراہمی سے متعلق صدر کی ہدایات کو عملی جامہ پہنانے کے کام میں مقامی مجالس کو شریک کار بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے - کم آمدنی والے زمرے سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو سکونتی سہولتیں فراہم کرنے کے لئے سال آئندہ کے میزانیے میں امپرومنٹ ٹرسٹ لاہور

اور ضلع سرگودھا کو تین ضلعی کونسلوں کو قرضہ دئیے جانے کی گنجائش رکھی گئی ہے - سالانہ ترقیاتی پروگرام میں کراچی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے سستے مکانات کی تعمیر کی دیگر سکیموں اور فلیٹس کی کثیر منزلہ عمارت کے لئے بھی رقمی گنجائش شامل ہے - اس کے علاوہ کراچی، لاہور اور حیدر آباد میں تعمیر مکانات کی موجودہ سکیموں پر حکومت کی جانب سے براہ راست خرچ کے لئے میزانئے میں رقمی گنجائش فراہم کی گئی ہے -

۲۰ - ایوان کو یہ معلوم ہے کہ معاشی ترقی کے طویل المیعاد منصوبے اسی صورت میں کامیاب ہو سکتے ہیں جب آبادی میں اضافے کو معقول حدود کے اندر رکھا جائے - اپنے منشور میں یہ یقین دلایا ہے کہ آبادی میں غیر متوازن اضافے کے باعث عوام کے معیار زندگی کی اصلاح میں کوئی کمی نہ آنے دی جائے گی - چنانچہ اس اہم کام کو شروع کرنے کیلئے آئندہ سال کے بجٹ میں حکومت کے لئے ایک وافر رقمی گنجائش مہیا کی گئی ہے -

۲۱ - صوبے کے پس ماندہ علاقوں کی ترقی کو تیز کرنے کی پالیسی پر حکومت استقلال سے قائم ہے - ۶۶-۱۹۶۵ء کے میزانیے میں مختلف علاقوں کے لئے جو مختلف رقوم مخصوص کی گئی ہیں ان سے کم ترقی‌یافتہ علاقوں میں سرمایہ کاری کو تیز کرنے کیلئے حکومت کا عزم عیاں ہے - مجموعی پروگرام کے

۲۱۸ کروڑ روپے میں سے ۲۸ کروڑ روپے قلت کی کو بحصہ متناسب کم کرنے کے بعد یہ خالص تخصیصات حاصل کی گئی ہیں - موازنے کی غرض سے ۶۵ - ۱۹۶۴ء کی ابتدائی تخصیصات بھی ۳۰ کروڑ روپے کی حد تک کم کر دی گئی ہیں - یہ وہ رقم ہے جس کی سال رواں کے میزانیہ میں کمی کے طور پر گنجائش رکھی گئی تھی -

۲۲ - سابق شمال مغربی سرحدی صوبے کیلئے تخصیص رقوم ۶۵ - ۱۹۶۴ء میں ۷۸۵ء کروڑ روپے سے بڑھ کر ۶۶ - ۱۹۶۵ء میں ۹۴۵۴ کروڑ روپے تک پہنچ جائے گی - بجٹ میں خانپور بند کی تعمیر کے لئے رقم مہیا کی گئی ہے - ٹانڈہ بند کے لئے بھی ایک کثیر رقم نشان زد کی گئی ہے - جس کا کام تکمیل کے آخری مراحل پر ہے -

۲۳ - سابق سندھ کے لئے خالص تخصیص رقوم سال رواں کے ۲۹۶۷ کروڑ روپے کے مقابلے میں ۶۶ - ۱۹۶۵ء میں ۳۱۶۷ کروڑ روپے ہو گی - موجودہ آبپاشی آبادکاری اور بحالیاتی منصوبوں پر کام بدستور جاری رہے گا - بجٹ میں اہم نئے منصوبے جو شامل ہیں وہ جنوبی علاقے میں بجلی کی تاریں لگانے کی سکیم اور نئے ۲۰۰ ایم ڈبلیوحر برقی مرکز کا قیام ہے جو سابق سندھ کے علاقہ کو بجلی مہیا کرے گا - (hear, hear)

۲۴ - سابق بلوچستان کے لئے آئندہ سال کے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں ۵٫۷۹ کروڑ روپے مخصوص کئے گئے ہیں - سال رواں میں یہ خالص تخصیص رقم ۵٫۶۴ کروڑ روپے ہے - اس علاقے میں آبپاشی کی تجاویز کے جائزے اور تحقیقات نیز دریائے ہنگول اور دریائے دشت پر بند کی تعمیر کے امکانات زیر غور لانے کے لئے سال آئندہ کے بجٹ میں معقول رقم فراہم کی گئی ہے -

۲۵ - سابق صوبہ پنجاب کے لئے خاص تخصیص رقوم ۶۵-۱۹۶۴ء کے ۳۵٫۷۰ کروڑ روپے کے مقابلے میں ۶۶ - ۱۹۶۵ء میں ۴۷٫۴۵ کروڑ روپے ہوگی - یہ معقول اضافہ خاص طور پر سیم اور تھور پر قابو پانے کے اقدام کو تیز تر کرنے کے لئے کیا گیا ہے - (hear, hear)

۲۶ - سرحدی علاقوں کے لئے تخصیص رقوم ۶۵ - ۱۹۶۴ء کے ۲ کروڑ روپے کے مقابلے میں ۶۶ - ۱۹۶۵ء میں ۳٫۰۹ کروڑ روپے ہے - سال آئندہ کے میزانیہ میں گومل زام بند پر کام شروع کرنے کے لئے رقمی گنجائش مہیا کی گئی ہے -

۲۷ - کراچی ڈویژن کے لئے ۶۵ - ۱۹۶۴ء کی ۱۰٫۰۲ کروڑ روپے کے مقابلہ میں ۶۶ - ۱۹۶۵ء میں خالص تخصیص رقوم ۶٫۴۴ کروڑ روپے ہے - سال آئندہ کی رقوم میں ۵٫۷۸ کروڑ روپے کی لاگت کا ایک وہ پروگرام شامل نہیں ہے جسے کراچی ڈویلپمنٹ اتھارٹی

اپنے ذرائع سے سرانجام دے گی - کراچی کے لئے رقوم کی تخصیص میں سالہائے آئندہ میں جب بھاری صنعتوں کے قیام کا کام پورے زور سے شروع ہوگا - بہت زیادہ اضافہ ہو جائے گا -

۲۸ - بہاول پور ڈویژن کے لئے سال رواں کی ۳۶۸۲ کروڑ روپے کے مقابلے میں سال آئندہ کے میزانیہ میں ۴۰۲ کروڑ روپے کی تخصیص کی گئی ہے - بہاولپور ڈویژن کی نئی سکیموں میں سرمایہ کاری کی غرض سے ۶۰ لاکھ روپے کی خاص یکمشت رقمی گنجائش مہیا کی گئی ہے - کیونکہ سالانہ ترقیاتی پروگرام میں جو مخصوص سکیمیں شامل ہیں ان کے باعث اس علاقے میں معقول حد تک سرمایہ نہیں لگایا جا سکا - چنانچہ یہ توقع ہے کہ منجملہ دیگر امور اس یکمشت رقمی گنجائش کو علاقے میں سیم کی لعنت سے چھٹکارا پانے کے لئے اخراج آب کی سطحی تعمیرات کا کام شروع کرنے پر استعمال کیا جائے گا -

۲۹ - جناب والا - اب میں مالی سال رواں میں صوبے کی مالی حالت کا مختصر سا جائزہ لوں گا -

۳۰ - ۶۵ - ۱۹۶۴ء کے تخمینہ میزانیہ کے ۱۶۴ کروڑ ۷۳ لاکھ روپے کے مقابلہ میں محاصل آمدنی کا نظرثانی شدہ تخمینہ ۱۵۵ کروڑ ۶۸ لاکھ روپے ہے - یہ کمی دراصل مرکزی حکومت اور غیر ملکی امدادی اداروں سے کم ترقیاتی عطیات ملنے کے باعث

واقع ہوئی ہے - اراضی کی فروخت سے حاصل شدہ رقوم متوقع رقوم سے کم تھیں کیونکہ سابق پنجاب اور بہاولپور میں اراضی کی فروخت روک دی گئی تھی - اور حیدر آباد ڈویژن میں طوفان کے باعث اقساط کی وصولی معطل کرنا پڑی -

۳۱ - ۶۵ - ۱۹۶۴ء تخمینہ میزانیہ کے ۱۵۴ کروڑ ۷۷ لاکھ روپے کے مقابلے میں محاصلی اخراجات کا نظرثانی شدہ تخمینہ ۱۵۲ کروڑ ۸۵ لاکھ روپے ہے -

۳۲ - حساب سرمایہ کی مد میں سال رواں کے میزانیہ میں ۱۹۰۶۵ کروڑ روپے کا مجموعی خرچ مہیا کیا گیا تھا - اخراجات کا نظر ثانی شدہ تخمینہ ۱۵۶۶۹ کروڑ روپے ہے - میزانیئے میں وصولیات سرمایہ کا اندازہ ۱۵۲۶۸ کروڑ روپے تھا - جس کے مقابلے میں نظر ثانی شدہ تخمینہ ۱۴۵۶۵ کروڑ روپے ہے وصولیات میں یہ کمی خاص طور پر غیر ملکی قرضوں کے باعث ہوئی ہے - نقد ذرائع سے سرمایہ کاری توقع سے زیادہ ثابت ہو گی -

۳۳ - اب میں ۶۶ - ۱۹۶۵ء کے تخمینہ جات میزانیہ پیش کرتا ہوں -

۳۴ - ۶۶ - ۱۹۶۵ء میں مالی سال رواں کے نظر ثانی شدہ تخمینے ۱۵۵ کروڑ ۶۸ لاکھ کے مقابلے میں محاصل آمدنی کا تخمینہ ۱۷۷ کروڑ ۲۰ لاکھ روپے ہے -

محاصلی اخراجات کا تخمینہ ۶۶ - ۱۹۶۵ء میں ۱۷۵ کروڑ ۲۴ لاکھ روپے ہے - جس کے مقابلے میں نظرثانی شدہ تخمینہ ۱۵۲ کروڑ ۸۵ لاکھ روپے ہے - چنانچہ محاصل میں ۱ کروڑ ۹۶ لاکھ روپے کی رقم فاضل ہوگی -

۳۵ - محاصل آمدنی میں ۲۱ کروڑ ۵۲ لاکھ روپے کا اضافہ بالخصوص مرکزی ٹیکسوں کے عطیات کی وجہ سے ہوا ہے - جو ۶۵ - ۱۹۶۴ء میں ۳۷ء۵۷ کروڑ روپے سے بڑھ کر ۶۶ - ۱۹۶۵ء میں ۵۸ء۹۳ کروڑ روپے ہو جائیں گے - مرکزی ٹیکسوں کے حصے میں یہ اضافہ مرکزی محصولات کی وصولیات میں اضافہ ہونے کے باعث ہے اور ان نظرثانی شدہ انتظامات کے بناء پر واقع ہوئی ہے جو صدر نے مرکز اور صوبوں کے درمیان محاصل کی تقسیم کے بارے میں منظور کئے ہیں - ان نئے انتظامات کے تحت جو ۶۵ - ۱۹۶۴ء کے مالیاتی کمیشن کی سفارشات پر مبنی ہیں صوبوں کو انکم ٹیکس کی وصولیات کا ۶۵ فی صد حصہ ملے گا جو پہلے ۵۰ فی صد تھا - محصول فروخت اور محصول آبپاشی میں صوبائی حصہ ۶۰ فی صد سے ۶۵ فی صد کر دیا گیا ہے - لیکن محصول برآمد میں صوبوں کا حصہ ۱۰۰ فی صد سے ۶۵ فی صد کر دیا گیا ہے - قابل تقسیم سرمائے کے متعلق ہر صوبے کی حیثیت حسب سابق بحال رکھی گئی ہے - ان سفارشات کی وجہ سے مغربی پاکستان تقریباً ۶ء۵ کروڑ روپے کی مزید رقم ۶۶ - ۱۹۶۵ء میں وصول کرے گا -

لیکن چونکہ بعض عطیات منسوخ کر دئیے جائیں گے اس لئے خاص آمدنی تقریباً ۳ کروڑ روپے رہ جائے گی۔ یہ طے کیا گیا ہے کہ نظرثانی شدہ انتظامات کے تحت صوبوں کو جو مزید آمدنی ہوگی وہ خالصتاً ترقیاتی کاموں کے لئے مختص کی جائے گی۔

۳۶ - صوبے کی آمدنی میں بھی گو معمولی لیکن مستقل اضافہ ہوا ہے۔ آب پاشی کے خالص محاصل آمدنی میں کچھ کمی واقع ہونے کی توقع ہے۔ یہ کمی رچنا دوآب اور چج دوآب کے ایک حصے میں بحالی اراضی کے منصوبے چلانے پر گرانبار اخراجات عائد ہونے کے باعث واقع ہوگی جو آب پاشی سے وصول شدہ مجموعی آمدنی کے اضافے کو کم کر دے گی۔

۳۷ - محاصلی اخراجات میں اضافہ زیادہ تر ترقیاتی کاموں اور ترقیاتی محکموں کے متوالی اخراجات کے لئے کثیر رقمی گنجائش فراہم کرنے کے باعث رونما ہوا ہے۔ مثال کے طور پر محکمہ تعلیمات کے متوالی اخراجات ۶۵ - ۱۹۶۴ء میں ۲۶۴۷ کروڑ روپے سے متجاوز ہو کر ۶۶ - ۱۹۶۵ء میں ۲۹۵۶ کروڑ روپے ہو جائیں گے۔ محاصلی اخراجات میں اضافہ ہونے کی دوسری اہم وجہ سود کی ادائیگی کی بحالی ہے جس کی رقم ۴ کروڑ روپے ہے جو مرکزی حکومت نے ۶۵ - ۱۹۶۴ء تک ختم ہونے والے تین سال کے لئے ملتوی کر دی تھی۔

۳۸ - ۶۶ - ۱۹۶۵ء کے حساب سرمایہ میں خالص اخراجات

کا تخمینہ ۱۵۷ کروڑ روپے ہے اس میں سے ۷۶٫۳۲ کروڑ روپے حکومت کی براہ راست سرمایہ کاری کے لئے مختص ہیں اور ۷۳٫۵۹ کروڑ روپے نیم مختار اداروں کو قرضے اور پیشگیاں دینے کے لئے مقرر کئے گئے ہیں ۶۶ - ۱۹۶۵ء کے دوران میں وصولیات سرمایہ ۱۵۲٫۸۲ کروڑ روپے ہوں گی - نقد بقایاجات میں سے کچھ نکالنا لازمی ہو جائے گا -

۳۹ - ہنگامی مد کے تحت ۱۲ کروڑ روپے کی رقم رسمی طور پر حاصل کی جا رہی ہے - یہ وہی رقم ہے جو سال رواں کے میزانیہ میں مہیا کی گئی ہے - یہ آئین کی دفعہ ۷۴ (۲) کے تحت مجوزہ رقم سے بہت ہی کم ہے - میں اپنی سابقہ یقین دہانی کا اعادہ کرنا چاہتا ہوں کہ ہنگامی مد کے تحت منظور شدہ اخراجات کی اجازت ایوان سے مناسب وقت پر حاصل کر لی جائے گی -

۴۰ - ۶۶ - ۱۹۶۵ کے سالانہ ترقیاتی پروگرام کی سرمایہ‌کاری کے انتظامات سے یہ امر عیاں ہے کہ صوبے کے شرکتی حصے میں بھی نمایاں اضافہ ہوا ہے ۶۵ - ۱۹۶۴ء کے تخمینہ میزانیہ کے ۴۳ کروڑ کے مقابلے میں ۶۶ - ۱۹۶۵ء میں صوبے کا شرکتی حصہ ۵۷٫۵ کروڑ روپے ہو جائے گا - ایک قابل ذکر امر یہ بھی ہے کہ نیم مختار ادارے اپنی سرمایہ کاری کو اپنے ذرائع ہی سے پورا کرنے کے لئے پوری کوشش کر رہے ہیں - توقع یہ ہے کہ خالص پروگرام میں ان نیم مختار اداروں کا شرکتی حصہ ۶۵ - ۱۹۶۴ء کے

میزانیئے میں ۲۶۸۵ کروڑ روپے سے بڑھ کر ۶۶ - ۱۹۶۵ء
میں ۵۶۵۷ کروڑ روپے ہو جائے گا ۔ آئندہ سال
کے لئے سالانہ ترقیاتی پروگرام کی سرمایہ کاری
کے لئے مرکزی حکومت سے قرضہ جات اور عطیات کی
شکل میں ۴۷ کروڑ روپے اور ۵۰ کروڑ روپے غیرملکی
امداد کی گنجائش رکھی گئی ہے ۔

جناب والا ۔ میں اب آئندہ سال کے نئے ٹیکس کی تجاویز کی طرف رجوع کرتا ہوں ۔ جیسا کہ میں پہلے ذکر کر چکا ہوں یہ اشد ضروری ہے کہ ہم اپنے تمام تر وسائل کام میں لائیں تاکہ جو معاشی نصب العین ہم نے تیسرے پنج سالہ منصوبہ میں متعین کئے ہیں ان کو پایۂ تکمیل تک پہنچا سکیں ۔ ترقی کی رفتار کو تیز تر کرنے ، بیرونی امداد پر انحصار کم کرنے اور ہنگامی ضروریات کے واسطے رقم فراہم کرنے کے لئے یہ لازم ہے کہ حکومت کے وسائل میں اضافہ کیا جائے ۔

آئندہ سال کے ٹیکس کی تجاویز کی تشکیل میں صوبائی حکومت نے صدر مملکت کے منشور سے رہنمائی حاصل کی ہے جس میں اس بات کا عہد کیا گیا ہے کہ ٹیکس کا بار مناسب اور منصفانہ ہوگا ۔ مجوزہ ٹیکس کا بار بالخصوص معاشرے کے متمول طبقہ پر پڑے گا جو ٹیکس ادا کرنے کی پوری استعداد رکھتا ہے جہاں کہیں بھی ٹیکس کا اثر کم آمدنی والے طبقوں پر منتقل ہونے کا احتمال تھا وہاں ٹیکس کی شرح میں اضافہ بہت ہی معمولی تجویز کیا گیا ہے ۔

فنانس بل میں یہ تجویز کی گئی ہے کہ موٹر گاڑیوں پر ٹیکس کی شرح میں اضافہ کیا جائے ۔ نجی موٹر کاروں کی شرح میں

پچاس روپیہ سالانہ اضافہ ہو جائے گا ۔ ٹیکسیوں اور ٹرکوں کی شرح میں یکساں ۲۰ فیصد اضافہ کی تجویز ہے ۔ موٹر رکشوں پر ٹیکس میں صرف ۱۰ روپے کا اضافہ ہوگا ۔ بسوں پر ٹیکس کی بنیادی شرحوں میں یکساں ۱۰ فیصد اضافہ کی تجویز کی گئی ہے ۔ خراب اور پہاڑی سڑکوں پر چلنے والی بسوں کو جو مراعات اس وقت حاصل ہیں ۔ وہ بدستور جاری رہیں گی ۔ موٹر سائیکل اسکوٹر اور مریضوں کے استعمال کی گاڑیوں وغیرہ پر ٹیکس میں کوئی تبدیلی نہیں کی جا رہی ہے ۔

دوسری تجویز یہ ہے کہ ایک ہزار روپے کی مالیت سے زیادہ کے انتقال ناموں پر مزید اسٹامپ ڈیوٹی لگائی جائے ۔ ایک ہزار روپے سے زیادہ مالیت پر اس زائد اسٹامپ ڈیوٹی کا اثر تقریباً ایک فیصد ہوگا ۔ زائد اسٹامپ ڈیوٹی ان دستاویزات پر بھی عائد ہوگی جن پر انتقال ناموں کی شرح کے حساب سے ٹیکس لگتا ہے ۔ قلیل سرمایہ لگانے والوں کی سہولت کے پیش نظر کمپنیوں کے حصص انتقال ملکیت کو اس زائد اسٹامپ ڈیوٹی سے مستثنیٰ رکھا جائے گا ۔

سرمایہ کے منافعوں (Capital Gains) پر موجودہ ٹیکس صرف ان علاقوں تک محدود ہے ۔ جہاں شہری غیر منقولہ جائیداد پر ٹیکس لگتا ہے ۔ شہروں کی تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کے باعث رہائشی نو آبادیات اداروں کی تعمیر اکثر و بیشتر شہروں کی پرانی حدود سے باہر پھیلتی جا رہی ہے ۔ یہ تجویز ہے کہ ان علاقوں میں بھی اس ٹیکس کا نفاذ کیا جائے ۔ غیر منقولہ جائیداد کے انتقال جو حکومت کے لازمی حصول کے سبب ہوتے ہیں ۔ اس وقت ٹیکس سے مستثنیٰ ہیں ۔ اس رعایت کو ختم کرنے کی تجویز پیش کی جاتی ہے اس رعایت کا کوئی جواز نہیں چونکہ منافع کمانے کے مواقع ان صورتوں میں بھی اس قدر حاصل ہیں ۔ حکومت جو

قیمتیں ادا کرتی ہے ۔ وہ دیگر نجی خریدوفروخت کی قیمتوں کے ساتھ ساتھ بڑھ رہی ہیں ۔

یہ تجویز کی گئی ہے کہ موجودہ ابتدائی تعلیمی سرچارج Primary Education (Surcharge) کی بجائے ہوٹلوں پر ایک ایسا ٹیکس لگایا جائے جس کی بنیاد زیادہ وسیع ہو اور جس کا تعین ہوٹل کی رہائش گنجائشی کے مطابق ہو ۔ اس ٹیکس کے انتظام میں سہولت ہوگی اور یہ ان دشواریوں سے مبرا ہوگا جو کہ موجودہ ٹیکس میں پیش آتی ہیں ۔ سستے قسم کے ہوٹل جن میں عموماً عام طبقے کے لوگ قیام کرتے ہیں ان کو خاص طور پر ٹیکس سے مستثنیٰ رکھا گیا ہے ۔

مزید وسائل کی اشد ضرورت کے پیش نظر یہ لازمی ہے کہ زراعتی ٹیکسوں کا نسبتاً زیادہ بار زمینداروں کا متمول طبقہ برداشت کرے اس سلسلہ میں یہ تجویز ہے کہ زراعتی آمدنی پر جو ٹیکس سابق صوبہ سرحد پنجاب اور بہاولپور کے علاقوں میں نافذ ہے اس کے حد استثناء کو دو سو پچاس روپیہ سے کم کرکے ایک سو پچاس روپیہ کر دیا جائے۔ ٹیکس کے موجودہ درجات مالیہ کی رقم پر مبنی ہیں ان کو اس مناسبت سے بڑھانے کی تجویز ہے نیز یہ تجویز ہے کہ سابق صوبہ سندھ میں بھی زراعتی آمدنی پر ایک نسبتاً کم شرح ٹیکس لگایا جائے ۔ وہاں اڑھائی سو روپیہ تک مالیہ ادا کرنے والے افراد اس ٹیکس سے مستثنیٰ ہوں گے ۔ اس کے ساتھ ساتھ شمالی علاقوں میں زراعتی آمدنی کے ٹیکس پر اور جنوبی علاقوں میں مالیہ پر جو سرچارج گذشتہ سالوں میں فنانس ایکٹ کے تحت لگائے گئے تھے ان کو ختم کیا جا رہا ہے ۔

ٹیکس کی جو تجاویز ۶۶ - ۱۹۶۵ء کے لئے پیش کی گئیں ہیں ان سے وضع شدہ وصولیابی کا تخمینہ تقریباً ۱۴۲ لاکھ روپے ہے ۔ حکومت

نے اپنے وسائل میں اضافہ کرنے کے لئے مزید تدابیر اختیار کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے جیسا کہ ایوان کو علم ہے ۔ آبپاشی اور پانی کے نکاس نیز بحالی اراضی اور سیلاب سے تحفظ کے منصوبوں پر حکومت کثیر رقم خرچ کر رہی ہے ۔ نتیجہ کے طور پر ان منصوبوں کی نگہداشت اور سود کی ادائیگی پر خرچ میں مسلسل اضافہ ہوتا جا رہا ہے ۔ ان اخراجات اور آبیانہ سے وصول یابی میں مناسبت پیدا کرنے کے لئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ آئندہ سال آبیانہ کی شرحوں میں ۱۰ فیصد اضافہ کر دیا جائے ۔ ۱۹۶۵ء - ۶۶ میں اس تجویز سے آمدنی کا تخمینہ ۱۸۷ لاکھ روپے ہے ۔

یہ بھی فیصلہ کیا گیا ہے کہ حکومت W.P.I.D.C. کے منصوبوں میں جو سرمایہ لگاتی ہے ۔ ان پر کارپوریشن ۱۹۶۵ء - ۶۶ سے ایک مقررہ منافع ادا کرے گی ۔ آئندہ سال اس ذریعہ سے پچھتر ہزار مزید آمدنی کا تخمینہ ہے اس منافع کی شرح میں سال بہ سال اضافہ کرکے اس کی رقم کو مناسب حد تک لے جایا جائے گا ۔

جناب والا ! میں نے آپ کے سامنے جو تجاویز پیش کی ہیں ان سے حکومت کی آمدنی میں اضافے کا مجموعی تخمینہ ۴ کروڑ ۱۲ لاکھ روپے ہے ۔

آخر میں میں ایوان کو یقین دلاتا ہوں کہ ہم محصولات کی ادائیگی سے گریز کے امکانات کو کم سے کم کرنے کی غرض سے ان کی وصولیابی کے طریقوں کی اصلاح کرنے کی کوشش جاری رکھیں گے ۔ اس مقصد کے پیش نظر حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ جہاں کہیں ممکن ہو محصولات کی یکمشت ادائیگی کا نفاذ کیا جائے گا ۔

جناب والا ! پاکستان آج اپنی معاشی و سیاسی تاریخ کے دو راہے پر ہے ۔ دوسرے پنج سالہ منصوبے میں جو عظیم الشان کامیابی حاصل

ہوئی ہے ۔ وہ ہماری تمام توقعات سے فزون تر ہے ۔ تیسرا پنج سالہ منصوبہ جو حال ہی میں منظور ہوا ہے قومی معیشت کے خود کفیل ہو جانے کا یقین دلاتا ہے ۔ ملک کو ایک جدید اور ترقی پذیر آئین کے تحت سیاسی استحکام حاصل ہوا ہے ۔

جناب والا ۔ ہم تہہ دل سے صدر مملکت فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کے ممنون ہیں جن کی نگرانی اور رہنمائی میں ملک عظمت اور ترقی کی نئی بلندیوں تک جا پہنچا ہے ۔ یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ صوبہ مغربی پاکستان ہمارے گورنر ملک امیر محمد خان کی قوت عمل تجربے اور دور اندیشی کے باعث ہر شعبے میں شاہراہ ترقی پر گامزن ہے ۔ (Hear ! Hear !)

جناب والا ۔ آج ہمیں نہ صرف گذشتہ چند سالوں کے قومی کارناموں پر فخر کا احساس ہے بلکہ صدر مملکت کے منشور میں پیش کردہ ہدایات اور عزائم نے ہمارے دلوں میں مستقبل کے لئے ایک عظیم جذبہ پیدا کر دیا ہے ۔ صدر مملکت فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کی لائق ، مستعد اور جذبات آفرین قیادت کو قوم کی پر زور تائید حاصل ہے ۔ اس قیادت کے تحت پاکستان اب ایک ایسے آزاد اور خوش حال معاشرہ کے نصب العین کے حصول کی طرف تیزی سے گامزن ہے جو معاشرتی عدل و انصاف کے اسلامی اصولوں پر قائم ہوگا ۔

۴۱ ۔ آخر میں میزانئے کی تیاری کے ضمن میں محکمہ مالیات کے افسروں اور اہلکاران عملہ کی شبانہ روز کاوش و محنت کا اعتراف کرنا ضروری خیال کرتا ہوں ۔ میں محکمہ منصوبہ بندی و ترقیاتی پروگرام کے افسروں اور عملہ کا بھی ممنون ہوں کہ انہوں

نے سالانہ ترقیاتی پروگرام کی تیاری میں امداد بہم
پہنچائی ۔

THE WEST PAKISTAN FINANCE BILL 1965-66 (*Introduction*)

Mr. Speaker : Now, the Finance Bill.

Minister of Finance (Sheikh Masood Sadiq) : Sir, I beg to introduce the West Pakistan Finance Bill, 1965.

Mr. Speaker : The West Pakistan Finance Bill, 1965 stands introduced.

The House now stands adjourned till 8·00 a.m. tomorrow.

The Assembly then adjourned till 8-00 a. m. on Wednesday, the 16th June, 1965.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FIRST SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Wednesday, the 16th June, 1965.

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-00 a.m. of the Clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi, (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَا ۭ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَي اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝ لِّكَيْلَا تَاْسَوْا عَلٰي مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَآ اٰتٰىكُمْ ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرِۨ ۝ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ ۭ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝ لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِيْزَانَ لِيَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۚ وَاَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَاْسٌ شَدِيْدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ وَرُسُلَهٗ بِالْغَيْبِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝

پ ۲۷۔ س ۵۷۔ رکوع ۱۹۔ آیات ۲۲ تا ۲۵

کوئی مصیبت ملک پر اور خود تم پر نہیں آتی مگر قبل اس کے کہ ہم اس کو پیدا کریں ایک کتاب میں مندرج ہے اور یہ کام اللہ کو آسان ہے تاکہ جو (چیزیں) تم سے چلی گئیں اس کا غم نہ کرو اور جو تم کو اس نے دیدیا اس پر اترایا نہ کرو اور اللہ کسی اکڑ کر چلنے والے شیخی خور کو پسند نہیں کرتا۔ جو خود بھی بخل کریں اور لوگوں کو بھی بخل کی تلقین کریں اور جو شخص بھی روگردانی کرے گا تو اللہ بے پرواہ ہے اور وہی لائق حمد و ستائش ہے۔ ہم نے اپنے پیغمبروں کو کھلی نشانیاں دے کر بھیجا اور ان پر کتابیں نازل کیں اور (عدل کی) ترازو قائم کردی تاکہ لوگ انصاف پر قائم رہیں۔ اور فولاد پیدا کیا اس میں جنگ کے لحاظ سے خطرہ بھی شدید ہے اور لوگوں کے لئے فائدے بھی ہیں۔ اس لئے کہ اللہ ان کو معلوم کرے جو بن دیکھے اللہ اور اس کے پیغمبروں کی مدد کرتے ہیں بیشک اللہ قوی اور غالب ہے۔

وما علینا الا البلاغ

THE RAILWAY BUDGET, 1965-66

DISCUSSION ON THE RAILWAY BUDGET AS A WHOLE

Mr. Speaker : Discussion on the Railway Budget as a whole. Khawaja Muhammad Safdar.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱)- جناب والا- میں نے اپنی استعداد کے مطابق ریلوے میزانیہ کو سمجھنے کی کوشش کی ہے- میری رائے میں یہ میزانیہ جناب وزیر ریلوے سے معذرت کے بعد یہ عرض کرونگا کہ انتہائی بے مغز ، بیجان اور بے روح ہے - یہ میزانیہ ہر خوبی سے معرا ہے - اگر کوئی خوبی اس میں ہے اگر اس کو خوبی کہا جا سکتا ہے تو وہ یہ ہے کہ مرکزی وزیر خزانہ کیطرح تیس کروڑ کا ایک نیا بوجھ اور جناب شیخ مسعود صادق وزیر خزانہ صوبائی حکومت کیطرح تقریباً پانچ کروڑ روپے کے مزید ٹیکسوں کا بوجھ انہوں نے اس صوبہ کے عوام پر نہیں ڈالا اور ہمیں ایسے کسی بوجھ کے نیچے دبانے کی کوشش نہیں کی - جناب والا - میرے پاس اس بات کے کہنے کی وجوہات ہیں کہ یہ میزانیہ بے مغز ہے - ریلوے کے محکمہ کی دو حیثیتیں بتائی جاتی ہیں - ایک تو یہ کہ یہ ایک کمرشل ادارہ ہے - کمرشل ادارہ ہی نہیں بلکہ پاکستان کا سب سے بڑا کمرشل ادارہ ہے اور دوسرا یہ ملک کی معیشت کا لازمی جزو ہے اور اس لحاظ سے رفاہی حیثیت بھی رکھتا ہے - مجھے اس بات کا شدید احساس ہے کہ اکثر و بیشتر دوست آج کی بحث میں حصہ لیں گے - اس لئے میں نہایت ہی مختصر وقت میں اپنی گذارشات پیش کرونگا - تھوڑا وقت لوں گا - کیوں کہ کل یا پرسوں بھی کچھ نہ کچھ کہنے کا شاید موقع مل جائے - میں اس میزانیہ کو دو حیثیتوں سے پرکھنے کی کوشش کروں گا - جناب والا - اس میزانیہ سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ریلوے کا منافع ایک کروڑ دس لاکھ روپے ہے - اگرچہ جناب وزیر ریلوے نے اسے ۶½ کروڑ روپے

ظاہر کیا ہے لیکن انہوں نے خود ہی اس سے ۵ کروڑ ۴۰ لاکھ روپے کی رقم سود کی مد میں منہا کر دی ہے اور باقی اصل منافع ایک کروڑ دس لاکھ روپے ہے ۔ آپ اندازہ کیجئے کہ قطع نظر اس اربوں روپے کے جو اس قوم کا اس محکمہ پر پہلے صرف ہوچکا ہے ہم آئندہ سال ریلوے پر ۸۳ کروڑ روپے صرف کریں گے ۔ کچھ ریونیو اخراجات کی صورت میں اور کچھ ترقیاتی اخراجات کی صورت میں ۔ اور اس ۸۳ کروڑ روپے کی لاگت پر منافع کیا مل رہا ہے ۔ ایک کروڑ دس لاکھ روپے ۔ مشکل سے ۱¼ فیصد ۔ یہاں بڑے بڑے کاروباری وہ حضرات اس معزز ایوان میں بطور ممبر تشریف فرما ہیں وہ ہمیں بتائیں کہ کون سا تجارتی کام ہے یا وہ کون سا صنعتی کام ہے جس پر کوئی شخص ۱¼ فیصد منافع کے لئے اپنا روپیہ لگانے پر تیار ہوگا (قطع کلامی) ۔ میں جناب محترم ملک قادر بخش صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ میں اس وقت کمرشل ادارے کی حیثیت سے ریلوے کی کارگذاری کو جانچ رہا ہوں ۔ ابھی کل ہی مسٹر شعیب نے سود کی شرح ۴ فیصد سے بڑھا کر ۵ فیصد کر دی ہے ۔ ۸۳ کروڑ روپے کو اگر بنک میں رکھا جائے ۔ (میں تجارتی پہلو کے متعلق بات کر رہا ہوں) ۔ تو بھی اس سے کہیں زیادہ منافع ہو ۔ آئندہ سال جس منافع کی توقع ہے وہ صرف ایک کروڑ دس لاکھ روپے ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ بھی صرف دکھانے کے لئے ہے ۔ ورنہ اس کی توقع کم از کم مجھے تو نہیں ۔ ہم نے سال رواں میں اپنی متوقع آمدنی ایک کروڑ ۲۶ لاکھ تک زائد ظاہر کی ۔ مگر جب میں نے چاہا کہ قرطاس ابیض سے پتہ کروں کہ یہ مزید آمدنی کس طرح حاصل ہوگی تو مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ وہاں جو کچھ اس کے متعلق لکھا تھا بے معنی تھا ۔ اگر وقت ہوتا تو میں وہ پانچ چھ سطریں ضرور

آپ کو پڑھ کے سناتا ۔ غرضیکہ میری رائے میں یہ منافع بناوٹی ہے ۔ مصنوعی ہے اور محض دکھاوے کے لئے ہے ۔ دراصل آئندہ سال یہ ادارہ خسارے میں جائے گا ۔ کیوں کہ بظاہر ہر روز روڈ اور ریلوے کے درمیان مسابقت کی وجہ سے ریلوے کی آمدنی میں کمی ہو رہی ہے ۔ اس کے پیش نظر مجھے خطرہ ہے کہ آمدنی میں یہ متوقع اضافہ ہمیں شاید میسر نہ آئے ۔

جناب والا ۔ ریلوے کی اس صورت حال سے مجھے ذاتی طور پر ایک پاکستانی کی حیثیت سے سخت تشویش ہے ۔ اگر آپ گذشتہ دس سال میں ریلوے کی آمدنی اور خرچ کا تقابلی جائزہ لیں تو آپ اس نتیجہ پر پہنچیں گے کہ ۱۹۵۵-۶۰ء بلکہ ۱۹۵۹ء تک جب کہ یہاں بدبخت سیاستدان حکمران تھے ریلوے کا اوسط سالانہ منافع دس کروڑ روپے تھا اور آج ان دانشوروں ، حب الوطنی کے ٹھیکیداروں اور اس ملک کے واحد محافظوں کے دور میں وہ gross منافع کم ہو کر اوسطاً سال بھر میں ۶ کروڑ ۴۰ لاکھ ہے اور یہ بتدریج کم ہوتا جا رہا ہے ۔ ہمیں اس کی وجوہات معلوم کرنی ہوں گی ۔ ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ ہمارے اخراجات بڑھ رہے ہیں ۔ شاید اس کے متعلق یہ کہا جائے کہ ہم نے تنخواہوں میں اضافہ کیا ہے ۔ ۱۹۵۵ء میں صرف عملہ پر تقریباً ۴ کروڑ سے کچھ کم رقم خرچ ہوئی اور آج اس پر ۸ کروڑ ۱۱ لاکھ صرف کیا جا رہا ہے ۔ ۱۹۵۵-۵۶ء میں ۴ کروڑ ۲۴ لاکھ تھا ۔ ۴ کروڑ سے کم خرچ درست نہیں ہے گویا اب دوگنا خرچ ہے عملہ پر ۔ شاید یہ کہا جائے کہ صوبائی اسمبلی نے جو ایک اکانومی کمیٹی بنائی تھی جس کا میں بھی ایک ممبر تھا ۔ میں نے اس میں کیوں کوئی ایسی تجویز پیش نہ کی ۔ مگر میں نے

عملہ کے اضافہ کی تجویز پر بھی تو دستخط نہیں کئے تھے۔ صرف اس سال تقریباً تقریباً ۱۷ لاکھ روپے عملہ پر زائد صرف ہو رہے ہیں - نیا سٹاف لایا جا رہا ہے - چاہئے تو یہ تھا کہ موجودہ سٹاف کی کارکردگی زیادہ سے زیادہ بہتر بنائی جاتی - اگر ہمارے کاروبار میں ترقی ہے - کام بڑھ گیا ہے۔ تو اسی سٹاف سے وہ پورا کام لےسکتے ہیں ۔لیکن مجھے افسوس ہے کہ خرچ کی کمی کی طرف کوئی توجہ نہیں دی جا رہی ہے - تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ سال بہ سال ہمارا منافع کم ہو رہا ہے - اسکی یہ وجہ نہیں کہ ہماری آمدنی کم ہو گئی تھی بلکہ قرطاس ابیض کے صفحہ ۹۶ پر جو Table دیا گیا ہے اس کے مطالعہ سے ظاہر ہوگا کہ سال ۵۶-۱۹۵۵ء میں محکمہ ریلوے کی آمدنی ۲۶ کروڑ ۲۱ لاکھ تھی اور پچھلے سال اسکی آمدنی ۵۸ کروڑ روپے تھی - لیکن خرچ کی مقدار بھی اسی طرح سے بڑھ گئی ہے یعنی ۲۶ کروڑ سے بڑھکر ۵۳ کروڑ روپے ہو گئی ہے - یعنی اخراجات میں بھی سو فیصد سے زیادہ اضافہ ہو گیا ہے - ان بڑھتے ہوئے اخراجات کو ہمیں ایک کاروباری اور تجارتی ادارے کے نقطۂ نظر سے روکنا ہوگا - اور وہ ذرائع تجویز کرنے ہوں گے جن سے کہ ہماری آمدنی بغیر خرچ بڑھائی جا سکے - جناب والا - میرے محترم بزرگ جناب ملک قادر بخش صاحب نے ابھی ابھی میری تقریر کے دوران میں مجھے ایک لقمہ دیا تھا - تو میں انکے اشارہ کردہ پہلو کی طرف بھی آتا ہوں اور وہ پہلو یہ ہے کہ محکمہ ریلوے اس ملک کا ایک بہت بڑا رفاعی ادارہ ہے - اس میں سوا لاکھ کے لگ بھگ میرے بھائی ملازم ہیں اور ہر سال تقریباً

بارہ تیرہ کروڑ مسافر ریلوے کے ذریعے سفر کرتے ہیں - اور کم و بیش ڈیڑھ کروڑ ٹن مال ایک جگہ سے دوسری جگہ تک ریلوں میں لاد کر لے جایا جاتا ہے یہ بہت بڑی سروس ہے - میرے نزدیک اسکی آمدنی بھی بہت اچھی ہے - لیکن بحیثیت رفاعی ادارے کے اس محکمے نے اپنے بارہ تیرہ کروڑ مسافروں کے لئے کیا کچھ کیا ہے اور ان بارہ تیرہ کروڑ مسافروں میں سے پچانوے فیصد مسافر تیسرے درجے میں سفر کرنے والے ہوتے ہیں - انکے لئے کیا گیا ہے - خود انکے اپنے ہی اعداد و شمار کے مطابق کل مسافروں کا تقریباً پچانوے فیصد حصہ ان مسافروں کا ہے جو کہ تیسرے درجے میں سفر کرتے ہیں - کیا میں پوچھ سکتا ہوں مجھے تو ان مہیا کردہ کتابوں میں کہیں نظر نہیں آتا کہ کہیں تیسرے درجے کے ڈبوں میں برقی پنکھے لگائے گئے ہوں - شاید مین لائینوں پر لگائے گئے ہوں لیکن برانچ لائنوں پر چلنے والی گاڑیوں میں تو مسافروں کو اس قسم کی سہولت سے نہیں نوازا گیا - آخر ان برانچ لائنوں پر بھی تو پاکستانی لوگ سفر کرتے ہیں - اتنی شدید گرمی میں جبکہ انکے ڈبے تنور کی طرح تپتے ہیں - کیا انہیں برقی پنکھے مہیا کئے جا چکے ہیں - اور کیا سینکڑوں نہیں بلکہ ہزاروں ریلوے سٹیشن ایسے نہیں کہ جو پلیٹ فارم سے عاری ہیں اور جن پر کوئی شیڈ یا کسی قسم کا سایہ موجود نہیں - وہاں صرف خود رو درخت ہو سکتے ہیں جنکے سائے میں مسافر کچھ دیر سستانے کے لئے بیٹھ جاتے ہیں یا گاڑی کے انتظار میں ان کے سائے سے مستفید ہوتے ہیں - ہمارے ریلوے کا محکمہ اس غرض کے لئے کیا کر رہا ہے - اس ضمن میں پچھلے سال ۴۳ لاکھ روپے مہیا کئے گئے تھے - لیکن اس رقم میں سے صرف ۳۰ لاکھ روپے ہی خرچ کئے گئے تھے -

اور صرف ہمیں خوش کرنے کی غرض سے وہ ۱۳ لاکھ روپیہ اس سال کے لئے رکھا گیا ہے۔ اور اسی غرض کے لئے اس سال ۵۱ لاکھ روپے مختص کئے گئے ہیں لیکن اس میں سے بھی صرف ۳۰ لاکھ روپے کے لگ بھگ ہی خرچ ہونگے۔ کیونکہ سال ۶۴-۱۹۶۳ء میں بھی ہم نے دیکھا تھا کہ صرف ۳۲ لاکھ روپے ہی اس ضمن میں خرچ کئے گئے تھے۔ کیا ہمارے لئے یہ ضروری نہیں ہے کہ ہم اپنے گاہکوں کے آرام و آسائش کیلئے انکی ابتدائی اور بنیادی ضروریات کو پورا کریں۔ لیکن مقام افسوس ہے کہ اس اہم فریضہ کی طرف بھی محکمہ کی جانب سے کوئی توجہ نہیں دی جاتی۔ جناب والا۔ یہ برقی پنکھے تو ایک بہت ہی بڑی بات ہے حال ہی میں ''نوائے وقت،، میں ایک ڈاکٹر صاحب کا ایک خط چھپا تھا۔ ڈاکٹر صاحب کا قلم کچھ تیز معلوم ہوتا ہے انہوں نے ''نوائے وقت،، کو ایک چٹھی لکھی وہ میں آپکی خدمت میں پڑھ کر سناتا ہوں۔ جس سے آپکو برانچ لائنوں پر سفر کرنے والے مسافروں کی حالت کا اندازہ ہوگا۔ وہ چٹھی اس طرح سے ہے کہ ''ٹرین میں بلیک آؤٹ،،۔ مکرمی۔ ریلوے کے اعلیٰ حکام یہ دعویٰ کرتے ہوئے نہیں تھکتے کہ مسافروں کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں بہم پہنچائی جا رہی ہیں۔ لیکن در حقیقت معاملہ بالکل برعکس ہے اور مسافر زیادہ کرایہ ادا کرنے کے باوجود کئی بنیادی ضرورتوں سے محروم رہتے ہیں۔ رات کے وقت گاڑی میں روشنی کی فراہمی ایک بنیادی ضرورت ہے۔ لیکن گذشتہ چند دنوں سے نارووال شاہدرہ سیکشن پر نمبر ۱۹۰ ڈاؤن ٹرین میں مکمل بلیک آؤٹ ہوتا ہے۔ یہ گاڑی نارووال سے آٹھ بجے شب روانہ ہو کر سوا دس بجے لاہور پہنچتی ہے۔ نارووال سے شاہدرہ تک ماسوائے نارنگ کے ہر سٹیشن پر صرف مٹی کے تیل کی لالٹین روشن

ہوتی ہے ۔ ۲۳ مئی کو میں نے بیوی بچوں کے ہمراہ اس گاڑی میں سفر کیا تمام ڈبوں میں گھٹا ٹوپ اندھیرا تھا ۔ بڑی مشکل سے زنانہ ڈبے تلاش کئے ، بچے اندھیرے میں رو رہے تھے ۔ اور خواتین خوف زدہ تھیں ۔ کیا ریلوے حکام اس تاریکی کا ازالہ کریں گے ۔ جناب والا ۔ یہ تو ایک ڈاکٹر صاحب کا تجربہ ہے ۔ اور میرا ذاتی تجربہ بھی یہی ہے ۔ میں پچھلے دسمبرمیں نارووال سے سیالکوٹ آ رہا تھا ۔ جب گاڑی نارووال سٹیشن پر آئی تو اس میں کوئی روشنی نہ تھی ۔ میں نے گارڈ سے پوچھا کہ گاڑی میں روشنی کیوں نہیں ہے ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) وہ دن کا وقت تھا یا رات کا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ وقت تو رات کے سات بجے کا تھا ۔ اب آپ جو بھی سمجھیں ۔ بہر حال گارڈ نے بتایا تھا کہ کئی دنوں سے یہی سلسلہ جاری ہے ۔ اور جب تک یہ گاڑی ورکشاپ میں نہیں جائیگی اور اس کی مشینری درست نہ ہوگی ہم اسے اسی طرح سے چلائیں گے جس طرح کہ کئی دنوں سے چلا رہے ہیں ۔ تو ان حالات میں اگر ہم یہ کہیں کہ یہ ادارہ عوام کی سہولتوں کے لئے معرض وجود میں آیا ہے یا اس کا معرض وجود میں آنے کا ایک پہلو یہ بھی ہے ۔ کہ عوام کو سفر میں زیادہ سے زیادہ سہولت بہم پہنچائی جائے تو میرا خیال ہے ہم اپنے آپ سے زیادتی کریں گے ۔ اور جناب وزیر ریلوے کو اندھیرے میں رکھنے کی کوشش کے مترادف ہوگا ۔ ہمیں چاہئے کہ ہم انہیں روشنی دکھائیں اور اسکا یہی ایک طریقہ ہے کہ اس محکمے میں جہاں جہاں کوئی خرابی ہو ۔

وھاں وھاں ھم اس کی نشاندھی کرتے رھیں تاکہ آئندہ سال ھم ان خرابیوں کو دور کرنے کی سعی کر سکیں ۔ وہ گو نئے ھیں لیکن نوجوان ھیں ، با ھمت ھیں اور ان سے یہ توقع کی جا سکتی ھے کہ وہ نشاندھی کی ھوئی برائیوں کو رفع کرنے کی کوشش کریں گے ۔

جناب والا ۔ ابھی تک تو میں صرف اس محکمے کی خامیاں ھی گنا رھا تھا ۔ اب دو چار منٹ میں اپنی جانب سے چند ایک تجاویز بھی آپکی وساطت سے وزیر ریلوے کی خدمت میں عرض کرتا ھوں (قطع کلامی) ۔ شیخ صاحب کی باری بھی انشاء اللہ تین چار دن کے بعد آ جائیگی اور میں انکی خدمت کے لئے بھی اسی طرح حاضر ھوں گا جس طرح اب میں ملک صاحب کی خدمت کے لئے کھڑا ھوں ۔

وزیر خزانہ ۔ شکریہ میں تو اسکا عادی ھوں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ ضرورت اس امر کی ھے کہ ھم ریلوے کے محکمے کو زیادہ سے زیادہ منفعت بخش بنائیں ۔ اور اس کے ساتھ ھی ساتھ اسے عوام کے لئے بھی زیادہ سے زیادہ سھولت بخش بنائیں ۔ اس محکمے کے ان ھر دو پھلوؤں کو ھم نظر انداز نہیں کر سکتے ھیں اور اس کا طریقہ یہ ھے کہ ھم ریلوے کو زیادہ سے زیادہ efficiently چلائیں ۔ جیسا کہ قرطاس ابیض کے ھر پیراگراف میں یہ فرمایا گیا ھے کہ اس محکمے کو آئندہ سال زیادہ بہتر طریقے پر چلایا جائیگا ۔ تو میں بھی ملک صاحب کو انکے ان بارھا کئے گئے وعدوں کی طرف متوجہ کراتا ھوں کہ وہ اپنے ان وعدوں کو پورا کریں ۔

جہاں ریلوے کو efficiently چلانے کا سوال ہوگا وہاں اسکے ساتھ ہی اخراجات بھی زیادہ ہوں گے۔ اور ظاہر بات ہے کہ محکمے کی کارگذاری بھی بہتر ہوگی۔ دونوں ہی صورتیں از خود پیدا ہو جائیں گی۔ بہتر کارگذاری کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آج ۱۰ آدمی کام کر رہے ہیں تو تعداد کو بڑھا کر پندرہ آدمی کر لی جاوے۔ بلکہ کوشش کی جاوے کہ دس آدمیوں سے ہی پندرہ آدمیوں کا کام لیا جائے۔ دیانتداری سے کام لیا جائے رشوت خوری کی عادت کو چھوڑ دیا جائے، سہل انگاری کو چھوڑ دیا جائے تو میرا خیال ہے کہ ہم موجودہ کام کے بوجھ سے کم و بیش کئی گنا زیادہ کرنے کے اہل ثابت ہو سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ میں یہ عرض کروں گا کہ ہمیں روڈ ریلوے مسابقت کا پورا پورا احساس ہے۔ ہمارے بعض سیکشنوں میں جہاں کہ بسوں کے ذریعے لوگ عام آمد و رفت کرتے ہیں۔ وہاں اگر تیز رفتار گاڑیاں چلائیں تو اس سے ریلوے کو فائدہ پہنچ سکتا ہے۔ یہ تجربہ کامیاب بھی ہو چکا ہے۔ لاہور اور لائل پور کے درمیان ڈاچی کی رفتار کی وجہ سے اس لائن پر سڑکوں پر چلنے والی بسوں کو وہ قبولیت حاصل نہیں رہی جو ڈاچی کے چلنے سے پہلے تھی۔ اس طرح اگر لاہور وزیر آباد یا لاہور گوجرانوالہ کے درمیان یا اور دوسرے ضروری سیکشن پر تیز رفتار گاڑیاں چلائی جائیں تو ریلوے کی آمدنی میں اضافہ کی صورت پیدا ہو سکتی ہے۔

جناب والا۔ اس کے علاوہ میں یہ بھی عرض کروں گا کہ جہاں تک ریلوے کی آمدنی کا تعلق ہے اس کی آمدنی کا ایک اور ذریعہ بھی ہے کہ وہ مال لادے اور لے جائے۔ اگر اس میں بیوپاریوں کو سہولتیں دی جائیں تاکہ آمدنی میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ اس ضمن

میں ریلوے میں رشوت کی عام شکایت ہے ۔ بیوپاری اس رشوت کے ڈر کے مارے اپنے گھر ہی سے ٹرک لوڈ کر لیتے ہیں اور مقررہ جگہ پر اتار لیتے ہیں ۔ جناب والا ۔ پچھلے سال بھی سابقہ وزیر ریلوے صاحب نے وعدہ کیا تھا کہ home delivery کا انتظام کیا جائے گا ۔ اگر یہ ممکن ہو تو آئندہ سال اسے جاری کیا جائے اور یہ فیصلہ کیا جائے کہ بیوپاریوں کا مال ان کے گوداموں سے اٹھایا جائے گا اور ان کا مال ان کے گوداموں تک پہنچایا جائے گا ۔ یہ بھی ایک مفید تجویز ہے جس پر غور کیا جا سکتا ہے اس طرح بیوپاروں کو ترغیب دی جا سکتی ہے کہ ریل کو زیادہ سے زیادہ اپنے مال کی رسل و رسائل کیلئے استعمال کریں ۔ جناب والا ۔ اس وقت یہ حالت ہے کہ وہ سامان جس پر ریلوے کو اچھا کرایہ مل سکتا ہے ۔ اب ان کو نہیں ملتا کیونکہ وہ ٹرکوں کے ذریعے ایک جگہ سے دوسری جگہ اپنا مال لے جاتے ہیں ۔

جناب والا ۔ پیشتر اس کے کہ میں اپنی تقریر ختم کروں میں ایک بات اور عرض کرنی چاہتا ہوں ۔ مجھے یہ پڑھ کر افسوس ہوا ہے کہ ہماری گورنمنٹ کی پالیسی یہ ہے کہ آئندہ پانچ سالہ منصوبے میں ریلوے کو بالکل ترقی نہ دی جائے ۔ صرف اسکو چالو رکھا جائے ۔ اسکو maintain کیا جائے ۔ اس کے برعکس روڈ ٹرانسپورٹ کو زیادہ ترقی دی جائے ۔ یہ ایک پرانا مسئلہ ہے اور ہر ملک میں یک نہ ایک وقت یہ مسئلہ ہوتا ہے کہ آیا Rail is better mode of traffic than Bus route میرے پاس تیسرا پنج سالہ منصوبہ نہیں ہے ۔ وہ ایک Secret development ہے ۔ جہاں تک مجھے معلوم ہے کہ اس پر چند دنوں کے بعد عمل در آمد ہو گا ۔ تیسرے پانچ سالہ منصوبہ کا Outline مجھے ملا تھا ۔ اس میں سے ایک پیرا میں آپ کی دلچسپی کے لئے

پیش کرتا ہوں ۔ کہ اس وقت ہمارے Planners کا کیا انداز فکر ہے ۔ صفحہ ۱۴۰ پر درج ہے ۔

" During the third year plan period railways are likely to be called upon to carry much larger volumes of traffic originated particularly in the agricultural and mining sectors and of capital goods....."

Now, this is important and I would request you to hear it attentively.

" In view of the potential growth of other modes of transport it may not be necessary to take up construction of any major railway lines in West Pakistan except those already under construction although some small extensions may be necessary to meet operational requirements or to connect outlying areas . . ."

اسکا مطلب یہ ہوا کہ آئندہ ۵ سالوں میں یہاں کوئی نئی لائن نہیں بچھائی جائیگی ۔ اور سابقہ ۵ سالوں میں بھی کوئی نئی لائن نہیں بچھائی گئی ہے ۔ جسکا ذکر وزیر ریلوے صاحب نے اپنی تقریر میں فرمایا ہے ۔ جناب والا ۔ ایک پرانی لائن بہاول پور ڈویژن میں تھی جو تقسیم ملک کے بعد چھوڑ دی گئی یا ترک کر دی گئی ۔ وہاں ٹریک بھی موجود تھی ، ہر چیز موجود تھی ۔ وہاں کے لوگ واہ ویلا کرتے رہے ۔ آخر پچھلے سال ہائی لیول پر فیصلہ ہوا کہ اس کی مرمت کی جائے اور اس پر گاڑی چلائی جائے ۔ اسکے بعد across River Indus اور ڈیرہ اسماعیل خاں میں البتہ ایک extension ہوئی ہے جو کتنے سالوں میں کی گئی ہے ۔ جناب والا ۔ میری رائے میں یہ ایسا مسئلہ ہے جس کے ہر پہلو پر صوبائی حکومت کو غور کرنا چاہئے نہ صرف غور ہی کرنا چاہئے بلکہ مرکزی حکومت کو ان کے موجودہ طرز عمل سے ہٹانے کی کوشش بھی کرنی چاہئے ۔ اس کے طرز عمل کی بڑی واضح سی دلیل یہ ہے کہ جہاں ۱۳۷ کروڑ روپیہ ریلوے کیلئے رکھا گیا ہے وہاں ۱۲۸ کروڑ روپیہ سڑکوں کے لئے بھی رکھا گیا ہے ۔ میں سڑکوں کے خلاف نہیں ہوں ۔ ۶۰ کروڑ روپیہ سڑکوں کیلئے مختص ہے اور ۶۸ کروڑ روپیہ پلوں اور ٹرکوں کو امپورٹ کرنے کیلئے رکھا گیا ہے ۔ میں سڑکوں

کے بنانے کے حق میں ہوں اور میں چاہتا ہوں ۔ کہ ہر گاؤں میں سڑک بنائی جائے ۔ لیکن سوال یہ ہے کہ ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ ہمارے ملک کی اکانومی کیا ہے ۔ میں اس کو اس وقت اس لئے زیر بحث لا رہا ہوں کہ آپ اس پر غور فرمائیں ۔ میری اطلاع کے مطابق ایک انجن دو ہزار دو سو ٹن مال کھینچتا ہے ۔ وہ صرف چودہ لاکھ روپے میں آئے گا اور اسی لوڈ کو کھینچنے کے لئے آپ کو ۴۴۰ ٹرک درکار ہوں گے ۔ جن کی لاگت ۳۵ ہزار روپیہ فی ٹرک کے حساب سے ہوگی ۔ البتہ ۳۵ ہزار روپے میں کوئی ٹرک نہیں آتا اور ان کی قیمت ایک کروڑ ۴۰ ہزار کےقریب بنتی ہے ۔ وہ بھی زر مبادلہ ہے اور یہ بھی زر مبادلہ ہے ۔ ہماری حکومت اس وقت کس طرف جا رہی ہے ۔ وہ اس امر پر کیوں نہیں سوچتی ۔ ہمارا یہ دعویٰ ہے اور جناب وزیر ریلوے صاحب کا بھی یہی دعویٰ ہے کہ ویگنیں ہم خود بناتے ہیں لیکن Locomotive امپورٹ کرنا پڑتا ہے ۔ اس پر تمام اخراجات ڈال لیجئے ۔ اس پر ٹریک کی قیمت بھی ڈال لیجئے تو پھر بھی آپ کی سڑکیں آج کل ٹریک سے کم لاگت پر تیار نہیں ہو رہی ہیں بلکہ آپ Super high way جو تیار کر رہے ہیں وہ اس سے زیادہ قیمت پر تیار ہوگا ۔ آج کل پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی کا جو عام نرخ ہے وہ یہ ہے کہ ایک لاکھ روپیہ ایک میل ہے ۔ ٹریک پر بھی تقریباً دو اڑھائی لاکھ ایک میل کا خرچ ہے ان تمام چیزوں کا موازنہ کیجئے ۔ اور غور فرمائیں کہ ملک کے لئے کون سی چیزیں زیادہ موزوں اور بہتر ہیں ۔ ایک ٹرین جو کہ ۲۲ سو ٹن مال لاہور سے لیکر کراچی تک لے جائے گی اس بوجھ کو لاہور سے کراچی تک لے جانے کے لئے ۴۴۰ ٹرک آپ کے سڑکوں پر ہوں گے ۔ کتنے حادثات ہوں گے اور یہ ایک Social Problem بھی ہے ۔ اس انداز فکر کو بدلنا ہوگا ہمارے ہاں پاکستان میں ابھی وہ Stage نہیں پہنچی جو انگلستان

میں مدت سے پہنچ چکی ہوئی ہے ۔ اس لئے ہمیں ابھی Fences کی ضرورت نہیں ہے ۔

جناب والا ۔ جتنا ٹریفک زیادہ ہوگا اتنا ہی زیادہ خطرہ ہماری زندگی کو لاحق ہوگا ۔ اول تو ہماری زندگی کی پہلے ہی کوئی قیمت نہیں ہے ۔ مگر اس زندگی کو زیادہ خطرہ پیش آئے گا ۔ ہماری گورنمنٹ زر مبادلہ کمانے میں بڑی کوشاں رہتی ہے اور یہ اچھی چیز ہے ۔ اسے واقعی اس میں کوشاں رہنا چاہئے ۔ مگر ٹرکوں اور موٹروں کی درآمد پر ۶۸ کروڑ روپیہ خرچ کر دینا کہاں کی عقلمندی ہے ؟ اسلئے ہمیں سوچنا ہوگا صوبائی گورنمنٹ کو اس پر خص غور کرنا چاہئے ۔ شائد انکی نظر اس پہلو پر نہیں گذری ۔ میں یاد دلا دوں کہ گورنمنٹ اس ریلوے پر کروڑھا نہیں بلکہ ارب ھا روپے invest کر چکی ہے ۔ اس لئے اس حکومت کو روڈ ٹرانسپورٹ کی نہیں بلکہ ریلوے کی طرف زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے ۔ حکومت کو روڈ ٹرانسپورٹ کی اتنی کیوں فکر ہے ۔ روڈ ٹرانسپورٹ خود بخود ترقی کرتی جائے گی ۔ اسکی رفتار پہلے ہی کافی تیز ہے ۔ اسے گورنمنٹ کی اعانت کی ضرورت نہیں ۔ حکومت کو ریلوے کی طرف توجہ کرنی چاہئے ۔ Thank you Sir.

Khan Muhammad Yusaf (Rawalpindi-II): Mr. Speaker, Sir, I have no claims to have gone into the minute details of the Budget which has been presented by the Railway Minister. But as far as the synopsis I have gone into and the oursory glance I have cast at the Budget reveals that it is a well-balanced and a well-considered Budget that has been presented to this House.

Sir, my learned friend has emphasized more on this point that the profit as shown in the Budget—one crore of rupees—is too meagre and it is not commensurate with the investment of eighty three crores of rupees. My submission in this respect is that the conclusions that have been drawn by my learned friend are not quite correct. It cannot be said that eighty three crores of rupees are investment. It is always the assets that determine the investment and if the original assets do not reveal a profit, which can be expected, then that can be a cause of grievance. It was well remarked by Malik Qadir Bakhsh and I agree with him that that this is creditable that the profit, whatever it is, is not too much. This has already been admitted by my learned friend. It is a Department which is for the benefit of the public and a beneficient Department should look

less to the profit and it should devote more attention to the earnings to be spent on providing facilities and efficiency to the public and to all those who are concerned with that Department. In this respect, I think, my learned friend has ignored the ventures that are being proposed and are to be taken up by the Department. So, in these circumstances, if the earnings are shown on the expenditure side it cannot be said that the profit is less.

Furthermore, Sir, I may submit that the position of road competition cannot be denied. Now, there is a tendency amongst the public in Pakistan to have quicker means of communication and transport rather than the old slower methods of going to and fro. Everybody tries to reach his place of destination as quickly as possible and for that purpose people like to travel by vehicles other than railways. The reasons are obvious. The trains cannot proceed on without certain limitations which are put on them due to the track being one-sided mostly and trains are also detained due to crossings etc., and sometimes they take more than the scheduled time, with the result that the people reach their destination not so early as is contemplated by other means of transport. So, the tendency of the people naturally is to avoid trains and go by other mechanical transport.

Furthermore, you will see that now in this country people are becoming air-minded too. It is a very common experience that if we want to reach earlier very often it is impossible to get one's seat booked in a plane. So, the Railways is not the only means of transport but there are so many other means. This cut throat competition may be one of the causes why profit is less. But we have just to see how this Department is working and whether it is working in the interest of the general public and whether it is working efficiently and whether they are contemplating certain measures to provide more facilities to the general public or not. If the Budget is gone into with these things in mind I think one comes to the conclusion that there is nothing wrong with this budget.

However, I shall be failing in my duties if I do not point out certain matters to the Minister concerned. I remember Sir that before partition this House, when it was called the Punjab Legislative Assembly, in summer used to have its sittings in Simla. There I saw a small train which might still be running from Kalka to Simla. There was motor transport too plying from Kalka to Simla. Generally the people used to travel by train. This was due to the fact that by travelling in this train people could enjoy beautiful scenery and it was just a change from a bigger train to a small one. That was for everybody a new experience and good enjoyment too. What I am pointing out by this, Sir, is that we have got a place known as Koh Murree. All of you know that. I cannot say whether the Railway authorities have ever considered that it will be a very nice thing if a small train suited for mountain passes goes from Rawalpindi to Murree, from Murree to Nathiagali, from Nathiagali to Abbottabad and from Abbottabad to Havelian. It will be a sort of a circular track. That will be a small train passing throughout that scenic place full of beautiful locality and

good environment. Apart from providing travel facilities in this locality it will be a sort of a pleasure trip. I know, there is a place called Anundale at Simla. Many of you might have seen that place. That is a very nice place and a train goes in a circular manner in that Anundale. There is also a race course. We can have a similar Anundale in Murree too. That, I think besides being very profitable project for the Railway Department, may provide very good facilities to that far flung poor *ilaqa*, where the people are not very rich and for having their necessaries of life and other material, Sir, they have to pay more to the vehicular transport. If there will be trains, I think it will be cheaper, it will be more profitable for the people and it will be eliciting praise for the Government because they will get the necessities of life at cheaper rates at their own native places. The present position is that even for *atta* you find that the people are crying there. *Atta* is the first and prime necessity of life in this part of the country. No one can live without *atta*. Sir, we are not accustomed to have rice or any other alternative commodity as food. *Atta* is the staple commodity which we take as our food, and here we find that in that *ilaqa* throughout the year the people are groaning and they are agitating for *atta* because of the fact that the *atta* even if it reaches there, it reaches in their homes at much higher prices than we can think of. So my humble submission in this House before you, and through you to the Railway Minister, is that if this project is taken into consideration and found feasible, I think it will help to provide those poor, unfortunate, neglected people to have this necessity of life to their entire satisfaction, and their bellies filled according to the hunger they always encounter there.

Besides that, I have another grievance which I bring to the notice of the Minister Sir, and that is that some professional persons—I mean to say the lawyers, the profession to which I also belong—are employed in the Railway Department and they are termed Litigation Inspectors. There are Litigation Inspectors and Assistant Litigation Inspectors. This profession is full of difficulties in life and everybody knows that a lawyer has to put his so many years of life in education, and later on when he faces courts, it is not an easy matter. He has to put a lot of labour. I am saying so because the general impression amongst the public—the illiterate people—is that lawyers do nothing, they go on talking. But no, that is not a fact. It is one of the hardest engagement that one has got in life. There is a maxim that "a lawyer has to work like a horse and live like a hermit." Their employment as Litigation Inspectors is made if they have a practice of four or five years behind them. But the irony of the fact is that other Inspectors, the Locomotive Inspectors and others, those people are employed in the department—they may be matriculates—and they get emoluments more than the Litigation Inspectors. They have got the channels for promotion, but the Litigation Inspectors or Assistant Litigation Inspectors have to remain where they are with a very small emolument, which now-a-days cannot be said is enough for a lawyer to have Sir. These people have to work day and night. You will find Sir, that throughout West Pakistan, excluding Karachi, there are only six such individuals, who are working as Litigation Inspectors and Assistant Litigation Inspectors. They have to roam about from one district to another. They are expected to brief and assist the standing lawyers and they are paid small amounts. Now I put it to you Sir, how can a man when he has got no place, no time, take over a matter unless he looks around him, he has certain hours of rest and have some time to just

prepare his brief. Then these people go about from one place to another throughout the wing—the number being very small, only six individuals—and they cannot cope with the work. If I place before this House Sir the number of cases in these regions since 1949—barring 1949 and 1950, because those were abnormal years and cases might have come up in 1948 due to disturbances and otherwise—you will find Sir, that

in 1950-51	there	were	1923	cases.
in 1951-52	,,	,,	2184	,,
in 1952-53	,,	,,	2488	,,
in 1953-54	,,	,,	2385	,,
in 1954-55	,,	,,	2385	,,
in 1955-56	,,	,,	2475	,,
in 1956-57	,,	,,	2457	,,
in 1957-58	,,	,,	2300	,,
in 1958-59	,,	,,	2300	,,

This will show that throughout the years, the number of cases have been gradually increasing. So theirs is a very pitiable lot. Only six persons have to deal with such a huge number of cases. My own humble submission in this respect is that not only am I advocating the cause of these Litigation Inspectors and Assistant Litigation Inspectors but what I mean to say is that the department itself is suffering. Their inefficiency in conducting the case is resulting in a loss to the department because of the fact. Sir that if the cases are not well advocated in the court of law, everybody knows what the result is. This is a Government department and the Government should quite be aware where the shoe pinches. In these cases do you think that these six persons can cope with this huge work? This is only by name that there are some Litigation Inspectors. My humble submission would be Sir that they should have Legal assistance on proper lines and if they have got permanent hands — these Litigation Inspectors — this designation should be changed. They should be taken as railway pleaders with very good emoluments and other facilities, and their number should be increased because of the fact Sir that whenever there is a case, there is a private counsel on the other side, i.e., the complainant side, of their own choice, that counsel puts in all his energies to win the case and he prepares a brief and he has got to be with him. If he has to go to Peshawar from Pindi, he might inconveniently be put in a railway cabin during

the night time and early in the morning he is expected to argue and conduct the cases and assist the counsel already there in a case in which there is a man of reputation and a man in whom the client confides. He is now to encounter that. Is it humanly possible? I mean to say, Sir, that I suggest that these persons their number should be increased according to the number of cases. They should be given sufficient time, they should be termed as Railway Pleaders and, furthermore, they should have channels wherein they could get promotion because if there is no incentive even they will not be working quite efficiently. It will be in the interest of the department and in the interest of the Government itself that they should not lose their cases. For that reason I think the Minister concerned shall take this matter into consideration. This is not a matter which should not be taken very seriously because if the figures are taken they will show how much loss the Railway has suffered and all these things go to bring down the profits. As has been pointed out by the member from the Opposition these facts go towards lessening the profit of the Department. With these observations I conclude my speech.

خان اجون خان جدون (مردان - ۳) - جناب سپیکر - میں ریلوے منسٹر صاحب کو فاضل ریلوے بجٹ پیش کرنے پر مبارک باد دیتا ہوں - یہ بجٹ well-balanced ہے - اگرچہ یہ انہوں نے خود تیار نہیں کیا لیکن یہ اچھا بجٹ ہے اور well-balanced ہے اور میں ان کے عملہ کو بھی مستحق مبارک باد سمجھتا ہوں کہ انہوں نے ایک اچھا بجٹ تیار کیا ہے - لیکن اس میں جو ترقیاتی پروگرام پیش کیا گیا ہے اس سے مجھے اختلاف ہے - پچھلے تین سال سے یہ محکمہ صوبہ کی تحویل میں آیا ہے - اسمبلی کے پچھلے Sessions میں اور ایوان میں یہ مطالبہ بدستور کیا جاتا رہا ہے کہ Backward Areas میں ریلوے لائن بچھانے کے لئے سروے کا انتظام کیا جائے کیونکہ صنعتی ترقی کے لئے یہ بہت ضروری ہے کہ وہاں ریلوے لائن ہو بعض علاقوں میں مثلاً سابقہ صوبہ سرحد میں میٹر گیج لائن عرصہ قدیم سے چلی آرہی ہے - اب وہاں اس بات کی ضرورت ہے کہ اسے براڈ گیج میں تبدیل کیا جائے - تجارتی نقطہ نگاہ سے بھی ریلوے کو بہت فائدہ ہوگا - لیکن مجھے افسوس

ہے کہ آئندہ ۵ سالہ منصوبہ میں جس کا میں نے خاکہ دیکھا ہے ۔ اس قسم کی کوئی تجویز مجھے نظر نہیں آئی ۔ وہاں تحصیل صوابی میں ریلوے لائن بچھانے کا مطالبہ بھی بہت پرانا ہے ۔ صوابی ایسا علاقہ ہے جہاں پر تمباکو پیدا ہوتا ہے ۔ اور وہ سارے مغربی پاکستان میں کراچی تک سگریٹ کارخانوں میں بھیجا جاتا ہے ۔ وہاں maize کی بہت بڑی منڈی ہے ۔ اس کے علاوہ وہاں سنگ مرمر بھی ہے جسے ٹرکوں میں بھر کر ریلوے لائن تک لے جاتے ہیں اور پھر کراچی لے جاکر اسے صاف کیا جاتا ہے ۔ کیونکہ کراچی میں ہی اس کے کارخانے ہیں ۔ جناب سپیکر صاحب ۔ اگر یہ جائزہ لیا جائے کہ صرف ریلوے لائن نہ ہونے کی وجہ سے صوابی صنعتی ترقی سے محروم ہے ۔ میں ریلوے کے افسران سے اور پراجیکٹ بنانے والوں سے پر زور اپیل کرتا ہوں کہ سروے کراتے وقت پس ماندہ علاقوں کی اقتصادیات پر نظر رکھیں ۔ کیونکہ ہمارے ملک میں جمہوری نظام کا مقصد ہی یہ ہے کہ پس ماندہ علاقوں کو ترقی یافتہ علاقوں کے برابر لایا جائے ۔

جب تک آپ اس نظریہ کو سختی کے ساتھ عمل میں نہیں لائیں گے ۔ اس وقت تک ہم اپنا object حاصل نہیں کر سکیں گے ۔ ہمارے ریلوے کے افسران جو سروے کرتے ہیں وہ ائیر کنڈیشنڈ کوچ میں صرف وہاں تک جاتے ہیں جہاں تک ریلوے لائن ہے اس لئے دیہات میں اور دوسرے علاقوں میں جا کر جائزہ نہیں لے سکتے اور نہ ہی وہ اس کی تکلیف گوارا کرتے ہیں کہ وہاں جا کر جائزہ لیں ۔ میں یقین دلاتا ہوں کہ اگر وہ وہاں ریلوے

لائن بچھانے کا انتظام کریں تو تجارتی نقطہ نگاہ سے بھی ان کو کوئی نقصان نہیں ہوگا۔

جناب سپیکر۔ اس بجٹ میں فورتھ کلاس کے ریلوے عملہ کو بہبود کے لئے جو رقم رکھی گئی ہے وہ ۴۶ لاکھ ۳۱ ہزار روپیہ ہے یہ بے حد کم رقم ہے۔ اتنے بڑے ادارے کے اتنے بڑے بجٹ میں اتنی چھوٹی سی رقم ریلوے کے ملازمین کی بہبود کے لئے رکھنا سراسر بے انصافی ہے۔ ریلوے کے فورتھ کلاس کے ملازمین جتنا کام کرتے ہیں مغربی پاکستان کے کسی دوسرے محکمہ میں اتنا کام کسی ملازم سے نہیں لیا جاتا۔ مہربانی فرما کر ان کی حالت اور ان کی تنخواہ پر نگاہ ڈالیں یہ ٹھیک ہے کہ ان کو سفر کی سہولتیں میسر ہیں۔ ریلوے پاس مل جاتے ہیں لیکن ان کی عام حالت بہتر بنانے کے لئے آپ کو چاہئے کہ کافی رقم مہیا کریں یہ رقم بہت کم ہے۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ ان سے حد درجہ نا انصافی کی گئی ہے۔

جناب سپیکر۔ میں جانتا ہوں کہ estimates میں کوئی اس قسم کا پراجیکٹ نہیں کہ پس ماندہ علاقوں میں ریلوے لائن بچھائی جائے لیکن جیسا کہ ریلوے منسٹر صاحب نے بجٹ سپیچ مین فرمایا ہے کہ نئی مسافر گاڑیاں، ڈبے بنانے اور دیگر ساز و سامان بنانے کی فیکٹریاں، کنکریٹ کے سلیپرز اور مختلف قسم کے پرزہ جات بنانے کے کارخانے تعمیر کئے جائیں گے جن سے ہمارے ملک کو زرمبادلہ کی بچت ہوگی۔ میں پوچھتا ہوں کہ یہ کارخانے جو اب تعمیر کئے جائیں گے۔ اس سے قبل کیوں تعمیر نہیں کئے گئے جب کہ ہماری حکومت کی طرف سے ہر شخص کو اجازت ہے کہ وہ کارخانے تعمیر کرے۔ مجھے حیرانگی ہوتی ہے کہ ریلوے

جو اتنا بڑا تجارتی ادارہ ہے ایسے کارخانے ابھی تک تیار نہیں کر سکی - جس کی وجہ سے ابھی تک ہمیں زر مبادلہ کا نقصان ہو رہا ہے - میں ان کے نوٹس میں یہ بات لاؤں گا اور ان پر زور دوں گا کہ آپ اس کام کو جلد سے جلد اور Efficiency سے پایہ تکمیل تک پہنچائیں تاکہ ہمارے ملک کی ضروریات پوری ہوں اور زرمبادلہ کی جو بچت آپ نے estimate کی ہے اس سے جلد سے جلد ہم مستفیض ہو سکیں -

جناب سپیکر - مجھے یہ دیکھ کر بہت خوشی ہوئی ہے اور میں ریلوے کے محکمہ کو اس بات پر مبارکباد دیتا ہوں کہ سال رواں میں کوئی مسافر حادثہ کا شکار نہیں ہوا - اور یہ ایک بہت قابل تعریف بات ہے اور میں امید کرتا ہوں کہ محکمہ اس Efficiency کو برقرار رکھے گا - جناب سپیکر - عوامی ایکس پریس ٹرین جو چلائی گئی ہے جس میں تھرڈ کلاس سیٹنگ Accommodation ہے یہ بہت اچھی ٹرین ہے اور میں اس کی تعریف کرتا ہوں اور اس کے ساتھ ریلوے کے ایڈمنسٹریشن سے مطالبہ کرتا ہوں کہ وہ تھرڈ کلاس کے مسافروں کی سہولت کے لئے خیبرمیل اور دوسری ایسی ٹرینیں جو اس لائن پر چلتی ہیں اس میں تھرڈ کلاس سیٹنگ reservation کا بھی انتظام کریں کیونکہ تھرڈ کلاس میں اتنی بھیڑ ہوتی ہے کہ عام لوگوں کو اس سے بہت زیادہ تکلیف ہوتی ہے - یہ بات بہت عرصے سے کہی جا رہی ہے - ہم آزاد ہو چکے ہیں - ہمیں ہر چیز اور ہر کام کو ایک خاص طریقہ سے کرنا چاہئے - اور ہر ٹرین کے ساتھ کنڈکٹر گارڈ پرووائڈ کئے جائیں تاکہ کوئی شخص جس کے پاس سیٹنگ reservation نہ ہو وہ اس پر سفر نہ کر سکے - اس سے عوام کو بہت سہولت

ہوگی اور یہ عوام کا بہت پرانا مطالبہ ہے - میں حیران ہوں کہ کنڈکٹر گارڈ کا اب تک بجٹ میں پرووژن نہیں کیا گیا -

جناب سپیکر - ہمارے سابق صوبہ سرحد میں Fruits بہت زیادہ تعداد میں پیدا ہوتے ہیں - مثلاً پیٹھا وغیرہ - میں حکومت کے نوٹس میں یہ چیز لانا چاہتا ہوں کہ Fruits کی جو سپیشل ٹرینیں ہیں ان میں اضافہ کیا جائے تاکہ سٹیشنوں پر لوگوں کے Fruits ضائع نہ ہوں اور ان کے سٹیشنوں پر حفاظت سے رکھنے کا انتظام بھی نہیں ہے - اس کا انتظام کیا جائے اور ان کے کرایہ میں خصوصی رعایت کی جائے -

سردار منظور احمد خان (ڈیرہ غازی خان - ۱) - صاحب سپیکر - میں ریلوے بجٹ اور ریلوے کے محکمہ کی کارکردگی پر مجبور ہوں کہ تعریف کروں اور مبارکباد دوں کیونکہ اس میں میری نظر میں چند خاص خصوصیات ہیں - ''فکر ہر کس بقدر ہمت اوست،، آمدنی پونے دو کروڑ کی ہو یا سوا کروڑ کی یہ چیز کوئی اہمیت نہیں رکھتی بلکہ جو چیز قابل تعریف ہے وہ یہ ہے کہ کوئی نئے محاصل یا نئے ٹیکس نہیں لگائے گئے ہیں اگر ٹیکس لگا دئے جائیں تو آمدنی بڑھ سکتی ہے لیکن اس بجٹ کی خاص خصوصیت یہ ہے کہ کسی کو ٹیکس کا زیر بار نہیں کیا گیا ہے - یہ نہایت ہی قابل تعریف بات ہے - اور پھر آئے دن یہ دیکھا جاتا ہے کہ سڑکوں پر کتنے حادثے ہو رہے ہیں - روزانہ ہم اخبارات میں پڑھتے ہیں اور ہم ان نقصانات کا اندازہ نہیں لگا سکتے - ہوائی سروس کا یہ تازہ المناک واقعہ ابھی ہمارے دل و دماغ پر ہے اور اس سے تو خدا معلوم ہم کب جانبر

ہوں گے ۔ کیا یہ ہمارے محکمہ کی کم قابل تعریف بات ہے کہ گذشتہ سال کوئی حادثہ بھی نہیں ہوا ۔ یہ یقیناً قابل تعریف بات ہے ۔ اس کے لئے میں اپنے وزیر اور متعلقہ محکمہ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ دوسری بات جو میرے لئے زیادہ قابل تعریف ہے اور شکر گزاری کا مقام رکھتی ہے وہ یہ ہے کہ کوٹ ادو سے ڈیرہ غازی خان تک نئے منصوبہ کے اندر ریلوے لائن جاری ہوگی ۔ ڈیرہ غازی خان بہت پس ماندہ علاقہ ہے ۔ چاہئے تو یہ تھا کہ یہاں پر ریلوے لائن بہت پہلے کھل جاتی لیکن اگر بیسویں صدی کے اندر بھی آج ریلوے لائن ہو جائے تو اس کے لئے بھی ہم اپنی حکومت اور وزیر متعلقہ کے بے حد شکر گزار ہیں ۔ حضور والا ۔ یہ جناب سے پوشیدہ نہ رہے کہ ڈیرہ غازی خان میں اس وقت بھی ہزاروں ایسے لوگ موجود ہیں جنہوں نے گاڑی دیکھی تک نہیں ۔ خیر اب استعمال بھی کریں گے اور انشاءاللہ دیکھ ہی لیں گے ۔

کہا گیا ہے کہ ۸۷ فیصدی کی مناسبت سے یہ گاڑیاں وقت پر چل رہی ہیں ۔ وقت کی پابندی قابل تعریف بات ہے اور یہ شرح اس تناسب سے اور زیادہ قابل تعریف ہوگی ۔ نیا منصوبہ بیشک جیسا کہ میرے محترم دوست نے فرمایا ہے کہ ''ذرا دیر سے شروع ہوا ہے مگر دیر آید درست آید کے مصداق ہے'' ۔ بہرحال اچھا ہے کہ یہ نیا منصوبہ بن رہا ہے اور اس طرح ہم اپنی ضروریات میں خود کفیل ہو جائیں گے اور زر مبادلہ بھی بچا سکیں گے ۔ یہ جناب چند ایسی باتیں ہیں جن کی وجہ سے لازماً اور یقیناً ہمارا ریلوے کا ڈیپارٹمنٹ قابل ستائش ہے ۔

جناب والا ۔ میں ایک اپنے علاقہ کی نہایت اہم اور ضروری گذارش کی طرف بھی اس محکمہ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ اس ریلوے لائن کو تونسہ شریف سے کوئی نسبت ہونی چاہئے ۔ تونسہ بیراج بنا اسی کی وجہ سے اور یہ ریلوے لائن وہیں سے گذر رہی ہے ۔ تونسہ بیراج صرف تونسہ شریف کے نام ہی کی وجہ سے نسبت رکھتا ہے ورنہ تونسہ شہر سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے ۔ اس بیراج کے نزدیک چند اور مقامات بھی تھے مثلاً کراری والا بنگلہ ۔ دائیرہ دین پناہ جو ایک پولیس سٹیشن بھی ہے اور ریلوے سٹیشن بھی ہے ۔ کوٹ ادو ایک تحصیل ہے ۔ ایک ریلوے سٹیشن بھی ہے ۔ اگر ڈیرہ غازی خان کی طرف کا نام دیا جاتا تو اس کے پاس شادن لنڈ ہے ۔ ایک بستی پیر ہے اور احمدانی ہے یہ ایسے مقامات ہیں جو بیراج کے نزدیک ہیں کوئی ۲ میل پر ہے ، کوئی ۴ میل پر ہے ، کوئی ۱۰ میل پر ہے ۔ لیکن تونسہ شریف ان سب سے زیادہ دور تقریباً ۱۶ میل کے فاصلے پر ہے ۔ تو کیا وجہ ہے کہ اس بیراج کے نام کے لئے تونسہ شریف ہی کا نام استعمال کیا گیا ۔ حقیقت یہ ہے کہ ان تمام مقامات سے زیادہ تونسہ شریف کو زیادہ اہمیت حاصل ہے اور اسی لئے یہ نام بیراج کے ۱۶ میل دور کے شہر کا رکھ لیا گیا ۔ یہی اہمیت میں اس شہر کی اب بھی بتلانا چاہتا ہوں ۔ تونسہ شریف ایک نہایت ہی اہم تحصیل ہے اور پسماندہ تحصیل ہے اور ضلع کی پس ماندہ ترین تحصیلوں میں شمار ہوتی ہے تو عین مناسب ہوگا کہ اس لائن کو تونسہ شریف سے ضرور Connect کیا جائے ۔ تونسہ شریف ایک مقدس مقام ہے جہاں حضرت خواجہ شاہ سلیمان علیہ الرحمۃ کا مزار ہے اور لاکھوں کی تعداد میں زائرین وہاں آتے ہیں ۔ ان کو سفر کی بے حد تکلیفیں ہیں ۔

اب اگر ریلوے لائن اس طرف سے گزاری گئی تو لازماً بے شمار لوگوں کو اس سے فائدہ ہوگا۔

جناب والا۔ ضلع ڈیرہ غازی خان کی لمبائی تین سو پچاس میل ہے۔ لاہور سے اگر کسی بھی سمت روانہ ہوں تو تین یا چار اضلاع کو عبور کرنا پڑتا ہے۔ لیکن ہماوا ضلع ایسا ضلع ہے کہ وہ تین سو پچاس میل لمبا اور ختم ہونے میں نہیں آتا ہے اور پھر اس میں آمد و رفت کے وسائل بھی نہیں ہیں۔ صرف ایک سڑک ہے جو کہ ضلع میں شمالاً اور جنوباً گزرتی ہے اور وہ بھی پختہ نہیں ہے۔ تحصیل راجن پور میں پختہ سڑک نہیں ہے۔ تونسہ کے بعض مقامات پر پختہ نہیں ہے۔ جب ضلع میں سڑکیں نہ ہوں تو ریل کی اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔ اس لئے یہ نہایت ضروری ہے کہ تھوڑا سا connection اگر کسی ایک تحصیل کو مل رہا ہے تو وہ ضرور دیا جائے۔ اگر بیراج سے ڈیرہ غازی خان لائن جاتی ہو اور وہ تونسہ شریف سے نہ گزر سکے تو ایک connection وہاں ضرور دیا جائے۔ میں تو یہ گذارش کروں گا کہ اس ریلوے کو ڈیرہ غازی خان سے آگے جنوباً کشمور تک لے جایا جائے اور شمالاً ٹانک تک، تاکہ دریائے سندھ کی غربی جانب بھی ہمارے پاس ایک مستقل اور صحیح موقعہ پر ریلوے لائن موجود ہو۔ کہ یہ دفاع کے نقطۂ نظر سے بھی ایک موزوں لائن ہوگی۔ کیونکہ ایک طرف پہاڑ اور دوسری طرف دریا۔ تو اس طرف کراچی سے پشاور تک ہمیں ایک دوسری لائن بھی مل سکے گی۔ حضور والا۔ موجودہ لائن کے اوپر کافی بوجھ ہے۔ کراچی سے صرف ایک لائن کا آنا ہمارے ملک کے دفاع کے لحاظ سے بھی اتنا موزوں نہیں۔ اگر دوسرا connection مل گیا

تو دفاع کے لحاظ سے بھی یہ لائن زیادہ اہم ہو جائے گی اور کوئٹہ کے لئے سب سے نزدیک ترین راستہ ہوگا ۔ اگر اسے تکمیل تک پہنچایا جائے ۔ اس کے ساتھ ساتھ ضلع مظفر گڑھ سے علی پور تک ریلوے کی کافی مدت سے تجویز تھی ۔ غالباً اس پر سروے ہو چکا ہے ۔ اور میں یہ بھی گذارش کروں گا کہ اس چیز کے متعلق محکمہ توجہ کرے اور اسے اپنایا جائے ۔ اس کے علاوہ میرے خیال میں ہمارے ملک میں ریلوے کے ڈیپارٹمنٹ ڈبوں کی درجہ بندی بھی بہت ہے ۔ کہیں فرسٹ کلاس ہے تو کہیں فرسٹ کلاس ایر کنڈیشنڈ ۔ کہیں سیکنڈ کلاس تو کہیں سیکنڈ کلاس ایر کنڈیشنڈ ۔ انٹر کلاس اور تھرڈ کلاس وغیرہ وغیرہ ۔ باقی ممالک میں زیادہ سے زیادہ دو درجے ہوتے ہیں ۔ اگر ہم دو درجے نہ رکھیں تو تین کر لیں ۔ بہر حال یہ بھی چیز قابل توجہ ہے کہ اس درجہ بندی کو اگر ختم کیا جائے تو زیادہ موزوں ہوگا ۔ آخر میں میں یہ گذارشات کرنے کے بعد اپنا مضمون ختم کرتا ہوں اور توقع کرتا ہوں کہ میری ان باتوں پر کچھ توجہ ہوگی ۔

Mr. Zain Noorani (Karachi-I) : Mr. Speaker, Sir, at the very outset let me endorse the tribute paid by the Minister for Railways to the railwaymen for their devotion to duty and high sense of responsibility. If the Pakistan Western Railway has achieved any amount of success for its efficiency and pleasant services it is due to the hard work and labour put in by them—I mean both the Officers and the Staff.

Sir, the task that faces our Railways, as the nation embarks upon the third 5-Year Plan, irrespective of what the provisions of the third 5-Year Plan are as far as expansion is concerned, is stupendous and it becomes doubly stupendous in view of the danger facing the country from cross the border. To me, Sir, the Railway is the lifeline of our national strength and progress and looking to the day-to-day deterioration of our relations with Bharat I feel that the entire Railway Administration must be galvanised into a sense of emergency so that efficiency, even greater than that which exists today, can be achieved.

Sir, my friend from the other side of the House made some criticism and some observations. To me most of these criticisms were completely out of focus with the situation and were made for the sake of opposing and criticising than for anything else. The Railways, Sir, by and large, have given a very good account of themselves both as far as earnings and performance is concerned. They have fulfilled their obligations as far as General Revenues are concerned, they have added to the depreciation and development funds and they have carried as many as 6,200 million miles in passenger traffic and 4,900 million ton-miles in goods traffic. They have also carried goods and essential commodities from one corner of the Province to the other and that too without dislocating in the slightest the normal traffic. This, Sir, is no mean achievement and compliment must be paid where it is due otherwise it would be most unreasonable and unfair.

Sir, while paying compliments to all of them for the success we should not forget one more class—one more set of people—who are responsible for this success. They are the people who travel in these trains and those who use the railways for the transportation of their goods. I am glad to say that schemes for providing facilities for those who travel in the Lower Class are well in hand and that the Railway intends to spend practically as much as a crore of rupees on these schemes out of which I believe forty-two lakhs are to be spent in the year 1965-66. But, Sir, I hope that it would be possible to add to these schemes and to provide more facilities. The condition of the Rest Rooms even at the major stations like Lahore and Karachi is deplorable. The antiquated furniture which is almost falling apart should be replaced. Then again, Sir, as has been pointed out, travelling in Third Class without fans on many of these lines is practically impossible. Not only do endorse the suggestion for electric fans in the Third Class compartments but I would go a step further and say that, if possible, the Minister for Railways should consider whether it would be feasible to provide desert coolers in the Third Class compartments because a desert cooler as far as I know does not cost more than Rs. 1,600/- And the overall working charges are also negligible. Even if you were to add a nominal surcharge of 12 paisa per ticket, which I am sure no one would grudge, you could provide the desert coolers in the Third Class compartments, and believe me Sir I know that during the hot season, as we are having today, these desert coolers can be quite useful and sometimes it brings down the temperature in a compartment by as much as 10°. I know if you were to concede to this suggestion of mine, the poor people, who travel in the Third Class compartments, will always bless you.

The introduction Sir of the Awami Express for Third Class passengers between Karachi and Peshawar has been very widely welcomed. I know my friend from the Opposition has been shouting that the profits are dwindling. He has, I believe, contradicted himself in the sense that at one place he mentions that the traffic was falling and that is due to competition with road transport, and then again he went on to make a beautiful and strong case for the railways and that the road transport cannot be successful and succeed against the railway. Sir from the figures I find that even his first contention that the number of railway passengers is falling is not correct, and even in the last year there

was, I believe, an increase—a nominal increase—in the passenger traffic. Believe me Sir, no matter how much progress, how much development takes places in road traffic, the railways will always find their own place in the development and progress of an industrial and an agricultural country like ours. The road transport can never and will never be able to replace the railway, and to say that because there is expansion in road transport, therefore the railways might not get sufficient profit, is not correct.

Then again the fear that.....

(*At this stage, Mr. Phool Muhammad Khan crossed the floor*)

Mr. Speaker : Order, order Mr. Phool Muhammad Khan, there should be no crossing of the floor. You may go the other way.

Mr. Zain Noorani : Then again Sir the fear that our profits are dwindling and that only a few years back the railways were making as much as ten crores as against one crore and odd that we are making today, is not anything which should be taken very seriously or should be pressed Sir. It is true that we did make about ten crores a few years back but then Sir even in private enterprise, even in private sphere of industrialisation when there is problem of reclamation and expansion and of further development, a lot of money has got to go in and when your own resources are not sufficient, it is an ordinary day to day accepted principle that you have to borrow money and when you borrow money you have very well to pay the interest on it, and that is what is happening today. The railway has got for its expansion and for its reclamation huge sums of money and naturally when it is paid out the figure of the net profit is bound to be less than what it actually is. At the same time Sir I agree with my friend, Mr. Yusuf when he said that the railways are public utility enterprise. There is no doubt that the railway is one the largest industrial and commerical undertaking in the province but there is also equally no doubt that it is basically a public utility enterprise. Whoever has heard of a public utility enterprise showing gigantic profit on paper or showing mountainous bank balances. Whatever money is earned in public utility enterprises must necessarily be put back for further expansion and development, and I am glad that the railway authorities are not showing huge profits just to see that they are not criticised but they are taking a rational and natural attitude for expansion and development.

Sir, I would be failing in my duty now if I do not mention that area, which I represent. The Karachi Circular Railway Scheme, when completed, would be of great benefit to the people of Karachi and would help us in solving our transport problem, but I hope to be excused if I say that things as they are today Karachi as far as the Circular Railway is concerned are far from being happy. There is practically nothing right with the administration of the Circular Railway. This is a pity. It could be otherwise. Today even the timings of the trains on these local lines are not correct. I know for a fact that the labourers from the industrial undertakings at Landhi (and believe me, 80 percent of those who travel on the Circular Railway are labourers) have to wait for as much as two hours to get a train after they leave work at the mill. Sir can something not be done to synchronise the timings of these trains with the timings when the shifts change over at these mills ?

I would also Sir now suggest to the Railway department to manufacture the eight wheeler livestock vans for attaching to the Express Trains. What happens today is that livestock is sent from one place of the province to another in goods trains and it takes days to reach its destination in this hot season. If these eight wheeler boxes were manufactured, I am sure the time taken for transporting livestock can be reduced to about one-third.

Then Sir before I can conclude I would like to request the Minister for Railways for more sympathetic attitude towards yet one more section of the railway people, I mean the men who man the railways. As I was coming up the stairs, someone gave me a printed brochure from one of their trade unions, and from it I learn—I don't know how far it is true—that the new pay scales provide them an increase of something about one rupee to five rupees in their pay. Now Sir I know for a fact that the Minister for Railways is himself a man of the people and that the railway men, specially those of the lower grade, will not find a better champion than him for their cause, and I am confident that when he comes to us with his budget next year, he will have looked into their grievances and tried to help them, for it is an accepted principle of modern trade and industry that the better goodwill that you have with your men and the more satisfaction and happiness that you can give them, the more work you will get out of them, with the result that you will have more profit and I hope there will be more expansion in the railways in this way.

I thank you Sir.

Dr. Mrs. Ashraf Abbassi (Zone II) Mr. Speaker, Sir, there is no doubt Railways play a very important role in our part of the country and there is no doubt that this is a very gigantic semi commercial under-taking and still there is no doubt that naturally there will be some short-comings in such a huge undertaking. But still there is no doubt that the executive is doing their best to see that they make more profit and they have also to see that they make it a useful and comfortable service for the common man. Sir, the Railway Minister in his Budget Speech invited certain suggestions from us as well. So now, though appreciating the efforts that the administration is putting forward to make the service as comfortable as possible, I want to make one humble submission through you. At this stage, I will deal with one point only which I feel that if it is minutely looked into will go a long way to make more profits at less cost. While going through the figures in the Budget statement that was given for the last year 1964-65 the earnings from the upper class and lower class coaches are shown separately. When a budget is estimated for the year to come in my opinion, it is taken into consideration as to how many trains will be running and how many bogies will be in a train and how many passengers will be travelling by a certain train. So, Sir, in the upper class we see that the earnings are more than the estimated earnings and here the only difference is that in lower class usually there are no reservations but in the upper class there are reservations. So, there is no foul play. All the passengers who travel in the upper class have to pay the money for their tickets. But in the lower class it is 50 lacs less than the estimated earnings. What we have seen in the far flung areas is that the booking offices are opened only

ten or fifteen minutes before the arrival of the train but there are so many passengers to board it. In this way they do not get the ticket in time and when they do not get the ticket in time they board the train without ticket. And when they are caught they have to pay the fine or there is some foul-play. It has been stated here that there is cut throat competition but inspite of the cut-throat competition the IIIrd and Inter-class bogies are over full and passengers even cling to the doors. So, that means there is no dearth of passengers but there is something which prevents the money that the passengers pay from going to the Railway Department. If this is minutely looked into, I think, we will have more profits than we usually have.

Sir, the other thing upon which I want to stress is that, as we know, when ladies travel they have got their children with them and in the trains we have less compartments for ladies than the gents. So, my humble submission is that there should be an increase in the compartments for ladies in the trains. If not more there should at least be an equal number of compartments both for ladies and gents.

Another thing that I wanted to bring to your notice was that in this hot season there is no water available at most of the stations. Leave aside the coolers, ordinary water is also not available there. The tap is situated usually at the end of the station and the passengers have to run to get water from the tap. By the time they get there, they have to run back without water because the train has started to move.

Another suggestion is that some arrangements should be made to provided more facilities for the IIIrd class passengers. When we see at the railway station, it is really hell in side the bogies without fans. Sir, fan is a necessity of this age and if there are no coolers or any thing else, they should at least be provided with fans.

The other thing is that during the rice harvesting season the wagons are not properly supplied to the traders. What happens is that when the rice is not taken away from the stations at the proper time, naturally, the agriculturists suffer the most. So, Sir, with these few suggestions I take my seat.

مسٹر حمزہ (لائلپور - ٦) - جناب سپیکر - محکمہ ریلوے ایک لحاظ سے قابل ستائش ہے - اور وہ اس لئے کہ جب پاکستان میں یا مغربی پاکستان میں کسی محکمے کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہیں - تو کارکردگی کا جو عام معیار اس ملک میں پایا جاتا ہے - یعنی کارکردگی کا جو پاکستانی سٹینڈرڈ ہے - ہم اسے اس کے مطابق جانچتے ہیں - آپ کو اس حقیقت کا علم ہوگا اور ہمارے بعض

دوسرے محکمے جو کہ سرکاری تحویل میں ہیں - بعض انہیں نیم خود مختار ادارے کہتے ہیں - لیکن میں انہیں خود مختار ادارے ہی کہا کرتا ہوں - ہمارے اس محکمے کی کارکردگی یقیناً اُن نام نہاد نیم مختار اداروں کے مقابلہ میں بدرجہا بہتر ہے - اور یہ بڑی خوشی کا مقام ہے کہ ہمارے انجن ، گاڑیاں اور ڈبے اپنے اردگرد کے ماحول سے متاثر نہیں ہیں لیکن انکو چلانے والے انسان اس ماحول سے ضرور متاثر ہیں - جناب وزیر متعلقہ نے اپنی تقریر میں فرمایا ہے کہ ہماری گاڑیاں پہلے کی نسبت اب وقت کی زیادہ پابند ہیں - لیکن جہانتک میرا ذاتی تجربہ ہے اور میرا خیال ہے کہ اس معزز ایوان کے دیگر ممبران بھی اس اس پر مجھ سے اتفاق کریں گے کہ جناب وزیر کے اس دعوئے کو ہم چند مین لائینوں یا ایکسپریس ٹرینوں کے متعلق تو تسلیم کر سکتے ہیں لیکن وہ لوگ جنہیں برانچ لائنوں پر یا مسافر ٹرینوں میں سفر کرنے کا اتفاق ہو - انکو یہ تلخ تجربہ ہوتا ہے کہ وہاں نہ پابندیٔ اوقات ہوتی ہے اور نہ ہی وہ گاڑیاں تیز چلتی ہیں اور یہ تمام تر سہولتیں جو کہ مسافروں کو دی گئی ہیں - وہ زیادہ تر ایکسپریس گاڑیوں میں اور مین لائنوں تک ہی محدود ہیں - اور جہاں تک برانچ لائنوں کا تعلق ہے- یا مسافر گاڑیوں کا تعلق ہے - ان سہولتوں کو ان سے دور کا بھی واسطہ نہیں - میرے دوسرے بہت سے معزز دوستوں نے تھرڈ کلاس میں مسافروں کی بھیڑ کا ذکر کیا ہے - آپ یقین کیجئے کہ اس محکمہ نے بار برداری کیلئے اور مویشیوں کو لے جانے کے لئے جو ڈبے مہیا کئے ہیں ان میں انکو لادنے کی تعداد مقرر کی گئی ہے - لیکن جہانتک ان تھرڈ کلاس کمپارٹمنٹس کا تعلق ہے - ان میں جو مسافر لادے جاتے ہیں -

یا انہیں ان میں بیٹھنے پر مجبور کیا جاتا ہے - انکے لئے اس محکمے نے آج تک تعداد مقرر کرنے کی زحمت گوارا نہیں کی اور میرے خیال میں انہوں نے اسکی بابت کبھی سوچا بھی نہ ہوگا - میں سمجھتا ہوں کہ ان انسانوں کے ساتھ جو کہ اپنی غربت کی وجہ سے ان ڈبوں میں سفر کرنے پر مجبور ہوتے ہیں - اور جن سے یہ محکمہ اپنی آمدنی کا بیشتر حصہ وصول کرتا ہے بہت ہی زیادتی ہے - آپکو چاہئے کہ اس نقص کو جلد از جلد رفع کریں - لیکن افسوس یہ ہے کہ جہاں وزیر ریلوے نے یہ بتایا کہ ہم نے ریلوے پر دوسرے منصوبہ کے دوران منصوبہ کی ۴ فیصدی رقم صرف کی ہے - دوسرے منصوبہ میں کل ۱۹۰ کروڑ روپیہ کی رقم صرف کی گئی تھی جب کہ تیسرے منصوبہ کے دوران ۵۲۰ کروڑ روپیہ کی رقم خرچ کی جا رہی ہے - لیکن اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے یہ بھی مژدہ سنایا کہ ہمارے تیسرے منصوبہ میں ۱۹۰ کروڑ کے مقابلہ میں ۵۲۰ کروڑ صرف ہوگا - اس ترقی پذیر ملک میں اس ترقی کرنے والے محکمہ نے یہ ترقی کی ہے کہ یہاں انہوں نے ترقیاتی پروگرام میں پچھلے سال ۳۲ کروڑ ۲۵ لاکھ کی گنجائش رکھی تھی اور اس پر عنائت کرتے ہوئے انہوں نے ۶ کروڑ روپیہ کی کمی کر دی ہے - میں یہ سمجھتا ہوں کہ جب ایک محکمہ ترقیاتی سکیموں پر کم روپیہ صرف کرے گا تو اس محکمہ کی کارگزاری کو کس طرح بہتر بنایا جا سکتا ہے - خاص طور پر جبکہ ملک ترقی کی طرف گامزن ہے - اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ محکمہ ریلوے کو اپنا جو اہم کردار ملکی معیشت میں ادا کرنا ہے وہ نہیں کر سکے گا - وہ محکمہ جس کی پیچھے

کی طرف ترقی ہے ۔ خصوصاً ریلوے جیسا اہم محکمہ اپنے فرائض میں اور جو ذمہ داریاں اس محکمہ کے چلانے والوں پر عائد ہوتی ہیں ان حالات میں پوری نہیں کر سکتے ۔

جناب سپیکر۔ جیسا کہ جناب ہمارے محترم اور بزرگ اور معزز لیڈر صاحب نے فرمایا ہے کہ اس محکمہ پر جو investment کی گئی ہے اس کے مقابلہ میں اسکی آمدنی بہت کم ہے ۔ لیکن اسکے برعکس کراچی کے ممبر جناب زہن نورانی صاحب فرماتے ہیں کہ یہ ایک Utility Service ہے اس سے ہمیں فائدہ کی امید نہیں رکھنی چاہئے ۔ اگر وہ اس قدر فیاض ہیں براہ کرم مجھے یہ بتائیں کہ پاکستان میں ملکی ترقی کے لئے جو دولت کی ضرورت ہے وہ کہاں سے آئے گی ۔ یہ محکمہ اور جس کو آپ Utility Service قرار دینے پر مجبور ہیں اور جسکی ۱۰۰ سال سے زیادہ لمبی تاریخ ہے کیا یہ بتا سکتے ہیں کہ آج اسکی ذمہ داری پہلے سے کس لحاظ سے زیادہ ہے ۔ وہ کونسا بار گراں ہے جو آناً فاناً اس پر آ پڑا ہے جس کی بناء پر میں توقع نہ کروں کہ یہ اپنے خزانہ میں خاطر خواہ حصہ نہ دے ، ملکی ترقی میں ہاتھ نہ بٹائے ، اس کام کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ جہاں۔ پچھلے سال فرسودگی پر سرمایہ ۱۵۱ لاکھ دیا ہے اب آئندہ اس پر ایک کروڑ ۱۰ لاکھ دیں گے ۔ جناب سپیکر ۔ اس چیز سے ، اس حقیقت سے اس طرف بیٹھنے والوں کو اور گورنمنٹ بنچز پر بیٹھنے والوں کو قطعاً اختلاف نہیں ہے کہ ریلوے کو ملکی معیشت میں انتہائی اہمیت حاصل ہے اور کسی علاقے کی ترقی کے لئے ریلوے کا ہونا انتہائی ضروری ہے ۔ بلکہ آج جبکہ ہمارے ہندوستان کے ساتھ تعلقات کشیدہ ہیں اسکی ضرورت پہلے سے زیادہ ہے ۔ اس کی اہمیت اور بھی بڑھ گئی ہے ۔

لیکن اس کے ساتھ ساتھ آپ کو اس چیز کا بھی احساس ہوگا کہ ریلوے کے محکمہ کو روڈ ٹرانسپورٹ کے مقابلہ میں مقابلتاً بہت سی مراعات حاصل ہیں ۔ جناب خواجہ صفدر صاحب نے فرمایا ہے کہ جہاں تک depreciation اور wear and tear اور حادثات کا تعلق ہے ریلوے کے محکمہ میں وہ بہت کم ہوتے ہیں ۔ لیکن میری یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ ہماری اس حکومت نے جس کو اس چیز کا دعویٰ ہے کہ وہ تیزی سے اس ملک کو ترقی کی طرف لے جا رہی ہے ۔ وہ جب بھی یہاں ترقی کا لفظ استعمال کرتے ہیں ان کے نزدیک جہاں تک میرا خیال ہے اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ وہ مادی ترقی چاہتے ہیں ۔ اخلاقی ترقی کا تصور تو ان کے ہاں موجود ہی نہیں ۔ تو کیا وجہ ہے کہ انہوں نے ریلوے کے محکمہ کو اور ریلوے کی ترقی کو آئندہ ۵ سالہ منصوبہ میں کم اہمیت دی ہے ۔ انہوں نے کم اہمیت ہی نہیں دی بلکہ اس کو بالکل ہی نظر انداز کر دیا ہے ۔ جناب سپیکر ایک وکیل نے وکیلوں کی تو خوب وکالت کی لیکن اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے مسافروں کے بارے میں کچھ اچھے تجربات کا اظہار نہیں کیا ۔ انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ آج ترقی کا زمانہ ہے ۔ لوگ اپنی منزل مقصود تک جلد پہنچنا چاہتے ہیں ۔ اور اس کیلئے روڈ ٹرانسپورٹ زیادہ موزوں اور مناسب ہے ۔ لیکن افسوس کہ ان کو اس چیز کا علم نہیں کہ ریلوے کے ذریعہ جہاں کہیں بھی ریلوے میسر آتی ہے سفر کرنا زیادہ سستا ہے ۔ اس میں کم خدشات پیش آتے ہیں ۔ محفوظ ذرائع ہیں اور اکثر اوقات روڈ ٹرانسپورٹ میں جو سابقہ تلخ تجربات ہیں اس سے عام لوگوں کے ذہن میں یہ تاثر ہے کہ ہمیں بسوں میں سر پر کفن باندھ

کر سفر کرنا چاہئے ۔ ان حالات کے ہوتے ہوئے روڈ ٹرانسپورٹ ریلوے کے ساتھ جہاں تک مسافروں کے اٹھانے کا تعلق ہے اور سفر کرنے کا تعلق ہے کسی لحاظ سے بھی مقابلہ نہیں کر سکتی ۔ بلکہ محکمہ ریلوے اپنی گاڑیاں بسوں کے مقابلہ میں زیادہ سستا چلا سکتی ہے ۔ کیا وجہ ہے کہ آج تک ہم نے صرف اپنے رولنگ سٹاک کی بحالی کی ہی کوشش کی ہے ۔ ریلوے یارڈ اور ریلوے لائنوں کو تبدیل کرنے میں ہی لگے ہوئے ہیں حالانکہ ۱۸ سال کا طویل عرصہ گزر چکا ہے ۔

جناب والا ۔ بہت سی ایسی جگہیں ہیں جہاں ملکی مفاد کے لحاظ سے نئی ریلوے لائنیں بچھانے کی ضرورت ہے مگر ہماری گورنمنٹ اپنی پولیٹیکل اغراض سے ہٹ کر ان مسائل کی طرف توجہ نہیں کرتی ۔ اکثر اوقات لوگ اس سلسلے میں ہندوستان کا ذکر کرتے ہیں کہ دیکھئے وہاں کیا ہو رہا ہے ۔ میں جناب وزیر ریلوے کی خدمت میں عرض کر دوں کہ ہندوستان ۳۴۵ کروڑ روپے ریل پر صرف کر رہا ہے ۔ ان کا ریلوے بجٹ ہمارے ریلوے بجٹ کے مقابلے میں گیارہ گنا ہے حالانکہ آبادی کے لحاظ سے وہ ہم سے چار گنا بڑا ہے لیکن تسلیم کرنا پڑے گا کہ ہندوستان نے ریلوے کو مناسب اہمیت دی ہوئی ہے اور ہماری گورنمنٹ ریلوے سے دشمنی کر رہی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ آئندہ سال کے دوران ہماری گورنمنٹ نئی تعمیر کے لئے ایک کروڑ بیس لاکھ روپیہ صرف کرنا چاہتی ہے جو کہ ضروریات کے مقابلے میں بالکل ناکافی ہے ۔ اس میں انہوں نے جناب والا یہ نئی پراجیکٹس شامل کی ہیں ۔ ایک کراچی سرکلر ریلوے

دوسرے حیدرآباد سے میرپور خاص کے درمیان چھوٹی لائن کی بڑی لائن میں تبدیلی اور تیسرے ڈیرہ غازی خاں سے کوٹ ادو کو ملانے والی ریلوے لائن کی تعمیر اور لاہور خانیوال کے درمیان سیکشن میں بجلی لگانے کی سکیم بنائی گئی ہے۔

مزید برآں مغلپورہ ورکشاپ میں مسافر گاڑی کے ڈبے بنانے کی فیکٹری کے قیام کی سکیم کا ابھی ابتدائی کام شروع کرنے کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ جناب والا ہماری گورنمنٹ کو بہت بڑا فخر ہے کہ اس نے ڈبے بنانے کا کام ابھی شروع کرنا ہے۔ جناب سپیکر۔ ہماری حکومت کی طرف سے یہ عذر پیش کیا جا سکتا ہے اور میں اسے عذرلنگ کہونگا کہ ہماری حکومت کے پاس اتنے وسائل نہیں ہیں کہ وہ ملک کی ریل کی ضروریات کی کفیل ہو سکے لیکن میں اس حکومت سے پوچھتا ہوں کہ جب آسائش و عیش و عشرت کے سامان باہر سے منگاتے ہیں تو اس وقت آپ کو Foreign exchange کہاں سے مل جاتا ہے اور ان ضروری کاموں کے لئے کیوں نہیں ملتا ہے آپ جو یہ لمبی لمبی کاریں درآمد کرتے ہیں ان پر اس قدر زرمبادلہ کیوں ضائع کیا جاتا ہے۔ آپ کے پاس جتنی ایکسچینج ہوتی ہے وہ تو آپ لمبی لمبی کاریں درآمد کرنے پر صرف کر دیتے ہیں۔ ہم آپ کی ان لمبی لمبی کاروں کی درآمد پر اعتراض نہ کرتے مگر افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ آپ زرمبادلہ کی قلت کا عذر لنگ پیش کرتے ہیں پھر آپ دوسرا عذر یہ پیش کریں گے کہ ہمارے پاس steel industry نہیں اور ہم ہندوستان کا مقابلہ نہیں کر سکتے

کیوں کہ وہاں سٹیل بھی پایا جاتا ہے اور وہاں سٹیل انڈسٹری جو کہ کلیدی انڈسٹری ہے یہ وہاں قائم ہو چکی ہے لیکن میں ان لوگوں سے جو ٹریژری بنچوں پر بیٹھے ہوئے ہیں یہ پوچھتا ہوں کہ اگر سٹیل انڈسٹری ابھی تک ۱۸ سال کے عرصے میں یہاں قائم نہیں کی جا سکی تو یہ سابقہ حکومتوں یا خود موجودہ حکومت کی ذمہ داری ہے اور موجودہ حکومت کی ذمہ داری اس لحاظ سے بھی ہے کہ آج Treasury benches پر کچھ ایسے معزز ارکان بھی بیٹھے ہوئے ہیں جو سابقہ حکومتوں میں بھی منسٹر یا ڈپٹی منسٹر رہ چکے ہیں اگر یہ مجرمانہ غفلت کی گئی ہے تو ٹریژری بنچز کے ارکان کا جرم بھی صاف ظاہر ہے اور موجودہ گورنمنٹ کی ذمہ داری بھی اس سے ثابت ہو جاتی اور سابقہ حکومت کی مجرمانہ غفلت میں یہ گورنمنٹ بھی حصہ دار بن جاتی ہے ۔

جناب والا ۔ جب جاپان جیسا ملک جو کہ ایک ایشیائی ملک ہے اس نے دنیا میں یہ ریکارڈ قائم کیا ہے کہ وہ اپنے ملک میں ۱۲۵ میل فی گھنٹہ کی رفتار سے گاڑیاں چلا سکتا ہے جو کہ ایک لحاظ سے ہوائی سروس کا مقابلہ کر رہی ہیں جاپان باہر سے آئرن اور امپورٹ کر کے اس سے سٹیل پیدا کرتا ہے اور سٹیل کی ضروریات کے لئے وہ خود کفیل ہو چکا ہے ۔ کیا وجہ ہے کہ ہمارا ملک بھی جاپان کی طرح دوسرے ممالک سے خام فولاد منگا کر سٹیل انڈسٹری قائم نہ کر لے اور اس معاملے میں دوسروں کا دست نگر ہونے کی بجائے خود کفیل ہوں ۔

جناب سپیکر ۔ انسان ھی ملکی صنعت کو تبدیل کرتا اور اس کو ترقی دیتا ھے ۔ انسان وسائل کی کمی کو اپنے راستے میں حائل نہیں ھونے دیتا ۔ بہانہ تراشی سے کبھی صنعتی ترقی نہیں ھو سکی ۔

Mr. Speaker : The Member may please try to conclude his speech now.

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ میں نے متعلقہ مطالبہ میں تخفیف زر کی تحریک کا نوٹس دے رکھا ھے ۔ اس وقت میں اس کا تفصیلی ذکر کرونگا ۔

جناب سپیکر ۔ کراچی کے معزز رکن مسٹر زین نورانی صاحب جو ابھی تقریر کرتے باھر تشریف لے گئے وہ لابی میں بیٹھ کر مبارک بادیں وصول کر رھے ھیں کیوں کہ انھوں نے یہاں فرمایا تھا کہ اس حکومت میں ریلوے وزیر کی صورت میں مزدوروں کو انکے مفاد کے ایک محافظ مل گئے ھیں بلکہ ان کے اصل لفظ یہ تھے They are the Champions of the cause of the workers لیکن مجھے یقین ھے کہ ان کو اس بات کا علم ھے کہ ان کو مزدوروں کے متعلق اصل بات کہنے کی جرأت نصیب نہیں ھو سکی کیوں کہ ۹۷ ھزار ملازمین جن کی تنخواہ ۶۰ یا ۱۳۷ روپے تک ھے ان کو revised pay scales سے نقصان پہنچا ھے اور کوئی فائدہ نہیں ھوا ۔

جناب والا ۔ جناب وزیر صاحب نے اپنی تقریر کے آخری حصہ میں فرمایا ھے ۔

''میں یہ کہتے ھوئے خوشی محسوس کرتا ھوں کہ

عملے اور انتظامیہ کے باھمی تعلقات اس میں خوشگوار رہے۔"
لیکن ہوتا کیا ہے ۔ وہ لوگ جنہوں نے یہ پمفلیٹ چھاپنے یا تقسیم کرنے کی جرأت کی ۔ ان کے لیڈر کو پرسوں Maintenance of Public Order Ordinance کے تحت جیل بھیج دیا گیا اور چونکہ لاھور میں کم گرمی تھی اس لئے منٹگمری کو مناسب جگہ سمجھ کر اسے منٹگمری منتقل کر دیا گیا ۔

جناب سپیکر ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ مزدوروں کے ساتھ ریلوے کے تعلقات پچھلے سال اور اس سے پہلے بہت ھی خوشگوار رہے ۔ مجبوری کا نام شکریہ ہے ۔ یہاں کسی شخص کو اور خصوصاً مزدوروں کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ احتجاج کرسکیں ۔ وہ لوگ ایک شعر پڑھا کرتے ھیں کہ پنجرے میں بند بھی ھیں اور انہیں اس پر اعتراض کرنے کا بھی حق حاصل نہیں ۔ ان کی اپنی حکومت ہے اور ان کے ھاتھ میں اختیارات ھیں ۔ یہاں ایک خاص قسم کا نظام ہے ۔ جسے میرے ایک دوست نے جمہوری نظام یا بنیادی جمہوری نظام کہا ہے ۔ ویسے میرے خیال میں اسے جمہوری نظام کہنا ھی جمہوری نظام کی توھین ہے ۔ اس جمہوری نظام میں اگر مزدور کو اس مہنگائی کے زمانے میں صرف ۶۷ روپیہ ماھوار تنخواہ ملتی ہے اور اگر وہ مطالبہ کرتا ہے کہ مجھ سے انصاف کیجئے ۔ کیونکہ یہ آپ کے بڑے بڑے بنگلے یہ آپ کی لمبی لمبی کاریں اور یہ آپ کی بڑی تنخواھیں۔ ان کی محنت اور مشقت کی مرھون منت ھیں ۔ آپ اس کی کمائی کھاتے ھیں ۔ وہ خون پسینہ ایک کرکے محنت اور مشقت کرتا ہے ۔ لیکن اگر وہ مطالبہ کرتا ہے کہ آپ مجھے

میرا حق دیجئے - تو اس کی آواز بند کرنے کے لئے اسے جیل بھیج دیا جاتا ہے - اور اس کے بعد مغربی پاکستان اسمبلی کے اس معزز ایوان میں یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ تعلقات بہت خوشگوار ہیں - میں آپ کی وساطت سے انتہائی ادب سے عرض کرونگا کہ اس سے بہتر اور خوشگوار تعلقات اور کیا ہو سکتے ہیں ؟ لہٰذا میں اپنے معزز وزیر ریلوے سے یہ گذارش کرونگا کہ کم از کم مزدوروں کے حال پر تو رحم کیجئے - مجھے یاد ہے کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے کہ آپ ایک مزدور کو اس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے اس کا حق ادا کر دیجئے - یہاں مزدور لوگ تو بیچارے پسینے کی بجائے خون بہاتے ہیں - اور آپ انہیں اپنا حق حاصل کرنے کا مطالبہ کرنے کا بھی حق نہیں دیتے - یہ بہت بڑی زیادتی ہے - کم از کم اسلامی جمہوریہ پاکستان میں ایسا کام نہیں ہونا چاہئے -

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ (سیالکوٹ - ۲) - جناب سپیکر - وزیر ریلوے جناب ملک محمد حیات خان صاحب نے اپنی تقریر میں یہ فرمایا ہے کہ ریلوے کا کام نہایت اچھی طرح سرانجام پا رہا ہے - میں بھی اس کی تائید کرتا ہوں - اور اس کے ثبوت میں انہوں نے فرمایا ہے کہ سال گذشتہ میں کوئی ایسا حادثہ پیش نہیں آیا جس میں کسی مسافر کی جان ضائع ہوئی ہو - اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ ریلوے کا محکمہ اپنا کام نہایت خوش اسلوبی سے سرانجام دیتا رہا ہے -

اس کے علاوہ انہوں نے اپنی تقریر میں یہ بھی فرمایا کہ اب ہم اپنے ملک میں ریلوے کے ڈبے اور دیگر سازوسامان تیار

کر رہے ہیں ۔ جو بہت ہی خوشی کی بات ہے ۔ دراصل اب تک تو ہمیں ریلوے کے ڈبے بنانا چھوڑ کر انجن بنانے کے متعلق بھی خود کفیل ہو جانا چاہئے تھا ۔

ریل گاڑیوں کا وقت پر چلنا بھی بہت ہی اچھی بات ہے ۔ مجھے یاد ہے کہ قیام پاکستان سے قبل انگریز کے زمانے میں بھی گاڑیاں اس قدر پابندی سے نہیں چلا کرتی تھیں ۔ مجھے کئی دفعہ اپنے ہمسایہ ملک ہندوستان جانے کا اتفاق ہوا ہے ۔ وہاں بھی میں نے دیکھا ہے کہ ان کی کارکردگی ہمارے معیار کے مطابق نہیں ۔ اور وہاں بھی ہماری طرح وقت پر گاڑیاں نہیں چلتیں ۔ چنانچہ اس معیاری کارکردگی پر میں ریلوے کے عملے کو مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ خواجہ محمد صفدر صاحب نے اپنی تقریر کے دوران فرمایا تھا کہ ایک دفعہ وہ سیالکوٹ سے نارووال کی طرف جا رہے تھے تو ان کی گاڑی میں روشنی نہ تھی ۔ انہوں نے ایک ڈاکٹر صاحب کی چٹھی بھی پڑھ کر سنائی جو نارووال سے لاہور آ رہے تھے ۔ ان کی گاڑی میں بھی اندھیرا تھا ۔ میں بھی اسی ضلع کا رہنے والا ہوں ۔ اور تمام عمر اسی ضلع میں رہا ہوں ۔ اور سینکڑوں دفعہ سیالکوٹ سے نارووال اور نارووال سے سیالکوٹ یا لاہور جانے کا اتفاق ہوا ہے ۔ لیکن آج تک مجھے کبھی یہ دیکھنے کا اتفاق نہیں ہوا کہ گاڑی میں اندھیرا ہو ۔ یہ محض اتفاق کی بات ہوگی ۔ کیونکہ یہ ہو سکتا ہے کہ جب ہم موٹر کار میں سفر کر رہے ہوں ۔

تو اس کا ڈائینمو خراب ہو جائے یا اس میں اور کوئی خرابی پیدا ہو جائے۔ یہ تو ایک مجبوری امر ہوتا ہے۔ تو ایسی صورت میں ہم یہ الزام نہیں دے سکتے کہ ہمارا ریلوے کا محکمہ اپنا کام خوش اسلوبی سے سر انجام نہیں دے رہا۔

جناب والا۔ انہوں نے یہ بھی فرمایا ہے کہ ہمارے پاس جتنا عملہ تھا۔ اس سے ہی کام لینا چاہئے تھا۔ تب بھی کارکردگی بڑھ سکتی تھی۔ لیکن میرا خیال ہے کہ اگر عملہ پورا ہو۔ اور جتنے عملے کی فی الحقیقت ضرورت ہو۔ اتنا ہی مقرر کیا جائے تو صرف اسی صورت میں کارکردگی قائم رہ سکتی ہے۔ اگر عملہ کم ہو تو معیاری کارکردگی قائم نہیں رہ سکتی۔ مثال کے طور پر ایکسپریس گاڑیاں، میل ٹرینیں اور وہ گاڑیاں جو لمبے سفر پر جاتی ہیں۔ ان میں اس قدر بھیڑ ہوتی ہے کہ خدا پناہ۔ اور اکثر ایسا بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ ریل کے ڈبوں میں سواریاں اس طرح بھری ہوئی ہوتی ہیں جیسے کسی سٹور میں بوریاں بھر دی گئی ہوں۔ تو اس کا حل یہ ہونا چاہئے۔ کہ یا تو زائد گاڑیاں چلائی جائیں یا جس گاڑی میں زیادہ بھیڑ ہو اس میں زیادہ ڈبے لگائے جائیں۔

جناب والا۔ کاروباری لوگوں کو مال لدوانے کی غرض سے مال گاڑی کے ڈبے حاصل کرنے میں بڑی مشکلات کا سامنا ہوتا ہے۔ اس کی وجہ میرے نزدیک یہ ہے کہ ہمارے پاس مال گاڑی کے ڈبوں کی بہت کمی ہے۔ اب جب کہ ہم خود ویگن بنانے کے قابل ہو گئے ہیں۔ ہمیں مال گاڑی کے ویگن بہت زیادہ تعداد

میں بنانے چاہئیں تاکہ کاروباری لوگوں کی مشکلات حل ہو سکیں ۔ دراصل ویگنوں کی کمی کی وجہ سے ان کے مال کا بڑا نقصان ہو جاتا ہے ۔ بعض اوقات ان کو وقت پر ویگن نہیں ملتے جس کی وجہ سے محکمہ ریلوے کے ملازمین کو ناجائز فائدہ اٹھانے کا موقع مل جاتا ہے ۔ اور اس طرح رشوت کا دور دورہ ہو جاتا ہے ۔ اگر ہمارے پاس ویگن زیادہ ہوں تو ان کے لئے رشوت قبول کرنے کا کوئی بہانہ ہی نہیں ہو سکتا ۔

جناب والا ۔ یہ بہت اچھی بات ہے کہ اب ہم آزاد ہیں ۔ چنانچہ ہمیں آزاد اور ترقی یافتہ ممالک کی صف میں کھڑا ہونے کی کوشش کرنا چاہئے ۔ ترقی یافتہ ممالک میں ریل گاڑیوں کے اتنے درجے نہیں ہوتے جتنے کہ ریلوے کے مسافروں کے لئے ہمارے ہاں ہیں ۔ ہمارے ہاں Air conditioned کو ملا کر ریلوے کے مسافروں کے لئے کل پانچ درجے ہیں ۔ لیکن ترقی یافتہ ممالک اور آزاد ممالک میں دیکھنے میں آیا ہے کہ وہاں عموماً دو درجے ہوتے ہیں ۔ اگر ہم بھی ایسا کر دیں تو ہمارے لئے یہ کچھ اچھا ہو سکتا ہے ۔ عوامی درجہ بنائیں یا اسی قسم کا کوئی خاص درجہ بنالیں ۔ اس میں مسافروں کے لئے سہولتیں مہیا کی جائیں مثلاً بجلی کے پنکھے لگائیں ۔ پانی کا انتظام ہو اور اسی قسم کی دوسری سہولتیں مہیا کی جائیں ۔ تو پھر کوئی آدمی اس درجہ میں سفر کرنے میں تکلیف محسوس نہیں کرے گا ۔ بلکہ بڑی خوشی سے سفر کرے گا ۔ کرایہ بھی زیادہ نہیں ہوگا ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد میں ایک بہت پرانے منصوبہ کے متعلق عرض کروں گا یہ گوجرانوالہ اور سیالکوٹ کے درمیان پٹری تعمیر کرنے کا ایک بہت پرانا منصوبہ ہے جسے دوسری جنگ عظیم سے پہلے تیار کیا گیا تھا ۔ مگر جنگ چھڑنے کی وجہ سے منصوبہ پایۂ تکمیل کو نہ پہنچ سکا ۔ کیونکہ ملکی حالات ایسے تھے اور اس کے لئے کچھ نہ ہو سکتا تھا ۔ اس کے بعد بھی کئی دفعہ سنا گیا اور اخبارات میں بھی پڑھا کہ حکومت سیالکوٹ اور گوجرانوالہ کے درمیان ریلوے لائن تعمیر کرنے کے متعلق غور کر رہی ہے ۔ مگر ابھی تک اس کا کوئی نتیجہ نہیں نکلا ۔ یہ ریلوے لائن کوئی بڑی لائن نہیں ۔ گوجرانوالہ سے سیالکوٹ تک صرف ۳۰ میل کا فاصلہ ہے ۔ اب اگر ریلوے کے ذریعہ جانا پڑے تو گوجرانوالہ سے وزیر آباد اور وزیر آباد سے سیالکوٹ تک تقریباً ۵۰ میل کا فاصلہ طے کرنا پڑتا ہے ۔ اس وقت اگر یہ ریلوے لائن بن جائے تو فاصلہ کم ہو جائے گا ۔ جس سے لوگوں کو کرایہ اور وقت کی بچت ہوگی ۔ فوجی نقطۂ نگاہ سے بھی یہ ریلوے لائن بہت اہم ہے ۔ ہنگامی صورت حال میں مفید ثابت ہو سکتی ہے ۔ آپ جانتے ہیں کہ سیالکوٹ بارڈر پر واقع ہے ۔ کسی وقت بھی ہنگامی حالات پیدا ہو سکتے ہیں ۔

علاوہ ازیں ڈسکہ ایک صنعتی شہر کی صورت اختیار کر رہا ہے ۔ وہاں پر کم و بیش ۱۰۰ کارخانے ڈیزل انجن بنانے کا کام کر رہے ہیں ۔ ملک میں وہاں کے بنے ہوئے انجن بہت مقبول ہیں ۔ اور ملک کے کونے کونے میں ان کی مانگ ہے ۔ ریلوے لائن کے نہ

ہونے کی وجہ سے کارخانہ داروں کو بہت مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ کیونکہ ان کے انجن ریلوے کے ذریعہ سے نہیں بھیجے جا سکتے نہ ہی وہ خام مال منگا سکتے ہیں۔ جس سے ان کو بہت تکلیف ہوتی ہے۔ اور کاروباری نقصان ہوتا ہے۔ اور وہ صنعتی ترقی نہیں کر سکتے اس کے علاوہ ڈسکہ اناج کی منڈی بھی ہے۔ یہاں تمام ضلع کی منڈیوں سے زیادہ اناج آتا ہے اور باہر بھیجا جاتا ہے۔ ریلوے لائن نہ ہونے کی وجہ سے میرے خیال میں کاشت کار ایک روپیہ فی من اجناس پر زیادہ وصول کرتے ہیں۔ دوسرے کاروباری لوگوں کے لئے بھی بہت مشکلات ہیں۔ اسی طرح عام لوگوں کو بھی تکالیف برداشت کرنی پڑتی ہیں کیونکہ ڈسکہ آنکھوں کے علاج کا مرکز ہے۔ جہاں مغربی پاکستان کے کونے کونے سے لوگ آنکھوں کے علاج کے لئے آتے ہیں۔ حکومت نے بھی وہاں آنکھوں کے علاج کے لئے ہسپتال قائم کیا ہوا ہے۔ اس کے علاوہ دو پرائیویٹ ہسپتال ہیں ایک چیمہ ہسپتال ہے اور دوسرا ہسپتال ڈاکٹر ایس ایم صادق صاحب نے جو انگلینڈ سے آنکھوں کے علاج کی تربیت لے کر آئے ہیں کھولا ہوا ہے۔ میرا عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ آنکھوں کے مریض جتنے ڈسکہ میں جاتے ہیں اتنے کسی اور جگہ پر نہیں جاتے۔ یہ وہ لوگ ہیں جو نابینا ہوتے ہیں۔

Mr. Speaker: The Member may please conclude his speech now.

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ۔ اس لئے اگر ریلوے لائن ہوتو ایسے بیماروں کو لاری کے سفر سے جو تکلیف ہوتی ہے وہ نہ ہو۔

ایک اور بھی عرض کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ اگر یہ ریلوے لائن بن جائے تو عوام کی فلاح و بہبود کے علاوہ یہ منافع بخش منصوبہ بھی ہے۔ آپ خیال فرمائیں کہ اس وقت گوجرانوالہ سے سیالکوٹ کے درمیان ۲۵ کمپنیاں اپنی بسیں چلا رہی ہیں۔ جو تعداد میں ۲۰۰ سے کم نہیں۔ سواریوں کے لحاظ سے بھی زیادہ مفید ہو سکتی ہے کیونکہ یہ صنعتی علاقہ ہے اور بہت گنجان آباد ہے۔ ڈسکہ کی تحصیل مغربی پاکستان کی تمام تحصیلوں سے زیادہ گنجان آباد ہے۔ یہ علاقہ ترقی یافتہ ہو سکتا ہے۔ لیکن ریلوے کے نہ ہونے کی وجہ سے اسے پس ماندہ سمجھا جائے گا۔

سردار محمد ایوب خان (بہاولپور - ۱) - جناب والا - آج میرے فاضل دوست جناب مسٹر حمزہ صاحب نے جس اچھے اور صلح کن موڈ میں اپنی تقریر کا آغاز کیا اس سے مجھے اچانک خوشی بھی ہوئی اور حیرت بھی ہوئی کہ آج شاید ہم ان کی التفات اور مہربانی کے کسی حد تک مستحق قرار دئیے گئے ہیں۔ مگر معلوم ہوتا ہے کہ ان پر ریلوے کے میزانیہ کا بقول ان کے ریلوے کی چند در چند خامیوں کا بوجھ ان کے ذہن اور دماغ پر مسلط ہو چکا ہے۔ اس لئے انہوں نے اچانک اپنا رویہ تبدیل کرکے ریلوے کی اصطلاح میں اپنا کانٹا دوسری طرف بدل دیا ہے۔ جناب والا۔ یہ صریح بے انصافی ہوگی کہ جو کچھ میرے فاضل دوست جناب زین نورانی نے آج ریلوے بجٹ کے متعلق اس معزز ایوان میں اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے اگر اس کو سراہا نہ جائے۔ انہوں نے ایک نہایت ہی متوازن، مدلل اور انصاف سے بھری ہوئی تقریر کی ہے۔ اور میں حقیقتاً اس گذارش کو پیش

کرنے سے تامل نہیں کروں گا کہ مجھے اس ایوان میں تقریباً ۱۱ - ۱۲ سالوں سے بحیثیت ایک ممبر کے بیٹھنے کا پریولج اور فخر حاصل رہا ہے اور میں نے ابتدا میں تو کچھ اچھی تقریریں سنی تھیں مگر کافی عرصہ ہوا کہ اس قسم کی صلاحیتوں سے بھری ہوئی اور منصفانہ اور مدلل تقریر شاید ہی میں نے پچھلے چند سالوں میں سنی ہو۔

جناب والا - میں بہت کچھ کہنا چاہتا تھا - اور تھوڑے سے وقت میں خیال تھا کہ جو کچھ کہنا چاہوں گا اسے کہونگا مگر میں یقین کے ساتھ کہتا ہوں کہ جناب زین نورانی نے میرے خیالات کی پوری ترجمانی کر دی ہے اور میں ان کے قیمتی خیالات کی پوری ہم نوائی کرتا ہوں - میں صرف اس قدر گذارش ضرور کروں گا کہ زیر بحث بجٹ ایک متوازن بجٹ ہے اور یہ ترقی پذیر صلاحیتوں کا پوری طرح سے حامل ہے اور جو فاضل ، لائق ، محنتی ، وطن دوست اور تجربہ کار اصحاب اس بجٹ کی ترتیب میں شبانہ روز اپنی صلاحیتوں اور محنتوں کو بروئے کار لائے ہیں وہ قابل ستائش ہیں اور ہمیں ان کی بھرپور ستائش کرنے میں کوئی دریغ نہیں کرنا چاہئے -

جناب والا - ریلوے بجٹ پر بہت ساری باتیں بہت سارے فاضل ممبران نے کہی ہیں اور وہ یقیناً قابل توجہ ہیں - میرے لئے اب اس کے سوائے کوئی گنجائش باقی نہیں رہی کہ میں اپنے علاقے کے متعلق چند گذارشات پیش کر دوں - بہاول پور ڈویژن نسبتاً کم ترقی یافتہ علاقہ ہے - جب سے پاکستان معرض وجود میں آیا ہے عمومی طور پر اور انٹیگریشن کے بعد خاص طور پر بارہا ہم حکومت اور متعلقہ اصحاب کی خدمت میں گذارشات

پیش کر چکے ہیں کہ ہمیں اس علاقہ میں تین چار چیزوں کی اشد ضرورت ہے اور ان ضروریات کی طرف توجہ جلد سے جلد ہونی چاہئے - سب سے بڑی ضرورت ایک نئے ریلوے Link کی تھی اور جس کے متعلق زیر بحث بجٹ میں کچھ Allocation بھی کی گئی ہے - یہ غالباً پہلا موقع ہے کہ اس لائن اور اس کے قیام کے لئے یہ رقم سال رواں کے دوران میں تعین کی گئی ہے - اس سکیم کا تخمینہ ۱۱۲ کروڑ کا ہے مگر سال رواں میں اس کے لئے اس کے مقابلے میں بہت ہی کم رقم رکھی گئی ہے - اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس Link کی تکمیل میں کافی وقت لگے گا - ہماری ضرورت پچھلے ۱۵ سال سے بدستور قائم و موجود ہے - ہم چاہتے ہیں کہ جتنا جلد سے جلد ممکن ہو اس Link کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے - ایک ہماری سب سے زیادہ ضرورت فورٹ عباس براستہ یزمان سمہ سٹہ لائن کے اجرا کی تھی جس کے متعلق کئی سالوں سے اس ایوان میں بارہا ہم نے اپنی ضروریات کو پیش کیا ہے - ایک عرصہ ہوچکا ہے غالباً فاضل ممبران کے ذہن میں بھی یہ بات اب نہ رہی ہو کہ بہاول نگر سے فورٹ سمہ سٹہ کو ملانے کے لئے ایک ریلوے لائن جس کو بہاول پور چولستان ریلوے کے نام سے موسوم کیا گیا تھا - یہ غیر منقسم ہندوستان کے وقت میں جاری کی گئی تھی - پچھلی جنگ عظیم کے دوران میٹیریل کی ضرورت کے پیش نظر فورٹ عباس سے لے کر یزمان یا بغدادالجدید تک یہ لائن بند کردی گئی اور اس کی پٹریاں وغیرہ اکھاڑ کر جنگی ضروریات کے لئے بھجوادی گئیں - اس وقت ہم کو یہ بتایا گیا اور یہ تسلی دی گئی کہ جونہی جنگ ختم ہوگی اس علاقے میں دوبارہ اس لائن کو جاری کر دیا جائے گا - مگر وہ وعدہ اور تسلیاں اس وقت تک ایفا نہ

ہوئیں ۔ چولستان کا علاقہ خود ایک نہایت ہی کم ترقی یافتہ اور پس ماندہ علاقہ ہے ۔ آبادی وہاں پر کافی حد تک پھیل چکی ہے لیکن آبادی کے لئے عام رسل و رسائل کے ذرائع ہمارے پاس کماحقہ موجود نہیں ہیں ۔ وہاں پر سڑکیں بھی نہیں ہیں صرف یہ ایک ریلوے لائن تھی ۔ پندرہ سال میں یا اس سے بھی زیادہ ہوا ہے کہ وہ لائن بھی وہاں سے اٹھا لی گئی ہے ۔ اب آپ اندازہ لگائیں کہ اس Link کے بغیر رسل و رسائل کا سلسلہ کس طرح ہوتا ہوگا اور کیسے گزر ہو رہی ہوگی اور اس علاقہ کی ترقی میں یہ کس قدر زبردست رکاوٹ ہے جس کو پورا نہیں کیا جا رہا ہے ۔ میں توقع کرتا ہوں کہ جلد سے جلد ہماری یہ پرانی ضرورت اور یہ پرانا گلہ رفع کرنے کی کوشش کی جائے گی ۔ ایک اور چیز بھی ہے کہ ہمیں اپنے علاقہ میں دو ایک مقامات پر لیول کراسنگ پر بڑی تکلیف ہوتی ہے ۔ خاص طور پر رحیم یارخان ریلوے سٹیشن پر اور خان پور ریلوے سٹیشن پر ۔ اس کی تکلیف نہایت شدید ہے اور فوری ہے ۔ جیسا کہ معزز ممبران کو معلوم ہوگا رحیم یارخان ایک بڑا صنعتی مرکز بن چکا ہے ۔ غالباً مغربی پاکستان میں چند ایک ایسے خوش قسمت اضلاع ہیں جن کے مقابلہ میں رحیم یار خان کا شہر خصوصی طور پر بڑے اضلاع کے دوش بدوش کھڑا ہو جائے گا ۔ وہاں اس ملک کی مشہور صنعتیں ہیں ۔ مثلاً Lever Brothers, Small Industrial Schemes & Abbasia Textile Mills منظور ہوچکی ہیں اور ایک بہت بڑا منصوبہ تیار ہوگا ۔ اس شہر کی اہمیت کا اندازہ ان چیزوں سے ہو سکتا ہے ۔ رحیم یار خان ایک صنعتی علاقہ ہے ۔ شہر کے درمیان ریلوے لائن ہے اور ایک level crossing ہے جو کم و بیش

دن کے کافی حصہ کے لئے گاڑیوں کی آمدورفت کی وجہ سے بند رہتا ہے ۔ جس کی وجہ سے بڑی تکلیف رہتی ہے اور جس سے بہت working hours لوگوں کے ضائع ہوتے ہیں ۔ ملک اور قوم کا قیمتی وقت ضائع ہوتا ہے اور اس کے اور نقصانات بھی ہوتے ہیں ۔ اس کی طرف خاص توجہ ہونی چاہئے بلکہ اس کام کو priority دینی چاہئے اور جتنی جلدی ہوسکے اس کو پایہ تکمیل تک پہنچانا چاہئے ۔

Haji Gul Hassan Mangi (Sukkur-III) : Mr. Speaker, Sir, first of all I congratulate Malik Muhammad Hayat Khan Tuman for presenting the Railway Budget not because he has been appointed as the Railway Minister but because he is a common man and knows the difficulties of the people and the common man.

Mr. Speaker, Sir, you are quite aware that in 1962 when you were with us we severely critcised the Railway Budget because at that time the working of the Railways was not quite satisfactory. It was much worse. Now, it has improved to some extent and at present its working is quite satisfactory. For this I must pay my compliments to the ex-Railway Minister, Mr. Muhammad Khan Junejo, Chairman and the Vice-Chairman.

Mr. Speaker, Sir, there are still some difficulties in the working of the Railways and I hope our Minister of Railways under the leadership of Khan Habibullah Khan will remove these difficulties.

The first thing that has been discussed here is about the railway employees and labourers. I know some of them. The railway employees, especially the lower class have got some difficulties. Our sympathies are with them but at the same time they should adopt proper methods and approach through proper channel to achieve their object. At present I am fully aware that their case is being considered by the Leader of the House, Khan Habibullah Khan and the Railway Minister. So, I shall advise these employees to remain calm for some time so that they may come to some decision in this respect.

Now, Sir, there are some local problems which I will bring to the notice of this House, the Minister of Railways and officers of the Railway Department. Sir, after the One Unit a train—Shaheen Express—was started for the Third Class passengers. In that train accommodation is provided only to those people who travel three hundred miles or above. This being the case the train is not beneficial for the people travelling from Rohri to Karachi. I would, therefore, suggest that the distance be reduced from three hundred to one hundred mile so that it should be possible for the people of Sind area to travel from Rohri to Karachi, from Sukkur to Hyderabad and from Sukkur to Nawabshah.

The other most important thing I would like to submit is that after the construction of the Ayub Bridge at Rohri the Landsown Bridge has been opened for public traffic. We are thankful to Sheikh Masood Sadiq under whose guidance and instructions the bridge was opened for public traffic. But a toll tax has been fixed by which the Government gets about fifty thousand rupees per year. Previously the toll tax was eight annas. But now the rate has been doubled. I know that the Government is always keen to do something good for the welfare of the people. I, therefore, request the Leader of the House, the Minister of Railways and the Officers concerned to abolish this toll tax and make it free for the public. I would remind this House that there had been such tax in Sukkur Barrage at one time. Once late Dr. Khan Sahib, formerly Chief Minister of the One Unit Government visited this area and we approached him. Though at that time he was a Republican and we were Muslim Leaguers but he accepted our demand and removed the toll tax within one hour. He is still remembered for this act. I think, Sir, that this is a most genuine demand and it must be accepted.

Now the other point. Sir, Sukkur is an industrial city and some industries have been put up at Larkana too. We have been demanding since 1962 that rail cars should ply from Rohri to Dadu and Dadu to Jacobabad. We were also promised that two rail cars would ply from Rohri to Dadu and two from Rohri to Jacobabad but this promise has not been fulfilled and I would request the Leader of the House and the Railway Minister to give us these cars and carry out the promise made by Sheikh Masood Sadiq.

The other thing that I would submit is that it is Government's policy that non-Gazetted posts should be given to the residents of the area. In 1964 a Divisional Office has been created at Sukkur. It is our demand

and right that all clerical posts should be given to the people of that area. What has actually happened is that the authorities have rejected the candidates of that area on the simple ground that they do not know typing. Instead surplus staff from Lahore and Multan was sent for to fill the vacancies. This is injustice. This is our right and we demand that the rules in this connection should be strictly adhered to and all posts should be given to those people especially who are residing there. Now this behaviour of the Railway Officers has created some contempt in the heart of the people of that area. It is really a pity that the local residents do not even get clerical jobs.

The other thing Sir. There is one railway crossing at the Sukkur yard. I have shown this railway crossing twice to Sheikh Masood Sadiq when he visited the area and Railway Officers and Member Traffic and they agreed that they will construct an overhead bridge. This crossing remains closed for at least eighteen hours out of twenty four and people have to bring sick people on their shoulders if they have to cross it. It remains closed continuously for hours. This is one of our main grievances and I would request both the Leader of the House and the Minister concerned to remove this difficulty immediately.

Third thing is Sir, although there is punctuality in the running of trains on the main line, such as from Karachi to Lahore and like that, but I am sorry to say that there is absolutely no punctuality on the like from Rohri to Dadu. They are at the mercy of the station master. I think trains are just like the goods trains. They are detained at every station, even small station, for more than half an hour or even more because whatever goods are to be carried they are carried on them. You imagine Sir the train from Larkana to Rohri takes four hours to reach there and by car we reach in one hour. That happens because the train is being detained at each station. They have to transport mangoes, they have to transport guavas, etc., and when the goods trains are there, they should not be detained at such small stations for five-ten minutes to transport goods etc.

Now, Sir, it is said that the income has been less because there has been transport of stone by WAPDA, etc. Sir, this Rohri Division is full of jungles and the contractors collect their fuel wood for transport to Quetta, Karachi, and Lahore at stations such as Ghotki, Pannu Akil and Rohri. Wagons are lying there idle for days and days together but they say that you should not get any priority unless and until you please the officers and the babu in charge of these Wagons. I hope the Railway Minister will do something for this.

Sir in Sukkur there is a very big railway hospital and it has an X-ray plant. Now this X-ray plant is out of order for the last two years and difficulty is being experienced by the people of that area, specially the railway employees without it. I request the railway officers and the Minister to get this equipment repaired immediately or to replace it, and to do something for the betterment of the railway hospital at Sukkur because there is only one hospital where all the railway employees are treated.

There is also acute shortage of accommodation at Sukkur, especially for the railway employees, who are very low paid, and upto this time the Government has not made any arrangement for construction of the 'C' class quarters for the low paid employees of the railway, who are not working satisfactorily as they are in search of accommodation from morning till night. I hope that some 'C' class quarters for low paid employees of the railway should be constructed so that they may be given some relief.

With these remarks, I offer my compliments to the Railway Minister.

حاجی عطا محمد (خیر پور ـ ۲) ـ جناب والا ـ اس ضمن میں کافی بحث ہو چکی ہے ۔ لیکن مجھے اپنی ضرورت جو ہے وہ پیش کرنی ہے اور میں جناب والا آپ کی وساطت سے منسٹر صاحب کو ایڈریس کروں گا ۔ میں اختلاف کی خاطر اختلاف نہیں کرتا ۔ میں آزاد ممبر ہوں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جب حزب اختلاف والے باتیں کرتے ہیں تو ان کو سنا ہی نہیں جاتا ۔ کہ یہ ان کی عادت ہے وہ تو اختلاف ہی کرتے رہیں گے ۔ میری گذارش ہے کہ ہم سب سارے ویسٹ پاکستان کی ترقی اور بہبودی کے لئے ادھر جمع ہوئے ہیں ۔ حزب اختلاف والوں کو بھی چاہئے کہ وہ سختی سے تنقید کرنے کی بجائے اچھے خاصے مشورے دیں اور حزب اقتدار والوں کے لئے بھی ضروری ہے کہ اس کو اچھی طرح سے سنیں نوٹ کریں ، پھر جس منسٹر صاحب کا محکمہ ہو وہ حزب اختلاف والوں کو اپنے طور سے بلائے اور انہیں مطمئن کرنے کی کوشش کرے ۔ دیکھے کہ ان کی کیا کیا ضرورت ہے ۔

ہم مسلمان ہیں ۔ ہمارا بادشاہ خدائے تعالیٰ ہے ۔ ہم اس کے احکام سناتے ہیں ۔ اس کا پیغام سناتے ہیں ۔ ہمارا یہ فرض ہے کہ وہ شہادت ادھر پیش کریں ۔ لازم ہے کہ ہر آدمی اپنے علاقے کے

جتنے کام ہیں وہ ادھر پیش کرے - اس کو ٹالا نہیں جا سکتا - ہمارا ملک ایک غریب ملک ہے مگر ہم جیسا کہ حمزہ صاحب نے کہا بڑی بڑی کاریں منگوائے جاتے ہیں - اگر ہم لوگ آسائش کے عادی ہو گئے تو رن کچھ میں کیسے لڑیں گے - ہمیں وہاں لڑنا ہے جہاں کوئی سایہ نہیں ، جہاں کوئی پانی نہیں ، جہاں کار کا راستہ نہیں - ہم ایک بڑے شدید دور سے گزر رہے ہیں - ہمیں سب کچھ سوچنا ہے - اس لئے لازم ہے کہ ہم پہلے صدق دل کے ساتھ تعمیر کا کام کریں - آرائش و آرام کا خیال بعد میں کریں - اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا ہے

لیس للانسان الا ما سعیٰ

ہم کوشش کرتے ہیں اور نتیجہ جو ہو سو ہو - نتیجہ اس کے ہاتھ میں ہے اور ہمارا یہ ایمان ہے کہ ہم اس قوم کے فرد ہیں جسے اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا ہے -

لا تخافوا و لا تحزنوا و انتم الاعلون

(تم ڈرو مت اور نہ غم کرو تم بلند ہو سب سے)

کون کہتا ہے کہ ہم سب سے نیچے ہیں - ہم بلند قوم کے افراد ہیں - شرط صرف یہ ہے کہ اگر ہم مومن ہیں - یہ شرط نہیں ہے کامیاب ہونے کی کہ ایٹم بم ہو - ایٹم بم کا ہمیں کوئی ڈر نہیں - پھر جب اللہ تبارک و تعالیٰ دیکھتا ہے کہ ہم سست ہو گئے ہیں ، ہم ڈھیلے ہو گئے ہیں تو پرندوں سے کام لے لیتا ہے - ہاتھیوں کی فوج کو تباہ کر ڈالتا ہے جیسے گھاس ہوتی ہے - ہمیں اس طریقہ سے سوچنا چاہئے - ہم بھول گئے ہیں - ہمیں

پیچھے کی طرف دیکھنا چاہئے کہ ہم کس طریق سے یہاں آئے ہیں ۔

Major Malik Muhammad Ali : Point of order Sir. I humbly submit that I am sufficiently confused to discern the relevancy of what the gentleman has been speaking so far. The learned speaker may be requested to confine himself to the subject.

مسٹر سپیکر ۔ وہ یہ فرما رہے ہیں کہ بجٹ کے متعلق کچھ فرمائیے ۔ آپ جنرل بجٹ میں ان امور کو واضح کر سکتے ہیں ۔

حاجی عطا محمد ۔ میرا مطلب یہ ہے کہ جو پیسے ہم اس طرح ضائع کریں وہ ہم ریلوے کی ترقی پر خرچ کریں ۔ اور میری تقریر کا مقصد ہی یہی ہے ۔ افسوس ہے کہ جب ہم ووٹ لینے جاتے ہیں ۔ تو ہمیں ہر زبان آتی ہے ۔ اور ہم ہر زبان بڑی فصیح بولتے ہیں ۔ تاکہ ووٹ دینے والوں کو متاثر کریں ۔ اور اس طرح ہم ووٹ حاصل کر لیتے ہیں ۔ لیکن جب ایوان میں پہنچ جاتے ہیں تو پھر ہم بغیر انگریزی کے دوسری کوئی زبان نہیں جانتے ہیں ۔ اس لئے میں اس معزز ایوان سے مودبانہ عرض کروں گا کہ چونکہ ہماری قومی زبان بھی اردو ہے ۔ اور یہاں پر بیٹھنے والے تقریباً سب ہی معزز ممبران اردو بخوبی سمجھتے ہیں ۔ اس لئے لازم ہے کہ ہم یہاں پر اردو ہی میں بات کریں ۔ تاکہ بات سمجھنے والے ایک دوسرے کی بات کا اچھی طرح سے جواب بھی تو دے سکیں ۔

جناب والا ۔ تقریر کرنے کا مقصد یہ ہے کہ جتنے پسماندہ علاقے ہیں ۔ آپ ان پر زیادہ سے زیادہ خرچ کریں ۔ ہمیں ایرکنڈیشنڈ

ڈبوں کی ضرورت نہیں ہے ۔ بہتر ہے کہ اس کے بجائے آپ تیسرے درجے کے ڈبوں کی اصلاح کریں ۔ میں ایک چھوٹے سے علاقے خیر پور سے تعلق رکھتا ہوں ۔ آپ سب بخوبی جانتے ہیں کہ خیر پور پہلے ایک سٹیٹ تھی ۔ اور یونٹ کے قیام کے وقت پہلے پہلے ہم نے ہی اس میں شامل ہونے کے لئے آواز اٹھائی تھی ۔ اسی طرح سندھ اور دوسرے چھوٹے صوبوں نے بھی اس لالچ میں وحدت مغربی میں ضم ہونے کا فیصلہ کیا تھا کہ پنجاب ایک بڑا علاقہ ہے اور اس میں شامل ہونے سے ہمارے پسماندہ علاقوں کی ترقیات میں روز افزوں اضافہ ہوگا ۔ ہماری آمدنی میں اضافہ ہوگا ۔ ہم آپ سے بہت کچھ سیکھیں گے ۔ اور اس طرح بہت ترقی کریں گے ۔ لیکن ہوا کیا اس کی ایک مثال آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں ۔ کہ گیدڑوں کا ایک جوڑا کسی میدان میں جا رہا تھا ۔

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب ۔ یہ آپ محکمہ ریلوے کے متعلق فرما رہے ہیں ۔

حاجی عطا محمد ۔ جناب والا ۔ میں ریلوے کے محکمے کی حدود سے باہر نہیں جاؤں گا ۔ اور اپنی بات سمجھانے کے لئے ایک مثال عرض کر رہا ہوں ۔ کہ ہم ون یونٹ میں کیوں شامل ہوئے تھے ۔ اور اس کا نتیجہ کیا ہوا ۔ آپ میری بات تو سن لیں ۔ تو میں عرض کر رہا تھا کہ گیدڑوں کا ایک جوڑا کسی میدان میں جا رہا تھا کہ انہوں نے ایک اونٹ دیکھا ۔ جو کہ سویا پڑا تھا ۔ مادہ نے گیدڑ سے کہا کہ ہمارے بچے بھی بھوکے ہیں ۔ اور ہم بھی بھوک سے نڈھال ہیں ۔ کیوں نہ اسے کھینچ کر

اپنی کھوہ میں لے جائیں ۔ وہاں ہم بھی اسے کھا لیں گے اور ہمارے بچے بھی اسے کھا کر اپنی بھوک مٹا لیں گے ۔ گیدڑ نے کہا ٹھیک ہے ۔ اس کی دم میری دم کے ساتھ باندھ دو ۔ میں اسے کھینچ کر اپنی کھوہ میں لے جاؤں گا ۔ چنانچہ جب گیدڑ کی دم کے ساتھ اس اونٹ کی دم کو باندھ دیا گیا تو معاً اونٹ اٹھ بیٹھا ۔ اور وہ گیدڑ بیچارہ اس کے ساتھ ہی لٹک گیا ۔ بس اسی سے ہماری حالت کا بھی اندازہ لگا لیجئے ۔ ہماری بھی یہی حالت ہے ۔ چھوٹے صوبے والوں کی حالت یہ ہے کہ جو خراب ڈبے ہوتے ہیں وہ انہیں دئیے جاتے ہیں ۔ اور ترقیات کا جتنا بھی کام ہوتا ہے وہ ترقی یافتہ علاقے میں ہی ہو رہا ہے ۔ اور جتنی بھی اچھی اچھی سکیمیں ہیں وہ بھی وہیں پر ختم ہو جاتی ہیں ۔ انہیں معلوم ہونا چاہئے ۔ کہ ہمارا علاقہ پسماندہ ہے ۔ اور ہم بھی ان ترقیاتی سکیموں کے مستحق ہیں ۔

جناب والا ۔ ۱۹۲۹ء میں ایک ریلوے لائن پڈعیدن سے محراب پور تک بچھائی گئی تھی ۔ اور دوسری نواب شاہ سے ٹنڈو آدم براستہ سٹھارجا بچھائی گئی تھی ۔ یہ لائنیں مٹی کی تھیں ۔ اور اب تک اسی طرح مٹی کی ہی ہیں ۔ اور ابھی تک اس پر پتھر نہیں ڈالا گیا ۔ اور اس کی وجہ سے جب وہاں گاڑی چلتی ہے ۔ تو اس قدر گرد و غبار کا طوفان اٹھتا ہے کہ کوئی بھی معزز آدمی اس لائن پر سفر کرنے سے گھبراتا ہے ۔ اسی وجہ سے اس لائن پر ریلوے کی آمدنی کم ہے ۔ دوسری لائن سکھر سے ہو کر براستہ لاڑکانہ کوٹری تک جاتی ہے ۔ اگر آپ اس لائین پر استعمال ہونے والے ڈبوں کو دیکھیں تو آپ کو ضرور افسوس

ہوگا ۔ یہ اللہ کا شکر ہے کہ یہاں پر نئے ڈبے بن جاتے ہیں ۔ اور اس طرح پرانے ڈبے ہمارے علاقے میں بھیج دئیے جاتے ہیں ۔ ہم نے آج تک ان فیڈر لائنوں پر کوئی نیا ڈبہ نہیں دیکھا ۔ اور وہاں پر مشینیں بھی پرانی ہیں ۔ وہاں فیڈر لائنوں کی حالت یہ ہے کہ وہاں پر ٹکٹ نہیں بیچے جاتے ۔ بلکہ ٹکٹ کلکٹر ، گاڑی میں متعین پولیس والے ، گارڈ اور سٹیشن ماسٹر سب ہی مل کر ٹکٹوں کے پیسے مسافروں سے وصول کرکے کھا جاتے ہیں ۔ اس لئے بھی آمدنی کم ہے ۔ لازم ہے کہ ان کی نگرانی کی جائے ۔ اور وہاں پر چلنے والی گاڑیوں کی رفتار ایسی ہے کہ راستے میں اگر کسی گارڈ یا ڈرائیور کو گھاس کی ضرورت ہو ۔ تو وہ گاڑی روک کر گھاس اٹھا لیتے ہیں ۔ وہاں نہ کوئی سٹیشن ہے ۔ اور ڈیزل کی گاڑی بھی اسی طریقے سے چلتی ہے ۔ اور یہی وجہ ہے کہ ریلوے کی آمدنی کم ہو رہی ہے ۔

جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے نئے وزیر ریلوے کو یہ تمام واقعات اس لئے بتاتا ہوں کہ اگر وہ اس طرف توجہ دیں تو ہماری آمدنی بڑھ سکتی ہے ۔ مجھے اس امر سے اتفاق نہیں ہے ۔ جیسا کہ مسٹر حمزہ نے مثال دی ہے ۔ ہندوستان کا بجٹ محض پروپیگنڈا ہے ۔ وہ جھوٹا بجٹ ہے ۔ لیکن ہمارا بجٹ جھوٹا بجٹ نہیں ہے ۔ میں ہندوستان کے بجٹ کو اپنے ملک کے بجٹ پر کبھی ترجیح نہیں دیتا ۔ لیکن یہ ضروری ہے کہ ہم اپنی خامیوں کی اصلاح کریں ۔

(اِس مرحلے پر سینئر ڈپٹی سپیکر مسٹر عمر جان خان کرسی صدارت پر متمکن ہوئے) ۔

کیونکہ اصلاح سے ھی یہ ملک آگے بڑھے گا ۔ میں آپ کی وساطت سے اپنےمعزز دوستوں کی توجہ ضلع خیر پور کی طرف دلاتا ھوں ۔ یہ ایک ریاست تھی ۔ اور اس کا رقبہ چھ سو مربع میل تھا ۔ اس چھ سو مربع میل میں سے صرف تیس میل تک ھی ریلوے لائن جاتی ھے ۔ وہ بھی اس کے مغربی حصے میں جاتی ھے ۔ باقی تمام علاقہ ریلوے لائن سے محروم ھے ۔ اس لئے میری استدعا ھے کہ ریلوے لائن اس ضلع کے درمیان میں سے گزاری جائے تاکہ عام لوگوں کو اس سے فائدہ ھو ۔ میری دوسری گزارش یہ ھے کہ ھماری فیڈر لائن پر جتنے سٹیشن ھیں ان میں کسی قسم کا گودام نہیں ھے ۔ نہ کوئی سایہ ھے نہ کوئی شیڈ ھے اور نہ پینے کے پانی کا انتظام ھے ۔ وھاں پر لوگ جانوروں کی سی زندگی گزارتے ھیں ۔ وھاں کے لوگوں سے آپ کا یہ برتاؤ ھے ۔ میں آپ کی وساطت سے اپنے پنجابی دوستوں سے عرض کروں گا کہ آپ ھمارے بڑے بھائی ھیں ۔ اور ھمارے ساتھ بڑے بھائیوں جیسا سلوک ھی کریں ۔ ھم بھیک نہیں مانگتے ھیں ۔ ھمارے علاقے کی بھی آمدنی ھے ۔ ھمیں اسی میں سے حصہ دیں ھم پر رحم کریں ۔ اور ھمارا حق ھمیں دیں ۔ ھم امداد کے لئے آپ کی طرف دیکھتے ھیں ۔ آپ ھماری فریاد سنیں ۔ کیونکہ مساوات پر عمل کرکے ھی ھمارا ملک ترقی کر سکتا ھے ۔ میں آپ کی توجہ ایک سٹیشن سٹاگا کی طرف دلاتا ھوں ۔ اس سٹیشن سے تین لاکھ ۷۵ ھزار من کپاس کی delivery ھوتی ھے ۔ گندم ایک لاکھ من جاتی ھے اور گنے کی پیدا وار وھاں اتنی زیادہ ھے کہ وھاں سے ۵۰ ھزار من گڑ اور کھانڈ بھیجی جاتی ھے ۔ گڑ اور سرسوں کو بجائے ریلوے کے ذریعہ بھیجنے کے ٹرکوں سے بھیجتے ھیں ۔ وھاں راستہ نہیں

ہے ۔ وہاں گودام نہیں ہے ۔ گودام کے بغیر مال وغیرہ کیسے محفوظ رکھا جا سکتا ہے ۔ اس لئے لازمی ہے کہ وہاں گودام ہونا چاہئے ۔ ہمیں خوشی اس بات کی ہے کہ وہاں کوئی حادثہ پیش نہیں آیا ہے ۔ اس کے علاوہ میں عرض کروں گا کہ سٹاگا سٹیشن پر پل نہ ہونے کی وجہ سے تین حادثات ایک سال میں ہوئے ہیں ۔ بڑے افسوس کی بات ہے کہ محکمہ ریلوے والے مکمل رپورٹ یہاں نہیں بھیجتے ہیں ۔ علاوہ ازیں نہ پینے کے پانی کا انتظام ہے اور نہ مسافروں کے بیٹھنے کے لئے سائے کا انتظام ہے ۔ حالانکہ وہاں پر ایک بڑی منڈی ہے ۔ وہاں سے اتنی اجناس باہر بھیجی جاتی ہیں کہ میرا خیال ہے کہ کہیں سے اتنی کم جاتی ہونگی ۔ جناب والا ۔ اس بات کو اپنے نوٹس میں رکھیں اور اس کے متعلق مناسب اقدام کیا جائے تاکہ وہاں کے غریب عوام کو ان مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے ۔ دوسرے جناب والا ہمارے ضلع میں ایک لائن کی ضرورت ہے کیونکہ خیر پور سے کوٹ لالو تک ۵ے میل کا فاصلہ ہے ۔ وہاں کے عوام کو بڑی دقت ہے ۔ میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ ہم پسماندہ علاقے کے ہوتے ہوئے اس لحاظ سے شامل ہوئے تھے اور آپ نے شامل کیا تھا ۔ ہم شوق سے شامل ہوئے تھے اور اب بھی ہمارا وہی شوق ہے ۔ اب ہماری یہ حالت ہے کہ ہم ضرور چلائیں گے اور شکایت کریں گے ۔ اور ہر طریقے سے استدعا بھی کریں گے کہ ہماری تکالیف کو رفع کیا جائے ۔ اس لئے میری یہ گزارش ہے کہ وسائل آمدنی کو بڑھایا جائے ۔ جتنے گودام زیادہ ہوں گے اتنا ہی لوگ گاڑیوں میں مال

بھیجیں گے ۔ وہ ٹرکوں پر نہیں بھیجیں گے ۔ سایہ اور پینے کا پانی کے علاوہ بیت الخلا میں پانی کا کوئی بندوبست نہیں ہے ۔ بیت الخلا میں اس قدر گندگی ہوتی ہے کہ کوئی آدمی بھی اندر جانے کے قابل نہیں ہوتا ۔ آپ ان چیزوں کی طرف فوری توجہ دیں ۔ انشاء اللہ اس سے آمدنی بڑھے گی ۔ جناب والا ۔ اس سے ہمارا اتفاق ہے کہ محکمہ ریلوے ایک ایسا محکمہ ہے جس کی بڑی ضرورت ہے اور ساتھ ہی اس کی اصلاح کی بھی بڑی ضرورت ہے ۔ میں نے اپنی گزارشات آپ کے سامنے پیش کر دی ہیں ۔ اگر گستاخی ہوئی ہو تو مجھے امید ہے کہ ہاؤس مجھے معاف کر دے گا ۔

سردار محمد اسحاق خان (کوئٹہ ۔ شکئی) ۔ جناب عالی ۔ میں جناب کے توسل سے اپنے وزیر ریلوے صاحب کو balanced بجٹ پیش کرنے پر ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں ۔ اور اس کے ساتھ ہی ساتھ محکمہ ریلوے کے سٹاف اور عملہ کو بھی ان کی اعلیٰ کارکردگی پر مبارک باد دیتا ہوں ۔ یہ خوشی کی بات ہے کہ پچھلے سال اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اور محکمہ ریلوے کے حکام کی کوششوں سے کسی قسم کا کوئی حادثہ پیش نہیں آیا ۔ یہ ان کی اعلیٰ کارکردگی کا ایک بہترین نتیجہ ہے ۔ اور یہ حقیقت ہے کہ تقسیم ملک کے بعد روز بروز یہ محکمہ ترقی کر رہا ہے اور اس کی کارکردگی روز بروز بہتر ہوتی جا رہی ہے ۔ حال ہی میں عوامی جمہوری ٹرین انہوں نے start کی ہے ۔ اس کے چلنے کی وجہ سے کافی مسافروں کو سہولت حاصل ہو

گئی ہے ۔ اس کے علاوہ دوسری گاڑیوں پر رش تھا اور وہاں لوگوں کو جو تکالیف تھیں وہ کافی حد تک دور ہو گئی ہیں ۔ اس ضمن میں میں حکام ریلوے کو یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ گرمیوں کے موسم میں وہاں سے لوگ سندھ اور پنجاب کی طرف نہیں آتے ۔ جو دو ڈبے کوئٹہ سے لاہور تک اور ایک ڈبہ کوئٹہ سے پشاور تک گرمیوں کے موسم میں چلا رہے ہیں وہ ناکافی ہیں مگر سردیوں میں وہاں کے عوام سردیوں سے بچنے کے لئے اس طرف آتے ہیں اور سکولوں میں جب بچوں کو چھٹیاں ہوتی ہیں تو وہاں کے بچے بھی اس طرف آتے ہیں ۔ یہ جو دو ڈبے لاہور کے لئے اور ایک ڈبہ پشاور کے لئے ہیں یہ سردیوں کے موسم کے لئے ناکافی ہیں ۔ اس سلسلے میں میں یہ تجویز پیش کرنا چاہتا ہوں کہ معزز وزیر ریلوے اگر ان ڈبوں کی تعداد کو دگنا کر دیں تو یہ تکلیف کافی حد تک دور ہو جائے گی ۔ اور ساتھ ہی ساتھ یہ تجویز بھی پیش کرنا چاہتا ہوں کہ کوئٹہ سے زاہدان تک جو ٹرینیں چلتی ہیں (یہ چونکہ غیر ملک میں جاتی ہیں ۔ کیونکہ زاہدان ایران میں واقع ہے) ان کے ڈبوں کی حالت اچھی نہیں ہے ۔ اور خصوصاً ہر کلاس کے جو ڈبے ہیں ان کی حالت ٹھیک نہیں ہے ۔ اس میں بہت سے لوگ سفر کرتے ہیں اور اس میں غیر ملکی لوگ بھی بہت سفر کرتے ہیں ۔ غیر ملکی لوگ جو ایران کے راستہ پاکستان میں داخل ہوتے ہیں ان کے لئے یہ انتظام کافی نہیں ہے ۔ اس کے متعلق میری گذارش ہے کہ اول تو سارے کے سارے ڈبوں کو تبدیل کر دیں ۔ کیونکہ یہ بہت پرانے ہو چکے ہیں

اور بوسیدہ ڈبے ہوگئے ہیں ۔ علاوہ ازیں اس میں فرسٹ اور سیکنڈ کلاس کے ڈبے نہایت ہی اچھے ہوں ۔ اگر ان میں گرمیوں کے موسم میں ایرکنڈیشنڈ چلائے جائیں تو اس سے بہت حد تک تکلیف دور ہو جائے گی ۔

جناب والا ۔ سابقہ بلوچستان میں سب سے پرانی ریلوے لائن وہ ہے جو پہلے کوئٹہ سے براستہ بوستان ۔ ہرنائی ۔ سبی تک جاتی تھی چونکہ اس لائن پر ٹریفک کم تھی اس لئے انہوں نے اس لائن کو ہرنائی تک چلایا ۔ اس کے بعد زاھدان سٹیشن تک اس کو چلایا گیا ۔ چونکہ یہ لائن بہت پرانی ہے اب وہاں پر ٹریفک زیادہ نہیں چلا سکتے ہیں ۔ مگر ساتھ ہی ساتھ میں یہ بھی عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ اس علاقہ میں معدنیات پائی جاتی ہیں ۔ اور خاص طور پر کوئلہ وہاں پر بہت زیادہ پایا جاتا ہے ۔ لائن کے پرانے ہونے کی وجہ سے وہاں پر جو ویگن کو کوئلہ لادنے کے لئے سبی سے محکمہ ریلوے لے جاتی ہے وہ بالکل ناکافی ہیں اور ان کا عذر بھی درست ہے کہ لائن پرانی ہے ۔ وہاں پر کوئلہ کی پیداوار روز بروز بڑھ رہی ہے اس لئے ویگنوں کی تعداد ناکافی ہے ۔ اور آئندہ پانچ سالہ منصوبہ میں کوئلے کی پیداوار پہلے کی نسبت بہت بڑھ رہی ہے ۔ اس لئے میری گذارش ہے کہ محکمہ ریلوے کو خاص طور پر اس طرف توجہ دینی چاہئے ۔ وہاں پر یا تو اس لائن کو تبدیل کردیں یا وہاں پر کوئی اور انتظام کیا جائے تاکہ وہاں پر کوئلہ لادنے سے باقی نہ رہ جائے اور تمام کوئلہ لوڈ کیا جاسکے ۔ اور وہاں مائنرز کو بھی تکلیف محسوس نہ ہو ۔ اگر مناسب انتظام نہ ہوا تو ان کا کوئلہ پڑے پڑے جل جائے گا یا خراب ہو جائے گا ۔

جناب والا ۔ دو سال پیشتر محکمہ ریلوے کی ایک تجویز تھی کہ وھاں پر چھوٹے ڈیزل انجن گڈز ٹرین کے ساتھ لگائے جائیں مگر اس تجویز پر ابھی تک عمل درآمد نہیں ھوا ۔ جناب والا ۔ چھوٹے ڈیزل انجن جیسا کہ ان کی تجویز تھی یا اس کو عملی جامہ پہنائیں یا اس کا کوئی دوسرا انتظام کریں ۔ تاکہ وہ علاقہ جو ایک صنعتی علاقہ ھے ۔ اور اس میں کافی کوئلہ کی پیداوار ھے وہ کوئلہ وقت پر اور موسم میں اپنی جگہ پر پہنچ جائے ۔ وھاں سے despatch ھوسکے تاکہ وھاں کے مائنرز کو ، وھاں کے مزدوروں کو ، وھاں کے عوام کو تکالیف نہ ھوں ۔

جناب والا ۔ میں ایک پوائنٹ خاص طور پر اپنے محترم منسٹر ریلوے نیز حکام ریلوے کے نوٹس میں لانا چاھتا ھوں ۔ ۔ ۔

دیوان سید غلام عباس بخاری ۔ جناب والا ۔ جب جنرل ڈسکشن ھو رھی ھوتی ھوتو معزز ممبران صاحبان اپنے اپنے علاقوں کے متعلق مفید تجاویز پیش کرتے ھیں اس لئے متعلقہ وزیر صاحبان کو ایوان میں موجود ھونا چاھئے تاکہ ممبران کی شکایات کا ازالہ ھوسکے اور ان کی مفید تجاویز پر غور و عمل ھو سکے ۔ میری دوسری گذارش یہ ھے کہ بجٹ کی جنرل ڈسکشن میں تمام ممبران کو موقعہ دینے کے لئے وقت مقرر کر دینا چاھئے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ چونکہ سپیکر صاحب نے وقت پر پابندی نہیں لگائی لیکن معزز ممبران سے امید کی جاتی ھے کہ وہ دوسروں کا لحاظ کرتے ھوئے خود ھی تھوڑا وقت لیں گے ۔

وزیر تعلیم - جناب والا - وزیر ریلوے لابی میں تشریف فرما ہیں اور معزز رکن کی تقریر سن رہے ہیں نیز آفیشیل گیلری میں حکام ریلوے بھی ممبران کی تقاریر کے notes لے رہے ہیں جو وزیر ریلوے کے نوٹس میں آ جائیں گے -

سردار محمد اسحاق خان - سابقہ بلوچستان اور سندھ میں کوئلہ کی پیداوار روز بروز بڑھتی جارہی ہے اور آئندہ پانچ سالہ منصوبہ کے لحاظ سے ۱۵ لاکھ ٹن کوئلہ نکالا جائے گا - اس ۱۵ لاکھ ٹن کوئلے کا بیشتر حصہ سابقہ پنجاب میں آئے گا - بلوچستان میں ۱۰ یا ۱۲ ہزار ٹن کھپت ہوگی اس کے لئے Empty vagon کی ضرورت ہوگی تاکہ اتنی بڑی مقدار میں کوئلہ پنجاب میں ہر وقت موسم کے مطابق اور ضرورت کے مطابق مناسب مقدار میں پہنچ سکے - وزیر ریلوے نے اپنی تقریر میں فرمایا ہے کہ ۱۹۶۱ ویگن ریلوے کے اپنے کارخانے میں بنائے جائیں گے اور انہوں نے نئی سکیموں کے لئے ۱۱ کروڑ ۶۵ لاکھ روپے کا تخمینہ پیش کیا ہے - یہ خوشی کی بات ہے اور بڑی مسرت افزا خوش خبری ہے مگر اس کے ساتھ ہی میں ان کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ عام طور پر ویگن کی قلت ہو جایا کرتی ہے اور پچھلے سال تک ویگنوں کی قلت سے مائن اونرز کا لاکھوں روپے کا کوئلہ جل سڑ کر تباہ ہوگیا تھا یاد رہے کہ کوئلہ اگر وقت پر اٹھایا نہ جائے تو از خود ہی جل جاتا ہے - اور سابقہ موقعوں پر لاکھوں روپوں کا نقصان ہوگیا تھا اس لئے وقت پر ویگن مہیا کرنے کی ضرور کوشش کریں - آخر میں دوبارہ وزیر ریلوے کو ان کے کامیاب بجٹ پر مبارک باد پیش کرتا ہوں -

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - جناب سپیکر - آپ کو یاد ہوگا کہ اس معزز ایوان میں سب سے پہلے مجھے جب بات کرنے کا موقعہ ملا تو میں نے یہ یقین دلایا تھا کہ ہمارا مقصد اختلاف برائے اختلاف نہیں اور نہ ہم محض مخالفت کرنے کی خاطر حکومت کی مخالفت کریں گے - بلکہ ہم تو حق و انصاف کے ساتھ ہیں - خواہ وہ کسی طرف ہو - چنانچہ آج میں وزیر ریلوے کو ان کے اس بجٹ پر مبارک باد پیش کرتا ہوں جس میں کرایہ میں اضافہ کے بغیر اخراجات کو پورا کیا گیا ہے - لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ میں ریلوے کے محکمہ کی آمدنی و خرچ کا جائزہ بھی لینا چاہتا ہوں - کیونکہ یہ ہمارے ملک کا سب سے بڑا صنعتی ادارہ ہے اس لئے مناسب ہے کہ اس perspective میں اس کے اخراجات پر ایک نظر غائر ڈالی جائے -

ریلوے کے بجٹ بابت ۶۶ - ۱۹۶۵ء میں متوقع آمدنی کا تخمینہ ۵۹ کروڑ ۲۶ لاکھ ہے اور اس میں سے انتظامیہ کے اخراجات ۸ کروڑ ۱۱ لاکھ ہیں اور یہ انتظامیہ کے اخراجات Working Expenses کا ۲۰ فیصد بنتے ہیں - ہر صنعتی ادارہ یہ جد و جہد کرتا ہے کہ اس کے عام اور باالواسطہ اخراجات اسی حد تک نہ بڑھ جائیں کہ یہ اخراجات کل اخراجات کے مقابلے میں ایک خاص تناسب سے زیادہ ہوں - چونکہ ریلوے کا محکمہ بھی ایک صنعتی ادارہ ہے اس لئے اس کے باالواسطہ اخراجات over head کو اس حد سے نہیں بڑھنے دینا چاہئے تھا مگر آپ حیران ہوں گے جب میں آپ کو یہ بتاؤں گا کہ ریلوے کے اپریٹنگ اخراجات تو ۴۴ فیصد ہیں

اور ریلوے کے انتظامیہ کے اخراجات ۲۰ فیصد تک بڑھے ہوئے ہیں - اس لئے یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ ادارہ تشویش ناک حد تک زیادہ خرچ کر رہا ہے - یہ درست ہے کہ پچھلے دو سالوں میں آمدنی ۲ فیصد کے حساب سے بڑھتی چلی آرہی ہے اور ۱۹۶۴-۶۵ء کے مقابلے میں ۱۹۶۵-۶۶ء میں آمدنی میں ۲ فیصد کا اضافہ ہو جائے گا - ۱۹۶۳-۶۴ء میں ریلوے کی آمدنی میں ۹ فیصد کا اضافہ ہوگیا تھا اور اس کی وجہ یہ تھی کہ ۱۹۶۳-۶۴ء میں کرائیوں میں اضافہ کیا گیا تھا - ۱۹۶۴-۶۵ء کے مقابلے میں انتظامیہ کے اخراجات میں ۳ فیصد کا اضافہ ہوگا اور ۱۹۶۳-۶۴ء کے مقابلے میں انتظامیہ کے اخراجات میں ۱۱ فیصد کا اضافہ ہوا ہے - اس لحاظ سے براہ راست انتظامیہ کے اخراجات میں جو steep rise ہوا ہے یہ ایک صنعتی ادارہ کے لئے قابل توجہ ہے اور جناب سپیکر میں آپ کی وساطت سے وزیر ریلوے کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ اس کا جائزہ لیں کیونکہ کوئی صنعتی ادارہ اپنے over head اخراجات کم کئے بغیر اطمینان بخش طور پر نہیں چل سکتا - جناب والا - دوسری چیز جس کا جائزہ لینے کی ضرورت ہے وہ یہ ہے کہ ریلوے کا محکمہ خالصتاً قرض پر چل رہا ہے- دوسرے پانچ سالہ منصوبے میں ۱۱۳۷۰ کروڑ روپے کے ترقیاتی کام ہوں گے مگر یہ خرچ ۸۰۴۰ کروڑ قرضہ لیکر پورا کیا جائےگا - یعنی کل خرچ کا ۷۰ فیصد حصہ قرضہ ہی قرضہ ہوگا - آخر اس کا نتیجہ کیا ہوگا ؟ یہی کہ محکمہ سود کے بھاری بوجھ تلے دب جائےگا اور ریلوے کا بجٹ ایک خسارے کا بجٹ بن کر رہ جائے گا - اس کی آمدنی سود کی ادائیگی میں ضائع ہوجائے گی - جناب والا - آپ اس کا اندازہ اس بات سے کرسکتے ہیں کہ ۱۹۶۴-۶۵ء

میں دس کروڑ ۶۳ لاکھ روپیہ یعنی اس ادارے کی کل آمدنی کا پانچواں حصہ سود، قرضے کی ادائیگی میں خرچ کرنا پڑے گا۔ پھر جناب والا۔ جو صنعتی ادارہ اپنی آمدنی کا ۴/۵ حصہ انتظامیہ پر صرف کرے اور دوسرا پانچواں حصہ سود و قرضے کی ادائیگی میں دے دے تو کوئی شخص ایسے ادارے کے حسابات کو تسلی بخش نہیں کہہ سکتا۔ آپ کے ملک میں اور دوسرے ممالک میں بیشمار صنعتی ادارے ہیں۔ سرکاری بھی، نیم سرکاری بھی اور خالصتاً نجی اور ذاتی بھی، آپ کسی صنعتی ادارے کا حساب ملاحظہ فرمائیں تو آپ واضح طور پر محسوس کریں گے کہ جس ادارے میں ۲۰ فیصد انتظامیہ اور ۲۰ فیصد سود کی مدات پر صرف ہوتا ہو۔ اس کے بارے میں لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ ادارہ عنقریب ختم ہونے والا ہے۔ اور یہ Solvent نہیں ہے۔ پھر جناب اس سے زیادہ افسوس ناک بات یہ ہے کہ ریلوے نے اپنے پچھلے تمام عرصہ میں کبھی اس بات کی اطمینان بخش کوشش نہیں کی کہ ہمارے ملک کو بیرونی قرضہ جات سے نجات حاصل ہوسکے۔ اس وقت یہ ریلوے کا قرطاس ابیض جو میرے پاس موجود ہے۔ اس میں میں یہ دیکھتا ہوں کہ گزشتہ پانچ سال کے عرصہ میں ریلوے نے ۵۶ کروڑ ۷۶ لاکھ روپے کے Deisel-locomotives انجن اور مسافر بردار گاڑیوں کی درآمد پر صرف کئے ہیں۔ اس میں سے یہ پتہ نہیں چل سکا۔ یا عمداً پتہ چلانے کی کوشش نہیں کی گئی کہ اس میں سے کتنا سرمایہ گاڑیوں پر صرف کیا گیا اور کتنی رقم Locomotives پر خرچ کی گئی۔ بہر حال اگر یہ تصور کرلیا جائے کہ اس کا کمتر سے کمتر حصہ مسافر بردار گاڑیوں پر صرف کیا گیا ہوگا۔ تو پھر آپ یہ دیکھیں کہ اگر ۷۶ء۴ کروڑ روپیہ

سے مسافر بردار گاڑیاں بنانے کا کارخانہ خود اپنے ملک میں قائم کیا جاسکتا ہے ۔ جیسا کہ وزیر ریلوے نے خود اپنی تقریر میں اعتراف کیا ہے ۔ تو وہ کیا واقعات تھے اور وہ کیا حالات تھے جن کی بنا پر پچھلے پانچ سال کے عرصہ میں اس کی طرف توجہ نہ دی گئی ۔ اور یہ کارخانہ بنانے کی کوشش نہ کی گئی ۔ نتیجتاً ہم کروڑوں روپے کے بیرونی ممالک کے قرضوں کی صورت میں زیربار ہوتے رہے اور اپنے ملک کا زرمبادلہ صرف کرتے رہے ۔

جناب والا ۔ کسی صنعتی ادارے میں ورکشاپ کو بڑی اہمیت حاصل ہوتی ہے ۔ کیونکہ وہ پرزہ جات اور spare parts کی ضروریات پوری کرتی ہے ۔ تاکہ ان کے حصول کے لئے زرمبادلہ صرف نہ کرنا پڑے اور اس صنعتی ادارے کو دوسروں کی امداد پر اور بالخصوص زرمبادلہ کی امداد پر زندگی بسر نہ کرنی پڑے ۔ مجھے افسوس ہے کہ اس سلسلہ میں بھی ریلوے نے کوئی خاص توجہ نہیں دی ۔ کم از کم ۶۵-۱۹۶۴ء میں صرف ایک کروڑ ۲۹ لاکھ روپیہ Plant اور Machinery کی مد میں رکھا گیا ہے ۔ Plant اور Machinery کی وہ مد ہے جس میں ورکشاپ کے لئے پرزہ جات کی درآمد کا خرچ شامل ہے ۔ اگر ریلوے اس پانچ سالہ منصوبے کے عرصے میں اپنی ورکشاپ بہتر بنیادوں پر قائم کرنے اور اپنے ملک کے لئے مسافر بردار گاڑیوں کی ساخت کا کارخانہ قائم کرنے پر توجہ دیتی تو میرے خیال میں ہمارا اتنا بڑا زرمبادلہ صرف نہ ہوتا ۔ جو آج ہمارے سامنے ہے ۔

جناب والا ۔ وزیر ریلوے نے اپنی تقریر میں فرمایا ہے کہ ہم اس سال یعنی آئندہ مالی سال میں جو شروع ہونے والا ہے ۔ کئی لاکھ روپے حسابات کے سسٹم کو mechanise کرنے پر صرف کریں گے ۔ ظاہر ہے کہ یہ بھی زرمبادلہ کا خرچ ہے ۔ کیونکہ حسابات کو مشینوں پر مرتب کرنے کی جو مشینیں ہیں وہ سب درآمد کرنا پڑتی ہیں ۔ اور صرف یہی درآمد نہیں ہوتیں بلکہ ان کے ساتھ Technical know-how بھی درآمد ہوتا ہے ۔ جس سے مستقل طور پر ان کے مختلف پرزہ جات کا بار اس ادارے پر مسلط رہتا ہے جو اپنے ہاں اس قسم کی مشینیں نصب کرتا ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ ہمارا ایک پس ماندہ ملک ہے ۔ جہاں افراد کار کی کمی نہیں ۔ اس لئے ہمیں High Automation کی ضرورت نہیں ۔ یہ بات محتاج بیان نہیں ہے ۔ اور لوگ اسے جانتے ہیں کہ High Automation عموماً ان ملکوں میں کارآمد ہوتا ہے جو ترقی یافتہ ہوکر آگے کی منزلوں پر پہنچ گئے ہیں ۔ لیکن جن ممالک میں صنعتی ترقی اس معیار پر نہ پہنچی ہو ۔ وہاں High Automation کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ افراد کار بیکار ہوتے جاتے ہیں اور ملک میں بے روزگاری پھیلتی جاتی ہے ۔ اور دوسری طرف زرمبادلہ کا خرچ مستقل طور ملک کے خزانے پر ایک drain ثابت ہوتا رہتا ہے ۔ اور اس طرح know how کی شکل میں اور پرزہ جات کی شکل میں ہمیشہ زرمبادلہ کے سلسلے میں دوسرے ممالک پر انحصار کرنا پڑتا ہے ۔ میری سمجھ میں یہ نہیں آتا کہ آخر یہ کونسا بجٹ بنانے کا طریقہ ہے کہ ہم اپنا زرمبادلہ صرف کر رہے ہیں ۔ اور وہ بھی Automation پر صرف کر۔

کے لئے تیار ہیں - اور اس قیمت پر تیار ہیں کہ ہمارے اپنے افراد کار بیکار ہو جائیں - دراصل ہم جانتے ہیں کہ ہمیں جتنی مشینوں کی ضرورت ہو وہ ہمارے ہاں آ جائیں - لیکن اس بات کو نظر انداز کردیتے ہیں کہ ان پر ہمارا زرمبادلہ Sterling کی صورت میں صرف ہو رہا ہوتا ہے جو بڑی مشکل سے دستیاب ہوتا ہے -

خان عبدالستار خان مہمند - جناب On a Point of Order Sir, والا - پہلے یہ سوال اٹھایا جا چکا ہے کہ تقاریر کے لئے وقت مقرر کیا جائے - معزز ممبر کو تقریباً ۱۵ یا ۱۶ منٹ ہو چکے ہیں - ابھی کئی معزز ممبران نے تقاریر کرنا ہیں - کیونکہ ہر ایک ممبر کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنے حلقہ انتخاب کی اس معزز ایوان میں ترجمانی کرے - اس لئے مہربانی فرما کر کوئی Time Limit مقرر کر دیں تاکہ کوئی ممبر اپنے حق سے محروم نہ رہ جائے -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - یہ کوئی Point of Order نہیں ہے - میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا کہ جناب سپیکر صاحب نے کوئی Time Limit مقرر نہیں کی - بہر صورت میں معزز ممبر سے درخواست کروں گا کہ وہ جتنی جلد ہوسکے اپنی تقریر ختم کرنے کی کوشش کریں -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - بہت بہتر جناب - میں بہت جلد ختم کرنے کی کوشش کرتا ہوں - بہر حال جیسا کہ میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا - داستان غم بہت طویل ہے اور زخموں کو کھولنا بڑا مشکل ہو رہا ہے - بہر صورت ایک آخری بات میں ضرور عرض کروں گا -

جناب والا ۔ جناب وزیر ریلوے نے اپنی تقریر میں فرمایا تھا کہ مزدوروں اور ریلوے کی انتظامیہ کے تعلقات نہایت خوشگوار ہیں ۔ اگر تعلقات خوشگوار ہونے کے معنی یہ ہیں کہ سال بھر صنعتی عدالتوں میں مقدمات چلتے رہیں ۔ بھوک ہڑتالیں ہوتی رہیں ۔ لوگ ہڑتالوں کے نوٹس دیتے رہیں اور صنعتی تنازعے پیدا ہوتے رہیں ۔ اگر یہی خوش گواری ہے ، اگر یہی آپ کے الطاف و کرم کا نتیجہ ہے ، تو جب آپ جفا پہ اتریں گے تو پتہ نہیں کتنے دل گھائل کریں گے ۔

جناب عالی ۔ ریلوے کے محکمہ میں تقریباً سوا لاکھ آدمی کام کرتے ہیں ۔ اور ان میں سے تقریباً ۸۷ ہزار یعنی کل ملازمین کا ۷۰ فیصد حصہ وہ ہے جس کی تنخواہ ایک سو روپیہ ماہوار سے کم ہے ۔ ریلوے ملازمین کی تنخواہ میں پہلا اضافہ ۱۹۴۹ء کے Pay Commission نے کیا تھا ۔ اس Pay Commission نے وہ اضافہ کرتے وقت اپنی رپورٹ میں یہ اعتراف کیا تھا کہ یہ اضافہ ملک کی گرانی کے تناسب سے نہیں ہے ۔ بلکہ ملک کے وسائل کو سامنے رکھتے ہوئے کیا گیا ہے ۔

۱۹۶۱ء کی دوسری Pay Commission کی رپورٹ کے بعد ریلوے ملازمین کی تنخواہوں میں دس فیصد کا اضافہ کیا گیا لیکن تنخواہوں کے اضافہ کے مقابلہ میں اشیاء کی قیمتیں ۵۰-۱۹۴۹ء سے ۶۴-۱۹۶۳ء تک لاہور میں ۲۷ء۱۳ فیصد بڑھ چکی تھیں ۔ اور ۳۱ء۸۷ فیصد کراچی میں ۔ یہ اعداد و شمار خود حکومت کے شائع کردہ ہیں ۔ چنانچہ Statistical Bulletin کے مطابق ۵۰-۱۹۴۸-۴۹ء کے مقابلے میں لاہور اور کراچی کا Cost of Living Index یعنی اخراجات زندگی کا پیمانہ لاہور میں ۲۷ء۱۳ فیصد اور کراچی میں ۳۱ء۸۷

فیصد پچھلے پندرہ سالوں میں بڑھ چکا ہے - جس کے مقابلے میں ریلوے ملازمین کی تنخواہوں میں صرف ۱۰ فیصد کا اضافہ کیا گیا ہے -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - فاروقی صاحب - اگر آپ مسٹر حمزہ کے arguments کو repeat نہ کریں تو ممکن ہے کہ دوسرے ممبران کے لئے بھی وقت نکل آئے -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - بہت اچھا جناب - میں صرف ایک بات اور عرض کروں گا - جناب والا - میں کراچی سے متعلق ہوں - کراچی سرکار ریلوے کے بارے میں بھی ہمیں کچھ یقین دلایا گیا ہے - اس لئے میں جناب وزیر ریلوے کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ کراچی دائراتی ریلوے کا منصوبہ سب سے پہلے غالباً ۱۹۶۱ء میں ذہنوں میں آیا - ۱۹۶۲ء میں وہ ہماری طرف منصوبہ کی صورت میں منتقل کیا گیا - اور اس کے بعد سے برابر وعدے ہوتے رہے اور اب ایک حصہ میں گاڑی چل چکی ہے - یہ ریل پہلی بار نومبر ۱۹۶۴ء میں چلائی گئی جو بجائے پورے دائرہ کے نصف دائرہ تک محدود رکھی گئی ہے - نتیجتاً جب تک وہ ریل کراچی شہر تک نہ پہنچے وہ بالکل بیکار ہے - میں اپنے علم کی بنا پر کہہ سکتا ہوں کہ وہ مسافروں کو لے جانے کے معاملے میں بالکل بیکار ثابت ہو رہی ہے - اور لوگ اس سے استفادہ نہیں کر سکتے - چنانچہ اب پھر یہ وعدہ کیا گیا ہے کہ آئندہ مالیاتی سال میں اس منصوبے کو مکمل کیا جائے گا - بہر حال ہم آپ کے پہلے وعدوں کو بھی سنتے رہے ہیں - اور اگر

تیرے وعدے پر جئے ہم تو یہ جان جھوٹ جانا
کہ خوشی سے مر نہ جاتے اگر اعتبار ہوتا

(اس مرحلہ پر مسٹر سپیکر کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے)

سید دیوان غلام عباس بخاری (ملتان - ۷) - جناب سپیکر - میں سمجھتا ہوں کہ وقت بہت کم ہے - لیکن میں کوشش کروں گا کہ اس تھوڑے سے وقت میں جو مفید باتیں میں نے عرض کرنی ہیں - آپ کی خدمت میں پیش کردوں تاکہ دوسرے دوستوں کو اظہار خیال کا موقع مل سکے -

سب سے پہلے میں وزیر ریلوے کی خدمت میں دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں - وہ اگرچہ پہلی دفعہ یہاں تشریف لائے ہیں - لیکن میں نے دیکھا ہے کہ بجٹ میں ہر لحاظ سے انہوں نے ہر چیز کو Cover کرنے کی کوشش کی ہے - اس کے ساتھ ہی میں ریلوے کے افسران کو مبارک باد پیش کروں گا - جنہوں نے ایک جامع بجٹ تیار کیا ہے -

جناب والا - مجھے وزیر خزانہ جناب شعیب صاحب کے وہ الفاظ ابھی تک یاد ہیں - جو انہوں نے فرمائے تھے - انہوں نے کہا تھا کہ کسی بھی تجارتی اور اقتصادی ادارے کے لئے پانچ چیزوں کو نگاہ میں رکھنا بہت ضروری ہے -

۱ - ایک تجارتی ادارہ میں سب سے زیادہ ضروری چیز بجٹ اور پلاننگ ہوتی ہے -

۲ - دوسری چیز جو کسی تجارتی ادارہ کو مد نظر رکھنا چاہئے وہ اخلاق ہے -

۳ - دیانت -

۴ - محنت ، نظم اور ضبط -

۵ - صحیح ماہرین کو صحیح مقام پر لگایا جائے -

وقت بہت کم ہے اور میں اس ادارے کے متعلق اسکے ہر جزو پر تبصرہ کرنا چاہتا ہوں - لیکن اس وقت صرف اتنا عرض کروں گا کہ جہاں تک ریلوے کی کارکردگی میں دیانت کا تعلق ہے - اعلیٰ درجہ کے ملازمین کو مستثنیٰ کرکے میں یہ عرض کروں گا کہ میں نچلے درجہ کے عملہ سے مطمئن نہیں ہوں - اس لئے میں افسران ریلوے اور وزیر ریلوے کی خدمت میں اپیل کروں گا کہ وہ بکنگ کے شعبہ کی طرف زیادہ توجہ فرمائیں - کیونکہ ان سے عوام کو اور تجارتی حضرات کو بہت تکلیف ہے -

جناب والا - ریلوے کی Timing کی پابندی بہت ضروری ہے - اور میں نے دیکھا ہے کہ ترقی یافتہ ممالک میں تو چند سیکنڈوں کا خیال رکھا جاتا ہے - اس وقت ۱۹۴۶ء اور ۱۹۴۷ء والے واقعات تو پیش نہیں آ رہے - مجھے یاد ہے - اُن دنوں میں اپنے شہر ملتان سے کوئٹہ پسنجر میں سوار ہوا - ساری رات ٹرین میں رہا اور صبح کو ملتان کینٹ کے سٹیشن پر پہنچا - مگر اب خدا کے فضل سے کافی ترقی ہوئی ہے - پھر بھی Timing کا وہ Standard نہیں ہوا - جو ترقی یافتہ ممالک میں ہوتا ہے -

ریلوے کے درجات کے متعلق مجھے بنیادی اختلاف ہے ۔ جناب والا ۔ یہ عام بات ہے کہ جب کسی شعبہ میں کوئی فرق رکھا جاتا ہے تو اس سے معاشرہ میں اور ملک اور قوم میں کوئی اطمینان نہیں رہتا ۔ اسلامی طرز معاشرہ تو یہ ہے کہ ہر چیز میں زیادہ سے زیادہ مساوات ہو ۔ ریلوے کے متعلق مجھے یہی اعتراض ہے کہ یہاں جو درجہ بندی کی گئی ہے ۔ وہ درست نہیں ۔ یہاں مسافروں کی سہولتوں میں ، کرایہ میں اور اُن کے Standard میں بہت فرق رکھا گیا ہے ۔ ہم مسلمان ہیں اور اسلامی معاشرہ کا دعویٰ کرتے ہیں ۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ کسی شعبہ میں بھی مساوات نہیں ۔ اگر مساوات کا اندازہ اختیار کیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس سے حالات زیادہ بہتر ہو سکتے ہیں ۔ پچھلے بجٹ سیشن میں میں نے ایک Suggestion دی تھی اس دفعہ بھی میں یہ عرض کروں گا کہ بہت سے ریلوے سٹیشنوں پر نماز ادا کرنے اور وضو کرنے کا انتظام نہیں ہے ۔ میں یہ واضح کردوں کہ ہم سب سے پہلے مسلمان ہیں ۔ اور اُس کے بعد کچھ اور ہیں ۔ اس لئے میں وزیر ریلوے کی خدمت میں یہ اپیل کرتا ہوں کہ اُن سٹیشنوں پر جہاں ٹرین زیادہ دیر ٹھہرتی ہے ۔ وضو اور نماز کے لئے مساجد کی صورت میں یا کسی اور ساد صورت میں جگہ کا انتظام کیا جائے ۔

جناب والا ۔ ریلوے کا محکمہ بجائے خود ایک State ہے ۔ اُس کے اپنے سکول ہیں ۔ اُس کے اپنے ہسپتال ہیں ۔ اُس کے اپنے مختلف شعبے ہیں ۔ مثلاً Construction کے ۔ Engineering کے اور

Transportation کے ۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ وزیر صاحب جو ریلوے کے انچارج ہیں ایک طرح سے وہ ایک State کے انچارج ہیں ۔ چنانچہ میں اُن کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ کوشش کریں کہ ریلوے کے سکولوں اور ہسپتالوں میں بلکہ ہر ادارہ اور ہر شعبہ میں روحانیت اور اسلامی رنگ نظر آئے ۔ چاہے وہ تعلیمی ادارہ ہو ، طبی ادارہ ہو Bridges کی Construction یا Engineering کا کوئی محکمہ ہو ۔

اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ میں چھوٹے ملازمین کے متعلق مطمئن نہیں ہوں ۔ اُن کے لئے جو گریڈ مقرر کئے گئے ہیں ۔ وہ بہت کم ہیں ۔ اتنی مہنگائی کے زمانہ میں اُن کی Families اور بچوں کے لئے باعزت طریقہ پر زندگی بسر کرنا مشکل ہے ۔ اس لئے چھوٹے ملازمین کے بچوں کو مفت تعلیم دی جائے ۔ اُن کی Families کو مفت طبی سہولتیں بہم پہنچانے کا انتظام کیا جائے اور پھر اُن کے گریڈز پر نظرثانی کی جائے ۔

جہاں تک کارکنان کی ترقی کا تعلق ہے ۔ میں بنیادی طور پر ریلوے کا محکمہ ہو یا کوئی اور محکمہ ہو میعاد کے لحاظ سے اُن کی ترقی کے خلاف ہوں ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ میعاد گذرنے پر جو ترقی دی جاتی ہے ۔ اُس سے بہتر یہ ہے کہ اُس کی کارکردگی کی بناء پر ترقی دی جائے ۔ اس سے بد دیانتی اور تساہل میں کمی ہوگی اور efficiency میں اضافہ ہوگا ۔

ریلوے کے سفر میں مستورات کے متعلق اکثر شکایات سننے میں آتی ہیں ۔ جب کبھی کوئی عورت اکیلے سفر کر رہی ہو

تو بعض اوقات اُسے بڑے بڑے ہولناک حادثات کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔ میں تجویز پیش کرتا ہوں کہ اس قسم کی شکایت کو رفع کرنے کے لئے مناسب سیکورٹی کا انتظام کیا جائے کیونکہ ہر عورت ہماری عزت اور ہماری عصمت ہے جسکی حفاظت لازمی ہے ۔

جناب والا ۔ آخر میں میں یہ عرض کروں گا کہ ملتان میں جو ڈبل پھاٹک ہے ۔ وہاں ریلوے نے ایک پل تعمیر کر دیا ہے ۔ اس کی ضرورت کو ایک عرصہ سے محسوس کیا جا رہا ہے ۔ چنانچہ اب یہ پل تعمیر ہو گیا ہے اور اس کا افتتاح ہمارے سابق نوجوان وزیر ریلوے نے کیا تھا میں محکمہ ریلوے کو مبارک باد کہتا ہوں ۔ نیز اس امر کے لئے بھی مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ کوٹ ادو کی ریلوے لائن کے لئے فنڈز کی provision کر دی ہے ۔ اس کی بڑی اہمیت تھی اور بڑی ضرورت تھی ۔ اب مغربی پاکستان کا مشرقی حصہ ڈیرہ غازی خان سے Connect ہو جائے گا ۔ اس کے لئے اس بجٹ میں جیسا کہ مجھے معلوم ہوا ہے ۔ فنڈز کم رکھے گئے ہیں ۔ اگر فنڈز میں اضافہ کر دیا جائے تو بہتر ہوگا ۔

اس کے بعد میں اپنے علاقہ (حلقہ) کے متعلق عرض کروں گا ریلوے سٹیشن شجاع آباد پر نہ تو کوئی پانی کا انتظام ہے ۔ نہ کوئی سایہ ہے اور نہ کوئی ٹیلیفون کا انتظام ہے ۔ شجاع آباد اور لودھراں کے متعلق میں ان تینوں چیزوں کے لئے اپیل کرتا ہوں کہ ان کا بندوبست کر دیا جائے تو درست ہوگا ۔ اس سے وہاں کے لوگوں کی تکالیف رفع ہو جائیں گی ۔

خان عبدالستار خان مہمند (مردان - ۲) - جناب سپیکر - میرا نام عبدالستار خان ہے - اور میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کروں گا - کہ ریلوے نے پاکستان کی معاشیات میں بہت اہم کردار ادا کیا ہے - پھر اس موجودہ Fast moving world میں اس کی اور بھی ضرورت ہے اور یہ ضرورت آئے دن بڑھتی جا رہی ہے - اس وقت ایک مناسب اور موزوں بجٹ پیش کرنے پر میں جناب ریلوے منسٹر صاحب کو مبارک باد پیش کرتا ہوں - لیکن افسوس یہ ہے کہ جو رقم رکھی گئی ہے - وہ بہت کم ہے -

جناب والا - مجھے اس بات کا خیال ہے کہ جو میرے ساتھی ممبر ہیں اگر انکو بھی تقریر کرنی ہو تو میں انکا وقت نہ لوں - جناب والا عرض یہ ہے کہ اس موجودہ ریلوے بجٹ میں بہت مفید باتیں کی گئی ہیں مثلاً ایک ہزار پانچ سو ویگنوں کے بنانے کی صلاحیت پیدا کر لی ہے جو کہ سٹاک کی طلب واجب کے ذیل میں پرانے ویگنوں کی جگہ نئے ویگن لانے کی عام سالانہ ضرورت کی پوری طرح کفیل ہوگی - اس کے علاوہ ریلوے سٹیل ورکشاپ میں ایک بجلی کی بھٹی لگائی جا رہی ہے اس سے خاصا Foreign exchange بچ جائیگا یعنی ایک کروڑ ۷۶ لاکھ روپے کے زر مبادلہ کی بچت ہوگی - اسکے علاوہ ریلوے لائن کا ساز و سامان لکڑی کے سلیپروں کی جگہ جو باہر سے منگوانے پڑتے ہیں ریلوے لائن پر استعمال کیلئے Prestressed Concrete Sleeper بنانے کی ایک فیکٹری کا قیام ہے جس سے ساڑھے تین کروڑ روپے کا Foreign exchange بچ جائیگا - اس کے لئے ہم محکمہ عملہ اور ان لوگوں کے جنہوں نے اس پرمحنت کی مشکور ہیں - ساتھ ہی ساتھ عرصہ مسافت کو کم کرنے کیلئے جہاں [illegible] ہمیشہ دور دراز مقامات

کیلئے براہ راست مال گاڑیاں چلائی گئیں علاوہ ازیں ویگنوں کے بہتر استعمال کیلئے مسلسل توجہ دی گئی - جس سے میں لائن کی مال گاڑیوں کا مجموعی بار سال گزشتہ کے ایک ہزار ساٹھ ٹن کے مقابلہ پر ایک ہزار ایک سو سترہ ٹن ہو گیا ہے - توقع ہے کہ سال رواں کے کاروباری اخراجات کل آمدنی کا تقریباً ستر اعشاریہ تین فیصد ہونگے - یہ صورت حال اس سے نسبتاً بہتر ہے جب کہ پہلے منصوبہ کے دوران کاروباری اخراجات کل آمدنی کا اوسطاً تہتر اعشاریہ دو فیصد تھے اس پر میں مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ ہمارے قومی خزانے کو بچانے کے لئے خاص اہم کوشش کی گئی ہے - اس کے علاوہ جناب خاص خاص جگہوں پر نئی لائینیں بچھائی گئی ہیں اور ان پر ایک کروڑ روپے خرچ کیا گیا ہے جو اس امر کا ثبوت ہے کہ موجودہ عملہ نے مسافروں کو سہولتیں دینے کیلئے کافی دلچسپی لی ہے -

کراچی سے لالہ موسیٰ تک ۹۰ پونڈ کی جگہ ۱۰۰ پونڈ کی آہنی لائن بچھانے کا جو کام کیا گیا ہے اس کے لئے بھی ہم مشکور ہیں - لیکن برائے مہربانی اس کو پشاور تک بڑھا دیا جائے - وزیرآباد ریلوے کراسنگ پر پل کی تعمیر پر شکریہ - حالانکہ ۱۹۵۲ء میں جب میں Defunct N. W. F. P. کی اسمبلی کا ممبر تھا تو اس وقت میں نے ریلوے ایڈوائزری بورڈ میں نمائندہ کے طور پر یہ تجویز پیش کی تھی - مجھے اس کی خوشی ہے کہ ۱۳-۱۴ سال کے بعد اس تجویز کو قبول کر لیا گیا اور اب اس پر عمل درآمد کیا جائے گا - اس پل کے نہ ہونے کی وجہ سے لاہور اور پنڈی کے درمیان سفر کرنے والوں کے ضرور ۲۰-۲۵ منٹ ضائع ہو جاتے تھے - اس کے لئے بھی ہم مشکور ہیں - اس کے علاوہ اب میں کچھ اور باتوں کو بھی آپ کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ اس Fast Moving time میں

ایک تیز رفتار گاڑی پشاور اور کراچی کے درمیان ۳۶ گھنٹے کے بجائے ۲۴ گھنٹے میں پہنچنے والی چلائی جائے۔ اس کے لئے میں لائن کی ٹریک کو مضبوط تر کیا جائے اور سٹیشنوں پر Stoppages کم سے کم تر کئے جائیں۔ اس کے علاوہ پشاور سے دن کو کراچی یا لاہور کوئی بھی گاڑی ایرکنڈیشنڈ۔ فرسٹ کلاس یا سیکنڈ کلاس والی نہیں چلتی ہے لہذا دن کے وقت ایک ایسی ٹرین چلائی جائے۔ جرأت کرکے ایک بات اور میں آپ کی وساطت سے عرض کرتا ہوں کہ تیز گام اب تک کراچی سے راولپنڈی تک جاتی ہے اس کو بڑھا کر کراچی سے پشاور تک لیجایا جائے۔ ہمارا سابق صوبہ سرحد ایک پسماندہ صوبہ ہے اس کے لئے لوگوں کو کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ مزید برآں جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا کہ اس تیز رفتار زمانے میں جب وقت کی بہت قیمت ہے اور وقت کی بہت اہمیت ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ پشاور اور لاہور کے درمیان دن میں کم از کم دو مرتبہ ریل کار کے چلانے کا براہ راست بندوبست کیا جائے۔

اس کے بعد جناب والا اب میں ویگنوں کی تقسیم کے متعلق کچھ عرض کروں گا۔ ویگنوں کی تقسیم جس طریقے سے کی گئی ہے اور ریلوے کا محکمہ جس طریقہ سے کر رہا ہے وہ اجناس کی ضرورت اور ٹرانسپورٹ کے متعلق خاصہ اطمینان بخش اور تسلی بخش ہے۔ جو اجناس کی پیداوار بڑھانے میں بہت ہی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ مگر کل اس معزز ایوان میں Fertilizers کے متعلق جو بحث ہوئی تھی اس کے پیش نظر ویگنوں کا جلد از جلد انتظام کرکے اسے کارخانوں سے پہنچوانے کے واسطے Top priority دی جائے۔ گنے کے ویگنوں کو لے جانے والی ٹرین کو Timing دئیے جائیں

کہ ان کے پہنچنے میں دیر نہ ہو اور سٹیشنوں پر گنوں کی لوٹ کھسوٹ نہ ہو اس لئے کہ اس کا بوجھ کارخانہ دار پر اگر ایک طرف پڑتا ہے تو دوسری طرف گنے اگانے والے پر بھی پڑتا ہے ۔ اس طرح Pilfrage بڑھ جاتا ہے اور گورنمنٹ کارخانہ دار گنے اگانے والے اور شوگر Consumers کو اس کا خمیازہ اٹھانا پڑتا ہے ۔ فروٹ Preservation کے لئے برف والے ڈبے مہیا کئے جائیں ۔ جتنی بھی جلدی ممکن ہو سکے داؤد خیل سے بنوں تک Broad Gauge کی لائن بچھانے کا انتظام کیا جائے ۔ بدیں وجہ کہ بنوں ایک پسماندہ ضلع ہے یہاں شوگر ملز قائم کی گئی ہیں ۔ ان ملز کو آنے والے دس سالوں تک پشاور اور مردان کے اضلاع سے گنے لیجانے کی ضرورت پڑے گی جو ٹرک کے ذریعہ بڑا مہنگا پڑتا ہے اور Broad Guage (جو داؤد خیل تک ہی ہے) سے چھوٹی لائن پر گنے کی لوڈنگ اور ان لوڈنگ پر بڑا خرچہ پڑے گا ۔ مزید برآں ان کو چینی کے بھیجنے یا Molasses کے بھیجنے پر بھی بڑی تکلیف اور مزید خرچ برداشت کرنا ہوگا ۔ اس لئے از راہ کرم ان کو اس مزید خرچ اور تکلیف سے بچانے کے لئے براڈ گیج لائن بچھانے کا بندوبست کیا جائے اس واسطے کہ ہم تخت بھائی سے لیہ شوگر ملز ۲۳۰ میل کے فاصلے تک ۲۲ گھنٹے میں لاکھوں من گنا پہنچاتے رہے ہیں ۔ ۱۹۵۶ء اور ۱۹۵۷ء میں جب ان کو گنے کی اشد ضرورت تھی تو بنوں تک تو بذریعہ ٹرین لیجانا اتنا مشکل نہیں تھا ۔

صوابی ۔ جہانگیرا ریلوے لائن بنائی جائے ۔ یہ سکیم ۱۹۲۵ء میں تیار ہوئی تھی لیکن رخ ہوشوں کے ایجیٹیشن کی وجہ سے ۱۹۳۰ء میں نظر انداز کر دی گئی تاکہ یہ علاقہ پسماندہ

علاقہ رکھا جائے لیکن اب سرخ پوش اتنے ہی ملک کے وفادار ہیں جتنے کہ دوسرے پاکستانی ہیں ۔

ڈائننگ کاروں کے نظام کو مزید بہتر اور تشفی بخش بنایا جائے اور ریلوے سٹیشنوں پر بکنے والی اشیائے خوردنی کے ڈاکٹری معائنہ کا انتظام بہتر کر کے متعدی امراض کو پھیلنے سے روکا جائے ۔

ریلوے سٹیشنوں ، ویٹنگ رومز اور ریٹائرنگ رومز کے انتظامات صفائی کو بہتر بنانے کی سعی فرمائی جائے ۔ ریلوے ملازمین کو کافی مراعات دی گئیں ہیں مگر از راہ کرم درجہ سوم و درجہ چہارم کے ملازمین کو مزید مراعات دوبارہ تنخواہ ، بہتر کوارٹرز ان کے بچوں کی مناسب تعلیم اور میڈیکل ایڈ کے نظام کو بہتر بنایا جائے ۔ اس کے علاوہ ریلوے ملازمین اعلیٰ درجہ دوئم ، سوئم ، چہارم سے بھی میں نہایت ادب کے ساتھ درخواست کروں گا کہ یہ ریلوے آپ کی ہے ۔ پاکستان آپ کا ہے ۔ کسی ایک شخص کی میراث یا جاگیر نہیں ہے ۔ اس پاکستان پر ہم سب کا یکساں حق ہے ۔ خدا را اپنی کارکردگی کو بہتر بنا کر ترقی کی رفتار کو تیز تر کر دیویں ۔ آپ ریلوے کی آمدنی بڑھا سکتے ہیں ۔ ہمت سے کام لیں ۔ اس ملک کو اپنا ہی سمجھیں اور اس کی ترقی کو اپنی ترقی سمجھیں ۔ ہنگامی حالات کا زمانہ ہے ۔ ہڑتالوں اور صنعتی عدالتوں میں جا کر اپنا اور حکومت کا وقت اور پیسہ ضائع نہ کریں ۔ میں آپ سے یہ وعدہ کرتا ہوں کہ حالات بہتر ہو جانے پر

میں ھی پہلا شخص ھوں گا جو آپ کے جائز حقوق کے لئے اس معزز ایوان میں آواز اٹھاؤں گا ۔ مگر فی الحال ضرورت اس امر کی ھے کہ ھمت کریں کام کریں ۔ خدارا اس ملک کو سنبھالا دیں ۔ پاکستان کی معیشت کو مضبوط بنانے میں آپ کا بہت ھاتھ ھے ۔ محنت کریں ۔ مزید محنت کریں اور محنت کرنے کی کوشش تیز تر کر دیں ۔ انشاءاللہ تعالیٰ آپ کی ان ھی تیز تر محنتوں کا آپ کو اللہ تعالیٰ جلد ھی ثمر دے گا ۔ خداوند تعالیٰ ھم سب کو اس ملک اور قوم کی خدمت کرنے کی توفیق عنایت فرمائے ۔ آخر میں ایک بار پھر ریلوے منسٹر صاحب کو ایسا موزوں بجٹ پیش کرنے پر مبارک باد پیش کرتا ھوں ۔

ملک محمد اختر (لاھور ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ آج ریلوے بجٹ پر جنرل بحث ھو رھی ھے ۔ در اصل ریلوے ایک نہایت ھی اھم کردار ادا کر رھی ھے ۔ جہاں تک ھمارے معاشرے کا تعلق ھے وہ اپنی جگہ ھے ۔ پھر پاکستان ایک نوزائیدہ مملکت ھے اور اس وقت صنعتی انقلاب سے دو چار ھے ۔ میں یہ سمجھتا ھوں کہ ریلوے کی efficiency ھم بڑھا سکتے ھیں بلکہ نہ صرف ھم اپنی روزمرہ کی زندگی کو خوشگوار بنا سکتے ھیں بلکہ ھماری تجارت اور صنعت میں بھی ترقی ھو سکتی ھے اور ھمارے معاشرے میں بھی گراں قدر انقلاب پیدا کیا جا سکتا ھے ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے نہایت ھی افسوس سے چند حقائق آپ کی وساطت سے جناب ریلوے منسٹر کے گوش گزار کرنے ھیں کیونکہ دراصل میں اپنا ایک نظریہ رکھتا ھوں اور میں یہ سمجھتا ھوں کہ ھم ایسے لوگ جو یہاں پر موجود

ہیں عوام کے نمائندے ہیں اور ریلوے منسٹر صاحب بھی نہ صرف عوام کے نمائندے ہیں بلکہ وہ ہمارے بھی نمائندے ہیں اور اگر ہمیں کوئی تنقید کرنی ہے تو ایڈمنسٹریشن پر کرنی ہوتی ہے اور وہ بھی خدا کے فضل سے اس نقطۂ نظر سے کہ ہم نے ایڈمنسٹریشن کی برایاں اعلیٰ افسران کے سامنے ان کے ماتحتان کی برائیاں اور کوتاہیاں نکتہ چینی کر کے ان کے سامنے رکھنی ہوتی ہیں اور حقائق کو سامنے رکھنا ہوتا ہے ۔ جناب والا ۔ میں ریلوے کی کمرشل side کو پہلے لیتا ہوں ۔ Goods Train Supplement جو ریلوے کا ہے اس کے مطابق لاہور اور لائلپور میں کل ویگنیں جو ہیں وہ دو دن میں پہنچنی چاہئیں ۔ لیکن ریلوے نے جو اپنا گزٹ شائع کیا ہے اس کے مطابق دو دن کی بجائے سات دن میں پہنچتی ہیں اس طرح ویگنیں لاہور اور راولپنڈی میں جو چھ دن میں پہنچنی چاہئیں اور جن کا موجودہ ٹائم چھ دن ہے تو ان کے گزٹ کے مطابق ۲۶ دن میں پہنچتی ہیں ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ریلوے کے محکمہ کی کمرشل سائیڈ کمزور ہے اور اس کی efficiency کم ہے ۔ جناب سپیکر ۔ اس کے بعد مجھے نام نہاد کمی جو کہ ویگنوں کے متعلق بیان کی جاتی ہے اس کے متعلق یہ عرض کرنا ہے بلکہ ریلوے کے ان ارباب اختیار سے یہ عرض کرنا ہے کہ یہ کمی زیادہ تر ویگنوں کی ریلوے کے سٹاف نے اپنے مفاد کی خاطر پیدا کی ہے ورنہ یہ کمی ویگنوں کی ہمارے ہاں ہرگز نہیں ہو سکتی جتنی کہ ظاہر کی جاتی ہے ۔ میری اطلاع ہے کہ کچھ عرصہ پہلے تقریباً ایک لاکھ پیکٹ کراچی میں loading کے لئے پڑے تھے اور وہاں پر یہ طریقہ کار جاری رہا کہ ذاتی

مفاد کے لئے ماتحت سٹاف یہ سب کچھ کرتا رہا اور جن کو بھی انہوں نے چاہا ویگنیں دے کر نوازا - اس کے بعد میں نے جو small goods کی بکنگ ہے اس کے متعلق کچھ عرض کرنا ہے کہ main line type پر صرف اس وقت دو گاڑیاں چل رہی ہیں - ۵۰۹ اپ اور ۵۱۰ ڈاؤن - یہ دراصل deserted of railway trains ہیں - ان گاڑیوں کا کچھ بھی خیال نہیں کیا جاتا - کچھ دیکھا نہیں جاتا اور کوئی احتیاط نہیں برتی جاتی اور طریقہ یہ ہے کہ جہاں لاہور سے راولپنڈی چھ دن کی بجائے ۲۶ دن میں ویگنیں پہنچتی ہیں اور لاہور سے لائلپور تک دو دن کی بجائے سات دن میں پہنچتی ہیں - مہینوں ہماری چھوٹی چھوٹی بلٹیاں در بدر پڑی رہتی ہیں اور وہ منزل مقصود پر نہیں پہنچتیں -

غواص محبت کا اللہ ہی نگہبان ہو
ہر قطرہ دریا میں دریا کی ہے پنہائی

اس کے بعد جناب والا - ایک نیشنل معاملہ جو ریلوے کے متعلق ہے اس کے بارے میں یہ عرض کروں گا کہ کماڑی پر جب کوئلہ درآمد ہوتا ہے اور اس کو ویگنوں میں بھرا جاتا ہے تو اس وقت جعلی اور بالکل غلط اندراجات کئے جاتے ہیں اور کچھ کوئلہ بچایا بھی جاتا ہے اور وہی کوئلہ بعض ناکردار ملازمین ان دوسرے لوگوں کے پاس بیچتے ہیں جن کے پاس آر - آر - ایکسچینج کرنے کے لئے documents ہوتے ہیں - ایک شخص کو محروم کرکے دوسروں کو کوئلہ دیا جاتا ہے - اب اس وقت ایک اور چیز جو قومی نقطہ نظر سے دیکھی جانی چاہئے وہ یہ ہے کہ جو کوئلہ امپورٹ ہوتا ہے وہ بھی شارٹ

ہو رہا ہے اور اس کے متعلق ہم کوئی چیکنگ نہیں کر رہے اور اس طرح ہم لاکھوں روپیہ کا زر مبادلہ ضائع کر رہے ہیں - میرا خیال ہے کہ اس پر فوری طور پر کوئی حکم دینا چاہئے کہ ریل پر جو بھی بلٹیاں ہندوستان سے آتی ہیں ان کا وزن چیک کیا جائے - اس کے علاوہ پسنجر ٹرینوں کے حالات بد سے بدتر ہیں - بلا ٹکٹ سفر کرنے والوں کی تعداد بہت زیادہ ہے اس چیز کو روکنے کے لئے سپیشل ٹکٹ ایگزامینرز مقرر کئے گئے ہیں جن کا اغلباً اگر میں غلط نہیں کہتا تو یہ کام ہے کہ وہ سو فیصدی چیکنگ کریں لیکن اگر ان کے کام کو دیکھا جائے تو یہ ظاہر ہوگا کہ وہ اول تو چیکنگ نہیں کرتے - صرف سفر خرچ ہی حاصل کرتے ہیں - ڈویژنل سپرنٹینڈنٹ نے لاہور اور نارووال لائن پر چیکنگ کرائی تو ۳۸ فیصدی آمدنی میں اضافہ ہوا ہے - جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اگر یہ لوگ مستعدی سے کام کریں تو یہ جو چار کروڑ بارہ لاکھ کے نئے ٹیکس ہیں اور جو اس صوبہ پر لگائے گئے ہیں ہم یہ تمام کمی اپنی efficiency سے پوری کر سکتے ہیں اور ہمیں کسی نئی ٹیکسیشن کی ضرورت نہیں ہوگی - جناب سپیکر - پھر میں ایک بات کہے بغیر نہیں رہ سکتا وہ یہ کہ پلیٹ فارم کے ٹکٹوں کی دوبارہ فروخت ہوتی ہے - اس کے لئے چیکنگ کی بہت ضرورت ہے - گزشتہ چند سال میں اس قسم کی فروخت سے ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں روپیہ کے قریب رقم جا پہنچتی ہے جو کہ عملہ حاصل کرتا ہے - اس کے علاوہ انہوں نے ایک جونیئر کمرشل آفیسر ہیڈ کوارٹر پر متعین کیا ہوا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ ریلوے منسٹر صاحب فوری طور پر ان کے ٹی - اے بل چیک کروائیں کہ وہ جس کام کے لئے مقرر کیا گیا ہے کیا وہ اپنے اس کام کو کر بھی رہا ہے یا نہیں - اب دیکھئے ۱۰۸ ٹرینیں ایسی ہیں جو

ان کی رپورٹ کے مطابق over-crowded جاتی ہیں ۔ سو فیصدی گاڑیوں میں increase ہو گیا ہے اور پچھلے پانچ سالوں میں ایک fair increase ہوا ہے ۔ اس increase کو آپ دیکھیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ انکم میں equivalent increase ہرگز نہیں ہوا ۔ ایک اور چیز کی طرف میں آپ کی توجہ دلاتا ہوں وہ یہ کہ پولیس کے لئے کمپارٹمنٹ ریزرو کئے ہوتے ہیں ان میں صرف تین کنسٹیبل بیٹھ کر جاتے ہیں حالانکہ ان میں ۲۲ مسافروں کی capacity ہوتی ہے ۔ صرف لاہور اور کراچی کی calculation سے لاکھوں روپیہ کا نقصان ہوتا ہے ۔ یہ ظاہر کرتی ہے کہ اگر یہ سسٹم بدل دیں تو انکم میں اضافہ ہو سکتا ہے ۔ اب میں نے یہ سنا ہے کہ ان تمام کوتاہیوں کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ روڈ ٹرانسپورٹ بڑھ چڑھ کر ترقی کر رہی ہے ۔ تاجر طبقہ کسی حالت میں بھی اپنی consignments ریلوے کے ذریعہ نہیں بھیجتا ۔ وہ کوشش کرتے ہیں کہ اپنا مال ٹرکوں سے بھیجیں حالانکہ وہ جانتے ہیں کہ اس میں کچھ risk بھی ہے ۔ چوری کا مال کم ہو جانے کا ۔ مگر وہ یہ risk لیتے ہیں کیوں کہ وہ اپنی Investment کی فوری return چاہتے ہیں ۔ اب میں نے سنا ہے کہ ریلوے نے اپنی inefficiency کا اعتراف کرتے ہوئے ۵۰ لاکھ روپے کی ایک اور سکیم چلائی ہے کہ ٹرک خریدے جائیں تاکہ ٹرک والوں کو فیل کیا جائے ۔ میرے پاس اس بارے میں مفصل معلومات ہیں جو میں اپنی کٹ موشن پیش کرتے وقت عرض کروں گا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر وزیر ریلوے اس مسئلہ کو بغور دیکھیں تو شاید کئی ایسی باتیں پائیں گے جو میں اپنی زبان سے کہنا مناسب نہیں سمجھتا ۔

اس کے بعد ریلوے کے ریٹ شیڈول کو revise کیا گیا ہے ۔ میری اطلاع ہے کہ ۴ صد آئٹمز کی شرح میں کمی کی گئی ہے ۔ محترم وزیر صاحب سے عرض ہے کہ فی‌الفور دیکھیں آیا یہ کمی فی‌الواقعہ چاہئے تھی یا اس میں کوئی اور غرض تھی ۔ میری اطلاع ہے کہ پچھلے سال سے تین گنا کلیمز pay کئے گئے ہیں ۔ مقدمات کی تعداد زیادہ ہو گئی ہے ۔ اس کا کیا باعث ہے ۔ یہ دیکھنا ہے ۔ اس کے بعد یہ عرض ہے کہ یہ محکمہ مغربی پاکستان اور حکومت پاکستان کے باقی محکموں میں exception ہے کیوں کہ اس میں سکریننگ نہیں کی گئی ۔ اس لئے یہاں بھی ایسا اقدام ہونا چاہئے ۔

اب میں آپ کی کمیشن ایجنسیز کی طرف آتا ہوں ۔ انہیں ۲½ فیصد کمیشن دی جاتی ہے ۔ صرف حیدر آباد اور کراچی میں اس طرح سات آٹھ ہزار روپے دئے جا رہے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ over all کافی زیادہ دیا جا رہا ہوگا ۔ انہیں فی‌الفور ختم کرنا چاہئے ۔

اب میرے پاس وقت نہیں ۔ میری بہت سی کٹ موشنز ہیں ۔ اس موقع پر اور عرض کروں گا ۔ اس وقت وزیر صاحب کی وساطت سے ریلوے کے ارباب اختیار کی خدمت میں صرف یہ عرض کروں گا کہ آپ نے بڑی اچھی رپورٹ پیش کی ہے ۔ مگر

اتنی نہ بڑھا پاکئی داماں کی حکایت
دامن کو ذرا دیکھ ذرا بند قبا دیکھ

چودھری محمد نواز (منٹگمری ۔ ۲) ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے جناب وزیر ریلوے کی خدمت میں ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں اور ریلوے کے عملہ کو ان کے حسن کارکردگی پر مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ میرے فاضل دوست خواجہ محمد صفدر صاحب نے آج کے سیشن کا آغاز کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ یہ میزانیہ یہ بجٹ ایک بے جان بجٹ ہے اور ان کے ہی ساتھی میرے فاضل دوست فاروقی صاحب نے اس بجٹ کو اعلیٰ بجٹ کہہ کر ان کے اعتراض کی نفی کر دی تھی (قطع کلامی) جناب والا ۔ میں وقت کی کمی کے باعث اس بحث کو طول نہیں دینا چاہتا ۔ میں خواجہ صاحب کے باقی اعتراضات کا جواب پھر کسی وقت پر ملتوی کرتا ہوں ۔ اب میں آپ کی وساطت سے جناب وزیر ریلوے صاحب کی خدمت میں یہ عرض کرتا ہوں کہ میں منٹگمری شہر کا رہنے والا ہوں ۔ یہ شہر دو حصوں میں بٹا ہوا ہے اور اس کے درمیان میں سے ریلوے لائن اور نہر گزرتی ہے ۔ شہر کے شمال کی جانب غلہ منڈی اور فیکٹری ایریا ہے اور بہت سی آبادی جنوب کی جانب ہے ۔ جس وقت یہ hurdle بند ہوتا ہے اس وقت دیکھنے میں یہ آیا ہے کہ آدھا آدھا گھنٹہ ٹریفک رکا رہتا ہے ۔ جس سے لوگوں کو بہت پریشانی کا سامنا ہوتا ہے ۔ یہ بات کئی بار افسران بالا کے نوٹس میں لانے کی جرأت کی ہے لیکن آج تک اس کا کوئی نتیجہ نہیں نکلا ۔ جہاں تک مجھے معلوم ہے ڈویژنل کونسل میں بھی یہ مسئلہ زیر بحث آیا تھا اور انہوں نے بھی اس کی سفارش کی تھی تو میں گذارش کرتا ہوں کہ اس مسئلہ پر پوری توجہ دی جائے تاکہ لوگوں کو جو تکلیف ہے وہ رفع ہو سکے ۔

دوسری عرض یہ ہے کہ چیچا وطنی شہر ایک اہم منڈی ہے اور بذریعہ روڈ بوریوالہ اور لائلپور سے منسلک ہو چکا ہے ۔ تو اس کے متعلق عرض یہ ہے کہ تیز چلنے والی صرف ایک گاڑی خیبر میل وہاں ٹھہرتی ہے جو کراچی اور لاہور سے آنے جانے والے مسافروں کو suit نہیں کرتی ۔ انہیں رات یہاں ضرور ٹھہرنا پڑتا ہے ۔ تو میں عرض کرتا ہوں کہ دو

اور ٹرینیں جو تیز چلنے والی ہیں ۔ مثلاً ''تیز رو،، اور عوامی ایکسپریس وہاں ان کا stoppage بھی ہونا چاہئے ۔

اس کے بعد تیسرا مسئلہ جو ہے وہ رینالہ خورد کے متعلق ہے ۔ وہاں ایک پھاٹک ہے جو عوام کے لئے بند کر دیا گیا ہے ۔ وہ بالکل بس سٹاپ کے قریب ہے سواریوں کو وہاں سے اتر کر ڈیڑھ میل کا فاصلہ پیدل طے کرکے شہر میں آنا پڑتا ہے ۔ میری درخواست ہے کہ اس پھاٹک کو دوبارہ کھول دیا جائے ۔ تاکہ ان سواریوں کو تکلیف نہ ہو ۔ اس کے بعد میں حمزہ صاحب کے اس اعتراض کی تائید کرتا ہوں کہ برانچ لائنوں پر جو ٹرینوں کے اوقات مقرر ہیں ٹرینیں ان کے مطابق نہیں پہنچتیں ۔ تو ان معاملات کی طرف توجہ دی جانی چاہئے ۔ ان معروضات کے ساتھ اب میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

حاجی میر خدا بخش تالپور (تھرپارکر ـــ ۳) (سندھی) ۔ جناب سپیکر ۔ ریلوے کا بجٹ نہایت ہی موزوں ہے کہ اس میں حیدر آباد سے میر پور خاص تک ریلوے کی چھوٹی پٹری کو بڑی پٹری میں تبدیل کرنے کی غرض سے رقم مہیا کی گئی ہے ۔

دوسری گذارش یہ ہے کہ ٹنڈو جان محمد ریلوے سٹیشن کا جو پلاٹ ہے وہ بہت ہی زیریں ہے جس کی وجہ سے برسات کے وقت وہاں پر پانی بھر جاتا ہے ۔ پانی کھڑا ہونے کے سبب مچھر وغیرہ پیدا ہوتے ہیں لہذا وہاں پر مٹی ڈالنے کا بندوبست کیا جائے ۔ دوسری بات یہ ہے کہ جھڈو اور دیگر سٹیشنوں پر شیڈ لگانے کا انتظام کیا جائے جس کی غیر موجودگی میں برسات کے وقت گندم اور دوسرا اناج خراب ہو جاتا ہے ۔

یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ میر پور خاص سے جھڈو اور پتھورو تک بڑی پٹری بچھانے کے لئے سروے پر خرچ کرنے کی خاطر بھی بجٹ

میں رقم مہیا کی گئی ہے ۔ اس خیال کے تحت کہ بڑی پٹری بچھائی جائے گی ۔

دوسری بات یہ ہے کہ میرپور خاص میں میرواہ سڑک کے ریلوے پھاٹک کے لئے ڈسٹرکٹ کونسل نے دو مرتبہ لکھا ہے کہ وہاں پر ایک پل بنایا جائے لہذا مذکورہ پل جلد بنایا جائے کیونکہ عوام کو سخت تکلیف کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ۔ صدر مملکت کے منشور میں بھی اس امر کی وضاحت کی گئی ہے کہ ملک میں اصلاح ہو اور یہ کہ ملک ترقی کریگا ۔

ایک خاص گذارش یہ ہے کہ لاہور کے ریلوے سٹیشن پر چھ ریٹائرنگ روم ہیں ۔ ایک کمرہ ایسا بنا رہے ہیں جس کے آگے سائبان لگانے کے علاوہ پانی کا ایک نل اور پنکھا لگایا جا رہا ہے تاکہ کمرہ ٹھنڈا رہے ۔ اس خیال کے پیش نظر کہ لاہور صوبائی دارالخلافہ ہے جہاں M. P. A. صاحبان وغیرہ آتے رہتے ہیں تمام Retiring Rooms میں مذکورہ سہولتوں کے علاوہ ٹیلیفون کا بھی انتظام کیا جائے تاکہ سہولت ہو سکے ۔ دوسری گذارش یہ ہے کہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

چودھری محمد نواز ۔ پوائنٹ آف پریولج ۔

جناب والا ۔ میں نے اس سے سابقہ اسمبلی کی کارروائی پڑھی ہے ۔ تو اس ایوان میں ۱۹۶۲ء میں جب کام شروع ہوا ۔ تو اس وقت متفقہ طور پر اس ایوان میں یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ اسکی کارروائی اردو زبان ہی میں ہوگی ۔ تاکہ وہ اصحاب جو انگریزی یا دوسری زبان نہیں جانتے ہیں ۔ وہ اسمبلی کی تمام کارروائی سے اور فاضل دوستوں کے خیالات سے واقف اور مستفید ہوسکیں ۔ اب ہم نے دیکھا ہے کہ بہت سے ایسے دوست

جو انگریزی نہیں سمجھ سکتے - وہ یہاں تو کچھ نہیں کہتے - لیکن باہر جا کر اس امر کی شکایت ضرور کرتے ہیں - کہ انہیں انگریزی میں کی گئی ایوان کی کارروائی سمجھ میں نہیں آتی اور ایسی حالت میں یہاں انکے آنے کا کیا مقصد ہے - اسی طرح میرے فاضل دوست جو کہ غالباً سندھی زبان میں تقریر فرما رہے ہیں اور جسے ہم سمجھنے سے قاصر ہیں - تو اگر ہم یہاں متفقہ طور پر یہ فیصلہ کر لیں کہ اردو جو کہ ہماری قومی زبان ہے - اگر ہم اسی زبان میں تقریر کریں - تو یہ سب کے لئے بہتر ہوگا اور ہم اسمبلی کی کارروائی کو بہتر طریقے پر سمجھ سکیں گے -

پیر غلام علی چشتی - فاضل ممبر کو معلوم ہونا چاہیے کہ ابھی ابھی جو تقریر تالپور صاحب کر رہے تھے - وہ سندھی زبان میں کر رہے تھے - انگریزی میں نہیں کر رہے تھے -

مسٹر سپیکر - چشتی صاحب - مجھے پوائنٹ آف پریولج کا جواب تو دے لینے دیجئے - جہاں تک نقطۂ استحقاق کا تعلق ہے - قواعد کے مطابق آپ ایوان میں ایسا کوئی نقطہ نہیں اٹھا سکتے - البتہ اگر آپ کی نظر میں آپکے حقوق پر زد پڑی ہے - تو اسکے لئے آپ الگ تحریک پیش کر سکتے ہیں اور جہاں تک اس امر کا تعلق ہے کہ فاضل ممبر سندھی زبان میں تقریر نہ فرمائیں - تو اس سلسلے میں عرض یہ ہے کہ میرے آنے سے قبل انہوں نے تقریر شروع کی تھی اور میں بھی انہیں سمجھنے کی کوشش کر رہا تھا اور میں انہیں درخواست کرنے والا تھا کہ وہ اردو میں تقریر فرمائیں - کیونکہ وہ اردو جانتے ہیں - اردو میں تقریر کرنا انکے لئے اور آپ سب معزز ممبران کے لئے

بھی اس وجہ سے بھی بہتر ہوگا کہ جناب وزیر ریلوے آپکی باتوں کو سمجھ سکیں اور آپ کو بعد میں جواب دے سکیں ۔ آپ کو ان کے جواب کی ضرورت نہ ہو ۔ تو آپ بیشک سندھی ہی میں تقریر کریں ۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپکی تقریر سے آپکو اور آپکے عوام کو کوئی فائدہ پہنچے تو آپ اردو میں تقریر کریں ۔ تاکہ آپ کی بیان کردہ تکالیف کا ازالہ ہوسکے اور آپکو جواب بھی مل سکے ۔

حاجی میر خدا بخش تالپور ۔ جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ یہاں کسی بھی زبان میں بولنے پر پابندی نہیں ہے اور میں ہمیشہ اس ایوان میں دو ایک مرتبہ سندھی میں تقریر کیا کرتا ہوں اور پہلے بھی کر چکا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ سوال یہ ہے کہ آپکی تقریر کا کچھ تو فائدہ آپکو یا آپکے عوام کو ہو اور یہ تب ہی ہوسکتا ہے کہ متعلقہ وزیر صاحب آپکی بات سمجھ سکیں ۔ اس لئے میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ اردو میں تقریر کریں ۔

حاجی میر خدا بخش تالپور ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ لاہور میں جو retiring room ہے ۔ اسکو بہتر بنانا چاہیے اور اس میں زیادہ سہولت کا انتظام کرنا ضروری ہے ۔ اسکے علاوہ صدر مملکت کے انتخابی منشور میں اس بات ذکر ہے کہ تمام علاقوں میں ترقی ہوگی ۔ تو میں آپ سے یہ عرض کرونگا کہ ہمارے علاقے میں ریلوے سٹیشنوں پر بجلی اور ٹیلیفون کا بندوبست کر دیں ۔ تو اس سے وہاں کے علاقے میں زیادہ ترقی ہوگی اور چونکہ وہاں برسات میں تمام plot خراب ہو

جاتا ہے ۔ تو اس طرف بھی حکومت کو توجہ کرنی چاہئے اور وہاں مٹی وغیرہ ڈال کر اسکا پورا پورا بندوبست کرنا چاہئے ۔

پیر غلام علی چشتی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ اس اردو سے تو انکی سندھی زیادہ سمجھ میں آ رہی تھی ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

مسٹر عبدالقیوم (کراچی ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ میں بھی متعلقہ وزیر صاحب کو انکے ایک قابل تعریف بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد دیتا ہوں ۔ ریلوے کی حسن کارکردگی اور اسکی عمدہ خدمات کے متعلق کافی کچھ کہا جا چکا ہے اور اب چونکہ میرے پاس وقت کچھ زیادہ نہیں ہے ۔ اس لئے میں بجٹ کے صرف ایک پہلو پر کہ جس نے مجھے متاثر کیا ہے ، اسکے متعلق عرض کرونگا اور وہ ہے ۔ موجودہ شکل میں بجٹ کو پیش کرنا ۔ مجھے یاد ہے کہ چند سال قبل مجھے بجٹ کی ایک کاپی دیکھنے کا اتفاق ہوا تھا ۔ مجھے یہ اعتراف ہے ۔ کہ میں اسکا کوئی سر پیر نہیں سمجھ سکا تھا ۔ یہ بجٹ دیکھکر مجھے بڑی خوشی ہوئی کہ اسے بڑے عام فہم انداز میں پیش کیا گیا ہے اور جسے بجٹ سے واقفیت نہ بھی ہو ۔ وہ بھی اسے اچھی طرح سے سمجھ سکتا ہے اور اس پر تنقید بھی کر سکتا ہے اور اپنے Comments دے سکتا ہے اگرچہ اسکو بہت زیادہ عام فہم بنا کر جناب وزیر متعلقہ نے حزب مخالف کو تنقید کا زیادہ موقع فراہم کیا ہے ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ کسی بڑے مفاد کی خاطر

چھوٹی قربانی دینی ھی پڑتی ھے ۔ مجھے اعتراف ھے کہ اس بجٹ کی تیاری میں محکمہ ریلوے کے افسران اور انکے عملے نے کافی وقت اور کافی محنت صرف کی ھے اور وہ اسکے لئے واقعی قابل مبارکباد ھیں اس بجٹ میں کافی نیک خیالات جمع کئے گئے ھیں اور اس میں کافی جدت طرازی سے کام لیا گیا ھے ۔ اسلئے میں جناب وزیر متعلقہ سے پرزور سفارش کرونگا کہ ایسے نیک خیالات پیش کرنے والے اور ایسی نئی جدت دکھانے والے عملے کی حوصلہ افزائی کی جائے ۔ یہی نہیں کہ انکی خدمات کو صرف جمع خرچ سے ھی سراھا جائے ۔ بلکہ انہیں ٹھوس معاوضہ بھی دیا جائے ۔

جناب والا ۔ قائد حزب اختلاف نے اپنی تقریر میں ریلوے کے منافع پر زیادہ زور دیا تھا ۔ اس سال ۸۴ کروڑ کا سرمایہ ھے ۔ اور ایک کروڑ دس لاکھ کا منافع ھوا ۔ اس حساب سے منافع کی شرح تقریباً سوا فیصدی ھوتی ھے ۔ جو کہ واقعی مایوس کن شرح ھے ۔ لیکن اسکے ساتھ ھی خواجہ صاحب نے آکے چل کر فرمایا ھے ۔ کہ ایک مد میں ۴۳ لاکھ روپیہ عملے کے لئے مخصوص کیا گیا تھا اور انہوں نے یہ شکایت کی تھی کہ اس رقم میں سے صرف ۳۰ لاکھ روپیہ ھی خرچ کیا گیا تھا ۔ اس سے آگے چل کر خود خواجہ صاحب اور انکے دیگر رفقاء نے اور کسی اور معزز ممبر نے بھی یہ فرمایا تھا کہ کئی جگہ پر Shelter نہیں ھیں واٹر کولر نہیں ھیں ۔ ڈیزرٹ کولر وغیرہ نہیں ھیں ۔ لیکن شکر ھے کہ کسی نے یہ نہیں کہا کہ کرایوں میں تخفیف کی جائے ۔ یا مال برداری کی شرح میں کمی کی جائے تو میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ کونسے ایسے طریقے سے بجٹ تیار کیا جائے کہ جس میں آمدنی کے ذرائع بھی نہ بڑھائے جائیں اور اخراجات بھی دل کھول کر کئے جائیں اور منافع کی شرح میں بھی زیادہ سے زیادہ اضافے کی توقع کی جائے ۔ میں بھی ایک معمولی سا صنعت کار ھوں

اور میں بھی ایسے نسخے کی تلاش میں ہوں لیکن میرے خیال میں وہ کمیاب ہے - یہ ہو سکتا ہے کہ اگر ہم پسنجر کے کرایہ کو دگنا کر دیں تو پھر ۲۵ کروڑ کی بجائے ۵۰ کروڑ کی آمدنی بھی ہو سکتی ہے - پھر اس طرح شرح پچیس جمع ایک جمع چھبیس کے مقابلہ میں ۳۳ فیصد ہو سکتی ہے - میرا خیال ہے کہ یہ ایک صنعتی اور تجارتی ادارہ نہیں ہے بلکہ جیسا کہ میرے دوسرے فاضل دوستوں نے کہا ہے Commercial utility undertaking ہے - اس میں نہ صرف منافع پر زور دینا ہے بلکہ خدمات کا بھی اور سہولتوں کا بھی خیال رکھنا ہے - تو اس سلسلہ میں میں یہ نہیں کہنا چاہتا کہ منافع کی طرف بالکل توجہ نہ دی جائے - بلکہ زیادہ آمدنی اور اخراجات پر نظر رکھی جائے لیکن اگر صرف منافع کی percentage پر نظر رکھی جائے تو میرے خیال میں یہ ایک balanced approach نہیں ہے - آمدنی بڑھانے کیلئے میری ایک تجویز ہے کیونکہ میں کراچی سے تعلق رکھتا ہوں - وہاں پر لوکل ٹرین چلتی ہے صبح و شام جو ٹرین چلتی ہے ان میں بہت بھیڑ ہوتی ہے - ریلوے کے حکام اور ریلوے کے وزیر صاحب کو بھی اطلاع ملی ہو گی کہ وہاں بسااوقات حادثات ہوتے رہتے ہیں - آمدنی کو بڑھانے کیلئے اور لوگوں کو سہولتیں بہم پہنچانے کیلئے میری تجویز یہ ہے کہ صبح و شام کی ٹرین کو بڑھایا جائے - پارٹ ٹرین لانڈھی اور کراچی کے درمیان چلتی ہیں - میرے خیال میں اس علاقے کی آبادی سات آٹھ لاکھ کے قریب ہے - دوسرے کراچی کے راستہ میں کئی ایک لیول کراسنگ آتے ہیں اور اسکی وجہ سے گاڑیاں بہت دیر تک ٹھہرتی ہیں - کئی ایک جگہ پر بہت زیادہ بھیڑ ہوتی ہے اور وہاں ٹھہرنا پڑتا ہے - اس کے متعلق میری درخواست ہے کہ پلوں کے متعلق سوچا جائے - وہاں پر ایک over head bridge پہلے ہی ریلوے کے محکمہ نے بنایا ہے - اگر

ڈرگ کالونی کے ساتھ ملایا جائے تو کافی سہولت ہو سکتی ہے۔ جیسا کہ آپ سب صاحبان جانتے ہیں کہ سرحدی علاقوں کی وہاں پر چھ سات لاکھ کی آبادی موجود ہے۔ وہاں سے تین نمائندے منتخب ہو کر آئے ہیں۔ ان کی سہولت کے لئے کئی مرتبہ درخواست کر چکے ہیں کہ وہ direct ٹرین سے آکر برانچ لائن پر سفر کرتے ہیں ان کے لئے کراچی سے direct بوگی لگائی جائے۔ مثلاً ایک مثال میرے سامنے ہے کہ راولپنڈی سے ہزارہ جانے والے صاحبان کو گاڑی بدلنی پڑتی ہے۔ ان دشواریوں کے پیش نظر ہم نے پچھلے سال بھی مطالبہ کیا تھا کہ ایک ڈبہ تیز رفتار کے ساتھ لگتا تھا وہ بالکل ناکافی ہے۔ کیونکہ ہزارہ کی آبادی کراچی میں تقریباً تین لاکھ ہے۔ ان کے لئے میں سفارش کروں گا کہ ان کے لئے ایک اور ڈبہ خیبر میل کے ساتھ لگایا جائے کیونکہ خیبر میل صبح حویلیاں پہنچتی ہے۔

میاں سیف اللہ خان (کراچی - ۴) - جناب سپیکر - میں سب سے پہلے وزیر ریلوے کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے ایک اچھا بجٹ اس ایوان میں پیش کیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ محکمہ ریلوے کے سٹاف کو بھی مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ نہ صرف اس سال بلکہ پچھلے سال بھی چند میل ٹرینوں کا اضافہ ہوا ہے۔ جس میں بہت سے مسافروں نے سفر کیا ہے۔ ریلوے کا معیار ایسا ہے۔ کہ ایک حادثہ بھی نہیں ہوا ہے۔ جناب والا۔ کئی ممبر صاحبان ایسے ہیں جنہوں نے محکمہ ریلوے کے منافع کے متعلق کچھ اعتراض کئے ہیں۔ میرا خیال یہ ہے کہ

محکمہ ریلوے ایک پبلک utility ہے۔ منافع حاصل کرنا اس کا اصل مقصد نہیں ہے۔ اس کا اصل مقصد یہ ہے کہ وہ پبلک کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں مہیا کرے۔ جہاں تک ریلوے کے کرائے کا تعلق ہے وہ نہایت ہی مناسب ہے۔ اور اگر Profit ہی حاصل کرنا ہے تو کرائے میں اضافہ کیا جائے تو نفع ہو جائے گا۔ مسٹر شعیب صاحب وزیر خزانہ نے فرمایا ہے کہ ہر سال قیمتیں تقریباً ایک سے ڈیڑھ فیصد بڑھ رہی ہیں۔ جس طرح دوسری چیزوں کی قیمتیں بڑھ رہی ہیں اس طرح ریلوے کا خرچ بھی بڑھ رہا ہے۔ ان تمام چیزوں کو مدنظر رکھتے ہوئے میں یہ سمجھتا ہوں ریلوے کا جو کرایہ ہے وہ نہایت مناسب ہے۔ مناسب ہونے کی وجہ سے ان کا جو نفع ہے وہ زیادہ نہیں ہے۔

اب جناب والا۔ میں جناب وزیر ریلوے کی خدمت میں چند ایک ضروری چیزیں پیش کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہیں کہ مغربی پاکستان میں کئی ایسے علاقے ہیں جہاں پر سارے ضلع میں ایک ریلوے سٹیشن بھی موجود نہیں ہے۔ اگر غور سے دیکھا جائے تو وہ ضلع نہایت ہی پس ماندہ ہوگا۔ بیک ورڈ ہوگا۔ جیسے بلوچستان کا ضلع ہے۔ اور اس کے علاوہ بلوچستان، گلگت، چترال، دیر، سوات اور بہت سے علاقے ہیں جہاں پر ریلوے کا لنک نہیں ہے۔ اس قسم کے جو علاقے ہیں یہ اکانمک ڈویلپمنٹ میں پورا حصہ نہیں لے رہے۔ اور وہاں کے عوام کو بڑی مشکلات اور دشواریاں درپیش آ رہی ہیں۔ ضروریات زندگی کی چیزیں ان تک نہیں پہنچ سکتی ہیں۔ اگر پہنچتی ہیں تو ان پر اتنا

خرچہ آجاتا ہے کہ ٹرانسپورٹیشن وہ برداشت نہیں کر سکتے۔ اور اس طریقے سے ان علاقوں کی پیداوار صحیح طریقے پر مارکیٹ میں نہیں پہنچ سکتی۔ آپ کو اس چیز کا علم ہے کہ مغربی پاکستان میں معدنیاتی ذخیرے بہت کم ہیں۔ کچھ کوئلہ اور گیس ہے۔ ایسی چیزوں کے لئے آپ ایسے علاقوں میں تحقیقات کریں جو سنٹر سے دور ہیں۔ یہ ملک کی ترقی کے لئے بہت ضروری ہے۔ لوہا، کاپر، لیڈ اور اسی قسم کی دوسری ایسی ضروری معدنیات ہیں کہ ان کو ڈھونڈا جائے اور ان کو استعمال کیا جائے۔ Geological Survey کی رپورٹ کے مطابق یہ معلوم ہوتا ہے کہ چترال، گلگت، اور بلوچستان کے جو دور دراز کے علاقے ہیں ان میں معدنیات پائی جاتی ہیں۔ چترال، دیر کے علاقے میں اور گلگت میں بڑے بڑے جنگل ہیں مگر اس علاقے کی لکڑی ہم تک نہیں پہنچ سکتی ہے۔ بڑے بڑے شہروں تک اس لکڑی کو نہیں پہنچا سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ ٹوریزم کو ترقی دینے کے لئے اگر چترال اور گلگت میں لائن ہو تو ٹوریزم کو فروغ ہوگا۔ اور اس طریقے سے آمدنی بھی بڑھ جائے گی۔ ان چیزوں کو مد نظر رکھتے ہوئے اس کے متعلق غور کریں اور سوچیں۔ اس سال کے بجٹ میں اس قسم کی کوئی پروپوزن نہیں ہے مگر کم از کم آئندہ کے بجٹ میں یہ ریلوے کا لنک جو ہے یعنی پشاور کو دیر سے ملائیں۔ گلگت سے ملائیں۔ اسی طرح کراچی، لس بیلہ اور تربت کو ملائیں۔ اور اس کے علاوہ کوئٹہ میں جو کوئلہ کی fields ہیں ان کو ریلوے لنک سے ملائیں۔ مگر افسوس سے کہنا پڑتا ہے حالانکہ سروے کافی عرصہ سے ہو چکا ہے۔ مگر

Machh coal field اور دوسرے علاقے کی جو fields ہیں ان کو ریلوے لنک سے نہیں ملایا گیا ۔ کیونکہ میں کراچی سے منتخب ہوکر آیا ہوں ۔ کراچی میں ایک سندھ انڈسٹریل ٹریڈ اسٹیٹ ہے دوسری لانڈھی انڈسٹریل اسٹیٹ ہے ۔ ان کے مزدور اپنی تین شفٹوں کے اوقات میں یعنی صبح کے سات بجے ، بعد دوپہر کے تین بجے اور رات کے گیارہ بجے اس ٹرین میں سفر کرنے پر مجبور ہوتے ہیں ۔ ان کے لئے صبح کے ٦ سے ٧ بجے تک اور پھر دوپہر کے بعد دو سے تین بجے اور رات کو دس بجے سے گیارہ بجے تک ٹرینوں میں اضافہ ہونا چاہئے تاکہ ہجوم اور بھیڑ سے ان کو تکلیف نہ ہو اور وہ آرام سے اپنے گھروں کو واپس جا سکیں یا کام پر آنے والے مزدور آسانی سے اپنے اپنے گھروں سے انڈسٹریل اسٹیٹ میں پہنچ سکیں ۔ آخر میں جناب والا ۔ میں دوبارہ وزیر ریلوے کی خدمت میں ان کے اچھے بجٹ پر مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان تمن) ۔ جناب والا ۔ آج کی بحث میں تقریباً ١٩ معزز ارکان نے حصہ لیا ۔ جس میں تنقید بھی تھی اور تعریف کا پہلو بھی تھا ۔ اور جس میں مختلف قسم کی علاقائی تکالیف بیان کی گئیں اور ان کے ساتھ ساتھ داستان غم بھی سنائی گئی ۔ اور اپنے دل کے زخم بھی دکھانے کی کوشش کی گئی ۔ الغرض بجٹ کے ہر پہلو پر (For & against) کے اساس پر غور ہوا اور بحث ہوئی ۔

جناب والا ۔ جس چیز پر سب سے زیادہ زور دیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ ریلوے کا جتنا بڑا ادارہ ہے اور جتنی بڑی Investment اس میں کی گئی ہے ۔ اور اس کا جو منافع ہے وہ عام نسبتی اداروں کے مقابلہ میں کیوں کم ہے یا کیوں کم دکھایا گیا ہے ۔

اب جناب والا ۔ اس کے متعلق گزارش یہ ہے کہ ریلوے ڈیپارٹمنٹ ایک خالص کاروباری ادارہ نہیں ہے بلکہ یہ پبلک یوٹیلیٹی (Public Utility) ڈیپارٹمنٹ ہے ۔ اور اس میں مفاد عامہ کا بنیادی پہلو پیش نظر رکھا جاتا ہے ۔ اور یہی امر ہمارے محکمہ ریلوے کی بنیادی پالیسی کا مظہر ہے ۔ ہم جو ریٹ مقرر کرتے ہیں اس میں ہم اس امر کی کوشش کرتے ہیں کہ اتنا منافع حاصل کیا جائے کہ جس سے ہمارے روز مرہ کے اخراجات پورے ہو جائیں ۔ اور Depreciation Fund کے لئے کچھ رقم کی بچت ہو جائے ۔ نیز Reserve Fund کے لئے بھی (جو کہ ایک نہایت اہم اور ضروری فنڈ ہے) کچھ رقم مل جائے ۔ اس ضمن میں دو یا تین فیصد روپیہ ہمیں درکار ہوتا ہے اور اس لحاظ سے ہی ہم ریٹ مقرر کرتے ہیں ۔ جو عام صنعتی کاروبار کرنے والے لوگوں کے مقابلے میں زیادہ نہیں بلکہ کم ہیں ۔ جناب والا ۔ یہ فرق ہے ہمارے منافع میں اور ایک عام نجی کاروبار کے ادارے کے منافع میں ۔ جہاں ان کا یہ خیال ہوتا ہے ۔ کہ زیادہ سے زیادہ منافع کمائیں بلکہ جلد سے جلد امیر بن جائیں ۔ وہاں ہماری پالیسی اس کے برعکس ہے ۔ ہمارا اصول یہ ہے کہ تھوڑے سے تھوڑا نفع ہو اور زیادہ سے زیادہ سہولتیں عوام کو بہم پہنچائی جائیں ۔ Our aim is to draw minimum profit & provide maximum facilities.

جناب والا ۔ ایک اعتراض ہم پر یہ ہو رہا ہے اور غالباً آئندہ بھی ہوتا رہے گا ۔ کہ ہم اپنے مسافروں کو سہولتیں مہیا نہیں کرتے لیکن میرے خیال میں تنقید کرنے والے یہ بھی غور نہیں فرماتے کہ ہمارے کرائے دنیا بھر کی ریلوں کے کرایوں سے کم ہیں (خوب ۔ خوب) اور آئندہ بھی ہماری یہ کوشش رہیگی اور ہماری یہ خواہش ہے کہ ہمارے کرائے نہ بڑھیں ۔ (نعرہ ہائے تحسین) اور اس کرائے کو سامنے رکھتے ہوئے ہم مسافروں کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں بہم پہنچانے کا عزم بھی رکھتے ہیں ۔ پھر جناب والا ۔ بجلی کے پنکھوں کا ذکر کیا گیا تھا ۔ کہ تھرڈ کلاس کے ڈبوں میں سخت گرمی اور ہجوم کے باوجود پنکھے نہیں ہوتے اور ان تنقید کرنے والوں میں سے ایک صاحب نے تو یہاں تک فرما دیا تھا کہ ہمارے تھرڈ کلاس کے ڈبوں کی inhuman condition ہوتی ہے ۔ مگر جناب والا حقیقت یہ ہے کہ ہمارے تھرڈ کلاس کے ۵۰ فیصدی ڈبوں میں بجلی کے پنکھے لگائے جا چکے ہیں اور جن نئے ڈبوں کے آرڈر دئیے جاتے ہیں ان میں ہماری شرط ہے کہ بجلی کے پنکھے لگے ہوئے ہوں گے ۔ اس کے علاوہ چیکنگ اور مرمت کے لئے جتنے ڈبے یارڈ میں جاتے ہیں ۔ ان میں پنکھے نصب کر دئیے جاتے ہیں ۔ مگر جناب والا تنقید کرنے والے کہتے ہیں کہ پنکھے فوراً کیوں نہیں لگا دئیے جاتے ۔ شائد ان کا یہ خیال ہوگا کہ تمام گاڑیوں کو کھڑا کر دیا جائے اور یوں یکدم ان میں پنکھے فٹ کر دئیے جائیں (قہقہہ) جناب والا یہ بھی کہا گیا ہے کہ اگر Desert coolers لگائے جائیں تو اس سے ٹمپریچر کم ہو جائے گا

لیکن عرض یہ ہے کہ اس کی پہلے ہی کوشش کی جا چکی ہے ۔ اس سے اخراجات بڑھ گئے تھے مگر ٹیمپریچر کم نہیں ہو سکا تھا ۔ یہ بات تکنیکی technically طور پر ثابت ہو چکی ہے کہ ان Desert Coolers سے ٹیمپریچر میں متوقع کمی نہیں ہوئی ۔ ہمارے عملہ کے متعلق یہ فرمایا گیاہے ۔ کہ ہم عملہ پر زیادہ اخراجات کر رہے ہیں اس ضمن میں جناب والا پوزیشن یہ ہے کہ ہماری پالیسی Labour intensive policy ہے ۔ ہمارے ملک میں لیبر بہت زیادہ ہے اور اگر ہم اس میں سے تھوڑی بہت لیبر کو absorb نہیں کریں گے تو ملک میں بیروزگاری جو پہلے ہی زوروں پر ہے اور بھی بڑھ جائیگی ۔ لہٰذا ہم نے اس پالیسی کے ماتحت لیبر رکھی ہوئی ہے کہ ملک میں بیکاری حد سے نہ بڑھ جائے اور اس غرض سے ہم باہر سے مشینری درآمد نہیں کرتے کہ لوگ بیکار نہ ہو جائیں ۔ اس سے ایک طرف سے فارن ایکسچینج کی بچت ہوتی ہے دوسری طرف ہمارے ملک کی زائد لیبر بھی absorb ہو جاتی ہے ۔ باقی رہا یہ اعتراض کہ دیگر اداروں کے مقابلہ میں ہم اپنے عملے پر زیادہ اخراجات کر رہے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ ہمارے عملے کے اخراجات دوسرے اداروں کے مقابلے میں سب سے کم ہیں ۔ سٹورز کے متعلق بھی ذکر کیا گیا تھا ۔ ہماری پالیسی اور کوشش یہ ہوتی ہے کہ باہر سے جتنا کم سامان منگایا جائے اتنا ہی کم سامان درآمد کریں اور پھر اس کا استعمال اس سلیقے اور اس قرینے سے کیا جائے کہ اس میں سے کوئی چیز بھی ضائع نہ ہو ۔ اس لئے لوہے کے ٹکڑوں کو ڈھال کر سٹیل تیار کیا جاتا ہے ۔

ایک بھٹی نصب کی جا رہی ہے جیسا کہ میںنے اپنی بجٹ تقریر میں ذکر کیا تھا ریلوے سٹیل شاپ میں پانچ ٹن کی طاقت کی ایک بجلی کی بھٹی بھی لگائی جا رہی ہے تاکہ بیکار شدہ فولاد کے ٹکڑے زیادہ سے زیادہ حد تک دوبارہ استعمال میں لائے جا سکیں ۔ جب یہ بھٹی نصب ہو جائے گی تو اس سے فولاد کی پیداوار میں ساڑھے تیرہ ہزار ٹن سالانہ فولاد کا اضافہ ہوگا ۔ جناب والا ۔ جہاں تک اس مسئلے کا تعلق ہے کہ اخراجات کو کم کرنا چاہئیے اس سے میں بھی متفق ہوں مگر اصل سوال یہ ہے کہ اخراجات کو کس طرح کم کیا جائے ۔ یہ کمی کیسے کی جائے ۔ اس سلسلے میں ایک اکانومی کمیٹی عملے کے اخراجات کی کمی کے متعلق مقرر ہوئی تھی اور ہمارے فاضل دوست لیڈر آف دی آپوزیشن بھی اس کمیٹی کے ممبر تھے تو انہوں نے بھی کوئی ایسی جامع تجویز پیش نہیں کی تھی بلکہ انہوں نے اپنی رپورٹ میں لکھا تھا کہ عملے پر جتنا خرچ ہو رہا ہے وہ جائز اور مناسب ہے بلکہ جو افسران ہیں اور جو نگرانی کا عملہ ہے وہ نسبتاً کم ہے ۔

ہم اپنے عام اخراجات کو کم رکھنے کے لئے جتنی کہ ان میں گنجائش ہے پوری کوشش کر رہے ہیں ۔ بلکہ ہم نے ان کو پہلے ہی کم رکھا ہوا ہے ۔ چنانچہ ایک ٹن مال کو ایک میل لے جانے پر ہمارے صرف تین نئے پیسے خرچ ہوتے ہیں ۔ اسی طرح ایک مسافر کو ایک میل لے جانے پر ہمارے صرف دو نئے پیسے خرچ آتے ہیں اور ۔ ایک من گیہوں سات سو میل لے جانے پر ہمارا ایک روپیہ خرچ ہوتا ہے ۔ اسی طرح چھ سو روپے کی مالیت کا کپڑا سات سو میل کے فاصلہ پر لے جانے کیلئے

ہمارے صرف دو روپے خرچ ہوتے ہیں ۔ تو ہماری ہر وقت یہی کوشش ہے کہ ہمارے عام اخراجات جن پر میرے فاضل دوست نے اعتراض کیا ہے کم سے کم ہوں اور جو اعداد و شمار میں نے پیش کئے ہیں ان سے ظاہر ہے کہ یہ پہلے ہی بہت کم ہیں ۔

جناب والا ۔ آسائش کے متعلق یہاں یہ ذکر کیا گیا ہے کہ مسافروں کو پوری آسائش مہیا نہیں کی جاتی ۔ تو اس کے متعلق عرض یہ ہے کہ جتنا ہمیں کرایہ وصول ہوتا ہے ۔ اس کے مطابق ہم جتنی آسائش مہیا کر سکتے ہیں ۔ وہ ہم ضرور مہیا کرتے ہیں ۔ ہمارے ہاں آسائش کا کوئی خاص معیار تو ہے نہیں ۔ یہ انسان کی فطرت ہے کہ اسے جتنی آسائش ملتی جائے وہ اور مانگنے کی کوشش کرتا ہے ۔ یہ اتنا آرام پسند ہے کہ کل کو یہ بھی کہے گا کہ گاڑی کے ڈبوں میں قالین ہونے چاہئیں ۔ وہاں صوفے لگے ہوئے ہوں اور ریل گاڑی کے ڈبے Air Conditioned ہوں ان میں ٹیلیفون ہوں غرض کہ ہر قسم کی آسائشیں ہوں ۔ لیکن دیکھنا یہ ہے کہ ہمارے ملک کے حالات کیا ہیں ۔ ہم کس قدر کرایہ دے سکتے ہیں ۔ لہٰذا کرائے اور آسائشوں میں یہ توازن رکھنا پڑتا ہے ۔ تاکہ کرائے کی شرح اس قدر بڑھنے نہ پائے کہ لوگ گاڑی میں سفر ہی نہ کر سکیں اور اس میں سفر کرنا انہیں بوجھ نظر آئے ۔ چنانچہ کرائے کی شرح کو پیش نظر رکھتے ہوئے ہم جتنی آسائشیں دے سکتے ہیں وہ دیتے ہیں ۔ اور جیسا کہ میں نے اپنی تقریر میں بھی عرض کیا ہے ۔ آئندہ مالی سال کے بجٹ میں ہم نے مسافروں کے آرام و آسائش اور ان کی دیکھ بھال کے لئے معقول رقم رکھی ہے ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد گاڑیوں میں زیادہ ہجوم کا مسئلہ ہے ۔ تو اس کے متعلق عرض یہ ہے کہ گاڑیوں میں ہجوم ہوتا ہے ۔ اور اس حقیقت سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا اور خاص طور پر جب چھٹیوں کے دن ہوتے ہیں ۔ مثلاً عید وغیرہ جب کہ لوگوں نے اکثر گھر جانا ہوتا ہے ۔ یا کئی مقامات ہی ایسے ہیں جہاں بالعموم congestion ہوتی ہے ۔ چنانچہ وہاں سے جب بھی کوئی گاڑی نکلتی ہے تو اس میں اکثر ہجوم ہوتا ہے ۔ لیکن اس سلسلے میں عرض یہ ہے کہ ہمیں باہر سے سامان منگوانے کے لئے جو investment کرنا پڑتی ہے ۔ اس سے ہمیں جو روپیہ حاصل ہوتا ہے ۔ ہم اس کے مطابق اپنے کام کو توسیع دیتے ہیں ۔ اور congestion کو دور کرتے ہیں ۔ پچھلے سال ہماری گاڑیوں کی ٹریفک میں ۸ فیصد کا اضافہ ہوا اور مسافروں کو ٹریفک میں صرف ۳ فیصد کا اضافہ رہا ۔ اس سے ظاہر ہے کہ ہماری گاڑیوں کی ٹریفک میں جو اضافہ ہو رہا ہے ۔ وہ مسافروں کی ٹریفک میں اضافے سے زیادہ ہے ۔ اگر یہی Gap جاری رہا تو امید ہے کہ چند سالوں کے بعد یہ congestion اور overcrowding گاڑیوں میں کم ہو جائے گی ۔ اور گاڑیاں اتنی تعداد میں چلنے لگیں گی جو مسافروں کی تعداد کے لئے کافی ہونگی یا جتنی گاڑیوں کی مسافروں کو ضرورت ہوگی ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد ہماری inefficiency ذکر کیا گیا ہے ۔ اس کے متعلق یہ فرمایا گیا ہے کہ افسران اور عملہ اپنے کام کی دیکھ بھال ٹھیک طریق پر نہیں کرتے ۔ اگر وہ صحیح

طور پر کام کریں تو ریلوے کو زیادہ منافع ہو - اور اگر وہ اپنا کام زیادہ ذمہ داری اور محنت سے کریں تو مسافروں کے لئے زیادہ آرام و آسائش مہیا ہو سکتا ہے - تو اس کے متعلق جناب پوزیشن یہ ہے کہ ہم یومیہ ۶۷۰ گاڑیاں چلاتے ہیں - اور یہ ۶۷۰ گاڑیاں ہر روز چلانا کوئی معمولی بات نہیں - پھر ان کو چلانے کے لئے اور ان کی ہر چیز کو systematic طریق پر منظم کرنے کے لئے - اور یہ دیکھنے کے لئے کہ ان کی روانگی میں کسی قسم کی تاخیر نہ ہو - اور خدانخواستہ ان کو حادثے کا کوئی خطرہ بھی نہ ہو - اور ان کی Timings بھی آپس میں clash نہ کریں - بلکہ ایسی ہوں جس سے مسافروں کو بھی maximum آرام اور فائدہ پہنچے اور ان کا وقت بھی بچے - تو عرض یہ ہے کہ ہم ۴ لاکھ مسافر یومیہ لے جاتے ہیں - یومیہ ۴۰ ہزار ٹن سامان لے جاتے ہیں - اور اس طرح پچھلے سارے سال کا جو سسٹم ہے یعنی ۱۷۰ گاڑیاں چلانے - ۴ لاکھ مسافر اور ۴۰ ہزار ٹن سامان روزانہ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کے تمام فرائض سرانجام دینے اور ان دیگر معاملات کو مد نظر رکھتے ہوئے اگر آپ پچھلے سال کی کارکردگی پر نظر دوڑائیں تو آپ دیکھیں گے کہ خدا کے فضل سے ہماری کسی گاڑی کا ایک بھی حادثہ نہیں ہوا - اور نہ ہی کوئی مسافر کسی حادثے کا شکار ہوا ہے اب آپ ہی ان تمام حقائق پر غور فرمائیں اور اندازہ لگائیں کہ یہ efficiency ہے یا inefficiency

جناب والا ۔ اس کے ساتھ ساتھ میں سابقہ N.W.R. اور اپنی موجودہ PWR کے بارے میں چند اعداد و شمار آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں جن سے آپ کو اس معاملے کے متعلق پتہ چل جائے گا کہ ہمارا موجودہ عملہ سابقہ N.W.R. کے عملہ سے ۷ فیصد کم ہے ۔ اس کے مقابلے میں اس وقت جو ہماری Passenger Traffic ہے وہ سابقہ N.W.R. کی Passenger Traffic سے ۲۸ فیصد زیادہ ہے اور سامان کی ٹریفک ۳۴ فیصد زیادہ ہے ۔

اس کے ساتھ ساتھ جناب ہم ریل گاڑیوں کی پابندیٔ اوقات کا ریکارڈ بھی رکھتے ہیں ۔ چنانچہ جہاں تک ہماری گاڑیوں کی Regularity کا تعلق ہے ۔ اس کے متعلق عرض یہ ہے کہ سابقہ N. W. R. کی Regularity ۶۲ فیصد تھی ۔ اس کے مقابلہ میں ہماری P. W. R. کی ۸۸ فیصد ہے ۔

جہاں تک فی ویگن وزن یا Load کا تعلق ہے ۔ سابقہ N. W. R. کا فی ویگن وزن ۱۲ ٹن تھا ۔ اور ہمارا ۱۵ ٹن ہے ۔ تو یہ اعداد و شمار میں نے جناب کی وساطت سے اس معزز ایوان میں اس لئے پیش کئے ہیں کہ یہ جو ہماری inefficiency کا چرچا ہے ۔ اس کے بارے میں یہ ثابت ہو جائے کہ ہمارا Traffic Load اتنا بڑھ گیا ہے اور ہماری باقاعدگی کی percentage بھی بڑھ گئی ہے ۔ لیکن ہمارا عملہ کتنے فیصد کم ہے ۔ تو اس سے ظاہر ہے کہ ہمارا عملہ efficient ہے اور وہ اپنا کام صحیح طور پر انجام دے رہا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ کتنی دیر اور تقریر فرمائیں گے ؟ کیونکہ ایک تو بج چکا ہے ۔ اگر آپ کو زیادہ وقت چاہئے تو آپ مجھے بتا دیں ۔

وزیر ریلوے ۔ جناب دو تین منٹ دیدیں ۔ یا پانچ منٹ دیدیں ۔ جیسا بھی آپ مناسب سمجھیں ۔ کر لیں ۔

Mr. Speaker : Time is extended by 5 minutes.

وزیر ریلوے ۔ اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ فارن ایکسچینج کے سلسلے میں ہم نے جو کچھ کیا ہے اور جو details میں نے بجٹ سپیچ میں دی ہیں ان کا اعادہ نہیں کرنا چاہتا ۔ ہم ہر وقت کوشش کریں گے کہ ایسی لائنز اختیار کی جائیں جن سے فارن ایکسچینج کی کم از کم ضرورت پیش آئے ۔ اور جو چیزیں یہاں بن سکتی ہیں ان کا استعمال کریں میں ان کی تفصیل دینا نہیں چاہتا ۔

اس معزز ایوان میں ہم پر ایک الزام لگایا گیا تھا کہ ویگن کے لینے اور دینے میں پیسہ ویسہ کا معاملہ ہوتا ہے ۔ اور ہمارے ریلوے کے آدمی رشوت لیتے ہیں ۔ اس کے لئے سوائے اس کے میں کچھ نہیں کہہ سکتا کہ ''این خانہ همه آفتاب است ۔'' جناب والا ۔ یہ demand اور supply کا مسئلہ ہے جب سپلائی میں کمی ہوگی اور مانگ زیادہ ہوگی تو لازماً وہ لوگ جو deal کرنے والے ہیں ان کے لئے زیادہ مواقع پیدا ہوں گے ۔ کچھ Black sheep بھی ہوتے ہیں ۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ پچھلے چند سالوں میں روزمرہ کی چیزوں میں جو کمی ہوئی ہے اس کمی کے باعث demand اور سپلائی کے difference نے بلیک مارکیٹ کو جنم دیا ۔ ہم کوشش کریں گے کہ اگر کہیں ویگن کی کمی ہوئی تو ملازمین پر کڑی نگرانی رکھی جائے تاکہ وہ رشوت پر مائل نہ ہوں اور جہاں ایسے cases سامنے آئیں ان کو سزا دی جائے ۔

جناب والا ۔ پانچ منٹ ختم ہونے والے ہیں ہاؤس کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا معزز اراکین کی خدمت میں صرف اتنا عرض کروں گا کہ وہ ریلوے کے معاملات میں ہماری امداد فرمائیں جہاں کوئی بدعنوانی ہو یا پبلک کی تکلیف کا مسئلہ ہو یا ملازمین کا مسئلہ ہو وہ ہماری رہنمائی کریں اور جو مفید تجاویز ہمیں دیں گے ۔ میں ان کو welcome کروں گا اور خوش آمدید کہوں گا ۔

Mr. Speaker : The House is adjourned to meet again tomorrow, the 17th June, 1965, at 8.00 a.m.

(The Assembly then adjourned till 8.00 a. m. on Thursday, the 17th June, 1965)



PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FIRST SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Thursday, the 17th June, 1965.

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-00 a.m. of the Clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi, (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَفَمَنْ يَّعْلَمُ اَنَّمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ اَعْمٰى اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ الَّذِيْنَ يُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَلَا يَنْقُضُوْنَ الْمِيْثَاقَ ۝ وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُوْنَ سُوْٓءَ الْحِسَابِ ۝ وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ۝

(پ ۱۳ — س ۱۳ — ع ۹ — آیات ۱۹ تا ۲۲)

بھلا جو شخص یہ جانتا ہے کہ جو کچھ تمہارے پروردگار کی طرف سے تم پر نازل ہوا ہے وہ حق ہے وہ اس شخص کی طرح ہو سکتا ہے جو اندھا ہے (دراصل) سمجھتے تو وہی ہیں جو عقل مند ہیں۔ جو اللہ کے عہد کو پورا کرتے ہیں اور قول و قرار کو نہیں توڑتے اور جن (رشتوں) کو اللہ نے جوڑنے کا حکم دیا ہے اُن کو جوڑے رکھتے ہیں۔ اور اپنے پروردگار سے ڈرتے رہتے ہیں اور برے حساب سے خوف رکھتے ہیں۔ اور جو لوگ پروردگار کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے (مصائب پر) صبر کرتے ہیں۔ اور نماز قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے اُن کو دیا ہے اُس میں سے پوشیدہ اور ظاہر خرچ کرتے ہیں اور اچھائی کے ذریعہ برائی کو دور کرتے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن کے لئے عاقبت کا گھر ہے۔

وما علینا الا البلاغ

DISCUSSION OF EXPENDITURE ON RAILWAY CHARGED UPON THE PROVINCIAL CONSOLIDATED FUND

Mr. Speaker: The first item on the agenda is the dicussion of expenditure on Railway charged upon the Provincial Consolidated Fund. Would any Member like to discuss this item?

(No Member rose to speak)

DISCUSSION OF DEMANDS FOR GRANTS FOR EXPENDITURE OTHER THAN NEW EXPENDITURE (RAILWAY)

DEMAND No. 1

Mr. Speaker: The next item is the discussion of Demands for Grants for expenditure other than New Expenditure (Railway). The first cut motion is from Khawaja Muhammad Safdar. He may please move it.

Khawaja Muhammad Safdar: Sir, I beg to move:—

That the total of Rs. 7,94,19,000 on account of Ordinary Working Expenses—General Adminstration—Total other Expenditure—Recurring—other than New Expenditure be reduced by Rs. 1,00,00,000.

Mr. Speaker: The motion moved is:—

That the total of Rs. 7,49,19,000 on account of Ordinary Working Expenses—General Administration—Total other Expenditure—Recurring—Other than New Expenditure be reduced by Rs. 1,00,00,000.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - کل ریلوے کے میزانیہ پر عام بحث میں حصہ لیتے ہوئے میں نے اپنے محترم دوست جناب وزیر ریلوے کی خدمت میں یہ گذارش کی تھی کہ ہمارے اس عظیم محکمہ میں کارکردگی کو بہتر بنانے کی گنجائش ہے - یہ دعویٰ نہیں کیا جا سکتا کہ اس محکمہ کی کارکردگی مثالی ہے - میں اس ضمن میں بات کر رہا تھا کہ بجائے اس کے کہ اخراجات کو ہر سال بڑھایا جائے اور وہ بھی اس طور پر کہ آمدنی میں اضافہ کم ہو اور اخراجات میں اضافہ زیادہ ہو

تو یہ ہمارے اس عظیم صنعتی ادارے کے لئے کسی طور پر سود مند نہیں ہے ۔ میری ان گذارشات کا جواب دیتے ہوئے میرے واجب‌الاحترام دوست جناب وزیر ریلوے نے اعداد و شمار کا ایک طومار اکٹھا کیا جیسے کہ وہ ان اعداد و شمار کے بوجھ تلے مجھے دبا دینا چاہتے تھے۔ لیکن میں جناب والا ۔ ان کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ ان کو اپنے ان تمام اعداد و شمار کو اکٹھا کرنے کی زحمت گوارا کرنے کی ضرورت نہیں تھی ۔ میں نے تو دراصل ان کی تائید کی تھی ۔ انہوں نے خود ارشاد فرمایا ہے کہ ریلوے کی کارکردگی کو آئندہ بہتر کیا جائیگا۔ ان کے اس ارشاد کی تائید میں نے کی تھی ۔ کل کا جو ارشاد تھا وہ زبانی تھا ۔ کل فتویٰ زبانی تھا کہ ریلوے کی کارکردگی مثالی ہے لیکن میں ان کا تحریری فتویٰ ایک نہیں دو ان کے سامنے ابھی پیش کئے دیتا ہوں ۔ جناب والا ۔ قرطاس ابیض کے صفحہ ۱۴ پر Revenue Receipts کے متعلق ارشاد فرماتے ہیں اور کہتے ہیں ۔

The Budget Estimates of Gross Earnings 1965-66 are placed at Rs. 59.25 crores. These have been estimated after taking into consideration anticipated increase in the traffic offering during the next year which will be handled by :—

(*i*) increasing the length of rakes of some trains and

(*ii*) by improving efficiency of operations.

ان کا یہ اپنا فتویٰ ہے اور یہ ان کا دوسرا فتویٰ ہے ۔ یہ صفحہ ۶۸ Reg. Coaching ۔ یہ وائٹ پیپر کا صفحہ میں عرض کر رہا ہوں ۔ اس کی تیسری سطر سے اس طرح پر درج ہے

The increase is expected to take place as a result of normal growth of passenger and other coaching traffic during the next year, which will be handled by more efficient utilisation of rolling stock.

نہ صرف جناب وزیر ریلوے نے یہ وعدہ فرمایا ہے کہ ان کا سٹاف آئندہ سال زیادہ کارکردگی کا مظاہرہ کرے گا بلکہ انہوں نے یہ بھی فرمایا ہے کہ ہم اپنے Rolling Stock یعنی گاڑیوں اور انجنوں کو بہتر بنانے کی سعی کریں گے۔ یہ ان کا دوسرا تحریری فتویٰ ہے۔ ان تحریری فتووں کے سامنے کل کا انکا اصرار ہے کہ کارکردگی مثالی ہے۔ میرا خیال ہے کہ وہ اپنے اس نقطۂ نظر پر نظر ثانی فرمائیں گے اور اپنے محکمہ پر زور دیں گے۔ میں جناب والا۔ اس ضمن میں یہ عرض کروں کہ پاکستان کے کسی محکمہ کے متعلق یہ دعویٰ نہیں کیا جا سکتا کہ اس کی کارکردگی مثالی ہے بلکہ ہمیں یہ اقرار کرنا ہوگا ہم بحیثیت قوم انتہائی نااہل ہیں۔ میں نہیں سمجھتا ہوں کہ جب ہر طرف ہمیں اس بات کا بین ثبوت ملتا ہے کہ ہمارے افسر اور اہلکار، چھوٹے اور بڑے اپنے کام کی طرف پوری توجہ نہیں دیتے بلکہ ایک بہت بڑے افسر کے قول کے مطابق جو کہ ہماری صوبائی گورنمنٹ سے وابستہ ہیں ہمارے افسران کا کام آج کل ان تین الفاظ میں ظاہر کیا جا سکتا ہے Meeting, Eating and Cheating جس دفتر میں جائیے میٹنگ ہو رہی ہے۔ چائے اڑ رہی ہے گپیں ہانکی جا رہی ہیں سیاسیات پر بحث ہو رہی ہے اس کے باوجود بھی میرے واجب الاحترام دوست یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ کارکردگی مثالی ہے۔ کسی ایک محکمہ کی کارکردگی کو لے لیجئے۔ چھوڑئیے ریلوے کے محکمہ کو، میں یہ تسلیم کرنے کو تیار نہیں ہوں کہ کارکردگی بہتر ہے یہ اپنے آپ کو دھوکا دینے کے

مترادف ہے - اگر ہم یہ دعویٰ کرنا شروع کر دیں کہ فلاں سیکٹر یا فلاں سیکشن کی کارکردگی بہتر یا مثالی ہے تو ہم اپنے آپ کو دھوکا دیں گے - جناب والا - میں گذارش کروں گا کہ میرے محترم دوست کا یہ دعویٰ درست نہیں اور ان کے اپنے اعداد و شمار دیئے ہوئے ہیں - مثال کے طور پر میں صرف ایک بات کی طرف ان کی توجہ دلانی چاہتا ہوں - میں پھر ان کی توجہ قرطاس ابیض کی طرف دلاتا ہوں - صفحہ نمبر ۱۰۰ Wagon's usage اس کے متعلق یہ ہے کہ ہم نے ایک ویگن کو کس طرح استعمال کیا یعنی کتنے دنوں کے بعد ہمارے پاس وہ دوبارہ استعمال کرنے کے لئے موجود ہے - اگر تھوڑے دن ان ویگنوں کو دوبارہ استعمال کریں گے تو ہماری اہلیت زیادہ ہوگی اور کارکردگی بھی بہتر ہوگی - لیکن اگر وہی ویگن بہت عرصہ ادھر ادھر گھومتا رہے اور بہت دنوں کے بعد ہمارے قابو میں آئے تو ہم دوبارہ اس کو بار کر سکتے ہیں تو ہم نااہل کہلوائیں گے یا اہل کہلوائیں گے - میں وزیر صاحب سے درخواست کروں گا کہ وہ قرطاس ابیض کا صفحہ ۱۰۰ نکال لیں کہ اس مد میں دن بدن ہماری کارکردگی ہر سال خراب سے خراب تر ہوتی جا رہی ہے - ۱۹۵۹-۶۰ء میں ۸ اعشاریہ ۶ دن- ۱۹۶۰-۶۱ء میں ۸ اعشاریہ ۴ دن ہیں - ۱۹۶۱-۶۲ء میں ۸ اعشاریہ ۵ ہیں ۱۹۶۲-۶۳ء میں ۸ اعشاریہ ۸ دن - ۱۹۶۳-۶۴ء میں ۹ اعشاریہ ۳ اور ۱۹۶۴-۶۵ء میں ۱۰ اعشاریہ ۲ فیصدی - یہ تخمینہ کے طور پر شاید زیادہ سے زیادہ ہیں - کم تو یہاں لکھنا نہ تھا - کم ہی لکھنا تھا تو وہ ۱۰ اعشاریہ ۲ ہے - پھر جناب یہ صورت حال اس زمانے

کی ہے جب مارشل لا تھا - اب اس سے پہلے دیکھ لیجئے کہ سیاست دانوں کے دور میں کہ جن کو ہم معیوب سمجھتے ہیں یعنی ۵۷-۱۹۵۶ء میں ۷ اعشاریہ ۸ دن ہیں - ہم ایک ایک ویگن کو دوبارہ استعمال کر سکتے ہیں - ۵۸-۱۹۵۷ء میں ۷ اعشاریہ ۴ دن ہیں - ۵۹-۱۹۵۸ء میں ۷ اعشاریہ ۳ دن ہیں - تو ہر سال وہ اپنی کارکردگی کو اس زمانے میں بہتر بناتے گئے - اور ہماری حکومت اپنی کارکردگی کو بدتر بناتی گئی - ہو سکتا ہے کہ بعض لوگوں کے دل میں خیال ہو کہ اس زمانے میں شاید ویگنیں بہت زیادہ تھیں - اب کم ہو گئی ہیں - اس لئے کہ اگر ایک ویگن کو کراچی سے پشاور بھیجا جائے تو بہت دنوں میں لوٹے گی - ہمارے پاس اور ویگنیں نہیں ہوں گی - چنانچہ یہ دلیل بھی دی جا سکتی ہے - میں تسلیم کرتا ہوں کہ آپ نے نہایت مفید اعداد و شمار دیئے ہوئے ہیں -

اس وائٹ پیپر کے صفحہ ۱۰۱ پر کالم دس دیکھئے -

۵۶-۱۹۵۵ء میں ۲۳۹۳۵ گاڑیاں تھیں -

۵۹-۱۹۵۸ء میں ۲۵۷۹۸ ہو گئیں - تقریباً ۸۰۰ گاڑیوں کا تین سال میں اضافہ ہوا -

۶۰-۱۹۵۹ء میں ۲۹۸۵۴ ہوئیں - ۶۱-۱۹۶۰ء میں ۲۹۷۱۰ ہوئیں -
۶۲-۱۹۶۱ء میں ۳۰۱۷۲ ہوئیں - ۶۳-۱۹۶۲ء میں ۳۱۷۵۳ ہوئیں -
۶۴-۱۹۶۳ء میں ۳۳۱۲۷ ہوئیں اور ۶۵-۱۹۶۴ء میں ۳۳۷۳۴ ہوئیں -
گویا ۵۶-۱۹۵۵ء سے اب گاڑیوں کی تعداد ڈیڑھ گنا ہے - مگر

ہماری کار گذاری کی استعداد ، ان کو استعمال کرنے کی ، کم ہوگئی ہے ۔ ان اعداد و شمار کے موازنہ کے لئے اگر مجھ سے کوئی بات رہ گئی ہو ، تو وہ آپ خود دیکھ لیں ۔ بہر حال میں آج پھر اس بات پر زور دوں گا ، جناب والا ۔ کہ ہم اپنے اخراجات میں کمی کر سکتے ہیں ۔ اور اگر کمی نہیں کر سکتے کیونکہ یہ ملازموں کا مسئلہ ہے ، تو کم از کم ان اخراجات میں اضافہ کو روک سکتے ہیں ۔ میرے محترم دوست جناب وزیر ریلوے نے ارشاد فرمایا ہے کہ ہماری پالیسی Intensive Labour کی ہے ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ یا تو میں نے غلط سمجھا ہے ۔ اور یا ان کا مطلب Extensive سے ہے ۔ کیونکہ Intensive Labour یہ ہے کہ ایک آدمی سے زیادہ سے زیادہ کام لیا جائے ، اور Extensive Labour یہ ہے کہ جہاں دو آدمیوں کی ضرورت ہو ، وہاں تین رکھ لئے جائیں ۔ جو میں تھوڑی بہت انگریزی جانتا ہوں ، اس کے مطابق میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ یہ ریلوے کا محکمہ ہے ، سیواسمتی نہیں ہے ۔ سب لوگ ، خواہ کوئی امیر ہو یا غریب ، اس کے ریونیو میں کچھ نہ کچھ ڈالتے ہیں ۔ اگر ہماری حکومت اسے سیواسمتی بنانا چاہتی ہے ، تو اپنی گرہ سے خرچ کرے ۔ (ایک آواز ، یہ سیواسمتی کس زبان کا لفظ ہے ؟) میرے محترم دوست نہایت بھولے بھالے ہیں ۔ ناک میں لقمہ ڈالتے ہیں ۔

جناب والا ۔ میرے محترم دوست نے اس بات کا بھی ذکر فرمایا ہے کہ دو سال ہوئے یہاں ایک اکانومی کمیٹی بنی تھی ۔

میں بھی اس کا ممبر تھا ۔ میں نے وہاں کیوں کوئی موزوں اور مناسب تجاویز پیش نہ کیں ۔ جناب والا ۔ اس کمیٹی کی رپورٹ تاحال شائع نہیں ہوئی ۔ وہ ایک خفیہ دستاویز ہے ۔ اس لئے میں اس کی تفاصیل میں نہیں جانا چاہتا ۔ میں نے کل اس کے متعلق اشارتاً کچھ عرض کیا تھا ۔ میں سمجھتا ہوں ٹھیک ہے یہ ملک غریب ہے ۔ اگر چھانٹی کی گئی تو بے روزگاری میں اضافہ ہوگا ۔ شاید یہی وجہ تھی کہ اس کمیٹی کے پہلے ہی اجلاس میں میں نے خاص طور پر یہ کہا تھا کہ سبارڈی نیٹ سٹاف کی بات نہ کیجئے ۔ میں اس کی چھانٹی کے خلاف ہوں ۔ ہاں سپیریئر سٹاف کی بات کیجئے ۔ جہاں تک مجھے یاد ہے میں نے یہی کہا تھا کہ اور سٹاف بڑھایا نہ جائے ۔ جناب والا ۔ اس ضمن میں میں نے ایک قسم کی اپنی Explanation جناب وزیر ریلوے اور معزز ایوان کی خدمت میں عرض کر دی ہے ۔

ایک بات جو آخری عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ میرے بعض محترم دوستوں نے یہ ارشاد فرمایا تھا کہ یہ کمرشل یا انڈسٹریل محکمہ ہی نہیں ۔ اسے ان لائنوں پر نہیں چلایا جاتا ۔ یہ محض خدمت خلق کا محکمہ ہے ۔ اب میں ''سیواسمتی،، نہیں کہتا ادارہ خدمت خلق کہتا ہوں ، تاکہ میرے فارسی دان دوست شیخ مسعود صادق سمجھ سکیں ۔ تو جناب میں ان کی یاد دھانی کے لئے یہ عرض کروں گا کہ جناب وزیر ریلوے نے اپنی بجٹ تقریر کے پہلے ہی صفحہ پر اس بہت بڑے ادارہ کے دونوں پہلوؤں پر اظہار خیال فرمایا ہے اور کہا ہے کہ یہ عوامی بہبود کا ادارہ

بھی ہے اور صنعتی ادارہ بھی ۔ پاکستان کا سب سے بڑا صنعتی ادارہ ۔ یہ ٹھیک ہے کہ ہر انڈسٹری کو عوام کی بہتری اور بھلائی کے پیش نظر چلانا چاہئے ۔ اور حکومت کو خاص طور سے اس پر توجہ دینی چاہئے کہ وہ عوام کی لوٹ کھسوٹ میں شامل نہ ہو ۔ لیکن اس کے باوجود یہ بھی درست نہیں ہے کہ ایک صنعتی ادارہ کو خسارے پر چلایا جائے ۔ ان گذارشات کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker: Malik Muhammad Akhtar has given a notice of a similar cut motion may address the House.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب سپیکر ۔ محترم ریلوے وزیر نے کل اپنی تقریر میں یہ ارشاد فرمایا کہ ریلوے کا محکمہ نہایت عمدگی سے اپنا کام کر رہا ہے ۔ مجھے ان کے اس بیان سے کافی اختلاف ہے ۔ اور مجھے ایک لمبا document اس ہاؤس میں پیش کرنا ہوگا ، جس کے مندرجات یہ ظاہر کریں گے کہ جہاں تک کمرشل پہلو کا تعلق ہے ، اس میں بالکل Inefficiency ہے اور ان کے تمام کے تمام افسر کسی نہ کسی طریق سے ، براہ راست یا بالواسطہ ، اس میں حصہ دار ہیں ۔ کیونکہ اسے تجارتی انداز میں Efficiently چلانے کے لئے تمام افسروں کو ایک ٹیم کی طرح کام کرنے کی ضرورت ہے ۔ جناب والا ۔ ریلوے کی جو سب سے زیادہ آمدنی ہے ، وہ یا تو مسافر گاڑیوں سے ہے اور یا مال گاڑیوں سے ۔ اس کے متعلق کل یہاں دعویٰ کیا گیا کہ ریلوے کئی ٹن مال برداشت کرتی ہے اور اسے منزل مقصود تک پہنچاتی ہے ۔ میرے پاس یہ ایک پبلک دست آویز ہے ۔ اس کا عنوان ہے

Supplementary to W. Pakistan Railway
No. 9, May 1, 1965

اس کے آخری صفحہ پر یہ اعداد و شمار دئے گئے ہیں ۔

Full Wagon Loads or Small Loads

وہ جو Full Wagon ہیں ، ان کا Transit Time کیا تھا اور actual time کیا لگتا ہے ۔ ممکن ہے کہ یہ اعداد و شمار اس معزز ایوان کے لئے باعث دلچسپی نہ ہوں ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ اعداد و شمار ریلوے کے محکمے کی efficiency کے متعلق ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں اور اس پر توجہ دینے کے بعد یہ بات بھی واضح ہو جائے گی۔ کہ محترم وزیر متعلقہ کو جو اعداد و شمار ان کے سٹاف نے پیش کئے ہیں ۔ انہوں نے شاید یہ سمجھا تھا کہ ہم سب لوگ یہاں نئے آئے ہیں ۔ اور شاید ہماری آنکھوں میں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ میں اس سے زیادہ کچھ عرض کر کے گستاخی کا سزا وار نہیں ہونا چاہتا ۔

بہر حال پشاور سے جو گاڑی Full Wagon Load چلتی ہے ۔ تو چھوٹی ویگنوں کے پنڈی پہنچنے کا شیڈول ٹائم دو دن ہے ۔ لیکن اس نے چودہ دن میں یہ مسافت طے کی ۔ اسی طرح لائلپور کے لئے چھوٹی ویگن کے لئے پانچ دن درکار تھے ۔ لیکن اس میں چھ دن لگے ۔

اسی طرح لاہور کے لئے چھوٹی ویگن کیلئے چار دن درکار تھے ۔ لیکن اس میں چھ دن لگے ۔

اس کے بعد ملتان صدر تک کے لئے چھوٹی ویگن کے لئے سات دن درکار تھے ۔ لیکن اس میں تیرہ دن لگے ۔

کوئٹہ کے لئے چھوٹی ویگن کے لئے اٹھارہ دن درکار تھے ۔ لیکن اس میں بائیس دن لگے ۔

کراچی پورٹ کے لئے چھوٹی ویگن کے لئے اٹھارہ دن درکار تھے ۔ لیکن اس میں اٹھارہ دن لگے ۔

اور لائلپور کے لئے چھوٹی ویگن کے لئے پانچ دن درکار تھے ۔ لیکن اس میں آٹھ دن لگے ۔

لائلپور سے لاہور تک کے لئے چھوٹی ویگن کے لئے چار دن درکار تھے ۔ لیکن اس میں سات دن لگے ۔

ملتان کینٹ کے لئے چھوٹی ویگن کے لئے چار دن درکار تھے ۔ لیکن اس میں بارہ دن لگے ۔

اسی طرح کوئٹہ کے لئے چھوٹی ویگن کو نو دن درکار تھے ۔ لیکن اس میں انیس دن لگے ۔

کراچی کے لئے چھوٹی ویگن کو سات دن درکار تھے ۔ لیکن اس میں گیارہ دن لگے ۔

پشاور صدر کے لئے چھوٹی ویگن کو پانچ دن درکار تھے ۔ لیکن اس میں نو دن لگے ۔

اور ملتان سے لائلپور کے لئے چھوٹی ویگن کو چھ دن درکار تھے ۔ لیکن اس میں چھبیس دن لگے ۔

کراچی پورٹ سے ملتان کے لئے چھوٹی ویگن کو چھ دن درکار تھے ۔ لیکن اس میں سترہ دن لگے ۔

کراچی پورٹ سے لائلپور کے لئے چھوٹی ویگن کو سات دن درکار تھے ۔ لیکن اس میں پندرہ دن لگے ۔

کراچی پورٹ سے ملتان کینٹ تک کے لئے چھوٹی ویگن کو چھ دن درکار تھے ۔ لیکن اس میں سولہ دن لگے ۔

اس کے علاوہ کراچی پورٹ سے ملتان کینٹ تک Full Wagon Load کے لئے آٹھ دن درکار تھے ، لیکن وہ گیارہ دن میں پہنچا ۔ ملتان سے لاہور کے لئے تین دن درکار تھے ، لیکن وہ پانچ دن میں پہنچا ۔ کوئٹہ تک چھ دن کی بجائے سولہ دن میں پہنچا ۔ ملتان کینٹ تک چھ دن چاہئے تھے نو دن صرف ہوئے ۔ پشاور کینٹ تک چار دن میں پہنچنا چاہئے تھا ، آٹھ دن میں پہنچا ۔ ملتان تک آٹھ دن لگنے چاہئے تھے ، سولہ دن لگے ۔ لائلپور تک سات دن صرف ہونے چاہئے تھے ، پندرہ دن صرف ہوئے ۔ کراچی سے ملتان کینٹ تک چھ دن لگنے چاہئے تھے سولہ دن لگے ۔

تو جناب والا یہ ہے ریلوے کی efficiency ۔ اب اس کے جو نتائج ہیں ۔ ان کو بھی ملاحظہ فرمائیں کہ ہماری روڈ ٹرانسپورٹ جسے ہمارے ریلوے افسران کا ممنون منت ہونا چاہئے ۔ دن دونی اور رات چوگنی ترقی کر رہی ہے ۔ لوگ اپنا مال بجائے ریلوے کے ذریعے بک کرانے کے بیتاب اور مجبور ہو کر ٹرک کے ذریعے بک کراتے ہیں ۔ جس کی وجہ سے ان کا کاروبار اتنا ترقی کر چکا ہے کہ ٹرک کے permits بلیک میں ہزاروں روپے میں فروخت ہوتے ہیں ۔ اگر یہ کہا جاتا ہے کہ گورنمنٹ ایجنسی میں efficiency ہے ۔ تو پھر لوگ کیوں پرائیویٹ ایجنسی کو ترجیح دیتے ہیں ۔ جناب والا ۔ میں یہاں پر ایک اور چیز بھی عرض کروں گا ۔ اور وہ یہ ہے کہ ریونیوز کی جو Leakage ہے اسے بیان کرنا اگرچہ virtue متصور ہونا چاہئے ۔ لیکن بد قسمتی سے اسے Vice تصور کیا جاتا ہے ۔ ریونیو کی Leakage کے متعلق میں آپ کو عرض کرتا ہوں ۔ اور اگرچہ یہ یہاں پر relevant نہیں ہے ۔ لیکن اس سے ہمیں کچھ مدد ضرور مل سکتی ہے ۔ گذارش یہ ہے کہ جب مارشل لاء

نافذ ہوا تو ہماری لاہور کارپوریشن کی آمدنی اسی لاکھ روپے کی بجائے ایک کروڑ روپے سالانہ ہو گئی تھی ۔ تو اس وقت ہم نے یہ سوچا تھا کہ شاید ہمارے جو ارباب بست و کشاد ہیں ۔ وہ اس Leakage کو اچھی طرح سے نہیں دیکھ رہے ہیں ۔ تو اس کے بعد ہر سال کارپوریشن کے بجٹ میں آبادی میں اضافے کے تناسب کو مد نظر رکھتے ہوئے میں نے اپنا یہ وطیرہ بنا لیا تھا کہ اضافے کی تحریک پیش کر کے دس لاکھ کے بجائے تیس لاکھ بنا دیا کرتا تھا ۔ اور گذشتہ چار پانچ سال سے وہ اپنا target اسی حساب سے حاصل کرتے رہے ہیں ۔ یعنی مارشل لاء کے وقت کارپوریشن کے بجٹ میں محصول چونگی کا جو target اسی لاکھ روپے تھا ۔ اب وہ تقریباً پونے دو کروڑ روپے تک پہنچ گیا ہے ۔ حالانکہ مجھ پر دباؤ بھی ڈالا گیا کہ میں اضافے کی یہ تحریک نہ دیا کروں ۔ لیکن میں نے متعلقہ لوگوں کو یہی کہا کہ آپ یہ target رکھ لیں ۔ اگر اسے آپ پورا کر لیا کریں تو بہتر ، ورنہ کوئی حرج نہیں ۔ کم از کم اپنا target تو زیادہ رکھیں ۔ تو میں یہ ماننے کے لئے ہرگز تیار نہیں ہوں کہ حکومت کے محکمہ جات کو فرشتے چلاتے ہیں ۔ تو میرے عرض کرنے کا مقصد صرف یہ ہے کہ اگر آپ ہماری باتوں کو تعمیری نقطۂ نظر سے دیکھیں ۔ اور انہیں محض اس بناء پر رد نہ کر دیا کریں کہ ہم آپ کی مخالف نشستوں پر بیٹھے ہوئے یہ باتیں کر رہے ہیں ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کی یہ سب سے بڑی خدمت ہوگی ۔ اب اگر میں وزیر متعلقہ صاحب کی جگہ ہوتا تو میں ان افسران کی جواب طلبی تو ضرور کرتا ۔ کہ جنہوں نے یہ کوتاہی کی ہے ۔ اور اس بات کا واضح طور پر اقرار کیوں نہیں

کیا ۔ اور حکومت کو واضح طور پر یہ بات کیوں نہیں بتائی کہ محکمہ فلاں جگہ میں تساہل برت رہا ہے ۔ اور فلاں جگہ میں efficient ہے ۔ میں نے کل ایک passing reference کے طور پر ذکر کیا تھا کہ ٹرک والوں سے مقابلے کے لئے ایک street delivery Scheme چلائی جائے ۔ جس پر تقریباً پچاس لاکھ روپے کے خرچ کی توقع تھی ۔ اب میں نے سنا ہے ۔ اور خدا کرے کہ میری یہ اطلاع غلط ہو کہ U. K. یا U. S. A. سے کوئی بیرونی ماہرین بلا رہے ہیں ۔ اور اس سکیم کو بروئے کار لانے کی غرض سے گذشتہ آٹھ ماہ سے ایک ڈپٹی چیف انجنیئر اور دو دیگر افسران کو تعینات بھی کیا گیا ہے ۔ اور وہ اس سلسلے میں کچھ کام بھی کر رہے ہیں ۔ اور حکومت کو گذشتہ تین ماہ سے ان پر تقریباً تین ہزار روپے ماہوار خرچ بھی کرنا پڑ رہا ہے ۔ لیکن میں جب بھی اپنے ملک کا کسی دوسرے ملک سے موازنہ کرتا ہوں ۔ خواہ وہ دوست ملک ہو ۔ یا ہمارا دشمن ملک ہو ۔ تو میں اپنے ملک کے ہر ذرۂ خاک کو فردوس بریں سمجھتا ہوں ۔ اور میں اپنے ملک کے ہر ادنیٰ ماہر کو بیرونی ملک کے اعلیٰ انجنیئروں پر ترجیح دیتا ہوں ۔ جب تک ہماری outlook نیشنل نہ ہوگی ، جب تک ہم حب الوطنی کے جذبے سے سرشار نہ ہوں گے ۔ جب تک ہم اس سوسائٹی کو اپنا خاندان نہ سمجھیں گے ۔ ہم ترقی نہیں کر سکیں گے ۔ اور یہ میرا نقطہ نظر ہے ۔ جس نے مجھے مجبور کیا کہ میں ایسے بنچوں پر بیٹھوں جہاں سے میری آواز ارباب اقتدار کے کانوں تک پہنچ سکے ۔ جناب والا ۔ اگر کوئی غیر ملکی ماہرین لئے گئے ہیں ، یا کسی سے free مشورہ کیا گیا ہے یا کسی کو اعتماد میں لیا گیا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ غلط ہے ۔

جناب والا ۔ میری کٹ موشن ہیڈ کوارٹرز اور ڈویژنل کوارٹرز اور دوسرے سٹاف کے متعلق ہے ۔ اب میں ان مراعات کی طرف آتا ہوں جو مراعات ہمارے افسران کو دی گئی ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ مراعات نہیں دینی چاہئیں ۔ اس کے متعلق سب سے پہلے میرا اعتراض یہ ہے کہ sub-ordinate quarters کو official residence میں convert کیا ہے ۔ بعض جگہوں پر یعنی ملتان اور سکھر میں بڑے افسران کے لئے جن کے عہدوں کو میں پوائنٹ آؤٹ نہیں کرنا چاہتا ۔ ان کے لئے accommodation ہزاروں روپے کے اخراجات سے بنائی گئی ہے ۔ میری اطلاع کے مطابق ایک بڑا افسر گذشتہ آٹھ ماہ سے ریلوے ریسٹ ہاؤس میں اس امید سے ٹھہرا ہوا ہے کہ اس کو میو گارڈن میں ایک اچھی کوٹھی مل جائے گی ۔ حالانکہ گلبرگ میں اس کی اپنی کوٹھی ہے ۔ یہ instance unique نہیں ہے بلکہ یہ ایکٹس ہے ۔ ہمیں زیادہ فراخ دلی سے کام لینا چاہئے ۔ اور Sub-ordinate Staff کے کوارٹرز کو convert نہیں کرنا چاہئے ۔ بلکہ ہمیں یہ کرنا چاہئے کہ جن افسران کے پاس اپنی کوٹھیاں ہوں اور ان کو possession آسانی سے مل سکتا ہو ان کو کوٹھی نہیں دینی چاہئے ۔ اسی طرح لاہور میں کئی ایسی مثالیں مل سکتی ہیں ۔ ہمیں اس مسئلے کا کچھ نہ کچھ حل نکالنا چاہئے ۔ اس کے بعد میں وزیر ریلوے صاحب کی خدمت میں ایک instance مودبانہ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کاش ان کے دل میں جذبہ پیدا ہو جائے اور یہ تصور کریں کہ میں ان کے ایک لفٹیننٹ کی حیثیت سے ان کے رو برو یہ واقعات پیش کرتا ہوں اور وہ ان کا سد باب کرنے کی کوشش کریں ۔

جناب والا ۔ اب میں Commercial manual کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ ۱۹۴۷ء کے بعد کتنی تبدیلیاں آئیں ۔ ہر چیز بدل گئی لیکن اس کے لئے میری اطلاع کے متعلق ایک افسر صاحب کو Commercial Manual کو ٹھیک کرنے کے لئے مقرر کیا گیا اور اس کے لئے ان کو گراں قدر remuneration دو ہزار روپیہ ادا بھی کر دیا گیا لیکن وہ Manual نیا نہ بنا ۔ یعنی وہ تو چار سو آئٹمز ہیں اور وہ ریلوے کے Structure پر ہے ۔ ریٹ آف شیڈول تو کم کر دئے گئے ہیں ۔ عرض ہے کہ تمام Commercial Manual کو overhall کیا جائے کیونکہ اسے overhall نہیں کیا گیا ہے ۔ اس کے علاوہ اور بھی مراعات ہیں جو ہمارے افسران کو حاصل ہیں ۔ مثلاً بلڈنگ میٹریل ، بجری وغیرہ اس قسم کی چیزیں ہیں جو یہ چیپ ریٹ پر یا Concessional rate پر حاصل کرتے ہیں ۔ اگر گستاخی نہ ہو تو میں عرض کروں گا کہ اس کو misuse کیا جاتا ہے ۔ خدا کرے وہ وقت جلد آئے کہ ملک کی ترقی کے لئے ہمارے نظریے بلند ہوں ۔ جناب والا ۔ ہمارے بڑے بڑے افسران کو جو سیلون کار مہیا کی جاتی ہے اس طریقے کو ختم کیا جائے ۔ میں تو یہاں تک کہوں گا کہ فرسٹ کلاس اور سیکنڈ کلاس کو بھی ختم کیا جائے ۔ سب کو ہی تھرڈ کلاس کیا جائے ۔ تھرڈ کلاس میں اتنی سہولتیں بہم پہنچائیں کہ ہر آدمی میں اور آپ بلکہ وہ لوگ جو ہم سے بالاتر ہیں وہ بھی اس میں سفر کریں ۔ اگر اس میں کوئی کوتاہیاں ہوں یا کچھ اس میں مشکلات ہوں تو ان کا سد باب کریں ۔

جناب والا ۔ اب میں عملہ پر اس کٹ موشن کے ذریعہ تنقید کرنا چاہتا ہوں ۔ جناب والا ۔ ریلوے انسران کو جو اتنی مراعات حاصل ہیں یہ ناموزوں ہیں ۔ ان تمام مراعات کو withdraw کرنا چاہئے ۔ ان کو اتنی سہولتیں ضرور دیں کہ جس سے وہ اپنا کام خوش اسلوبی سے کر سکیں ۔

اب جناب والا ۔ purchase of trucks کے متعلق گذارش کروں گا کہ اس پر آپ کو کافی چیک کرنا ہوگا ۔ جہاں تک ٹرکوں کو خریدنے کا تعلق ہے اگر اس کی ہسٹری کو دیکھیں تو اس کے متعلق فی الحال اس وقت کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ کس طرح ان کو خرید کرنا ہے ۔ کیونکہ میرے خدشات بے بنیاد ہو سکتے ہیں ۔ تو اس پر بھی آپ کافی چیک رکھیں تاکہ یہ جو مسئلہ ہے اس میں کوئی irregularity نہ ہونے پائے ۔ میں ان گذارشات کے ساتھ اپنی کٹ موشن پر تقریر کو ختم کرتا ہوں ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور ۔ ۶)۔ جناب سپیکر۔ میں جناب ملک اختر صاحب کی تحریک تخفیف کی حمایت کرتا ہوں ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ تمام انسران اور اہلکاران جن کو تنخواہیں دینے کی گنجائش اس مطالبہ زر میں رکھی گئی ہے ان میں تمام کے تمام نہیں (اس کو خاص طور پر نوٹ کیجئے تمام کے تمام نہیں) بلکہ ان میں اکثریت ایسے لوگوں کی ہے جو تنخواہ کے علاوہ بہت کچھ وصول کرتے ہیں ۔ بلکہ میرے علم میں ہے کہ وہ تنخواہ سے بھی زیادہ وصول کرتے ہیں ۔ ان کو تنخواہ دینے کی یا ان کو تنخواہ وصول کرنے کی بھی کوئی ضرورت نہیں ۔

دراصل ان کو تنخواهیں دینا ان کی بد دیانتی پر پریمیم دینے کے مترادف ہے اور ان کی حوصلہ افزائی کرنا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ جناب خواجہ محمد صفدر صاحب نے بجٹ کمیٹی کا ذکر کیا ہے ۔ بحیثیت ممبر صوبائی اسمبلی مجھے بھی ایک سوالنامہ بھیجا گیا جس میں دریافت کیا گیا کہ آپ اس چیز کی نشان دھی کریں کہ محکمہ ریلوے میں رشوت ستانی کہاں کہاں ہوتی ہے اور اس کا تدارک کیسے ہو سکتا ہے ۔ میں نے کافی کاوش کے بعد ، تجربہ کار لوگوں سے مشورہ کرنے کے بعد ، بہ نفسہ کئی جگہ جانے کے بعد اس سوالنامہ کا جواب دیا ۔ اس میں میں نے بتایا تھا کہ رشوت کس طرح اور کہاں کہاں وصول کی جاتی ہے اور یہ رشوت کس شرح کے حساب سے آپس میں بٹتی ہے ۔ اور اس میں کون کون سے لوگ حصہ دار ہوتے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ ہر کام کسی تنظیم کے ساتھ چلتا ہے لیکن عملی زندگی میں یہ دیکھا گیا ہے کہ اچھے کام کس تنظیم کے تحت اور اتنی اچھی تنظیم کے تحت نہیں ہوتے ہیں لیکن جو برے کام ہوتے ہیں وہ منظم طریقے سے ہوتے ہیں ۔ آپ یقین کیجئے کہ بڑے منظم طریقے سے رشوت وصول کی جاتی ہے اور پھر بڑے ہی اچھے طریقے سے آپس میں تقسیم کی جاتی ہے اور اس کا بین ثبوت بہم پہنچایا جا سکتا ہے ۔ وزیر ریلوے صاحب کو پورے طور پر اس کا علم بھی نہیں ہوگا ۔ کہا کرتے ہیں کہ چور چوری کا مال بانٹتے وقت لڑ پڑتے ہیں ۔ مگر جناب والا کیا مجال کہ ان سرکاری چوروں میں کبھی بانٹ پر پھوٹ پڑے یہ بانٹ اتنے اعلیٰ اور منظم طریقے سے ہوتی ہے کہ اب پرانی کہاوت چوروں کی بانٹ پر لڑائی والی غلط ثابت ہو چکی ہے ۔

میرے اندازے میں اگر اس محکمہ میں رشوت اتنی عام نہ ہوتی تو ایک طرف تو اخراجات محکمہ ریلوے کے کم ہو جاتے اور اس کے مقابلے میں محکمہ کی آمدنی بہت زیادہ ہو جاتی اور یہ محکمہ پبلک ایکسچیکر (Public Exchequer) کو اتنی آمدنی مہیا کرتا جس سے اس ریل کے محکمے کی سہولتوں کو ان علاقوں تک پہنچایا جا سکتا تھا ۔ جہاں ریل کی یہ سہولتیں آج تک ۱۸ سال آزاد ہوئے بعد بھی بہم نہیں پہنچائی جا سکیں ۔

جناب والا ۔ آپ کو میں ایک تازہ ترین مثال سناتا ہوں ۔ میں نے ایک جیپ کراچی سے خریدی اور اس کو بذریعہ گڈس ٹرین گوجرہ تک لانا تھا ۔ جس شخص نے یہ جیپ میرے لئے خریدی تھی اس نے کراچی ریلوے سٹیشن کے ریل کاروں تک رسائی کر کے مجھے لکھا کہ وہ اس کو book کرنے کا ایک سو روپیہ نذرانہ مانگتے ہیں ۔ گوجرہ میں کچھ احباب تھے جو کراچی میں ریلوے کے افسران کے واقف تھے میں نے ان سے دو سفارشی چٹھیاں حاصل کیں اور بذریعہ رجسٹری کراچی روانہ کیں ۔ میں عام طور پر سرکاری حکام سے سفارشیں نہیں کراتا مگر میں نے اپنے دوستوں کو اس لئے زحمت دی کہ میرے پاس مفت کا روپیہ نہیں ، نہ ہی بد دیانتی کر کے روپیہ کمایا ہے اس لئے بھی اور کچھ اس لئے بھی کہ آخر بک کرانے کے لئے رشوت ضروری بھی تو نہیں ، اس لئے ریلوے کے اہلکاروں کو یہ بھی بتایا گیا کہ یہ حمزہ اسمبلی میں سے ہے (میں اس وقت بھی اس اسمبلی میں ایم۔پی۔اے تھا) گو مجھے کسی privileges کی خواہش نہیں تھی نہ کوئی پریولیج حاصل تھا مگر جناب والا ۔ وہ ریلوے کے اہل کار اتنی سختی سے رشوت لینے

کے عادی ہیں کہ انہوں نے میری سفارشوں کی اور میرے ایم-پی-اے ہونے کی بھی اور اپنے بد نام ہونے کی بھی کوئی پرواہ نہ کی اور نہ کوئی خوف کھایا کہ کہیں رنگے ہاتھ پکڑے نہ جائیں - انہیں بتایا گیا کہ یہ اسمبلی کی جیپ ہے مگر وہ بغیر رشوت کے بک کرنے پر رضامند نہ ہوئے - جناب اندازہ لگائیے کہ ریلوے میں کس سختی سے اور دلیری سے رشوت وصول کی جاتی ہے -

خان محمد یوسف - پھر آخر آپ نے بھی رشوت دی ؟

مسٹر حمزہ - شکریہ جناب نے یاد دھانی کرائی - جناب میں اس گناہ سے بچ گیا اور ۳۶۵ روپے خرچ کر کے کراچی سے گوجرہ تک ایک دوست کے ذریعے موٹر جیپ چلا کر منگائی - جناب والا - حالات پہلے سے خراب ہو چکے ہیں اور دن بدن بد سے بدتر ہوتے چلے جا رہے ہیں بہت کم آدمی ہوں گے جنہوں نے کبھی رشوت نہ دی ہو - مگر ممکن ہے کوئی سرکاری اہل کار ایسا بھی ہو جو رشوت نہ لیتا ہو - مگر رشوت نہ دینے والا تو پنجاب میں کوئی بھی نہیں ہوگا - آزاد قبائل میں ہو تو ہو - اگر مجھے یہ ایک دوست میسر نہ آتا تو غالباً میں بھی ضرور رشوت دینے پر مجبور ہو جاتا - ان حالات میں اس حکومت سے کسی مؤثر اقدام کی توقع ہی عبث ہے - بغیر رشوت دئے ریلوے میں کام نہیں چل سکتا - وہاں تو ادنٰی ملازمین کی بھرتی ہی بذریعہ رشوت ہوتی ہے - مجھے اس کا ذاتی طور پر علم ہے کہ اس محکمے میں خاص طور پر ادنٰی ملازمین کی بھرتی مغلپورہ ورکشاپ میں رشوت دے کر ہوتی ہے - اب آپ Efficiency کا اندازہ خود لگائیں کہ جو

ادنٰی ملازم رشوت دے کر ملازم ہوگا وہ خود کہاں تک پیسے لینے سے پرہیز کرے گا اور کس طرح Efficiency پر انحصار رکھے گا ۔ اُن سے کیسے توقع کی جا سکتی ہے کہ وہ اپنے فرائض منصبی دیانت داری اور تندھی سے سر انجام دیں گے ۔ جناب سپیکر ۔ دوسرے محکموں میں بھی یہ مرض ہے مگر ریلوے کے محکمہ کے اہل کاروں میں خاص طور پر زیادہ شدید ہے ۔ انہیں رشوت کے لئے روزمرہ تبدیل کیا جاتا ہے ۔ مشکل سے کسی کو دو یا تین سال ایک سٹیشن پر رہنے دیا جاتا ہے بلکہ نارمل میعاد سے پہلے ہی اُن کو دوسرے مقامات پر تبدیل کر کے دھکیل دیا جاتا ہے البتہ جو ملازم نذرانہ زیادہ دے وہ ایک ہی پوسٹ پر دس بارہ سال تک تو جما رہتا ہے ۔ اس کو لمبے عرصے تک اس جگہ سے ہٹانے کی کسی افسر کو جرأت نہیں ہوتی ۔

جناب والا ۔ وہ محکمہ جس کے اہل کار بد دل ہوں ۔ وہ محکمہ جس کے نیک نیت اور محنتی اہل کاروں کی حوصلہ افزائی نہ کی جاتی ہو ۔ بلکہ بد دیانت اور نا اہل لوگوں کی حمایت کی جاتی ہو ۔ اور ان کو ناجائز مراعات میسر ہوں ۔ ان سے آپ کیسے توقع کر سکتے ہیں کہ وہ کامیابی سے اس محکمے کو کمرشل لائنز پر چلائیں گے ۔ آپ کے سامنے ایک زندہ مثال موجود ہے ۔ اور میں نے کل بھی عرض کیا تھا کہ ریلوے اور روڈ ٹرانسپورٹ کا آپس میں کوئی مقابلہ ہی نہیں ہو سکتا ۔ محکمہ ریلوے کو کئی ایک ایسی مراعات حاصل ہیں جو روڈ ٹرانسپورٹ کو بالکل حاصل نہیں ۔ خواہ Goods Side پر ہوں یا Passenger Side پر ہوں ۔

آپ بذات خود دیکھیں کہ پاکستان بننے کے بعد بہت سے ایسے لوگ تھے جو پہلے بسوں کے مالک نہیں ہوتے تھے۔ بلکہ ان میں سے بہت سے ایسے تھے جو ہندوؤں یا سکھوں کے ڈرائیور یا کلینر تھے۔ مگر انہوں نے کسی طرح بسوں میں حصہ رکھ لیا یا کوئی بس خرید کی یا کوئی ٹرک خرید کر لیا۔ تو آج وہ کروڑ پتی بنے ہوئے ہیں۔ لیکن افسوس کہ ہمارا ریلوے کا محکمہ ایسا ہے کہ ان کے مقابلے میں اس کی آمدنی روز بروز کم ہی ہوتی جا رہی ہے۔ اور اس نے روڈ ٹرانسپورٹ کے مقابلے میں کوئی ترقی بھی نہیں کی۔ اور اس طرح حقیقتاً ہمارے ملک کو نقصان ہو رہا ہے۔

جناب سپیکر۔ جناب وزیر ریلوے صاحب کی طرف سے کل بھی اور اس سے پہلے قابل احترام معزز وزیر جناب مسعود صادق صاحب نے بھی ایک دن یہ فرمایا تھا کہ رشوت کا مسئلہ ایک سادہ سا مسئلہ ہے۔ یہ تو محض رسد اور مانگ کا مسئلہ ہے۔ جب ایک چیز کی مانگ بڑھ جاتی ہے۔ اور اس کی رسد کم ہو جاتی ہے۔ تو لازماً لوگ رشوت دینے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں۔ حکومت کی طرف سے اس قسم کا جواز پیش کرنا بہت بڑی زیادتی ہے۔ اور اس سے بڑی زیادتی ہو نہیں سکتی۔ جناب میں نرا Idealist نہیں ہوں۔ مجھے معلوم ہے کہ جب ہم عملی زندگی میں آتے ہیں تو کئی مسائل ایسے ہوتے ہیں جو انتہائی کوششوں کے باوجود بھی ہم حل نہیں کر پاتے۔ لیکن اس کے باوجود مجھے اس

اس کا یقین ہے اور اس یقین میں آپ بھی میرے ساتھ شامل ہونگے کہ ہمارے ملک میں رشوت ستانی کا باعث محض رسد اور مانگ کا پیدا کردہ مسئلہ نہیں ۔ بلکہ یہ ایسی وبا ہے جس کی جڑیں بہت گہری ہیں اور جس کی وجوہات بھی بہت زیادہ ہیں ۔ ہمارے وزراً صاحبان اس وبا کو تسلیم تو کرتے ہیں ۔ لیکن اس کا خاتمہ اور بیخ کنی کرنے کے لئے کوشش نہیں کرتے ۔ اور نہ ہی اس کی اہمیت کا ان کو احساس ہے ۔ اگر ہماری حکومت اس کے متعلق بالکل ہی بے بس ہے ۔ تو مجھے صرف یہ بتایا جائے کہ آخر افسروں کی اتنی بڑی فوج رکھنے کی ضرورت ہی کیا ہے ؟ حکومت کا مقصد کیا ہے ؟ اور حکومت کس مرض کی دوا ہے ؟ یہ حقیقت ہے کہ اس قسم کے پیچیدہ اور مشکل مسائل پیدا ہوتے رہیں گے ۔ لیکن ایک اچھی حکومت سے یہ توقع کی جاتی رہی ہے اور کی جاتی رہیگی کہ وہ ان کا حل پیش کرے ۔ اگر وہ اسے مکمل طور پر eradicate نہیں کر سکتی تو ان کا یہ فرض ہے کہ وہ ایسے ذرائع اختیار کریں جن سے وہ اسے کسی حد تک کنٹرول کرسکیں ۔ جناب سپیکر ۔ اس کا محض ایک ہی طریقہ ہے ۔ اور اس کی ہمارے بڑے بڑے افسران کو ایک قابل تقلید مثال پیش کرنا چاہئے ۔ ان کو اپنی ذمہ داری کا احساس اس حد تک ہونا چاہئے کہ وہ ہر وقت بے چین رہیں ۔ بلکہ یہ احساس انہیں جنون کی حد تک ہونا چاہئے ۔ تاکہ وہ اس قسم کی لعنت کو اپنے محکمہ سے ختم کرنے پر تل جائیں ۔ اور بجائے اس کے کہ وہ اپنے دائرہ اختیار میں یا اپنی jurisdiction میں

پیشگی اطلاع دیے کر اور اپنے Saloons میں سوار ہو کر انسپکشن کے لئے جائیں اگر انہوں نے صحیح حالات کا پتہ چلانا ہو تو وہ خفیہ طور سے وہاں جا سکتے ہیں ۔ اگر مسئلہ کی نزاکت اور اہمیت کا انہیں احساس ہو تو وہ اپنے کان کھلے رکھیں اور آنکھوں سے دیکھیں ۔ اور سمجھنے کی کوشش کریں ۔ مجھے یقین ہے کہ نیک نیتی سے جب بھی اس کے قلع قمع کے لئے کوشش کی جائیگی ہماری حکومت اس میں ضرور کامیاب ہوگی ۔

جناب سپیکر ۔ اس محکمہ یا کسی محکمے کو چلانے کے لئے مزدوروں کے تعاون کی اشد ضرورت ہوتی ہے ۔ آپ کو اس چیز کا علم ہوگا کہ ہمارے ملک میں جن ملازمین کو Fixed Incomists کہا جاتا ہے ۔ وہ عموماً ادنیٰ درجے کے ملازمین ہیں جن کی ماہوار تنخواہ بہت ہی قلیل ہے ۔ ان کے لئے گزر اوقات کرنا محال ہو چکا ہے ۔ میں نے کل بھی اپنی تقریر میں ضمناً عرض کیا تھا کہ اگر حکومت یہ چاہتی ہے کہ ان کے ادنیٰ ملازمین پوری تندھی اور جانفشانی سے کام کریں ۔ تو وہ اسی صورت میں پوری تندھی اور جانفشانی سے کام کر سکتے ہیں جب ان کو اطمینان قلب نصیب ہو ۔ ان کو دو وقت کا کھانا بآسانی میسر آتا ہو ۔ ان کے بھوی بچے بلبلاتے نہ ہوں ۔ ان کے بیوی بچوں کا بیماری کی صورت میں علاج معالجہ مفت ہوتا ہو ۔ ان کی رہائش کا خاطر خواہ انتظام ہو ۔ لیکن افسوس کہ یہ تمام چیزیں مفقود ہیں ۔ میرے پاس یہ پمفلٹ ہے جس میں یہ بتایا گیا ہے محکمہ ریلوے

میں ایک لاکھ ۲۴ ہزار ملازمین کام کرتے ہیں ۔ ان میں سے ۹۷ ہزار ملازمین درجہ چہارم کے نام سے موسوم کئے جاتے ہیں ۔ باقی افسران کو نکال کر درجہ سوم کا سٹاف کہلاتا ہے ۔ محکمہ ریلوے میں درجہ سوم اور درجہ چہارم کا شمار یوں ہوتا ہے ۔ مجھے آپ معاف فرمائینگے ۔ اگر میں آپ کی وساطت سے جناب وزیر ریلوے کی خدمت میں یہ معاملہ تفصیلاً پیش کردوں ۔

(ا) درجہ سوم کا سٹاف ۔ ۶ ہزار ملازمین جن کو ۲۵۰ روپے ماہوار سے زیادہ تنخواہ ملتی ہے ۔

(ب) ۲۱ ہزار ملازمین جن کو ۲۵۰ روپے ماہوار سے کم تنخواہ ملتی ہے ۔ ۵۴ ہزار کاریگر ۔نیم کاریگر Unskilled ملازمین ۔ Open line اور Shops ۔

۴۳ ہزار Unskilled ملازمین اور Open like ۔

یونین کے تمام ریلوے ملازمین ۔ درجہ سوم اور چہارم کا سٹاف اپنے مطالبات پورا کرنے کے لئے گزشتہ ۴۷ سال سے جدوجہد کر رہا ہے ۔ اس بات کو معلوم کرنے کے لئے کہ غریب ریلوے ملازمین کی بنیادی تنخواہوں میں نئے سکیلوں کے اجراء سے اضافہ ہوا ہے یا نہیں ۔ یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے سامنے مندرجہ اعداد و شمار پیش کئے جائیں ۔ تاکہ بہ نظر غائر اگر دیکھا جائے کہ تنخواہوں میں بیان کردہ اضافہ کے بعد غریب ملازمین کی بنیادی تنخواہوں میں کتنا اضافہ رونما ہوا ہے ۔

جناب سپیکر - اب ذرا غور سے سنیں کہ بعض ملازمین مثلاً خاکروب چپڑاسی وغیرہ جن کی تعداد ۶۰۰۰ کے قریب ہے ان کی اضافہ شدہ تنخواہ ۶۵ روپیہ ماہوار ہے اس سے پہلے ان کی تنخواہ ۶۶ روپیہ تھی - اس میں ایک روپیہ کی کمی ہوگئی ہے - ۶۱ ہزار گینگ مین کی تنخواہ اس وقت ۷۵ روپیہ ہے اس سے پہلے ۷۱ روپیہ ملتی تھی - جیسا کہ ایک بزرگ نے فرمایا ہے کہ ''حاتم طائی کی قبر پر لات ماری ہے،، ۲۰۰۰۰ نیم کاریگروں کی تنخواہ ۷۵ روپیہ ہے اس سے پہلے ۷۶ روپیہ ملتے تھے - ۵۰۰۰ ملازمین ایسے ہیں جن کی تنخواہ ۱۰۵ روپیہ تھی اور اب انہیں ۱۰۰ روپیہ ملتے ہیں گویا اس میں ۵ روپیہ کی کمی ہوگئی ہے - ۳۵۰۰ ملازمین ایسے ہیں جن کی ماہوار تنخواہ ۱۰۵ تھی اور اب بھی ۱۰۵ روپیہ ہی ملتی ہے - ۵۰۰ مستری ہیں جن کو ۱۴۷ روپیہ ملتے تھے اور اب ۱۵۰ روپیہ ملتے ہیں -

جناب سپیکر - آپ کو اس چیز کا علم ہوگا کہ ان غریب مزدوروں کو ، ان بد حال مزدوروں کو اور ایسے مزدوروں کو جن کا زندہ رہنا مشکل ہے ان کے حق سے محروم کیا گیا ہے - یہ مزدور اپنے جائز مطالبات کے لئے چیخ و پکار کرتے ہیں اور جب وہ اونچا پکارتے ہیں تو انہیں جیل میں بھیج دیا جاتا ہے اور قانون کی مشینری حرکت میں آ جاتی ہے - اور یہ حکم ہوتا ہے کہ انہیں ہڑتال کرنے کا حق حاصل نہیں -

جناب سپیکر - میں جناب قادر بخش صاحب کی خدمت میں آپ کی وساطت سے یہ عرض کروں گا کہ مزا تو جب ہے کہ ایک ماہ

کے لئے بذات خود ۶۵ روپیہ میں گزارہ کرکے دکھائیں - پھر میں دیکھوں گا کہ وہ بات بھی کر سکتے ہیں یا نہیں - خدا ان کی زندگی لمبی کرے - لیکن اگر وہ ۶۵ روپیہ میں گزارہ کریں گے تو ایک ماہ کے بعد وہ یہاں موجود نہیں ہوں گے -

جناب والا - اگر وہ اپنے مطالبات منوانے کے لئے انڈسٹریل کورٹس (صنعتی عدالتوں) کا رخ کرتے ہیں تو ہمارے ملک میں اس قسم کے قانون موجود ہیں کہ ہم ان کو اس حق سے محروم کر سکتے ہیں - اور اکثر اوقات کرتے رہے ہیں - میں آپ کے سامنے صنعتی تنازعات کے آرڈیننس کا سیکشن ۵ (۵) پڑھتا ہوں -

"Any party whom certificate has been issued under sub-section (4) may make an application to a court for an adjudication and determination of the industrial dispute or of any matter constituting such dispute: provided that in the case of an industrial dispute to which the appropriate government is a party no such application shall be made with respect to the dispute or any matter constituting the dispute, if, within twenty-one days of the issue of the certificate, the appropriate government by an order published in the Official Gazette, declare that such dispute or matter is frivolous or vaxatious or that reference of such dispute or matter to the court is inexpedient on public grounds."

جناب سپیکر - تمام راستے مسدود کر دئے گئے ہیں اور جب وہ صنعتی عدالتوں میں جاتے ہیں تو گورنمنٹ کا حکم آ جاتا ہے کہ ان کا معاملہ یا ان کا مطالبہ بالکل معمولی اہمیت رکھتا ہے - اتنا اہم نہیں - تو عدالت کہہ دیتی ہے کہ ہمارے ہاتھ پاؤں بندھے ہوئے ہیں ہم آپ کی مدد نہیں کر سکتے ہیں - جناب سپیکر- ان غریب ملازمین کی بدحالی کا اندازہ لگائیں- ان کے پیٹ خالی ہیں - ان کے جسم کو اچھی خوراک نہیں ملتی - وہ پنجر بنے ہوئے ہیں - جواب یہ ملتا ہے کہ آزاد قومیں ایسے ہی حالات سے گزرتی ہیں - ترقی پذیر ممالک کو قربانی کرنی

چاہئے ۔ لیکن یہاں قربانی کا مطالبہ دوسروں سے کرتے ہیں ۔ اس ملک میں ہمیں دولت کے چند جزیرے دکھائی دیتے ہیں لیکن ایک بڑا سمندر غربت اور افلاس کا ہے ۔ میرا سب سے بڑا اعتراض ہی یہ ہے ۔ میں بھوک سے نہیں گھبراتا ۔ میں خون دینے سے نہیں گھبراتا ۔ سب سے بڑا ظلم جو ہماری قوم پر یا یوں کہئے آپ اپنی قوم پر کر رہے ہیں ، یہ ہے کہ آپ اس سے فریاد کا حق سلب کر رہے ہیں ۔ ان کا یہ ارادہ ہے کہ یہ سوچ بچار کو چھوڑ دیں اور ذہنی طور پر ہمارے غلام بن جائیں ۔ جناب سپیکر ۔ اگر ہماری مشینری چلانے والے ، محنت و مشقت کرنے والے ، ریپئر کرنے والے ، لائن کو درست کرنے والے بالکل بھوکے ہو گئے تو ان کو سب سے پہلے اپنی بیوی اور بچوں کا فکر ہوگا ۔ پھر آپ ان سے کس طرح توقع کر سکتے ہیں ۔ اور وہ کس طرح اپنے کام کو بہتر طریقہ پر کریں گے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس قسم کے م بھوکے مزدور ایک خوش حال مزدور کے مقابلہ میں اچھا کام نہیں کر سکتے ۔ اس بنیادی چیز کو سامنے رکھیں اور تھوڑی دیر کے لئے اس بات کو اپنے ذہن سے نکال دیں کہ وہ آپ کے بھائی ہیں ۔ چلو ہم یہ بات مان لیتے ہیں کہ وہ آپ کے بھائی ہیں ۔ پھر آپ محکمہ کی بھلائی کے لئے بھی سوچیں کہ جب تک آپ چھوٹے ملازمین یا Clerical Staff ، ڈرائیور ، قلی اور مستری جیسے ملازمین کے جائز مطالبات پورے نہیں کریں گے اس وقت تک نہ تو آپ کا محکمہ پھولے پھلے گا اور نہ ہی آپ کا ملک ترقی کر سکے گا ۔

پیر غلام علی چشتی (منٹگمری ۔ ۹) ۔ جناب والا ۔ حضرت سرور کائنات کی خدمت میں ایک صحابی آیا اس نے کہا کہ تمام دنیا بے ایمان نظر

آتی ہے ۔ آپ نے فرمایا درست ہوگا ۔ دوسرا صحابی آیا اس نے کہا کہ آدھی دنیا اچھی ہے اور آدھی دنیا بے ایمان ہے آپ نے فرمایا درست ہے ۔ تیسرے نے کہا کہ تمام دنیا ایماندار ہے ۔ آپ نے فرمایا درست ہوگا ۔ ہر صحابی کی بات پر آپ نے فرمایا ''درست ہوگا،، یعنی ہر شخص اپنے ذہن کے مطابق بات کرتا ہے ۔ اور ہر شخص کو بات کرنے کی آزادی ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میری درخواست یہ ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں اگر کوئی بات کہی جائے تو یہ حوالہ بھی دیا جائے کہ یہ بات کہاں سے آئی ہے ۔ تاکہ ہم یہ محسوس کریں کہ یہ بات حضور نے ارشاد فرمائی ہے ۔ اور ہمیں اس سے مستفیض ہونا چاہئے ۔

پیر غلام علی چشتی ۔ یہ صحیح بخاری میں ہے اگر کہیں تو میں اپنے ساتھ کل کتاب لے آؤں گا ۔

مسٹر سپیکر ۔ فاروقی صاحب جب پیر صاحب کہہ چکیں گے تو آپ فرمائیے گا ۔

پیر غلام علی چشتی ۔ تو ہر شخص اپنے ذہن کے مطابق بات کرتا ہے ۔ اس کے علاوہ ایک ہمارے دوست ہیں انہوں نے کہا ہے کہ عوام کی خاطر وہ اس کرسی پر بیٹھے ہیں ۔ لیکن انہوں نے یہ غلط فرمایا ہے کہ انہوں نے ہماری جماعت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ پیر صاحب آپ یہ بات ذہن میں رکھئے گا کہ کسی ممبر کے متعلق آپ کوئی ذاتی ریمارک نہ نکالیں ۔

This is something personal and I resent it.

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ انہوں نے دوران تقریر میں فرمایا تھا کہ ہم گورنمنٹ بنچز پر کیوں نہیں بیٹھے اور ہم نے کیوں مناسب سمجھا کہ ہم اپوزیشن کے ساتھ بیٹھیں ۔ یعنی انہوں نے دوران تقریر میں یہ کہہ کر اس کی وجہ بتائی تھی کہ ہم کیوں گورنمنٹ کے ساتھ نہیں ہیں اور گورنمنٹ کے خلاف ہیں اور پھر انہوں نے اپنی تائید میں کہا تھا کہ گورنمنٹ بنچوں کی طرف آزادی نہیں ہے ۔ ہم اس لئے ان بنچوں پر نہیں بیٹھے اور ہم پر اپوزیشن میں کسی قسم کی پابندی نہیں ہے ہم پوری آزادی سے اپوزیشن بنچز سے آواز اٹھا سکتے ہیں ۔ لہذا پیر صاحب بھی ان کا جواب دینا چاہتے ہیں کہ یہ وہاں کیوں بیٹھے ہوئے ہیں ۔ اگر ان کی بات Relevant تھی تو پیر صاحب کی بات بھی Relevant ہونی چاہئے کہ یہ اس طرف کیوں بیٹھے ہوئے ہیں ۔

My submission is that if it is relevant on the part of a member from the Opposition to explain as to why he preferred not to sit on Government benches then Pir Sahib is equally relevant to explain as to why he is sitting there. That is the only point that I want to submit for your consideration because the ruling which you are going to give will have far-reaching effects on the future discussion.

مسٹر سپیکر ۔ خان صاحب ۔ پوزیشن یہ ہے کہ جہاں تک ان کی تقریر کا سوال ہے اس کا جواب پیر صاحب دے سکتے ہیں اور جو کچھ انہوں نے کہا اس کے جواب میں کہہ سکتے ہیں ۔ لیکن objectionable اور پرسنل remarks وہ پیش نہ کریں ۔

پیر غلام علی چشتی ۔ جناب صدر ۔ ہماری جماعت کے سامنے اس شخص نے ٹکٹ ملنے کے لئے درخواست دی ۔ ٹکٹ نہیں ملا تو اپیل کی

وہ اپیل بھی reject ہو گئی ۔ اس کے بعد وہ خود الیکشن لڑے اور الیکشن لڑنے کے بعد اپنی تقریر کے زور سے جیت گئے ۔ اب انہوں نے ہماری جماعت میں درخواست دی ہے کہ مجھے معافی دی جائے میں پھر شامل ہوتا ہوں ۔ لہذا ہمیں اب اس چیز پر بھی غور کرنا ہے کہ آیا یہ شمولیت خلوص کے ساتھ ہوگی یا اپنے مقصد کے لئے ہوگی ۔ اس کے علاوہ جناب والا عرض یہ ہے کہ اگر کوئی برے سے برا آدمی ہوتا ہے تو بھی اس میں کچھ اوصاف ہوتے ہیں اور اگر کوئی اچھا آدمی ہوتا ہے تو اس میں بھی کچھ نقص ہوتے ہیں ۔ ٹھیک ہے ہماری حکومت میں کچھ نقص ہیں ۔ ہم انسان ہیں ۔ لیکن اگر کوئی اچھی بات ہو تو اس کی تعریف کرنا چاہئے ۔ اس کے بعد ہمارے دوست یہ بھی کہتے ہیں کہ لیبر جو ہے اس کو عدالت میں جانے کا حق نہیں ہے ہم نے یہاں ایف ۔ سی ۔ آر یعنی جرگہ قانون نافذ کر دیا ہے ۔ جرگہ سسٹم میں عدالتیں ہیں ان میں ہم اپوزیشن کے ممبر بھی لینے کے لئے تیار ہیں ۔ جرگہ عدالتوں کے فیصلوں کی رٹ بھی ہوتی ہے اور جو شخص کسی کمزوری کی وجہ سے جرگہ میں نہ جانا چاہے تو وہ بطور گواہ کے عدالت میں جانا چاہے تو جا سکتا ہے ۔ جرگہ میں انصاف ہوتا ہے ۔ جرگہ سسٹم میں یہ نہیں ہے کہ ناجائز فائدہ اٹھانے کے لئے انگریزی قانون کی گھنٹی ہلائی جائے اور کام نہ کرنے دیا جائے بلکہ لوگوں کو وکیلوں کی فیسوں پر چھوڑ دیا جائے اور وکیل حکومت کے خلاف مقدمات چلائیں اور اس طرح نالائق آدمیوں کو لیڈر شپ حاصل ہو جائے ۔

اس کے علاوہ ایک بات یہ بھی ہے کہ اگر ہم قانون شریعت نافذ کر دیں اور اس کو چلانے کے لئے منصف مزاجی سے کام نہ لیا جائے تو ہمیں ایسے قانون سے کوئی فائدہ نہ ہوگا ۔

مسٹر سپیکر - ریلوے بجٹ کے متعلق بھی کچھ ارشاد فرمائیے -

پیر غلام علی چشتی - اور اگر چوری کرنے والے کے ہاتھ کاٹ دئے جائیں تب بھی کوئی فائدہ نہ ہوگا - ہمارے وزیر ریلوے نہایت محنتی اور خاندانی آدمی ہیں وہ دیانتداری سے کام کریں گے اور اسی طرح جو ہمارے چیرمین ہیں ریلوے کے وہ نہایت اچھے خاندانی آدمی ہیں اگر ان کے خلاف کوئی شکایت ہو تو آپ تحریری طور پر دیں ہم ان کے خلاف ایکشن لینے کے لئے تیار ہیں اور انکوائری کرائیں گے لیکن کسی شریف کی پگڑی اچھالنے سے کوئی فائدہ نہیں ہے اور کسی کو بدنام کر کے اگر لیڈر شپ ملے تو ایسی لیڈر شپ پر لعنت ہے -

ملک محمد اختر - جناب والا - ویسے تو پیر صاحب ہمارے بڑے ہنس مکھ انسان ہیں میرے دوست ہیں - - - - - -

مسٹر سپیکر - ملک صاحب آپ سے یہ عرض کر دوں کہ آپ اپنا پرسنل Explanation دیں اور پرسنل Explanation ایسا نہ ہو کہ ان کو بھی اس کا جواب دینا پڑے - (قہقہہ)

ملک محمد اختر - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - میں اس ہاؤس کی اطلاع اور پیر صاحب کی اطلاع کے لئے یہ عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ میں نے کسی جماعت کو کوئی درخواست نہیں دی اور نہ دینے کا ارادہ رکھتا ہوں کہ مجھے معافی دی جائے بلکہ مجھے ان کی جماعت کے فیصلے کے خلاف کامیابی ہوئی ہے -

رانا پھول محمد خان ۔ جناب والا ۔ اس ہاؤس میں کیا جھوٹ بولنا کوئی جرم ہے ؟

Malik Muhammad Aslam Khan (Campbellpur - I): Sir, I have been listening very carefully to the speeches delivered in this House and I have noted down the speech made by Khawaja Muhammad Safdar yesterday and today. He laid stress on two points yesterday. He said that the railway revenues between the years 1950 and 1960 were about 10 crores while in our new budget the earnings have gone down to 6.5 crores. Sir, if he had taken further interest and had read any one of the budgets of the years between 1950 and 1960 he would have come to the conclusion that those profits, though they were high on paper going up to 10 crores, were because the Central Government during those days used to take away the revenue from the railway to its account and the depreciation charges had been given a very inappropriate position in that budget. I may point out that in the year 1955-56 the depreciation charges were about 2.5 crores and those 2.5 crores depreciation charges were also given to the railway as loan by the Central Government and the Central Government took it as revenue to itself, while in our present budget the depreciation charges have been given as 5.4 crores. That makes a difference of about 3.1 crores and probably in that way if we add 3.1 crores to 6.5 crores revenue receipts and railway earnings would mean about 10 crores

Then, Sir, Khawaja Sahib has stressed the point of efficiency. Efficiency, Sir, could be taken in two ways — either it should be taken as a relative term or it should be taken as a definite term. If Khawaja Sahib has taken it as a definite term then probably yesterday's speech and the figure given by our Railway Minister should satisfy him because he has said in his speech that while they have reduced the staff by about 7% they have done more work and they have to handle passenger trains upto 29% and goods trains upto 34% more than the previous years. If he is not taking it as a definite term then he may take it as a relative term. If he takes it as a relative term, Sir, he should be satisfied when the Railway Minister says that we would try our best to further improve efficiency of the Railway. This should be accepted because there is always room for improvement.

Sir, another Member from that side of the House has compared the Indian Railway Budget with the West Pakistan Budget and he has stressed

on the point that the Indian Railway Budget is ten times more than the West Pakistan Railway Budget whereas the population of Pakistan is only 1/4th of that of India. I would suggest that while taking the population of Pakistan into account he should have also taken into consideration the Railway Budgets of both the wings. Then the difference might not have been that great. Moreover I would remind him, Sir, that on the eve of partition most of the rolling stock, most of the tracks and most of the passenger coaches had gone to the Indian share across the border. As a matter of fact we had to start from scratch while they had all the amenities which the British Government had left in India.

Moreover, Sir, to compare the Railway Budget in the light of the population may be correct to some extent but this point has also to be taken into consideration that how long tracks we have in our country and how long tracks they have across the border. In that comparison we find that they have about twenty times more railway tracks than we have here in Pakistan. Naturally our Railway Budget is bound to be less than that of India. Sir, I do not want to compare anything which we have with that of India. But if the member is very keen to depress us by comparing everything that we have with that of India I would submit that they may be having ten times more military power, ten times more money and ten times more population but may I remind him as to what has happened in the Rann of Kutch?

Another member from that side of the House has pointed out that our overhead charges are very great. As a matter of fact he has given us a definite figure saying that it goes up to 20% of the total earnings of the Railway. Presumably he has considered Demand No. 1, which is on General Administration, as total overhead charge. But that is not the case because in the Demand on General Administration we have expenditure on General Administration comprising the entire expenditure of the Railway on account of Gazetted establishment and non-Gazetted establishment and these items can very easily be attributed to Demand No: 2 and Demand No. 3.

There is another feature in Demand No. 1 and that is the provision made for Miscellaneous Expenses and that comprises Provident Funds, pensions of the Staff, Health and Welfare services, contributions and grants like those made to the Educational Institutions for the education of the

children of the Railway Staff, training establishment, Railway Police establishment, compensation for the staff injured while on duty etc. We cannot take all this as overhead charge.All these changes are due to the fact that we are running trains in our country.

I would again make a point to draw the attention of the Member to few paragraphs given on pages 7-21 under "Demand for Grants". Shall I read out from these extracts?

Mr. Speaker: If they are not very lengthy.

Malik Muhammad Aslam Khan: They are not lengthy. Expenditure on General Administration does not represent entirely overhead charges and the bulk of it is connected with operations of the Railway and repairs and maintenance. The expenditure on Divisional Administration which amounts to Rs. 29.52 lakhs is directly connected with operation expenses. Again, Sir, the entire expenditure under the Head "Executive Departments" which amounts to Rs. 244.92 lakhs is directly connected with the operation and working of the Railways. Similarly, expenditure on Watch & Ward and Stores Department is also directly connected with the operation expenses. Expenditure on the Medical Department Sir, which amounts to Rs. 53.62 lakhs is also connected with operation expenses. I would suggest that the Member should not take these things apart from the business of running the trains and should not put them along with the overhead charges. If at all we have to take something as overhead charges then I will point out that out of 811.25 lakhs provided under the Head "General Administration" only the sum of Rs. 42.81 lakhs, which is in respect of Railway Board Headquarters Administration Audit and other Organisations can be treated as overhead charges and this forms 7% of the total railway earnings. Therefore, to say that our overhead charges are about 20% is absolutely wrong.

The Member has also suggested that the interest paid by the Railways is 20% of the earings of the Railway. Probably Sir he is very much obsessed by 20 percent and he puts it wherever he sees it convenient. As a matter of fact the interest which we pay on the loan Sir is of two kinds=one that we pay on the foreign investment and one which we pay to the central and the provincial government capital investment. I will explain the figures also.

Interest on foreign loan is 287.27 lakhs, and the interest payment on the central and provincial government capital investment is 540.00 lakhs. The loan which we get from the foreign countries for the railway is, as a matter of fact, not directly connected with the railway. The railway, however, make a suggestion to the central government and the central government, in order to have some foreign exchange, get certain loans from certain countries in foreign exchange. On that the railway pays about 4.9 crores of interest. So far as the payment of the interest on central government and the provincial government loans is concerned Sir, whenever we have to borrow some money, we have to pay dividends, and supposing you invest something in my firm, naturally I have to pay you for that. The payment to the central government to the provincial government, Sir, should not as a matter of fact, be considered as interest, but should be taken as a dividend on the capital investment made by the railway to the provincial and the central government.

It is hoped that the above explanation, Sir, would clear the minds of the members who have been giving figures, probably not properly quoting, and have given a different twist to the whole situation that what exactly exists.

مسٹر عبدالقیوم (کراچی - ۲) جناب والا - اپوزیشن کی کٹ موشن پر بحث کرتے ہوئے میں ان کی توجہ پچھلے تین سالوں کے اعداد و شمار پر جو بجٹ میں دیئے ہوئے ہیں مبذول کراتا ہوں - ۱۹۶۳-۶۴ء میں ہماری آمدنی چھپن کروڑ پینتیس لاکھ تھی اور ایڈمنسٹریشن کا خرچ سات کروڑ آنتیس لاکھ - سال رواں میں Revised estimates کے مطابق اب ہماری آمدنی اٹھاون کروڑ ہے اور ایڈمنسٹریشن کا خرچ سات کروڑ نواسی لاکھ - ۱۹۶۵-۶۶ء کے بجٹ میں ہماری آمدنی آنسٹھ کروڑ چھبیس لاکھ روپے ہے اور ایڈمنسٹریشن کا خرچ آٹھ کروڑ گیارہ لاکھ - اس حساب سے ہماری ایڈمنسٹریشن کی آمدنی سے گذشتہ تین سالوں کے خرچ کا تناسب یہ ہے -

۱۹۶۳ء میں تیرہ فیصد ؛ ۱۹۶۴-۶۵ء میں ۱۳٫۶ فیصد ، ۱۹۶۵-۶۶ء میں ۱۳٫۷ فیصد - تین سالوں کی یہ Relative Position ہمیں بتاتی ہے کہ ہماری ایڈمنسٹریشن کے خرچ کا آمدنی سے تناسب کچھ زیادہ نہیں - اگر ہم زیادہ تفصیلات میں جائیں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ ہمارا زیادہ خرچ سول انجنیئرنگ کی مد میں ہوا ہے - جس کی تفصیل یہ ہے - ۱۹۶۳-۶۴ء میں ۷۱٫۸۹ لاکھ ، ۱۹۶۴-۶۵ء میں ۸۲ لاکھ ، ۱۹۶۵-۶۶ء میں ۸۵٫۶۱ لاکھ - سال رواں میں ریلوے نے ڈیویلپمنٹ کی طرف زیادہ توجہ دی ہے اور آئندہ سال اس طرف اور توجہ دے گی اور ڈیویلپمنٹ کی return جیسا کہ سب کو معلوم ہے کافی عرصہ تک نہیں ہوتی - یہ کافی عرصہ تک unproductive رہتی ہے - اس کا فائدہ کچھ سالوں کے بعد ظاہر ہوگا - اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ کٹ موشن fair نہیں - اور اس مد کے خرچ کو approve کیا جائے -

اس سے میرا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ موجودہ صورت حال میں اصلاح نہیں ہو سکتی - جیسا کہ میرے فاضل دوست نے فرمایا ہے -

'There is always scope for improvement'.

میری گذارش یہ ہے کہ ریلوے کے طریق کار میں کچھ نہ کچھ تبدیلی ضرور کرنی چاہئے - موجودہ طریق کار ہیڈ کوارٹر میں ، ڈویژنل دفتروں میں اور سب آفسوں میں بہت پرانے ہیں - جب ہم ان دفتروں کے کسی کمرے میں داخل ہوتے ہیں تو ہمیں محسوس ہوتا ہے کہ وہاں کا طریق کار Business like نہیں - میزیں اپنے ٹھکانوں پر نہیں ہوتیں - بڑے بڑے رجسٹر جو ایک مدت سے وہیں پڑے ہیں آنے والے کو

گھورتے ہیں ۔ یہ میرا اپنا مشاہدہ ہے ۔ اگر یہ خامیاں دور کر دی جائیں تو ہماری ایڈمنسٹریشن کافی عمدہ ہو سکتی ہے اور خرچ میں کافی کمی ہو سکتی ہے ۔ میں آپ صاحبان کی توجہ گورنر صاحب کی آج کی ماہانہ تقریر کی طرف منعطف کرانا چاہتا ہوں ۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ آئندہ پانچ سال میں ہمارے کافی ترقیاتی منصوبے ہیں ۔ جنہیں ہم نے کافی رفتار سے آگے بڑھانا ہے ۔ اور ہماری ان سکیموں کے عملاً نفاذ کا زیادہ تر دار و مدار ہمارے افسروں پر ہوگا ۔ یہ چیز ریلوے افسروں پر بھی عائد ہوتی ہے ۔ یہ وقت ایسا نہیں کہ وہ ٹھنڈے کمروں میں بیٹھ کر کاغذات پر دستخط کر چھوڑیں ۔ انہیں چاہئے کہ وہ کمروں سے نکل کر عملہ سے ملیں ان کی ضروریات دیکھیں ، اُن کا طریق کار check کریں ۔ کئی ایسے فارم ہیں جو لارڈ ڈلہوزی اور لارڈ منٹو کے وقت کے ہیں ۔ اُن کے کالم کسی کی سمجھ میں نہیں آتے ۔ انہیں revise کرنے کی ضرورت ہے ۔ انہیں معقول بنانے کی ضرورت ہے ۔ اس لئے افسروں کو کافی lead دینے کی ضرورت ہے ۔ انہیں چاہئے کہ وہ اپنے عملے سے ذاتی تعلقات قائم کریں ۔ انہیں ذمہ داری کا احساس دلائیں ، فرض شناسی کی طرف مائل کریں ۔ جب میں یہ سب فرائض ریلوے کے افسروں اور ریلوے کے عملہ پر عائد کرتا ہوں تو میں ساتھ ہی ساتھ یہ بھی کہتا ہوں کہ کاروباری ادارے میں عملہ مطمئن اور contented ہونا چاہئے ۔ اس طرح وہ زیادہ جذبہ سے کام کر سکتے ہیں ۔ زیادہ insentive سے کام کر سکتے ہیں ۔ میرے خیال میں ضروری ہے کہ اس ایوان میں ریلوے کے عملہ کی تنخواہوں کو بڑھانے کے لئے آواز اُٹھائی جائے ۔ اس سے پہلے یہ آواز اُٹھائی جا چکی ہے ۔ اس وقت ہمارے ذرائع اجازت نہیں دیتے لیکن جب اجازت دیں تو یہ ضروری ہے کہ ہم ان کی

تنخواھوں پر غور کریں ان کی سہولتوں کی طرف توجہ دیں ۔ کیونکہ یہاں سب صاحبان جتنے ھیں وہ تاجر ھیں اور جانتے ھیں کہ مطمئن عملہ سے کارکردگی بہتر ھو جاتی ھے اور پیدا وار میں اضافہ ھوتا ھے ۔ اگر عملہ مطمئن ھوگا تو ایسی شکایات پیدا نہیں ھوں گی جن کی طرف کل اس ھاؤس میں بجٹ پر بحث کے دوران بعض حضرات نے توجہ دلائی ھے ۔ مثلاً یہ کہ ڈائننگ کار صحیح نہیں ، ریسٹوران صحیح نہیں ۔ یہ چیزیں خود بخود بہتر ھو جائیں گی ۔

کہا گیا ھے کہ Tourism بڑھانے کے لئے مری ، ایبٹ آباد اور مانسہرہ تک گاڑی چلائی جائے ۔ اس سلسلہ میں میں یہ کہوں گا کہ ایبٹ آباد کی ایک سکیم کافی عرصہ سے پڑی ھے ۔ امید ھے کہ اس پر بھی غور کیا جائے گا تو میں یہ کہنا چاھتا تھا کہ ھمیں ضرورت نہ ھوگی ۔ کہ ھم یہاں سے بیٹھ کر ریلوے افسران کی توجہ اس طرف مبذول کرائیں ۔ وہ خود بخود ھی اس طرف توجہ کریں گے ۔ ان گذارشات کے ساتھ میں آپ کی وساطت سے اراکین ایوان سے درخواست کروں گا کہ ان مطالبات کو منظور کیا جائے ۔ اور ساتھ ھی وزیر متعلقہ سے بھی عرض کروں گا کہ محکمہ ریلوے کے طریقہ کار کو اور اس کے افسران کو check کرنے کی ضرورت ھے ۔ اور ساتھ ھی اس بات کو بھی ملحوظ رکھیں کہ جب بھی موقع ملے ۔ ریلوے کے عملے کی تنخواھوں پر غور کیجئے ۔

Mr. Speaker: I will now put the cut motion.

The question is:—

That the total of Rs. 7,94,19,000 on account of Ordinary Working Expenses-General Administration-Total other Expenditure Recurring-Other than New Expenditure be reduced by Rs. 1,00,00,000.

The motion was lost.

Mr. Speaker: Next motion by Mr. Mahmood Azam Farooqi

Mr. Mahmood Azam Farooqi: I move :

That the total of Rs. 7,94,19,000 on account of Ordinary Working Expenses-General Administration-Total other Expenditure-Recurring-Other than New Expenditure be reduced by Rs. 100/-

Mr. Speaker: The motion moved is:—

That the total of Rs. 7,94,19,000 on account of Ordinary Working Expenses-General Administration-Total other Expenditure-Recurring-Other than New Expenditure be reduced by Rs. 100.

Yes, Mr. Farooqi.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - جناب والا - اس مطالبۂ زر سے متعلق کٹوتی کی دو تحاریک کے سلسلے میں مجھ سے پیشتر معزز اراکین نے بہت کچھ کہا ہے - اور میں اس کا اعادہ نہیں کرنا چاہتا - صرف ان دو تین پہلوؤں کی طرف وزیر متعلقہ اور اس ایوان کی توجہ دلاؤں گا - جو میری نظر میں تشنہ رہ گئے ہیں - قبل اس کے کہ میں اپنی بات کہوں - میں یہ چاہتا ہوں کہ اپنے معزز ساتھی ملک محمد اختر صاحب کی اس بات سے اتفاق کرتے ہوئے - آپ کی وساطت سے قائد ایوان کی خدمت میں یہ گذارش کروں کہ اس ایوان میں آپ کو بہت بڑی اکثریت حاصل ہے - لیکن آپ ہماری معروضات کو اپنی

توجہ سے محض اس لئے محروم نہ کریں کہ یہ معروضات ایوان کے اس جانب سے آپ کی خدمت میں پیش کی جا رہی ہیں ۔ دیکھئے ہم اور آپ ایک ہی جسم کے دو بازو ہیں ۔ یہ اور بات ہے کہ آپ جسم کی دائیں جانب ہیں ۔ اور ہم جسم کے بائیں جانب ہیں ۔ لیکن جسم کی بقا اور صحت کے لئے ہم دونوں کا ہونا ضروری ہے ۔ اور ہم دونوں کے تعاون سے ہی جسم سالم رہ سکتا ہے ۔ اور جسم کی صحت برقرار رہ سکتی ہے ۔ میں نے ریلوے کی عام بحث کے سلسلے میں جب اخراجات پر تبصرہ کیا تھا تو اس کے جواب میں عزت مآب وزیر ریلوے نے یہ ارشاد فرمایا تھا کہ ریلوے کا ادارہ ایک صنعتی ادارہ نہیں ہے ۔ بلکہ یہ ایک Utility Service ہے ۔ جسے کہ میں اردو میں کسی حد تک رفاہی ادارے کا نام دوں گا ۔ تو اب اگر ریلوے کی آمد و خرچ کے گوشوارے کو اس کے رفاہی ادارے ہونے کی حیثیت سے دیکھیں یا اسے صنعتی ادارے کی حیثیت سے دیکھیں تو مجھے افسوس ہے کہ دونوں ہی صورتوں میں یہ کسی حوصلہ افزا شکل میں ہمارے سامنے نہیں آتا ۔ اگر آپ اس کو صرف رفاہی ادارہ مانتے ہیں تو پھر میں یہ دریافت کرنے کی جرأت کرتا ہوں کہ گذشتہ تین چار سالوں میں آپ باقاعدہ طور پر چار کروڑ ، ڈیڑھ کروڑ اور ایک کروڑ کا نفع کیوں کما رہے ہیں ۔ رفاہی ادارے کا تو عام اصطلاح میں یہ مطلب ہوتا ہے کہ اس کے اخراجات اور اس کی آمدنی کو اس طرح متوازن کیا جائے کہ سال کے اختتام پر اس ادارے کو نہ کوئی نفع ہو ۔ اور نہ ہی کوئی نقصان ہو ۔ بلکہ آمد و خرچ متوازن ہو ۔ سال ۱۹۶۳-۶۴ء میں چار کروڑ کا منافع جو سود کی ادائیگی کے بعد حاصل کیا گیا تھا ۔ اس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ آپ کا مقصد اس

ادارے کو محض رفاہی نقطۂ نظر سے چلانا نہیں تھا ۔ بلکہ آپ کے پیش نظر کچھ منافع کمانا بھی تھا ۔ ورنہ اتنی بڑی بچت ممکن نہ تھی ۔ یہ درست ہے کہ اس بچت کو آپ رفتہ رفتہ کم کرتے جا رہے ہیں ۔ لیکن اس کے باوجود بھی آپ ۵۹ کروڑ روپے خرچ کر کے ایک کروڑ دس لاکھ روپے کا خالص منافع جملہ ادائیگیوں کے بعد کر رہے ہیں ۔ یہ امر ہمیں اس نتیجہ کے اخذ کرنے پر مجبور کرتا ہے کہ آپ یقیناً اس ادارے سے نفع بھی کمانا چاہتے ہیں ۔ اگر آپ اسے صرف رفاہی بنیاد پر ہی چلاتے تو ہمیں زیادہ خوشی ہوتی ۔ کیونکہ ریلوے کا صنعتی ادارہ ہے ہی رفاہی مقصد کے لئے ۔ جناب وزیر متعلقہ نے کل یہ فرمایا تھا کہ ہماری ریلوں کے کرائے تمام دنیا کی ریلوں کے کرایوں کے مقابلے میں کم ہیں ۔ میں آپ کی وساطت سے ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ آپ اپنی ریلوں کے کرایوں کا تقابل دوسرے ممالک کی ریلوں کے کرایوں سے نہ کریں ۔ آپ کے کرائے یقیناً ان کے کرایوں کے مقابلے میں سستے ہوں گے لیکن few رفاہی اغراض کے حصول کے پیش نظر آپ کے کرائے کا کم ہونا کافی نہیں ہے ۔ کیونکہ رفاہ کے لئے بہت سی دوسری چیزوں کو بھی دیکھنا پڑتا ہے ۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کے کم کرائے ہمارے ملک کے مخصوص حالات کے پیش نظر رفاہ کے نقطۂ نظر سے شاید رفاہی تقاضوں کو پورے نہ کرتے ہوں ۔ اس سلسلے میں میں آپ کو یہ عرض کروں گا کہ اگر آپ افریقہ سے ہیوی کیمیکلز درآمد کریں گے تو کینیا سے کراچی تک اس پر تین پونڈ یعنی چالیس روپے محصول آتا ہے ۔ لیکن اگر آپ وہی سامان راولپنڈی لے جائیں تو آپ کو بیالیس روپے خرچ کرنے پڑیں گے ۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ اگر بیرون ملک میں کوئی

چیز تیار ہوتی ہے ۔ اور اندرون ملک بھی وہی چیز راولپنڈی میں تیار ہو رہی ہے ۔ اور اس پر دونوں صورتوں میں ایک ہی لاگت آتی ہے ۔ جو کہ میں سمجھتا ہوں کہ ممکن نہیں ہے ۔ کیونکہ ہمارا ملک ایک پسماندہ ملک ہے ۔ اور یہاں پر اسی چیز کی تیاری کے سلسلے میں زیادہ خرچ آئے گا ۔

Mr. Hamza: Point of order. Sir, there is no quorum in the House.

Mr. Speaker: It is the first point of order on this score. Let there be a count. (*Count was taken.*) The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*) The House is in quorum. Yes Mr. Farooqi.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ تو جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اگر کوئی سامان بیرون ملک زیادہ لاگت پر تیار ہوتا ہے ۔ اور اگرچہ اس کا امکان نہیں ہے ۔ لیکن فرض کر لیجئے کہ اسی سامان پر ہمارے ملک میں بھی اتنی ہی لاگت آتی ہے ۔ حالانکہ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ۔ پسماندہ ملک میں اسی سامان پر زیادہ لاگت آتی ہے بہ نسبت ترقی یافتہ ملک کے ۔ لیکن ایک مفروضے کے طور پر کہہ لیجئے ۔ کہ اندرون ملک اور بیرون ملک اس سامان پر ایک ہی لاگت آتی ہے ۔ تو بیرون ملک کا کارخانہ دار کراچی کے بازار میں اپنا مال فروخت کرنے کے سلسلے میں راولپنڈی کے کارخانہ دار کے مقابلہ میں زیادہ بہتر پوزیشن میں ہوگا کہ وہ اپنا مال صارفین تک پہنچا سکے ۔ اس چیز کو ایک اور prospective میں آپ دیکھیں کہ حکومت کی اس وقت

درآمدی پالیسی یہ ہے کہ ملک کی درآمد کو زیادہ سے زیادہ بڑھایا جائے - بے شمار اشیاء کو free list پر open general licence پر کر دیا گیا ہے - تاکہ ملک میں مقابلے اور مسابقت سے اچھے حالات پیدا کریں - اور چیزوں کے دام مسابقت کے ایک فطری نتیجے میں stabilize ہو کر کم سے کم قیمت پر فروخت ہوں اور صارفین کو فائدہ پہنچے - اس طرح سے جو چیزیں آپ کے ملک میں آسانی سے درآمد ہو سکتی ہیں اور جو free list پر ہیں اگر وہ چیز صرف ریلوے محصول کی وجہ سے ملکی صنعت کے مقابلہ میں بہتر ثابت ہو تو نقصان کس کا ہے - کہا جا سکتا ہے کہ آپ ریلوے محاصل کو جہاز کے محاصل سے مقابلہ کر رہے ہیں تو جناب والا میں یہ مقابلہ اس لئے کر رہا ہوں کہ میں نے اس وقت ریلوے کو ایک رفاہی ادارہ سمجھا ہے - اور رفاہی ادارے کا کام صرف یہ نہیں ہونا چاہئے کہ وہ دوسرے ممالک کی ریل کے کرایوں سے کرے - آپ کو یہ دیکھنا چاہئے کہ ملکی صنعت کو ، ملک کے عوام کو ، ملک کے لوگوں کو کیا فائدہ پہنچتا رہا ہے اور جو شرح مقرر کرنی ہے اس سے کیا دور رس نتائج پیدا ہو سکتے ہیں - کن لوگوں کو اس سے نقصان پہنچ سکتا ہے - ملک کے وسیع تر مفاد میں کیا چیز مفید ہے - تو اس لئے میں عرض کروں گا کہ اگر آپ اس کو صرف رفاہی ادارے کے طور پر دیکھیں تو ابھی آپ یہ محسوس کریں گے کہ اس کے کرایوں کو مقرر کرنے کی پالیسی ، محصول کو مقرر کرنے کی پالیسی ، ملازمین کی تنخواہیں مقرر کرنے کی پالیسی یہ اس سے بالکل لگا نہیں کھاتی - دوسری چیز میں یہ عرض کروں گا کہ اگر آپ اس کو خالص صنعتی ادارہ کی حیثیت سے دیکھیں یا میں ایک قدم اور آگے بڑھ کر یہ عرض کروں گا

کہ صنعتی ادارہ ہو یا رفاہی ادارہ ہو ہر ادارے کے پیش نظر یہ مقصد ہوتا ہے کہ اس کے جو overhead اخراجات ہیں وہ اس کے براہ راست خرچ سے کم ہیں ۔ میرے ایک محترم دوست نے بھی مجھے اس طرف متوجہ کیا ہے کہ جنرل ایڈمنسٹریشن کی شق میں جتنے بھی اخراجات شامل کئے گئے ہیں یہ تمام کے تمام overhead نہیں ہیں ۔ اس میں سے کچھ خرچ براہ راست بھی ہے ۔ جناب والا ۔ صنعتی اصطلاح میں عام طور پر کسی ادارے کے خرچ کو تین حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے ۔ ایک خرچ براہ راست ہوتا ہے ۔ ایک خرچ بالواسطہ ہوتا ہے ۔ اور ایک overhead ہوتا ہے ۔ خرچ براہ راست اسے کہتے ہیں جو خام مال مصنوعات میں تبدیل کرنے کے لئے ناگزیر ہو ۔ ریلوے کی اصطلاح میں براہ راست خرچ اس کو کہیں گے جو ریل کو چلانے پر آتا ہو ۔ یعنی ریل کو چلانے کا سارا سٹاف ، سٹیشن کا سٹاف ، کوئلہ ، ڈیزل آئل اس طرح کی وہ تمام چیزیں جو ریل کو چلانے کے لئے براہ راست خرچ میں آتی ہیں یہ تمام براہ راست خرچ ہوگا ۔ اور یہ تمام اخراجات میں اس بجٹ میں دیکھتا ہوں تو یہ operating expenses کی مد میں شامل ہیں ۔ ایڈمنسٹریشن اپنے لفظ کے لحاظ سے اور تمام معروف اور established اصطلاحات کے لحاظ سے overhead سمجھا جاتا ہے ۔ اگر ایڈمنسٹریشن میں جناب وزیر ریلوے کے محکمہ کے لوگوں نے کچھ ایسی چیزیں شامل کر دی ہیں جو ایڈمنسٹریشن سے متعلق نہیں ہیں تو یہ غلطی ان کی ہے ۔ اس کی ذمہ داری میں لینے کے لئے تیار نہیں ہوں ۔ میں تو آپ کی اصطلاح کو دیکھتا ہوں ۔ جب آپ جنرل ایڈمنسٹریشن کا لفظ استعمال کرتے ہیں تو یہ دنیا کی معروف اور established اصطلاحات کے مطابق اسے

overhead سمجھا جائے گا ۔ اور جب میں اسے overhead سمجھتا ہوں تو مجھے یہ دیکھ کر مایوسی ہوتی ہے کہ آپ کا یہ خرچ ۱۹۶۳-۶۴ء کے مقابلہ میں ۱۱ فیصد زائد ہے ۔ جناب والا ۔ ریلوے کی آمدنی ۱۹۶۳-۶۴ء کے مقابلہ میں ۹ فیصد یقیناً زائد ہے لیکن اس زیادتی اور اضافہ میں اس کا بڑا دخل ہے کہ ۱۹۶۳-۶۴ء میں کرایوں میں اضافہ ہوا تھا جو بجٹ میں موجود ہے اگر آپ اس کا مقابلہ ۱۹۶۴-۶۵ء سے کریں تو اس میں صرف ۲ فیصد اضافہ ہوا ہے operating expenses جسے میں براہ راست خرچ کے نام سے تعبیر کرتا ہوں میں اضافہ ۳ فیصد سالانہ کے حساب سے پچھلے تین سالوں سے ہو رہا ہے تو براہ راست خرچ ۳ فیصد سالانہ بڑھ رہا ہے ۔ اور بالواسطہ خرچ اور overhead خرچ ۱۱ فیصد بڑھے گا تو یہ چیز اس محکمہ کے چلانے والوں اور اس محکمہ کے مالکان کی توجہ اپنی طرف مائل کرتی ہے ۔ اور اس محکمہ کو چلانے والے وزیر ریلوے ہیں اور اس محکمہ کا عملہ ہے لیکن اس محکمہ کے اصل مالک اس ملک کے عوام الناس ہیں اور ہم عوام کے نمائندے ہونے کی حیثیت سے یہ ایوان اس کا مالک ہے ۔ جب ہم اس خرچ اور آمدنی کا جائزہ لیتے ہیں تو ہم اس حیثیت سے جائزہ لیتے ہیں کہ ہمارا جو سرمایہ اس اہم ملکی صنعت پر لگا ہوا ہے جس کے کہ ہم مالک ہیں ٹھیک طرح سے خرچ ہو رہا ہے ۔ کس طرح خرچ ہو رہا ہے ۔ کہاں زیادہ خرچ ہو رہا ہے ۔ اور کہاں کم ہونا چاہئے operating expenses کے مقابلہ میں کسی ادارے کا overhead خرچ کا بڑھنا بڑی توجہ اور بڑے فکر و نظر کا محتاج ہے ۔ اس لئے میں جناب وزیر ریلوے سے آپ کے توسط سے درخواست کروں گا کہ وہ اپنے محکمہ کے خرچ پر نظر ثانی فرمائیں ۔ وہ اس سلسلے میں نئے ضرور ہیں

لیکن جو خرچ آ چکا ہے اس کی ان پر ذمہ داری نہیں ہے لیکن آئندہ جو خرچ اس محکمہ پر آئے گا اس کی ذمہ داری ان پر ضرور ہے ۔ اس لئے وہ اس خرچ پر نظر ثانی فرمائیں اور اس کو کم کرنے کی کوشش کریں ۔ اس مقصد کے لئے میں نے ایک total amount کی تخفیف زر پیش کی تھی تاکہ یہ احساس ہو کہ ہم اس خرچ سے قطعی مطمئن نہیں ہیں ۔

خان عبدالستار خان مہمند (مردان ۔ ۲) ۔ جناب والا ۔ معزز ممبر محمود اعظم فاروقی صاحب نے ابھی جو ریمارکس ریلوے کے متعلق دیئے ہیں میں ان کے بارے میں عرض کروں گا ۔ اگر ریلوے منسٹر صاحب نے اسے رفاہی ادارہ کہہ دیا ہے تو ان کی نیت یہ ہے ۔ ان کا ارادہ یہ ہے کہ وہ اسکو رفاہی ادارہ بنانا چاہتے ہیں ۔ انکی موجودہ بجٹ تقریر جو انہوں نے یہاں کی ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے (انشا اللہ وہ دن دور نہیں) کہ وہ واقعی صحیح معنوں میں اسکو قوم کی صحیح خدمت کرنے کے قابل بنا رہے ہیں ۔ یہ ایک صنعتی ادارہ بھی ۔ میں جناب فاروقی صاحب کی خدمت میں آپ کی وساطت سے عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ ۔ ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی- پوائنٹ آف آرڈر- جناب والا میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ محترم ممبر کی آواز کا volume ماڈریٹ سے زیادہ ہے ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

خان عبدالستار خان مہمند - اگر ان کی نازک طبع پر میری آواز گراں گزری ہے تو میں معافی چاہتا ہوں - تو عرض یہ ہے کہ ریلوے منسٹر صاحب کی حقیقتاً خواہش یہ ہے کہ یہ رفاہی ادارہ بنے - لیکن سوال کیا جاتا ہے کہ منافع کیوں ہے - اسکے متعلق میں عرض کرتا ہوں کہ اگر ہم چاہیں اور کوشش کریں کہ ملک میں منافع زیادہ سے زیادہ ہو اور حکومت کی آمدنی کو بڑھایا جا سکے تو وہ ہمارے ہی کام آئے گا - ہمیں آسائش ہوگی - ہماری ضروریات کو پورا کیا جا سکے تو اس کیلئے ان کو کیوں تکلیف ہوتی ہے کہ آمدنی کیوں ہوتی ہے -

جناب والا دوسری بات کرایوں کے متعلق ہے - مانا کہ پاکستان ریلوے وہ سہولتیں بہم نہیں پہنچا سکتی ہوگی جو دنیا کی باقی ریلوے پہنچاتی ہیں - آپ کیوں اس پس ماندہ ملک سے جو ابھی ابھی معرض وجود میں آیا ہے توقع کرتے ہیں کہ یہ وہ تمام سہولتیں جو آزاد ملکوں میں سینکڑوں سالوں سے چلی آتی ہیں بہم پہنچائے - اور چند سالوں میں یہ سہولتیں دے دے - قوم کے بننے میں ، قوموں کی ترقی میں اور ایک نئے ملک کی ترقی میں سالہا سال لگتے ہیں - انتظار کیجئے خدا نے چاہا ایسے حالات پیدا ہو جائیں گے-

جناب والا - اس کے علاوہ انہوں نے ایک پوائنٹ اور اٹھایا ہے - انہوں نے فرمایا ہے کہ بیروت سے کراچی تک اتنا کرایہ لگتا ہے - اور راولپنڈی سے اتنا کرایہ لگتا ہے - جناب والا - میں آپ کی

وساطت سے ان کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بحری جہازوں کے کرایوں میں اور ریلوے کے کرایوں میں بڑا فرق ہے۔ جہاز پر کم خرچ آتا ہے اور ریل پر کافی خرچ آتا ہے۔ وہ پانی کی ٹرانسپورٹیشن ہے وہ یقیناً سستا ہوتا ہے۔ لیکن اس کا مقابلہ ریلوے کے ساتھ کیوں کرتے ہیں۔ ریلوے پر خرچ زیادہ ہوتا ہے اور جہاز پر کم خرچ ہوتا ہے۔ انہوں نے ایک اور پوائنٹ اٹھایا ہے کہ ۶۴ - ۱۹۶۳ء میں خرچ کم تھا اور ۶۵ - ۱۹۶۴ء میں خرچ بڑھ گیا۔ میری ان کی خدمت میں یہ عرض ہے کہ اس سال کے بجٹ میں وزیر ریلوے صاحب نے کچھ ایسی چیزیں رکھی ہیں جس کی وجہ سے انشاءاللہ کافی زر مبادلہ بچے گا۔

جناب سپیکر۔ ہم تسلیم کرتے ہیں کہ جہاں کہیں investment کی جائے وہاں معاوضے اور منافع کی امید ہوتی ہے مگر یہ کوئی الہ دین کا چراغ نہیں کہ ادھر انوسٹمنٹ ہوئی اور ادھر فوراً quick Return ہاتھ میں آ گئی۔ اپوزیشن والے یہ ڈر نہ رکھیں کہ معاشیات کے مشہور Law of Deminishing Return کی Stage آ پہنچی ہے۔ یقین رکھئے کہ ہمارے ملک میں بھی وقت پر سہولتیں عوام کو مل جائیں گی۔

جناب والا۔ میں ان الفاظ کے ساتھ تخفیف زر کی تحریک کی مخالفت کرتا ہوں اور استدعا کرتا ہوں کہ اصل مطالبۂ زر کو منظور فرمایا جائے۔

Mr. Speaker: I am sorry the Minister of Railway is not present in the House.

Minister of Finance (Sh. Masood Sadiq): He is in the lobbies.

Mr. Speaker: Then I shall have to put the cut motion to the vote of the House.

خواجہ محمد صفدر - وہ آ گئے -

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان تمن) - جناب والا - وقت کم ہے اور مجھے بہت کچھ عرض کرنا ہے - کام زیادہ اور فرصت قلیل ہے - اس لئے مختصر عرض کرونگا - اس Demand سے متعلق کٹ موشن میں بہت سے اعتراض کئے گئے ہیں اور میری کل کی Speech پر بھی تبصرہ ہوا ہے - خواجہ صاحب نے فرمایا تھا کہ ریلوے کو ہم ایک Utility Department سمجھتے ہیں - کم از کم انہوں نے اسے بالکل یوٹیلیٹی ڈیپارٹمنٹ ہی سمجھ لیا ہے حالانکہ یہ تو Commercial-cum-Utility Department ہے جیسا کہ میں اپنی بجٹ تقریر میں اس کی وضاحت کر چکا ہوں - جناب والا - کل میں نے اس اعتراض کے جواب میں کہ ریلوے کا منافع ایک صنعتی نجی ادارے کے مقابلے میں کیوں کم ہوتا ہے یہ عرض کیا تھا کہ جہاں نجی صنعتی ادارے منافع کمانے کے لئے لوگوں کا خون چوستے ہیں ہمارا ریلوے کا محکمہ ایک رفاہی ، فلاحی اور utility Department ہونے کے باعث کم نفع اور زیادہ خدمت کی اساس پر کام کرتا ہے - اس سے بعض احباب کو یہ غلط فہمی ہو گی کہ شاید ریلوے کا محکمہ کوئی ''سیواسمتی،، یا خیراتی لاجونتی قسم کی کوئی چیز ہے - اس لئے میں یہ بتا دینا

چاهتا هوں که یه محکمه مزدوروں سے خوب کام لیتا ہے اور maximum کام لیتا ہے (نعرۂ تحسین اور هئیر هئیر) ۔ اس محکمه کو اتنا بڑا کام اور اتنا بڑا انتظام کرنا پڑتا ہے اور پھر اس پر اتنا بڑا خرچ کرنا پڑتا ہے که کسی مزدور سے ناجائز نرمی اور رعایت کا سوال هی پیدا نہیں هوتا ۔ یه کوئی سیواسمتی نہیں ہے اتنے بڑے وسیع اور سخت انتظام کا بین ثبوت هماری اتنی بڑی ڈیمانڈ سے خود بخود مل رها ہے اسی سے هماری سیواسمتی کا پہلو اجاگر هوتا ہے ۔ اتنی بھاری بھرکم رقوم خرچ کر کے هم اگر غریب پروری پر اتر آئیں تو کام کیسے چلے گا ۔ میں اپنی بجٹ تقریر میں عرض کر چکا هوں که ٹریفک میں اتنے فیصد اضافه هوگا ۔ اس کے لئے لازماً همیں زیاده عمله درکار هوگا جس پر لازماً زیاده خرچ آئےگا ۔ زیاده آدمیوں اور زیاده خرچ کے بغیر کام چل هی نہیں سکتا ۔ جتنے ملازم هونگے اتنا هی خرچ زیاده هوگا ۔

باقی رها جناب حمزه صاحب کا اعتراض که ریلوے کے تھرڈ کلاس ملازمین کی تنخواهیں کم هیں تو عرض ہے که اول تو دوسرے سرکاری محکموں کے مقابلے میں محکمه ریلوے زیاده سہولتیں مثلاً سفر وغیره کی اور دوسری قسم کی مثلاً کوئله ، لکڑی ، علاج ، مکان وغیره کی دیتا ہے مگر هر ملک اپنی معیشت اور اپنی معاشی حالت کے مطابق هی سہولتیں دے سکتا ہے ۔ اب هم یه تو کرنے سے رہے که جناب حمزه صاحب کی طرح هر ایک آدمی کو ایک جیپ دینا شروع کر دیں (قہقہه) ۔

ہماری یہ خواہش ہے ، تمنا ہے ، آرزو ہے اور دعا ہے کہ تمام لوگوں کو ایسی سہولتیں میسر آسکیں ۔ خدا فضل کرے تو ایسا ہو جائے گا مگر میں پہلے ہی عرض کر چکا ہوں کہ دوسرے گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹوں کے مقابلے میں ریلوے پہلے ہی زیادہ مراعات دے رہی ہے مثلاً travelling وغیرہ کی ۔ مجھے دوہرانے کی ضرورت نہیں ۔

اب رہا یہ اعتراض کہ ریلوے میں بڑے افسروں کی تنخواہیں حد سے زیادہ گرانقدر اور بھاری بھرکم ہیں ۔ جناب والا ۔ حقیقت یہ کہ بڑے افسروں پر سارے ریلوے کی تنخواہ عملہ کا صرف تین چار فیصد خرچ ہوتا ہے ۔ چنانچہ میں آپ کے سامنے Actual facts and figures پیش کرتا ہوں جو کہ حسب ذیل ہیں ۔

افسران کی تنخواہوں پر جو خرچ آتا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۶۴ فیصد

تھرڈ کلاس ملازمین پر ۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۳۶ فیصد

درجہ چہارم کے ملازمین پر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۶۳ فیصد

جناب والا ۔ مجھے امید واثق ہے کہ یہ اعداد و شمار غلط فہمی کا ازالہ کرنے کے لئے کافی ہونگے ۔

اب میں معزز ممبر ملک محمد اختر کے اس اعتراض کو لیتا ہوں کہ ''ہوم ڈیلیوری،، پر ناجائز اخراجات ہو رہے ہیں ۔ جناب والا ۔ اصل میں ہم نے ہوم ڈیلیوری کے لئے کوئی عملہ ابھی تک Engage ہی نہیں کیا ہے اور نہ ہی اس سکیم کو نافذ کیا گیا ہے ۔

پھر جناب والا ۔ بڑے زور شور سے یہ اعتراض کیا گیا کہ ہماری کارکردگی اور efficiency کمتر درجے کی ہے اور ہم اپنی ریلوے ویگنز کو Properly utilize نہیں کرتے اس میں دو تین چیزیں آتی ہیں اور ہمارے پاس اس اعتراض کی تردید میں اتنے ثبوت موجود ہیں کہ ان کے بیان کے لئے ایک طویل تقریر اور طویل وقت درکار ہے ۔ ہماری گڈز ویگنز کو کراچی سے اپ کنٹری جانا پڑتا ہے اور مین لائن پر اتنا رش ہو جاتا ہے کہ اس پر زیادہ ویگنز چلانے کی بہت کم گنجائش رہ جاتی ہے ۔ مزید برآن Indus Basin کے سلسلے میں ہمیں بڑی بھاری بھرکم مشینری منتقل کرنی پڑتی ہے ۔ اور دیگر سامان بھی دور دراز مقامات تک لے جانا پڑتا ہے ۔ جس میں سیمنٹ ، بجری ، لوہے کے گارڈرز وغیرہ شامل ہوتے ہیں ۔ ہماری تمام لیڈز لمبی اور طویل ہیں ۔ چنانچہ ۶۳ - ۱۹۶۲ء میں ۳۱۰ میل اور ۶۴ - ۱۹۶۳ء میں ۳۳۰ میل اور ۶۵ - ۱۹۶۴ء میں ۳۸۶ میل اوسط آئی تھی ۔ اس کے ساتھ ساتھ ہماری earnings میں بھی بھارا اضافہ ہوا ہے ۔ الغرض اس سلسلے میں ہمارا ریکارڈ ایسا ہے کہ اس پر کوئی دھبہ نہیں آ سکتا ۔ اس ضمن میں یعنی ویگنز کے استعمال میں ۳۸ فیصد اضافہ ہوا ہے ۔ مزید براں ہمارے ٹن مائیلز میں ۶۳ فیصد کا اضافہ ہوا ہے ۔ یہاں جناب والا ۔ میں یہ وضاحت کردوں کہ ''ٹن میل،، کی اصطلاح کا مطلب یہ ہے کہ ایک ٹن وزن کو ایک میل دور تک منتقل کیا جائے ۔ پھر آمدنی میں ۵۶ فیصد کا اضافہ ہوا ہے ۔ چنانچہ ظاہر ہے کہ یہ اعتراض صحیح نہیں کہ ہم اپنی ویگنز کو پراپرلی

یوٹیلائز نہیں کرتے بلکہ اعداد و شمار سے ثابت ہوتا ہے کہ ہم نے ان کا اتنا زیادہ استعمال کیا ہے کہ ایک طرف ہماری آمدنی ڈیوڑھی ہو گئی ہے بلکہ پچاس فیصد سے بھی قدرے زیادہ اضافہ ہوا ہے ۔ ۵۱ یا ۵۶ فیصد کا اضافہ گڈز ٹریفک میں ہوا ہے ۔ دوسری طرف ہمارے ٹن مائیلز میں ۶۳ فیصد اضافہ ہوا ہے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ ہم گڈز ویگنز سے خاصا بڑا کام لے رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ خواجہ صاحب نے ہماری کارکردگی اور ایفیشنسی پر اپنی کل کی تقریر میں تبصرہ فرمایا تھا مگر میں عرض کرونگا کہ دنیا میں کوئی چیز بھی پرفیکٹ نہیں ہے اور ہمارا ریلوے کا محکمہ بھی پرفیکٹ نہیں ہے ۔ مگر ہم بتدریج صحت اور طاقت حاصل کر رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ کارکردگی کے معاملہ کے متعلق میں کل تفصیلاً عرض کر چکا ہوں ۔ آئندہ انشاءاللہ تعالیٰ کسی تحریک تخفیف زر کے موقع پر مزید عرض کرونگا ۔ ویسے تو میرے پاس بہت سا material ہے ۔ لیکن چونکہ وقت کی کمی ہے ۔ اس لئے اسے فی‌الحال ملتوی کرنا ہی درست ہے ۔

جناب والا ۔ ہماری آمدنی کے متعلق عرض یہ ہے کہ پچھلے تین سالوں میں ہماری آمدنی میں اضافہ ہوا ہے ۔ یہ اضافہ کوئی ۳۲ فیصد ہے ۔ حالانکہ ہمارے کرائے کی شرحوں میں صرف ۵ فیصد کا اضافہ ہوا ہے ۔

مسافروں کی تعداد میں پچھلے تین سالوں میں ۱۶ فیصد کا اضافہ ہوا ہے ۔ ہماری باربرداری کی ٹریفک میں ۳۵ فیصد کا اضافہ ہوا ہے ۔ یہاں میں ہاؤس کی اطلاع کے لئے یہ بھی عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ ہمارا Track وہی ہے جو پہلے تھا ۔ اس میں پچھلے تین سالوں میں کسی قسم کی تبدیلی یا اضافہ نہیں ہوا ۔

سرکلر ریلوے کراچی میں بھی تھوڑا سا اضافہ ہوا ہے ۔ لیکن ابھی اس کی پوری working مکمل نہیں ہوئی ۔ یہ جتنا بھی اضافہ ہوا ہے ۔ یا یہ جو efficient control ہے ۔ یہ سب ہماری کارکردگی بہتر ہونے کی وجہ سے ہوا ہے ۔ ورنہ ہمارا Track ویسا ہی ہے جیسا کہ پہلے تھا ۔ اس میں کوئی خاص اضافہ نہیں ہوا ۔

جناب والا ۔ رشوت پر لمبا چوڑا تبصرہ ہمیشہ ہی ہوتا رہتا ہے اور ہوتا رہےگا ۔ لیکن مجھے ایک چیز میں جو حمزہ صاحب نے بیان فرمائی ہے کچھ تھوڑی سی کمزوری نظر آئی ہے جو ہمارے ہاں لوگوں میں عام طور پر پائی جاتی ہے ۔ اس سے رشوت بند ہونے میں ایک بہت بڑی رکاوٹ پیش آ رہی ہے ۔ تو اس سے مجھے افسوس ہوا ہے کہ انہوں نے بھی اسی کمزوری کا اظہار کیا ہے ۔ جب ان سے روپیہ مانگا گیا تھا ۔ تو وہ اس بات کو کسی کے نوٹس میں کیوں نہ لائے ۔ چنانچہ میں اب ان کی خدمت میں گذارش کرونگا کہ اگر آئندہ ایسا کوئی واقعہ حمزہ صاحب کے نوٹس میں آئے ۔ تو وہ کم از کم اسے میرے نوٹس میں ضرور

لائیں ۔ اور اس کی تفصیل مجھ تک ضرور پہنچائیں ۔ شاید میں کچھ کرنے کے قابل ہو سکوں ۔ یا اس معاملے میں اپنی خدمات پیش کر سکوں ۔ آخر میں میں ایوان کا زیادہ وقت نہ لیتے ہوئے گذارش کرونگا کہ کام زیادہ ہے اور وقت تھوڑا ہے ۔ اس لئے بہتر یہی ہے کہ وقت کا تعین فرما دیا جائے ۔

Mr. Hamza: On a point of personal explanation, Sir.

جناب سپیکر ۔ میں نے اپنی تقریر کے آغاز میں یہ عرض کیا تھا کہ میں نے Economy Committee کی طرف سے جاری کئے ہوئے سوال نامے کے سلسلے میں ایسے حقائق دئے تھے جن سے یہ بالکل واضح تھا کہ رشوت نہایت منظم طریقہ سے حاصل کی جاتی ہے ۔ لیکن کسی شخص نے کبھی مجھے پوچھنے کی زحمت گوارا نہیں کی ۔ مجھے اس محکمے کی کارکردگی اور اس کے پس منظر کا علم تھا ۔ تو جہاں تک جناب وزیر صاحب کا تعلق ہے ۔ آپ موجود تو تھے لیکن ابھی وزیر نہ بنے تھے ۔ اب آئندہ اگر کبھی موقع ہوا ۔ خدا نہ لائے ۔ ویسے اگر اس قسم کی حکومت رہی ۔ تو لازماً آؤنگا اور ضرور عرض کرونگا ۔

Mr. Speaker: I will now put the cut motion. The question is:

That the total of Rs. 7,94,19,000 on account of Ordinary Working Expenses—General Administration—Total other Expenditure—Recurring Other than New Expenditure be reduced by Rs. 100/—.

The motion was lost.

DEMAND No. 2.

Mr. Speaker: We will now have discussion on Demand No. 2, and the first cut motion is from Mr. Mahmood Azam Farooqi he may please move it.

Mr. Mahmood Azam Farooqi: Sir, I beg to move:

That the total of Rs. 14,15,84,000 on account of Ordinary Working Expenses—Repairs and Maintenance—Total other Expenditure—Recurring—Other than New Expenditure be reduced by Re. 1-

Mr. Speaker: Motion moved is:

That the total of Rs. 14,15,84,000 on account of Ordinary Working Expenses—Repairs and Maintenance—Total other Expenditure—Recurring—Other than New Expenditure be reduced by Rs. 1.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - جناب والا - ریلوے کے بجٹ میں اس مطالبہ زر نمبر ۲ میں Repairs & Maintenance کی مد پر آئندہ مالیاتی سال کے دوران ۱۴ کروڑ ۱۶ لاکھ روپے کے اخراجات کا تخمینہ لگایا ہے - اس کے مقابلے میں ۱۹۶۳-۶۴ء میں ۱۴ کروڑ روپے اصل سرمایہ تھا - اس طرح آئندہ مالیاتی سال میں توقع کی جاتی ہے کہ دو سال پہلے کے مقابلے میں ۱۶ لاکھ روپیہ زیادہ خرچ ہوگا -

جناب والا - Repairs & Maintenance کے خرچ پر تبصرہ کرنے کے لئے خواہ وہ تنقید ہو یا تعریف - یہ ضروری ہوتا ہے کہ جسے انگریزی میں Fixed Capital کہا جاتا ہے اور اردو میں نصب شدہ سرمایہ ، کی تفصیل معلوم ہو - وہ نصب شدہ سرمایہ کیا ہے جس کی Repairs & Maintenance پر اس خرچ کا اندازہ رکھا گیا ہے - یہ ریلوے بجٹ جسے اردو میں جناب وزیر ریلوے نے میزانئے کے نام سے موسوم کیا ہے - یہ دراصل میزانیہ نہیں ہے - میزانیہ اس گوشوارے یا قرطاس کو کہتے ہیں جس میں کسی ادارے کے موجودات اور واجبات کی تفصیل دی گئی ہو - جس سے یہ پتہ چل سکے کہ کسی متعینہ تاریخ کو کسی ادارے کی صحیح مالی پوزیشن کیا ہے - صرف آمد و خرچ سے یہ تو اندازہ ہو ہے کہ ایک سال

میں اس ادارے کو کیا خسارہ ہونے والا ہے ۔ یا کیا آمدنی ہونے والی ہے ۔ اور بالاخر کیا منافع متوقع ہے ۔ لیکن آمد و خرچ کے حساب سے ۔ جو کسی بجٹ میں پیش کیا جاتا ہے یہ بالکل معلوم نہیں ہوتا کہ واقعتاً اس ادارے یعنی ریلوے کی مالی پوزیشن کیا ہے ؟ اور ایک متعینہ تاریخ کو اس کا اثاثہ کیا ہے ۔ اس کی ذمہ داریاں کیا ہیں ۔ واجبات کیا ہیں ۔ اور موجودات کیا ہیں ۔ بہرحال میں اپنی اس کٹوتی کی تحریک کے لئے اس رقم پر انحصار کرتا ہوں ۔ جو depreciation کی مد میں آئندہ کسی دوسرلے زرمطالبہ میں رکھی گئی ہے ایک زر مطالبہ depreciation کی مد میں ۵ کروڑ ۴۶ لاکھ روپے کی رقم رکھی گئی ہے ۔ اور قرطاس ابیض میں یہ بتایا گیا ہے کہ depreciation نصب شدہ سرمائے کا تیسواں حصہ ہوتی ہے ۔ تو اس بنیاد پر میں یہ سمجھتا ہوں کہ ریلوے کا نصب شدہ سرمایہ ایک ارب ۶۳ کروڑ ۸۰ لاکھ روپے کے قریب ہے ۔ اگر نصب شدہ سرمایہ مان لیا جائے ۔ تو اس پر ۱۴ کروڑ ۱۶ لاکھ روپیہ جو Repair & Maintenance کا خرچ ہے یہ ۹ فیصد بنتا ہے ۔

جناب والا ۔ Repairs & Maintenance کے لئے عام اصول یہ ہے کہ عمارات کے لئے ڈیڑھ فیصد اور دوسری Equipment کے لئے تقریباً ۵ فیصد ہوتا ہے ۔ اگر اس حد تک Repairs & Maintenance کا خرچ ہو تو عموماً یہ سمجھا جاتا ہے کہ یہ خرچ مناسب ہے ۔ اور وہ ادارہ اطمینان بخش طریق پر کام کر رہا ہے ۔ میں اپنی بات کی دلیل میں یہ عرض کر دوں کہ اس وقت ایک آرڈیننس جو نافذ ہے ۔ جسے Rent Restriction & Control Ordinance کہا جاتا ہے اور جو اس ایوان کے ایجنڈے پر آ چکا ہے ۔ اور

آئندہ آپ کے سامنے زیر بحث آئے گا ۔ اس میں عمارات کے لئے Maintenance ڈیڑھ فیصد دیا گیا ہے ۔ ویسے عام بھی عمارات کے لئے depreciation کی ایک خاص فیصد مقرر ہوتی ہے ۔ چنانچہ اسی طرح انکم ٹیکس کے قوانین کے مطابق عمارات کی depreciation اڑھائی فیصد ہے ۔ گو یہ انکم ٹیکس کے قوانین میں درج تو نہیں ۔ لیکن ان کی روایات اور conventions کے مطابق Maintenance کو depreciation سے کم ہی رکھا جاتا ہے ۔ اور یہ سمجھا جاتا ہے کہ depreciation یعنی ایک اثاثہ جتنے عرصے میں اپنی زندگی ختم کرے گا ۔ اسی عرصہ میں اس کی Maintenance پر اس سے کم خرچ ہونا چاہئے ۔ اس بجٹ میں اگر آپ ۹ فیصد اس Maintenance کے لئے دیدیں ۔ اور تقریباً ۳ فیصد آپ نے depreciation کے لئے نکال دیا ۔ تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک اثاثہ جو آپ نے سو روپے میں حاصل کیا ۔ تو تقریباً آٹھ یا ساڑھے آٹھ سال میں اس اثاثے کی پوری رقم آپ depreciation اور Maintenance کی طرح اپنے اخراجات میں سے write off کر دیتے ہیں ۔ حالانکہ کسی اثاثے سے منافع کی صورت میں اتنی رقم حاصل ہونا ذرا مشکل ہے ۔ تو میں آپ کے توسط سے عرض کروں گا کہ جناب وزیر ریلوے ایک تلوار سے دونوں طرف نہیں کاٹ سکتے ۔ انہیں دونوں میں سے ایک بات ماننا پڑے گی ۔ یا تو وہ یہ کہیں کہ یہ جو $\frac{1}{30}$ depreciation رکھی گئی ہے وہ غلط ہے ۔ اور دراصل آپ depreciation کے لئے کم رقم رکھ کر اپنے ریلوے کے منافع سے یہ illustrate کر کے بتاتے ہیں تاکہ ہمارے سامنے ایسے اعداد و شمار آئیں جن سے یہ ظاہر ہو کہ ریلوے کا محکمہ بہت منافع کما رہا ہے ۔ اور بڑی پختہ بنیادوں پر چل رہا ہے ۔ لہذا یا تو $\frac{1}{30}$ depreciation غلط ہے یا یہ Maintenance زائد ہے ۔ دونوں صورتوں

میں ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں - جیسا کہ یہ اعداد و شمار ہمیں بتا رہے ہیں کہ ہمارا یہ ریلوے کا ادارہ اطمینان بخش بنیادوں پر نہیں چل رہا - میں اس مد میں خاص طور پر ایوان کی توجہ بجٹ کے صفحہ ۲۳ پر مبذول کراتا ہوں - جس میں Diesel Electric Locomotive Workshop کی Repairs پر ۱۹۶۳-۶۴ء میں ۴ لاکھ ۷۸ ہزار روپے خرچ آئے تھے - اور ۱۹۶۵-۶۶ء میں ۷۶ لاکھ ۲۰ ہزار روپے کا تخمینہ ہے - اس پر ۱۹۶۴-۶۵ء میں ۴۷ لاکھ ۶۲ ہزار روپیہ خرچ ہو چکا ہے -

جناب والا - آپ کو یاد ہوگا کہ ڈیزل اور الیکٹرک Locomotives درآمد شدہ مال ہے جو دوسرے ملکوں سے قرضہ کی شکل میں آتا ہے - ہم نے یہ مال سودی قرضے کی مدات سے ریلوے بجٹ کو زیر بار کر کے حاصل کیا ہے لیکن قابل غور یہ بات ہے کہ ان Locomotives کی efficiency اور کارکردگی کا یہ حال ہے کہ دو ہی سالوں میں اس کی Maintenance پر -/۴۷۰۰۰۰ روپیہ سے بڑھ کر -/۷۶۲۰۰۰۰ روپیہ خرچ ہو سکتا ہے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ یا تو یہ خرچ زیادہ ہے یا ہم نے بیرون ملک سے سامان خریدتے وقت کوئی دانشمندی کا ثبوت نہیں دیا - اس کے مقابلہ میں اگر آپ صفحہ ۲۴ پر Goods Vehicles کی Maintenance کو دیکھیں جو کہ وزیر ریلوے کے ارشاد کے مطابق ہماری اپنی بنائی ہوئی ہیں یعنی ہماری اپنی ورکشاپ میں بنتی ہیں - تو آپ کو معلوم ہوگا کہ ۱۹۶۳-۶۴ء میں ایک کروڑ ۳۹ لاکھ اور ۱۹۶۵-۶۶ء میں ایک کروڑ ۳۷ لاکھ روپیہ خرچ ہوا گویا ان کی Maintenance کم ہو رہی ہے - اس سے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ انجنوں کی تعداد میں کمی ہوئی ہے

کیونکہ آگے دوسرے اعداد و شمار میں اضافہ ہوا ہے ۔ لیکن یہ اتنا اضافہ نہیں کہ وہ Maintenance کے خرچ کو اتنی بلندی پر لے جائے ۔ اس ضمن میں میں ایک بات آپ کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ اتنے بڑے خرچ کے بعد بھی ریلوں کی حالت ۔ ریل کے ڈبوں کی حالت انجن اور ویگن کی حالت اچھی نہیں۔ یہی حالت ریلوے سٹیشنوں کی عمارات اور ریلوے سٹاف کے کوارٹرز کی ہے جنہیں بلیک ہول کہنا چاہئے ۔ میں اپنے ذاتی تجربہ کی بناء پر جانتا ہوں کہ ریلوے کی Main Lines کو چھوڑ کر برانچ لائنز پر فوسٹ کلاس کے ڈبوں کی حالت خراب ہے ۔ وہاں پیڈ لائٹ نہیں ۔ گدے پھٹے ہیں پانی کا ٹیپ ٹوٹا ہے ۔ واش بیسن غائب ہے ۔ میں یہ فرسٹ کلاس کی حالت بیان کر رہا ہوں اس سے آپ تھرڈ کلاس کا اندازہ لگا لیں کہ اس کی کیا حالت ہوگی ۔ قیاس کن ز گلستان من بہار مرا ۔

ریلوے سٹیشنوں کی عمارات اور ریلوے سٹاف کے رہنے کے لئے جو کوارٹرز بنے ہوئے ہیں ان کی حالت ناگفتہ بہ ہے ۔ پلاسٹر اکھڑے ہوئے ہیں فرنیچر ٹوٹا ہوا ، پالش غائب ، دروازوں کے قبضوں پر زنگ لگا ہوا ہے ۔ یہ ہے Maintenance کی حالت ۔ اور اتنی بڑی رقم جو ۹ فیصدی کے قریب خرچ کی جاتی ہے ۔ یہ بہت زیادہ ہے حالانکہ معیاری خرچ عمارات کی Maintenance پر ڈیڑھ فیصد ہوتا ہے ۔ اگر اتنا خرچ کرکے بھی ہم اپنی عمارات کو اس حالت میں رکھتے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ بے جا اصراف ہے اور پبلک فنڈز کا غلط مصرف ہو رہا ہے اس میں کمی کرنے کی کوشش کرنی چاہئے ۔ ان حقائق سے مجبور ہو کر میں نے یہ تحریک تخفیف پیش کی ہے ۔

Mr. Speaker : Malik Muhammad Akhtar has also given notice of similar cut motion. He can address the House.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب سپیکر - میں ڈیمانڈ نمبر ۲ کے اس حصہ تک اپنے آپ کو Confine کروں گا جس میں Passengers and other public amenities کا ذکر ہے سب سے پہلے میں جناب ریلوے منسٹر صاحب کا مشکور ہوں کہ انہوں نے نہایت فراخدلی سے کل بھی اس بات کو تسلیم کیا تھا کہ ریلوے ویگن کی Scarcity کے سلسلہ میں فی الحقیقت ریلوے کا عملہ بدعنوانیوں کا مرتکب ہوتا ہے - اور ناجائز مراعات حاصل کرتا ہے - اور آج بھی انہوں نے اس طرح ان کی in efficiency کو تسلیم کیا ہے - کہ Full Wagon اور سامان کی delivery میں فی الحقیقت بعض اوقات اتنا وقت لیا گیا ہے جو Transit Time سے سہ گنا اور چہار گنا ہوتا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ یہی سپرٹ اگر یہاں prevail کرے تو اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ ہم کوئی بہتر کام سرانجام دے سکیں گے - ہم یہاں ایک خاندان کی حیثیت میں بیٹھے ہیں - اور جو فرائض ہمارے ذمہ ہیں ان کا ultimate object یہ ہے کہ پاکستان کی بھلائی ہو - میرا خیال ہے کہ جس کام کے لئے اس ایوان کو بنایا گیا ہے - اس اسمبلی میں کروڑوں روپیہ کے اخراجات کے بعد معزز ممبران منتخب ہو کر آئے ہیں اس میں اگر یہی سپرٹ رہی تو یہ قابل صد ستائش ہوگی -

جناب والا - اب میں نہایت مختصر طور پر ان amenities کا ذکر کروں گا جن کے provide کرنے کے ہم ذمہ دار ہیں - اور جن سے ہم پہلو تہی کر سکتے ہیں - یہ روزمرہ کا تجربہ ہے کوئی ڈھکی چھپی بات

نہیں کہ عام آدمی کو سفر میں جو جو سہولتیں درکار ہیں وہ اسے ہرگز مہیا نہیں کی جاتیں ۔ آپ کو کبھی تھرڈ کلاس میں سفر کرنے کا اتفاق نہیں ہوا ہوگا یوں تو ہمارے بہت سے ممبران بعض اوقات لوگوں کی حالت سٹیشنوں پر دیکھتے ہیں اس سے یہ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ یہ طریقہ سفر کافی حد تک ناقص ہے ۔ جناب والا اس ملک میں درجہ حرارت ۱۱۷-۱۱۸ اور ۱۲۰ تک چلا جاتا ہے ۔ یہ ایک وسیع خطہ ارض ہے جس میں ریگستان بھی ہے ۔ وہاں سے جب ریل گزرتی ہے تو ٹوٹی ہوئی کھڑکیاں اور اس گرمی میں سٹیشنوں پر پانی کا نہ ملنا قیامت کا سماں پیش کرتا ہے ۔

جناب والا ۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ تھرڈ کلاس اور انٹر کلاس میں کرایہ کا تفاوت اس قدر ہے کہ کم از کم میرے جیسا ایک مڈل کلاس کا آدمی برداشت کرنے کے قابل نہیں ۔ اور پھر تھرڈ کلاس کے علاوہ انٹر کلاس کی حالت لیجئے وہاں پر اس سے بھی زیادہ رش ہوتا ہے یہ درجہ بہت ہی over crowded ہوتا ہے ۔ آپ سٹوڈنٹ کلاس کو لیجئے ۔ یہ بچارے generally انٹر کلاس میں سفر کرتے ہیں اور کافی اچھے کھاتے پیتے گھرانے کے ہوتے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ اس میں اتنا حبس ہوتا ہے اور گرمی کی اتنی شدت ہوتی ہے اور بے بسی کا وہ عالم ہوتا ہے کہ بیان کرنے کے قابل نہیں ۔ کم از کم میں اس قابل نہیں کہ express کر سکوں کہ اس سفر میں کیا کیا دقتیں ہیں ۔ ایک محتاط اندازہ کے مطابق آپ کی ۱۰۸ ٹرینیں over crowded جاتی ہیں ۔ اندازہ فرمائیے کہ آبادی جس تیزی سے بڑھ رہی ہے ۔ ہر دس سال کے بعد آبادی

دو گنا ہو جاتی ہے - لیکن آپ کی ٹرینوں کی تعداد میں کوئی خاطر خواہ اضافہ نہیں ہوا - میں تسلیم کرتا ہوں کہ ۱۰۰ فیصد اضافہ ہوا ہے لیکن ۱۰۰ فیصد increase جس عرصہ میں ہوئی ہے اس عرصہ میں کم از کم ۵۰۰ فیصد increase ہوتی تو پھر یہ facilities مہیا کی جا سکتی ہیں - آپ اندازہ لگائیں کہ ہماری حکومت نے اپنے اوپر جو ذمہ داری لے رکھی ہے وہ یہ ہے کہ سفر میں سہولتوں مہیا کی جائیں - لیکن ہم ان سے محروم ہیں - یہ معاملہ کافی سنگین ہے - آپ ان سے کہیں بلکہ اگر یہ ہاؤس حکم دے سکتا ہوتا تو میں سمجھتا ہوں کہ ہم بڑے خوش نصیب ہوتے کہ ایک ریزولیوشن پاس کرتے اسے implement کراتے وہ یہ کہ سیکنڈ کلاس اور فرسٹ کلاس کے جو کمپارٹمنٹ ہیں انہیں فی‌الفور تھرڈ کلاس یا انٹر کلاس میں convert کر دیا جائے -

جناب والا - میں اس چیز میں Believe نہیں کرتا کہ آپ کے کسی سٹیشن پر ایک گاڑی کھڑی ہے جس میں درجہ بدرجہ تھرڈ کلاس ، انٹر کلاس ، سیکنڈ کلاس ، فرسٹ کلاس اور ایرکنڈیشنڈ پانچ درجہ بنے ہوئے ہیں اور اگر آپ چاہیں تو ایرکنڈیشنڈ سے بھی بڑھا کر کوئی اور درجہ بنا لیں لیکن اسلام تو مساوات سکھاتا ہے آپ مجھے یہ بتائیے کہ آپ نے اس وقت عوام کے لئے لوئر کلاس کے کتنے کمپارٹمنٹ بنائے ہیں - جن میں عوام سہولت سے سفر کریں - ان الفاظ کے ساتھ میں اس کی حمایت کرتا ہوں -

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - اس جانب سے اس مطالبہ زر کے اس پہلو پر کہ عوام کے لئے دوران سفر

کیا سہولتیں مہیا کی جا رہی ہیں ۔ محترم ملک اختر صاحب نے اپنے خیالات کا اظہار فرمایا ہے اور کل محترم وزیر ریلوے صاحب نے اپنی بے بسی کا اظہار کچھ ان الفاظ میں کیا تھا کہ ہمارے پاس جس قدر روپیہ ہے ہم اس تناسب سے عوام کے لئے سہولتیں مہیا کر سکتے ہیں زیادہ نہیں کر سکتے ، ایک طرف یہ دعویٰ ہے کہ یہ utility سروس ہے اور دوسری طرف بے بسی کا یہ عالم ہے کہ کہتے ہیں کہ ہمارے پاس ہے ہی کیا کہ ہم کسی کی خدمت کر سکیں اور کسی کو آسائش پہنچا سکیں ۔ دونوں باتیں متضاد ہیں ۔ یا تو یہ utility ڈیپارٹمنٹ ہے ہی نہیں اور اگر utility ڈیپارٹمنٹ ہے تو ہمیں بتایا جائے کہ عوام کو پچھلے چند سالوں میں کیا آسائش مہیا کی گئی ۔ بلکہ جیسا کہ ملک اختر صاحب نے ارشاد فرمایا ہے ''آسائشیں تو کجا سفر کو زیادہ پر صعوبت بنا دیا گیا ہے ۔ بہت سی وجوہات میں سے ایک وجہ یہ ہے کہ ریلوے کے مقابلہ میں بسوں پر لوگ زیادہ سفر کرنا پسند کرتے ہیں خصوصیت سے جب تھوڑے فاصلے کا سفر کرنا ہو ۔ بہر حال میں اس کی Details میں اور اس کی تفصیلات میں اس وقت جانا پسند نہیں کرتا کیونکہ اس کا اظہار کرنا ایک تکرار ہوگی ۔ میں صرف کچھ تقابلی نقشہ اور کچھ اس کا خاکہ پیش کرنا چاہتا ہوں کہ ہماری حکومت پچھلے چند سالوں سے اس مد پر کیا صرف کر رہی ہے ۔ ہماری حکومت نے کیا مواعید کئے اور کس حد تک ان کو پورا کیا اس سے آپ اور اس معزز ایوان کے معزز اراکین اندازہ کر سکیں گے کہ ہم اس utility

ڈیپارٹمنٹ کو کس طرح لوگوں کی آسائش کے لئے استعمال کر رہے ہیں۔

جناب والا ۔ ۱۹۶۲-۶۳ء میں مسافروں کی آسائش کے لئے صرف ۷ لاکھ ۴۲ ہزار روپیہ خرچ ہوا ریونیو سے ۔ اور اس سال ۱۳ کروڑ ۱۹ لاکھ ۴۸ ہزار مسافروں نے اس ریل پر سفر کیا ۔ اگر اس خرچ کو فی کس سالانہ دیکھا جائے تو ایک آدمی پر ایک سال میں نصف نیا پیسہ خرچ کیا گیا ۔ ملاحظہ ہو یہ utility ڈیپارٹمنٹ اور اگر ۱۹۶۴ء اور ۱۹۶۵ء کو دیکھا جائے تو اس سال حد ہی ہو گئی صرف تین لاکھ ۹۵ ہزار روپیہ اس مد پر خرچ ہوا ہے اور مسافر پہلے سے تقریباً ۶ لاکھ بڑھ گئے یعنی ۱۳ کروڑ ۲۵ لاکھ سے زیادہ مسافروں نے اس سال سفر کیا اور اگر اس کا بھی اس طرح حساب لگایا جائے تو ایک سال میں ایک نیا پیسہ ۴ مسافروں پر صرف ہوا ہے ۔

جناب والا ۔ میں عرض کر دوں کہ اس قسم کی ایک مد کیپٹل Expenditure پر ہوئی ہے اور شاید میرے کوئی دوست مجھ پر اعتراض کریں کہ میں نے اس موضوع کے اس پہلو کو ایوان کے سامنے نہیں پیش کیا تو اس کے متعلق بھی عرض کئے دیتا ہوں کہ کیپٹل Expenditure ۱۹۶۲-۶۳ء میں ۵ لاکھ ۳۲ ہزار دکھایا گیا ہے اور ۱۹۶۳-۶۴ء میں ۱۳ لاکھ

۱۶ ہزار خرچ ہوا ہے۔ اگر ان دونوں سالوں کو ملا لیا جائے اور پھر تناسب ان دونوں مدوں کا ملا لیا جائے تو پھر تناسب یہ ہے کہ ایک سال میں ایک مسافر پر ایک پیسہ خرچ ہوا ہے۔ اگر آپ اس مناسبت کو سامنے رکھیں اور پھر اندازہ لگائیں تو ان مسافروں سے ریلوے کو کم و بیش ۲۶ کروڑ روپے سالانہ کی آمدنی ہوتی ہے اور مسافروں کی آسائش پر جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ کیا کچھ خرچ ہوتا ہے۔

جناب والا۔ یہ تو میں نے خرچ کی بات کر دی لیکن بچت میں ہمیشہ اگر ایک معقول رقم نہیں تو کم سے کم خرچ سے کئی گنا زیادہ رقم ہر سال دکھائی گئی ہے۔ مثال کے طور پر ۱۹۶۲-۶۳ء میں ۱۵ لاکھ دکھائی گئی ہے - ۱۹۶۳-۶۴ء میں ۱۲ لاکھ ۴۴ ہزار ہے جب کہ اس کا صرف ۲۵ فیصدی خرچ ہوا ہے۔ پچھلے سال ۲۴ لاکھ ۸۴ ہزار دکھائی گئی تھی لیکن واقعتاً کیا خرچ ہوا۔ یہ میں کسی کتاب میں تلاش نہ کرسکا۔ اور اس سال وہ رقم ۲۰ لاکھ دکھائی گئی ہے۔ لیکن اگر اسی تناسب سے خرچ ہونا ہے جس تناسب سے ۱۹۶۲-۶۳-۶۴ء میں خرچ ہوا ہے تو پھر اس کا ۲۵ فیصدی اور لگا لیجئے تو آئندہ سال ۵ لاکھ روپے خرچ ہو جائیں گے۔ جناب والا۔ یہ خرچ کا ایک تقابلی خاکہ میں نے آپ کے سامنے پیش کیا ہے۔ اب میں آپ کے سامنے کارگذاری پیش کرتا ہوں۔ ۱۹۶۴-۶۵ء کے قرطاس ابیض میں کچھ مواعید کئے گئے تھے وہ میں جناب آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں۔ اس مد میں کہ ہم کیا کچھ کریں۔ ۱۹۶۴-۶۵ء

کا قرطاس ابیض میرے سامنے ہے۔ اس کے صفحہ ۲۱ میں یہ ارشاد فرمایا گیا ہے :-

PASSENGERS AND OTHER PUBLIC AMENITIES:

Under the head "Passengers and other Public Amenities" provision has been made for:—

(*i*) Shelters on station platforms..... 25 Stations

(*ii*) Passenger platforms - - - - - - - - - - 4 "

(*iii*) Waiting Halls for lower class passengers 12 - - - "

(*iv*) Waiting Rooms for Inter-class passengers 3 - - - "

(*v*) Flush type latrines - - - - - - - - - - - - 6 - - - "

(*vi*) Water coolers at certain stations in Lahore, Multan, Rawalpindi and Sukkur Divisions.

(*vii*) Facilities like electric fans, benches, bathing facilities at certain stations.

(*viii*) Generating equipments on 25 non-generating coaches of new stock.

جناب والا - یہ تو ۶۵-۱۹۶۴ء میں ہم سے وعدہ کیا گیا تھا - اب رہا یہ کہ اس سال ہمارا محکمہ ریلوے جو اپنے آپ کو رفاہی ادارہ کہلوانا زیادہ مناسب سمجھتا ہے اس نے ان کاموں میں کیا کیا - یہ ۶۶-۱۹۶۵ء کا قرطاس ابیض میرے ہاتھ میں ہے اس کے صفحہ ۳۱ پر ہے - ذرا الفاظ ملاحظہ فرمائیے -

PASSENGER AND PUBLIC AMENITIES AND STAFF WELFARE WORKS:

(14) A large number of works were carried out for providing amenities to passengers and for staff welfare.

ذرا الفاظ ملاحظہ فرمائیے جناب کہ مسافروں کی سہولتوں کے لئے ہم نے passenger amenities پچھلے سال کیا کیا - اس کو ذہن میں رکھئے جو میں نے ابھی ابھی پڑھا ہے - وہ فرماتے ہیں -

The former includes provision of passenger platform shelters at Khanpur; Sibi, Wazirabad, Sann, Jungshahi and Jacobabad stations.

وعدہ تھا کہ ۲۵ سٹیشنوں پر پلیٹ فارم بنائے جائیں گے - اور وہ جناب آگے لکھتے ہیں : -

.....third class waiting halls at Puno Akil, Jahanian and Sehwan stations;

تو تین سٹیشنوں پر یہ بنائے گئے جب کہ وعدہ تھا کہ ہم چار پر بنائیں گے - اور اس کے بعد واٹر کولرز کے متعلق ارشاد فرماتے ہیں -

water coolers at Samasata, Pakpattan, Bahawalpur and Bhakkar stations;

تو صرف چار سٹیشنوں پر واٹر کولرز لگائے جب کہ وعدہ تھا کہ سب پر لگائیں جائیں گے اور اس کے لئے ساری ڈویژنیں گن چھوڑی تھیں - یعنی صرف بعض سٹیشنوں پر لگائے گئے تو اس کا مطلب نکل سکتا ہے کہ ایک ایک ڈویژن میں لگائے گئے -

and flush type latrines in upper class waiting rooms at various stations.

ان کی تعداد نہیں دی ہوئی - مجھے معلوم نہیں کہ various سے مراد دو لوں یا ۲۰۰ لوں - تو یہ وہ طریقہ ہے کہ جس سے ہماری گورنمنٹ ان تحریر میں لائے ہوئے وعدوں کو پورا کرتی ہے - روپیہ جو فراہم کیا گیا ہے اس کو محض دکھاوے کے لئے رکھ چھوڑا ہے - سال بھی گزر گیا لیکن اس کا ۲۵ فیصدی

حصہ اس مد پر خرچ نہیں ہوا اور دوسری طرف تحریر میں لائے ہوئے وعدوں سے متعلق ہم یہ کہیں گے کہ ان کو اس طرح سے پورا کیا جائے۔ ان حالات میں یہ دعویٰ کہ یہ ریلوے utility Department ہے یہ میرے دوستوں کے منہہ سے سجتا نہیں۔ بہتر یہ ہے کہ ہم اپنے اس رویہ کو تبدیل کریں اور اپنے انداز فکر کو بدلیں۔ کہ ہم نے ریلوے کے مسافروں کے لئے زیادہ سے زیادہ سہولتیں دینی ہیں۔ یہ وعدہ کریں اپنے دلوں سے اور پھر اس وعدے کو پورا کرنے کے لئے زیادہ سے زیادہ جد و جہد کریں۔ پھر البتہ ہم یہ دعویٰ کر سکتے ہیں That the Railways is a Utility Deptt. مجھے امید ہے کہ میرے محترم جناب وزیر ریلوے میری ان گذارشات پر توجہ دیں گے۔ یہ ضروری نہیں کہ اس ڈیمانڈ پر بحث کے ختم ہونے پر وہ جواب دے دیں۔ میری ان گذارشات کا جواب ارشاد فرمائیے بلکہ میں یہ توقع رکھتا ہوں کہ وہ آئندہ سال میں اس رقم کو جو کہ اس مد میں Revenue side اور Capital side دونوں میں مختص کی گئی ہے۔ اس کو پوری طرح utilize کریں گے اور اس کا پوری طرح سے استعمال کرائیں گے تاکہ اس سال سابقہ سالوں کی تاریخ کو دھرایا نہ جائے اور مسافروں کو زیادہ آسائش اور آرام مل سکے اور اگر زندگی رہی تو میں اگلے سال جناب وزیر ریلوے کو اس امر کی مبارک باد دوں گا کہ آپ نے ۶۶-۱۹۶۵ء کے قرطاس ابیض میں جو وعدے کئے تھے اس مد میں وہ آپ نے پورے کئے ہیں۔ ان گذارشات کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

مسٹر سیف اللہ خان (بہاول نگر - م) - جناب والا - جو میرے معزز دوستوں نے اختر صاحب اور فاروقی صاحب نے فرمایا کہ برانچ لائنوں پر یہ ہوتا ہے اور برانچ لائنوں پر ظلم ہوتا ہے - برانچ لائنوں کے ڈبے ٹوٹے ہوئے ہیں - اور برانچ لائنوں پر lights نہیں - مجھے اس سے اتفاق نہیں چونکہ وہ مین لائن کے رہنے والے ہیں اور دوسرے ان حضرات نے غالباً برانچ لائنوں پر سفر نہیں کیا - برانچ لائنوں کا جتنا میں عرض کر سکوں گا وہ شاید Imagine بھی نہیں کر سکتے ہوں گے شاید جانتے بھی نہ ہوں کیونکہ وہ برانچ لائنوں کے رہنے والے نہیں - میں اس علاقے سے آیا ہوں جہاں برانچ لائن Most backward area برانچ لائن ہے اور جو desert سے گزرتی ہے - تو اس کے متعلق میں عرض کروں گا کہ شاید ان کو دیکھنے کا اتفاق بھی نہیں ہوا ہوگا - تو اس پر انہوں نے فرمایا ہے کہ ڈبوں میں lights نہیں ہیں - میرا خیال ہے کہ وہاں ڈبوں میں lights کی شکایت تقسیم ملک کے بعد ہوتی تھی اور lights کہیں بھی نہیں ہوتی تھیں - اس کے علاوہ انہوں نے فرمایا ہے کہ پینے کے پانی کا انتظام ریلوے سٹیشنوں پر نہیں ہے - جناب والا - وہ نو آبادی ۱۹۲۷ء سے آباد ہونا شروع ہوئی اور اس سے پہلے وہاں بالکل Desert تھا - ۱۹۲۷ء میں آبادی شروع ہوئی - وہاں پینے کے پانی کی آج تک کمی ہے اور جب نہریں بھی بند ہو جاتی تھیں تو پینے کا پانی جو لوگ دیہاتوں میں رہتے تھے وہ ریلوے سٹیشنوں پر سے لے جاتے تھے - ریلوے سٹیشنوں پر پینے کے پانی کا اتنا پرانا

انتظام ہے کہ جہاں کنویں نہیں نکل سکتے تھے وہاں ٹینک بنے ہوئے ہوتے تھے اور وہ سمہ سٹہ یا کسی اور جنکشن سے جو نزدیک پڑتا ہو وہاں وہ ٹینک سے لا کر ٹینک کو بھر دیتے تھے اور پینے کا پانی وہاں سے دیہاتوں میں کئی سالوں سے جاتا رہا ہے اور ریلوے سٹیشنوں پر سے لوگ لے جاتے رہے ہیں برعکس اس کے کہ جو انہوں نے فرمایا ہے کہ پینے کے پانی کا انتظام بھی نہیں ہے ۔ جہاں تک انہوں نے فرمایا ہے کہ فرسٹ کلاس میں Bed lights نہیں تو Bed lights کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ میں اس علاقے کی طرف سے اس ریلوے کے محکمہ کا مشکور ہوں کہ انہوں نے فرسٹ کلاس ختم کرکے برانچ لائنوں پر سیکنڈ کلاس کر دیا ہے اور سیکنڈ کلاس کو انٹر کلاس کر دیا ہے اور جو فرسٹ کلاس کی آسائشیں تھیں وہ تمام سیکنڈ کلاس کو دے دی گئی ہیں اور جو سیکنڈ کلاس کی آسائشیں تھیں وہ انٹر کلاس میں سفر کرنے والوں کو دے دی گئی ہیں ۔

اس کے علاوہ انہوں نے فرمایا ہے کہ برانچ لائنوں پر پلیٹ فارموں اور مسافر خانوں کا کوئی انتظام نہیں ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ ہم برانچ لائنوں کے رہنے والے ہیں ہم کبھی یہ امید بھی نہیں کر سکتے تھے کہ ان لائنوں پر ریلوے کا محکمہ اتنا معقول انتظام کریگا یا اتنا معقول انتظام ہو سکتا ہے ۔ جو ان پچھلے دو تین سالوں میں ہوا ہے ۔ جناب والا ۔ سمہ سٹہ سے بہاولنگر کے ڈیڑھ سو میل کے ٹریک کو لیجئے ۔ تمام سٹیشنوں کو ریماڈل کیا گیا ہے ۔ ویٹنگ روم بنائے گئے ہیں ۔ ایسے سٹیشن بھی ہیں جہاں ان ویٹنگ رومز میں کوئی بیٹھنے والا

نہیں ملتا - پلیٹ فارم بنائے گئے ہیں - سایہ کی وہاں خاص طور پر ضرورت ہوتی ہے - بہت سے سٹیشن ہیں جن پر شیڈ بنا دئے گئے ہیں - برانچ لائنوں کے سٹیشنوں پر امید بھی نہیں تھی کہ وہاں فین لگائے جائیں گے - جہاں بجلی ہے وہاں فین بھی لگا دئے گئے ہیں - مثلاً چشتیاں ریلوے سٹیشن پر - جناب والا - صرف مخالفت برائے مخالفت نہیں کرنی چاہئے - میں ان سے گذارش کروں گا کہ وہ بلا وجہ مخالفت کر کے اپنا وقت ضائع نہ کریں -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - جناب والا - معزز ممبر نے اپنی تقریر کے دوران یہ فرمایا ہے کہ ہم نے کبھی برانچ لائن دیکھی نہیں - اور ہم مین لائنوں کے رہنے والے ہیں - دراصل انہیں دوسرے ممبران اسمبلی کے متعلق یہ نہیں کہنا چاہئے تھا کہ انہوں نے غلط بیانی سے کام لیا ہے - میں نے جو کچھ عرض کیا تھا اپنے ذاتی تجربہ کی بناء پر عرض کیا تھا - میں ان کی اطلاع کے لئے تھوڑی سی تفصیل عرض کرتا ہوں - میں اکثر اپنی کاروباری ضروریات کے سلسلہ میں حیدر آباد سے میر پور خاص تک اور ملک وال سے پنڈ دادن خان تک سفر کرتا ہوں - اور فرسٹ کلاس میں بیڈ لائٹس کے متعلق جو میں نے عرض کیا تھا اس کا یہ مطلب نہ تھا کہ تھرڈ کلاس میں نہیں ہیں - اس وقت میں نے یہ مصرعہ پڑھا تھا ع -

قیاس کن ز گلستان من بہار مرا

کہ جب فرسٹ کلاس میں یہ حالت ہے تو تھرڈ کلاس کی کیا حالت ہوگی - اس کا اندازہ آپ خود کر سکتے ہیں -

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان تمن) - جناب والا - خواجہ صاحب تشریف فرما نہیں ہیں - مگر میں عرض کئے دیتا ہوں -

مسٹر سپیکر - آپ بھی تشریف فرما نہیں تھے جب وہ فرما رہے تھے -

وزیر ریلوے - میں حاضر ہو گیا تھا - انہوں نے بار بار اپنی تقریروں میں یہ ذکر فرمایا ہے کہ پرانے سیاست دانوں کے دور میں یہ ہوتا تھا - اور انہوں نے ہم پر مختلف قسم کے اعتراضات کئے ہیں انہوں نے یہ بھی فرمایا ہے کہ ہمیں عوامی سہولتوں پر زیادہ خرچ کرنا چاہئے - تو جناب میں ان کی خدمت میں عرض کر دوں کہ ۱۹۴۸ء سے ۱۹۵۹ء تک سہولتوں پر ۱۰ لاکھ روپے خرچ کئے گئے تھے - اور اب جناب پچھلے تین سال میں ہم نے ایک کروڑ ۵۰ لاکھ روپے خرچ کئے ہیں - اور آئندہ بھی ہماری یہ کوشش ہوگی کہ مسافروں کو جس قدر سہولتیں دے سکیں دیں - جس قدر روپیہ بچ سکے گا کہیں سے ضروری خرچ کے بعد اسے اسی مد میں خرچ کیا جائیگا

باقی رہا جو فاروقی صاحب نے فرمایا ہے کہ ہمارا maintenance کا خرچ ۹ فیصد ہے - تو یہ ۹ فیصد نظر بظاہر ہے - اگر غور کیا جائے تو ہمارے جو املاک ہیں ان کی قیمت اس زمانہ کے لحاظ سے ہے جس زمانہ میں وہ خریدے گئے تھے - مگر ان کی مرمت اور رکھ رکھاؤ کے اخراجات آج کی قیمتوں کے مطابق ہیں - آج کل کے نرخوں کے مطابق ہمارے املاک کی قیمت تین سو کروڑ سے زیادہ بنتی ہے - یہ اگر اس کے اوپر

تقسیم کریں تو مرمت اور رکھ رکھاؤ کے اخراجات شاید ۳۵ یا ۳۶ فیصد بنیں گے ۔ اس کے ساتھ ساتھ جناب ہمارے املاک میں بھی اضافہ ہوا ہے ۔ رولنگ سٹاف میں اضافہ ہوا ہے ۔ ڈیزل انجنوں میں شاید ۸۷ کا اضافہ ہوا ہے ۔ لا تعداد ڈبے خریدے گئے ہیں ۔ ویگن اور اس قسم کا سامان خریدا گیا ہے ۔ وہ اسے نوٹ فرما لیں ۔

باقی رہا ان کا اعتراض جو مرمت اور رکھ رکھاؤ پر ہے ۔ تو میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ریلوے کا سسٹم ۷۰ یا ۸۰ سال کا پرانا ہے ۔ ہماری تمام عمارتیں پرانی ہیں ۔ ٹریک پرانے ہیں ۔ سامان پرانا ہے ۔ اس لحاظ سے ہماری بلڈنگوں کی جو مرمت ہے وہ بہت بہتر حالت میں ہے ۔ کوئی ہمارا ٹریک خراب نہیں ۔ کوئی عمارت گری ہوئی نہیں ۔ کوئی پل ٹیڑھا نہیں ۔ اور یہ سب ہمارے اچھے رکھ رکھاؤ اور مرمت کا ثبوت ہے ۔ اس کے ساتھ ہی میں یہ بھی عرض کر دوں کہ جو کوئلے سے چلنے والے انجن ہیں ۔ سٹیم انجن ، ان کی زندگی ۳۰ سال ہے ۔ تیس سال کے بعد ان کی زندگی ختم ہو جاتی ہے ۔ مگر ہمارے پاس ایسے سٹیم انجن بھی ہیں جنہیں چلتے ہوئے ۴۵-۴۵ سال ہو گئے ہیں ۔ یہ ہمارے رکھ رکھاؤ اور مرمت ہی کی خوبی ہے ۔ یہی پوزیشن ویگنز کی ہے ۔ جہاں تک ٹریک کا تعلق ہے ہم ایک ہی ٹریک کو کئی مرتبہ استعمال کرتے ہیں ۔ پہلے ہم اس سے ۳۰ سال تک مین لائن پر کام لیتے ہیں ۔ پھر وہاں سے اکھاڑ کر اسے برانچ لائن پر لے جاتے ہیں ۔ ۳۰ سال وہاں برانچ لائن پر اس سے کام لیتے ہیں ۔ اس کے بعد اسے وہاں سے اکھاڑ کر یارڈ میں لے آتے ہیں اور تیس سال تک

اس سے وہاں کام لیتے ہیں - پھر اسے بھٹی میں بطور سکریپ استعمال کر کے اس سے فولاد بناتے ہیں - ہماری موجودہ بھٹی جو ہم چلا رہے ہیں اس کی استعداد سات آٹھ سو ٹن ہے - ہماری موجودہ بھٹی تقریباً ۹-۱۰ ہزار ٹن سٹیل تیار کریگی - کل بھی میں نے عرض کیا تھا کہ ہم ساڑھے تیرہ ہزار ٹن سٹیل تیار کر سکیں گے - میری گذارش یہ ہے کہ ہم مرمت اور رکھ رکھاؤ کے اخراجات کم سے کم رکھنے کے لئے جو کچھ ہم سے ہو سکتا ہے کرتے ہیں - اور اس کا جو نتیجہ ہے وہ بڑا اچھا ہے - اور اس سے اعلیٰ اور بہتر کارکردگی ظاہر ہوتی ہے - مثال کے طور پر ۵۵-۱۹۵۴ء میں ہماری جو مرمت طلب ویگن تھی - ان کی percentage ۶۰۹ تھی - اور اب ۵۰۵ ہے - یہ percentage بہتر مرمت اور بہتر دیکھ بھال کی وجہ سے کم ہوئی ہے - اس کے علاوہ زیر مرمت انجنوں کی percentage ۵۵-۱۹۵۴ء میں ۱۳۰۲ تھی - اور اب انجنوں کی بہتر طور پر دیکھ بھال کی وجہ سے یہ percentage ۱۱۰۷ رہ گئی ہے - ۵۵-۱۹۵۴ء میں جو Engine failure تھی ان کی اوسط ایک لاکھ میل تھی - جو کہ اب ایک لاکھ بتیس ہزار میل ہے - یعنی اس میں ۲۹ فیصدی improvement ہوئی ہے - ہم اس سلسلے میں جو اخراجات کر رہے ہیں - وہ اپنی طرف سے کم از کم کر رہے ہیں - اور ان سے ہم زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھا رہے ہیں - اور ان اخراجات کے فوائد آپ سب صاحبان کے سامنے ہیں - میرے سب ہی بھائی گاڑیوں میں سواری کرتے ہیں - اور وہ دیکھتے ہوں گے کہ ہماری ہر چیز صحیح اور درست حالت میں ہر جگہ پر موجود ہے -

Mr. Speaker: I will now put the cut motion.

The question is:

That the total of Rs. 14,15,84,000 on account of Ordinary Working Expenses—Repairs and Maintenance—Total other Expenditure—Recurring—Other than New Expenditure be reduced by Re. 1.

The motion was lost

Demand No. 3.

Mr. Speaker: Now, we will take up Demand No. 3 and the first cut motion is in the name of Mr. Mahmood Azam Farooqi. He may please move it.

Mr. Mahmood Azam Farooqi: I move:

That the total of Rs. 18,27,91,000 on account of Ordinary Working Expenses—Operating Expenses—Total other Expenditure—Recurring—Other than New Expenditure be reduced by Rs. 1,00,00,000.

Mr. Speaker: The motion moved is:

That the total of Rs. 18,27,91,000 on account of Ordinary Working Expenses—Operating Expenses—Total other Expenditure—Recurring—Other than New Expenditure be reduced by Rs. 1,00,00,000.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - جناب والا - یہ مطالبہ زر نمبر ۳ ہے - جس میں کہ اٹھارہ کروڑ ستائیس لاکھ اکیانوے ہزار روپے کی رقم کا مطالبہ Ordinary Working Expenses—Operating Expenses کے لئے کیا گیا ہے - یہ رقم ریلوے کو چلانے کے براہ راست اخراجات سے متعلق ہے - اور ۱۹۶۳-۶۴ء میں اسی مد میں سترہ کروڑ چوبیس لاکھ روپے خرچ ہوئے تھے - اور آئندہ سال کے لئے اس سلسلے میں جو تخمینہ ہمارے سامنے پیش کیا گیا ہے ، وہ ۱۹۶۳-۶۴ء سے ایک کروڑ چار لاکھ روپے یعنی اس میں چھ فیصد کا اضافہ ہے - یہ چھ فیصد کا اضافہ براہ راست اخراجات میں کوئی بہت زیادہ قابل توجہ بات نہیں ہے - کیونکہ ان

سالوں کے دوران میں یعنی ۱۹۶۳ء ، ۱۹۶۴ء اور ۱۹۶۵ء کے دوران میں اشیاء کی قیمتوں میں جو اضافہ ہوتا رہا ہے ۔ اس کو مد نظر رکھ کر یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ بات کچھ زیادہ alarming نہیں ہے ۔ لیکن میں نے جو تحریک تخفیف زر پیش کی ہے اس کی تفصیلات کا مطالعہ کرتے وقت دو تین چیزوں کے متعلق یہ محسوس ہوتا ہے کہ وزیر صاحب اور متعلقہ حکام کی خاص توجہ کی مستحق ہے ۔ آپ بجٹ کے صفحہ ۲۷ پر ملاحظہ فرمائیں ۔ تو معلوم ہوگا کہ ۱۹۶۳-۶۴ء میں ریلوے کے اخراجات کے لئے ۳۱ لاکھ ۷۵ ہزار روپے کا کوئلہ درآمد کیا گیا تھا ۔ اور ۱۹۶۴-۶۵ء میں اس خرچ کو کم کر کے ۱۹ لاکھ ۳۵ ہزار روپے کر دیا گیا تھا ۔ ۱۹۶۵-۶۶ء یعنی آئندہ مالی سال کے دوران میں اس خرچ میں کوئی کمی نہیں کی گئی ۔ اور گذشتہ مالی سال یعنی ۱۹۶۴-۶۵ء کے اعداد و شمار کو ہی دھرایا گیا ہے ۔ تو جب درآمدی کوئلے کے خرچ میں دس لاکھ کی کمی کی جا سکتی تھی تو یہ اس بات کی طرف اشارہ کرتی ہے کہ خرچ میں کمی کے مواقع موجود ہیں ۔ اور بالخصوص جب کہ ابھی پچھلے دن ہی ہم نے بگاری مائینز پر خرچ کرنے کے لئے ۲۰ لاکھ روپے کی منظوری دی ہے ۔ جب ہمارے اندرون ملک کوئلے کی کانیں اپنی پیداوار میں اضافہ کر رہی ہیں اور ان پر صوبائی حکومت کے بجٹ سے کافی روپیہ بھی خرچ کیا جا رہا ہے تو کوئی وجہ نہیں ہے کہ اس بات کی پوری جد و جہد نہ کی جائے کہ بھٹیوں میں اور Locomotive Engines میں جہاں تک ممکن ہو سکے درآمدی کوئلہ استعمال کرنے کے بجائے اندرون ملک میں پیدا شدہ کوئلہ استعمال کیا جائے ۔ اور اس طرح بیرونی خرچ میں کمی کی جائے ۔ یہ یقیناً قابل تعریف ہے کہ

۱۹۶۳-۶۴ء کے مقابلے میں ۱۹۶۴-۶۵ء میں بیرونی کوئلے کی درآمد میں قابل ذکر کمی ہوئی ہے ۔ اس کے لئے محکمہ قابل مبارک باد ہے ۔ لیکن ضرورت اس بات کی تھی کہ ۱۹۶۵-۶۶ء میں اس خرچ میں مزید کمی کی جاتی ۔ پھر اسی صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں کہ یہ بات عجیب ہے کہ Furnace oil کے درآمدی خرچ میں صرف چار فیصد ہی کمی کی گئی ہے ۔ اور اندرون ملک کی جو اپنی پیداوار ہے ۔ اس کے استعمال میں تیرہ فیصد کمی کی گئی ہے ۔ اس طرح اخراجات میں جو تیس لاکھ روپے کی بچت ہوئی ہے ۔ اس میں سے زیادہ تر بچت کا حصہ اندرون ملک میں پیدا ہونے والے مال کا ہے ۔ اس طرح ہمارے سارے اخراجات میں جو درآمد شدہ مال کا Component ہے ۔ اور جو ۳۶ لاکھ ۷۳ ہزار روپے بنتے ہیں ۔ اس میں بڑا حصہ درآمد شدہ Furnace oil کا ہے ۔ اور ڈیزل آئل کی مد میں تو اس سے بھی زیادہ تشویشناک صورت حال ہے ۔ درآمد شدہ ڈیزل آئل میں ۱۷ فیصد کا اضافہ ہوا ہے ۔ اور اس کے مقابلے میں اندرون ملک میں جو ڈیزل آئل تیار ہوتا ہے ۔ اس میں ۸ فیصد کی کمی ہے ۔ حالانکہ صورت حال اس کے بالکل برعکس ہونی چاہئے تھی ۔ یعنی ملکی مال کے استعمال میں تو اضافہ کیا جاتا ۔ اور درآمدی مال میں رفتہ رفتہ کمی کی جاتی ۔ اسی صفحہ پر ایک اور مد ہے ۔ Losses on fuel میں اس مد کا صحیح مقصد تو نہیں سمجھ سکا شاید اس کے معنی Stock losses کے ہیں ۔ تو اس کے لئے ۱۹۶۴-۶۵ء میں ۶ لاکھ ۸۶ ہزار روپے کا تخمینہ تھا ۔ اور ۱۹۶۵-۶۶ء میں وزیر ریلوے کا اس کے لئے ۷ لاکھ ۸۶ ہزار روپے کا تخمینہ ہے ۔ جو ۱۹۶۴-۶۵ء کے مقابلے میں تقریباً پندرہ فیصد زیادہ ہے ۔ اور ان دونوں سالوں میں جو چیزیں ہم استعمال کرنے والے

ہیں ۔ اور کرتے رہے ہیں ۔ اور جس مد میں ہمیں نقصان کی توقع ہے ۔ اس مد میں ۶۵-۱۹۶۴ء میں ۷۰ فیصد اور ۶۶-۱۹۶۵ء میں ۸۰ فیصد ہے ۔ لیکن آپ کی وساطت سے جناب وزیر ریلوے کی توجہ اس صورت حال کی طرف دلاتا ہوں کہ درآمد شدہ مال کے خرچ پر زیادہ سے زیادہ توجہ کرنا اور اندرون ملک میں پیدا ہونے والے مال کے استعمال پر کم توجہ دینے سے Stock Losses میں روز بروز اضافہ ہوتا رہا ۔ یہ صورت حال تشویشناک ہے ۔ جناب وزیر ریلوے نے اپنی تقریر میں اس بات پر بڑی خوشی کا اظہار کیا ہے ۔ اور بے شک یہ خوشی کی بات بھی ہے کہ ریلوے کے خلاف دوسرے لوگوں کے نقصانات کے جو مطالبے تھے ۔ ۶۴-۱۹۶۳ء میں ان میں دو فیصد کمی ہوئی ہے ۔ یہ بات صحیح ہے ۔ کہ ۶۴-۱۹۶۳ء کے مقابلے میں ریلوے کے خلاف دائر کردہ مطالبات ۶۵-۱۹۶۴ء میں چار لاکھ گیارہ ہزار سے گھٹ کر چار لاکھ رہ گئے تھے ۔ یعنی ان میں دو فیصد کی کمی واقع ہوئی تھی ۔ لیکن یہ بات اور بھی زیادہ تشویشناک ہے کہ ۶۶-۱۹۶۵ء میں چھ لاکھ کا اندازہ رکھا گیا ہے ۔ یعنی اس میں ۵۰ فیصد کا اضافہ کیا گیا ہے ۔ گویا سال گذشتہ میں ریلوے نے اپنی کارکردگی اور اہلیت کی بناء پر لوگوں کے نقصانات کے مطالبات میں دو فیصد کمی کی تھی ۔ لیکن ۶۶-۱۹۶۵ء میں وہ غالباً پہلے ہی سے طے کئے بیٹھے ہیں کہ اب کے وہ نا اہلی سے کام کریں گے ۔ اور اب نقصانات کے مطالبات میں پچاس فیصدی اضافہ کر دیا جائے گا ۔

جناب عالی اس مد میں Operating Staff کا معاوضہ شامل ہے ۔ اور اس سٹاف کے بارے میں بہت کہا جا چکا ہے اور اس کے اعداد و شمار بھی پیش کئے جا چکے ہیں ۔ میں آپ حضرات کا وقت ضائع نہیں کروں گا ۔

صرف دو تین باتیں جو پہلی گفتگو میں رہ گئی ہیں ان کے متعلق ضرور عرض کروں گا ۔ Operating Staff جو دراصل ریلوں کو چلانے کا براہ راست ذمہ دار ہے ۔ اگر یہ کہا جائے کہ یہ بنیادی عملہ ہے تو بے جا نہ ہوگا جو کہ ان ریلوں کو چلا کر ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتا ہے ۔ اس عملہ پر ۱۹۶۳-۶۴ء میں ۶ کروڑ ۴۵ لاکھ کا خرچہ ہوا ہے ۔ اور ۱۹۶۵-۶۶ء میں اس کا تخمینہ ۷ کروڑ کا ہے ۔ اس طرح ۵۵ لاکھ کا اضافہ ہوا ہے ۔ جو ۸٫۶ فیصدی بنتا ہے ۔ اگر دوسرے محکموں کی تنخواہوں میں قابل ذکر اضافہ نہ کیا جاتا تو شاید ۸٫۶ فیصد اضافہ ہوتا اور ان غریب ملازمین کو مطمئن کر دیتا ۔ جب میں اس بجٹ کو دیکھتا ہوں تو معلوم ہوتا ہے کہ ریلوے بورڈ کا معاوضہ ۱۹۶۳-۶۴ء میں ۱۰۰۶۰ لاکھ تھا ۔ ۱۹۶۵-۶۶ء میں ۱۵۴۴۵ لاکھ ہے یعنی ۱۷٫۴ فیصد اضافہ ہو گیا ہے ۔ تو یقیناً وہ لوگ جو اس نظام کے زینے کے سب سے نچلے زینے پر کھڑے ہیں وہ دیکھتے ہیں کہ وہ نچلے زینے کی منزل پر ہیں ۔ جب معاوضہ میں اضافہ ۱۷٫۴ فیصد ہو جائے تو یہ نچلے درجے کے ملازمین کو جن کو پیٹ بھر روٹی بھی میسر نہیں آتی ہے اس اضافہ کے نصف میں ہیں ۔ جب کہ نصف بھی ۸٫۴ فیصد ہوتا ہے ۔ یہ بات یقیناً اس عملہ پر غیر اطمینانی کی کیفیت طاری کرتی ہے اور بے اطمینانی پیدا کرتی ہے ۔ جناب والا ۔ جب بنیادی عملہ میں ہی بے اطمینانی کی کیفیت پیدا ہو جائے تو اس ادارے کی کارکردگی کا متاثر ہونا یقینی امر ہے ۔ اس ادارے کی ذمہ داری آپ پر آتی ہے ۔ مگر الٹا وہ لوگ اپنے مطالبات کے لئے دوڑ بھاگ کر رہے ہیں اور جد و جہد کر رہے ہیں ۔ ایسے ادارے کے ارکان پوری دلجمعی کے ساتھ ، پورے خلوص نیت کے ساتھ ، پوری

دیانتداری کے ساتھ اپنے فرائض منصبی کو انجام نہیں دے سکتے ہیں ۔ نتیجہ ظاہر ہے کہ کارکردگی پر اثر پذیر ہوگا ۔ جناب والا ۔ ریلوے کے نچلے درجہ کے ملازمین کے معاوضہ کا ملکی اخراجات زندگی کے ساتھ موازنہ کریں تو آپ دیکھیں گے کہ جنوری ۱۹۶۴ء میں اخراجات خورد و نوش کا انڈکس ۱۰۱۰۸۰ تھا ۔ فروری ۱۹۶۵ء میں ۱۱۳۰۳۴ ہو گیا ۔ یعنی صرف لاہور شہر میں جس سے آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ دوسرے شہروں کے اخراجات زندگی کس طرح زیادہ ہوں گے ۔ یہ جناب والا ۔ خورد و نوش کی قیمتوں میں ۱۱۰۵۴ فیصد کا اضافہ ایک سال کے عرصہ میں روپذیر ہوا ہے ۔ ان اخراجات کو سامنے رکھتے ہوئے اگر جناب وزیر متعلقہ اس عملہ کی تنخواہ کے اضافہ پر غور کرتے تو کیا یہ زیادہ مناسب نہ ہوتا ۔ جو ابھی لوگوں کے مطالبات میرے بعض دوستوں نے پیش کئے ہیں یا اعداد و شمار پیش کئے ہیں ان کی وزیر متعلقہ نے تردید نہیں کی ہے ۔ میں ان کو صحیح سمجھ کر آپ کے توسل سے یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ریلوے کے وہ ۸۷ ہزار ملازمین جو ہیں جن کی تنخواہ ۱۰۰ روپے سے کم ہے ۔ ان کی سالانہ تنخواہ ۷ کروڑ ۳۹ لاکھ ۲۰ ہزار بنتی ہے ۔ اگر ریلوے کا محکمہ ان کے معاوضے میں صرف اس حد تک اضافہ کرتا جتنا کہ اخراجات زندگی میں اضافہ ہوا ہے تو ۱۱ فیصد کی بجائے ۱۰ فیصد اضافہ ہوتا ۔ ریلوے کو ۷۶ لاکھ مزید صرف کرنا پڑتا ۔ جناب والا ۔ ریلوے کو ایک رفاہی ادارہ بھی کہتے ہیں ۔ رفاہی ادارہ کا مطلب یقیناً یہ نہیں ہوتا کہ آپ دوسروں کی رفاہی کا تو خیال رکھیں لیکن وہ عملہ جو اس میں کام کرے اس کو نظر انداز کیا جائے ۔ ریلوے کا اس سال یعنی ۱۹۶۵-۶۶ء کے منافع کا تخمینہ تمام

ادائیگیوں کے بعد اور سود اور قرضہ کی ادائیگیوں کے بعد ۱ کروڑ ۱۰ لاکھ روپے ہے ۔ جناب والا ۔ جو اس ادارے کو چلانے کے بنیادی طور پر ذمہدار ہیں ، جن کے مشاہدے ان کے نان شبینہ کے لئے قطعاً کافی نہیں ہیں اگر ان کی تنخواہوں میں ۱۰ فیصدی کا اضافہ ہوتا جو اخراجات زندگی کے لحاظ سے اگر زیادہ نہیں ہے تو برابر بھی نہیں ہے تو ریلوے کے بجٹ میں صرف ۷۶ لاکھ کا اضافہ ہوتا ۔ یہ یقیناً ریلوے کی موجودہ آمدنی سے بغیر کرایہ بڑھائے ، بغیر محصولات بڑھائے ، بغیر نئی آمدنی بڑھائے پورا کیا جا سکتا ہے ۔ جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ وزیر متعلقہ اور اس محکمہ کے دوسرے لوگ اس پر غور کریں گے ۔ میرا تخفیف زر پیش کرنے کا مطلب یہی تھا کہ میں آپ کی توجہ اس طرف دلاؤں ۔

Mr. Speaker: The question is:—

That the total of Rs. 18,27,91,000 on account of Ordinary Working Expenses — Operating Expenses — Total other Expenditure — Recurring— Other than New Expenditure be reduced by Rs. 1,00,00,000.

The motion was lost.

Mr Speaker: Malik Muhammad Akhtar may please move his cut motion.

Malik Muhammad Akhtar: Sir, I beg to move:

That the Total of Rs. 18,27,91,000 on account of Ordinary Working Expenses — Operating Expenses — Total other Expenditure — Recurring— Other than New Expenditure be reduced by Re. 1.

Mr. Speaker: Motion moved is:

That the total of Rs. 18,27,91,000 on account of Ordinary Working— Expenses — Operating Expenses — Total other Expenditure — Recurring— Other than New Expenditure be reduced by Re. 1.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب والا - میں ڈیمانڈ نمبر ۳ میں Opertaing Staff کو پہلے لوں گا - اور ان کے متعلق روشنی ڈالنے کی کوشش کروں گا - اس وقت ریلوے کے سٹاف میں ۶۱ ہزار گینگ میں ، ۲۰ ہزار نیم کاریگر ، ۵ ہزار کاریگر اور اس طرح ۵ ہزار دیگر کاریگر اور مستری ہیں - میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہم نے جو سہولتیں ان کو مہیا کی ہیں یہ ناکافی ہیں - ان سہولتوں کے نہ ہونے کے باعث یہ عملہ اپنے کام کو اچھی طرح سرانجام دینے کے قابل نہیں ہے - اگر دیگر سہولتیں اور مناسب مراعات ان کو دے دیں تو یہ کام اچھے طریقے سے کر سکتے ہیں - ہمیں مزدور سے whole heartedly کام لینے کے لئے ضروری ہے کہ اس کا پیٹ بھرا ہو ، اس کو رہائش کی سہولتیں میسر ہوں - اس کے بچوں کے لئے ادویات میسر ہوں - میڈیکل سہولتیں مہیا ہوں - تاکہ وہ دلجمعی سے اپنے ملک کے کام کو سر انجام دے سکے - جناب والا - یہ ہزاروں افراد پر مشتمل عملہ کس طرح اپنے کام کو اچھی طرح سے سر انجام دے سکتا ہے جبکہ ان کی اولاد کے لئے سہولتیں اور دوسرے ترقی کے راستے مسدود کر دئے جائیں جن کو حاصل کرنے کیلئے ان کا مشاہرہ نہایت ہی قلیل ہو -

جناب سپیکر - تنخواہوں کی Revision کی شکل میں ریلوے کے ان ادنٰی ملازمین کو ہرگز کوئی فائدہ نہیں پہنچا بلکہ ان کو ایک روپے سے لے کر پانچ روپیہ تک نقصان پہنچا ہے - ان کی تنخواہ بڑھنے کی بجائے کم ہو گئی ہے - حالانکہ میں سمجھتا ہوں کہ

ریلوے کے بڑے بڑے افسروں کو ریلوے سیلون ملتے ہیں، ان کے Dependents کو فری سفر کی سہولتیں ملتی ہیں ، بڑے بڑے بنگلے رہائش کے لئے ملتے ہیں اور ان کی خاطر چھوٹے ملازمین کے کوارٹروں کو بڑے افسروں کے Residential accommodation میں Convert کر لیا جاتا ہے ۔ کیا یہ غریبوں سے انصاف ہے کہ ان سے گھر چھین کر بڑوں کو دے دیا جائے ۔ جناب والا ۔ میں تو یہ تجویز کرونگا کہ ان چھوٹے ملازمین کو Facilities Provide کرنی چاہئیں تاکہ یہ دل لگا کر ڈیوٹی سرانجام دینے میں منہمک ہو جائیں اور اچھی کارکردگی کر کے دکھائیں ۔ اس ملک میں ہر آدمی جو ذرا اونچے طبقے میں ہے اپنی اولاد کو اعلیٰ تعلیم کے لئے باہر ولایت بھیج دیتا ہے ۔ اس ملک میں ہر آدمی جو اوپر کے طبقے سے تعلق رکھتا ہے یا اعلیٰ تنخواہ پاتا ہے اپنی اولاد کو باہر بھیج کر Foreign Education دلا سکتا ہے ۔ مگر چھوٹے ملازمین اپنے بچوں کو ملک کے اندر بھی تعلیم نہیں دلا سکتے ۔ یہ کہاں کا انصاف ہے کہ چھوٹے سٹاف کے بچے جو غریب پیدا ہوں وہ غریب ہی رہیں اور غریب تر ہوتے چلے جائیں ۔

آج جب کہ ہم ریلوے بجٹ پر بحث کر رہے ہیں میرے لئے یہ موقع ہے کہ میں ریلوے منسٹر صاحب سے آپ کی وساطت سے بزور گذارش کروں کہ وہ اپنے ادنیٰ ملازمین کو زیادہ efficient بنائیں اور اس کی ایک موثر صورت یہ ہے کہ ان کو بہتر Facilities مہیا کریں تاکہ وہ خوشدلی سے اپنے کام میں منہمک

ہو جائیں ۔ ان کی بنیادی ضروریات کو پورا کر دینا چاہئے تاکہ وہ اس فکر سے آزاد ہو کر ڈیوٹی ادا کریں ۔

ملک سیف اللہ ۔ جناب والا ۔ معزز رکن سے Request کرنی چاہئے کہ وہ مائیکروفون کو استعمال کریں ۔

مسٹر سپیکر ۔ وہ مائیکروفون استعمال کر رہے ہیں ۔

ملک سیف اللہ ۔ جناب وہ سخت اونچی آواز میں بول رہے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب آپ کو اپنی سیٹ سے بولنا چاہئے ۔ یہ آپ کی نشست نہیں ہے جہاں سے آپ بول رہے ہیں ۔

ملک سیف اللہ ۔ بہتر جناب ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب ملک صاحب کی طبع نازک پر میری آواز گراں گزر رہی ہے ۔ ان کی طبیعت حد سے زیادہ نازک ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میں چند ایک اور دل خراش واقعات کی بھی نشاندھی کرنا چاہتا ہوں ان میں سے ایک تو یہ ہے کہ لاہور کے بادامی باغ کے آپریٹنگ سٹاف کے پلاٹ ٹمبر کے لئے کرائے پر دئے ہوئے ہیں اور shunting and sorting کے لئے ان کی سائڈ لائن پر گڈز کو unload کیا جاتا ہے جس سے روزانہ ۶۰۰ روپے اور سالانہ دو لاکھ بیس ہزار روپے کا نقصان گورنمنٹ کو ہوتا ہے یا سٹاف ناجائز کماتا ہے امید ہے کہ منسٹر صاحب ارباب اختیار کے ذریعے اس

کی checking کرائیں گے اور اس irregularity کو دور کرائیں گے مزید برآن اس سٹیشن کی لائن نمبر ۸ پر چیکنگ کی جاتی ہے ، دوسری لائن کی طرف کیوں توجہ نہیں دی جاتی ۔ اس کے علاوہ ایک سخت Irregularity یہ بھی ہے کہ ہمارے ۵۰۰ ریلوے سٹیشنوں میں سے صرف ۳۰ پر Canvas bags ہیں جن میں used ٹکٹوں کو رکھا جاتا ہے باقی سٹیشنوں پر کنوپس بیگ نہیں لہذا اولڈ used ٹکٹوں کے Re-use اور ان کی Re-sale کا امکان ہے۔ اسی طرح جناب والا اور بھی irregularities ہیں جن کا میں آج ذکر کرونگا کراچی سے ایک سرکلر نمبر ۳-۳-۱۷۱ نکلا تھا جس کے نتیجے میں litigation ہوئی اور سپریم کورٹ کے سات ججوں نے اپنا فیصلہ لکھا جس سے اس سرکلر کو جاری کرنے والے افسروں کے خلاف ریمارکس پاس ہوئے تھے ۔ اگر وہ افسران اب بھی برسرکار ہیں تو ان سے کس طرح توقع کی جاسکتی ہے کہ وہ اپنے فرائض کو اچھی طرح سرانجام دیتے ہونگے ۔

Mr. Speaker: I will now put the cut motion to the vote of the House. The question is:

That the total of Rs. 18,27,91,000 on account of Ordinary Working Expenses—Operating Expenses—Total other Expenditure—Recurring—Other than New Expenditure be reduced by Re. one.

The motion was lost.

Demand No. 4.

Mr. Speaker: We will now take up Demand No. 4. The first cut motion is from Mr. Farooqi. He may please move it.

Mr. Mahmood Azam Farooqi: Sir, I move:

That the total of Rs. 13,10,95,000 on account of Appropriation to Funds and interest payment on Central/Provincial Government Capital Investments—Total other Expenditure—Recurring-Other than New Expenditure be reduced by Rs. 100.

Mr. Speaker: Cut motion moved:

That the total of Rs. 13,10,95,000 on account of Appropriation to Funds and interest payment on Central/Provincial Capital Investments—Total other Expenditure—Recurring—Other than New Expenditure be reduced by Rs. 100.

Yes, Mr. Farooqi.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - جناب والا - یہ مطالبہ زر ۱۳ کروڑ ۱۰ لاکھ ۹۵ ہزار روپے کا ہے اور میں اس میں کٹ موشن اس غرض سے پیش کرنے کی جرأت کر رہا ہوں تاکہ اس مطالبے کی پالیسی پر بحث کروں - جناب والا - جب میں نے ریلوے بجٹ پر گفتگو کی تھی تو میں نے عرض کیا تھا کہ محکمہ ریلوے کے اخراجات اور خاص طور پر اس کے ترقیاتی اخراجات کا انحصار کلیتاً نہیں تو زیادہ تر سود پر ہے ریلوے کے اخراجات کا زیادہ تر دارو مدار اور انحصار قرضوں پر ہے اور اس کی آمدنی کا بیشتر حصہ سود کی ادائیگی کی نذر ہو جاتا ہے - اب جناب سپیکر - اگر آپ ریلوے کے پانچ سالہ منصوبہ پر ایک نظر غائر ڈالیں تو ظاہر ہوگا کہ اس پر ۱۱۳۶۷ کروڑ روپے صرف ہوں گے جن میں سے ۵۰۶۳۰ کروڑ روپے قرضوں سے حاصل ہوں گے - گویا کہ ۷۰ فیصد اخراجات قرضوں کی مدد سے پورے کئے جائیں گے - جائے غور ہے - جناب سپیکر - خواہ کوئی پس ماندہ ملک ہو یا خوش حال ترقی یافتہ ملک یا خواہ کوئی خاندان ہو یا معاشرہ ہو یا صنعتی ادارہ ہو یا رفاہی ادارہ ہو ہر ایک کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ ہم زیادہ

سے زیادہ کما سکیں اور پھر اس منزل مقصود تک پہنچ جائیں جو منزل مقصود اس کے پیش نظر ہے ۔ اس میں خواہ راستہ طویل ہو اور Long term planning کرنی پڑے وہ بھی کی جاتی ہے مگر وسیع قرضوں پر جن کا بھاری سود ادا کرنا پڑے اور جو کل اخراجات کا ۷۰ فیصدی ہوں اور جن کے سود کی ادائیگی میں ہی ساری کمائی ضائع جائے حقیقی ترقی کا راستہ نہیں ہوگا ۔ جس ادارے کی سالانہ آمدنی ۵۹ کروڑ روپے ہو ۔ وہ اگر ایک سال کی آمدنی سے ۸ کروڑ ۲۷ لاکھ روپے جو پوری آمدنی کا تقریباً ۱۴ فیصد ہیں ۔ صرف سود کی مد میں ادا کر دے ۔ اور صرف اسی پر اکتفا نہیں ۔ بلکہ ۲ کروڑ ۳۶ لاکھ روپے اپنے قرض کی ادائیگی میں دے دے ۔ یعنی پوری آمدنی کا ۱۸ فیصد صرف سود اور قرضوں کی نذر کر دے ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ کوئی دانشمندانہ مالیاتی پالیسی نہیں ۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم اپنے بیرونی اخراجات ۔ اور بیرونی اخراجات سے میری مراد وہ اخراجات ہیں جو بیرونی قرضوں اور زر مبادلہ کے توسل سے کئے جاتے ہیں ۔ اگر ایسے اخراجات کا جائزہ ہم دیانت داری اور ہوشمندی سے لیں ۔ تو مجھے یقین ہے کہ بہت سے اخراجات جو ہمارے تعیش کے اخراجات ہیں ۔ ان کو کم کرکے ہم اپنے ترقیاتی اخراجات میں خاطر خواہ اضافہ کر سکتے ہیں ۔ اور سود اور قرضوں کا بوجھ بھی ہلکا کر سکتے ہیں ۔ مثال کے طور آپ ریلوے میں سفر کو ہی لیں ۔ فرسٹ کلاس سے لیکر نچلے ڈبوں تک میں بہت سی چیزیں آپ کو ایسی ملیں گی ۔ اور بالخصوص Upper classes میں ۔ جو باہر سے درآمد

کی جاتی ہیں ۔ جب کہ ان کا متبادل ملک میں موجود ہے ۔ خوبصورت نہیں ، خوش نما نہیں ۔ بلکہ بھدا متبادل اور موٹی چیزیں کیونکہ جب ایک ہمارے جیسا ملک پس ماندگی سے ترقی کی طرف جا رہا ہو تو اس ملک کو بھدی اور موٹی چیزیں استعمال کرنا پڑیں گی ۔ اور باہر کی خوش نما اور دل کش چیزوں کو چھوڑنا پڑے گا ۔ اگر آپ یہ نہیں کر سکتے ۔ تو پھر آپ یقیناً اپنی آئندہ نسلوں کو قرض کے بوجھ تلے دباتے چلے جائیں گے ۔ جس کی کوئی حد اور انتہا نہیں ۔

جناب عالی ۔ جب میں یہ عرض کر رہا ہوں تو اس سے میرا مطلب یہ نہ سمجھئے گا کہ میں خدا نخواستہ اس نظام کا قائل نہیں ہوں جو سب انسانوں کو ایک ہی طرح کا سمجھ کر معاشرتی مساوات کا قائل ہے ۔ جی نہیں ۔ میں اللہ کے فضل و کرم سے مسلمان ہوں ۔ اسلام میں مساوات کا یہ تصور نہیں کہ سب انسان معاشی حیثیت سے ایک ہی طرح کے ہوں ۔ ایک اسلامی معاشرے میں چھوٹے لوگ بھی ہوں گے اور بڑے بھی ۔ وہاں ملازم بھی ہوں گے اور سرمایہ دار بھی ۔ لیکن اگر نچلے درجے کے لوگ قربانی کرکے موٹی اور بھدی چیزیں استعمال کر سکتے ہیں تو یہ ملک کے وسیع تر مفاد میں ہے ۔ کیونکہ ملک کے اعلیٰ تر مقاصد کے لئے ملکی ترقیاتی چیزوں کی خاطر ملک کو بغیر قرضوں کے بوجھ کا زیر بار کئے ہوئے ۔ اپنی منزل تک پہنچنے کے لئے ضروری ہے کہ ملک کا وہ طبقہ جو بے شک تعیش کا کفیل

ہو سکتا ہے ۔ اور جو تعیش کا متحمل بھی ہو سکتا ہے لیکن ملک کے مفاد کی خاطر اسے اپنے تعیش کے جذبات کو دبانا پڑے گا ۔ اپنے ملک کی موٹی اور بھدی چیزوں کو خوش نما اور دل کش بیرونی اشیاء کے مقابلے میں ترجیح دینا پڑے گی ۔

جناب والا ۔ بیرونی قرضہ جات کے سلسلے میں میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا لیکن اب پھر اس کا اعادہ کروں گا کہ ریلوے کے محکمہ نے بیرونی خرچ کم کرنے کی تدابیر ضرور اختیار کی ہوں گی لیکن ابھی اسے مزید ایسی تدابیر اختیار کرنا چاہئے تھیں ۔ مثال کے طور میں Signal اور Token سسٹم وغیرہ کے سلسلے میں جو ترقیاں اور بہتری پیش نظر ہے ۔ کیا اس میں بیرونی سرمایہ نہیں لگے گا ۔ ریلوے Coil اور بجلی کے تار تک تو ابھی باہر سے درآمد کرتا ہے ۔ صرف ان کی winding اور Coiling یہاں ہوتی ہے ۔ تو اگر آپ کے ریلوے کا Signal اور Token سسٹم manual operated ہو تو اس سے کیا نقصان ہے ۔ سوائے اس کے کہ آپ کے کچھ افراد کام پر لگ جائیں گے ۔ دفتر کے حسابات اگر بیرونی درآمد شدہ مشینوں کی بجائے کلرک کے ہاتھوں سے کراتے تو اس میں کیا نقصان تھا ۔ سوائے اس کے کہ مشین کا اگر ایک Operator ہوتا ہے تو اس کی جگہ چار کلرک کام کریں گے ۔

جناب عالی ۔ جو ملک پس‌ماندہ ہو جہاں افراد کار کی کمی نہ ہو اور جہاں صنعت کی کمی کی وجہ سے بیروزگاری بڑھ

رہی ہو ۔ اس ملک کی معاشیات کا تقاضا یہ ہوتا ہے کہ وہاں آپ automation اور mechanisation اور اس قسم کی چیزیں کم سے کم استعمال کریں ۔ جس جگہ آپ کے دس آدمی ہاتھ سے کام کر سکتے ہیں ۔ اور ان کی جگہ آپ کا ایک آدمی مشین پر کام کر سکتا ہو ۔ تو ہمیں ترجیح دینی چاہئے کہ ہمارے ملک کے بنے ہوئے indigenous آدمی کام پر لگے ہوں ۔ بجائے اس کے کہ صرف ایک آدمی ہمارے ملک میں درآمد شدہ مشین پر کام کرے ۔ تو میں سمجھتا ہوں ۔ ۔ ۔ ۔

حاجی عطا محمد ۔ On a point of order, Sir. ۔ جناب والا ۔ فاروقی صاحب کو روکا جائے ۔ کیونکہ اس وقت ہمارے ہاؤس میں ممبر صاحبان بہت کم ہیں ۔ اس لئے جب تک وہ پوری اور مقررہ تعداد میں موجود نہ ہوں اس وقت تک ہاؤس کی کارروائی روکی جائے ۔

Mr. Speaker: Let there be a count. (count was taken) The House is not in quorum. Let the bells be rung. (Quorum bells were rung.) The House is in quorum. Yes please.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ تو جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ایک پس ماندہ ملک میں جہاں افراد کار کی کمی نہ ہو وہاں automation اور mechanisation کو کم سے کم استعمال کرنا چاہئے ۔ بلکہ افراد کار استعمال کرنا چاہئے ۔ تاکہ اس طرف نصب شدہ سرمایہ Capital Cost سے بیرونی زر مبادلہ خرچ نہ ہو ۔ کیونکہ جب بیرونی سرمایہ ملک میں آتا

ہے تو وہ تنہا نہیں آتا ۔ بلکہ اپنے ساتھ Technicians کی ایک فوج لے کر آتا ہے ۔ کیونکہ Spare Parts وغیرہ کی درآمد کی ضروریات تو مستقلاً اس ملک پر بار بن جاتی ہیں ۔

اس سلسلے میں یہ بات بھی عرض کر دوں جسے سامنے رکھنا چاہئے کہ آج تک ہمیں زیادہ تر بیرونی قرضہ جات نقد کی بجائے مال کی صورت میں ملتے رہے ہیں ۔ یعنی اگر امریکہ نے قرض دیا تو اس کے ساتھ شرط یہ تھی کہ مال بھی وہیں سے لیں ۔ اس طرح قرضوں میں ہمیں جس قدر مہنگا مال منگانا پڑتا ہے ۔ اس سے تو میرے خیال میں اس معزز ایوان کے بیشتر حضرات واقف ہوں گے ۔ مثال کے طور میں یہ عرض کر دوں کہ آپ کو پچھلے دنوں امریکہ نے جو Steel کا Loan دیا تھا ۔ تو اس Material Aid میں ہمیں Steel امریکہ سے ہی منگانا تھا ۔ تو اس کی قیمت یورپ اور دنیا کے دوسرے ممالک سے اتنی زیادہ تھی ۔ کہ حکومت کو درآمد کنندگان کو Subsidy دینا پڑی ۔ اور یہ اعلان کرنا پڑا کہ امریکہ کی جو بھی قیمتیں ہوں گی ۔ اس کے مقابلے میں اسی مہینے کی یورپ کے ممالک کی فولاد کی جو قیمتیں ہوں گی ۔ تو ان کا جو بقیہ فرق ہوگا ۔ وہ حکومت اپنے خزانے سے Subsidy کے طور پر دے گی ۔ اور درآمد کنندہ کو امریکہ کے مہنگے مال کی وہ قیمت ادا کرنا پڑے گی ۔ جو اس مال کے متبادل مال کی یورپ میں ہو ۔ تو میں نے یہ بات آپ کی خدمت میں اس لئے عرض کی ہے کہ مال کی شکل میں جو قرضہ ہمیں ملتا ہے مثلاً انجن اور ریل گاڑیاں وغیرہ جو ہم امریکہ سے منگاتے ہیں اس قرضہ کی پوری رقم سے مال کم تر قیمت کا ہوتا

ہے ۔ میں توقع کرتا ہوں کہ وزیر متعلقہ اور ان کا محکمہ بیرونی ممالک سے قرضہ کی طرف ضرور توجہ دیں گے ۔

جناب والا ۔ اس مطالبہ زر میں ۵ کروڑ اور ۳۶ لاکھ کی depreciation کی مد ہے ۔ اس سے پہلے مطالبہ زر پر تقریر کرتے ہوئے وزیر ریلوے نے ایک بات فرمائی تھی جو اس سلسلہ میں ان کا جواب تھا لیکن مجھے افسوس ہے کہ اس میں دوسرے کئی اور سوالات پیدا ہو گئے ۔ آپ نے فرمایا تھا کہ جو نصب شدہ اثاثہ ہے اس کی مالیت Historic Cost کے مطابق ہے یعنی جب وہ خریدا گیا تھا اس وقت حقیقی قیمت ۳۰۰ کروڑ روپیہ کے قریب تھی ۔ یہ depreciation جو آپ نے بجٹ میں بقدر ۵ کروڑ ۳۶ لاکھ روپیہ رکھا ہے معلوم ہوتا ہے کہ اس نصب شدہ اثاثہ کی Historic Cost پر ہے ۔ تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ اثاثہ کی وہ قیمت شمار نہیں کی گئی جو depreciation کے لئے آپ کو کرنی چاہئے تھی ۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کے Profit اتنے inflate ہو گئے ہیں اگر آپ اس اثاثہ کی Historic Cost پر depreciation حالیہ قیمت کے مطابق لگائیں تو وہ ۱۱ کروڑ روپے کے قریب ہوگی ۔ اس سے آپ کا فاضل بجٹ ۳ کروڑ ۳۶ لاکھ کے نقصان میں تبدیل ہو جائے گا ۔ اگر واقعی یہ ہے کہ آپ نے اثاثہ کی Historic Cost پر یعنی ۳۰۰ کروڑ پر depreciation لگائی ہے تو یہ درست نہیں آپ کو چاہئے تھا کہ اس کی موجودہ قیمت پر depreciation لگاتے تاکہ نفع و نقصان کا صحیح اندازہ ہو جاتا اور معلوم ہو جاتا کہ اصل صورت حال کیا ہے ۔ اور اس کی اصل

تصویر ہمارے سامنے آ جاتی ۔ ان گذارشات کے بعد میں وزیر متعلقہ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ اس پر ضرور غور فرمائیں ۔

Mr. Speaker: I will now put the cut motion.

The question is:

That the total of Rs. 13,10,95,000 on account of Appropriation to Funds and Interest payment on Central/Provincial Government Capital Investment—Total other Expenditure—Recurring—Other than New Expenditure be reduced by Rs. 100.

The motion was lost

Mr. Speaker: Next motion is by Khawaja Muhammad Safdar. The member may move his motion.

Khawaja Muhammad Safdar: Not moving.

Mr. Speaker: Next motion is by Malik Muhammad Akhtar

Malik Muhammad Akhtar: I move:

That the total of Rs. 13,10,95,000 on account of Appropriation to Funds and Interest on Central/Provincial Capital Investment—Total Expenditure—Recurring—Other than New Expenditure be reduced by Re. One .

Mr. Speaker: The motion moved is:

That the total of Rs. 13,10,95,000 on account of Appropriation to Funds and Interest on Central/Provincial Capital Investment—Total Expenditure—Recurring—Other than New Expenditure be reduced by Re. One.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ مطالبہ زر نمبر ۴ پر جو میں نے تحریک تخفیف دی ہے وہ اس مقصد کے لئے ہے کہ Repayment of Foreign Loans اور interest کو discuss کیا جائے ۔

جناب والا ۔ قومی نقطہ نگاہ سے اس item پر بحث کرنے کے لئے میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ملک نے بڑے کافی عرصہ کے بعد ایک خود دارانہ

خارجہ پالیسی اختیار کی ہے ۔ دراصل جب چین اور بھارت کی سرحد پر معمولی سی جھڑپ ہوئی ۔ تو آنجہانی پنڈت نہرو نے کمال ہوشیاری سے مغربی ممالک سے فارن ایڈ کے نام پر اسلحہ حاصل کیا ۔ جس سے ایشیا کا فوجی توازن بگڑ گیا ۔ اس لئے اب ہمیں غور و فکر کرنا چاہئے اور سوچنا چاہئے کیونکہ ہم مغربی ممالک کی امداد پر انحصار نہیں کر سکتے۔ پاکستان کے قیام سے اس وقت تک ہم نے ہر ملک سے دوستی کا ہاتھ بڑھایا ہے ۔

میں بنیادی طور پر فارن اکسچرٹ کے تعین کے مخالف ہوں بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارا ملک آزاد ہے اور ہمیں اپنی خارجہ پالیسی independent رکھنے کی کوشش کرنی چاہئے ۔ اور اس بات کی بھی ضرورت ہے کہ دوسرے ممالک سے کم از کم قرضہ حاصل کریں ۔ یہ درست ہے کہ حالات کچھ ایسے تھے اور ہمیں اپنے ملک کی ڈولپمنٹ کے لئے قرضوں کی ضرورت تھی اس لئے یہ ایڈ اور قرضے حاصل کرنے پڑے ۔ لیکن As a matter of Policy ہمیں اس سے گریز کرنا چاہئے ۔

جناب والا ۔ آج جب کہ ہندوستانی فوج پاکستان کی سرحدوں پر جمع ہو گئی ہے اور ایسے حالات پیدا کر دئے ہیں تو ہمیں اس چیز کا اور بھی محتاط ہونا چاہئے کہ مغربی ممالک اور مغربی حکومتوں سے لین دین کس طرح کرنا چاہئے ۔ ایسا نہ ہو کہ جس ملک سے ہم کسی وقت امداد اور اعانت طلب کریں وہ وقت پر اس سے گریز کر جائے یا قرضہ وقت پر ہمیں نہ ملے جس کی ہم توقع کریں ۔

جناب والا ۔ اس وقت ہمارے وطن کے پاسبانوں کا عزم اور حوصلہ اتنا بلند ہے اور قابل تعریف ہے کہ اگر کبھی حوصلہ کی بناء پر جنگ

جیتی جا سکتی ہے تو پھر ہم یہ جنگ جیت چکے ہیں ۔ ہماری فوج کے نوجوان جیالے جو وطن عزیز کی سرحدوں پر متعین ہیں دشمن کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر مسکرا رہے ہیں ۔

ہمیں آج یہ فیصلہ کرنا ہوگا کہ آئندہ کے لئے بھی ہم وہی پالیسی جاری رکھیں گے جو آج ہم اختیار کر چکے ہیں ۔ یعنی ہماری خارجہ پالیسی خود دارانہ ہو پر ہمت ہو بہادرانہ ہو اور آزاد ہو اور ہمیں چاہئے کہ ہم کسی دوسرے ملک کے سامنے under obligation نہ ہوں ۔ جن سے کسی وقت بھی ہمارے تعلقات بگڑ سکتے ہیں ۔

جناب والا ۔ As a matter of Policy ہمیں اس چیز کو discourage کرنا چاہئے کہ دوسرے ممالک سے کسی form میں جو بھی فارن ایڈ ہماری حکومت حاصل کرے اس کے لئے ایسے طریقے اختیار کرے جن سے ملک ترقی کی طرف گامزن ہو اور اس طرح ملک کی جو آمدنی ہو اس میں کسی قسم کی Leakage نہ ہو اور جو ہو رہی ہے اسے بالکل ختم کر دیا جائے ۔ اس طرح ہمارا ملک self sufficient ہو جائے گا ۔ اگر ان امور پر پوری توجہ دی جائے اور تمام energies اور ذرائع اور sources ملک کی ڈولپمنٹ پر لگائے جائیں تو آپ یقین جانیں کہ پاکستان دنیا کا امیر ترین ملک بن سکتا ہے ۔

Mr. Speaker: The question is:—

That the total of Rs. 13,10,95,000 on account of Appropriation to Funds and Interest on Central/Provincial Capital Investment—Total Expenditure-Recurring—Other than New Expenditure be reduced by Re. One.

The motion was lost.

Demand No. 5

Mr. Speaker : Now, we will take up Demand No. 5 and the first cut motion is by Mr. Mahmood Azam Farooqi. He may please move it.

Mr. Mahmood Azam Farooqi: I move:

That the total of Rs. 26,50,07,000 on account of Expenditure not met from Revenue—Total other Expenditure—Non-recurring—Other than New Expenditure be reduced by Rs. 10,00,00,000.

Mr. Speaker: The motion moved is:—

That the total of Rs. 26,50,07,000 on account of Expenditure not met from Revenue—Total other Expenditure—Non-recurring—Other than New Expenditure be reduced by Rs. 10,00,00,000.

مسٹر محمود اعظم فاروقی - (کراچی-۸) - جناب والا - یہ مطالبہ زر پورا کا پورا ترقیاتی خرچ پر مبنی ہے جس کے لئے سرمایہ فراہم کرنے کے لئے صرف بیرونی قرضوں پر انحصار کیا گیا ہے - بیرونی قرضوں کے سلسلے میں چند منٹ پہلے میں مطالبہ زر نمبر ۴ پر جو کچھ کہہ چکا ہوں میں سمجھتا ہوں کہ وہ بہت کافی ہے اور اسکا اعادہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے - اس ضمن میں صرف ایک بات ضرور کہونگا کہ ہمارے سامنے محکمہ ریلوے کا پیش کردہ جو قرطاس ابیض ہے اس میں صفحہ ۱۰۱ - دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ۱۹۵۵ء اور ۱۹۵۶ء میں انجنوں کی تعداد ۸۲۵ تھی ۱۹۵۹-۶۰ء میں ۸۷۶ ہوئی اور ۱۹۶۴-۶۵ء - میں ۱۰۱۵ء ہو گئی - میں یہ اعداد و شمار اس لئے پیش کر رہا ہوں کہ ان تمام بجٹ کے کاغذات کے پڑھنے سے یہ تاثر پیدا ہوتا ہے کہ ہم جو کچھ زر مبادلہ کی شکل میں قرض لیتے ہیں اس کا بہت بڑا حصہ ہمیں انجنوں کے امپورٹ کرنے میں صرف کرنا پڑتا ہے اور ویگن ہم خود بنانے لگے ہیں اور دوسری گاڑیوں کے بنانے کے لئے ہم کارخانے کھول رہے ہیں اور انجنوں کے بنانے کی ابھی ہم میں صلاحیت نہیں پیدا ہوئی ہے اور انکو ہمیں درآمد کرنا پڑتا ہے تو پہلا پانچ سالہ منصوبہ اس، تاریخی دور کا ذکر ہے جب بدنام سیاست دان اس ملک کے نظم و نسق پر حاوی تھے تو اسوقت انجنوں کی تعداد ۸۲۵ سے ۸۷۸ تک بڑھی تھی اور ۲۱ کروڑ روپے کے بیرونی قرضے سے یعنی دوسرے منصوبے میں ۱۹۶۰ء سے ۱۹۶۵ء تک ۸۷۸ سے ۱۰۱۵ انجن

حاصل کئے گئے تھے اسطرح ۵۳ انجنوں کا اضافہ کیا گیا یعنی ۱۵۸. فیصد انجنوں کی تعداد میں اضافہ کیا گیا ۔ اسکے مقابلے میں قرض کا اضافہ ۲۱ کے بجائے ۸.۴۳ کروڑ یعنی ۲۸۳ کا اضافہ ہوا ۔ یہ بات بڑی ہی قابل توجہ ہے کہ وہ بنیادی چیز جس پر ہم بیرونی زر مبادلہ یا قرض کا بیشتر حصہ صرف کرتے ہیں اسمیں تو ۱۵۸ فیصدی کا اضافہ ہوتا اور اس عرصہ میں قرض کا اضافہ ۲۸۳ فیصدی ہوتا ہے ۔ میں ڈیمانڈ نمبر ۴ پر اس سلسلے میں سب کچھ کہہ چکا ہوں صرف وزیر متعلقہ سے انتہائی دل سوزی کیساتھ یہ عرض کروں گا کہ وہ یہ دیکھیں کہ ملک میں کس چیز کی ضرورت ہے ۔

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات‌خان تمن) ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی اجازت سے ایک پوائنٹ کا جواب دینا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ ہمارے معزز ممبر نے یہ جو فرمایا ہے کہ پہلے ان چیزوں کے بنانے کی کیوں نہ کوشش کی گئی اور ان پر اتنا زر مبادلہ کیوں صرف کیا گیا ۔ تو میں اس پوائنٹ کے متعلق یہ عرض کروں گا کہ ۱۹۵۸ء تک ریلوے کو صرف ۶ کروڑ روپے سالانہ ملتے رہے اس وجہ سے تمام Replacement work اور تھوڑا بہت سامان جس کی ہمیں ضرورت ہوتی تھی وہ ہم باہر ہی سے منگواتے رہے اور ہم کو باہر ہی سے منگوانا پڑا ۔ روپے کی کمی کے باعث یہاں ایسے کام نہیں کئے جا سکتے تھے اور ان کا ہونا ممکن بھی نہ تھا ۔ اب وہ چیزیں خود یہاں بنائیں گے تاکہ فارن امپورٹ کے محتاج نہ رہیں اب ہماری پوزیشن بہتر ہے اب ہم کو ۲۱ کروڑ روپے ملتے ہیں اب یہ کوشش کی جائے گی کہ زیادہ سے زیادہ ہم ایسی چیزیں یہیں بنائیں ۔ مثلاً ڈیزل انجن اور ان کے پرزہ جات وغیرہ اور آہستہ آہستہ یہ بھی کوشش کی جائے گی کہ انجنوں کے ضروری parts بھی ہم یہیں بنائیں

اور کچھ ایسی چیزیں بنانا شروع بھی کر دی ہیں جن کی وجہ سے میں عرض کروں گا کہ ایک کروڑ اور کچھ لاکھ کی Saving بھی شروع ہو گئی ہے۔ اور آئندہ سال کے بعد تین کروڑ کی Saving ہو جائے گی۔ جو کچھ معزز ممبر نے فرمایا تھا میں اس کے متعلق صرف یہی پیش کرنا چاہتا تھا۔

Mr. Speaker: The question is:—

That the total of Rs. 26,50.07,000 on account of Expenditure not met from Revenue—Total Other Expenditure—Non-recurring—Other than New Expenditure be reduced by Rs. 10,00,00,000.

The motion was lost.

Mr. Speaker: Khawaja Muhammad Safdar and Malik Muhammad Akhtar do not want to move their cut motions. The House now stands adjourned till 8-00 a.m. tomorrow.

The Assembly then adjourned till 8-00 a.m, on Friday, the 18th June, 1965.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FIRST SESSION OF THE FIRST PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Friday, the 18th June, 1965

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-30 a.m. of the clock Mr. Speaker, (Chaudhri Muhammad Anwar), in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi, (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَخَذْنٰهُمْ بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ
لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُوْنَ ۝ فَلَوْلَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا وَلٰكِنْ قَسَتْ
قُلُوْبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا
بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ حَتّٰٓى اِذَا فَرِحُوْا بِمَآ اُوْتُوْٓا اَخَذْنٰهُمْ
بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ۝ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ
لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

پ ۷۔ س ۶۔ رکوع ۱۱۔ آیات ۴۲ تا ۴۵

اور اے پیغمبر یہ واقعہ ہے کہ جو امتیں تم سے پہلے گذر چکی ہیں ہم نے اُن کی طرف اپنے رسول بھیجے اور انہیں اپنے ٹھہرائے ہوئے قانون کے مطابق سختی اور محنت میں گرفتار کیا کہ جب نہیں بداعمالیوں سے باز آجائیں اور اللہ کے حضور عجز و نیاز کریں مگر ایسا کیوں نہیں ہوا کہ جب ہماری طرف سے اُن پر سختی پہونچی تو وہ ڈھیلے پڑ جاتے اور ہمارے حضور گڑگڑاتے اس لئے کہ ان کے دل سخت پڑ گئے تھے اور جو کچھ وہ بداعمالیاں کرتے تھے انہیں شیطان نے اُن کی نظروں میں خوشنما کر دکھایا تھا۔ پھر جب ایسا ہوا کہ جو کچھ نصیحت انہیں کی گئی تھی۔ اسے انہوں نے بھلا دیا تو ہم نے بظاہر اُن پر ہر طرح کے دروازے کھول دیئے تھے۔ یہاں تک کہ وہ اپنی کامرانیوں پر خوشیاں منانے لگے مگر جب ایسا ہوا تو اچانک ہم نے اُن کو گرفت میں لے لیا۔ پس ناگاہ وہ ناامید ہو کر رہ گئے۔ تو دیکھو اس طرح اس گروہ کی جڑ کاٹ دی گئی جو ظلم کرنے والا تھا (یاد رکھو) تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں۔ جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔

وما علینا الا البلاغ

WEST PAKISTAN BUDGET (RAILWAY) 1965-66

DEMANDS FOR GRANTS IN RESPECT OF NEW EXPENDITURE (RAILWAY)

DEMAND No. 1

Mr. Speaker : Railway Minister to move Demand No: 1.

Minister of Railways (Mr. Muhammad Hayat Tuman): Sir, I beg to move—

> That a sum not exceeding Rs. 17, 06, 000 be granted to the Governor to meet new expenditure for the financial year ending on the 30th June, 1966, in respect of ordinary working Expenses—General Administration.

Mr. Speaker: Demand moved is :—

> That a sum not exceeding Rs. 17,06,000 be granted to the Governor to meet new expenditure for the financial year ending on the 30th June, 1966, in respect of Ordinary Working Expenses—General Administration.

The first cut motion is from Khawaja Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : Not moving.

Mr. Speaker : Next cut motion is from Mr Hamza. He is not present. Next is from Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move—

> That the total of Rs. 17,06,000 on account of Ordinary Working Expenses General Administration Total New Expenditure be reduced by Rs. 17,05,999.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is—

> That the total of Rs. 17,06,000 on account of Ordinary Working Expenses General Administration—Total New Expenditure be reduced by Rs. 17,05,999.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲)— جناب سپیکر - میری یہ تحریک تخفیف بھی ریلوے کے عملہ کی تنخواہوں کے متعلق ہے لہذا میں عملہ کی inefficiency کے متعلق جناب وزیر ریلوے کی خدمت میں چند گذارشات پیش کروں گا اور اس عرصہ میں جو نئے واقعات رونما ہوئے ہیں وہ ان کے گوش گذار کروں گا - کل میں مال گاڑیوں کی inefficiency کے متعلق ایک لمبا چوڑا بیان اس ہاؤس میں دے چکا ہوں - آج میں مسافر گاڑیوں کے متعلق کچھ عرض کروں گا - چند روز ہوئے کوئٹہ پسنجر ٹرین ۳۵ اپ ملتان سے ۱۶-۶-۶۵ کو تین گھنٹے لیٹ چلی اور لاہور ساڑھے چھ گھنٹے کے بعد پہنچی - ان کی efficiency کا تو یہ عالم ہے - اس کے بعد کراچی میں پچھلے ہفتہ کافی Goods trains جو Schedule تھیں انہیں cancel کیا گیا کیونکہ ان کے پاس fuel اور power نہ تھا جناب اس کے بعد میں ایک Document جو پبلک Document تھی جس کا نام Operational Statistics Supplement to Western Railway Gazette No. 9, dated Saturday, May 1

۱۹۶۴ء میں اس کا average ۸۰۴ دیا گیا ہے اور مارچ سنہ ۱۹۶۵ء میں اس کا average ۸۰۶ تھا ۔ اس طرح سے جناب وزیر متعلقہ کا یہ کہنا کہ commercial side پر passenger trains جو run کرتی ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ حقائق کے پیش نظر اگر گستاخی نہ ہو تو عرض کروں کہ درست نہیں معلوم ہوتا ۔ کل اس ہاؤس میں یہ کہا گیا ہے کہ street delivery کیلئے کوئی بھی Foreign Firm Engage نہیں کیا گیا یہ درست ہے کہ کوئی Foreign firm Engage نہیں کیا گیا لیکن Reference ایک ایسی Agency کو کیا گیا ہے جو لاہور لالہ موسی تک Signalling Improve کرنے کیلئے Engage کی گئی ہے ۔ اور جس کا دفتر C. C. M. کا سابقہ کمرہ ہے ۔ وزیر متعلقہ اس کی بھی وضاحت اپنے محکمہ سے کروا لیں ۔

اس کے بعد ان کا ایک ہسپتال جس کا صحیح Designation اور Cairns Prosunciation ہسپتال ہے اس میں ایک لاکھ کی ادویات Purchase کی گئی تھیں ۔ یہ ادویات جو Purchase کی گئی تھیں ان کا نام اور جو Nature تھا وہ اس قسم کا تھا کہ جو عام فہم لوگوں کے لئے نہیں ہو سکتا تھا ۔ اس تمام سابقہ purchase کو دوبارہ دیکھنا چاہیے اور سب سے زیادہ ضروری بات یہ دیکھنی چاہیے کہ یہ ادویات کہاں سے خریدی گئیں ۔ میں وزیر متعلقہ صاحب سے یہ استفسار کروں گا کہ جیسا کہ گورنمنٹ کے عام محکمہ جات میں یہ دستور ہے کہ کسی افسر کا رشتہ دار کنٹریکٹر نہیں ہو سکتا تو کیا ریلوے میں بھی یہ دستور موجود ہے ۔ اور اگر اس چیز پر عمل نہیں کیا جا رہا ہے تو گذشتہ سال کسقدر سٹور اور Contracts ریلوے افسروں کے رشتہ داروں کو دیے گئے ۔ خاص طور سے ان ادویات کی Purchase میں کیا کسی افسر کا رشتہ دار کوئی شامل نہیں تھا ۔ جناب والا سکشن بورڈ کے فیصلہ جات کلرکوں کے متعلق ٹریفک انسپکٹروں اور کمرشل انسپکٹروں کے متعلق کئے گئے تھے لیکن ریلوے منسٹر صاحب اسکے متعلق انکوائری فرمائیں کہ کیا یہ درست نہیں کہ فیصلہ جات کو رد کر کے کسی بڑے افسر نے اپنی مرضی کے مطابق Rejected Names بھی شامل کر لیے ۔ اب جناب میں کمرشل سائڈ کی طرف آتا ہوں ۔ گزشتہ ہم روز میں یا تو ویگن سپلائی نہیں کی گئی یا اس سے قبل جو اوسط تھی اس اوسط کے مقابلہ میں سپلائی نہیں کی گئی ۔ اس کے بعد جناب میں وزیر صاحب کی خدمت میں ایک اور چوٹا سا واقعہ پیش کرتا ہوں کہ کوئی لیڈی سپیشل ٹکٹ Examiners لائلپور شورکوٹ اور جڑانوالہ شورکوٹ ۔ میں نہیں بھیجی گئیں ۔ اس

سے آپ اندازہ لگائیں گے کہ معاملات جو ہیں وہ نارمل نہیں چل رہے ہیں - کافی تساہل ہے اور جس Efficiency کا دعوے کیا گیا ہے Unfortunately وہ ریلوے کے محکمہ میں ہرگز نہیں ہے - اس کے بعد ایک اور حیران کن بات جو میں وزیر متعلقہ صاحب کے گوش گذار کرونگا وہ یہ ہے کہ سپیشل ٹکٹ Examiner جن کی تنخواہ لگ بھگ ۲ سو روپیہ ہوتی ہے مگر ان کا ٹی - اے ڈی سو روپیہ بن جاتا ہے مگر نہیں معلوم کن حالات کے تحت اس ڈویژن میں چھ یا سات ٹکٹ Examiner کلرک اس Job پر متعین ہیں اور مجھے بتایا گیا ہے کہ ۵۵ فیصدی بھتہ کے Entitled ہیں - اگر یہ بات ایسی ہے تو میں سمجھتا ہوں اس کے لئے متعلقہ وزیر صاحب کو فی الفور انکوائری اور استفسار کرنا چاہیے - اور اس ہاؤس کو مطلع کرنا چاہیے کہ یہ حالات کہاں تک درست ہیں - اس کے بعد کراچی میں آئل کمپنیوں کے جو شیڈ ہیں اور جہاں وہ اپنا تیل سٹور کرتے ہیں اور جہاں سے وہ اسے ایکسپورٹ کرتے ہیں - اب میں اس کی طرف آتا ہوں اور میں دوبارہ جسارت کروں گا - کہ ریلوے کا عملہ Scarcity create کرتا ہے اور اب کاروبار اس طرح چلتا ہے کہ وہ لوگ جنہیں تیل کے ڈرم اور موبائیل کے ڈرم دیگر شہروں میں لیجانا ہیں - وہ وہاں سے لے جاتے ہیں اور گرد و نواح میں جو سٹیشن ہیں وہاں سے وہ کمرشل Deal کر کے متعلقہ عملہ سے Load کرا کے آگے اس تیل کو بھیجدیا جاتا ہے اس کی Checking کا آسان طریقہ یہ ہے کہ اگر کراچی سے ۵۰ ، ۶۰ میل آگے کوئی آئل کمپنی Exist نہیں کرتی تو وہ تیل وہاں کہاں سے لایا گیا ہے - جناب والا کل میں نے لاہور نارووال سیکشن پر Checkings سے تقریباً ۳۸ فیصدی Increase کا ذکر کیا تھا ایسی ہی Checking گجرات اور لاہور سکشن پر - ڈی - ایس لاہور نے کی جس سے انکم میں ۲۵ فیصدی کا اضافہ ہوا - اس کے بعد میں نے اپنی عام بحث میں یونین کمرشل آفیسر جن کا کام یہ ہے کہ وہ ۲۰ یا ۲۵ ٹکٹ Checkers کو کنٹرول کرتا ہے جن کا کام یہ ہے کہ وہ ریل گاڑیاں Check کریں یا ان سے اس کی Checking کرائیں - وہ گذشتہ سال میں صرف دس دن اس ڈیوٹی کے لیے تشریف لیگئے -

جناب والا - اسکے بعد ریلوے میں ایک Load Line مقرر ہے مثلاً جتنے من کوئلہ ہوتا ہے - اس کی اس پر Weighing ہو جاتی Load Line

موجود ہیں لیکن بجری کیلئے ایسی ہی لائن موجود نہیں ہے ۔ بلکہ اس کی باہر Checking ہوتی ہے ۔

راولپنڈی اور کندیاں میں Excess بجری تیار ہوئی اور اسکے بعد پتہ نہیں کہ اس کا کیا حشر ہوا ۔ اور وہ سٹاف کہاں گیا ۔ اس کے بعد میری اور ریلوے منسٹر صاحب کی تقریر میں ایک تضاد تھا ۔ انہوں نے Claims کی رقم کی کچھ Percentage زیادہ بتائی تھی لیکن میری اطلاع کے مطابق وہ تین گنا فی صدی زیادہ ہے ۔ میں مشکور ہونگا اگر وہ میرے اس پوائنٹ کو correct کرنے کی کوشش کریں یعنی ان claims کے متعلق جو گزشتہ سال دئیے گئے ہیں ۔ بلکہ میں ان سے گزارش کروں گا کہ وہ جتنے الزامات میں نے لگائے ہیں میرا اندازہ ہے کہ Proceedings میں بھی وہ موجود ہیں ۔ ان کے notes بھی لئے ہیں اور ان کے افسران نے بھی notes لئے ہیں ۔ بلکہ ان افسران کا یہ routine ہے کہ ان کے notes پر جو کچھ بھی ہے وہ اسکی پڑتال اپنی برانچوں میں کرتے ہیں ۔ میں welcome کرونگا اور elinghtened feel کرونگا اگر منسٹر صاحب متعلقہ file کو منگوا لیں اور اگر میرا کوئی الزام غلط ثابت ہو تو مجھے موقعہ دیا جائے ۔ اگر متعلقہ افسر فائل مہیا نہ کر سکیں تو میں کوشش کر کے ممکن ہے وہ فائل مہیا کر دوں اور انکے Notes کی paging کر دوں ۔ اور یہ تمام الزامات جو ہیں انشاءاللہ حرف بحرف آپ انکو درست پائیں گے ۔ اب جناب والا میں Students concession کیطرف آتا ہوں آپ کے بھی بچے ہیں اور ہم سب کے بچے ہیں ۔ Students concession ان کے لئے اور ہمارے لئے نہایت اچھی چیز ہے لیکن عملہ والوں نے جس طریقہ سے Students concession کو misuse کیا ہے کہ ریلوے کے ارباب اختیار مجبور ہو گئے کہ وہ ایک سرکولر جاری کریں تاکہ طلبا کو کہا جائے کہ وہ شناختی کارڈ کے بغیر اس رعایت سے استفادہ نہیں کر سکیں گے ۔ جناب والا ۔ اس کے بعد یہ کل سے ہاؤس میں تسلیم کیا گیا کہ ویگنوں کی کمی ہے ۔ اس کے وجوہات بھی بیان کئے گئے ۔ میں متعلقہ وزیر صاحب سے گزارش کروں گا کہ وہ یہ انکوائری فرمائیں کہ کیا ایک Developed Cell جس میں ۴۰ انسپکٹران ہیں اور جس کا پانچ لاکھ روپیہ سالانہ خرچ ہے اور وہ اس لئے نہیں مقرر کئے گئے کہ وہ door to door جا کر ریلوے کے مال کی بکنگ کا بندوبست کریں ۔ ویگنوں کی پہلے ہی کمی ہے ۔ لاکھوں پیکٹ موجود ہیں اور وہ ریلوے سٹیشنوں پر پڑے ہیں ۔ تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ حکومت ان کے اخراجات کو کس طرح justify کیا جا سکے گا ۔ اب رہا رونا fast trains کا ۔ ہم ہر روز اخبارات میں پڑھتے ہیں کہ ہم نے اتنی Fast Trains جاری

جاتا ہے کہ موجودہ ٹرینوں کی بوگیوں کو کاٹ کر ایک نئے انجن کے ساتھ لگا دیتے ہیں اور اس کو پھر ایڈیشنل ٹرین کا نام دیا جاتا ہے ۔ رفتار اس کی قدرے زیادہ ضرور ہوتی ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ جو دعوے کیا جاتا ہے اس کے مطابق اتنی ویگنیں ہر گز نہیں ہوتیں ۔ اس کے بعد چھ لاکھ روپیہ کا ایک فنڈ ہے جسے Welfare Fund یا کوئی ایسا نام دیا جاتا ہے جسے غالباً Staff Benefit Fund کہا جاتا ہے ۔ اس میں چھ لاکھ روپے ہیں اور اس روپیہ کو جس بیدردی سے خرچ کیا گیا ہے اس کے متعلق میں یہ گزارش کروں گا کہ ایک statement call for کیجائے ۔ اس سے ظاہر ہو سکے گا لیکن میں کسی افسر کا نام ہر گز نہیں لینا چاہتا کیونکہ میں تو ایک healthy atmosphere create کرنا چاہتا ہوں ۔ ایک ویلفیر آفیسر صاحب کو پانچ چھ ہزار روپیہ دیا گیا کہ وہ فوراً تشریف لے جائیں اور کھیلوں کے متعلق سیکھ کر آئیں ۔ تو نہ وہ تشریف لے گئے اور نہ وہ روپیہ واپس کیا گیا ۔ کراچی سرکلر ریلوے پر دو کروڑ روپیہ خرچ ہو چکا ہے لیکن اس میں جو اندھیر کیا گیا ہے وہ یہ کہ ۱۹۴۷ء کے قریب یعنی تقسیم ملک کے بعد اس میں اغلباً کوئی عمل درآمد شروع کیا گیا لیکن اس کا جو روٹ تھا اس کو اس طرف سے نہیں لے جایا گیا جس طرف آبادی بڑھ رہی تھی ۔ اس لئے اس میں سے آمدنی بہت کم ہو رہی ہے اور وہ target یا مطلب حاصل نہیں ہو سکا جس سے کہ کراچی سرکلر ریلوے بنانی مطلوب تھی ۔ مثلاً آدم جی کالونی اور کراچی کے کچھ حصہ جات ہیں ۔ کچھ گنجان آبادی ہے ۔ ان چیزوں کی تفصیل تو میں نہ دے سکوں گا ۔ ان میں سے اگر یہ ریلوے گزرتی تو میں سمجھتا کہ یہ زیادہ بہتر ہوتا ۔ اس کے بعد ہمارے ایک آفسر نے وزیر علی انڈسٹری کو بنولہ کے لئے ۳۰ فیصدی تخفیف کر دی ۔ اب بتائیے کسی کمپنی کو چلانے کے لئے جبکہ اس کا مقابلہ دوسرے لوگوں کیساتھ ہو اس کو concession نہ دیا جائے اور دوسروں کو دیا جائے تو این چہ معنی دارد ۔ اس کے کیا معنی ہیں ۔ اس پر کافی protests ہوئے اور اس کے متعلق بھی میں گزارش کرتا ہوں کہ جناب وزیر صاحب انکوائری فرمائیں ۔ اب انجینیرنگ کا محکمہ لیجئیے ۔ اس کی بھی بڑی بھاری مدیں ہوتی ہیں ۔ تمام حکومت کے محکموں اور بلدیات کے محکموں میں سالانہ مرمت کی مد ہوتی ہے ۔ جناب والا کوشش یہ ہوتی ہے کہ سالانہ مرمتوں میں اگر مثلاً کوئی بلڈنگ ہے اور اس کا رنگ اچھا ہے اور اس کی دیواریں اتنی میلی نہیں ہوئی اور وہ صرف کپڑے سے جھاڑ دی جائیں اور انجینئرنگ عملہ متعلقہ سے مل کر اس کی سالانہ مرمت کا بل بنوا لیا جائے ۔ یہ جنرل پریکٹس ہے تو بہرحال جہاں حالت زیادہ خراب ہو وہاں کام کرنا بھی پڑتا ہے ۔ تو اب انجینیر سے مل کر

کیا جائے ۔ مکانوں اور کوٹھیوں کے ارد گرد جو کہ کئی سالوں سے بن چکی تھیں دیواریں بنانی شروع کر دیں یعنی کچھ تو ہوتا رہے ۔ اس کے بعد ایک منصوبہ پیش کیا گیا جس کے مطابق کوٹری میں شیڈ بنائے جانے مقصود تھے اور اس کے لئے تین لاکھ اور ۹۰ ہزار روپیہ فراہم بھی کیا گیا لیکن کسی اچھے شخص کی بروقت مداخلت سے روک دیا گیا بلکہ مجھے یاد آیا کہ لاہور سٹیشن پر بھی پلیٹ فارم نمبر ۲ اور ۳ پر فرش لگائے گئے جو لگنے کے فوراً بعد ہی یہ ظاہر کر رہے ہیں کہ یہ تسلی بخش نہیں ہیں ۔ گذشتہ سال بارشوں کے دنوں میں ان افسران کی کوٹھیاں یعنی میوگارڈن کی کوٹھیاں اس طرح ٹپکیں کہ وہ سمان پیش کر رہی تھیں کہ ریلوے کا محکمہ انجنیئرنگ کس طرح سے چل رہا ہے ۔ اب جناب والا یہ ایک ایسا محکمہ ہے جس میں افسران آرام کرنا پسند فرماتے ہیں اور کام بیرونی ایجنسیوں کو دیا جاتا ہے ۔ مثلاً ریلوے کے اینجنیئروں نے کھاریاں سٹیشن کا نقشہ ڈیزائن کرنے کے لئے نون اینڈ کمپنی کو کنٹریکٹ دیا ہے ۔

واچ اینڈ وارڈ کا محکمہ موجود ہے ۔ لیکن کوئی دوست جو کسی ایسے قصبہ ، شہر یا دیہات میں رہتا ہو ۔ جہاں ریلوے کے سٹاک ہوں ، اس بات سے انکار نہیں کر سکتا کہ ریلوے کے سٹاک ہوں ، اس بات سے انکار نہیں کر سکتا کہ ریلوے کا کافی مال خرد برد ہوتا ہے ، اور مارکیٹ میں کھلے بندوں فروخت ہوتا ہے ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ محکمہ اپنے فرائض سرانجام دینے میں ناکام رہا ہے اور اس کے خلاف سخت اقدام کرنا چاہیے ۔

اس کے بعد یہ عرض ہے کہ کسی شخص کو نوازنے کے لیے پہلے آئل ٹینک شیرے کے ٹینکوں میں تبدیل کئے گئے اور اب پھر نئے آئل ٹینک بنوائے جا رہے ہیں ۔

اب میں ریلوے کے سٹاف کی طرف آتا ہوں ۔ گزشتہ ڈیڑھ سال کے عرصہ میں یک لخت اس قدر زیادہ آسامیاں بنائی گئی ہیں کہ حیرانی ہوتی ہے ۔ مثلاً Dy .C. O.P. ایک سے چار کر دئے گئے ہیں ۔ چیف اکاؤنٹ افسر بڑھا دئے گئے ہیں ۔ غالباً ان کی تعداد بھی چار کر دی گئی ہے ۔ C. M. O دو کر دیئے گئے ہیں ۔ یہ ہے عالم ہماری ریلوے کی حسن کارکردگی کا ۔ اس کا بہترین حل یہ ہے کہ جناب وزیر صاحب ریلوے کے افسروں کو طلب کریں ۔ اور اگر مناسب سمجھیں تو مجھے بھی موقع دیں ۔

اگر ان کا عملہ میرے کہے سنے سے اختلاف کرے تو میں انشا اللہ یہ

ہیں ۔ نہ ہمارے پاس ریلوے کا سارا ریکارڈ ہے ۔ مگر جہاں تک ہو سکا ہے ۔ وہی باتیں عرض کی گئی ہیں ، جو ثابت کی جا سکیں ۔

Mr. Speaker : There is a similar cut motion from Mr. Mahmood Azam Farooqi. He may address the House.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) ۔ جناب والا ۔ یہاں اس ضمن میں ۱۷ لاکھ ۶ ہزار کے اضافہ کے لیے مطالبہ کیا گیا ہے ۔ جس میں ۱۱ لاکھ ۵۰ ہزار Recurring ہے ۔ اور ۵ لاکھ ۵۶ ہزار Non-Recurring میں اس کے متعلق کچھ زیادہ عرض کرنا نہیں چاہتا ۔ کیونکہ یہ سارے خرچ کا ۲۰ فیصد ہے ۔ اور میں اس کے ناپسندیدہ ہونے کے متعلق بجٹ پر عام گفتگو کے سلسلہ میں بہت کافی عرض کر چکا ہوں ۔

میں نے یہ کٹ موشن صرف ایک چیز کی طرف توجہ دلانے کے لئے پیش کی ہے ۔ اس نئے خرچ میں ایک رقم شامل ہے ، جس کا مقصد ریلوے کے حسابات کے سلسلہ میں مشورہ کے لئے بیرونی ماہرین کو یہاں بلانا ہے ۔ اسے دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے ۔ پہلا حصہ ۹ لاکھ ۳۱ ہزار کا ہے ۔ اور دوسرا ۱۴ لاکھ ۲۴ ہزار روپے کا ۔ کل ۲۳ لاکھ ۶۵ ہزار روپے ہیں ۔ اس میں سے ۱۴ لاکھ ۳۲ ہزار زرمبادلہ میں صرف ہوگا ۔ اس کام کے لئے Booth Hamilton Inc.U.S.A. کو متعین کیا گیا ہے ۔ جن سے معاہدہ یہ ہے کہ وہ اپنے ۵ آدمی پاکستان بھیجیں گے ۔ اور وہ مشرقی پاکستان کی ریلوے اور مغربی پاکستان کی ریلوے کے حسابات کا جائزہ لیں گے ۔ اور دونوں ریلوے کو مشورہ دیں گے ۔ کہ حسابات کس طرح رکھے جائیں ۔ جو خرچ مغربی پاکستان ریلوے برداشت کر رہی ہے وہ ۳۰ لاکھ ۲۰ ہزار روپے ہے ۔ جس میں سے ۱۴ لاکھ ۳۲ ہزار روپے زرمبادلہ ہے ۔

جناب والا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ حسابات کو رکھنا اور حسابات کو اس طرح مرتب کرنا کہ بروقت تمام ضروری معاملات سامنے آ سکیں ، نہایت اہمیت اختیار کر گیا ہے ، فن کی صورت اختیار کر گیا ہے ۔ لیکن اس کے باوجود میں یہ ماننے سے بالکل انکار کرتا ہوں کہ یہ فن اتنا دقیق ہے کہ پاکستان میں اس کے ماہرین نہیں ہیں ۔ پاکستان میں حساب دانوں کو تیار کرنے کا گورنمنٹ کا ایک اپنا ادارہ موجود ہے ۔ اور وہاں سے ہر سال درجنوں چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ اس فن میں مہارت حاصل کر کے باہر آتے ہیں ۔ اس کے علاوہ پاکستان کا بہت سا سٹاف ہر

۔ سٹیٹ بنک آف پاکستان بہت سا زرمبادلہ صرف کر کے بہت سے آدمیوں
و باہر بھیجتا ہے ، جو چھ سات سال وہاں صرف کر کے واپس
ے ہیں ۔ سوال یہ ہے کہ اتنے سارے کوالیفائڈ ماہرین حساب
موجودگی میں اس بات کی ضرورت کیوں پیش آئی کہ
ونی ماہرین پر انحصار کیا جائے اور اتنی بڑی رقم زرمبادلہ
صورت میں خرچ کی جائے ۔ ہوسکتا ہے کہ ہمارے پاکستان
ماہرین حسابات خاص ریلوے کے حسابات میں اتنی زیادہ
ہارت نہ رکھتے ہوں ۔ جتنی مہارت کی اس وقت ضرورت ہے
کن باہر سے ماہرین حسابات کو یہاں بلانے کی بجائے کیا
بہتر نہ تھا کہ یہاں سے ماہرین حسابات کا ریلوے کے
ص حسابات کے لئے انتخاب کیا جاتا اور انہیں سال بھر یا
ماہ کے عرصہ کے لئے دوسرے ممالک میں بھیج کر ٹرینینگ دی
تی ۔ تا کہ وہ اپنے فن کی مہارت میں اضافہ اور اپنی معلومات
وسعت پیدا کر لیتے ۔ اور اس طرح معلومات میں وسعت اور
میں مہارت حاصل کرنے کے بعد یہاں واپس آتے ' تو نہ
ف اس خاص مسئلہ میں ریلوے کو صحیح مشورہ دیتے ' بلکہ
ارا وہ صرف کیا ہوا زرمبادلہ ہمارے پاس اپنے تربیت
ہ افراد کی صورت میں واپس آ جاتا ۔ اور وہ افراد یہاں
تقل طور پر ہمارے لئے موجود رہتے ۔

جناب والا ۔ یہ صرف ۱۴ لاکھ ۳۱ ہزار زرمبادلہ کے مصرف
مسئلہ نہیں ' بلکہ یہ نشان دہی کرتا ہے اس طرز فکر
طرف کہ ہمارے اعلی حکام کی نظر اپنے ملک کے ماہرین پر
وسا کرنے کی بجائے ، ہمشیہ مغرب کی طرف ' امریکہ کی
ب رہتی ہے ۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ ہمارے ذہنوں
مرعوبیت کیوں حاوی ہے ۔ اور ہم اپنے لوگوں کی صلاحیتوں
کیوں Under-Estimate کرتے ہیں ۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ
رے اپنے لوگ نااہل ہیں ۔ حساب دانی ایسی چیز ہے جو
بہرحال ایٹم بم تیار کرنے کے مترادف نہیں ۔ معلوم نہیں
رے ذہن کیوں اس مغلوبیت اور مرعوبیت کا شکار ہیں ۔
لہ ۲ لاکھ ۱۸ ہزار زرمبادلہ کا نہیں ۔ تشویشناک وہ طرز
ہے جو ہمیں مجبور کرتا ہے کہ ہم باہر کے ماہرین
مشوروں پر انحصار کریں ۔ مجھے توقع ہے کہ وزیر متعلقہ

ء قصہ درد سناتے رہے انہیں نیند آ گئی

Mr. Speaker : Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ (لائل پور - ٦) — جناب سپیکر - مجھ سے قبل جناب ملک محمد اختر صاحب اور جناب فاروقی صاحب نے محکمہ کے متعلق اس امر پر کافی روشنی ڈالی ہے کہ اس محکمہ کی کار گذاری کی بابت جو کچھ معلومات ہمیں حاصل ہو سکیں ہم انہیں دو چار روز میں آپ کی وساطت سے محکمہ کے وزیر صاحب اور افسروں کے گوش گزار کرتے رہے ہیں - آج میرا خیال ہے کہ ریلوے کے محکمہ کی کہانی ریلوے کے اہل کاروں کی زبانی آپ کو سناؤں -

یہ ایک خط ہے ' جس میں انہوں نے لکھا ہے -

یہ خط محکمہ ریلوے کے اہلکاروں کی طرف سے ہے -----

ملک قادر بخش - آپ ان کے ساتھ سازش کر رہے ہیں -

مسٹر حمزہ - آپ تو ہر جائز کام کو سازش کہتے ہیں - لیکن سازش کرنے والوں کی پوجا کرتے ہیں -

Mr. Speaker : Now please address the chair.

مسٹر حمزہ - تو وہ اس میں فرماتے ہیں - کہ ''آپ ہماری گذارشات کو ریلوے وزیر کے کانوں تک پہنچا دیں - اس طرح شاید ہماری کچھ شنوائی ہو سکے - کیونکہ ہمارے دوستوں نے تو نوٹس دیے - اپیلیں کیں - اور متعلقہ افسران سے انٹرویو بھی لئے - لیکن اس دور میں کسی نے بھی کچھ نہ سنا - عرض یہ ہے کہ لاہور ڈویژن میں تقریباً پچاس ایسے اے - ایس - ایم ہیں - کہ جن کی ١٩٦٠ء سے لیکر آجتک کوئی ترقی نہیں ہوئی - اور نہ ہی ١٩٦٠ء کے مجوزہ سکیلوں میں ان کی تنخواہ کا fixation ہوا ہے - کیوں اور کس لئے - شاید اس کا جواب آپ کو مل سکے - لیکن ہمیں پانچ سال کی تگ و دو سے کچھ بھی حاصل نہیں ہوگا'' - ان سے آگے چل کر وہ فرماتے ہیں - کہ ''لاہور ڈویژن کے بہت سے ایسے اے - ایس ایم جنہیں ٹی I سپیشل کرایا گیا - عرصہ دس بارہ سال سے اب تک ان کی سنیارٹی کا کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا ان کو کس طرح سنیارٹی دی جائے - کیوں کہ ان میں سے بہت سے اے - ایس - ایم پروموشن کی لائن میں ہیں -

چودھری محمد نواز (منٹگمری - ۲) — پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - کسی کتاب سے اپنی دلیل کے ثبوت یا حمایت میں حوالہ تو دیا جا سکتا ہے - لیکن کیا کوئی معزز ممبر کسی کاغذ کو دیکھکر اس سے ایوان کے اندر پڑھ سکتے ہیں -

مسٹر سپیکر -- سپیکر کی اجازت سے کسی Document کا حوالہ فاضل ممبر دے سکتے ہیں -

چودھری محمد نواز — کیا یہ کوئی Document ہے -

Mr. Speaker : The letter is a document.

مسٹر حمزہ — تو وہ لکھتے ہیں - کہ ''ہم میں سے بہت سے اے - ایس - ایم کو لائن میں لانے کے لئے ٹی I سپیشل کرا دیا ہے - لیکن سینیارٹی کے لئے دس سال سے انتظار کرنا پڑ رہا ہے - اور تیسری بات یہ فرماتے ہیں - کہ ہمارے ڈویژن میں کلرکوں کو موجودہ افسروں سے بھی زیادہ اختیارات دیئے ہوئے ہیں - اور وہ عرصہ پانچ سال سے آٹھ سال تک انہیں Seats پر کام کر رہے ہیں - باوجودیکہ بہت سی رپورٹیں ہوئیں - ان کے خلاف تحقیقات ہوئیں - لیکن افسران اس لئے خوش ہیں کہ ہر کام کلرک سرانجام دے دیتے ہیں - حالانکہ اسٹیبلشمنٹ برانچ میں ایک کلرک دو سال یا زیادہ سے زیادہ تین سال تک لگا رہنا چاہیئے - اگر انہیں کوئی سلام نہ کرے - تو بدبختی - اگر کوئی انکی بات نہ مانے تو کئی طرح کی زحمتیں - اور اگر ان کی پارٹی میں شامل نہ ہو تو مصیبت - لیکن افسران نے نہ سننا ہے - اور نہ سن سکتے ہیں - کیوں کہ ہر ثبوت ہر تحقیقات میں پول کھلنے پر بھی وہ کلرک جون کے توں کام کر رہے ہیں - اور اب وبال جان ان لوگوں کے لئے جنہوں نے یہ ثابت کیا ....''

چودھری محمد نواز — آپ نے تو یہ خط پڑھ لیا ہوگا - اب اسے یہاں حرف بحرف پڑھنے کی کیا ضرورت ہے -

مسٹر حمزہ — میری گذارشات کے بارے میں وزیر صاحب نے تو نہیں فرمایا - لیکن ایک سابقہ وزیر صاحب یہ فرماتے رہے ہیں - کہ یہ گذارشات اکثر اوقات مبالغہ آمیز ہوتی ہیں - تو چونکہ یہ خط خود ان کے اپنے اہلکاروں نے تحریر کیا ہے - اس لئے اگر یہاں پر اسے حرف بحرف ہی پڑھ کر سنا دوں - تو بہتر ہوگا - تاکہ اگر وہ

مسٹر سپیکر — آپ اس کے اقتباسات پڑھ دیں - اور پھر
مناسب سمجھیں - تو خط وزیر صاحب متعلقہ کی خدمت میں پ
کر دیں -

مسٹر حمزہ — میرے پاس ایک اور خط بھی موجود -
کہ جس میں تحریر کرنے والوں نے مجھے اور جناب وزیر ریلوے
ہمارے اٹھائے ہوئے حلف وفاداری کا واسطہ دیکر یہ مطالبہ کیا ہے
کہ آپ اس معاملے کی کم از کم تحقیقات تو کریں - اور جن لوگ
نے دیدہ دانستہ طور پر یا جن لوگوں کے تساہل کی بناء پر لا
ڈویژن کے تقریباً پچاس اے - ایس - ایم کو جو مالی نقصان پہنچا ہے
جو پریشانی ہوئی ہے - ان کو سزا دی جائے -

جناب سپیکر - جس حکومت کی کارگذاری کا یہ حال ہو -
حکومت کا اپنے اہلکاروں سے یہ سلوک ہو - ان سے یہ توقع
کہ وہ محکمہ ریلوے کو ایک کمرشل ادارے کے طور پر چلائیں گے -
سب سے بڑھکر جیسا کہ جناب وزیر ریلوے نے فرمایا ہے - کہ
اسے بطور Utility Service کے چلانا چاہتے ہیں - آپ خود ہی
اندازہ لگائیں - کہ کیا ایسا ممکن ہو سکتا ہے - اس لئے میرے
میں یہ تمام گنجائش یا justification جو کہ اس گنجائش کے
New Expenditure کی تفاصیل میں دی گئی ہے - وہ justification
بے معنی ہے - حقیقت یہ ہے - کہ اگر ہمارے حکام اپنے فرائض منص
کو بطریق احسن ادا کریں - تو ہمارے عملے کی تعداد اسقدر
اور ہم انہیں اتنے مشاہرے دیتے ہیں - کہ اگر انکے ساتھ
نیتی کے ساتھ ایک ٹیم کی طرح کام کریں - اور ان میں جو
عناصر ہیں - ان کی سرکوبی کرتے رہیں - اور انکی کڑی نگ
کریں - تو کوئی وجہ نہیں ہے - کہ ہمارا محکمہ اس سے بہتر طور
نہ چل سکے - میں سمجھتا ہوں کہ موجودہ صورت میں جو مطالبہ پ
کیا گیا ہے - یہ محض قومی سرمائے کا ضیاع ہے - اور اس
ملک و قوم کو کوئی فائدہ نہیں پہنچ سکتا - ان وجوہات کی بناء
میں ملک محمد اختر کی تحریک تخفیف زر کی حمایت کرتا ہوں -

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان تمن) - جناب والا - اس
موشن پر تقریر کرتے ہوئے ملک محمد اختر صاحب نے محکمہ ریلوے
بہت سے الزامات لگائے ہیں - میرے خیال میں یہ تمام چیزیں
ہر عام بحث کے دوران میں آنی چاہئیں - اور اگر وہ ان امور پر

فی الحال تو میں سمجھتا ہوں ۔ کہ انکے عائد کردہ الزامات کچھ مبہم قسم کے ہیں ۔ میں ان سے گذارش کرونگا ۔ کہ اگر ان کے پاس کوئی مکمل مثال موجود ہو ۔ تو مجھے لکھ کر دیں ۔ انشاء اللہ میں اس پر غور کرونگا ۔

جناب والا ۔ فاروقی صاحب نے اعتراض کیا ہے ۔ کہ Modernisation of Accounts پر ہم جو دو لاکھ روپے خرچ کر رہے ہیں ۔ وہ کیوں کر رہے ہیں ۔ اور دو لاکھ کے زر مبادلہ کو کیوں ضائع کر رہے ہیں ۔ تو میں انکی خدمت میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ ریلوے کے محکمے کو صوبائی تحویل میں دینے سے پہلے ہی مرکزی حکومت نے اس بات کا فیصلہ کیا تھا ۔ (اور اس میں مغربی پاکستان اور مشرقی پاکستان یعنی ہر دو صوبہ جات کی ریلیں شامل تھیں) کہ Modernization of Accounts اس لحاظ سے بڑی ضروری چیز ہے ۔ کہ اتنے وسیع اور اسقدر پھیلے ہوئے کاروبار میں جبتک آپکو حسابات کا پتہ بروقت نہ چلتا رہے ۔ اور اگر آپ تک حسابات پہنچنے میں تاخیر ہو جائے ۔ یا ان کو جمع کرنے میں دیر ہو جائے تو اسطرح حسابات میں لاکھوں روپے کے نقصان کا احتمال ہو سکتا ہے ۔ اس لئے یہ جو خرچ ہم کر رہے ہیں ۔ یہ خرچ ہم ان حسابات کی نگرانی کرنے کی غرض سے عملے کی تقرری پر خرچ کر رہے ہیں ۔ کہ اگر حسابات میں کہیں کوئی غلطی ہو رہی ہو ۔ یا کوئی گڑ بڑ ہو رہی ہو ۔ تو اس کا فوراً انتظام کر سکیں ۔ یہ تھوڑا سا خرچ ہمیں لاکھوں روپے کے نقصان سے بچا سکتا ہے ۔

اس کے بعد اس مد میں دو items ہیں — ایک new posts کے متعلق ہے اور ایک modernization of accounts کے متعلق ہے ۔ modernization of accounts کے متعلق میں عرض کر چکا ہوں کہ سروے کیلئے ۳ لاکھ کچھ روپیہ رکھا گیا ہے ۔ اس پر وقتاً فوقتاً ہمارے ممبر صاحبان کی طرف سے بہت سے مطالبات اور تجاویز پیش ہوئی ہیں ۔ جن پر سروے کرنا کسی حد تک ضروری ہے ۔ یہ رقم اسلئے رکھی گئی ہے تاکہ ان کی workable position کا پتہ چل سکے ۔ اور جتنے بھی کام in hand ہیں ان پر جو کچھ بھی رقم ہم خرچ کرنا چاہیں کر سکیں ۔ علاوہ ازیں سندھ میں جو ہماری چھوٹی لائنیں ہیں ان کو چوڑا کرنا ہے ۔ گوجرانوالہ ۔ پسرور ۔ ڈسکہ میں جو نئی لائنیں بنانی ہیں ان کا سروے کرنا ہے ۔ گوجرانوالہ ، حافظ آباد

مختلف اطراف سے جو تجاویز آئی ہیں ان پر خرچ کرنا ہے۔
پھر جناب والا ایک اعتراض اور کیا گیا ہے وہ یہ ہے
کہ new posts کیوں بنائی گئی ہیں۔ اور ان پر ۱۱ لاکھ
۵ ہزار روپے کا خرچہ ہے۔ میں اس بارے میں وضاحت کر
دینا چاہتا ہوں جیسا کہ میں نے اپنی بجٹ تقریر میں
بھی عرض کیا ہے کہ ہمیں ریونیو کی آمدنی
سے ۲ فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ اس اضافہ کی وجہ سے
جب ہمارا کاروبار بڑھ رہا ہے تو اس کیلئے ضروری ہے
کہ ہم نیا سٹاف رکھیں۔ اس تناسب سے ہمارا ۱۰۲
فیصد خرچہ ہے۔ کیونکہ دو فیصد ہماری ریونیو آمدنی بڑھ
گئی ہے اور ۱۰۲ فیصد ہمارا اس طرف خرچہ بڑھ رہا ہے۔
اس ۱۰۲ فیصدی میں جو ہمارے نئے کام in hand ہیں
یا ہم کر رہے ہیں ان کا سٹاف بھی اس میں شامل
ہے۔ بھٹی کا جو میں نے بار بار ذکر کیا ہے اسکے
لئے بھی سٹاف کی ضرورت ہے۔ سو بستروں کا ہسپتال جو
راولپنڈی میں بن رہا ہے اس کیلئے بھی سٹاف درکار ہے۔
میرے خیال میں یہ جو مطالبہ زر ہے جائز ہے۔

Mr. Speaker : I will first put the cut motion to the vote of the House. The question is—

That the total of Rs. 17,06,000 on account of Ordinary Working Expenses—General Administration—Total New Expenditure be reduced by Rs. 17,05,999.

The motion was lost

Mr. Speaker : I will now put the demand. The question is—

That a sum not exceeding Rs. 17,06,000 be granted to the Governor to meet new expenditure for the financial year ending on the 30th June, 1966, in respect of ordinary working expenses general Administration.

The motion was carried

DEMAND NO. 2

Mr. Speaker : Next Demand, please.

Minister of Railway (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : Sir, I beg to move—

That a sum not exceeding Rs. 95,00,000 be granted to the Governor to meet new expenditure for the financial year ending on the 30th June 1966, in respect of Ordinary Working Expenses—Repairs and Maintenance.

Mr. Speaker : Demand moved is—

That a sum not exceeding Rs. 95,00,000 be granted to the Governor to meet new expenditure for the financial year ending on the 30th June, 1966, in respect of Ordinary Working Expenses—Repairs and Maintenance.

First cut motion on this demand is in the name of Khawaja Muhammad Safdar, who may move it—

Khawaja Muhammad Safdar : Sir I beg to move—

That the total of Rs. 95,00,000

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is—

That the total of Rs. 95, 00 000 on account of Ordinary Working Expenses—Repairs and Maintenance—Total New Expenditure be reduced by Re. one.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) —جناب والا ۔ ۹۵ لاکھ روپیہ کی اس کثیر رقم کو اس کتاب میں جس میں نئے اخراجات کی تفاصیل دی گئی ہیں کے صفحہ ۱۳۲ پر اسکو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے ۔ ایک ۱۰ لاکھ روپیہ کا متوقع خرچ اور دوسرا ۸۵ لاکھ کا خرچہ ۔ ۱۰ لاکھ روپیہ اس لئے مختص کیا گیا ہے کہ ہمارے ملک میں تقریباً ہر سال سیلاب آتے رہتے ہیں جن کی وجہ سے جہاں اور نقصانات ہوتے ہیں وہاں ریل کی پٹریوں کو بھی نقصان پہنچتا ہے ۔ اس لئے اس اتفاقی ۔ ناگہانی اور ضروری خرچ کے لئے یہ ۱۰ لاکھ روپیہ کی رقم رکھی گئی ہے یا مختص کی گئی ہے ۔ جناب والا ۔ مجھے اس گرانٹ کے مطالبہ زر سے پورا پورا اتفاق ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ شائد جس طور پر گذشتہ سالوں میں ہم اس قسم کے روپیہ کو صرف کرتے رہے ہیں وہ درست نہیں ہے ۔ ہمارے ضلع میں ریلوے لائن کے دو سیکشن ہیں جو ہر سال بہہ جاتے ہیں ۔ سیالکوٹ ۔ نارووال اور نارووال ۔ شاہدرہ کی طرف تھوڑا سا پانی آ جانے سے یہ دو لائنیں چار چار پانچ پانچ دن کیلئے بند ہو جاتی ہیں اور مٹی بھی نیچے سے بہہ جاتی ہے ۔ اس دوران میں ٹریفک بند رہتی ہے ۔ جب چار پانچ دن کے بعد اسکی مرمت ہوتی ہے ۔ تب ٹریفک شروع ہوتی ہے ۔ صوبہ کے مختلف دوسرے حصوں میں بھی یہی کچھ ہو رہا ہے ۔ گذشتہ کئی سالوں سے قدرت کی طرف سے ہمارے صوبہ میں تقریباً ہر سال کثرت باراں ہو جاتی ہے اور ایک سیلاب کی صورت پیدا ہو جاتی ہے جس سے نہ صرف مالی نقصان ہی بلکہ ہمارے ملک کو جانی نقصان بھی برداشت کرنا پڑتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس قسم کی ریلوے لائنیں جو ہمیشہ ہر سال اس خطرہ میں پڑی رہتی ہیں ان کے لئے مستقل انتظام کرنا چاہئے تاکہ اگر تھوڑا سا بھی پانی آ جائے تو وہ ٹھہر نہ سکے ۔ میری رائے میں اگر ان خطروں کے پوائنٹ پر چھوٹے چھوٹے پل بنا دئیے جائیں تاکہ جب بھی بارش زائد ہو جائے سیلاب

ہماری ریلوے لائن بھی بچ جائے گی - فوری طور پر شاید ان پلوں پر زیادہ خرچ آئے لیکن ہر سال جو ہم خرچ کر رہے ہیں اس کے پیش نظر شاید وہ خرچ جائز ہو میں ایکسپرٹ نہیں ہوں اور فنی طور پر کچھ نہیں جانتا لیکن میرے سامنے ایک مثال ہے کہ چار پانچ سال ہوئے لاہور سے راولپنڈی جاتے ہوئے بلکہ میں یہ کہوں گا کہ گجرات تک جاتے ہوئے برسات کے موسم میں یہ صورت رونما ہو گئی کہ کئی کئی دن تک جی - ٹی روڈ بند رہی - ہماری پی—ڈبلیو—ڈی نے گذشتہ چھ سال سے چھوٹے چھوٹے اور لمبے لمبے پل جن کو بنتے ہوئے نہیں بلکہ میں نے ان کی ساخت دیکھی ہے بنا دیئے ہیں - ان میں جب پانی آتا ہے اور وہ نیچے سے بہہ جاتا ہے - اب یہ fair weather road نہیں رہی ہے بلکہ all weather road ہے - اس مثال کو پیش نظر رکھ کر اگر محکمہ ریلوے بھی اپنے اس کمزور پوائنٹ کو اس طور پر ترتیب دے لے بجائے اسکے کہ ہر سال لائنوں کی مرمت پر روپیہ خرچ ہو یہ پل بن جائیں - تو زیادہ بہتر اور مناسب ہے - اس مطالبہ زر کا دوسرا حصہ جیسا کہ میں نے ابھی عرض کیا ہے کہ وہ ۸۵ لاکھ روپیہ پر مشتمل ہے - ۱۳۲ صفحہ پر اس کی تفاصیل اس طرح بیان کی گئیں ہیں -

Page 132 of 'Details of New Expenditure':

E—New Minor Works—

(A) Permanent-way and other Engineering Structural Works.

(E) New Minor Works

The details of expenditure under New Minor Works are tabulated on the next page—

جناب next صفحہ پر جو ٹیبل دیا گیا ہے وہ یہ ہے -

(Amount in Rs. Thousand)

E—New Minor Works—		
(1) Passengers and other Public amenities	Total	20,00
(2) Staff Welfare		15,00
(3) Other New Minor Works—		
(*i*) Improved Signalling.		99
(*ii*) Increased line capacity.		13
(*iii*) Rehabilitation of Buildings.		11,79
(*iv*) Rehabilitation of Bridges.		41
(*v*) Electrical Works.		2,89
(*vi*) Other Engineering Works		22,21
(*vii*) Lump sum for Works costing less than Rs. 10 thousand		11,58

کل ملا کر ۵۰ لاکھ اور پھر گرینڈ ٹوٹل ۸۵ لاکھ ہوگا اس خرچ کا کوئی سر اور پیر معلوم نہیں ہوتا کہ کہاں خرچ ہوگا کس چیز پر خرچ ہوگا اور کیسے خرچ ہوگا مجھے قرطاس ابیض کے صفحات ۳۱ ، ۳۲ کے مطالعہ سے بھی اس کی تفاصیل نہیں مل سکیں ۔ کیا جو کام ہو چکا ہے اس پر یہ خرچ ہوگا یا آئندہ سال کی کسی نئی سکیم پر خرچ ہوگا مثال کے طور پر صفحہ ۳۱ پڑھیں تو پیرا گراف ۱۴—۱۵ میں درج ہے ۔

Passenger and public amenities and staff welfare works :

"(*i*) .....The building is expected to be ready early next year."

Sir, this is on-going thing.

"(*ii*) A new T. B. patients ward, an indoor patients female and children ward, and extension of the general ward in the Railway Hospital at Multan Cantt have been completed."

This has been completed.

"(*iii*) and (*iv*) has also been completed.

"(*v*) ..... A new high school for boys and girls under construction..... ".

This is also on-going.

"(*vi*) .....Repair Backshop at Rawalpindi is progressing satisfactorily."

This is also on-going.

ریلوے ہسپتال تعمیر ہو چکا ہے ۔ مجھے معلوم نہیں کہ اس پر یہ کیسے خرچ ہوگا دوسری مد ٹی بی مریضوں کی ہے اور ان ڈور زنانہ مریضوں کی ہے اس کے لئے ریلوے ڈسپنسری کراچی بھی بن چکی ہے پھر پانچواں اور چھٹا حصہ ہے ان دونوں کے پہلے حصے بھی تکمیل پاچکے ہیں ساتویں نمبر سے بھی مجھے پتہ نہیں چل سکا کہ یہ رقم کہاں اور کیسے خرچ ہوگی ۔ بجٹ میں اتنی زحمت گوارا نہیں کی گئی کہ اس کی صحیح تفصیل درج کی جائے حالانکہ ان اخراجات کو justify کرنے کی ضرورت تھی کہ کیوں اور کس طرح انہیں برداشت کرنا پڑے گا ایسی تفاصیل سرے سے ندارد ہیں ۔

جناب والا ۔ مجھے اس ڈیمانڈ کے خلاف ایک اور اعتراض بھی ہے اس میں دو ایسی چیزیں رکھی گئی تھیں جو کہ ریلوے کے رفاہی پہلو کر اجاگر کرتی ہیں مگر افسوس ہے کہ ان دونوں مدوں کی رقم کو کم کر دیا گیا ہے ۔ یہ دانشمندی کی بات نہیں ہے پچھلے سال یہ lapse ہو گیا تھا ۲۰ لاکھ روپیہ رکھا تھا مگر وہ خرچ نہ کیا گیا مگر اس سال بیس لاکھ تک کم کر دیا گیا حالانکہ ریلوے ملازمین کے بچوں کے علاج کیلئے amenities مہیا کرنی چاہئیں اور ان کے لئے چھوٹی چھوٹی کالونیاں آباد کرنی چاہئیں جس میں آرام سے آسائش سے اور آسودگی سے زندگی بسر کر سکیں اور جیسا کہ مشہور مصرع ہے

ع که مزدور خوشدل کند کار بیش

لہذا میں درخواست کرونگا کہ یہ ۱۰ لاکھ کی رقم لیبر ویلفیئر پر ضرور خرچ کی جائے اور اسے lapse نہ ہونے دیا جائے اور نہ ہی اسے کسی اور کام پر صرف کر دیا جائے ۔

Mr. Speaker : Malik Muhammad Akhtar has given notice of a similar cut motion The Member can address the House.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) -- جناب سپیکر - خواجہ صاحب اس ڈیمانڈ کے متعلق کافی کچھ فرما چکے ہیں - گورنمنٹ کا ٹارگٹ تو یہ ہے کہ Corruption اینڈ inefficiency کو روک دیا جائے مگر unfortunately کچھ Accidents ایسے ہو جاتے ہیں کہ جن افسران کی دیانت داری اور کارکردگی کے بارے میں ہماری سپریم کورٹ کے سات جج صاحبان کا فیصلہ ریمارکس پاس کر چکا ہے اور جسٹس بشیر احمد کے فیصلے کی رو سے غلام سرور کو بے قصور اور ملازمت کے قابل قرار دیا گیا تھا اس کو screen out کرنے کے لئے انہی ریلوے افسروں کی ایک کمیٹی مقرر کی گئی جن کے خلاف سپریم کورٹ نے ریمارکس دیئے تھے اور انہوں نے غلام سرور کو screen out کر دیا ۔

مسٹر حمزہ — جناب والا - میرا پوائنٹ آف آرڈر ہے کہ ریلوے منسٹر سے دریافت کر لینا چاہئے کہ آیا وہ آفسران ابھی تک ریلوے میں اپنے عہدوں پر بحال ہیں ۔

مسٹر سپیکر — یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے بلکہ ''لقمہ'' ہے (قہقہہ) ۔

ملک محمد اختر— جناب سپیکر— اس معرکتہ الآرا کیس کا فیصلہ جو سپریم کورٹ نے دیا تھا میں ابھی اس کے متعلق عرض کرنے لگا ہوں ۔

The judgement of Justice Bashir Ahmad is as follows :—

"On the facts of the case before me there cannot be the slightest doubt that the notice terminated the services of the appellant was only a ruse and the true purpose of the dismissing authority was to victimise the appellant. The action was taken on the report of the Screening Committee. The enquiry, if any, held by the Screening Committee was without any reference to him. The material placed on the record shows that the Committee was composed of the Superintendent, Mechanical Workshop, assisted by Mr Altaf Hussain and Mr. Osborne. It is understood that the appellant did claim that the wife of Altaf Hussain was not returning loan which she owed him. It is equally clear that Mr. Altaf Hussain was exasperated on the demand and the suggestion from him was that his wife never borrowed any money and that the loan was advanced to the peon Abdul Ghani. A sum of Rs. 100 in cash was paid through Abdul Ghani who made over some ornaments also and in this manner the liability was discharged. It was after the payment that the appellant was charge-sheeted for

Mr. Osborne drafted the reply submitted by the appellant and although nothing came out of these proceedings, he was effectively removed a short while later on the recommendations of the Screening Committee which consisted of the same gentlemen against whom he had a grouse. In my view, the material is sufficient for the finding that the termination of the services in the present case was essentially of a penal character; and since the appellant was denied the constitutional protection afforded by subsection (3) of section 240 of the Act of 1935, the appeal will have to be allowed and a declaration in favour of the appellant, will have to be issued that the termination of his service being in contravention of the Constitution was of no legal effect and he was to be deemed to be still in service and I order accordingly."

The Order of the Court is as follows :—

"In terms of the views of the majority, the order of the Court is that the appeal be allowed, with costs throughout, and that the judgment and decree of the High Court being reversed, the appellant shall be granted, in place of the decree awarded by the trial Court, and later modified in appeal by the Senior civil Judge, a decree for a declaration that the termination of his service by the notice of the 24th August, 1953, was void and inoperative, and that the appellant remained a Foreman Grade III in the service of the North-Western Railway on the date of the filing of his suit."

جناب والا ۔ یہ ایک نمونہ ہے ہماری ریلوے ایڈمنسٹریشن کی دیانتداری کا جو کہ ایک بڑا sad affair ہے ۔ میری اطلاع کے مطابق جن لوگوں کے متعلق یہ remarkes دئے گئے ہیں ۔ وہ اب ان سے اعلیٰ عہدوں پر فائز ہیں ۔ اور لوگوں کی قسمت کے فیصلہ جات پہلے سے بھی زیادہ ان کے سپرد کئے گئے ہیں ۔

مسٹر سپیکر — ملک صاحب اگر آپ Demand No. 1 پر یہ سب کچھ فرماتے ۔ تو بہت ہی اچھا ہوتا ۔

ملک محمد اختر — I am going to finish it Sir. تو جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ریلوے کے محکمہ میں inefficiency اور corruption بدستور جاری ہے ۔ اور ان سے یہ امید رکھنا کہ وہ ان Demands کو honestly اور efficiently خرچ کرینگے ۔ اس کے لئے جناب وزیر ریلوے کو کافی supervision کی ضرورت ہوگی ۔ اور ان تمام معاملات کو ordinary way میں treat کرنے کی بجائے بڑی گہری نظر سے ان کا مطالعہ کرنا ہوگا ۔ اور اس کے بعد نہایت موثر اقدامات کرنا ہونگے ۔ تاکہ ریلوے ایڈمنسٹریشن honestly, smoothly اور efficiently چل سکے ۔

رانا پھول محمد خان — On a point of order, Sir, جناب والا ۔ میں معزز ممبر سے درخواست کروں گا کہ وہ یا تو انگریزی میں تقریر کریں ۔ یا اردو میں کریں ۔ ان کو اپنی تقریر میں دونوں زبانوں کے الفاظ استعمال نہ کرنے چاہیئں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸)— جناب والا - یہ ۹۰ لاکھ روپے کے نئے خرچ کا مطالبہ ہے - دراصل پچھلے دو تین دن سے ریلوے کے محکمہ کی نا اہلی اور افسران کی بد دیانتی وغیرہ کے بارہ میں اتنی باتیں کی جا چکی ہیں - اور اتنی تنقید ہو چکی ہے کہ اب میں اس میں مزید آضافہ کر کے اپنے نئے وزیر متعلقہ کی حوصلہ فرسائی کرنا نہیں چاہتا - کیونکہ اگر ان میں قنوطیت پیدا ہوئی - تو اس سے حالات بہتر ہونے کی بجائے خراب ہونے کا اندیشہ ہے - بہر حال ان کا اتنا ہی اقدام قابل تعریف ہے کہ اس نئے ۸۰ لاکھ روپے کے خرچ میں انہوں نے عملے کی فلاح و بہبود کے لئے ڈیڑھ فیصد رقم رکھ کر اس بات کا ثبوت دیا ہے کہ عملے کی طرف ان کی کچھ نہ کچھ نظر اور توجہ ضرور ہے - اس ۸۰ لاکھ روپے میں سے ۱۰ لاکھ روپیہ عملے کے لئے اور باقی دوسرے اخراجات اور دیگر کاموں کے لئے رکھے گئے ہیں -

جناب والا - میں خصوصی طور پر آپ کے توسط سے جس چیز کی طرف وزیر متعلقہ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں - وہ یہ ہے کہ اس ۸۰ لاکھ روپے میں راولپنڈی ڈویژن کے لئے ۱۹ لاکھ ۴۱ ہزار روپے ہیں - سکھر کے لئے ۱۹ لاکھ ۳۵ ہزار - لاہور کے لئے ۱۹ لاکھ ۸ ہزار ملتان کے لئے ۱۲ لاکھ ۹۴ ہزار اور کراچی کے لئے ۹ لاکھ ۲۷ ہزار - باقی چھوٹے ڈویژنوں کے لئے ۴ لاکھ ۳۹ ہزار کے حساب سے رکھے ہیں - اس سے ظاہر ہے کہ کراچی کے لئے سب سے کم رقم رکھی گئی ہے - چنانچہ میں اس بات کی وضاحت کر دوں کہ میں کسی علاقہ وار عصبیت میں مبتلا نہیں ہوں - لیکن میں چونکہ کراچی کے حالات سے بہت اچھی طرح باخبر ہوں - اس لئے میں آپ کے توسط سے جناب وزیر متعلقہ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ خواہ عملے کی فلاح و بہبود کا تعلق ہو یا مسافروں کو سہولتیں بہم پہنچانے کا - اس ۸۰ لاکھ روپے کی مد میں جو دوسری رقوم اور مدات شامل ہیں - ان میں سے آپ کوئی مد بھی سامنے رکھیں - تو آپ اس میں کراچی کو کم مستحق نہ پائیں گے - میں ریلوے کے اس بجٹ میں بھی اور اس سے پہلے بجٹ میں بھی آمد و خرچ کے گوشوارہ میں یہ بات دیکھ رہا ہوں کہ کراچی کو ریل کی سہولتیں بہم پہنچانے پر وہ توجہ نہیں دی جا رہی جو اس ملک کے اتنے بڑے شہر بلکہ سب سے بڑے شہر کا حق ہے - کراچی ایک Cosmopolitan شہر ہے جو اس ملک کا

کراچی ریلوے سٹیشن بھی آپ میں سے بیشتر حضرات نے دیکھا ہو گا ۔ کیا وہ اس بات کا مستحق نہیں کہ اسے پاکستان کے اتنے بڑے ملک کے اتنے بڑے شہر کا سٹیشن اور ایک با وقار سٹیشن کہا جا سکے ۔

کراچی کینٹ کراچی شہر کا دوسرا سٹیشن ہے جہاں سے آپ کی ریلوے کی اہم ریلوے گاڑیاں مثلاً تیز گام اور خیبر میل وغیرہ شروع ہوتی ہیں اور وہیں ختم ہوتی ہیں اس سٹیشن کے پہلے پلیٹ فارم پر سائے کا کوئی انتظام نہیں ۔ معلوم نہیں ۔ کراچی کے لئے یہ جو ۹ لاکھ ۲۰ ہزار روپے کی رقم رکھی گئی ہے ۔ اس میں سے زیادہ کس قسم کی مد پر صرف کرنا متوقع ہے ۔ کیونکہ ان کاغذات میں اس کی تفصیل موجود نہیں ۔

جناب والا ۔ ابھی ابھی آپ نے سرکار ریلوے کے منصوبے کا پہلا مرحلہ اپنے بیان کے مطابق ختم کر لیا ہے ۔ لیکن اس منصوبے کے تحت جتنے سٹیشن بنے ہیں ۔ ان میں سے کسی پر بھی سائے کا کوئی انتظام نہیں ۔ شائد اس کی وجہ یہ ہے کہ جناب وزیر متعلقہ کراچی سے زیادہ واقف نہیں ۔ اور اس کی آب و ہوا کا انہیں زیادہ علم نہیں ۔ میں آپ کے توسط سے ان کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ کراچی میں سورج نکلتا ہے ۔ دھوپ ہوتی ہے ۔ اور بعض اوقات تیز بھی ہوتی ہے ۔ وہاں بارش بھی ہوتی ہے ۔ چنانچہ وہاں کے لوگوں کو دھوپ اور بارش سے محفوظ رہنے کیلئے سٹیشنوں پر سائے کی ضرورت بھی محسوس ہوتی ہے ۔

جناب والا ۔ اس ضمن میں میں یہ بھی ضرور عرض کرونگا کہ کراچی سرکار ریلوے جس کا وعدہ ہم سے ۱۹۵۹-۶۰ء میں کیا گیا تھا ۔ اس کے بارے میں لوگ امیدیں لگائے بیٹھے رہے ۔ اور ان کی امیدوں کی مدت شب ہجر کی طرح طول ہی پکڑتی گئی ۔ یہاں تک کہ ۱۹۶۳ میں مال گاڑی کیلئے لائنیں کھولی گئیں ۔ پھر یہ توقع کی گئی کہ شائد اب مسافروں کو بھی چلنے کی سہولت مل جائیگی ۔ وقت گزرتا گیا اور اسی طرح ایک سال کی طویل مدت گذر گئی ۔ بالاخر ۱۰ نومبر ۱۹۶۴ کو مسافروں کے لئے یہ لائین وزیر مینشن سے کھولی گئی ۔ یہ لائین ڈرگ روڈ سے وزیر مینشن تک ہے ۔

اس وقت تک اس سے کوئی فائدہ نہیں - اب وعدہ کیا گیا ہے کہ اس سال ریلوے کا دوسرا منصوبہ مکمل کیا جائے گا - میں توقع کرتا ہوں کہ یہ وعدہ ایسا وعدہ نہیں ہوگا جو شرمندہ تعبیر نہ ہو سکے - علاوہ ازیں میں یہ بھی توقع کرتا ہوں کہ وزیر متعلقہ خود بھی کبھی کبھی کراچی میں ریلوے کی ضروریات کا جائزہ لیتے رہیں گے - یہ سال تو ختم ہو رہا ہے - آئندہ سال کے تخمینہ میں اس کو وہ جگہ ضرور دیں جو ایک بڑا شہر ہونے کی وجہ سے اس کا فطری حق ہے - اور پاکستان میں اسے عزت کا مقام حاصل ہے -

Mr. Speaker : Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ (لائل پور - ٦)- جناب سپیکر - مجھے اس حقیقت سے انکار نہیں کہ ہم جب موجودہ آئین کے تحت وزراء کی تقرری کرتے ہیں تو ہمارے لئے اس امر کو مد نظر رکھنا لازمی نہیں ہوتا کہ

*x x x x x x x x x x x x x x x x x

Mr. Speaker. I think the Member is not relevant

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر — میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جب کسی مطالبہ زر کے خلاف کوئی تقریر کی جاتی ہے تو اس میں صاف اور واضح شکایات اور الزامات لگائے جاتے ہیں - اس ایوان کی روایات ہیں اور اس ایوان کو اہمیت بھی اس صورت میں حاصل ہو سکتی ہے جب وزیر متعلقہ ان شکایات کا جواب اس ایوان میں دینے کی زحمت گوارا فرمائیں - میں نے جو پہلا جملہ عرض کیا تھا اس کا مطلب یہ نہیں تھا کہ کسی وزیر صاحب کو محکمہ کی واقفیت نہیں ہوتی -

Mr. Speaker : That is the proper way.

مسٹر حمزہ— میں ان سے توقع نہیں کرتا اور نہ ہی ان کو اس محکمہ کا expert کہا جا سکتا ہے - لیکن ہمارے افسران بالا اور وہ افسران جو گیلری میں تشریف فرما ہیں ہمیں ان سے توقع ہے کہ وہ اس محکمہ کے متعلق ہمارے وزیر صاحب کو پوری طرح آگاہ کریں تاکہ وہ اعتراضات کا جواب دے سکیں -

Khan Muhammad Yusuf : On a point of order. Sir can a Member discuss on the floor of the House the personality of the Minister and the reasons and circumstances of his appointment ?

Mr. Speaker : I have already disallowed that and I have pointed out that he is not relevant.

Khan Muhammad Yusuf : Sir, my point of order is that the words x x x

کی ضرورت ہوتی ہے ۔ مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ یہ محکمہ صحیح مرمت نہیں کر سکتا ۔ جہاں تک ریل گاڑیوں ، ڈبوں ، انجنوں اور ریل کاروں کی مرمت کا تعلق ہے یہ بات اس محکمہ کے بس کا روگ نہیں ۔ انہیں کوئی مہارت ہی نہیں ہوتی کہ وہ صحیح مرمت کر سکیں ۔ ہمارے وزراء تو اہل کاروں کی مرمت کر سکتے ہیں اس میں وہ یہ طوئے رکھتے ہیں ۔

جناب سپیکر — جہاں تک انجنوں کو چلانے کا تعلق ہے میں یہ عرض کروں گا کہ جناب وزیر ریلوے کی طرح میں بھی ایک عام انسان ہوں ۔ میں کوئی کاریگر نہیں ہوں اور نہ ہی کوئی ٹیکنیکل اکسپرٹ ہوں ۔ مجھے کچھ بھی علم نہیں پھر بھی میں کہہ سکتا ہوں کہ یہ محکمہ ریل کاروں کی مرمت نہیں کر سکتا ۔

آپ اس سے اندازہ لگائیں کہ وہ انجن کی مرمت کسطرح کرتا ہوگا ۔ اور اس لئے کل کی بحث کے دوران یہ چیز آپ کے سامنے آئی کہ ہمارا محکمہ اپنی مشینری اور وہ مشینری جو یہ محکمہ استعمال کرتا ہے جسمیں انجن ڈبے یا ورکشاپ کی مشینری شامل ہے اسکی Repairs کیلئے بھی ہمارے اس محکمہ کو پونے دو کروڑ روپے کے زرمبادلے کی ضرورت پڑتی ہے ۔ اور ہمنے اس پونے دو کروڑ روپے کی اسمیں گنجائش رکھی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ میرے قائد جناب خواجہ صفدر صاحب نے اپنی غلطی سے اس ایوان میں یہ بتایا تھا کہ ڈاروال سے لاہور ریلوے پر سفر کرتے ہوئے تیسرے درجہ کے ڈبے میں روشنی نہیں تھی اس سے ایک ممبر صاحب بہت سخت برافروختہ ہوئے تھے انہوں نے کہا کہ انکوائری کیجا رہی ہے لیکن جناب میں آپ کی وساطت سے جناب وزیر صاحب کی خدمت میں مودبانہ عرض کرتا ہوں کہ محض برانچ لائن اور وہ لائن بھی جو بہت ہی امپارٹنٹ برانچ لائن ہے بلکہ لائلپور جیسے ریلوے سٹیشن پر بھی ریلوے کی جو مشینری ہے ریلوے نے مسافروں کو جو سہولتیں بہم پہنچائی ہیں ریلوے کی طرف سے جو Waiting Halls یا جو Waiting Rooms مہیا کئے گئے ہیں انکی حالت بھی اسی قسم کی ہے جس سے کہ ہمیں یہ اندازہ ہوتا ہے کہ ٹھیک طریقہ سے نہیں چل رہا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میں جناب وزیر صاحب کو اس امر کی دعوت دیتا ہوں کہ وہ آج ہی لائلپور تشریف لیجائیں اور وہاں فرسٹ

پانی کی بہم رسانی کا ذریعہ بھی اور پائپ بھی خراب ہے وہ ٹپکتا ہے اس کو استعمال نہیں کیا جا سکتا لیکن آج تک محکمہ کیطرف سے اس کی مرمت کا انتظام نہیں کیا گیا ۔ انٹر کلاس اور سیکنڈ کلاس کے Latrine کی یہ حالت ہے کہ اسے استعمال کرنا ہر آدمی کا کام نہیں وہ جسکا دماغ بو کا عادی ہو وہ اسکو آسانی سے استعمال کر سکتا ہے دوسرا انسان اسکو استعمال نہیں کر سکتا پھر اس سے آگے بڑھئے —— ہاں ضمناً میں یہ عرض کرتا ہوں کہ جناب فاروقی صاحب نے فرمایا تھا کہ کراچی کو اتنی اہمیت نہیں دیجاتی جتی کہ اسے دیجانی چاہئے وہاں اکثر بڑے بڑے حکام مقتدر لیڈران جاتے رہتے ہیں ۔ بیرونی ممالک سے بھی بڑے بڑے آدمی تشریف لاتے ہیں لیکن آپکو بھی اس چیز کا علم ہوگا کہ لائلپور بھی ایسا ضلع ہے جو صنعتی لحاظ سے میرے خیال میں تمام پاکستان میں ایک منفرد حیثیت کا مالک ہے ۔ اور آبادی کے لحاظ سے بھی اسکی پوزیشن مغربی پاکستان کے دوسرے اضلاع میں نمبر (۱) پر ہے کیونکہ وہاں ایک مربع میل میں بہت زیادہ انسان مقابلتاً بستے ہیں ۔ پھر شہر کی آبادی بھی ہے ۔ ویسے مجھے اس چیز کا علم ہے کہ آپ کو عام آبادی کا خیال نہیں ہوتا تو اگر آپ کو عام آبادی کا خیال نہیں ہے تو میں آپ کی اطلاع کیلئے یہ عرض کروں کہ وہ سہگلوں کا بھی شہر ہے وہاں بڑے بڑے کارخانہ دار اور بہت بڑے بڑے سرمایہ دار بھی بستے ہیں ۔ آپ ان ہی کا خیال کیجئے ۔ اور جب آپ ریلوے سٹیشنوں پر سہولتیں بہم پہونچائیں تو آپ کو چاہیئے کہ کم سے کم اس ریلوے سٹیشن سے جو آمدنی حاصل کرتے ہیں اسی تناسب سے وہاں سہولتیں بہم پہنچائیے ۔ میں تو آپ کی خدمت میں عرض کرونگا کہ اگر آپ محکمہ ریلوے کی کارگذاری کا اندازہ لگانا چاہتے ہیں تو لاہور ریلوے کا ہیڈ کوارٹر ہے آپ تیسرے درجہ کے مسافروں کی انتظار گاہوں کا معائنہ کیجئے تو آپ کو پتہ چلے گا کہ آپ نے یہ انتظار گاہیں انسانوں کے استعمال کیلئے بنائی ہیں یا جانوروں کے لئے بنائی ہیں ۔ میں حیران ہوں کہ اسقدر وہاں غلاظت ہوتی ہے اور مسافروں کے بیٹھنے کیلئے وہاں کوئی خاطر خواہ انتظام نہیں ہے ۔ اسکے مقابلے میں وہ حصہ جو فرسٹ کلاس اور سیکنڈ کلاس کے مسافروں کے استعمال میں آتا ہے وہاں تو صفائی بھی کافی

ہے کہ وہ لوگ جنکی جیب سے آپ کو اس محکمہ کی آمدنی کا بیشتر حصہ حاصل ہوتا ہے انکو آپ بالکل ہی نظر انداز کرتے ہیں اور کبھی کبھار اگر غلطی سے آپ نے کہیں کہیں ٹھنڈا پانی فراہم کرنے کیلئے کولر لگادئے ہیں وہ بھی کبھی کبھی ٹھیک طور پر کام نہیں کرتے - اور اکثر اوقات آپ کو گرم پانی نہیں بلکہ عام نل کا پانی دستیاب ہو جاتا ہے - مجھے ذاتی طور سے علم ہے میں لاہور سے گوجرہ اکثر جاتا ہوں اور شیخوپورہ جاتا ہوں اکثر پیاس لگ جاتی ہے تو میں نے دیکھا ہے کہ وہاں ایک معمولی سا اہلکار بالٹی میں پانی لئے بیٹھا ہوتا ہے وہ گلاس میں پانی ضرور ڈالکر دیتا ہے اگرچہ وہ ٹھنڈا نہیں ہوتا - مجھے یہ علم نہیں کہ آئندہ سال کیلئے کئی ایک جگہ سٹیشنوں پر یہ کولر کے اہتمام کا جو وعدہ کیا گیا ہے جس سے اس علاقے کے رہنے والے لوگ اور خصوصیت سے اس معزز ایوان کے کچھ ہی معزز ممبران جو بہت ہی خاص ہونگے - جائیں گے اور میرے خیال میں جب وہ کولر چالو ہو جائیں گے اور برائے نام چالو ہو جائیں گے اور ان میں سے ٹھنڈا پانی دستیاب نہ ہوگا تو اسوقت انکے تاثرات کیا ہونگے -

جناب سپیکر - اسی ایوان میں پچھلی اسمبلی کی زندگی کے دوران میں نے ایک بار نہیں دو تین بار جناب وزیر متعلقہ جو کہ اس وقت ایوان میں نہیں ہیں اور اب ان کا قلمدان تبدیل کر دیا گیا ہے - ان کو بتایا تھا کہ ٹوبہ ٹیک سنگھ ریلوے سٹیشن پر پانی کی بہم رسانی - سادہ پانی کا انتظام نہیں - پتہ نہیں کہ ان کو شاید سکھوں سے چڑ ہے جو یہ سمجھتے ہیں کہ شاید وہاں سکھ آباد ہیں لیکن نام اس کا ٹوبہ ٹیک سنگھ ہے وہاں مسلمان بستے ہیں - وعدہ کیا گیا کہ ہم اتنے ہزار روپیہ لگا کر وہاں پانی بہم پہنچائیں گے ایک سال کے اندر اندر وقت گزر گیا لیکن وعدہ ایفا نہیں ہوا - میں اپنے حلقے کے لئے خیرات نہیں مانگتا - اب میں اعداد وشمار پیش کرونگا کہ ٹوبہ ٹیک سنگھ ریلوے سٹیشن سے آپ کی سالانہ آمدنی کتنی ہے - اور گوجرہ ریلوے سٹیشن سے کتنی ہوتی ہے سرشمیر روڈ سے کتنی ہوتی ہے - لائلپور ریلوے سٹیشن سے کتنی ہوتی ہے - میری گذارش ہے کہ اس کے مطابق ہمیں مراعات دی جائیں - مسافروں کو سہولتیں بہم پہنچائی جائیں - ہم خیرات نہیں مانگیں گے - ہمیں اپنا حق دیجئیے - جناب سپیکر - تقریر کچھ توقع سے زیادہ لمبی ہو گئی اور شاید یہ کسی کی طبیعت پہ

میں سمجھتا ہوں کہ اس محکمہ نے زیادہ خرچیلی اور نا عاقبت اندیش بیوی والا سلوک ہم سے کیا ہے یہ دیکھ لیجئیے کہ پچھلے سال کے تخمینے کے مقابلہ میں ایک لاکھ ۲۶ ہزار کی آمدنی ہوگئی لہذا اس رقم کو کسی نہ کسی طرح خرچ کرنا ہے ۔ ویسے ایک لاکھ روپیہ کی اور گنجائش رکھ دی ہے ۔ محکمہ پہلے بھی چل رہا ہے آئندہ سال بھی چلے گا ۔ آپ دیکھیں گے کہ اس کی کارگزاری کے بہتر ہونے کی توقع ہی نہیں ۔ اگر ہو جائے تو ہو جائے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ محنت اور مشقت سے ہوگی ۔ خدا کرے کہ یہ کوشش کریں اور کامیاب ہوں ۔

مسٹر عبدالقیوم (کراچی ۔ ۲)—جناب والا ۔ کچھ مقررین نے Division-wise allocation پر کچھ اعتراضات کئے ہیں ۔ خصوصاً میرے دوست فاروقی صاحب نے کراچی کے متعلق کچھ فرمایا ہے کہ ۹ لاکھ ۲۷ ہزار کی رقم ۸۵ لاکھ میں سے کچھ کم ہے ۔ چونکہ تفصیلات نہیں ہیں اس لئے نہیں کہا جا سکتا کہ ۹ لاکھ ۲۷ ہزار کی رقم کن کاموں پر خرچ کی جائے گی ۔ لیکن جہاں تک کہ اس رقم کا خاص طور سے تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ اگر اس کی allocation ایریا یا آبادی کے لحاظ سے ہوتی تو یہ ٹوٹل کا بارہ فیصدی ہوتا ہے میں سمجھتا ہوں کہ ایریا یا آبادی کے لحاظ سے خاص کر کوئی نا مناسب نہیں allocation کرتے وقت میرا خیال ہے ایریا کا لحاظ رکھا جاتا ہے اور اس کی ضروریات بھی دیکھی جاتی ہیں اور اگر مکمل تفصیلات سامنے ہوتیں تو ممکن ہے میں کچھ اور اپنی رائے دے سکتا ۔ جہاں تک passengers اور باقی public amenities کا تعلق ہے ۔ اس کے لئے کراچی کیلئے دو لاکھ ۱۲ ہزار کی رقم رکھی گئی ہے اس کی بھی تفصیلات نہیں ہیں لیکن میرے سامنے کراچی کے لوگوں کی دشواریاں ہیں اور میں ان کے متعلق عرض کر دینا چاہتا ہوں ۔ کراچی میں لانڈھی اور کراچی سٹی کے درمیان مقامی ٹرینیں چلتی ہیں اور وہاں پر چھوٹے چھوٹے halts بنائے گئے ہیں ۔ میرا خیال ہے کہ ان کی تعداد ۱۲/۱۰ ہے ۔ یہاں کئی ایک halts پر سایہ نہیں ۔ پانی نہیں ۔ مناسب latrines نہیں ہیں اور ان علاقوں کی آبادی جیسا کہ میں نے پہلی تقریر میں عرض کیا تقریباً آٹھ لاکھ کے قریب ہے ۔ نماز کا بھی انتظام نہیں ہے ۔ نماز کے سلسلے میں مجھے یاد آ گیا کہ ہاؤسنگ سوسائیٹی کا ایک spacious halt ہے جہاں محمود آباد سے راستہ جاتا ہے ۔ وہاں کے ملازمین اور مسافروں نے کچھ چندہ کر کے چھوٹی سی مسجد بنوائی ہے ۔ وہاں نمازیوں کی اکثر بھیڑ رہتی ہے ۔ ان کو تکلیف ہے

وہ کہتے ہیں کہ شاید حکام نے یہاں جگہ کے لئے منظوری نہیں دی ہے اور نہ کوئی دیگر آسائشیں مہیا کی ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ ایسی آسائشیں نمازیوں کے لئے بہم پہنچائی جائیں اور اگر پبلک یا سٹاف اس میں initiative لے تو اس کو سراہا جائے سٹی سٹیشن پر latrines کا انتظام نہیں ہے - شیڈ بھی نہیں ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ ان کی Expansion کی ضرورت ہے - سٹی سٹیشن کا ذکر کرتے ہوئے مجھے یہ بھی یاد آیا کہ اکثر نہیں بلکہ تقریباً ساری ٹرینیں جو کہ through trains ہمیں وہ کینٹ پر شروع ہوتی ہیں اور وہیں ختم ہوتی ہیں - وہاں کے لوگوں کا مطالبہ ہے کہ آٹھ بڑی ٹرینیں جو کینٹ سے شروع ہوتی ہیں ان میں سے چار کو سٹی سے شروع کیا جائے کیونکہ سٹی کے لوگوں کی تعداد کافی ہے اور ان کو پشاور یا پنڈی میں آنے کی سہولت دو سٹاف ویلفیر کے متعلق میں یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں معلوم نہیں اس میں ایجوکیشن کے لئے کوئی provision ہے یا نہیں - کراچی میں تعلیم کی بہت دشواریاں ہیں - جہاں تک ریلوے کے ملازمین کا تعلق ہے وہ کم تنخواہ پانے والے ہیں اور گورنمنٹ سکول کم ہیں - پرائیویٹ سکولوں میں اکثر لوگ جاتے ہیں مگر پرائیویٹ سکولوں کے اخراجات بہت زیادہ ہیں میں پر زور سفارش کروں گا کہ اگر تعلیم کے لئے کوئی provision نہیں ہے تو ریلوے کے محکمہ کو چاہئیے کہ اس کے عموماً کم تنخواہ پانے والوں کے بچوں کے لئے تعلیم کا ضرور انتظام کیا جائے - مختلف ریلوے localities میں colonies ہیں - پرائمری اور سیکنڈری سکول کھولے جائیں - جناب والا - یہ ان کی جائز ضروریات ہیں - ان کی فیسوں کا انتظام کیا جائے - مفت کتابیں مہیا کی جائیں اور ان کو اس سے بھی زیادہ سہولتیں دی جائیں - اب میں Constructions of Buildings کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کراچی میں جیسا کہ آپ سب جانتے ہیں مکانوں کی بہت زیادہ تکلیف ہے - تقسیم ملک کے وقت وہاں کی آبادی تین لاکھ تھی مگر اب ۲۵ لاکھ ہو گئی ہے اور وہاں influx جاری ہے ہزاروں کی تعداد میں وہاں لوگ روزگار کے لئے پہنچتے ہیں کیونکہ زیادہ سے زیادہ روزگار وہیں ہوتا ہے میرے دوست حمزہ صاحب نے کہا تھا کہ روزگار کی بہت زیادہ اہمیت ہے اور بھی انہوں نے دلائل پیش کئے تھے - اس کے علاوہ یہ بھی عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ کراچی میں ۵۰ فیصدی ملک کی انڈسٹری وہاں موجود ہے اور بڑے بڑے صنعتکار بھی وہاں پر ہیں تو اس لئے کراچی کی بہت اہمیت ہے اور میری گذارش ہے کہ کوشش کی جائے کہ

کیونکہ ایک کمرہ بمعہ غسلخانہ کے ۱۰۰ روپیہ سے کم کرایہ پر نہیں ملتا نئے مکانوں کی تعمیر کی جائے اور جو پرانے مکانات ہیں ان کی فوراً مرمت کی جائے ۔ مرمت کے بارہ میں میں گذارش کرونگا کہ بہت ساری بلڈنگیں میں نے خود دیکھی ہیں جو کہ کافی بوسیدہ ہیں ۔ برسات کے موسم سے پہلے Experts وہاں جا کر ان کو دیکھیں اور ان کی مرمت کر کے مناسب انتظام کیا جائے ۔ Engineering Works کے لئے میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس کے متعلق میرے پاس تفصیلات نہیں ہیں لیکن ۲۲ لاکھ ۲۱ ہزار کی رقم رکھی گئی ہے اور اس کے متعلق میں یہ تجویز پیش کرونگا کہ ہم انجینئرنگ ورکس میں کافی تخفیف کر سکتے ہیں ۔ اس صورت میں ہمیں یہ کوشش کرنی چاہئے کہ اپنے جتنے وسائل ہیں اور جتنے انجینئرز ہیں ان میں چند کو باہر بھیجیں ۔ میرے ایک دوست نے باہر کے مشیروں کو یہاں لانے کی کافی مخالفت کی ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ خاص طور پر انجینئرنگ ورکس کے لئے باہر کے لوگوں کو یہاں پر لایا جائے ۔یہاں سے کچھ لوگ ہم ضرور حاصل کر سکتے ہیں لیکن اتنا فائدہ نہیں ہو سکتا جتنا کہ باہر کے ماہرین یہاں آ کر on the spot چیزیں دیکھیں ۔ کتابوں کو دیکھیں اور لوگوں سے مشورہ کریں اور وہ ریکارڈ دیکھ کر جو مشورے دے سکتے ہیں ہم لوگ اس سے استفادہ کریں پریکٹیکل مشورے کی بجائے theoratical مشورہ جو دیا جاتا ہے اس سے ملک فائدہ نہیں اٹھا سکتا ۔ تو اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ ضروری نہیں کہ امریکہ ہی سے لوگ منگوائے جائیں ۔ روس ہے ۔ چین نے بھی اب کافی ترقی کر لی ہے ۔ چیکو سلاویکیہ بھی ٹیکنیکل سوجھ بوجھ میں خاصا آگے ہے ۔ جرمنی بھی انجینئرنگ میں بہت آگے ہے ۔ ان میں سے کسی کو بلایا جا سکتا ہے اور ان سے مشورہ لیا جا سکتا ہے ۔

خواجہ جمال محمد کوریجا (رحیم یار خاں ۔ ۱)— جناب سپیکر میں وزیر ریلوے صاحب کو اس فاضل بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد عرض کرتا ہوں ۔ ریلوے نے صوبائی سطح پر جس طرح ترقی کی ہے وہ ہر لحاظ سے قابل ستائش ہے جناب والا پچھلے چند سالوں میں ریلوے کے ڈبوں اور ٹرینوں میں جو اضافہ ہوا ہے اس سے اس کی کارکردگی واضح ہے ۔ اور یہ قابل تعریف ہے ۔ جناب والا ۔ ریلوے کی کارکردگی ہر خاص و عام پر اظہر من الشمس ہے ۔ پچھلے سال ریلوے کو کوئی حادثہ پیش نہیں آیا حالانکہ سابقہ سالوں میں اکثر حادثات ہو جایا کرتے تھے ۔

مسٹر سپیکر — میں آپ کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں

کہ ریلوے بجٹ پر عام بحث ختم ہو چکی ہے ۔ اور اس وقت نئے اخراجات کا مطالبہ زر نمبر ۲ زیر بحث ہے ۔ آپ اس کے متعلق کچھ فرمائیں۔

خواجہ جمال محمد کوریجا — جناب والا ۔ تحصیل لیاقت پور کے سٹیشن پر تعمیری کام بہت زیادہ ہو رہا ہے ۔ پٹری بچھائی جا رہی ہے ۔ مرمتیں ہو رہی ہیں ۔ لیکن اس وجہ سے شہر دو حصوں میں بٹ گیا ہے ۔ جسکی وجہ سے عوام کو بہت تکلیف ہوتی ہے ۔ میں جناب ریلوے وزیر صاحب کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ وہاں پر ایک پل تعمیر کیا جائے ۔ تا کہ عوام کو جو دقتیں پیش آتی ہیں وہ نہ رہیں ۔

اور جناب والا ۔ تحصیل اور سب ڈویژن کے صدر مقام میں بجلی اور ٹیلیفون ہے مگر لیاقت پور سٹیشن پر نہ بجلی ہے نہ ٹیلیفون ۔ علاوہ ازیں تحصیل لیاقت پور جو ہے وہ ایک بہت بڑی منڈی بھی ہے ۔ اور وہاں پر کم از کم بارہ چودہ کارخانے ہیں ۔ مگر وہاں پر کوئی ایسی گاڑی نہیں رکتی جس سے کوئی تاجر فوری طور پر لاہور یا کراچی پہنچ سکے ۔ یہ بھی عرض ہے کہ اگر وہاں خیبر میل یا کوئی اور ایسی گاڑی ٹھہرے تو عوام بہت مشکور ہونگے ۔ جناب والا ۔ ایک اور عرض ہے کہ تحصیل لیاقت پور کے قریب گاڑیوں پر اتنا رش رہتا ہے کہ بہت سے لوگ اپنے ضلعی مقام تک نہیں پہنچ سکتے ۔ اس کے لیے میں یہ تجویز پیش کروں گا کہ اگر ضلع کے صدر مقام اور ڈویژن کے صدر مقام کے درمیان شٹل ٹرینیں چلائی جائیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ رش بہت کم ہو جائیگا ۔ اس طرح نزدیک جانے والے لوگ ان ٹرینوں پر سفر کریں گے ۔ اور لمبے سفر کے مسافروں کو آرام ہو جائے گا ۔ اور وہ بآسانی سفر کر سکینگے ۔ تو جناب والا ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ سمہ سٹہ سے لے کر رحیم یار خان تک ایک ریل کار چلا دی جائے تا کہ رش کم ہو جائے اور عوام بآسانی سفر کر سکیں ۔ اس کے بعد جناب میں آخر میں پھر ریلوے وزیر صاحب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔

رائے منصب علی خان کھرل (شیخوپورہ ۔ ۳)— جناب سپیکر ۔ جناب حمزہ صاحب نے اپنی تقریر کا آغاز کرتے وقت یہ فرمایا تھا کہ جناب وزیر ریلوے ان کے یا دوسرے معزز ممبروں کے الزامات اور

کی تھی جس کا میں ذکر کرنا نہیں چاہتا جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ ان کے اعتراضات کا جواب نہیں دیا جاتا یہ بالکل بے جا ہے - وزیر ریلوے نے عام بحث کا جواب بھی فرما دیا تھا - اس کے بعد تحریک تخفیف زر پر بھی موقع اور مناسب وقت پر اس کا جواب دے دیا تھا - اور وہ آئندہ بھی جواب دینے کے لیے تیار ہیں -

چودھری محمد قاسم میلا— پوائنٹ آف آرڈر جناب - اس طرف بیٹھنے والے حضرات میں سے میرے معزز اور فاضل دوست حمزہ صاحب نے اپنی تقریر کے آغاز میں فرمایا تھا کہ ہمارے ممبروں کے اعتراضات کا جواب اگر صحیح طور پر دے دیا جائے تو ہم بہت خوش ہوں گے -

حضور والا - آپ بھی دیکھ رہے ہیں کہ ہمارے معزز دوست تحریک تخفیف زر پیش کرنے کے بعد تجویز کنندہ اور تائید کنندہ دونوں صاحبان باہر تشریف لے جاتے ہیں - اور ہماری معروضات اور انکے اعتراضات کے جوابات جو ہم دیتے ہیں انہیں سننے کی تکلیف گوارا نہیں کرتے - اور پھر شکایت یہ کرتے ہیں کہ ان کے الزامات اور اعتراضات کا جواب نہیں دیتے -

مسٹر سپیکر — چودھری صاحب آپ کا پوائنٹ آف آرڈر کیا ہے -

چودھری محمد قاسم میلا — جناب والا - یہ کہ ہمارے دوست جو ہمیں مورد الزام ٹھہراتے ہیں کہ ہم ان کے اعتراضات کا جواب نہیں دیتے اتنی تکلیف بھی گوارا نہیں کرتے کہ یہاں بیٹھیں اور ہماری بات سنیں -

مسٹر سپیکر — جہاں تک اس امر کا تعلق ہے کسی معزز رکن کو ایوان کے اندر بیٹھنے پر مجبور نہیں کیا جا سکتا - وہ ایوان کے اندر تشریف رکھیں - یا ایوان میں نہ بیٹھیں - یہ ان کی مرضی پر منحصر ہے - وہ لابی میں بیٹھ کر بھی وزیر صاحب کے جوابات سن سکتے ہیں لیکن انہیں کسی بھی معزز رکن کی بات سننے کے لئے ایوان میں بیٹھنے پر مجبور نہیں کیا جا سکتا - آپ کا یہ پوائنٹ آف آرڈر تو نہیں ہے البتہ مسٹر حمزہ کو ایک مشورہ ضرور ہے -

مسٹر حمزہ — On a point of personal explanation

جو تقاریر ہمارے سوالات کے جوابات کے طور پر ایوان کی اس جانب سے کی جاتی ہیں - اور کی جاتی رہی ہیں ہم انہیں سنتے رہے ہیں اور ہمیں پتہ ہوتا ہے کہ ان کی تقریر کا آغاز مبارکباد سے ہوگا - اور اختتام شکریے پر -

چوہدری محمد نواز (منٹگمری - ۲)—پوائنٹ آف آرڈر جناب والا - اکثر دیکھا گیا ہے کہ میرے معزز دوست جنہوں نے فرمایا ہے کہ ہماری تقاریر کا آغاز مبارکباد سے اور اختتام شکریے پر ہوتا ہے - وہ اتنی تکلیف بھی گوارا نہیں کرتے کہ معزز وزیر صاحب جب ان کے اعتراضات کا جواب دے رہے ہوتے ہیں - وہ ایوان میں تشریف فرما ہوکر انکو سنیں - بلکہ دیکھا یہی گیا ہے کہ ایوان میں آتے جاتے ہی رہتے ہیں - وہ ہماری حکومت کی کارکردگیوں کا تناسب تو نکالتے رہتے ہیں - لیکن اگر ان کے ہاؤس میں بیٹھنے او باہر رہنے کا تناسب نکالا جائے تو یہ ۲۵ اور ۷۵ فیصدی نکلے گا -

ڈپٹی سپیکر — یہ مسٹر حمزہ کی بات کا جواب تو ہو سکتا ہے - لیکن پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے -

مسٹر حمزہ — مجھے افسوس ہے - کہ میں کیوں ان کے دماغ پر سوار ہوں -

پیر غلام علی چشتی — پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - عرض یہ ہے - آپ کسی ممبر کو ایوان میں بیٹھنے پر تو مجبور نہیں کر سکتے - لیکن یہ کر دیں کہ جو معزز ممبر ایوان کے اندر نہ بیٹھے - کم از کم ان کے الاؤنس میں ہی کمی کر دیا کریں -

مسٹر سپیکر — یہ بات بھی ممکن نہیں ہے - اور یہ پوائنٹ آف آرڈر بھی نہیں ہے -

رائے منصب علی خان کھرل—جناب والا - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اگر ہم نے بہتر پارلیمانی روایات قائم کرنی ہیں اور اس ایوان کے وقار کو بلند کرنا ہے تو یہ زیادہ مناسب ہوگا کہ ہم کسی معزز ممبر پر ذاتی حملے کرنے سے اجتناب کریں - ورنہ اگر اس قسم کی باتوں کو روا رکھا گیا - تو ان باتوں کا جواب بھی اسی طرح سے ہی دیا جا سکتا ہے - جو کہ بعض اوقات دندان شکن بھی ہو سکتا ہے اسلئے میں صرف اس قدر گذارش کرونگا کہ بات اس طرح سے بھی ہو سکتی ہے - کہ اگر کسی آدمی کے ذہن میں کوئی اعتراض ہو - یا کوئی الجھن ہو - تو وہ اسکا اظہار کر سکتا ہے یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ بات کسی کی ذات پر حملہ کرکے ہی کی جائے - جہاں تک محکمہ ریلوے کا تعلق ہے - یہ ایک بہت بڑا اور وسیع ادارہ ہے - اور اسکے مسائل بھی بیشمار ہیں - لیکن مجھے جناب وزیر ریلوے کے عزم، ہمت اور خلوص سے یہ

جناب والا ۔ ملکی مسائل پر بحث کرتے وقت یا کسی محکمے کی کارکردگی کے متعلق بحث کرتے وقت سب سے پہلے یہ چیز پیش نظر رکھنی چاہیئے کہ جب پاکستان معرض موجود میں آیا تھا تو اس وقت اس محکمے کی کیا حالت تھی ۔ محکمہ ریلوے کی مثال ہی دیکھ لیجئے ۔ پاکستان کے قیام کے بعد سوائے مغلپورہ ریلوے ورکشاپ اور چند ٹوٹے پھوٹے ڈبوں کے علاوہ یہاں کچھ بھی نہ تھا اور ہم اس حقیقت سے انکار نہیں کر سکتے کہ اس کے بعد اس محکمے نے بتدریج ترقی کی ہے ۔ اور بہت سے ایسے مسائل کہ جنکو حل کرنا ضروری تھا ۔ اس محکمے کے متعلقہ وزراء صاحبان اور انکے ماتحت افسران اور عملے نے انکو حل کرنے کی کوشش کی ہے اور اس طرح بہت سی شکایات کا ازالہ بھی ہو چکا ہے ۔

جناب والا ۔ حمزہ صاحب نے گاڑیوں کی مرمت کے متعلق اظہار خیال کرتے وقت یہ اعتراض کیا تھا کہ ہمارے محکمہ ریلوے کے جو انجینئرز ہیں اور کام کرنے والے جو مستری ہیں ۔ وہ سب ہی جب ان گاڑیوں کی مرمت ہی اچھی طرح سے نہیں کر سکتے تو وہ نئے ڈبے یا ریلوے کے متعلقہ پرزہ جات کس طرح سے بنا سکتے ہوں گے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ انکا یہ اعتراض اس لئے مناسب نہیں ہے کہ بالفرض اگر انکی یہ بات مان بھی لی جائے کہ گاڑیوں کی مرمت کے سلسلے میں ہمارا انتظام ناقص ہے تو بھی یہ کوئی جواز نہیں ہے کہ ہم اس بارے میں ترقی کی جانب کوئی قدم ہی نہ بڑھائیں ۔ مثال کے طور پر بجلی اور ڈیزل انجن کے کارخانے کا جو قیام ہو رہا ہے ۔ یا سلیپرز یا ریلوے کی دوسری ایسی ہی ضروریات کو مہیا کرنے کی غرض سے جو اقدامات ہو رہے ہیں کہ ہم انکے لئے کسی کے محتاج نہ رہیں اور خود کفیل ہو جائیں تو یہ بھی انکے اس اعتراض کی بناء پر (اور جو اعتراض کہ شاید درست بھی نہیں ہے) یہ نہیں ہو سکتا کہ ہم ان مجوزہ ترقی کے کاموں کو ہی بند کر دیں یا اس سلسلے میں مزید کوشش ہی نہ کریں ۔

جناب والا ۔ خرابیاں اور خامیاں انسانی کوشش کے شانہ بہ شانہ چلتی رہتی ہیں ۔ انسان کا کوئی کام اور کوئی بھی کوشش اتنی مکمل نہیں ہو سکتی کہ اس میں مزید ترقی کی گنجائش باقی نہ رہے اور محکمہ ریلوے نے ہر میدان میں ہر سمت میں اور ہر لحاظ سے یقیناً ترقی کی ہے اور ابھی اس محکمہ میں آئندہ بھی ترقی کرنے کے امکانات روشن ہیں ۔ بہر حال اگر مسٹر محمد حیات جو کہ اس محکمے کے سربراہ ہیں اور وزیر متعلقہ ہیں اگر وہ اس محکمے کو حیات نو بخشنا چاہتے ہیں

تو ضروری ہے کہ وہ ان تمام خامیوں کی طرف توجہ فرمائیں جو کہ اس معزز ایوان میں انکے سامنے لائی جا رہی ہیں -

جناب والا - جہانتک گاڑیوں کے تاخیر سے آنے جانے کا تعلق ہے یہ حقیقت ہے کہ اس میں محکمہ ریلوے نے کافی کچھ اصلاح کر لی ہے۔ لیکن ابھی تک اس میں مزید اصلاح کی گنجائش باقی ہے مثال کے طور پر لاہور سے شورکوٹ کی طرف جو گاڑیاں چلتی ہیں - وہ ہمیشہ ہی یہاں سے تاخیر کے ساتھ چلتی ہیں اور اسی طرح ادھر سے آنے والی گاڑیاں بھی یہاں تاخیر سے ہی پہنچتی ہیں - اسی طرح اس لائین پر گاڑیوں کے ساتھ جو ڈبے لگے ہوتے ہیں وہ بھی ناقص ہی ہوتے ہیں اور انکی مرمت کا انتظام تسلی بخش طور کا نہیں ہوتا اور نہ ہی ان میں پانی اور روشنی کا خاطر خواہ انتظام ہوتا ہے - اسی طرح اس لائین پر کوئی تیز رفتار گاڑی نہیں چلتی - میرے ایک دوست نے اس سلسلے میں بہت کچھ کہا تھا کہ راولپنڈی کی طرف تیز رفتار گاڑیاں اس لئے چلتی ہیں کہ شاید اس طرف قصر سلطانی کے بلند گنبد ہیں اور لائلپور کی طرف اس لیے چلتی ہیں کہ اسطرف سعید سہگل کی ملیں ہیں - اور کراچی بھی اس لئے چلتی ہیں کہ کہ وہاں ,,اللہ والے اور اللہ نا،، رہتے ہیں - حالانکہ برانچ لائنوں کی طرف توجہ دینے کی ضرورت ہے - کیونکہ ان اطراف میں بسنے والے لوگ بھی اس ملک کے شہری ہیں اور وہ بھی ٹیکس ادا کرتے ہیں اور انکے بھی جو حقوق ہیں انہیں تسلیم کرنا چاہیئے - اور وہ تمام سہولتیں اور آسائشیں جو اس ملک میں بسنے والے دوسرے لوگوں کو میسر ہیں انہیں بھی فراہم ہونی چاہئیں - سب سے زیادہ ضرورت اس بات کی ہے کہ جو گاڑیاں برانچ لائنوں پر چلتی ہیں - انکی مرمت کی طرف اور ان میں مسافروں کے آرام و آسائش کی طرف حکومت کو پوری توجہ دینی چاہیئے - علاوہ ازیں وہ اس سلسلے میں جو کچھ کر رہے ہیں - وہ بہت ہی حوصلہ افزا ہے اور ہم پر امید ہیں کہ انشاءاللہ اس سلسلے میں یہ محکمہ دن دونی اور رات چوگنی ترقی کریگا اوراس ملک کے آزاد شہریوں کے شایان شان محکمہ ثابت ہوگا -

Mr. Speaker : The Minister of Railway.

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان تمن) جناب والا - ابھی جناب ملک محمد اختر صاحب کی کٹ موشن پر میں نے جواباً عرض کیا تھا اس لئے شائد میرے محترم دوست جناب حمزہ صاحب کی تسلی نہیں ہوئی - انہوں نے جو الزامات لگائے ہیں وہ concrete قسم کے نہیں ہیں -

خسٹر حمزہ — آپ نے اس ہاؤس میں ان کا جواب دیں دیا شائد آپ سنجیدہ نہیں ہیں -

وزیر ریلوے — جناب والا - اس کے متعلق میں نے یہ گذارش کی تھی کہ جو الزامات ڈیپارٹمنٹ کے خلاف جناب حمزہ صاحب نے اور ملک اختر صاحب نے لگائے تھے وہ Concrete قسم کے نہیں تھے - بے بنیاد تھے - دوسرے یہ کہ جناب والا - ان الزامات کا جواب دینے کے لئے وقت درکار ہے - ملک اختر صاحب نے Slection of Inspectors کے متعلق کہا ہے کہ اس میں گڑ بڑ ہوئی ہے - کتنی گڑ بڑ ہوئی ہے کس کے ساتھ گڑ بڑ ہوئی ہے اس کی تحقیقات کے لئے وقت کی ضرورت ہے اسی طرح انہوں نے فرمایا ہے کہ ریلوے کے جو ٹھیکیدار ہیں وہ ریلوے ملازمین کے رشتہ دار ہیں جو سٹاف ہے ان کو تکالیف ہیں - اس سلسلے میں نے گذارش کی ہے اور ان کی خدمت میں دیانتدارانہ اپیل کی ہے کہ اگر وہ میرے پاس ٹھوس قسم کے الزامات بھیجیں باقی ہاؤس کے ممبر صاحبان سے بھی درخواست کروں گا کہ اگر کسی کارکن نے کوئی غلطی یا قصور کیا ہے تو وہ میرے پاس تشریف لائیں جہاں تک ممکن ہوگا میں ایکشن لونگا اور اگر ممکن ہو سکا تو انکوائری کراؤنگا - اور ذاتی طور پر بھی دیکھوں گا -

جناب والا - اس کے بعد حمزہ صاحب نے ورکشاپ کے متعلق ذکر فرمایا ہے کہ ہماری ورکشاپ درست نہیں ہو سکتی - وہاں کام نہیں ہو سکتا - وہاں پر نٹ بولٹ بھی نہیں بنایا جا سکتا - میں ہاؤس کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ ہماری ورکشاپ ایشیا کی بہترین ورکشاپوں میں سے ایک ہے - اس ورکشاپ کے ذریعہ ہی چھ سات سو گاڑیاں چلتی ہیں - اگر ورکشاپ خراب ہے - اگر ورکشاپ کا سٹاف نالائق ہے تو ہم اتنا بڑا کام کیسے سنبھال سکتے ہیں - اس کے بعد خواجہ محمد صفدر صاحب نے جو اس وقت تشریف فرما نہیں ہیں فلڈ ریلیف کے متعلق فرمایا ہے - انہوں نے فرمایا ہے کہ بعض علاقوں کی لائینیں پانی میں ڈوب جاتی ہیں - میری ان کی خدمت میں گذارش ہے کہ یہ لائنیں جب originally plan کی گئیں تھیں اس وقت ان میں گیپ (gap) نہیں رکھے گئے تھے - یہ بہت پرانی لائن ہے بلکہ آج سے ۶۰ ؍ ۷۰ سال پہلے کی پرانی لائن ہے - جناب والا - اس معاملہ کے متعلق میں فلڈ کمیشن سے رپورٹ لیکر خواجہ صاحب کو تکلیف دوں گا کہ وہ ہمارے پاس تشریف لائیں بلکہ سیالکوٹ کے ضلع سے جو اور ممبر صاحبان ہیں وہ بھی ہمارے پاس تشریف لائیں اور اس بحث میں

اس کے لئے صحیح اور مناسب انتظام کر سکیں - اور لوگوں کو اس کی وجہ سے تکلیف نہ ہوں (تالیاں) اس کے علاوہ انہوں نے ایک اور اعتراض کیا ہے کہ ہماری details جو ہیں وہ مکمل نہیں ہیں - میں نے بجٹ کا صفحہ ۱۳۳ نکال لیا ہے - یہ جو چھوٹے چھوٹے کام ہیں اگر ان کے متعلق ساری details دی جائیں تو وہ بہت لمبا چوڑا سلسلہ بنتا ہے جتنی ممکن details رکھی جا سکتی ہیں رکھی گئی ہیں - آئندہ بھی کوشش کروں گا کہ جتنی زیادہ سے زیادہ details ممکن ہو سکیں پیش کروں - اس کے علاوہ جناب والا repairs and maintenance of new minor works کی جو ڈیمانڈ ہے اس کے لئے ۹۰ لاکھ روپیہ کی جو پرووِیژن ہے اس میں سے ۱۰ لاکھ روپیہ فلڈ ریلیف کے لئے مہیا کیا گیا ہے - اس پر میرے خیال میں کسی معزز ممبر کو اعتراض نہیں ہونا چاہئے کیونکہ یہ پرووِیژن اس لئے رکھی گئی ہے کہ آئندہ سالوں میں جو سیلاب سے لائنوں میں تباہ کاریاں ہونگی ان کی فوری مرمت ہو سکے تاکہ گاڑیاں جلد سے جلد چلائی جا سکیں - لوگ جو اس وقت بہت تکلیف میں ہوتے ہیں ان کو سامان اور خوراک بلکہ ضروریات زندگی جو ہیں جلد سے جلد پہنچائی جا سکیں - جناب والا - اس خرچ کا جو دوسرا حصہ ہے وہ ۸۰ لاکھ روپیہ ہے - اس ۸۰ لاکھ میں سے ۳۵ لاکھ روپیہ مسافروں اور سٹاف کی ویلفیئر کے لئے رکھا گیا ہے - اس میں ہماری جو sum ہے زیادہ ہے - پچھلے سال جو رقم تھی وہ ایک کروڑ ۸۰ لاکھ تھی اس بجٹ میں جو ہم نے پرووِیژن کی ہے وہ دو کروڑ ۱۴ لاکھ روپیہ ہے - یہ جو تذکرہ ۳۵ لاکھ روپیہ کا ہے - یہ مائنر ورک اور میجر ورک ڈیمانڈ نمبر ۵ میں ہے - جناب والا - اس کے متعلق انہوں نے فرمایا ہے کہ یہ رقم پورے طور پر خرچ نہیں کی گئی ہے - اس کے متعلق کوشش کریں گے اور وعدہ کی حد تک کوشش کریں گے کہ یہ رقم اس سال پوری کی پوری خرچ ہو اور صحیح معنوں میں خرچ ہو - باقی جو maintenance کا کام ہے اس کے لئے ۶۰ لاکھ کی پرووِیژن تھی وہ اس سال گھٹا کر ۵۰ لاکھ کر دی گئی ہے - یہ رقم گڈز شیڈ بنانے کے لئے ہے - سائڈنگ کے لئے ہے - sick Line جہاں گاڑیاں مرمت ہوتی ہیں اور چھوٹے چھوٹے کام ہوتے ہیں اس کے متعلق ہے - جناب حمزہ صاحب سے گذارش ہے کہ اگر انہوں نے تنقید برائے تنقید نہیں کی تو جب ان کے پاس فالتو وقت ہو تو وہ میرے پاس آ کر جائز شکایات فرمائیں میں حتی القدر کوشش کروں گا کہ ان کا سد باب کیا

مسٹر حمزہ — آج آپ نہیں بلکہ آپ کا کوئی افسر میرے ساتھ شیخوپورہ اور لائل پور چلے - میں دکھاؤں گا کہ آپ کے محکمہ کی کیا کار گذاری ہے -

Mr. Speaker : I will now put the cut motion. The question is :

That the total of Rs. 95,00,000 on account of Ordinary Working Expenses-Repairs and Maintenance—Total New Expenditure be reduced by Re. one.

The motion was lost

Mr. Speaker : The question is :

That a sum not exceeding Rs. 95,00,000 be granted to the Governor to meet new expenditure for the financial year ending on the 30th June, 1966, in respect of Ordinary Working Expenses-Repairs and Maintenance.

The motion was carried

RESOLUTION REGARDING PROJECT STATEMENT

Mr. Speaker : The Minister of Railway to move the ution regarding Project Statement.

Minister of Railway (Malik Muhammad Hayat Tuman) : Sir, I beg to move—

That the House do approve expenditure, specified in the Statement under Article 42 read with Article 89 of the Constitution in respect of Projects for the future years.

Mr. Speaker : Is there any opposition to this resolution ?

Members : No, Sir.

Mr. Speaker : The question is—

That the House do approve expenditure, specified in the Statement under Article 42 read with Article 89 of the Constitution in respect of Projects for the future years.

The Resolution was carried unanimously.

Mr. Speaker : The House now stands adjourned till 8-00 a.m. on Monday.

The Assembly then adjourned till 8-00 *a.m. on Monday, the* 21*st June,* 1965

3507 - P. L. A. 600 26-10-65 S. M. Forms Press, Lahore.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FIRST SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Monday, the 21st June, 1965.

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-00 a.m. of the Clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi, (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ۗ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ۗ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ مَآ اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَآ اَذًى ۙ لَّهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّمَغْفِرَةٌ خَيْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَآ اَذًى ۗ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَلِيْمٌ ۝

(پارہ ۳ - س ۲ - ع ۴ - آیات ۲۶۱ تا ۲۶۳)

جو لوگ اپنا مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں (ان کے مال) کی مثال اس دانے کی سی ہے جس کے بونے سے سات بالیں اگیں اور ہر ایک بال میں سو سو دانے ہوں اور اللہ جس (کے مال) کو چاہتا ہے زیادہ کر دیتا ہے وہ بڑی کشائش والا اور سب کچھ سننے والا ہے۔

جو لوگ اپنا مال اللہ کے رستے میں صرف کرتے ہیں پھر اس کے بعد نہ اُس خرچ کا کسی پر احسان رکھتے ہیں۔ اور نہ کسی کو تکلیف دیتے ہیں اُن کا صلہ اُن کے پروردگار کے پاس تیار ہے اور نہ اُن کو کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

جس خیرات دینے کے بعد (لینے والے کو) ایذا دی جائے اس سے تو نرم بات کہہ دینی اور اُس کو درگذر کرنا کہیں بہتر ہے اور اللہ بے پرواہ اور بُردبار ہے۔

وما علینا الا البلاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker : Now the Question Hour. Khan Ajoon Khan Jadoon.

PAYMENT OF GRANTS TO PRIMARY ISLAMIA ARABIA MADRASA, PABBI, DISTRICT PESHAWAR DURING 1962-63

*14. **Khan Ajoon Khan Jadoon :** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that some grant was sanctioned by Government to Primary Islamia Arabia Madrasa, Pabbi, District Peshawar during 1962-63 ; if so, the amount so sanctioned ;

(*b*) whether it is a fact that the said grant was not paid to the said institution as the Accountant-General, West Pakistan, Lahore had raised some objection to the said grant: if so, the objections so raised and the date by which the grant for the said year will be paid to the said institution;

(*c*) whether it is a fact that the grant sanctioned to the said Madrasa during 1963-64 has also not been paid to it so far; if so, reasons therefor and the date by which the grant for 1963-64 will be paid to the said institution?

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خاں وٹو) - (الف) جی ہاں - پرائمری اسلامیہ عربیہ مدرسہ پبی ضلع پشاور کے لئے ۱۹۶۲-۶۳ء میں مبلغ اٹھارہ سو ستائیس روپیہ کی گرانٹ تشخیص ہوئی تھی -

(ب) گرانٹ کمپٹرولر شمالی علاقہ پشاور نے بدیں وجہ ادا نہیں کی کہ سکول میں ٹرینڈ اور سند یافتہ اساتذہ قواعد مطابق کافی تعداد میں نہ تھے -

(ج) جی ھاں - ۶۴ - ۱۹۶۳ء کی گرانٹ بھی مدرسہ کو اسی وجہ سے ادا نہیں ھوئی جس کا ذکر اوپر (ب) میں کیا گیا ھے - گرانٹ کی ادائیگی کی کوئی تاریخ بتائی نہیں جا سکتی کیونکہ قواعد کی رو سے یہ گرانٹ مل ھی نہیں سکتی -

خان اجون خان جدون - جناب والا - یہ گرانٹ گورنمنٹ نے منظور کی تھی - اور کمپٹرولر شمالی علاقہ پشاور نے وہ اس وجہ سے روکی ھے کہ سکول میں قواعد کے مطابق ٹرینڈ اور سند یافتہ اساتذہ کافی تعداد میں موجود نہیں - یہ کافی تعداد میں موجود نہ ھونے کا مطلب کیا ھے ؟

وزیر تعلیم - جناب والا - کافی تعداد میں ھونے کا مطلب صاف ھے - یعنی قواعد کے مطابق اتنی تعداد میں اساتذہ کا ھونا لازم ھے - اگر ھوگی تو گرانٹ مل جائیگی ورنہ نہیں -

خان اجون خان جدون - جناب والا - اس مدرسہ پر جو قواعد لاگوھیں - ان میں کوئی شق ایسی نہیں جس میں یہ کہا گیا ھو کہ اتنے اساتذہ ضرور ھونے چاھئیں - بلکہ جتنے سند یافتہ اساتذہ ممکن ھوسکتے ھیں - وہ ضرور رکھیں گے - آپ گرانٹ دیتے تو وہ مزید اساتذہ رکھ لیتے - آپ گرانٹ تو دیتے نہیں - وہ اساتذہ کیسے رکھیں ؟

Mr. Speaker : That is criticism and not a supplementary question.

APPOINTMENT OF A B.SC. TEACHER IN GOVERNMENT HIGH SCHOOL FOR GIRLS BHAKKAR

*16. **Khan Amanullah Khan Shahani** : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) the number of High Schools for boys and girls run by Government at present in Tehsil Bhakkar;

(*b*) whether it is a fact that only one science teacher has been posted in Government High School for Girls, Bhakkar and she too is only F. Sc; if so, reasons therefor and whether Government intend to appoint a B.Sc. teacher in the said school, if not, reasons therefor ?

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خاں وٹو) - (الف) تحصیل بھکر میں گورنمنٹ کے دو ھائی سکول ھیں - جن میں ایک طلباء کے لئے اور ایک طالبات کے لئے ھے -

(ب) گورنمنٹ گرلز ھائی سکول بھکر میں ایک ایف اے - سی ٹی ٹیچر کام کر رھی ھے - ٹرینڈ سائنس گریجویٹ اساتذہ کی کمی کی وجہ سے سائنس گریجویٹ کی تقرری نہیں کی جاسکی مدرسہ ھذا کے لئے موزوں ٹیچر ملنے پر فوراً تقرری کر دی جائے گی -

مسٹر امان اللہ خان شاھانی - جناب والا - گورنمنٹ گرلز ھائی سکول بھکر میں ایک ھی ایف ایس سی پاس استانی ھے جب سے یہ سکول کھولا گیا ھے وھی استانی کام کر رھی ھے - اس کی کیا وجہ ھے -

وزیر تعلیم - میرے خیال میں اس کا جواب واضح طور پر دے دیا گیا ھے - ھمیں سائنس کے ٹیچر نہیں ملتے - جونہی ھمیں مل جائیں گے ھم وھاں لگا دیں گے - اس سلسلہ میں اگر فاضل ممبر بھی ھماری مدد فرمائیں تو اس سے ان کے علاقہ اور محکمہ دونوں کو فائدہ ھوگا -

مسٹر امان اللہ خان شاھانی - کیا کبھی آپ نے اخبارات میں اشتہار دیا ھے کہ سائنس ٹیچر کی ضرورت ھے -

وزیر تعلیم - اس سلسلہ میں میں یہ عرض کرونگا کہ جو بھی ٹرینڈ ٹیچرز ہوتے ہیں عام طور پر بغیر کسی رکاوٹ کے محکمہ کے پاس درخواستیں بھیج دیتے ہیں - اور سرکاری ملازمت میں آنے کے لئے سائنس ٹیچرز کو تو ہم خود بھی encourage کرتے ہیں کیونکہ ان کی کمی ہمارے راستہ میں حائل ہے -

مسٹر سپیکر - شاہانی صاحب یہ سوال کیا تھا کہ کیا آپ نے کبھی اخبارات میں اشتہار دیا ہے -

وزیر تعلیم - یہ تو ایک نیا سوال ہوگا - کہ آیا اخبارات میں اشتہار دیا گیا ہے یا نہیں - البتہ میں محکمہ کی working اور اپنے تجربہ کی بناء پر کہہ سکتا ہوں کہ ایسے ٹرینڈ ٹیچرز کامیابی کے بعد سب سے پہلے اپنی درخواستیں محکمہ کے پاس بھیج دیتے ہیں - ہمارے پاس ان کی ایک مکمل فہرست موجود رہتی ہے - جو سارے مغربی پاکستان کی ہوتی ہے - جونہی کہیں کوئی vacancy ہوتی ہے ان میں سے تقرری کی جاتی ہے -

ملک قادر بخش - کیا وزیر تعلیم کو علم ہے کہ پس ماندہ علاقوں سے لڑکیاں کافی تعداد میں ٹریننگ کے لئے نہیں بھیجی جاتیں - اکثر لاہور سیالکوٹ اور گوجرانوالہ کی لڑکیوں کو ہی ٹریننگ حاصل کرنے کا موقع ملتا ہے - کوشش کرنی چاہئے کہ پس ماندہ علاقوں سے بھی لڑکیوں کو ٹریننگ کے لئے لیا جائے -

Mr. Speaker: That is not a Supplementary Question. It is a suggestion.

وزیر تعلیم - ٹریننگ کے لئے پس ماندہ علاقوں کا بھی خیال رکھا جاتا ہے - عام طور پر پس ماندہ علاقوں کے لئے کوالیفیکیشن کم کر دی جاتی ہے اور اس چیز کی ہر وقت کوشش کی جاتی ہے کہ ایسے علاقوں کے امیدواروں کو ضرور موقع دیا جائے - اس سلسلہ میں ہم زیادہ ہمدردی سے غور کریں گے -

مسٹر امان اللہ خان شاہانی - کیا یہ درست ہے کہ گورنمنٹ کے پاس ٹرینڈ ٹیچرز تو موجود ہیں - لیکن وہ پس ماندہ علاقوں میں جانے کو تیار نہیں ہیں - مثلاً لہیہ وغیرہ ایسے علاقے ہیں جہاں لیڈی ڈاکٹر اور استانیاں نہیں جاتیں -

وزیر تعلیم - دراصل سائنس کے اساتذہ کی بہت کمی ہے - اور یہی وجہ ہے کہ پوری تعداد میں ایسے اساتذہ بھیجے نہیں جا سکتے - سی ٹی کے اساتذہ موجود ہیں اور انہیں ہر علاقہ میں بھیجا جاتا ہے - اس کے علاوہ میں یہ عرض کروں گا کہ کسی ایسے علاقہ کو پس ماند نہیں کہا جاتا جہاں سڑکیں ہوں ، بجلی موجود ہو ، آمدورفت کے ذرائع ہوں اور جہاں امان اللہ خان شاہانی جیسے لوگ موجود ہوں -

جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے سائنس کے اساتذہ کی کمی ہے - ہم کسی کو مجبور نہیں کر سکتے کہ وہ محکمہ کی ملازمت کرے - ہاں اگر کوئی سرکاری ملازم ہو اور وہاں نہ جانا چاہے تو پھر اس کے خلاف ایکشن لیا جا سکتا ہے - لیکن

اگر کوئی ملازمت اختیار ہی نہ کرے تو پھر ہم کچھ نہیں کر سکتے ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب کی تجاویز بڑی valuable ہیں ان پر ضرور غور کیا جائے ۔

وزیر تعلیم ۔ بہتر جناب ۔

ملک قادر بخش ۔ یہ غلط ہے کہ جس علاقہ میں سڑکیں موجود ہوں ، بجلی ہو اسے پس ماندہ نہیں کہا جا سکتا ۔ کیا وزیر صاحب کو یہ علم ہے کہ تحصیل بھکر میں لڑکیوں کی تعلیم کا کیا تناسب ہے ۔

Is it in the knowledge of the Minister ?

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ میں اپنے محترم بزرگ کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ وہ اس سوال کو تحریری طور پر میرے پاس بھیج دیں میں جواب دے دوں گا ۔

ملک قادر بخش ۔ میں مانتا ہوں کہ یہ Fresh question ہے لیکن انہیں اس امر کا ضرور خیال رکھنا چاہئے ۔

وزیر تعلیم ۔ میں نے کوئی گناہ تو نہیں کیا ۔

ملک قادر بخش ۔ یہ گناہ ہی تو ہے ۔

خان اجون خان جدون ۔ آپ نے اس سوال کے جواب میں فرمایا

ہے کہ اساتذہ موجود نہیں ہیں جو وہاں جا سکیں لیکن جو سروس میں ہیں آپ انہیں تو مجبور کر سکتے ہیں ۔

وزیر تعلیم - جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ہمارے پاس سائنس کے اساتذہ کی کمی ہے ۔ اگر ایک جگہ سے کسی ٹیچر کو دوسری جگہ بھیج دیا جائے گا تو وہاں کمی واقع ہو جائے گی ۔

ملک قادر بخش - منٹگمری سے ہی بھیج دیجئے ۔ یہ بڑی اچھی چیز ہے ۔ آپ کا احسان ہو گا ۔

وزیر تعلیم - جب ملک صاحب وزیر تھے اس وقت تو یہ تفاوت نہیں تھا کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ اس کی کیا وجوہات ہیں ؟

Mr. Speaker: This is not a proper reply.

OPENING OF A MIDDLE SCHOOL FOR GIRLS IN MOHALLA CHAH CHIMIN, BHAKKAR.

***17. Khan Amanullah Khan Shahani** : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that sanction for the opening of a Middle School for Girls in Mohalla Chah Chimini. Bhakkar, was accorded about a year ago;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether it is a fact that the said school has not yet been opened; if so, reasons therefor and the time by which it is likely to be opened ?

وزیر تعلیم (میاں محمد یسین خاں وٹو) - (الف) جی نہیں ۔ یہ امر واقعہ نہیں ہے ۔

(ب) موجودہ گرلز پرائمری سکول محلہ چاہ چمنی کو بڑھا کر مڈل کا درجہ دینے کے سوال پر ۱۹۶۳-۶۴ء اور ۱۹۶۴-۶۵ء کے سالانہ ترقیاتی پروگرام مرتب کرنے کے وقت غور کیا گیا تھا ۔ لیکن یہ سکول بر بنائے استحقاق منتخب نہ ہوسکا۔ اگلے سال پھر اس سکول پر استحقاق کی بناء پر غور کیا جائے گا ۔

مسٹر امان اللہ خان شاھانی ۔ آپ نے فرمایا ہے کہ ۱۹۶۳-۶۴ء میں جو ترقیاتی سکیمیں بنائی گئی تھیں ان پر ۱۹۶۴-۶۵ء میں غور کیا گیا۔ اب جب کہ زیر غور آ گئی ہیں کیا ۱۹۶۵-۶۶ء میں ان پر عمل بھی ہوگا یا نہیں ۔ ہمارا پس ماندہ علاقہ ہے وہاں ساری تحصیل میں صرف ایک گرل ھائی سکول ہے ۔ اگر پرائمری سکول کو مڈل کا درجہ دے دیا جائے تو بہتر ہوگا ۔

وزیر تعلیم ۔ معزز ممبر نے شاید لفظ استحقاق پر غور نہیں فرمایا ۔ یا میرے جواب کو غور سے نہیں سنا ۔ جہاں استحقاق ہوگا وہاں ہم کالج یا سکول کھول دیتے ہیں ۔ اس استحقاق کے بناء پر بھکر میں کالج کھولا گیا لیکن اگر استحقاق نہ ہو تو ایک پرائمری سکول کو مڈل سکول نہیں بنا سکتے ۔ اس کے لئے انتظار کرنا پڑتا ہے ۔ مجھے ان کے جذبات کی قدر ہے اور میں ان کی اس تجویز پو ہمدردی سے غور کروں گا ۔

ملک قادر بخش ۔ استحقاق معلوم کرنے کے لئے کونسا معیار اور کونسا اصول ہوتا ہے ۔ آپ ہمیں بتائیں ۔

وزیر تعلیم - وہی معیار اور اصول ہے جو ملک صاحب کسی سوال کا جواب دیتے وقت زیر نگاہ رکھتے تھے -

Mr. Speaker : This is not an answer to the Supplementary.

وزیر تعلیم - استحقاق سے یہاں مراد یہ ہے کہ ہم اپنی کسی ضرورت کے لئے اپنے وسائل اور دوسری ایسی تمام چیزیں مد نظر رکھیں - مثلاً اگر ہم کوئی سکول کھولنا چاہتے ہیں تو یہ دیکھیں گے کہ کونسا علاقہ سب سے زیادہ deserve کرتا ہے - پھر اس کو preference دیں گے اور وہاں سکول کھولیں گے -

مسٹر امان اللہ خان شاہانی - کیا اس علاقہ کا حق نہیں جو ۸۰ میل لمبا اور ۷۰ میل چوڑا ہے - کیا اس میں ایک مڈل سکول نہیں کھول سکتے -

وزیر تعلیم - جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے - استحقاق سے مراد یہ ہے کہ اگر ۱۰ سکول کھولنے کی تجویز ہو تو ہم سب سے پہلے ضرورت کے مطابق پھر اپنے وسائل کے مطابق اور دیگر حالات کے تحت دیکھیں گے کہ کہاں بہتر طریقہ پر سکول کھولا جا سکتا ہے اور کامیاب ہو سکتا ہے - اس کے مطابق ان علاقوں میں سکول کھولیں گے - آپ نے دیکھا ہوگا کہ ہم نے D.G. Khan کی بجائے بھکر میں کالج کھول دیا ہے - اس طرح جب کسی سکول کو مڈل کا درجہ دیا جائے گا تو ہمیں دیکھنا ہوگا آیا اس علاقہ میں اس کی ضرورت ہے اگر ضرورت ہوگی تو فیصلہ

کر دیا جائے گا ۔ آپ یقین رکھیں کہ اس معاملہ کو نظر انداز نہیں کیا جائے گا ۔

ملک قادر بخش ۔ کیا اس استحقاق کی سیاسی وجوہ بھی ہو سکتی ہیں ۔

وزیر تعلیم ۔ جی نہیں ۔

خان امجون خان جدون ۔ جناب وزیر تعلیم نے فرمایا ہے کہ استحقاق کے پیش نظر گورنمنٹ سکولوں اور کالجوں پر روپیہ خرچ کرتی ہے ۔ اور گورنمنٹ کا کافی بجٹ شہروں اور کنٹونمنٹ کے پرائمری اور مڈل سکولوں پر خرچ ہوتا ہے تو کیا میں ان سے پوچھ سکتا ہوں کہ دیہاتوں میں سکولوں کی حالت ناگفتہ بہ ہے اس ناگفتہ بہ حالت کے پیش نظر کیا استحقاق کی بناء پر آپ وہاں روپیہ خرچ کرنے کے لئے تیار ہیں ۔

Mr. Speaker : That is a fresh question.

CONSTRUCTION OF A BUILDING FOR GOVERNMENT INTERMEDIATE COLLEGE BHAKKAR.

*18. **Khan Amanullah Khan Shahani** : Will the Minister of Education be peased to state whether it is a fact that Government have decided to construct a building for Government Intermediate College, Bhakkar; if so, the time by which the construction of the building will be taken in hand ?

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خاں وٹو) ۔ جی نہیں ۔ فی الحال ایسا کوئی فیصلہ نہیں ۔

INTRODUCTION OF THE SYSTEM OF TRAINING IN ENGLISH AND URDU TYPE WRITING SIMULTANEOUSLY

*35. **Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Board of Technical Education, West Pakistan has started an institution for one year course of training in (i) : Short hand and (ii) Typewriting;

(*b*) whether it is a fact that the students taking up the said course have to learn both English and Urdu typewriting simultaneously;

(*c*) whether it is a fact that it is very difficult for a beginner to learn both English and Urdu typewriting simultaneously;

(*d*) if answer to (b) and (c) above be in affirmative, whether Government intend to stop the said system ?

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) :

(*a*) It is not a fact that the West Pakistan Board of Technical Education has started an institution for one year course of training in :

(*i*) Shorthand (*ii*) Typewriting

(It is outside the purview of the Board's functions to create institutions for instructional purposes. Teaching Institutions are only set up by the Government. However, a short course in English and Urdu Shorthand and English and Urdu Typewriting has been introduced by the Board for training their Office Staff.)

(*b*) No. It is not compulsory for students to take both English and Urdu Typewriting simultaneously. It is optional with them.

(*c*) The specialists' opinion on the matter is that it is slightly difficult for beginners to learn both English and Urdu Typewriting simultaneously. That is why beginners are not encouraged to take both at the same time. First he is expected to acquire proficiency in one and then take up the other.

(*d*) Under the circumstances stated above the question does not arise.

ARRANGEMENT TO OPEN A CENTRE FOR GIVING LESSONS IN SHORTHAND AND TYPEWRITING IN HYDERABAD

*36. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Education be pleased to state whether it is a fact that there are at present no arrangements in Hyderabad for giving lessons in Shorthand and Typewriting; if so, whether Government intend to open a centre there for the purpose and if so, the date by which it is likely to be opened ?

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : At present Government Commercial Training Institute, Hyderabad is imparting instructions leading to a Diploma in Commerce which has recently been accepted as equivalent to Inter-Com. Shorthand and Typewriting are compulsory subjects of the said Diploma. This is a full time programme of two years duration. Government Commercial Training Institute was originally Government Commercial Training Centre and it was only upgraded last year to its present status. Previously it was catering for C. Com., a Certificate Programme of one year duration.

INTRODUCTION OF THE TEACHING OF BENGALI IN PRIMARY, MIDDLE AND HIGH SCHOOLS OF THE PROVINCE

*37. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Education be pleased so state:—

(*a*) whether it is a fact that Government intend to introduce the teaching of Bengali in Primary, Middle and High Schools of the Province;

(*b*) if the answer to (*a*) above be in the affirmative (*i*) whether the teaching of Bengali will be Compulsory Subject, (*ii*) whether it would be on experimental basis; and (*iii*) the date by which the subject is likely to be introduced ?

وزیر تعلیم (میاں محمد یسین خاں وٹو) : (الف) جی ہاں ! بنگالی پہلے ہی سے مغربی پاکستان میں چھٹی سے دسویں جماعتوں میں بطور ایک اختیاری مضمون کے نصاب میں شامل کی جا چکی ہے ۔ لیکن بنگالی پڑھانے کا انتظام اسی صورت میں کیا جاتا ہے ۔ جب کہ اس کے پڑھانے

کے مطالبے کا پورا پورا جواز موجود ہو - بنگالی پڑھانے کا انتظام ایسے پرائمری سکولوں میں بھی کیا جاتا ہے جہاں اس کی ضرورت ہو -

(ب) اول - بنگالی زبان مشرقی پاکستان کے طالب علموں کے لئے جن کی مادری زبان بنگالی ہے لازمی ہے - مغربی پاکستان کے طالب علموں کے لئے یہ ایک اختیاری مضمون ہے -

دوم - جی نہیں - جیسا کہ اوپر (الف) کے تحت ذکر کیا گیا ہے - بنگالی زبان نصاب میں مستقل طور پر شامل کی جا چکی ہے -

سوم - اس کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا -

INTRODUCTION OF THE INSTITUTIONS OF TECHNICAL EDUCATION AND VOCATIONAL TRAINING IN THE PROVINCE DURING THE 3RD FIVE YEAR PLAN.

*38. **Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Minister of Education be pleased to state (*a*) whether it is a fact that Government intend to open institutions of technical education and vocational training in the province during the 3rd Five Year Plan; if so, (*i*) the number of such institutions, (*ii*) the number of technicians and qualified vocational trainees expected to be turned out annually from these institutions, (*iii*) the procedure for the admission of students therein ?

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): (*a*) Yes.

(*i*) Schemes for 9 Polytechnics is already under implementation. In addition, 14 Polytechnics, 25 Vocational Institutes for boys and 10 Vocational Institutes for Girls will be established;

(*ii*) The year-wise output from the new Institutes is estimated to be as under :—

	Technicians	Boys Vocational Trainees	Girls Vocational Trainees
1965-66	...	...	...
1966-67	...	1000	...
1967-68	80	2000	300
1968-69	600	4000	500
1969-70	1500	10000	1000
	2180	17000	1800

(*iii*) Admission to all the Institutes are made on merit basis with due regard to regional allocation. Minimum qualification for admission in a Polytechnic is Matriculation with Science and Mathematics, whilst the admission qualification in Vocational Institutes vary from Class 6th to 10th for different courses according to the nature of the courses.

PERFORMANCE OF PROHIBIT TWIST DANCE IN DERA GHAZI KHAN COLLEGE

*39. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that on March 31, 1965 or April 1, 1965, a twist Dance was arranged by the staff of Government College, Dera Ghazi Khan and presented to the Public by the Students on the College premises;

(*b*) whether it is also a fact that such Dances are forbidden in Educational Institutions in the Province;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) [above be in the affirmative, the action Government intend to take against the persons responsible for the said dance in the said College ?

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خاں وٹو) : (الف) جی نہیں ۔ اس قسم کے کسی رقص کا انتظام ۳۱ مارچ ۱۹۶۵ء یا یکم اپریل ۱۹۶۵ء کو گورنمنٹ

کالج ڈیرہ غازی خان کے سٹاف نے نہیں کیا ۔

(ب) ناشائستہ رقص کی تعلیمی اداروں میں ممانعت ہے ۔

(ج) حصہ (الف) اور (ب) کے پیش نظر اس کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب وزیر تعلیم براہ کرم بتائیں گے کہ شائستہ اور ناشائستہ رقص میں کیا فرق ہے ۔

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ خٹک Dance ایک ورزش کی حیثیت رکھتا ہے اور ہمارے علاقہ کا جھومر Dance بھی ورزش کی حیثیت رکھتا ہے اور اس کو پی ۔ ٹی کھیل میں شامل کر لیا گیا ہے اور اس قسم کی دوسری ورزشیں بھی ہیں جن کو پی ۔ ٹی میں شامل کر لیا گیا ہے ۔ ان کو ناشائستہ نہیں سمجھا جاتا ۔ ناشائستہ وہ ہے جو ناشائستہ ہو ۔

OPENING OF A DEGREE COLLEGE IN HAROONABAD

*61. **Chaudhri Abdul Ghani**: Will the Minister of Education be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that Haroonabad is an important market-town in a fertile area of Bahawalnagar District;

(*b*) whether it is a fact that there is no Degree College in the said town;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether there is any scheme for the opening of a degree college in the said town?

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) : (الف) جی ہاں ۔

(ب) جی ہاں ۔

(ج) جی نہیں ۔ فی الحال کوئی نہیں ۔

OPENING OF A DEGREE COLLEGE FOR WOMEN IN DERA GHAZI KHAN DISTRICT

*181. **Sardar Manzoor Ahmad Khan :** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there is no Degree College for women in Dera Ghazi Khan District :

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether there is any Scheme for the opening of Degree College in the said District ; if so the time by which the said College is likely to be opened ?

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خاں وٹو) ۔ (الف) ۔ جی ہاں ۔

(ب) ۔ شروع میں کسی مقام پر انٹرمیڈیٹ کالج کھولا جاتا ہے تاکہ ڈگری کالج ، ڈیرہ غازی خاں میں لڑکیوں کے انٹرمیڈیٹ کالج کا اجراء محکمہ کی ترجیحی فہرست پر ہے جس قدر جلد ممکن ہو سکا وہاں کالج کھولنے کی کوشش کی جائے گی ۔

ملک قادر بخش ۔ کب تک کھل جائے گا ؟

وزیر تعلیم ۔ اس کے لئے واضح طور پر کہنا ممکن نہیں ہے ۔ میں نے عرض کیا ہے کہ یہ ترجیحی فہرست پر موجود ہے ۔

ملک قادر بخش ۔ کیا یہ تیسرے پانچ سالہ منصوبے میں آ جائے گا ؟

وزیر تعلیم ۔ جی ہاں انشاءاللہ امید ہے ۔

CONSTRUCTION AND PROVISION OF NEW BUILDING FOR THE GOVERNMENT COLLEGE, BANNU.

*188. **Mr. Umar Jan :** Will the Minister of Education be pleased to

state :—

(*a*) whether it is a fact that the Government College, Bannu, is housed in the old Khalsa High School building since 1951-52 ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether Government have any Scheme for the construction of a new building for the said College ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in affirmative, the date by which the new building is likely to be constructed ;

(*d*) if answer to (*b*) above be in the negative reasons therefor ;

(*e*) whether it is a fact that almost all the schools in Bannu District are without qualified Science teachers ;

(*f*) if the answer to (*e*) above be in the affirmative, reasons therefor ;

(*g*) the number of Schools proposed to be upgraded to high standard during the Third Five Year Plan in Bannu District ?

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خاں وٹو) ۔ (الف) جی ہاں ۔

(ب) ۔ جی نہیں فی الحال نہیں ۔ تاہم پانچ موجودہ ڈگری کالجوں میں عمارات کی تعمیر کے لئے ۳۰ لاکھ روپے کی ایک سکیم تیسرے منصوبہ میں موجود ہے ۔ موجودہ کالجوں میں عمارات بنانے کا سوال استحقاق کی بناء پر طے کیا جائے گا ۔

(ج) ۔ جیسا کہ حصہ (ب) میں بیان کیا گیا ہے ۔

(د) ۔ کیس کی صحیح نوعیت حصہ (ب) میں واضح کر دی گئی ہے ۔

(ہ) ۔ جی نہیں ۔ ضلع بنوں میں تمام سکول تربیت یافتہ استادوں کے بغیر نہیں ہیں ۔ گیارہ ہائی سکولوں میں سے صرف تین ایسے ہیں جن میں تربیت یافتہ سائنس ٹیچر کمیابی کی وجہ سے مقرر نہیں کئے گئے ۔

(و) - سوال پیدا نہیں ہوتا -

(ز) - تیسرے منصوبہ میں جن سکولوں کو ترقی دے کر ہائی سکول بنانا ہے اُن کی ضلع وار تقسیم ابھی نہیں کی گئی ہے -

مسٹر عمر جان خان - کیا وزیر تعلیم صاحب یہ فرمائیں گے کہ اس کالج کی عمارت کے لئے ۶۳ — ۱۹۶۲ء میں الاٹمنٹ ہو چکا ہے - اگر یہ درست ہے تو کیا وجہ ہے کہ معاملہ اب تک جوں کا توں پڑا ہے -

ملک قادر بخش - جناب وزیر تعلیم صاحب نے فرمایا ہے کہ ۵ کالجوں کی عمارتوں کے لئے رقم مخصوص ہو گئی ہے تو کیا وہ ان ۵ کالجوں کے نام بتائیں گے -

وزیر تعلیم - جناب والا - فاضل ممبر صاحب اس بات کو اچھی طرح جانتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ منصوبے میں پہلے مقامات مقرر نہیں کئے جاتے ہیں - تعداد مقرر کی جاتی ہے اور پھر بجٹ میں بھی نام مقرر نہیں کئے جاتے ہیں - کم سے کم محکمہ تعلیم میں یہی قاعدہ ہے میں اور محکموں کے متعلق مثلاً ایگریکلچر وغیرہ کے متعلق نہیں کہہ سکتا کہ وہاں کیا پروسیجر ہے - بہر حال محکمہ تعلیم میں تعداد مقرر کیجاتی ہے - اور پھر استحقاق کی بناء پر محکمہ سکولوں اور کالجوں کی مدد کرتا ہے -

ملک قادر بخش - میں اس کا مطلب یہ سمجھوں کہ ابھی تک وہ جگہیں مخصوص نہیں کی گئی ہیں -

وزیر تعلیم - اگر فاضل ممبر صاحب نے میرے جواب کو ذرا غور سے ملاحظہ فرمایا ہوتا تو مطلب صاف ظاہر ہے کہ تیسرے منصوبے میں جن سکولوں کو ترقی دے کر ہائی سکول بنانا ہے ان کی ضلع وار تقسیم نہیں کی گئی ہے۔

خان اجون خان جدون - آپ کو اس بارہ میں کوئی فیصلہ کرنا چاہئے تھا۔کیا یہ پورا سال انتظار کرتے کرتے گزر جائےگا ؟

وزیر تعلیم - جناب والا - ہمارے پاس ۵۴ کالجوں کی ایسی لسٹ ہے جن کا مطالبہ ہمارے پاس موجود ہے - ہمارے پاس priority list ہے - ڈی جی خان اسی میں ہے - ہمارے تمام کیس مکمل ہیں اور ہمارے پاس ہیں - فرض کر لیجئے کہ ہم پہلے ہی مقرر کر لیں اور اسمبلی ۵ کی بجائے ۳ منظور کر لے تو پھر دوبارہ اسی چیز کو revise کرنے کی بجائے ہم cases مکمل کر کے تیار رکھتے ہیں اور جتنی منظوری ملتی ہے اس کے مطابق کام کرتے ہیں -

ملک قادر بخش - کیا ہاؤس کو جہاں تک کسی علاقے کو اس کے حق دینے کا تعلق ہے confidence میں لیا جائے گا۔

وزیر تعلیم - جناب والا جو procedure اس وقت تک اس میں رہا ہے اس کے مطابق ہی عمل درآمد کیا جائے گا -

ملک قادر بخش - یا میں یوں کہوں کہ ہمیں confidence میں نہ لینے کا procedure ہے -

وزیر تعلیم - اس طرح تو میں نہیں کہہ سکتا - یہ سارا procedure ایسا ہے جو کہ وہ بطور وزیر کے سب جانتے ہیں - یہ ساری چیزیں وہ

جانتے ھیں کہ اس میں کتنا وقت لگتا ھے ۔

مسٹر حمزہ ۔ ھمیں تو اس پر اعتراض ھے ۔

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ اس معزز ایوان کو اسی حد تک اعتماد میں لینا ضروری ھے جہاں تک کہ یہ ضروری خیال کیا جاتا ھے ۔ کتنے سکول ھیں ان میں کتنے اساتذہ ھونے چاھئیں ۔ اس کے بعد یہ چیزیں دیکھتے ھیں ۔ کچھ چیزیں جو ٹیکنیکل ھیں وہ ٹیکنیکل لوگوں پر چھوڑنی پڑیں گی ورنہ اگر مثلاً زراعت کے پٹواریوں کے تقرر کے بارے میں آپ یہ فرمائیں کہ وہ یہاں آ جائیں یا محکمہ جنگلات کے ملازمین کے بارے میں آپ فرمائیں کہ وہ یہاں آ جائیں تو یہ قابل عمل نہیں کیونکہ اس معزز ایوان کا وقت بہت قیمتی ھے جو کہ بہت بڑے مسائل میں لگتا ھوتا ھے لیکن جہاں تک منظوری کا تعلق ھے وہ تو اس معزز ایوان کی ھے اور اس کے ماتحت ھم کام کرتے ھیں ۔ اور فیصلہ کرتے ھیں ۔

ملک قادر بخش ۔ میں بصد ادب عرض کروں گا اور اپنے عزیز سے کہوں گا کہ کسی جگہ کی تخصیص کرنا لوگوں کی تعداد ، کسی شہر کی آبادی وغیرہ ۔ یہ تمام چیزیں ایسی ھیں جن کی طرف ھمیں توجہ دینی چاھئے تاکہ ھاؤس کو ان کا علم ھو ویسے میری گذارش ھے کہ وزیر متعلقہ کو چاھئے کہ وہ اس معزز ھاؤس ان کو اپنے اعتماد میں لے تو یہ اس کی اپنی شان ھے ۔ ھمارا تو کوئی سوال نہیں ۔

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ میں نے معزز ایوان کو اعتماد میں لیا ھے اور ھر ممبر کو اعتماد میں لیا ھے ۔ جب میں نے یہ عرض کیا کہ

طلباء کی تعداد علاقے کی ضرورت ان ساری چیزوں کو مد نظر رکھ کر فیصلہ کیا جاتا ہے ۔ ہاں اگر کسی جگہ پر کسی شخص نے غلط فیصلہ کیا ہے تو وہ اس کے متعلق سوال دے کر نشان دھی فرما سکتے ہیں اور اس کا جواب اس معزز ایوان کی اطلاع کے لئے دے دیا جائے گا ۔

نوابزادہ رحیم دل خان ۔ کیا استحقاق کا فیصلہ کرتے وقت یہ خیال رکھا جاتا ہے کہ کالج کی جائز ضروریات کا خیال رکھا جائے ۔ پشاور ریجن میں ایک واحد کالج ہے جو کہ ابھی تک ایک سکول کی بلڈنگ میں واقع ہے ۔

وزیر تعلیم ۔ لیکن ہم نے تو اپنے وسائل کے مطابق کام کرنا ہے ۔ حکومت کے اپنے وسائل ہیں تو ان کے مطابق سکول یا کالج کے استحقاق کے مطابق فیصلہ کرنا ہوگا ۔ میں صرف بنوں کے بارے میں نہیں بلکہ اپنے اس عزیز ملک کے ہر علاقے کے بارے میں عرض کروں گا کہ ہماری پالیسی یہ ہے کہ کسی علاقے، کسی گاؤں، کسی جگہ کے حق کو نظر انداز نہ کیا جائے ۔

ملک قادر بخش ۔ شکریہ ۔

PROVISION OF TRANSPORT FOR THE INSPECTOR OF SCHOOLS AND RESIDENTIAL ACCOMMODATION FOR TEACHERS IN QUETTA AND KALAT DIVISIONS.

*223. **Babu Muhammad Rafiq :** Will the Minister of Education be pleased to state whether it is a fact that during his recent tour to Quetta and Kalat Divisions the difficulties of transport for the Inspector of Schools and residential accommodation for teachers were explained to him by the local officials ; if so, whether any action has been taken by Government in this respect ? If not, reasons therefor ?

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) - جی ہاں - یہ اس واقعہ ہے - جہاں تک استانیوں کے لئے اقامتی جگہیں فراہم کرنے کا تعلق ہے یہ عرض ہے کہ تیسرے پنجسالہ منصوبہ میں ہیڈ مسٹریسوں کے لئے رہائش گاہیں اور ناکتخدا استانیوں کے لئے فلیٹ تعمیر کرنے پر ۲۰ لاکھ روپے خرچ کئے جانے کی تجویز ہے - اس رقم میں سے کوئٹہ ریجن کو اپنے تناسب کے مطابق حصہ مل جائے گا -

عملۂ معائنہ کے لئے حمل و نقل کی سہولتیں فراہم کرنے کا مسئلہ کل مغربی پاکستان کا مسئلہ ہے رقوم کی کمی اور تعلیم و تربیت کے سیکٹر کی نسبتاً زیادہ اہم ترقیاتی سکیموں کی وجہ سے اس مسئلے کو حل نہیں کیا جا سکا - تاہم حکومت کو صورت حال کا احساس ہے اور جونہی وسائل نے اجازت دی مناسب کارروائی کی جائے گی -

---

APPOINTMENT OF A B. ED. HEADMASTER IN GOVERNMENT ANGLO VERNACULAR MIDDLE SCHOOL, CHAK NO. 26/J.B, DISTRICT LYALLPUR.

***256. Mr. Hamza :** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that an undergraduates has been posted as Headmaster of Government Anglo-Vernacular Middle School, Chak No. 26/J. B, District Lyallpur;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative (*i*) his qualifications and (*ii*) the time required for the appointment of a B. [Ed. Headmaster there and in case there is no such proposal, reasons therefor ?

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) - (الف) - جی ہاں -

(ب) - (*i*) وہ مڈل سینئر ورنیکلر سکول ہے - (*ii*) B. Ed. کی آسامی مڈل سکول چک نمبر ۲۶/جے بی لائلپور کے لئے منظور ہوئی

تھی ۔ مگر تقرری اس لئے نہیں کی گئی کیونکہ سکول صرف چھٹی جماعت تک تھا ۔ اس سکول میں B. Ed. کی تقرری کے لئے احکامات جاری کر دئے گئے ھیں ۔ چونکہ وھاں اب ساتواں درجہ کھل گیا ھے ۔

پھر بھی جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے عرض کرتا ھوں ۔ یہ سکول مئی ۱۹۶۴ء میں منظور ھوا ۔ اور جب سکول پہلے منظور ھوتا ھے تو اس میں ایک جماعت کا اضافہ کیا جاتا ھے ۔ ویسے یہاں چار اساتذہ کی آسامیاں منظور کی گئی ھیں جن میں ایک بی ۔ اے ایک بی ۔ ٹی ۔ آئی اور ایک تربیت یافتہ ٹیچر تھے ۔ انگریزی پڑھانے کے لئے ایف ۔ اے سی ۔ ٹی وھاں موجود ھے ۔ پہلے یہ جونیئر آدمی تھا لیکن چونکہ ایس وی سینیر تھا اس لئے وہ ھیڈ ماسٹر کا کام کر رھا تھا ۔

مسٹر حمزہ ۔ اس کے متعلق کیا کوئی کارروائی ھوئی اور کیا حکومت کی طرف سے کوئی احکامات جاری ھوئے ھیں ھمیں اجازت ھونی چاھئے یہ پوچھنے کی کہ کام شروع کر دیا ھے یا نہیں ۔

وزیر تعلیم ۔ یہ سوال آپ کا ابھی آیا ھے اور ابھی ھماری طرف سے یہ جواب دیا گیا ھے ۔ کچھ عرصہ تک امید ھے ۔ آپ کو علم ھو جائے گا کہ کیا کارروائی ھوئی ھے کیونکہ آپ اس علاقے سے تعلق رکھتے ھیں اور اگر کوئی اس سلسلے میں کارروائی نہیں ھوئی تو میں مناسب کارروائی کرنے کے لئے تیار ھوں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے دقت یہ ھے کہ جیسا کہ وزیر صاحب نے فرمایا ھے کہ میں اس علاقے سے تعلق رکھتا ھوں لیکن

اس ضمن میں میں یہ عرض کرتا ہوں کہ میرا علاقہ ۸۰ میل لمبا ہے ۔ غالباً دیدہ و دانستہ گورنمنٹ نے لمبا بتایا ہے ۔ مجھے ذاتی طور پر اس کا علم نہیں ہے اگر آپ ہی مجھے بتا دیں تو آپ کی مہربانی ہوگی ۔

وزیر تعلیم ۔ میرے دوست مجھ سے خفا معلوم ہوتے ہیں ۔ میں وہ بات واپس لے لیتا ہوں ۔ بہر حال یہ کوشش تو کی جائے گی کہ اس سلسلہ میں آپ کو شکایت کی دوبارہ گنجائیش نہ رہے ۔

CONSTRUCTION OF A BUILDING FOR GOVERNMENT HIGH SCHOOL, JALALPUR PIRWALA.

*267. **Diwan Syed Ghulam Abbas Bokhari :** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the building of the Government High School, Jalalpur Pirwala, is located in the congested area of the said town ;

(*b*) whether it is a fact that the said building is very old and is lying in a dilapidated conditions ;

(*c*) whether it is a fact that the residents of the said town have demanded the construction of a building for the said school outside the said town ;

(*d*) whether it is a fact that Government ha ve reserved 18 acres of land on Shuja Abad Road towards north of the said town for the building of the said school ;

(*e*) whether it is a fact that a sum of Rs. 4 lac was allocated for the construction of a building for the said school but the said building has not so far been constructed ;

(*f*) if answer (*a*) to (*e*) above be in the affirmative, reasons for delay in the construction of the school building ; and the time by which the same will be constructed ?

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خاں وٹو) ۔ (الف) ۔ جی ہاں ۔

(ب) - جی ہاں - عمارت کا کچھ حصہ شکستہ حالت میں ہے -

(ج) - جی ہاں -

(د) - صرف چھیالیس کنال متروکہ اراضی جو کھیل کے میدان کے لئے الاٹ کی گئی ہے - شجاع آباد سڑک پر شہر کے جانب شمال میں موجود ہے -

(ر) - اس سکول کی عمارت کی تعمیر کے لئے کوئی رقم مخصوص نہیں کی گئی تھی -

(س) - تعمیر عمارت کے لئے کوئی روپیہ نہیں رکھا گیا اس لئے تعمیر میں تاخیر کا سوال پیدا نہیں ہوتا - اس سکول کی ضروریات پر دوسرے ایسے سکولوں کے ساتھ استحقاق کی بناء پر تیسرے منصوبہ میں غور کیا جائے گا -

---

UP-GRADING TO GOVERNMENT MIDDLE SCHOOL, GHAZIPUR TO A HIGH SCHOOL

*268. **Diwan Syed Ghulam Abbas Bokhari :** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the residents of Ghazipur town in Tehsil Shuja Abad, District Multan have been demanding since long the up-grading of the Government Middle School, in the said town to a High School and have submitted numerous applications to this effect;

(*b*) whether it is also a fact that the Union Council of the said town has passed a number of resolutions supporting the above demand of the people and the questioner has also invited the attention of the authorities concerned to this matter through Assembly Questions, but nothing has been done in this regard so far;

(*c*) whether it is a fact that the Deputy Commissioner, Multan while on tour of the said town directed on the demand of the people of the town the education authorities of Multan District to collect necessary particulars for up-grading the school;

(*d*) whether it is a fact that the education authorities of Multan District have on several occasions collected the particulars necessary for Y-grading the said school to a high standard but no positive steps have so far been taken to this effect ;

(*e*) if answer to (*a*) to (*d*) above be in the affirmative reasons for not up-grading the said school and whether Government intend to take steps to up-grade same to a High Standard ?

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خاں وٹو) ۔ (الف) ۔ جی ہاں ۔

(ب) ۔ جی ہاں ۔

(ج) ۔ جی ہاں ۔

(د) ۔ جی ہاں ، اس سکول کا درجہ بڑھانے کے متعلق کوائف جمع کئے گئے تھے لیکن محدود وسائل اور دیگر زیادہ مستحق مدارس کی ضروریات کے پیش نظر اس کا درجہ نہیں بڑھایا جا سکا ۔

(ر) ۔ جیسا کہ جزو (د) میں ذکر کیا گیا ہے ، اس سکول کا درجہ محدود وسائل اور دیگر زیادہ مستحق اداروں کی ضروریات کے پیش نظر نہیں بڑھایا جا سکا ۔ اس پر دوسرے ایسے مدارس کے ساتھ استحقاق کی بناء پر تیسرے منصوبے میں غور کیا جائے گا ۔

INTERMEDIATE AND DEGREE COLLEGES, HIGH, MIDDLE AND PRIMARY SCHOOLS FUNCTIONING IN LAHORE MUNICIPAL AND CANTONMENT AREAS

*335. **Chaudhri Idd Muhammad :** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) the number of Intermediate and Degree Colleges High, Middle and Primary Schools, respectively, functioning at present in Lahore Municipal and Cantonment areas ;

(*b*) whether Government intend to construct more Intermediate and Degree Colleges, High, Middle and Primary Schools buildings in the financial year 1965-66 in areas mentioned in (*a*) above ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, (*i*) details thereof, (*ii*) amount allocated therefor and (*iii*) the amount allocated for the repairs of old Educational Institutions in the areas mentioned in (*a*) above during, the said year ?

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) :

	Number	
	Boys	*Girls*
(*a*) Intermediate Colleges	6	3
Degree Colleges	5	5
High Schools	49	49
Middle Schools	8	29
Primary Schools	207	215
Junior Model	—	—

(*b*) There are various schemes for the expansion and development of Education with the Government which have been drawn up on All West Pakistan basis. After the Assembly has passed the Annual Development Programme the exercise for allocating funds to different regions, and for that matter, to different places in a region would be undertaken.

(*c*) In view of the answer to (*b*) above neither the details nor the amount to be allocated in the financial year 1965-66 for the construction of new buildings or for the repairs of the existing educational institutions can be given at this stage.

مسٹر سپیکر - چودھری صاحب کے سوال کے حصہ (ب) میں جو تفاصیل طلب کی گئی ہیں وہ لاہور میونسپل اور کنٹونمنٹ ایریاز کے ڈگری کالجوں اور ہائی مڈل اور پرائمری سکولوں کے بارہ میں ہیں - آپ نے جو تفاصیل بتائی ہیں وہ سارے ویسٹ پاکستان کی ہیں -

وزیر تعلیم - جناب والا - سوال کا جزو (ب) یہ ہے -

(*b*) whether Government intend to construct more Intermediate and Degree Colleges, High, Middle and Primary Schools buildings in the financial year 1965-66 in areas mentioned in (*a*) above.

اور جزو (ج) یہ ہے ——

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, (*i*) details thereof (*ii*) amount allocated therefor (*iii*) the amount allocated for the repairs of old Educational Institutions in the areas mentioned in (*a*) above during, the said year ?

اگر ان دونوں کو ملا کر پڑھا جائے تو اس سے جو نتیجہ اخذ ہوتا ہے میں نے اس کے مطابق جواب عرض کر دیا ہے ۔ میں جناب کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ پہلے بجٹ کی منظوری ہوگی ۔ اور اس کے بعد ریجن وار رقوم مقرر ہوں گی ۔

مسٹر سپیکر ۔ سوال کے جزو الف میں لاہور کے میونسپل اور کنٹونمنٹ ایریا کے کالجوں اور سکولوں کا ذکر ہے اور بعد میں بھی انہی کے متعلق تفاصیل دریافت کی گئی ہیں ۔

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ جیسے کہ میں نے عرض کیا ہے اسمبلی کی طرف سے بجٹ کی منظوری ہو جانے کے بعد یہ چیز باقاعدہ ہوگی ۔ پھر ہر ریجن کی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے اس کی ریجن وار الاٹمنٹ ہوگی ۔ اور کسی ریجن کے حق اور استحقاق کو نظر انداز نہیں کیا جائے گا ۔

میاں محمد شفیع ۔ جناب والا ۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ لاہور ریجن کے علاوہ خاص طور پر لاہور شہر اور لاہور کنٹونمنٹ کے لئے کیا پروگرام ہے ؟

وزیر تعلیم ۔ جناب پروگرام تو اس وقت بنے گا جب بجٹ پاس ہو جائے گا اور مختلف علاقوں کو رقوم الاٹ ہو جائیں گی ۔ پھر ہر علاقہ

کی مقامی ضروریات کے مطابق وہاں رقم مہیا کی جائے گی - میں فاضل ممبر کو یقین دلاتا ہوں کہ ہم لاہور شہر اور کنٹونمنٹ کی ضروریات سے کسی لحاظ سے بھی غافل نہیں ہیں - ہم انہیں پوری طرح نظر میں رکھے ہوئے ہیں - اور ہم انشاءاللہ پوری کوشش کریں گے کہ یہاں کی ضروریات کو پورا کیا جائے -

---

OPENING OF INDUSTRIAL CLASSES IN EDUCATIONAL INSTITUTIONS IN LAHORE MUNICIPAL AND CANTONMENT AREAS

*336. **Chaudhri Idd Muhammad :** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Industrial Classes have been opened in some Educational Institutions in Municipal and Cantonment areas;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the names of the said Institutions.

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خاں وٹو) - (الف) - جی ہاں ، لاہور میونسپل اور کنٹونمنٹ کے علاقے میں انڈسٹریل کلاسوں کا اجرا کچھ تعلیمی اداروں میں ہو چکا ہے -

(ب) - اداروں کے نام منسلکہ گوشوارہ میں درج ہیں -

Mr. Speaker : Has the Minister provided a copy of it to the Member?

Minister of Education : Yes, Sir.

STATEMENT SHOWING THE NAMES OF INSTITUTIONS WHERE INDUSTRIAL CLASSES HAVE BEEN OPENED IN THE MUNICIPAL AND CANTONMENT AREAS OF LAHORE.

Worshop Sheds

1. Progressive Girls Middle School, Beadon Road, Lahore.
2. Farooqi Islamia A. V. Middle School, Lahore Cantt.
3. Z. M. Oxford Middle School, Ferozepur Road, Lahore.

Workshops

1. Government High School, Baghbanpura, Lahore.
2. Islamia High School, Multan Road, Lahore.
3. Arif High School, Dharampura, Lahore.
4. C. B. Girls High School, Lahore Cantt.
5. Muslim Model High School, Lahore.

CONSTRUCTION OF A CAFETERIA IN NEW UNIVERSITY CAMPUS IN LAHORE

*354. **Chaudhri Idd Muhammad :** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Government intend to spend a sum of Rs. 6,50,00,000 on the construction of a Cafeteria in the newly constructed University Campus in Lahore ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, when is it to be constructed ?

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خاں وٹو) ۔ (الف) ۔ نہیں ، یونیورسٹی کا کیفیٹریا ان عمارات کے مجموعہ کا ایک حصہ ہے جسے ٹیچر سٹوڈنٹ سنٹر کہا جاتا ہے ۔

(ب) ۔ سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

UNSTARRED QUESTIONS AND ANSWERS

INTRODUCING INDUSTRIAL EDUCATION IN EDUCATIONAL INSTITUTIONS SITUATED IN MUNICIPAL AND CANTONMENT AREA OF HYDERABAD

7. **Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that industrial education was introduced in some of the educational institutions situated in Municipal and Cantonment areas of Hyderabad ;

(*e*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the names of such institutions ;

(*c*) if answer to (*a*) above be in the negative, whether Government intend to introduce industrial education in any of its educational institutions in Hyderabad City ; if so, when, if not, reasons therefor ?

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) :

(*a*) Yes, industrial education was introduced in some educational institutions in Municipal and Cantonment areas of Hyderabad.

(*b*) The names of the institutions are given in the attached statement.

(*c*) In view of the answer to (*a*) above, question does not arise.

STATEMENT OF INDUSTRIAL EDUCATION IN THE MUNICIPAL AND CANTONMENT AREAS OF HYDERABAD.

Sr. No.	*Name of the institution.*	*Facilities provided.*
1	2	3
1.	Government Boys High School, Hyderabad.	Technical classes and equipment to teach wood work, metal work, electricity and Geometrical drawing upto 10th class.
2.	Noor Muhammad Boys School, Hyderabad.	Technical workshop and equipment to teach wood work, metal work and electricity (1964-65 with a Government grant of Rs. 30,500/-).
3.	Government Girls Pilot High School, Hyderabad.	Home Economics Section added for teaching cooking, sewing, embroidery and laundry at the total cost of Rs. 30,000/- under the Pilot School Scheme.
4.	Madrissa-tul-Banat High School, Hyderabad.	Home Economics Class added with Government grant of Rs. 30,500/- to teach the subject of cooking, sewing embroidery and laundry.

Sr. No.	*Name of the institution.*	*Facilities provided.*
1	2	3
5.	Government Boys Middle School, Latifabad.	Added one workshop shed to teach wood and metal work at a total cost of Rs. 8,000/-.
6.	Government Boys Middle School, Kalich Beg.	In 1962-63 added workshop shed to teach wood work, metal work at the cost of Rs. 8,000/-.
7.	Kazi Abid Middle School, Hyderabad.	Added one workshop shed with a Government grant of Rs. 4,000/- in 1962-63.
8.	Darul-Uloom Middle School, Hyderabad.	Added one workshop shed with a Government grant of Rs. 4,000/- in 1963-64.
9.	Zeenatul Islam Middle School, Hyderabad.	-do-
10.	Raza Memorial Middle School, Hyderabad.	-do-
11.	Noor Muhammad Secondary Branch Middle School, Hyderabad.	-do-
12.	Noor-i-Islam Middle School, Hyderabad.	-do-
13.	Muslim Middle School, Hyderabad.	-do-
14.	Government Girls Middle School, Latifabad No. 10	In 1962-63 workshop shed for the teaching of Home Economics added at a total cost of Rs. 6,000/-.
15.	Government Model Girls Middle School, Hyderabad.	Added one workshop shed for the teaching of Home Economics at a total cost of Rs. 6,000/- in 1963-64.
16.	Fatima Girls Middle School, Hyderabad.	Added one workshop shed for the teaching of Home Economics with a Government grant of Rs. 4,000/-.

NUMBER OF INTERMEDIATE AND DEGREE COLLEGES AND HIGH, MIDDLE AND PRIMARY SCHOOLS FOR BOYS AND GIRLS IN MUNICIPAL AND CANTONMENT AREAS OF HYDERABAD

8. Kazi Muhammad Azam Abbasi : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) the present number of Intermediate and Degree Colleges and High, Middle and Primary Schools for Boys and Girls respectively in Municipal and Cantonment areas of Hyderabad ;

(*b*) whether there is any scheme with the Government to construct more buildings in the said areas during Financial year 1965-66 for housing new colleges and schools ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, (*i*) the details of the said scheme, (*ii*) the amount to be allocated for the purpose ; and (*iii*) the amount to be allocated during the financial year 1965-66 for the repairs of the buildings of the existing educational institutions in the areas mentioned in (*a*) above ?

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) :

(*a*) Numer of Intermediate and Degree Colleges, High, Middle and Primary Schools for Boys and Girls respectively in Municipal and Cantonment areas of Hyderabad are as under :—

	Government		*Non-Government*	
	Boys	*Girls*	*Boys*	*Girls*
Intermediate Colleges	—	—	7	1
Degree Colleges	1	1	5	1
High Schools	3	2	20	10
Middle Schools	2	4	15	3
Primary Schools	54	21	57	14

(*b*) Yes. There are various schemes for the expansion and development of education with the Government which have been drawn up on All West Pakistan basis. After the Assembly has passed the

Annual Development Programme the exercise for allocating funds to different regions, and for that matter, to different places in a region would be undertaken.

(*c*) In view of the answer to (*b*) above neither the details nor the amount to be allocated in the financial year 1965-66 for the construction of new buildings or for the repairs of the existing educational institutions can be given at this stage. However, there is a specific provision of Rs. 2.32 lacs made for special repairs to Government College, Hyderabad.

GENERAL BUDGET 1965-66.

DISCUSSION ON THE GENERAL BUDGET AS A WHOLE

Mr. Speaker : Now, we start general discussion on the Budget as a whole.

Yes, Malik Sahib.

ملک قادر بخش (مظفر گڑھ - ۲) - جناب سپیکر - سب سے پہلے میں رسمی طور پر نہیں بلکہ دل کی گہرائیوں سے اپنے وزیر خزانہ کو اور فنانس سیکرٹری اور ان کے عملہ کو ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے نہایت کاوش سے ایک ایک آئٹم کے اعداد و شمار اکٹھے کئے ہیں اور پیش کئے ہیں - ہمارے محبوب وزیر خزانہ نے ـــــــ شاعر لوگ محبوب کو ظالم کہتے رہے ہیں - لیکن میری اس سے یہ مراد نہیں ہے ـــ بجٹ پیش کرتے ہوئے اپنی تقریر میں فرمایا ہے کہ دوسرے پنجسالہ منصوبہ میں ہم اپنے ٹارگٹ سے بڑھ گئے ہیں - اور تیسرے پنجسالہ منصوبہ میں پروگرام کو اور بڑھایا جا رہا ہے - اور ہمیں یقین دلایا گیا ہے کہ اس منصوبہ کے اختتام پر فی کس آمدنی بڑھ جائے گی - اور ملک خوشحال ہو جائے گا - میں اعتماد رکھتا ہوں اپنی حکومت میں کہ

انشاء اللہ تیسرے پنجسالہ کے دوران ملک ترقی کرے گا ۔ لیکن دیکھنا یہ ہے کہ جب ہم سے کہا جاتا ہے کہ مزید ٹیکس ادا کرو ۔ ہر سال آبیانہ میں اضافہ ہو جاتا ہے ۔ ہر سال یا دوسرے سال مالیہ میں اضافہ ہو جاتا ہے ۔ زرعی انکم ٹیکس میں اضافہ ہو جاتا ہے ——— مسلمان سے جب پاکستان کے نام پر اپیل کی جاتی ہے ۔ جب اس سے کہا جاتا ہے کہ ملک کے دفاع کے لئے ضرورت ہے تو وہ اپنا سب کچھ قربان کرنے پر تیار ہو جاتا ہے ۔ آپ کسی گاؤں میں چلے جائیں ۔ جب آپ یہ اپیل کریں گے کہ پاکستان کی حفاظت کے لئے خون کی ضرورت ہے تو ہر شخص اس کے لئے تیار ہو جائے گا ۔ لیکن میں صرف اتنا عرض کروں گا کہ بلڈ بنک والے بھی خون لیتے وقت ایک بات کا خیال رکھتے ہیں ۔ اور وہ یہ کہ خون دینے والا خون دیتے دیتے مر نہ جائے ۔ عرض یہ کہ ہم تیسرے پنجسالہ منصوبہ کا بوجھ اٹھانے کو تیار ہیں کیونکہ ہمیں بتایا گیا ہے کہ اس کے بعد ہم نہ صرف خوراک کے معاملہ میں خود کفیل ہو جائیں گے بلکہ ہم اناج کو ایکسپورٹ بھی کر سکیں گے ۔ ہماری فی کس آمدنی بڑھ جائے گی ۔ کیا دھقان کو اس گونگی اور بے زبان آبادی کو یہ بتایا گیا ہے ۔ کہ یہ ٹیکس ہٹا لیا جائے گا ۔

زخم کے بھرنے تلک ناخن نہ بڑھ آئیں گے کیا

کہیں ایسا تو نہ ہوگا کہ نہ یہ ایک کی تعمیر کے لئے بھی ان پر ٹیکس لگا دیا جائے گا ۔ کیونکہ گذشتہ اٹھارہ سال کا تجربہ ہمیں بتاتا ہے کہ فنانس منسٹر یا فنانس ڈیپارٹمنٹ جب بجٹ میں کوئی کمی پاتے ہیں تو ان کے پاس یہ ایک بڑا ہی اچھا طریقہ ہے ۔ اور یہ طریقہ ایک ان پڑھ اور ناسمجھ دھقان بھی اپنا سکتا ہے ۔ کہ جب

ضرورت پڑی ان ان پڑھ ، گونگے اور بے زبان لوگوں پر ٹیکس کا بوجھ ڈال دیا ۔ اور پاکستان کے نام پر اپیل کر دی ۔ اور وہ یہ بوجھ اٹھا لیتے ھیں ۔ لیکن اب وقت آ گیا ھے ۔ کہ ھمارے محبوب لیڈر ان پر سے یہ بوجھ ھٹا کر کسی اور طرف منتقل کر دیں ۔ میں آپ کے اعداد و شمار نہیں پڑھتا ۔ مجھے آپ پر اعتماد ھے ۔ آپ کا درج کیا ھوا ایک ایک حرف صحیح ھے ۔ یہاں پر بیٹھنے والے معزز اراکین کچھ تو اس بجٹ کو سمجھنے والے ھیں ۔ اور کچھ اسے نہیں سمجھتے ھیں۔ میں خان حبیب اللہ خان سے معذرت کے ساتھ بنوں کے رھنے والے ایک پٹھان کا قصہ سناتا ھوں ۔ مجھے ابھی ابھی یہ قصہ یاد آیا ھے ۔ امید ھے ۔ کہ موصوف مجھے معاف فرمائیں گے ۔ بنوں کا رھنے والا ایک پٹھان تھا ۔ جو کہ سیکنڈ ھینڈ کپڑے بیچا کرتا تھا ۔ اور پٹھان تو خصوصیت کے ساتھ دان کرنے میں وسیع القلب واقع ھوئے ھیں ۔ وہ کسی ایک غریب جاٹ کے پاس ٹھہرا ۔ جسے وہ اپنا آٹا دیا کرتا ۔ اور وہ اسے روٹی پکا دیا کرتا تھا ۔ اس جاٹ نے اسے ایک جھونپڑی دے دی تھی ۔ جس میں کہ وہ اپنا کپڑا وغیرہ رکھتا تھا ۔ چنانچہ جس طرح وہ اور لوگوں کو وہ سیکنڈ ھینڈ کپڑے دیا کرتا تھا ۔ اس جاٹ کو بھی اس نے وہ کپڑے دیئے ۔ اس غریب جاٹ کو اس پٹھان پر پورا پورا اعتماد ھو گیا ۔ چند روز کے بعد اس پٹھان نے اس جاٹ سے کہا کہ ھم آپس میں دوست تو ضرور ھیں لیکن بہتر ھے کہ ھم آپس کا حساب بھی سمجھ لیں ۔ جاٹ نے کہا کہ ٹھیک ھے ۔ اب جاٹ کو دس سے اوپر گنتی ھی نہیں آتی تھی ۔ پٹھان نے اسے کہا کہ آپ نے آٹھ مرتبہ مجھ سے

کپڑے لئے اور ہر مرتبہ ہی آٹھ آٹھ روپے کے کپڑے لئے ہیں۔ جاٹ نے کہا۔ ٹھیک ہے۔ تو پٹھان نے کہا۔ کہ آٹھ ضرب آٹھ مساوی ۶۴۔ آٹھ آپ کو میں معاف کرتا ہوں۔ تو یہ کل ۸۰ ہوئے۔ جاٹ نے کہا یہ بھی ٹھیک ہے۔ کیونکہ اس بیچارے کو تو دس سے اوپر گنتی ہی نہیں آتی تھی۔ اسے کیا پتہ تھا۔ کہ یہ سب کیا ہو رہا ہے۔ اور پھر اسے اپنے دوست پر اعتماد بھی تھا۔ تو جب جاٹ نے ۸۰ روپے مان لئے۔ کہ اس پٹھان کو ۸۰ روپے دینے ہیں تو پٹھان نے کہا کہ اچھا اب اس رقم کا پرو نوٹ مجھے لکھ کر دے دو۔ تو ہمیں وزیر خزانہ پر اعتماد ہے کہ وہ ایک ایک پیسے کی نگہبانی کی کوشش کریں گے۔ اور ان کا جائز مصرف ہوگا۔ لیکن میں ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے یہ گذارش کروں گا کہ آپ اپنے ان تخمینہ جات پر پھر غور کریں۔ آپ اپنے مجوزہ ٹیکسوں پر پھر سے نظرثانی کریں۔ آپ نے زرعی ٹیکس کی حد اڑھائی سو سے گھٹا کر ڈیڑھ سو کر دی ہے۔ اس پر نظرثانی کریں۔ اس روز اس بات پر چند اصحاب نے تالیاں بھی بجائی تھیں۔ ہو سکتا ہے کہ انہوں نے وہ تالیاں طنزاً بجائی ہوں۔ اور ان میں سے بعض شریف لوگوں نے یہ سمجھا ہوگا کہ اڑھائی سو کی حد کو گھٹا کر ڈیڑھ سو روپے کر دی گئی ہے۔ تو یہ ٹیکس میں رعائت ہی دی گئی ہوگی۔ بہر حال اگر آپ اکانومی کریں۔ یا اگر آپ اکانومی کرنا چاہیں۔ تو آپ موقع پر جا کر دیہات میں دیکھیں۔ صرف اپنے دفتروں میں بیٹھ کر ضریبں نہ دیں۔ آپ نے کبھی یہ سوچا

ہے ۔ کہ ہر پانچ سال میں کسان کے لئے ایک سال مصیبت کا ہوتا ہے ۔ کبھی کوئی بلائے آسمانی اس پر نازل ہو جاتی ہے ۔ اور اس کی فصل کو کیڑے مکوڑے کھا جاتے ہیں ۔ کبھی بارشوں کی وجہ سے اس کی فصل تباہ ہو جاتی ہے ۔ اور کبھی زمین طوفان وغیرہ اس کی فصل کو برباد کر دیتے ہیں ۔ یعنی اس امر سے کسی کو بھی انکار نہیں ہو سکتا ۔ کہ ہر پانچ سال میں ایک مرتبہ کسان کو ان مصیبتوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔ ملک محمد حیات صاحب بھی اچھے خاصے زمیندار ہیں ۔ ان کو بھی اس کا علم ہے ۔ نواب زادہ محمد علی خان اور مسٹر جنیجو بھی اس بات میں میری تائید کریں گے ۔ وہ بڑے زمیندار ہیں ۔ آپ ان ہی سے پوچھ کر میری اس بات کی تصدیق کروا سکتے ہیں ۔ آپ نے فی کس آمدنی بڑھائی تو ہے لیکن آپ نے کبھی یہ بھی سوچا ہے کہ آپ نے زرعی ٹیکس کی حد اڑھائی سو سے گھٹا کر ڈیڑھ سو جو کر دی ہے اس کا اثر غریب لوگوں پر کیا پڑے گا ۔ ہو سکتا ہے کہ ایک مربع والے زمیندار اس سے متاثر نہ ہوتے ہوں ۔ لیکن دو مربع والے تو ضرور ہی اس کی زد میں آئیں گے ۔ کارخانہ داروں کی تو چھ ہزار کی کمائی تک کوئی ٹیکس نہیں ہے ۔ لیکن یہاں ڈیڑھ سو روپے سالیے پر بھی ٹیکس عائد کیا گیا ہے ۔ آخر یہ بھی تو آپ دیکھیں کہ انہیں کس قدر آمدنی ہوتی ہے ۔ میں ویسے تو آپکے اس مجوزہ ٹیکس کا قانوناً اور اخلاقاً پابند ہوں ۔ اور ایک حلف کے تحت میں اس بات کا پابند ہوں کہ میں اس آئین کو Support کرتا رہوں گا ۔

اور مجھے اس بات کا بھی کلی یقین ہے کہ ان محاصل میں سے جس قدر خرچ بھی کیا جائے گا۔ وہ ہمارے ہی بھائیوں پر کیا جائے گا۔ لیکن اپنے اس فیصلے پر نظر ثانی کرنے سے آپکی کوئی ہتک نہیں ہوگی۔ لیکن اس کے لئے دلیری چاہئے۔ اس کے لئے جواں مردی کی ضرورت ہے کہ اگر آپ کی جانب سے کوئی غلط قدم اٹھ گیا ہے۔ تو آپ اس کی تصحیح کریں۔ لیکن اگر آپ کو آپ کے ماہرین یہ مشورہ دیتے ہیں۔ کہ ان موجودہ ٹیکسوں سے کسان کی بھلائی ہی ہوگی۔ تو پھر ہمیں بھی یہ منظور ہے۔ اگر آپ کہتے ہیں کہ یہ بات اچھی ہے۔ تو لازماً ہم بھی کہتے ہیں کہ یہ ضرور اچھی ہے۔

جناب والا۔ اس شکریے کے بعد میں اس سلسلے میں یہ عرض کر دوں۔ کہ اس ایوان میں حزب اقتدار پر ایک بوجھ آ پڑا ہے۔ اور کچھ زیادہ ہی بوجھ آ پڑا ہے کیونکہ حزب مخالف میں جو چار پانچ آدمی ہیں۔ وہ تو حکومت کی خامیوں کی طرف کماحقہ توجہ نہیں دلا سکتے۔ اس لئے آپ نے اپنے ڈسپلن کو کچھ ڈھیلا کرنا ہوگا۔ تاکہ یہ حضرات جو حزب اقتدار میں تشریف رکھتے ہیں۔ وہ اپنے ان جذبات کو اور اپنے منتخب کرنے والوں سے جو وعدے وعید کر کے وہ یہاں آئے ہیں۔ ڈسپلن کے اندر ہی رہ کر حکومت کی خامیوں کی طرف انگشت نمائی کر سکیں۔ اور کچھ تعمیری تنقید کر سکیں۔ کیونکہ یہ کام صرف اپوزیشن سے نہ ہوگا۔ اس لئے مجھے امید ہے۔ کہ ہمارے معزز لیڈر ضرور ہی اتنی گنجائش رکھیں گے۔ کہ ان حضرات کو بولنے کی اجازت ہو۔ (میں ووٹ دینے کے لئے

نہیں کہہ رہا ۔ صرف بولنے کے متعلق عرض کر رہا ہوں) ۔ انہیں تعمیری تنقید کرنے کی اجازت ہو ۔

Mr. Speaker: I think that point should be discussed in the party meeting.

Malik Qadir Bakhsh: Very well, sir.

Minister of Finance: Sir, why should he mention my name? He should discuss it in party meeting.

Mr. Speaker: I have already pointed that out to him.

ملک قادر بخش ۔ ایک امید کی کرن نظر آتی ہے ۔ جناب صدر نے اپنے الیکشن کے دوران قوم کو یقین دلایا اور نظم و نسق کی ایک خرابی کی طرف اشارہ کیا وہ یہ تھا کہ رشوت کے خلاف جہاد کرنا ۔ اور جناب گورنر صاحب نے بھی بصد مہربانی اس کا اعادہ کیا ۔ اپنی ۱۵ تاریخ کی ماہانہ تقریر میں تنبیہ کی اور کڑی تنبیہ کی کہ رشوت لینے والو وہ وقت آ گیا ہے کہ قانون کا شکنجہ تمہارے قریب پہنچ جائے گا اور تم کو پکڑ لے گا ۔ مجھے یقین ہے کہ جو کچھ وہ فرماتے ہیں اور سابقہ اور ماضی میں بتلا چکے ہیں کہ وہ جو کچھ کہتے ہیں وہ کر کے دکھلاتے ہیں ۔ لیکن میں اپنے عزیزوں کی توجہ اس میدان میں نظم و نسق کی خرابیوں کی طرف بڑے مختصر طریق پر دلانا چاہتا ہوں کہ یہ ایک وسیع میدان ہے ۔ صرف رشوت کا نام ہی نظم و نسق کی خرابی نہیں ہے ۔ میرے پاس لسٹ تو نہیں ہے لیکن پھر بھی میں نظم و نسق کے کچھ پہلو اس معزز ایوان میں پیش کرتا ہوں ۔ ان پر بحث کرتے ہوئے میرے

عزیزان اس طرف غور فرمائیں اور وزراء صاحبان کی ہر ممکن امداد کریں کہ یہ خرابیاں کس طرح دور ہو سکتی ہیں ۔ عرض ہے کہ اس پہلو میں رشوت کے علاوہ سفارش ہے ۔ سروس ریکارڈ کا غلط ہونا ۔ تبادلے اور ملازمین سرکار کی ٹرانسفرز ۔ یہاں اتنا عرض کروں گا اور میرے لئے اس بات پر زیادہ وقت دینا مناسب نہ ہوگا ۔ اب میں اپنے ضلع کے متعلق کچھ عرض کرتا ہوں کہ گذشتہ ۱۸ سالوں میں ۱۸ ڈپٹی کمشنرز تعینات ہوئے ہیں اگر یاور نہ آئے تو میں آدھے منٹ میں لسٹ پڑھے دیتا ہوں ۔ ان کے نام یہ ہیں ۔

(۱) راجہ سلطان لال حسین (۲) مسٹر ڈگری (۳) مسٹر اعجاز حسین شاہ (۴) مسٹر چیمہ (۵) شیخ رشید (۶) پیر کرم شاہ (۷) مسٹر مقصود سی ۔ ایس ۔ پی (۸) مسٹر مبارک علی شاہ (۹) مسٹر یزدانی ملک (۱۰) مسٹر عبدالقیوم (۱۱) مسٹر اویس خان (۱۲) مسٹر عطا محمد خان (۱۳) ملک میر محمد خان (۱۴) چودھری سلطان محمود (۱۵) سید منظور حسین (۱۶) مسٹر نقوی (۱۷) مسٹر احمد خان اور (۱۸) پیر صلاح الدین ۔

لیکن ان کی تبدیلی کے بارے میں ہدایات تو جاری ہیں کہ دو سال سے قبل عام حالات میں اور تین سال تک یہ تبادلے نہیں ہو سکتے ۔ یہ بڑا اچھا کام ہے ۔ بڑی اچھی ہدایات ہیں ۔ ایک افسر یا کوئی ملازم سرکار ایک سال میں اپنے علاقے میں واقفیت ہی مشکل سے پیدا کر سکتا ہے ۔ صاحب سپیکر وہ چٹھی

کہاں گئی ۔ وہ ہدایات کہاں گئیں ۔ اس کے متعلق کہا جا سکتا ہے اور بڑے معقول طریقے سے کہا جا سکتا ہے کہ یہ in the interest of Public ہے ۔ یہ Public interest میں تبادلے ہوئے ہیں ۔ یہ بھی میں مان لیتا ہوں لیکن باقی اضلاع میں بھی دیکھیں کہ وہاں Public interest یہ تقاضا کرتا ہے ۔ اور اگر کرتا ہے تو وہاں بھی چٹھیاں جاری کریں ۔ ہدایات جاری کریں ۔ وہاں بھی ایک ایک سال کے بعد ، چھ چھ ماہ کے بعد تبادلے ہوتے رہے ہیں ۔ چلو وہ بھی مجھے منظور ہے لیکن قول اور فعل میں تضاد نہیں ہونا چاہئے ۔ قول کچھ اور فعل کچھ ۔ یہ تضاد ٹھیک نہیں ہے ۔ یہاں میں نے تبادلوں کے متعلق عرض کیا ہے کہ یہ مختصر عرصے میں تبادلے ہیں یہ نظم و نسق میں خرابیاں ہیں جن پر آپ کو غور کرنا ہوگا ۔ اس کے بعد victimisation ہے کہ ایک ملازم دوسرے ملازم کے خلاف ہو جاتا ہے ۔ اس کے بعد تاخیر کا مسئلہ ہے کہ اگر کسی ملازم کی جواب طلبی کی جائے ۔ (میں یہ مثال دے رہا ہوں) تو وہ تین تین سال تک جواب ہی نہیں دے گا ۔ ''کس نے پرسد کہ بھیا کون ہو'' میں نے یہ عرض کیا ہے کہ تاخیر ، ناقابلیت ، نااہلیت ، قواعد ملازمت اور سیکورٹی آف سروس یہ سب چیزیں نظم و نسق میں ہیں ۔ سیکورٹی آف سروس کی آڑ میں ہم کو inshare بنایا جا رہا ہے ۔ رولز اور قواعد کی دیواریں ان کے ارد گرد کھڑی کی جا رہی ہیں چین کی دیوار تو ایک ہے لیکن یہاں چین کی دیوار جیسی بہت سی دیواریں ملازم سرکار کے ارد گرد کھڑی کی جا رہی ہیں ۔

کہ ان کا اس تک ہاتھ نہ پہنچ سکے ۔ ان رولز کے متعلق میں آپ کے توسط سے لیڈر آف دی ہاؤس سے خطاب کرتا ہوں کہ وہ ان کا مطالعہ کریں کہ وہ ہماری آنکھوں میں اور قوم کی آنکھوں میں مٹی تو نہیں جھونک رہے ہیں ۔

اس کے بعد جناب والا ۔ محکمانہ کارروائی کا ضابطہ ہے ۔ اور تحقیقات کرنے کے طریق ہیں ۔ پروموشنز ، اپوائنمنٹس یعنی تقرریاں اور ترقیاں ہیں اور عوام کے ساتھ سلوک ۔ یہ سب کچھ ان آنکھوں نے دیکھا ہوا ہے ۔ میں ایک مثال پیش کرتا ہوں کہ ایک گواہ جب عدالت میں آتا ہے (اگر میں ان باتوں کو مفصل بیان کرنے لگوں تو سارا دن ہاؤس کا لے لوں گا ۔ نہ ہاؤس مجھے اس کی اجازت دے گا نہ آپ اس کے متعلق مجھے اجازت دیں گے) وہ کٹہرے میں آ کر کھڑا ہو جاتا ہے ۔ وہ کٹہرے کے اوپر ہاتھ رکھ کر گواہی دینا شروع کر دیتا ہے ۔ مجسٹریٹ صاحب چپڑاسی کو بلاتے ہیں ۔ وہ کہتا ہے حضور ! مجسٹریٹ صاحب اس کو کہتے ہیں کہ اس کو کھڑے ہونے کا تھوڑا سا آداب سکھاؤ ۔ وہ آ کر گواہ کو کان سے پکڑ کر جھنجھوڑتا ہے اور کہتا ہے کہ ہاتھ پیچھے رکھو اور سیدھے کھڑے ہو گواہی دو ۔ یوں کرو وغیرہ ۔

آدمیت احترام آدمی
با خبر شو از مقام آدمی

آدمی کی تحقیر اور اس صورت میں اللہ تعالیٰ انسان کے متعلق

ارشاد فرماتا ہے کہ ''احسن التقویم،، یعنی انسان میرا بڑا شاہکار ہے ۔ لیڈر آف دی ہاؤس میری بات کو سنیں ۔ اللہ تعالیٰ یہ فرماتا ہے کہ انسان میرا بڑا شاہکار ہے اور اس کی تحقیر ایک کلنک ہے ۔ لیکن ایک مجسٹریٹ گالیوں سے ، بدکلامی سے ، دھمکیوں سے ہمکلام ہوتا ہے اور یہ تمسخر خدا کی کاریگری کے ساتھ کرتا ہے ۔ ہمارا حساب بھی ہونا ہے ۔ اس کے بعد حصول جائیداد ۔ کہ کیسے یہ دولت مند بنتے ہیں ۔ اس کے بعد مداخلت ، ملازمین سرکار کے طرز زندگی اور رہائش ۔ اس کے متعلق کیا کہوں ۔ آپ کے توسط سے لیڈر آف دی ہاؤس کے ضمیر سے بیشک وہ زبان سے کچھ نہ بولیں ان کے ضمیر پر یہ سوال کرتا ہوں کہ آپ انہی تنخواہ میں یہ بڑے بڑے ایک ایک ہزار کے قالین ، کراکری ، پردے ، خانسامے ، لمبی کاریں ، چائے نوشی ، کلبیں وغیرہ آپ ان سب چیزوں کو کیسے maintain کرتے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ شراب نوشی کے متعلق بھی ۔

ملک قادر بخش ۔ ممکن ہے ٹھیک ہو ۔ یا غلط ہو ۔ تین تین چار چار سو روپے کی ٹائی آتی ہے ۔ مسٹر محمد خان جنیجو کو اس کے متعلق معلوم ہوگا کہ یہ بات ٹھیک ہے یا غلط ہے ۔ ایک دفعہ وزیر خزانہ صاحب نے فرمایا . . . .

وزیر خزانہ ۔ قیمتیں ۲۳ مارچ سے بہت بڑھ گئی ہیں ۔
(قطع کلامیاں)

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ ۲۳ مارچ کو مالی سال سے کیا

تعلق ہے ۔

وزیر خزانہ ۔ جب سے یہ کابینہ سے باہر گئے ہیں ۔ قیمتیں بڑھ گئی ہیں ۔

ملک قادر بخش ۔ مجھے یقین ہے کہ شیخ صاحب ایمان داری سے کام کر رہے ہیں اور میں بھی ایمان داری سے کام کرتا رہا ہوں مگر میں آج دوسری قسم کے فرائض سرانجام دے رہا ہوں ۔

وزیر خزانہ ۔ ہم تو سمجھتے ہیں کہ آپ اب بھی ایمان داری سے کام کر رہے ہیں (ایک آواز : اب یہ مسٹر حمزہ کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں)

ملک قادر بخش ۔ جناب سپیکر ۔ مسٹر حمزہ صاحب کے چند رشتہ دار میرے ضلع میں بھی ہیں اور مجھے اعتراف ہے کہ انہوں نے وہاں مسلم لیگ کی مدد کی تھی ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب بقول شاعر

اس کو بھولا نہ چاہئے کہنا صبح جو جائے اور آئے شام

ملک قادر بخش ۔ جناب سپیکر ۔ اگر یہ معروضات قابل غور نہیں ہیں اور اگر حزب اقتدار کو میری باتیں ناپسند ہیں تو میں چپ ہو جاتا ہوں اور اپنی تقریر ختم کر کے اپنی نشست پر بیٹھ جاتا ہوں ۔

اب جناب قومی لباس اور قومی زبان کو لیجئے ان دونوں میں چولی دامن کا ساتھ ہے اگر آپ انگریزی لباس ہیٹ کوٹ پتلون پہن لیں تو آپ کہیں گے ہیلو ۔ آؤ واک کریں آؤ شاپنگ کریں اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ انگریزی لباس سے انگریزی زبان کی طرف قوم کا رجوع ہوتا ہے ۔ ہماری گورنمنٹ نے انگریزی لباس اور انگریز نے زبان کے فیشن کو رواج دیا ہے اتنا زیادہ رواج تو خود انگریزی حکومت میں نہیں ہو سکتا تھا (ہیئر ہیئر ۔ خوب خوب) حکومت کو چاہئے کہ اپنے ملازمین کو انگریزی سوٹ اور ٹائیوں سے روکے اب تو سوٹ اور ساڑھیوں کا رواج ترقی پذیر ہے اور بیچارے واجد علی شاہ عیش و عشرت کے لئے بدنام تھے اس سے بھی بڑھ کر آج کل کے افسران داد عشرت دے رہے ہیں اب جناب سپیکر پابندیٔ اوقات کا مسئلہ لیجئے یعنی Punctuality کو لیجئے پھر جناب بڑے بڑے افسروں کی بڑی بڑی تنخواہوں اور الاؤنسوں کو دیکھئے مگر ان بڑے افسروں کا جو یہ کام ہوتا تھا کہ یہ خود بھی تو پابندیٔ وقت کریں اور دوسروں سے پابندیٔ اوقات کرائیں نیز ماتحتوں کے کام کی نگرانی کریں تو عرض ہے کہ یہ Supervisory duty تو بالکل باقی نہیں رہی ۔ اس کا احساس ہی ختم ہو چکا ہے اس کی بجائے دوسروں کی رقوم اور اموال پر تصرف بےجا کا زور ہے پرائے مال کو شیر مادر سمجھا جاتا ہے اس خیانت کے کام کے لئے خزانے کی چابیاں تک چوروں کو دے دی جاتی ہیں کہ جتنا مال چاہو نکال لو لیکن میں کہونگا کہ چار پانچ کروڑ

روپے کی رقم تو بچت کرکے بھی نکالی جا سکتی تھی اگر آپ بجٹ میں economy سے کام لیتے تو سرکاری فضول خرچیوں کو کم کرکے چار پانچ کروڑ روپیہ بچایا جا سکتا تھا۔ میں جانتا ہوں کہ سرکاری کام کس طرح کئے جاتے ہیں ایک سڑک بنانے پر ٹھیکیدار کا حصہ ۱۰ فیصد ہوتا ہے لیکن اگر باقی ماندہ ۹۰ فی صد روپیہ سڑک پر لگ جائے یا اگر صرف ۷۰ یا ۶۰ فیصد ہی سڑک پر لگ جائے تو غنیمت ہوگا۔ جناب سپیکر۔ میرے چوبیسویں پوائنٹ کے متعلق یہ گذارش ہے کہ اگر سرکاری افسروں اور وزیروں کو احباب پروری اور کنبہ پروری کو ہی روک دیا جائے تو بہت سی رقوم خزانہ عامرہ میں آ جائیں گی۔

اس کے آگے میرا پچیسواں پوائنٹ یہ ہے کہ عوام کے ساتھ رابطہ قائم کیا جائے۔ مگر اس معاملے میں گورنمنٹ صفر تک پہنچ چکی ہے۔ آگے چھبیسویں پوائنٹ کے اور ستائیسویں کے بعد بھی میرے پاس ایک لمبی لسٹ ہے جس کے لئے طویل وقت درکار ہوگا۔ لہذا مختصراً عرض کروں گا۔ کہ آپ ایڈمنسٹریشن کو turn up کریں۔ جناب سپیکر۔ حکومت کو چاہئے کہ پبلک کو اپنے کانفیڈینس میں لے۔ مگر یہ صرف حکام اور افسران پر دارو مدار رکھتے ہیں۔ اس سے ایڈمنسٹریشن اور بھی بگڑ گئی ہے اصل میں پبلک کو کانفیڈنس میں لینا چاہئے۔

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ - جناب والا۔ معزز رکن انگریزی اور اردو کی کھچڑی پکا رہے ہیں اور اس کے باوجود یہ قومی

زبان کا بھی ڈھول پیٹتے ہیں ۔

ملک قادر بخش ۔ اگر جناب والا ۔ ان کو میری باتوں سے رنج پہنچ رہا ہے ۔ تو میں اپنی تقریر ختم کرنے کو تیار ہوں ۔ لیکن اگر میری تجاویز کو گورنمنٹ قبول کر لے اور عملاً اختیار کر لے تو یقیناً موجودہ سسٹم بدل سکتا ہے اور قوم کی کایا پلٹ سکتی ہے میں ایک مثال دیتا ہوں کہ جب چاول سمگلنگ ہو رہا تھا ۔ اور چیکنگ کی پولیس چوکیوں پر پولیس والے رشوت لے کر چاول سے لدے ہوئے ٹرکوں کو گذرنے دیتے تھے ۔ تو گورنر صاحب نے پولیس چوکیوں کی بجائے موبائل پارٹیوں کا متبادل انتظام کیا جس میں ایک ایک مجسٹریٹ ایک ایک سب انسپکٹر اور دو دو کانسٹیبل ہوتے تھے ۔ تو یہ انتظام تیر بہ حدف ثابت ہوا اور چاول کی سمگلنگ رک گئی اسی طرح اگر میری تجاویز پر اب بھی عمل کیا جائے تو حالات سدھر سکتے ہیں ۔ اور اس کے لئے اگر میں ہر ایک پہلو پر روشنی ڈالوں ۔ تو That will take the whole day پھر انگریزی بولا ہوں ۔ اس لئے معافی چاہتا ہوں ۔

جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ حکومت پر یہ تہمت لگانا کہ حکومت نے ان برائیوں کو دور کرنے کے لئے کچھ نہیں کیا ۔ مجھے اس سے اتفاق نہیں ۔ گذشتہ ۱۸ سال کے انسداد رشوت کے قوانین پر اگر ہم نظر ڈالیں ۔ تو ان Anti-Corruption Laws کے تحت پہلے پہل یہ جرم دفعہ ۱۶۱ کے تحت ناقابل دست اندازی

پولیس تھا ۔ یہ ایک سمن کیس تھا ۔ قانون میں تبدیلی آئی تو یہ وارنٹ کیس بن گیا ۔ اور قابل ضمانت ہو گیا ۔ پھر قانون میں تبدیلی آئی تو اسے قابل دست اندازی پولیس قرار دیا گیا ۔ اور اسے ناقابل ضمانت بنایا گیا ۔ بعد ازاں ترمیم آئی کہ اس کی بطور وارنٹ کیس نہیں ۔ بلکہ بطور سمن کیس سماعت ہوا کرے ۔ اس کے بعد تبدیلی آئی ۔ حکومت نے زور لگایا اور ایک ترمیم کے ذریعے یہ رکھا گیا کہ بار ثبوت ملزم پر ڈالو ۔ تاکہ وہ ثابت کرے کہ جو رقم اس کے پاس ہے ۔ وہ رشوت نہیں ۔ اور جو جائداد اس کے پاس ہے ۔ وہ بھی صحیح طریقے سے حاصل کی گئی ہے ۔ اس کام کے لئے Special Judges اور پھر Judges-cum-Inquiry Officers لگائے گئے ۔ اور پھر اس پر طرہ یہ کہ Anti-Corruption کے محکمہ کو وسیع کیا گیا ۔ ان حالات میں ہم اسے ناکام محکمہ نہیں کہہ سکتے ۔ کیونکہ ہر سال ہزاروں ملازمین سرکار پکڑے جاتے ہیں ۔ ان کے خلاف تفتیشیں ہوتی ہیں ۔ سینکڑوں آدمی یا تو جیل میں جاتے ہیں ۔ یا ان کو جرمانے ہوتے ہیں ۔ اور یا ان کو ملازمت سے ہاتھ دھونے پڑتے ہیں ۔ اور اب یہ کہنا کہ حکومت ناکام رہی ہے ۔ اس نے کوئی کام نہیں کیا ۔ یہ سراسر غلط ہے ۔ حکومت نے یقیناً اس سلسلے میں اقدامات کئے ہیں ۔ چنانچہ اب ہمیں سوچنا چاہئے اور اس کے متعلق کوئی واضح لائحہ عمل اختیار کرنا چاہئے کیونکہ لوگ یہ بعض اوقات کہہ دیتے ہیں کہ حکومت اگر رشوت بند کرنا چاہے تو وہ کر سکتی ہے ۔ یہ بھی غلط ہے اور سراسر غلط ہے ۔ جب تک

عوام ہمارے ساتھ نہ ہوں اور ان کی امداد ہمارے ساتھ نہ ہو ۔ قوانین وضع کرنے ، تعزیرات اور سزائیں زیادہ کرنے سے کسی کو پھانسی کی سزا دینے یا کسی کی گردن اڑا دینے سے یہ برائی ختم نہیں ہو سکتی ۔ ہمیں سب سے پہلے اس برائی کے ایک ایک پہلو پر غور کرنا ہوگا ۔ اور جو کچھ میں نے عرض کیا ہے ، ہو سکتا ہے ۔

جناب میں ابھی اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔ You are looking towards the clock. میں زیادہ وقت لینا نہیں چاہتا ۔

تو جناب میں یہ عرض کر رہا تھا کہ حکومت کو اس طرح مبہم کرنا کہ حکومت کچھ نہیں کر رہی ، درست نہیں ۔ کیونکہ حکومت سے جو کچھ ہو سکتا ہے ، کر رہی ہے ۔ لیکن سب کچھ عوام کے تعاون کے ساتھ ہونا چاہئے ۔

پھر جناب عرض یہ ہے کہ Reverting to the Budget ۔ یہ پاس ہو جائے ۔ حکومت ٹیکس لگا دے ۔ کوئی بات نہیں ۔ لیکن ایک کوشش انہیں ضرور کرنا چاہئے ۔ اور وہ یہ کہ ہماری جان اور مال محفوظ ہوں ۔ دھقان جب اپنی جنس بیچ کر پیسے جیب میں ڈال کر کسی شاہراہ پر واپس آ رہا ہو ۔ تو اس پر راستے میں کوئی ڈاکو نہ آ پڑے ۔ کیونکہ روز مرہ ہم سنتے ہیں کہ فلاں شاہراہ پر قتل ہوگیا ۔ فلاں شاہراہ ڈاکوؤں اور رہزنوں نے لوگوں کو لوٹ لیا ۔ ایک کانسٹیبل کو گولی سے اڑا دیا گیا ۔ یہ سب انفرادی cases نہیں ہیں ۔ یہ اکا دکا cases نہیں آپ روزانہ

اخبارات اٹھا کر دیکھ سکتے ھیں ۔ تو میری گذارش یہ ھے کہ آپ ٹیکس تو مجھ سے ضرور لیں ۔ لیکن اس کے بعد مجھے یہ فکر نہ ھونا چاھئے کہ میرا ننھا بچہ جو گلی میں کھیل رھا ھو ، وہ ھنستا ھوا گھر واپس بھی آئے گا یا نہیں ۔ اسے کوئی اٹھا کر تو نہیں لے جائے گا ۔ اس کا انتظام بھی حکومت نے کرنا ھوگا یہ جانی اور مالی تحفظ کا سوال ھے ۔ اب کئی آدمی ھیں جو رات کو سفر نہیں کرتے تاکہ شاھراہ پر ان کی موٹرکار پر ڈاکو نہ آ پڑیں ۔ لاریوں پر حملہ آور نہ ھو جائیں ۔ یا چلتی ھوئی گاڑیوں پر نہ آ پڑیں ۔ لوگ ڈر کے مارے رات کو سفر نہیں کرتے ۔ اگر آپ ٹیکس لیتے ھیں ۔ تو یہ بھی آپ کا فرض ھے کہ لوگوں کے جان و مال کا خاطر خواہ انتظام بھی کریں ۔ میں نے یہ عرض کیا ھے کہ آپ سر جوڑ کر ان لوگوں کو اعتماد میں لیں ۔ (ھاؤس میں ممبران اسمبلی کی طرف اشارہ کرتے ھوئے ۔) یہ آپ سے زیادہ الاؤنس نہیں مانگیں گے ۔ سرکاری ملازم کے پاس پہلے ھی وقت کہاں ھے ۔ مثال کے طور پر آپ پلاننگ کے سیکرٹری کو ھی لیں ۔ ان کے پاس وقت کہاں ھے کہ وہ آپ کی امداد کر سکیں یا آپ کو یہ بتا سکیں کہ نظم و نسق کی خرابیاں دور کرنے کا طریقہ کیا ھے ۔ اسی طرح فنانس سیکرٹری کے پاس وقت کہاں ھے کہ وہ آپ کو بتائے کہ leakage کہاں ھے ۔ یا leakage کو کس طرح ختم کرنا چاھئے ۔ wastage کو کیسے روکنا چاھئے یا پاکستانیوں کی جان و مال کی حفاظت کیسے ھو ۔ They have no time ان کے پاس وقت ھی کہاں ھے ۔ اس لئے آپ ان کو اعتماد میں لیجئے ۔

Mr. Speaker: Please try to conclude now.

ملک قادر بخش - بہت اچھا جناب میں ایک دو منٹ میں ختم کرتا ہوں - مجھے پورا اعتماد ہے کہ جس طرح آپ نے دو سالہ منصوبے کے سلسلے میں کام کیا تھا اور جو target سے بڑھ گیا تھا - تیسرے پنج سالہ منصوبے میں بھی ایسا ہی ہوگا - اس کے بعد آپ ہم پر مزید ٹیکس لگانا بند کر دیں گے - اور ملک کی کسی اور آبادی پر ٹیکس کا بار ڈالینگے - بالخصوص ان لوگوں پر جن کی disguised income ہے - کیونکہ منافع ہمارا ہوتا ہے اور کھاتے وہ ہیں - یہ بونس ووچر کیا چیز ہے - وہ خام چیزیں باہر بھیجتے ہیں یا کوئی اور مال باہر بھیجتے ہیں - یہ بونس ووچر کن کی کمائی ہے - یہ عوام کی کمائی ہے - ہم پر کوئی ایک ٹیکس ہو تو بتائیں - ہم پر تو پہلے ہی بیسیوں ٹیکس ہیں - ان کو آپ ایسے لوگوں کی طرف منتقل کرنے کی کوشش کریں -

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - بجٹ کے اس موقع پر بحث کرتے ہوئے عموماً سابقہ سال کی کارگذاری اور کوتاہیوں کو زیر بحث لایا جاتا ہے - اور حکومت سے آئندہ سالوں میں جو توقعات وابستہ ہوتی ہیں - ان کا اظہار کیا جاتا ہے - اور وہ بھی اس امید کے ساتھ کہ حکومت اپنی سابقہ کوتاہیوں اور غلطیوں کا ازالہ کرے گی - اور آئندہ سال کے دوران عوام کی خواہشات کو مد نظر رکھتے ہوئے اپنی Policies وضع کرے گی -

جناب والا - میں اپنی آج کی تقریر اسی موضوع تک ہی محدود رکھوں گا - اور بجٹ کے متعلق کسی اور موقع پر اپنے خیالات کا اظہار کروں گا -

جناب والا - موجودہ پارٹی جو اس وقت برسراقتدار ہے - وہ اس صوبے پر تقریباً سات سال سے بالواسطہ حکومت کر رہی ہے - میری مراد یہ ہے کہ ۸ اکتوبر ۱۹۵۸ء کو جب اس ملک کو مارشل لاء کی مصیبت سے نوازا گیا - اس وقت سے لیکر آج تک مسلسل ایک آدمی کہہ لیجئے - افراد کا ایک مجموعہ کہہ لیجئے - یا ایک فرد کہہ لیجئے اس ملک کے ایک حصے یا اس صوبے پر حکومت کر رہا ہے - ہمیں دیکھنا یہ ہے کہ اس نے اس سات سال کے لمبے عرصے میں - جو ہماری اس بد نصیب قوم کی تمام عمر کے ایک تہائی حصہ سے بھی زیادہ عرصہ ہے - اس بر سراقتدار پارٹی نے صوبہ کے لئے کیا کیا ہے - اس نے کیا کیا وعدے کئے تھے اور انہیں کس طرح ایفا کیا گیا - عوام کی کون کون سی ضروریات کو پورا کیا گیا - اور عوام کے کن کن مطالبات پر غور کیا گیا - کس کس صورت سے اس صوبے کی ترقی ہوئی - اور کس کس شعبے میں انحطاط ہوا -

جناب والا - میں آپ کی وساطت سے یہ بات اس ہاؤس کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ مارشل لاء کی شام کو نشری تقریر کی صورت میں صدر مملکت نے جو اس وقت چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر تھے سابقہ بدنام سیاست دانوں کی برائیاں گنوائیں اور قوم سے یہ

وعدہ کیا کہ ان برائیوں کا سد باب کیا جائے گا۔ یہ وعدہ کیا کہ مارشل لاء کی مصیبتیں اس ملک پر محض اس لئے نازل ہو رہی ہیں کہ ان برائیوں کا قلع قمع کیا جائے گا جو سابقہ بدنام سیاست دانوں کے دور اقتدار میں راہ پائی گئی تھیں۔ انہوں نے اپنی تقریر میں سیاسی برائیاں گنوائیں۔ انہوں نے اپنی تقریر میں معاشرہ کی برائیاں گنوائیں انہوں نے اپنی تقریر میں معاشی برائیاں گنوائیں اور انہوں نے ارشاد فرمایا کہ پچھلے سالوں میں یعنی ۱۹۵۸ء سے پہلے اس ملک میں اور اس صوبہ میں سیاست دان سیاسی وفاداریوں کو اپنی اغراض کے ماتحت تبدیل کرتے رہے ان برائیوں کو انہوں نے اس درجہ گھناؤنا بتایا کہ اسے مذہب تبدیل کرنے کے برابر بتایا گیا۔ اگر اس میں کسی قسم کا شک و شبہ ہو تو میں ان کی تقریر میں سے ایک پیرا گراف جو اس امر کے متعلق ہے ایوان کے سامنے پڑھے دیتا ہوں۔

"There are two things a man — a man of any conscience — finds it very difficult to do (1) change his religion and (2) change party affiliation. But our so-called representatives in the Assemblies shifted from one party to the other without turning a hair or feeling any pangs of conscience. This is the basis on which democracy has been run in Pakistan in the sacred name of Islam. In the process all ideals and high sense of values inherent in our religion and culture have been destroyed."

جناب صدر نے ارشاد فرمایا تھا کہ سیاسی زندگی میں سب سے بڑی خرابی یہ ہے کہ یہاں سیاسی وفاداریوں کو راتوں رات تبدیل کر لیتے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ۱۹۵۸ء سے پہلے دستور ساز اسمبلی میں ہو یا اس ایوان میں ہو یا مشرقی پاکستان کی اسمبلی میں یہ بات موجود تھی اور یہ برائی موجود

تھی ۔ میں مانتا ہوں کہ ایسا تھا ۔ میری آنکھوں کے سامنے سب کچھ ہوتا رہا حقیقتاً میں اسے بہت بڑی برائی سمجھتا ہوں اور مجھے جناب صدر مملکت سے اتفاق ہے کہ اگر غرض کے ماتحت سیاسی وفاداریاں تبدیل کر لی جائیں تو یہ بالکل ایسی ہی بات ہے جیسے کوئی انسان مرتد ہو جائے ۔ اس برائی کو جناب صدر نے اپنی تقریر میں ارشاد فرمایا اور سر فہرست رکھا ۔ اور عوام سے وعدہ کیا اور اس ملک میں بسنے والوں سے وعدہ کیا کہ اس برائی کو ختم کیا جائے گا اس کا قلع قمع کیا جائے گا ۔ مجھے انتہائی خوشی ہوتی اگر مجھے آج دیانتداری سے اس ہاؤس میں یہ کہنا پڑتا کہ اس برائی کا قلع قمع ہو گیا ہے ۔ لیکن اس ملک کا بچہ بچہ جانتا ہے کہ نیشنل اسمبلی میں پہلی ترمیم پر ہی کس طرح سیاسی وفاداریوں کو تبدیل کیا گیا ۔ ایسا کن لوگوں نے کرایا ۔ کن لوگوں نے ترغیب دی کس طرح تحریص دھمکی اور ڈر سے سیاسی وفاداریوں کو تبدیل کرایا گیا اور جماعت سے علیحدہ کیا گیا ۔ اس کی ذمہ داری کن پر تھی ۔ ۱۹۶۲ء کے زمانہ کو ہی لیجئے ۔ جناب صدر مملکت نے وعدہ کو ایفا کرتے ہوئے Political Parties Act بنایا ۔ اس میں بھی اس قسم کی خامیاں رہ گئیں ۔ ممکن ہے سہواً یا عمداً رہ گئی ہوں ۔ اس ایکٹ کے تحت جو لوگ ۱۹۶۲ء میں منتخب ہوئے تھے ان پر کوئی پابندی نہیں تھی ۔ اور آج بھی جو شخص کسی پارٹی ٹکٹ پر منتخب نہیں ہوتا اس پر کوئی پابندی نہیں ہے ۔ Political Parties Act کی یہی روح تھی کہ کوئی رکن اسمبلی

خواہ وہ نیشنل اسمبلی کا رکن ہو یا صوبائی اسمبلی کا رکن ہو وہ کسی دھمکی یا کسی خوف یا کسی لالچ سے ترغیب سے یا تحریص سے اپنا مقام تبدیل نہیں کر سکتا ۔ لیکن اس وقت جو کچھ ہوا ہے یہ ہے کہ مشرقی پاکستان کو تو چھوڑئیے وہ ایک ہزار میل دور ہے میں اس ایوان کے متعلق عرض کرتا ہوں کہ یہاں کیا حالت ہے ۔ جناب صدر کی سرکاری پارٹی کے ٹکٹ کے خلاف جو لوگ منتخب ہو کر آئے ہیں ۔ وہ اس لئے منتخب ہوئے ہیں کہ وہ سرکاری امیدوار نہیں تھے ۔ اس کے باوجود جو کچھ ہوا وہ ظاہر ہے ۔

صلائے عام ہے یاران نکتہ داں کے لئے ۔

اور اب سرکاری پارٹی کے دروازے ان پر کھول دئیے گئے ہیں ۔ کیا ان کو وہ تقریر یاد نہیں جو سرکاری پارٹی کے رہنما نے کی تھی ۔ اس پارٹی کے سربراہ نے سات سال پہلے یہ وعدہ فرمایا تھا کہ یہ برائی جو قوم کے جسم میں ایک ناسور کی صورت اختیار کر چکی ہے اس کو دور کیا جائے گا ۔ مگر آج اسی صدر مملکت اور رہنما کے نام لیوا خود اسی دھندے میں پھنسے ہوئے ہیں جس میں پرانے سیاست دان پھنسے ہوئے تھے ۔

سردار محمد ایوب خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ کیا اس ہاؤس میں صدر مملکت کے متعلق یا ان کے رویہ کے متعلق نکتہ چینی کی جا سکتی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ صدر مملکت پر پرسنل Attack تو نہیں کیا

جا سکتا لیکن ان کے ارشادات کے متعلق یہاں ضرور کہا جا سکتا ہے۔

خواجہ محمد صفدر - میں نے تو جناب کچھ عرض ہی نہیں کیا شاید میرے دوست سوئے ہوئے ہیں۔ صدر مملکت کے ارشادات کے اقتباسات کے متعلق میرے پاس ایک کتاب ہے۔ آپ نے بھی اس کتاب کو دیکھا ہوگا۔ اس میں سے ایک اقتباس میں نے یہ پڑھا ہے۔ جناب والا۔ سیاسی زندگی سے متعلق صدر مملکت نے یہ وعدہ فرمایا تھا کہ اس کی اصلاح کی جائے گی۔ میں اپنے ان معزز دوستوں کو جو میرے سامنے بیٹھے ہوئے ہیں یاد دلاتا ہوں کہ اب تک عوام کے کانوں میں یہ گونج رہا ہے کہ اس وعدے کے کے ایفا کرنے میں جناب صدر مملکت کی مدد فرمائے۔ ان کے وعدہ کے ایفا کرنے کے سلسلے میں یہ لوگ جو میرے سامنے بیٹھے ہوئے ہیں کوشش نہیں کر رہے ہیں۔

سردار محمد ایوب خان - پوائنٹ آف آرڈر۔ جو نقطہ اس وقت زیر بحث ہے وہ یہ ہے کہ وہ لوگ جو پولیٹیکل پارٹیز سے تعلق رکھتے ہیں اور جو اس ضمن میں آتے ہیں ان کے لئے پاکستان مسلم لیگ کی طرف سے قطعی طور پر کوئی فیصلہ نہیں ہوا ہے۔ ابھی تازہ اطلاع کے مطابق ----

خواجہ محمد صفدر - جناب یہ پوائنٹ آف آرڈر ہے یا یہ تقریر کر رہے ہیں۔ اگر یہ تقریر کر رہے ہیں تو میں دوران تقریر کسی کو اس امر کی اجازت نہیں دے سکتا کہ وہ میری تقریر میں مداخلت کرتے ہوئے اپنی تقریر شروع کر دے۔

سردار محمد ایوب خان - جناب میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ مسلم لیگ کی طرف سے اس کے متعلق ابھی تک کوئی قطعی فیصلہ نہیں ہوا ہے -

Mr. Speaker : Is it Subjudice ?

Sardar Muhammad Ayub Khan : It is not Subjudice but it has not been decided by a political party.

Mr. Speaker : The member's point of order is ruled out of order.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میرے نہایت ہی واجب‌الاحترام دوست کو میری بات صبر و سکون کے ساتھ سننا چاہئے - جب ان کا موقع آئے تو وہ کھل کر میری باتوں کا جواب دے سکتے ہیں اور میں انشاء اللہ ان کے ارشادات گرامی سننے کے لئے موجود رہوں گا -

جناب والا - سیاسی میدان میں ہماری موجودہ برسر اقتدار جماعت نے ہمیں بہت کچھ تحفے تحائف دئے - انہوں نے ہمیں ۱۹۶۲ء کا آئین بخشا - جس کے دوسرے پہلوؤں کا موقع بہ موقع ذکر ہوتا رہتا ہے لیکن بجٹ کے متعلق سرسری طور پر عرض کر دوں کہ بجٹ کا کسی آئین سے کیا تعلق ہے - میں نے پچھلے دنوں عرض کیا تھا کہ قانون سازی کے متعلق یہ ایوان کچھ بے بس سا ہے - اور آج میں یہ گذارش کروں گا کہ یہ ایوان بجٹ کے متعلق اس سے بھی زیادہ بے بس ہے - آرٹیکل ۴۰ سے لیکر آرٹیکل ۹۰ تک پڑھا جائے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ اس ایوان کو صرف

نئے اخراجات پر ووٹ کرنے کا اختیار ہے - اور کسی اور مد پر ووٹ کرنے کا اختیار نہیں ہے - اور ان اخراجات کا تناسب باقی بجٹ کے ساتھ کیا ہے وہ مشکل سے ۸ یا ۹ فیصدی ہوتا ہے - ہمیں یہ معلوم ہے کہ ہم اس ایک کروڑ ۷۲ لاکھ کے ریونیو Expenditure اور تقریباً اس قدر کیپٹیل Expenditure میں سے تقریباً زیادہ سے زیادہ ۱۰ فیصدی پر اپنی رائے کا اظہار کر سکتے ہیں - باقی ۹۰ فیصد اس معزز ایوان کے احاطہ اختیار سے باہر ہے - ہماری اس حکمران پارٹی نے ہمیں آئین کی شکل میں اور اس معزز ایوان کو یہ اختیار بخشا اور اس کے ساتھ ہی ہمیں لوکل باڈیز کا ایک سلسلہ عنایت فرمایا جس کا نام بنیادی جمہوریت رکھا - وہ خود جس کو Controlled ڈیماکریسی کہتے ہیں - میں جناب والا - آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آپ لوکل باڈیز کی تاریخ ملاحظہ فرمائیں - اس صوبے میں ابھی تھوڑے سال پہلے ہم نے اپنے لئے جو حقوق اور مراعات انگریز حکام سے حاصل کی تھیں وہ یکسر ہم سے چھین لی گئیں - میونسپل کمیٹیاں ہیں تو نامزد کردہ ہیں - ڈسٹرکٹ بورڈ ہیں تو ۴۰ فیصدی نامزد کردہ ہیں اور ڈویژنل کونسل کا تو اس وقت خاکہ موجود ہی نہیں تھا لیکن آج اس کے چیئرمین سرکاری افسران ہیں - صرف یہی ایک حق کہ چیئرمین غیرسرکاری ہو آج سے ۱۰۰ سال قبل انگریز نے اس صوبے کو میونسپل کمیٹیوں کو عطا کیا تھا - لیکن آج یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ ہمیں گذشتہ ۷ سال میں بجائے ترقی کے راستے پر لیجانے کے اور بجائے اسکے کہ اس قوم کو صحیح راستے پر چلایا جائے جسکی منزل مقصود ایک

بلند و بالا اور ارفع مقام ہے ہمیں پستی کی طرف چلنے پر مجبور کیا جا رہا ہے۔ اور اسکا نام ترقی رکھ دیا گیا ہے۔ ''برعکس نہند نام زنگی کافور،، یہ ایک رجعت قہقری ہے۔ اس کا نام ترقی نہیں ہے۔

جناب والا۔ سیاسی زندگی میں انتخابات کا بھی اپنا ایک بہت بڑا مقام ہے ان کو بہت بڑی اہمیت ہے۔ یہ دعویٰ کیا گیا تھا کہ ہم اس قوم کو ایسا طریقہ انتخاب دیں گے جو اس کو Suit کرتا ہو اور جو اس کے مزاج کے مطابق ہوگا۔ اور مزاج شناس قوم نے ہمیں دیا کیا؟ ہمیں بالواسطہ طریقہ انتخاب دے دیا۔ قوم سے پوچھنے کی ضرورت نہیں۔ بنیادی جمہوریت کے اراکین اپنی صواب دید کے ساتھ جس کو چاہیں منتخب کر لیں۔

جناب والا۔ جہاں تک اس کے صحیح ہونے کا تعلق ہے ہمارے وہ دوست جو اس وقت اس ایوان میں تشریف فرما ہیں جو اس کے اراکین ہیں وہ شاید میری تائید یا تردید فرمائیں۔ لیکن جو باتیں گذشتہ ۱۰، ۱۵ روز میں اور جو کہانیاں ہمارے بہت دوستوں نے نجی محفلوں میں ہمارے ساتھ ہمارے سامنے بیان فرمائی ہیں انہیں میں دہرانا نہیں چاہتا اور ان کا دہرانا مناسب نہیں ہے اور میں کسی کا نام لینا نہیں چاہتا اور نہ لوں گا لیکن میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آج آپ آزاد قبائل کے نمائندوں سے علیحدہ پوچھ لیجئے۔ بہاول پور پنجاب اور کراچی

کے بسنے والوں سے پوچھ لیجئے (لاهور پنجاب هی میں هے) تو وہ بتائیں گے کہ کتنے کتنے لاکھ روپے خرچ کر کے وہ یہاں آئے هیں اور کون نہیں جانتا کہ لاهور میں کیا بھاؤ تھا کراچی میں کیا بھاؤ تھا اور میری پریشانی کی حد نہیں رهی جب مجھ کو یہ معلوم هوا کہ میرے وہ معزز بھائی جو ٹرائیبل ایریاز سے تعلق رکھتے هیں کتنے کتنے لاکھ روپے صرف کر کے آئے هیں۔

بیگم زاهدہ خلیق الزماں - یہ تو قومی کردار کا تصور هے - یہاں تو انسان بکتے هیں -

خواجہ محمد صفدر - جناب محترمہ نے ارشاد فرمایا قومی کردار کا تصور هے - انسان بکتے هیں - مجھے اتفاق هے محترمہ سے - مجھے پورا اتفاق هے لیکن قومی کردار کو ڈھالنے کی ذمہ داری کس کے هاتھ میں هے - کیا ان لوگوں کے هاتھ میں نہیں جو اس ملک اور اس کے عوام کو اپنے پنجے میں دبوچے هوئے بیٹھے هیں ؟ کیا آپ کے هاتھ میں هے ؟ کیا میرے هاتھ میں هے ؟ لیکن همارے قومی کردار کی اصلاح کون کرتا هے - قومی کردار کا بگڑنا ، اس کی ذمہ داری اس سسٹم پر هے جو هم نافذ کرتے هیں - قومی کردار کو برا کہنے والے غلط کہتے هیں - قومی کردار برا نہیں هوتا - انسان اس کو برا بناتے هیں - هم اس کو برا بناتے هیں - قومی کردار بحیثیت خود قطعاً برا نہیں - همارى قوم بڑی صلاحیتوں کی مالک هے - بڑی

خوبیاں ھیں - مشکل اور کٹھن وقت میں درست فیصلہ کرنے کی صلاحیت اس میں ہے اور اس فیصلے کے مطابق ہم اپنے آپ کو کسی نہ کسی ڈھنگ میں بدل لیتے ھیں - قوم گذشتہ جنوری سے انتخابات میں پھنسی ہوئی ہے - ۱۹۶۵ء کا سارا سال انتخابات میں لگ جائے گا - ابھی یونین کونسلوں اور یونین کمیٹیاں بننی ھیں - ڈویژنل کونسلیں بنیں گی - یقیناً ۱۹۶۵ء کا سارا سال لگ جائے گا - یہ luxury اس قوم کو بھاتی تھی جو ہمارے چارہ ساز تھے اور چارہ گر تھے - شاید ان کے نسخے میں کوئی غلطی ہو گئی ہے - کیا انہوں نے جان بوجھ کر رکھ لیا کہ الیکشن کے درمیان دو دو تین تین اور آٹھ آٹھ ماہ کا فرق ہو تاکہ وہ اپنے ڈھب کے مطابق انتخابات کے نتائج برآمد کر سکیں - ڈیڑھ سال ایک غریب قوم کا محض انتخابات کی نذر کر دینا ہر پانچ سال کے بعد آپ اس ڈیڑھ سال کے گھنٹے بنا کر ان کی قیمت لگائیں - ان کی قیمت لگائی جائے تو کئی کروڑ اور اربوں روپے بن جائیں گے جو قوم کے ضائع ہو گئے - پہلا طریق انتخاب درست تھا - ایک ھی دن میں کئی ملکوں میں انتخابات ہو جاتے ھیں - انگلینڈ میں بھی ہوتے ھیں - امریکہ میں بھی ہوتے ھیں - وھاں دو سال کے بعد ہوتے ھیں اور ایک دن میں ہوتے ھیں - آبادی اس میں حصہ لیتی ہے ہر بالغ فرد اس میں حصہ لیتا ہے - مگر یہاں تو الٹ نسخہ جان بوجھ کر تجویز کیا گیا - ہمارے مرض کی تشخیص کیا ہے - مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی - ھمیں جان بوجھ کر اس قسم کی دوائی دی جا رھی

ہے ۔ ہمارے مرض میں کمی کی بجائے اضافہ ہوتا جائے۔ جناب والا ۔ کئی ایسے مواعید تھے ۔ ہماری حکمران جماعت نے قوم کے معاشرتی پہلوؤں پر بھی کئی ایسے مواعید کئے تھے اور کرتے رہتے ہیں ۔ اور ہر روز کرتے ہیں اور صبح و شام کیا کرتے ہیں لیکن ان پر عمل کیا ہے ۔ یہاں پھر میں اس تقریر کا حوالہ دیتا ہوں شاید کسی کی طبیعت پر برا اثر نہ پڑے ۔ میں معاشرتی پہلوؤں کے متعلق پڑھ دیتا ہوں ۔

"A word for the disruptionists, political opportunists, smugglers, black-marketeers and other such social vermin, sharks and leeches. The soldiers and the people are sick of the sight of you. So it will be good for your health to turn a new leaf and begin to behave, otherwise retribution will be swift and sure. At any rate, they have no cause to feel neglected. We shall be making desperate efforts to catch up with them as soon as possible."

کتنے خوبصورت اور بلیغ الفاظ ہیں ۔ کتنے زور دار الفاظ میں یہ دعویٰ کیا گیا تھا کہ رشوت ستانی ، اقربا نوازی ، کنبہ پروری، بد دیانتی ، سمگلنگ ، بلیک مارکیٹ اور ذخیرہ اندوزی اور اس قسم کی تمام سوشل evils کو قوم کے جسم سے صاف پاک کر دیا جائیگا ۔ نکال دیا جائے گا اور ایسے عناصر کا پوری طرح سے قلع قمع کر دیا جائیگا ۔ جناب والا ۔ میرے سامنے بیٹھنے والے دوست جنکا تعلق حکمران پارٹی سے ہے میں انہیں دعوت دیتا ہوں کہ وہ اپنے سینے پر ہاتھ رکھ کر ارشاد فرمائیں کہ کیا اس صوبے میں رشوت ۱۹۵۸ء سے کم ہے یا زیادہ ہے ۔ کیا اقربانوازی سفارش، بد دیانتی اس وقت زیادہ تھی یا آج زیادہ ہے ۔ کیا سمگلنگ ، بلیک مارکیٹ ، چور بازاری اور جو جو دوسری برائیاں ہیں ۱۹۵۸ء میں بھی تھیں میں مانتا ہوں لیکن میں دعوٰی سے کہہ سکتا ہوں

کہ رشوت اس زمانے میں آج کے زمانے کا عشر عشیر بھی نہ تھی ۔ جہاں ایک کام ایک روپیہ میں نکل سکتا تھا آج وہی کام ۵۰ روپوں سے نہیں نکلتا ۔ اس وقت آپکے چھوٹے چھوٹے ملازمین رشوت میں ملوث تھے تو آج بڑے بڑے ملازمین بھی رشوت میں ملوث ہیں ۔ کون کون سی category گنواؤں کون دعویٰ سے کہہ سکتا ہے کہ ہمارے بارہ چودہ کمشنر صاحبان میں سے کتنے دیانتدار ہیں۔ یہ کون کہہ سکتا ہے ۔ ہمارے مغربی پاکستان کے کتنے ڈپٹی کمشنر اور ایس۔پی ہیں جن کے متعلق دعوٰی سے کہا جا سکتا ہے بلکہ یوں کہنا چاہئے کہ کوئی دعوٰی سے نہیں کہہ سکتا کہ وہ دیانتدار ہیں۔ اللہ تعالٰی نے جس کو صلاحیت دی ہے جس کو عمل کی قوت دی ہے وہ یقیناً دیانتدار ہیں ۔

سردار محمد ایوب خان ۔ اکثریت دیانتدار ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ لیکن وہ کتنے ہیں ۔ مجھے یہ خوشی ہوتی اگر میں یہ کہہ سکتا کہ اکثریت ان کی دیانتدار ہے ۔ ابھی ملک قادر بخش صاحب نے آپکے سامنے تجاویز پیش کیں ۔ جناب والا ۔ مجھے اتفاق نہیں ہے ۔ میں سردار محمد ایوب خان کی Statement کہ اکثریت ان کی دیانتدار ہے Categorically deny کرتا ہوں ۔ میں کہتا ہوں کہ اکثریت ان کی dishonest ہے ۔

Sardar Muhammad Ayub Khan : The majority of the senior officers is honest.

خواجہ محمد صفدر ۔ بہاول پور کا ایک اخبار ''کائنات،، مجھے یاد آ گیا اس کا ایڈیٹوریل تھا جو ''نوائے وقت،، میں reproduce

ہوا ہے ۔ اس میں کسی کا نام نہیں لیا گیا اور نہ میں نام لینا مناسب سمجھتا ہوں ۔ کسی بڑے سے بڑے انسان کا کسی محفل میں نام لینا ٹھیک نہیں لیکن کسی برائی کی نشاندھی کرنا میرا فرض ہے ۔ اگر میں نہ کروں تو میں اپنے فرض سے کوتاھی برتوں گا۔ غفلت برتوں گا مجرمانہ غفلت کا الزام اگر مجھ پر لگایا جائے تو وہ درست ہوگا ۔

جناب والا ۔ اس آرٹیکل میں نئی نئی طرز کی رشوت جو کہ اسوقت بڑے افسروں کے ھاں رائج ہے ۔ اسکی قسمیں بنائی گئی ھیں ۔ مگر میں انہیں گنوانا نہیں چاھتا ۔ میں تو صرف اپنے دوست کا جواب عرض کر رھا ہوں ۔ مجھے دکھ ھوتا ہے ۔ یہ میرا اپنا ملک ہے ۔ میں چاھتا ہوں یہاں کا ہر افسر دیانت کا پتلا ہو ۔ میری تو عین خواھش ہے کہ میں اپنے افسروں کو چلتے پھرتے فرشتے دیکھوں ۔ میں انہیں دیانت دار دیکھنا چاھتا ہوں ۔ میں انہیں ایماندار دیکھنا چاھتا ہوں ۔ میں انہیں محنتی اور جفاکش دیکھنا چاھتا ہوں ۔ میری دعا ہے کہ اس ملک کا ہر فرد جس میں بڑے اور چھوٹے ملازم بھی شامل ھیں ۔ محنت اور مشقت سے اپنےفرائض منصبی کو ادا کرے ۔ اور ان پر کوئی آدمی یہ الزام نہ دے سکے ۔ کہ انہوں نے فلاں کام سفارش کی بناء پر کیا یا فلاں کام رشوت لے کر کیا یا فلاں کام اپنے کسی بھائی یا بھتیجے یا بھانجے کی خوشنودی کے لئے کیا ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رھا تھا کہ ان سب برائیوں کو ایک ایک کر کے گن جائیے ۔ اور پھر فیصلہ کیجئے کہ ان سات برسوں میں ان میں سے کون سی برائی کی اصلاح ہوئی ہے ۔ قرون اولی میں

بھی برائی تھی ۔ لیکن بہت کم۔ اس کے مقابلے میں اچھائی ہر طرف پھیلی ہوئی تھی ۔ اس لئے ہم اسے اچھا زمانہ کہتے ہیں ۔ بہترین زمانہ کہتے ہیں ۔ اور آج کے زمانے میں ہر طرف برائی پھیلی ہوئی ہے ۔ اور اچھائی کہیں کہیں شاذ شاذ نظر آتی ہے ۔ میں تو چاہتا ہوں کہ اس صوبہ سے، اس ملک سے برائی نیست و نابود ہو جائے ۔ میری یہ خواہش ہے کہ ہر طرف بھلائی کا دور دورہ ہو ۔ لیکن جو واقعات ہیں اگر میں انہیں اپنے محترم دوستوں کے سامنے بیان نہ کروں اگر میں ان واقعات کو جو میں دیکھ رہا ہوں ان کے سامنے پیش نہ کروں ۔ کل میں ان سے پوچھ نہیں سکتا کہ محترم اس کام میں یہ خوبی ہے ۔ وہ کہہ سکتے ہیں تم نے کب نشان دہی کی تھی ۔ اس لئے میں ان کی نشان دہی کر رہا ہوں ۔ پچھلے سالوں میں جو ہوا سو ہوا ۔ آگے چند دنوں میں نئے سال کا آغاز قریب ہے ۔ وہ کوشش کریں کہ اس سال اصلاح احوال ہو جائے ۔ میرے دوست سردار محمد ایوب خان تشریف لے گئے ہیں ۔ اگر وہ لابی میں ہوں تو سن لیں کہ یہاں رشوت اس قدر بڑھ گئی ہے کہ گورنر کانفرنس میں بھی اس کا اعتراف ہوا ہے ۔ آج سے پہلے کم از کم اعلانیہ کبھی ایسا نہیں ہوا تھا ۔ گورنر کانفرنس چھوڑ پٹواری کانفرنس میں بھی اس کا اعتراف نہیں کیا جاتا تھا ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ وہاں یہ اعتراف نہیں کیا گیا یہ غلط بیانی کر رہے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں اپنے محترم دوست کی پوزیشن کو چیلنج نہیں کرتا ۔ وہ اندرون خانہ کی بات کرتے ہیں ۔

Minister of Finance: Question. It is quite wrong what Khawaja Sahib says. I know it because I am a member of the Governor's Conference.

آپ غلط بیانی سے کام لے رہے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں جناب نہایت ادب سے جناب وزیر خزانہ کی خدمت میں دراخوست کرونگا کہ وہ اپنی باری پر بات کریں۔ اگر میں نے غلط بات کہی ہے تو وہ اپنی باری پر بتا دیں کہ یہ بات غلط کہی ہے ۔ وہ اندرون خانہ کا حال جانتے ہیں۔ میرا علم اخبار سے آگے نہیں ہے ۔ میں نے اخبار میں یہی پڑھا ہے کہ گورنر کانفرنس میں یہ فیصلہ ہوا ہے کہ رشوت کا قلع قمع کر دیا جائیگا ۔ اور قلع قمع کس چیز کا کیا جاتا ہے (قطع کلامی) کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی میرے محترم دوست ملک قادر بخش صاحب اور جناب گورنر صاحب نے بھی اپنی تقریر میں اسی بات کا حوالہ دیا ہے ۔ اور سخت تنبیہ اور سرزنش کی ہے اور بڑے سخت الفاظ استعمال کئے ہیں ۔ جب بیماری بڑھ جاتی ہے تب ہی زیادہ کڑوی دوائی دی جاتی ہے ۔

جناب والا ۔ میں معاشرتی حالات کے متعلق یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ وہ کس نہج پر جا رہے ہیں ۔ اور ان کی اصلاح احوال کس حد تک ہوئی ہے اور کس حد تک نہیں ہوئی اور اسکے ساتھ ہی ساتھ میں یہ بھی عرض کر دوں کہ معاشرتی حالات کا نظم و نسق کے ساتھ انتہائی گہرا تعلق ہے ۔ میرے محترم دوست جناب ملک قادر بخش صاحب نے نظم و نسق کے متعلق تفصیلاً اپنے خیالات کا اظہار فرمایا ہے ۔ میں ان باتوں کا اعادہ نہیں کروں گا ۔ میں صرف بر سر اقتدار پارٹی کے

روشن‌ضمیر رہنماؤں کو اشارتاً اسطرف توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ نظم و نسق کی حالت جس قدر ابتر اب ہے نہ آج سے دو سال پہلے تھی اور نہ آج سے سات سال پہلے - ہم ہر روز اخبارات میں بھی پڑھتے ہیں اور دوست و احباب کی زبان سے بھی سنتے ہیں کہ کسی صوبے میں کسی کی جان اور مال محفوظ نہیں - جیسا کہ ملک قادر بخش صاحب نے فرمایا ہے -

جناب والا - دور کیوں جائیں اس صوبے کے دارالحکومت میں جناب ضمیر قریشی قتل ہو جاتے ہیں - عبدالباقی بلوچ کا جسم گولیوں سے چھلنی کر دیا جاتا ہے مگر آج تک اتنا عرصہ گزر جانے کے بعد قاتلوں اور حملہ آوروں کا سراغ نہیں چل سکا -

Minister of Finance: What about Sardar Doda Khan ?

جو ۲۸ قبیلوں کا سردار تھا اور پریذیڈنٹ کا ذاتی دوست -

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - مجھے انتہائی افسوس ہے کہ سردار ڈوڈے خان کے قتل کا سراغ بھی نہیں مل سکا لیکن یہ سرٹیفیکیٹ ہے ان کے لئے کہ وہ سردار ڈوڈے خان کے قتل کا سراغ نہیں لگا سکے - جب کہ وہ صدر صاحب کے ذاتی دوست اور ۲۸ قبیلوں کے سردار تھے - جب اتنے بڑے آدمی کے قتل کا سراغ نہیں مل سکا - تو کوئی اگر عام آدمی قتل ہو جائے یا لٹ جائے تو اس کا کیا حشر ہوگا - یہ ہے انکے انتظام کی حالت وہ اپنی زبان سے اپنی حکومت کو یہ سرٹیفیکیٹ دے رہے ہیں -

وزیر خزانہ - آپ غلط بات منسوب کر رہے ہیں - کیا آپ چاہتے ہیں کہ ہم جھوٹے مقدمے دائر کریں -

خواجہ محمد صفدر - اب جب بات چل نکلی ہے تو عرض کئے دیتا ہوں -

لاہور سے صرف دس گیارہ میل دور جی-ٹی روڈ کے قریب ہی وہ جی-ٹی روڈ جو کہ اس صوبے کی سب سے زیادہ با رونق سڑک ہے - اور جس پر شاید ایک منٹ میں سو vehicles یعنی ٹرک ، موٹر کاریں اور بسیں چلتی ہیں - اسی شاہراہ پر کالا شاہ کاکو کے مقام پر ڈاکوؤں نے یکے بعد دیگرے کئی روز گاڑیاں کھڑی کر کے انکو لوٹا - یہ اخبارات کی اطلاع ہے - کیا یہی آپکا نظم و نسق ہے - میں پوچھتا ہوں کہ آخر ہماری پولیس کہاں گئی تھی - کہ وہاں پر اتنے ڈاکے پڑے - پنجاب کی پولیس تو نظم و نسق کو برقرار رکھنے میں بڑی مشہور تھی - وہ کہاں چلی گئی - یہ عوام کا سوال ہے کہ آخر وہ پولیس گئی کہاں - لیکن شاید میرے بھولے دوستوں کو معلوم نہیں ہے کہ حال ہی میں پولیس کے فرائض میں یکسر تبدیلی کر دی گئی ہے - اب پولیس کے فرائض میں یہ نہیں رہا کہ وہ قتل ، ڈاکے اور راہزنی کی وارداتوں کو روکیں - یا ان کا سراغ لگائیں - بلکہ اب انکے فرائض صرف یہ رہ گئے ہیں کہ وہ سرکاری پارٹی کے لئے ووٹ مہیا کریں -

وزیر خزانہ - question - آپ کا منتخب ہو کر یہاں آنا آپکے اس بیان کی تردید کرتا ہے -

خواجه محمد صفدر - میرے محترم دوست فرماتے ہیں کہ میرا یہ بیان Questionable ہے - میں مانتا ہوں کہ وزیر خزانہ صاحب ٹھیک کہتے ہونگے - لیکن میری اطلاع کے مطابق جو بات میں کہہ رہا ہوں وہ بھی غلط نہیں ہے - میری رائے میں تو پولیس نے اسقدر کام کیا ہے کہ انکو با تنخواہ پانچ سال کے لئے چھٹی دیدی جائے - تا کہ ۱۹۷۰ء میں جب آئندہ وہ انتخاب کے سلسلے میں آئیں تو ذرا تازہ دم ہو کر آئیں - اور اپنے فرائض سے اچھی طرح سے عہدہ برا ہوں -

مسٹر حمزہ - پوائنٹ آف آرڈر - پولیس کی بابت یہ کہنا کہ انہیں با تنخواہ پانچ سال کے لئے چھٹی دیدی جائے - میرا خیال ہے کہ یہ ان کے ساتھ زیادتی ہوگی - کیونکہ اس طرح وہ رشوت نہ لے سکیں گے اور پھر انکا گذارہ کس طرح ہوگا -

Mr. Speaker : This is no point of order.

خواجه محمد صفدر - بہر حال یہ مسئلہ جناب وزیر خانہ .....

وزیر خزانہ - آپکو ''خانہ،، بڑا یاد آ رہا ہے -

خواجه محمد صفدر - آپ اندرون خانہ سے تعلق جو رکھتے ہیں- بہر حال I am sorry میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ مسئلہ جناب وزیر خزانہ کے غور و فکر کے لئے پیش کر رہا ہوں وہ اس امر پر سنجیدگی کے ساتھ اور ٹھنڈے دل سے غور فرمائیں کہ کیا میری یہ تجویز ایسی نہیں ہے کہ جو آئندہ چل کر حکومتی پارٹی کے لئے- سرکاری پارٹی کے

لئے مفید ثابت ہو سکے ۔ جناب والا ۔ مجھےاس امر کا پورا احساس ہے ۔ کہ ان تین دنوں میں اکثر و بیشتر دوست اس بحث میں حصہ لینگے ۔ لہذا میں معاشرتی پہلو کو چھوڑتے ہوئے اب معاشی پہلو کی طرف چلا جاتا ہوں تاکہ میں مختصر وقت میں اپنی تقریر بھی ختم کر سکوں ۔

جناب والا ۔ آپکو یاد ہوگا کہ جناب صدر مملکت نے یہ فرمایا تھا ۔ اور میں طوالت کے خوف سے وہ پورا پیرا نہیں پڑھتا ہوں ۔ جس میں کہ جناب صدر مملکت نے ۸ اکتوبر ۱۹۵۸ء کو ارشاد فرمایا تھا کہ بدنام سیاستدانوں نے ملک کو بربادی اور تباہی کے گڑھے کے کنارے لا کھڑا کیا ہے ۔ اور اگر اس وقت فوج اپنا فرض ادا نہ کرتے ۔ تو اس ملک کی ہلاکت میں کوئی شک و شبہ نہیں ۔ انہوں نے ارشاد فرمایا تھا کہ نہ صرف ملک اقتصادی طور پر دیوانہ ہو گیا ہے ۔ بلکہ مہنگائی اور رسد کی کمی کی وجہ سے لوگوں کو ضروریات زندگی میسر نہیں آتیں۔ آپ اس پہلو کو دیکھ لیجئے ۔ تو جہاں تک اس صوبے کی اقتصادی حالت اور مالی پوزیشن کا تعلق ہے ۔ میں اسے صرف ایک فقرے میں ختم کرتا ہوں ۔ اس صوبے کے ذمہ ۱۹۵۷ء میں ایک ارب اکتیس کروڑ روپے کا قرضہ تھا۔ اور اس کے ذمہ سود کی رقم چار کروڑ پینتیس لاکھ روپے تھی ۔ اور آج یہی قرضہ پانچ ارب اکتالیس کروڑ روپے ہوگیا ۔ اور آئندہ سال میں ہم تیس کروڑ چالیس لاکھ روپے بطور سود ادا کریں گے ۔ اگر قرضے اور سود کے یہ اعداد و شمار انکی معاشی کیفیت کی عکاسی کر سکتے ہیں ۔ تو آپ اس کا خود ہی اندازہ لگا لیجئے کہ ہم سود کی رقم کو کس حد تک بڑھا چکے ہیں ۔ ہمارے پچھلے سال کے جسقدر محاصل تھے ۔ وہ اس

سود کا ٹھیک پانچواں حصہ ہے ۔ یہ قرضہ جو گذشتہ پانچ سالوں میں ایک ارب سے ساڑھے پانچ ارب ہوگیا ہے۔ اگر یہ کہیں کہ یہ ہماری معاشی خوش حالی کی دلیل ہے ۔ تو اس پر جناب وزیر خزانہ ہی کچھ روشنی ڈالیں ۔ تو یہ بات سمجھ میں آسکے گی ۔ ورنہ میرے جیسا کم فہم آدمی تو اسے سمجھ ہی نہیں سکتا ۔ کہ یہ کسطرح ہماری معاشی خوشحالی کی دلیل ہو سکتا ہے ۔ وہ ہمیں یقیناً اس راستے پر لے جا رہے ہیں جس طرف کہ بربادی یقینی ہے ۔ اس طرف اقتصادی خوشحالی ہرگز نہیں ہے ۔ کہ ہم اپنے آپ کو قرضوں میں جکڑ لیں ۔ اقتصادی خوشحالی کا طریقہ یہ ہے ۔ کہ ہم اخراجات کو کم کریں ۔ اور اپنے ذرائع آمدنی کو بڑھائیں ۔ ہم تو اپنے اخراجات میں روز بروز اضافہ کر رہے ہیں ۔ اور اخراجات میں اضافے کا لازمی نتیجہ ہے کہ ہم قرضے برداشت کریں اور جہاں تک عام انسان کی کیفیت کا تعلق ہے ۔ اس کی معاشی حالت کیا ہے ۔ ہر روز اس ہوشربا اور کمر شکن گرانی کے متعلق ہمارے کئی اخبارات لکھتے رہتے ہیں ۔ وہ میں عرض کرونگا کہ کیوں سیاسی معاملات کے متعلق وہ کچھ نہیں لکھ سکتے ۔ لیکن چلئے وہ ہمارے اقتصادی حالت کے متعلق تو بہت کچھ لکھتے رہتے ہیں ۔ آپ اشیائے صرف کو دیکھ لیجئے ۔ گندم، چاول ، تیل ، گھی، موٹا کپڑا وغیرہ ان میں سے کسی شے کو دیکھ لیجئے ۔ میں جناب وزیر خزانہ کو چیلنج کرتا ہوں کہ انکی قیمتیں ۱۹۵۸ء کے بعد کم از کم ڈیڑھ گنا بڑھی ہیں ۔ اس سے کم نہیں بڑھیں ۔ اور کیا عوام کی قوت خرید میں بھی اضافہ ہے ۔ میرے دوست یہ کہہ دیں گے کہ پہلے ۳ آنے فی کس یومیہ آمدنی تھی اب ایک روپیہ پانچ سال میں ہوگئی ہے ۔ شاید ان دو آنے یومیہ کی بڑھوتی

سے جہاں دال روپیہ کی پانچ سیر ہوتی تھی آج روپیہ کی ایک سیر آتی ہے۔ ان غریبوں کی حالت کیا ہے جن کا گذارہ ہی دال پر ہوتا ہے۔ اگر انہیں دال بھی میسر نہ آئے تو زندگی کے دن کیسے بسر کر سکتے ہیں۔ جناب والا۔ آج کے نرخوں کی اخبار کی cutting میرے پاس موجود ہے آپ دیکھ لیں تمام دالوں کا تھوک بھاؤ ۳۶ سے ۴۰ روپیہ فی من ہے۔ میں گوشت کی تو بات نہیں کرتا وہ تو چار ساڑھے چار روپے سیر کے حساب سے فروخت ہو رہا ہے۔ گوشت غریب کو کہاں کھانا نصیب ہوتا ہے۔ میں تو آٹے کی بات کرتا ہوں۔ لاہور میں آٹا ۳۸ روپیہ من فروخت ہو رہا ہے۔

وزیر خزانہ ۔ یہ دو من کے تھیلے کی قیمت ہے جو آپ بتا رہے ہیں۔

خواجہ محمد صفدر ۔ ہاں یہ درست ہے۔ مجھے من کی بجائے بوری کہنا چاہئے۔ ۱۹ روپیہ بوری نہیں بلکہ ۱۹ روپیہ من ہے۔ بڑی جلدی سے لپک پڑے ہیں۔ لیکن یہ نہیں بتایا کہ دالوں کا بھاؤ ۳۹ روپیہ من ہے یا ۱۹ روپیہ من ہے۔ گھی بھی چھ ساڑھے چھ روپیہ سیر ہے۔

وزیر خزانہ ۔ میں نے کبھی نہیں کھایا۔

خواجہ محمد صفدر ۔ کیونکہ ہمارے وزیر خزانہ صاحب کو ڈاکٹروں نے مشورہ دیا ہے اس لئے وہ من فلاور گھی کھاتے ہیں۔

Minister of Finance : I do not take 'Sun flower'. I take *desi ghee* manufactured in Lyallpur.

خواجہ محمد صفدر - تو جناب والا کوئی چیز بھی اٹھا کر دیکھ لیجئے - کسی بات کو لے لیجئے - جناب والا - معاشی صورت حال ایک انسان اور ایک فرد کا حصہ ہے - اب جناب اس حصہ میں ہمیں کیا ملا یہ بھی تو دیکھنا ہے کہ اس صوبے کے رہنے والوں کو اس حصہ میں کیا میسر آیا - سیاسی طور پر ہماری حالت نہیں سدھری - معاشی طور پر ہماری حالت بد سے بد تر ہوگئی ہے - معاشرتی حالات ہمارے خراب ہیں تو ہمیں ملا کیا -

جناب والا - ۱۸۷۲ء میں سرحد کے غیور اور جیالے پٹھانوں کو اپنے قبضہ میں رکھنے کے لئے انگریز نے ایف-سی-آر لگایا اور ہماری حکومت نے سارے مغربی پاکستان میں اس سے بدتر کام کیا اور اس طوق کو ہماری گردن میں ڈال دیا - یعنی جرگہ کا قانون نافذ کر دیا - تحفظ امن عامہ کے تحت چار آدمیوں کا مل کر بیٹھ جانا ممنوع قرار دیا گیا جب تک کہ پولیس افسران کو درمیان میں نہ رکھ لیا جائے - جناب والا - یہ کیا کچھ کم تھا لیکن ہمارا اگر ایک طرف گلا دبایا گیا ہے تو دوسری طرف ہماری قلم توڑ دی گئی ہے یعنی پریس کو اپنے شکنجہ میں دبانے کے لئے پریس اینڈ پبلیکیشن آرڈیننس نافذ کیا گیا - اگر اسی پر بس ہو جاتا تو شاید کچھ سانس لینے کی گنجائش رہتی - پھر اسی پر بس نہیں کیا بلکہ پریس ٹرسٹ کو تشکیل دیا گیا اور اسکے بعد Advertisement Board بنایا جس کا مقصد یہ تھا کہ وہ جس اخبار کو چاہیں سرکاری اشتہار دیں جس کو چاہیں نہ دیں - اس کی وجہ سے نوائے وقت کو اس کے جائز حق سے محروم رکھا جا رہا ہے - جناب والا - پریس کی

آزادی کو اس طرح ختم کیا گیا ہے اور یونیورسٹی کے طالبعلموں کا گلا یونیورسٹی آرڈیننس کے ذریعہ سے دبوچ لیا گیا ہے ۔ وہ معاشرے کی کون کون سی سمت ہے ۔ وہ سوسائٹی کا کون کون سا پہلو ہے جس کو ہماری موجودہ مضبوط حکومت نے اپنے پنجہ استبداد میں جکڑ نہ لیا ہو۔ مگر اس کے عوض اگر ہمیں معاشی ، معاشرتی بہبود اور اچھائیاں میسر آ جائیں تو شاید لوگ اس کو برداشت کر لیتے لیکن لوگ اب یہ مجبوراً سوچ رہے ہیں کہ جب اس ملک میں اس شخصی حکومت کے دور میں ہمیں کسی قسم کی کوئی آسائش نہیں ہے تو وہ Proletariat revolution یا ڈکٹیٹرشپ کی طرف رجوع کریں ۔ یہ ایسا انقلاب آئے گا جس میں نہ یہ بچ سکیں گے نہ کوئی اور بچ سکے گا ۔

وزیر خزانہ ۔ آپ بھی نہیں بچ سکیں گے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ شاید میں تو بچ جاؤں کیونکہ میں Proletariat revolution کے سب سے نچلے درجے میں آؤں گا ۔ شیخ صاحب کی طرح میں بہت اونچے طبقہ سے تعلق نہیں رکھتا ہوں ۔ جناب والا ۔ ان اعمال کی اصلاح کرنی چاہئے اور یہ دعوت نہیں دینی چاہئے کہ اس ملک میں اس قسم کا انقلاب آئے ۔ اپنے راستہ کو صحیح طور پر متعین کرنا چاہئے ۔ عوام کی بہبود اور عوام کی فلاح مد نظر ہونی چاہئے ۔ ان کے سامنے تو یہ ہوتا ہے کہ ہماری کرسی کس طرح مضبوط اور قائم رہتی ہے اور ہم کس طرح اختیار کی کرسی پر متمکن رہ سکتے ہیں ۔ اگر حالت یہی رہی تو وہ دن دور نہیں جب ہمارا ملک ایک

انقلاب سے اور بد ترین انقلاب سے دو چار ہوگا اور یہ تمام تر ذمہ داری ان لوگوں پر ہوگی۔

پیر غلام علی چشتی (منٹگمری - ۶) جناب سپیکر - میں جناب کی وساطت سے وزیر تعلیم کی خدمت میں چند گذارشات گوش گذار کرنا چاہتا ہوں - عرض یہ ہے کہ انگریزوں کے تسلط سے پہلے ہندوستان اور دیگر اسلامی ممالک میں ایک ہی نصاب تعلیم رائج تھا جو درس نظامی کے نام سے مشہور ہے -

یہ اس درس کے فارغ التحصیل طلباء تھے جنہوں نے بارہ سو سال تک دنیا کو اخلاق عالیہ ، تہذیب ، فلسفہ ، تاریخ اور دیگر علوم کا درس دیا - انہی مکاتب سے غزالی ، بخاری ، مسلم ابن خلدون ، شاہ ولی اللہ ، بو علی سینا ، امام ابو حنیفہ ، امام شافعی جیسے فقیہہ اور دیگر اصناف علوم مثلاً منطق ، میراث ، موسیقی ، مصوری ، تغیراراضیات و فلکیات کے بڑے بڑے ماہرین پیدا ہوئے - اب اس وقت ملک میں کئی یونیورسٹیاں سینکڑوں کالج ہزارہا مدارس جاری ہیں - جن میں سینکڑوں پروفیسر ہزارہا ٹیچر کام کر رہے ہیں - لیکن ان درسگاہوں سے جو مخلوق نکل رہی ہے وہ اٹھانوے فی صد شب پرست تصورات عالیہ سے نا آشنا منزل حیات سے بے خبر ، بے عمل ، شکم پرست اور عیش کوش ہیں - یہ کیوں ؟

بات یہ ہے کہ اس برصغیر پر فرنگ سے تقریباً دو سو سال حکومت کی یہاں اس نے ایسا نظام تعلیم قائم کیا تھا جسکا پہلا مقصد اہل کار اور ایجنٹ پیدا کرنا - اہل ملک کو غیرت و حمیت سے بیگانہ بنانا اور ان سے انکا مذہب چھیننا تھا -

عیسائی دنیا بارہ سو سال ہم سے ٹکرا کر پاش پاش ہوتی رہی ۔ بالاخر فرنگ ہماری چھاتی پر چڑ بیٹھا ۔ پہلے اس نے ہماری پسلیاں توڑیں پھر فاقے دئیے اور بعد ازاں ایک ایسا نصاب تعلیم مرتب کیا جس سے حریت ، حمیت ملی، غیرت ، خدا رسول سے محبت اور رفعت وعظمت کے تمام تصورات مٹ گئے اور ہم نرے صاحب بن کر رہ گئے ۔ اس نصاب نے ہمیں یہ تاثر دیا ۔

۱۔ کہ مذہب ایک داستان پارینہ ہے جو عصر رواں کا ساتھ نہیں دے سکتا ۔

۲۔ کہ زندگی کا انجام موت ہے اور مقصد کھانا ، پینا ، ناچنا اور عیش اڑانا ہے ۔

۳۔ کہ انگریزی سرچشمہ تہذیب ہے ۔

۴۔ کہ لاطینی رسم الخط نہایت ترقی یافتہ خط ہے اسے رواج دیکر قرآنی حروف سے جان چھڑانا ترقی کے لئے نہایت ضروری ہے ۔

۵۔ کہ انسانیت کے بڑے بڑے محسن یورپ میں پیدا ہوئے تھے مثلاً کلائیو ، کیپٹن ڈریک ، نکلسن وغیرہ اور یہ دنیا اسلام کے بڑے بڑے لوگ مثلاً غزالی ، رازی ، رومی وغیرہ تاریکی میں بھٹکنے والے اندھے تھے ۔

ان تاثرات کو راسخ کرنے کے لئے یورپ نے ہندوستان میں انگریزی کتابوں کے انبار لگا دئیے مصور رسالے لاکھوں کی تعداد

میں مفت تقسیم کئے ، فحش و عریاں فلم دکھائے ۔ ہمارے ہزارہا نوجوانوں کو یورپ میں لیجا کر زن و بادہ کا پرستار بنایا ۔ مجھے نہایت افسوس سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ پاکستان بننے کے بعد بھی ہم انگریزوں کے مشن کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کیلئے پوری جد و جہد کر رہے ہیں ۔ انگریزوں نے ہمارا اخلاق دو سو سال میں بگاڑا تھا لیکن ہم نے اپنی مدد آپ کے تحت اس سے کئی گنا زیادہ اپنا اخلاق بگاڑا ہے ۔

خدارا مسلمانوں کی اصلاح آپ لوگوں کے ذمہ ہے ۔ نصاب تعلیم پر نظر ثانی فرما کر اسلامی تعلیم کی طرف توجہ دیں ۔ اسلام ایک ایسی جماعت پیدا کرنا چاہتا ہے جسکا علم جہانگیر ہو اور عشق خداگیر ۔ جو صاحب کلاہ بھی ہو اور صاحب نگاہ بھی ۔ جسکا سر خاک پر ہو اور خیال افلاک پر ۔

فلسفہ امام غزالی میں درج ہے کہ نظام الملک طوسی کے زمانہ میں ایک کروڑ پچاس لاکھ روپیہ تعلیم پر خرچ کیا جاتا تھا ۔ جس میں ہر طالب علم کو مفت تعلیم دی جاتی تھی ۔ اب سولہ کروڑ یا اس سے بھی زائد رقم تعلیم پر خرچ کی جاتی ہے ۔ لیکن بچوں کی فیس بنیئوں کی طرح سود در سود انکے والدین سے اس قدر وصول کی جاتی ہے جس سے غربا طبقہ تو درکنار امراء بھی اس رقم کی ادائیگی کا بوجھ نہیں اٹھا سکتے ۔ ہماری تعلیم اتنی مہنگی ہے کہ اگر بچوں کو تعلیم دلوائے تو لڑکیوں کی شادی نہیں کر سکتا ۔ لڑکیوں کی

شادی کر دے تو لڑکوں کو رشتہ نہیں ملتا ۔ کیونکہ اچھے بگڑے ہوئے گھر سے بغیر انگریزی پڑھے رشتہ ملنا ناممکن ہے ۔

تعلیم پر فیس وغیرہ زیادہ رقم اس لئے لی جاتی ہے کہ غریب نہ بچوں کو تعلیم دلوا سکیں اور نہ غریب کوئی کارخانہ لگوا سکیں ۔ وہ بیچارے جیسے آئے ہیں اسی طرح بیرنگ قبر میں تشریف لے جاویں ۔

میری تجویز یہ ہے کہ جس طرح باہر کے ملکوں میں طالب علموں کو فیکٹری وغیرہ میں ملازمت دی جاتی ہے اور وہ اپنا خرچ تعلیم خود پیدا کرتے ہیں اسی طرح کا عمل یہاں بھی ہونا چاہیے ۔ ہر یونیورسٹی میں ایک مل ہو جس میں مزدور صرف طالب علم ہوں ۔ منافع کم لیا جاوے اور تنخواہ اتنی زیادہ دی جاوے جس سے طالب علم اپنے خرچ کا خود کفیل ہو سکے ۔

ہر سال نصاب تعلیم میں تغیروتبدل ہوتا رہتا ہے اور کوئی نہ کوئی نئی کتاب نصاب میں شامل کی جاتی ہے ۔ جس سے لاکھوں روپے کتاب لکھنے والا کتاب چھاپنے والا کما لیتا ہے ۔ اور اس میں سے کچھ حصہ اس کتاب کو نصاب میں شامل کرنے والوں کو بھی ضرور ملتا ہوگا ۔ کیونکہ اتنا بڑا ناجائز کام بغیر بھاری رشوت کے نہیں ہو سکتا ۔ ایسا کرنے سے منع فرمایا جاوے ۔

وزیر تعلیم اور حکام متعلقہ نے اگر چار پانچ ماہ کے اندر میری ان تجاویز پر غور نہ فرمایا تو میں جناب صدر مملکت اور جناب گورنر صاحب کی خدمت میں معروضات مجوزہ زبانی پیش کروں گا اور

انشاالله تعالیٰ آپ کی کوتاهی کی سزا دلوانے میں پوری پوری کوشش کرونگا اور اس پورے هاؤس کی تائید میرے ساتھ هوگی ۔

جناب والا۔ همارے ملک میں تین چیزیں ضروری هیں (۱) تعلیم (۲) انصاف (۳) صحت ۔ تعلیم کے بارے مفصل عرض کر چکا هوں ۔ انصاف کے متعلق یه عرض هے که اگر کوئی بےگناه شخص قتل کا ملزم گردانا جا کر چالان هو جاوے ۔ اور اسکو سیشن جج سزائے موت دے دے تو وه اپنی جان بچانے کے لئے اپیل در اپیل کرتا هے اعلیٰ عدالت اس کو بے گناه سمجھ کر بری کر دیتی هے مگر اس کو مالی جرمانه اتنا هو چکا هوتا هے جس کے بار سے وه تمام عمر فارغ البال نهیں هو سکتا ۔ مثلاً وکلاء صاحبان کی فیس ، انکے منشیوں کے منشیانے ، عرائض نویسوں کے نذرانے ، کورٹ فیسوں کی بھرمار ، بسوں اور گاڑیوں کا حد سے بڑھا هوا کرایه ۔ جناب والا ۔ اس سے آپ اندازه لگائیں که اس کے گھر میں کیا کچھ بچا هوگا ۔

میں جناب گورنر صاحب ملک امیر محمد خان صاحب کا اپنے اور اپنے دیہاتی بھائیوں کی طرف سے شکریه ادا کرتا هوں که انهوں نے جرگه سسٹم کی تجویز کو عملی جامه پهنانے میں کوشش فرمائی ۔ جس سے همارے دیہاتی بھائیوں کو هزارها روپےکی بچت هو گئی ۔ میں یقین سے کهتا هوں که اٹھانوے فیصد اس میں انصاف هوتا هے ۔

لهذا میں درخواست کرتا هوں که اسی طرح دوسرے مقدمات میں بھی منصفانه کارروائی اور مظلوم کی داد رسی اور فوری فیصلے کی تجویز هونی چاهئے ۔

جناب والا ۔ مون صاحب جو کہ ایک آئی ۔ سی ۔ ایس آفیسر تھے انہوں نے ایک کتاب ''اجنبی حکمران،، لکھی تھی جس میں انہوں نے لکھا تھا کہ انگریز نے ہمیں اس ملک میں جو قانون دیا ہے وہ ہمارے لئے غیر مفید اور مہنگا ہے ۔ انہوں نے آج سے کئی سال پہلے اس کتاب میں لکھا کہ یہاں جرگہ سسٹم ہونا چاہئے ۔ انہوں نے اس کا نام کچھ اور ہی رکھا ہے ۔ بہر صورت مطلب یہی تھا جو ہم نے پچھلے سال قانون پاس کر کے حل کر دیا تھا ۔

جناب والا ۔ زمینداروں کے سرکاری مطالبے میں پہلے بھی ۲۵ فیصد کا اضافہ کیا گیا تھا ۔ اور کچھ اضافہ اس سال بھی کر دیا گیا ہے ۔ ہم ایک عظیم شخصیت کے احسان تلے دبے ہوئے ہیں ۔ اس لئے اس سلسلے میں کچھ کہہ نہیں سکتے ۔ اور اگر ہم کچھ زیادہ کہیں تو اسے خود غرضی پر محمول کیا جائیگا ۔ بہر صورت ایک شعر عرض کرتا ہوں ۔

ضبط غم عشق میں روئے نہیں دیتا احمد
آنسو بھی مرے قید ہیں آزاد نہیں ہیں

جناب والا ۔ شہر میں Air conditioner چلانے کے لئے Dry Cleaning مشین چلانے کیلئے ، مردمی فوت کے بجلی ، آٹے چلانے ، بڑے بڑے شہریوں کے چولہے اور سینما چلانے کیلئے تو بجلی مہیا ہو سکتی ہے لیکن بیچارے دیہاتیوں کی زرعی ضروریات کے لئے بجلی مہیا نہیں کی جاتی ۔ (قہقہہ)

جناب والا ۔ جہاں تک رشوت کا تعلق ہے ۔ یہ پہلے سے زیادہ ہے انسداد رشوت ستانی کیلئے کئی محکمے بنائے گئے لیکن رشوت خوروں

نے اپنی رشوت ستانی کے ریٹ اسلئے بڑھا دئے ھیں کہ پہلے تو وہ صرف اپنے لئے رشوت لیتے تھے لیکن اب محکمہ انسداد رشوت ستانی کا حصہ بھی لینا پڑتا ھے ۔ (قہقہہ) میرے پاس تو رشوت کے انسداد کیلئے صرف دو تجاویز ھیں ۔ اول اسلامی تعلیم کے ذریعے مسلمانوں کے دلوں میں اس امر کا خوف ذھن نشین کرانا کہ رشوت خدا اور اسکے رسول کے نزدیک ایک ناپسندیدہ فعل ھے ۔ اور دوسرے غیر خاندانی افسروں کو بذریعہ Screening ملازمت سے علیحدہ کرنا ۔ جیسا کہ پہلے بددیانت افسران کو نکالا گیا ۔ مثال کے طور پر یہاں ایک خاندانی آدمی ھیں جو زمیندار طبقہ سے تعلق رکھتے ھیں ۔ ان کو ایک اعلیٰ عہدے پر بٹھایا گیا ھے اس معزز ایوان کے ممبران کے دلوں میں یہ اشتیاق ھوگا کہ آپ اس عظیم شخصیت کا نام بھی سنیں ۔ تو سنئے

مسٹر سپیکر ۔ چشتی صاحب بہتر یہی ھے کہ آپ ان کا نام نہ لیں ۔

پیر غلام علی چشتی ۔ جناب والا ۔ میں تو ان کی تعریف کر رھا ھوں۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ مہربانی کرکے یہاں کسی کو نامزد نہ کریں ۔

پیر غلام علی چشتی ۔ جناب وہ گورنر مغربی پاکستان ملک امیر محمد خان صاحب ھیں ۔ جو اعلیٰ خاندانی تربیت یافتہ ھیں اگر آپ ان کے سامنے ۵۰ کروڑ روپیہ بھی رکھ دیں ۔ تو انصاف کے خلاف ان سے کچھ نہیں کرا سکتے ۔ اگر آپ اس قسم کے خاندانی آدمی چن کو ملازمت میں رکھینگے ۔ تو ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ On a point of order, Sir جناب والا ۔ خاندان اور غیر خاندان کی تخصیص ہمارے دستور کے خلاف ہے اس لئے معزز رکن کو اس بات کی طرف اس معزز ایوان کی توجہ نہ دلانی چاہئے کہ ملازمتوں میں لوگوں کو خاندان کی بناء پر ترجیح دی جئے

خان عبدالستار خان مہمند ۔ جناب والا ۔ معزز ممبر کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ جو کچھ اپنی تقریر میں کہنا چاہیں ۔ پوری بیباکی اور آزادی سے کہیں اگر آپ کے خیال میں وہ غلط ہو تو آپ اس کی مخالفت کریں ۔ لیکن فی الحال انہیں کہنے دیجئے ۔ اور اپنی رائے کا اظہار کرنے دیجئے کیونکہ ان کو بھی اتنا ہی حق حاصل ہے ۔ جتنا کہ آپ کو ہے ۔

پیر غلام علی چشتی ۔ جناب والا ۔ رعایا کا ہمیشہ یہ مطالبہ رہتا ہے کہ ہمارے اعلیٰ لیڈروں کے اوصاف حضرت ابوبکرصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسے ہوں ۔ لیکن میں اپیل کرونگا کہ رعایا کو بھی ان کی رعایا جیسا اخلاق پیدا کرنا چاہئے

جناب والا ۔ آخر میں میں جناب صدر مملکت اور جناب گورنر صاحب مغربی پاکستان کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے یونین کونسلوں کا قیام فرما کر دیہاتیوں کے ساتھ انصاف عظیم فرمایا ہے ۔ اور اب اس کے بعد ہم ان کی مزید نوازشات کے متمنی ہیں ۔

Mr. Yusaf Ali Khan Magsi (Kalat-I) : Mr. Speaker, Sir, while going through this budget, on the whole, I feel proud that I am a member of the party whose government has produced such a fine budget. Sir, the development programmes which have been carried on during the last year and the programmes which are going to be carried out during the coming year, are worthy of an independent nation and a nation which is on the move towards development.

There is some objection from the Opposition side that the debt on the West Pakistan and the interest on it is increasing. I fail to understand that on one point the Opposition says that Government should develop the areas. Now, in order to develop the areas money is needed and there are two ways of procuring it. Firstly, to tax the people and, secondly, to get loans from outside. When you tax the people, the Opposition says 'don't tax the people' and when you take loans from outside, again they say 'don't take loans'. After all money is not going to come from the sky. I think this objection from the Opposition side is just an opposition for opposition's sake and they know it very well.

When I go through this Budget and see what has been allocated for Quetta and Kalat Division, it reminds me of river Indus. Sir, river Indus when it passes through Punjab it irrigates the lands right through Sind but when it goes to the sea it is just a trickle. Same is the case with this budget. It starts from Punjab, it has gone through Sind and when it reaches Quetta and Kalat Divisions it is just a trickle and nothing else. Of course, I would say that this year we have got much more than what we got last year specially in the field of agriculture and for that I thank the Finance Minister. In agriculture, last year, we got 37 lacs and this year we have 74 lacs. We have got Rs. 65 lakhs this year as compared to Rs. 25 lakhs last year in some other matters also. But when I come to Education, I submit that in Education what we have got is not aid but it is an insult. It is a sheer insult that we have got one lac for Education. If the gentlemen who have made this budget say that everybody has become a professor in Kalat in Quetta Division they are wrong. But, Sir, on second thought I think this one lakh was necessary for Education—whether the people are educated there or not—and even if the people are educated still our graduates there are just roaming about. Either they are roaming around the footpaths or they are politicians in coffee houses, they do not get any job at all. There is always import of people from outside. So it does not make any

difference at all whether they are educated or not. But I still say and I will request them and it would be very kind of them if they take back this one lakh from us. We do not want it.

Secondly, Sir, there is a matter of service in Kalat. Now I will confine myself to Kalat area to which I belong. The gazetted officers working in Kalat division get an unattractive area allowance. But this facility is not given to non-gazetted officers and secondly the locals do not get this allowance either. I think from the geographical point of view of the area this thing is sheer injustice. I would explain how. If a gentleman comes to service in Kalat division from Quetta he will come to Mastung travelling just about 32 miles of distance and he gets an unattractive area allowance. But a person who comes from Makran and who travels through the desert about 200 miles and comes to Mastung to serve he does not get it. I request the Finance Minister and the Government to do something about it.

Then there is a matter of revenue. There is a big trouble going on, I would say there is a misunderstanding in this respect and I am sure that will be cleared. The trouble is that the people in that area have been ordered to pay revenue prevailing in the adjoining area. Now in the adjoining area previously there was what they called revenue. It was not revenue but it was Government's share. Sometimes it was 1/3rd, sometimes it was 1/4th. Now if any ordinary zamindar who is charged revenue at the rate of 1/3rd, and he gets 1/3rd from his own tenant and if the Government charges 1/3rd from him, then what does he get. Nothing and specially in the area where it does not rain for 2 or 3 years. A person who gets rains after 2 or 3 years and then feels that his crops are ready and now he is going to reap them and then all of a sudden they take 1/3rd from his share, what does he get. So I draw the attention of the Government and Revenue Minister to that aspect. I would explain this matter more clearly to him.

Now, Sir, enough money has been sanctioned for roads this year. In the whole area specially in Patt section and the Kutch area there are no roads. There is not a single metalled road in the area comprising approximately 20 to 30 thousand square miles. I think this condition is disgusting. It is disgusting in the twentieth century not to have any roads. Now they have sanctioned, I presume, about 65 lakhs this year. The reason why there are no roads inspite of the Government giving money there is that money is not correctly utilised. It is a rule

that justice is not only done but is also seen that it is done and it is where these gentlemen should do justice and see that justice is also done and if they do not do that then who suffers. We suffer. Why should we be the scape-goat if officials there do not work.

There are some other problems also. There is one problem regarding the manure and fertilizers for the fields. Today I have received a letter from Mastung that people are not given any fertilizer whatsoever. So I say that when everywhere fertilizers are being black-marketed why are they not given to people there. I know that we are at the far end, we are poor people and I know that it is very difficult for us to come within sight of the Government and I draw their attention that they should do something better for us. But I remind them that if, God forbid, a time comes on this country we will also give our blood for it and I request them to leave some blood in our body so that we might sacrifice it in time for our country.

سردار محمد اسحاق خان (کوئٹہ - شگئی) - جناب سپیکر - میں جناب کی وساطت سے حزب اختلاف کی توجہ ان حقائق کی طرف دلانا چاہتا ہوں - جن کے بارے میں ابھی بعض معزز ممبران نے مارشل لاء کے بعد کے واقعات کے سلسلہ میں ارشاد فرمایا ہے -

درحقیقت ہم اپنے صدر مملکت کے ممنون اور مشکور ہیں جنہوں نے ان حالات سے جو اس زمانے میں بدنام سیاست دانوں نے ملک میں پیدا کر دیے تھے - مارشل لاء نافذ کر کے ہمیں ان مصیبتوں سے نجات دلائی - حقیقت یہ ہے کہ اس زمانے میں رشوت خوری اقربا پروری اور بدچلنی - سمگلنگ اور اشیاء میں ملاوٹ کی یہ حالت تھی - کہ کوئی شخص نہیں سمجھتا تھا اور یہ یقین نہیں کر سکتا تھا کہ وہ کتنے دن زندہ رہے گا -

اس وقت میں بلوچستان کے ایک واقعہ کا ذکر کرتا ہوں -

ایک لیڈر صاحب جن کا میں نام نہیں لینا چاہتا افغانستان کی دعوت پر افغانستان گئے - اور پھر چمن کے راستہ کوئٹہ پہنچے - انہوں نے وہاں کوئٹہ میں یہ تقریر کی کہ سنو پنجابیو - یہ جگہ تمہارے باپ کی نہیں تمہیں یہاں سے نکلنا پڑے گا - تم نے لوگوں کے حقوق غصب کئے ہیں - تمہیں زبردستی یہاں سے نکالا جائے گا - اس تقریر کا اثر یہ ہوا کہ وہ لوگ یہ سمجھتے تھے کہ چند ہی دنوں بعد کوئٹہ شہر میں وہ آج ہیں تو کل نہیں ہوں گے - اس وقت قوم جس حالت سے گذر رہی تھی اور عوام کا امن جس طرح برباد ہو رہا تھا اگر یہی صورت رہتی تو واللہعالم پھر کیسے حالات رونما ہوتے - اس وقت دن دھاڑے لوٹ مار ہو رہی تھی - لوگوں کی جیبوں سے پیسے نکال لئے جاتے تھے - گھڑیاں اتار لی جاتی تھیں - انہیں زدوکوب کیا جاتا تھا - لیکن اللہ کا فضل ہوا اور اس کا کرم ہوا کہ اس کے چند ہی دنوں بعد اس ملک میں مارشل لاء نافذ ہو گیا - مارشل لاء کے نفاذ کے وقت ساری قوم کو معلوم ہے کہ کیا کیا بدعنوانیاں ہو رہی تھیں - خوراک میں ملاوٹ عام تھی - جس نے قوم کی صحت کو برباد کردیا تھا - پھر مارشل لاء کے نفاذ کے بعد تمام لوگ جانتے ہیں کہ کس طرح سمگلنگ کو روکا گیا - اور کئی سو من سونا پکڑا گیا - رشوت خوری اور اقربا نوازی کا یہ عالم تھا کہ صدر مملکت سے لے کر ایک ادنیٰ کلرک تک اور ایک ادنیٰ سپاہی تک ان کے اعمال کیا تھے اور وہ جو کچھ کر رہے تھے وہ سب پرعیاں ہے - حزب اختلاف کو صرف برائے مخالفت مخالفت نہیں کرنی چاہئے بلکہ وہ خاص قسم کی

ہونی چاہئے - جس سے ملک کے لوگوں کا کردار بنے - اور ملک آباد ہو -

ہمارے ایک معزز ممبر نے عبدالباقی بلوچ کے قتل کے - - -

مسٹر حمزہ - وہ زندہ ہیں -

سردار محمد اسحاق خان - ان پر حملے کے متعلق اور انکو زخمی کرنے کے متعلق جو الزام لگایا گیا ہے کہ اس کا سراغ نہ مل سکا - کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ اس زمانے میں خان لیاقت علی خان کا جو قتل ہوا تھا تو کیا اس کا سراغ مل گیا تھا - کیا انہوں نے اس کا پتہ چلایا تھا اور ملزموں کو سزایاب کرایا تھا - میں جناب اپنے ان دوستوں سے جو مخالف بنچوں پر بیٹھے ہوئے ہیں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ بیشک تعمیری تنقید کر سکتے ہیں مگر آپ کی طرف سے اس قسم کے حملے اور Attack نہ ہونے چاہئیں - آپ نے پریزیڈنٹ کے الیکشن نیشنل اسمبلی کے الیکشن اور پراونشل اسمبلی کے الیکشن کے زمانے میں لوگوں کو اس قسم کی باتیں بہت سنائیں اور بہت کوشش کی کہ آپ کے ساتھ چلیں مگر خدا کا شکر ہے کہ قوم بیدار ہو چکی ہے قوم کو معلوم ہے کہ اس کو گمراہ نہیں کیا جا سکتا - قوم کو وہ سب چیزیں معلوم ہیں جو آپ نے بنیادی جمہوریت کے الیکشن کے دوران کہی تھیں - کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ اگر یہ الیکشن کا طریقہ آپ کو پسند نہیں ہے تو آپ نے اس الیکشن میں کیوں حصہ لیا اور کیوں آپ مغربی پاکستان کی اسمبلی میں ایک ممبر کی حیثیت سے آج بیٹھے ہوئے ہیں اور یہاں کیوں تشریف رکھتے ہیں -

جناب والا ۔ اب میں بجٹ کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ میں اپنے وزیر خزانہ کو اس بجٹ کے متعلق جو انہوں نے پیش فرمایا ہے مبارکباد پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ در حقیقت وہ مبارکباد کے مستحق ہیں ۔ ان کے عملہ کے کارکن بھی اس بجٹ کے لئے مبارکباد کے مستحق ہیں ۔ جہاں تک اس بجٹ میں ٹیکس کا ذکر ہے یا جو ٹیکس لگایا گیا ہے اس ٹیکس کے متعلق میری یہ گذارش ہے کہ یہ ٹیکس صرف ان لوگوں پر لگا ہے جو صاحب ثروت ہیں جو دولتمند ہیں اور جو اس ٹیکس کا بار اٹھا سکتے ہیں ۔ یہ خوشی کی بات ہے کہ اس ٹیکس کا بار غریبوں پر نہیں ڈالا گیا ہے ۔ بلکہ یہ ٹیکس موٹر کاروں، ٹرکوں اور بسوں پر لگایا گیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس طرح ٹیکس لگانے سے انصاف کیا گیا ہے ۔ جہاں تک زمینوں پر ٹیکس لگانے کا تعلق ہے چونکہ میں خود زمیندار نہیں ہوں اس لئے میں نہیں کہہ سکتا کہ یہ کہاں تک درست ہے اس لئے میں نے اس کو Study نہیں کیا ہے ۔ اور اس کے متعلق میں کچھ نہیں عرض کر سکتا ۔ جناب والا ۔ ٹیکس جو لگائے جاتے ہیں ان سے سرمایا حاصل کیا جاتا ہے تاکہ وہ سرمایہ ملک کی تعمیر و ترقی میں صرف کیا جائے ۔ یہ خوشی کی بات ہے کہ ہماری حکومت کی یہ پالیسی ہے کہ باہر کی امداد پر کام نہ چلایا جائے اور ملک کے تمام وسائل کو زیادہ سے زیادہ کام میں لایا جائے ۔ اور آئندہ پانچ سالہ منصوبہ جو اس مالی سال سے شروع ہو رہا ہے اس میں ۱۳۵۰ کروڑ روپے کی رقم رکھی گئی ہے اور وہ یقیناً اس بات کا ثبوت

ہے نہ ہماری حکومت ملک کی تعمیر و ترقی کی طرف کوشاں ہے اور انشاءاللہ یہ ضرور اپنے مقصد میں کامیاب ہو گی۔ میں حکومت کی توجہ اس چیز کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ ہم بلوچستان کے رہنے والے جو ایک پسماندہ علاقہ کہا جاتا ہے اس بات کے مشکور ہیں اور ہم اس بات کے حقدار ہیں کہ ہم اپنے دوسرے صوبوں کے بھائیوں کے برابر ترقی کر سکیں اور ان کے شانا بہ شانہ زندگی گزار سکیں ون یونٹ سے پہلے اس علاقے کی حالت بہت اچھی نہ تھی تکالیف زیادہ تھیں ہم روز بروز غریب ہوتے چلے جا رہے تھے۔ ون یونٹ بننے کے بعد اس علاقے میں کچھ نہ کچھ ترقی کے آثار نمودار ہوئے۔ ہم اس کے لئے جناب صدر مملکت اور جناب گورنر صاحب مغربی پاکستان کے مشکور ہیں کہ وہ خاص طور پر اس معاملے میں ذاتی دلچسپی لے رہے ہیں۔ تاکہ پسماندہ علاقے کچھ نہ کچھ ترقی کر سکیں۔ جناب والا اس سلسلے میں کچھ ایسے مسائل ہیں جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں۔ سب سے پہلے کوئٹہ شہر کا ایک اہم مسئلہ ہے جو میں حکومت کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں۔ دو سال سے یہ کوشش جاری ہے کہ کوئٹہ شہر کے لئے پانی کی بہم رسانی کے متعلق کچھ تجویز کیجائے تاکہ وہ ایک مستقل تجویز ہو اور کوئٹہ کے شہری اس تکلیف سے نجات پائیں۔ جناب والا۔کوئٹہ شہر میں جہاں تک پانی کا مسئلہ ہے اس کا انحصارصرف بارش پر ہے۔ ہم اپنی افواج کے مشکور ہیں کہ انہوں نے وہاں پر تین ڈیم بنائے ہیں لیکن ان Dams کا انحصار بھی بارش پر ہے اور وہ تینوں Dams یہ ہیں۔

۱- کچھ ڈیم

۲- ولی تنگی

۳- سرا خولہ

یہ تینوں Dams آرمی نے بنائے ھیں ۔ اگر بارش نہ ھو تو ان Dams کا ھمیں کوئی فائدہ نہیں حاصل ھو سکتا ۔ ھماری یہ تجویز تھی اور ھم دو سال پہلے سے اس کوشش میں لگے ھوئے تھے کہ کوئٹہ میں پینے کے پانی کی ایک جامع سکیم تیار کی جائے تاکہ وہ مستقل ھو اور وھاں کے لوگ اس تکلیف سے نجات پائیں مگر وھاں دو سال متواتر بارش نہیں ھوئی اور اب وھاں کے لوگ ایک ایک قطرہ آب کے لئے محتاج ھیں ۔ کوئٹہ شہر کی پانی کی سکیم کے متعلق ھم نے وھاں کی لوکل اتھاریٹیز کی خدمت میں بھی گذارشات کی تھیں اور خود لوکل اتھاریٹیز بھی مغربی پاکستان کی حکومت کے متعلقہ وزیر صاحبان کے نوٹس میں یہ چیز لا چکے ھیں اور جناب ایس ۔ آئی ۔ حق ایڈیشنل چیف سیکریٹری پلاننگ بھی ایک مرتبہ کوئٹہ تشریف لے گئے تھے ان کے ساتھ بھی مزید تبادلہ خیالات ھوا تھا ۔ تجویز یہ کی گئی تھی کہ کوئٹہ شہر کو یا تو گدو بیراج سے پانی مہیا کیا جائے یا کوئٹہ بینک جو کوئٹہ شہر سے ۱۰۰ میل پر واقع ھے وھاں سے کوئٹہ کو پانی بذریعہ پمپ سپلائی کیا جا سکے ۔ کوئٹہ شہر کو کم سے کم ۱۰ کیوسک پانی کی ضرورت ھے ۔ اور وہ مستقل پانی ھونا چاھئے اس کا انحصار بارش پر نہیں ھونا چاھئے ۔ یہ بڑا ھی اھم مسئلہ ھے ۔ میں جناب وزیر خزانہ کی توجہ اس طرف خاص طور سے دلانا چاھتا ھوں ۔ برائے مہربانی اگر آئندہ تیسرے

منصوبے میں اس کے متعلق کوئی سکیم نہ ہو تو اس سکیم کو ضرور شامل کیا جائے ۔ کوئٹہ ایک اہم چھاؤنی ہے ۔ یہ پانچ ہزار فٹ کی بلندی پر واقع ہے ۔ افغانستان اور ایران کی سرحدیں کوئٹہ ڈویژن کے ساتھ لگتی ہیں ۔ جناب والا ۔ وہاں کے لوگ غریب ہیں ان کے پاس زمینیں نہیں ہیں اگر ہیں تو کم ہیں ۔ وہاں کوئی نہر نہیں ہے ۔ کوئی دریا نہیں ہے جن سے پانی وہ لے سکیں ۔ ان کا زیادہ سے زیادہ دارومدار کاریزوں اور ٹیوب ویلوں پر ہے ۔ جب حکومت کی طرف سے کوئی مدد یا تعاون نہیں تو وہاں کے لوگ اپنی گزر اوقات کے لئے کیسے گزارہ کر سکتے ہیں ۔ نہ وہ کاریزیں کھود سکتے ہیں اور نہ وہ ٹیوب ویل لگا سکتے ہیں تو میں حکومت سے گذارش کروں گا کہ اس کی طرف وہ خاص توجہ دیں تا کہ وہاں غریب زمیندار فاقوں سے تو نہ مریں ۔ جناب والا۔ تقاوی قرضہ جات جو زمینداروں کو ملتے ہیں میرا خیال ہے کہ وہ بھی بہت کم ہیں اور جب تک ان تقاوی قرضہ جات کی رقوم کو نہ بڑھایا جائے اس وقت تک شاید وہ لوگ اپنی ضروریات کو پورا نہیں کر سکیں گے اور ساتھ ہی ساتھ وہاں پر ایسے زمیندار ہیں جن کی زمینیں ایسی ہیں کہ جب تک ان پر ٹریکٹر نہ چلایا جائے اور ٹریکٹر سے زمین کو level نہ کیا جائے تب تک وہ زمین قابل کاشت نہیں بنتی ۔ تو میری گذارش ہے کہ وہاں ٹریکٹروں کا خاص طور پر انتظام کیا جائے ۔ ورکشاپیں مختلف جگہوں پر کھولی جائیں اور وہاں کے زمینداروں کو ٹریکٹرز مہیا ہوں تا کہ وہ اپنی اونچی نیچی زمینوں کو level کر کے ان کو کاشت کے قابل بنائیں اور ان پر اپنی بسر اوقات کر سکیں ۔ ساتھ ہی ساتھ میں اس ضمن میں حکومت کی توجہ اس طرف بھی مبذول کرانی

چاهتا هوں که چونکه همارا پسمانده علاقه هے اور چونکه همارے ذرائع بھی محدود هیں اور لوگ وهاں پر غریب هیں اس لئے میری گذارش هے که برائے کرم Pat Feeder کے علاقے میں جو گدو بیراج سے ایک نهر نکال کر پٹ کے علاقے کو سیراب کر رها هے ۔ کوئٹه ڈویژن کے لوگوں کو زیاده سے زیاده زمین دی جائے تاکه وه آباد هو سکیں اور وه اپنی غربت سے نجات پا سکیں ۔ اس کے علاوه جناب والا ۔ تعلیم کے متعلق جیسا که میں نے پهلے عرض کر دیا هے که هم پسمانده لوگ هیں وهاں کی حالت بھی پسمانده هے ۔ تعلیم کی کمی هے تو میری گذارش هے که وهاں پر هماری ضروریات کے مطابق کالج اور سکول بهت کم تعداد میں هیں ۔ وهاں پر کوئٹه ڈویژن میں صرف ایک ڈگری کالج هے اور دو انٹرمیڈیٹ کالج هیں ۔ ایک انٹرمیڈیٹ کالج جس کی سبی میں کھولے جانے کی سکیم تھی ابھی تک اس کو عملی جامه نهیں پهنایا گیا ۔ اس لئے هماری گذارش هے که برائے مهربانی وه سکیم جو آج سے دو سال پهلے سبی میں انٹرمیڈیٹ کالج کے کھولے جانے کی تیاری کی تھی اس کو عملی جامه پهنایا جائے اور وه کالج جلد از جلد تعمیر کیا جائے ۔ اس کے علاوه همارے هاں ایک هائی سکول اور ایک میڈیکل سکول کی بھی ضرورت هے کیونکه وهاں کے لوگ غریب هونے کی وجه سے دور دراز علاقوں میں اپنے بچوں کو تعلیم کے لئے نهیں بھیج سکتے اور اس کا نتیجه یه هے که وه تعلیم سے محروم هو جاتے هیں ۔ جناب والا ۔ آج سے دو سال پیشتر Development Council کوئٹه ڈویژن کے اندر جس کا خود میں ایک ممبر هوں اس نے ایک ریزولیوشن پاس کیا تھا که کوئٹه شهر کے اندر ایک میڈیکل سکول بنایا جائے اور وه Development Council کی سفارش

حکام بالا تک بھیج دی گئی تھی کہ وہاں پر میڈیکل کالج کی سخت ضرورت ہے ۔ وہاں کے لوگ غریب ہیں اور جیسا کہ میں نے ابھی عرض کیا تھا کہ وہ غریب ہونے کی وجہ سے اپنے بچوں کو میڈیکل تعلیم کے لئے مختلف کالجوں میں نہیں بھیج سکتے ۔ ایک تو اتنی سیٹیں ہی نہیں ہیں کہ تمام بچوں کو ہم سیٹیں دلا سکیں ۔ دوئم بات یہ ہے کہ اگر ان کو سکالرشپ یا سیٹ نہ ملے تو ان کو از خود تعلیم کے لئے نہیں بھیج سکتے ۔ تو میری گذارش ہے حکام متعلقہ سے کہ جو سکیم ڈویژنل کونسل نے پاس کر کے بھیجی ہے برائے مہربانی اس پر غور فرمایا جائے اور وہاں پر میڈیکل کالج کے قیام کے لئے بندوبست کیا جائے ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا کہ میڈیکل کالج کی سخت ضرورت ہے اس کے ساتھ ہی ساتھ وہاں پر فاطمہ جناح سینی ٹوریم کوئٹہ میں بستروں کی تعداد بہت کم ہے ۔ مرض تو روز بروز بڑھ رہے ہیں ۔ میری گذارش ہے کہ مہربانی فرما کر وہاں پر Beds کا ضرور انتظام کیا جائے ۔ آخری گذارش یہ ہے کہ حکومت نے صنعت کو فروغ دینے کے لئے تیسرے پنج سالہ منصوبہ میں ۳۶۰ کروڑ روپیہ کی رقم رکھی تھی ۔ اس رقم میں سے وہاں کے حلقے کی صنعت کو حصہ دیا جائے خصوصاً کوئلے کی صنعت کو ۔ کوئلے کی صنعت جو کہ ملک کی بہت بڑی خدمت کر رہی ہے وہاں ابھی تک Mechanisation نہیں ہوئی ۔ ہمیں درآمدی لائسنس نہیں دئیے جا رہے کہ ہم باہر سے مشینری منگوا سکیں ۔ ہمیں credit facilities بھی نہیں مل رہیں تا کہ ان سے ہم کوئی فائدہ اٹھا سکیں اور اپنی mines کو mechanize کر سکیں ۔ تیسرے پنج سالہ منصوبہ میں ہمارے کوئلہ کی پیداوار حکومت نے ۵۰ لاکھ ٹن مقرر کی ہے ۔ اس میں سے کم از کم

۱۲ لاکھ ٹن ہمارے بلوچستان کے حصہ میں آ رہا ہے بارہ لاکھ ٹن کوئلہ نکالنے کے لئے manual labour سے کام نہیں ہو سکتا ہے اور جب تک ہمیں مشینری نہیں ملتی حکومت برائے مہربانی ہماری صنعت کی طرف خاص خیال فرمائے اور ہمیں مشینری درآمد کرنے کے لئے لائیسنس دیں اور ہمیں credit facilities بھی دیں اور پاکستانی کرنسی بھی دیں تاکہ ہم اپنی مشینری کو develop کو سکیں ۔ شکریہ ۔

خان اجون خان جدون (مردان ۔ ۳) ۔ جناب سپیکر ۔ میں وزیر خزانہ اور محکمہ مالیات کے ماہرین کو جنہوں نے تیسرے پنج سالہ منصوبہ کا پہلا ترقیاتی بجٹ تیار کیا ہے مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ ہمارے صوبہ کی خوش قسمتی ہے کہ ہمارے پاس محکمہ مالیات اور ترقیاتی پروگراموں کے مرتب کرنے کے ماہرین انتہائی قابل موجود ہیں جو پچھلے صدارتی دور میں تین سالہ اس اسمبلی کے دوران ہماری ضروریات اور ہماری امنگوں سے واقف ہو چکے ہیں اور یہ بجٹ اس حقیقت کا آئینہ دار ہے کہ صدر مملکت فیلڈ مارشل محمد ایوب خان صاحب کے انتخابی منشور کو عملی جامہ پہنایا جا سکے گا ہمارے صوبے کی سب سے بڑی خوش قسمتی یہ ہے کہ ہمارے گورنر ملک امیر محمد خان خود زمیندار طبقے سے تعلق رکھتے ہیں اور زمینداروں کے مسائل کو حل کرنے اور ان کی حالت بہتر بنانے کا جو جذبہ ان کے دل میں ہے وہ قابل قدر ہے جناب سپیکر ۔ جہاں تک پچھلے پنج سالہ منصوبہ کا تعلق ہے اس کے نتائج ہمارے سامنے ہیں اور اس دوران ہماری ترقی کی رفتار تسلی بخش رہی ہے ۔ خصوصاً شعبہ زراعت اور شعبہ تعلیم میں ہماری ترقی کی

رفتار ہمارے اندازوں اور توقعات سے زیادہ تھی - دوسرے صدر ایوب خان کی یہ پالیسی ہے کہ پسماندہ علاقوں کو ترقی یافتہ علاقوں کے برابر ترقی دی جائے - پچھلے پنج سالہ منصوبے کے نتائج اس سلسلے میں بھی بہت تسلی بخش ہیں - جہاں تک ملک کی پیداوار کا تعلق ہے اس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ ایک طرف تو ہماری ملکی پیداوار میں اضافہ ہو اور دوسری طرف زمینداروں کی حالت کو بہتر بنایا جائے - پچھلے اعداد و شمار یہ بتاتے ہیں کہ ہماری ملکی پیداوار میں اضافہ ہوا ہے لیکن زمینداروں کی حالت بہتر نہیں ہوئی اس کی وجہ کیا ہے - اس کی وجہ یہ ہے کہ زمینداروں کو جو مراعات گورنمنٹ دیتی ہے وہ ان کو نہیں پہنچتیں - مثلاً گورنمنٹ کی یہ پالیسی رہی ہے کہ کیمیاوی کھاد زمینداروں کو سستی قیمت پر پہنچ سکے - میرا تجربہ ہے کہ کسی زمیندار کو کسی تحصیل میں یہ کھاد اپنی اصلی قیمت پر مہیا نہیں ہو رہی ، نہیں پہنچ رہی - پی آئی ڈی سی والے produce کرتے ہیں - سٹاکسٹ مقرر کئے گئے ہیں اور وہ سٹاکسٹ مال کو خرید کر کسی اور طریقہ سے بازار میں کھلے بندوں ڈبل قیمت پر فروخت کرتے ہیں - کھاد مل سکتی ہے لیکن اصل قیمت پر سٹاکسٹ کی دوکان پر مہیا نہیں ہو سکتی -

جناب سپیکر - اس سلسلہ میں ہم نے کئی بار تجویز پیش کی ہے کہ سٹاکسٹ سسٹم ختم کر دیا جائے اور کھاد کی تقسیم حکومت کسی ایسے ادارے کے حوالے کرے جو یونین کونسلوں کو کھاد پہنچا دے - یونین کونسلیں اپنی حدود کے اندر کھاد کی جتنی وہاں

کھپت ہو اس کا جائزہ لے کر اس کے مطابق پی۔آئی۔ڈی۔سی سے کھاد حاصل کریں اور اسے مناسب قیمت پر بر وقت زمینداروں کو پہنچائیں۔ کیونکہ اگر کھاد بر وقت نہ پہنچ سکے تو زمیندار کی پیداوار میں اضافہ نہیں ہو سکتا۔ دوسری بات یہ ہے کہ جہاں تک ہمارے علم میں ہے سارے مغربی پاکستان میں واپڈا نے بجلی کی سپلائی کے لئے پندرہ فیصد Return کا ایک معیار مقرر کر رکھا ہے۔ انڈسٹری کے لئے بھی اور ایگریکلچر کے لئے بھی۔ جب ہماری پالیسی یہ ہے کہ ملک کے اندر زرعی پیداوار بڑھائی جائے تو پھر ایگریکلچر کے لئے اس میں رعایت کیوں نہیں کی جاتی۔

جناب والا۔ ہم کروڑوں روپے کھاد کے لئے مہیا کرتے ہیں تاکہ زمیندار کو سستے داموں کھاد ملے تو پھر ہم بجٹ میں کیوں اس قسم کی سہولت نہیں رکھ سکتے۔ میرا مطالبہ یہ ہے کہ پندرہ فیصد Return والی شرط ایگریکلچر کے لئے استعمال ہونے والی بجلی پر سے ہٹائی جائے۔ یہ میرا اور میرے علاقے والوں کا پرزور مطالبہ ہے۔ میں اپنے معزز وزیر خان حبیب اللہ خان صاحب سے گذارش کروں گا کہ وہ ہمارے اس مطالبے کو کیبنٹ میں پیش کریں۔

Mir Wali Muhammad Talpur : Sir, the House is lacking in quorum.

Mr. Speaker : Let there be a count. (*Count was taken*)

The House is not in quorum. Let the bells be rung.

(*Quorum bells were rung*). The House is in quorum.

خان اجون خان جدون - جناب سپیکر۔ حکومت ہر سال ایجوکیشن سیکٹر پر کروڑوں روپے خرچ کرتی ہے لیکن دیہاتی سکولوں کی عمارات اتنی ناگفتہ بہ حالت میں ہیں کہ وہاں کے بچے اکثر یا تو درخت کے نیچے پڑھتے ہیں یا کسی حجرے میں۔ میں یہ تجویز پیش کرتا ہوں کہ حکومت اس طرف توجہ دے۔ حکومت نے پرائمری اور مڈل سکولوں کو لوکل کونسلوں کے حوالے کیا ہے۔ مگر ان کی آمدنی کیا ہوتی ہے۔ کیا پدی اور پدی کا شوربہ۔ وہ کیسے ایسی بلڈنگ کو چلا سکتے اور ان کی مرمت اور نگہداشت کر سکتے ہیں۔ میری تجویز یہ ہے کہ بیشک اور ٹیکس لگا لیا جائے مگر انہیں اتنی رقوم ضرور مہیا کی جائیں جن سے دیہاتی علاقے کے سکولوں کی بلڈنگوں کی حالت درست کی جا سکے۔

اگر ابتدائی تعلیم ہی اچھی نہ ہوئی تو وہ آئندہ کیا حاصل کریں گے۔

جناب سپیکر۔ میری دوسری تجویز یہ ہے کہ چھاؤنیوں اور شہروں میں جو سکول ہیں انہیں کمیٹیوں کے حوالے کر دیا جائے اور ان پبلک سکولوں کی عمارتوں پر جو روپیہ خرچ ہوتا ہے اسے بچا کر اس سے دیہاتی سکولوں کی حالت کو بہتر بنایا جائے۔

جناب سپیکر۔ پاکستان ایک اسلامی ملک ہے اور ہماری منزل مقصود یہ ہے کہ اس ملک میں اسلام اور اسلامی شعائر اور

اسلامی اصولوں کے مطابق اپنی زندگی بسر کریں - مجھے پیر غلام علی چشتی صاحب کی اس بات سے پورا اتفاق ہے کہ ہمارا موجودہ نصاب تعلیم ہمیں اس مقصد سے دور لے جا رہا ہے - میں اس وقت ابتداً یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ ابتدائی مدارس میں بچوں کو لازمی اسلامی تعلیم دی جائے - پرائمری سکولوں کے بچوں کو کم از کم ڈیڑھ گھنٹہ قران شریف کی تعلیم سے روشناس کرایا جائے - اور انہیں اسلامی شعائر کی اور دوسری اسلامی تعلیم ضرور دی جائے تاکہ ہماری آئندہ نسلیں ایسی ہوں ، جیسے ایک اسلامی ملک کے باشندے ہونے چاہئیں - یہی نہیں بلکہ ہم خود بھی صحیح مسلمان ہوں -

جناب والا - Rural ورکس پروگرام میں پچھلے دو سالوں میں اچھی خاصی رقم مہیا کی گئی ہے لیکن اس سلسلہ میں کوئی priority list مقرر نہیں کی گئی ، کوئی پابندی عائد نہیں کی گئی - اگر ایک چیئرمین کو ضرورت ہو تو وہ اپنے گھر تک بیشک پکی سڑک بنوا لے ، مگر اس بات کا جائزہ ضرور لیا جائے کہ کون سی سکیمیں زیادہ اہمیت کی تھیں اور کیا انہیں نظر انداز تو نہیں کر دیا گیا -

(اس مرحلہ پر مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر مسٹر عمر جان خان ، کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے)

تو جناب دیہاتی راستے بالکل ٹوٹے ہوئے ہیں چاہئے کہ انہیں فوقیت دی جائے ، سکولوں کی عمارات مرمت طلب ہیں ، چاہئے کہ ان کی

مرمت کی جائے اور اگر اس کے بعد کوئی پیسہ بچ جائے تو چیرمین صاحب اپنے گھر تک سڑک لے جائیں ۔

جناب سپیکر ۔ میں اس بات پر زور دوں گا کہ Rural works پروگرام کو طریقے سے چلانے کے لئے ضروری ہے کہ اس کا جائزہ لیتے رہیں ۔

جناب والا ۔ میری ایک اور گذارش یہ ہے کہ ہر ضلع کو ایک روڈ رولر مہیا کیا جائے ۔ پچھلی دفعہ ہمارا کروڑوں روپیہ ضائع ہو گیا ہے ۔ مگر اس سے فائدہ کیا ہوا ۔ روڑی بچھا دی گئی مگر روڈ رولر نہیں ہے ۔ پہلے اس پر جیپ یا پیدل جا سکتے تھے ۔ اب نہ جیپ جا سکتی ہے نہ پیدل چل سکتے ہیں ۔ بلکہ پتھر نکلے ہوئے ہیں ۔ سارا روپیہ ضائع گیا ۔ جناب سپیکر ۔ پالیسی یہ ہونی چاہئے کہ جب تک روڈ رولر نہ ہو روڑی نہ بچھائی جائے ، نہ کام شروع کیا جائے ۔ آخر اس سے فائدہ کیا ہے ؟ مثال کے طور پر ہمارے علاقے میں ایک سڑک پر تین سال سے روڑی بچھی ہوئی ہے نہ پی ڈبلیو ڈی روڈ رولر مہیا کرتی ہے نہ ڈسٹرکٹ کونسل ۔ اس لئے میری یہ تجویز ہے کہ پہلے ہر ضلع میں ایک روڈ رولر مہیا کیا جائے اور اس کے بعد وہاں کسی سڑک پر کام شروع کیا جائے ۔

جناب سپیکر ۔ عام نظم و نسق کے متعلق میں یہ عرض کرونگا کہ ڈپٹی کمشنروں ، کمشنروں اور سپرنٹنڈنٹ پولیس کے ذمہ اتنے

زیادہ کام ہیں کہ اگر آپ جا کر ان کے دفاتر میں کوئی کاغذ دیکھنے جائیں تو وہ آپ کو نہیں مل سکتا ۔ کیونکہ ان کی ایک ڈیوٹی نہیں ہوتی کیونکہ ایک ایک آدمی کی سولہ سولہ اٹھارہ اٹھارہ Duties ہیں ۔ اس لئے میں یہ تجویز کرونگا کہ آپ انتظامیہ کو درست کرنے کی طرف توجہ فرمائیں ۔ اور جس ضلع میں کام بہت زیادہ ہو وہاں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر اور ایڈیشنل ایس ۔ پی مقرر کئے جائیں میں آپ کو پشاور ڈویژن کے کمشنر کی مثال دیتا ہوں ۔ کئی کئی سال تک وہاں ایف ۔ سی ۔ آر اور کریمنل لاء ایمنڈمنٹ بل کے مقدمات پڑے رہتے ہیں اور ان پر کوئی فیصلہ نہیں ہو پاتا ۔ حالانکہ ان قوانین کا مقصد تو یہ تھا کہ انصاف جلد ہو جایا کرے ۔ لیکن صرف جرگے کی اجازت کے لئے مقدمات جاتے ہیں اور وہاں مہینوں اور سالوں تک پڑے رہتے ہیں ۔ میں اس کی بہت سی مثالیں پیش کر سکتا ہوں کیونکہ کئی بار میں نے حکومت کی توجہ اس طرف منعطف کرانے کی کوشش کی ہے ۔ حالانکہ وہاں کے کمشنر موصوف بیکار بیٹھنے والے نہیں ہیں اور وہ وقت ضائع نہیں کرتے ۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ ان کے پاس کام بہت زیادہ ہے ۔ ان کا کچھ کام ایڈیشنل کمشنر کے حوالے کیا جا سکتا ہے ۔ حکومت اس کے لئے ایک حکم جاری کر دے ۔ اور خود ایف ۔ سی ۔ آر اور کریمنیل لاء ایمنڈمنٹ بل میں بھی اس امر کی گنجائش ہے کہ کمشنر یہ حکم کرے ۔ کہ یہ کام ایڈیشنل کمشنر کرے ۔ اس طرح وہاں کے لوگوں کو بڑی سہولت اور آسانی ہو جائیگی ۔

اسی طرح چھوٹے صوبوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو بھی شکایات ہیں اور حقیقتاً ان کے ساتھ ناانصافیاں ہو رہی ہیں - اس کی وجہ یہ ہے کہ integration کے بعد ان کے سروس رولز ہی ایسے بنائے گئے ہیں کہ وہ موم کی ناک ہیں - اور ایک سیکشن افسر انہیں جس طرف موڑنا چاہے اس طرف موڑ سکتا ہے اور اس طرح بہت سے لوگوں کی سینیارٹی disturb ہوئی ہے - میں خود بھی منسٹروں کے پیچھے بھاگا بھاگا پھرتا رہا ہوں کہ وہ اس کے متعلق معلوم کریں تو انہیں معلوم ہوگا کہ یہ واقعی موم کی ناک ہیں - اس کے متعلق ہائی کورٹ میں بھی مقدمات دائر کئے گئے ہیں - اور مقدمے بازی ہو رہی ہے - آپ ان کی درستگی کے لئے واضح ہدایات جاری کریں تاکہ اس سلسلے میں کسی کو کوئی شکایت باقی نہ رہے کہ ان کی سینیارٹی فلاں ریجن والے لے گئے ہیں - آپ ان کے لئے رولز بنائیں تاکہ کسی کی حق تلفی نہ ہو - یہاں کے سیکرٹریٹ میں بھی فرنٹیئر ریجن کا کوئی کوٹہ مقرر نہیں ہے اور یہی شکایت سب کو ہے یہاں پر ہر ریجن کے لئے کوٹہ مقرر ہونا چاہئے - ہم نے یہاں پر دیکھا ہے کہ ہمیں یہاں پر کسی قسم کا کوئی کوٹہ بھی نہیں ملتا - میں آپ سے عرض کرونگا کہ جن چھوٹے صوبوں کے لوگوں کو آپ یہاں لائے ہیں کم از کم ان کی شکایات کی طرف توجہ دیں - اور ملازمتوں میں ان کے لئے کوئی کوٹہ مقرر کریں - چونکہ چھوٹے صوبے والوں کو ان کے دارالخلافوں سے جب ہٹا دیا گیا ہے تو اس طرح سے ان کی ملازمتوں میں بھی فرق آ گیا ہے - اس لئے ان کی ملازمتوں میں انہیں ضرور کوٹہ ملنا چاہئے -

جناب سپیکر ۔ سرکاری دفاتر میں یہ کیفیت ہے کہ وقت کی کوئی پابندی نہیں ہے اور صرف چپڑاسی ، بھشتی یا صفائی کرنے والے لوگ ہی وقت پر دفتر آتے ہیں باقی کوئی کلرک ، افسر یا سیکشن افسر وقت پر نہیں آتا ۔ آپ سیکرٹریٹ یا کسی بھی دوسرے دفتر میں جائیں تو ویسے تو وقت صبح سات بجے دفتر جانے کے لئے مقرر ہے تا کہ efficiency بڑھے ۔ لیکن میرے خیال میں تو کوئی بھی ملازم آٹھ بجے سے پہلے دفتر نہیں جاتا علامہ اقبال مرحوم کا ایک شعر ہے ۔ ع

یا دھوپ ہے ، یا چھاؤں ہے ، یا سایہ'

آپ کو اپنی efficiency بڑھانی چاہئے ۔ دفتروں میں فائلوں کے انبار لگے ہوتے ہیں لیکن ان پر کام کوئی نہیں ہوتا ۔ کیونکہ کوئی پوچھنے والا ہی نہیں ہے آپ کسی بھی دفتر میں جا کر کسی معاملے کے متعلق دریافت کریں تو پہلے تو سیکشن افسر ہی موجود نہیں ہوتا اور اگر وہ موجود ہو تو متعلقہ کلرک چھٹی پر ہوتا ہے اور اگر متعلقہ کلرک موجود ہو تو پھر سیکشن افسر کا پتہ نہیں چلتا ۔ کلرک کو سیکشن افسر کا پتہ نہیں ہوتا اور سیکشن افسر کو اپنے کلرک کا پتہ نہیں ہوتا کہ وہ کہاں ہیں خدا کے لئے آپ اس کی طرف توجہ فرمائیں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ اپنی تقریر ختم کرنے کی کوشش کریں تاکہ دوسرے معزز ممبران بھی تقریر کر سکیں ۔

خان امجون خان جدون ۔ جی میں جلد ہی ختم کرتے کی

کوشش کرونگا ۔ بنیادی جمہوریتوں کے محکمے کے متعلق عرض ہے کہ یہ ہمارے معاشرے کا جزو لاینفک بن چکا ہے ۔ کیونکہ اس طریق کار سے ہمارے دھی علاقوں میں ایک انقلابی بیداری پیدا ہوئی ہے ۔ اس لئے میں آپ سے گذارش کرونگا کہ آپ کب تک اس محکمے کو عارضی طور پر چلاتے رھیں گے ۔ آپ اسے مستقل کیوں نہیں کرتے کیونکہ ان کے ملازمین بزدل ھیں اور انہیں شکایت ہے کہ انہیں مستقل ملازمین کی طرح مراعات بھی نہیں دی جاتیں ۔ اس سے ان کی کارکردگی پر برا اثر پڑتا ہے ۔ اس لئے میری یہ تجویز ہے کہ جسقدر جلد ہو سکے آپ اس محکمے کو مستقل کر دیں ۔

جناب سپیکر ۔ دوسری بات یہ ہے کہ پچھلے سال سابق صوبہ سرحد میں اور میرا خیال ہے کہ سارے مغربی پاکستان میں بھی ایک cess لگایا گیا تھا جس کا مقصد یہ تھا کہ تمام اضلاع میں ہل زون کی سڑکوں پر اس cess سے حاصل کردہ روپیہ خرچ کیا جائے ۔ لیکن جہاں تک مجھے علم ہے تخت بھائی شوگر مل، پریمیئر شوگر مل اور چارسدہ شوگر مل سے جسقدر روپیہ اس cess کے ذریعے جمع ہوا ہے وہ جوں کا توں ہی پڑا ہوا ہے ۔ اور نہ ہی اس روپے کو خرچ کرنے کے متعلق کوئی پروگرام بنایا گیا ہے اور نہ اس کے لئے کوئی قواعد ہی مرتب کئے گئے ھیں کہ یہ رقم کس طرح خرچ کی جائے گی ۔ تو اس سلسلے میں میری یہ تجویز ہے کہ اس کے لئے ایسے قواعد مرتب کئے جائیں کہ یہ رقم سہ ماہی طور پر جمع کی جائے او سہ ماہی طور پر ہی خرچ

بھی کی جائے تاکہ ہمیں علم ہو کہ اس کو خرچ کیا جائے گا۔ خرچ تو اب بھی اسے کر دیا جائے گا لیکن کب اسے خرچ کریں گے ابھی آپ کے پاس پچھلے سال کا جمع کیا ہوا cess بھی پڑا ہوا ہے۔ اور سڑکوں کے لئے کئی لاکھ روپے کی رقم ویسے ہی پڑی ہوئی ہے حالانکہ وہاں کے حالات خراب ہیں۔ اس کا مقصد تو یہ تھا کہ سڑکوں کی حالت بہتر ہو۔ لیکن یہاں آپ کے قواعد و ضوابط بنانے میں ہی سالوں لگ جاتے ہیں۔

دوسری گذارش یہ ہے کہ پچھلے سال ٹوبیکو کنٹرول بورڈ کا قیام عمل میں لایا گیا تھا تاکہ غریب زمینداروں کو کچھ امداد دی جا سکے اور خریدنے والے ڈپو ہولڈروں اور کارخانہ داروں کو بھی سہولتیں بہم پہنچائی جائیں۔ لیکن ایک سال میں اس کی بھی ایک ہی میٹنگ ہوئی تھی۔ اس پر بھی نظر ثانی کی ضرورت ہے تاکہ یہ ایک کارآمد ادارہ ثابت ہو اور جو کارخانہ دار تمباکو پیدا کرنے والوں سے زیادتیاں کرتے ہیں اور انہیں سستے داموں اپنا تمباکو فروخت کرنے پر مجبور کرتے ہیں اور ان کے علاوہ زمینداروں کو جو شکایات ہیں ان کا ازالہ ہو سکے اور اس بورڈ کے قیام کا مقصد بھی یہی تھا۔

جناب سپیکر۔ اس کے علاوہ آپ سب کو معلوم ہے کہ پچھلے دنوں تحصیل صوابی میں بھی بلکہ سارے سابق صوبہ سرحد میں بادوباراں کا طوفان آیا تھا جس سے کہ تمباکو اور گندم کی فصل نہ صرف یہ کہ خراب ہی ہوئی ہے بلکہ زیادہ تر فصل بہہ بھی گئی ہے اس لئے میں وزیر مال صاحب کی خدمت میں گذارش کروں گا

کہ وہ وہاں جا کر حالات کا جائزہ لیں ۔ اور اگرچہ یہ کوئی اتنی بڑی آفت نہیں تھی لیکن بایں‌ہمہ جن غریب لوگوں کا نقصان ہوا ہے چونکہ وہ تھوڑی تھوڑی جائیداد کے مالک ہیں ۔ اس لئے ان کے لئے یہ آفت بھی کچھ کم نہیں ہے ۔ لہذا ان غریب زمینداروں کو مالیہ اور آبیانہ میں رعایت دی جائے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Please try to finish your Speech.

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ میری تحصیل ٹوچی میں ایک ڈسپنسری ہے جو ایک عرصے سے وہاں قائم ہے ۔ لیکن اس میں آج تک کسی قسم کی توسیع کی ضرورت محسوس نہیں کی گئی تو میری گذارش ہے کہ اس ڈسپنسری میں توسیع کی جائے اور اس کے ساتھ ہی ساتھ اس ڈسپنسری کے لئے ایک لیڈی ڈاکٹر بھی مقرر کی جانی چاہئے ۔ اور اس کے لئے میں جناب وزیر صحت کی توجہ خاص طور پر دلاتا ہوں ۔ کیونکہ دیہاتوں میں لیڈی ڈاکٹر نہیں جاتیں کیونکہ وہاں ان کی ضروریات کے مطابق انہیں مکان میسر نہیں آتے اور وہ ہمارے کچے مکانوں میں رہ نہیں سکتیں ۔ اس لئے میری یہ تجویز ہے کہ ہر ہسپتال میں لیڈی ڈاکٹر کے لئے خاص طور پر مکان مہیا کئے جائیں اور اس کے لئے ایک منصوبہ تیار کریں تاکہ لیڈی ڈاکٹر ہمارے دیہاتوں میں رہ سکیں ۔ توڑ ڈھیر میں آٹھ بستروں کے ہسپتال کی تعمیر کی گئی ہے ۔ انبار کنڈہ کے لئے ہسپتال کی سکیم تیار تھی لیکن ابھی تک وہ سکیم پایہ تکمیل تک نہیں پہنچ سکی اس سال اس کے لئے رقم مہیا کی جائے تاکہ وہاں پر ہسپتال بن سکے ۔ گورنمنٹ ہائی سکول ٹوچی میں

ہوسٹل کی تعمیر کی جائے اور دوسرے ایک ٹیکنیکل ونگ بنایا جائے ڈوچی ، صوابی اور صوابی جہانگیرہ روڈ کو چوڑا کیا جائے کیونکہ اس سڑک پر بہت ہی زیادہ ٹریفک ہوتی ہے آپ اندازہ لگائیں کہ پندرہ سال پہلے اس سڑک پر کتنی بسیں چلتی تھی اور اب اس پر کتنی بسیں چل رہی ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ صوابی ہسپتال میں توسیع کی جائے اور اس کے ساتھ ساتھ جو وٹرنری ہسپتال کی بے حساب زمین پڑی ہوئی ہے اس کو حاصل کر کے اس ہسپتال کی توسیع کی جائے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ وقت بہت کم ہے اور آپ نے کافی وقت لے لیا ہے ۔ آپ اپنی تقریر ختم کریں ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ صرف دو منٹ دے دیں ۔ جناب والا ۔ میرے علاقہ جدون میں جسے مرجڈ ایریا آف مردان کہتے ہیں اس میں دس سال تک کے لئے قبائلیوں کو جو مراعات دی گئی ہیں میں سمجھتا ہوں کہ اس منصوبہ میں اب وہ بات نہیں ہے صرف پہلے سال ان کو مراعات دی گئی تھیں لیکن اب وہ بات نہیں رہی ہے ۔ اس کے متعلق میں عرض کروں گا کہ یہ مراعات صرف ایک سال کے لئے نہیں ہونی چاہئیں بلکہ ضرورت اس بات کی تھی کہ اس کا ہر سال جائزہ لیا جاتا اور اس کے مطابق مراعات دی جاتیں ۔ اس کے علاوہ ہمارے علاقے کو کوئی تعلیمی وظائف نہیں دیئے گئے ہم نے بڑی محنت سے چار وظائف حاصل کئے تھے ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ اس سال اے ۔ ڈی ۔ پی نے قبائلی علاقوں کے لئے ۱۵ ہزار روپیہ کے وظائف منظور

کئے ہیں میری عرض یہ ہے کہ اس میں سے کم از کم ۵ ہزار روپیہ ضلع مردان کے لئے مقرر کرنا چاہئے - دوسری گذارش یہ ہے کہ ضلع چدون میں سڑک کی جو تعمیر ہو رہی ہے اس کے لئے جو اراضیات لی گئی ہیں لوگوں کو اس کا معاوضہ بھی ابھی تک نہیں دیا گیا - میں نہیں سمجھتا کہ پی-ڈبلیو-ڈی والے ان کو معاوضہ کیوں نہیں دیتے - آپ حیران ہوں گے کہ جو لوگ وہاں اپنی فصلوں کی کٹائی کر رہے تھے ان کو روک دیا گیا تھا لیکن ابھی تک ان کو بھی معاوضہ نہیں ملا اور وہ دو سال سے زیادہ عرصہ کا مالیہ ادا کر رہے ہیں -

Mr. Senior Deputy Speaker : Please resume your seat.

Now, Mr. Hamza. The member will try to finish his Speech within twenty minutes so that other members may also get a chance to speak.

مسٹر حمزہ (لائل پور - ۶) - جناب سپیکر - وزیر مالیات اس وقت ایوان میں موجود نہیں ہیں- جناب ملک قادر بخش‌صاحب نے آج مبارک باد کی بوچھاڑ کی اور اس بوچھاڑ کا زیادہ رخ اس میزانیہ کے تیار کرنے والے عملہ کی طرف تھا - میں سمجھتا ہوں میزانیہ جیسا کہ ہمارے سامنے ہے اس کی تیاری میں یا اس کی پالیسی میں یا وہ پالیسی جن کی بنیادوں پر یہ میزانیہ مرتب کیا گیا ہے اس میں ہمارے وزیر مالیات کا کوئی بھی دخل نہیں ہے - واقعی یہ تمام کا تمام میزانیہ ہماری انتظامیہ اور انتظامیہ کے عملہ کا تیار کردہ ہے - خصوصاً اس بار ہمارے وزیر مالیات اور ان کے دوسرے ساتھی الیکشن میں مصروف رہے ہیں وہ اس سے قبل تھوڑی بہت توجہ دے سکتے تھے اور دیتے رہے ہیں لیکن اس بار اس میزانیہ کی طرف توجہ دینے کی کوئی گنجائش ہی نہیں تھی - نہ انہوں نے اس کی

طرف توجہ دینے کی زحمت گوارا کی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ الیکشن جس کا میں نے ذکر کیا ہے یہ جس طریقے سے ، جس ڈھب سے کرایا گیا ہے یا اس الیکشن کا اہتمام کیا گیا ہے جہاں تک اس کے معروف معنی ہیں میں سمجھتا ہوں اس کو الیکشن کہنا الیکشن کی توہین ہے ۔ یہ الیکشن نہیں تھا یہ پولیس ایکشن تھا ۔ اس میں محض پولیس ہی ملوث نہ تھی بلکہ ہماری حکومت کی تمام کی تمام مشینری جہاں کہیں بھی اس کی ضرورت محسوس ہوئی پوری طرح سے استعمال کی گئی ۔ جناب سپیکر ۔ اس سے پہلے بہت سی حکومتیں گزری ہیں اور میں اس حقیقت کو تسلیم کرتا ہوں کہ انہوں نے بھی اس ملک میں الیکشن کی اچھی روایات نہیں چھوڑی ہیں ۔ لیکن یقین کیجئے کہ جو کچھ بھی ان نام نہاد الیکشن کے ایام میں ہوا ہے وہ خان عبدالقیوم نے بحیثیت چیف منسٹر کے جب کہ وہ سابقہ صوبہ سرحد میں تھے یا ممتاز محمد دولتانہ نے پنجاب میں گل کھلائے ہیں یا محمد ایوب کھوڑو نے سندھ میں کارہائے نمایاں سر انجام دئے ہیں ان تمام کا ریکارڈ اس حکومت کے اس الیکشن نے توڑ دیا ہے ۔ ان کو مات کردیا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ اس سے پہلے بھی اس ملک میں حزب اختلاف کے بارے میں ایک خاص ذہنی تاثر موجود تھا جس کے متعلق "Democracy in Pakistan" کے مصنف نے لکھا ہے ۔

> "The role of opposition parties has not yet been properly appreciated or understood. The tendency of the ruling party is to brand the opposition to the Government as anti-state and subversive while the Opposition has also not yet learnt the limits of constitutional opposition. There seems to be much confusion and misunderstanding about opposition to the Government and opposition to the state, and this has resulted in certain disquieting developments which are not conducive to the growth of free institutions."

جناب سپیکر۔ جن لائنز پر ان الیکشنز کا اہتمام کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ جن ایام میں میں اور میرے دوسرے دوست خاص طور پر سابقہ پنجاب سابقہ ریاست بہاول پور اور سندھ میں جو حصہ لے رہے تھے ان کے ساتھ

اس ملک کے باشندوں والا سلوک نہیں کیا گیا ۔ ان کے متعلق گورنمنٹ کا رویہ یہ تھا کہ جس طرح کسی غیر ملکی کے ساتھ یا ایک دشمن ملک کے باشندوں کے ساتھ یا ایک حکومت جو ان کے ملک پر حملہ کرکے آئی ہے ان جیسا سلوک کیا جاتا تھا ۔ بعینہ اسی طرح تمام کی تمام انتظامیہ مشینری کو الیکشن میں استعمال کیا گیا ہے ۔ اور جناب صدر نے ۲۸ اکتوبر ۱۹۵۸ء کو یہ ارشاد فرمایا تھا ۔

"Mirza had too much associated with politicians responsible for bringing about chaotic state of affairs in the country. A general feeling existed that Mirza was as much responsible for political deterioration as any one else."

آج یہ بات جو کہ جناب صدر نے مرزا کے بارے میں کہی تھی ان پر لاگو آتی ہے ۔ اس ملک کے حالات جس قدر بھی انحطاط کی طرف جا رہے ہیں جنرل مرزا سے بڑھ کر ہمارے صدر کا ان میں ہاتھ ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : The member should not bring in the name of the President.

مسٹر حمزہ ۔ جناب صدر ۔ ہمارے ملک کی انتظامیہ پہلے ہی بہت مضبوط تھی اور اس پر کنٹرول کرنا ہمارے موجودہ حکمرانوں کے بس کا روگ نہیں تھا ۔

حاجی عطا محمد ۔ جناب ہاؤس میں کورم نہیں ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : The House is not in quorum.

Let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*) The House is in quorum. Yes, Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس ملک میں انتظامیہ اس قدر طاقتور ہو گئی ہے کہ اب اسے قابو میں رکھنا بہت

ھی مشکل ھو گیا ھے ۔ مگر موجودہ حکومت نے اس انتظامیہ کو ایسے مقاصد کے لئے استعمال کیا ھے کہ اب وہ اس انتظامیہ کو اپنے منشاء کے مطابق چلانے میں قطعاً ناکام رھے گی ۔ بلکہ اسے یہ خواب بھی نہیں دیکھنا چاھئے کہ وہ انتظامیہ کو اپنے بس میں رکھ سکے گی ۔ جس کتاب میں سے میں نے ابھی اقتباس پیش کیا ھے ۔ اس کا مصنف انتظامیہ کے متعلق لکھتا ھے ۔

"To find a strong and vigorous executive and at the same time to make it responsible and not autocratic is not an easy task. There are those who maintain that strong, and vigorous leadership is a dangerous proposition, while others like the great political sociologists Mosca and Michels, have virtually asserted that leadership is by its very nature undemocratic. A powerful and vigorous executive is not necessarily incompatible with democratic government, as long as it is subject to restraint. The British executive, for instance, is one of the most powerful in the world but it operates within an area of consensus carved out by the party, vigilant electorate and a watchful parliament. None of these safeguards against the danger of arbitrary government existed in Pakistan."

حکومت نے جو اھتمام کر رکھا ھے اور انتظامیہ کا جو وجود ھے اسے ملک میں پالیسیاں بنانے میں جو دخل حاصل ھو چکا ھے اس کے ھوتے ھوئے یہ قطعاً نا ممکن ھے کہ انتظامیہ حکومت کے کنٹرول میں رھے ۔ حالیہ انتخابات میں جس طرح انتظامیہ کا غلط استعمال کیا گیا ھے اس کے پیش نظر اگر میزانیہ کا جائزہ لیا جائے تو پتہ چلتا ھے کہ گذشتہ ۱۸ سال سے اسی انتظامیہ کا ذھن بجٹ کو تیار کرتا رھا ھے ۔ جس انتظامیہ نے موجودہ بجٹ کو جنم دیا ھے ۔ آج تک جو ذھن پالیسیاں بنانے میں کارفرما رھا ھے وھی ذھن اب بھی کارفرما ھے ۔ اس ضمن میں آپ کے سامنے پچھلے پانچ سالہ منصوبوں کے اعداد و شمار رکھتا ھوں اور ان تمام رقوم کو مع تیسرے پانچ سالہ منصوبے کی رقوم کے آپ کے سامنے پیش کرتا ھوں ۔

زراعت کے لئے پہلے منصوبہ میں - ۱۱ فی صد

,, دوسرے ,, - ۱۲ فی صد

,, تیسرے ,, - ۱۲ فی صد

آبپاشی و برقیات کیلئے پہلے منصوبہ میں - ۲۰ فی صد

,, دوسرے ,, - ۲۰۹ فی صد

,, تیسرے ,, - ۱۷ فی صد

جناب والا - یہی حال دوسرے محکمہ جات کا ہے - جب آپ ان کی رقوم کا جائزہ لیں گے تو آپ کو پتہ چل جائے گا کہ ایک ہی اصول ان سب میں کارفرما رہا ہے اور ایک ہی ٹکنیک اور ایک ہی اوزار انکی تیاری میں استعمال ہوتا رہا ہے - تمام منصوبے ایک ہی مقررہ طریقہ میں تیار کئے جاتے رہے ہیں - آج کل بھی اسی انتظامیہ کے بنائے ہوئے بجٹ ہم پر ٹھونسے جا رہے ہیں جس کے تیار کردہ بجٹ قبل ازیں ہم پر سابقہ حکومتیں ٹھونسا کرتی تھیں - ہماری حکومت دعویٰ کرتی ہے کہ اس نے تھوڑی مدت میں ہر محکمے اور ہر مد میں ترقی کر لی ہے لیکن اگر اس ترقی کا بہ نظر غائر جائزہ لیا جائے تو ترقی کا یہ دعویٰ بالکل غلط ثابت ہو جاتا ہے اور قومی آمدنی کا بہت ذکر کیا جاتا ہے مگر اس کے ساتھ جو پرائس انڈکس میں اضافہ ہو جاتا ہے اس کا ذکر کم سننے میں آتا ہے - میں آپ کے سامنے اس ضمن میں متعلقہ اعداد و شمار پیش کرنا چاہتا ہوں -

رانا پھول محمد خان - جناب سپیکر - حمزہ صاحب کا وقت ختم ہو گیا ہے -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - نہیں ابھی ان کا کچھ وقت باقی ہے -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - اتنا وقت جو وہ قطع کلامی میں ضائع کرتے ہیں مجھے اور ملنا چاہئے -

اب پرائس انڈکس کے اضافہ کی بابت سنئے -

۱۹۵۹ء میں پرائس انڈکس تھا	۲۴۷
۱۹۶۰ء	۲۸۱
۱۹۶۱ء	۲۶۱
۱۹۶۲ء	۲۵۹

جناب والا - اس سے ظاہر ہے کہ سال بسال پرائس انڈکس میں اضافہ ہوتا چلا آیا ہے اور قیمتوں میں روزمرہ اب بھی اضافہ ہو رہا ہے - پھر وہ یہ بھی فرماتے ہیں کہ اس ملک میں فی کس آمدنی میں اضافہ ہو رہا ہے مگر حقیقت یہ ہے کہ فی کس آمدنی میں کوئی بہتری نہیں ہو رہی ہے - بلکہ دولت کا ارتکاز چند ہاتھوں میں ہوتا چلا جا رہا ہے - جو اعداد و شمار گورنمنٹ کی طرف سے آئے دن پیش کئے جاتے ہیں وہ عوام کو دھوکہ دینے کی غرض سے ہوتے ہیں - ان کا کوئی فائدہ نہیں ہے -

جناب سپیکر - ہر شخص جانتا ہے کہ گورنمنٹ جو ترقیاتی سکیمیں چلا رہی ہے ان پر غیر ممالک سے حاصل کردہ قرضوں کی رقوم سے کام لیا جاتا ہے اور لوگوں کی فی کس آمدنی میں پھر بھی کوئی اضافہ نہیں

ہوا تو جب ان قرضوں کی ادائیگی بمع سود ہوگی تو پھر ہماری مالی زبوں حالی کا کیا درجہ ہوگا ؟ اب تو یہ قرضوں کا روپیہ بے دریغ خرچ کر رہے ہیں ۔ اگر ان دنوں میں بھی فی کس آمدنی میں اضافہ نہیں ہو سکا تو بمع سود قرضوں کی ادائیگی کے وقت کیا حال ہوگا ؟ میرے خیال میں تو یہ حالت سخت مایوس کن ہے ۔ اس کی وجوہات یہ ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ میں ۱۹۶۳-۶۴ء کے پاکستان اکنامک سروے کے متعلق عرض کرتا ہوں ۔ اس کے صفحہ ۲۰۷ پر گندم کے بارے میں (جو ہماری ایک عام جنس ہے) اور یہ پاکستان گورنمنٹ کی اپنی شائع کردہ ہے یہ لکھا ہے ۔

"The area under wheat during 1962-63 was 125.9 lakh acres against 123.1 lakh acres in 1961-62. The increase is attribute to the inclusion of Karachi and Kalat Divisions of West Pakistan in the estimates in 1962-63 for the first time since Independence, good weather conditions, regular supplies of water at the time of sowing and "grow more food" campaign launched by the Government. Production of wheat during 1962-63 was estimated at 41.5 lakh tons against 4.00 lakh tons in 1961-62 and 37.9 lakh tons in 1960-61. This increase is, however, for the most part, only the result of increased acreage."

آخر میں وہ فرماتے ہیں ۔

'Yield per acre in this vital crop, however, continues to be stagnant."

آگے چل کر فرماتے ہیں ۔

"The import of wheat set an all time record in 1962-63. Total imports in 1962-63 were 15.51 lakh tons against 8.59 lakh tons in 1961-62."

یہ ہماری گورنمنٹ کی خوبی ہے کہ جب یہ ملک غذائی لحاظ سے دوسروں کا محتاج ہو جاتا ہے تو لامحالہ خوراک باہر سے درآمد کرتا ہے ۔ مثلاً ۱۹۶۱-۶۲ء میں اس نے ۸ لاکھ ۵۹ ہزار ٹن گندم درآمد کی ۔

اور اس کے بعد دوسرے سال اسے ۱۵ لاکھ ۵۱ ہزار ٹن گندم درآمد کرنا پڑی ۔ اور یہ اس وجہ سے کی گئی کہ ہماری حکومت کی طرف سے جو دعویٰ کیا جاتا ہے کہ ہم نے اس میدان میں بھی ترقی کی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے ساتھ ساتھ میں آپ کے سامنے London Economist کا ایک اقتباس بھی پیش کرتا ہوں ۔ جو یہ ہے ۔

> ''تیسرے منصوبے نے سرمایہ کاری میں زراعت کے حصے کو ۱۵ فیصد سے ۱۲ فیصد تک کم کر دیا ہے ۔ مزید برآں جو رقم زراعت کے لئے مخصوص بھی کی گئی ہے وہ بھی انتظامی الجھنوں کے سبب اب بے مصرف پڑی ہے ۔ بہر حال صورت حال کو خراب ہونے سے بچانے کے لئے امریکہ کا ہی ایل ۴۸۰ تو موجود ہے ہی'' ۔

جناب سپیکر ۔ وہ ملک جس میں دولت کا ارتکاز اور نفع اندوزی زوروں پر ہے ۔ اور دوسری طرف عام آدمی بے تحاشا لوٹ کھسوٹ کا شکار ہو رہا ہے ۔ صنعتی ترقی سے عام آدمی شب و روز چوٹی سے ایڑی تک پسینے اور قربانی کا ایک لامتناہی سلسلہ اور نہ ٹلنے والی بھوک کا شکار ہے ۔ اگر اس ملک کے متعلق یہ کہا جائے کہ وہ ملک ترقی کر رہا ہے ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ عام انسان کے مسائل سے لاپروائی کا اس سے بین ثبوت اور کیا ہو سکتا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ ابھی چند دن ہی ہوئے ۔ اسی ایوان میں ہماری حکومت نے بتایا کہ واہ سیمنٹ فیکٹری حکومت نے صرف اس لئے اپنے قبضہ میں لی

ہے کہ اس سے حکومت کو بہت زیادہ آمدنی ہوگی - لیکن میں اس حکومت سے پوچھتا ہوں کہ جب اس ملک میں اس قسم کے بہت سے ادارے موجود ہیں جنہوں نے ایک ہی سال میں اپنے لگائے ہوئے سرمائے سے دگنی آمدنی حاصل کی ہو اور جس ملک کی صنعت کے بارے میں عالمی بنک کے ماہرین کی یہ رائے ہو کہ ہمارے بڑے بڑے صنعت کار Tax Holiday کے ایام میں ہی اپنا لگایا ہوا سرمایہ واپس لے لیتے ہیں - تو اس سے زیادہ دھاندلی اور کیا ہو سکتی ہے - میں آپ کے سامنے ایک ایسے ہی صنعتی ادارے کی آمدنی کے اعداد و شمار پیش کرتا ہوں - جو اس ملک میں انتہائی بدنام ہو چکا ہے - اس وقت یہ ادارہ کراچی میں ۵۲ لاکھ روپے میں خریدکیا گیا - ۱۹۵۹ء میں اس سے کل آمدنی ۵۱ لاکھ ۵۵ ہزار روپے ہوئی - ۱۹۶۰ء میں ۹۷ لاکھ ۶۱ ہزار روپے ہوئی - اور ۱۹۶۱ء میں اسے ۹۵ لاکھ ۵۳ ہزار روپے آمدنی ہوئی - آپ خود ہی اندازہ لگائیے کہ آخر اتنا منافع بخش ادارہ جس کی سالانہ آمدنی اس کی قیمت سے بھی دگنی ہو وہ کس طرح ۵۲ لاکھ روپے میں خرید کیا گیا - اور گورنمنٹ یہ چاہتی ہے کہ وہ منفعت بخش اداروں کو خرید کرے - تو اس قسم کے ادارے گورنمنٹ کی نگاہ میں کیوں نہیں آئے - اور آج تک اسے گورنمنٹ نے کیوں خرید نہیں کیا - یہ ادارہ گندھارا انڈسٹریز ہے -

جناب سپیکر - یہ حقیقت ہے کہ ہماری حکومت جب کبھی بھی کوئی ٹیکس لگاتی ہے - خواہ یہ مرکزی حکومت ہو یا صوبائی حکومت - ان کی پالیسی ایک ہی ہے - وہ چھوٹے کاشتکاروں پر ٹیکس لگاتی ہے -

وہ غریبوں پر ٹیکس لگاتی ہے ۔ ہماری تمام کی تمام آمدنی indirect taxes سے حاصل ہوتی ہے ۔ جس کا تمام تر بار غریبوں پر ہوتا ہے ۔ لیکن ــــ

مسٹر سنیئر ڈپٹی سپیکر ۔ حمزہ صاحب آپ کا وقت ختم ہو چکا ہے ۔ آپ کو پانچ منٹ زائد دئے گئے تھے ۔ بہرحال آپ دو منٹ میں ختم کرنے کی کوشش کیجئے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ آپ مجھ سے پوچھیں گے کہ کیا وجہ ہے کہ حکومت جب بھی ٹیکس لگاتی ہے تو وہ کمزوروں اور غریبوں پر لگاتی ہے ۔ ان میں سے ایک کا ذکر میں کئے دیتا ہوں ۔ یہ ایک چٹھی ہے جو آپ کے سامنے پڑھ دیتا ہوں ۔

"ALL MEMBER-MILLS

Dear Sirs,

I am directed to inform you that at a meeting of the Managing Committee of All Pakistan Textile Mills Association held on the 3rd November, 1964, letter No. Nil, dated the 17th October, 1964, addressed to Mr. Naseer A. Shaikh by Mr. Siddique Dawood and letter No. CTM-5/1970, dated the 23rd October, 1964, addressed to Mr. Siddique Dawood by Mr. Naseer A. Shaikh, were read for taking action by the Committee as desired by the Chairman, Mr. Naseer A. Shaikh. Mr. Siddique Dawood was also present.

As the Chairman, Mr. Naseer A. Shaikh could not attend the meeting, the Vice-Chairman, Mr. Najmud Din Valibhai presided. After discussing the matter at length it was proposed that all member-mills should be requested to donate towards Pakistan Muslim League Fund and it was unanimously resolved that the members should pay contributions at the rate of Rs. 2/- per installed spindle and Rs. 25/- per installed loom through cheques in the name of Pakistan Muslim League.

The Secretary was asked to circulate among the member-mills the above Resolution with the request to contribute immediately."

جناب سپیکر ۔ حقیقت یہ ہے کہ آج اس ملک کے حالات اس قسم کے ہو چکے ہیں کہ ہم عام صنعتکاروں ، بڑے بڑے جاگیرداروں

اور حکام میں کوئی فرق نہیں پاتے ، یہ آپس میں اس حد تک ایک دوسرے سے مل چکے ہیں کہ ان میں سے ایک دوسرے کی تمیز کرنا بھی ہمارے لئے مشکل ہو گیا ہے ۔ اب آپ خود ہی سوچئے کہ آیا آج تک اس دنیا میں کوئی ایسی حکومت بھی معرض وجود میں آئی ہے جو خود ہی اپنے اوپر کوئی ٹیکس لگا لے ۔ حقیقت یہ ہے کہ ہماری تمام لیجسلیٹو اسمبلیز میں جو representation سے محروم طبقہ ہے وہ نچلا طبقہ ہے ۔ کیونکہ غریب کی نمائندگی وہاں نہیں ہوتی ۔ غریب کو وہاں کون پوچھنے والا ہے اس لئے اس کے منتخب ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔ دراصل یہاں select کرتے ہیں elect نہیں کرتے ۔ یہ خواجہ صفدر صاحب اور حمزہ جو اس اسمبلی میں آ گئے ہیں یہ بھی حکومت کی مہربانی سے ہے اگر وہ یہ چاہتے تو میں سمجھتا ہوں کہ جس قسم کے حربے استعمال ہوئے ہیں ہم کبھی elect نہ ہو سکتے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : The member may please take his seat.

مسٹر حمزہ ۔ ہمارا elect ہونا ناممکن تھا ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : The member should please resume his seat now.

میاں سیف اللہ خان (کراچی ۔ ۴) ۔ جناب سپیکر ۔ میں آپ کے توسط سے وزیر خزانہ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ترقیاتی سکیموں کے سلسلہ میں جو کچھ حکومت نے کیا ہے وہ نمایاں ہے اور اس کے لئے میں حکومت کو مبارک باد دیتا ہوں ۔ ہم جانتے ہیں کہ ترقیاتی کاموں کے لئے یہ ضروری ہے کہ حکومت ٹیکس لگائے اور ٹیکس لگاتے وقت یہ زیادہ ضروری ہے کہ اس چیز کو دیکھا جائے کہ جن پر

ٹیکس لگا رہے ہیں آیا وہ اس بوجھ کو برداشت بھی کر سکتے ہیں یا نہیں ۔ اس سلسلہ میں میں کراچی روڈ ٹرانسپورٹ کے متعلق عرض کروں گا ۔ کراچی روڈ ٹرانسپورٹ دو قسم کی ہے ۔ ایک قسم تو وہ ہے جو کراچی شہر اور پاکستان کے دوسرے شہروں کے درمیان چلتی ہے ۔ دوسری قسم وہ ہے جو صرف کراچی شہر کے اندر چلتی ہے ۔ یہ قسم وہ ہے جو بی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی کی سڑکوں کو استعمال نہیں کرتی ۔ اور ان پر کئی پابندیاں ہیں ۔ مثال کے طور پر ایک تو یہ ہے کہ ان ٹرکوں اور بسوں کے لئے خاص روٹ مخصوص ہیں اور جب دفتر کے اوقات یعنی Peak hours ہوتے ہیں تو اس وقت یہ ٹرک اور بسیں نہیں چل سکتیں ۔ Speed Limit اور ٹریفک لائٹ کی وجہ سے رفتار کم ہو جاتی ہے ۔ ان گاڑیوں کو low gear پر چلانا پڑتا ہے اور اس طرح کافی وقت ضائع ہو جاتا ہے ۔ علاوہ ازیں جو ٹرک پرانے اور Re-conditioned ہیں ان پر پہلے ٹوکن ٹیکس لگایا جاتا تھا یعنی ہر تین ماہ کے بعد انتالیس روپے چودہ آنے تھا ۔ اپریل ۱۹۶۴ء میں یہ ٹیکس یکدم بڑھا کر ۳۰۰ روپیہ فی کوارٹر کر دیا گیا ۔ اور اب ۲۰ فیصد اور بڑھا دیا ہے ۔ اسی طرح کراچی میں جو بسیں چلتی ہیں ان پر پہلے ۲۵۰ روپیہ سالانہ ٹیکس تھا ۔ پھر ۳۰۰ روپیہ ہوا اور اب ۲۰ فیصد اور بڑھا دیا گیا ہے ۔ ان حقائق کے پیش نظر میں جناب وزیر خزانہ کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ وہ مہربانی فرما کر کراچی روڈ ٹرانسپورٹ والوں کی درخواست پر ضرور غور فرمائیں ۔ اور ان کے ٹیکس میں کچھ نہ کچھ کمی ضرور کی جائے ۔ کیونکہ وہ اتنا ٹیکس برداشت کرنے کے قابل نہیں ہیں ۔

جناب وزیر خزانہ کی تقریر سے یہ معلوم ہوا ہے کہ کراچی کے لئے جو فنڈز رکھے گئے ہیں وہ ۷ کروڑ ۹۰ لاکھ ہیں -

۱۹۶۲-۶۳ء میں ۱۱ کروڑ ۵۲ لاکھ

۱۹۶۳-۶۴ء میں ۱۱ کروڑ ۷۰ لاکھ

۱۹۶۴-۶۵ء میں ۱۱ کروڑ ۶۹ لاکھ روپیہ مخصوص کیا گیا تھا اور اب آنے والے سال ۱۹۶۵-۶۶ء کے لئے صرف ۷ کروڑ ۹۰ لاکھ روپیہ رکھا گیا ہے - اس کا سبب یہ بتایا گیا ہے کہ کوزنگی کی سکیم مکمل ہو چکی ہے اس لئے یہ رقم کم کر دی گئی ہے -

جناب والا - میں یہ عرض کروں گا کہ جب کبھی کوئی کراچی کا نام لیتا ہے تو یہ سمجھتا ہے کہ شاید آدھی دولت وہیں پر ہے - اگر بندر روڈ ، میکلوڈ روڈ ، کلفٹن اور دوسری ہاؤسنگ سوسائٹیوں کو دیکھیں تو واقعی وہ اچھے علاقے ہیں لیکن ان کے علاوہ جتنے علاقے ہیں وہ بہت ہی پس ماندہ ہیں اور Backward ہیں - مثلاً لیاری اور کلری کے علاقہ جات ہیں جو گاؤں کی مانند ہیں - کراچی میں یہ بدترین قسم کے گاؤں ہیں - لیاری کا جو علاقہ ہے اس کی آبادی تین لاکھ کی ہے - یہ علاقہ جات پاکستان بننے سے پہلے کے ہیں - لیکن ان کی حالت اب تک وہی ہے جو پہلے تھی - چند ایک سڑکیں ہیں - نالیاں نہیں ، ڈرینیج کا کوئی انتظام نہیں گندہ پانی ہے وہاں مچھروں اور مکھیوں کی کثرت ہے - اس علاقہ میں اگر کوئی شخص بات کرتا ہے تو اسے ہر وقت یہ خیال دامن گیر رہتا ہے کہ کہیں کوئی مکھی اس کے منہ میں نہ چلی جائے - ایسے گندے علاقوں میں مختلف قسم کی بیماریاں

پھیلتی ہیں مثلاً پیٹ کی بیماریاں ہیں۔ ٹائیفائڈ ہے ہیضہ ہے۔ وہاں ملیریا کثرت سے ہوتا ہے۔ پینے کا پانی نہیں ملتا اس کی بڑی قلت ہے جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے سڑکوں کا کوئی جال پھیلا ہوا نہیں۔ کوئی بجلی کا انتظام نہیں اور ڈرینیج نہیں۔ جگہ جگہ کھڈے ہیں اگر کوئی شخص رات کو چلے تو کھڈے میں گر جاتا ہے۔ اتنی آبادی ہونے کے باوجود بھی بہت کم سکول ہیں اور کالج ایک بھی نہیں۔ لیاری کا علاقہ پاکستان بننے سے پہلے بھی تھا۔ لیکن اس کی حالت میں کوئی فرق نہیں آیا۔ اور وہاں ابھی تک کوئی ترقی نہیں کی گئی۔

جناب والا۔ مغربی پاکستان کے بہت سے لوگ اپنے اپنے کام کے سلسلہ میں کراچی میں بس رہے ہیں۔ جہاں تک انڈسٹریل ایریا کا تعلق ہے وہاں عام طور پر لوگ کاروباری سلسلہ میں خود ہی آباد ہو گئے ہیں۔ وزیر خزانہ صاحب نے اپنی تقریر میں یہ تسلیم کیا ہے کہ ہاؤسنگ کی سخت قلت ہے۔ ان لوگوں کی جو ان پس ماندہ علاقوں میں جھگیاں ڈال کر پڑے ہیں بہت بری حالت ہے۔ یوں تو کراچی میں کتنی ہی کالونیاں ہیں۔ مثلاً شیر شاہ کالونی ہے، آگرہ کالونی ہے۔ بہار، پٹھان، اور بلدیہ وغیرہ کتنی کالونیاں ہیں لیکن وہاں جتنے پس ماندہ علاقے ہیں وہاں پانی کا کوئی انتظام نہیں۔ کئی میل دور سے پانی مہیا کیا گیا ہے۔ کے ڈی اے نے پانی کے main connection دئیے ہیں۔ اور اب جب پانی آتا ہے تو پانی لیتے وقت اکثر

لڑائیاں ہوتی ہیں ایک ایک وقت میں کئی سو لوگوں کو انتظار کرنا پڑتا ہے۔ کسی کو پینے کے لئے پانی کی ضرورت ہوتی ہے اور کسی کو کھانا پکانے کے لئے، وہاں بجلی کا نام و نشان نہیں، سڑکیں نہیں، ڈرینیج بالکل نہیں، نہ کوئی سکول ہے نہ کوئی ڈسپنسری ہے۔

کراچی میں کورنگی سکیم کے مکمل ہو جانے کے بعد اب بھی ہاؤسنگ کی Probelm ہے۔ اور اس کا کوئی حل نہیں سوچا گیا۔ نہ کوئی سکیم ہے۔ میرے خیال میں تو اس کے لئے یہی بہتر ہے کہ اپنی مدد آپ کے طریقہ پر کام کیا جائے۔ گورنمنٹ بنیادی چیزیں مہیا کر دے اس طرح Housing shortage دور ہو سکتی ہے۔

پچھلی دفعہ جب پریذیڈنٹ صاحب کے الیکشن کے سلسلہ میں کراچی تشریف لائے تھے تو انہوں نے لوگوں سے وعدہ فرمایا تھا کہ جو لوگ ان مشکلات میں زندگی بسر کر رہے ہیں۔ انہیں زمین پٹے پر دی جائے گی۔ تاکہ کچھ تو سہولت ہو جائے۔ اور وہ لوگ اپنے مکان خود بنا لیں۔ لیکن کچھ بھی نہیں ہوا۔ ان کو کوئی occupation rights نہیں ملے۔ اس لئے میں گذارش کروں گا کہ لوگوں کو پٹے پر زمین مناسب قیمت کے حساب سے دی جائے سڑکوں کو درست کیا جائے نئی سڑکیں بنائی جائیں۔ ڈرینیج کا انتظام کیا جائے سینٹری سٹاف دیا جائے تاکہ گندگی کا انتظام ہو سکے۔ اگر ایسا ہو جائے۔ تو پھر Housing problem خود بخود حل ہو جائے گی صحیح مکان بنیں گے۔ رہائش بھی

اچھی ہوگی ۔ اور ان لوگوں کو جو گندگی میں مبتلا ہیں اس سے نجات ملے گی ۔ دوسرے عرض یہ ہے کہ یہ علاقہ بد قسمتی سے مندرجہ ذیل مقامی جماعتوں کے زیر انتظام ہے ۔

۱ ۔ کے ۔ ایم ۔ سی ۔

۲۔ کے ۔ ڈی ۔ اے

۳۔ یونین کونسل کا علاقہ جو ڈویژنل کونسل اور ڈسٹرکٹ کونسل کے نیچے آتا ہے اس علاقہ کے لئے بہت ضروری ہے کہ ایک سپیشل فنڈ مہیا کیا جائے جو کے ۔ ایم ۔ سی اور کے ۔ ڈی ۔ اے کو دیا جائے تاکہ اس طرح ان کی بنیادی ضروریات پوری ہو سکیں ۔ اس کے بغیر یہاں کے لوگ ترقی نہیں کر سکتے ۔ وہ لوگ اس پسماندہ علاقہ میں بسے ہوئے ہیں اور ان کی آبادی کی رفتار دوسرے علاقہ سے زیادہ ہے۔ جو رقم ان پر خرچ ہو رہی ہے وہ ان کے لئے پوری نہیں پڑتی کیونکہ آبادی اس سے زیادہ بڑھ جاتی ہے ۔

آخر میں میں جناب وزیر خزانہ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ اس ہاؤسنگ shortage کو دور کرنے کے لئے جو میں نے تجویزیں کی ہیں ان پر غور کیا جائے اور ایک سپیشل فنڈ کے ۔ ایم ۔ سی اور کے ۔ ڈی ۔ اے کے حوالے کیا جائے تاکہ وہ اس علاقہ کی ترقی کر سکیں ۔

مسٹر جعفر علی شاہ اتالیق (پشاور ایجنسی) ۔ جناب والا ۔ سب سے پہلے میں جناب وزیر خزانہ صاحب کو ان کے فاضل بجٹ پر مبارک باد دیتا ہوں اور یہ بات خاص طور پر اطمینان بخش ہے کہ بجٹ میں پسماندہ اور خاص کر سرحدی علاقہ کی ترقیات کا لحاظ رکھا گیا ہے ۔ جناب والا ۔

بجٹ کے خاص پہلوؤں پر فاضلانہ بحث اور تنقید و تبصرہ تو بہت سے صاحبان فرمائیں گے ۔ میں صرف اس موقع پر چترال کی کچھ غیر معمولی مشکلات کے متعلق عرض کروں گا ۔ جناب والا ۔ چترال جیسا کہ آپ کو معلوم ہے پاکستان کا انتہائی شمالی حصہ اور اپنے محل وقوع کے لحاظ سے خاص اہمیت رکھتا ہے ۔ اس علاقہ کو پاکستان کے دوسرے حصوں سے ملانےوالا صرف ایک راستہ ہے ۔ یہ راستہ ۱۱ ہزار فٹ اونچا لواری پاس کے اوپر سے گزر کر جاتا ہے ۔ یہ پاس سال بھر یعنی ۷ مہینے دسمبر سے جون تک برف سے مسدود رہتا ہے باقی پانچ مہینوں میں بھی جب برف نہیں ہوتی تو بھی وہاں کی سڑک کی حالت ایسی ہے کہ وہاں سے جیپ بمشکل گزر سکتی ہے ۔ ٹرک اور لاری ضروریات زندگی لے کر چترال نہیں جا سکتے جس کی وجہ سے ضروریات زندگی مثلاً اناج ، نمک ، مٹی کا تیل وغیرہ کی فراہمی میں وہاں کے لوگوں کو سخت مصیبت کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔ حکومت اس وقت چترال جیسے پسماندہ علاقہ کی ترقی پر خاص توجہ دے رہی ہے مگر یہ حقیقت ہے کہ جب تک لواری پاس میں سال بھر آزاد رہنے والی سڑک نہ بنائی جائے اس وقت تک اس علاقہ کی ترقی کی ان تمام کوششوں کا کوئی خاطر خواہ نتیجہ نہیں نکل سکتا ۔ اس وقت اس مشکل کا صرف واحد حل یہ ہے کہ لواری پاس میں ایک سرنگ بنائی جائے جس سے وہاں کے لئے سال بھر راستہ آزاد ہو جائے ۔ ظاہر ہے کہ سرنگ بنانے میں خرچ بھی زیادہ ہوگا اور وقت بھی لگے گا ۔ خرچ کا جواز اس امر سے ہو سکتا ہے کہ گورنمنٹ کو جو سپلائی وہاں جاتی ہے ان پر کرایہ کم ہونے سے کافی بچت ہو جائے گی ۔ دوسرے اس وقت جو subsidy دی جا رہی ہے وہ بھی بچ جائے گی ۔ اس کے علاوہ چترال کی

معدنی اور جنگلاتی پیداوار کی برآمد کی وجہ سے بھی فائدہ ہوگا ۔ اس کے علاوہ چترال کے اندر سڑکوں کی توسیع کی بہت ضرورت ہے ۔ وہاں دو سو میل کے طویل علاقہ میں صرف ۵۰ یا ۶۰ میل ایسی سڑک ہے جس پر جیپ گزر سکتی ہے ۔ چترال کی مجموعی ترقی کے لئے یہ بہت ضروری ہے کہ وہاں کی اندرونی سڑکوں کی حالت درست کی جائے اور پانچ مہینے کے لئے بھی لواری پاس کی اوپر کی سڑک کو اس قابل کیا جائے کہ گرمیوں میں اس پر لاریاں ضروریات زندگی لے کر چترال پہنچ سکیں ۔ اس وقت حکومت چترال کو گیہوں کی subsidy دے رہی ہے لیکن ایسی ہی دیگر ضروریات مثلاً نمک ، مٹی کا تیل وغیرہ پر subsidy نہ ہونے کی وجہ سے وہاں یہ سب چیزیں نہایت گراں قیمت پر ملتی ہیں اور ان کی فراہمی میں بہت مصیبت کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔ میری عرض یہ ہے کہ ان چیزوں پر یعنی نمک اور مٹی کے تیل پر بھی subsidy دی جائے ۔ اس قسم کی subsidy گلگت ایجنسی میں دی جاتی ہے اورچترال کے حالات وہاں سے بہتر نہیں ہیں اور حکومت کی خاص توجہ کے مستحق ہیں ۔

جناب والا ۔ چترال میں معدنیات بکثرت پائی جاتی ہیں جن سے پوری طرح فائدہ اٹھانے سے نہ صرف چترال کے لوگوں کی اقتصادی حالت بہتر ہو جائے گی بلکہ پاکستان بھر کی صنعتوں کو بھی تقویت پہنچے گی مثلاً وہاں اعلیٰ کوالٹی کی لوہے کی کانیں ہیں جو پاکستان کی سٹیل انڈسٹری کے لئے بہت ضروری ہیں۔ علاوہ ازیں وہاں Antimony, Mica, Sulphur, Copper بھی پائے جاتے ہیں ۔ دریا کی ریت میں سونا ملتا ہے ۔ اور چاندی سیسہ کے کان دریافت ہوئے ہیں ۔ ان چیزوں سے اس وقت تک فائدہ نہیں اٹھایا جا

سکتا جب تک کہ آمد و رفت کی حالت بہتر نہ ہو ۔ تیسری چیز یہ کہ چترال میں ابھی تک بجلی نہیں آئی ہے بجلی نہ ہونے کی وجہ سے اور مٹی کا تیل گراں ہونے کی وجہ سے وہاں کے عوام لکڑی جلا کر روشنی کا کام لیتے ہیں جس کا اثر جنگلات پر بھی پڑتا ہے ۔

علاوہ ازیں چترال میں غیر ممالک سے ہر سال بہت سے سیاح آتے ہیں وہاں بجلی نہ ہونے کی وجہ سے وہ ہماری ترقیات کے رفتار کے متعلق کوئی اچھا تاثر لے کر نہیں جاتے ہیں اس لئے مجھے امید ہے کہ حکومت جلد ہی چترال میں پن بجلی کا منصوبہ بنانے پر غور کرے گی ۔ بجلی چترال میں پہنچ جانے کی وجہ سے وہاں نہ صرف چھوٹی چھوٹی صنعتیں قائم ہو جائیں گی بلکہ وہاں کی معدنیات کو بھی صاف کیا جا سکے گا اور صاف حالت میں برآمد کیا جا سکے گا ۔ آخر میں میری عرض ہے کہ چترال جیسے پسماندہ اور دور افتادہ علاقہ کی ترقیاتی کاموں کے لئے رقم دیتے وقت اس امر کا خیال رکھنا چاہئے کہ دراصل اس رقم سے وہاں کام کتنا ممکن ہو سکتا ہے ۔ مثلاً یہاں ایک تعمیراتی کام پر جتنا روپیہ صرف ہوتا ہے وہاں چترال میں اس کام پر اس سے تگنا خرچ آتا ہے کیونکہ سیمنٹ وغیرہ میٹیریل اسی طرح گراں وہاں پہنچ سکتے ہیں اور مشینری وہاں جا نہیں سکتی ۔ اس لئے میری یہ عرض ہے کہ حکومت چترال کو ترقیاتی کاموں کے لئے جو رقم اس وقت دے رہی ہے اس میں اسی تناسب سے اضافہ کیا جائے تب جا کر چترال کی ترقی کی رفتار پاکستان کے دوسرے حصوں کے برابر ہو جائے گی ۔

Mr. Zain Noorani (Karachi-I) : Mr. Senior Deputy Speaker, Sir, the financial policy of a Province, as I understand it, is not an end in

itself. It must subserve and be subordinate to the broader national policy. And from this point of view let me say at the very outset that the Budget presented to this House by the Finance Minister meets with the requirements and policies that conform to the Central Government Budget.

Sir, I beg to submit that the Finance Minister of the Government is the custodian of its finances and, therefore, it is his primary duty to deploy the resources of the province towards production, distribution and consumption for the greatest good of the greatest number of people, and when he comes before this House with his budget, be it surplus as in this case or be it deficit, we must judge it not so much from the book-keeping point of view as from its larger impact on and implication to the province as a whole.

Now Sir, from these standards, how does the budget and the proposals made by the Finance Minister fare? In my opinion, Sir, it is a very well thought out and well-planned budget. It makes great promises for increase in agricultural yield, it promises better and greater industries and it promises better education. In addition to all this, it further goes a great length towards fulfilling the promise made by the President, Field Marshal Muhammad Ayub Khan, about raising the standard of living of the common man. I am particularly glad Sir to see the importance which is being given to agriculture and I take this opportunity of repeating what I said in this very House in the year 1957 that agriculture not only gives riches to a nation but the only riches which it can rightly claim as its own. It is most heartening that agriculture has played an important part in building up our national income. From the speech delivered by the Finance Minister, and a study of the budget I can only come to conclusion that the province is going to a silent revolution, an agricultural revolution. This is as it should be. The entire agricultural life of the province is being re-constructed and re-modelled and if we keep to it at this pace, I am sure that the day is not far when we shall have become self-sufficient in food products.

In the field of industry, I am glad to learn that a large allocation has been made for new industries. While not belittling the importance of the urgency of a heavy industry, I would like to plead the cause of the agro-economic industries, I mean the industries based on agriculture. Sir even advanced agriculture requires industry. These industries need not be set up in the larger towns like Karachi, Lahore, Peshawar and Hyderabad. They must be located in the smaller towns so as to provide employment to the nearby townships and villages. It

is the responsibility of the Government and I recommend to them not only to encourage agro-economic industry but directly, if possible, sponsor them. In addition to this, the importance of home and cottage industries is no less. It should be our aim Sir to convert every village in Pakistan into a production centre, providing necessary needs for the home market.

Now Sir, I come to education. In the field of education also, a lot is being done. Sufficient funds are being provided and new schools and colleges are being opened, but all this is being done, Sir, for the younger generation, I want today to plead the cause of the last generation, the generation, Sir, to which you and I belong. In our country, Sir, it is no secret that a vast majority of the people are illiterate and ignorant, that the percentage of literacy is very low. This is not a very happy situation and we must try and improve it. I am talking Sir of adult education. We must have a scheme for introducing adult education in as wide a range as possible. We must wage a war against ignorance and time appears to be clearing the barriers that have been clouding our rural life.

Sir, now I come to the allocations made to the various regions. During 1965-66, N.W.F.P. gets 9.54 crores, being 1.69 more than last year; Sind gets 31.7 crores, being 2 crores more; Baluchistan gets .15 crores more; Punjab gets 47.45 crores, which is 11.75 crores more. I am glad that all these regions are getting enhanced allocations. I do not envy them; I wish them well and I hope that this money will be spent for the greater good of their areas, but then Sir, I come to the unkindest cut of all; unkind since it comes from someone whom we, the Karachites, have the greatest respect for and feel that our interest are in his heart; I am Sir referring to the allocation made to the forgotten and forsaken jewel of West Pakistan, i. e. Karachi. It comes to 6.64 crores, being 3.38 crores less than last year. But then of course there is a sugar-coated pill of quinine in the shape of 5.78 crores, which the Finance Minister promises will be spent by the K.D.A. from its own resources. What resources Sir ? The Finance Minister knows it, and I know it is very doubtful whether the K.D.A. is today, despite its most efficient that it Chairman and a dynamic Director General, in a position to spend this amount out of its own resources, and finally, of course, there is also a carrot, a box of candy, which has been dangled before us in the shape of a promise of accelerating our allocation in future. Sir, as I said, I doubt very much whether this

5 crores of rupees will be found to be spend by the K.D.A. I most respectfully and humbly beg of the Government and the Finance Minister to kindly give us back our 10 crores and let the K.D.A. take care of itself. Talking of the resources of the K.D.A., why is it not in a position to finance such large projects? It should have been, simply because its asset are blocked, its assets are blocked because it has not been able to realize the dues by way of rent the cost of quarters in the areas of Korangi, Landi and other places. Why has it not been able to recover this amount? Because of a tussle between the inhabitants of these quarters and the K.D.A. as regards the price. However, now as a result of the promise of the President, the K.D.A. has agreed to bring down the price of a quarter to Rs. 1400 from Rs. 1900. But again Sir, there is a snag that only those who pay in lumpsum are entitled to pay Rs. 1400 and others, who pay in instalments, will have to pay Rs. 1900. This is fair enough on the face of it. After all, everywhere in the world, people, who pay by instalment, pay more than those who pay in a lump sum. This is normal business matter. But Sir, is this business? I assure you, Sir, this is a human problem, this is not a business problem. It has got to be treated as a welfare problem and as a humanitarian problem. You cannot treat it as a business proposition. The people who pay by installments are those who are very poor and it is not going to make a great deal of difference to the Government if a few nineteen hundred rupees which are paid in lumpsum are not received. Think of all the black money which will be recoverable to you if you accept my proposition and I assure you as the elected representative of the people of that area that if you agree to charge the inhabitants of these quarters Rs. 1400, be it by installments or not, I am sure you will recover 80 per cent of your dues regularly and in as large a sum as possible. Then again, Sir, there is a slight mis-understanding among the people and the K. D. A. with regard to the way these funds come from. The people in Karachi, generally, believe that these quarters have been constructed out of the gift given by foreign governments and the refugee funds. I have discussed this thing, at various levels, with Government authorities and I find that this is not true and I believe it. But, Sir, after all what harm can there be if at a government level you were to pursuade the Central Government to issue a statement giving the details of the accounts as to how much you spent out of gift, how much out of the refugee funds and how much from the Government's own resources.

Once this misunderstanding is removed, I am sure, the Government will have no problem in Karachi.

One thing more I would like to say about Karachi. Unfortunately, as it is placed, being the only port in West Pakistan and also, till today, being the industrial capital of the Province it keeps on growing by leaps and bounds. There is a steady influx into Karachi of people from all over. These are not refugees coming in from across the border but these are our own brethren from the various former provinces of West Pakistan, namely, Frontier, Baluchistan, Sind and elsewhere, who come there in search of jobs. I anticipate, Sir, that in the next few years Karachi will have grown into a city with a population of over forty lakhs people instead of the present twenty-five lakhs. All these persons will have to be provided with shelter whether we like it or not. Reverting back to the people of Korangi, the attitude that if they don't pay in time they will be ejected from their quarters and these quarters will be allotted to other people is not a very helpful one. After all, no civilized Government can over-night create two lakhs homeless people. Neither will the present government do it. Not because it cannot do. Of course it can do but no Government wants to take a fresh problem of rehabilitating such a large number of people on its head. Why not deal with them sympathetically and in a manner by which we resolve that dispute. As for Karachi, Sir, as I said before, it is the show-window of Pakistan. Let us realise that it belongs to all of us whether we come from one corner of the province or the other.

The other thing which I would like to touch is what my friend Mr. Saif Ullah Khan just now mentioned about the motor vehicles tax. Section 3 of the 1958 Act gives you sufficient power to have a special slab of rates fixed for these unfortunate truck owners. They do require your sympathy in as much as their trucks should never be compared with the monsters which we see on the highways hauling goods from one corner to the other corner. Their income is much less and, therefore, taxation also ought to be much less.

Before I conclude, there is yet one more very strange problem facing the people of Karachi. With this speed and intensity of construction which is going on in the city, sand, which is excavated from the Malir river and which absorbs water thereby feeding the nearby wells of the vegetable belt, is fast drying up and the day is not far

off, unless legislation is made stopping people from excavating sand from this river or unless some bunds are built, when these wells will go completely dry and the vegetable belt which feeds not only Karachi but the adjoining areas will have gone completely barren.

Before I resume my seat I would like to say one thing. Please let it not be thought from what I have said that we the people of Karachi are not or do not appreciate what is being done for us. We know that during the last few years whatever development has taken place in Karachi compares much favourably with what was done before. We know the present government has also provided schemes which will go towards our betterment. What we ask for is that a more practical approach be made to the problems of our great city.

Thank you.

رانا پھول محمد خان (لاہور - ۷) - جناب والا - میں وزیر خزانہ کو یہ فاضل بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں - میں سارے صوبہ کے حالات پر روشنی ڈالنے کی اہلیت تو نہیں رکھتا - یہ کام دائیں طرف بیٹھنے والے دوستوں کا ہے - میں صرف اپنے علاقے کے چند ضروری امور پر اپنی حکومت کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں - جو نہایت اہم ہیں -

جناب والا - صوبہ کا صدر مقام ہونے کی حیثیت سے ضلع لاہور کو خاص اہمیت حاصل ہے- لیکن اگر غور سے دیکھا جائے تو ضلع لاہور کے دیہات اس قدر پس ماندہ ہیں کہ کوئی دور دراز کا علاقہ بھی شاید ہی آپکو اتنا پسماندہ ملے - جناب والا - اس ضلع کی تعلیم کی یہ حالت ہے کہ اس ضلع میں شاید آپکو ایک ہی گورنمنٹ ہائی سکول ملے - میں جناب وزیر تعلیم کی توجہ اس طرف منعطف کرانا چاہتا ہوں کہ اس ضلع کی ضلع کونسل باقی اضلاع کے مقابلہ میں مالی لحاظ سے بہت کمزور ہے -

اس لئے نئے مالی سال میں نئے ہائی سکول جاری کرنے کا جو پروگرام ہے اس میں ضلع لاہور کو نظر انداز نہ کیا جائے۔

اس کے علاوہ اگر آپ اس ضلع کی فہرست منگوا کر دیکھیں تو آپکو معلوم ہوگا کہ سروس میں بھی یہ ضلع بہت پسماندہ ہے ۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ اس ضلع میں چھوٹے زمینداروں اور مزارعوں کی آبادی زیادہ ہے اور وہ اپنے بچوں کو لاہور شہر میں تعلیم نہیں دلا سکتے ۔ پتوکی اس ضلع کا ایک نہایت آباد مقام ہے وہاں کی میونسپلٹی نے ایک کالج کھولا تھا ۔ مگر اس میونسپل کمیٹی کی مالی حالت کمزور ہے ۔ وہ اس کالج کو چلانے سے معذور ہے ۔ اسلئے میری یہ دراخوست ہے کہ وزیر تعلیم نئے کالج کھولنے کی بجائے ایسے پرانے کالجوں کو اپنی تحویل میں لے لیں ۔

اس کے علاوہ جناب والا ۔ اس ضلع کی زراعت کی حالت یہ ہے کہ یہاں کی ایک فصل کو چھ ماہ پانی ہندوستان کی نہروں سے ملتا ہے ۔ اور بیجائی اور پکائی کے موقع پر وہ پانی بند ہو جاتا ہے اس لئے نہ ہماری بیجائی اچھی طرح سے ہو سکتی ہے ، نہ پکائی ۔ لیکن اس ضلع کے بیشتر رقبے کا پانی میٹھا ہے ۔ اس لئے ٹیوب ویلوں سے اس کمی کو پورا کیا جا سکتا ہے ۔ مثال کے طور پر جیسے تحصیل چونیاں ہے ۔ اس تحصیل کا رقبہ تقریباً اسی ہزار ایکڑ ہے ۔ اس میں سے بہت سا رقبہ بنجر، بارانی اور غیر آبپاشی پڑا ہوا ہے ۔ لیکن چونکہ وہاں کا پانی میٹھا ہے ۔ لہذا اس رقبے کو زیرکاشت لایا جا سکتا ہے ۔ لیکن وہاں بجلی نہ پہنچنے کی وجہ سے وہاں کے لوگ ٹیوب ویل نصب نہیں کر سکتے ۔ اگر اس علاقے کو

بجلی پہنچائی جائے ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ ضلع لاہور میں غذائی پیداوار کے لحاظ سے چونیاں کا علاقہ بہترین علاقہ ہے اور اس طرح ملکی غذائی پیداوار میں کافی اضافہ ہو سکتا ہے ۔ اس لئے میں جناب وزیر خزانہ کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ بجٹ میں جو ایک سو ستر کروڑ روپے بجلی کی ترقی کے لئے رکھا گیا ہے ۔ اور دیہات میں بجلی پہنچانے کے لئے صرف پچیس کروڑ روپے اس میں سے رکھے گئے ہیں ۔ حالانکہ اس صوبے کی پچاسی فیصد آبادی دیہات پر مشتمل ہے ۔ اس لئے میں وزیر خزانہ کی خدمت میں گذارش کرونگا کہ اس پر نظرثانی کریں اور دیہات میں بجلی پہنچانے کے لئے زیادہ رقم مخصوص کریں ۔

جناب والا ۔ اسکے بعد میں جناب وزیر صحت کی توجہ ضلع لاہور کے ہسپتالوں کی طرف منعطف کرانا چاہتا ہوں ۔ ضلع لاہور میں جو میو ہسپتال اور گنگا رام ہسپتال وغیرہ ہیں ۔ ان میں سارے صوبے کے مریض داخل ہوتے ہیں ۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ ہر ضلع کے ہیڈ کوارٹر میں ایک ہسپتال ہوتا ہے ۔ جہاں ضلع کے مریضوں کو داخل کیا جاتا ہے ۔ لیکن بد قسمتی سے ہمارا ضلع لاہور ہونے کی وجہ سے کہ یہاں کے ہسپتالوں میں سارے صوبے کے مریض داخل کئے جاتے ہیں اس وجہ سے ہمارے دیہاتی لوگوں کے لئے ایسے ہسپتالوں میں جگہ نہیں ہوتی کہ جہاں ہم اپنے مریضوں کو داخل کروا سکیں ۔ ویسے تو پتوکی ، قصور ، بھائی پھیرو اور چونیاں میں ہسپتال موجود ہیں ۔ لیکن ان میں کوئی ایسا وارڈ نہیں ہے کہ جہاں پر چالیس پچاس مریضوں کے لئے ایک ساتھ ہی داخلے کا بندوبست کیا جا سکے ۔ اسلئے میں آپکی وساطت سے جناب

وزیر صحت کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ ضلع کے ان سول ہسپتالوں میں بھی ایسے وارڈ تعمیر کرائیں کہ جن میں بیس تیس مریضوں کے داخلے کی گنجائش ہو -

جناب والا - اسکے علاوہ اگر آپ اس ضلع کی حالت دیکھیں - تو اسکی حالت مظفر گڑھ اور ڈیرہ غازی خان سے بھی بدتر ہے - اسلئےمیں حکومت سے دراخوست کروں گا کہ وہ اس طرف خاص توجہ فرمائیں - اس ضلع میں بیشتر آبادی مہاجرین کی ہے - لیکن سینکڑوں خاندان ایسے ہیں کہ جنہوں نے اپنے کلیم داخل کئے ہیں - ان کے رقبے سنٹرل ریکارڈ میں موجود ہیں - لیکن حکومت کی کسی پالیسی کی وجہ سے ابھی تک انہیں کچھ نہیں مل سکا اور وہ بیچارے در در بھیک مانگتے پھر رہے ہیں - اس لئے میں حکومت کی توجہ مہاجرین کی اس کس مپرسی کی طرف بھی دلاؤنگا - جنہیں ابھی تک اپنے حقوق نہیں دیئے گئے ہیں -

اس کے علاوہ اس ضلع میں نہری پانی کی کمی کی وجہ سے آبیانہ دیتے وقت زمینداروں کو بڑی سخت تکلیف ہوتی ہے - لیکن نیا ٹیکس عائد کرتے وقت مزید دس فیصد ٹیکس بڑھایا گیا ہے - حالانکہ ۱۹۶۲ء میں بھی آبیانے میں دس فیصد کا اضافہ کیا گیا تھا - اس لئے میں درخواست کروں گا کہ اگر سارے صوبے میں نہیں تو کم از کم ضلع لاہور کے ان دیہات میں کہ جہاں ہندوستان کی نہریں چھ مہینے کے لئے پانی دیتی ہیں - ان کو اس دس فیصد کے اضافہ سے مستثنیٰ کر دیا جائے -

اس کے بعد میرے ایک فاضل دوست نے اس صوبے کے انتخابات پر جو روشنی ڈالی ہے - میں سمجھتا ہوں کہ میں بھی اس کے متعلق کچھ

عرض کروں ۔ حقیقت تو یہ ہے کہ اس صوبہ مغربی پاکستان میں جس قدر غیر جانبدارانہ طور پر انتخابات ہوئے ہیں ۔ پاکستان کی تاریخ میں شاید ہی اسکی مثال مل سکے ۔ مثال کے طور پر قائد حزب اختلاف کے ضلع سیالکوٹ میں ایک بھی ممبر مسلم لیگی ٹکٹ پر کامیاب نہیں ہو سکا۔اسی طرح میرے ضلع لاہور کی سات نشستوں پر صرف دو مسلم لیگی امیدوار کامیاب ہو سکے ہیں اور پانچ نشستوں پر وہ حضرات کامیاب ہوئے ہیں جنہوں نے مسلم لیگی امیدواروں کا مقابلہ کیا تھا ۔ دراصل ایک گروہ ایسا ہوتا ہے جو روزانہ ممبران کو جا کر اکساتے ہیں کہ آپ نے تقریر اچھی نہیں کی ۔ آپ نے حکومت پر تنقید نہیں کی ۔ اور یہ انسانی فطرت ہے کہ ہر انسان کم عقل انسان کی تلاش میں ہوتا ہے ۔ اگر اسے ایسا آدمی مل جائے تو پھر وہ اسے استعمال کرتا ہے ۔ اگر نہ ملے تو مجبوراً صبر کر لیتا ہے ۔ لیکن انسان جب رات کو سوتا ہے تو سونے سے پہلے اسکا ضمیر اس کے اعمال کا محاسبہ کرتا ہے ۔ اس کے تمام دن کی کارروائی کا نقشہ اس کے سامنے ہوتا ہے ۔ اور جب وہ محسوس کرتا ہے کہ فلاں جگہ میں نے جھوٹ بولا تھا یا فلاں جگہ میں نے غلط کام کیا تھا ۔ تو اسکا ضمیر اسکو ملامت کرتا ہے ۔ اسی طرح ہمارے ان دوستوں کا ضمیر بھی انہیں ملامت تو ضرور کرتا ہے کہ جب وہ کہتے ہیں کہ انتخابات میں حکومت کی تمام مشنیری استعمال کی گئی تھی کہ حکومت اپنے آدمیوں کو انتخابات میں کامیاب کرا سکے ۔ لیکن حقیقت میں ان کے مقابلےمیں ہی مسلم لیگی امیدوار ہار گئے تھے ۔

ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔ اور حکومت سے

پرزور مطالبہ کرتا ہوں کہ ضلع لاہور کی ترقی پر زیادہ سے زیادہ توجہ فرمائے ۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی (ڈیرہ غازی خان-۱) ۔ مسٹر سپیکر ۔ بجٹ واقعی حکومت کے نظام کا ایک بڑا اہم حصہ ہوتا ہے ۔ ہم گھریلو معاملات میں بھی انفرادی طور پر بجٹ بناتے ہیں ۔ چھوٹے محکموں کے بجٹ بھی ہوتے ہیں ۔ اور اس کے نتائج بہت اہم ہوتے ہیں ۔ اور اس لحاظ سے اتنے بڑے صوبے کا بجٹ بنانا کوئی معمولی کام نہیں ہے ۔ اس میں کافی خوبیاں بھی ہیں ۔ اور اس میں بعض ایسی چیزیں بھی ہیں ۔ کہ جن پر مجھے اعتراض ہے ۔ خوبیوں کے لحاظ سے سب سے زیادہ قابل قدر بات یہ ہے کہ اس میں اس بات کا اعلان کیا گیا ہے کہ یہ بجٹ ہمارے صدر مملکت کے انتخابی منشور کے مطابق ہے ۔ اس کے بعد وزیر خزانہ صاحب نے اپنی تقریر میں یہ مژدہ جانفزا بھی سنایا ہے کہ پسماندہ علاقوں کی ترقی پر خاص توجہ دی جائے گی ۔ اس لئے میرے لئے یہ دوسری شق بھی کافی اہمیت رکھتی ہے ۔ سنا ہے کہ دیہاتی ترقیاتی پروگرام کے لئے بھی پہلے سے زیادہ رقم رکھی گئی ہے ۔ بلکہ گذشتہ منصوبہ میں اسکے لئے بیس کروڑ روپے رکھے گئے تھے اور اب اسکے مقابلے میں ایک ارب روپے رکھے گئے ہیں ۔ یہ بھی ایک اچھا قدم ہے ۔ تعلیم بھی بڑی ضروری چیز ہے اور تعلیم کے بغیر کوئی قوم ترقی ہی نہیں کر سکتی ۔ اس کے لئے پہلے منصوبے میں ۴۶ کروڑ روپے رکھے گئے تھے اور اب صرف اس سال اسکے لئے پندرہ کروڑ روپے رکھے گئے ہیں ۔ یہ بھی ایک اہم قدم ہے ۔ اسکی طرف بھی توجہ دیکر ایک اچھا قدم اٹھایا گیا ہے ۔ چاہئے تو یہ تھا کہ میں اس باوقار ایوان میں ملکی نقطۂ نگاہ سے اپنی گذارشات کرتا

اور ملکی نظریات اور ضروریات کے تحت تقریر کرتا اور ہمارے پارٹی لیڈر نے بھی ہمیں یہی تلقین فرمائی تھی کہ آپ کو سب سے پہلے ایک پاکستانی کی حیثیت سے سوچنا چاہئے ۔ اور ایک پاکستانی کے نظریات کے مطابق ہی یہاں اظہار فکر کرنی چاہئے ۔ مگر افسوس ہے کہ ہمارا طریقہ انتخاب ایسا ہے کہ ہم ایک خاص حلقہ نیابت سے تعلق رکھتے ہیں ۔ ان کے متعلق چاہے جی چاہے یا نہ چاہے ۔ انتخابی جلسوں میں لوگوں سے وعدے بھی کرنے پڑتے ہیں ۔ لوگ وعدے بھی لے لیتے ہیں ۔ خوشی سے ہو یا جس طرح بھی ہو ۔ ہمیں ان کے سوالات کے جوابات ان کو خوش کرنے کے لئے دینے ہی پڑتے ہیں ۔ اسلئے لازم ہے کہ ہم اپنے حلقہ نیابت کے متعلق بھی سوچیں اور ان کی تکالیف کا اظہار یہاں پر کریں ۔ یہ کہا جائے گا کہ ملکی ضروریات کے پیش نظر ہم یہ باتیں محض تفنن طبع کی غرض سے کرتے ہیں ۔ بہر حال مجھے بجٹ کے دو امور پر اعتراض ہے ۔ پہلا تو یہ کہ انہوں نے زمینداروں پر ٹیکس عائد کیا ہے ۔ میں اسکے لئے کچھ معلومات فراہم کر رہا ہوں ۔ اور انشاء اللہ اسکے متعلق بعد میں عرض کروں گا ۔ بہر حال زمینداروں پر یہ بھی ایک بوجھ ہے اور میں نے سنا ہے کہ اس اسمبلی میں اس قسم کا ایک وعدہ بھی کیا گیا تھا ۔ اور یہ یقین دہانی کرائی گئی تھی کہ زمینداروں پر بوجھ نہیں ڈالا جائے گا ۔ اور خاص طور پر چھوٹے زمینداروں پر جن کی اراضیات کم ہیں ان پر ٹیکس نہیں لگایا جائے گا ۔ لیکن اب اس مزید ٹیکس کے تحت وہ لوگ بھی آئیں گے ۔ بہر حال جہاں گل وہاں خار والی بات ہے ۔ اس بجٹ کو دیکھ کر مجھے ایک بات یاد آئی ہے ۔ ایک بھوکے سے پوچھا گیا کہ دو اور دو کتنے بنے ۔ تو اس نے جواب دیا کہ چار روٹیاں ۔ تو میں بھی جب

اس بجٹ کو دیکھتا ہوں تو میری نگاہ بھی لامحالہ اپنے حلقہ نیابت پر جا پڑتی ہے ۔ تونسہ میں جب تونسہ بیراج بنا تھا تو خیال تھا کہ اس کے بعد وہاں کے لوگ خوشحال ہو جائیں گے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : The time is up and therefore the House is adjourned to meet again tomorrow at 8 a.m.

The Assembly then adjourned till 8.00 a.m. on Tuesday, the 22nd June, 1965.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FIRST SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN.

Tuesday, the 22nd June, 1965.

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8. a. m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝ وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ وَسَتُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝

(پ ۱۱ - س ۹ - رکوع ۲ آیات ۱۰۲ تا ۱۰۵)

اور دوسرے وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنی خطاؤں کا اعتراف کر لیا۔ انہوں نے ملے جلے کام کیلئے تو کچھ بعید نہیں کہ اللہ ان پر (اپنی رحمت سے) لوٹے۔ اللہ بڑا ہی بخشنے والا بڑا ہی رحمت والا ہے۔ (اے پیغمبر) ان لوگوں کے مال سے صدقات قبول کر لو۔ تم قبول کر کے انہیں پاک اور تربیت یافتہ کرو گے نیز ان کیلئے دعائے خیر کرو بلاشبہ تمہاری دعا ان کے دلوں کے لئے راحت و سکون ہے۔ اور اللہ سب کچھ سننے والا اور جاننے والا ہے۔ کیا انہیں معلوم نہیں کہ اللہ ہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے۔ اور جو کچھ بطور خیرات نکالیں اسے منظور کر لیتا ہے۔ اور یہ کہ اللہ ہی ہے۔ زیادہ سے زیادہ توبہ قبول کرنے والا اور بڑا ہی رحمت والا (اے پیغمبر) تم کہہ دو کہ لوگو تم عمل کئے جاؤ اب اللہ دیکھے گا کہ تمہارے عمل کیسے ہوتے ہیں۔ اور اللہ کا رسول بھی دیکھے گا۔ اور مسلمان بھی دیکھیں گے اور پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے جس کے علم میں نہ تو کوئی ظاہر بات پوشیدہ ہے۔ اور نہ کوئی چھپی بات پس وہ تمہیں بتلائیگا جو کچھ تم کرتے رہے ہو۔

وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ

WAIVING OF THE QUESTION HOUR.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ میں تجویز پیش کروں گا ۔ کہ آج وقفہ سوالات suspend کر دیا جائے تاکہ آج زیادہ سے زیادہ معزز ارکان بجٹ کی عام بحث میں حصہ لے سکیں ۔ میرے خیال میں معزز قائد ایوان میری اس تجویز سے اتفاق کرینگے ۔ تاکہ زیادہ سے زیادہ احباب اس کارروائی میں حصہ لے سکیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ قائد ایوان کی کیا رائے ہے ؟

وزیر مال ۔ جناب مجھے کوئی اعتراض نہیں ۔

Khawaja Muhammad Safdar : Thanks.

Mr. Speaker : I think that is also the sense of the House. The Question Hour is waived.

GENERAL BUDGET 1965 – 66.

Discussion on the General Budget as a whole (*resumption*)

Mr. Speaker : The House will now resume discussion on the General Budget as a whole. Malik Muhammad Akhtar.

ملک محمد اختر (لاہور ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ ۱۹۶۵-۶۶ کے بجٹ پر تبصرہ کرنے کے لئے سب سے پہلے اس بات کی ضرورت ہے ۔ کہ انکم اور expenditure کے اعداد و شمار کی طرف آیا جائے ۔ بجٹ میں Actual Revenue rates ایک ارب ۷۷ کروڑ ۱۹ لاکھ ۱۷ ہزار ہیں ۔ اور Capital Expenditure ۳ ارب ۲۱ کروڑ ۳۷ لاکھ ۷۴ ہزار روپے ہیں اور Revenue Expenditure ایک ارب ۷۵ کروڑ ۲۳ لاکھ ۷۶ ہزار نیز Capital Expenditure ایک ارب ۵۰ کروڑ ۷۸ لاکھ ۲۱ ہزار روپے ہے ۔ اس طرح Total Expenditure ۳ ارب ۲۶ کروڑ ۱ لاکھ ۹۷ ہزار روپے بن جاتا ہے ۔ اور جناب والا ۔ اگر Total Receipts اور Total Expenditure کا موازنہ کیا جائے ۔ تو درحقیقت یہ بجٹ ۴ کروڑ ۲۳ لاکھ ۲۳ ہزار روپے کی رقم کے لئے deficit ہے ۔

اب جناب ۔ والا اس deficit بجٹ کو کس طرح پورا کیا گیا ہے ۔ White Paper کی آخری item میں جو figures دی گئی ہیں ۔ یہ کروڑوں میں آتی ہیں ۔

جناب والا ۔ اس وقت ہمارے وزیر خزانہ تشریف نہیں رکھتے ۔ ورنہ میں ان سے استفسار کرتا کہ انہوں نے اس بجٹ کو کس طرح سے ایک فاضل بجٹ قرار دیا ہے ۔ جب کہ حقیقت میں انہوں نے پچھلے سالوں کے cash balances پر انحصار کر کے بڑے لمبے لمبے اعداد و شمار کی موسلا دھار بارش کی ہے ۔ اس بجٹ کا سب سے بڑا پہلو یہ ہے کہ نئے ٹیکس ۴ کروڑ ۱۲ لاکھ روپے تجویز کئے گئے ہیں ۔ اور ان کے متعلق یہ کہا گیا ہے ۔ کہ یہ ٹیکس بڑی آمدنی والے لوگوں پر لگیں گے ۔ اور ہمارے عوام ان سے اثر انداز نہیں ہونگے ۔ لیکن یہ سراسر غلط ہے ۔ دراصل یہ تمام taxation عوام پر ایک direct زد ہے ۔

جناب والا ۔ کل جناب گورنر صاحب مغربی پاکستان نے اپنی ایک پریس کانفرنس میں فرمایا کہ Agricultural Income Tax کی exemption کی limit میں جو ترمیم کی گئی تھی و ۲۵۰ روپے سے ۱۵۰۰ روپے کر دینے کی تجویز کی گئی تھی اس ترمیم کو واپس لے لیا جائے گا میں ان کے اس اعلان کا خیر مقدم کرتا ہوں ۔ اس سے جناب وزیر خزانہ کا وہ دعویٰ باطل ثابت ہو گیا ہے ۔ جس میں انہوں نے کہا تھا ۔ کہ مغربی پاکستان میں بسنے والے تمام طبقوں پر مساوی ٹیکس لگایا گیا ہے ۔ تاوقتیکہ فی الفور باقی ٹیکسوں میں بھی مناسب کمی یا ترمیم نہ کی جائے ۔ یا انہیں حذف نہ کیا جائے ۔

جناب والا ۔ دراصل پاکستان کا economic structure اس ملک کے کنتی کے چند خاندانوں کے ہاتھوں میں چلا گیا ہے ۔ اس لئے ہماری تمام proposals اور منصوبہ جات جو نظریاتی قسم کے ہوتے ہیں ۔ ان پر ہمارے ملک کے صنعت کاروں کا کافی اثر ہوتا ہے ۔ اسی لئے اس قسم کی policies بنائی جاتی

ہیں جن سے ان لوگوں کو directly یا indirectly فائدہ پہنچنا مطلوب ہو ۔ دراصل ہمارے ارباب اقتدار و اختیار ان لوگوں کے ہاتھوں میں pupets کی طرح کھیلتے ہیں ۔ اور وہ سرمایہدار جو اس وقت ہمارے ملک کے اقتصادی نظام پر پوری طرح حاوی ہیں ۔ عوام کو غریب سے غریب تر بنا رہے ہیں ۔ اور اپنے آپ کو امیر تر بنانے کے لئے اقدامات کر رہے ہیں بلکہ میں تو یہ کہوں گا ۔ کہ ہماری جو تجاویز ہوتی ہیں ۔ ان کے ذریعے وہ ہمارا یعنی عوام کا ہی خون چوسنے کی کوشش کرتے ہیں ۔ اور اس طرح اپنے آپ کو زیادہ امیر بنا رہے ہیں ۔

جناب والا۔یہ جو بڑے بڑے صنعتکار ہیں ان کے متعلق دراصل حکومت کی پالیسی یہ ہونی چاہیے ۔ کہ ان تمام صنعتوں کو قومی ملکیت میں لے لیا جائے ۔ اور ان سب کو decentralise کر دینا چاہیے ۔ تا کہ اس قسم کی صنعتیں بکھر جائیں اور ملک کے ہر حصہ اور ہر جگہ کے لوگوں اور مزدوروں کو مزدوری میسر آ سکے ۔ اور یہ جو خاص جگہ پر کسی صنعتکاری کی concentration ہے ۔ اس سے بھی نجات حاصل ہو سکے ۔ دراصل جس طرح P & T-Railways اور P.I.D.C. کو حکومت نے قومی ملکیت میں لیا ہوا ہے ۔ اسی طرح جتنی بڑی بڑی صنعتیں ہیں انہیں قومی ملکیت میں لے لینا چاہیے ۔ اور انہیں socialistics structure اور نظام کے مطابق چلانا چاہئے تا کہ عوام کو زیادہ سے زیادہ فائدہ ہو ۔

یہ بھی ایک حقیقت ہے ۔ کہ ہمارے ساتھ ان economic evils سے نجات دلانے کے بڑے بڑے وعدے کئے گئے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ وہ وعدے محض سنہرے خواب تھے ۔ جو کبھی شرمندہ تعبیر نہ ہونگے ۔ دراصل پاکستان کے عوام کا جذبہ یہ ہے ۔ کہ وہ اپنے ملک کے لئے ہر بڑی سے بڑی قربانی دینے کے لئے تیار ہیں ۔ لیکن اس وقت ان بے زبان لوگوں پر برسراقتدار طبقے کی طرف سے کچھ اس قسم کے غلط ٹیکس عائد کئے جاتے ہیں جن کے دور رس نتائج سے وہ بیچارے لا علم ہوتے ہیں ۔

جناب والا۔اب میرے بڑے بھائی جناب وزیر خزانہ تشریف لے آئے ہیں انہوں نے اپنی تقریر میں اس بجٹ میں نئے ٹیکسوں کے نفاذ کو صدر ایوب کے منشور کے مطابق کہا ہے ۔ انہوں نے ان ٹیکسوں کو مسلم لیگ پارٹی کے اس میگنا کارٹا یعنی دستور کے مطابق بنایا ہے ۔ اور ان وعدوں کے مطابق وضع کیا ہے جو انتخابات کے موقع پر قوم کے ساتھ کئے گئے تھے ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں ۔ کہ یہ بجٹ ان سے صریحاً انحراف ہے ۔ اور ان تمام وعدوں کا betrayal ہے جو انہوں نے اپنے انتخابات کے وقت عوام سے کئے تھے ۔ بلکہ میرے نزدیک یہ ایک تضاد ہے ۔

جناب والا۔یہ بھی کہا گیا ہے ۔ کہ دوسرے پنج سالہ منصوبے کے بعد پاکستان میں عوام کی فی کس آمدنی بڑھ گئی ہے ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ جس تیزی سے ہمارے ملک میں آبادی بڑھ رہی ہے ۔ اور اشیائے خورد و نوش اور اشیائے ضروریہ کی قلت ہو رہی ہے ۔ اور ان کی قیمتوں میں گرانقدر اضافہ ہو رہا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اسی تیزی سے ہماری development کے منصوبہ جات pace up نہیں کر رہے اس مطابقت سے نہیں چل رہے ۔ جس مطابقت سے انہیں چلنا چاہئے ۔ تا کہ ملک میں روز مرہ کی بود و باش سستی ہو ۔

ملک میں Economic pace up کا چرچہ کیا جا رہا ہے اور کہا جا رہا ہے ۔ کہ ہمارے ہاں بڑی ترقی ہو رہی ہے ۔ لیکن میں اس کا اپنے عوام پر کوئی اثر نہیں پاتا ۔ دراصل عوام پر اثر ڈالنے کیلئے ضروری تھا کہ ان کو سستی روٹی میسر ہوتی ۔ ان کو سستا کپڑا ملتا اور انہیں زندگی کی دیگر سہولتیں سستے داموں مہیا کی جاتیں لیکن جہاں تک اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں کا تعلق ہے ۔ وہ ہر روز بڑھ رہی ہیں ۔

اب جناب والا ۔ ایک چیز اور ہے جس کی طرف میں اس معزز ایوان کی توجہ دلانا چاہتا ہوں ۔ اور جس کے متعلق اس ایوان کو بہت بڑی

شکایت ہے ۔ وہ یہ ہے کہ چاول کی بلیک مارکیٹ بڑے زوروں پر ہے ۔ میں اس سے انکار نہیں کرتا کہ چاول برآمد ہونا چاہیے ۔ لیکن جو طریق کار اختیار کیا گیا ہے ۔ اس سے سمگلنگ ۔ بلیک مارکیٹ اور چور بازاری میں روز بروز اضافہ ہورہا ہے ۔ اور اس کی سرپرستی ہو رہی ہے ۔ اب آپ ہی اندازہ فرمائیں کہ راوی کے اس پار رہنے والے تو چاول کھا سکتے ہیں اور لاہور شہر میں رہنے والے اس سے محروم ہیں ۔ اور اس طرح وہ چیز بلیک مارکیٹ میں جا رہی ہے ۔ اس کے متعلق کئی scandals ہیں جو اخبارات میں شائع ہو چکے ہیں ۔ اس خرابی کی جڑ اور بنیاد کیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ اصل وجہ یہی ہے ۔ کہ اس قسم کے بجٹ پیش کئے جاتے ہیں جن میں عوام کو کوئی دخل نہیں ہوتا ۔ اور جو عوام کے تقاضوں کے منافی ہوتے ہیں ۔

جناب والا ۔ مجھے اس ایوان میں حق حاصل ہے ۔ کہ میں آئین کی ان دفعات پر تنقید کروں ۔ بلکہ کڑی تنقید کروں جن کے ہوتے ہوئے ہم سمجھتے ہیں ۔ کہ عملی طور پر ہمیں کسی قسم کی مدد نہیں مل رہی ۔ میری مراد آئین کی دفعات ۳۷ اور ۴۸ سے ہے ۔ جن کو دفعہ ۸۹ کے تحت ساتھ اس صوبہ کے لئے بھی Adopt کیا گیا ہے ۔ ان دفعات کے مطابق ہم بجٹ کا ۸۰ فیصد discuss تو کر سکتے ہیں ۔ لیکن ہم یہ نہیں کر سکتے کہ ان items کو reduce کریں یعنی کم کریں جنھیں ہم پسند نہیں کرتے ۔ ہم تو صرف نئے اخراجات کی reduction یا omission کے لئے move کر سکتے ہیں ۔ جہاں تک Public Consolidated Funds میں Charged Funds کا تعلق ہے ۔ ان میں نہ تو ہم کسی قسم کی کمی کر سکتے ہیں ۔ اور نہ ہی ہم ان پر cuts ہی دے سکتے ہیں ۔ جناب والا ۔ میں نہیں سمجھتا کہ جب ہمارے اختیارات محدود ہیں تو پھر Taxation ہمارے ذریعہ کیوں کرائی جاتی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ عوام کی representation

کے بغیر taxation نہیں ہونی چاہیے - جیسے کہ ایک معقولہ ہے - کہ اگر taxation with representation ہو تو درست ہے -

جناب والا—مجھے اس ہاؤس کے وقار کا خیال ہے - لیکن میرے نزدیک یہ ہاؤس بالکل بے اختیار ادارہ ہے - جہاں تک اس کے financial aspects کا تعلق ہے - وہ بھی محدود ہیں - میں نے جناب وزیر خزانہ کے آنے سے قبل کچھ حقائق بیان کئے تھے - اب میں یہ عرض کرونگا کہ اس بجٹ میں ۴ کروڑ ۳۳ لاکھ اور ۳۳ ہزار روپیہ کا خسارہ ہے - اسے cash balance utilization کے ذریعے پورا کیا گیا ہے - اس کے بعد میں بجٹ کے دوسرے اعداد و شمار کی طرف آتا ہوں -

جناب والا—کسی بھی اچھے ادارے کے لئے کسی اچھی فرم کے لئے یا کسی ملک کے لئے یہ مناسب نہیں کہ وہ بے انداز قرض لیتا رہے - اور قصہ یہ ہے - کہ ہمارے ملک نے بہت زیادہ قرضے حاصل کئے ہیں قرضہ کی figures جو میں quote کروں گا وہ صفحہ ۵ سے ۱۱ تک ہیں - اگر آپ دیکھیں تو اس سے ظاہر ہو گا کہ پاکستان کس حد تک مقروض ہوتا جا رہا ہے میں ان figures کو ہاؤس کے سامنے پیش کرتا ہوں - تاکہ صحیح اندازہ ہو سکے -

قرضہ کی رقم -

۳۰-۶-۱۹۶۰	تک	۲۲۵ کروڑ اور ۷۴ لاکھ روپیہ تھی
۳۰-۶-۱۹۶۱	تک	۱۲۹ کروڑ اور ۹۲ لاکھ روپیہ تھی
۳۰-۶-۱۹۶۲	تک	۱۶۵ کروڑ اور ۷۵ لاکھ روپیہ تھی
۳ -۶-۱۹۶۳	تک	۲۵۸ کروڑ اور ۶۹ لاکھ روپیہ تھی
۳۰-۶-۱۹۶۴	تک	۳۳۹ کروڑ اور ۵۶ لاکھ روپیہ تھی
۳۰-۶-۱۹۶۵	تک	۴۴۹ کروڑ اور ۱۴ لاکھ روپیہ تھی
اور ۳۰-۶-۱۹۶۶	تک	۵۴۱ کروڑ اور ۳۲ لاکھ روپیہ ہوگی

ان اعداد و شمار سے آپ اندازہ لگائیں کہ ۵ سالوں میں قرضہ تقریباً دوگنا ہو گیا ہے ۔ یعنی ہر سال تقریباً ۲۰ فی صد بڑھا ہے ۔

جناب والا ــ میں یہ گذارش کروں گا ۔ کہ جو قرضہ ہم لیتے ہیں اس کا rate of interest determine نہیں ہوا ۔ ۱۹۵۳ میں جو قرضہ ہمیں سنٹر کی طرف سے ملا اس پر rate of interest ۷۵ء۴ فیصد لگایا گیا ۔ اسی presumption کے تحت اس قرضہ پر جو سود ادا کرنا ہے وہ لگایا گیا ہے ۔ او یہ اندازہ کیا گیا ہے ۔ کہ یہ سود ۷۵ء۴ فیصد ہی ہو گا ۔ اب میں جناب وزیر خزانہ سے پھر استفسار کرتا ہوں اور ان سے التجا کرتا ہوں ۔ کہ وہ مہربانی فرما کر مجھے یہ بتائیں کہ وہ کونسا بار ہے جس کی وجہ سے سنٹر نے ۷۵ء۴ کی بجائے ہم سے ۷۵ء۷ سود مانگا ہے ۔ مجھے وزیر خزانہ صاحب اپنی جوابی تقریر میں ارشاد فرمائیں کہ یہ قرضہ جات کہاں کہاں invest ہوئے ہیں ۔ پھر یہ بتائیں کہ Overhead Charges کیا ہیں اور ۷ فیصد سود اور دوسرے establishment کے expenditure دینے ہونگے ان کو پورا کرنے کے بعد کیا اس قسم کی کوئی investment کی گئی ہے ۔ جس سے ۷ فیصد سے زیادہ return آئے ۔

جناب والا ــ اس کے علاوہ کچھ قرضہ جات ایسے ہیں جنہیں کسی گذشتہ سال waive کردیا گیا تھا ۔ یہ صفحہ ۸ پر ہیں Loans converted into grants کے تحت اس میں ایک رقم ۱۷۶۸۳۳۰۰۰/- روپیہ کی دکھائی گئی ہے ۔ Expenditure on Irrigation کو یہاں چھوڑ دیا گیا ہے اسی طرح ۲۸ کروڑ روپیہ کی ایک رقم ہے ۔ پھر Pre-partition کی رقم ۱۲ کروڑ ۳۵ لاکھ کی ہے ۔ اور foreign loans کی رقم ۱۲ کروڑ ۴۵ لاکھ کی ہے یہ total deductions ۷۱ کروڑ کے لگ بھگ ہوتی ہیں ۔ یہ قرضہ جات یا تو foreign aid تھی جن کو بعد میں write off کر دیا گیا ۔ یا مرکزی حکومت نے چھوڑ دیا ہو ۔ اس سلسلہ میں میں مشکور ہونگا ۔ اگر وزیرخزانہ

صاحب مجھے یہ بتائیں کہ کہیں گذشتہ کسی سال کے بجٹ میں یہ item انکم میں تو نہیں دکھائی گئی - یا یہ فرمائیں کہ اسے کہاں show کیا گیا ہے - اس سے ہماری guidance ہو گی اور مزید وضاحت ہو جائے گی اور معلوم ہو جائے گا کہ اسے کس طرح convert کیا گیا ہے - کیا اسے فاضل انکم میں تو نہیں دکھایا گیا - ؟

جناب والا—یہ اعداد و شمار کا ہیر پھیر ہے - اور میرے جیسے نئے آدمی کے لئے اس بات کا باآسانی سمجھنا difficult ہے - اس سے بھی زیادہ سنگین مد new taxes کی ہے - اب میں اس کی طرف آتا ہوں agricultural Income-Tax کو exempt کیا گیا تھا - اس میں جو تخفیف منظور کی گئی تھی اسے واپس لے لیا گیا ہے - لیکن اس وقت میں آپ کی توجہ نئے ٹیکسوں کی طرف دلاتا ہوں -

مثلاً کلاس ۱ کے سینما پر —/۱۰۰۰ روپیہ سالانہ ٹیکس ہے -
کلاس ۲ کے سینما پر —/۵۰۰ روپیہ سالانہ ٹیکس ہے -
کلاس ۳ کے سنیما پر —/۱۰۰ روپیہ سالانہ ٹیکس ہے -

اس سلسلہ میں حکومت اس حقیقت سے انکار نہیں کر سکتی - کہ سینما ایک سستی تفریح ہے - اس رقم کا اثر براہ راست شائقین سینما (Cinema-goers) پر پڑتا ہے - یہ رقم مالک کی جیب سے نہیں نکلتی - بلکہ عوام کی جیبوں سے نکلتی ہے - اسی طرح موٹر کاروں کو لے لیجئے - ان پر جو ٹیکس لگا ہے - میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر آپ اسے جائز بھی گردانتے ہیں تو کم از کم وہ ٹیکس جو freight پر لگا ہے - وہ surcharge عوام کے نقطہ نگاہ سے ناجائز ہے - جائز نہیں - اگر آپ شیڈول نمبر ۵ کو دیکھیں جو مالیاتی بل کے ساتھ شامل ہے - تو آپ کو معلوم ہو گا - کہ goods کے freight پر جب کہ وہ

-/۳ روپیہ سے -/۱۰ روپیہ تک ہے تو سر چارج ڈیڑھ آنہ ہے -

-/۱۰ روپیہ سے -/۲۵ روپیہ تک ۱۲ پیسے -

-/۲۵ روپیہ سے -/۵۰ روپیہ تک ۲۵ پیسے -

-/۵۰ روپیہ سے -/۷۵ روپیہ تک ۵۰ پیسے -

-/۷۵ روپیہ سے -/۱۰۰ روپیہ تک ایک روپیہ -

-/۱۰۰ روپیہ سے -/۱۵۰ روپیہ تک ۲ روپیہ -

-/۱۵۰ روپیہ سے -/۲۲۵ روپیہ تک ۳ روپیہ -

-/۲۲۵ روپیہ سے -/۳۰۰ روپیہ تک ۴ روپیہ - اور

-/۳۰۰ روپیہ سے اوپر ہو تو ۵ روپیہ -

اسی طرح railway freight ہے جو اس سے correspond کرتا ہے اس پر بھی ٹیکس لگایا گیا ہے - اب اس سے اندازہ لگائیے کہ ضروریات کی اشیاء کس طرح مہنگی نہ ہوں ؟ ٹیکس لگانے سے تو یہی نتیجہ نکلے گا - میں حیران ہوں کہ جناب وزیر خزانہ کس طرح دعویٰ یہ کرتے ہیں - کہ یہ ٹیکس عوام پر نہیں ہیں - میں ان کے اس دعویٰ کی تردید کرتا ہوں - اور یہ گذارش کروں گا - کہ وہ مجھ سے اتفاق فرمائیں - اور ٹھنڈے دل سے سوچیں کہ کیا یہ ٹیکس براہ راست عوام پر نہیں لگائے گئے -

اب انؑ کے دعوے کو باطل گردانتے کے لئے میں اس طرف آتا ہوں - آپ دیکھیں فرسٹ کلاس کے ریلوے ٹکٹ پر سرچارج ۵۰ پیسے ہے - اسی طرح سیکنڈ کلاس کے ٹکٹ پر ۲۵ پیسے - انٹر پر ۱۲ پیسے اور تھرڈ کلاس کے ٹکٹ پر ۶ پیسے ہے - یہ ۶ اور ۱۲ پیسے کا سرچارج جو نافذ کیا گیا ہے میں یہ دریافت کرتا ہوں - کہ کیا ان کلاسز میں امیر industrialists اور

سرمایہ‌دار لوگ سفر کرتے ہیں ؟ اور کیا یہ حقیقت نہیں ۔کہ یہ ٹیکس براہ راست عوام پر ٹیکس ہے ۔ اور اسی طرح کا ٹیکس موٹر vehicles پر لگا دیا ہے ۔ جو ٹرانسپورٹ کے لئے استعمال ہوتی ہیں ۔ اور ان کی بھی شرح تقریباً اسی قسم کی ہے ۔ بلکہ ان کا سالانہ ٹیکس اس سے علیحدہ لگایا ہے ۔ جناب والا ۔ آپ ان تمام ٹیکسوں سے اندازہ فرمائیں گے کہ یہ جو taxes ہیں یہ براہ راست عوام پر نافذ کئے گئے ہیں ۔ اسی طرح پراپرٹی پر بھی ٹیکس لگایا ہے ۔ وہ بھی اتنی قلیل شرح سے شروع ہوتا ہے ۔ جس سے مڈل کلاس طبقہ متاثر ہوتا ہے ۔ جناب والا یہ وہ taxes تھے جو بجٹ کے متعلق تھے ۔ چونکہ جنرل بجٹ کے موقع پر یہ دستور ہے ۔ کہ عام ایڈمنسٹریشن اور عام حالات پر بھی بحث کی جاتی ہے ۔ تو میں ذرا سا وقت اس کے لئے بھی لوں گا ۔

سب سے پہلے میں پریس اینڈ پبلیکیشن آرڈیننس کی طرف آتا ہوں ۔ اس آرڈیننس کے ہوتے ہوئے آزادی تحریر و تقریر اس ملک سے ختم ہوچکی ہے ۔ نیشنل پریس ٹرسٹ کے اخبارات گورنمنٹ کی تحویل میں آ چکے ہیں ۔ میں ان سے مودبانہ گذارش کرونگا کہ یہ measures اس لئے اختیار کئے گئے تھے ۔ کہ الیکشن کا وقت peacefully گذر جائے یا حکومت کے نمائندے کامیاب ہو جائیں تو وہ وقت گذر چکا ہے آئیے اب فراخدلی کا ثبوت دیجئے اور ان قوانین کو جو آپ کے آئین سے inconsistant ہیں ۔ آزادی تحریر و تقریر پر پابندی Right نمبر ۹ ۔ سے inconsistant ہے ۔ ان پابندیوں کو واپس لیا جائے اور ہر criticism کو کھلے بندھوں ہونے دیا جائے اور عوام کے ہر چھوٹے اور کمزور آدمی کو آپ پر تنقید کا حق ہونا چاہیے ۔

اس کے بعد وہ بورڈ جس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے ۔ میں اس بورڈ کو محض پریس پر کنٹرول کرنے بلکہ پریس کو corrupt کرنے کا ایک ذریعہ سمجھتا ہوں ۔ وہ بورڈ جسے چاہے اشتہارات دے اور جس اخبار کو چاہے

اشتہارات نہ دے میں سمجھتا ہوں کہ اشتہارات کی تقسیم مساوی ہونی چاہئے یہ حکومت جہاں پر سر اقتدار لوگوں کی ہے۔ وہاں اس حکومت میں ہم آزاد اور حزب احتلاف کے لوگ بھی بالکل اسی طرح شامل ہیں اور اس ملک کے ذرائع سے ہملوگ بھی فائدہ اٹھانے کے مستحق ہیں ۔ ان اخبارات کا کیا قصور ہے ۔ جو آپ پر تنقید کرتے ہیں ۔ جو آپ کی غلط باتوں کو غلط کہتے ہیں آپ کو کیا حق حاصل ہے ۔ کہ آپ ان کے کاروباری طریق کار پر ضرب لگائیں اور انہیں نقصان پہنچائیں اور انہیں مجبور کریں کہ وہ آپ کے سامنے سر جھکائیں ۔

جناب والا۔پریس کے متعلق بات کرتے ہوئے میں یہ بات کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ ضمیر قریشی کا وہ بہیمانہ قتل جس کے متعلق کل کے اخبار میں ایک تبصرہ تھا ۔ اور آج کے اخبار میں بھی بیان تھا ۔ اس قتل کے متعلق پولیس کا خیال ہے ۔ کہ ہم قاتلوں کا سراغ نہیں لگا سکیں گے ہو سکتا ہے ۔ کہ مجرم کسی اور جرم میں گرفتار ہو جائیں ۔ اور پھر وہ خود اقرار کر لیں ۔ جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر یہ سٹیٹ منٹ درست ہے ۔ تو یہاں نظم و نسق کا بالکل جنازہ نکل چکا ہے ۔ جس پولیس افسر نے یہ بیان دیا ہے ۔ اس کے خلاف سخت کارروائی ہونی چاہیے اور اسے سزا دی جانی چاہیے ۔ کہ اس نے ایسی بات کیوں کہی جس سے عوام میں مایوسی پیدا ہوئی اور خود حکومت کو چاہئے کہ ان شبہات کو دور کرنے کیلئے جو عوام کے دلوں میں ہیں اس قتل کا سراغ فوری طور پر لگائے اور فوری طور پر ان بد کردار مجرموں کو کیفر کردار تک پہنچائے ۔

جناب والا۔اب میں اس hold کی طرف آتا ہوں جو hold ارباب حکومت اپنے الیکڑول کالج پر لگائے ہوئے ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ اور بات ہے ۔کہ ہمیں طریقہ انتخاب کیا اختیار کرنا چاہیے ۔ کیونکہ ہماری قومی اسمبلی کم سے کم اس طریقہ انتخاب کو ۵ سال کے لئے اختیار کر چکی ہے

اور ہم اسی سے elect ہو کر یہاں آئے ہیں ۔ اور ہم اسے honour کرتے ہیں اگر آپ indirect الیکشن رکھنا چاہتے ہیں ۔ تو سب سے پہلے کام جو ہمارے ارباب اختیار کو کرنا چاہئے وہ یہ ہونا چاہیے کہ آفیشل چیئرمین کارپوریشن کے میونسپلیٹوں کے ڈسٹرکٹ کونسل کے اور ڈویژنل کونسلوں کے فی الفور ہٹا دئے جائیں ۔ جناب والا یہ ایک ایسی چیز ہے ۔ جسے الیکٹرول کالج کے ممبران پر آپ کا indirect hold کہا جا سکتا ہے ۔ اور کنٹرولنگ اتھارٹی گورنمنٹ ہے ۔ تو اس صورت میں جبکہ کسی انتخابی ادارے کے ممبر کو یا بینک ڈیما کریسی کے ممبر کو علیحدہ کرنا مقصود ہو تو اس صورت میں کوئی جوڈیشل آفیسر ہونا چاہیے اور انہیں یہ safe guard دینا چاہیے کہ اگر وہ آپ کے ساتھ نہیں ہیں اور آپ کے خیال کی ہمنوائی نہیں کرتے ہیں ۔ اور آپ پر تنقید کرتے ہیں تو اس کے لئے اس قسم کے measures اختیار نہ کئے جائیں جن سے ان کو نقصان پہنچے ۔

Mr. Speaker : Please try to conclude.

ملک محمداختر—جناب والا میرے کٹ موشن کافی ہیں اب مجھکو جو کچھ کہنا ہے ۔ وہ میں کٹ موشن پر عرض کرونگا ان گذارشات کے ساتھ میں ختم کرتا ہوں ۔

سردار محمدایوب خاں (بہاولپور-۱)—جناب والا اس فاضل ایوان کا ہر معزز رکن اور اس ملک کا ہر باشندہ ملک و ملت کا بہی خواہ ہے ۔ میں بھی ان ہی میں شامل ہوں ۔ اور میں چاہتا ہوں ۔ کہ اس بجٹ debate میں جس قدر بھی contribution ہو سکے ہم کریں ساتھ ہی ساتھ ایک امر جو اس وقت ہمارے پیش نظر ہے ۔ وہ یہ ہے ۔ کہ میں ایک پسماندہ علاقے سے تعلق رکھتا ہوں وہاں کے electorate نے مجھ پر اعتماد کرتے ہوئے مجھے اس ایوان میں بیٹھنے کی عزت عطا فرمائی ہے ۔ ان کی چند

ضروریات ہیں ۔ جن کے متعلق اس ایوان میں مجھے ارباب اقتدار کی توجہ دلانی ہے ۔ بجٹ کے متعلق معروضات پیش کرنے سے قبل جناب خواجہ صفدر اور میرے دیگر دوست پچھلے ایک دو دنوں میں سیاست کے متعلق اس ایوان میں اپنے خیالات ظاہر کرتے رہے ہیں ۔ مجھے اس بارے میں جتنا وقت بھی مل سکے گا ۔ میں اس میں اپنے خیالات کا اظہار کروں گا ۔

جناب والا ۔ ایک عرصہ سے اس بات کو تسلیم کیا جا چکا ہے ۔ کہ بہاولپور ڈویژن مغربی پاکستان میں ان علاقوں سے تعلق رکھتا ہے ۔ جو نسبتاً کم ترقی یافتہ ہیں انٹیگریشن سے پہلے وہاں reforms آ چکی تھیں ۔ وہاں پر اسمبلی موجود تھی ۔ وہاں پر وزارت موجود تھی ۔ اور وہاں پر ڈولپمنٹ کا کام پورے زور اور بھر پور محنت اور کوشش سے جاری تھا ۔ اور ہر سال تقریباً دو سے لے کر ڈھائی کروڑ روپے اس چھوٹے سے یونٹ میں ڈولپمنٹ کے کاموں میں خرچ کئے جاتے تھے ۔ انٹیگریشن کے بعد حالت یہ ہوئی ۔ کہ شاید ہی کوئی ایسا سال گذرا ہو ۔ جب کہ ۷۰ لاکھ روپے سالانہ سے زائد وہاں پر ترقیاتی کاموں کے لئے دیا گیا ہو ۔

جناب والا ۔ ہم نے بار ہا اپنی اس شکایت اور اس تکلیف کو بتایا اور اس تکلیف کا اظہار اس ایوان میں اور متعلقہ وزراء اور صاحب اقتدار اصحاب کے سامنے بہ آواز بلند اور پوری دلگیری کیساتھ کرتے رہے ہیں جس کا نتیجہ بالآخر یہ نکلا کہ پچھلے انتخابات سے کچھ عرصہ قبل جناب گورنر صاحب مغربی پاکستان نے پہلی بار بہاول پور میں ایک مجمع عام میں جبکہ وہاں پر ایک میٹنگ ہوئی تھی ۔ اور جس میں تمام ضلع کے بنیادی جمہوریت کے ممبران آئے تھے ۔ وہاں انہوں نے بکمال مہربانی اس چیز کو تسلیم فرمایا کہ گذشتہ سالوں میں واقعی بہاولپور کی حق تلفی ہوئی ہے ۔ اس کے بعد جب انتخابات ہو چکے تو اس اسمبلی اور اس ایوان میں سب سے پہلے

مجھے یہ شرف نصیب ہوا ۔ کہ بہاولپور کی اس حق تلفی کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کروں ۔ اور مجھے بڑی مسرت ہے ۔ کہ سابقہ قائد ایوان جو اس وقت ہمارے فنانس منسٹر بھی تھے ۔(اور حسن اتفاق سے اب بھی فنانس منسٹر ہیں ۔) انہوں نے کھڑے ہو کر بے باکانہ اس بات کو تسلیم کیا ۔ کہ حقیقتاً اس ڈویژن کی حق تلفی ہوئی ہے ۔ اور ہم کوشش کریں گے کہ آئندہ سال نئے بجٹ میں اس حق تلفی کا ازالہ کرسکیں ۔ جناب والا اگر انٹیگریشن کا سوال سر دست نظر انداز کیا جائے اور وہی سابق بہاول پور کا یونٹ قائم رہتا ۔ تو اس زمانے میں ڈھائی کروڑ روپیہ اس کی ترقی پر خرچ ہوتا ۔ حالات سدھر جاتے ۔ اور ترقی پذیر ہوتے ۔ ڈھائی کروڑ روپیہ کی رقم بڑھتے بڑھتے اور بڑھ جاتی ۔ قریباً ۱۰ سال ہوچکے ہیں ان ۱۰ سالوں میں بہاول پور کی ڈویژن کی ترقی پر محض ترقی کے کاموں پر ۳۰ کروڑ روپیہ صرف ہو چکا ہوتا ۔ آپ اندازہ فرمایئے کہ ایک چھوٹا سا ڈویژن ہے ۔ اگر اس میں ۳۰ کروڑ روپیہ dump کر دیا جاتا تو اسکی کیا ہستی اور کیا حالت ہوتی وہاں ایک خوش نصیب ضلع ہے ۔ جو رحیم یار خان کے نام سے موسوم ہے ۔ اسمیں بڑی صنعتیں موجود ہیں ۔ بڑے بڑے صنعتکار آئے ہیں ۔ ان کا کام کچھ اب ہوا ہے ۔ اور کچھ انٹیگریشن سے پہلے ہی ہوا تھا ۔ وہاں پر Lever Brothers کی صنعت ہے ۔ وہاں پر عباسیہ ٹیکسٹائل ملز ہیں ۔ خان پور میں بہاولپور ٹیکسٹائل ملز کا قیام انٹیگریشن سے پہلے ہوا ۔ انٹیگریشن کے بعد ۱۰ سال ہوگئے ہیں اور اسوقت تک کسی بڑی صنعت کا قیام نہیں ہوا بہاول پور شہر اس وقت گورنمنٹ کی سیٹ تھا ۔ چونکہ اس کا زیادہ تر داروسدار اور گذارہ سرکاری دفاتر ۔ اور سرکاری ملازمین ۔ چپڑاسیوں اور چھوٹے چھوٹے اہل کاروں اور چھوٹی چھوٹی چیزوں پر تھا ۔ تو وہاں پر بڑی صنعتیں قائم کرنے کیطرف اس وقت زیادہ دھیان نہیں دیا جاتا تھا ۔ انٹیگریشن کے بعد اس شہر کی حالت یہ ہوگئی ہے ۔ کہ لوگ نان شبینہ کے لئے محتاج ہیں ۔ ۸۰ ہزار کی آبادی

محتاج ہے ۔ وہاں سروسز نہیں ہیں نوکریاں نہیں ہیں ۔ تمام دفاتر میں سے اکثر دفاتر تبدیل ہوگئے ہیں ۔ اور وہ دوسرے علاقوں میں چلے گئے ہیں یا یہاں لاہور میں آگئے ہیں ضرورت اس بات کی تھی کہ ایسا شہر جو اس قدر ترقی پذیر تھا ۔ جو ترقی کے راستے پر اس قدر رواں تھا ۔ اس کے لئے کوئی ٹھوس اقدام کیا جاتا لیکن اس شہر کی ترقی 'ترقی' معکوس ہو کر رہ گئی اور وہاں کے لوگ بیچارے بھوک اور افلاس میں مبتلا ہو گئے ہمیں توقع تھی ۔ کہ ون یونٹ بننے کے بعد ہمارے ساتھ اور زیادہ ہمدردی کا سلوک کیا جائے گا ۔ لیکن ایسا نہیں ہوا ۔ بہاول پور کے شہر کو میری گذارش ہے ۔ کہ اس بھوک اور افلاس سے بچایا جائے ۔ ہمیں امید تھی کہ اسے بھوک اور افلاس سے بچایا جائے گا ۔ اب بھی ہم بہت توقع رکھتے ہیں ۔ وقت گذرا نہیں ۔ ابھی پانی سر سے نہیں گذرا ۔ اگرچہ میں یہ کہہ دوں کہ اب سر سے گذرنے والا ہے ۔ تو بجا ہو گا ۔ لیکن پھر بھی اگر ارباب اقتدار چاہیں تو وہ ہماری ان گذارشات کو قابل پذیرائی سمجھ سکتے ہیں ۔ جو گذارشات میں نے پیش کی ہیں ۔ ان کی طرف توجہ دی جائے ۔ ایک اور اس سے بڑی چیز میں عرض کروں گا ۔ ہماری یہ شکایت بھی مسلسل چلی آرہی ہے کہ بہاول پور کے ملازمین کے حقوق کی اور سرکاری ملازمین کے حقوق کی پوری طرح سے نگرانی اور نگہداشت نہیں کی گئی ۔ اس کی چند در چند وجوہات بیان کرنے کے لئے آج اتنا وقت نہیں ہے ۔ کہ میں تفصیلاً کچھ عرض کر سکوں ۔ مختصراً یہ کہ انٹیگریشن کے وقت ۔ بہاول پور ایک چھوٹا سا یونٹ تھا ۔ اس میں ۱۳ Listed Posts تھیں ۔ آج یہ حال ہے ۔ کہ ان ۱۳ Listed Posts میں سے صرف ایک Listed Post باقی ہے ۔ باقی ۱۲ جو Listed Posts تھیں وہ ساری ختم ہوچکی ہیں ۔ یا جن پر پہلے کچھ افسران فائز تھے ۔ وہ بیچارے چلے گئے ۔ ان کی پنشن ہو گئی ہے ۔ یا وہ اس دنیا فانی سے روانہ ہوگئے ہیں ۔ اسی طرح بہاولپور کے دوسرے حقوق کا تعلق ہے ۔ وہاں کی صنعت ۔ وہاں کے درآمدی پرمٹ ان چیزوں کا کوئی خیال

نہیں کیا گیا - ملازمتیں ہم سے چھینی گئی ہیں - ہم ہر نوع خوش ہیں
کہ ہمیں سی گروپ میں رکھا گیا ہے - یعنی ہمیں پنجاب کے ساتھ شامل
کیا ہے - اور ہمیں پنجاب اور بہاول پور کہا جاتا ہے - بہاول پور کو
علیحدہ کوئی درجہ نہیں دیا گیا - ہمیں اس بات کی خوشی ہے - کہ ہم
ایک ترقی یافتہ علاقے کے ساتھ منسلک کئے گئے ہیں - اور ایک ترقی یافتہ
علاقے کے ساتھ ہماری نسبت ہے - ہم متوقع تھے - کہ اس ترقی یافتہ علاقہ
کے ساتھ مل کر ہمیں کوئی فائدہ حاصل ہوگا - کوئی مفاد ملے گا - لیکن
حقیقت حال یہ ہے - کہ جہاں سروسز کی باری آئی - جہاں کوئی competition
ہوا - جہاں کوئی آسامیاں خالی ہوئیں - تو ہمیں نظر انداز کیا گیا -
پنجاب والے زیادہ پڑھے لکھے ہوتے ہیں - زیادہ دانا - زیادہ دانشمند -
زیادہ توانا - زیادہ تندرست ہوتے ہیں - وہ مجھ جیسے کمزور نہیں ہیں -
تو جناب والا یہ لازمی بات ہے - کہ جہاں competition ہو وہاں پنجاب کے
مقابلے میں ہمارے لوگ کمزور واقع ہوئے ہیں - تو کمزور لوگ کیسے
مقابلہ کر سکتے ہیں - جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ بہاول پور کے لوگ
تعلیم کے میدان میں کمزور ہیں - اس کے علاوہ میں اپنے لوگوں کے حقوق
کا تحفظ اور ان کی جائز ضروریات کے متعلق بار ہا ذکر کرتا چلا آیا ہوں -
لیکن اس طرف کوئی توجہ نہیں ہوئی - آج میں پھر گذارش کرتا ہوں
کوئی تلخی اس میں نہیں ہے - ہو سکتا ہے - کہ ہماری گذارشات پر
کوئی توجہ نہ ہو تو یہ واقعی تلخی بن جائے اور بڑھتے بڑھتے خدا معلوم
اس کا کیا نتیجہ ہو - ہم یہ تلخیاں نہیں لانا چاہتے - ہم ارباب
اقتدار سے پرزور گذارش کرتے ہیں - کہ اگر وہ کچھ بھی کریں تو کم
از کم ایک High Powered Committee مقرر کر دیں - ایک کمیشن مقرر
کر دیں - جو ہماری تکالیف کو سن لے - اور موقع پر ان کی تحقیقات کر
لے - اگر ہماری باتیں صحیح ہوں - تو ان کا فوری ازالہ ہو جانا چاہیے -

اور اگر وہ صحیح نہ ہوں تو دوسری بات ہے ۔ میں چاہتا ہوں کہ آئندہ کے لئے یہ فساد ختم ہو ۔ ہمارے لئے بھی یہ بات معقول نہیں ہے ۔ کہ ہم روز روز اٹھ کر یہ گلہ یہ شکوہ کریں کہ صاحب ہماری حق تلفی ہو ہو رہی ہے ۔ اس کے ساتھ ہی میں ایک دو چیزیں اور بھی عرض کروں گا ۔ کہ وہاں پر تعلیم میں اور development کے معاملات میں اچھی خاصی توجہ حکومت نے دی ہے ۔ ترقیاتی کاموں کے لئے پچھلے سال اچھی خاصی رقم دی گئی ۔ سال ختم ہونے والا ہے مگر ہماری شومئی قسمت کہ آپ اندازہ لگائیے کہ ایک بہت بھاری رقم سوخت ہوئی ہے ۔ جس کو اس وقت تک utilize نہیں کیا گیا ۔ اب خدا معلوم یہ روپیہ استعمال کیوں نہیں ہوا ۔ اس کی کیا وجوہات ہیں ۔ ہمارے بس سے بات باہر ہے ۔ اس دفعہ فنانس منسٹر نے ۷ لاکھ روپے کی ایک اور رقم بھی رکھ دی ہے تا کہ بہاول پور کی اگر کوئی ضروریات ہیں ۔ خصوصی طور پر تو ان کو پورا کیا جائے سیم تھور کے متعلق بھی میں کچھ عرض کردوں ۔ یہ قصہ آج کا نہیں ۔ پچھلے دس یا پندرہ برسوں سے چلا آرہا ہے ۔ اور بہاول نگر کا علاقہ اور تحصیل لیاقت پور اور رحیم یار خاں اسکا شکار ہو چکے ہیں اگر ایک آدھ سال اور اس کے سلسلے میں کوئی قدم نہ اٹھایا گیا ۔ تو یہ ایسی سٹیج پر پہنچ جائے گا ۔ کہ پھر اس کو دور کرنے کے لئے بآسانی کوئی طریقہ نہیں ہو سکے گا ۔ اور کروڑوں روپے خرچ کرنے سے بھی مفید مطلب نتیجہ نہیں نکلے گا ۔ اب موقع ضرور ہے ۔ اس موقع پر اس کام کو ہاتھ میں لیا جائے ۔

جناب والا ۔ اب کچھ گذارشات سیاسی اور کچھ بجٹ کے متعلق عرض کئے دیتا ہوں ۔ جس طرز پر جمہوری کے دلدادہ خواجہ محمد صفدر صاحب یا حمزہ صاحب اور ان کے دوست ہیں ۔ وہ انگریزوں کی طرف سے ورثے میں ملی تھی ۔ اور گذشتہ ۱۸ برسوں میں یہ طریق حکومت بہت سے نشیب و

فراز اور امتحانات سے گذر چکا ہے ۔ اب مجھے ایک بھی ایسا موقع یاد نہیں کہ حزب اقتدار کا تو ذکر ہی چھوڑ دیجئے ۔ جب حزب اختلاف میں سے کسی صاحب نے خوش ہوکر کہہ دیا ہو کہ یہ نظام بہت اچھا ہے ۔ جو حکومتیں کسی نظام کے تحت اس ملک میں آئیں ۔ ملک کے کسی شخص نے ان سے تسلی اور تشفی کا اظہار نہیں کیا ۔ اس نظام کے تحت جو بھی حکومت بر سراقتدار آئی ۔ خواہ وہ مسلم لیگی حکومت تھی ۔ یا عوامی لیگ کی حکومت تھی ہم نے اسکی شکایت ہی شکایت سنی ۔ آج تک ان میں سے کسی حکومت کے متعلق کوئی اچھے الفاظ نہیں سنے گئے ہم اس امید میں رہ رہے ہیں ۔ کہ اگر کوئی حکومت اچھے کام کرے تو کم ازکم اسے سراہنا تو چاہیے ۔ جناب والا ۔ ہماری حکومت مختلف مرحلوں سے گذرتی رہی ہے۔ مگر اس کے باوجود ہمیں ایک اطمینان رہا ہے ۔ اور کہتے بھی رہتے ہیں ۔ کہ ہماری سروسز جو ہیں ۔ ان کی دیانتداری کا معیار اچھا رہا ہے ۔ ہم یہ خوشی سے کہہ سکتے ہیں ۔ کہ بحیثیت مجموعی انکا کام تسلی بخش رہا ہے ۔ اور اس کے ساتھ ہی ساتھ ہم یہ کوشش کرتے رہے ہیں ۔ کہ ان کی توجہ محض قیام امن تک ہی لہ رہے ۔ بلکہ اس سے آگے بڑھ کر معاشی ترقی بھی کی جائے ۔

جناب والا—یہی وہ موقعہ ہوتا ہے ۔ جب کمیونزم کی حدود سے باہر رہتے ہوئے ایسی تدابیر سوچنی پڑتی ہیں ۔ جن سے ملکی معیشت سے افلاس کو دور کیا جا سکے ۔ اور معیشت کو ترقی دی جا سکے ۔ اور اس بات کی ضرورت ہوتی ہے ۔ کہ قومی اور اجتماعی ترقی اور انفرادی ضروریات کے لئے جان توڑ محنت اور مشقت کی ضرورت نہ رہے ۔ انسانی زندگی کی دوسری حقیقتیں اجاگر ہوں ۔ اور لوگوں کو یہ موقع ملے کہ زندگی سے لطف اندوز ہو سکیں ۔ یہ تمام چیزیں کمیونزم سے بچتے ہوئے ۔ صرف ایک ہی صورت میں پیدا کی جا سکتی ہیں ۔ اور وہ یہ ہے ۔ کہ ملکی ضرورتوں کے لئے

منصوبہ بندی سے کام کیا جائے۔ چنانچہ یہاں ہمارے ملک میں بھی منصوبہ بندی کے تحت عمل کیا جا رہا ہے منصوبہ بندی اس لئے کی جاتی ہے۔ کہ ملکی حکومت ملکی معیشت کو اوپر لے جانے کے لئے خود ہی چند حدود قائم کر لے اور اپنے لئے goal مقرر کر لے۔ ایسی حدود جن کےاندر رہتے ہوئے۔ ایک خاص مقام پرایک معین عرصہ میں پہنچا ضروری ہوتا ہے۔ اور اگر وہ سفر طے کرتے چلے جائیں۔ تو کمیونزم سے دور رہتے ہوئے کیمونزم میں جو اچھائیاں ہیں۔ وہ حاصل ہو جاتی ہیں جناب والا ۔ آپ نے تیسرا پنج سالہ منصوبہ ملاحظہ فرمایا ہو گا۔ اور فاضل ممبروں نے بھی اسے ملاحظہ فرمایا ہوگا۔ اس میں ہماری حکومت اور ہمارے experts کی توجہ ترقیاتی کاموں کی طرف زیادہ ہے۔ وہ چاہتے ہیں کہ جتنی جلد ہو سکے۔ ملک معاشی اور معاشرتی ترقی کی منزل سے ہم کنار ہو جائے۔ اور اسی نظریہ کے تحت اس صوبہ کا بجٹ بھی تیار کیا گیا ہے۔ میں یہاں خواجہ محمد صفدر صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا۔ کہ ہو سکتا ہے۔ کہ ہمارے فنانس منسٹر صاحب اس معاملے میں Technical Experts کی حیثیت نہ رکھتے ہوں۔ بجٹ کی تیاری اور ترتیب Technical Experts کا کام ہے۔ ہماری کوشش صرف اتنی ہوتی ہے۔ کہ ہم چند اصول مرتب کرلیں۔ اپنے لئے ایک goal مقرر کرلیں اپنی ضروریات ان experts کے سامنے پیش کر دیں اوران سے کہیں کہ وہ ان نظریات کو بجٹ میں اچھے طریقے سے جگہ دیں باقی بجٹ کی شکل اس کی ترتیب اور اس کی آرائیشی سرخیاں یہ ان Technical Experts کا کام ہے۔ جناب والا اس لحاظ سے میں سوچتا ہوں کہ ہمارا بجٹ ترقی پسند ہے۔ اور اس سے معیار بلند ہونے کی توقع ہو سکتی ہے۔ رہا سوال ٹیکسوں کا تو دنیا میں کوئی ایسی قوم نہیں ہے۔ جو ٹیکسوں کو پسند کرتی ہو۔ کوئی فرد واحد اس دنیا میں ایسا نہیں جوخوشی سے ٹیکس ادا کرے جب کبھی کوئی ٹیکس عائد کیا جاتا ہے۔ اس کے خلاف آواز بلند کی جاتی ہے۔ ایک طرف ہم ترقی

کے راستے پر گامزن ہونا چاہتے ہیں ۔ اور چاہتے ہیں ۔ کہ جو منزل دوسری قوموں نے صدیوں میں طے کی ہے ۔ ہم اسے دنوں یا مہینوں میں پا لیں ۔ اور آج کل یہ منزل بغیر پیسے کے یا بغیر رقم کے طے نہیں ہو سکتی یا تو ہم Capital Investment کریں ۔ یا سنٹرل گورنمنٹ سے یا باہر سے قرضہ لینا پڑیگا ۔ اگر ہم اندرونی ذرائع سے کام لیں ۔ تو ہمیں ٹیکسوں کو بڑھانا پڑے گا ۔ میرے دوست جو میرے سیدھے ہاتھ کی طرف بیٹھے ہیں ۔ وہ ایک طرف تو یہ کہتے ہیں کہ ملک میں ترقی کی رفتار سست ہے ۔ اور ترقی صحیح معنوں میں نہیں ہو رہی ہے ۔ اور دوسری طرف وہ یہ کہتے ہیں ۔ کہ ٹیکس کم کردئے جائیں ۔ گھٹا دیئے جائیں ۔ میں ان سے اس بات پر اتفاق کرتا ہوں ۔ کہ ایک progressive حکومت کو چاہئے ۔ کہ جہاں تک ہو سکے ٹیکس لگانے سے پرہیز کرے ۔ لیکن اگر کوئی مجبوری ہو جاتی ہے ۔ اور ضرورت واقع ہو جاتی ہے ۔ اور ملک کی ترقی اور فلاح و بہبود کو قائم رکھنے کے لئے کچھ مزید روپے کی ضرورت پڑ جاتی ہے تو اس کی خاطر قوم کو قربانی کرنی ہی پڑتی ہے ۔ اور اگر ہم ان کے لئے قربانی نہیں کریں گے ۔ تو ظاہر بات ہے ۔ کہ پھر ہماری اولاد کو یہ قربانی دینی پڑیگی ۔ وہ اولاد جو ہمیں جان سے زیادہ عزیز ہے ۔ لہذا یہ بہتر ہو گا ۔ کہ ہم یہ قربانی کر گذریں ۔ کیونکہ ہمیں اپنی اولاد کے لئے یہ آسانیاں پیدا کرنی ہی پڑیں گی ۔ میری گذارش کا مقصد ہرگز یہ نہیں ہے ۔ کہ میں ٹیکس کی پابندی کا حمایتی ہوں ۔ میں نے حقیقت عرض کی ہے ۔ کہ اگر واقعی اس بجٹ میں ایسے ٹیکس عائد کئے گئے ہیں ۔ جو زائد از ضرورت ہیں ۔ یا جن کا بوجھ غریب عوام پر زیادہ پڑتا ہے ۔ تو میں یقیناً کہوں گا ۔ کہ جناب وزیر خزانہ اس پر دوبارہ غور فرمائیں ۔ اور ہو سکے تو ایسے ٹیکس کو واپس لے لیں ۔ اس کے بعد ایک اور چیز بھی عرض کروں گا ۔

مسٹر سپیکر—آپ اپنی تقریر ختم کرنے کی کوشش کریں ۔

سردار محمد ایوب خاں—براہ مہربانی آپ مجھے مزید پانچ منٹ مرحمت فرمائیں تو میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ گذشتہ دو تین دنوں سے جناب خواجہ محمد صفدر صاحب اور جناب حمزہ صاحب نے دو ایک باتوں کی طرف کھلے طور پر اشارہ کیا تھا ۔ جن کی طرف اس ایوان میں اشارہ کرنے کی چنداں ضرورت نہ تھی لیکن اگر ایک سیاسی advantage حاصل کرنے کے لئے انہوں نے یہ ضروری سمجھا ۔ کہ ایسی باتیں اس معزز ایوان میں کی جائیں ۔ تو میں سمجھتا ہوں ۔ کہ ہمارے لئے بھی ضروری ہے ۔ کہ ہم بھی ان کا جواب دیں ایک بات اس ایوان کے ایک سابقہ معزز رکن کے متعلق ہے ۔ اور انہوں نے اس حکومت پر بالواسطہ ہی یہ الزام لگایا ہے ۔ کہ حکومت نے عمداً بہاولپور میں انتخابات ہرانے کی کوشش کی ہے ۔ میں ریکارڈ کی خاطر یہ بات اعلانیہ کہتا ہوں کہ ان کے انتخاب میں کسی قسم کی کوئی مداخلت نہیں ہوئی حسن اتفاق سمجھئے یا بد قسمتی سمجھئے کہ میں ہی انتخابات میں ان کا مد مخالف تھا ۔ اور میں یہ بات بھی یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں ۔ کہ یہ منحنی سا آدمی ۔ یہ چھوٹا سا آدمی ہی اس تمام علاقے میں ایک ایسا آدمی تھا ۔ کہ جو ان صاحب کے مقابلے میں کامیاب ہو سکتا تھا یا گورنمنٹ پارٹی کے لئے یہ نشست جیت سکتا تھا ۔ لیکن صرف اتنی سی بات وضاحت سے عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ میرے مد مخالف کو اور مجھے identical opportunities حاصل تھیں ۔ (میں لفظ 'identical' کا ترجمہ اردو میں خاطر خواہ طور پر کرنے سے قاصر ہوں ۔ کوئی جامع لفظ مجھے اس وقت نہیں سوجھ رہا ۔

ایک آواز—یکساں ۔

سردار محمد ایوب خان—جی ہاں ۔ شکریہ ۔ تو ہم دونوں

امیدواروں کو یکساں سہولتیں اور مواقع حاصل تھے ۔ اگر جناب خواجہ محمد صفدر صاحب یا جناب حمزہ صاحب چاہیں تو میں یہ بات ان کے در دولت پر حاضر کر بھی ثابت کرنے کے تیار ہوں ۔

دوسری بات جناب خواجہ محمد صفدر صاحب نے یہ بھی فرمائی تھی ۔ کہ بہاولپور میں رشوت ستانی کا دور دورہ ہے ۔ میں یہ بات سن کر حیران ہوا ۔ اور میں نے یہاں بیٹھے ہوئے ہر ملا کہا تھا ۔ کہ حضور یہ ذاتیات کی باتیں ہیں ۔ آپ ذاتیات میں نہ جائیں ۔ لیکن انہوں نے پھر بھی اس بات پر اصرار کیا ۔ جناب والا وہ فاضل ممبر صاحب جنکو آج اس معزز ایوان کی رکنیت کا شرف حاصل نہیں ہے ۔ وہ صاحب تین سال اس معزز ایوان میں بیٹھتے رہے ہیں ۔ اس وقت تو انہیں بہاول پور کے اعلےٰ افسران میں رشوت کی موجودگی یاد نہ آئی ۔ اور اگر یاد آئی بھی ہے ۔ تو اب انتخابات ہارنے کے بعد یاد آئی ہے ۔ اس سے پہلے انہوں نے رشوت ستانی کا ذکر کیوں نہیں کیا ۔ اب اگر اس میں ذاتیات کو دخل نہیں ہے ۔ تو پھر اور کیا ہے ۔ یہ تو میں نے ان کے جواب کے طور پر ذکر کیا ہے ۔

اب چلتے چلتے ایک نہایت ہی باوقار اور ہردلعزیز جریدے کا حال بھی سن لیجئے ۔ اس جریدے نے اپنی ایک گذشتہ اشاعت میں ایک مضمون چھاپا ۔ جس میں یہ درج تھا ۔ کہ جب پاکستان کا قیام عمل میں آرہا تھا ۔ تو یہ صاحب اسکی جدوجہد میں صف اول کے مجاہد تھے ۔ آپ اندازہ فرمائیں ۔ کہ انہیں کیا عظیم رتبہ دیدیا ہے ۔ لیکن حقیقت کیا ہے ۔ جس وقت پاکستان کی جدوجہد جاری تھی ۔ اور جس وقت پاکستان معرض وجود میں آرہا تھا ۔ تو یہ حضرت انڈین نیشنل کانگرس کے ممبر تھے ۔ اور پاکستان کی مخالفت کرنے والی قوتوں کے صف اول کے مجاہد تھے ۔ آپ اندازہ فرمائیں ۔ کہ ملک کا ایک ایسا جریدہ جس کی عزت ہر کسی کے دل میں ہے ۔

وہ ان تمام باتوں کو تحقیق کے بغیر کسی تجسس کے بغیر انڈین نیشنل کانگرس کے ایک ممبر کو پاکستان کا مجاہد کہہ دے اور پھر مزے کی بات یہ ہے ۔ کہ جب پاکستان قائم ہو گیا ۔ تو اس ''مجاہد،، نے سر توڑ کوشش کی کہ بہاول پور کی ریاست ہندوستان کے ساتھ شامل ہو ۔ میں زبانی باتیں نہیں کر رہا ۔ بلکہ میرے پاس ان باتوں کے پورے دستاویزی ثبوت موجود ہیں ۔ یہ کوئی مجذوب کی جڑ نہیں ہے ۔ X X X

مسٹر حمزہ—جناب والا - ہمارا کسی سیاسی یا مادی فائدہ کا خیال نہیں تھا - کیونکہ اس قسم کے جو فائدے ہیں وہ ہمارے وہم و گمان میں بھی نہیں ہیں - ممکن ہے وہ معزز ممبر کے لئے بہت اہمیت رکھتے ہوں - دوسری بات جناب سپیکر - جو انہوں نے فرمائی ہے - وہ یہ کہ سابقہ انتخابات میں انتظامیہ نے میری کوئی حمایت نہیں کی ہے - آج کی تقریر سے انہوں نے ظاہر کر دیا ہے - کہ انہوں نے حمایت کی ہے - انہوں نے حق نمک ادا کر دیا ہے -

Mr. Speaker : The latter part of the Member's speech was not a point of Personal Explanation. Khan Gul Hameed Khan.

خان گل حمید خان(میانوالی-۱) — جناب سپیکر - میں یہ اپنا اولین فرض سمجھتا ہوں کہ میں جناب گورنر صاحب مغربی پاکستان ملک امیر محمد خان اور انکی کابینہ کو تہہ دل سے مبارکباد پیش کروں کہ انہوں نے ایک اچھا بجٹ اس ہاؤس کے سامنے رکھا ہے - اس بجٹ میں ہر شعبہ کی طرف خاص توجہ دی گئی ہے - اپنے مالی وسائل کو مد نظر رکھتے ہوئے ہر شعبہ کی ضروریات کو پورا کرنے کی کوشش کی گئی ہے - میں جناب کے توسط سے اس معزز ہاؤس کے سامنے اپنے علاقے کے چند مسائل پیش کرنا چاہتا ہوں - جناب والا - میانوالی کوئی ۶۰-۷۰ سال پہلے ضلع بنوں کی تحصیل ہوا کرتی تھی - پھر وہ ضلع بن کر پنجاب میں شامل ہوگیا - سابقہ صوبہ سرحد کی طرف سے یا سابقہ پنجاب کی طرف سے اس کو ترقی دی جاسکتی تھی لیکن جب کبھی ترقی کا موقع آتا تو سرحد والے یہ سمجھتے کہ یہ پنجاب کا حصہ ہے اور پنجاب والے یہ سمجھتے کہ یہ سرحد کا حصہ ہے - اس طرح سے ہم کو کچھ بھی نہ ملا - اور ہم اس تمام ڈویلپمنٹ سے محروم رہے - اس کے بعد ہمیں سب سے بڑی سزا اس وقت ملی جب دریائے سندھ سے نہر تھل پروجیکٹ نکلی - دریائے سندھ ہمارے پیچھے کے کچھ علاقے کو

سیراب کرتا تھا اور اس سے ہملوگ کچھ کھیتی باڑی کرتے تھے - لیکن نہر تھل پروجیکٹ کے نکلنے کی وجہ سے کافی پانی اسمیں آگیا ہے - اس طرح ہمارا وہ علاقہ برباد ہوگیا ہے - اس نہر کے نکالنے کا سب سے بڑا مقصد یہ تھا کہ اس وقت کی یہ ینسسٹ گورنمنٹ کے سب سے بڑے آدمی نے اپنے علاقے کو سیراب کرنا تھا - اور انہوں نے ایسا ہی کیا اس نہر کو اس جگہ سے نکالا جہاں سے ہمارے علاقے کو کوئی فائدہ نہیں پہنچ سکتا تھا - اگر اس نہر کو تین میل اوپر کالا باغ اور ماڑی کے مقام سے نکالا جاتا تو ہمارا سارا علاقہ سیراب ہوجاتا اور ہم لوگ بھی خوشحال ہو جاتے - اب ہمارے محبوب صدر خان محمد ایوب خان صاحب اور ہمارے گورنر مغربی پاکستان جناب ملک امیر محمد خان صاحب کی خصوصی توجہ کی وجہ سے میانوالی لنک ایریگیشن سکیم تیار کی گئی ہے جسکے ذریعہ ۵۲ ہزار مربع میل رقبہ سیراب ہوگا - اس کے لئے میں نیازی قبیلہ اور باقی عوام کی طرف سے دونوں صاحبان کا شکریہ ادا کرتا ہوں - اور ساتھ ہی التجا کرتا ہوں کہ وہ علاقے جو ابھی تک سیراب ہونے سے رہ گئے ہیں ان کے لئے کوئی نہر یا ڈیم سسٹم بنایا جائے - اگر ایسا ممکن نہ ہو تو ٹیوب ویل لگا کر ان علاقوں کو سیراب کیا جائے - جناب والا - موجودہ حکومت نے دیہاتی ترقیاتی سکیم کے تحت ہمارے علاقے میں کافی کام کیا ہے اور اسوقت کئی سکیموں پر کام ہو رہا ہے جن کے لئے فنڈز کی ضرورت ہے - اسکے لئے بھی میں موجودہ حکومت کا ممنون ہوں اور اپنے علاقے کے عوام کی طرف سے شکریہ ادا کرتا ہوں - یہ مناسب نہ ہوگا اگر میں اپنے ضلع کے ڈپٹی کمشنر میاں احمد شفیع کا شکریہ ادا نہ کروں جنہوں نے ایمانداری اور محنت سے کام کرتے ہوئے اس ترقیاتی پروگرام کو کامیاب بنایا ہے - مزید برآں جناب والا مئی ۱۹۶۵ء میں تحصیل میانوالی اور تحصیل عیسیٰ خیل کے علاقہ میں بارش کی وجہ سے اتنا نقصان ہوا ہے کہ بہت

سے جانور پانی میں بہہ گئے ہیں اور مر گئے ہیں - مکانات گر گئے ہیں - مالی نقصان بھی پہنچا ہے - سب سے زیادہ نقصان زمیندار کے کھلیانوں کو پہنچا ہے - کھلیان پانی میں بہہ گئے ہیں - اور ان کھلیانوں کی گندم اس قابل نہیں کہ انسان اسے استعمال کرسکیں - میں التجا کرونگا کہ ان لوگوں کو معاوضہ کی صورت میں امداد دی جائے - مزید برآں جو چھوٹے چھوٹے کاشتکار ہیں انکا مالیہ معاف کیا جائے - تاکہ وہ لوگ سنبھل سکیں - اگر گورنمنٹ کے پاس وسائل اتنے ہوں تو ان لوگوں کو بغیر سود کے تقاوی قرضے دیئے جائیں اور ساتھ معاوضہ بھی ضرور دیا جائے -

اس کے علاوہ جناب والا ہرنولی کے علاقہ میں سیم کی وجہ سے کافی زمین خراب ہوچکی ہے - شہر ہرنولی میں سیم کا کافی پانی موجود ہے - کئی دفعہ ضلعی حکام کو اس کے لئے کہا گیا ہے لیکن ابھی تک اسکی طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی - اب میں التجا کرونگا کہ اس علاقہ میں ٹیوب ویل نصب کر کے یا کوئی اور انتظام کر کے اس علاقے سے اس لعنت کو دور کیا جائے - ساتھ ہی اس علاقے میں جن لوگوں کی زمین سیم کے پانی کی وجہ سے خراب ہوچکی ہے - اُن کو تھل ٹیکس معاف کیا جائے - سیم کے پانی کی وجہ سے وہاں ہمیں کچھ حاصل نہیں ہوا اسلئے اُن سے تھل ٹیکس لینا ظلم ہوگا -

اب جناب والا - میں تھل ٹیکس کے متعلق کچھ عرض کرتا ہوں - بھکر میں تھل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی طرف سے جو ٹیکس ہے اسکو کم کیا جائے کیونکہ زمیندار کو دوسری ضروریات مثلاً کھاد وغیرہ بلیک میں ملتی ہیں اور پیداوار اتنی ہوتی ہے جس سے اسکا مشکل سے گذارہ ہوتا ہے - تھل ٹیکس ۶۰-۰ روپیہ فی ایکڑ دینا میرے خیال میں نا ممکن ہے -

جناب والا - نمبر تین یہ ہے کہ تھانہ کالا باغ اور تھانہ عیسےا خیل میں پینے کے پانی کی سخت قلت ہے - جہاں ان دونوں علاقوں میں لاکھوں کروڑوں روپیہ اور چیزوں کی ڈویلپمنٹ پر خرچ ہو رہا ہے وہاں پینے کے پانی کا بندوبست بھی ضروری ہے - پینے کے پانی کے لئے ٹیوب ویل لگائے جائیں - ہینڈ پمپ لگائے جائیں اور اُن لوگوں کو پینے کا پانی مہیا کیا جائے - وہ لوگ گرمیوں کے موسم میں اپنا گھر بار چھوڑ کر دوسری جگہ چلے جاتے ہیں جہاں پینے کا پانی دستیاب ہوتا ہے - اُن کو سخت پریشانی ہے اور وہ پانی کے لئے مارے مارے پھرتے ہیں -

نمبر ۴ــجناب والا میانوالی ضلع ہیڈ کوارٹر میں کوئی ٹیکنیکل سکول اور زنانہ کالج نہیں ہے - وہاں پر ایک ٹیکنیکل سکول اور ایک زنانہ کالج کھولا جائے - جناب والا - ہم لوگ لاہور سے کوئی دو اڑھائی سو میل دور ہیں اور سرگودھا بھی ہم سے ۸۰ یا ۹۰ میل دور ہے - ہملوگ غریب ہیں اور اتنی دور جگہ پر یہ بندوبست نہیں کر سکتے کہ ہمارے بچے ان کالجوں میں جا کر تعلیم حاصل کریں - ہم لوگوں کی مالی حالت بھی خراب ہے اور ہم اتنے ترقی یافتہ بھی نہیں ہیں جتنے کہ دیگر علاقوں کے لوگ ہیں -

نمبر ۵ــجناب والا ضلع میانوالی اور کالا باغ کے مقام پر لوہا نکلتا ہے - اور موسیٰ خیل اور داؤد خیل میں معدنیات موجود ہیں - داؤد خیل میں فیکٹری بھی موجود ہے موسیٰ خیل کے مقام پر بھی فیکٹری لگ سکتی ہے - اسکے علاوہ کالا باغ میں لوہا ملتا ہے - اس لئے اسکو صاف کر کے اس سے فولاد بنانے کا کارخانہ وہاں پر قائم کرنا چاہئے جس میں فولادی مصنوعات بھی تیار ہو سکیں گی - علاوہ ازیں ضلع میانوالی کے ہیڈ کوارٹر پر کوئی کارخانہ Mill یا کوئی دیگر صنعتی ادارہ

نہیں - اس لئے وہاں بے روزگاری زوروں پر ہے اور غریب لوگ بیکاری کے ہاتھوں بھوکے مر رہے ہیں - اس لئے میں تجویز کرونگا کہ ان لوگوں کی حالت زار کو بہتر بنانے کے لئے میانوالی میں شوگر مل اور ٹیکسٹائل مل قائم کرلی چاہئے - وہاں نہر بن جانے کی وجہ سے گنا اور کپاس کافی مقدار میں پیدا ہو رہے ہیں -

خان عبدالستار خان مہمند—(مردان-۲) جناب والا - میں اس متوازن اور متناسب بجٹ پر جناب وزیر خزانہ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں - اسمیں کوئی شک نہیں ہے کہ بجٹ یا آمدوخرچ متوازن کرنے کیلئے کچھ نہ کچھ ٹیکس ضرور لگانے پڑتے ہیں مگر یہ ایک نیا ملک ہے - اس میں جو ترقی کے پروگرام جاری کئے گئے ہیں اور جتنی ڈویلپمنٹ پراجیکٹس زیر عمل ہیں وہ ٹیکسوں کے بغیر تکمیل پذیر نہیں ہو سکتے - بلکہ میرا تو عقیدہ ہے کہ No development without taxation ہماری گورنمنٹ واقعی ٹیکس لگانے کی حقدار ہے مگر میں یہ عرض کرنے کی جرأت کرونگا کہ ٹیکس ایسے لوگوں پر لگائے جائیں جو ادائیگی کے متحمل ہوں جیسا کہ ہمارے صدر محترم ایوب خان صاحب نے بھی فرمایا ہے کہ ٹیکس اس طریق سے نہیں لگانے چاہئیں کہ جو لوگ امیر ہیں وہ امیر تر ہوجائیں اور جو غریب ہیں وہ غریب تر ہو جائیں -

جناب والا - ۱۹۴۸ء میں میں نے روڈ ٹرانسپورٹ ڈویلپمنٹ سیس تجویز کیا تھا - اسوقت اس ملک میں صرف دو شوگر ملز تھیں ایک تخت بھائی میں اور دوسری راھوالی میں تھی - میں نے ۲ پیسے فی من ٹیکس زمینداروں پر اور دو پیسے فی من ٹیکس ملز کے مالکان پر تجویز کیا تھا مگر موجودہ حکومت نے جو ٹیکس لگایا وہ ۱۲ پیسے فی من ہے یعنی چھ پیسے زمینداروں پر اور چھ پیسے کارخانے داروں پر - یہ واقعی زیادہ ہے - اس لئے میں صرف تین پیسے (نئے چھوٹے پیسے) زمینداروں کیلئے اور تین پیسے ملز مالک کیلئے تجویز کرونگا اس سے اس علاقے کی مالی حالت بہتر ہوجائیگی -

دوسری عرض جو میں کرنا چاہتا ہوں یہ ہے کہ مارشل لا کے بعد سے انڈسٹریل ترقی کافی ہوئی ہے اور پچھلے سال جو اکانومی سیمینار ہوا تھا اتفاق سے مجھے اس میں شمولیت کا شرف حاصل ہوا تھا وہاں ایک ایکسپرٹ نے ۱۹۵۸ کے بعد سے ۱۹۶۴ تک کی جو ترقی کی فگرز دی تھیں اُن کو دیکھ کر میں نے پوچھا کہ آیا سچ مچ ایسا ہی ہے یا محض پراپیگنڈا ہی ہے - مجھے بتایا گیا تھا کہ یہ سچے واقعات ہیں - ان کا ریکارڈ موجود ہے - ایسے ویسے غلط بیانات کیسے دیئے جاسکتے ہیں - اسوقت سے مجھے یقین ہے کہ ہمارے ملک میں واقعی انڈسٹریل ترقی کافی حد تک ہو چکی ہے -

اسکے بعد جناب سپیکر - میں عرض کرونگا کہ ہمارے وسائل بے شک کم ہیں مگر ان کو بڑھایا جاسکتا ہے - میں وزیر خزانہ کی خدمت میں عرض کرنے کی جرأت کرونگا کہ ہم زراعت میں فصلات کی Per Acre field کو بڑھا سکتے ہیں - پہلے یہاں صرف ۲ من گندم فی ایکڑ پیدا ہوتی تھی مگر اب سو من تک پیداوار پہنچائی جا چکی ہے - اور جدید آلات کشاورزی اور فرٹیلائزر کے استعمال سے اور محنت اور تندھی سے میں نے خود گنے کی پیداوار ۲۷ من سے بڑھا کر ۶۰ من تک کر کے دیکھی ہے - لہذا میں اعتماد سے کہہ سکتا ہوں کہ ابھی تک law of diminishing]returns ہماری زراعت سے بہت دور ہے - لیکن جہاں یہ کام افراد کرسکتے ہیں وہاں گورنمنٹ کی امداد کی بھی سخت ضرورت ہے وہ فرٹیلائزر کی کافی مقدار بہم پہنچائے - اے-ڈی-سی نے اس سلسلے میں کوئی خاص کام نہیں کیا - لوگوں کو کھاد کی سخت ضرورت ہے وہ کافی مقدار میں اور مناسب نرخوں پر لوگوں کو نہیں مل رہی بلکہ بعض جگہ تو اسکی سپلائی سرے سے available ہی نہیں ہوتی ہے - اور بعض جگہ اسکی بلیک مارکیٹ ہو رہی ہے - اس کیلئے لوگوں کو short term loans دینے چاہئیں جو نہیں مل رہے ہیں - آسان اقساط پر قرضوں کی سہولتیں زمینداروں کے لئے عام کر دینی چاہئیں

علاوہ ازیں Soil Experts کے ذریعے مختلف اراضیات کی درجہ بندی کرائی جائے اور پھر یہ ریسرچ کرنی چاہئے کہ کس کس اراضی میں کون کون سی فصلات کاشت کی جائیں اور ان کے لئے کھاد کی کونسی قسم درکار ہے ۔ مثلاً توریا ۔ نائٹریٹ ۔ سلفیٹ ۔ فاسفیٹ قسم کی کھادوں میں سے کونسی خاص کھاد یا کونسی ملی جلی کھاد درکار ہوگی ۔ اراضی کی اقسام کے مطابق مختلف قسم کی کھاد اور دیگر Facilities مہیا کرنی چاہئیں اس سے فصلوں کی field per acre میں بہت اضافہ ہوسکتا ہے ۔

اسکے علاوہ ہماری ایک اور دولت قدرتی وسائل کی شکل میں یعنی معدنیات کی صورت میں موجود ہے ۔ یہ قبائلی علاقے کے علاوہ Settled areas میں بھی کافی مقدار میں پائی جاتی ہیں ۔ ان معدنیات کو ترقی دیکر کام میں لایا جاسکتا ہے اگر اس پر کچھ رقم خرچ کی جائے تو قدرت کے ان لا انتہا خزانوں سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے مگر اس کام کے لئے محنت اور ہمت کے ساتھ ساتھ رقم خرچ کرنے کی بھی سخت ضرورت ہے ۔

جناب والا۔اس میں شک نہیں کہ ہمارے ملک میں تعلیم ایک بہت ہی اہم اور ضروری مسئلہ ہے ۔ میں تعلیم کے معاملے میں کوئی اتھارٹی نہیں ہوں ۔ ایک معمولی گریجوئیٹ ہوں ۔ لیکن اس کے متعلق میں نے بہت کچھ کہنا ہے ۔ لیکن شائد بعد میں ہمیں ایسے کئی مواقع میسر آسکیں جب کہ اس کے متعلق کچھ کہا جاسکے ۔ اور رائے زنی کی جائے اسکے بعد عرض یہ ہے کہ حزب مخالف والوں نے اس خیال کا اظہار کیا ہے کہ حکومت کے اکثر محکموں میں فیصلہ جات کرنے میں بہت زیادہ تاخیر ہو جاتی ہے ۔ اور عموماً بہت زیادہ وقت لگتا ہے ۔ تو میں انکی خدمت میں ایک ادنیٰ سی مثال پیش کرتا ہوں ۔ اس آنریبل ہاؤس میں ابھی چند دن ہوئے کھاد کے متعلق بحث ہوئی تھی ۔ اور بڑی لے دے ہوئی تھی ۔ میں جناب گورنر صاحب کا بڑا مشکور ہوں کہ انہوں نے اس سلسلے میں جلد از جلد قدم اٹھا کر اس

ایوان کی صحیح نمائندگی کی ہے ۔ اور جو کچھ ہم چاہتے تھے انہوں نے کر دیا ۔

اس کے علاوہ ۲۵۰ ایکڑ سے گھٹا کر ٹیکس کا اطلاق ۱۵۰ ایکڑ پر کر دیا گیا تھا ۔ بعض اصحاب جو مسلم لیگ پارٹی سے تعلق رکھتے تھے ۔ انکی یہ رائے نہیں تھی ۔ چنانچہ انکی رائے کا احترام کرتے ہوئے انہوں نے ازراہ نوازش کل شام اپنی پریس کانفرنس میں اعلان کرتے ہوئے اسے ۱۵۰ ایکڑ سے بڑھا کر پھر ۲۵۰ ایکڑ کر دیا ہے ۔

اس کے بعد جناب بعض ایسے فیصلے ہوتے ہیں جن کا جلد از جلد کیا جانا ضروری ہوتا ہے ۔ اور جن پر عمل درآمد بھی جلد از جلد ہونا ضروری ہوتا ہے ۔ یہ ۱۹۶۱ء کی بات ہے جبکہ ہمارے سابق صوبہ سرحد میں وہاں کی تین شوگر ملوں کے Growers نے Recovery کے خلاف Strike کی ۔

وزیر مال—جناب والا ۔ یہ ۲۵۰ ایکڑ نہیں ۔ یہ ۲۵۰ روپے ہے ۔

خان عبدالستار خان مہمند. I am sorry, Sir, Thanks for the Correction. تو جناب عرض یہ ہے کہ وہاں تینوں فیکٹریوں کے Growers نے Strike کی ۔ انہوں نے کہا کہ ہم Recovery کے Basis پر گنا نہیں دیتے ۔ میں بھی ایک چھوٹا سا Grower ہوں ۔ انہوں نے مجھے اس کے لئے پھر کہا ۔ اور مجھے بھی مجبوراً اس واسطے شامل ہونا پڑا کیونکہ میں نے سوچا کہ کہیں انتشار پسند عناصر ان سے Unlawful یا Illegal کام نہ کرائیں ۔ کیونکہ کاشتکار تو غیر تعلیم یافتہ لوگ ہیں ۔ مگر میں داد دیتا ہوں اس گورنمنٹ اور جناب صدر صاحب و گورنر صاحب کی ۔ کہ دو تین گھنٹوں کے اندر اندر دونوں حکومتوں نے اس امر کا فیصلہ کر لیا اور زمیندار کیلئے مناسب قیمت مقرر کر دی اور ان کے مطالبات پورے کر دیئے تو اس سے ظاہر ہے کہ لوگوں کے مطالبات مانے جاتے ہیں ۔ بشرطیکہ وہ جائز ہوں ۔ مناسب ہوں اور Genuine

ہوں ۔ اور ان کا تعلق ایسی چیزوں سے ہو جو public utility کیلئے ہوں ۔ ملک کے مفاد کیلئے ہوں ایسے مطالبات ماننے سے حکومت نے کبھی انکار نہیں کیا ۔ بلکہ ہمیشہ انکو مانا ہے ۔

جناب والا ۔ میں بھی اس معزز ایوان میں ایک حلقہ' نیابت کی نمائندگی کرتا ہوں ۔ اگر میں انکے متعلق بالعموم اور انکے مطالبات کے متعلق بالخصوص کچھ نہ کہوں ۔ تو میں سمجھونگا کہ میں نے ان کا حق نمائندگی اچھی طرح سے ادا نہیں کیا ۔

جناب والا ۔ میں ایک ایسے حلقہ' نیابت سے منتخب ہوکر آیا ہوں جو آدھا تو بہت زرخیز ہے ۔ اتنا زرخیز کہ آپ میلوں چلے جائیں ۔ آپ کو گنا ہی گنا نظر آئیگا ۔ اور آدھا علاقہ اس قدر پسماندہ ہے کہ آپ میلوں میل چلے جائیں ۔ آپ کو کوئی گاؤں نظر نہ آئیگا ۔ آپ کو پینے کا پانی بھی نظر نہ آئے گا ۔ اور نہ ہی کہیں کوئی سبز کھیت نظر آئیگا ۔ آپ یہ اندازہ نہیں کر سکتے کہ وہاں پینے کے پانی کی کس حد تک قلت ہے ۔ تو اس حلقہ' نیابت کے دونوں حصوں کے مطالبات بالکل علیحدہ علیحدہ ہیں اور ان میں بڑا تضاد ہے ۔ چنانچہ ایک طرف جو ہمارا زرخیز علاقہ ہے ۔ وہاں کے لوگ چاہتے ہیں کہ ان کے گنے کی قیمت بڑھا دی جائے اور انکے گنے کی disposal ہوتی رہے اسکے ساتھ انکا ایک مطالبہ یہ بھی ہے کہ وہاں ایک شوگر مل ہتھیان کے مقام پر لگائی جائے ۔ اور اسکے لئے وہ لوگ کافی عرصہ سے کوشش کر رہے ہیں ۔ کیونکہ ان کے گنے کی disposal صحیح طریقے پر نہیں ہوتی رہی ۔ لہذا یہ تو supply اور demand کا سوال ہے ۔ وہاں گنا بہت زیادہ پیدا ہوتا ہے جسے crush کرنے کی وہاں کی فیکٹریوں میں capacity نہیں ہے ۔ اس لئے اس چیز کی ضرورت محسوس کی جا رہی ہے ۔

اس کے علاوہ انکا یہ مطالبہ بھی ہے کہ ہمیں fertilizers مہیا کئے جائیں اور جلد از جلد کئے جائیں ۔ کیونکہ جیسے کہ وہ پشتو کی

مثال ہے کہ عید گذر جانے کے بعد مہندی کو دیوار پر لگا دینا چاہئیے - اسکی ضرورت تو اس وقت ہے - اگر یہ ضرورت ۳۰ جون تک پوری نہ ہوسکے تو اس کے بعد گنے کی فصل کو fertilizers کی ضرورت ہی نہیں رہتی - اور یہ چیز آپ زراعت کے ماہرین سے بھی دریافت کر سکتے ہیں کیوں کہ اسکے بعد یہ کھاد بالکل بیکار ہو جاتی ہے -

جناب والا—اس کے علاوہ میری عرض یہ ہے کہ وہاں جو آبپاش رقبہ ہے - اس کی نہریں بہت پرانی ہیں اور وہ علاقہ ۱۸۸۰ء سے آبپاش ہے - لہذا وہاں ایک اور مسئلہ پیدا ہو گیا ہے جسے water-logging کہتے ہیں جسکی وجہ سے وہاں ہزاروں ایکڑ زمین برباد اور خراب ہو رہی ہے - اس کیلئے میں سمجھتا ہوں گورنمنٹ کو زیادہ خرچ برداشت کرنے کی ضرورت نہیں - کیونکہ وہاں drains پہلے ہی موجود ہیں او وہاں اعراب کھدے ہوئے ہیں - مگر انکی صفائی وقت پر نہیں ہو رہی - اور کہا یہ جاتا ہے کہ اس کے لئے رقم کی منظوری نہیں - ورنہ وہاں پر لوگوں نے جگہ جگہ اپنی مدد آپ کے اصول پر اپنے کھیتوں میں اعراب بنائے ہوئے ہیں - اور بعض مقامات پر لوگوں نے آپس میں مل کر صفائی بھی کی ہے - لیکن میں سمجھتا ہوں کہ میلہا میل اعرابوں کی صفائی زمینداروں کی طاقت سے باہر ہے - لہذا اس وقت ضرورت اس امر کی ہے کہ اس علاقے میں اعرابوں کی صفائی کیلئے مناسب گرانٹ رکھی جائے - تاکہ ان اعرابوں کی صفائی وقتاً فوقتاً ہو سکے - میں حکومت سے یہ نہیں کہتا کہ ہمیں کوئی روپیہ دیجئے - نہیں - میں تو اس چیز کا قائل ہی نہیں کہ فلاں پٹھان ہے یا پنجابی بلوچ - سندھی یا بنگالی ہے - بلکہ میں تو صرف یہ چاہتا ہوں کہ پہلے تمام under-developed علاقوں کو ترجیح دی جائے - اور ان under-developed علاقوں اور ترقی یافتہ علاقوں کو جو خراب ہو رہے ہیں ترجیح دیجئے - بجائے اس کے کہ آپ نئے رقبے آباد کریں - آپ کو پرانے اور آباد شدہ رقبوں کو تباہ ہونے سے بچانا چاہئیے - لہذا میں آپکی

وساطت سے حکومت سے یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ وہ اس کے لئے رقم مہیا کرے ۔ تاکہ وہاں اس کا انتظام کیا جاسکے ۔ اور بہتر اور اچھی زمینوں سے water-logging ختم کی جاسکے ۔

جناب والا۔اس کے علاوہ لوگوں کے چند ایک معاملات اور بھی ہیں ۔ جو میں آپکی خدمت میں عرض کرتا ہوں ۔ یعنی یہ کہ لوگوں کو ٹریکٹروں کے لائسنس نہیں ملتے اگرچہ یہ Central Subject ہے ۔ لیکن میں پھر بھی عرض کرونگا کہ ہم نے جناب صدر مملکت کی خدمت میں جب وہ پشاور تشریف لائے تھے عرض کیا تھا ۔ اور انہوں نے اسے گورنر صاحب کے سپرد کر دیا تھا ۔ بہر صورت انہوں نے اس سلسلے میں کچھ کام تو کیا ہے ۔ لیکن وہ علاقہ جہاں آج سے ۱۰ یا ۱۲ سال پہلے مجھ غریب کے پاس ایک ٹریکٹر تھا ۔ اسوقت وہاں پانچ میل کے رقبے میں کم از کم تین سو ٹریکٹر operate کر رہے ہیں ۔ لیکن پرزوں اور معمولی معمولی چیزوں کی supply کا یہ عالم ہے کہ اگر ایک چلتے ہوئے ٹریکٹر کی کوئی معمولی سی چیز خراب ہو جائے جو کہ standardised list پر ہو تو اس کو وہ spare part نہیں ملتا ۔ اسکی انہیں بے حد تکلیف ہے ۔ ہماری گورنمنٹ ان پرزوں وغیرہ کے لائسنس صرف ان لوگوں کو دیتی ہے جن کے پاس ۲۵۰ ایکڑ زمین ہو ۔ لہذا میں جناب کی وساطت سے وزیر خزانہ صاحب کی خدمت میں یہ عرض کرنے کی جرأت کرونگا کہ ہمارے ہاں intensive cultivation ہے extensive cultivatian کیلئے تو بیشک یہ درست ہو سکتا ہے کہ ۲۵۰ ایکڑ کیلئے ایک ٹریکٹر کافی ہو لیکن جہاں intensive cultivation ہو وہاں میں سمجھتا ہوں کہ ۵۰ ایکڑ زمین کے لئے بھی ایک ٹریکٹر ناکافی ہے ۔ اس لئے ہم لوگ گنے میں چقندر اور تمباکو بوتے ہیں ۔ اور اسی طرح چقندر میں گنا بوتے ہیں ۔ چنانچہ ایک ہی crop میں اور ایک ہی وقت ہم دو دو تین تین فصلیں اٹھاتے ہیں ۔ تو جناب اگر ہم آپ کی پیداوار بڑھاتے ہیں ۔ تو چاہئے تو یہ کہ ہماری طرف زیادہ توجہ اور دھیان

دیا جائے - اور ہمیں ٹریکٹروں کے درآمدی لائسنس دیئے جائیں - جناب ہمیں کاریں نہیں چاہئیں - یا ہمیں تعیش کی اور کوئی چیزیں نہیں چاہئیں - ہم تو زمین کی پیداوار - اور قومی دولت میں اضافہ کر کے قومی معشیت کو بہتر بنانا چاہتے ہیں اس کے لئے اور ان پرزوں کی سہولت کیلئے ان کو لائسنس دیئے جائیں - تاکہ کوئی ٹریکٹر معمولی سے پرزے کی خرابی کیوجہ سے بیکار نہ ہو جائے - تو میں نہایت عاجزی کے ساتھ گذارش کرونگا کہ میرے تین ٹریکٹر صرف دو اڑھائی سو روپے کے پرزوں کے نہ ملنے کی وجہ سے گذشتہ دو سال سے بیکار کھڑے ہیں ان حالات میں ضرورت اس امر کی ہے کہ ان تکالیف کو اس ایوان کی وساطت سے مرکزی حکومت کی خدمت میں پیش کر کے ہماری تکالیف کا ازالہ کرنے کی کوشش کی جائے -

اب جناب والا—میں اپنے حلقہ انتخاب کے پس ماندہ حصے کی طرف آتا ہوں - اس کے لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ وہاں tube-well irrigation کی غرض سے small projects بنائے جائیں - یہ رقبہ یونین کونسل .یاں خان - بابو زئی - کاتلنگ-ترخو-رستم-بازار-گلیاڑہ اور چار گولی پر مشتمل ہے - یہاں زمینیں بہت اچھی ہیں - لیکن ضرورت اس امر کی ہے کہ وہاں ٹیوب ویل قائم کئے جائیں - تاکہ وہاں کی زمینوں کو آبپاشی کی سہولتیں مہیا کر کے بہتر بنایا جاسکے - اور اس علاقے کی حالت کو بہتر بنایا جا سکے - اور ان غریب لوگوں کو (جنکی غربت میں بیان نہیں کر سکتا) اگرچہ خداوند تعالے نے زمینیں تو دی ہیں مگر افسوس اس امر کا ہے کہ وہاں ان کے لئے پانی نہیں - اگر وہاں پانی کا بندوبست ہو جائے کیونکہ وہاں سابقہ صوبہ سرحد میں تقریباً ہر گاؤں میں بجلی موجود ہے - جو ٹیوب ویل چلانے میں مددگار ثابت ہو سکتی ہے - تو ان لوگوں کی حالت بہتر ہو سکتی ہے -

جناب والا—اس کے علاوہ عرض یہ ہے کہ پولیس سٹیشن رستم ایسا علاقہ ہے جہاں پہلے افیون کاشت کرنے کی آزادی تھی - معلوم نہیں

پچھلے سال سے کن وجوہات کی بنا پر وہاں افیون کی کاشت بند کر دی گئی ہے وہ بارانی رقبہ ہے اور اس میں صرف افیون کی فصل ہی ہو سکتی ہے ۔ جب تحصیل صوابی میں افیون کی کاشت کی اجازت ہے ۔ تو کوئی وجہ نہیں کہ ان بے چاروں کیلئے اس کی ممانعت کر دی جائے ۔

وزیر مال (خان حبیب‌اللہ خان) ــ جناب والا ۔ میں معزز ممبر کی خدمت میں گذارش کرونگا کہ وہ لوگوں کو افیمی نہ بنائیں ۔

خان عبدالستار خان مہمند ــ جناب اگر اور لوگ افیمی بن رہے ہیں تو ان کو بھی بننے دیجیئے ان کو یہ حق دیا گیا ہے تاکہ اس چیز سے انکا گذارہ ہوتا رہے ۔ انکی زمین بارانی ہے کچھ فصل نہیں ہوتی میں نے تو خود دیکھا ہے ۔ محمد علی خان صاحب نے بھی دیکھا ہے وہ میری تائید کریں گے ۔ کہ وہاں اس چیز کی کتنی ضرورت محسوس کی جاتی ہے ۔ اس لئے میری گذارش ہے کہ ان کو اجازت دے دیجائے ۔ تخت بھائی دیجور روڈ کی حالت بہت خراب ہے اسے درست کیا جائے ۔ اسی طرح بھلر مائینر کی حالت بھی خراب ہے میں عرض کرونگا کہ اسے بھی ٹھیک کیا جائے ۔

مسٹر سپیکر ــ آپ تشریف رکھیں ۔ آپ کا وقت ختم ہوچکا ہے ۔

خان عبدالستار خان مہمند ــ جناب والا ۔ مجھے اجازت دی جائے تاکہ میں اپنے خیالات کا اظہار کر سکوں ۔

مسٹر سپیکر ــ صرف ایک منٹ میں اپنی تقریر ختم کر دیں ۔

خان عبدالستار خان مہمند ــ صرف ایک منٹ میں ؟ میرا خیال تھا کہ آپ مہربانی فرما کر مجھے کافی وقت دیں گے ۔ اس ایک منٹ سے تو بہتر ہے میں کچھ نہ کہوں ۔ اس لئے I resume my seat.

بیگم زاہدہ خلیق الزمان (زون ۔ ۱) ــ جناب سپیکر ۔ اس ایوان میں وزیر خزانہ کو فلاحی بجٹ پیش کرنے کے لئے جو مبارک باد دی

گئی ہے میں اس کی ہم نوا ہوں ۔ یہ بجٹ نہ صرف بچت کا بجٹ ہے بلکہ وہ اس فلاحی منزل کی نشان دہی کرتا ہے جس کا وعدہ محترم صدر پاکستان کے انتخابی منشور میں کیا گیا ہے ۔ مجھے اس میں ذرہ برابر شک نہیں کہ ہم انشاء اللہ بہت جلد اپنی منزل کو پالیں گے ۔ ہر وہ طبقہ منزل مقصود کو پہنچتا ہے جو جذبہ صادق سے سرشار ہو جو بے پایان عزم اور ذہنی دیانت رکھتا ہو اور جس کو پر خلوص قیادت نصیب ہو ۔ یہ فال نیک ہے کہ یہ خوبیاں مرکزی اور صوبائی قیادت کا طرہ امتیاز ہیں ۔ موجودہ حکومت نے معاشرہ کو صحت مند اور خوش حال بنانے کے لئے ممکنات اور وسائل سے بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے اور یہ سعی مشکور بھی ہوئی ہے مجھے یقین ہے کہ وزراء سرکاری عمال حکام اور عوام گورنر مغربی پاکستان کی قیادت میں کامرانیوں سے بھرپور ایک پائندہ اور تابندہ دور کا آغاز کریں گے ۔

جناب والا ۔ اب میں کچھ ان مشکلات کا ذکر کرنا چاہتی ہوں جن سے ہمارے کراچی کے عوام دو چار ہیں ۔ کراچی میں ابھی تک کافی تعداد میں جھگیاں موجود ہیں اس لئے آپ سے گذارش ہے کہ ان کے مکانات کا خاطر خواہ انتظام ہونا چاہئے کراچی کی نواحی بستیوں میں پانی کی بڑی کمی ہے ۔ ان کو پانی مہیا ہونا چاہئے اور طبی سہولتیں بھی میسر ہونا چاہئیں ۔ اس کے علاوہ کراچی کی صنعتی ترقی کو صرف اس وجہ سے نظر انداز نہ کیا جائے کہ کراچی نے پہلے ہی سے بہت زیادہ ترقی کرلی ہے ۔ دیکھنا یہ چاہئے کہ صنعت کا قیام آیا کراچی میں مفید ہے یا نہیں ۔ موجودہ حالات میں مختلف صنعتوں کا قیام کراچی میں ہے اس لئے مناسب یہ ہے کہ مزید صنعتیں قائم کرنے پر جو پابندیاں لگائی گئی ہیں وہ ہٹا لی جائیں ۔ کراچی کی عالمی اہمیت کو مد نظر رکھتے ہوئے میں یہ عرض کروں گی کہ سوشل ویلفیئر میں آپ نے جو فنڈز دئے ہیں وہ بہت ناکافی ہیں ۔

جناب والا ۔ تعلیم کا مسئلہ بہت اہم ہے وقت کا اہم ترین تقاضا اور ضرورت یہ ہے کہ تعلیم کو ہر حال میں عام کیا جائے ۔ کراچی میں پرائمری سکولوں کی بے حد کمی ہے بعض بعض حلقوں میں تو کوئی سکول ہی نہیں ۔ پرائیویٹ سکول جو لوگوں نے قائم کئے ہیں ان کی فیسیں اتنی زیادہ ہیں کہ غریب تو غریب متوسط الحال خاندان بھی ان کا متحمل نہیں ہو سکتا ۔

جناب والا ۔ ہمارے حزب اختلاف کے بھائی صاحبان ہمارے ہر قانون اور ہماری ہر تجویز کی مخالفت پر کمر بستہ رہتے ہیں ان کو ہماری اچھی سے اچھی باتیں بھی بری لگتی ہیں ۔ غیر ممالک کی ہر چیز ان کو اچھی نظر آتی ہے اور ہماری ہر چیز میں کیڑے نظر آتے ہیں ۔ ہمارے اٹھارہ سالہ ملک کا مقابلہ پرانے سے پرانے ملک سے کرکے صرف ان کو ہماری پارٹی کو گالیاں دینا مقصود ہوتا ہے ۔ ایوان کے باہر ہوں یا اندر ان کا اور ان کی پارٹی کا شعار ہی یہ رہا ہے کہ ملک میں ہنگامی کیفیت پیدا ہو ۔ کبھی یہ نوجوان طلبا کو مشتعل کرکے ہڑتالیں کراتے ہیں کبھی مزدوروں اور غریبوں کے جھوٹے ہمدرد بن کر ان کو اکساتے ہیں ۔ کبھی جمہوریت کا ڈھونگ رچا بیٹھتے ہیں ۔ کوئی ان سے پوچھے کہ جناب آپ کی یہ جمہوریت ایشیا میں کتنے ممالک میں ہے ۔ شاید ہندوستان کے علاوہ ان کی پسندیدہ جمہوریت کا کہیں وجود نہ ملے ۔ لے دے کے یہ ہندوستان کا ڈھکوسلہ پیش کرتے ہیں مگر دنیا جانتی ہے کہ نہرو جب تک زندہ رہے اور وزیر اعظم تھے ڈکٹیٹری کرتے رہے اور اب جب وہ نہیں ہیں ان کی بھی جمہوریت کا پول کھل گیا ہے ۔ پینتالیس روپے من گیہوں اور کہیں کہیں ساٹھ روپے من چاول مل رہا ہے ملک بھر فاقہ کی لعنت میں گرفتار ہے اور اس بد نظمی پر پردہ ڈالنے کو شاستری جی جنگ کے نعرے لگا رہے ہیں ۔ آپ کو تعجب ہوگا کہ ونکٹ رامن جو بہت بڑے اور قابل کانگریسی ہیں انہوں نے کانگریس میں تجویز پیش کی ہے کہ اگر

ملک کو بچانا ہے تو صدارتی نظام حکومت رائج کیا جائے ۔ جناب والا ۔ یہ لوگ ماضی پرست ہیں جو آنکھیں بند کئے ہوئے کچھ فرسودہ خیالات کی پوجا کرتے ہیں ۔ اللہ نظر بد سے بچائے ہمارا ملک دن بدن ترقی کی راہ پر گامزن ہے اس کا نام دنیا میں روشن ہو رہا ہے اس کی سیاسی اور اقتصادی ترقیاں دوسرے ایشیائی ملکوں کے لئے مشعل راہ بن گئی ہیں اور حزب اختلاف کو ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا نظر آ رہا ہے ۔

دیدہ کور کو کیا آئے نظر کیا دیکھے
چشم بینا ہو تو دنیا کا تماشا دیکھے

مسٹر محمد سرور خان (سیالکوٹ - ۳) — جناب سپیکر - وزیر خزانہ صاحب نے ایک متوازن اور ترقی پسندانہ بجٹ پیش کرکے نہ صرف اپنے تدبر اور قابلیت اور ذہانت کا ثبوت دیا ہے بلکہ میں تو کہوں گا کہ وہ اس کے لئے مستحق مبارک باد ہیں ۔ ہمارے وزیر خزانہ صاحب فنانس میں کافی دسترس رکھتے ہیں ۔ اور اس لئے وہ ایک ایسا بجٹ جو عوام کی خواہشات کی تکمیل کا مظہر ہے اور ان کے خیالات کا آئینہ دار ہے پیش کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں ۔ جناب والا ۔ ہمارے ملک میں ہمارے صوبہ میں جس کے ۸۵ فیصد حصہ کا انحصار زرعی معیشت پر ہے اگر حکومت کی کارکردگی کو اس پہلو سے دیکھا جائے اور اس کا جائزہ لیا جائے تو ہم یہ معلوم کر سکیں گے کہ حکومت نے ان معاملات میں کس قدر گہری دلچسپی کا اظہار کیا ہے ۔ اس کے لئے گندم ۔ گنا اور دوسری پیداوار میں جو اضافہ ہوا ہے ۔ اس کو بھی مد نظر رکھنا ضروری ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ صوبہ کی خوش قسمتی ہے اور یہ حکومت کی کامیاب زرعی پالیسی کی دلیل ہے ۔

جناب والا ۔ اس ذریعہ معیشت کے لئے مزید ۲۸ لاکھ ایکڑ زمین کو پانی مہیا کیا گیا ہے ۔ ۱۳ لاکھ ایکڑ کو آبپاشی کی سہولتیں دی گئی ہیں ۔ اور تین لاکھ ایکڑ نئی اراضی کو ٹیوب ویل لگانے کی سہولت دی گئی ہے اس کے علاوہ ۱۲ لاکھ ایکڑ کے لئے پانی کا انتظام کیا

گیا ہے اور پھر سیم اور تھور پر جو کاری ضرب لگائی ہے یہ سب ایک زرعی انقلاب پیدا کرنے کے مترادف ہے۔ اس سلسلہ میں میں محکمہ زراعت اور اس کے افسران کی خدمت میں مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے اس صوبہ کو اناج کے معاملہ میں خود کفیل بنا دیا ہے اور ایسا کردار پیدا کر دیا ہے جو آزاد قوموں کے شایان شان ہوتا ہے۔ جناب والا۔ اس ضمن میں میں یہ بھی عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ ہمارے اس ایوان میں ہمارے جو پیر سفان ملک قادر بخش صاحب ہیں اس ترقی میں ان کا بھی حصہ ہے۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ ان کی کارکردگیوں سے فائدہ اٹھایا جائے۔

گو واں نہیں پہ واں سے نکالے ہوئے تو ہیں
کعبہ سے ان بتوں کو بھی نسبت ہے دور کی

ہم یہ بھی سمجھتے ہیں کہ ہماری حکومت نے تعلیم کے سلسلہ میں گہری دلچسپی لی ہے۔ اس ضمن میں ان اعداد و شمار کو نظر میں رکھنا چاہئے۔ اس صوبہ میں ۵۰۰ نئے ہائی سکول کھولنے کی اجازت دی گئی ہے۔ اور جو ۱،۷۰۰ پرائمری سکولوں کا اجرا کیا گیا ہے وہ واقعی بہت بڑا کارنامہ ہے۔ اس کے علاوہ آئندہ سال میں ۵ نئے انٹر کالج کھولے جائیں گے۔ ۱۵ مڈل سکولوں کو ہائی سکول بنا دیا جائے گا۔ تین سنٹرل ماڈل سکول اور ۸ اعلیٰ تعلیم کے سکول کھولنے کی تجویز بھی ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ حکومت تعلیم کو عام کرنے کا تہیہ کئے ہوئے ہے۔ اس کے علاوہ ڈسٹرکٹ کونسل ہائی سکولز کو حکومت نے اپنی تحویل میں لیکر ایک بہت دیرینہ مرض کا علاج کیا ہے اور لوکل باڈیز اور educational institutions کے درمیان جو خلیج تھی وہ بھی پر کرنے کی ایک کامیاب کوشش کی ہے لیکن میں اس ضمن میں وزیر تعلیم کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ ڈسٹرکٹ کونسل سکولز کے وہ qualified اساتذہ qualifications کے لحاظ سے دوسرے گورنمنٹ کے سکولوں کے اساتذہ سے کم نہیں ہیں ان کی seniority میں یا گریڈ

میں کمی کرنا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ شاید ان لوگوں میں احساس کمتری پیدا کرنا مقصود ہے کافی عرصے سے کوشش کی جا رہی ہے کہ ہمارے اساتذہ گریڈ اور تنخواہوں کے معاملہ میں گورنمنٹ کے اساتذہ کے برابر ہو جائیں ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد میں عرض کروں گا کہ اس بجٹ میں زندگی کے اور پہلوؤں پر بھی نظر ڈالی گئی ہے ۔ شہروں میں مکانوں کی قلت کو دور کرنے کے لئے بھی جو طریقہ کار اختیار کیا گیا ہے وہ بھی میں سمجھتا ہوں کہ اس ملک کی ایک بہت بڑی بنیادی ضرورت کو پورا کرنے کے برابر ہے ۔ اور یہ حکومت کے لئے اور اس ایوان کے لئے ایک فخر کی بات ہو سکتی ہے ۔

جناب وزیر خزانہ نے اپنی بجٹ کی تقریر میں بار ہا صدر مملکت کے منشور کا ذکر کیا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے اس بجٹ کو صدر مملکت کے منشور کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کی پوری سعی کی ہے ۔ لیکن جناب والا ۔ منشور کے کتابچہ کی شق نمبر ۱۸ ۔ میں صدر صاحب نے فرمایا کہ " انتظامیہ کے ہر شعبہ میں بد عنوانیوں رشوت ستانیوں اور دوسری خرابیوں کا قلع قمع کرنے کے لئے مزید اقدامات کئے جائیں گے اور سرکاری محکموں میں کارکردگی کو بہتر سے بہتر بنایا جائے گا " ۔ جناب والا ۔ اس ضمن میں مجھے انتہائی مایوسی ہوئی ہے کہ بجٹ کو منشور کی اس شق سے ہم آہنگ کرنے کے لئے وزیر خزانہ نے کہیں کوشش نہیں فرمائی ہے ۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے معاشرے میں رشوت کا جو ناسور ہے وہ ایک تباہ کن چیز ہے ۔ اور رشوت ایک بہت بڑا عذاب ہے ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ ایڈمنسٹریشن کے تمام لوگ اس گندے کھیل میں شامل ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایڈمنسٹریشن میں نہایت دیانتدار efficient اور honest لوگ بھی ہیں لیکن اس بات سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا کہ رشوت ستانی دن دگنی رات چوگنی ترقی کر رہی ہے ۔ اور میں یہ محسوس کرتا ہوں اور میرا یہ یقین ہے کہ کبھی کوئی رشوت خور قوم کسی اچھے معاشرے کو جنم

نہیں دے سکتی اور نہ ہی وہ اچھے آدمی پیدا کر سکتی ہے ۔ اسلئے میں سمجھتا ہوں کہ اس ناسور کے علاج کے لئے اور اس ناسور کے سد باب کے لئے جلد سے جلد موثر قدم اٹھانا چاہئے اور ایمان کی حد تک میرا یقین ہے کہ ہمارے گورنر مغربی پاکستان جنکی قوت ارادی اور قوت عمل شک و شبہ سے بالا تر ہے اگر ان کے عہد اور حکومت میں بھی رشوت کے عذاب کی ٹانگ نہ توڑی جا سکی تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس کا پکڑنا تو درکنار اس کے لگ بھگ پہنچنا بھی مشکل ہو جائیگا ۔ میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ تمام ترقیوں سے سب سے زیادہ ترقی کی بات یہ ہے کہ اس صوبے کو اور اس ملک کو اس گندے ناسور سے نجات دلائی جائے ۔

جناب والا ۔ اگر ضلع سیالکوٹ کی سنہ ۱۹۱۶ کی رپورٹ کو دیکھا جائے تو اس رپورٹ کے مطابق سیالکوٹ کے ضلع میں ۲ ایکڑ per head زمین آتی تھی لیکن ضلع سیالکوٹ جس میں ۲ بڑے دریا ۴ چھوٹے دریا ۱۸ چھوٹے اور بڑے نالے اور تین نہریں ہیں جو اس ضلع میں سے گذرتے ہیں اور یہ ہر سال ضلع کی بہت سی زمینوں کو بہا لیجاتے ہیں اور اکثر وہ زمینیں واپس نہیں ملتیں ۔ اس ضلع میں آج ۵۰ سال کے بعد آبادی کی موجودہ حالت اور اس میں متوقع اضافہ کے پیش نظر یہ نقصان بہت ہے جو ان زمینوں کو آج پہونچ رہا ہے ۔ اس کے علاوہ جموں و کشمیر کے مہاجرین کی بے پناہ آبادی نے بھی وہاں کی زمین کا تناسب per head کم کر دیا ہے ۔ میں عرض کروں گا کہ آج ضلع سیالکوٹ مغربی پاکستان کا ایک واحد ضلع ہے جہاں landless owner ابھی موجود ہیں اور اگر وہاں per ایکڑ زمین کا ratio نکالا جائے تو جن علاقوں میں لوگ land owner بنائے جا رہے ہیں ان کے مقابلہ میں ضلع سیالکوٹ میں بھوک اور افلاس سے لوگ مر رہے ہیں تو ان کو بھوک اور افلاس سے بچانے کے لئے یا وہ لوگ جو landless ہیں یا جن کی زمین ۲ ایکڑ یا اس سے کم ہے کم سے کم ان کی آبادکاری تو کی جائے ۔ اس طرح وہ لوگ خوش حالی کی زندگی بسر کر سکیں گے ۔

حضور والا ۔ یہ ضلع اپنی تعلیمی ترقی میں undivided انڈیا اور undivided پنجاب میں تناسب کے لحاظ سے بڑھا ہوا ہے ۔ پسرور اس کی چھوٹی تحصیل ہے اور ہیڈ کوارٹر ہے وہاں پر ملکہ وکٹوریہ کے عہد میں ایک انٹرمیڈیٹ کالج تھا ۔ یہ اس ضلع کی بد قسمتی ہے کہ یہاں گورنمنٹ کا کوئی ڈگری کالج طلبا کے لئے نہیں ہے ۔ میں ایجوکیشن منسٹر صاحب کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ وہ ہماری اس بنیادی ضرورت کی طرف خصوصی توجہ فرمائیں جس ضلع نے علامہ اقبال ۔ عبدالحکیم ۔ سر شہاب الدین اور سر ظفر اللہ جیسے لوگ پیدا کئے اس ضلع کو ڈگری کالج سے محروم رکھنا میں سمجھتا ہوں کہ اس ضلع کی انتہائی بد قسمتی اور انتہائی پسماندگی کی دلیل ہے ۔

جناب والا ۔ ضلع سیالکوٹ میں وہ ندی نالے وہ دریا اور نہریں تو موجود چلی آ رہی تھیں جن کا میں ذکر کر چکا ہوں ۔ ان کے علاوہ مارشل لاء کے زمانے میں ایک دن صبح کے وقت لفٹیننٹ جنرل اعظم خان نے بیک جنبش کردار ایک اور نہر کی رسم افتتاح فرمائی اور اس پر لاکھوں روپیہ صرف ہوا اور اس پر سالہا سال تک کام ہوتا رہا لیکن اس کے بعد وہ نہر بند کردی گئی ۔ جناب والا ۔ مجھے اس سے بحث نہیں کہ وہ نہر مفید تھی اسے چالو کرنا چاہئے تھا یا نہیں کرنا چاہئے تھا ۔ میرے کہنے کا مقصد تو صرف یہ ہے کہ اگر وہ نہر مفید سمجھکر بنائی گئی تھی تو پھر اس کو کیوں بند کیا گیا اگر وہ واقعی مفید تھی تو پھر اس کے ساتھ یہ حرکت کیوں کی گئی ۔ بالخصوص جس جگہ پر اس نہر کی رسم افتتاح ادا کی گئی تھی اس گاؤں میں ۲۲ ایکڑ رقبہ پہلے ہی دریا برد ہو چکا ہے اور باقی ۱۸۰ ایکڑ لیفٹیننٹ جنرل اعظم خان کی رسم افتتاح نے برد کر دیا اور وہاں کے غریب لوگ بغیر معاوضے کے آج تک بیٹھے ہوئے ہیں ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان لوگوں کے ساتھ انتہائی نا انصافی اور ظلم ہے کہ وہ لوگ جن کے پاس پہلے ہی زمین کم ہے اور جن کی اپنی زمین کی انتہائی قلت ہے ان کو

اس طرح زمین سے محروم کر دیا جائے یہ نا مناسب ہے اور حکومت کو جلد از جلد ان کے لئے بندوبست کرنا چاہئے۔ حضور والا۔ یہاں لاہور اور نارووال کے درمیان مغلوں کے عہد سے ایک پرانی سڑک چلی آ رہی ہے اور یہ کم و بیش ۴۸ میل ہے۔ گو آج تک حکومت نے اس طرف کئی دفعہ توجہ فرمائی مگر نہ معلوم کوئی نہ کوئی رکاوٹ پیدا ہوتی رہی۔ ایک ریل ہے جس کا انجن جارج سٹیفن سن کے زمانے کا ہے اور اسی زمانے کی ایک لائن ہے۔ میں اس کے متعلق کچھ زیادہ نہیں کہنا چاہتا۔ البتہ نارووال گاڑی کے متعلق ایک فلم ایکٹرس نے اپنے ایک گیت کے ذریعے اس کی سست رفتاری اور کج رفتاری کو شہرت دوام بخشی ہے۔

گڈی آئی گڈی آئی نارووال دی
بڈھیاں تے بچیاں نوں پھکیاں ماردی

جناب والا۔ آج اس ترقی کے زمانے میں یہ ۴۸ میل کا ٹکڑہ جو مشہور اور بد نام صرف اس وجہ سے ہے کہ اس کی ایک قسم کی monoply ہے۔ متبادل ذرائع سواری کے نہیں ہیں۔ اگر یہاں بسیں چلائی جائیں تو میں سمجھتا ہوں کہ ایک طرح کا competition پیدا ہو جائے گا اور ریل کی حالت بھی بہتر ہو جائے گی۔ اس کے علاوہ جناب والا۔ نارووال سب ڈویژن ہیڈ کوارٹر میں ایک ایکس رے پلانٹ ایک سال سے نصب کیا گیا ہے لیکن آج تک لوگ اس سے کوئی استفادہ نہیں کر سکے کیونکہ dark room نہیں بنا۔ لیڈی ڈاکٹر جو اس علاقے کے لئے ایک نعمت غیر مترقبہ سے کم نہیں اس کی پچھلے پانچ چھ ماہ سے ٹرانسفر ہو گئی ہے اور اس کی جگہ کوئی دوسری لیڈی ڈاکٹر تعینات نہیں کی گئی۔ اس کے علاوہ گذارش یہ ہے کہ میرا سیالکوٹ کا ضلع ایسا ہے جس کا تمام تر دار و مدار آبپاشی پر ہے۔ لیکن زرعی ضروریات کے لئے بھی بہت کم بجلی مہیا کی گئی ہے۔ لوگ چاہتے ہیں کہ کنوؤں سے نجات حاصل کرکے ٹیوب ویلوں پر اپنا گذارہ کریں۔ اور

باوجود اس کے کہ ٹیوب ویل نصب کئے گئے ہیں بجلی بہت کم مہیا کی گئی ہے ۔ اگر تمام ضروریات کے لئے بجلی فراہم کی جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس ضلع کے عوام پر ایک بہت بڑا احسان ہوگا اور اقتصادی طور پر بھی ان کو بہت بھاری امداد ملے گی ۔ اگر میری ان تمام عرضداشتوں پر غور اور یقین کر لیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہم پر بہت بڑا احسان ہوگا ۔ اس صوبے میں سب سے زیادہ پسماندہ ضلع سیالکوٹ ہے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر حکومت میری ان گذارشات پر توجہ دے اور میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ اگر وہ ہماری اقتصادی اور صنعتی بد حالی کو دور کرنے کے لئے جلد از جلد کوئی قدم اٹھائے تو بہتر ہوگا ۔ وگرنہ میں تو یہ کہتا ہوں کہ اگر اس علاقے کو پسماندہ قرار دے دیا جائے تو اس ضلع کے عوام پر ایک احسان عظیم ہوگا ۔

مسٹر سپیکر ــ سردار محمد ایوب صاحب آپ نے اپنی تقریر کے دوران کچھ کلمات فرمائے تھے اور میں سمجھتا ہوں کہ جو ریمارکس آپ نے پریس کے متعلق کئے تھے وہ مناسب نہیں تھے ۔ اس لئے آپ ان کو واپس لے لیں تو اچھا ہوگا ۔

Sardar Muhammad Ayub Khan : Sir I withdraw them.

مسٹر سپیکر ــ اور آئندہ آپ احتیاط کریں کیونکہ پریس جو ہے وہ ہمارے ساتھ انتہائی تعاون کر رہا ہے اس کے متعلق ایسے کلمات استعمال نہیں کرنے چاہئیں کہ جس سے اس کے کسی ممبر کے احساسات مجروح ہوں ۔

خواجہ محمد صفدر ــ جناب والا ۔ میں درخواست کرتا ہوں کہ وہ ریمارکس expunge کر دیئے جائیں ۔

Mr. Speaker : These remarks are expunged from the proceedings of the Assembly.

چودھری محمد نواز (منٹگمری ۔ ۲) ــ جناب سپیکر ۔ ہمارے

فائننس منسٹر صاحب نے ایک ترقیاتی بجٹ پیش کیا ہے جس کی اس معزز ایوان کے معزز اراکین نے تعریف بھی کی ہے ۔ اور میں بھی اسے قابل تعریف ہی سمجھتا ہوں لیکن جناب والا ۔ ایک ایسا طبقہ ہے جس کے متعلق اب تک اس ایوان میں کسی معزز رکن نے ذکر نہیں کیا اور اس کی حالت زار کے متعلق کچھ کہنا مناسب نہیں سمجھا اس متوسط زمیندار طبقہ کے ساتھ اس بجٹ میں جو نا انصافی ہوئی ہے میں اس کے متعلق آپ کی خدمت میں گذارشات پیش کرتا ہوں ۔ جناب والا ایک طرف ہمیں یہ کہتے ہوئے کوئی دقت محسوس نہیں ہوتی کہ ہمارے ملک کی ۸۷ فیصد آبادی دیہاتوں میں آباد ہے اور یہ آبادی یہ لوگ ہمارے ملک کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں ۔ دوسری طرف ہر سال ہم کسی نہ کسی بہانے سے ان پر ٹیکسوں کا بوجھ ڈالتے جا رہے ہیں اور اس طرح سے ہم اس ریڑھ کی ہڈی کو خود کمزور کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ۔ جناب والا ۔ ہمارا ملک ایک زرعی ملک ہے ۔ اس ملک کی معیشت کا دار و مدار زراعت پر ہے اور زراعت کی ترقی کا انحصار اس طبقہ پر ہے جس کے متعلق میں عرض کر رہا ہوں ۔ اگر ہم نے اس کے مفادات کی نگہداشت نہ کی تو میں عرض کرتا ہوں کہ ہمارے بجٹ میں ترقیاتی کاموں کے خواہ کتنے ہی پروگرام ہوں ۔ ان پر ہم کروڑوں روپیہ صرف کریں مگر ہمارا ملک ترقی نہیں کر سکتا ۔ جناب والا ۔ آج صبح میں نے اخبار میں پڑھا ہے اور میں جانتا ہوں کہ سب معزز اراکین نے بھی پڑھا ہوگا کہ جناب گورنر صاحب نے ایک وفد کی درخواست پر مہربانی فرمائی اور زرعی ٹیکس جس کی حد پہلے ڈھائی سو روپیہ تھی اور جس کو کم کرکے ڈیڑھ سو کر دیا گیا تھا اس حد کو انہوں نے ہماری درخواست کو منظور فرما کر پھر ۲۵۰/- روپیہ قائم رہنے دیا ہے ۔

میں اور ایوان کے دوسرے اراکین اس کے لئے ان کے شکر گذار ہیں ۔ مگر ساتھ ہی جناب والا ۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ اس طبقہ

پر پچھلے سال مالیہ بڑھا کر ایک کرم فرمائی کی گئی تھی - لیکن اس سال آبیانہ میں ۱۰ فی صد اضافہ کرکے ان پر احسان عظیم کیا گیا جسے وہ لوگ کبھی فراموش نہیں کریں گے - یہ چند باتیں جو میں عرض کر رہا ہوں ہماری پارٹی کے اپنے فائدے کی ہیں - کہ ہم ان لوگوں کے ساتھ کئے ہوئے وعدے جن کے بل بوتے پر جن کی حمایت سے اس حکمران پارٹی کی اکثریت منتخب ہو کر یہاں آئی ہے - اگر ہم یہاں ان کے حقوق کی نگہداشت اور حفاظت نہیں کریں گے تو میں سمجھتا ہوں - ہم اپنے فرائض کی ادائیگی میں کوتاہی بلکہ بد دیانتی کریں گے میں جناب کی وساطت سے فنانس منسٹر صاحب کی خدمت میں یہ عرض کروں گا - کہ اس غریب طبقہ کی حالت زار پر کرم فرمائیں - اور آبیانہ میں جو ۱۰ فی صد اضافہ کیا گیا ہے - اسے ختم کیا جائے - جناب والا - میں جانتا ہوں کہ ہمارا ملک اس وقت ایک نہایت کٹھن دور سے گذر رہا ہے - اور اسے بہت سے مسائل کا سامنا ہے - لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ کسی آدمی پر اتنا ہی بوجھ ڈالنا چاہئے - جس کا وہ متحمل ہو سکے -

جناب والا - میں جس طبقہ کے متعلق یہاں عرض کر رہا ہوں - اس کی آمدن اور خرچ کا ایک نقشہ آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں - جس سے آپکو اندازہ ہوجائے گا کہ وہ کتنا مظلوم ہے - اور کوئی اس کا پرسان حال نہیں - حضور والا - میں نے اس کی آمدنی کے لئے جو یونٹ بنایا ہے - وہ ۲۵ ایکڑ اراضی کا ہے - اس میں سے ۸ ایکڑ ایک زمیندار سال میں گندم کاشت کرتا ہے - ۶ ایکڑ کپاس کاشت کرتا ہے - ایک ایکڑ کماد کاشت کرتا ہے اور ۴ ایکڑ فصل خریف میں چارہ کاشت کرتا ہے - اور تین ایکڑ چارہ فصل ربیع میں کاشت کرتا ہے - اس طرح وہ سارے سال میں ۲۵ ایکڑ رقبہ کاشت کرتا ہے اب میں ہر ایک آئٹم کی فی ایکڑ پیداوار اور اس سے اس کی آمدنی آپ کے گوش گذار کرتا ہوں - جناب والا - گندم کے فصل کے لئے اس میں ہل چلانے کے وقت

سے گندم سے دانے گھر آ جانے تک میں نے اپنے خیال کے مطابق تمام اخراجات یون رکھے ھیں - سب سے پہلے وہ اس میں ۱۰ دفعہ ھل چلانے - اگرچہ ۱۵ دفعہ بھی ھل چلایا جاتا ھے مگر میں نے ۱۰ دفعہ ھی رکھا ھے - اگر وہ بذریعہ ٹریکٹر ھل چلائے تو ۶ روپیہ فی باری کے حساب سے اسے ۶۰ روپے ادا کرنے پڑیں گے - آبیانہ اور مالیہ اس کے علاوہ - چونکہ نہر میں پانی کی کمی ھے - اس لئے اگر اس کا اپنا ٹیوب ویل نہیں ھے اسے دوسرے سے پانی خریدنا پڑے گا - اگر زیادہ نہیں تو دو دفعہ ضرور پانی لگانا پڑے گا تو ۵ روپے فی گھنٹہ کے حساب سے تین گھنٹے میں ۱۵ روپے ھو گئے - اور باریوں کے تیس روپے بن گئے -

اسی طرح ایک ایکڑ گندم کے لئے چار بوری کھاد کی ضرورت ھوگی -

اس کے میں نے ۱۴ روپے فی بوری مارکیٹ کی قیمت کے حساب سے لگائے ھیں اگرچہ اس سے کچھ زیادہ ھی دینے پڑتے ھیں - بہرحال میں نے ایک روپیہ چھوڑ دیا ھے - اس کے علاوہ جو اخراجات اسے گاؤں تک لے جانے کے لئے برداشت کرنے پڑتے ھیں - وہ بھی میں نے اس پر نہیں ڈالے چار بوری کھاد کی قیمت ۵۶ روپے ھو گئی - مالیہ اور آبیانہ ۱۶ روپے - گندم کی کٹائی لگوائی اور گہائی اگر وہ ٹریکٹر کے ذریعہ کراتا ھے - تو ۱۶ روپے فی گھنٹہ کے حساب سے ۴ گھنٹے میں ۶۴ روپے ھو گئے - گندم کا بیج تیس سیر بارہ روپے کا بنتا ھے لوھار ترکھان اور دیگر اخراجات کمیوں کے تیس روپے ۶ ماہ فصل پر پانی وغیرہ لگوانے کے دو نوکروں کی تنخواھیں ۶ ماہ ۷۵ روپے کل خرچ بنتے ھیں - اور اس طرح کل ۳۴۳ روپے خرچ ھو جاتے ھیں - اب ھم اس کی آمدنی کی طرف آتے ھیں - میں نے بیس من اوسط پیداوار رکھی ھے - اگرچہ سرکاری طور پر ۱۶ من ھے - ۱۵ روپے فی من کے حساب سے سال میں ایک ایکڑ میں تین سو روپے قیمت وصول ھوئی - بھوسہ بیس من دو روپے کے حساب سے ۴۰ روپے کل آمدن ۳۴۰ روپے اور کل خرچ ۳۴۳ روپے -

اب کپاس کو لے لیجئے - بیج کپاس ۸ سیر کی قیمت ۵ روپے خرچ ٹریکٹر سولہ دفعہ ۹۶ روپے زائد پانی خریدنے کی قیمت ۴۵ دوبے کھاد ۵۶ روپے گوڈی کپاس بیس روپے مالیہ اور آبیانہ ۲۲ روپے تنخواہ ملازم ۷۵ روپے لوھار ترکھان ۳۰ روپے کل میزان ۳۴۹ روپے اب اوسط جو ہے ۸ من فی ایکڑ ہے - ۳۵ روپے من کے حساب سے کل قیمت ۲۸۰ روپے بنی - خرچ تھا ۳۴۹ روپے اور آمدنی ہے ۲۸۰ روپے اس طرح ایک ایکڑ کھاد کو لے لیں - ہل چلوائی ۹۶ روپے قیمت زائد پانی ۱۲۰ روپے کیونکہ پانی اسے ۶ دفعہ زیادہ دینا پڑتا ہے - کھاد ۵۶ روپے گوڈی ۴۸ روپے ۲ روپیہ فی کنال کے حساب سے آبیانہ و مالیہ تیس روپے خرچ گڑ نکلوائی - ہمارے ملک کے دستور کے مطابق گڑ نکلوائی کل قیمت کا ایک چوتھائی لیتے ہیں - میں نے پچاس من گڑ کی اوسط رکھی ہے - اسطرح گڑ کی کل قیمت گیارہ سو بن جاتی ہے - ایک چوتھائی ہوگئے ۲۷۵-۸۲۵ روپے آمدن ہوئی - ۶۲۵ اسکا خرچ ہوگیا - ۲۰۰ روپے یہاں سے بچ گئے -

چارہ فصل خریف - مکی اور جوار وہ چار ایکڑ میں بوتا ہے - اس میں سے تین ایکڑ اپنی ضرورت کے لئے رکھ لئے - اور ایک ایکڑ بیچ دیا اسطرح کل ۴ ایکڑ پر ۹۵ روپے خرچ آتے ہیں - باقی ایک ایکڑ جو چارہ بچے گا اسکو بیچ کر اسکی قیمت ۱۲۰ روپے لگالی ہے اسی طرح فصل ربیع میں چارہ تین ایکڑ ہے - اس کا کل خرچ ۹۵ روپے اور ایک کھیت برسیم سے آمدنی ۳۰۰ روپے جو وہ اپنے استعمال سے بچا کر بیچے گا اس طرح میں نے تین ایکڑ میں آمدنی تین سو روپے رکھی ہے اور خرچ ۹۵ روپے اسطرح تین ایکڑ چنے اور توریہ فصل ربیع میں جو کاشت کریگا اسپر میں نے کل خرچ ۹۵ روپیہ فی ایکڑ لگا کر اور آمدن ۳۰۰ روپیہ فی ایکڑ نکالی ہے - میں اس کا ٹوٹل عرض کرتا ہوں -

گندم کا خرچ ہے - -/۳۴۳ روپے اور آمدن ہے -/۳۴۰ روپے

کپاس	،،	-/۳۴۹	،،	-/۲۸۰	،،
کماد	،،	-/۶۲۵	،،	-/۸۲۸	،،
فصل خریف میں چارے	،،	-/۹۵	،،	-/۱۲۰	،،
،، ربیع میں چارے	،،	-/۹۵	،،	-/۲۰۰	،،
چنے اور توریا	،،	-/۹۵	،،	-/۳۰۰	،،
ٹوٹل—		-/۱۶۰۲		-/۲۰۶۵	

اس طرح اسکی کل آمدنی -/۲۰۶۵ روپے ہے - اور خرچ -/۱۶۰۲ روپے ہے - یعنی سال بھر میں اسکی خالص بچت -/۴۶۵ روپے ہوتی ہے - اب آپ اندازہ لگائیے - کہ اس غریب انسان کو دن رات کی محنت کرنے کے بعد جب یہ بچت ہوتی ہے تو اسکی کیا حالت ہوگی - اور پھر جسطرح کہ آج باہر گرمی پڑ رہی ہے - ہم تو یہاں بیٹھے ہیں - ہمیں تو گرمی محسوس نہیں ہوتی - لیکن انکو آجکی طرح کی شدید گرمی بھی برداشت کرنی پڑتی ہے - آپ ان غریب زمینداروں کی حالت کا اندازہ یہاں بیٹھکر نہیں کر سکتے - جو اس شدت کی گرمی میں آج چاول کاشت کر رہے ہونگے - اور جو صبح سے شام تک ہل چلاتے ہیں - آپ یقین کریں کہ ان پر موسم کا اسقدر اثر ہوتا ہے - کہ آپ انکی شکل بھی پہنچان نہیں سکتے - انکو جو آمدن ہوتی ہے - وہ سال بھر میں صرف -/۴۶۵ روپے ہے - اور انکو سال بھر میں زندگی کے لوازمات بچوں کی تعلیم اور دیگر ضروریات زندگی کے علاوہ اپنے عزیزو اقارب کے غم و خوشی میں بھی شرکت کرنی ہوتی ہے -

اس کے علاوہ آپکو فصلوں کی قدرتی وباؤں کو بھی مدنظر رکھنا چاہئے - میں آپکی خدمت میں پچھلے سال اور اس سے پچھلے سال کے حالات بھی عرض کرتا ہوں - اس سال اتنی سردی پڑی - کہ جسکے نتیجے میں کپاس کی فصل کو کافی نقصان پنہچا - اور صرف دو من فی ایکڑ اوسط نکلی - کیونکہ اس کی صرف ایک ہی چنائی ہو سکی اور

دوسری چنائی مسلسل سردی کی وجہ سے نہ ہوسکی ۔ اور فصل جل کر رہ گئی ۔ اس غریب آدمی کو اس طرح کے حالات سے بھی دو چار ہونا پڑتا ہے ۔ اور آپ کو بھی اس چیز کو پیش نظر رکھنا چاہئے ۔ کہ وہ ان -/۴۶۵ روپے میں کیا بچاتا ہوگا وہ تو ہمیشہ مقروض رہتا ہوگا ۔ میں آپ سے عرض کرونگا ۔ کہ فصل پکنے سے پہلے سے ہی وہ اسکی مالیت سے دوگنا قرض لے کر کھا چکا ہوتا ہے ۔ تو میں وزیر خزانہ کی خدمت میں عرض کرونگا کہ ان غریبوں کی حالت پر رحم کیجئے ۔ اور یہ جو دس فیصدی آبیانہ بڑھایا گیا ہے ۔ اس پر نظر ثانی کریں ۔

جناب والا ۔ میں پھر وہی رونا روتا ہوں ۔ کہ اگر مرکزی حکومت کوئی ٹیکس عائد کرتی ہے تو اسکی زد بھی اسی غریب زمیندار پر پڑتی ہے ۔ مرکزی حکومت کا ٹیکس بھی اسی بے سہارا کو برداشت کرنا پڑتا ہے ۔ آپ دیکھئے کہ مٹی کے تیل پر جو ٹیکس بڑھایا گیا ہے ۔ وہ مٹی کا تیل بھی اسی زمیندار کی بنیادی ضرورت ہے ۔ اور اس ٹیکس کو بڑھا کر اسکی بنیادی ضرورت کو ختم کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ اگر یہاں صوبائی حکومت کوئی ٹیکس لگاتی ہے ۔ تو بھی اسی غریب پر لگاتی ہے ۔ تو میں عرض کرونگا ۔ کہ اس بے چارے کو تین قسم کے ٹیکس ادا کرنے پڑتے ہیں ۔ ۱ بلاواسطہ ٹیکس (Direct Tax) ۲ بالواسطہ ٹیکس (indirect tax) اور ۳ disguised ٹیکس ۔

بلاواسطہ ٹیکس وہ ہے ۔ جیسے کہ مالیہ آبیانہ اور زرعی ٹیکس ۔ اور بالواسطہ ٹیکس ہیں ۔ جو اس غریب کو فصل پکنے گھر لے جانے اور منڈی میں فروخت کرتے وقت ادا کرنے پڑتے ہیں ۔ جب وہ اپنی اجناس کو منڈی میں لے جاتا ہے ۔ تو وہاں اسے اپنے آپ کو ان لوگوں کے رحم و کرم پر چھوڑنا پڑتا ہے ۔ جنہیں کہ ہم کمیشن ایجنٹ کہتے ہیں ۔ اور جنکے کئی قسم کے charges ہوتے ہیں ۔ مثلاً مسجد فنڈ ۔ تولنے والے کی مزدوری کٹوتی اور آڑھت وغیرہ ۔ تو اس طرح ایک زمیندار کو وہاں پر بھی اخراجات کے بوجھ کا متحمل ہونا پڑتا ہے ۔

اسکے بعد گذارش یہ ہے ۔ کہ فصل کاشت کرنے والا، کٹائی کرنے والا اور ہم لوگوں کو feed کرنے والے تو وہ غریب آدمی ہوتے ہیں لیکن جب اسکی پیداوار اسکے گھر سے منڈی تک جاتی ہے ۔ تو اسکی ساری کمائی بڑے بڑے سیٹھوں کے پاس چلی جاتی ہے ۔ آن لوگوں کے پاس چلی جاتی ہے جو کہ ان اجناس کو برآمد کر کے بے پناہ دولت کماتے ہیں ۔ اور اپنی تجوریوں کو بھرتے ہیں ۔ اور اس غریب کی حالت کے متعلق سوچتے بھی نہیں ۔ کہ وہ کیا کریگا ۔ اس لئے میری تجویز یہ ہے ۔ کہ ایک Export Syndicate بنایا جائے ۔ جس میں کہ اس غریب زمیندار کا بھی حصہ ہو ۔ اور اسکو بھی پتہ ہو ۔ کہ یہ اسکا ملک ہے ۔ اور یہ اسکی حکومت ہے ۔ اور اس کا بھی اس ملک کی آمدن میں حصہ ہے ۔ جس ملک میں یہ بڑے بڑے لوگ اپنی تجوریوں کو دولت سے بھر کر رات کو بے خوف ہوکر سوتے ہیں ۔

جناب والا۔میری گذارش یہ ہے ۔ کہ ان ٹیکسوں کے لگانے کی ضرورت بھی نہ ہو اگر واجبات کی وصولی اور آمدنی کی leakage کا سدباب کر لیا جائے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ٹیکس کیا ان سے کہیں زیادہ بلکہ دو چار گنا زیادہ آمدنی ہوسکتی ہے ۔ لیکن ہم گذرے ہوئے وقت کی طرف دھیان ہی نہیں دیتے ۔ ایسے بھی لوگ ہیں ۔ جنہوں نے تین تین چار چار لاکھ روپیہ ابھی تک حکومت کا دینا ہے ۔ اور یہ واجبات انکے ذمہ ۱۹۵۰-۵۱ء سے چلے آ رہے ہیں ۔ لیکن ان سے انکے متعلق کبھی کسی نے پوچھنے کی تکلیف ہی گوارہ نہیں کی ۔ کیونکہ وہ بااثر لوگ ہیں ۔

اب میں کچھ تھوڑی سی گذارش اپنے علاقے کے متعلق بھی عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ میرے ضلع میں گندم اور کپاس پیدا ہوتی ہے ۔ اور یہ اجناس وہ ہیں ۔ کہ جن سے ہم زرمبادلہ بھی کماتے ہیں ۔ اور جسے اپنے ملک میں خرچ کر کے اپنے ملک میں بہت سی اشیائے ضروریہ کی کمی کو پورا کرتے ہیں ۔ یعنی میرا ضلع اس ملک کی معیشت کو

بہتر بنانے میں اہم پارٹ ادا کر رہا ہے ۔ لیکن مقام افسوس ہے کہ آجتک میرے ضلع کو صنعتی لحاظ سے بالکل فراموش کیا گیا ہے ۔ اور اس طرف توجہ تک نہیں دی گئی ۔ اگر ہم نے کبھی اپنی معروضات پیش کیں تو ہمیں کچھ ایسا ویسا جواب دیکر ٹال دیا گیا ۔ میں وہ آپکی خدمت میں عرض کرتا ہوں ۔ ۹۳-۱۹۶۲ء میں جب اسمبلیاں بنی تھیں ۔ تو ہمارے ضلع کو یہ شرف حاصل ہوا ۔ کہ مرکزی اور صوبائی وزارتوں میں ہمیں نمائندگی ملی ۔ اور ہم سب بہت خوش ہوئے ۔ کہ ہماری مشکلات اور صنعتی لحاظ سے پسماندگی اب دور ہو جائیگی ۔ لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے ۔ کہ ہمارے وہ خواب شرمندہ تعبیر نہ ہوئے ۔

جناب والا ۔ اس وقت جبکہ اس بجٹ میں انڈسٹریز کی ڈویلپمنٹ کے لئے کافی روپیہ رکھا گیا ہے ۔ میں جناب کی وساطت سے وزیر خزانہ صاحب کی خدمت میں عرض کرونگا کہ وہاں پر ایک ٹیکسٹائل مل اور ایک شوگر مل قائم کرنے کی اجازت دی جائے ۔ شوگر مل کے متعلق میں پہلے بھی عرض کرچکا ہوں اور ڈویژنل کونسل نے بھی سفارش کی ہے ۔ اس کے متعلق یہ عرض کروں گا کہ ہمارے ضلع میں شوگر کین کی پیداوار سارے صوبہ مغربی پاکستان میں ایک نمبر پر ہے ۔ میں نے جو اعداد و شمار دیئے ہیں اگر ان کے متعلق کسی کو شک ہو تو وہ موازنہ کرسکتا ہے ۔ جناب والا ۔ دوسرے علاقوں میں جو کھانڈ تیار ہوتی ہے وہ اس طرح ہے ۔ فی سو من گنا ۔

لائلپور ۱۰ من	۱۰ تا ۱۲ من	کھانڈ فی ۱۰۰ من گنا	
لیہ ۷ تا ۸ من	,,	,,	
پیشاور ۷ تا ۸ من	,,	,,	
سندھ ۸ من	,,	,,	

جناب والا ۔ میرے بزرگ اور میرے مہربان جو آج ہماری دائیں جانب بیٹھے ہیں ۔ جب وہ منسٹر تھے اور ہمارے علاقے میں تشریف لر

جاتے تھے تو ہم لوگ جب اُن سے عرض کرتے تو ملک صاحب ہمیشہ یہ جواب دیا کرتے تھے کہ آپ کے علاقے میں کپاس کی پیداوار زیادہ ہے جس سے ہمیں فارن ایکسچینج بچتا ہے ۔ اگر یہاں کھانڈ کی مل لگ جائے تو لوگ گنا زیادہ کاشت کرنا شروع کر دیں گے اور کپاس کی طرف دھیان نہیں دیں گے یہ محض ایک بہانہ تھا ۔ جناب والا اگر ایک مربع زمین یعنی ۲۵ ایکڑ میں زمین کی حد مقرر کر دی جائے کہ کپاس اتنی کاشت کرنی ہے ۔ تو اسمیں کوئی کمی نہیں آئیگی ۔ میں یقین دلاتا ہوں کہ وہاں گنا بھی کافی کاشت ہوتا ہے اسلئے وہاں مل لگانے کی صورت میں کپاس کی کاشت میں کمی نہیں آئے گی ۔ بلکہ اب بھی اتنا ہی ہوتا ہے جتنا مل لگنے سے ہوتا تھا ۔ اس کے علاوہ فارن ایکسچینج کے مسئلہ کے متعلق عرض کرتا ہوں ہمارے ملک میں چینی کم ہے ۔ ہمیں چینی درآمد کرنی پڑتی ہے اسکے لئے بھی فارن ایکسچینج کی ضرورت ہے اگر مل لگ جائے تو ہماری پروڈکشن بڑھ جائیگی اور زر مبادلہ بچ جائے گا ۔

نواب‌زادہ شیخ‌عمر (قلات ۔ مکران ۔ خاران) — جناب سپیکر ۔ میں آپ کے توسط سے جناب وزیر خزانہ شیخ مسعود صادق صاحب کی خدمت میں اپنے حلقہ انتخاب کے عوام کی جانب سے تیسرے پانچ سالہ منصوبہ کے پہلے سال کا ترقیاتی بجٹ پیش کرنے پر مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔ اس میزانیہ میں سارے صوبہ مغربی پاکستان کی ہمہ گیر ترقی کے لئے مختلف شعبوں میں گراں قدر رقوم مخصوص کی گئی ہیں ۔ لیکن خاص طور پر پس ماندہ علاقوں کی ترقی اور خوشحالی کے لئے وسائل کے اعتبار سے بڑی بڑی رقمیں مہیا کی گئیں ہیں ۔ ہمارے صدر مملکت فیلڈ مارشل محمد ایوب خان صاحب نے بار بار یہ ارشاد فرمایا ہے ۔ کہ وہ پس ماندہ علاقوں کی خوشحالی کے لئے خصوصی توجہ فرمائیں گے ۔ چنانچہ ہمارے صوبہ کے سربراہ اعلیٰ جناب ملک امیر محمد خان صاحب صدر مملکت کی اس پالیسی کو عملی جامہ پہنانے میں پورے انہماک سے سرگرم عمل ہیں ۔ اور موجودہ

میزانیہ اس کا آئینہ دار ہے ۔ وزیر خزانہ نے بجٹ میں قلات ڈویژن کے آبپاشی کے وسائل کا جائزہ لینے اور انہیں فروغ دینے کے لئے سال رواں میں پانچ کروڑ ۷۹ لاکھ روپیہ کی رقم مختص کر کے نہ صرف وقت کے ایک اہم تقاضے کو پورا کیا ہے ۔ بلکہ قلات ڈویژن کے عوام کے لئے جن کی زندگی کا انحصار زراعت اور کھیتی باڑی پر ہے ۔ ترقی کی نئی راہیں کھولی ہیں ۔ دشت ندی پر بند باندھنے کے منصوبے پر عملدرآمد ہونے سے اس علاقے کی ہزاروں ایکڑ زرخیز زمین زیر کاشت آ جائے گی ۔ اور وہاں کے لوگ زمین آباد کر کے با عزت زندگی بسر کر سکیں گے ۔

جناب والا ۔ قلات ڈویژن ضلع قلات ۔ مکران اور خاران کے اضلاع پر مشتمل ہے ۔ اس ڈویژن کا مجموعی رقبہ ۸۰ ہزار مربع میل ہے ۔ رقبہ کے لحاظ سے قلات مغربی پاکستان کا سب سے بڑا ڈویژن ہے ۔ یہاں قابل کاشت زمین بکثرت موجود ہے ۔ لیکن پانی کی قلت کے سبب اس میں کاشت ممکن نہیں ۔ وہاں طویل و عریض وادیاں ہیں ۔ جن میں زیر زمین پانی کے ذخیرے موجود ہیں ۔ مثلاً پنجگور تربت مند کی وادیاں جہاں پر ٹیوب ویل لگائے جائیں تو ہزاروں ایکڑ ایسی زمین جسے صدیوں سے کسی نے ہاتھ نہیں لگایا سونا اگلنے لگے گی ۔ اسی طرح خاران کے ضلع میں ماشخیل کی وادی ہے ۔ اس علاقے کی زمین ریتلی ہے ۔ یہاں کچے کنویں کام نہیں دے سکتے پانی تقریباً پندرہ فٹ کی گہرائی پر مل جاتا ہے ۔ یہاں سال کے ہر موسم میں تیز ہوائیں چلتی ہیں ۔ اگر وہاں پر ہوائی چکیاں لگائی جائیں تو بہت بڑا علاقہ آباد ہو سکتا ہے ۔ مقامی باشندے اس قابل نہیں کہ خود اپنے وسائل سے پکے کنویں لگا کر ان پر ہوائی چکیاں لگائیں ۔ حکومت کو چاہئے ۔ کہ وہ اس طرف توجہ کرے ۔ مزید برآں اس علاقے میں اوسطاً سالانہ پانچ چھ انچ بارش ہوتی ہے ۔ اس علاقے میں برساتی ندیاں اور نالے موجود ہیں ۔ جو سینکڑوں میل اس علاقے میں بہہ کر سمندر میں جا گرتے ہیں ۔ اگر ان پر بند تعمیر کئے جائیں تو اس علاقے میں لاکھوں ایکڑ زمین زیر کاشت آ سکتی ہے ۔ مثلاً گوار کوندی اور سوڈندی ہے ۔ اس

سے ہم غذائی پیداوار کے سلسلہ میں خود کفیل ہو جائیں گے - اور ہمیں باہر سے غلہ منگانے کی ضرورت نہیں رہے گی -

جناب والا- قلات ڈویژن کا بہت بڑا علاقہ بحیرہ عرب کے ساحل پر واقع ہے - جسے ساحل مکران کے نام سے یاد کیا جاتا ہے - وہاں کے باشندوں کا پیشہ ماہی گیری ہے - چھوٹی چھوٹی بندرگاہوں کے علاوہ پسنی - گوادر اور جیوانی وہانکی بڑی بندر گاہیں ہیں - ان بندرگاہوں میں تقریباً پچاسہزار محنتی اور جفاکش لوگ آباد ہیں - وہاں ریت میں کنوئیں لگاتے ہیں - جن سے بہت ہی قلیل مقدار میں پانی ملتا ہے - یا تالاب بنا کر بارش کا پانی جمع کرتے ہیں - دونوں ہی طریقوں سے پانی کی ضروریات پوری نہیں ہوتیں - اور ساحلی آبادی کو سال کے بیشتر حصے میں پینے کے پانی کے لئے پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے قرب و جوار کی ندیوں پر بند باندھ کر پائپ لائن کے ذریعے آبادی کو میٹھا پانی مہیا کیا جا سکتا ہے - قدرت نے اس علاقے کو اعلی قسم کی مچھلیوں سے مالا مال کیا ہے - یہاں کی مچھلی خشک کر کے دوسرے ممالک کو برآمد کی جاتی ہے - جس سے ایک خطیر رقم زر مبادلہ کی شکل میں ملتی ہے -

جناب والا - موجودہ حکومت نے اگرچہ صنعت ماہی گیری کو فروغ دینے کے لئے قدم اٹھایا ہے - لیکن اکثر بلکہ ۸۰ فیصد ماہی گیر اپنے پرانے طریقے پر ماہی گیری کرتے ہیں - اس لئے کہ ان کو موجودہ ترقی کے دور کے سامان ماہی گیری میسر نہیں - اس لئے ضرورت ہے - کہ ان کو مشینی کشتیاں اور نائلون کے جال مہیا کئے جائیں - اور وہاں برف کے کارخانے تعمیر کئے جائیں - میں وزیر خزانہ سے استدعا کروں گا کہ وہ ماہی گیری کی صنعت کو فروغ دینے کے لئے مناسب رقم مہیا فرمادیں - تا کہ لوگ خوشحال ہوں - اور بڑی مقدار میں زر مبادلہ کمایا جا سکے -

جناب والا- قلات ڈویژن میں ۱۹۶۰ سے مواصلاتی نظام کچھ بہتر ہے - حکومت اس علاقے میں کثیر رقم سڑکوں کی درستی پر خرچ کر رہی ہے -

مگر بارش کے بعد ندی نالوں کی وجہ سے کچی سڑکیں بہہ جاتی ہیں ۔ اس علاقے میں صرف ایک سو میل پکی سڑک کوئٹہ سے قلات تک ہے ۔ اگر دوسرے علاقوں کی طرح اس علاقے میں بھی ہر سال کچھ نہ کچھ حصہ پختہ سڑکیں بنائی جائیں تو ہر سال کی بارشوں کے بعد کچی سڑکوں کی درستی کے بار بار کے اخراجات کثیر سے نجات مل جائے گی ۔

جناب والا ۔ کراچی جو مکران کی قریب ترین تجارتی منڈی ہے ۔ اس کا فاصلہ چار سو میل ہے ۔ کراچی سے اوتھل تک ۶۵ میل پختہ سڑک ہے اسے اگر آگے بڑھا کر تربت سے ملایا جوے ۔ تو ضلع مکران کے چھبیس ہزار مربعہ میل میں پھیلے ہوئے لاکھوں انسانوں کو نقل و حمل کی آسانی نصیب ہوگی ۔ اور تجارت کو فروغ حاصل ہو گا ۔ اس وقت مکران کے باشندوں کو ریل ہیڈ تک تقریباً چھ سو میل لاریوں پر سفر کرنا پڑتا ہے ۔ مواصلات کی یہی دقتیں علاقہ کی ترقی میں بڑی حد تک سد راہ ہیں ۔

جناب والا ۔ اسی طرح تعلیمی میدان میں بھی میرے دونوں اضلاع قابل توجہ ہیں ۔ وہاں پر چھ ہائی سکول ہیں ۔ اور مڈل سکول بھی ہیں ۔ ون یونٹ سے پہلے ایسا تعلیمی نظام نہ تھا ۔ حکومت نے یہ وعدہ بھی کیا ہے ۔ کہ یہاں انٹرمیڈیٹ کالج کا قیام عمل میں لایا جائے گا ۔ مگر ابھی تک وہاں کالج نہیں کھولا گیا ہے ۔ یہ امر قابل صد فکر ہے ۔ کہ وہاں کے عوام غربت کی وجہ سے چھ سو میل مسافت طے کر کے اپنے بچوں کو تعلیم دلوانے کی مالی استطاعت نہیں رکھتے ۔ حالانکہ تعلیمی شوق بچوں میں زیادہ ہے ۔ اور ڈائرکٹر تعلیمات کے ریکارڈ میں یہ بات موجود ہے ۔ سنا ہے ۔ کہ اس سال قلات ڈویژن میں تعلیم کے لئے صرف ایک لاکھ روپیہ رکھا گیا ہے ۔ جو قطعاً ناکافی ہے ۔ اگر ایسا ہے ۔ تو یہ بہت ہی افسوس کا مقام ہے ۔ میں جناب وزیر تعلیم سے استدعا کرتا ہوں کہ وہ ہماری پس ماندگی کو مد نظر رکھتے ہوئے مزید رقم مہیا فرماویں ۔

جناب والا ۔ اسی طرح اس علاقے میں متعدد ہسپتال تعمیر کئے گئے ہیں ۔ مگر ڈاکٹروں اور نرسوں کی کمی ہے ۔ وہاں پر کوئی نرس یا ڈاکٹر دور دراز علاقوں میں جانے کے لئے تیار نہیں ہوتا گو حکومت نے اس علاقہ میں جانے کے لئے چالیس فیصد کے حساب سے الاؤنس دے کر بڑی فراخدلی کا ثبوت دیا ہے ۔ لیکن لمبی مسافت کو دیکھ کر وہاں کوئی نہیں جاتا میں جناب وزیر صحت سے استدعا کرتا ہوں ۔ کہ اس سلسلے میں مزید الاؤنس مہیا کریں ۔ تا کہ وہاں پر ڈاکٹروں اور نرسوں کو جانے میں دقت پیش نہ آئے ۔

قبل اس کے کہ میں اپنی تقریر ختم کروں یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ اپنے علاقے کے ایک اور اہم مسئلہ کی طرف حکومت کی توجہ دلاؤں وہ مسئلہ وہاں کے مالیہ کا نظام ہے ۔ قلات ڈویژن میں ابھی تک اراضیات کا بندوبست نہیں ہوا ہے ۔ اور نہ ہی مالیہ کی شرح زمینات کی اقسام کے اعتبار سے مقرر ہوئی ہیں ۔ میرے ضلع میں مختلف حصوں میں شرح مالیہ مختلف ہے ۔ کہیں پیداوار پر ۱/۱۰ حصہ اور کہیں ۱/۳ حصہ لیا جاتا ہے ۔ اس طرح زمینداران اور مالکان اراضی پر مالیہ کا بوجھ ناہموار ہے سرحدی علاقوں میں جہاں بندوبست سے پہلے مالیہ نہیں تھا ۔ وہاں اندازاً مالیہ لیا جاتا ہے ۔ مارشل لا کے نفاذ کے بعد معافیات ہو چکی ہیں ۔ کچکی گری کے نام سے جن لوگوں کو الاؤنس دیئے جاتے ہیں ۔ وہ بھی بند کئے گئے ہیں ۔ اس سے ان لوگوں کی اقتصادی حالت ناگفتہ بہ ہو گئی ہے ۔ حکومت مغربی پاکستان پسماندہ علاقوں کی ترقی کے لئے کروڑوں روپے صرف کرتی ہے ۔ اگر حکومت لوگوں کو اقتصادی بد حالی کے پیش نظر اراضیات کے بندوبست مکمل ہو جانے اور یکساں شرح مالیہ مقرر کئے جانے تک سابقہ حالات کو برقرار رکھے تو خزانہ عامرہ پر کوئی بوجھ نہیں پڑے گا ۔ اور جن کو کچکی گری الاؤنس سے محروم کیا گیا ہے ۔ ان کے لئے صوبہ سرحد اور قبائلی علاقوں کے سرداروں اور ملکوں کی طرح الاؤنس مقرر کئے جائیں ۔ مجھے یقین ہے کہ حکومت میرے علاقے کے مسائل کو

کو فوری طور پر حل کر کے لوگوں کو ون یونٹ کی حقیقی اثرات سے مستفید ہونے کا موقع فراہم کرے گی۔

میجر میر بادشاہ خان (ڈیرہ اسماعیل خان ایجنسی - ۲) (پشتو) — جناب صدر صاحب میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کرتا ہوں کہ وزیر خزانہ صاحب نے جو بجٹ پیش کیا ہے۔ میں اس کے لئے ان کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ دوسری عرض یہ ہے کہ ہم قبائلی بہت پسماندہ ہیں اور ہمارے بچے جو سکولوں اور کالجوں میں پڑھتے ہیں ان کو جو وظائف ملتے ہیں وہ بہت کم ہیں اور حکومت کی امداد کے بغیر ہمارے لئے ان کی تعلیم کو جاری رکھنا بہت مشکل ہے بلکہ ناممکن ہے۔ کیونکہ ہمارے وسائل بہت محدود ہیں مگر اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی آپ کی خدمت میں عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ اس میں شک نہیں کہ ہم مالی لحاظ سے کمزور اور پسماندہ ہیں لیکن جہاں تک تعلیم کا تعلق ہے ہمارے بچے کسی بھی حالت میں دوسرے بچوں سے کمزور نہیں ہیں حالانکہ انگریزوں کے دور حکومت میں ہمارے علاقہ میں تعلیم کا نام و نشان بھی نہ تھا۔ اور یہ صرف پاکستان کی برکت ہے کہ ہم نے تعلیم شروع کی ہے۔ اور ہمارے بہت سے بچے بی۔ اے۔ ایل ایل۔ بی اور ایم اے کی ڈگریاں لے چکے ہیں اور بہت سے بچے فوج میں بڑے بڑے عہدوں پر فائز ہیں اور بہت سے ڈاکٹر ہو گئے ہیں۔ جناب والا۔ یہ سب کچھ عرض کرنے سے میرا مقصد یہ ہے کہ ہمارے بچے ذہنی لحاظ سے کسی سے پیچھے نہیں ہیں مگر ہم غربت کی وجہ سے انہیں اعلیٰ تعلیم نہیں دلا سکتے۔ اس لئے آپ کی خدمت میں میری استدعا ہے کہ حکومت اس سلسلے میں ہماری زیادہ سے زیادہ امداد کرے۔ اس کے علاوہ میری یہ عرض ہے کہ کل جناب وزیر تعلیم نے یہ فرمایا تھا کہ اس صوبہ میں وہ علاقے پسماندہ نہیں ہیں جہاں بجلی اور سڑک پہنچ چکی ہے اس کے جواب میں میں آپ کے توسط سے وزیر موصوف کی خدمت میں یہ عرض کرتا ہوں کہ علاقہ مروت میں بجلی موجود ہے مگر وہ

یہ فرمائیں کہ یہ علاقہ کس طرح پسماندہ نہیں ہے ۔ وہاں لوگوں کو پینے کا پانی بھی میسر نہیں ہے ۔ میں آپ کی خدمت میں یہ گذارش کرتا ہوں کہ بجلی اور سڑک سے تو محدود آبادی ہی فیضیاب ہو سکتی ہے ۔ جناب والا ۔ میرا تعلق بنوں اور ڈیرہ اسماعیل خاں کی ایجنسی سے ہے وہاں پر سڑک تو ہے لیکن دوسرے اضلاع کی نسبت میرا یہ علاقہ بہت ہی پسماندہ ہے ۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی ضروری عرض ہے کہ خواہ مشرقی پاکستان کے بھائی ہوں یا مغربی پاکستان کے رہنے والے ہوں ہم سب آپس میں بھائی بھائی ہیں اور اس لئے ہمیں ان کے علاقوں کی ترقی پر کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن کم از کم حکومت کو یہ چاہئے کہ وہ یہ دیکھے کہ جن علاقوں کے پاس اتنی دولت ہے کہ مزید دولت ان کے لئے بد ہضمی کا باعث ہو سکتی ہے انہیں مزید دولت مند نہ بنائیں ۔ ان علاقوں کے عوام کی طرف اپنی تمام تر توجہ دیں جن کو ضروریات زندگی بھی میسر نہ ہوں ۔ ہم قبائلی پہلے تو اسمبلیوں میں نہیں ہوتے تھے مگر جب سے پاکستان وجود میں آیا ہے ہمیں اسمبلیوں میں نمائندگی دی جاتی ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم سب پاکستانی بھائی بھائی ہیں ہماری حکومت کا سلوک سب کے ساتھ مساوات پر ہونا چاہئے ۔ اس لئے میں حکومت سے پر زور مطالبہ کرتا ہوں کہ حکومت پسماندہ علاقوں اور بالخصوص قبائلی علاقہ کی طرف زیادہ سے زیادہ توجہ دے ۔ آخیر میں میں جناب صدر آپ کی وساطت سے بھارتی حکومت کو متنبہ کرنا چاہتا ہوں کہ ہم قبائلی جن کی تعداد ستر لاکھ ہے ہم پاکستان کی فوج ہیں اور اگر کبھی بھی کسی نے پاکستان کی طرف غلط نظر سے دیکھا یا پاکستان پر سخت وقت آیا تو انشاء اللہ ہم اپنے لیڈروں کے ادنیٰ اشارے پر بغیر حیل و حجت کے اپنے ہی اسلحہ سے اور اپنے ہی ذرائع سے اپنے پاکستانی بھائیوں کی خدمت کرنے کو تیار ہونگے آخر میں میں جناب ملک امیر محمد خاں گورنر اور فیلڈ مارشل صدر محمد ایوب خان کا شکریہ دل سے ادا کرتا ہوں کہ جب سے انہوں نے حکومت کی باگ ڈور سنبھالی ہے غریب عوام

کا اور پسماندہ علاقوں کا خاص خیال رکھا جاتا ہے اور خاص کر دریا خان ڈیرہ اسماعیل خان پل کا جو منصوبہ ہے یہ ایک عظیم کارنامہ ہے ۔ ایک عرض کرکے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں وہ عرض یہ ہے کہ میرا علاقہ پہاڑی ہے اس چیز کو مد نظر رکھتے ہوئے اس علاقہ کے عوام کو جو کہ بہت محنت کش ہیں ہیراجوں میں خاص کوٹہ دیا جائے اور آخیر میں میں آپ کا صاحب صدر شکریہ ادا کرتے ہوئے اپنی تقریر کو ختم کرتا ہوں ۔

دیوان سید غلام عباس بخاری — جناب والا ۔ اگر فہرست موجود ہے ۔ تو وہ سنا دی جائے ۔ تاکہ ممبر صاحبان ۔وجود رہیں ۔

مسٹر سپیکر — میرا خیال ہے کہ اگر فہرست سنا دی گئی تو صرف وہ ممبر صاحبان ہاؤس میں بیٹھے رہ جائیں گے جن کے نام فہرست میں ہوں گے ۔ باقی شاید چلے جائیں ۔ میاں محمد اسلام ۔

میاں محمد اسلام (رحیم یار خان ۔ ۲) — جناب سپیکر ۔ سب سے پہلے میں جناب وزیر خزانہ اور جناب وزیر ریلوے کو ان کے بجٹوں پر مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ میرے ضلع رحیم یار خان میں سیم اور تھور بڑی تیزی سے پھیل رہی ہے ۔ اور وہ ہماری زمینوں کو اپنی لپیٹ میں لے رہی ہے ۔ ہماری جو زمینیں آباد تھیں ۔ وہ اب پانی اگل رہی ہیں ۔ اور ہماری آباد زمین کا ایک ایکڑ جو ہمیں پیداوار کے لحاظ سے ۳۰ من گندم دیتا تھا ۔ آج اس میں پانی کے سوا کچھ نظر نہیں آتا ۔

خانپور میں بجلی کا سب سٹیشن قائم ہو چکا ہے ۔ باوجودیکہ وہاں زمین کی آبادی کے لئے بہت سی درخواستیں ٹیوب ویلوں کے لئے پیش کی جا چکی ہیں ۔ اور میں نے خود بھی دو سال سے ایک درخواست دے رکھی ہے ۔ لیکن ان پر آج تک کوئی غور و خوض نہیں کیا گیا ۔ اور نہ ہی ان کا آج تک کوئی جواب ہی دیا گیا ہے ۔ اگر ہمارے ضلع میں سیم اور تھور کا مسئلہ حل نہ کیا گیا ۔ تو میں سمجھتا ہوں

کہ دو سال کے اندر اندر ہماری تمام کی تمام زمینیں ختم ہو جائینگی ۔ اور اس کے بعد گورنمنٹ کوئی خاطر خواہ انتظام نہ کر سکے گی ۔

حضور والا ۔ ہماری بہاولپور ڈویژن کے ساتھ چولستان کا علاقہ لگتا ہے ۔ وہاں ہمارے بھائی خانہ بدوش کی زندگی بسر کرتے ہیں ۔ وہ بھیڑ بکری پالتے اور اونٹ وغیرہ چراتے ہیں ۔ اور اس طرح خانہ بدوشی کی زندگی بسر کرتے ہیں ۔

جناب والا ۔ وہاں گورنمنٹ کی طرف سے جنگلی رکھیں قائم کی گئی ہیں ۔ حالانکہ وہاں جنگلی رکھوں کی کوئی ضرورت نہیں ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس علاقے میں عموماً بہت کم بارش ہوتی ہے ۔ جس کی وجہ سے وہ جنگل دو ۔ تین یا چار سال بعد سر سبز ہوتے ہیں ۔ اور جب بر وقت بارش نہیں ہوتی ۔ تو وہ چھوٹے چھوٹے بودوں والے جنگل کی صورت اختیار کر لیتی ہیں ۔ وہاں کوئی ایسی لکڑی دستیاب نہیں ہوتی جسے برآمد کیا جا سکے یا کسی اور کام کے لئے کار آمد سمجھا جائے ۔ اس طرح یہ جو جنگلی رکھیں قائم کی گئی ہیں ۔ وہ بالکل بے سود ہیں ۔ اس لئے ان کو ختم کیا جائے ۔ کیونکہ عوام کو ان سے بہت تکلیف ہو رہی ہے ۔

جناب والا ۔ ہمارے ریلوے سٹیشن خانپور کے نزدیک کوئی ایسا پھاٹک نہیں جس سے ٹریفک بآسانی گزر سکے ۔ وہاں اس وقت ایک پھاٹک ہے جو شہر خانپور سے متصل ہے ۔ جس میں سے زیادہ ٹریفک نہیں گزر سکتی ۔ اس لئے میں وزیر ریلوے کی خدمت میں گذارش کرونگا کہ ــــ

مسٹر محمود اعظم فاروقی ــ On a point of order, Sir.

جناب والا ۔ میرا خیال ہے کہ اس وقت ہاؤس میں کورم نہیں ۔

Mr. Speaker. Let there be a count. (*count was taken*) The House is not in quorum; let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*). The House is now in quorum Yes, Mr. Muhammad Islam.

میاں محمد اسلام ــ حضور والا ۔ ٹریفک کی آمد و رفت کے

سلسلے میں ہمیں ریلوے سٹیشن سے بہت زیادہ تکلیف ہے ۔ اس لئے ہمارے شہر خانپور والوں کے لئے ایک underground راستہ تعمیر کیا جائے۔ تاکہ آمد و رفت میں کوئی تکلیف نہ ہو ۔

جناب والا ۔ بہاولپور ڈویژن میں ہمارے گورنر صاحب کی وساطت سے جو جامع اسلامیہ یونیورسٹی قائم ہوئی ہے ۔ اس کے لئے میں ان کا بہاولپور کے لوگوں کی طرف سے شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ اور اس کے ساتھ ساتھ اپنی چند معروضات بھی پیش کرتا ہوں ۔ حضور والا ۔ عرض یہ ہے کہ اس سے پہلے وہاں جامع عباسیہ موجود تھا ۔ اس کو support کرنے کے لئے بہت سے سکول ۔ مودب ۔ رفیق العلما اور مولوی فاضل وغیرہ کے موجود تھے ۔ لیکن اب اس یونیورسٹی کو support کرنے کے لئے ایسا کوئی سکول موجود نہیں جہاں سے فارغ ہو کر طلبا اس یونیورسٹی میں داخل ہو سکیں نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اس یونیورسٹی کو طلبا باہر سے لینا پڑتے ہیں ۔ اس طریق کار سے طلبا کو بہت زیادہ تکلیف ہو رہی ہے ۔ لہذا میں جناب وزیر تعلیم کی خدمت میں گذارش کرونگا کہ وہی سکول ۔ مؤدب ۔ رفیق العلما اور مولوی فاضل وغیرہ جو پہلے موجود تھے ۔ ان میں ایسے اساتذہ بھرتی کئے جائیں جو طلبا کو تعلیم اسلامی کا سبق دے سکیں ۔ اس طرح وہ سکول جامع اسلامیہ کو بھی support کر سکیں گے ۔ اور یہ اسلامی یونیورسٹی جو کہ بہاولپور ڈویژن میں قائم کی گئی ہے ۔ اور جن حالات میں قائم کی گئی ہے ۔ وہ بھی بخوبی چل سکے گی ۔

جناب والا ۔ آخر میں میں اپنی تحصیل خانپور کی تمام آبادی کی طرف سے حکومت کی خدمت میں پر زور اپیل کروں گا کہ وہ ہمیں سیم اور تھور کی لعنت سے جلد از جلد نجات دلائے تاکہ ہمارے عوام کی خوشحالی بحال ہو سکے ۔

مسٹر سپیکر ۔ دیوان غلام عباس بخاری ۔

دیوان سید غلام عباس بخاری (ستان - ۷) — محترم جناب سپیکر - موجودہ بجٹ جس طرح تیار کیا گیا ہے - یہ پچھلے سالوں کے بجٹوں کے مقابلوں میں تین باتوں میں ایک خصوصی حیثیت رکھتا ہے -

اول تو اس بجٹ میں آئندہ یعنی تیسرے پنج سالہ منصوبے کو مد نظر رکھکر ان پانچ سالوں کے پہلے سال میں جو ترقیات ہوتا ہیں - ان کی بنیاد قائم کی گئی ہے -

دوم - یہ ان ہنگامی حالات میں تجویز کیا گیا ہے جب کہ ہندوستان نے ہماری سرحدوں پر ایک عجیب سی صورت حال پیدا کر دی ہے - اور پوری قوم کی نظریں اس طرف ہیں کہ دیکھیں آئندہ کیا ہوتا ہے -

سوم - ہمارے محترم صدر مملکت کی طرف سے اس ملک کو ایک فلاحی مملکت بنانے کے لئے جو منشور شائع ہوا تھا - اس کو مد نظر رکھتے ہوئے اس بجٹ کو ترتیب دیا گیا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ اس پر بڑی کاوش کی گئی ہے - اور ان باتوں کو مد نظر رکھتے ہوئے ہر شعبے کو cover کیا گیا ہے - اس کے لئے ہمارا عملہ جس نے یہ بجٹ تیار کیا ہے - بمع سیکریٹری محکمہ مالیات اور وزیر خزانہ مبارکباد کے مستحق ہیں -

جناب والا - امسال اس صوبہ کے لئے ۱۷۷ کروڑ ۹۹ لاکھ اور ۷۱ ہزار روپے آمدنی اور ۱۷۵ کروڑ ۲۳ لاکھ ۷۶ ہزار روپے اخراجات دکھائے گئے ہیں - اور اس لحاظ سے یہ ایک فاضل بجٹ ہے -

جناب والا - ملک قادر بخش صاحب کی تقریر بہت جامع اور مفید تھی وہ عوام کے پرانے نمائندہ بھی ہیں اور ہماری پچھلی کیبنٹ کے ممبر بھی رہ چکے ہیں - سرکاری امور کے علاوہ عوام کے نمائندہ کی حیثیت سے انہیں کافی تجربہ ہے - میں ان کی تقریر کی پر زور تائید کرتا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ جب ہمارے بیدار مغز اور مضبوط ارادوں والے گورنر صاحب انہیں اپنی کیبنٹ میں لے لیتے ہیں تو عوام

کاشتکار اور زمیندار اپنے بہترین ترجمان سے محروم رہ جاتے ہیں۔ ہمیں جو معلومات اور مفید تجاویز ان سے عوامی نمائندہ کی حیثیت میں ملتی ہیں کیبنٹ میں شامل ہو کر حاصل نہیں ہوتیں۔ جناب والا۔ ملک صاحب نے میاں ممتاز دولتانہ کے وقت میں رشوت۔ بد دیانتی اور سرخ فیتہ کے متعلق ایک رپورٹ لکھی تھی۔ وہ بڑی جامع رپورٹ تھی اگر اپنے وقت میں وہ اس پر عمل کرا سکتے تو قوم کی کافی مشکلات حل ہو جاتیں۔ اب بھی میں سمجھتا ہوں کہ اگر اس جامع رپورٹ پر عمل درآمد کیا سکے تو ہماری کافی تکالیف رفع ہو سکتی ہیں۔

جناب والا۔ ہمارے ایک محترم رکن اور معزز دوست نے پریس کا ذکر کیا ہے مجھے افسوس ہے کہ انہوں نے ایسے الفاظ کہے کہ جناب سپیکر صاحب کو مجبوراً ہاؤس کی کارروائی سے ان الفاظ کو خارج کرنا پڑا لیکن اس موقع پر اگر میں پریس کے متعلق کچھ نہ کہوں تو اس سے نہ صرف پریس سے ناانصافی ہوگی بلکہ پوری قوم سے ناانصافی ہوگی۔ جناب والا۔ میں بھی جذبات رکھتا ہوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارا پریس جس قسم کے حالات سے گذرا ہے اور پھر اپنے معیار کو قائم رکھا ہے وہ صرف اس ہاؤس کے لئے ہی نہیں بلکہ پوری قوم کے لئے قابل فخر ہے۔ یہ ٹھیک ہے کہ ہمارے عوام کو اور نمائندگان کو بہت سی مفید اور اہم تجاویز پریس سے حاصل ہوتی ہیں۔ مجھے تو یقیناً اس سے بے حد فائدہ ہوتا ہے۔ اکثر اوقات جو خیالات میں اس ہاؤس میں پیش کرتا ہوں وہ عموماً پریس سے حاصل کرتا ہوں۔ اور جو ہمارے پریس نے اپنے معیار اور اپنے مقام کو قائم رکھا ہے اس کے لئے میں اسے دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں۔

جناب والا۔ میں سمجھتا ہوں کہ بجٹ اور ٹیکسوں کی تقسیم جب تک چند دماغ بنائیں گے چاہے وہ کتنی ہی دیانتداری سے تجاویز پیش کریں عوام کے نمائندوں کو ہمیشہ اعتراض ہی رہے گا۔ اس

کے لئے میں یہ تجویز پیش کروں گا کہ ملک کا سرمایہ عام طور پر جن چیزوں پر خرچ ہوتا ہے ان میں سے ایک تو ملک کی آبادی ہے اور ایک ملک کا رقبہ ۔ میری یہ بنیادی تجویز ہے کہ بجٹ اور ٹیکس چاہے وہ صوبائی حکومت کے ہوں یا مرکزی حکومت کے ۔ بڑے بڑے پراجیکٹ کو چھوڑ کر جو صوبہ سے تعلق رکھتے ہیں باقی جتنے فنڈز ہوتے ہیں انہیں علاقہ کے لحاظ سے اور رقبہ کے لحاظ سے یعنی ان دونوں چیزوں کے لحاظ سے تقسیم کیا جاتا رہے تو اس طرح ہر علاقہ اپنا مساوی حق دے سکتا ہے ۔

جناب والا ۔ دوسری طرف سے یعنی حزب اختلاف کی طرف سے اعتراضات کئے گئے ہیں اور یہ بتایا گیا ہے کہ اس ملک میں جمہوریت نہیں یا الیکشن میں ناانصافی ہوئی ہے ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس سلسلہ میں خواہ صوبہ ہو یا مرکز ہو اس قسم کے اعتراضات تو ہوتے رہتے ہیں اور نقائص بیان ہوتے رہتے ہیں ۔ اگر سابقہ ریکارڈ کو دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ ہمارے موجودہ صدر مملکت کے وقت میں جو ترقیاں ہوئی ہیں اور ملک کو اور اس صوبہ کو جو استحکام ملا ہے پہلے حاصل نہیں ہو سکا تھا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر حزب اختلاف کے ارکان تنقید اور اعتراضات کے ساتھ ساتھ ان اچھی باتوں کا ذکر بھی کریں جو حکومت کی طرف سے ہوتی ہیں تو میرے خیال میں وہ زیادہ بہتر طریقہ پر اپنا فرض ادا کریں گے ۔ جب مجھے اپنے دوست اور حزب اختلاف کے لیڈر جناب خواجہ صفدر صاحب سے تبصرہ کرنے کا موقع ملا تو میں نے ان سے پوچھا کہ صوبائی الیکشن کے متعلق آپ کے کیا خیالات ہیں تو ان کے الفاظ جو انہوں نے فرمائے میں ابھی تک نہیں بھولا ۔ انہوں نے فرمایا تھا کہ صوبائی الیکشن میں افسران اور حکومت کی طرف سے کوئی مداخلت نہیں ہوئی ۔

جناب والا ۔ میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ حزب اختلاف کو اس کی تعریف کرنا چاہئے تھی اس دفعہ ترقیاتی کاموں پر ۲۱۸ کروڑ

روپیہ صرف کیا جانا تھا اب اسے کم کرکے ۱۹۰ کروڑ کر دیا ہے - اور ۵ فیصدی کمی کی گئی ہے کیونکہ ہندوستان نے جو واقعات پیدا کر دئے ہیں ان کے پیش نظر یہ کمی ضروری تھی - مجھے اس بات کا افسوس ہے کہ اس کا اثر ہماری ترقیاتی سکیموں پر پڑا ہے اس لئے میں سوچتا ہوں کہ کس طرح اس کمی کو پورا کرکے رفتار ترقی کو کم نہ ہونے دیا جائے -

میں نے زراعت کے متعلق بے شمار امور کا اظہار کرنا ہے اور ایک کاشتکار اور زمیندار کی حیثیت سے بہت سے معاملات کو پیش کرتا ہے لیکن اس وقت میں ان کو پیش کرنا مناسب نہیں سمجھتا کیونکہ یہ مسئلہ بہت اہم ہے اور لمبا ہے - اس لئے میں زراعت کی ڈیمانڈ پیش ہونے پر عرض کروں گا -

جناب والا - واپڈا جو اس وقت ۶۳ کروڑ روپیہ خرچ کر رہا ہے ایک آزاد ادارہ ہے اور ہماری قوم کے لئے ریڑھ کی ہڈی بن کر رہ گیا ہے - میرے خیال میں اب تک واپڈا کے تحت بجلی اور پانی کے امور میں کافی ترقی ہوئی ہے مگر مجھے افسوس ہے کہ کاشتکاروں کو واپڈا سے بہت تکالیف ہیں کیونکہ ان کو —/۱۰۰۰ یا —/۵۰۰ روپیہ دے کر ٹیوب ویل کا کنکشن ملتا ہے - اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ جب ہماری حکومت زراعت کو وقعت دیتی ہے تو یہ ضروری ہے کہ واپڈا اپنے چھوٹے چھوٹے کارکنوں پر نگاہ رکھے تا کہ کاشتکاروں کو ٹیوب ویل کا کنکشن حاصل کرتے وقت جو تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے وہ نہ ہو جناب والا مجھے یہ تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ ہماری قوم میں رشوت اور بد دیانتی کا عنصر زیادہ ہے اس کے لئے میں نے اپنی پچھلی تقریر میں کچھ تجاویز پیش کی ہیں - اب میں اتنا عرض کرونگا (اور یہ بھی اتنا اہم مسئلہ ہے کہ اسپر پوری روشنی ڈالنی چاہئے مگر میں مختصراً عرض کرونگا) کہ ماہرین افسروں اور اس معزز ایوان کا ایک رکن ملاکر اگر ایک

کمیٹی بنا دی جائے اور وہ اس بارے میں رپورٹ دے تو عوامی تکالیف بہت حد تک رفع ہو سکیں گی - بہت سے عوامی مسائل میں اس وقت چھوڑنا چاہتا ہوں کیونکہ وقت بہت کم ہے -

اب میں ملتان اور اپنے علاقہ کے مسائل کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں - جناب والا ملتان ۲۰ لاکھ کی آبادی کا ایک ضلع ہے اور اس ضلع سے گورنمنٹ کو جو محاصل حاصل ہوتے ہیں ان کے اعتبار سے وہ صوبے کے top most اضلاع میں سے ایک تصور کیا جاتا ہے - اس ضلع میں کپاس گندم اور گنا پیدا ہوتا ہے - مگر مجھے بہت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہمارے پورے ضلع میں کھانڈ سازی کا ایک کارخانہ بھی موجود نہیں ہے - میں عرض کروں گا کہ اس طرف فوراً توجہ دی جائے - اس ضلع میں کھجور citrus اور آم کی پیداوار زیادہ ہوتی ہے اور اس کے لئے بھی میں عرض کروں گا کہ ایسے کارخانوں کی ضرورت ہے کہ جن میں ہم ان پھلوں کو ڈبوں میں بند کرکے foreign exchange کما سکیں - اس ضلع میں گندم کی بھی کافی پیداوار ہوتی ہے - لیکن کوئی ایسے کارخانے موجود نہیں ہیں جن میں بسکٹ وغیرہ تیار ہو سکیں - یہ ضلع چونکہ کاشتکاروں اور زمینداروں کا ضلع ہے - یہاں ایک ایسا کارخانہ ہونا چاہئے جس میں ایسے آلات اور spare parts تیار ہوں جو tractors کے کام آ سکیں - ہمیں خوشی خبری دی گئی تھی کہ یہ کارخانہ بہت جلد کام کرنے لگے گا اس کی طرف میں توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ یہ اس ضلع کی اہم ضرورت ہے - علیگڑھ کی lines پر ایک مسلم یونیورسٹی کے لئے ہمارے معزز رکن نوابزادہ غلام قاسم خان صاحب نے پچھلی دفعہ ایک بل پیش کیا تھا اور متعدد بار وہاں کے نمائندگان نے توجہ دلائی ہے - یہ بھی ہمارا اہم مطالبہ ہے کہ ملتان جیسے ضلع اور ملتان جیسے شہر میں جو کہ روحانی اور تعلیمی لحاظ سے ایک مرکز تصور کیا جاتا رہا ہے اور یہ ضروری ہے کہ ایسی یونیورسٹی قائم کی جائے -

جناب والا ۔ اس وقت تقریباً تمام ڈویژنوں میں ریڈیو سٹیشن قائم ہو چکے ہیں لیکن ملتان ہی ایک ایسا بد نصیب ضلع ہے کہ جسمیں ضرورت ہونے کے باوجود ابھی تک ریڈیو سٹیشن قائم نہیں ہوا ہے ۔ ملتان کے ضلع سے ایک امتیازی سلوک کیا جاتا ہے ۔ جہاں جہاں نہریں ہیں وہاں وہاں زر چاہی ختم کر دیا گیا تھا ۔ ملتان وہ ضلع ہے کہ وہ ٹیکس بھی ادا کرتا ہے اور اسے زر چاہی بھی ادا کرنا پڑتا ہے ۔

بجٹ کے صفحہ ۹۰ — پر شہری ترقیات کے متعلق ذکر کیا گیا ہے لیکن اس میں ملتان کو نظر انداز کر دیا گیا ہے ۔ بجٹ کے صفحہ ۹۳ پر سرکاری ملازمین کے لئے تعمیرات کا ذکر ہے اس فنڈ سے بھی ملتان کو محروم رکھا گیا ہے ۔ صفحہ ۱۲۷ پر ماسوائے زمین سڑک تعمیرات اور ان تعمیرات کی اصلاح پر فنڈز مہیا کئے گئے ہیں مگر یہاں بھی ملتان کو نظر انداز کیا گیا ہے ۔ صفحہ ۱۳۳ پر مواصلاتی بہبود کے لئے فنڈز مہیا کئے گئے ہیں مگر اس ضمن میں ملتان کے لئے کچھ نہیں ہے ۔

اب جناب میں اپنے علاقہ کی ۵ - ۶ تکالیف کو جو بہت اہم ہیں پیش کروں گا اور وہ میرے حلقہ تحصیل شجاع آباد اور تحصیل لودھران سے تعلق رکھتی ہیں اور بد قسمتی سے یہ دونوں تحصیلیں ملتان کا حصہ ہوتے ہوئے بہت ہی پسماندہ سمجھی جاتی ہیں ۔ ہمارے اہم قصبوں کو جو سڑک ملاتی ہے وہ ۱۰۷ میل ہے ۔ دس دس بارہ بارہ ہزار کی آبادی کے قصبے اس سڑک سے ملے ہوئے ہیں جس میں اب تک ۸۴ میل سڑک کچی ہے اور صرف ۲۳ میل سڑک پختہ کی گئی ہے ۔ شجاع آباد سے جلال پور والا کی سڑک ڈسٹرکٹ کونسل نے ۴ سال پہلے منظور کی تھی کہ پختہ کی جائے ۔ آپ یہ سن کر حیران ہوں گے کہ ۴ سال کے عرصے میں صرف ۹ میل سڑک پختہ ہوئی ہے ۹ میل کے لئے انہوں نے فنڈز مہیا کر دئے ہیں اور باقی

۹ میل جو ہے اس کے لئے ڈسٹرکٹ کونسل عاجز ہے کیونکہ اس کے پاس فنڈز نہیں ہیں - میں اس کے لئے گورنمنٹ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ باقی ۹ میل بھی پختہ کرنے کے لئے فنڈز مہیا کئے جائیں - پختہ سڑک کے ساتھ علاقہ میں ترقی کے لئے بجلی کا ہونا بھی بہت اہم مسئلہ ہوتا ہے - شجاع آباد - دیناپور اور جلال پور ہمارے بہت اہم مقامات ہیں - آج سے دو سال پہلے یہاں کھمبے لگائے جا چکے ہیں - واٹرنگ ہو چکی ہے - جناب آج تک نہ ان قصبوں کو بجلی مہیا کی گئی اور نہ دیہات میں بجلی مہیا کی گئی ہے - اس کے لئے میں واپڈا اتھاریٹیز کی توجہ مبذول کراؤں گا کہ وہ دیہاتوں میں کاشتکاروں کو بجلی مہیا کرے اور قصبوں کو بھی بجلی مہیا کرے -

Mr Speaker. Please try to conclude.

دیوان سید غلام عباس بخاری — جناب میں دو چار منٹ میں ختم کردوں گا - تعلیم کے لحاظ سے شجاع آباد میں ایک انٹرمیڈیٹ کالج کی سخت ضرورت محسوس کی جا رہی ہے اور جناب کو یہ سنکر خوشی ہوگی کہ مخدوم زادہ حامد علی گیلانی نے اس کالج کے لئے ۲۵ ہزار روپے دینے کا فوری طور پر اعلان کیا ہے اور عوام نے زمین دینے کا اعلان کیا ہے - گورنمنٹ کی یہ پالیسی ہے کہ جو علاقے اپنی مدد آپ کریں ان کی مدد گورنمنٹ بھی کرے گی - یہ معاملہ اہم اور بہت ضروری ہے ہم زمین دینے کے لئے تیار ہیں - ۲۵ ہزار نقدی دینے کیلئے بھی تیار ہیں تو اس کی طرف توجہ دی جائے اور وزیر تعلیم وہاں انٹرمیڈیٹ کالج کا افتتاح کردیں - غازی پور کا علاقہ جلال پور - پیر والا میں سب سے اہم علاقہ ہے اور سب سے زیادہ آبادی کا علاقہ ہے - وہاں پر مڈل سکول موجود ہے اس کو ہائی سکول کا درجہ دینے کیلئے ہم ۵ سال سے جد و جہد کر رہے ہیں لیکن ہماری شنوائی نہیں ہوئی میں وزیر تعلیم کی توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ مہربانی کرکے اس کو ہائی اسکول کا درجہ دیا جائے - جلال پور پیر والا کا ہائی اسکول ایک گنجان آبادی میں آ گیا ہے - شہر کے

باهر اس کے لئے ۴۰ ایکڑ زمین acquire کی گئی تھی تاکہ سکول کھلی فضا میں ہو ۔ ۵ سال سے وہ زمین پڑی ہوئی ہے اور ابھی تک وہاں کوئی construction نہیں ہوئی ہے ۔ اگر اس زمین پر construction ہو جائے تو موجودہ بلڈنگ ایک اور ہائی سکول کے لئے مکتفی ہو سکتی ہے ۔

دینا پور ۱۰ ہزار آبادی کا علاقہ ہے اور وہاں ایک پرائمری گرلز سکول موجود ہے جس کو جلد مڈل سکول بنایا جائے تاکہ بچیاں پرائمری کی تعلیم کے بعد مڈل کی تعلیم حاصل کریں ۔

شجاع آباد میں شہری پراپرٹی ٹیکس لگا دیا گیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ ٹیکس ایسے قصبوں پر لگایا جاتا ہے جن میں نئے مکانات بنائے جا رہے ہوں اور جہاں آبادی بڑھ رہی ہو یا وہاں کی آبادی اس کی متحمل ہو سکے ۔ شجاع آباد میں یہ تینوں باتیں نہیں ہیں مکانات پرانے ہیں بوسیدہ ہیں اور زیادہ تر evacuee پراپرٹی ہے اس میں نئی construction نہیں ہوئی ہے اور نہ کوئی اضافہ ہوا ہے اس لئے میں اپیل کروں گا کہ اس قصبے کو ٹیکس سے مستثنیٰ فرمایا جائے ۔

حاجی گلاب خان شنواری (پشاور ایجنسی) ۔ جناب والا ۔ میں اس موقع پر اپنے علاقہ کے لوگوں کی مشکلات اور تکالیف کے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ سب سے پہلے میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہمارے محبوب صدر محمد ایوب خان کی زیر قیادت اور ہمارے محبوب گورنر کی زیر نگرانی قبائلی پسماندہ علاقے ہر طرح سے ترقی کر رہے ہیں اور وہاں لوگوں کی خوشحالی اور معیار زندگی بلند کرنے کی پوری کوشش کی جا رہی ہے ۔ میرا حلقہ یعنی ایجنسی بھی ترقی کے میدان میں کسی سے پیچھے نہیں ہے لیکن اس وقت وہاں چند ضروریات ایسی ہیں جن کی طرف میں حکومت کی توجہ دلانی چاہتا ہوں ۔ ایک یہ کہ وہاں ایک کالج نہیں ۔ حکومت وہاں کالج بنانے پر غور فرمائے ۔ بغیر کالج کے وہاں کے طلبا اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے میں بہت تکلیف

محسوس کرتے ھیں ۔ اور اعلے تعلیم کے بغیر ترقی بھی نہیں ھو سکتی ۔ ھمارے طلبا کو تعلیمی وظائف ضرور دئے جائیں ۔ دوسری بات یہ ھے کہ حال ھی میں ھمارے علاقہ میں زبر دست بارشوں کی وجہ سے بہت سے مکانات برباد ھو گئے ھیں اور فصلوں کو بھی کافی نقصان پہنچا ھے ۔ میری یہ عرض ھے کہ حکومت اس بارے میں ھماری ایجنسی کو کچھ امداد دے ۔ ھسپتال ھماری ایجنسی میں موجود ھیں ۔ مگر بستروں کی تعداد قلیل ھے ۔ لہذا ان میں توسیع کی جائے ۔ نیز قبائلی لوگوں میں چونکہ تعلیمی معیار کم ھے اس لئے مہربانی کرکے سرکاری ملازمتوں میں ھمارے طلبا کے لئے کوٹا مقرر کریں ۔

Makhdum Hamid-ud-din Shah (Rahimyar Khan III): Mr. Speaker, Sir, the task of the Finance Minister in presenting the Budget for a developing country like ours, with all its implications of under-development, stagnation, illiteracy and want and with a background of self-rule where the economy fumbled into chaos, is inevitably most challengable. The fact that the Finance Minister has responded to the challenge in the context of the hard realities of life, availability of resources in the context of the structural pattern of our economy, with sagacity and wisdom, in my humble opinion deserves high tribute and commendation.

Mr. Speaker, Sir, any blue-print of socio-economic planning relates to the specific situation in which a community finds itself. The economic character of contemporary Pakistan is the product of history through ages past and Sir, the socio-economic planning as reflected in the Budget is not exercised in a vacuum. It is meant to achieve certain objectives at a specific period under specific circumstances and conditions which articulate the basic concepts which have a great value and validity for the people. Sir, our appreciation of the Budget will depend on our views of the objectives which it intends to seek. So, we must admit that any blue-print of socio-economic planning unrelated to the objective realities of life would only be mere forms of escapism. Sir, let us accept the hard fact of life that we are living in an unequal society. Although with this pace of development this inequality is soon

going to be equalized and neutralised but the hard reality of life is that it is not possible to conceive of any ideal situation in a background of under-development, stagnation and poverty that plagues the nation and its organic wholeness.

Mr. Speaker, Sir, I repeat that any proposal unrelated to the objective realities of our life shall bring about instability and stagnation and the perils of want can very securely undermine the very basis of a Constitutional Government.

Mr. Speaker, Sir, it is not by way of any parliamentary traditions alone but I am prompted by the inherent sense of appreciation that I offer my tribute to the Finance Minister. A large section of the people is convinced that we are proceeding towards the proclaimed objectives of wellbeing and welfare in a manner where, as opposed to the authoritarian ways and methods, the procedures of initiative and free enterprise have been upheld to substantiate our purposes and policies and to see that nothing checks the continuation of this initiative.

Sir, I venture to observe that a few years after the birth of Pakistan symptoms of chaos and confusion were projected and the disintegration of some of the fundamental beliefs appeared on the political scene which made political and economic confusion an order of the day. Sir, the game of politics was watched with a baffled incomprehension by a great mass of the people. The result was a political order unrelated to the past and the present of the country and wholly irrelevant to the future. The political game became a standardized practice and irresponsibility and instability and the frequency with which Governments came and went was an object lesson in instability. Mr. Speaker, Sir, it rebounds to the credit of the President who could not remain complascent on this lamentable scene of perpetual chaos and instability, decline within and bankruptcy abroad. He expressed the democratic courage in terms of splendid revolution of 1962 and saved this country from total collapse and its final liquidation.

Now, Sir, having tided over all the situations of the past, obviously our prime objective should be the reconstruction and development of this country, and for this colossal object it is imperative that both the central and the provincial legislatures should extend their whole-hearted

support so that under no circumstances whatsoever the development and the progress of the country is blocked and that implementation of all its projects is ensured. In this age, democracy has developed into a progressive social order and a popular way of life, but democracy had attained this position after a long and constant struggle. The age through which we are passing is certainly an age of democracy and we have stated in unequivocal terms that in our country democracy would function under the limits of God and through its chosen representatives. This is an experiment of great significance and stands as a landmark in the history of democracy. Sir, democracy with all its defects is still the best form and provides the best source of inter-communicability between the people and the Government. In Pakistan only such a democracy can be a success, which is in consonance with the political, social and econ mic traditions and is responsive to the genius of the people. Politics is inseparable from economics. A society based on firm economic grounds is the only security to raise the political institutions on firm and solid grounds. It is in view of this that varions reforms have been introduced and implemented in a very short period. Sir, the people of Paki tan should pursue a pattern of life, which meets the requirements of industrial and technological age, and it is in furtherance of this object that the Third Five Year Plan has been instituted. It is divided into various sectors and projects and the greatest stress has been laid on its technological and agricultural aspect. This plan is calculated to consume a colossal amount of 52,00,00,00,000/- and the particular purposes of this plan are that it seeks to attain a rapid growth of national economy within a very short space of time, increases the per capita income of average household in the next five years to the tune of Rs. 320/- a month, seeks to increase the gross national production by 37 percent in the next five years as compared to the 29 percent in the Second Five Year Plan, develop basic industries for the manufacture of producer goods. Sir it is calculated to attain self sustaining economy by reducing the country's dependence on foreign assistance. It improves the balance of payments of the country by increasing the country's foreign exchange earnings. It lays emphasis on the improvement of agriculture to attain self-sufficiency in food and increases the real income of the farmers, provides better housing and health services for the lower income groups and makes progress towards diminishing inequalities in the distribution of wealth and economic power. It also provides a measure of social security and promotes social and cultural change.

Mr. Speaker, Sir, the Finance Minister has proposed new taxes worth 412 lakhs, so that the pace of development could be made faster. The Central Budget imposes Rs. 29,70,00,000/- as new taxes but the taxes of the provincial government can be contra-distinguished from the central scheme of taxation, in that the provincial taxes which have been levied affect more the richer classes rather than the poor classes. and Sir, this is the brightest aspect of this budget.

The next year is the first year of our Third Five Year Plan and, therefore, huge development programmes have been included both in the central and the provincial budgets, which are indicative of the fact that the country is proceeding towards prosperity and speedy progress with confidence and conviction. For this purpose. Mr. Speaker, we need greater capital resources, and taxation is one of its means. The justification of the increased taxes can only be understood and appreciated as against this background. Sir, although an *ad hoc* cut of 5 percent has been made but in no respect it affects the institution of the huge development programmes, and particularly the development of the underdeveloped areas and regions has been unaffected, and rather it has been emphasised and stressed to ensure greater prosperity in those underdeveloped regions.

Sir, greater attention has been paid to this fact that the investment in the public sector is far more emphasised than in the private sector because, Sir, the capital formation in public sector could alone be instrumental for the making of a welfare society.

Mr. Speaker. Please try to conclude.

Makhdum Hamid-ud-din. Alright Sir.

I will now say something about my own place. The biggest problem of my division is the fast spreading of water-logging and salinity. I hardly need emphasize and express my concern about the gravity of this menace. It is a problem which has struck down, affected and uprooted many a people in different parts of the country. Sir, so far as symptoms show it seems as if it is going to be a country-wide problem. The

WAPDA agency is fighting out this problem and in certain respects it has achieved remarkable success. In my opinion, the criterian should be that where the menace has projected its neferious head and its initial symptoms, it should be at once ejected and fought cut lest it should spread and become more acute whe eby it would need greater amount of funds to tackle. My district bears relevance to such a situation and I remember that keeping in view the gravity of the menace, a high-powered Board of Water logging and Salinity had decided to take up the operation in my district. But so for they have not done anything, and, I hope, in the new fiscal years the scheme would be processed.

The second important problem is the deficient road length. Inter-communicability has great bearance within the developing countries and when roads are deficient and communication is not possible, particularly the colony areas which are very much deficient in roads and communication, you can very well imagine the tremendous difficulties which are going to be faced by these newly settled people. As compared to this year, it is gratifying to note that an amount of Rs. 4 crores and 2 lakhs has been allocated for the development of my division and an additional amount of Rs. 60 lakhs has been ear-marked which would be very helpful in fighting out the menace of water-logging and salinity.

In the end, Sir, I would submit that it was entrusted to the Services Commission to study the facts and feasibility and the Commission submitted its report that one listed post be given to the Bahawalpur Region but so far that proposal has not been given effect. I would request the Provincial Government to implement the proposal submitted by the Services Commission in my region because that will give a sense of greater participation to the people of that division and would be a source of encouragement to them. It is also requested that a grid transmission should be given to the district through which we can implement all our programmes pertaining to agriculture successfully.

نواب زادہ رحمم دل خان (بنوں - ۲)—جناب سپیکر - میں بھی وزیر خزانہ صاحب کو اس فاضل بجٹ کے پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں - مجھے یہ دیکھکر خوشی ہوئی کہ انہوں نے ترقیاتی

پروگرام کو عملی جامہ پہنانے میں کافی جدو جہد سے کام لیا ہے ۔ اور یہ کہ انہوں نے اس پروگرام کو عملی جامہ پہنانے کیلئے ہر قسم کے ذرائع سے فنڈ مہیا کرنے کی کوشش کی ہے ۔ بلکہ انہوں نے اس صوبے کے ہر ضلع اور ہر خطے کے مسائل کو سمجھنے کے لئے کافی محنت سے کام لیا ہے ۔ اور پھر انکا حل ڈھونڈ نکالنے کیلئے بھی انہوں نے کافی کوشش کی ہے ۔ اور اس بجٹ میں ایسے منصوبے پائے گئے ہیں ۔ کہ جن سے صوبے کے مسائل اور انکی تکالیف کا حل ہوتا ہے ۔ اس معزز ایوان میں آپوزیشن کے بعض ممبران صاحبان نے اور میرے بزرگ ملک قدر بخش صاحب نے بھی رشوت ستانی کے متعلق کچھ تقاریر فرمائیں ۔ لیکن جہاں تک میںنے انہیں سنا ہے انہوں نے مرض تو ضرور بتایا ہے کہ یہ ایک مرض ہے ۔ لیکن کسی نے بھی یہ نہیں کہا ۔ کہ اس مرض کی وجہ کیا ہے ۔ اور اسکا علاج کیا ہے ۔ میں اس بارے میں کچھ خیالات رکھتا ہوں ۔ لیکن میں وقت کے اختصار کے باعث اس مرحلے پر اس بحث میں نہیں الجھنا چاہتا ۔ پھر بھی مختصراً یہ عرض کرونگا ۔ کہ جیسا کہ میرے ایک فاضل دوست جو اسوقت ایوان میں تشریف نہیں رکھتے ۔ یعنی دیوان صاحب نے فرمایا ہے ۔ کہ ایک کمیٹی کی تشکیل کی جائے ۔ اور یہ کمیٹی یہ معلوم کرے ۔ کہ ملک میں رشوت کیوں ہے ۔ اور اسکا کیا علاج ہے ۔ لیکن میں انکی تجویز میں ایک چیز کو صحیح طور پر نہیں سمجھ سکا ۔ انہوں نے یہ جو فرمایا ہے ۔ کہ اس کمیٹی کے ممبران اس ایوان کے معزز ممبران میں سے بھی ہوں ۔ اور اس کمیٹی میں ماہرین کو بھی شامل کیا جائے ۔

مجھے اس لفظ ''ماہرین،، سے کچھ غلط فہمی ہوئی ہے ۔ کہ آیا وہ رشوت کے ماہرین اس کمیٹی میں لانا چاہتے ہیں ۔ یا انکا مطلب ''ماہرین،، سے کچھ اور ہے ۔ شائد وہ انگریزی کے اس مقولے پر عمل کرنا چاہتے ہیں ۔ کہ To set a thief to catch a thief. لیکن میں سمجھتا ہوں ۔ کہ اس کا نتیجہ برعکس ہی ہوگا ۔ میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ اس ایوان کے اندر بھی اور اس ایوان کے باہر بھی (جن میں میں ملازمین سرکار کو شامل نہیں کرنا چاہتا ۔) ایسے قانون دان اور معاملہ فہم لوگ موجود ہیں ۔ جو اس رشوت کے اسباب دریافت کر سکتے ہیں ۔ اور اسکا علاج بھی ڈھونڈھ سکتے ہیں ۔ بہرحال بہتر ہوگا ۔ کہ اس تجویز پر جلد از جلد عملدرآمد کیا جائے ۔

جناب سپیکر ۔ اب میں اپنے حلقۂ نیابت اور اپنے ضلع کے متعلق بھی کچھ عرض کروں گا ۔ جناب سپیکر ۔ میرا ڈویژن دو اضلاع اور دو ایجنسیوں پر مشتمل ہے ۔ ایک ضلع بنوں اور دوسرا ضلع ڈیرہ اسماعیل خان اور ایک ایجنسی شمالی وزیرستان کی ہے ۔ اور دوسری جنوبی وزیرستان کی ۔ اسی طرح پیشاور ڈویژن میں چار اضلاع اور چار ایجنسیاں ہیں ۔ میں یہاں حکومت کی توجہ کے لئے ایک تجویز عرض کروں گا کہ چونکہ ہم میں اور قبائلی علاقہ میں بہت زیادہ فرق ہے ۔ ہم جس قانون کے تحت اپنا نظام چلاتے ہیں ۔ وہ نظام اور وہ قانون قبائلی علاقہ میں نہیں ہے ۔ حالانکہ ہم ایک ڈویژن سے ہی متعلق ہیں ۔ ہماری ڈویژنل کونسل مختلف ہیں جو کسی اور ڈویژن میں نہیں ہے۔ ہمارے دونوں اضلاع کی الگ ڈویژنل کونسل میں ہے ۔ اور انکی الگ ڈویژنل کونسل ہے ۔ ہماری ڈسٹرکٹ کونسل علیحدہ ہےاور انکی علیحدہ ہے اسی طرح ہمارےفنڈز علیحدہ ہیں ۔ اور ان کے فنڈز علیحدہ ہیں ۔ حالانکہ ہمیں ایک ہی ڈویژن

سمجھا جاتا ہے ۔ تو اس لحاظ سے ان میں اور ہم میں کوئی یک جہتی نہیں ہے ۔ نہ انتظامی طور پر، نہ قانونی طور پر اور نہ ہی معاشرتی طور پر ہم میں کوئی یک جہتی ہے ۔ اگر ہمارے دو اضلاع کے ساتھ پشاور کے چار اضلاع بھی شامل کر دیئے جائیں ۔ اور ہمیں ایک ہی ڈویژن بنا دیا جائے ۔ اور ہمارے ڈیرہ اسماعیل خان ڈویژن کی دو ایجنسیوں کو پشاور کی چار ایجنسیوں کے ساتھ ملا کر ایک علیحدہ ڈویژن بنا دیا جائے ۔ تو میرے خیال میں یہ نظام اس طرح سے بہت بہتر ہو جائیگا ۔ ہم ایک ڈویژنل کونسل میں بیٹھ سکیں گے ۔ اور وہ اپنے علیحدہ ڈویژنل کونسل میں بیٹھ سکیں گے ۔ وہ اپنے فنڈز صحیح طور پر استعمال کر سکیں گے ۔ اور ہم اپنے فنڈز کو صحیح طور پر استعمال کر سکیں گے ۔ مثال کے طور پر میں یہ عرض کروں گا ۔ کہ ہمارے ڈویژن میں صرف دو اضلاع ہیں ۔ پولیس کو لیجئے اگر ایک شخص ڈیرہ اسماعیل خان کا باشندہ ہو ۔ تو ضلع بنوں میں اس کی تعیناتی کی جاتی ہے ۔ ڈیرہ اسماعیل خان کے ضلع میں نہیں تعینات کیا جاسکتا ۔ کیونکہ وہ اسکا ہوم ڈسٹرکٹ ہوتا ہے ۔ دس بیس اور پچیس سال تک وہ ایک ضلع میں پڑے رہتے ہیں ۔ اور ایسی کئی مثالیں موجود ہیں ۔ کیونکہ ان کی تقرری کیلئے اور کوئی جگہ ہی نہیں ہے ۔ ہمارے ڈویژن میں تیسرا ضلع ہی نہیں ہے ۔ اور اگر اسکے خلاف کوئی شکایت بھی کی جائے ۔ تو بھی یہی جواب ملتا ہے ۔ کہ آپ اسکا حل بتائیں ۔ کہ ہم اس شخص کو کہاں بھیجیں ۔ تو ایسی اور بھی بہت سی خرابیاں ہیں ۔ اور جسکا حل میرے خیال میں بہتر یہی ہے ۔ جو کہ میں نے پیش کیا ہے ۔ امید ہے کہ اس تجویز پر غور کیا جائے

گا ۔ اسکے علاوہ مجھے ایک اور بھی شکائت ہے ۔ (اور میں اس سلسلے میں کچھ اعداد و شمار بھی جمع کر کے لایا ہوں) میری شکائت ضلع بنوں اور ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے درمیان ترقیاتی پروگرام کے فنڈ کی تقسیم کے متعلق ہے ۔ رورل واٹر سپلائی سکیم کے سلسلے میں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کیلئے اس سال بجٹ میں پندرہ لاکھ سڑسٹھ ہزار روپے رکھے گئے ہیں ۔ جبکہ اسکے مقابلے میں ضلع بنوں کیلئے صرف چار لاکھ پینتیس ہزار روپے رکھے گئے ہیں ۔ اسی طرح اربن واٹر سپلائی سکیم کے تحت ڈیرہ اسماعیل خان کے ضلع کو چار لاکھ روپے اور ضلع بنوں کو اڑھائی لاکھ روپے دیئے گئے ہیں ۔ محکمہ زراعت کے جتنے ترقیاتی پروگرام ہیں انکے تحت اس بجٹ میں ڈیرہ اسماعیل خان ڈسٹرکٹ کو ۸ لاکھ ۴۳ ہزار روپے ملے ہیں ۔ اور ضلع بنوں nil ہے ۔ ایریگیشن کے تحت ڈیرہ اسماعیل خان کو ۸ لاکھ ۶۹ ہزار روپے ملے ہیں اور ضلع بنوں کو ۳ لاکھ بڑی multi purpose سکیمیں جو ہیں اس میں ایریگیشن ہیڈ کے نیچے ڈیرہ اسماعیل خان کو ایک کروڑ ۲۵ لاکھ روپیہ ملا ہے اور ضلع بنوں کو ۱۳ لاکھ ۹۵ ہزار روپیہ ملا ہے ۔ آپ ان اعداد و شمار سے یہ اندازہ لگا سکیں گے کہ اس ضلع کے ساتھ ان ترقیاتی پروگرام کے فنڈز میں کتنی زیادتیاں اپنی ہی ڈویژن کی طرف سے ہوتی ہیں ۔ میں یہ عرض کروں گا بلکہ حکومت سے استدعا کروں گا کہ آئندہ کیلئے جب بھی کسی کمشنر کو مربعے ملیں تو کم از کم ڈیرہ اسماعیل خان کے کمشنر کو ڈیرہ اسماعیل خان میں مربعے نہیں ملنے چاہئیں اور اگر اس کو مربعے ملنے ہیں تو اسے کم از کم وہاں سے تبدیل کیا جائے شائد اس صورت میں ہمیں اپنا حق پہنچ سکے ۔

اب جناب والا ۔ میں مجموعی طور پر ضلع بنوں کے متعلق عرض کروں گا ۔ ۱۹۵۷ء سے لیکر ۱۹۶۵ء تک ضلع بنوں میں ایک میل بھی سڑک نہیں بنائی گئی ہے ۔ اسی طرح ضلع بنوں میں خاص کر تحصیل لکی میں اس وقت تک ایک گرلز ہائی سکول بھی نہیں ہے ۔ حالانکہ میں

دیکھتا ہوں کہ دوسرے اضلاع کی تحصیلوں میں گرلز ہائی سکول موجود ہیں ۔ تمام ضلع بنوں میں کوئی انٹر میڈیٹ گرلز کالج نہیں ہے ۔ یہ ہماری تعلیمی حالت ہے جو میں جناب کے سامنے پیش کر رہا ہوں ۔ اس کے علاوہ ضلع بنوں میں ڈگری کالج کی کوئی عمارت اس وقت نہیں ہے ۔ پرانا خالصہ ہائی سکول جو سکھوں کی عمارت تھی اس میں ڈگری کالج چلایا جا رہا ہے ۔ وہاں کوئی ہوسٹل نہیں ہے ۔ بلکہ ہندوؤں کی گری ہوئی بلڈنگ میں لڑکوں کو ٹھہرایا جاتا ہے اور وہ وہیں پر اپنا وقت گذارتے ہیں ۔

جناب والا ۔ تیسری بات جو میں عرض کروں گا وہ یہ ہے کہ اس بجٹ میں ۳۰ ٹیوب ویل ڈیرہ اسماعیل خان ڈسٹرکٹ کو دیئے گئے ہیں لیکن ایک ٹیوب ویل بھی ضلع بنوں کو نہیں دیا گیا ۔ حالانکہ ضلع بنوں میں ہال ہی میں ایک شوگر مل install کی گئی ہے ۔ اور اسکے لئے گنے کی سپلائی ضروری ہے ۔ گنے کیلئے ٹیوب ویل اگر نہیں ہوگا تو آبپاشی کے وسائل بہتر نہیں ہو سکتے ۔ اور اس مل کو چلانا ناممکن ہو جائیگا ۔ اسی صورت میں نہ صرف ہماری حکومت کو خسارا ہوگا بلکہ ہمارے ضلع کے غریب لوگ اس مل سے فائدہ نہیں اٹھا سکیں گے ۔

جناب والا ۔ جہاں تک فرٹیلائزرز اور بیج کا تعلق ہے جو تجاویز پہلے پیش کی جا چکی ہیں میں انکی تائید کرتا ہوں فرٹیلائزر اور بیج جب بھی کم از کم ہمارے ضلع میں آیا ہے وہ بلیک مارکیٹ میں فروخت ہوا ہے وہ صحیح قیمتوں پر زمیندار تک نہیں پہنچ سکا ۔ لہذا ضروری ہے کہ بیج اور فرٹیلائزر کو یونین کونسلوں کے ذریعہ تقسیم کیا جائے اور انکا اپنا اپنا کوٹا مقرر کیا جائے ۔ تاکہ جائز اور صحیح قیمت پر زمیندار اسکو حاصل کر سکیں ۔

جناب والا ۔ میں ایک اور امر کی طرف حکومت کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ ہماری ایک شوگر مل جسکو کواپرٹیو شوگر مل کہا

جاتا ہے ۔ اس میں مشینوں کی testing کرنی تھی ۔ چونکہ اس وقت ضلع بنوں میں گنے کی کمی تھی ۔ پشاور سے اور مردان سے تقریباً چار ساڑھے چار لاکھ روپیہ کا گنا خریدا گیا ۔ جب وہ گنا لایا گیا تو اسے مشین میں ڈالا گیا ۔ اس مشین کی فٹنگ ایسی کی گئی کہ گنا الٹے طور پر نکلنا شروع ہو گیا ۔ چنانچہ گنے کو ڈمپ کیا گیا اور ایک ماہ کے بعد جب اس کو دوبارہ ڈمپ سے نکالا گیا تو وہ سوکھ چکا تھا ۔ تو انہوں نے اعلان کیا کہ ہم چار آنے من بیج کیلئے گنا دیتے ہیں ۔ وہ گنا جو تقریباً پانچ روپیہ من ان کو بنوں میں آ کر پڑا وہ بیج کے قابل بھی نہ رہا کیونکہ وہ سوکھ گیا تھا ۔ اس وقت وزیر متعلقہ موجودہ نہیں ہیں لیکن میں حکومت سے درخواست کرونگا کہ کم از کم اس امر کی تحقیقات کرائی جائے کہ یہ ساڑھے چار لاکھ روپے کا تاوان جو کواپرٹیو شوگر مل کو پڑا ہے یہ تاوان غریب لوگوں پر پڑے گا ۔ کیوں نہ ان لوگوں سے یہ تاوان وصول کیا جائے جو اس کے ذمہ دار ہیں تاکہ وہ اس غفلت کا خمیازہ اٹھائیں ۔

آخر میں میں ایک بات اور عرض کروں گا کہ ہمارے ہاں دو پل ہیں ایک کو کبیلا برج اور دوسرے درہ تنگ برج کہا جاتا ہے ۔ وہ پل ایسے بنائے گئے ہیں ۔ کہ درمیان میں ریل کی پٹری بھی ہے اور ساتھ ہی سڑک بھی ہے ۔ لیکن پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی والے کہتے ہیں کہ اس کی ذمہ داری ریلوے پر ہے اور ریلوے والے کہتے ہیں کہ سارے کا سارا پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی کے سر ذمہ داری ہے ۔ اس بارے میں میں عرض کروں گا کہ ابھی پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی نے پل پر ایک بورڈ لگوایا ہے جس پر لکھا ہے " سڑک کی مرمت ریلوے کے ذمہ ہے" ۔ نیچے لکھا تھا " پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی " کسی دل جلے نے ساتھ یہ لکھ دیا " ہر دو لعنت " میں عرض کرونگا کہ وہ پل اب بھی اسی طرح قابل دید ہے ۔ اس کی حالت زار رو رو کر پکارتی ہے کہ میری مرمت کرو ۔ جب کوئی موٹر یا بس اس پر گزرتی ہے تو وہ پل موٹر یا بس کی بغیر مرمت کے نہیں آگے

چلنے دیتا - میں عرض کروں گا کہ بجائے اس کے کہ اتنے وھیکلز کی مرمت کی جائے پل کو مرمت کیا جائے - ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ھوں -

بیگم ممتاز صفدر (زون - ۵) - صاحب صدر - میں کوئی لمبی تقریر کرنا نہیں چاھتی لیکن چونکہ اس معزز ایوان میں میرے بہت سے معزز بھائیوں نے اپنے اپنے علاقے کے مسائل کی طرف توجہ دلائی ہے اس لئے میں بھی اپنا فرض سمجھتی ھوں کہ اپنے علاقے یعنی سابقہ صوبہ سرحد کی خواتین کے چند مسائل آپ کی وساطت سے اپنے گرامی قدر وزراء کی خدمت میں پیش کر دوں -

جناب سپیکر - میرے ھر بھائی نے فرمایا ہے کہ ان کا علاقہ پسماندہ علاقہ ہے - اس لئے مجھے اپنے علاقہ کو خوشحال ھی کہنا پڑے گا تا کہ وطن عزیز کی کچھ تو لاج رہ جائے - بہرحال آج سے سات آٹھ سال پہلے کے مقابلے میں ھم خواہ کتنے ھی خوشحال کیوں نہ ھوں - ھمارے بھی کچھ مسائل ھیں - یہ مسائل آپ کے بڑے بڑے منصوبوں کے مقابلے میں بہت چھوٹے چھوٹے ھیں لیکن ان کی بھی اپنی اھمیت ہے - اور بعض اوقات تو یہ زندگی اور موت کا سوال بن جاتے ھیں -

جناب والا - میں سب سے پہلے اپنے جوان سال وزیر صحت کی خدمت میں عرض کروں گی کہ پورے پاکستان میں زچہ بچہ کی اموات سب سے زیادہ ھمارے علاقے میں ھوتی ھیں - غربت اور جہالت کے علاوہ اس کا بڑا سبب یہ ہے کہ ھمارے دیہات طبی سہولتوں سے محروم ھیں - ھسپتال صرف بڑے بڑے شہروں میں ھیں - دیہات میں علاج اکثر ٹونوں ٹوٹکوں سے کیا جاتا ہے - جب تک مریضہ گور کنارے نہیں پہنچ جاتی اسے ھسپتال لے جانے کا خیال بھی نہیں آتا - جب زندگی کی کوئی امید نہیں رھتی تو کچھ ھمت والے لوگ اسے لیکر

ہسپتال کا رخ کرتے ہیں - اول تو اکثر مریض عورتیں راستے ہی میں دم توڑ دیتی ہیں - جو سخت جان شہر پہنچ جاتی ہیں ان کے لئے اول تو ہسپتال میں داخلہ لینا بڑا مشکل ہوتا ہے جن خوش قسمتوں کو داخلہ مل جاتا ہے ان میں سے بڑی تعداد مرض کے حد سے بڑھ جانے کے باعث وہاں ختم ہو جاتی ہے یا لا علاج ہوکر مدتوں ایڑیاں رگڑتی رہتی ہے - یہ وہ مشکلات ہیں جن کا ہماری دیہاتی عورتوں کو ہر روز سامنا کرنا پڑتا ہے - اس لئے یہ ضروری ہے کہ —

۱— ہر قصبے میں ایک ڈسپنسری اور ایک زچہ بچہ کا مرکز ہو -

۲— ہر تحصیل میں ایک ہسپتال ہو - وہاں سند یافتہ اور زنانہ امراض کی سپیشلسٹ لیڈی ڈاکٹر مقرر ہو -

یہ درست ہے کہ ہمارے ہاں سند یافتہ لیڈی ڈاکٹروں کی بہت کمی ہے لیکن اگر حکومت اس طرف پوری توجہ دے تو کوئی وجہ نہیں کہ ہمیں وہ تمام بنیادی سہولتیں حاصل نہ ہو جائیں جنہیں مہیا کرنا دنیا بھر میں ہر فلاحی ریاست (welfare state) کا پہلا فرض ہے - اس لئے میری درخواست ہے کہ اس سلسلے میں ماہرین کو ایک باقاعدہ منصوبہ تیار کرنے کے لئے کہا جائے اور جب تک اسے عملی جامہ نہ پہنایا جائے یہ کوشش کی جائے کہ ہمارے دور افتادہ علاقوں اور طبی سہولتوں سے محروم دیہات میں سفری شفاخانہ باقاعدگی سے جائیں اور جہاں تک ممکن ہو وہاں کی آبادی کو طبی امداد بہم پہنچائیں -

یہاں میں پشاور کے زنانہ ہسپتال کا ذکر کئے بغیر نہیں رہ سکتی - یہاں کی حالت ناگفتہ بہ ہے - کہنے کو تو فری ڈسپنسری ہے لیکن غریبوں کو یہاں سے مفت دوا حاصل نہیں ہوتی -

مسٹر محمود اعظم فاروقی ــ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ کورم نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : Let there be a count. (*count was taken*) The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*) The House is in quorum. Yes, please.

بیگم ممتاز صفدر ــ جناب والا ۔ میں عرض کر رہی تھی کہ دوا تو دوا بعض اوقات تو ضرورت پڑنے پر کھار کا ایک ٹکڑا بھی میسر نہیں آتا ۔ محترم وزیر صحت تحقیقات فرمائیں کہ اس کی خوشحالی کو کس کی نظر کھا گئی ہے اور دوائیں کس اندھے کھاتے میں جاتی ہیں ۔ اس کے مقابلے میں لاہور کا سروسز ہسپتال ہے دیکھ کر دل میں رشک پیدا ہوتا ہے کہ کاش پشاور میں بھی اس پائے کا کوئی ہسپتال ہوتا ۔ وہاں لے دے کے ایک لیڈی ریڈنگ ہسپتال ہے لیکن آبادی کے مقابلے میں وہاں گنجائش بہت کم ہے اور سرکاری ملازمین کو خاص طور پر بڑی دقت کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔ امید ہے وزیر صحت اس مسئلے کو بھی اپنی توجہ کا مستحق سمجھیں گے ۔

جناب صدر ۔ مجھے اس بات پر فخر ہے کہ ہمارا ملک صنعتی اور اقتصادی ترقی کی راہ پر گامزن ہو چکا ہے ۔ صوبائی اور قومی بجٹ سے یہ امر پوری طرح عیاں ہے ۔ میں نے اپنی تقریر میں جو معروضات پیش کئے ہیں وہ شائد غیر اہم معلوم ہوں مگر در حقیقت اصل اہمیت انہی چھوٹی چھوٹی باتوں کی ہے ۔ عوام کی ترقی اور بہبود کا احساس تبھی ہوگا جب ان کی روز مرہ زندگی کی یہ چھوٹی چھوٹی مشکلات دور ہوں گی اور انہیں قدم قدم پر چھوٹی چھوٹی سہولتیں مہیا ہونگی ۔ بحیثیت مجموعی قوم کے لئے عظیم منصوبے تیار کرنا اور ان پر عمل کرنا یقیناً ہماری قومی عظمت اور ترقی کی دلیل ہیں لیکن ہماری یہ معمولی اور بظاہر غیر اہم تکلیفیں بعض اوقات عوام میں ایک

جذبہ بیزاری اور احساس محرومی پیدا کر دیتی ہیں - میری گذارش ہے کہ اپنے عوام میں یہ احساس کبھی نہ پیدا ہونے دیں -

صاحب صدر - فاضل وزیر خزانہ کو ان کے قابل ستائش بجٹ پر مبارک باد پیش کرتے ہوئے میں ان کی خدمت میں یہ گذارش کرنا چاہتی ہوں کہ انہوں نے بجٹ میں دارالمساکین کے لئے کوئی رقم مخصوص نہیں کی - جناب والا - گداگری ہمارے معاشرے کے ماتھے پر ایک بد نما دھبہ ہے - جب ہم اندھوں - محتاجوں اور بے سہارا بوڑھوں کو در در بھیک مانگتے دیکھتے ہیں تو ہمارے دل رنج و غم سے بھر جاتے ہیں - جب ہم ہٹے کٹے پیشہ ور بھکاریوں کو غیر ملکیوں کے سامنے ہاتھ پھیلاتے دیکھتے ہیں تو صرف ہمارا سر ہی شرم سے نہیں جھکتا بلکہ ہمارے ملک کا وقار بھی نیچا ہو جاتا ہے - پھر نو عمر لڑکیوں اور جوان عورتوں کی ایک بڑی تعداد ہے جو بسوں کے اڈوں پر - سٹیشنوں پر - بازاروں میں - گلی کوچوں میں جھولی پھیلائے ماری ماری پھرتی ہیں اور بد اخلاقی کی راہ پر چل نکلتی ہیں - پھر ننھے ننھے معصوم بچے ہیں جنہیں گداگری کی باقاعدہ تربیت دی جاتی ہے - اور وہ عمر بھر کے لئے معاشرے پر بوجھ بن کر رہ جاتے ہیں - بچوں کے اغوا اور گھروں میں آئے دن کی چوریاں ان سب واقعات کے ذمہ دار اکثر پیشہ ور گداگر ہی ہوتے ہیں - ان کے خلاف جد و جہد ہمارا انفرادی فرض تو ہے ہی لیکن ان کی پوری روک تھام اس وقت تک نہیں ہو سکتی جب تک حکومت کی مشینری پوری طرح حرکت میں نہ آ جائے - اس کے لئے ایک طرف تو قانون پر سختی سے عمل کرنا ہوگا تاکہ جرائم پیشہ لوگ قرار واقعی سزا پائیں لیکن محض جیل خانے بھرنے سے یہ مسئلہ حل نہیں ہو سکتا - اس لئے میری تجویز ہے کہ پہلے ہر ضلع اور پھر ہر تحصیل میں دارالمساکین کھولے جائیں - اپاہج - معذور اور بوڑھے لوگوں کو وہاں رکھا جائے اور ان کی تکلیف دہ زندگی کی تلخی کو جہاں تک

ہو سکے کم کیا جائے۔ اسی طرح ایسے تربیتی ادارے بھی کھولے جائیں جہاں صحت مند لیکن کاہل بھکاریوں اور خاندانی پیشہ ور گداگروں کو قانون کے زور پر رکھا جائے اور انہیں کسی مناسب کام کی تربیت دی جائے تاکہ وہ اپنی روزی محنت سے کما کر اچھے شہری ثابت ہو سکیں۔

ہمارے علاقے میں کئی گھریلو صنعتیں نہایت اعلیٰ معیار کی ہیں۔ میرا خیال ہے کہ اگر انہیں فروغ دیا جائے تو اس سے زر مبادلہ حاصل ہوگا اور غریب اور گداگر عورتوں کو روزگار بھی مل جائے گا۔ علاقائی ترقی کے لئے بجٹ میں جو رقم رکھی گئی ہے اس کا کچھ حصہ ان کاموں کے لئے مخصوص کیا جائے تو بہت بہتر ہوگا۔ مجھے یقین ہے کہ ہمارے وزیر خزانہ ضرور اس طرف توجہ فرمائیں گے۔

صاحب صدر۔ آخر میں اپنے محترم وزیر ریلوے سے گذارش ہے کہ گاڑیوں میں عورتوں کے لئے تھرڈ اور بالخصوص انٹر کے جو ڈبے لگائے جاتے ہیں ان کی تعداد معلوم کرنے کی کوشش فرمائیں۔ مسافر عورتوں کی تعداد مردوں سے کچھ کم نہیں ہوتی۔ پھر ان کے ساتھ بچے ہوتے ہیں اور اکثر اوقات تمام اسباب بھی انہی کے ڈبے میں ٹھونس دیا جاتا ہے۔ عید الفطر اور عید البقر کے موقع پر تو خیر ہر جگہ ہی رش ہوتا ہے لیکن عورتوں کے ڈبے میں بلیک ہول کا منظر دیکھنا تو ہر روز کا معمول ہو گیا ہے۔ بعض اوقات پوری ٹرین میں صرف ایک انٹر کا چھوٹا سا ڈبہ لگا دیا جاتا ہے۔ اور یہ تصور کر لیا جاتا ہے کہ عورتیں کسی نہ کسی طرح گذارا کرلیں گی۔ جناب والا۔ بے زبان حیوانوں کے ساتھ بے رحمی سے پیش آنے والوں کی روک تھام کے لئے تو ایک انجمن قائم ہے۔ اگر بے زبان عورتوں سے بے رحمی سے پیش آنے والوں کے لئے بھی کوئی ادارہ موجود ہوتا

تو مجھے یقین ہے کہ ہماری ریلوے اور ریلوے کے ارباب حل و عقد کے دن میں کئی کئی چالان کئے جاتے بہرحال میری گذارش ہے کہ الٹر اور تھرڈ کے ڈبوں کا معیار مجموعی طور پر بلند کیا جائے۔ اور عورتوں کے ڈبوں کی تعداد میں اضافہ کیا جائے۔

صاحب صدر ۔ دوبارہ یہ کہنا میں ضروری سمجھتی ہوں کہ حکومت اور بالخصوص معزز وزیر خزانہ اس بجٹ پر مبارک باد کے مستحق ہیں ۔ ایک ملک اقتصادی راہ پر جب گامزن ہوتا ہے تو مہنگائی اور اس کے ساتھ کئی اور معاشی مشکلات پیدا ہو ہی جاتی ہیں ۔ یہ ہمارے لئے باعث فخر ہے کہ ہماری حکومت کی اقتصادی پالیسی ایسی کبھی نہیں ہوئی ہے اور ہم اب تک ان مشکلات سے قدرے بچے ہوئے ہیں ۔ اس بات کے ثبوت کے لئے ہمیں کہیں دور جانا نہیں پڑے گا ۔ ایک نظر اپنے ہمسایہ ملک کی طرف ہی دوڑائیں تو اندازہ ہو جاتا ہے کہ ہماری حالت کئی ملکوں سے بہتر ہے ۔ یہ تیسرے پنج سالہ منصوبے کا پہلا بجٹ ہے ۔ میں سمجھتی ہوں کہ اگلے پانچ سالوں میں عورتوں کو اس منصوبہ کی کامیابی میں نمایاں اور خصوصی حصہ لینا ہوگا ۔ مگر اس کے لئے ہمیں ایک نیا احساس پیدا کرنا ہوگا یہ احساس ذمہ داری ہے ۔ جو ہمیں ہر طبقہ کی عورت تک پہنچانا ہوگا ۔ ہمیں بھی اپنے حقوق کے لئے جد و جہد کرنی ضروری ہے اور سب سے ضروری یہ ہے کہ اپنی نئی ذمہ داری سنبھالنے کے لئے تیار ہو جائیں ۔ عائلی قوانین اور اس قسم کے دوسرے باتوں پر حکومت نے صاف ظاہر کر دیا ہے کہ عورتوں کے حقوق کا اسے پورا پورا احساس ہے ۔ میں یہ درخواست کروں گی کہ پسماندہ علاقوں کی مستورات پر خاص توجہ دینی چاہئے ۔ خاص طور پر قبائلی علاقہ اس توجہ کا زیادہ مستحق ہے کہ عورتوں تک علم کی روشنی بہم پہنچائی جائے ۔ عورت کی تربیت سے ہی ایک زبردست اخلاقی قوت پیدا ہو سکتی ہے ۔

جو ملک کی ترقی کو تیز سے تیز تر کر سکتی ہے مثال کے طور پر خاندانی منصوبہ بندی کی کوئی سکیم کامیاب نہیں ہو سکتی جب تک کہ عورت کی تربیت پر زیادہ وقت زیادہ محنت اور زیادہ خرچ نہ کیا جائے اور زیادہ سے زیادہ مراکز نہ کھولے جائیں ۔

جناب والا ۔ ان گذارشات کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتی ہوں ۔

Mr. Speaker : Mr. Khatak.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak : Sir I have submitted that I do not want to speak.

Mr. Speaker : Khan Jamshed Khan.

خان جمشید خان مہمند (پشاور ایجنسی ۔ ۳) ۔ محترم جناب سپیکر ۔ سب سے پہلے میں جناب وزیر خزانہ کو ایک فاضل اور موزوں بجٹ پیش کرنے پر مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ مہمند ایجنسی کا ہمارا علاقہ قبائلی علاقوں میں سے سب سے زیادہ پسماندہ علاقہ ہے ۔ اس علاقے میں آبادی بہت کم ہے ۔ اور یہ زراعت کے لئے بھی موزوں نہیں ۔ چونکہ ہمارا علاقہ بارانی ہے ۔ اس لئے اکثر یوں بھی ہوا ہے کہ دو دو تین تین سال بر وقت بارش نہ ہونے کی وجہ سے کوئی فصل پیدا ہی نہیں ہوئی ۔ اس لئے اس علاقے میں ٹیوب ویل نصب کئے جائیں ۔ یہاں میں یہ بات بھی واضح کرنا چاہتا ہوں کہ Warsak Dam مہمند ایجنسی میں واقع ہے جہاں سے میدانی علاقوں کے لئے بجلی اور پانی فراہم کیا جاتا ہے ۔ اس لئے اس ایجنسی کو بھی حق پہنچتا ہے کہ وہ اپنے فائدے کے لئے بھی بجلی استعمال کرے ۔

جناب والا ۔ ہمارے علاقے میں نہ تو کوئی ہائی سکول ہے

اور نہ ھی کوئی کالج - اس لئے ھم تعلیم کے لحاظ سے بہت پسماندہ ھیں - چنانچہ زرعی - صنعتی اور تعلیمی لحاظ سے ایک پسماندہ قوم کا آپ خود ھی اندازہ لگا سکتے ھیں - مارشل لا سے قبل ھماری پسماندگی کو بطور مثال پیش کیا جاتا تھا - لیکن جب سے صاحب صدر فیلڈ مارشل محمد ایوب خان نے پاکستان کی قیادت سنبھالی ہے - حالات پہلے سے بہت بہتر ھو گئے ھیں - اور اب وھاں بھی پرائمری سکول قائم ھو گئے ھیں - ورنہ مارشل لا تک تو وھاں پینے کا پانی بھی نہ ملتا تھا - اور نہ ھی مارشل لا سے قبل اسے صحیح معنوں میں ایجنسی کا درجہ حاصل تھا - یہ تو گورنر مغربی پاکستان نواب امیر محمد خان صاحب کی خاص مہربانی ھے کہ انہوں نے ذاتی طور پر اس غریب اور پسماندہ علاقے کی طرف توجہ فرمائی - چنانچہ نواب صاحب کی مہربانی کی وجہ سے اب قبائل کو اپنے اپنے نمائندے چننے کا حق مل گیا ھے - ورنہ اس سے قبل جب بھی صوبے کے وزیر یا ممبر بننا ھوتے تھے - تو قبائل کی نشستوں سے ان کے نمائندے بلا مقابلے چن لئے جاتے تھے - یہاں تک کہ اس اسمبلی میں سابقہ پنجاب کے حضرات ھماری نمائندگی کر چکے ھیں -

جناب والا - ھمارے ھاں سب سے زیادہ ضرورت اگر کسی بات کی ھے - تو وہ سڑک کی ھے - وہ سڑک ڈیورنڈ لائن کے اس طرف ھے - جو ملک کی دفاعی اور دیگر ضروریات کے لحاظ سے بہت ضروری ھے -

مسٹر سپیکر — میں آپ کی خدمت میں عرض کردوں کہ اس ھاؤس میں لکھی ھوئی تقریر پڑھنا قواعد کے خلاف ھے -

خان جمشید خان مہمند — بہت اچھا جناب - عرض یہ ھے کہ ھمارے ھاں سڑک کی اشد ضرورت ھے - کیونکہ ھمارا سب سے نزدیک

شفاخانہ دو دن کے سفر کے فاصلے پر واقع ہے ۔ اور ہمارے ہاں زچگی کی زیادہ تر اموات کی وجہ ہی یہ ہے ۔ کیونکہ زچگی کی حالت میں کوئی بھی دو دن تک سفر نہیں کر سکتا ۔ جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ یا تو زچہ فوت ہو جاتی ہے ۔ یا بچہ مر جاتا ہے ۔ اس کے پیش نظر میرے نزدیک یہ سڑک بہت ہی زیادہ اہمیت رکھتی ہے ۔ اس لئے ہمارا یہ مطالبہ ہے کہ ہمیں وہاں پر یہ سڑک تعمیر کر دی جائے ۔

اس کے علاوہ ہمیں وہاں کالج بھی چاہئے ۔

ہمارے ہاں پشاور ڈویژن میں مصنوعی کھاد کی بہت قلت ہے ۔ وہاں کھاد بالکل نہیں ملتی ۔ چونکہ ہماری مہمند ایجنسی میں بے روزگاری بہت زیادہ ہے ۔ اسلئے وہاں ایک کھاد کی فیکٹری قائم کی جائے ۔ تاکہ وہاں بے روزگاری کا خاتمہ ہو اور کاشتکاروں کو بر وقت کھاد مل سکے ۔

جناب والا ۔ ہمارے علاقہ غیر یعنی ایجنسی میں بہت سی قیمتی معدنیات ہیں ۔ مثلاً نیلم ۔ گندھک ۔ لوہا اور دیگر اشیاء وغیرہ ۔ اس لئے میری یہ تجویز ہے کہ حکومت ان معدنیات سے فائدہ اٹھانے کی غرض سے ایک سروے کمیٹی بنائے ۔ جو اس سارے علاقے کا سروے کرے ۔ تاکہ ہمارا صوبہ اس چھپی ہوئی دولت سے مستفید ہو سکے ۔

خان عبدالستار خان مہمند ۔ جناب والا ۔ اس معزز ایوان میں بہت سے ممبران نے پڑھ کر تقریریں سنائی ہیں ۔ چونکہ معزز ممبر ایجنسی سے تعلق رکھتے ہیں ۔ اس لئے بہتر یہی ہے کہ انہیں بھی اپنی تقریر پڑھکر سنانے کی اجازت دی جائے ۔

مسٹر سپیکر ۔ جہاں تک لکھی ہوئی تقریر پڑھنے کا تعلق ہے ۔ قواعد کے مطابق اس کی اجازت نہیں ۔ لیکن جہاں تک معزز ممبران کے اپنے نوٹس دیکھنے کا تعلق ہے ۔ وہ انہیں دیکھ سکتے ہیں ۔ بہر حال

میں آپ کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ یہاں تحریر کی ہوئی تقریر پڑھنے کی اجازت نہیں ۔ اگر آپ اسے متعلقہ قاعدے کی خلاف ورزی سمجھتے تھے ۔ تو بہتر ہوتا کہ آپ اسے point out کرتے ۔

خان عبدالستار خان مہمند — جناب والا ۔ میں یہ عرض کردوں کہ میں نے کوئی اعتراض نہیں کیا ۔ بلکہ میں محسوس کرتا ہوں کہ آنریبل سپیکر اکثر غیر خانبداری سے کام لیتے ہیں اور عموماً ممبران کی کوتاہیوں کو نظر انداز کر دیتے ہیں ۔ اس لئے میں نے یہ عرض کیا ہے کہ شاید یہ بھی ان کے لئے ایسا ہی ایک point ہو ۔

Chaudhri Muhammad Nawaz: What about the ladies Sir? Can they read out a written speech?

مسٹر سپیکر — یہاں ہاؤس میں سب ممبران ایک جیسے ہیں ۔ خواہ وہ خواتین ہوں یا مرد ۔ بہر صورت یہاں کوئی بھی لکھی ہوئی تقریر نہیں پڑھ سکتا ۔

ملک محمد اسلم خان — جناب والا ۔ جب لیڈی ممبران نے اپنی تقاریر پڑھکر سنائیں ۔ اس وقت تو کوئی اعتراض نہ کیا گیا ۔ لیکن اب خاص وجہ کیا ہے ؟

Mr. Speaker: The lady Member was reading her notes.

خواجہ جمال محمد کوریجہ — جناب والا ۔ کیا خواتین اور مردوں میں کوئی فرق نہیں ہے ؟

Mr. Speaker: Not in this respect. Mr. Mazhar Hussain.

Mr. Mazhar Hussain (Dadu - I): Mr. Speaker, Sir, I express my agreement with those who have called this budget a balanced budget. I call it a balanced budget because it is based on certain facts and figures and not because I am sitting on the side of the House. The

facts and figures given by the worthy Finance Minister in the budget show that the budget is a good budget from all sides. It covers many subjects for the purpose of development and also it has given good allocation to the various regions of West Pakistan for the purpose of development.

A lot of criticism has been levelled against the Government, and we on this side have heard with great patience. It is easy to criticise anybody by picking up few things here and there and distorting lot of things about him, but the criticism has to be based, should be levelled, should be extended on the basis of facts and figures. We on this side are sometime mistaken by the members of the Opposition who think that we have come over to this side to seek favours from the Government. This is not true. We on this side have come here for the sake of certain set of principles; we on this side have come here according to the dictates of our own conscience; we on this side have come here to seek justice and not to seek favours. It is a mistaken idea on the part of the Leader of the Opposition, who thinks that those worthy members, who have not been criticising the Government and the government party on this side, have joined hands with the Government because they seek favours from this government. It is perfectly a wrong idea. We will welcome any fair criticism on this side. The worthy members on the opposition benches know that even the members on this side have made suggestions to the Government, and also within limits they have extended criticism to the Government. It is not that all the time they have favoured the government. But criticism should be fair, there ought to be suggestions. Even the suggestions from the Opposition, which are really good suggestions, are bound to be accepted by the members on the treasury benches. In my opinion, much stress has been laid in this House on the point that the development comparatively has not been done to the extent to which it ought to have been done. More or less, a mistaken notion has been taken in this House that our era of independence, our period of development rather, began from the year 1947. I do not consider that period as the period of development in the history of our country.

I feel that it is October 1958, the day of the revolution and the month of the revolution, which begins the new era in this country. This month of October is a very important month in the life of many a nations. I am reminded of Russia which also celebrates the October Revolution and it may be an important month in life of many other

nations too. The period between 1947 and 1958, I would say in a few words, was the period of uncertainty. It was a period of thirst for power, it was a period of lust for power, it was a period for the rise and fall of governments and it was a period of chaos. The then Government was confronted with many problems, especially the huge problem of migration which has no parallel in history. I am not incorrect in saying that the influx of refugees in Pakistan was greater than the migration of Jews from Germany. This was a colossal problem which many times affected the exchequer of the Government. Then there were political intrigues and assassinations. The most deplorable incident of assassination was that of Khan Liaquat Ali Khan. The thirst for political power continued uptil 1958 when this revolution came into being. Now, judging from the period 1958 to 1965, I would consider it a period of development. I feel the government has done a huge task. Some persons may not admit it for the sake of opposition but the facts would say, or if an impartial person judges the facts, he would say that the government has done tremendous job within a period of seven or eight years. If a person were to see this country in 1958 and then after seven years he was brought to this country he would consider himself in the wonderland of Alice. I would say that the word of Opposition is just for the sake of opposition. I would have been very happy if once they had said a word of praise for the government which they have not. It is really injustice.

Coming to the other aspects of the budget, I think, the allocations made by the worthy Finance Minister to various regions are not very unsatisfactory. I do'nt mean any negation but I say they are not very satisfactory. In this very House yesterday a worthy member from the tract of Baluchistan made a grievance that proper allocation has not been made to his region, namely, Baluchistan, which is a backward region. I feel that the people living in the backward regions are entitled to the same amenities which are extended to the developed areas. The people living in the backward regions are subjected to the same kind of taxes and assessments and they are a source of income and the income from those regions is equally the same as that of the developed regions. The Province is the same and we all belong to Pakistan. It is really unfair, rather unjust, that those regions which are more developed. should be given more amounts than those regions which are less developed. The policy ought to be that every person living in Pakistan is entitled to the same amenities and same standard of living so that he should be able to progress shoulder to shoulder with other regions. I express my

gratitude on the allocation made by the worthy Finance Minister for the former Province of Sind because as compared to what was given last year, he has given us a little more this year. But the problems in the region of Sind are so huge that it will be very difficult to meet them with this amount which is allocated in the programme of 1965-66. I tell the House here that most of the unhappiness of our province of former Sind is inclined towards agriculture. There is the great menance of salinity and water-logging. The facts and figures reveal that nearly 77% of our land (out of 13 million acres of cultivable land available in the former province of Sind nearly 10 million acres of land) is under salinity and water-logging. Unless immediate steps are taken to check this menance, I feel the government will suffer on one side and the public will suffer on the other side. The government will suffer because they will not be able to realise the amount in the shape of taxes and assessments and so many other things. It will be a huge loss to the government exchequer and it will be huge loss to the common man. Therefore, I will draw the attention of the Treasury Benches towards the fact that special attention should be given to this particular aspect.

Now I come to education. A lot has been said in this House about the mal-administration, corruption and so many other social evils. In my view it is not possible for any government to eradicate all these evils by setting out separate remedies. The only solution for eradicating all these social evils is to make education free to a certain extent so that every body should be able to educate himself and there should be consciousness in every person for the assertion of his own rights. Unless a man asserts his own right, it is not possible for the government to eradicate all evils and to make every thing clear for the citizens. Therefore, I would suggest that government should make sacrifice in this behalf and provide some funds for making mass education free at least upto 10th standard so that every body is educated. Education has become a paucity now-a-days. It is not possible for everybody to get education and the only remedy to eradicate all the social evils, to credicate corruption and to eredicate mal-administration lies in the free education of the masses. I member an instance about Hitler. When Hitler became Chancellor of Germany in 1901, the first thing that he took up was to introduce free education among the Germans and he prepared the nation for all the eventualities. So, I would suggest that education, at least up to 10th standard, should be made free so that people should be able to take care of their own selves. How long can the government take care of the people? So long as the masses are

uneducated, there would be general complaints of mal-administration, corruption and so many other things. It is not possible for the government to face all these things at one time. The only solution, I would suggest, is that the government should make sacrifice in this behalf and spend some money so that people get educated.

Mr. Speaker : Please try to conclude.

Mr. Mazhar Hussain : Alright, Sir, I am going to be brief.

Coming to the former Province of Sind, I would suggest that some improvement should be made on road communication. It is more or less an agricultural region and there should be some power and water facilities extended to the mofassil areas so that more land can be brought under cultivation. The funds allocated at present are not sufficient.

Khan Abdul Sattar Khan : Is there any distinction between the time limits fixed for English speaking members and the Urdu speaking members ?

Mr. Speaker : There is no distinction like this.

A Member : There is no quorum.

Mr. Speaker : Let there be a count. (*count was taken*) The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*). The House is in quorum.

Mr. Mazhar Hussain : Sir, by going through the development programme for the year 1965, it would be seen that Dadu district has been neglected. There is no programme for Dadu specially with regard to rural water supply. Except in one or two places, in Dadu it is nil. So my respectful submission is that it is the district headquarter and still we are having only D. C. current and with that current we are deprived of all the amenities of life.

There is no building programme. I have been an advocate and can say with confidence that the sessions court is situated in a dilapidated building. There is no shelter against rain and sun and we have to sit under the trees. There is no programme of any construction in the

district headquarter. I would, therefore, request that some immediate steps may be taken to improve such places.

Mr. Speaker : The Member may please resume his seat.

خانزادہ تاج محمد خان بنگش (کوہاٹ ۱) ۔ جناب سپیکر سب سے پہلے میں جناب وزیر خزالہ کو فاضل بجٹ پیش کرنے پر مبارک باد پیش کرتا ہوں اور اس کے بعد اپنے علاقہ کی تحصیل کوہاٹ کے چند اہم مسائل جناب کی وساطت سے پیش کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ میں اس علاقے سے تعلق رکھتا ہوں جو نہایت ہی پسماندہ اور بارانی علاقہ ہے اور ہر لحاظ سے دوسرے ضلعوں سے پیچھے ہے ۔ مگر یہ وہ علاقہ ہے جو پاکستان کے لئے نڈر اور بہادر سپاہی پیدا کرتا ہے ۔ جناب والا ۔ اہل کوہاٹ کا یہ بڑا پرانا اور اہم مطالبہ ہے کہ وہاں لڑکیوں کے لئے ایک گرلز کالج مہیا کیا جائے اور پچھلے سال محکمہ کی طرف سے یہ کہا گیا تھا کہ ۱۹۶۵ء میں یہ کالج کھول دیا جائے گا مگر ابھی تک اس کے بارے میں کوئی قدم نہیں اٹھایا گیا ہے ۔ کوہاٹ کے عوام بڑے غریب اور پسماندہ ہیں اور دوسری جگہ مثلاً پشاور میں پڑھنے سے رہ جاتے ہیں اور کئی ایک ذہین لڑکیاں بھی تعلیمی زیور سے محروم رہ جاتی ہیں ۔ جناب والا ۔ کوہاٹ میں جو لڑکیوں کا ہائی سکول ہے وہ اتنا تنگ اور چھوٹا ہے کہ ساری لڑکیاں کلاس میں نہیں بیٹھ سکتیں اور باہر درختوں کے نیچے بیٹھی رہتی ہیں اور پھر بارش میں تو حالت سخت خراب ہوتی ہے اگر چند کمرے اور بنا لئے جائیں جس کے لئے جگہ کافی ہے تو سکول اور انٹر کالج دونوں کا کام ہو سکتا ہے اور اگر نہیں ہو سکتا تو کالج کے لئے ہم خود جگہ مہیا کرنے کے لئے تیار ہیں لیکن ہمیں سٹاف دیا جائے ۔ بہتر ہوگا کہ موجودہ بجٹ میں اس کے لئے کچھ روپیہ فراہم کیا جائے ۔

اس کے علاوہ کوہاٹ کی بڑھتی ہوئی آبادی سے ٹریفک بھی دن بدن زیادہ ہوتا جا رہا ہے لیکن سڑکیں بالکل خستہ حالت میں ہیں بارش کے دنوں میں حالت اور بھی خراب ہو جاتی ہے ۔ مثلاً شکر درہ روڈ ۔ ہڑمی روڈ ۔ چوراکی روڈ اور ڈھوڈہ روڈ بارش کے دنوں میں ضلع سے بالکل الگ ہو جاتی ہیں ۔ لہذا ان سڑکوں کو پختہ کرنا بہت اہم ہے ۔ اور محکمہ پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی کو ہدایت کی جائے کہ وہ ان سڑکوں کی طرف فوری توجہ دے ۔ ان سڑکوں پر تقریباً تیس یا چالیس بسیں چلتی ہیں ۔

اس کے علاوہ کوہاٹ میں تانده ڈیم ایک نہایت ہی اہم اور فائدہ مند منصوبہ ہے جس کے مکمل ہونے پر آبادی کو بہت فائدہ پہونچے گا جس کے لئے ہم گورنر صاحب کے بہت ممنون و مشکور ہیں ۔ اس منصوبے کو نہروں کی شکل میں کوہاٹ توئی سے گنڈیالی تک لایا گیا ہے مگر پتہ نہیں کہ اس نہر کو موضع گنڈیالی تک کیوں رکھا گیا ہے حالانکہ یہ آسانی سے گمبٹ تک جہاں بہت زیادہ زمین ہے پہنچ سکتی تھی اور اہل گمبٹ کا بھی یہ مطالبہ ہے کہ تانده ڈیم کی نہر کو گمبٹ تک پہونچایا جائے ۔ کیونکہ دوسرے موضعوں کی طرح اہل گمبٹ بھی کو حق پہونچتا ہے کہ وہ تانده ڈیم سے فائدہ اٹھائیں لہذا محکمہ واپڈا سے استدعا کی جاتی ہے کہ وہ اس علاقہ کا سروے کرے اور نہر کو گمبٹ تک پہونچایا جائے کیونکہ گمبٹ میں بھی تقریباً ۴ ہزار ایکڑ زمین جو کہ اس نہر سے سیراب ہو سکتی ہے ۔

اس کے علاوہ موضع برکہ جہاں تقریباً ۵ ہزار ایکڑ زمین ہے اور اچھی زمین ہے اگر اس کو ٹیوب ویل سے نوازا جائے تو اس سکیم سے اہل کوہاٹ کو بڑا فائدہ پہونچے گا لہذا وزیر صاحب متعلقہ اس طرف بھی توجہ دیں ۔

جناب والا ۔ موضع لاچی جو ایک بہت بھاری منڈی ہے ۔ یہاں پر پینے کے پانی کی سخت قلت ہے واٹر سپلائی سکیم تقریباً دو سال سے شروع ہے مگر کام اکثر بند رہتا ہے اور اگر یہی حالت رہی تو خدا جانے ۱۰ سال میں بھی کام ہو سکتا ہے یا نہیں ۔ یہ بھی معلوم نہیں کہ کام مذکورہ کے لئے رقم ختم ہو گئی ہے یا انجینیرنگ سٹاف کی کمزوری ہے ۔ موضع لاچی میں انٹرمیڈیٹ کالج ہونا چاہئے اور ریلوے لائن کی بھی سخت ضرورت ہے جو پاکستان کی دفاعی معاملوں میں ریڑھ کی ہڈی کا کام کرتی ہے ۔ لہذا محکمہ متعلقہ ضرور اس طرف توجہ دے ۔

کوہاٹ شہر اور چھاؤنی کی بڑھتی ہوئی آبادی کو مد نظر رکھتے ہوئے یہاں پر سٹیلائٹ ٹاؤن کا ہونا بھی بہت لازمی ہے ۔ یہ بھی اہل کوہاٹ کا پرانا مطالبہ ہے ۔ باقی یہاں کے مقامی تاجروں کا مطالبہ ہے کہ New Octroi Schedule کو جلد از جلد نافذ کیا جائے ۔ کیونکہ دوسرے ضلعوں میں نافذ ہو چکا ہے ۔ کوہاٹ میونسپلٹی نے تقریباً ۶ ماہ ہوئے New Octroi Schedule منظور کرکے بھیج دیا ہے ۔ مگر متعلقہ وزارت سے ابھی تک منظوری نہیں آئی ہے ۔ لہذا اس معاملے میں فوری قدم اٹھانا چاہئے کیونکہ مقامی لوگوں کا کاروبار بہت متاثر ہو رہا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ چونکہ موجودہ بجٹ میں ضلع کوہاٹ کے لئے ماسوائے تانده ڈیم کے اور کوئی رقم مہیا نہیں کی گئی ہے لہذا میں جناب کی وساطت سے وزیر صاحبان سے استدعا کروں گا کہ اہل کوہاٹ کو ایک گرلز کالج ۔ ایک ہائی سکول ۔ ایک پولی ٹیکنک سکول مہیا کیا جائے تاکہ کوہاٹ بھی دوسرے ضلعوں کی طرح ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکے ۔

Mir Malik Hazar Khan (Karachi III) : Mr. Speaker, Sir, in my opinion, the budget presented by the Minister of Finance is not as bad as some members have made it out by criticising it. However, I would like to say that Karachi has not been dealt with justly. It should have been given more funds. It is a big city and the ever-growing needs of that city are much more than those of any other city.

I would also request the Finance Minister to grant some more funds for Quetta and Kalat divisions. They are backward areas and they should be dealt with very much justly.

I would like to inform the House that Liyari and Bhutta villages fall in my constituency at Karachi which are most backward areas in that big city.

Since Pakistan came into being nothing has been done for them and they are still in the same state as they were when Pakistan came into being. Sir, Lyari has very few roads while Bhutta village has no roads at all. Some old roads which are in Lyari have not been repaired and the drainage system is not functioning properly. Sick people are wailing because they have to travel to far off distances as doctors and medical facilities are not available in the area. Bhutta village having a population of thirty thousand is supplied water by trucks. These trucks are very inefficient with the result that great hardship is faced by the people. Sir, you will be surprised to know that people in Bhutta village have to purchase water even today. It is, therefore, requested that something should be done to provide them water immediately. Electricity is not provided in Bhutta village while in Lyari some major roads have electricity. I would request the Government to provide the following to Lyari and Bhutta village :

First of all, Sir, they should be given the ownership of the land they occupy which at present is being denied to them.

Secondly educational and medical facilities.

Thirdly, water, drainage system, electricity and new and good roads.

Sir, before I conclude my speech I would like to bring to your notice the fact that the Karachi Development Authority is the most

corrupt Department in Karachi. They are very much over-staffed, they do not maintain their machinery properly. They have not made payment fo those contractors who completed their work two to four years back. They are not making the payment because the KDA people demand higher commission which has not been paid to them by the contractors.

I would request the Minister concerned to call for an immediate enquiry into the activities of the Karachi Development Authority and instruct them to pay the contractors immediately.

Thank you, Sir.

حاجی سعدالله خان - (جنوبی وزیرستان) (پشتو) جناب والا - میں اس پیش کردہ بجٹ سے متعلق اپنے علاقہ جنوبی وزیرستان کے بارے میں چند معروضات پیش کرنا چاہتا ہوں - جناب والا - میری پہلی گذارش یہ ہے کہ ہمارے علاقہ میں درپہ خیل گاؤں کے ساتھ ساتھ دریائے ٹوچی بہتا ہے - جو کہ تقریباً ۸۰ میل کے چکر میں بہتا ہے ماور دتہ خیل اور میرن شاہ کے قبائلی علاقہ کو سیراب کرتا ہے اس علاقہ کی آبادی ایک لاکھ افراد پر مشتمل ہے - چونکہ یہ پہاڑی علاقہ ہے اس لئے برسات کے دنوں میں اس میں اکثر و بیشتر سیلاب آتے رہتے ہیں اور اس سے کھڑی فصلوں کو کافی نقصان ہوتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ سیلاب وہاں کی اراضیات سے مٹی بہا کر لے جاتا ہے - جناب والا - پہاڑی علاقہ ہونے کی وجہ سے ان اراضیات میں وہی تھوڑی بہت مٹی ہوتی ہے جو کہ سیلاب کی نظر ہو جاتی ہے اور پھر وہاں صرف پتھر ہی پتھر رہ جاتے ہیں - جناب والا - میری عرض یہ ہے کہ وہاں کے لوگوں نے اس مصیبت کا سد باب کرنے کے لئے اپنی تمام تر کوششیں کی ہیں لیکن سب اکارت گئیں - جب قبائلی

تمام کوششوں کے باوجود ناکام ہو گئے تو انہوں نے شمالی وزیرستان کے پولیٹیکل ایجنٹ صاحب کے دفتر کے چکر کاٹنے شروع کر دیئے اور ان کے کانوں تک اپنی بے بسی اور بد حالی کی فریاد پہنچاتے رہے گو کہ حکومت نے بارہا فراخدلی کا ثبوت دیتے ہوئے لوگوں کی حالت زار پر رحم کھایا ہے اور اس علاقہ کے عوام کو ان کے نقصانات کے پیش نظر رعایات اور معافی دیتی رہی ہے لیکن ان بھاری نقصانات کے مقابلے میں حکومت کا یہ کرم اونٹ کے منہ میں زیرے کے برابر ہوتا ہے جس سے نہ تو ہم لوگوں کی ضروریات پوری ہو سکتی ہیں اور نہ ہی ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ حکومت نے ہماری مشکلات کی طرف دھیان نہیں دیا ۔ جناب والا ۔ میرا یہ سب کچھ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ حکومت اس علاقہ کا پورا پورا جائزہ لے اور ہماری تکلیفات کو دور کرنے کے لئے فوری قدم اٹھائے ۔ جناب والا ۔ دوسری عرض یہ ہے کہ جناب پولیٹیکل ایجنٹ صاحب نے بڑی مہربانی فرما کر زمینداروں کی مفلوک الحالی اور تباہی کو پیش نظر رکھتے ہوئے سیلابوں کو روکنے کے لئے رتہ بند باندھنے کے لئے رقومات عنایت فرمائی ہیں مگر یہ رقوم کم ہیں اور ان سے جو تھوڑا بہت کام کیا جاتا ہے سیلاب کے آنے کی وجہ سے بند بہہ جاتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ روپیہ کم ہوتا ہے اور اس کی وجہ سے بند مضبوطی سے تعمیر نہیں کئے جا سکتے اس لئے استدعا ہے ان کاموں کے لئے خطیر

رقومات مہیا کی جائیں تاکہ ان سیلابوں کی روک تھام کے لئے مضبوط بند تعمیر کئے جائیں۔ جناب والا ۔ اس کے علاوہ میرن شاہ کے گاؤں میں ہزاروں ایکڑ اراضی کو آباد کرنے کے لئے ٹیوب ویلوں کی ضرورت ہے ۔ ان کے متعلق پولیٹیکل ایجنٹ صاحب سے فہرستیں طلب کی جا سکتی ہیں ۔ جناب سپیکر صاحب جب جناب صدر مملکت اور جناب گورنر صاحب ڈیرہ اسماعیل خاں تشریف لائے تھے تو ہمارا ایک وفد ان سے ملا تھا اور ان کی خدمت میں اس علاقہ کے بے شمار بے روزگاروں کو روزگار مہیا کرنے کی غرض سے اس علاقہ میں ایک ماچس فیکٹری کے قیام کے لئے عرض کی تھی اب دوبارہ آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان میں جناب وزیر خزانہ صاحب سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ اس جانب ضرور توجہ فرمائیں تاکہ وہاں کے غریب عوام کو اپنا اور اپنے بال بچوں کا پیٹ بھرنے کے لئے روزگار مہیا ہو سکے ۔ اس کے علاوہ بنوں رزمک روڈ ۔ میرن علی اسپین دام روڈ کی حالت ناگفتہ بہ ہے ۔ ان پر سفر کرتے ہوئے نہ صرف یہ کہ وہاں کے لوگوں کو بے حد مشکلات اور تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے بلکہ ہماری ملکی فوج کو بھی سیلاب کے دنوں میں ۲۵ میل کا فاصلہ کی بجائے دو سو میل کا فاصلہ بنوں کوہاٹ اور ڈل کے راستہ چکر لگا کر طے کرنا پڑتا ہے ۔ جس سے کافی پریشانی اٹھانی پڑتی ہے اور ساتھ ساتھ بہت

وقت ضائع ہوتا ہے ۔ اس لئے عارض ہوں کہ اس سڑک کو پختہ کیا جائے اور راستہ میں ندی نالوں پر پل تعمیر کئے جائیں اس سے حکومت کو بھی دفاع کے لئے راشن وغیرہ کی رسد میں بھی کوئی تکلیف نہ ہوگی اور ساتھ اس علاقہ کے پانچ لاکھ عوام کو بھی آمد و رفت میں سہولت ہوگی ۔ اس لئے حکومت کو چاہئے کہ اس سڑک کو پختہ کرنے کے لئے اپنی توجہ فوراً مبذول فرمائے ۔ جناب صدر ۔ اس معزز ایوان کے سمبران صاحبان آپ کے توسط سے وزیر خزانہ کو مبارکباد دے رہے ہیں اگر وہ ہمارے علاقہ کی ان تکالیف کی طرف توجہ دیں تو میں بھی ان کو مبارک باد پیش کروں گا ۔ اس کے علاوہ میرن شاہ میں لڑکوں کے لئے کالج ہے مگر اس کے ساتھ بورڈنگ ہاؤس نہ ہونے کی وجہ سے باہر کے طلبا کو کافی تکلیف ہوتی ہے اور ان کو رہائش کے لئے پرائیویٹ انتظام کرنا پڑتا ہے اس کے علاوہ وہاں کے ہسپتال کے متعلق میری یہ گذارش ہے کہ جب تک ہسپتال میں توسیع نہیں ہوتی مہربانی فرما کر ہسپتال کے راشن اور دوائیوں کے کوٹہ میں اضافہ فرمایا جاوے ۔ کیونکہ آبادی کافی بڑھ گئی ہے مگر ادویات کا کوٹہ وہی ہے ۔ میری آخری عرض یہ ہے کہ زراعت کی مد میں اضافہ کیا جائے کیونکہ تمام میرن شاہ کا علاقہ باغات پر مشتمل ہے اور ادویات کی کمی اور قلیوں کی کمی کی وجہ سے وقت پر پوری پوری

امداد میسر نہیں آتی ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں اور صاحب صدر آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : Mr. Saifullah Khan.

ملک سیف اللہ خاں (بہاول نگر - ۴) ــ جناب سپیکر - سب سے پہلے میں وزیر خزانہ کو فاضل بجٹ پیش کرنے پر مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔ اس کے بعد چند ایک مسائل میری تحصیل کے ہیں ۔ یہ تحصیل چشتیاں بہاول نگر کی ایک پسماندہ تحصیل ہے ۔ جناب والا ۔ یہ تحصیل نو آبادی ہے اور اس کی عمر صرف ۳۵ سال ابھی تک ہوئی ہے ۔ اس سے پہلے یہ ایک desert تھا اور اب بھی یہ مکمل طور پر آباد نہیں ہوئی ۔ ابھی تک وہاں ضروریات زندگی پوری نہیں ہو سکتیں ۔ جناب والا ۔ وہاں کا سب سے پہلا مسئلہ تعلیم کا ہے ۔ کسی پسماندہ علاقے کو دوسرے علاقوں کے برابر لانے کے لئے سب سے زیادہ اہم اس کے تعلیم کے مسائل ہوتے ہیں ۔ اس تحصیل کی تین لاکھ کی آبادی میں صرف دو ہائی سکول ہیں جو کہ وہاں کے لوگوں کی ضرورت کو پورا نہیں کر سکتے ۔ اس کے علاوہ اس تحصیل میں کوئی کالج نہیں ہے ۔ جناب والا ۔ دو سال پہلے ہم نے اپنی مدد آپ کے تحت اور کچھ میونسپل کمیٹی کے فنڈز سے ایک کالج چالو کیا تھا جس کے لئے ابھی تک حکومت کی طرف سے کوئی aid نہیں

ملی اور اس تحصیل کے عوام میں اور میونسپل کمیٹی میں اتنی جان نہیں کہ وہ اسے اتنے لمبے عرصہ تک چالو رکھ سکیں ۔ یہ کالج ابھی بڑی کامیابی سے چل رہا ہے لیکن حکومت کی نظر عنایت کی اشد ضرورت ہے ۔ جناب والا ۔ اس کے علاوہ ہمارے پاس تحصیل میں بہت سے مڈل سکول ہیں جن میں ایسے مڈل سکول بھی مل سکتے ہیں ۔ جن کو ہائی کا درجہ دیا جاسکتا ہے اور وہ بہت کامیابی سے چل سکتے ہیں ۔ مگر میری گذارش ہے کہ میں اتنا لزا نہیں مانگتا کہ وہ مل بھی نہ سکے ۔ میری گذارش ہے کہ صرف دو مڈل سکولوں کو ہائی کا درجہ دے دیا جائے ۔ پہلے جو ہم نے اپنی مدد آپ کے اصول کے تحت کلاسیں جاری کی تھیں ۔ مثلاً بخشن خاں ہائی سکول اور دوسرا چک نمبر ۲۸ کیمیانی سکول ۔ تو دو ایسے مڈل سکول ہیں ۔ جن کو ہائی کا درجہ دینا اشد ضروری ہے ۔ جناب والا ۔ اس کے بعد صحت کا مسئلہ ہے چونکہ وہ ایک desert ہے اس لئے آٹے اور پانی میں مٹی ملی ہوئی ہوتی ہے ۔ کافی تکلیف دہ علاقہ ہے ۔ وہاں کوئی ہسپتال نہیں ۔ تحصیل ہیڈ کوارٹر میں ایک ہسپتال ہے ۔ اس میں اس سے پیشتر دو ڈاکٹر اور دو ایک لیڈی ڈاکٹر ہوا کرتے تھے مگر اب وہاں ایک ڈاکٹر کی پوسٹ کو ختم کر دیا گیا ہے اور صرف ایک ڈاکٹر اور ایک لیڈی ڈاکٹر ہے ۔ اور تین لاکھ کی آبادی میں کوئی

ہسپتال نہیں - جناب والا تین لاکھ کی آبادی میں زائد ہسپتالوں کا ہونا اشد ضروری ہے - پرائمری ہیلتھ سنٹر بھی منظور ہوئے تھے جن کے لئے عوام سے زمین مانگی گئی تھی - دو پرائمری ہیلتھ سینٹر بنانے کے لئے ہم نے زمین ایک سال سے زائد عرصہ ہوا منتقل کروا دی تھی - لیکن ابھی تک پرائمری ہیلتھ سینٹرز کا کام شروع نہیں ہوا - اس کے علاوہ جناب والا وہاں پانی کا مسئلہ ہے - نہری پانی کا مسئلہ ہے - دوسرے علاقوں کے ساتھ جو ہے سو ہے مگر اس کے علاوہ ایک اور مسئلہ ہے اور وہ یہ ہے کہ ہیڈ سلیمانکی سے ہمیں پانی کی تقسیم ہوتی ہے - اس کے علاوہ تقسیم پر ہمارے ساتھ کافی تعصب کا رویہ رکھا جاتا ہے - چنانچہ اس چیز کا انتظام کرنا اشد ضروری ہے - اس کے علاوہ پینے کے پانی کا مسئلہ ہے - وہاں پینے کے پانی کی سب سے زیادہ تکلیف ہے کیونکہ نہر تو سارا سال نہیں چلتی اور زمین میں نیچے کا پانی کھارا ہے -

جس کی وجہ سے نلکے یا کنویں کامیاب نہیں ہوتے اس لئے پینے کا پانی تالابوں میں رکھا جاتا ہے - اور تالابوں میں جیسا کہ آپ جانتے ہیں صفائی نہیں رکھی جا سکتی ہے - غلاظت پانی میں مل جاتی ہے - اور وہاں کے عوام کو وہی پانی پینا پڑتا ہے - اور اس پانی کی غلاظت اور جو ان سے بیمار ہونے والے لوگوں کو ہسپتال تک بھی

نہیں پہنچایا جا سکتا ۔ کیونکہ وہاں سڑکیں ہی نہیں ہیں ۔ یہ تین لاکھ سے زیادہ آبادی والی تحصیل ہے ۔ ملک کی اعلی منڈیوں میں سے ایک منڈی بھی ہے ۔ مگر اس تحصیل میں پختہ سڑکوں کے ٹکڑوں کا تمام مجموعہ ۳۲ میل سے زائد نہیں ہے ۔ ان سڑکوں کو پختہ بنانا اور تحصیل کے صدر مقام سے ملانا بہت ضروری ہے ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ وہاں گرل سکولوں اور کالجوں کی بہت ضرورت ہے ۔ میری استدعا ہے کہ وہاں لڑکوں کے کالج کے ساتھ گرلز کالج بھی منظور فرمایا جائے ۔ اس کے علاوہ جناب والا میں وزیر خزانہ صاحب کے پیش کئے ہوئے بجٹ کی تعریف کئے بغیر نہیں رہ سکتا ۔ مگر ایک چیز جو شاید وہ بھول گئے ہیں وہ عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں ۔ وہ یہ ہے کہ اس بجٹ میں آبیانہ کی شرح بھی بڑھائی جا رہی ہے ۔ مگر اس میں اس چیز کو مد نظر نہیں رکھا گیا کہ مغربی پاکستان کے تمام علاقوں میں ایک جیسا پانی نہیں دیا جاتا ۔ بلکہ مختلف علاقوں میں پانی کے ریٹ مختلف ہیں ۔ کئی ایسے ضلع ہیں جہاں پانی ۹ کیوسک فی ہزار ایکڑ ہے ۔ اور کئی ایسے ہیں جہاں ۴ کیوسک فی ہزار ایکڑ ہے ۔ یہ کم از کم ہے ۔ ویسے کہیں پانچ بھی ہے ۔ کہیں چھ بھی ہے ۔ مگر ان کا آبیانہ برابر ہے ۔ اور آبیانہ میں جو اضافہ ہے وہ بھی برابر ہے ۔ میں استدعا کرتا ہوں کہ یا تو پانی کے

ریٹ سب کے برابر کئے جائیں - کیونکہ پانی کی ہر زمین کو یکساں ضرورت ہوتی ہے - مثلاً ۴ والوں کا بھی ساڑھے چھ کر دیا جائے اور ۹ والوں کا بھی - تاکہ برابر آبیانہ اور برابر ٹیکس عائد کیا جا سکے - اگر ایسا کرنا ممکن نہ ہو تو مہربانی فرما کر آبیانہ کی شرح جو بڑھائی جا رہی ہے اس میں اس چیز کو مد نظر رکھا جائے - یا کوئی اور معقول انتظام سوچا جائے جو وہ بہتر سمجھتے ہیں - ایسا کرنا اشد ضروری ہے ورنہ عوام کو بہت نقصان پہنچتا ہے - جو وہ برداشت نہیں کر سکتے - اس کے علاوہ جناب والا وہاں بیروزگاری عام ہے - لوگ غریب ہیں - ذرائع آمدنی کم ہیں - پچھلے سال جب صدر مملکت و ر جناب گورنر صاحب بہاولپور تشریف لے گئے تھے تو انہوں نے وعدہ فرمایا تھا کہ چشتیاں تحصیل میں ایک شوگر مل لگائی جائے گی - کیونکہ وہاں سارا سال چلنے والی نہریں ہیں - شوگر مل منظور ہوئے ڈیڑھ سال ہو گیا ہے مگر ابھی تک اس پر کام شروع نہیں ہوا - جناب والا ایک شوگر مل لگ بھی جائے تو اس سے بیروزگاری ختم نہیں ہوگی - وہاں ایک ٹیکسٹائل مل کا ہونا بھی اشد ضروری ہے - جناب والا میں نے صرف ایک علاقہ کی تکلیف پیش کی ہے - اگرچہ یہ معمولی چیزیں ہیں مگر ہمارے لئے ان کی بہت وقعت ہے - میری یہ استدعا ہے کہ چشتیاں تحصیل کو ترقی دے کر دوسروں کے برابر لایا جائے

اور ہمیں دوسرے بھائیوں کے برابر بیٹھنے کے قابل بنایا جائے -

مسٹر سپیکر — خواجہ جمال محمد کوریجا -

خواجہ جمال محمد کوریجا (رحیم یار خان - ۱) — جناب صدر - سب سے پہلے میں شیخ مسعود صادق صاحب کو ایک فاضل بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں -

بر تو اے ماہ آسمان و زمین
تا بہ ہفت آسمان مبارکباد

جناب والا - ہمارے ملک نے ان دنوں جو ترقی کی ہے وہ سب جانتے ہیں - ایک وہ دور تھا - کہ جب ہمارے ساتھ ہمارے اپنے دوست بھی غداری اور دغا بازی کرتے تھے - اور انہوں نے ہمارے ساتھ کبھی صحیح طور پر تعاون نہ کیا - جہاں تک ہو سکا وہ ہم سے دغا ہی کرتے رہے - لیکن آج ہمارا ملک اتنی ترقی کر چکا ہے - کہ ہم جہاں سے بھی دیکھتے ہیں - ہماری طرف دوستی کا ہاتھ بڑھ رہا ہے - ہمارے ساتھ تمام ملک تعاون کر رہے ہیں - یہ ہماری ترقی کا بین ثبوت ہے -

جہاں تک اندرونی ترقی کا تعلق ہے - جناب والا - ہمارے وہ دیہات جہاں نہ سڑکیں تھیں نہ اور سہولتیں تھیں آج بنیادی جمہوریت کے نظام کی وجہ سے وہاں یہ چیزیں زیادہ نہیں تو تھوڑی تھوڑی مہیا ہوچکی ہیں - امید ہے کہ آئندہ پانچ سال میں ہمارے ان دیہات میں اتنی زیادہ ترقی ہو جائے گی کہ ہماری ضروریات پوری ہو جائیں گی -

جناب والا ۔ میری ڈویژن بہاولپور بالعموم اور تحصیل لیاقت پور بالخصوص پسماندہ تحصیلیں ہیں میں آپکی وساطت سے حکومت کو ان کے مسائل کی طرف متوجہ کروں گا ۔ جناب والا ۔ وہاں کا پہلا مسئلہ جو ہے وہ سیم اور تھور کا ہے ۔ چنی گوٹ سے لے کر خان پور تک ساٹھ میل کے قریب ایریا ہے اور وہ سب کا سب اس موذی مرض کے حملے کا شکار ہوتا جا رہا ہے ۔

Mr. Speaker: The House now stands adjourned till 8-00 a. m. tomorrow.

The Assembly then adjourned till 8-00 a.m. on Wednesday, the 23rd June, 1965.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FIRST SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Wednesday, the 23rd June, 1965

The Assembly met at the Assembly Chamber Lahore at 8·00 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain, Siddiqi, (Qari of the Assembly) and its translation.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ إِلَيْهِمْ أَجَلُهُمْ ۚ فَنَذَرُ الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ لِقَاءَنَا فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ۝ وَإِذَا مَسَّ الْإِنسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنبِهِ أَوْ قَاعِدًا أَوْ قَائِمًا فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهُ مَرَّ كَأَن لَّمْ يَدْعُنَا إِلَىٰ ضُرٍّ مَّسَّهُ ۚ كَذَٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِينَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا الْقُرُونَ مِن قَبْلِكُمْ لَمَّا ظَلَمُوا وَجَاءَتْهُمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ وَمَا كَانُوا لِيُؤْمِنُوا ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِينَ ۝ ثُمَّ جَعَلْنَاكُمْ خَلَائِفَ فِي الْأَرْضِ مِن بَعْدِهِمْ لِنَنظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُونَ ۝

پ ۱۱۔ س ۱۰۔ رکوع ۷۔ آیات ۱۱ تا ۱۴

اور اگر اللہ لوگوں کی برائی کے سلسلے میں جلدی کرتا جس طرح لوگ اچھائی کے طلب کرنے میں جلد بازی کرتے ہیں تو اُن کا کام ہی تمام ہو چکا ہوتا۔ جو لوگ ہم سے ملنے کی توقع نہیں رکھتے انہیں ہم چھوڑے رکھتے ہیں کہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے پھریں۔ اور جب انسان کو کوئی تکلیف پہونچتی ہے تو کروٹ کے بل لیٹا، بیٹھا اور کھڑا (ہر حال میں) ہمیں پکارتا ہے پھر ہم جب اس تکلیف کو اس سے دور کر دیتے ہیں تو (بے لحاظ ہو جاتا ہے) اور اس طرح منہ پھیر کر گذر جاتا ہے کہ گویا کسی تکلیف کے پہونچنے پر اس نے ہمیں کبھی پکارا ہی نہ تھا۔ اسی طرح حد سے گزر جانے والوں کو اُن کے اعمال آراستہ کر دکھائے گئے ہیں۔ اور تم سے پہلے ہم کئی اُمتوں کو جب اُنہوں نے ظلم اختیار کیا ہلاک کر چکے ہیں اور اُن کے پاس پیغمبر کھلی نشانیاں لے کر آئے مگر وہ ایسے نہ تھے کہ ایمان لاتے ہم گنہگاروں کو اسی طرح کا بدلا دیا کرتے ہیں پھر ہم نے اُن کے بعد تم لوگوں کو ملک میں ان کا جانشین بنا دیا تاکہ دیکھیں کہ تم اب کیسے کام کرتے ہو۔

صَدَقَ اللّٰهُ مَوْلَانَا الْاَنْبَلَاغ

SUSPENSION OF THE QUESTION HOUR

وزیر مال (خان حبیب‌اللہ خان)۔۔جناب سپیکر ۔ میں درخواست کروں گا کہ ہماری پارٹی کی طرف سے بہت سے ممبران بولنا چاہتے ہیں اگر سوالات پر وقت صرف کیا گیا ۔ تو بجٹ کی بحث کے لئے وقت ناکافی رہ جائے گا لہذا آج کے سوالات ملتوی کر دئے جائیں ۔ وہ اگلے روز پوچھے جائیں گے ۔

Mr. Speaker : I think there is no opposition to this suggestion. The Question Hour is Suspended.

GENERAL BUDGET 1965-66

DISCUSSION ON THE GENERAL BUDGET AS A WHOLE (*resumption*)

Mr. Speaker : The House will now resume discussion on the General Budget. Mr. Mahmood Azam Farooqi.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی ۔ ۸)۔۔جناب سپیکر ۔ ہمارے بجٹ پر پچھلے دو دن سے گفتگو ہو رہی ہے اور ان دو دنوں میں اس بجٹ کی شان میں عزت مآب وزیر خزانہ کی مدح سرائی کی گئی ہے اور اس مسلسل قصیدہ خوانی کو سننے کے بعد میرے خیال میں ان کو تھوڑی سی تلخ نوائی بار خاطر نہیں ہوگی ۔

جناب سپیکر ۔ اس بجٹ پر گفتگو کرنے سے پہلے میں ان اعتراضات کا جواب دے دینا مناسب سمجھتا ہوں جو پچھلے دو دنوں میرے دائیں اور بائیں طرف بیٹھے ہوئے معزز ارکان نے حزب اختلاف کے خلاف کئے ہیں تاکہ جیساکہ سردار محمد ایوب نے فرمایا تھا کہ To set the record straight معاملہ صاف ہو جائے اور قصۂ زمین بر سر زمین ہی طے ہو جائے ۔

مسٹر سپیکر۔۔آرڈر۔ آرڈر ۔ جن جن معزز ارکان نے آج بحث میں حصہ لینا ہو انہیں چاہئے کہ اپنی پارٹی کے لیڈروں کو نام لکھا دیں

تاکہ ممبران کے مابین وقت کی تقسیم مناسب طور پر ہو سکے ۔ آج لیڈر آف دی ہاؤس بھی بولیں گے ۔ اس لئے وقت کم ہوگا ۔

مسٹر اسلم خٹک۔۔جناب جنہوں نے کل نام لکھا دئے تھے وہ بھی دوبارہ نام لکھائیں گے ۔

مسٹر سپیکر۔۔وہ بھی لکھا دیں تو بہتر رہے گا ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی۔۔تو جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ میں اس بجٹ پر گفتگو کرنے سے پہلے ان اعتراضات کا جواب دینا چاہتا ہوں جو کہ میرے بائیں بیٹھے ہوئے ممبران نے آپوزیشن کے خلاف کئے تھے ۔

پہلا اعتراض یہ کیا گیا تھا کہ میرے ایک دوست نے انتخابات کا ذکر کرتے کرتے جن بدعنوانیوں کا ذکر کیا تھا وہ بدعنوانیاں نہیں تھیں بلکہ انتخابات بڑے منصفانہ اور آزادانہ ہوئے تھے حقیقت یہ ہے اور اسے ملک کا بچہ بچہ جانتا ہے حد بندی سے لے کر صدارتی انتخاب تک اور کہ صدارتی انتخابات سے لے کر نیشنل اسمبلی کے انتخابات تک اور پھر نیشنل اسمبلی کے انتخابات سے لے کر صوبائی انتخابات تک کے زمانے میں ضلع کے انتظامیہ حکام نے ایک خاص پارٹی کے لیڈروں کے ساتھ بیٹھ کر ایسی حلقہ بندی کرائی کہ جس کے مطابق صرف ایک پارٹی کے امیدوار ہی کامیاب ہو سکیں اور دوسری پارٹیوں کے امیدوار ناکام ہوں ۔ جناب ہزاروں اشخاص اس کے عینی شاہد ہیں اور یہ آنکھیں بھی شاہد ہیں جو یہاں دیکھ رہی ہیں ۔ یہ بھی دیکھنے میں آیا کہ ایک یونٹ میں تو صرف ۵۲ افراد کو اپنے نمائندہ کو چننے کا موقعہ دیا گیا مگر دوسرے یونٹ میں ڈیڑھ ہزار افراد کو یہ کام سونپا گیا ۔

جناب سپیکر۔۔پھر اس حلقہ بندی کے مرحلے کے بعد سارے انتخابات کے زمانے میں ہم دیکھتے رہے کہ ووٹروں کو پولیس کی گاڑیوں میں اور پولیس کے حکام کی نگرانی میں تھانوں میں اکٹھے کیا جاتا تھا اور پھر ٹرکوں میں بھر بھر کر پولنگ سٹیشن میں لے جایا جاتا تھا ۔ جناب والا ۔ جس ملک میں حکمران پارٹی نے اس طرح انتخابات کرلے ہوں بھلا ان انتخابات کو کس طرح منصفانہ اور آزادانہ کہا جا سکتا ہے ؟ میں نے جو کچھ عرض کیا ہے یہ کوئی سنی سنائی باتیں نہیں ہیں بلکہ میں نے اپنی آنکھوں سے مشاہدات کئے تھے جو یہاں عرض کئے ہیں ۔ پھر جناب والا ۔ جس ملک کے نیشنل اسمبلی کے ایوان میں ۱۵۵ ممبران میں صرف ایک آپوزیشن کا ممبر منتخب ہوا ہو ۔ اس ملک کے انتخابات کو منصفانہ اور آزادانہ کیسے کہا جا سکتا ہے ؟ اسکے باوجود اگر حکمران طبقے اور اس کے حامیوں کو یہ دعویٰ کرنے کی جسارت ہے اور اس غلط فہمی میں مبتلا ہیں کہ ہمارے انتخابات منصفانہ اور آزادانہ تھے اور یہ کہ ان کو اس ملک میں عوام میں مقبولیت حاصل ہے تو میں عرض کرونگا ۔

اتنی نہ بڑھا پاکئی داماں کی حکایت
دامن کو ذرا دیکھ ۔ ذرا بند قبا دیکھ

جناب والا ۔ دوسرا اعتراض یہ کیا گیا تھا کہ آپ لوگ اختلاف برائے اختلاف کرتے ہیں ۔ اور جتنی حکومتیں ۱۸ سال کے عرصے میں پاکستان بننے کے بعد قائم ہوئیں حزب اختلاف سب کے خلاف تنقید کرتی رہی اور یہ آپوزیشن والے سب حکومتوں کے خلاف ہی رہے خواہ وہ سید حسین شہید مرحوم کی حکومت تھی خواہ چودھری محمد علی کی یا محمد علی بوگرہ کی حکومت تھی اور خواہ یہ ریپبلکن پارٹی کی

حکومت تھی ۔ مجھے جناب والا یہ اعتراض قبول ہے کہ ہم واقعی ان مذکورہ حکومتوں کے خلاف تنقید کرتے رہے ہیں ۔ مگر جناب والا ۔ ۱۹۵۸ء سے پہلے جتنی حکومتیں تھیں ان سے تو آپ کو بھی شکایت ہے ۱۹۴۷ء سے لیکر ۱۹۵۸ء تک پاکستان میں جتنی حکومتیں بنیں وہ ان تمام بدنام سیاستدانوں کی تھیں جن سے آپ کو اتنا ہی اختلاف ہے جتنا کہ ہم کو ہے بلکہ بر سر اقتدار پارٹی کے صدر محترم سے لے کر وائس پریذیڈنٹ تک نے بھی ۱۹۵۸ء سے لیکر نئی کانسٹی ٹیوشن نافذ کرنے تک تمام سابقہ حکومتوں اور ان کے حامی سیاستدانوں کو چھ سات سال تک اتنی گالیاں دی ہیں اور ان کے خلاف اتنا کچھ کہا ہے کہ ہم نے اور جملہ اپوزیشن کے ارکان نے ۱۷-۱۸ برسوں میں بھی اتنا کچھ ان کے خلاف نہیں کہا ہوگا ۔ بہر حال جناب سپیکر ۔ میں مانتا ہوں کہ ہم بھی ان تمام سابقہ حکومتوں کے خلاف تنقید کرتے رہے ہیں اور موجودہ حکومت اور اس کے حامی بھی ان کے خلاف تنقید کرتے رہے ہیں ۔ لہذا ثابت ہوا کہ اس معاملے میں ہم اور موجودہ حکومت برابر ہیں ۔ پھر ان میں اور ہم میں کیا فرق ہوا اور وہ کیسے ملک کے زیادہ خیر خواہ ہو گئے اور ہم کیوں مورد الزام ٹھہرائے گئے اور ہماری نیت پر کیوں شک کیا جاتا ہے ۔ باقی رہا یہ کہ ہم موجودہ حکومت کے خلاف بھی تنقید کرتے ہیں تو ممکن ہے کہ ہم اس میں بھی سچے ہوں جس طرح کہ سابقہ حکومتوں کی تنقید میں سچے ثابت ہو چکے ہیں علاوہ ازیں ہماری ایک معزز خاتون نے ابھی ابھی اپنی تقریر میں فرمایا تھا کہ ایشیا میں جمہوریت ہے کہاں ۔ تو جناب والا انہوں نے خود ہی تسلیم کر لیا ہے کہ کم از کم ہمارے اپنے ملک میں تو یقیناً جمہوریت موجود نہیں ۔ ایشیا میں اور کہیں یہ ہو یا نہ ہو وہ الگ معاملہ ہے ۔

اب میں بجٹ کی طرف آتا ہوں ۔ جناب کسی ملک کا بجٹ محض اعداد و شمار کا مجموعہ نہیں ہوتا بلکہ بجٹ تو ایک منزل مقصود کو متعین کرتا ہے جس کی طرف قوم کو پیش قدمی کر کے پہنچنا ہوتا ہے ۔ بجٹ میں گذشتہ سال بھر کی کارروائیوں کو دکھانا ہوتا ہے اور آئندہ سال جو دروازے پر دستک دے رہا ہے ۔ اس کے مقاصد و تجاویز کا لب لباب پیش کرنا ہوتا ہے ۔ بجٹ اس منزل کی طرف رہنمائی کرتا ہے جس کی طرف گامزن ہو کر قوم کو بالاخر پہنچنا ہوتا ہے ۔ اس ضمن میں ہمیں اپنے ملک کی منزل مقصود کو پہچاننا لازمی ہے جو کہ ایک نظریاتی ملک ہے ۔ اس ملک کا نظریہ حیات کیا ہے ؟ یہ کوئی پرانی تاریخ نہیں ابھی ۱۸ سال ہی ہوئے ہیں کہ پاکستان کی اس منزل کو متعین کیا گیا تھا ۔ کیا اتنی جلدی وہ مقصد اور وہ منزل آنکھوں سے اوجھل ہو گئے ہیں ؟ ذرا عمر رفتہ کو آواز دینا ۔ ذرا زندگی کے اوراق کو پلٹ کر دیکھئے ۔ وہ کیا مطالبہ تھا اور وہ کیا آواز تھی جس پر بر صغیر پاک و ہند کے ۱۰ کروڑ انسان اکٹھے ہو گئے تھے ۔ وہ کونسی منزل تھی جس کے لئے کسانوں نے ہل چلانے چھوڑ دئے ۔ کالجوں نے تعلیم کا سلسلہ بند کر دیا دوکانداروں نے کاروبار کو قربان کر دیا ۔ اور ملز کے مالکان کے کارخانوں میں تالے پڑ گئے تھے ۔ لاکھوں انسان اپنی جانوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے خون اور آگ کو عبور کرنے پر مجبور ہو گئے تھے ۔ دراصل وہ دس کروڑ انسان اسلام کی خاطر اور اسلامی نظام اور ایک خاص نظریہ حیات کے لئے ایک پلیٹ فارم پر جمع ہو گئے تھے کہ ہم اسلامی قانون کے مطابق اپنی زندگیوں کو ڈھالیں گے مگر آج جب ہم نظر اٹھا کر اس نظام اسلام اور اسلامی قانون کر دیکھنا چاہتے ہیں تو بڑا دکھ ہوتا ہے ۔ کہ وہ یکسر مفقود ہے ۔

اسلامی نظام کی دو تین بنیادی چیزیں ہیں۔ یعنی اسلامی جمہوریت کا قیام ۔ افراد کی آزادی تقریر و تحریر ۔ اور آزادی اجتماع ۔ آپ صرف ان دو باتوں کو ہی دیکھ لیں ۔ تو آپ پر یہ بات کھل جائے گی کہ ہمارے ملک میں اسلام کے تقاضے کس طرح پورے کئے جا رہے ہیں ۔ ان دفعات کے بارے میں جو میں ابھی آپ کی خدمت میں عرض کر چکا ہوں ۔ ان کے تحت جہاں تک آزادیٔ تحریر اور آزادیٔ تقریر اور آزادی اجتماع کا تعلق ہے ۔ جس ملک میں یہ قانون موجود ہو کہ ضلع کا ایک حاکم بغیر وجہ بتائے بغیر صفائی کا موقع دئے اور بغیر کسی عدالتی چارہ جوئی کئے جس باعزت شہری کی چاہے آزادی سلب کر لے ۔ جو کہ اس کا بنیادی اور پیدائشی حق ہے ۔ میرا اشارہ Maintenance of Public Order Ordinance کی طرف ہے ۔ اس کے ذریعے آپ ایک ضلع کے حاکم کو یہ اختیار دیتے ہیں کہ وہ کسی شخص کی کم از کم تین ماہ کے لئے ۔ بغیر وجہ بتائے یا کوئی عدالتی چارہ جوئی کئے آزادی چھین لے ۔ یہ وہ اختیار ہے جو اللہ تعالیٰ نے بھی اپنے لئے پسند نہیں کیا ۔ میں تو اس دین کا علمبردار ہوں جس میں اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اگر سزا دے گا ۔ تو پہلے اس کے متعلق گواہیاں پیش کی جائیں گی ۔ اور سزا سے پہلے لوگوں کے جرم ثابت کئے جائیں گے ۔ وہ حاکم مطلق جو دلوں کے حال سے بھی واقف ہے ۔ وہ بھی انسانوں کو اور اپنی مخلوق کو بغیر گواہیوں کے سزا نہیں دیتا ۔ تاوقتیکہ اس کے سامنے مجرم کا جرم ثابت نہ کر دیا جائے ۔ لیکن ہمارے ملک میں یہ اسلامی قدروں کی عزت افزائی ہے کہ ایک حاکم شہر کو ہی یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ جس کی چاہے ۔ آزادی سلب کر لے ۔

جناب والا ۔ اگر میں اسلام کی ان قدروں کو بھی چھوڑ دوں ۔ تو بھی میں اپنے اس بجٹ کا جائزہ لیتے وقت بعض ایسی چیزیں پیش

کروں گا ۔ جو ہمارے دستور میں آپ نے بتائی ہیں ۔ اس دستور نے عوام کو اس بات کی ضمانت دی ہے ۔ اگر آپ صرف ان تین چیزوں کو ہی سامنے رکھ کر دیکھیں ۔ تو بھی آپ کا یہ بجٹ اور عام ملکی حالات ہمیں مایوس کن نظر آئیں گے ۔ ہمارے دستور میں عوام کو یہ ضمانت دی گئی ہے کہ ان کو اسلام کے اصولوں کے مطابق زندگی بسر کرنے کے مواقع فراہم کئے جائیں گے ۔

دوسری ضمانت ہمارے دستور نے عوام کو یہ دی ہے کہ اس ملک میں ہر شخص کو تعلیم عام اور مفت دی جائے گی ۔ اور ہر شہری کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کیا جائے گا ۔

ہمارے دستور کی تیسری ضمانت اس ملک کے عوام کے لئے یہ ہے کہ وہ لوگ جو ضعف عمر کی وجہ سے اپنا ذریعہ معاش خود نہ پیدا کر سکتے ہوں ۔ تو حکومت اس بات کی ذمہ دار ہوگی کہ وہ ان کی ابتدائی ضروریات زندگی یعنی جسم و جان کا رشتہ قائم رکھنے کے لئے غذا اور لباس ۔ رہائش کے لئے مکان اور امراض سے نجات دلانے کے لئے دوا مہیا کرے گی ۔ میں اس بجٹ کا جس کی شان میں بڑی مدح سرائی ہو چکی ہے صرف ان تین زاویوں سے جائزہ لینا چاہتا ہوں ۔

عرض یہ ہے کہ یہ بجٹ ہمارے مقاصد کے لحاظ سے ۔ اور اس منزل کے پیش نظر جہاں ہم نے پہنچنا ہے ۔ نہایت ناقص اور بے وزن بجٹ ہے ۔

جناب والا ۔ جہاں تک اسلامی زندگی بسر کرنے کا تعلق ہے ۔ اگر آپ اس بجٹ سے اس کا پہلا صفحہ نکال دیں ۔ تو کوئی دیکھنے والا یہ نہیں کہہ سکتا کہ یہ ایک مسلمان ملک کا بجٹ ہے ۔ یا ایک اسلامی مملکت کا بجٹ ہے ۔ اس میں پہلے صفحہ کے سوا جس پر پاکستان کا نام

لکھا ہے کوئی شخص یہ نہیں بتا سکتا ۔ اور نہ وہ اس کی نشاندھی کر سکتا ہے کہ یہ بجٹ کسی اسلامی مملکت کا بجٹ ہے ۔ جو مسلمانوں کو اسلامی اصولوں کے مطابق زندگی بسر کرنے کی ضمانت دیتا ہے ۔

جناب والا ۔ اس بجٹ میں جہاں Grants-in-Aid دی گئی ہیں ۔ وہاں کوئٹہ کے دینی مدرسہ کے لئے چھ ہزار روپے رکھے گئے ہیں ۔ اسی طرح خیر پور کے مدرسہ کے لئے آٹھ ہزار روپے اور دوسرے اداروں کے لئے آٹھ ہزار مختص کئے گئے ہیں ۔ اس طرح باقی دینی مدارس لئے ۲۰ ہزار روپے کی رقم مختص کی گئی ہے ۔ ان کے مقابلہ میں وہ ادارہ جو اس ملک میں اسلامی ثقافت کے نام سے ناچ رنگ اور گانے بجانے کو فروغ دیتا ہے ۔ اس کے لئے ۵۰ ہزار روپے کی رقم رکھی گئی ہے ۔ میرا اشارہ Arts Council کی طرف ہے ۔

جناب والا ۔ Arts Council کا ذکر آتا ہے ۔ یا جب اس ملک میں ناچ رنگ اور گانے بجانے کی محفلوں کا ذکر آتا ہے ۔ تو میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ ہماری حکومت کی پالیسی میں ایک عجیب تضاد ہے ۔ ایک طرف تو اخبار میں یہ بتایا جاتا ہے کہ ہمارے ملک پر جنگ کے بادل منڈلا رہے ہیں ۔ اور پڑوس ملک کی فوجیں ہماری سرحدوں پر اکٹھی کی جا رہی ہیں ۔ اور کسی وقت بھی اس بات کا خطرہ ہے کہ ہمارا ملک ایک خوفناک جنگ سے دو چار ہو جائے ۔ لیکن اسی اخبار کے اسی صفحہ پر ہمیں یہ خبر بھی سنائی جاتی ہے کہ روسی طائفہ ہمارے ملک میں آتا ہے اور یہاں ناچ و رنگ کی محفلیں برپا کی جاتی ہیں ۔ حکیم الامت ڈاکٹر محمد اقبال نے یہ تو فرمایا تھا کہ

شمشیر و سنان اول ۔ طاؤس و رباب آخر

لیکن ہم نے اسے الٹ دیا ہے ۔ ہم کہتے ہیں کہ نہیں

طاؤس و رباب اول ـ شمشیر و سنان آخر

ابھی تو ھمیں رنگ رلیا منانے دیں ـ ابھی تو ھمیں ناچ رنگ کی محفلیں گرم کرنے دیں ـ اگر جنگ ھوئی تو پھر دیکھا جائے گا ـ یہ اسلام کی ثقافت ھے ـ یہ اسلام کی وہ قدریں اور وہ اصول ھیں جن کو اس ملک میں پامال کیا جا رھا ھے ـ اور اس ملک میں پامال کیا جا رھا ھے جس کی بنا اسلام پر رکھی گئی تھی ـ

جناب والا ـ اس سلسلے میں اس بجٹ میں ایک چیز اور موجود ھے ـ یعنی خاندانی منصوبہ بندی ـ میں ایک بار پھر عرض کروں گا کہ جس ملک پر جنگ کے بادل منڈلا رھے ھوں ـ وہ ملک جنگ کے خطرے اور خوف کی وجہ سے اپنی آبادی بڑھانے کی فکر کرتا ھے ـ آبادی کم کرنے کی فکر نہیں کرتا ـ آج دنیا میں جنگ کے ماھرین کے درمیان یہ بات بالکل مختلف فیہ نہیں ـ بلکہ متفق علیہ ھے کہ سائنس کی تمام ترقی کے باوجود جنگ کے زمانے میں جنگ جیتنے کے لئے اب بھی انسانی قوت یعنی man power اور افراد کی قوت کو وھی مقام حاصل ھے جو آج سے صدیوں پہلے حاصل تھا ـ میرے جن دوستوں نے گذشتہ جنگ عظیم پر جنگ کے ماھرین اور مبصرین کے تبصروں کا مطالعہ کیا ھے ـ انھوں نے یہ بات ضرور پڑھی ھو گی ـ کہ فرانس کی اتنی بڑی مملکت کے پچھلی جنگ عظیم میں چند گھنٹوں میں شکست کھا جانے کی کئی وجوہ میں سے ایک بڑی وجہ یہ بھی تھی کہ اس ملک ـ جنگ عظیم سے چند سال قبل اپنے ھاں خاندانی منصوبہ بندی کی تھی ـ اور اس طرح دوسری بداخلاقی اور عیش پرستی کے راستے کھولنے والے عوامل شروع کرکے اپنے ملک کی آبادی اس حد تک کم کر دی تھی کہ وہ جرمن فوجوں کا مقابلہ نہ کر سکا ـ

جناب والا ۔ آج کل ہمارے تعلقات ان ملکوں سے استوار ہو رہے ہیں جہاں آبادی بڑھانے کی فکر کی جاتی ہے ۔ ہمارے اخبار نویس اور سیاستدان آئے دن چین کے دورے کرتے رہتے ہیں ۔ کیا انہوں نے کبھی وہاں جا کر یہ بھی دیکھا کہ چین میں خاندانی منصوبہ بندی کن مراحل پر ہے ۔ چین جو آبادی کے لحاظ سے دنیا میں سب سے زیادہ گنجان آباد ملک ہے ۔ وہاں ارباب اقتدار کو آبادی کم کرنے کی کوئی فکر نہیں ۔ بلکہ اس کے برعکس وہاں آبادی بڑھانے کی فکر کی جا رہی ہے ۔ کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ اس زمانے میں بھی افراد کار ہی اصل قوت ہیں جس پر ملک کی بقا اور ارتقا کا انحصار ہے ۔ آپ کہیں گے کہ اس غذائی قلت کو دور کرنے کے لئے ضروری ہے کہ آنے والی روح کو روک دیں ۔ تو میں یہ عرض کر دوں کہ دنیا کے غذا کے ماہرین نے اقوام متحدہ کی ایک کانفرنس میں یہ بات بتائی تھی کہ اس وقت دنیا میں زرعی پیداوار کے وسائل اتنے موجود ہیں کہ اگر ان کو tap کیا جائے اور صحیح طور پر ان سے کام لیا جائے اور اس دنیا کی آبادی اگر دگنی بھی ہو جائے ۔ تو پھر بھی ہمارے زرعی وسائل اور ہماری غذائیات کم نہیں ہو سکتیں ۔ افسوس اس بات کا ہے کہ آپ اپنی غذائیات کو بڑھانے کی فکر نہیں کرتے ۔ آپ اپنی زرعی پیداوار کو تو بڑھانے کی فکر نہیں کرتے ۔ آپ کی زرعی پیداوار اس سال پچھلے سال کے مقابلے میں آدھ فیصد بھی تو نہیں بڑھی ۔ آپ اس کی تو فکر نہیں کرتے ۔ آپ تو اس بات کی فکر کرتے ہیں کہ خاندانی منصوبہ بندی ۔ بدعنوانی اور بدکاری کے ذریعے آپ کے ملک کی آبادی کم ہو ۔ تاکہ جب آپ جنگ کے میدان میں آئیں تو آپ کے پاس افراد کی قوت کم ہو ۔ یہ اس پالیسی کا تضاد ہے ۔ بلکہ میں تو کہوں گا کہ یہ پالیسی کا بھی تضاد نہیں بلکہ یہ تو اسلامی اصولوں سے انحراف ہے اور اپنے ملک کے دستور سے انحراف ہے ۔

یہ تو اس mandate سے انحراف ہے جو آپ کو عوام اور قوم نے دیا ہے ۔

جناب والا ۔ آپ کے دستور کی دوسری ضمانت تعلیم کے متعلق ہے ۔ اس کا حال یہ ہے کہ آئندہ مالیاتی سال کے لئے جو آپ نے بجٹ رکھا ہے وہ ۴۲ پیسے فی کس فی ماہ کے حساب سے بیٹھتا ہے ۔ آپ کہیں گے کہ اس رقم کو پوری آبادی پر کیوں تقسیم کرتے ہو ۔ کیونکہ تعلیم تو ساری آبادی کے لئے ضروری نہیں ۔ یہ رقم تو صرف سکول کے طلباء کے لئے رکھی گئی ہے ۔ اور سکول کے طلبا کی تعداد ساری آبادی پر مشتمل نہیں ہے ۔

جناب والا ۔ میں بڑے ادب سے گذارش کرتا ہوں کہ دستور میں اس چیز کی ضمانت دی گئی ہے کہ یہ for all persons ہے ۔ یعنی ملک کے تمام شہریوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کیا جائے ۔ جب all persons کا ذکر ہو تو لازماً اس صوبہ کے ۵ کروڑ انسانوں کا ذکر ہوتا ہے ۔ اس لئے حکومت کا یہ فرض تھا کہ اس ملک کے جو تعلیمی مصارف ہوں اپنے مالیاتی یعنی مالی وسائل کے مطابق استعمال کریں اور تمام شہریوں کو ان کے حق کے مطابق سہولتیں دی جائیں ۔ دستور کو نافذ ہوئے تین سال کا عرصہ گذر چکا ہے لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ اس صوبہ کے تعلیمی مصارف اور لوگوں کے تعلیمی معیار کے تناسب میں کوئی فرق نہیں آیا ۔ آپ نے اس بجٹ میں دینی مدارس میں ابتدائی تعلیم دین کے لئے ۲۰ ہزار روپیہ رکھا ہے لیکن اس کے برعکس حسن ابدال کوہاٹ اور گھوڑا گلی وغیرہ تعلیمی اداروں کے لئے ۲۰ لاکھ کی رقم رکھی گئی ہے ۔ ۴۴ لاکھ کی کل رقم میں سے ۲۰ لاکھ صرف ان اداروں کے لئے رکھا گیا ہے جہاں تعلیم دلانے کی صرف وہ لوگ صلاحیت رکھتے ہیں جن میں تعلیمی مصارف برداشت کرنے کی سکت ہو ۔ آپ کہیں گے کہ ان اداروں میں تو فوجی تعلیم ہی دی جاتی ہے ۔ ٹھیک ہے لیکن کیا میں دریافت

کر سکتا ہوں کہ آیا یہ فوجی تعلیم صرف امرا اور صاحب استعداد لوگوں کے بچوں کے لئے ہی مخصوص ہے ۔ جو سو روپیہ ماہوار خرچ کر سکتے ہیں ۔ کیا غریب عوام جن کی قوت سے یہ ملک قائم ہے ان کو حق حاصل نہیں کہ ان کے بچوں کو فوجی تعلیم یا اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کی اجازت ہو ؟ کیا ان کو اختیار نہیں کہ وہ بھی وہی معیار زندگی حاصل کریں جو امرا کے بچے حاصل کرتے ہیں ؟

جب دستور میں ایک شق رکھ دی گئی ہے کہ اس ملک کے ہر شہری کو برابر کے حقوق ملیں گے تو پھر اس سے آپ اس کی خلاف ورزی کر رہے ہیں جب دستور میں درج ہے کہ ہر شہری کو آگے بڑھنے کے یکساں مواقع ملیں گے تاکہ وہ ملکی مسائل میں دلچسپی لے تو میں آپ سے یہ پوچھنے کا حق رکھتا ہوں کہ اتنے بڑے بڑے کالجوں اور تعلیمی اداروں میں صرف صاحب ثروت لوگ ہی فوجی تعلیم حاصل کر سکتے ہیں عام آدمیوں کے لئے فوجی تعلیم حاصل کرنے کا کیا انتظام کیا ہے ۔ یا آپ نے یہ طے کر لیا ہے کہ قوم میں صرف ان امرا کے بچوں کو ہی حق ہے کہ وہ اعلیٰ تعلیم حاصل کریں ۔

ملک قادر بخش——پوائنٹ آف انفارمیشن ۔ حسن ابدال اور دوسرے کالجوں میں داخلہ تو باقاعدہ مقابلے کے امتحان کے بعد ہوتا ہے ۔

Mr. Speaker : The member cannot rise on a point of information during a speech.

مسٹر محمود اعظم فاروقی——ٹھیک ہے مقابلہ ہوتا ہے لیکن وہاں صرف وہی بچے تعلیم حاصل کر سکتے ہیں جن کے والدین تعلیم کے مصارف کو برداشت کریں اور ان لوگوں کو جو نان شبینہ کو ترس جاتے ہیں یا وہ لوگ مثلاً قلی مزدور اور کم تنخواہ پانے والے کلرک ۔ کارخانوں میں کام کرنے والے مزدور کھیتوں میں دن رات محنت و مشقت کرنے والے کسان جن کی فی کس آمدنی دو روپیہ اور ایک روپیہ سے زیادہ

نہیں اس بات کو سوچ بھی نہیں سکتے کہ مقابلہ میں شریک ہوں ۔ چہ جائیکہ وہ اتنے اخراجات برداشت کریں جب کہ ان کی سالانہ آمدنی کسی امیر کے روزانہ اخراجات کے برابر بھی نہیں ۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ فوجی تعلیم کے حاصل کرنے کے متعلق آپ نے عوام کے لئے کیا بندوبست کیا ہے ۔ یا از خود یہ طے کر لیا ہے کہ ملک کی قیادت جن لوگوں کے ہاتھ میں یا جو بے انتہا دولت جمع کر چکے ہیں صرف ان کے بچوں کا ہی حق ہے کہ وہ اعلیٰ تعلیم حاصل کریں ۔

مسٹر سپیکر—آپ اپنی تقریر ۵ منٹ میں ختم کر دیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی—جناب والا ۔ اس وقت جو چیز ہمارے سامنے آ رہی ہے ہم دیکھتے ہیں ۔ کہ ہمارے اخراجات کا انحصار زیادہ تر قرضوں پر ہے ہم اس وقت تک ۵ ارب ۴۱ کروڑ اور ۳۲ لاکھ روپے کے مقروض ہیں ۔ ہمارے صوبہ کی سالانہ آمدنی سے یہ رقم تین گناہ ہے ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ ترقیاتی کاموں کے لئے قرضہ نہیں لینا چاہئے ۔ ضرور لیجئے لیکن جو قرضہ آپ نے لیا ہے ۔ میں یہ پوچھتا ہوں کہ اس کا فائدہ کس کو پہنچتا ہے ۔ ہر شخص جانتا ہے کہ اس کا فائدہ کس کو ملتا ہے ۔ اس وقت ہمارے ملک میں دولت صرف ۲۲ خاندانوں میں مرکوز ہو گئی ہے ۔ آپ اس سے اندازہ لگائیے کہ سٹیٹ بنک کے گورنر نے ستمبر ۱۹۶۴ء میں اپنے خطبہ میں ارشاد فرمایا تھا کہ اس ملک میں افراط زر صرف چند ہاتھوں میں ہے ۔ سٹیٹ بنک مجبور ہے اور قرضہ صرف اسی کو دیا جاتا ہے جس کے لئے حکومت منظوری دے ۔ انہوں نے یہ بھی فرمایا تھا کہ حکومت صرف بڑے بڑے لوگوں کو صنعتی کاموں کی دعوت دیتی ہے ۔ اور قرضہ صرف بڑے بڑے لوگوں کو ہی ملتا ہے ۔ سٹیٹ بنک اس انتقال دولت کے لئے مجبور ہے ۔

اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ گرانی روز افزوں ترقی پر ہے ۔ اشیا کی قیمتیں ۳۲ اور ۳۳ گنا بڑھ چکی ہیں لیکن افراد کی آمدن میں چند سالوں میں صرف ۴ فیصد اضافہ ہوا ہے ۔ ایک طرف عوام حکومت کے عائد کردہ براہ راست یا بالواسطہ ٹیکسوں کے بوجھ کے نیچے دبے ہوئے ہیں اور دوسری طرف منافع خور لوگوں کا خون چوس رہے ہیں ۔ آخر میں میں صرف اتنا عرض کروں گا کہ یہ آپ کے داھنی طرف جو اصحاب بیٹھے ہیں یہ بھی آپ کے جسم کا حصہ ہیں یہ بھی اس جسم کے اعضا ہیں اگر یہ آپ کے داغ اور دھبوں کو نمایاں کرتے ہیں تو آپ کو محسوس کرنا چاھئے ۔ رسول اللہ صلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ مسلمان مسلمان کے لئے آئینہ ہے ۔ اس آئینہ کے سامنے وہ اپنے جسم کے داغ اور دھبوں کو دیکھ سکتا ہے ۔ اس آئینہ میں اسے اپنی سب تیوریاں اور بل نظر آ جاتے ہیں ۔ بالکل اسی طرح آپ اپنی تصویر کو میری تقریر کے آئینے میں دیکھیں ۔ اور اس حبشی کی طرح سلوک نہ کریں جس نے آئینہ میں اپنی بھدی تصویر دیکھ کر آئینہ توڑ دیا تھا ۔

اس کے بعد میں صرف یہ عرض کروں گا کہ

انداز بیان گرچہ بہت شوخ نہیں ہے
شاید کہ اتر جائے ترے دل میں مری بات

مسٹر عمر جان خان (بنوں ۔ ۱) جناب والا ۔ میں کوئی لمبی تقریر نہیں کرنا چاھتا ۔ لیکن میں اپنے علاقے کی چند مشکلات آپ کی وساطت سے اس ھاؤس کے سامنے پیش کرنا چاھتا ھوں ۔

سب سے پہلے میں وزیر تعلیم صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ بنوں میں ۱۹۵۱-۵۲ء میں جو کالج قائم کیا گیا تھا اس کی عمارت

فرسودہ ہے وہ فوری توجہ کی مستحق ہے ۔ اسے کسی دوسری جگہ منتقل نہیں کیا گیا ۔ ابھی تک وہ خالصہ ہائی سکول کی عمارت میں ہے ۔ اس میں کئی سو طلبا تعلیم حاصل کر رہے ہیں ۔ ہماری گذارش ہے کہ اس کالج کے لئے نئی عمارت کا انتظام کر دیا جائے ۔ اور جتنی جلدی ممکن ہو اس میں بی ۔ ایس ۔ سی کی کلاسز کا اجرا بھی کیا جائے ۔

اس کے علاوہ میں یہ عرض کروں گا کہ بنوں میں ایک ہائی سکول غوریوالہ ہے ۔ یہ سکول عرصہ سے قائم ہوا ہے لیکن جس عمارت میں یہ سکول ہے وہ اچھی نہیں ۔ یہ سیم زدہ علاقہ ہے اور اس سکول کی عمارت کچی ہے ۔ محکمہ تعلیم کو چاہئے کہ اس عمارت کو پختہ بنانے کا جلد از جلد انتظام کرے ورنہ وہاں کے ڈپٹی کمشنر بنوں نے کئی دفعہ محکمہ تعلیم کو کہا ہے کہ اگر اس سکول کی عمارت تعمیر نہ کی گئی تو دفعہ ۱۴۴ ضابطہ فوجداری کے تحت اس سکول کو بند کیا جائیگا ۔ اس کی عمارت نہایت بوسیدہ ہے اور ہر وقت گرنے کا خطرہ رہتا ہے اور ڈر ہے کہ کہیں اس کے گرنے سے کوئی طلبا نہ مر جائیں ۔ میں محکمہ تعلیم سے استدعا کرتا ہوں کہ اس سکول کے لئے نئی عمارت کا جتنی جلدی ہوسکے انتظام کیا جائے ۔ اس کے علاوہ جیساکہ تمام صاحبان جانتے ہیں تعلیمی اداروں میں سپورٹ فنڈز ہوتے ہیں جہاں تک سپورٹ فنڈز کا تعلق ہے ۔

مسٹر سپیکر — وزیر تعلیم صاحب ہاؤس میں کل سے نہیں ہیں ۔ اس وقت وہ یہاں موجود نہیں ہیں ۔ آج جنرل بجٹ پر بحث ہو رہی ہے ۔ اور معزز ممبران اپنے اپنے علاقوں کے حالات بتا رہے ہیں ان کو چاہئے کہ وہ ہاؤس میں بیٹھیں ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان)۔۔۔وزیر تعلیم صاحب ابھی کچھ عرصہ پہلے یہاں تھے ۔ میں ان کو ابھی بلاتا ہوں ۔

مسٹر عمر جان خان۔۔۔سپورٹس فنڈ کی کافی رقم سکولوں سے حاصل کی جاتی ہے ۔ لیکن مجھے جہاں تک علم ہے ۔ اس سپورٹس فنڈ کو خرچ کرنے کی جانچ پڑتال کرنے کا محکمہ کی طرف سے کوئی انتظام نہیں ہے ۔ یعنی یہ علم نہیں ہوتا کہ یہ رقم کس پر خرچ ہوتی ہے ۔ نہ تو ڈائرکٹر اس کی جانچ پڑتال کرتا ہے ۔ اور نہ ڈپارٹمنٹ ہی کی طرف سے اس کی جانچ پڑتال ہوتی ہے ۔ تو چاہئے تو یہ ہے کہ جتنا سپورٹس فنڈ لڑکوں سے جمع کیا جاتا ہے ۔ اس کی اسی طرح سے جانچ پڑتال کی جائے جیسے کہ کسی سرکاری محکمہ جات کی ہوتی ہے ۔ اس کے علاوہ حال ہی میں بنوں میں گورنمنٹ ہائی سکول نمبر ۳ ۔ محکمہ نے کھول رکھا ہے ۔ لیکن یہ سکول تارکین وطن کی ایک پرائمری سکول کی عمارت میں قائم کیا گیا ہے ۔ جہاں لڑکے نہ تو تعلیم حاصل کرسکتے ہیں اور نہ وہاں بجلی کا انتظام ہے اور نہ وہاں پانی کا انتظام ہے ۔ محکمہ تعلیم اگر واقعی بنوں شہر کے لڑکوں کو تعلیمی سہولتیں فراہم کرنا چاہتا ہے ۔ تو اس کو چاہئے کہ وہ عمارت کا انتظام جدید طریقہ سے کرے ۔

جناب والا ۔ اب میں آبپاشی کی طرف آتا ہوں ۔ جناب والا ضلع بنوں میں ۴ یونین کونسلیں شمسی خیل ۔ غوریوالہ ۔ گنڈی خان خیل ۔ بائیست خیل ہیں یہ سب water logged علاقہ ہے کئی سال سے وہاں کے عوام چیخ رہے ہیں کہ واٹر logging کا انتظام کیا جائے ۔ جب محکمہ سکیم تیار کرکے یہاں بھیجتا ہے ۔ اور جب وہ یہاں آجاتی ہے ۔ تو ان کو بستہ خاموشی میں ڈالدیا جاتا ہے وہاں

کے اکثر دیہاتی اپنے گھروں کو چھوڑ کر دیہاتوں سے چلے گئے ہیں اور وہاں کی زمین ناقابل کاشت ہوگئی ہے ۔ جب ٹیوب ویل کے لئے درخواستیں دی جاتی ہیں تو کبھی بجلی والے کہتے ہیں کہ بجلی نہیں ہے ۔ اور کبھی ایگریکلچر والے کہتے ہیں کہ cassing پائپ نہیں ہیں ۔ اس طرح سے وہاں چار یونین کونسلوں کا رقبہ بالکل تباہ و برباد ہوگیا ہے ۔ انتظام خاطر خواہ نہ ہونے کی وجہ سے وہاں فصلیں نہیں ہوسکتیں ۔ اس کے علاوہ دریائے کرم ضلع بنوں کے زرخیز علاقے میں سے ہو کر بہتا ہے اور جب اس میں سیلاب آ جاتا ہے ۔ تو fertile land جس کی ایک ایک کنال کی قیمت تین تین چار چار ہزار روپے کے درمیان ہوتی ہے ۔ وہ سیلاب میں بہہ جاتی ہے ۔ اس سال حکومت نے ۷ لاکھ روپے سے دریائے کرم میں spur ڈالنے کی منظوری دی وہ محکمہ آبپاشی کے پاس پڑی رہی اور جب مئی کا مہینہ آ گیا تو محکمہ آبپاشی نے لکھ دیا کہ کام بہت زیادہ ہے ہم یہ نہیں کرسکتے چنانچہ ۶ لاکھ روپیہ surrender کر دیا گیا جناب والا یہ کرنسی surrender آف دی گورنمنٹ money ہے ۔ اگر محکمہ آبپاشی وقت پر اس کام کو انجام دیتا اور یہ روپیہ خرچ کیا جاتا تو ممکن ہے کئی دیہات کوٹ بیلا وغیرہ اور ان کی زمینیں بچ جاتیں ۔ لیکن انہوں نے کوئی ایکشن نہیں لیا اور ہزاروں کنال زمین بلکہ دیہات دریائے کرم کی نذر ہوگئے اس کے ساتھ ہی وہاں پر کرم گڑھی سکیم قائم کر رکھی ہے لیکن بعض علاقوں کو بہت کافی نقصان پہونچا ہے مثلاً سلانی علاقہ اور درد ریز کا علاقہ ۔ وہاں تو ایریگیشن ڈپارٹمنٹ لوگوں کی چیخ و پکار کے باوجود بھی کوئی کارروائی نہیں کرتا اگر ان سے پوچھا جائے کہ آپ ہمارا لاکھوں روپے کا پانی acquire کرتے

ھیں تو کم سے کم ان لوگوں سے بھی پوچھ لیا کیجئے تو ڈویژن کونسل میں تو وہ agree کر جاتے ھیں ۔ اور مان جاتے ھیں کہ without the consultation of the agriculturist سکیم formulate ھوئی ھے ۔ لیکن جب وہ پارٹیز افسران بالا کے پاس چلی جاتی ھیں تو اس افسر اور سپرنٹنڈنگ انجینئر کو بھی ڈانٹ پڑتی ھے کہ تم نے یہ under taking کیوں دی کہ مالکان اور agriculturist کو consult کیا جائے گا ۔ تو اس طرح سے وہ لوگ جن کے علاقے اس سے سیراب ھوتے ھیں نہ وہ خوش ھیں اور وہ لوگ جن کے حقوق ھیں اور جن کو محروم کیا جا رھا ھے نہ وہ خوش ھیں لہذا میں آپ کے توسط سے محکمہ سے عرض کروں گا کہ وہ کم سے کم ان زمینداروں سے بھی مشورہ لیں جو اس پانی کو آبپاشی کے لئے ۱۸۴۹ء سے ۱۸۵۰ سے استعمال کر رھے ھیں ۔

جناب والا ۔ بی ۔ اینڈ ۔ آر کے متعلق کل میرے ایک فاضل دوست جو بنوں کے ممبر ھیں انہوں نے عرض کیا تھا میں بھی عرض کرتا ھوں کہ بنوں میں دو تین سڑکیں بہت اھم ھیں ۔ اس دفعہ ان کو منصوبہ جات میں شامل کیا گیا ھے ورنہ کبھی کہہ دیا جاتا تھا ۔ کہ ان کے لئے فنڈز نہیں ھیں کبھی کہدیتے تھے کہ اگلے منصوبہ میں ان کو لیا جائے گا استدعا ھے کہ محکمہ متعلقہ اس پر غور کرے ۔ اس کے علاوہ soil conservation ڈپارٹمنٹ وہ ڈی ۔ آئی خان ڈسٹرکٹ میں آتا ھے ۔ لیکن وھاں کے لوگوں کو یہ شکوہ ھے کہ اس نے ڈی ۔ آئی خان ڈسٹرکٹ میں کچھ کام نہیں کیا اور نہ بنوں ڈسٹرکٹ میں کام کیا ۔ بنوں میں ایک نیا علاقہ کرم گڑھی سکیم کے تحت آتا ھے ۔ وہ بہت خراب علاقہ ھے ان سے کہا جاتا ھے کہ آپ تشریف لائیے اور دیکھ لیجئے تو یہ کہہ

دیتے ہیں کہ ہمارے پاس فنڈز نہیں ہیں ۔ اگر کوئی محکمہ عملہ مقرر کرتا ہے تو کم سے کم اس کو چاہئے کہ وہ فنڈز بھی provide کرے ۔

اس کے بعد میں ہیلتھ ڈپارٹمنٹ کے متعلق کچھ کہوں گا اور میں یہ مانتا ہوں کہ بیشک انہوں نے وہاں نئے ہسپتال کے لئے فنڈز تو منظور کئے ہیں لیکن ان ہسپتالوں میں یہ عام شکایت ہے کہ یہاں کے ڈاکٹر ان ہسپتالوں اور ڈسپنسریوں کو rent free shops بنائے ہوئے ہیں وہ وہاں پرائیوٹ پریکٹس inside building of the government کر رہے ہیں ۔ لہذا اس کے لئے احکامات جاری کئے جائیں کہ کم سے کم آفس hours میں جب ہسپتال آئیں تو وہ کسی سے کوئی پیسہ بطور فیس چارج نہ کریں ۔ پبلک ہیلتھ کے متعلق عرض یہ ہے کہ گورنر صاحب مغربی پاکستان نے بنوں کے لوگ اور وزیر علاقہ کے لوگوں پر بڑا رحم کیا اور انہوں نے وہاں کی آب رسانی کے لئے ایک بڑی اچھی سکیم بنائی ہے ۔ لیکن ڈپارٹمنٹ کی طرف سے ایک شرط لگا دی گئی ہے ۔ اور وہ شرط بہت سخت ہے ۔ یعنی سکیم تو گورنمنٹ تیار کر رہی ہے لیکن اس سکیم کے recurring expenditure یونین کونسل برداشت کریگی میں جناب والا یہ عرض کر دوں کہ سابقہ پنجاب اور سابقہ صوبہ سرحد کی یونین کونسلوں میں فرق ہے ۔ سابقہ پنجاب کی یونین کونسل پنجائیت کی املاک کی مالک بن گئی ہے لیکن سابقہ صوبہ سرحد کی یونین کونسل کو صرف ڈھائی ہزار روپے سالانہ گرانٹ ملتی ہے تو وہ واٹر سپلائی کے لئے recurring expenditure نہیں برداشت کرسکتی ۔ اسکا نتیجہ یہ ہے کہ تیتر خیل میں ۴۸ ہزار روپے کی واٹر سپلائی کی ایک ایک سال سے سکیم تیار ہوئی

ہے لیکن وہ اب تک چلی نہیں ۔ کیونکہ وہاں یونین کونسل کے پاس پیسہ نہیں ہے ۔ اور فنڈز نہیں ہیں ۔ وہاں کی ڈسٹرکٹ کونسل بہت غریب ہے وہ فنڈز provide نہیں کرسکتی ۔ اس لئے میں عرض کرونگا کہ اگر حکومت ان کی مدد کرنا چاہتی ہے تو ان کو رقم بھی دے جو لوگ ۸ - ۸ دس ۔ دس میل سے پانی لاتے ہیں ایک ایک قطرہ پانی کو ترستے ہیں وہ کوئی اور چیز نہیں مانگتے صرف پانی مانگتے ہیں گورنمنٹ کو چاہئے کہ وہ کوئی گرانٹ ڈسٹرکٹ کونسل کے لئے الاٹ کرے جن کے ہاتھ میں اس علاقے میں واٹر سپلائی کا انتظام کیا گیا ہے ۔

واپڈا کے متعلق عرض ہے کہ بنوں میں کرم گڑھی سکیم کے تحت الیکٹرک پاور ہاؤس ہے ۔ لیکن اس پاور ہاؤس نے اب تک اس کے نزدیکی مواضعات میں بجلی نہیں مہیا کی ۔ اور جب ٹیوب ویل کے لئے بجلی مانگی جاتی ہے تو کہدیتے ہیں کہ ۱۵ پرسنٹ پہلے deposit کر دو ۔

اب میں جناب ایک بات کہکے ختم کر دونگا اور وہ یہ کہ بنوں اور ڈیرہ اسماعیل خان دونوں ضلعوں میں جتنے cases کرمنل یا سول کے سیشن کورٹ میں pending ہیں اس میں ۸۰ فیصدی بنوں کے ہیں ۔ سیشن جج مہینے میں ۲۰ دن دورے پر بنوں میں رہتے ہیں اور ۱۰ دن وہ ڈی ۔ آئی خان میں کام کرتے ہیں ۔ لیکن ہیڈ کوارٹر ڈی ۔ آئی خان ہے ۔ لہذا ایک whole time سیشن جج بنوں مقرر کیا جائے تاکہ وہ ۸۰ فیصدی بنوں کے cases جو pending ہیں وہ طے ہوجائیں اس سے ایک تو یہ بات ہوگی کہ cases کا quick disposal ہوجائیگا دوسرے ۲۰ دن کا آنے جانے کا T. A. اور D. A. جو خرچ ہوتا ہے وہ نہ ہوگا ۔

مسٹر محمد اکبر خان (ڈیرہ اسماعیل خان - ۱)۔جناب سپیکر - میں اس بجٹ پر وزیر خزانہ صاحب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ اس دفعہ انہوں نے ڈیرہ اسماعیل خان کو بھی یاد کیا ہے مگر پھر بھی میں کچھ نہ کچھ ڈیرہ اسماعیل خان کے متعلق ضرور کہوں گا - کیونکہ ڈیرہ اسماعیل خان ایک بہت ہی پسماندہ ضلع ہے - وہاں پہلے آبپاشی کی سخت ضرورت ہے - اور حکومت کو چاہئے کہ وہاں آبپاشی پر بہت روپیہ خرچ کرے - ہمارے ان وزیر صاحبان کو جو یہاں بیٹھے ہوئے ہیں معلوم ہے کہ ڈیرہ اسماعیل خان میں اب تک پانی کا کیا حال ہے - اور کتنی مربع جات زمین ہماری اب تک بہہ گئی ہے - مربع جات اب تک پانی میں ڈوبے کھڑے ہوئے ہیں - اور دو ماہ سے ابھی تک پانی وہاں کھڑا ہے - آبپاشی کا کوئی انتظام نہیں ہے - پانی ایک طرف سے آتا ہے - اور دوسری طرف بہہ جاتا ہے - جس کو مل جائے وہی لے جاتا ہے دوسرا دیکھتا ہی رہ جاتا ہے -اس کے لئے خصوصی انتظام یہ کیا جائے کہ ایک طرف کو کنواں بنا دیا جائے - جس میں پانی اپنا رخ لیکر دریا میں چلا جائے -

آبپاشی کے انتظام پر ڈی آئی خان میں گو روپیہ کافی لگایا گیا ہے لیکن پھر بھی تکلیف ہے - زمین ہر سال بہہ جاتی ہے اور پھر وہ ایک پیسے کی بھی نہیں رہ جاتی - ڈی آئی خان میں دو سڑکیں ہیں جو ایک بنوں کو اور ایک ٹانک کو جاتی ہے - اس کے علاوہ ہمارے ڈی آئی خان میں کوئی سڑک بھی نہیں اور نہ کوئی ہسپتال ہے - تمام لوگ پینے کے پانی کے لئے محتاج ہیں - وہ غریب لوگ بارش کا پانی پیتے ہیں - اور بیمار پڑ جاتے ہیں - علاقے میں کوئی ہسپتال نہیں- پنیالہ سے ۲۰ میل کے فاصلے پر رحمان خیل ایک گاؤں ہے اور ان دونوں کے درمیان میں کوئی ڈسپنسری اور کوئی ہسپتال نہیں ہے - لوگ بارش کا پانی پیتے ہیں اور

بارش کا پانی پی کر بیمار ہو جاتے ہیں ۔ ہسپتال ایک بھی نہیں لہذا ڈسپنسریوں اور ہسپتالوں کا وہاں انتظام کیا جائے کیونکہ لوگ غریب ہیں ۔ اور بارشوں کا پانی پیتے ہیں ۔ میری گذارش ہے کہ وہاں پر trial bores کے ذریعے غریبوں کے لئے پینے کے پانی کا انتظام کیا جائے ۔ جب کسی کو پینے کا پانی ہی نہ ملے تو اس کی زندگی کا کیا حشر ہوگا اس کے علاوہ ایک چھوٹی سی نہر ہے جو کہ گرمیوں میں بہتی ہے ۔ اور سردیوں میں وہ بالکل ہی نہیں بہتی ۔ اس کا ہیڈ خراب ہے اور پی ڈبلیو ڈی ان سے آبیانہ ویسے ہی لیتے ہیں خواہ پانی لگے یا نہ لگے ۔ تو یہ غریب لوگوں پر ایسا ظلم ہو رہا ہے ۔ یہ خاص کر نوٹ کریں کہ آبیانہ معاف کیا جائے ۔ جب پانی نہیں ملتا تو ان سے آبیانہ کیوں لیتے ہیں ۔ تو میرا مطلب ہے کہ وہ نہر بھی تو مختصر سی ہے جو گرمیوں میں بہتی ہے ۔ اور سردیوں میں بالکل خشک ہو جاتی ہے ۔ اور پی ڈبلیو ڈی والے لوگوں سے آبیانہ ویسے ہی لیتے ہیں جیسے کہ یہ ان کا حق ہوتا ہے ۔ تو یہ چیز خاص کر نوٹ کی جائے کہ ان لوگوں سے آبیانہ نہ لیا جائے ۔ جب پانی ہی نہیں لگتا تو آبیانہ کیوں لیتے ہیں ۔ باقی یہ کہ جو ڈی آئی خان سے چشمہ تک سڑک جاتی ہے ۔ یہ اتنی خراب سڑک ہے کہ جب بارش ہو جائے تو چار چار دن تک وہ سڑک رکی رہتی ہے اور اس پر آنا جانا مشکل ہو جاتا ہے اور یہ تمام راستہ بالکل بند ہو جاتا ہے۔ ان تمام اصحاب کو معلوم ہے کہ یہ بہت عام سڑک ہے ۔ تھوڑی سی جگہ ہے ۔ جہاں نہر کا راستہ ہے اور ہر ایک افسر اور وزیر صاحب اس علاقے میں جاتے ہیں اور یہ سڑک اتنی خراب ہے کہ جب بارش ہو جائے تو چار چار پانچ پانچ دن کے لئے یہ سڑک رکی رہتی ہے ۔ اور خراب رہتی ہے ۔ آنا جانا مشکل ہو جاتا ہے ۔ اور ٹریفک بھی بند ہو جاتا ہے ۔ اس کے علاوہ جناب دریا خان اور ڈی آئی خان کے درمیان سردیوں میں تو پل بن جاتا ہے وہ بھی کشتیوں کا اور اب گورنر صاحب نے ایک پل

منظور کیا ہے ۔ مگر پتہ نہیں کہ وہ کب بنے گا ۔ ہمارے سٹیمر بہت پرانے ہیں ۔ سواریاں بیچ دریا میں پڑی رہتی ہیں ۔ پچھلے سال دو کشتیاں ڈوب گئی تھیں اور ہمارے بہت سی آدمی مر گئے تھے ۔ بیچارے لوگ چیخ و پکار کر رہے ہیں وہ کہتے ہیں کہ کوئی دو لانچیں یا نیا سٹیمر آ جائے مگر کوئی ان کی نہیں سنتا ۔ ہمارے پاس نہ سٹیمر ہے نہ لانچ ہے اور اتنی تکلیف لوگوں کو ہوتی ہے کہ اگر ایک آدمی ڈی آئی خان سے صبح چار بجے روانہ ہوتا ہے تو وہ شام کے آٹھ بجے دریا خان پہنچتا ہے ۔ اور سارا دن غریب کا اس راستے پر لگ جاتا ہے ۔ کیونکہ نہ کوئی سٹیمر ہے نہ لانچ ہے نہ ٹانگہ ہے اور نہ کوئی لاری ہے ۔ کوئی خاطر خواہ انتظام نہیں ہے ۔ لوگوں کے ساتھ خاصا ظلم ہو رہا ہے ۔ اس کے علاوہ ڈی آئی خان ضلع میں کوئی ہسپتال نہیں اور اس کے علاوہ میں اور کچھ کہنا نہیں چاہتا۔ جناب کل میرے ایک دوست نے فرمایا تھا۔ یعنی رحیم دل بنوں والے نے کہ ہمارا ڈویژن پشاور سے ہو جائے ۔ ہم ڈی آئی خان والے کبھی بھی پشاور سے ملنا نہیں چاہتے ۔ ہمارا اپنا ڈویژن ہی اچھا ہے ۔

چودھری امتیاز احمد گل (لائیلپور - ۲)۔۔۔مسٹر سپیکر ۔ مجھے یہ انتہائی خوشی تھی کہ جب میں تقریر کرنے کے لئے اٹھوں تو میرے معزز دوست جو کہ ہمارے وزیر خزانہ ہیں وہ ہاؤس میں موجود ہوں کیونکہ میں چند مطالبات اس قسم کے رکھنے چاہتا تھا جو کہ directly ان سے متعلق تھے ۔ خیر مجھے امید ہے کہ لیڈر آف دی ہاؤس میری ان گذارشات کو سنتے جائیں گے اور میری گذارشات ان تک پہنچا دیں گے ۔ جناب سپیکر ۔ پیشتر اس کے کہ بجٹ پر میں اپنی تقریر شروع کروں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Muhammad Yusaf Khan : On a point of order, Sir.

Can a Parliamentary Secretary put his demands before the Government ; is it the convention of the House?

مسٹر سپیکر—جہاں تک ان کے اپنے علاقائی مسائل کا تعلق ہے وہ پیش کر سکتے ہیں ۔ وہ پارلیمانی سیکریٹری ضرور ہیں لیکن اپنے علاقائی مسائل وہ اس ہاؤس میں پیش کر سکتے ہیں ۔

چودھری امتیاز احمد گل—تو جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ میں بھی اپنے فرائض میں سے یہ سمجھتا ہوں کہ میں وزیر خزانہ شیخ مسعود صادق کو اس چیز کی مبارکباد دوں کہ انہوں نے ایک نہایت اچھا بجٹ ہاؤس کے سامنے پیش کیا ہے ۔میرے اچھا کہنے کی مراد یہ ہے کہ وہ تقریباً ایک منصف مزاج وزیر خزانہ کی طرح بلکہ میں کہتا ہوں کہ وہ تمام علاقہ جات کو اپنی آنکھوں میں رکھتے ہیں اور جہاں روپیہ کی ضرورت ہو وہیں وہ روپیہ خرچ کرتے ہیں اور یہی میں سمجھتا ہوں کہ وزیر خزانہ کا سب سے اچھا کردار ہے ۔ جناب سپیکر ۔ کوئی قوم یا کوئی ملک اس وقت تک ترقی نہیں کر سکتا ۔ جب تک کہ اس کا متوسط طبقہ ترقی نہ کرے ۔ میری مراد ارباب حکومت کے نوٹس میں ایسی چیزیں لانا ہے ۔ جیسے کہ میں محسوس کرتا ہوں کہ ہمارے ملک میں امیر امیر تر اور غریب غریب تر ہوتے جا رہے ہیں ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہماری موجودہ حکومت نے یہ انتہائی کوشش کی ہے کہ اس gap کو جتنا کم کیا جائے اتنا ہی اچھا ہے لیکن میں یہ کہنے میں کوئی hitch محسوس نہیں کرتا کہ ابھی تک نتائج جو ہیں وہ اتنے اچھے نہیں ہیں کہ ان کی تعریف کر سکیں ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جب تک ملک کا متوسط طبقہ ترقی نہ کرے تب تک ملک اور قوم ترقی نہیں کر سکتی ۔ دوسرا پوائنٹ جو میں بڑی شدت سے محسوس کر رہا ہوں وہ یہ ہے کہ ہمارے policy framers and town planners اسے کبھی بھی دماغ میں نہیں رکھتے ہیں کہ یہ decentralisation کا مسئلہ ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میری آنکھوں کا دیکھا حال ہے کہ ٹاؤن پلاننگ میں اکثر وہ زمینیں

لی گئی ہیں جس میں اگر آج آم کا پودہ لگے تو اگلے سال وہ جوان ہو جاتا ہے۔ میں نے سابق سیشن میں اس چیز پر زور دیا تھا ۔ لیکن کوئی عمل ہوتا میں نے نہیں دیکھا ۔ اس میں کوئی مضائقہ نہیں کہ اگر شہر سے ایک یا دو میل دور ایسے بنجر رقبہ جات available ہوں جہاں کہ ہاؤسنگ اور ٹاؤن پلاننگ کی سکیمیں تیار کر سکتے ہیں تو کوئی وجہ نہیں کہ ایسی جگہ پر ٹاؤن پلاننگ نہ کی جائے لیکن جہاں زرخیز زمین موجود ہے جو کہ ہماری ملک کی معیشت کا ایک کافی حصہ رکھتی ہے ۔

تو میں لیڈر آف دی ہاؤس سے یہ گذارش کروں گا کہ وہ ایسی پالیسی تیار کریں جس میں de-centralisation کو مدنظر رکھا جائے ۔ جناب سپیکر ۔ پیشتر اس کے کہ میں اپنے علاقائی مسائل آپ کے سامنے رکھوں ، میں ایک وسیع مسئلہ آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں ، جو میرا ہی نہیں ایک دو ممبران کا ہی نہیں بلکہ اس سارے ایوان کا مسئلہ ہے ۔ پچھلے اجلاس میں بھی ہم یہ عرض کرتے رہے کہ پیپلز ہاؤس تعمیر کیا جائے ۔ اب میں پھر آپ کی وساطت سے لیڈر آف دی ہاؤس سے گذارش کروں گا اور مجھے یقین ہے کہ وہ میرے ساتھ متفق ہوں گے ، کہ جس انسان کو رہنے کے لئے جگہ میسر نہیں ، جس معزز ممبر کو لاہور میں رہنے کے لئے باعزت جگہ نہ ملے وہ اسمبلی کی بحث میں خاطر خواہ حصہ نہیں لے سکتا ۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہمارے بھائی تو اڑھائی تین روپے روزانہ کرایہ پر رہتے ہیں اور بعض ایسے ہیں جنہیں فلیٹیز اور پارک ہوٹل میں ستر اسی روپے روزانہ دینے پڑتے ہیں ۔ میں نے گذشتہ اجلاس کے دوران سنا تھا کہ کوئی ایسی سکیم زیر غور ہے کہ پیپلز ہاؤس بنایا جائے ۔ تو میری گذارش صرف اتنی ہے کہ اسے جلد از جلد بنایا جائے ۔ یہ سارے ہاؤس کا مسئلہ ہے اور اس میں سب ممبران میرے ساتھ متفق ہوں گے ۔

دوسری گذارش جس سے ایوان کے ممبران متفق ہوں گے، یہ ہے کہ ترقی یافتہ ملکوں میں یہ دستور ہے کہ پارلیمنٹری وفود ایک ملک سے دوسرے ملک میں آتے جاتے رہتے ہیں ۔ اس سے ملک اور قوم کو فائدہ ہوتا ہے اور پارلیمانی زندگی کے تجربے میں اضافہ ہوتا ہے ۔ میں نے دیکھا ہے کہ بیرونی ملکوں سے ایسے وفود اکثر یہاں آتے ہیں ۔ میں آپ کی وساطت سے لیڈر آف دی ہاؤس سے یہ گذارش کرتا ہوں کہ ہمارے پارلیمانی وفود بھی ایسے بیرونی ممالک میں بھیجے جائیں جہاں جمہوریت کا دور دورہ ہو ۔ تاکہ ہم ان کی پارلیمانی زندگی سے کچھ سیکھ سکیں ۔ ان مختصر گذارشات کے بعد اب میں اپنے علاقائی مسائل کی طرف آتا ہوں ۔

جناب سپیکر ۔ جس ضلع سے میرا تعلق ہے اس کے متعلق یہاں اکثر خیال کیا جاتا ہے کہ یہ امیر ضلع ہے ۔ عام طور سے یہ خیال ہے کہ لائل پور والوں کو کسی چیز کی ضرورت نہیں ۔ جناب سپیکر ۔ جہاں لائل پور شہر اور ضلع میں فلک بوس عمارتیں اور چند مل اونر موجود ہیں ، جہاں کچھ اچھے کھاتے پیتے لوگ ہوں ، وہاں اپنے لوگ بھی ہیں جن کے پاس کھانے کے لئے روٹی ، پہننے کے لئے کپڑا اور سر چھپانے کے لئے جھونپڑی نہیں ہے ۔ میری مراد ان غریب مزدوروں سے ہے جو شہر میں رہائش رکھتے ہیں ۔ اور ان مزارعین سے ہے جو دیہات میں رہتے ہیں ۔ میں یہ بات جذبات میں آ کر نہیں کہہ رہا ہوں بلکہ اسے آپ کے سامنے ثابت کرنے کی کوشش کروں گا ۔ لائل پور شہر کی کتنی ایسی کچی آبادیاں ہیں کہ اگر انچ ڈیڑھ انچ بارش ہو جائے تو غریب لوگوں کو اپنے گھر چھوڑ کر سڑک کے کنارے بیٹھنا پڑتا ہے ۔ اس میں شک نہیں کہ گورنمنٹ نے انتہائی کوشش کی ہے کہ انہیں آباد کیا جائے ، مگر اس کام کی رفتار بہت سست ہے ۔ یہ

کام جس رفتار سے ہونا چاہئے کہ کم از کم سال ڈیڑھ سال میں انہیں سر چھپانے کے لئے جگہ مل جائے اس رفتار سے نہیں ہو رہا ۔

جہاں تک مزارعین کا تعلق ہے لائل پور وہ ضلع ہے جسے متحدہ ہندوستان میں سونے کی چڑیا کے نام سے پکارا جاتا تھا ۔ مگر افسوس ہے کہ آج وہاں کی زمین سیم اور تھور کی وجہ سے ناکارہ ہو گئی ہے ۔ آپ میرے ساتھ چل کر دیکھیں کئی ایسے چکوک ہیں جو پانی کی زد میں آ چکے ہیں اور وہاں کے زمیندار اوسطاً ایک دو کلے زمین پر ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے ہیں ۔ میری گذارش یہ ہے کہ لائل پور کی زمین زرعی نقطۂ نگاہ سے اس پروگرام میں شامل کر لینی چاہئے تھی جو بحالیٔ اراضیات کے سلسلہ میں بنایا گیا تھا ۔ میں وزیر مال سے جو لیڈر آف دی ہاؤس بھی ہیں ، گذارش کروں گا کہ وہ جلد از جلد ایسا کریں تاکہ اس ضلع کی زرعی مشکلات دور ہو سکیں ۔

جناب سپیکر ۔ میں کوئی ایسی بات نہیں کرنا چاہتا جو کسی پر گراں گذرے ، مگر یہ ایک ایسا معاملہ ہے کہ اگر میں اسے قائد ایوان کے نوٹس میں نہ لاؤں تو میں اپنے فرائض کی صحیح انجام دہی نہیں کروں گا مجھے یقیناً دکھ بھی ہوتا ہے

چپ رہوں تو کلیجہ جلتا ہے
کچھ کہوں تو ہے تیری رسوائی

چک نمبر ۲۹۳ ر ۔ ب میرے علاقے میں ایسا چک ہے جہاں مزارعین گورنمنٹ کی زمین کاشت کیا کرتے تھے ۔ مدت ہوئی اس حکومت سے کئی دور پہلے اس چک کی نصف زمین ایک لینڈ لارڈ کو بطور میڈ فارم دے دی گئی ۔ میں کسی کا نام نہیں لوں گا ، کیونکہ یہ پارلیمانی آداب کے منافی ہے ۔ اس لینڈ لارڈ کو زمین سرکاری ریٹ پر

دے دی گئی ۔ مزارعین نے انتہائی کوشش کی کہ باقی آدھی زمین انہیں سرکاری ریٹ پر دے دی جائے ، کیونکہ ان کا اور کوئی ذریعہ معاش نہ تھا ۔ خان پیر محمد صاحب نے کچھ ان کی آہ و زاری دیکھ کر اور کچھ میری منت سماجت سے متاثر ہو کر فائل پر یہ آرڈر کر دیا کہ انہیں یہ زمین سرکاری ریٹ پر تو نہیں مگر زیادہ بولی پر دے دی جائے ۔ وہ اس پر بھی تیار ہو گئے ۔ مگر ان کا کام ابھی تک رکا ہوا ہے ۔ میں وزیر مال صاحب سے گذارش کروں گا کہ وہ اس آرڈر پر عملدرآمد کرا کے ان غریبوں کو روزی کا سامان بہم پہنچائیں ۔

جناب سپیکر ۔ ہمارے ہاں حکومت نے ایک زرعی یونیورسٹی قائم کی ہے جس کے لئے ہم ازحد مشکور ہیں ۔ اس سے لائل پور کو بے انداز فائدہ ہوا ۔ اب وزیر تعلیم صاحب سے میری یہ گذارش ہے کہ اگر اب وہاں میڈیکل اور نان میڈیکل faculties شروع کر دیں تو اس سے یقیناً ملک کو بھی فائدہ ہو گا اور ہمارے ضلع کو بھی بے انداز فائدہ ہو گا ۔

اس کے علاوہ میں وزیر تعلیم سے یہ گذارش کروں گا ۔ کہ میرے حلقہ نیابت میں چک جھمرہ ایک ایسا قصبہ ہے ۔ جو کہ میرے علاقے کی مرکزی جگہ ہے ۔ اس میں ایک ہائی سکول بڑی مدت سے موجود ہے ۔ اور بڑی اچھی طرح سے چل رہا ہے ۔ اگر وہ اسے انٹرمیڈیٹ کا درجہ دے دیں ۔ تو ہم ان کے بیحد مشکور ہوں گے ۔

Captain Akhtar Ayub Khan (Hazara - III) : Mr. Speaker Sir, under light of the President's Manifesto, glaring points have been brought into being from the dark ; First of all social justice, secondly all out developments, and thirdly development of the backward areas. There is development of the backward areas. Governors' Conference has approved this Manifesto and would like to implement it in their budgets.

Mr. Speaker, I come from an area which is across the river Jhelum, a part of the land which has always been backward, and it is in similarity with most of the northern Punjab, Baluchistan and the old Frontier regions.

The people of this part of the world before partition were kept backward. Why? Because the British imperialism needed them for their own forces, for colonial wars, for colonial operations, and kept them backward to recruit them in the army, and all that. After independence that stage is over. Before independence, these were the people, who brought Islam to the Indo-Pakistan sub-continent, these were the people who went with Mahmud of Ghazna and destroyed the gates of Somnath and temples, these were the people who took part in the liberation of Kashmir and freed the oppressed people who lived under the heels of the Indian imperialism. Today when you look at this part of the world, it is undeveloped, there is less education, people are unemployed; and what is the result of that? Today from these regions you see seven to eight lakh people living in Karachi. I have stayed in Karachi myself and organised these people into some types of unions. Why is it so? Because their own area cannot hold them, their own area, cannot feed them, there is not enough industry in that area, so they go to Karachi, live out there. They are the people who have made Karachi, they are the people who built the industry: they are the people, who with their toil, sweet and energies, have raised Karachi to its height. But when they are doing all this, they feel that why can't we get all these things, aren't we the founders of Pakistan, aren't we the people who deserve all these rights which were being given to other parts of Pakistan? What I suggest, Mr. Speaker Sir, is this that industrialisation must be spread out in the country, and that spreading out does not mean that somebody from Karachi goes out and sets up industries. What we can do is to pick up the local capital. There is enough of local capital. With some help these people can come up and raise their industries and move on with the time. Then we have got the P. I. D. C What is it there for? It must come here, invest money and then it should give it over to the majority of the people instead of one man or two men getting these industries or building these industries. It should be built or given on a pattern, which benefits the mass of the people and the majority of the people. Some people may say that we cannot build these things in these areas because there is less capital, there are less facilities. No doubt there may be less facilities, but ideals have got to be met, hopes have got to be fulfilled, inspirations have got to be met. We must move into those places so that these people are given hope and are given inspiration.

Then there is lack of education. Since there is lack of education, these people move only as labourers and chawkidars in most parts of West Pakistan, and they are the source of earnings for their parents. They come and work here and toil here and send back some earnings to their old parents, brothers and sisters. Since they are illiterate, they have not got the education, they cannot get better jobs. As they are mostly labour class, they get low wages So education would increase their energy as this is the scientific age. Increase their purchasing power by increasing working capacity, and increase the income of their parents who live on them.

Mr. Speaker, Sir there is very little agricultural development in our part of the country. There is no irrigated land in our area. The low regions of West Pakistan are supplied water by the rivers but one day these rivers will not be able to help or supply water to this land. You will not be able to improve more lands because there will not be enough water in these rivers. What is the way out? In spite of day in and day out investing on waterlogging and salinity, why is there waterlogging

and salinity ? Because you do not give the lands rest for some time, and if you leave them to rest then you cannot have enough production to feed your people, the masses and the population What is the answer to all this ? The answer is that instead of investing all that money there, build small dams for irrigating the vast tracts of land in the frontier region, Baluchistan and northern Punjab. Build all these small dams right across these regions, in mountain gaps so that rainy water could collect there and you could irrigate these areas and you can once again have the granary, which will be of help to the backward areas. If you develop these areas, you would be providing enough employment for the population in that part of world, you will have more production in the lower regions, and you can irrigate lands in a less way, thus leaving quite a lot of lands for some parts of the year without any irrigation. By this way you will decrease waterlogging and salinity. So I say again that instead of throwing money into salinity itself, why not go and put it there so that this population works there, this population grows there. I tell you that they are the people who are backbone, who can work, who can really toil.

I say again that there should be some technical institutions in that area also as this is the age of science and this is the age of industry. We must have technical institutions as all our labour after learning some technical things could earn their liveli hood or atleast start some sort of cottage industry.

To sum up, I say, Mr. Speaker, that those areas have always been left backward; they were being left backward by British imperialism. Today they are the members of this family of Pakistan. As the saying of the great prophet goes we should help the backward areas according to their needs and we must give them everything That is how Pakistan can flourish. These are the people who are the kingpins of your motherland.

Mr. Ahmed Mian Soomro (Jacobabad - II) : Sir, the present budget has to be viewed in the background of the circumstances under which it has been placed before the House. We must realise that at the present juncture we are passing through a critical time when the nation has to be prepared to make vast sacrifices. We know the heavy expenditure that we are being put to on account of the behaviour of our neighbouring country. We must, therefore, be prepared and keep ourself prepared because fore warned is fore armed. Unless we prepare ourself on war footing we will not be able to make our enemies realise that no sacrifice would be too great for us. With this background, the present budget, as it has been presented, is no doubt a well prepared budget. It was necessary to increase certain taxes but it would have been better if those taxes had been, I mean the burden of those taxes, put on the shoulders of those persons who have become rich over-night, on the shoulders of those who are day by day increasing their assets in a very disproportionate manner and on the shoulders of those who are notorious for evading taxes. These should have been the persons who would have been made to bear a greater part of this burden. Instead, Sir a good portion of this burden has fallen on the agriculturists. The agriculturists, as we know, are the backbone of the economy of this country. They are already over-burdened because the produce of the land on account of sub-soil salinity and water-logging and other factors is falling from year to year. No doubt, Government has got various schemes to try and fight this menace of water-logging and salinity

but still we cannot say that it has been successful. Therefore, we have to face facts and agree that the income of agriculturists from the land and the produce per acre is falling year to year. Hence, this burden cannot be borne by them. I would, therefore, appeal to the Government, to the Finance Minister and to the Leader of the House to very kindly reconsider this aspect of the case and as has already been announced by our Governor recently at a Press Conference wherein certain relaxations have been made, I think, a much greater relaxation is called for because these agriculturists will not be able to bear the burden. They are not able to return even the loans that they are taking for their credit of agriculture. Therefore, it will be impossible for them to bear this very heavy burden that is being put on their shoulders.

Then there has been a mention about corruption But, Sir, fortunately or unfortunately, my very revered friend Malik Qadir Bakhsh who raised this question has made us realise that when we are on one side of the House it is different and when we are in the Treasury Benches it is quite different. Malik Sahib, only two months back, was on the Treasury Benches as Minister and we know, because he was our colleague in the ex-Assembly, how vehemently he used to uphold everything and was not prepared to accept any criticism as if every thing was functioning as best as possibly could. But within two months that every government which was according to him then a government of angels has turned out to be a government which is to be criticized to the utmost extent and which is not capable of doing any thing which the province expected from it. So, therefore, very probably th re are certain difficulties which when a person is not in the cabinet he is able to realise but when he gets into the Cabinet he has probably to defend those very things which he himself is criticising. To take a practical view of things, there is no doubt, corruption is there. It is all over the world. We must do our best to face it. Government had brought in legislation by the Criminal Law Amendment Act wherein they have provided for trial by Jirga of corruption cases because they were not able to stand in the ordinary courts. But, I think, up to this time not a single case, or if there are any avery negligible number, has been sent for trial before the Tribunal under the Criminal Law Amendment Act. I would, therefore, request the government to kindly consider this aspect and, as it is known that a very small percentage of these corruption cases is able to stand in the court, it should be the policy of the Government that where-over sufficient evidence is not forthcoming it may place these cases before the Tribunal so that, as far as possible, corrupt officials do not go scot free specially when they are caught.

As far as revenue side is concerned, the unification of revenue laws has been promised from year to year. I would request the Leader of the House, who also happens to be the Revenue Minister, to very kindly bring about this unification of revenue laws so that those areas of former Sind which are deprived of the benefit, because there the zamindars are not the owners of the land they cannot take benefit from their lands as zamindars in the other areas of the province, the zamindars of those areas can also take benefit. Therefore, sooner this unification of revenue laws is brought about the better it would be. Sir, it was very welcome to hear about a recent Cabinet decision regarding a Bill proposed about Patt feeder land. This patt-feeder has been constructed and is working during this 'askalani' season from the Guddu Barrage. Actually there is so much

uncertainty about land because a great portion of that belongs to the Kalat Division where there are no proper revenue records and people are just selling away those lands for lakhs of rupees where it is not clear as to who actually is the owner of the land and many people, particularly from the Punjab side, are coming and buying these lands under false impression. To save the difficulties which would arise later on when lands worth lakhs of rupees would have changed hands, this Bill would probably seek to stop that and the earlier it is brought the better it would be.

Then there is the question of temporary removal of rice restrictions from the lands within the established areas. Sir, there are certain survey numbers which have rice restriction while others are without rice restriction. There are hundreds of acres where paddy is grown and in between them you find a few acres where paddy is not allowed to be grown and government, from year to year, has been granting permission merely on payment of extra Rs. 2/- lease money. By making applications from year to year a lot of cause of corruption arises. The agriculturists have to pay from door to door, I mean, the Irrigation department, the Revenue Department and various other departments concerned. To avoid this, in 1963, the Board of Revenue had issued a general order that whereover for two years this permission has been obtained they need not apply and they would *ipso facto* be deemed to have gone on paying the lease money This put an end to a lot of corruption and the agriculturists were saved from that.

I would, therefore, request the Revenue Minister to kindly have a notification issued for this year also, because what has happened is this that at random the Executive Engineer's office has recommended certain cases and refused to recommend similar o her cases without assigning any reason- whether those persons have been cultivating for 8 or 10 years.

Then, Sir, I take the question of electricity rates in Khairpur Division. Formerly we were promised that as soon as thermal power was supplied these rates would be reduced to make them in accordance with other areas of the province for agricultural purposes and other purposes. I would, therefore, draw the attention of the Government to that promise and request them to please revise the rates also in the areas where thermal power is being supplied from the Sukkur thermal sub-station.

Sir, as far as the Food Department is concerned unfortunately we do not have any Minister at present representing that Department. But I hope the Leader of the House will kindly convey our views to the Governor. We have recently got a Cabinet decision to have the policy for 1965-66 as was for the current year. But my knowledge is that a little deviation from it would take place as far as the southern region is concerned, because then the main two varieties that were being procured were Kangni and Joshi rice. The Goverement proposes to stop the procurement of Kangni rice. Kangni rice is produced in certain areas where the quality is better and those zamindars and agriculturists, instead of producing Joshi rice which costs more to husk and since their quality is better they produce Kangni rice and they convert into Kangni rice and they are paid 8 annas more also for that Kangni rice. So if the Government purposes not to procure Kangni rice then in all fairness Government must allow them to move that

rice freely within West Pakistan. Instead I would say because under PL 48 permission of the United States of America has to be obtained before we can export this quality—if permission is taken to export this quality, since it is not required by East Pakistan it would gain a lot of foreign exchange and it will be a great boon to the agriculturists who are producing this better variety. But if the Government does not remove the restriction of moving it even within West Pakistan and also does not procure itself, then, Sir, it would be creating a very sad plight for those agriculturists who are growing this good quality. I will, therefore, while the Government is framing its policy about rice, request them to keep this in view.

As far as Education is concerned, we had been promised a college for Jacobabad from year to year. It is sad to see that in the present development budget we do not find it having any place. Therefore, I would request the Education Minister that this is a very backward district and is entitled to a college much in preference to so many other places where they have allowed it.

Similarly about the Shikarpur hospital—it was built by private enterprise is not able to run it. It is a very good hospital. I would, therefore, request the Government to come to the rescue of that area—either take over that hospital and run it as a Government hospital because the Civil Surgeon is already a Government hand, or give it sufficient funds so that it is not obliged to close down.

As for the judicial building, since a long time Jacobabad district has no judicial building From the time when the Sind Government existed and unification of this province was coming about; at that time actually funds were sanctioned, everything was sanctioned, but the administrative approval did not come within time before it became a unifid province. I would, therefore, request the Government to please sanction the amount for judicial building for Jacobabad and also to raise some industry in that backward area and not to concentrate all the industries in bigger towns or places where there is already plenty of employment for the labour.

خان محمد یوسف۔۔جناب سپیکر ۔ ۔ ۔ ۔

ملک قادر بخش۔۔جناب والا ۔ میں ذرا ایک personal explanation دینا چاھتا ھوں معزز رکن جو تقریر ختم کرکے گئے ھیں انھوں نے دانستہ طور پر تو نہیں غالباً یاد داشت کی کمزوری کے باعث کہا ھے ۔ کہ میں جب وزارت میں تھا تو رشوت ستانی کے وجود سے انکار کرتا تھا ۔ مگر اب جب کہ میں وزیر نہیں رہا ھوں تو میں رشوت اور نا اھلی کی شکایات کا ڈھیر لگا رھا ھوں ۔ غالباً یاد داشت کی کمزوری کے باعث ان کو یاد نہیں رھا میں اب یاد دلاؤنگا کہ جب کبھی میرے محکمہ کے خلاف تحریک

التوا پیش ہوئی اور جب مقرر تعداد سے کم تر تعداد میں ممبران کو تحریک پیش کرنے کی اجازت سے انکار کا خطرہ در پیش ہوتا تھا تو میں اپنی طرف سے اجازت دلا دیتا تھا کہ آپ پیش کر سکتے ہیں میں تنقید کو welcome کرتا تھا ۔ جناب والا ۔ نہ تو انہوں نے کبھی پہلے کہا تھا ۔ اور نہ آئندہ کبھی کہونگا کہ رشوت ستانی اور نا اہلی سرکاری دفاتر سے ختم ہو چکی ہے ۔

خان محمد یوسف خان (راولپنڈی ۔ ۲)۔۔جناب والا ۔ قیام پاکستان سے قبل جو نظریہ ہمارے سامنے رکھا گیا تھا ۔ وہ یہ تھا کہ قومیں وطن سے بنتی ہیں اور مذہب و عقیدہ کی بنا پر نہیں بنتیں مگر پاکستان بنانے والے مرد مجاہد نے کہا کہ نظریاتی طور پر اور عقیدے اور نظریے کے لحاظ سے بھی قومیں بن سکتی ہیں بر صغیر کو اس نظریے کے سامنے جھکنا پڑا ۔ وہ قبل ازیں یہی کہا کرتا تھا کہ ایک ہندوستانی ملک سے باہر جائے پھر بھی ہندوستانی ہی رہتا ہے ۔ مگر ایک مسلمان ہندوستان میں رہتے ہوئے بھی پردیسی کہلاتا تھا ۔ کیونکہ اس کا نظریہ حیات اور عقیدہ ہندوؤں سے مختلف تھا مگر ہمارے مجاہد کا عجیب اعلان کہ اقوام اوطان سے نہیں بلکہ نظریات و عقائد کی بنا پر بھی بن سکتی ہیں ۔ مبنی بر صداقت تھا اور لاکھوں کی تعداد میں لوگ اس کے جھنڈے تلے جمع ہو گئے اس نعرے کی اجنبیت اور اس کا عجب مقبولیت اور انس میں بدل گیا ۔ لیڈر کی قیادت اور قوم کی یک جہتی اور اتحاد کی برکت سے پاکستان معرض وجود میں آ گیا ۔ مگر اس کے معرض وجود میں آ جانے کے بعد اس کے ساتھ جو سلوک ہوا وہ ایک درد ناک کہانی ہے۔

اب یہاں اسلام پسند حضرات کو ایک مصیبت سمجھا جاتا ہے ۔ ان کو رجعت پسند کہا جاتا ہے ۔ اسلامی سیرت رکھنے والوں کو پرانے دقیانوسی لوگ قرار دیا جاتا ہے ۔ ان کو آتا دیکھکر لوگ ہنسی مذاق

کرنے لگ جاتے ھیں حیرت ھے کہ جو ملک نظریاتی طور پر جو ملک ایک عقیدے اور مذھب کی بنا پر معرض وجود میں آیا اور جس کی بنیاد میں یہ تھا کہ پاکستان کا مطلب کیا لاالہ الاللہ

کہ ملک مصر مذھب کی بنا پر معرض وجود میں آیا ۔ بلکہ مگر مصریوں کا عرب اور افغانستان افغانوں کا ملک ھے صرف پاکستان ھی دنیا بھر میں ایسا ایک ملک ھے جو اسلام کی بنا پر قائم ھوا اس لئے جناب والا اس کا سب سے پہلا ثبوت بھی یہی ھے کہ ھم نے اس نظریے کو تسلیم کرکے اپنی اس مملکت کا نام بھی Islamic Republic of Pakistan رکھا ۔ اس لئے ھمیں ھر قدم پر اور ھر مرحلے پر یہ سوچنا ھوگا ۔ کہ ھمارا معاشرہ انہیں اسلامی اقدار کو اپنا رھا ھے یا نہیں ۔ اگر ھمارے معاشرے کے اندر اسلامی اقدار نہیں ھیں ۔ یا ناپید ھیں ۔ تو ان کو دوبارہ رائج کرنے کے لئے ھم نے علمی طور پر کیا کیاھے ۔ اس نقطہ نظر سے اگر آپ اس بجٹ کو دیکھینگے تو مجھے بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ھے ۔ کہ مجھے اس میں کوئی ایسی چیز نظر نہیں آتی جس سے ھم یہ کہہ سکیں کہ اسلامی اقدار کو اجاگر کرنے کے لئے کسی ایک شق میں کوئی ایک چیز بھی اس مقصد کے لیے رکھی گئی ھے ۔ میرے نزدیک اس معاشرے کو درست کرنے کا ذریعہ صرف تعلیم ھی ھو سکتا ھے ۔ اس لحاظ سے ھمارے اندر جتنا بعد پیدا ھوتا جائیگا ۔ اتنا ھی ھمارا معاشرہ اسلام سے دور ھوتا جائیگا ۔

اب آپ ذرا تعلیم کو بھی ملاحظہ فرمائیں ۔ سب سے پہلے آپ یہ ملاحظہ کیجیئے کہ وہ سکول اور کالج جو اس وقت غیر مسلموں کے ھاتھوں میں ھیں ۔ ان کی گرانٹس کتنی ھیں ۔ میرا اشارہ خاص طور پر ان مشنری سکولوں کی طرف ھے جن کے اندر زھر چکان تعلیم اسلام کے اصولوں کے منافی دی جا رھی ھے ۔ اور ھم مسلمان ھوتے ھوئے اسے

برداشت کر رہے ہیں - یہی نہیں - بلکہ نہایت فخر کے ساتھ یہ زہر پلانے کے لئے اپنے بچوں کو ان سکولوں میں داخل کراتے ہیں - جو بعد میں بڑے ہو کر اپنی یگانگی کی وجہ سے جس کا نقشہ میں نے ابھی پیش کیا ہے - اسلام سے اجنبیت کا اظہار کرتے ہیں اور ایسے لوگوں کی صحبت سے گریز کرتے ہیں جو اسلام کے اصولوں کی پابندی کرتے ہوئے صحیح مسلمانوں کی طرح زندگی بسر کرتے ہوں -

تو میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں یہ نہیں کہتا کہ ان سکولوں کو یک قلم بند کر دیا جائے - بلکہ میں یہ کہتا ہوں کہ ان کو اتنی گرانٹ دی جائے - جتنا کہ ان کا حق ہے - ہمیں یاد رکھنا چاہیئے کہ :

لا یجر منکم شنان قوم الا تعد لو - اعد لو وھو اقرب للتقوے

کسی قوم کی دشمنی بھی ہمیں اس بات پر مجبور نہیں کرتی کہ ہم ان کے ساتھ انصاف نہ کریں - ہمیں ہمیشہ حکم ہے کہ ہم انصاف کریں - کیونکہ یہ تقوے کے قریب ہے - چہ جائیکہ یہ قوم دشمن بھی نہیں ہے - بلکہ ہمارے ملک کے اندر رہتی ہے - ہم اس کے ذمہ دار ہیں - ہم نے اس کے ساتھ فیاضی کا سلوک صرف انہی حدود کے اندر رہ کر کرنا ہوگا - جن کے متعلق ہم محسوس کریں کہ ہمیں نقصان نہیں پہنچ رہا - ہم دیکھتے ہیں کہ ان کو اس قدر آزادی دی جا رہی ہے - اور انہیں اس قدر اپنایا جا رہا ہے - کہ ان کی grants ان اداروں سے کئی گنا زیادہ ہیں جو گورنمنٹ کے نہیں ہیں - ان اداروں کے ساتھ ہمیں اپنے اداروں کو بھی دیکھنا چاہیئے - اگر آپ غور فرمائیں تو آپ دیکھینگے کہ ان کے ساتھ زیادہ فیاضی سے کام لینے کا کوئی جواز نہیں - کیونکہ وہ ادارے کاروباری لحاظ سے

نہایت اچھی طرح سے چل رہے ہیں اور ہمارے اندر وہ غلط تعلیم رائج کرنا چاہتے ہیں - جو ان کا منشا اور مقصد ہے - اس لئے میں گذارش کرونگا - کہ ان کی گرانٹ محدود کی جائے - اور ان کو اتنی کھلی چھٹی نہ دی جائے - کیونکہ تعلیم ہی وہ بنیاد ہوتی ہے - جس سے قومیں بنتی بھی ہیں - اور بگڑتی بھی ہیں-

جناب والا - اس کے بعد میں بعض نہایت اہم مسائل کے متعلق کچھ عرض کرونگا - چونکہ وقت کم ہے - اس لئے میں کوئی بات تفصیل کے ساتھ عرض کرنا نہیں چاہتا خواہ اس کا اس صوبے پر گہرا اثر ہی کیوں نہ ہو بلکہ اب میں ان معاملات کی طرف متوجہ ہوتا ہوں جن کے متعلق ہم سب تکلیف محسوس کرتے ہیں -

جناب والا - کو معلوم ہے کہ ہمارے ہاں راولپنڈی میں دارالحکومت بنانے کی وجہ سے Capital Development Authority Ordinance—23 of 1960 موجود ہے - جو ایک نا مناسب اور غیر موزوں قانون ہے - جس کی بنا پر ۱۹۵۳ سے لے کر ۱۹۵۸ تک اوسط پنجسالہ کی رو سے لوگوں کو ان کی جائیداد اور اراضی کا معاوضہ دیا جاتا ہے - آپ خود ہی ملاحظہ فرمائیں کہ آیا آج ملک کے اندر زمینوں کی وہی قیمتیں ہیں جو ۱۹۵۸ میں تھیں - یہ تو گذشتہ سات آٹھ سال میں بہت زیادہ بڑھ چکی ہیں - لیکن پھر بھی ان کے مالکان کو وہی اوسط پنجسالہ دی جا رہی ہے - مکانوں کی کیفیت یہ ہے - کہ ان کے مالکان کو ڈیڑھ روپیہ فی فٹ سے لے کر زیادہ سے زیادہ چھ روپے فی فٹ کے حساب سے معاوضہ دیا جا رہا ہے - اس کے مقابلے میں وہاں PWD کے معاوضے کی شرح ساڑھے چودہ روپے فی فٹ ہے - میں سمجھتا ہوں کہ اس فرق سے مالکان کے ساتھ بڑی زیادتی اور ناانصافی ہو رہی ہے -

جناب والا ۔ مجھے معلوم ہے کہ یہ قانون مرکزی حکومت کا ہے ۔ اور اس کے متعلق فی الحال ہم کچھ نہیں کر سکتے ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ ہم اس سلسلے میں یہ ضرور کر سکتے ہیں کہ ان لوگوں کے لئے سابق صوبہ پنجاب کے اضلاع میں متبادل اراضیات مختص کر دی جائیں ۔ مجھے معلوم ہے کہ ان لوگوں کو فاضل اور متبادل اراضیات گدو بیراج میں دی جا رہی ہیں ۔ لیکن مجھے افسوس اس بات کا ہے کہ راولپنڈی کے دارالحکومت بننے کی بہت سی وجوہ میں سے ایک یہ بھی ہے کہ وہاں کی فضا اور آب و ہوا بہت اچھی ہے ۔ اور جن لوگوں کے آباؤ اجداد اس فضا میں رہتے تھے اور اس فضا کے عادی تھے ۔ ان کو اب آپ وہاں سے بہت دور پھینک دینا چاہتے ہیں ۔ یعنی گدو بیراج اور سندھ کی فضا میں منتقل کرنا چاہتے ہیں ۔ آخر یہ کہاں کا انصاف ہے وہ لوگ کوئی مہاجر نہیں ۔ وہ تو اسی خطہ زمین کے بسنے والے ہیں ۔ اور آپنے تو ان کی اراضیات ایک بہتر مصرف کے لئے لی ہیں ۔ اور ان کے ساتھ ان کے مکانات بھی لئے ہیں ۔ لیکن ان کی رہائش کے لئے کوئی خاطر خواہ انتظام نہیں کیا گیا ۔

جناب والا ۔ اس ایوان کے معزز ممبران میں سے اکثر نے راول ڈیم بھی دیکھا ہوگا ۔ وہاں بھی یہی کیفیت ہے ۔ اور وہاں بھی لوگوں کے ساتھ ایسا ہی سلوک روا رکھا گیا ہے ۔ ان کو متبادل اراضیات وغیرہ colonies میں نہیں دی جا رہیں ۔ اس لئے میں جناب والا کی وساطت سے حکومت کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ ان کے لئے بھی سابقہ صوبہ پنجاب میں اراضیات الاٹ کی جائیں ۔

Mr. Speaker : Please try to conclude now.

جناب والا ۔ میں نے تو بہت سی باتیں عرض کرنا تھیں ۔ لیکن وقت کی کمی کی وجہ سے اب سرسری طور پر عرض کرتا ہوں ۔ مری کے

علاقہ کے متعلق ۱۹۳۲ء میں ایک High Power Commission مقرر ہوا تھا ۔ اس نے تمام لوگوں کے حالات کا جائزہ لے کر ایک نہایت جامع اور ضخیم رپورٹ مرتب کی تھی ۔ اس میں چند ایک سفارشات بھی کی گئی تھیں ۔ لیکن افسوس کا مقام ہے کہ آج دن تک سفارشات پر کوئی عملدرآمد نہیں کیا گیا ۔ میں مری کے علاقے کا ذکر ایسے ہی نہیں کر رہا ۔ وہ رپورٹ میرے پاس موجود ہے ۔ مگر وقت کی قلت کی وجہ سے میں اس کے اقتباسات آپ کے سامنے پیش نہیں کر رہا ۔ بہر حال میں آپ کی خدمت میں صرف یہ عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ اس کمیشن نے یہ بات بالاتفاق لکھی ہے کہ یہ صرف مری کا مسئلہ نہیں۔

It is a national problem.

اس کی دو وجوہات ہیں ۔ ایک تو erosion کی وجہ سے آپ کے دریاؤں کو نقصان پہنچتا ہے ۔ اور دوسرے یہ کہ صوبے کو سب سے زیادہ عمارتی لکڑی بہم پہنچانے کا وہی علاقہ ہے۔

اس کے علاوہ اور بھی کئی معاملات ہیں جن کی وجہ سے کئی مسائل پیدا ہو گئے ہیں ۔ اور یہ مسائل صرف صوبہ مغربی پاکستان کے ہی نہیں ۔ بلکہ سارے پاکستان کا مسئلہ ہے ۔ اس لئے ان کو ان کی تکالیف کی طرف خود ہی توجہ دینی چاہیئے ۔ چونکہ وقت کم ہے ۔ اس لئے میں ان کا فرداً فرداً تذکرہ کرنا مناسب نہیں سمجھتا ۔ میری گذارش صرف یہ ہے کہ مری کے اس ہائی پاور کمیشن کی رپورٹ نہایت جامع ہے اور اس کی سفارشات نہایت معقول ہیں ۔ جن میں سے قریباً ۷۵ فیصد سفارشات کو خود وہاں کے لوگوں نے تسلیم کیا ہوا ہے ۔ اس کے بعد میری سمجھ میں نہیں آتا کہ آخر گورنمنٹ کے رستے میں کونسی رکاوٹ ہے ۔ جو اس

کی طرف توجہ ہی نہیں کرتی ان حالات میں میں مطالبہ کرتا ہوں کہ ایسے ان سفارشات پر جلد از جلد عمل پیرا ہونا چاہیئے ۔

اس کے علاوہ مری کے دوسرے حصہ کہوٹہ کے ساتھ کوٹلی کا علاقہ ہے ۔ وہاں لوگوں کو عام آمدورفت میں بہت زیادہ تکلیف کا سامنا ہے ۔ اس لئے میں اس علاقے کو ایک سب تحصیل کا درجہ دینے کی درخواست کرونگا ۔

اس کے ساتھ ہی میں یہ بھی عرض کر دوں کہ یہ بھی ایک نہایت ہی نا مناسب بات ہے کہ جو اراضیات گورنمنٹ اس طریقے سے حاصل کرتی ہے ۔ ان پر بھی گورنمنٹ نے اس بجٹ میں ایک فیس ٹیکس کی صورت میں لگا دی ہے ۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ اگر کوئی شخص اپنے ارادے سے اپنی اراضی کو بیچ کرے تو آپ سپیشل فیس اور ٹیکس لے سکتے ہیں ۔ لیکن جس اراضی کو آپ جبراً لیں اور اس کے ساتھ جبرانہ بھی دیا جائے یہ بات کچھ نا مناسب سی نظر آتی ہے ۔ آخر یہ کہاں کا اصول ہے ۔ لہذا میں عرض کرونگا کہ جو اراضیات حکومت حاصل کر رہی ہے ۔ اور بالخصوص capital site میں ان سب پر کوئی ایسا ٹیکس نہیں ہونا چاہیئے ۔ کیونکہ یہ اصولاً بھی غلط ہے ۔

صاحبزادی محمودہ بیگم (زون ۔ ۳)۔۔۔جناب محترم ۔ مقام مسرت ہے کہ تیسرے پنج سالہ منصوبے کا پہلا بجٹ اس وقت اس معزز ایوان کے سامنے پیش اور زیر بحث ہے ۔ خدا کا فضل ہے ۔ کہ عام انتخابات پر امن طریق پر ختم ہوئے ۔ اور ساری قوم ایک سال عوامی نمائندگی کی جد و جہد میں مصروف رہنے کے بعد اب اس جگہ اکٹھی ہوئی ہے ۔ تاکہ وہ عوام کے مسائل حل کرنے کی غرض سے اس ہاؤس میں پیش کر سکے ۔

موجودہ بجٹ پیش کرنے پر جناب فنانس منسٹر صاحب کی خدمت میں میں رسمی مبارک باد پیش نہیں کروں گی اس لئے کہ اس سے پہلے اس معزز ایوان کے بہت سے اراکین انہیں رسمی مبارک باد پیش کرچکے ہیں ۔

جناب والا ۔ یہ بجٹ ہمارے ان وعدوں کے جو گذشتہ سال پریذیڈنٹ صاحب کے منشور کے تحت عوام سے کئے گئے تھے اور ان نظریات کے جن کا اظہار کیا گیا تھا ۔ تحت پیش کیا گیا ہے ۔ اس بجٹ میں بہت سی قابل قدر چیزیں ہیں جو ان مسائل کی نشاندھی کرتی ہیں جو ہمارے محبوب صدر مملکت نے اپنے منشور میں عوام کے سامنے پیش کئے تھے لیکن کچھ امور ایسے بھی ہیں کچھ مسائل ایسے بھی ہیں جن کی نشاندھی اس بجٹ میں نہیں کی گئی ۔

جناب والا ۔ اس وقت ملک کے سامنے بے شمار مسائل ہیں جن کو حل کرنے کے لئے اس بجٹ میں کوئی گنجائش نہیں رکھی گئی ۔ اور میں سمجھتی ہوں کہ اس لحاظ سے اسپر نظرثانی کرنے کی از حد ضرورت ہے ۔

چند معاملات ایسے ہوتے ہیں جو کسی زندہ قوم کے لئے بڑی اہمیت رکھتے ہیں مثلاً ہر شہری کو سر چھپانے کے لئے مکان مہیا کرنا حکومت کے فرائض میں سے ہے ۔ میں نے اس سے پہلے بھی بجٹ پر بحث کے دوران اپنی تقریر میں عرض کیا تھا اور آج پھر عرض کرتی ہوں کہ امداد باھمی کے اصولوں پر ھاؤسنگ سوسائٹیاں بنائیں ۔ بڑی بڑی کالونیز ہر شہر میں بڑی تعداد میں بنانی چاھئیں ۔ جن کو اس طریقہ سے بنایا جائے کہ ہمارے عوام دس پندرہ سال کی مدت میں آسان اقساط میں جب اس کی قیمت

ادا کر دیں تو ان کو حق ملکیت دے دیا جائے۔ اس طرح ہاؤسنگ کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ اس لئے اس کی طرف توجہ دینا لازمی ہے۔ میرا خیال ہے کہ کواپریٹو طریقہ پر اگر بہت سی کالونیز تعمیر نہ کی گئیں۔ تو اس سے عوام کو بے حد تکالیف کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اس وقت لاتعداد غریب عوام اپنے بیوی بچوں کا پیٹ کاٹ کر کرایہ ادا کر رہے ہیں جس سے ان کے بچے تعلیم اور طبی سہولتوں سے اور کئی دوسری چیزوں سے محروم ہو جاتے ہیں۔ اس لئے میں سمجھتی ہوں کہ اس میں فوری توجہ کی اشد ضرورت ہے۔ کوئی وجہ نہیں کہ آپ کواپریٹو basis پر بڑی بڑی کالونیز تعمیر نہ کرسکیں پھر جب دس پندرہ سال کے عرصہ میں تمام رقم واپس ہوجائے تو آپ ان کو حق ملکیت دے دیں۔

اس کے بعد میں یہ عرض کروں گی کہ اس معزز ایوان میں ہر رکن نے اپنے اپنے علاقہ کی مشکلات پیش کی ہیں۔ میرا جو علاقہ ہے۔ وہ سارا مغربی پاکستان ہے اور جو مشکلات ہیں وہ اس صوبہ کی خواتین کی مشکلات ہیں۔ یہ مشکلات بے انداز اور لاتعداد ہیں۔ ان میں سب سے بڑا مسئلہ تعلیم کا ہے۔ میں سمجھتی ہوں کہ اس صوبہ کی خواتین کو ان کا وہ حق نہیں ملا۔ اور ان کے مسائل کی طرف وہ توجہ نہیں دی گئی جس کی وہ مستحق ہیں میں پر زور مطالبہ کرتی ہوں کہ تعلیم کے معاملہ میں جو رقم متعین کی گئی ہے۔ اس کا ۵۰ فیصدی حصہ خواتین کی تعلیم پر صرف کیا جائے۔

بیشتر دیہات اور گاؤں ایسے ہیں جہاں لڑکوں کے لئے سکول موجود ہیں لیکن لڑکیوں کے لئے کوئی سکول موجود نہیں۔ جب

تک اس ملک میں مائیں بہنیں اور بیٹیاں تعلیم یافتہ نہ ہوں گی وہ آئندہ نسلوں کی پرورش اور تربیت صحیح طور پر نہیں کرسکیں گی ۔ اس لئے میں پر زور مطالبہ کرتی ہوں کہ جو رقم بجٹ میں تعلیم کے لئے مخصوص کی گئی ہے اس کا ۵۰ فیصد حصہ خواتین کی تعلیم پر صرف کیا جائے ۔ ہمیں بھی اتنے ہی کالج اور اتنے ہی سکول دیئے جائیں جتنے مردوں کو دیئے گئے ہیں ۔ اگر وزیر تعلیم صاحب تمام سکولوں اور کالجوں کی figures کو دیکھیں تو ان کو معلوم ہوگا کہ خواتین کو تعلیم کے سلسلہ میں کس طرح نظر انداز کیا گیا ہے اس لئے یہ ضروری ہے کہ تعلیم کیلئے جو رقم بجٹ میں مخصوص کی گئی ہے ۔ اس کا ۵۰ فیصد حصہ خواتین کیلئے متعین کیا جائے ۔ میرا دوسرا مطالبہ بہت بڑا ہے ۔ اور وہ اس ملک کی خواتین کے متعلق ہے ۔ وہ یہ ہے کہ اس سال خواتین کیلئے ایک میڈیکل کالج ضرور کھولا جائے تمام مغربی پاکستان میں اسوقت صرف ایک ہی میڈیکل کالج ہے اس میں داخلہ بے حد مشکل ہے ۔ بنیادی طور پر لڑکوں اور لڑکیوں کا ایک کالج میں داخل ہونا مجھے ناپسند ہے اس کے باوجود بھی لڑکیوں کو داخلہ نہیں ملتا ۔ یہاں ہر روز ہم یہ سنتے ہیں کہ لیڈی ڈاکٹر کی کمی ہے ۔ لیکن غور سے دیکھیں کہ ۱۸ سال میں صرف ایک میڈیکل کالج بنا ہے اور یہ وہ میڈیکل کالج ہے جس کے لئے پہلے ہسپتال موجود تھا ۔ پھر کوئی وجہ نہیں کہ پورے مغربی پاکستان میں صرف ایک ہی میڈیکل کالج خواتین کیلئے ہو اور ہر روز یہ رونا رویا جائے کہ کوئی لیڈی ڈاکٹر نہیں ۔

آپ کو سینکڑوں اور ہزاروں لڑکیاں میڈیکل تعلیم کے لئے مل سکتی ہیں لیکن ایک میڈیکل کالج اتنی لڑکیاں کیسے feed کرسکتا

ہے ۔ مجھے معلوم ہوا ہے ۔ کہ ایک میڈیکل کالج بنانے کے لئے ۵۰۰ beds کے ہسپتال کی ضرورت ہوتی ہے ۔ اس لئے اس امر کی ضرورت ہے کہ ۵۰۰ beds کے ہسپتال ہر ڈویژن میں بنائے جائیں بلکہ میں تو یہ کہوں گی کہ میو ہسپتال کی قسم کے ہسپتال ہر ڈویژن میں کھولے جائیں اس وقت ملائشیا کی تمام چیزیں سارے مغربی پاکستان میں صرف دو ہسپتالوں میں ہیں ۔ میو ہسپتال اور نشتر میڈیکل کالج اور ہسپتال ہیں ۔ اور کیفیت یہ ہے کہ علاج کے لئے ملک کے ہر حصہ سے لوگ یہاں آتے ہیں لیکن داخلہ نہ ملنے کی وجہ سے انہیں مہینوں خراب ہونا پڑتا ہے ۔ اب آپ ہی بتائیں کہ یہ دونوں ہسپتال پورے مغربی پاکستان کو کس طرح کافی ہوسکتے ہیں ۔ بہتر یہی ہے کہ ہر ڈویژن میں ۵۰۰ beds کے ہسپتال بنائیں ۔ مردوں کیلئے جتنے چاہیں میڈیکل کالج بنائیں ہمیں اس سے غرض نہیں لیکن ہم یہ چاہتی ہیں کہ اس سال ایک میڈیکل کالج خواتین کے لئے ضرور کھولا جائے ۔

جہاں تک سوشل ورک کی تعلیم کا تعلق ہے وہ کافی تسلی بخش طریقہ پر ہو رہی ہے لیکن میں ایک مطالبہ کرتی ہوں کہ ہر ڈویژن میں ایک وومن ہوم ضرور بنایا جائے ۔ اس سے مراد یہ ہے کہ بیشتر خواتین ایسی ہیں جو مختلف مسائل اور مختلف حادثات اور مصائب میں مبتلا ہیں جن کے سر چھپانے کے لئے کوئی جگہ نہیں وہ کس طرح اپنے بچوں کو پال سکیں گی میں چاہتی ہوں کہ ہر ڈویژن میں ایک بڑا وومن ہوم بنا دیا جائے تاکہ یہ بیکس ، بے بس اور لاچار خواتین باعزت طریقہ پر اپنے ہاتھ کی محنت سے اور ایسے ہی دوسرے کام کرکے اپنے بچوں کو پڑھا سکیں ۔

جناب سپیکر ۔ یہ مطالبہ ایسا ہے جس پر حکومت کو بڑی توجہ دینا چاہئے اس کے علاوہ بیشتر خواتین ایسی ہیں جنہیں مرد کسی نہ کسی فساد یا جھگڑے کی بنا پر نکال دیتے ہیں اور وہ بچاری گمراہی کے گڑھے میں گر جاتی ہیں ۔ ان حالات میں ہر ڈویژن میں اتنا بڑا وومن ہوم بنانا چاہئے جس میں ۱۰۰ سے ۲۰۰ تک خواتین رکھی جاسکیں ۔ یوں تو ملک میں اور بھی کتنے سوشل کام ہیں لیکن ہمارے پاس ایسا کوئی ادارہ نہیں جس میں خواتین کو رکھ سکیں اور ان کو بتاسکیں کہ وہ کس طرح اپنی باعزت زندگی گذار سکتی ہیں ۔

جہاں تک مہنگائی کا تعلق ہے مختلف اوقات میں یہ وعدہ کیا جاتا رہا ہے اور اس پر کافی عمل درآمد ہوا ہے اور اس کو کم کرنے کی کوشش بھی کی جاتی رہی ہے لیکن موجودہ حالات میں مہنگائی اس درجہ بڑھ گئی ہے کہ سمجھ میں نہیں آتا کہ ایک عام آدمی سو یا سوا سو روپیہ میں کس طرح اپنے بیوی بچوں کو پال سکتا ہے ۔

علاوہ ازیں ایک اور بات بھی عرض کرنا ہے اور وہ یہ ہے کہ پولیس کے عملہ کی تعداد کو ضرور بڑھانا چاہئے ۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ شاید آپ سب نے دیکھا ہوگا کہ گذشتہ عرصہ میں لاہور جیسے ٹاؤن میں جو ویسٹ پاکستان کا کیپٹل کہا جاتا ہے وہاں نہ صرف چوریاں ہوئی ہیں بلکہ ڈاکے پڑ رہے ہیں اس لئے یہ ضروری ہے کہ پولیس کی تعداد ایسے شہروں کے لئے اور دیہاتوں کے لئے بھی بڑھا دی جائے ۔ ورنہ جس شہر میں آدمی اپنی عزت اور اپنا جان و مال محفوظ نہ سمجھے اس میں ایک قسم کی دہشت اور ہیجان پیدا ہو جاتا ہے ۔

مسٹر سپیکر۔۔۔صاحبزادی صاحبہ آپ اپنی تقریر ختم فرمانے کی کوشش کریں ۔

صاحبزادی محمودہ بیگم۔۔۔جناب میری چند گذارشات تھیں جو میں نے عرض کر دی ہیں ۔

نواب زادہ غلام قاسم خان خاکوانی (ملتان ۔ ۱)۔۔۔جناب سپیکر ۔ پیشتر اس کے کہ میں اس نئے معزز ایوان کے پہلے میزانیہ پر کچھ اپنے تاثرات کا اظہار کروں میں اپنا یہ فرض سمجھتا ہوں کہ میں حکومت اور اس کے اراکین کو بالعموم اور پاکستان کے مزدور کاشتکار تاجر پیشہ حضرات اور صنعت کاروں کو بالخصوص دوسرے پنج سالہ منصوبے کی کامیابی پر مبارکباد پیش کروں ۔

جناب والا ۔ جب بجٹ پیش ہونے کا وقت قریب آتا ہے تو عام طور پر ملک کے عوام بالخصوص اس چیز کے منتظر ہوتے ہیں کہ اس آنیوالے بجٹ میں ان کے لئے بیروزگاری کے مسائل کو حل کرنے خوراک یا دیگر ضروریات زندگی کو حاصل کرنے ان کے لئے رہائیشی سہولتیں حاصل کرنے ان کو تعلیم اور صحت جو کہ میں سمجھتا ہوں کہ بنیادی حقوق ہیں کے لئے کیا کیا سہولتیں دی جا رہی ہیں ۔ عام حضرات جن میں میں بھی شامل ہوں بجٹ کے اندر فیگرز پر کوئی نہیں جاتا لیکن اس کے اثرات کو دیکھا جاتا ہے کہ آیا اس بجٹ میں جو کہ بنیادی حقوق ہیں ان میں ان کے لئے کیا سہولتیں پیش کی گئی ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس بجٹ کو دیکھتے ہوئے حکومت نے بجا طور پر پسماندہ علاقہ میں تعلیمی میدان میں جو allocation کیا ہے یا صحت کے متعلق جو allocation ہوا ہے وہ بجا طور پر درست ہوا ہے ۔ مگر ان ضروریات زندگی کے علاوہ اور ان تمام سہولتوں کے علاوہ ہر شخص منتظر ہوتا ہے کہ کیا حکومت

آئندہ کوئی نیا ٹیکس تو نہیں عائد کر رہی ہے ۔ مجھے بجا طور پر اس کا احساس ہوا کہ جب ملک اسطرح سے اس رفتار سے ترقی کرنا چاہے تو اس کے لئے سرمایہ کی ضرورت ہوتی ہے اور وہ سرمایہ یا اس ملک کے عوام سے صرف ٹیکس یا دیگر ممالک سے بطور قرض لیا جاتا ہے کوئی ملک اتنا قرضہ کبھی نہیں لے سکتا کہ وہ اپنے ملک کو اس قرضے اور اس سود کے نیچے دبوادے ۔ بہر حال جب اپنے ملک کی اقتصادی حالت کو بہتر بنانے کی کوشش کی جاتی ہے اور اس کے نتائج امید افزا ہوتے ہیں ۔ تو اس وقت ملک میں taxes بھی ضرور لگائے جاتے ہیں ۔

مگر مجھے یہ حیرانی ہے کہ taxes کے وقت جو ہمارے ملک کے اکسپرٹ ہیں جس وقت وہ ٹیکس لگانے کے متعلق سوچتے ہیں تو ان کے سامنے چند ایسی چیزیں ضرور ہوں جنکا انکو خیال رکھنا چاہئے کہ ٹیکس کا بوجھ کسی ایسے طبقہ پر نہ پڑے جسکی وجہ سے ملک کی ترقی میں کوئی رکاوٹ پیدا ہو ۔

ہمارے وزیر خزانہ نے دوسرے پنج سالہ منصوبے کی تکمیل پر اس ملک کے کاشتکاروں کو خراج تحسین پیش کیا ۔ انکے الفاظ میں پاکستان کی مجموعی پیداوار تیسرے پانچ سالہ منصوبے تک ۲۴ فیصدی کے مقابلے میں ۲۷٫۷ فیصد تک بڑھ جائیگی ۔ سب سے زیادہ حوصلہ افزا پہلو زراعت کا وہ کردار ہے جو اسنے قومی آمدنی کے بڑھانے میں ادا کیا ہے ۔ مغربی پاکستان میں دوسرے پنج سالہ منصوبے میں پیداوار کے لئے جو حد مقصود مقرر کی گئی تھی اس میں عام طور پر اضافہ ہوا ہے ۔ یہ امر خاص طور پر

موجب اطمینان ہے کہ گندم کپاس اور گنے کی پیداوار ابتدائی توقعات سے بڑھ گئی ہے ۔

ہمارے وزیر خزانہ نے ایک طرف ایک طبقہ کی تعریف کی کہ اسنے دن رات کی محنت سے جو اپنے ملک کی پیداوار میں اضافہ کیا وہ اس مبارکباد کا مستحق تھا ۔ مگر اس کے ساتھ ہی کچھ انعام کے طور پر ٹیکس لگایا اور وہ زد کسی اور طبقہ پر نہیں پڑتی وہ صرف کاشتکار پر پڑتی ہے ۔

جناب والا ۔ عام طور پر یہ کہا جاتا ہے کہ پاکستان کی economy پر زرعی معیشت کا بہت احسان ہے ۔ اور پاکستان کی ۸۰-۸۵ فیصدی کا انحصار بھی زراعت پر ہے اور یہ وھی کسان ہے جسکو آندھی ہو یا بارش کا طوفان ہو نقصان پہونچاتا ہے اگر ٹڈی دل کا حملہ ہو تو کسان ہی اسکی زد میں آتا ہے ۔ جناب والا اگر گرمی زیادہ پڑے تو کسان ہی کی فصلیں جلتی ہیں ۔ اگر زیادہ سردی پڑے تب بھی کسان ہی مصائب میں مبتلا ہوتا ہے اور اگر سیم و تھور سے کوئی نقصان ہو تو کسان ہی کو نقصان ہوتا ہے اگر کوئی ٹیکس ہو تو وہ بھی کسان ہی پر لگایا جاتا ہے چاہے وہ ڈائرکٹ ٹیکس ہو یا indirect ہو ۔ دوسروں پر جو ٹیکس لگائے جاتے ہیں تو وہ consumer ہی سے وصول کرتے ہیں مگر جو ٹیکس پر ٹیکس کسان پر لگتے ہیں تو وہ اپنی روزی کاٹ کر دیتا ہے ۔

جناب والا ۔ ہمارے کاشتکار ملک کی چند بڑی عظیم ہستیوں کے مرہون منت ہیں جنہوں نے دلی طور پر سمجھتے ہوئے کہ ملک کا وقار اسی میں ہے ہم پر مہربانی کی وگرنہ ہم میں ایسے کرم فرما بھی موجود ہیں جو زراعت کو ایک گدا گری

کے مقام پر دیکھنا چاہتے ہیں ۔ جناب والا میں گذارش کر رہا تھا ۔
(قطع کلامی)

Mr. Speaker : Mr. Nawabzada time is very short.

نواب زادہ غلام قاسم خان خاکوانی ۔ تو جناب والا میں گذارش کر رہا تھا کہ میں حکومت کا بڑا ممنون ہوں کہ انہوں نے زرعی ٹیکس کی جو ceiling بڑھا دی تھی ۔ اس کو پھر کم کر دیا اور اس طرح سے غریب کاشتکار کو فائدہ پہنچا مگر جناب والا جہاں تک آبیانہ کا تعلق ہے وہ سن ۶۲ میں ۱۰ فیصدی لگا پھر سن ۶۵ میں ۱۰ فیصدی لگایا گیا ۔ تو اگر اس پر نظر ثانی کی جائے تو میں ممنون ہوں گا ۔ جناب والا نے مجھے ٹوکا ہے کہ میرا ٹائم بہت تھوڑا ہے تو میں اپنی ساری تقریر کو چھوڑ دیتا ہوں اور اب میں علاقائی مسائل کو پیش کرتا ہوں کیونکہ جس علاقے کو میں represent کر رہا ہوں اس کے چند مطالبات ہیں ۔

جناب والا ۔ ان مطالبات میں وزیر خزانہ صاحب یہاں موجود نہیں میں نے پچھلے سال ان کی خدمت میں گذارش کی تھی کہ ملتان میں خواجہ غلام فرید اکیڈمی ہے اور اس کے لئے کچھ گرانٹ مانگی گئی تھی ۔ انہوں نے پچھلے سال بھی وعدہ فرمایا تھا کہ وہ ضرور دیں گے مگر افسوس کہ وہ ابھی تک نہیں دی گئی ۔ اس سال اردو اکیڈمی عبداللطیف یادگار کمیٹی ۔ سندھی عربی بورڈ ۔ پشتو اکیڈمی ۔ بلوچ اکیڈمی اور کوئٹہ کے لئے گورقومات رکھی گئی ہیں ۔ لیکن خواجہ غلام فرید کے نام سے جو اکیڈمی کھولی گئی وہ ابھی تک کسی گرانٹ سے محروم ہے۔ ملتانی زبان سکھر سے لیکر منٹگمری تک اور میانوالی اور کالا باغ اور فرنٹیئر ڈی آئی خان تک بولی جاتی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ مغربی پاکستان کی ایک

چوتھائی آبادی اس زبان کو بولتی ہے تو میری گذارش ہے کہ اس کے لئے کچھ نہ کچھ گرانٹ رکھی جائے۔ جناب والا میں دوسری گذارش یہ کروں گا کہ تعلیم کے سلسلے میں میں نے ایک بل پچھلی دفعہ اسمبلی میں یونیورسٹی کے قیام کے متعلق پیش کیا تھا جو نا مساعد حالات کے تحت پاس نہ ہو سکا اور اس کے بعد سیکنڈری بورڈ کے قیام کا اعلان ہوا تھا۔ لیکن چند وجوہات کی بنا پر اسے بھی منصوبہ سے نکال دیا گیا۔ اب امیدیں ہماری Polytechnic Institutes پر لگی ہوئی ہیں جن کے لئے میں نے ڈیولپمنٹ پروگرام میں ۱۷ لاکھ روپیہ کی رقم دیکھی ہے۔ مجھے امید ہے۔ کہ ان کی تکمیل کے لئے حکومت مہربانی فرمائے گی۔ میں صرف ملتان کے لئے اتنی گذارش کروں گا کہ وہاں صرف ایک گورنمنٹ گرلز ہائی سکول ہے پانچ لاکھ کی آبادی میں اور صرف ایک ہی گورنمنٹ کالج ہے۔ گورنمنٹ ہائی سکول کی بلڈنگ کی حالت بھی خستہ ہے۔ مہربانی فرما کر جو اس کے ساتھ ہی گرلز کالج ہے۔ اس کی بلڈنگ خالی ہے اور وہ سی ٹی کالج کو دی گئی ہے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کو دی جائے۔

رائے منصب علی خان کھرل (شیخوپورہ - ۳)--مسٹر سپیکر۔ وزیر خزانہ نے جو بجٹ اس معزز ایوان کے سامنے پیش کیا ہے وہ ایک ایسا بجٹ ہے جو کہ بین الاقوامی سطح پر ابھرتی ہوئی قوم اور ایک ترقی پذیر ملک کی ضروریات اور تقاضوں کے عین مطابق ہے۔ اس لئے میں اس بجٹ کا خیر مقدم کرتا ہوں۔ اس بجٹ پر بحث کرتے وقت خواجہ محمد صفدر صاحب اور ان کے ساتھیوں نے ملک کے سیاسی اور معاشی حالات کا جائزہ لیا اور یہ جائزہ لیتے وقت انہوں نے کچھ ایسی تصویر پیش کی جس میں

مایوسیوں اور تاریکیوں کے سائے لہراتے ہوئے نظر آتے ہیں ۔ میں اس تصویر کا دوسرا رخ پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ اور یہ دوسرا رخ روشن اور تابناک ہے ۔ اور اس میں سنہری مستقبل کی طرف پگڈنڈیاں اور راستے دکھائی دیتے ہیں اور وہ راستے ترقی کی منزل کی طرف جاتے ہیں جس پر قوم گامزن نظر آتی ہے ۔ جناب والا جہاں تک کہ اس ملک کے سیاسی حالات کا تعلق ہے ۔ اس موضوع پر اس ایوان کے اندر اور اس کے باہر ہم نے متعدد بار تبادلہ خیالات اور اظہار خیالات کیا اور اب دوسری طرفسے اس موضوع پر مزید کچھ کہنے کی یا سننے کی گنجائش نہیں ہے ۔ خواجہ محمد صفدر نے جو ہم پر الزامات لگائے ہیں ۔ وہ ہم پر بار ہا لگ چکے ہیں ۔ اور حالیہ انتخابات میں ان کا اعادہ کئی بار ہو چکا ہے ۔ اور ان کی تشہیر کافی ہو چکی ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ اس بارے میں قوم اپنا فیصلہ صادر کر چکی ہے ۔ اور وہ یہ فیصلہ کر چکی ہے کہ موجودہ حکومت کا لائحہ عمل اور اس کی policies سے قوم کو اتفاق ہے ۔ اس فیصلہ کو تسلیم کر لینا حقیقت پسندی ہے اور اس فیصلے سے انکار حقیقت سے فرار ہے اور حقیقت سے فرار زندگی سے فرار ہے ۔ جناب والا جہاں تک اس ملک کے معاشی حالات کا تعلق ہے خواجہ صاحب نے فرمایا کہ یہاں اشیائے صرف یعنی عام ضرورت کی اشیا بہت مہنگی ہیں اور اس کی وجہ سے متوسط طبقہ اور وہ لوگ جو مفلس اور نادار ہیں وہ پریشانی کا سامنا کر رہے ہیں ۔ یہ موضوع بڑا اہم موضوع ہے اور اس پر قومی نقطہ نگاہ سے سوچنا اور غور و فکر کرنا ضروری ہے ۔ قیمتوں کے متعلق خواجہ صاحب کا نظریہ کچھ صحیح نہیں اس لئے قیمتیں کسی ملک میں کسی جگہ پر بھی یکساں نہیں رہتیں اور ان میں تغیر و تبدل اور رد و بدل ہوتا ہی رہتا ہے

اور اس وقت ہمارے ملک میں اشیائے صرف کی جو قیمتیں ہیں وہ دوسرے ممالک کی قیمتوں کی نسبت بہت زیادہ بھی نہیں ہیں مثال کے طور پر جناب والا گندم کے بارے میں جس پر کہ حقیقتاً بہت زور رہتا ہے اور جس کی مانگ سب سے زیادہ ہوتی ہے اس کی قیمتیں پاکستان ٹائمز مورخہ ۲۲ جون کے مطابق جو مارکیٹ ریٹ دئے ہوئے ہیں درج ہیں لائل پور منڈی میں گندم کا بھاؤ ساڑھے تیرہ روپے سے ساڑھے سترہ روپے من ملتان میں چودہ سے ساڑھے سولہ روپے من ۔ شیخوپورہ میں ساڑھے تیرہ سے ساڑھے پندرہ روپے من اسی طرح چاول کی قیمتیں ہیں ۔ اعلیٰ قسم کے ۳۰ سے ۳۲ ادنیٰ قسم کے ۲۱ سے ۲۸ روپے ملتان میں اعلیٰ قسم کے ۳۲ سے ۴۰ تک اور ادنیٰ قسم کے ۲۰ سے ۲۲ تک ۔

جناب والا ۔ ان قیمتوں میں دو تین روپے کی کمی یا اضافہ ہے اور اس وجہ سے کہ جو ادنیٰ قسم کی گندم یا چاول ہیں ان کی قیمت زیادہ ہے ۔ اور یہ قیمتیں موجودہ حالات کے پیش نظر میں سمجھتا ہوں کہ کچھ زیادہ نہیں ہیں ۔ اصل میں قیمتوں کے متعلق بات کرتے وقت اور اس موضوع پر سوچتے وقت ہمیں اس موضوع کے تمام پہلوؤں پر غور کرنا چاہئے ۔ اس کے ساتھ ساتھ اس حقیقت کو تسلیم کر لینا چاہئیے کہ جہاں قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے اور جہاں اشیائے صرف مہنگی ہوئی ہیں اس کے ساتھ ساتھ فی کس آمدنی میں بھی اضافہ ہوا ہے ۔

حکومت نے تنخواہیں بھی بڑھائی ہیں ، مزدوروں کی اجرت میں بھی اضافہ ہوا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ ہماری قومی آمدنی میں بھی اضافہ ہوا ہے ۔ ان تمام باتوں اور پہلوؤں کو پیش نظر رکھ کر ہمیں مہنگائی کے متعلق بات کرنی چاہئے ۔ مہنگائی کی

اس کے علاوہ بھی بہت سی وجوہات ھیں ۔ جسپر غور کرنا لازمی ھے ۔ مثال کے طور پر ھم افراط زر سے بھی دو چار ھیں اور اس کی وجہ صنعت کار ھے ، کاشت کار یا زمیندار نہیں کیونکہ صنعت کار کو چیز کی مہنگائی سے فرق نہیں پڑتا ۔ یہ فرق متوسط اور نچلے طبقہ کو پڑتا ھے ۔ صنعت کار کو چاھئے کہ ملک کی حالت کے پیش نظر وہ اشیاء کو سستا فراھم کریں ۔

پھر جناب والا ان مسائل پر گفتگو کرتے ھوئے میرے دوست نے یہ اظہار خیال کیا ھے کہ ملک میں سی ۔ ایس ۔ پی افسروں اور صنعت کاروں کے ذھن ایک ھیں ۔ ان کا انداز فکر ایک ھے ۔ اور وہ یہ ھے کہ متوسط طبقے کو ختم کرو ۔ زمیندار اور کاشت کار کو ختم کرو ۔ یہ انداز فکر ھمیں بدلنا ھوگا ۔ اس لئے کہ اگر کاشت کار ختم ھو جائے ۔ اگر زمیندار ختم ھو جائے تو اس ملک کی معیشت اور اس کے سیاسی ڈھانچے کو بھی نقصان پہنچے گا ۔

جناب والا ۔ موجودہ بین الاقوامی حالات کے پیش نظر ھمیں بعض اوقات کمیونزم سے بھی خطرہ محسوس ھوتا ھے ۔ ھم کہہ سکتے ھیں کہ اسلام اس خطرے کا جواب ھے ۔ یہ درست ھے ۔ مگر اسکے ساتھ ملک کے معاشی حالات کو بھی ضرور پیش نظر رکھنا چاھئے ۔ کمیونزم کو اگر کسی نے روک رکھا ھے تو وہ متوسط طبقہ ھے وہ آپ کا زمیندار اور کاشت کار طبقہ ھے جو آپ کے ھر حکم اور فیصلے اور بات کو بلا چون و چرا تسلیم کرتا ھے ۔ اگر آپ اس پر ٹیکس لگائیں تو وہ نہ کوئی ایجی ٹیشن کرتا ھے ۔ نہ ھڑتال کرتا ھے ۔ اور نہ احتجاج کرتا ھے ۔ وہ آپ کے فیصلے کے سامنے سر تسلیم خم کر دیتا ھے ۔ تو اس طبقہ کو ختم کرنا جناب والا کسی لحاظ سے بھی مناسب نہیں ۔

اس کے علاوہ جو خواجہ صاحب نے قرضہ جات کے متعلق فرمایا تھا ۔ یہ ٹھیک ہے ۔ کہ کسی ملک اور قوم کیلئے زیادہ بیرونی قرضے حاصل کرنا مناسب نہیں ہوتا اور ہم نے کافی سے زیادہ بیرونی قرضے حاصل کئے ہیں ۔ خواجہ صاحب نے یہ بھی فرمایا تھا کہ یہ جو سود ہے ۔ اتنا زیادہ ہے کہ ہم اسے ادا نہیں کرسکیں گے ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ حکومت نے صحیح طور پر ملک کی زرعی معیشت پر زور دیا ہے ۔ اور اسے فروغ دینے کیلئے کوشش کی ہے ۔ اگر یہ صحیح طور سے سنبھل گئی تو اس سے قومی آمدنی میں بے حد اضافہ ہوگا ۔ اور ہم اس قابل ہوسکیں گے کہ بیرونی قرضہ جات کی اصل رقوم اور ان کا سود ادا کرسکیں ۔ اسلئے اس لحاظ سے بھی کوئی ایسی تشویشناک صورت حال نہیں ۔ جس سے ہمیں مایوسی ہو ۔

اب میں جناب والا ۔ وزیر تعلیم صاحب کی توجہ ایک دو ضروری مسائل کی طرف دلانا چاہتا ہوں ۔ جہاں وہ تعلیم کے سلسلہ میں بہت کوشش کر رہے ہیں ۔ اسے فروغ دینے کیلئے دیہات میں عام کرنے کے لئے سکول اور کالج کھولنے کیلئے ۔ مگر اس کے ساتھ ہی ساتھ انہوں نے ایک پابندی بھی عائد کر دی ہے کہ ۲۶ سال سے زیادہ عمر کا کوئی آدمی کسی کالج یا درسگاہ میں پڑھ نہیں سکتا ۔ داخلہ نہیں لے سکتا ۔ ایک طرف وہ تعلیم کو عام کرنا چاہتے ہیں ۔ فروغ دینا چاہتے ہیں دوسری طرف تعلیم پر پابندی عائد کرتے ہیں جو میرے نزدیک مناسب نہیں ۔ کیونکہ تعلیم ایک بحر بیکراں ہے ۔ اور آدمی ساری عمر بھی تعلیم حاصل کرتا رہے تو اسے پورا نہیں کرسکتا ۔ ان کا یہ استدلال جو وہ غالباً پیش کریں گے کہ وہ لوگ جن کی عمر زیادہ ہو جاتی ہے ۔ درس

گاھوں میں جاکر سیاسی لیڈر بن جاتے ھیں اور وھاں کا نظم و نسق خراب کرتے ھیں ۔ کوئی ایسا وزنی نہیں ۔

کیونکہ اگر ایسا ھے تو وہ کوئی اور ذرائع اختیار کرسکتے ھیں ۔ پولیس سے مدد لے سکتے ھیں ۔ اس تعلیمی ادارے کا سر براہ یا پرنسپل ایسے شخص کو درسگاہ سے نکال سکتا ھے ۔ لیکن یہ نہیں ھونا چاھئے کہ تعلیم حاصل کرنے پر عمر کی پابندی عائد کر دی جائے ۔

جناب والا ۔ اس بجٹ میں تعلیمی اور ثقافتی پروگراموں اور ان کی ترویج کیلئے جو رقوم مہیا کی گئی ھیں ۔ مثلاً بلوچی زبان کیلئے ۲۵ ھزار روپیہ رکھا گیا ھے ۔ میں اس کا خیر مقدم کرتا ھوں ۔ مگر میری یہ گذارش ھے ۔ کہ علاقائی زبانوں کو فروغ دینے کیلئے اس سے زیادہ مؤثر طریقہ اختیار کرنا چاھئے ۔ مثال کے طور پر پنجابی ادب اکیڈمی کو ۵۰ ھزار روپیہ دیا گیا ھے ۔ تو اسکے ساتھ ساتھ اسکی سرگرمیوں کا بھی جائزہ لینا چاھئے کہ وہ اس زبان کے فروغ کے لئے کیا خدمت سرانجام دیتی ھے ۔

اسیطرح دوسری علاقائی زبانوں کیلئے جو روپیہ دیا جا رھا ھے اسکے خرچ پر بھی کڑی نگرانی رکھنی چاھئے ۔ تاکہ جس مقصد کیلئے قومی خزانہ سے یہ روپیہ نکل رھا ھے وہ پورا ھوسکے ۔

جناب والا ۔ جہاں تک ضلع شیخوپورہ کا تعلق ھے اسکی حالت چراغ تلے اندھیرا ھے ۔ کیونکہ یہ صوبہ کے دارالخلافہ لاھور کے قریب نہائیت پسماندہ علاقہ ھے ۔ یہاں کوئی صنعت ۔ کارخانہ یا فیکٹری قائم نہیں کی گئی ۔ صرف چند ٹیوب ویل لگا کر ھمیں مطمئین کر دیا گیا ھے ۔ کہ آپ بے فکر رھیں ۔ آپ کے تمام

مسائل حل ہوگئے ہیں ۔ یہ ٹھیک ہے کہ ہماری زمینیں بہتر ہوگئی ہیں ۔ ہماری فصلوں میں اضافہ ہوگیا ہے ۔ مگر ساتھ ساتھ اس علاقے کی صنعتی ترقی کی طرف بھی توجہ دینی چاہئے ۔

اب میں محکمہ اوقاف کی توجہ ایک مسئلہ کی طرف دلانا چاہتا ہوں ۔ تحصیل ننکانہ صاحب میں گردوارے کے ساتھ سات سو ایکڑ متروکہ زمین ہے جسکی سالانہ آمدنی لاکھوں تک پہنچ جاتی ہے ۔ اس روپے کو کہیں خرچ نہیں کیا جا رہا ۔ صرف جمع کیا جا رہا ہے ۔ میری یہ استدعا ہے کہ اس روپے سے وہاں ہسپتال ۔ سکول ۔ کالج اور رفاہ عامہ کے دوسرے کام کئے جائیں ۔ تاکہ یہ صحیح طور پر قوم اور ملک کے کام آ سکے ۔

Chaudhry Anwar Aziz (Sialkot - IV) : Mr. Speaker, Sir a Budget is the statement of the house keeper for a Province. It is a gigantic task to keep in view an Agriculture Field Assistant and a man doing research in atomic energy at the same time. Therefore, naturally, Sir, he deserves our felicitations.

A budget Sir can be measured by many different standards. It can be measured from the point of view of grand national products, it can be measured from capital investment point of view and it can be seen from the per capita income point of view. But Sir I will use the yardstick to measure this budget, which is the yardstick that the modern economists recommend and that is Sir, that we should see a budget by this yardstick that how much harmony and happiness this budget has created in the lives of ordinary citizens of this country. We in Pakistan, Sir, have most certainly progressed ; the people who before 1947 did not have shops, today have monopolies and cartels ; household servants of per-partition businessmen today have huge business houses of their own ; youngmen who before partition would have been glad to become clerks, today drive cars, have frigidaires and talk of vacations in Europe. Yes Sir, no doubt, we have progressed in this country. No story from the Arabian Nights is as wonderful as this story of our progress in Pakistan, but Sir even if we were to continue at this rate of ascendency of progress, and even if our budget was to become one thousand fold of the figures that we have before us, today let us ask ourselves : Are we a success ? We need so much more wisdom and virtue and we have so little. We created this country under the firm belief that we, the Muslims of this subcontinent, are the heirs to great religious values and to grand traditions, we have civilization of our own and we have a culture to project. We wanted to live among our own, and we wanted to pursue among ourselves, a life whereby we could achieve that bliss which only honesty integrity and hardwork can bring. But you will

find Sir, today when we view this budget in the light of this ideal, we are richer no doubt but we are richer to give perhaps fattened bribes, we have more rupee notes to perhaps cover the gashes of our souls and we are more intelligent today perhaps to argue in favour of the inevitability of our vices. We are trying to follow western traditions and we are trying to follow western standards. We might as well some day achieve them but in the process we will bring in this country juvenile delinquency, we will also bring unhappy family relations and we will have less care for the parents and we will also lose that basic fibre of faith, which sustains a nation in times of its stress. We created this country of ours, Sir, not necessarily to have a rich country but certainly to have a good country. In this context Sir, now I have some suggestions to make.

We are divided among a very few who are very rich and many who are very poor. A system has to be evolved in this country whereby it is made easier for young energetic men of poor families to climb the ladder up to the upper strata. In other countries Sir the Investment Houses do this job of brokerage, of marriage between brains and money. In our contry Sir, we need to evolve such Investment agencies which give a chance to unleash the energies of these youngmen that are pent up.

Secondly, Sir, my suggestion is that a citizen is not so efficient in his profession if he does not get security according to laws, which are based on his traditions. The laws in this country were made by the English people according to Anglo Saxon ideas of jurisprudence. For a long time we have lived under them as imposed laws. Today we need a remodelling of all these laws, both civil and criminal, because as already in this House it has been shown that by passing the Criminal Law Amendment Act we did agree that our system of law, as it exists today, is not sure and sound, very fast and quick to have. To remove this unsure, lengthy and tedious system of law, I would suggest that a re-modelling of all the legal system in this country is essential and that we should try to change our laws and orientate them to our traditions and values in this country.

We Sir in this House represent more than four crores of people and I believe that we owe it to the people we represent to give them efficient, fast working and simple inexpensive laws so that they can enjoy security and they can follow their pursuits of life and have happiness.

Thirdly, Sir, we have here in this House and it has been the practice of Government of referring our matters wherever we need some advice to the experts. Sir, I will define an expert as a man who has been successfully able to hide his ignorance We, the representatives sitting here, are the true experts as far as the people are concerned and I would suggest that if the Government needs advice of these experts, they should adopt an *ad hoc* committee from amongst the members of this House, and then that committee can go and listen to the experts' advice and then make its recommendations in the light of public experience, because Sir, it is only the wearer who knows where the shoe pinches. It is only we people who can really advise the Government as far as the true interests, true feelings and interests of the people are concerned.

Fourthly, of course in an under-developed country we do not have much money to carry on scientific research because it costs a lot of money and great equipment, it requires a laboratory, but in our country I am sad

to say there is lack of research going on in the field of humanities and arts. We should be able to produce scholars here Sir whose wisdom is respected the world over. Our Universities and our institutions are not spending enough money on the research in the arts field, which should be going on in this country at this moment. There is Sir essential instrument for the carrying on of this research and that is a library. Sir I am sad to tell this House that we in this country do not have a single library in this whole country where research of any depth in the field of arts can be carried out. I will make a special request to the Finance Minister and to the Education Minister that they spare some special fund to get in this country atleast a library, which is of the level of the Library of Congress or the famous Library of London. I have seen in foreign countries that colleges have such wonderful libraries that persons can do any kind of research. You can find Papers from people of your own country in two hundred libraries in other countries but when you try to get any book about research, much cannot be done.

Lastly, Sir, I would like to say that as far as my own area, i. e. Shakargarh and Narowal, is concerned I have a challenge to make to all the Ministers and the Government, and my challenge is very simple. It is that they can do with that area whatever they please because nothing has been done there so far in any field, and it is a clean slate for them to start and that they can show us what they can achieve.

بیگم ممتاز جمال (زون - ۲)--جناب والا - اس سے پیشتر کہ میں کچھ عرض کروں مجھے یہ بتا دیا جائے گا کہ مجھے کتنا وقت ملے گا۔

مسٹر سپیکر--۱۰ منٹ

بیگم ممتاز جمال--جناب سپیکر - اور معزز اراکین ایوان آئندہ مالی سال سماجی - اقتصادی اور سیاسی ترقیات میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے - کیونکہ اس تیسرے ۵ سالہ منصوبہ کی جو ابتدا ہے اور خصوصاً تیسرے پانچ سالہ منصوبہ کے پہلے سال کی ابتدا ہوئی ہے وہ انتظامی اور قانونی set up کے ساتھ شروع ہو رہی ہے - جناب والا - اس منصوبہ کے لئے سارے پاکستان پر تقریباً ۵ ہزار کروڑ روپیہ کی رقم مخصوص کی گئی ہے - اس سے پیشتر پچھلے دو منصوبوں میں بتدریج ۱۱ سو کروڑ اور ۲۷ سو کروڑ کے اخراجات ہوئے ہیں - اس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ ملک کی ڈویلپمنٹ میں

اور ملک کی ترقیات میں کس قدر اضافہ ہوا ہے ۔ جناب والا ۔ اس اضافہ کے ساتھ عوام کو یہ احساس ہونا چاہئے اور عوام کو یہ احساس بھی ہے کہ ہم کس طرح ترقی کی منزل کی طرف جا رہے ہیں ۔ جہاں تک شکوے اور شکایات کا تعلق ہے یہ اس ہاؤس میں ایک فیشن بن گیا ہے لیکن میں سمجھتی ہوں کہ جہاں تک صحیح طور پر ترقی کو جانچنے کا طریقہ ہے ۔ اس کی ایک زندہ مثال اگر میں اس معزز ایوان کے سامنے عرض کروں تو بے جا نہ ہوگا ۔ یہ مثال نہایت ہی مختصر ہے ۔ ترقیات کے متعلق میرے کافی بھائیوں نے کافی سے زیادہ اپنے زرین خیالات کا اظہار کیا ہے ۔ اگر آپ نے ترقی کا جائزہ لینا ہے ۔ تو آپ پشاور سے لیکر کراچی تک جائیں ۔ آپ کی سڑکیں ۔ آپ کے سکول ۔ آپ کے کالج ۔ آپ کے ہسپتال ۔ آپکی موٹریں اور آپ کی سائیکلیں اور آپ کے کارخانے یہ تمام چیزیں اس امر کی شاہد ہیں کہ آپ کے ملک نے کس قدر ترقی کی ہے ۔ جناب والا ۔ جہاں تک آپ کے متوسط طبقہ میں نہیں بلکہ آپ کے غریب طبقہ کے لوگ سائیکل پر جا رہے ہیں اور ان کے ہاتھ میں ٹرانسسٹر ہے ۔ یہ تمام چیزیں ملک کی ترقی اور ملک کی ڈویلپمنٹ کی شاہد ہیں ۔

بہر حال جہاں تک میرے شہر راولپنڈی کا تعلق ہے ۔ جناب والا ۔ اس حکومت کا سب سے بڑا کارنامہ اور اس حکومت کا سب سے بڑا کام یہ ہے کہ انہوں نے راولپنڈی کو دارالخلافہ بنا کر آپ کے سامنے پیش کیا ہے ۔ یہ قابل تحسین ہے ۔ اس لئے نہیں کہ ہماری جگہ کو دارالخلافہ بنایا گیا ہے بلکہ اس لئے کہ انہوں نے قومی نقطہ نگاہ سے ۔ ملکی طور پر اور اقتصادی طور پر اور مرکزی طور پر ایسی جگہ کا انتخاب کیا ہے جو ہر نقطہ نگاہ

سے ' نہایت ہی عمدہ اور موزوں ہے ۔ دارالخلافہ کی وجہ سے ' راولپنڈی میں دن دو گنی رات چوگنی ترقی ہو رہی ہے ۔ جو حالی ویز وہاں بنی ہیں ۔ اور جو عمارات ' وہاں زیر تعمیر ہیں یا جو عمارات بن چکی ہیں ان سب کا مشاہدہ کرنے کے بعد ہم سب اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں اور ایمانداری کے ساتھ اس نتیجہ پر پہنچنا پڑتا ہے کہ ملک نے نہایت ہی قابل قدر ترقی کی ہے ۔

جناب والا ۔ جہاں تک میری گذارشات کا تعلق ہے میں نہایت ہی معذرت کے ساتھ آپ کی وساطت سے معزز ممبران اور بھائیوں سے ایک بات عرض کروں گی کہ اگر میرے منہ سے کوئی ایسا جذباتی جملہ نکل جائے (خاص طور پر قائد ایوان کی خدمت میں) یا جذبات کی رو میں بہہ کر کوئی ایسا فقرہ نکل جائے تو آپ یہ نہ سمجھیں کہ میں جذبات کی رو میں بہہ کر تنقید کر رہی ہوں بلکہ آپ اس کو ایک اچھی بات سمجھ کر ان تمام کمیوں کو پورا کرنے کی کوشش کریں جن کی وجہ سے پچھلے منصوبہ کے زیر تحت ان پر کام شروع کر رکھا ہے ۔

جناب والا ۔ تیسرا پانچ سالہ منصوبہ جو اس وقت ہمارے سامنے ہے اس میں تمام وہ مراعات جن سے عوام محروم کر دئے گئے تھے اس منصوبہ میں ہر ممکن طریقے سے ان کے لئے گنجائش رکھی جائے ۔

جناب والا ۔ جہاں تک متوسط طبقہ اور غریب طبقے کی مراعات کا تعلق ہے وہ تمام اس پہلے سال کے بجٹ میں رکھی گئی ہیں تو میں سمجھتی ہوں کہ یہ کچھ زیادہ نہیں بلکہ ہماری کوشش یہ ہونی چاہئے کہ وہ طبقہ جو صحیح طور پر اس ملک کا وارث ہے

وہ طبقہ جس نے صحیح طور پر اس ملک کے لئے قربانی دی ہے۔ ان کو مراعات دینے پر آپ زیادہ خیال رکھیں۔ اور وہ وعدے جو ہم نے قیام پاکستان کے وقت اپنے لسان قوم ملت اور اپنے محبوب راہنما قائداعظم محمد علی جناح کے ساتھ کئے تھے آج عوام کے سامنے ان کو پورا کر سکیں۔

جناب والا۔ ملکی ترقی میں سب سے بڑا ہاتھ غریب کا ہوتا ہے اس لئے کہ غریب ہی اس میں ہاتھ بٹاتا ہے۔ پبلک کے سیکٹر کے ساتھ کوئی مقابلہ نہیں کر سکتا ہے۔ اس میں اتنی طاقت ہوتی ہے کہ یہ نا ممکن ہے کہ اس کا مقابلہ کیا جائے۔ اگر اس حالت کو کوئی سدھار سکتا ہے تو وہ ایڈمنسٹریشن ہے۔ انتظامیہ ہے اور ہمارا باہمی تعاون ہے۔

جناب والا۔ یہ دو ادارے ایسے ہیں جو اشیا کی گرانی کو کم کر سکتے ہیں۔ جو روز بروز چیزوں کی گرانی کو کم کر سکتے ہیں۔ اور ہمارے ملک کی پیداوار کو بڑھا سکتے ہیں۔

جناب والا۔ یہاں جناب وزیر مال کا عنائت کردہ وائٹ پیپر میرے پاس ہے۔ اس کے صفحہ ۱۸ اور صفحہ ۲۱ کو دیکھیں جہاں پر Estimated Revenue Recipts اور Estimated expenditure chargeable to revenue ہے اگر اس کے مطابق آپ دیکھیں تو آپ محسوس کریں گے کہ پچھلے ۹ سال سے (آپ expenditure کے صفحہ کو دیکھیں) وصولیات اور اخراجات چلے آ رہے ہیں۔ ان سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وصولیات میں اضافہ کے باوجود جو خرچہ ہے وہ بدستور وہی چلا آ رہا ہے بلکہ اس سے کچھ زیادہ ہی ہے۔ جناب والا۔ جب کسی فرم یا کسی کاروبار میں investment کی جاتی ہے۔ تو سب سے پہلے اس کی return دیکھی جاتی ہے۔ ہماری جو وصولیات ہیں اس میں ۷ سو کروڑ کا ایک اضافہ

اور ۵ سو کروڑ کا پبلک لون اضافہ ہے ۔ اتنی heavy investment کے باوجود ہمارے جو اخراجات تھے ۔ وہ مسلسل ویسے چلے آ رہے ہیں حالانکہ ان میں اصولی طور پر کمی ہونی چاہئیے تھی ۔ بہر حال ان چیزوں سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ہمارے اخراجات بڑھتے ہی جاتے ہیں اور عوام کو وہ مراعات نہیں دے سکتے جس کے لئے ہم اس ہاؤس میں جمع ہیں تو میں سمجھتی ہوں کہ یہ نہایت ہی افسوس کی بات ہے ۔

جناب والا ۔ اخراجات کم کرنے کا واحد طریقہ یہ ہے کہ انتظامیہ اس کا بیڑا اٹھائے ۔ اگر آپ کے دل میں ایثار ہو ۔ اگر آپ کے دل میں قربانی کا جذبہ ہو ۔ اگر آپ کے دل میں ملک کا جذبہ ہو ۔ اور اگر آپ میں ملک کی ترقی کا ولولہ ہو تو میں سمجھتی ہوں کہ آپ اس چیز کو نہایت آسانی سے حل کر سکتے ہیں ۔ میں جناب والا اس کی تفصیل میں نہیں جانا چاہتی ۔ اس کے متعلق ایک مثال آپ کے سامنے اس شخصیت کی رکھتی ہوں جو اس وقت ہماری انتظامیہ کے سر براہ ہیں ۔ اور صوبہ مغربی پاکستان کے گورنر ہیں ۔ جناب والا ان کے پاس وہ تمام قانونی مراعات ہیں اور وہ اس کے حقدار ہیں لیکن اس کے باوجود وہ عوام اور ملک اور قوم کی مراعات لینے سے بے نیاز ہیں اور وہ ان کو اپنے اوپر استعمال نہیں کرنا چاہتے ۔ جناب والا یہ ہے وہ طریقہ کار جو میں نے آپ کے سامنے رکھا ہے اگر انتظامیہ ان امور پر عمل کرے اور اس لائحہ عمل کو سامنے رکھے تو میں سمجھتی ہوں کہ ٹیکس دھندگان کا وہ پیسہ جو ہمیں ملتا ہے ہم اس کا مصرف صحیح طور پر کر سکیں گے ۔

جناب والا ۔ روز مرہ کے استعمال کی بعض چیزیں ایسی ہیں جو دیکھنے میں بالکل معمولی نظر آتی ہیں مثال کے طور پر سٹیشنری

کو لے لیجئے ۔ ٹرانسپورٹ کو لے لیجئے communication کو لے لیجئے entertainment کو لے لیجئے ۔ آپ خیرات کی آئٹم کو لے لیجئے بلکہ اس قسم کی جتنی آئٹمز ہیں یہ بالکل معمولی نظر آتی ہیں ۔ اگر ان کو صحیح طور پر چیک کیا جائے تو میں سمجھتی ہوں کہ ۵۰ فیصدی قیمتیں اور کم ہو سکتی ہیں ۔ اور ہماری آمدن میں ۵۰ فیصدی کا اضافہ ہو سکتا ہے ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد ملکی ترقی میں سب سے بڑا ہاتھ چھوٹی صنعتوں کا ہوتا ہے اور چھوٹی صنعتوں کو اس لئے وجود میں لایا جاتا ہے کہ عوام کو یہ ظاہر کیا جائے کہ ان کی اجارہ داری ختم ہو چکی ہے ۔ ان کی مناپلی جو انہوں نے اپنے ملک میں ایک خاص طبقہ کی شکل میں اختیار کر رکھی ہے وہ ختم ہو چکی ہے اور انتظامیہ اپنی اہلیت سے اپنے تدبر سے اپنی فراست سے اور اپنی قابلیت سے لوگوں کو یہ ظاہر کرتی ہے کہ وہ روز مرہ کی اشیاء میں کس قدر کمی کرکے چیزیں مہیا کر سکتی ہے ۔ جناب والا یہ صنعتیں جب وجود میں آئی ہیں ان کا کام یہ ہوتا ہے کہ وہ اشیاء کی قیمتیں کم کریں ۔ آپ روز مرہ کے استعمال کی چیزوں کو لیجئے ۔ مثلاً کوئلہ کو لے لیجئے ۔ سیمنٹ کو لے لیجئے ۔ آپ کھاد کو لے لیجئے پانی کو لے لیجئے ۔ اور بجلی کو لے لیجئے بلکہ کئی اور چیزیں ایسی ہیں جن کا مقصد یہ ہونا چاہئے کہ ان کی قیمتوں کو کم کیا جائے ۔ بہر حال جناب والا ان کی جو investment ہوتی ہے وہ اس بنا پر ہونی چاہئے کہ جو margin of profit ہو وہ بہت تھوڑا ہو ۔ اور

جناب والا ۔ لوگوں کی اصل ضرورت تو صرف اسی قدر ہے کہ کھانے کو روٹی پہننے کو کپڑا اور سر چھپانے کو مکان میسر ہو جائے ۔ علاوہ ازیں جن لوگوں کو مختلف اغراض کے لئے لائسنس دیئے جائیں

ہیں ان پر کم سے کم اتنی نگرانی تو ضرور ہونی چاہئے کہ وہ ان licences کا جائز استعمال کریں ۔ خواہ وہ ملز اور کارخانوں کے مالک ہوں خواہ وہ روڈ ٹرانسپورٹرز یا Traders یا تجارت پیشہ حضرات ہوں ۔ ان پر کم از کم اتنی نگرانی ضرور ہونی چاہیئے کہ وہ اپنے اپنے لائسنسز کا صحیح استعمال کریں ۔

اب میں متوسط طبقے کی طرف آتی ہوں جس میں کہ میں بھی شامل ہوں ان کو بڑی بڑی monopolies کی ضرورت نہیں ہے بلکہ ان کو monopoly ہولڈروں سے بچانا چاہئے اصل میں ان لوگوں کی سب سے بڑی ضرورت ہاؤسنگ accomodation ہے خواہ وہ دیہات میں ہوں یا شہروں میں رہتے ہوں ۔ اس لئے میں عرض کروں گی کہ دیہات میں بھی اور شہروں میں بھی میونسپل کمیٹیوں یا یونین کونسلوں یا امپروومنٹ ٹرسٹوں کے ذریعے مکانات کی قلت کو جلد از جلد دور کرنا چاہئے ۔ اس میں جرنلسٹ اصحاب بھی آ جاتے ہیں جو کہ ملک کے اعلیٰ تعلیم یافتہ باشندے ہونے کے علاوہ قومی خدمت میں دن رات کوشاں رہتے ہیں ۔ یہاں تک کہ ان کو نہ دن میں آرام نہ رات کو نیند میسر آتی ہے ۔

جناب والا ۔ علاوہ ازیں ہمیں عورتوں کی تعلیم پر خاص طور پر زور دینا چاہئے ۔ اور مستورات کو ہائی ایجوکیشن سیکیوئر کرنے میں encourage کرنا چاہئے تاکہ زیادہ سے زیادہ تعلیم حاصل کرکے وہ مردوں کے دوش بدوش کام کر سکیں ۔ جناب والا ۔ چوتھے نمبر پر میں عرض کروں گی کہ سرمایہ داروں کو تو شب و روز اپنی تجوریاں سونے چاندی سے بھرنے کی فکر رہتی ہے مگر ۱۶ سال سے جو مسئلہ پکار پکار کر ہم سب کو اپنی طرف بلاتا رہا ہے اور ابھی تک حل نہیں ہو سکا وہ مسئلہ کشمیر ہے ۔ کشمیر کو آزاد کرانا ہمارا فرض اولین تھا ۔ اور سی کی خاطر ہم اپنے دفاع کے لئے بجٹ کا ۵۰ فیصدی سرحدوں کی

حفاظت پر خرچ کر رہے ہیں - ہم ابھی تک گفتگو اور منت سماجت اور انکساری سے مسئلہ کشمیر کو حل کرانے کی امید رکھتے ہیں حالانکہ اب وقت آ گیا ہے کہ ہم خواب خرگوش سے جاگیں - جناب والا - میں خواتین کی طرف سے آپ کو یقین دلانا چاہتی ہوں کہ وہ مردوں کے شانہ بشانہ لڑنے کو اور دیگر امدادی کام کرنے کے لئے تیار ہیں - ہماری خواتین اسی قسم کی خواتین ہیں جو محمد بن قاسم ، محمود غزنوی یا دیگر فاتحین اسلام کی مائیں تھیں - ان کی بہنیں تھیں یا ان کی بیٹیاں تھیں - (نعرہ ہائے تحسین)

میاں معراج الدین (لاہور - ۱)—جناب صدر - میں وزیر خزانہ کی خدمت میں ہدیہ تبرک پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے ملک کے بارڈر پر دشمن کی فوجوں کے اجتماع کے باوجود ملک کے کم وسائل کے باوجود اور ترقیاتی سکیموں کے بے پناہ اخراجات کے باوجود ایک متوازن بجٹ پیش کیا اور یہ ثابت کر دکھایا ہے کہ ہماری گورنمنٹ ہنگامی حالات میں بھی اپنے فرائض سے احسن طریق میں عہدہ برا ہو سکتی ہے بلکہ اس بجٹ کو دیکھنے سے تو یہ احساس تک نہیں ہوتا کہ ملک کسی ہنگامی صورت حال سے دو چار ہے - تمام ترقیاتی منصوبوں کو برقرار رکھا گیا ہے اگرچہ بارڈر پر دشمن کی فوجیں کھڑی ہیں مگر ملک خود اعتمادی اور اطمینان سے اپنے فرائض ادا کر رہا ہے ترقیاتی منصوبوں کے پروگراموں کو تبدیل کئے بغیر بجٹ کو متوازن رکھنا کوئی آسان کام نہیں تھا مگر یہ وزیر خزانہ اور ان کے رفقائے کار کی محنت و کاوش اور تندی و تعاون کا نتیجہ ہے کہ ایسا اعلیٰ بجٹ پیش کیا جا سکا ہے جس پر وہ یقیناً مبارکباد کے مستحق ہیں -

جناب والا - بجٹ کے گہرے مطالعہ سے صاف عیاں ہوتا ہے کہ اس میں ملک کے مختلف علاقوں اور طبقوں کے ساتھ یکساں اور منصفانہ

سلوک کیا گیا ہے ۔ مثال کے طور پر اعداد و شمار دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ سابقہ سال کے بجٹ میں سندھ کے علاقے میں ۲۹ کروڑ ۴۷ لاکھ روپے خرچ ہوئے لیکن امسال یہ رقم بڑھا کر ۳۶ کروڑ ۱۷ لاکھ کر دی گئی ہے جو کہ اس علاقے کی طرف خصوصی توجہ کا پتہ دیتی ہے اسی طرح سابقہ سال کے بجٹ میں سابقہ صوبہ سرحد کے لئے ۷ کروڑ ۸۵ لاکھ روپے رکھے گئے تھے مگر موجودہ بجٹ میں دس کروڑ ۹۹ لاکھ روپے رکھے گئے ہیں ۔ اسی طرح اسی سابقہ پنجاب کے لئے بھی ۴۷ کروڑ ۴۵ لاکھ روپے کی گنجائش رکھی گئی ہے ان رقوم کی روشنی میں بجٹ سے عیاں ہوتا ہے کہ حکومت اس صوبے کے مختلف علاقوں کا معیار زندگی بلند کرنے پر کمر بستہ ہے اور خاص طور پر زرعی ترقی کے لئے بھی کوشاں ہے کیونکہ ہمارے ملک کی ۸۵ فیصدی آبادی دیہات میں ہے اور زیادہ تر زراعت پر گذارہ کرتی ہے اس لئے اس حکومت نے زراعت کی ترقی کو دوسرے کاموں کی ترقی پر ترجیح دی ہے اور کاشتکاروں کو ہر قسم کی سہولتیں مہیا کرنے کا انتظام کیا ہے امید ہے کہ اہل دیہات ان سہولتوں سے استفادہ کرکے ضرور خوش حال ہوں گے ۔

بجٹ پر اس طائرانہ نظر ڈالنے کے بعد اب میں جناب والا ۔ اپنے علاقے کی شکایات آپ کی وساطت سے حکومت کے گوش گذار کرنا چاہتا ہوں ۔

جناب والا ۔ میرے حلقۂ نیابت کا رقبہ اٹھارہ بیس میل تک پھیلا ہوا ہے اور مریضوں کے علاج کے لئے صرف میو ہسپتال ہی ایک اچھا ہسپتال ہے جہاں مریضوں کو لے جانا پڑتا ہے قریباً پانچ پالچ میل تک کوئی ہسپتال نہیں اور دیہاتیوں کو آٹھ دس میل سے مریضوں کو لانے کے لئے کوئی عمدہ سڑکیں بھی نہیں ۔ اس وجہ سے کئی دفعہ مریض راستے میں دم توڑ دیتا ہے ۔

اس لئے میں جناب وزیر خزانہ کی خدمت میں آپ کی وساطت سے عرض کروں گا جیسا کہ انہوں نے پچھلے بجٹ کے موقع پر سابقہ اسمبلی میں میری درخواست پر یہ وعدہ فرمایا تھا کہ اس پر ضرور غور کیا جائے گا اب میں ان کی یاد دھانی کے لئے عرض کرتا ہوں کہ اپنے اس وعدے پر غور فرماتے ہوئے ہمارے اس علاقے کے لئے ایک ہسپتال بنانے کا بندوبست کیا جائے ۔ اس وقت جو ہسپتال لاہور میں ہیں ان سے صرف لاہور کے عوام ہی نہیں بلکہ سارے صوبے کے عوام فائدہ اٹھاتے ہیں ۔

اس کے علاوہ جناب میں آپ کی وساطت سے جناب وزیر تعلیم کی خدمت میں عرض کروں گا کہ شاھدرہ ٹاؤن دریائے راوی کے پار واقع ہے ۔ وہاں سے جو بچے اور بچیاں سکولوں اور کالجوں میں آتے ہیں ۔ چونکہ وہ اکثر متوسط طبقے سے تعلق رکھتے ہیں اس لئے وہ اکثر اومنی بسوں میں ہی آتے جاتے ہیں ۔ چنانچہ ان کو دریا کے پار کے علاقے سے آتے ہوئے خاصی تکلیف ہوتی ہے ۔ اس تکلیف کو حل کرنے کے لئے وہاں کے لوگوں کی ایک بڑی معقول تجویز ہے ۔ ان کے پاس تقریباً ۳۰ کنال کا ایک ٹکڑہ زمین ہے ۔ جسے وہ سکول یا کالج کے لئے دینے کو تیار ہیں ۔ کل جناب وزیر تعلیم صاحب نے ایک سوال کے جواب میں فرمایا تھا کہ اگرچہ وہ علاقے تو نہیں بتائے جا سکتے ۔ لیکن بہر حال اس بجٹ میں کچھ کالجوں اور سکولوں کے لئے رقم رکھی گئی ہے ۔ لہذا میں ان سے درخواست کروں گا کہ جب وہ لوگ اس مقصد کے لئے زمین دینے کو تیار ہیں ۔ اور حکومت جس وقت چاہے وہ زمین لے سکتی ہے ۔ اس علاقے کے لئے سکول اور کالج کا بندوبست کیا جائے ۔

اس کے علاوہ جناب وزیر تعلیم نے میرے ساتھ اسی معزز ایوان میں یہ وعدہ بھی کیا تھا کہ وسن پورہ کے علاقے میں ایک سنٹرل ماڈل

ھائی سکول کا اجرا فرمائیں گے ۔ اس کے لئے بھی ہم زمین دینے کے لئے تیار ھیں ۔ یہ زمین اس وقت لاھور امپروومنٹ ٹرسٹ کے قبضہ میں ھے ویسے میں لاھور امپروومنٹ ٹرسٹ سے بھی بات کر چکا ھوں ۔ وہ بھی کہتے ھیں کہ اگر حکومت سنٹرل ماڈل ھائی سکول کھولنا چاھتی ھے ۔ تو ھم زمین دینے کے لئے تیار ھیں ۔ اس لئے میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ جب وسن پورہ میں زمین ملتی ھے ۔ تو وھاں سکول کھولا جانا چاھیئے ۔ جناب والا میرا خیال ھے کہ آپ کو لاھور سے گوجرانوالہ جانے کا کئی بار اتفاق ھوا ھو گا ۔ اور آپ سٹیشن سے براستہ بادامی باغ بھی کئی بار گئے ھونگے ۔ اسی طرح اِس معزز ایوان کے کئی رکن بھی اس علاقے سے گزرے ھونگے ۔ اور وھاں انھوں نے ایک پل دیکھا ھوگا جسے اک موریہ پل کہتے ھیں اس پل کے تنگ ھونے کی وجہ سے اکثر وھاں اس قدر بھیڑ ھو جاتی ھے کہ آسانی سے وھاں سے گزرا نہیں جا سکتا ۔ خصوصاً اس آبادی کے رھنے والے وہ لوگ جو اپنے دفاتر جاتے ھیں یا ان کے بچے سکول اور کالجوں کو جاتے ھیں تو انھیں اپنے گھروں سے ایک یا ڈیڑھ گھنٹہ پہلے نکلنا پڑتا ھے ۔ کیوں کہ اگر وھاں آمدو رفت رک جائے تو ان کا late ھو جانا یقینی امر ھے ۔ لہذا میری درخواست ھے کہ اس پل کو چوڑا کیا جائے ۔ تا کہ لاھور کے قریب والی آبادی کے لئے ٹریفک میں آسانی پیدا ھو ۔

اس کے ساتھ ھی عرض یہ ھے کہ وھاں ایک اکبر روڈ ھے جو صدیوں سے چلی آ رھی ھے ۔ اگر اسے پختہ کر دیا جائے تو اس سے بھی ٹریفک میں کافی آسانی پیدا ھو سکتی ھے ۔

Mr. Speaker : The member may please try to conclude now.

میاں معراج الدین ۔ جناب والا ۔ اس کے بعد میں آپ کی وساطت سے جناب وزیر خزانہ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ انھوں نے

وعدہ فرمایا تھا ۔ اور پھر یہ صرف لاہور کا ھی نہیں بلکہ میرے خیال میں سارے صوبے کی میونسپل کمیٹیوں کا مسئلہ ھے مارشل لا سے پہلے یہ دفعہ ۲۹۶ کہلاتی تھی ۔ اور اب اسے Municpal Administration Ordinance کی دفعہ (۳) ۸۱ کہا جاتا ھے ۔ یہ ایک ایسی دفعہ ھے جس کے مطابق جس وقت کوئی میونسپل کمیٹی معرض وجود میں آئی تھی ۔ یا کوئی کارپوریشن معرض میں آئی تھی ۔ تو اس وقت جن علاقوں نے اپنی ترقی پر کچھ خرچ کیا ھوا تھا یا اپنی Development پر کچھ اخراجات برداشت کئے ھوئے تھے ۔ ایسے علاقوں پر تو میونسپل کمیٹیاں اور کارپوریشن اخراجات برداشت کرتی ھیں لیکن جو آبادیاں ۵ ۔ ۱۰ یا ۲۰ سال سے چلی آ رھی ھیں ۔ اور جو Property tax اور House Tax بھی ادا کر رھی ھیں جو ھر قسم کے ٹیکس وغیرہ ادا کر رھی ھیں ۔ ان کو اس رعایت سے محروم رکھا جاتا ھے ۔ کیوں کہ ان پر دفعہ (۳) ۸۱ لاگو ھے ۔ اس لئے میں یہ گذارش کروں گا کہ یہ ایک ایسی دفعہ ھے جس کے ماتحت ان آبادیوں کا معیار مقرر کیا جائے ۔ اور خاص طور پر کوئی ایسا معیار مقرر کیا جائے کہ جو آبادی اتنے سال پرانی ھو ۔ اس پر اس دفعہ کا اطلاق نہیں ھو گا ۔ یا یہ کیا جائے کہ جس آبادی کی طرف سے اتنے ٹیکسوں وغیرہ کی رقم وصول ھو گی ۔ وہ آبادی اس دفعہ کے اطلاق سے مستثنےٰ ھو گی ۔ جب تک آپ کوئی ایسا اصول نہ بنائینگے جس سے لوگ عام طور پر فائدہ اٹھا سکیں ۔ میں سمجھتا ھوں اس قسم کی تکلیف سارے صوبے کو بدستور رھیگی ۔ لہذا میں پھر جناب وزیر خزانہ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ عوام کی اس تکلیف کا فوراً ازالہ کیا جائے ۔ (اس مرحلہ پر سینئر ڈپٹی سپیکر مسٹر عمر جان خان کرسئ صدارت پر متمکن ھوئے)

نوابزادہ اصغر علی خاں (گجرات ۔۱)۔۔جناب صاحب سپیکر ۔ جس حساب سے وقت مقرر کیا گیا ہے اس سے میں محسوس کرتا ہوں کہ میں شاید چند ایک معروضات ہی پیش کر سکوں گا ۔ اور شاید میں اپنی باقی عرضداشتیں کرنے کے لئے کسی اور وقت کا انتظار کروں ۔

جناب والا ۔ سب سے پہلے میں جناب وزیر خزانہ کا اور ان کے بجٹ تیار کرنے والے حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اپنے بجٹ کو اپنے حساب سے نہایت ہی متوازن شکل میں اس معزز ایوان کے سامنے پیش کیا ہے ۔

حضور والا ۔ اس کے بعد یہی ایک چیز جو عام ممبران اسمبلی نے پیش کی ہے کہ ان ممبران کی رہائش کا خاطر خواہ انتظام نہیں ہے میں اسکے متعلق صرف اتنا ہی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ شاید منتظمین نے یہ چیز ڈاکٹر اقبال کے اس ارشاد کے پیش نظر کی ہوکہ

گذر اوقات کرلیتا ہے وہ کوہ و بیابان میں
کہ شاہین کیلئے ذلت ہے کار آشیاں بندی

اس کے بعد میں اپنی گذارشات نہایت ہی مختصر طور پر پیش کروں گا ۔

سب سے پہلے میں جس طبقے سے تعلق رکھتا ہوں ۔ اس کے متعلق صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جو ٹیکس اسپر عائد کیا گیا ہے ۔ ابھی پچھلے دو ایک سال ہوئے کہ زمینداروں اور کاشتکاروں کے مالیہ اراضی اور آبیانے میں اضافہ کیا گیا تھا ۔ اس کا بوجھ تو

ان کے لئے پہلے ہی ناقابل برداشت تھا ۔ اسکے بعد موجودہ بجٹ پیش کرتے ہوئے جناب وزیر خزانہ کا یہ خیال کہ جن زمینداروں اور کاشتکاروں نے ترقی کی ہے اور اپنی پیداوار میں اضافہ کیا ہے ۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ ان کو سنہری تمغہ جات دئے جاتے ۔ یا ان کو اس پیداوار کی کمی کو پورا کرنے کیلئے کچھ مراعات دی جاتیں ۔

حضور والا ۔ جو گندم آپ کو امریکہ سے لینی پڑتی ہے یہ ایک طرح سے گدا گری ہے جو طبقہ ہماری گورنمنٹ کو بچاتا ہے اس کو تو انعامات دینے چاہئیں تھے ۔ مگر اسکا صلہ اس طبقہ کو کیا ملا ۔ اسپر اور ٹیکس لگا دیا گیا تو میں سمجھتا ہوں کہ اب اس ہمارے طبقہ کو یہ خیال کرنا چاہیئے کہ وہ کام چھوڑ دے ۔ کم از کم اس سے یہ فائدہ تو ضرور ہوگا کہ مزید ٹیکس نہیں لگائے جائیں گے ۔

حضور والا ۔ ہم سب ۵ے فیصد اس طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں جو اگرچہ بلا شبہ کوٹ پتلون اور اچھی قسم کا لباس پہنتے ہیں لیکن عام طور ہماری حالت زار ایسی ہے کہ آپ باہر کسی سڑک پر ہمارے بھائیوں کو دیکھیں ۔ مثلاً جی ٹی روڈ پر اگر انہیں دیکھنے کا اتفاق ہو تو آپ حیران رہ جائیں گے کہ ان کی حالت دیکھنے کے قابل ہوتی ہے ان کی حالت پر رحم آتا ہے ۔ اور میرے جیسے زمیندار کی طرح رونا بھی آتا ہے ۔ اور یہ بھی محسوس ہوتا ہے کہ

تہی دستان قسمت را چہ سود از رہبر کامل
کہ خضر از آب حیوان تشنہ می آرد سکندر را

اس کے ساتھ اگر یہ بھی کہہ دوں تو مناسب ہوگا کہ۔

مری تعمیر میں مضمر ہے اک صورت خرابی کی
ہیولی برق خرمن کا ہے خون گرم دہقان کا

حضور والا ۔ کبھی آپ اس کا اندازہ بھی فرمائیں کہ اس وقت جو شخص کھیت میں کام کرتا ہے ۔ اس کے اوپر دھوپ ہوتی ہے ۔ اور نیچے پانی ۔ اس کو کتنی محنت سے کام کرنا پڑتا ہے کیا آپ سمجھتے ہیں کہ وہ شوق سے کام کرتا ہے یا شوق سے ہل چلاتا ہے ۔ ابھی کل ہی میں نے اخبارات میں پڑھا تھا کہ بہار میں ۱۳۲ آدمی تپش کی وجہ سے ہلاک ہوگئے ۔ اور ہم یہاں ائیر کنڈیشنڈ کمرہ میں بیٹھے ہیں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر۔۔۔آپ کا وقت تھوڑا رہ گیا ہے ۔

Mr. Muhammad Yusaf Khan: Sir, he should be given 5-10 minutes more because he stammers.

پیر غلام علی چشتی۔۔۔پوائنٹ آف آرڈر ۔ میرے خیال میں جناب والا معزز ممبر کو کچھ زیادہ وقت ملنا چاہئے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر۔۔۔یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ۔

نواب زادہ اصغر علی خاں۔۔۔حضور والا ۔ محمد نواز صاحب نے اس ہاؤس میں یہ فرمایا تھا کہ وہ لوگ جو اپنے ہاتھ سے ہل چلاتے ہیں ان کی سالانہ بچت ۴۶۰ روپیہ ہوتی ہے ۔ میں اس میں تھوڑا سا اضافہ کر دینا چاہتا ہوں ۔ وہ ایک بات چھوڑ گئے تھے ۔ وہ یہ کہ جن بیلوں سے وہ لوگ کاشت کرتے ہیں ان کی قیمت چھوڑ گئے تھے ۔ ان بیلوں کی قیمت دو ہزار روپیہ لگائیں تو وہ دیکھیں گے کہ اس پر سالانہ کتنا سود لگایا جاتا ہے ۔

میرے خیال میں اس اندازہ کے مطابق کاشتکار کے ذمہ سوائے اس کے کہ وہ ہل چلائے اور کچھ باقی نہیں رہتا ۔

پھر سارا خاندان مل کر کام کرے تو آپ خود خیال کریں کہ وہ کس طرح گذارہ کرتے ہوں گے ۔ میں آپ کو بتاتا ہوں کہ میرے جیسا زمیندار جب کبھی اپنے گاؤں جاتا ہے تو یقین جانیں کہ میں تو دو دو بجے ۔ تین تین بجے رات کو پانی لگانے والے کے ساتھ صرف اسلئے ہوتا ہوں کہ کوئی دو ایک کھیت جو میری غیر حاضری میں شاید وہ پانی دینے والا چھوڑ نہ دے ضرور آباش ہو جائیں ۔

حضور والا ۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ حکومت بے بس ۔ نادار اور بے زبان لوگوں پر ٹیکس لگاتی ہے ۔ ہم تو یہ سمجھتے تھے کہ ہمیں کچھ مراعات ملیں گی ۔ اور پچھلا مالیہ اور آبیانہ سے ایگریکلچرل انکم ٹیکس کم ہو جائے گا ۔ لیکن فائدہ یہ پہنچا ہے ۔ کہ ہم پر اور ٹیکس لگایا گیا ہے ۔ اس کی حقیقت یہ ہے اور میں اس ایوان کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ ہم پر تو ٹیکس اس لئے لگائے جاتے ہیں کہ ہمارا جو حساب کتاب مالیہ اور آبیانہ کا ہوتا ہے وہ کاغذات میں بڑی اچھی طرح سے رکھا ہے ۔ ان میں فیصدی بڑھانا یا کم کر دینا بہت ہی آسان کام ہے ۔

ایک اور چیز عرض کروں گا کہ اس ترقی کے دور میں اس بیچارے کاشتکار کی کونسی ترقی ہوئی ہے ۔

جناب والا ۔ ہمارے ایک بھائی نے فرمایا تھا کہ یہاں لوگ دوکاندار سے ساہوکار ہوگئے ہیں جو کل معمولی ڈرائیور تھے آج بڑے بڑے ٹرانسپورٹر بن گئے ہیں ۔ یہاں تیل بیچنے والے اور چکیوں پر

آٹا پیسنے والے بڑی بڑی ملوں کے مالک ہیں کھڈیوں پر کام کرنے والے ٹیکسٹائل ملز اونرز ہیں لیکن ان بچارے کاشتکاروں کو کچھ دینے کی بجائے ان سے چھینا ہی جا رہا ہے (نعرہ ہائے تحسین) تو میں یہ عرض کرتا ہوں کہ یہ قول ان پر بالکل صادق آتا ہے ۔ جو پچھلی دفعہ جب ٹیکس میں اضافہ کیا گیا جب اس وقت میں ایم ۔ پی ۔ اے نہیں تھا تو میرے ایک بھائی نے بتایا تھا کہ یہ بچارے زمیندار تو بھیڑیں ہیں حکومت جب چاہتی ہے ان کی اون کاٹ لیتی ہے ۔

میں نے کہا نہیں بھائی بھیڑ خالی اون کے لئے ہی نہیں رکھی جاتی جب چاہیں اس کا اون کاٹ لیں اور جب چاہیں اس بیچاری کو کاٹ کر کھالیں تو حضور والا میں سمجھتا ہوں کہ آج ہمیں کھانے کی نوبت پہونچ چکی ہے اس لئے ہمیں کچھ نہ کچھ دیا جائے ۔

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ (سیالکوٹ ۔ ۲)۔۔جناب والا ۔ میں بجٹ کا کوئی ماہر نہیں ہوں ۔ مگر عموماً یہ خیال کیا جاتا ہے کہ بجٹ وہی اچھا ہوتا ہے جو فاضل ہو اور وہ بجٹ اچھا نہیں ہوتا جو خسارہ کا بجٹ ہو مگر میرا نظریہ یہ ہے کہ بجٹ چاہے خسارے کا ہو یا فاضل ہو وہ اچھا ہوتا ہے اگر اس میں عوام کی فلاح و بہبود کا خیال رکھا جائے اور اس میں ترقیاتی پروگرام بھی رکھے جائیں ۔ تو اس لحاظ سے ہمارا بجٹ دونوں خوبیوں کا حامل ہے اس بجٹ میں چونکہ ۱۹۰ کروڑ کی رقم ترقیاتی پروگراموں کے لئے مخصوص کی گئی ہے اس لئے ہماری حکومت قابل ستائش ہے اور ہمارے وزیر خزانہ مبارکباد کے مستحق ہیں ۔ اس بجٹ میں زرعی ٹیکس ۲۵۰ روپے مالیہ سے گھٹا کر ۱۵۰ روپے مالیہ تک کر

دیا گیا ہے ۔ اسکے متعلق ہمارے محترم بزرگ ملک قادر بخش صاحب نے سخت الفاظ میں تنقید کی تھی اور ان کی تقریر بہت موثر ثابت ہوئی ہے ۔ ہم نے دوسرے روز اخبارات میں پڑھ لیا تھا ۔ کہ گورنر صاحب نے یہ اعلان کر دیا کہ اب زرعی ٹیکس کی حد وہیں قائم رہیگی ۔

ملک محمد اسلم خان—پوائنٹ آف آرڈر—جناب گورنر صاحب نے اعلان پہلے ہی کر دیا تھا ۔

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ—ہمنے تو اخبارات میں دوسرے ہی دن پڑھا تھا ۔

ملک محمد اسلم خان—پھر اس کا یہ مطلب نہیں کہ ملک قادر بخش کی تقریر سے ایسا ہوا ہے ۔

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ—آپوزیشن کے ممبر اختر صاحب نے اس بجٹ کے متعلق اور ٹیکس کے متعلق فرمایا تھا کہ یہ عوام پر بوجھ ہے ۔ اس کے بعد جناب والا میری گذارش ہے کہ چونکہ ہمیں ترقیاتی پروگراموں کے لئے کہیں نہ کہیں سے سرمایہ حاصل کرنا ہے ۔ اور ہمیں اس کی ضرورت ہے تب ہی ہم اپنے ترقیاتی پروگراموں کو پایہ تکمیل تک پہونچا سکتے ہیں ۔ سنیما دیکھنے کے لئے جو شخص جاتا ہے وہ بھوکا نہیں ہوتا اس کی جیب میں جب فالتو پیسے ہوتے ہیں ۔ تب ہی وہ سنیما دیکھنے کے لئے جاتا ہے ۔ تو میرے خیال میں آپوزیشن والوں کا مقصد یہ ہے کہ صرف نکتہ چینی کی جائے خواہ کوئی کتنا ہی اچھا کام کرتا ہو یا نہ کرتا ہو ۔

محکمہ صحت کے بجٹ کا مطالعہ کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ترقیاتی پروگراموں کے لیے اور دیہاتی ڈسپنسریوں کے لئے کوئی رقم مخصوص نہیں کی گئی ۔

Khan Muhammad Yusaf Khan : Sir can the mace remain on the table when the Speaker is not occupying the chair ?

Mr. Senior Deputy Speaker : No.

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ—ترقیاتی پروگراموں کے سلسلے میں ڈسپنسریوں کے لئے ایک پیسہ بھی نہیں مخصوص کیا گیا ہے ۔ اور شہروں کی ڈسپنسریوں کے لئے ترقیاتی پروگرام میں کافی رقم رکھی گئی ہے ۔ یہ امر قابل افسوس ہے کہ دیہاتیوں ہی سے زیادہ ریونیو ملتا ہے ۔ مگر ان کا کوئی خیال نہیں رکھا گیا ۔ دیہاتوں میں ڈسپنسریاں نہ ہونے کے برابر ہیں ان کی حالت ناگفتہ بہ ہے نہ ان میں ادویات ہیں اور ان ڈسپنسریوں میں ڈاکٹر بھی نہیں ہیں ۔ مریضوں کو پوری دوائیں نہیں ملتی ہیں تو ان کو شفا کیسے ہو. وہ ڈاکٹروں کو برا بھلا کہتے ہیں ۔ جب وہ ان کو اچھی دوا نہیں دیتے مگر بیچارے ڈاکٹر بھی بے قصور ہیں وہ حکومت کو کوستے ہیں اسکے سوا اور کریں بھی کیا ۔ میرے خیال میں ڈاکٹروں کی کمی کی وجہ یہ ہے کہ دیہاتی علاقے میں میڈیکل سکول بند ہو چکے ہیں ۔ اور اب صرف ایم ۔ بی بی ۔ ایس ڈاکٹر فارغ التحصیل ہوتے ہیں جو دیہاتی علاقے میں جانا پسند نہیں کرتے کیونکہ ان کی عادت شہری زندگی کی ہو چکی ہوتی ہے ۔ دیہاتی علاقے سے اب جو ایم ۔ بی ۔ بی ۔ ایس ڈاکٹر qualify کرتے ہیں وہ بھی شہروں میں رہنے کی وجہ سے شہری زندگی کو پسند کرتے ہیں ۔ وہ کھاتے پیتے گھرانوں کے ہوتے ہیں وہ اب دیہات میں جانا پسند نہیں کرتے اگر کسی مجبوری کے ماتحت کسی ڈاکٹر کو دیہاتی علاقے

میں تعینات کیا جاتا ہے ۔ تو وہ بھی شہر میں کسی ڈسپنسری میں تبادلے کے لئے دوڑ دھوپ کرتا ہے ۔ اور اکثر کامیاب ہو جاتا ہے نہیں تو ملازمت چھوڑ کر شہر میں پرائیوٹ پریکٹس اختیار کرتا ہے اور اگر پریکٹس نہیں کرنا چاہتا تو بیرونی ممالک کی راہ اختیار کرتا ہے تو اس مشکل کا یہ حل کہ میڈیکل سکول کھولے جائیں اور جو امیدوار داخلے کے لئے آئیں ان سے حلف لیا جائے کہ وہ دیہاتی علاقے میں سروس کریں گے ۔ تو وہ لوگ جن سے حلف لیا جائیگا کہ وہ دیہاتی علاقے میں کام کریں گے پھر وہ یہ سمجھیں گے کہ انہیں دیہاتی علاقے میں رہنا ہے ان کا دیہات سے تعلق ہے ان کو دیہات میں رہ کر کام کرنا ہے ۔ ہاں البتہ ان کے لئے یہ سہولت ضرور ہونی چاہئے کہ ان میں سے جو ۔ اچھا ڈاکٹر ہو اس کو ترقی کا موقع ملنا چاہئے اور اس کو اگر وہ چاہے تو ایم ۔ بی ۔ بی ۔ ایس میں داخلہ اس شرط پر دیا جائے کہ وہ ایم ۔ بی ۔ بی ۔ ایس کرنے کے بعد دیہاتی علاقے میں سروس کریگا ۔ مغربی پاکستان میں ایم ۔ بی ۔ بی ۔ ایس میں داخل کرنے کے لئے ایل ۔ ایس ۔ ایم ۔ ایف ڈاکٹروں کو ایک امتحان پاس کرنا پڑتا ہے مگر مشرقی پاکستان میں یہ شرط نہیں ہے مشرقی اور مغربی پاکستان میں یکساں سلوک ہونا چاہئے اور مغربی پاکستان میں بھی یہ شرط عائد نہیں کی جانی چاہئیے ؟

مسٹر سینیٹر ڈپٹی سپیکر۔۔آپ کا وقت ختم ہو رہا ہے ۔

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ۔جناب میں ایک بات کہہ کر ختم کر دونگا اور وہ یہ کہ ہمارے ملک میں گداگری ایک بہت بڑی لعنت ہے آپ سب جانتے ہیں کہ اسے ایک پیشہ سمجھکر اختیار کر لیا گیا ہے اور اسی کی وجہ سے بھیانک جرائم ہوتے ہیں اسی کی وجہ سے بچے اغوا ہوتے ہیں اور ان کو مفلوج کرکے ان کو اذیتیں دیکر بھیک

منگوائی جاتی ہے ۔ یہ بڑا ظلم ہے کہ بیرونی ممالک کے لوگ بھی ہمارے گداگروں کا شکار ہوتے ہیں تو اس سلسلے میں میری عرض یہ ہے کہ کوئی قانون بنایا جائے ۔ تاکہ یہ گداگری ختم ہو یہ افسوس کا مقام ہے کہ محتاج گھروں کے لئے کوئی رقم مخصوص نہیں کی گئی ہے ۔ اس معزز ایوان کی معزز خاتون صاحبزادی محمودہ بیگم نے اپنی تقریر میں لڑکیوں کے لئے میڈیکل کالج کھولنے پر زور دیا تھا میں ان کی اس رائے سے اتفاق نہیں کرتا ۔ عورت کا فطری جذبہ ماں بننے کا ہوتا ہے ۔ جناب اکثر لیڈی ڈاکٹروں کی شادی ہو جاتی ہے اور شادی ہو جانے کے بعد وہ اپنے خاوند کی تابع ہوتی ہیں ان میں سے کئی ایک پیشہ کو چھوڑ دیتی ہیں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: The Member's time is over. Now, Malik Muhammad Aslam Khan.

Malik Muhammad Aslam Khan (Campbellpur - I): Mr. Deputy Speaker, Sir, much has been said on the budget from both sides of the House. Therefore, I will not take much time in repeating the same thing. After a careful study of the budget I find that it is in full conformity with the advices and the programme of our President which he has given to us during his election campaign. Under these circumstances the Finance Minister deserves our hearty congratulations. I am glad to learn that in the annual budget presented by the Finance Minister the tempo for development has been maintained and all the programmes which were chalked out by the President are fully under control. Although the allocation during the first year of the third 5 year plan is not adequate, yet we feel and we are happy that comparatively the under-developed part of the country got larger fundsfrom the allocations and the quest for progress is fully under way. The *ad hoc* factor which has to be weighed because of the danger on the border and because of the gathering clouds of war on our eastern border, was inevitable I realise-but I think at the same time when the situation on the border has improved the full resources would be restored to the developing needs of the country. The progress should be reviewed from time to time and the Department should be asked to ensure that utilisation of funds is maximised and that no bottle-necks should be allowed to stand in the way of successful implementation of the programme to which the Finance Minister, the Provincial Government and this august House are committed. At the same time I should like to draw the attention of the Government officials and all the Ministers-and I would not be afraid to say that we all share in that trouble and that is that the vices and mal-practices, if not on an upward trend, are still there and in order to give full effect to our new development programme they must be curbed and crushed so that we can avail of the opportunity of our development. The leakage in the taxes is also alarming and the new taxes would not bring all those benefits unless

and until leakage and over-head charges on collective taxes are stopped. I would like to draw the attention of the Finance Minister to the tax imposed on the agriculturists as abiana. As a matter of fact the rate of abiana has been increased. The poor agriculturist was already under heavy taxes. He has to pay many taxes and a further tax may be a blow too severe to him. If we go deep into the facts of taxation, we will find that most of the taxes, whether they are direct or indirect, whether they are imposed on the finished goods or on capital goods whether they are imposed on the profits of industrialists or whether they are imposed on the products of industrialists, they are normally in all cases shifted back to the consumer. This tendency is very tense here in our country because of the demands of our population. These taxes are mostly shifted back to the consumers. After all who are the consumers. They are the population of our country and it consists mostly of farmers and agriculturists. In that way even the taxes on industries are shifted back to the poor farmers and agriculturists On the other hand the taxes levied on the agriculturist are never shifted because he is neither in a position nor is he capable and clever enough to shift this burden to other shoulders and ultimately he has to bear most of the burden of taxes. Therefore, I would like to make an humble plea to the Finance Minister that he may reconsider his proposal on this increase in *abiana*.

I shall fall short of my duties if I do not point out the little demands which are so genuine and true relating to the people of my part of the country. As it has already been pointed out that the backward areas of our province have alway been the soldier producing areas for the British high-lords and before the partition Campbellpur, the area to which I belong, was a district which had the maximum number of soldiers and officers in the army. For these reasons the British high-lords never tried to develop or industrialise our area. It is sad to see that the same attitude was maintained even after the partition. It is true that for the last one or two years Government has been kind to us in giving certain help, but I assure you that this help falls far short of our needs and in order to bring our district, our backward area on the same level as other parts of the country it needs greater and greater help.

Now, Sir, a recent injustice has been done to us. Our district was attached to the High Court Bench of Peshawar and our litigant public could go to Peshawar in the morning and come back in the afternoon. But now our district has been attached to the High Court at Lahore. That would be a very expensive thing for us. I would like to draw the attention of the Law Minister to see to it and if possible, again re-attach our district to Peshawar.

There is another demand for which probably my predecessors have also spoken in this House. In the whole of our district there is no college for girls and our girls are at the moment studying in the Government College for boys. The strength is more than 100 at the moment and we rightly deserve a college for girls in our district. I shall be very grateful if the Minister concerned should note it down, and if possible, should give us a college.

The Agricultural Development Corporation has been introduced to help the agriculturists. I am happy that it is doing good work in the country. The Agricultural Bank, which is probably a part of it, is keen to advance loans

to the agriculturists whenever they want But the rate of interest is as high as 6%. The interest rate on industries is in certain cases less and in certain cases equal to 6%. Well, Sir, in the cases of industries, the terms are immediate and returns are much more that those of an agriculturist. Therefore, I would request the Government to decrease the interest rate for agriculturists. With these words I finish my speech.

خان حبیب اللہ خان کندی (ڈیرہ اسماعیل خان - ۱)۔۔۔جناب صدر - آنریبل فنانس منسٹر شیخ مسعود صادق صاحب کو اس فاضل بجٹ کے پیش کرنے پر مبارکباد دیتا ہوں اور مجھے خوشی ہوئی کہ ہماری قوم اور ملک میں ایسے لوگ بھی موجود ہیں جو اپنی قوم اور ملک کی دیانتداری اور وفاداری کے ساتھ رہنمائی کر سکتے ہیں - اور میں امید کرتا ہوں کہ ہم بہت جلد منزل مقصود تک پہنچ جائیں گے -

جناب صدر - ایک پسماندہ علاقہ کا ممبر ہوتے ہوئے میں یہ فرض سمجھتا ہوں کہ اپنے علاقے کی تکالیف اور مشکلات آپ لوگوں کے سامنے بیان کروں -

پینے کا پانی۔۔۔یہ مسئلہ ہمارا پرانا مسئلہ ہے - جو ہم ہمیشہ اپنی حکومت اور افسران وقت کے سامنے بار بار پیش کرتے ہیں - مگر افسوس کہ ہم ہمیشہ نا امید رہے - ہمیں اس بات پر بہت افسوس ہوتا ہے کہ پانی کے ہوتے ہوئے ہم پانی پینے سے محروم ہیں - اگر ایک چیز موجود نہ ہو تو ممکن ہے کہ ہم حکومت کو اس بات پر بار بار عرض گزاشت نہ کرتے - ہمارے ضلع میں ۵ یا ۶ زامے (بمعنی نالے) ہیں اور کئی کینال اور ایک دریا سندھ بھی موجود ہے - ان میں میں وارن کینال (warran canal) کا ذکر کرنا چاہتا ہوں - وہ اس لئے کہ اس کنال پر ۲۲ ، ۲۳ مواضعات آباد تھے اور حکومت کو لاکھوں روپیہ مالیہ کی صورت میں وصول ہوا کرتا تھا - مگر اب اس وارن کینال پر بہت سے مواضعات بے چراغ ہو رہے ہیں - لوگوں کو نہ تو آب نوشی اور نہ آبپاشی کا پانی ملتا ہے - افسوس تو یہ ہے کہ اس کینال پر لاکھوں روپیہ مرمت پر P. W. D.

خرچ کرتی ہے ۔ اور ابھی تک کسی کو نہ آب نوشی اور نہ آبپاشی کا پانی دیا ہے ۔

جناب صدر ۔ ہمارا علاقہ بہت وسیع اور بڑا علاقہ ہے ۔ اس میں کئی علاقے ہیں جن میں سیلاب آیا کرتے ہیں ۔ مگر ان سیلابوں کو روکنے یا قابو کرنے کے لئے کوئی طریقہ اختیار نہیں کیا گیا ۔ جس سے ہمارے لاکھوں کنال زرخیز زمین کھڈوں میں منتقل ہو جاتی ہے ۔ ہم نے حکومت کے سامنے ان کھڈوں کو بند کرانے کے لئے ایک دو تجویزیں پیش کی ہیں ۔

(۱) spill weir (۲) بڑے بڑے بند باندھے جائیں یا small dam scheme میں لئے جائیں ۔ مگر P. W. D. کا محکمہ سراسر اس کے بر خلاف ہے ۔ اور کہتا ہے کہ اس میں حکومت کو نقصان ہے

جناب صدر ۔ ہمارے ضلع کو ٹیوب ویل سکیم میں ہزاروں ٹیوب ویل دئے گئے ہیں ۔ مگر ہماری تحصیل ٹانک اور تحصیل کلاچی کا اس میں سے کوئی حصہ نہیں دیا گیا متعلقہ محکمہ نے تحصیل ٹانک اور کلاچی میں ٹسٹ بورنگ کرائے ہیں ۔ اور وہاں پانی خود بخود نکلتا ہے ۔ اور میٹھا بھی ہے ۔ حکومت کو چاہئے کہ لوگوں کی مفلسی کو دیکھتے ہوئے ان پر ٹیوب ویل لگا کر لوگوں کو پانی پینے کیلئے مہیا کیا جائے ۔

(۲) بے روزگاری—کی تو یہ حد ہے کہ ہمارا سارا دن پینے کا پانی لانے میں لگ جاتا ہے ۔ اور ہمیں فرصت نہیں ملتی کہ ہم اپنے بچوں کے لئے کچھ کمائیں ۔ اور لوگ بھوکے ننگے اور پیاسے پھر رہے ہیں ۔ آپ اس سے اندازہ لگائیں کہ ۱۹۰۶ میں ہمارے ضلع کی کل آبادی ۳ لاکھ ۱۵ ہزار تھی اور ۶۰ سال کے بعد وہ ۳ لاکھ رہ گئی ہے ۔ جہاں لوگوں کو پانی پینے کو ، روٹی کھانے کو اور کپڑا پہننے کو نہ

ملے وہ بجز اس کے کہ اپنے گھروں کو چھوڑ کر کہیں دور جا بسیں اور کیا کر سکتے ہیں ۔ دیہاتوں کے دیہات بے چراغ ہو رہے ہیں ۔

جناب صدر ۔ تعلیم پر تو میں بولنا ہی ٹھیک نہیں سمجھتا ۔ جہاں لوگ بھوک پیاس سے مر رہے ہوں وہ تعلیم کا کیا خیال اور شوق کر سکتے ہیں ۔ میں اپنے علاقہ کا ایک بڑا زمیندار ہو کر بھی یقین سے کہتا ہوں کہ میں اپنے لڑکوں کو تعلیم نہیں دے سکتا اور نہ خرچ برداشت کر سکتا ہوں ۔ مگر پھر بھی ممبر ہوتے ہوئے کچھ کہنا فرض سمجھتا ہوں ۔ ہماری تحصیل ٹانک کو ایک intermediate college دیا گیا ہے ۔ اور اس کو کامیاب کرنے کے لئے ضروری ہے کہ اس علاقہ کی تحصیلوں تحصیل ٹانک اور کلاچی کے ۔ مڈل سکولوں کو ہائی سکولز کا درجہ دیا جائے ۔

جناب صدر ۔ ہمارے ڈویژن ڈیرہ میں ایک ریل گاڑی چلتی ہے ۔ آپ یقین کریں کہ اس کی رفتار ٹانگہ کے تیز رفتار گھوڑے سے بھی کم ہے ۔ لوگ آسانی سے چلتی گاڑی میں چڑھ اور اتر سکتے ہیں ۔ دوسری بات یہ ہے کہ یہ ریل گاڑی ہفتہ میں ایک دن چلتی ہے ۔ جس سے اس علاقہ کے لوگوں کو بہت مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔ میں Railway Minister سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ اس لائن کو Broad Gauge کر دیں اور روزانہ چلانے کا حکم صادر فرمائیں اور ٹانک سے ڈیرہ تک یا پیرو سے ڈیرہ تک ریلوے لائن کی توسیع کر دیں ۔

جناب صدر ۔ جس طرح میں پہلے عرض کر چکا ہوں کہ ہمارا علاقہ ایک بہت وسیع علاقہ ہے ۔ اور ہماری آبادی زاموں میں پانی کے آنے سے ہوتی ہے ۔ ان سیلابوں کو اگر کنٹرول کیا گیا اور پانی زمینوں کی طرف Divert کیا گیا تو آبادی کا امکان ہو سکتا ہے ۔ ورنہ بربادی رہے گی ۔

ان سیلابوں کے پانی کے لئے بڑے بڑے بند باندھے جاتے ہیں جس سے پانی قابو میں آ سکتا ہے ۔ ہمارے ضلع میں Agriculture Labour تقریباً ختم ہے ۔ بیل بھی نہیں ملتے ۔ غربت کا زور ہے ۔ تو اس سلسلہ میں عرض کروں گا کہ ہمیں زیادہ سے زیادہ بل ڈوزرز اور ٹریکٹرز دئیے جائیں ۔ اور ہمیں دیگر علاقوں پر Priority دی جائے اگر ایسا نہ کیا گیا تو ہمارا سب علاقہ کھڈات کی زد میں آ کر تباہ ہو جائیگا ۔ کھڈات زمینوں کے لئے تپ دق ہے اور اس کا علاج بغیر Spill weirs اور بلڈوزروں کے کچھ نہیں ۔

جناب صدر ۔ میں آپ کی توجہ اس طرف لانا چاہتا ہوں کہ کل میرے ایک فاضل دوست رحم دل خان جو ہماری ڈویژن سے ممبر ہیں نے ایک دو تجاویز پیش کی ہیں کہ پشاور ، کوہاٹ ، بنوں اور ڈیرہ کو ایک ڈویژن بنایا جاوے ۔ اور ان چار ایجنسیوں کی ایک الگ ڈویژن قائم کی جائے ۔ میں اس کے سراسر خلاف ہوں اور جو موجودہ ڈویژن ہیں وہ ٹھیک ہیں ۔ اور میرے خیال میں میرے فاضل دوست کو کہیں پٹھانستان کی نہ سوجھی ہو ۔

جناب صدر ۔ میں آخر میں موجودہ حکومت کا مشکور ہوں کہ جب سے یہ حکومت برسر اقتدار آئی ہے ، ہمیشہ پسماندہ علاقوں کی امداد کرتی رہی ہے ۔ میں خاص کر صدر مملکت فیلڈ مارشل محمد ایوب خان اور گورنر صاحب مغربی پاکستان ملک امیر محمد خان کا مشکور ہوں کہ انہوں نے ہمارے علاقہ کے لئے انڈس دریا پر پھل اور گل کچھ سکیم منظور کی ۔ یہ ایسا احسان ہے کہ ہم قیامت تک نہ بولیں گے ۔ کیونکہ اس علاقہ کا واحد علاج یہی دو سکیمیں ہیں ۔ ان سے لاکھوں ایکڑ غیر آباد زمین آباد ہو جائے گی ۔ برباد بستیاں آباد ہو جائیں گی ۔ لوگ آباد اور خوشحال ہوں گے اور اس خوشحالی میں صدر ایوب زندہ باد اور پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائیں گے ۔

ملک محمد مظفر خان (کیمبلپور - ۲)۔جناب سپیکر - میں آپکی وساطت سے جناب وزیر خزانہ کو اور ان کے متعلقہ افسران کو جنہوں نے کہ اتنی محنت سے یہ بجٹ بنایا ہے - اپنی طرف سے اور اپنے حلقۂ نیابت کی طرف سے مبارکباد پیش کرتا ہوں - اسکے بعد عرض یہ ہے - کہ اس معزز ایوان میں جتنے بھی معزز اراکین آپکے سامنے تقریر کرنے کی غرض سے کھڑے ہوں - آپ بیشک ان سے دریافت کر لیں - وہ میری اس بات کی تائید ہی کریں گے - کہ اس تمام صوبے میں میرے علاقے سے زیادہ پسماندہ علاقہ کہیں بھی نہیں ہے - گو کہ ان اراکین میں سے بیشتر اراکین خود بھی پسماندہ علاقوں سے تعلق رکھتے ہیں - میرا حلقۂ نیابت تحصیل تلہ گنگ اور پنڈی گھیب ضلع کیمبلپور ہے - جو کہ سو میل لمبا اور ستر میل چوڑا علاقہ ہے - وہاں کے حالات یہ ہیں - کہ ہمیں دیہاتوں میں پینے کے پانی کی خاطر سات سات آٹھ آٹھ میل دور جانا پڑتا ہے - اسکے علاوہ ہماری بدقسمتی سے وہاں پر پانی بھی زیادہ گہرائی پر میسر آتا ہے لیکن ابھی تک اس مسئلے کو حکومت کے متعلقہ افسران حل نہیں کر سکے - آپ پانی کی قلت کا اندازہ اس بات سے کریں - کہ جب کبھی بھی ہمارے علاقے میں کہیں شادی کا بندوبست ہوتا ہے - تو سب سے پہلے یہ دیکھا جاتا ہے - کہ بارش کا موسم کب آئے گا - حتیٰ کہ ہم عذرائیل سے بھی یہ درخواست کرتے ہیں - کہ اگر وہ ہمارے کسی گھر میں تشریف لائیں - تو ذرا بارش کے موسم میں ہی تشریف لائیں - لہذا میں یہ گذارش کروں گا - کہ ہمیں پینے کے پانی کی تکالیف سے جلد از جلد نجات دلائی جائے -

اسکے بعد جناب والا - عرض یہ ہے - کہ پنڈی گھیب کے پاس ایک میل نالہ ہے - جس نے وہاں بڑی خرابی مچائی ہے - اور چونکہ فرنٹیئر سے کراچی تک کی ٹریفک کو اس راستے سے گذرنا ہوتا ہے - لہذا انہیں

بڑی تکلیف ہوتی ہے ۔ عرصہ تیس چالیس سال سے ہم اس نالے پر پل تعمیر کرنے کے لئے حکومت سے التجا کرتے آئے ہیں ۔ لیکن سب بے سود ۔ ہماری خوش قسمتی سے ہمارے ضلع میں ہمارے صدر مملکت تشریف لائے ۔ تو ایک پبلک میٹنگ میں اس ضرورت کو انکے گوش گذار کیا ۔ اور وہاں کی تکلیفات کا مفصل ذکر بھی کیا ۔ کہ اگر بارش کے دنوں میں کوئی ٹرک وغیرہ وہاں گر کر پھنس جائے ۔ تو مالک کی خوش قسمتی سمجھئے ۔ کہ دو تین مہینے وہ وہاں سے نکل سکے ۔ ورنہ بارشوں کی وجہ سے اسکی چھت بھی نظر نہیں آ سکتی ۔ بالخصوص برسات کے دنوں میں مستورات کو اس میں سے گذرتے وقت بڑی دقت کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔ تو صدر مملکت نے مہربانی فرما کر متعلقہ حکام کو حکم صادر فرمایا ۔ کہ وہاں پر ایک پل کا انتظام کیا جائے ۔ چنانچہ پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی ۔ والوں نے وہاں کا سروے کیا اور ہمیں estimate دیا ۔ کہ ڈیڑھ لاکھ کی رقم انکو اس کام کے لئے درکار ہو گی ۔ یہ رقم بھی ہمارے ضلع میں موجود تھی ۔ وہ انہیں مہیا کر دی گئی ۔ لیکن پل پھر بھی نہ بنا بعد میں انہوں نے پھر سروے کیا ۔ اور کہا ۔ کہ اس پر چار لاکھ روپے خرچ آئیں گے ۔ وہ رقم بھی انہیں مہیا کی گئی ۔ سال پھر کے بعد صدر مملکت پھر وہاں تشریف لائے ۔ اور انہوں نے دریافت کیا ۔ بعد میں پھر اس جگہ کا سروے کیا گیا اور اس مرتبہ متعلقہ محکمے نے سات لاکھ کا تخمینہ بتایا ۔ وہ سات لاکھ روپے بھی انہیں دے دلیے گئے ۔ اسکا نتیجہ یہ ہوا ۔ کہ سات ماہ سے وہ پل تیار تو ہو رہا ہے ۔ لیکن اسکے Pillars ٹیڑھے ہو چکے ہیں ۔ اور اس طرح عوام کا روپیہ ضائع کر دیا گیا ہے ۔ اس لئے وزیر متعلقہ سے میری یہ گذارش ہے ۔ کہ وہ اس طرف توجہ دیں ۔ اور جو لوگ اس سروے کے ذمہ دار ہیں ۔ اور جنہوں نے یہ پل تعمیر کرنا تھا ۔ ان سے یہ دریافت کریں ۔ کہ حکومت کا اتنا روپیہ کیوں ضائع کیا گیا ہے ۔ اور کیوں پبلک کا اسقدر

وقت ضائع کیا گیا ہے ۔ اور ہماری اس تکلیف کا ازالہ کیا جائے ۔ اور وہاں پل کی تعمیر کا جلد از جلد انتظام کیا جائے ۔

جناب والا ۔ پنڈی گھیب میں واپڈا والوں نے بجلی کا ایک سب سٹیشن مکمل کر لیا ہے ۔ ایک سال سے وہ خود تو بجلی استعمال کر رہے ہیں ۔ لیکن ظلم یہ ہے ۔ کہ وہاں گاؤں میں wiring موجود ہے ۔ وہاں ان کے پرائیویٹ انجن موجود ہیں ۔ اور ہم انہیں استدعا کرتے ہیں ۔ کہ ہمیں بھی بجلی کا کنیکشن دیں ۔ لیکن وہ پنڈی گھیب کو کنیکشن نہیں دے رہے ہیں ۔ حالانکہ چھ ساتھ ماہ سے وہاں اپنی بلڈنگز تیار کرکے خود بجلی اپنے لئے استعمال کر رہے ہیں ۔ امید ہے ۔ کہ اس طرف بھی توجہ دی جائے گی ۔ کیونکہ ابھی کل ہی کا واقعہ ہے ۔ کہ گورنر صاحب اپنے ایک عزیز کے ولیمے پر وہاں تشریف لے گئے تھے ۔ انہیں بھی ہم نے عرض کیا ہے آپ ہماری حالت کا اندازہ اس بات سے بھی لگائیں ۔ کہ ہم گورنر صاحب کے لئے ہاتھوں سے استعمال کئے جانے والے پنکھے استعمال کرتے رہے ۔ حالانکہ نواب صاحب کو جو بھی قریب سے جانتے ہیں ۔ وہ اس بات سے اچھی طرح واقف ہیں ۔ کہ وہ بحیثیت نواب کالا باغ کے ایک ایسے شخص ہیں ۔ کہ جو جون اور جولائی کے مہینوں میں بھی دوپہر کو بارہ بجے اتنے کھیتوں پر پھر سکتے ہیں ۔ لیکن کل تو وہ بحیثیت گورنر کے ہمارے علاقے میں تشریف لائے تھے ۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے ۔ کہ سات ماہ سے وہاں پر بجلی تو موجود ہے ۔ لیکن ہمیں اس سے استفادہ کرنے کی سعادت ابھی تک نصیب نہیں ہوئی ۔ اسکے علاوہ میرے حلقۂ نیابت میں چار سو دیہات ہیں ۔ لیکن وہاں پنڈی گھیب میں ابھی تک ایک بھی گرلز کالج نہیں ہے ۔ حالانکہ کافی عرصے سے ہم اس کے لئے استدعا کر رہے ہیں ۔ میں آپکی وساطت سے جناب وزیر تعلیم کی خدمت

میں عرض کرونگا ۔ کہ وہاں پر گرلز ہائی سکول تو ہے ۔ یا تو برائے مہربانی آپ انکو بھی ختم کر دیں ۔ اگر انکو ختم نہیں کرتے ہیں ۔ تو پھر یہ مہربانی فرما دیں ۔ کہ ہمیں وہاں پر ایک گرلز کالج دیں ۔ کیونکہ ہمارا علاقہ پردہ دار ہے ۔ اور جب ایک لڑکی میٹرک پاس کر لیتی ہے ۔ تو پھر اس کے والدین یہ گوارا نہیں کر سکتے ۔ کہ اس لڑکی زیر تعلیم کے لئے دوسرے شہر میں جائے ۔ جسکا نتیجہ یہ ہوتا ہے ۔ کہ اسکی تعلیم پر خرچ کیا ہوا روپیہ بھی ضائع ہو جاتا ہے ۔ اور پھر نہ وہ گھر کے کام رہتی ہے ۔ اور نہ کسی اور کے کام کے قابل ہوتی ہے ۔ اس کے علاوہ نٹرہ کا جو علاقہ تھانہ مکھڈ ہے ۔ وہاں کی ستر فیصد آبادی فوج میں ملازم ہے ۔ کوئی پنشنر ہیں ۔ اور اپنے ملک کی خدمت کر رہے ہیں ۔ وہ بہت غریب ہیں ۔ اور ان کے پاس اراضیات نہیں ہیں ۔ اس لئے میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ حکومت ان کے لئے تھل پراجیکٹ گدو بیراج اور غلام محمد بیراج میں جہاں انہیں زمینیں دی جا سکتی ہیں ۔ دیں کیونکہ انکا گذارہ نہیں ہوتا ۔ آج انکی آواز یہ ہے ۔ کہ آپ شیزان میں اور ہم میدان میں ۔ اس لئے حکومت کو اس طرف توجہ دینی چاہئے ۔

ملک معراج خالد (لاہور ۔ ۵)۔جناب والا ۔ ضلع لاہور کی پسماندگی اور اسکے مسائل کے متعلق کچھ عرض کرنے سے پیشتر میں چند ایک وہ مسائل جو اس صوبے سے تعلق رکھتے ہیں ۔ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ جناب والا ۔ یہ کہا گیا ہے ۔کہ متوسطہ طبقہ کی خوشحالی کا انتظام کئے بغیر پاکستان مضبوط نہیں ہو سکتا ۔ اور مغربی پاکستان کو خوشحال نہیں کیا جا سکتا ۔ یہاں پر دس مربعے کے مالکوں نے بھی اپنے آپ کو متوسط طبقے میں شمار کیا ہے ۔ چودھری محمد نواز صاحب نے ایک مربعے کے مالک کی حالت زار اور کوائف بھی یہاں بیان کئے تھے ۔

اور یہاں یہ فرمایا تھا ۔ کہ ایک مربعے کا مالک سال میں زیادہ سے زیادہ پانچ سو روپے کماتا ہے ۔ جناب اصغر علی صاحب نے یہ ثابت کیا تھا ۔ کہ ایک مربعے کا مالک کماتا نہیں ہے ۔ بلکہ کم و بیش دوسو روپے سالانہ کا مقروض ہو جاتا ہے ۔ صورت حال یہ ہے ۔ کہ مغربی پاکستان میں بیس لاکھ مزارعین اور پندرہ یا سولہ لاکھ کے قریب ساڑھے بارہ ایکڑ رکھنے والے مالکان اراضی ہیں ۔ اب ان پنتیالیس چھیالیس لاکھ کاشتکاروں کی حالت زار کا آپ اندازہ لگائیے ۔ کہ جو ایک مربعے کا مالک ہے ۔ وہ سال کے بعد مقروض ہو جاتا ہے ۔ تو ان کی کیا حالت ہوتی ہو گی ۔ جو چھوٹے مالکان ہیں ۔ یہ کہا گیا ہے ۔ اور میں سمجھتا ہوں ۔ کہ بجا طور پر کہا گیا ہے ۔ کہ موجودہ بجٹ میں یہ کوشش کی گئی ہے ۔ کہ صدر مملکت کے منشور کے مطابق معاشرتی انصاف کے تقاضوں کو پورا کیا جائے ۔ ہر شخص یہ کہتا ہے ۔ کہ امیر امیر تر ہوتا جا رہا ہے اور غریب غریب تر ہوتا جا رہا ہے ۔ ان کا علاج کرنا چاہئے ۔ حکمران پارٹی کی طرف سے ترقیاتی Projects کے ذریعہ اس مصیبت کا ازالہ کرنے کے لئے تدابیر اختیار کی جا رہی ہیں ۔ اس سلسلہ میں جب تک کوئی ٹھوس تجاویز پیش نہ کی جائیں گی تب تک یہ بات محض نعرہ ہی رہے گی ۔ اور اس کے کوئی اچھے نتائج برآمد نہیں ہونگے ۔ جناب والا اس سلسلے میں میری تجاویز یہ ہیں کہ ساڑھے بارے ایکڑ تک کے اراضی کے مالکان کا مالیہ معاف کیا جائے جب تک یہ نہیں کیا جائے گا تب تک معاشی اور معاشرتی انصاف کے تقاضے پورے نہیں ہو سکیں گے اور صنعتی اور اقتصادی اجارہ داریاں ختم کرنیکی جو تجاویز زیر غور ہیں ۔ انکو بھی پوری طرح بروئے کار نہیں لایا جا سکتا جب تک ۸۵ فیصدی دیہات میں بسنے والے لوگوں کی معاشی حالت کو بہتر بنانے کے لئے ٹھوس اقدامات نہ کئے جائیں ۔ اس سلسلے میں ساڑھے بارہ ایکڑ اراضی کے مالکان سے

مالیہ معاف ہونا چاہئے - وہ پہلا مؤثر قدم ہوگا جو صحیح معنوں میں ان اجارہ داریوں کو ختم کرنے پر منتج ہو گا اور جبھی ہم معاشرتی اور معاشی انصاف کے تقاضوں کو پورا کر سکیں گے -

جناب والا- میری دوسری تجویز یہ ہے جیسا کہ بجٹ میں کہا گیا ہے کہ چھوٹے قطعات کی اراضی کے نیلام کو روک دیا گیا ہے - جہاں تک مختلف اضلاع میں چھوٹے رقبے موجود تھے اور مختلف سکیموں کے تحت لوگوں کو دئے گئے تھے ان کو نیلام کیا جانا مقصود تھا تا کہ خزانہ میں زیادہ رقم آئے اور مختلف ترقیاتی سکیموں پر خرچ کیا جا سکے - لیکن جہاں تک بیراجوں کی زمینوں کا تعلق ہے ان کی الاٹمنٹ بدستور موجود ہے اور نیلام کے ذریعہ انہیں ان لوگوں کے پاس دیا جا رہا ہے - جو کہ اپنے پیسے اور دولت کے بل بوتے پر خرید سکتے ہیں - ظاہر ہے کہ جس صوبہ میں ۳۲ لاکھ مزارعین اور دوسرے چھوٹے مالکان اراضی موجود ہیں ان کا ذریعہ معاش صرف کاشتکاری ہے جب تک ان کو اراضی نہ دی جائے تب تک وہ صحیح معنوں میں خوشحالی کا ساتھ نہیں دے سکتے - اس سلسلے میں میری تجویز یہ ہے کہ بیراجوں کی زمینوں کے نیلام کو روکا جائے اور یہ نیلام بند کر دی جائے - اس کے عوض یہ کیا جائے - کہ جو چھوٹے چھوٹے مالکان اور مزارعین ہیں ان کو یہ اراضیات دی جائیں بیشک ان سے قیمت وصول کیجائے لیکن اقساط میں وصول کیجائے - نیلام کے ذریعہ بڑی رقمیں جو دولت مند اور سرمایہ داروں سے وصول کرنی مطلوب ہیں کاشتکاروں سے وصول کی جائیں اس طرح خزانہ میں رقوم بھی آ جائیں گی اور مستحق کاشتکاروں کے پاس زمین بھی چلی جائے گی اور وہ خوشحالی سے زندگی بسر کر سکیں گے اور معاشی انصاف حاصل کر سکیں گے -

جناب والا ۔ تیسری تجویز یہ ہے کہ بجلی کی پیداوار کی کوپت کا اس بجٹ میں خاص طور پر ذکر کیا گیا ہے ۔ یہ حقیقت ہے کہ صوبہ کے مختلف حصوں میں بجلی کے ریٹ مختلف ہیں ۔ کسی جگہ ٦ پائی ہے کسی جگہ ١٥ پائی ہے ۔ یہ ضروری ہے کہ جہاں ١٥ پائی ریٹ ہے وہاں بھی ٦ پائی کر دیا جائے تاکہ جو ١٥ پائی ادا کرتے ہیں ان پر زیادہ بوجھ نہ ہو ۔ پھر ٹیوب ویل نصب کرنے کے لئے شرائط ہیں کہ ٹیوب ویل لگانے والے سے Cost of estimates کی حد تک خرچ برداشت کرنا پڑتا ہے ۔ یہ بوجھ بھی ختم کیا جائے کیونکہ جتنا بھی خرچ ہوتا ہے اس ٹیوب ویل لگانے والوں کو کرنا پڑتا ہے ۔ M. C. G. کی شرط کو ٹیوب ویل لگانے کے لئے ختم کیا جائے ۔

بریگیڈیر چودھری فتح خان (راولپنڈی ۔ ٣)۔جناب سپیکر ۔ بجٹ کے بارے میں کافی تعریف بھی ہو چکی ہے اور اس پر کافی بحث بھی ہو چکی ہے ۔ وقت بہت تھوڑا ہے ۔ اس لئے اس وقت میں صرف اپنے علاقے کے مسائل ہی آپ کے سامنے پیش کروں گا ۔ میرا حلقہ نیابت تحصیل گوجر خان پولیس تھانہ چونترہ اور صدر بیرونی ضلع راولپنڈی ہے ۔ میرا علاقہ اندازاً ایک سو میل لمبا اور ٨٠ میل چوڑا ہے ۔ اگر میں یہ عرض کروں کہ میرا علاقہ بہت پسماندہ ہے تو کئی صاحبان اعتراض کریں گے کہ راولپنڈی میں کیسے پس ماندگی ہو سکتی ہے ۔ اور یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ یہ پسماندہ علاقہ ہے ۔ مگر میں یہ یقین دلاتا ہوں کہ وہ علاقہ جس کو ان کے خیال میں پس ماندہ نہیں کہنا چاہئے اس علاقہ میں کوئی سڑک نہیں ہے ۔ اس علاقہ میں اور خاص طور پر تھانہ چونترہ میں جہاں کا میں رہنے والا ہوں پانچ ہسپتال یعنی ڈسپنسریاں ١٩٤٧ سے موجود ہیں مگر ہمیں ابھی تک کوئی ڈاکٹر نہیں ملا ۔ ہم صرف ابھی تک ڈسپنسروں کے رحم و کرم پر ہیں ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ جہاں تک تعلیمی معیار کا تعلق ہے یہ علاقہ بہت وسیع ہے ۔ وہاں پر کوئی کالج نہیں ہے ۔ سڑکوں کی یہ حالت ہے کہ راولپنڈی سے چکری ایک ایسی اہم سڑک ہے جو مرکز تک جاتی ہے ۲۵ سال پہلے انگریز کے زمانہ میں بھی اس کی اہمیت پر زور دیا جاتا رہا ہے ۔ ۱۹۴۲ سے ۱۹۴۴ تک میں راولپنڈی ایریا میں ریکروٹنگ آفیسر رہا ہوں مجھے یاد ہے کہ اس وقت بھی اس سڑک کی اہمیت پر زور دیا گیا تھا ۔ اگر کبھی اس علاقے پر کوئی حملہ ہو جائے تو گرینڈ ٹرنک روڈ کو ملانے کے لئے یہی سڑک ہے جو کہ نزدیک ترین ہے ۔ لہذا اسی وجہ سے اس کی اہمیت پر زور دیا گیا ۔ اور یہ بھی مجھے یاد ہے کہ گذشتہ پانچ سالوں سے ڈویژنل کونسل نے بھی اس کی اہمیت پر زور دیا ہے نامعلوم اس رپورٹ کا یہاں آکر کیا حشر ہوا ہے ۔ اس کے علاوہ اور بھی اہم سڑکیں ہیں مثلاً روات تا چونترہ اور چکوال تا مندرہ ہیں ۔ یہ کچی ہیں ان پر ہمشیہ زور دیا گیا ہے یہ دو ضلعوں کو آپس میں ملاتی ہیں ۔ کیونکہ وہاں کی آبادی بڑی گنجان ہے ۔ اگر یہ سڑکیں پختہ ہو جائیں تو میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ ارد گرد کے علاقے کافی ترقی کر سکتے ہیں ۔ اس کے علاوہ اور بھی سڑکیں اس ایریا میں ہیں مثلاً گوجر خان سے کلر اور گوجر خان سے بہگام جو کہ بڑی اہمیت رکھتی ہیں ۔ میں بذات خود چونترہ کا رہنے والا ہوں ۔ اس سے پیشتر جب یہ علاقہ ضلع کیمبل پور کے ساتھ تھا تو میری کوشش سے اور اس علاقے کی خواہش کے مطابق اس کو راولپنڈی کے ساتھ ملا دیا گیا ۔ اس وقت ہماری خواہشات پوری نہیں ہوتی تھیں کیونکہ کوئی افسر وہاں نہیں جاتا تھا اور ہماری تکالیف کا انہیں احساس نہ تھا ۔ کیونکہ یہ علاقہ ضلع ہیڈ

کوارٹر سے بہت دور تھا - ہم نے کوشش کی کہ جب یہ علاقہ راولپنڈی کے ساتھ لگ جائے گا تو شاید یہاں کے افسران ہماری تکالیف کا ازالہ کر سکیں گے لیکن جب سے یہ راولپنڈی میں آیا ہے - اس کی حالت اسی طرح بدستور قائم ہے - ہم ڈاکٹروں کے لئے ہمیشہ چیخ و پکار کرتے رہے ہیں شاید ۱۹۴۷ کے بعد سارے کے سارے ہندوستان چلے گئے ہیں - ابھی تک پانچ ڈسپنسریوں کے لئے کوئی ڈاکٹر نہیں ملا ہے - ہمارے علاقے میں اتنی قتل و غارت ہوتی ہے کہ اگر کوئی آدمی مر جائے تو اس کو راولپنڈی پوسٹ مارٹم کے لئے لے جایا جاتا ہے - ایک تو ان کا آدمی مر جاتا ہے تو دوسرے کم از کم ایک آدمی کے لئے تین چار سو روپیہ پوری لاری کا کرایہ دے کر لاش لانی پڑتی ہے -

مسٹر عبدالقیوم قریشی (بہاولپور - ۳)—جناب سپیکر - میں اپنی طرف سے اپنے حلقہ نیابت یعنی تحصیل حاصل پور کے عوام کی طرف سے جناب وزیر خزانہ اور حکام متعلقہ کو مبارک باد کہتا ہوں - جنہوں نے ترقیاتی سکیموں سے بھرپور بجٹ پیش کیا ہے مگر میں ادب سے کہونگا کہ وزیر خزانہ جو کہ منصف مزاج ہیں ان سے سہواً یا شاید کام کے رش کی وجہ سے یہ چیز رہ گئی ہے کہ انہوں نے میرے علاقے کے لوگوں کے مفاد کو ملحوظ خاطر نہیں رکھا ہے جو کہ ایک پس ماندہ علاقہ ہے ابھی لاہور سے ایک معزز ممبر میاں معراج دین نے لاہور کے علاقے کو پس ماندہ قرار دیا تھا -

اب میں حیران ہوں کہ میں اپنے دور افتادہ اور ریگستانی علاقے کی پسماندگی کے لئے کون سا لفظ استعمال کروں جہاں طبی سہولتوں کا نام تک نہیں ہے اگر لاہور سے چھ سات یا بارہ میل سے ایک

مریض میو ہسپتال آتے دم توڑ دیتا ہے جس کا مجھے افسوس ہے ۔ تو ۲۲۵ میل لمبی ۶۸ میل چوڑی تحصیل حاصل پور کا کیا حال ہوگا جہاں سے قریبی ہسپتال ۸۰ میل دور ہے ۔ اور جہاں مریضوں کو کندھوں پر اٹھا کر یا اونٹوں پر لانا پڑتا ہے ۔ صرف حاصل پور تحصیل کے ہیڈ کوارٹر پر ایک ہسپتال ہے ۔ جس میں ایم بی بی ایس ڈاکٹر نہیں سارا علاقہ ایک وسیع ریگستان کا علاقہ ہے اب اندازہ لگائیے اگر کسی کا اکلوتا بیٹا بیمار ہو جائے تو وہ کس طرح ہسپتال میں پہنچ کر علاج کرانے تک زندہ رہ سکتا ہے ۔

دوسرے جناب سڑکیں نہ ہونے کے باعث ہمارا غلہ دو روپے فی من سستا بکتا ہے اس سے ہماری آمدنی بھی کم ہو جاتی ہے ملک کی گونا گون ترقیوں کے زرین عہد میں بھی ہمارا پس ماندہ علاقہ ایسی ترقیاتی سکیموں سے محروم ہے حالانکہ اس تحصیل سے ۲۶ لاکھ روپے مالیہ سرکار کو وصول ہوتا ہے ۱۵ سال سے ہم منتظر تھے ۔ کہ سڑک بنیگی ۔ آخر کام شروع بھی ہو گیا ۔ مگر اب پھر رک گیا ہے ۔ اس لئے میں ارباب بست و کشاد سے عرض کرونگا ۔ کہ اس علاقے کی طرف توجہ کریں ۔

جناب والا ۔ یہاں پانی کی خاص کر پینے کے پانی کی بھی قلت ہے آپ کو معلوم ہے ہندوستان نے دریائے ستلج اور بیاس کا گلا گھونٹ دیا ہے جس سے فصلوں وغیرہ کے لئے پانی نہیں ملتا ۔ زیر زمین پانی کھارا ہے ۔ اور پینے کے قابل نہیں لہذا ہمارے عوام کا جو حشر گرمیوں میں ہوتا ہے ۔ اس کا اندازہ آپ خود ہی لگائیں ۔ پھر ستم بالائے ستم یہ کہ ہمیں ایک ہزار ایکڑ اراضی

کے لئے ۴ کیوسک پانی ملتا ہے ۔ مگر لائل پور سے ۹ کیوسک پانی فی ہزار ایکڑ کر دیا جاتا ہے ۔ اس میں حق تلفی کی جا رہی ہے ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر سپیکر کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

مسٹر سپیکر۔۔میاں محمد شفیع ۔

میاں محمد شفیع (لاہور ۔ ۴)۔۔جناب پہلے مجھے یہ بتایا جائے مجھے کتنا وقت ملے گا ۔

مسٹر سپیکر۔۔صرف پانچ منٹ ۔

میاں محمد شفیع۔۔کیا اس میں کچھ اضافہ ہو سکتا ہے ۔

مسٹر سپیکر۔۔آپ تقریر شروع کریں ۔

میاں محمد شفیع۔۔چونکہ وقت بہت تھوڑا ہے ۔ اس لئے میں بجٹ کی دوسری تمام مدوں کو چھوڑ کر صرف ایک ہی آئیٹم کو لیتا ہوں اور یہ بتاتا ہوں کہ لاہور کے لوگوں کو کیا مسائل در پیش ہیں ۔ جناب والا ۔ انارکلی گلبرگ مال روڈ کے علاوہ لاہور میں وہ آبادیاں بھی ہیں ۔ جو پسماندگی کے ہاتھوں مشکلات میں گرفتار ہیں ۔ ۱۸ لاکھ کی یہ آبادی جس کا ذکر میں کر رہا ہوں ۔ اس میں بارہ بارہ میل تک نہ کوئی سڑک ہے نہ کوئی صاف راستہ ہے ۔ جناب وزیر فنانس نے بحیثیت صدر مسلم لیگ انتخابات کا دورہ کرتے وقت بچشم خود دیکھا ہے کہ بعض جگہ ٹانگہ یا موٹر کار بھی نہیں جا سکتی یہاں کے لوگ دفعہ ۸۱ (۳) لاہور کارپوریشن کے ہاتھوں سخت نالاں ہیں ان کو کوئی سہولت نہیں ملتی لاہور کے سیونسپل قانون کی دفعہ ۲۹۶ جو ہندوؤں کے زمانے میں مسلمانوں کے علاقوں پر لگائی گئی تھی ۔کہ یہ خود ہی اپنے اخراجات کے

کفیل ہو کر نئی بستیاں بنائیں - اور ڈویلپمنٹ کریں - نیز آبادکاری کے بعد میونسپلٹی کو دے دیں بد قسمتی سے وہاں آج تک کوئی ڈویلپمنٹ نہیں ہو سکی پاکستان بھر میں لاہور کارپوریشن کی یہ دفعہ ۸۱ (۳) سخت درد ناک اور تکلیف دہ ہے - جس سے اس علاقہ کو نجات دلانے کے لئے میں آپ کی وساطت سے گورنر صاحب سے عرض کرونگا کہ وہ کوئی steps لیں اور ہماری مدد کریں تاکہ اس آبادی کی ڈویلپمنٹ ہو سکے خواہ یہ کام گورنر صاحب خود کریں یا ان کی کوئی اور ایجنسی کرے مگر اس کام کو جلد سر انجام دینا چاہئے - تاکہ اس آبادی کے باشندے امن اور آرام کا سانس لے سکیں -

مسٹر محمد انور علی خان بلوچ (لالپور - ۱)--جناب سپیکر - صاحب - میں تقریر کرنے سے پہلے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ چونکہ وقت تھوڑا ہے اور ہم اکثر اپنے علاقوں کے امین نمائندے ہیں - اس لئے اس ہاؤس میں آنے کے بعد ہم یہ چاہتے ہیں کہ اپنے خیالات کا اظہار اچھی طرح سے کریں - لہذا میں اس ضمن میں آپ سے یہ التجا کرتا ہوں کہ ہمیں اس عام بحث کے لئے ایک دن اور دیا جائے - ویسے بھی آپ کے پاس بہت سی چٹیں پڑی ہیں - اور بہت سے دوست اپنے خیالات کا اظہار بھی کرنا چاہتے ہیں - اس لئے اگر آپ نامناسب خیال نہ فرمائیں - تو - - - - -

مسٹر سپیکر--بلوچ صاحب آپ اس بحث میں پڑ کر اپنا وقت ضائع نہ کریں کیونکہ بحث کی آئندہ سٹیج اتنی tight ہے کہ اس مقصد کیلئے اور دن نہیں دیا جا سکتا -

مسٹر محمد انور علی خان بلوچ--اگر جناب ایسی صورت حال ہے - تو پھر شام کی Sitting منظور فرما لی جائے -

Mr. Speaker : That is upto the members.

حاجی عطا محمد۔۔جناب والا ۔ میں اس بات کی تائید کرتا ہوں کہ عام بحث کیلئے ایک دن اور دیا جائے ۔

Mr. Speaker: I would like to know the views of both the Leaders.

مسٹر محمد انور علی خان بلوچ۔۔جناب والا آپنے ۔ ہمیں صرف پانچ پانچ منٹ تو دئیے ہیں ۔ اتنے تھوڑے وقت میں تو ہم اپنے علاقے کے مسائل بھی اس معزز ایوان اور حکومت کے سامنے پیش نہیں کر سکتے ۔

مسٹر سپیکر۔۔بلوچ صاحب آپ اپنی تقریر جاری رکھیں ۔ تاکہ وقت ضائع نہ ہو ۔

مسٹر محمد انور علی خان بلوچ۔۔جناب پہلے اس کے متعلق فیصلہ تو ہو لے ۔

مسٹرسپیکر۔۔ آپ اپنی تقریر جاری رکھیں ۔ کیونکہ اس طرح وقت ضائع ہوتا ہے ۔ لیڈر صاحبان اس کے متعلق مشورہ کر رہے ہیں ۔

When I have the views of both the Leaders, then I will let the members know.

مسٹر محمد انور علی خان بلوچ Thank you Sir. ۔ جناب والا ۔ میں جناب خان صاحب سے بھی درخواست کرتا ہوں کہ جب سارا ہاؤس اس بات پر متفق ہو ۔ اور اس نے متفقہ طور پر جناب خان صاحب اور آپ کی خدمت میں درخواست بھی کی ہو ۔ تو جناب ہماری یہ درخواست مان لی جائے ۔ کیونکہ ہماری یہ درخواست genuine ہے ۔ اور صحیح بھی ہے ۔ اس لئے ہم چاہتے ہیں ۔ کہ بجٹ پر اپنے خیالات کا اظہار کرنے سے پہلے اس بات کا تصفیہ ہو جائے تو بجا ہوگا ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان)۔جناب والا ۔ اس وقت خواجہ محمد صفدر صاحب ہاؤس میں موجود نہیں ۔

مسٹر حمزہ۔جناب سپیکر ۔ لائلپور کے معزز ممبر نے جو تجویز پیش کی ہے ۔ میں اس سے اتفاق کرتا ہوں ۔ میرے خیال میں خواجہ محمد صفدر صاحب کو بھی اس سے اختلاف نہیں ہو گا ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان)۔صاحب صدر ۔ مجھے اس تجویز پر کوئی اعتراض نہیں ۔ صبح بھی مجھے آج دوسرا اجلاس منعقد کرنے کیلئے اشارہ کیا گیا تھا تو میں یہ تجویز ماننے کے لئے تیار ہوں ۔ لیکن ایک شرط ہے ۔ مجھے عام طور پر قومی اسمبلی کا تجربہ ہے ۔ یہاں تو مجھے معلوم نہیں کہ شام کو دوسرے اجلاس میں حاضری کی کیا حالت ہوتی ہے ۔ قومی اسمبلی میں جب بھی ہم نے شام کو اسمبلی کا اجلاس کیا ۔ تو وہاں بمشکل کورم پورا ہوتا تھا ۔ بمشکل یعنی وہاں بھی ہم دوڑ کر اور دوڑا کر ۔ پکڑ کر اور پکڑوا کر ۔ منت زاری سے کورم پورا کیا کرتے تھے ۔ تو مجھے ہاؤس کے دوسرے یعنی شام کے اجلاس پر کوئی اعتراض نہیں ۔ اگر آپ ۱۲ چھوڑ ایک بجے تک بھی بیٹھنا چاہیں گے ۔ تو میں اس کے لئے بھی تیار ہوں ۔ لیکن ایک شرط ہے ۔ وہ یہ کہ اگر ان اصحاب میں سے جو اس وقت حاضر ہیں ۔ کچھ اصحاب شام کو نہ آئے تو پھر ۔ (شور شور) میں آپ سے یہ وعدہ لینا چاہتا ہوں ۔

It is a gentleman's agreement

آپ اتنی مختصر سی قربانی کریں ۔ شام کو آ جائیں ۔ اور یہ کوئی مشکل با ت بھی نہیں تقریر کرنے والے حضرات تو ضرور آئیں گے کیونکہ انہوں نے تقاریر کرنا ہونگی ۔ البتہ سننے والے نہیں ہونگے ۔ لہذا یہ ضرور ہے کہ سب حضرات یہاں موجود ہوں ۔ اس سلسلے میں

میں ان حضرات سے بھی وعدہ لینا چاھتا ھوں جو اس وقت Lobbies میں موجود ھیں ۔ وہ بھی وعدہ کریں کہ شام کو ضرور آئیں گے ۔ اس صورت میں مجھے کوئی اعتراض نہیں ۔ اور پھر آپ بیشک ۱۲ بجے تک بیٹھیں ۔

مسٹر سپیکر۔۔خان صاحب ۔ ان حضرات کو ایک بار پھر تاکید فرما دیں جنھوں نے تقاریر نہیں کرنا ھیں ۔ کیونکہ جنھوں نے تقاریر کرنا ھیں ۔ وہ تو ضرور آئینگے ۔

وزیر مال۔۔جناب ۔ میں اس لئے کہہ رہا ھوں تاکہ شام کو ھاؤس میں کورم پورا ھو ۔

مسٹر محمد انور علی خان بلوچ۔۔جناب والا ۔ اسی لئے تو میں نے عرض کیا ھے کہ کل کا وقت رکھا جائے ۔ میرا خیال اب بھی یہی ھے کہ اگر کل کا دن دے دیا جائے تو بہتر ھو گا ۔

Mr. Speaker : That is not possible.

خان عبدالستار خان مہمند۔۔جناب والا ۔ میری تجویز یہ ھے کہ جو معزز ممبران اس وقت ھاؤس میں حاضر ھیں ۔ ان کی حاضری لیجئے ۔ اور ان میں سے جو شام کو غیر حاضر ھوں ۔ ان کا آج کے دن کا الاؤنس کاٹ لیا جائے ۔ اس طرح جن ممبران کی یہ خواھش ھے ۔ وہ پوری ھو جائے گی ۔

Mr. Speaker: I think it is the sense of the House that we should hold a second sitting. We will, therefore meet at Six p.m. uptill what time ?

Minister of Revenue : uptill any time.

میاں محمد شفیع۔۔جناب والا ۔ اگر ھاؤس کا وقت بڑھایا گیا ھے ۔ تو مجھے ۵ منٹ اور دئے جائیں ۔ تاکہ میں اپنی تقریر پوری کر لوں ۔

مسٹر سپیکر۔میاں صاحب آپ تشریف رکھیں ۔

مسٹر محمد انور علی خان بلوچ۔جناب سپیکر ۔ پیشتر اس کے کہ میں بجٹ کے متعلق کچھ عرض کروں ۔ میں اس معزز ایوان کے سامنے ایک بات عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ اور وہ یہ کہ ہمارے بعض دوستوں نے کچھ اعتراضات اٹھائے ہیں ۔ جو بجٹ کے سلسلے میں نہ تھے ۔ اگر آپ اجازت دیں تو میں ان اعتراضات کا جواب عرض کروں ۔ جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ جہاں تک ہماری صوبائی سطح پر ذمہ داری کا تعلق ہے ہم آئے دن چیختے اور پکارتے ہیں کہ ہمارے مسائل کو صحیح طور پر حل کیا جائے ۔ وہاں ہم کئی ایک باتوں کو نظر انداز کر جاتے ہیں ۔ ان کے بارے میں ہم یہ نہیں سوچتے کہ ہمارا کردار کیا ہے ۔ ہمارے اصول کیا ہیں ۔ ان چیزوں کو سامنے رکھتے ہوئے جس دن مارشل لا لگا تھا ۔ اس دن سب سے پہلے یہ آواز آئی تھی کہ جو لوگ ڈکیتیاں کرینگے ۔ جو لوگ چوریاں کرینگے یا جو لوگ اغوا کریں گے ۔ ان کے لئے بڑی زبردست سزائیں ہوں گی ۔ اور وہ اعلان کہ ایسے لوگوں کو ۱۴ سال کی قید ہوگی ۔ ان کو گولی مار دی جائے گی ۔ ان کو یہ کر دیا جائے گا اور ان کو وہ کر دیا جائیگا ۔ اس وقت جناب سپیکر ۔ ہمارے معاشرے میں یکدم ایک تبدیلی آئی اور وہ تبدیلی یہ تھی کہ نہ تو کوئی چوری رہی اور نہ ہی کوئی ڈکیتی رہی اور نہ ہی ملک میں رشوت ستانی تھی ۔ بہرکیف یہ چیز دیکھتے دیکھتے ایک اور چیز بھی سامنے آئی ۔ اور وہ یہ کہ عدالتیں بھی تقریباً خالی تھیں ۔ وکلا صاحبان کے بیٹھنے کے مقامات پر کوئی موکل نظر نہ آتا تھا ۔ جب یہ ساری چیزیں ہمارے سامنے آئیں ۔ تو ہم نے بعد میں محسوس کیا کہ وہ چند ایام جو ہم نے اس وقت گزارے ۔ وہ یقیناً آرام کے دن تھے ۔ کیونکہ ان دنوں ہم آرام کی نیند سو سکتے تھے ۔ اور اب مارشل لا

ختم ہونے کے بعد یہ تمام تر چیزیں ناپید ہیں ۔ اور رشوت پھر عام ہو گئی ہے ۔ ایسا کیوں ہوا ۔ ہم تو چاہتے ہیں کہ انصاف سستا ہو ۔ ہم چاہتے ہیں کہ رشوت بند ہو ۔ تو پھر یہ چیزیں کیوں ہیں ۔ آخر کیوں ۔ اس کا سد باب کرنا ضروری ہے اور وہ کیسے ہو سکتا ہے ۔ اس کا بار بار خیال آنے پر ایک چیز سامنے آئی وہ یہ کہ شاید ہمارے قانون میں کمزوریاں ہیں جن کی وجہ سے یہ لوگ فائدہ اٹھاتے ہیں اگر قانون کی وہ کمزوریاں دور کر دی جائیں اور قانون میں جو خلا ہے اسے ختم کر دیا جائے اور اسے اس طریقہ سے بنایا جائے کہ اسے سمجھا بھی جا سکے اور وہ لاگو بھی ہو سکے ۔

جناب سپیکر۔۔۔اس ضمن میں مجھے ایک چیز یاد آتی ہے کہ چین میں جس وقت Revolution ہوئی تو اس وقت انہوں نے یہ مناسب خیال کیا کہ اتنے بڑے ملک میں جس میں رشوت عام ہے اسے ختم کرنا چاہئے ۔ تو انہوں نے کچھ آدمیوں کو بلا کر کہا کہ یہ معلوم کیا جائے کہ رشوت لینے والوں کی تعداد کتنی ہے چنانچہ وہ لوگ باہر نکلے اور پتہ لگا کر جب واپس آئے تو معلوم ہوا کہ ان کی تعداد ۴۴-ہزار ہے ۔

مسٹر سپیکر۔۔۔بلوچ صاحب آپ کی تمہید لمبی ہو گئی ہے اور آپ کا وقت ختم ہو رہا ہے ۔ صرف ۴ منٹ باقی ہیں ۔

مسٹر محمد انور علی خان بلوچ۔۔۔وقت تو بڑھا دیا گیا ہے ۔

Mr. Speaker : I have already allowed ten minutes to the Member.

چھ منٹ ہو گئے ہیں باقی صرف ۴ منٹ رہ گئے ہیں ۔

مسٹر حمزہ۔۔۔جناب سپیکر ۔ یہ irrelevant ہے ۔ پاکستان میں رہ کر آپ چین کی باتیں کرتے ہیں ۔

Mr. Speaker : Mr. Hamza is also not relevent.

مسٹر محمد انور علی خان بلوچ—چونکہ وقت تھوڑا ہے ۔ اس لئے میں اپنے موضوع کو بدل دیتا ہوں ۔ اور گذارش کرتا ہوں ۔ کہ انصاف سستا ہونا چاہئے ۔ یہ شکایت آئے دن ہوتی ہے ۔ کہ امیر کو تو رشوت دیتے وقت کوئی تکلیف نہیں ہوتی ۔ لیکن ہمارے معاشرہ میں غریب طبقہ زیادہ ہے ۔ اس سے جب رشوت مانگی جاتی ہے یا اس سے رشوت لی جاتی ہے ۔ تو اسے بے حد تکلیف ہوتی ہے ۔

ان الفاظ کے ساتھ میں یہ بھی عرض کر دینا چاہتا ہوں ۔ کہ ہمارے ملک میں جو تعلیمی مسئلہ در پیش ہے ۔ وہ بڑا ہی عجیب ہے ۔ ہماری تعلیم جس پر لاکھوں اور کروڑوں روپیہ خرچ ہو رہا ہے ۔ اسے سستا ہونا چاہئے ۔ ایک پادری جو کسی دوسرے ملک میں جا کر Missionary کی حیثیت میں پبلک سکول قائم کرتا ہے ۔ اور پھر اُن کی تعلیم کو پسند کیا جاتا ہے تو کیا ہم ان کی طرح یہاں پبلک سکول نہیں بنا سکتے ۔ کیا ہمارے ہاں تعلیم مفت نہیں ہو سکتی ایک غریب کا بچہ بھی چاہتا ہے ۔ کہ میں بھی پڑھوں اور اپنے تعلیمی معیار کو بلند کروں ۔ اور اُن Stages پر پہنچوں ۔ جو ایک امیر آدمی کو میسر ہیں ۔ اُس کے پاس دولت نہیں ہوتی ۔ پیسہ نہیں ہوتا ۔ اس کے علاوہ اور بہت سی مجبوریاں ہوتی ہیں ۔ جن کے تحت وہ کچھ نہیں کر سکتا ۔ تو میں اپنی طرف سے اس معزز ایوان کی خدمت میں اور جناب سپیکر کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ یہاں ہماری میٹرک تک کی تعلیم مفت ہونی چاہئے ۔

اس کے علاوہ اور بھی کتنے مسائل ہیں ۔ جن کے بارے میں میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ لیکن وقت کم ہے ۔ اگر شام کی Sitting میں وقت دیا گیا ۔ تو اپنے خیالات کا اظہار کروں گا ۔

مسٹر سپیکر—بلوچ صاحب ۔ شام کی Sitting میں تو یقیناً آپ کو وقت نہیں دیا جائے گا ۔

مسٹر محمد انور علی خان بلوچ—یہاں تو بجٹ کے متعلق کتنی اور چیزیں ہیں ۔ جن پر بحث کرنا چاہتا ہوں ۔

اس وقت ایک چیز سامنے ہے ۔ میں وہ عرض کر دیتا ہوں وہ ہے ۔ Tractors کا مسئلہ ۔ میں اس مسئلہ کو لیڈر آف دی ہاؤس کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ اس وقت وزیر خزانہ صاحب یہاں تشریف فرما نہیں ہیں ۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں ۔ کہ پہلے ایک Tractor 2½ مربعے زمین والے کو ملتا تھا ۔ اور یہ پاس ہوا تھا ۔ کہ اگر 2½ مربع اراضی والا زمیندار اپنی جمع بندی بھیج دے گا ۔ تو اسے Tractor مل جائے گا ۔

اس وقت tractors صرف dealers کو ملتے تھے ۔ زمیندار کو نہیں ملتے تھے ۔

خان عبدالستار خان مہمند—پوائنٹ آف آرڈر ۔ جہاں تک مجھے معلوم ہے ۔ دس مربعہ والوں کو tractors ملتے تھے ۔

Mr. Speaker. This is no point of order.

مسٹر محمد انور علی خان بلوچ—ٹھیک ہے ۔ ڈھائی سے چار مربعہ ہو گئے تھے ۔ اور پھر صرف ۱۷ مربعہ والوں کو ملتے تھے ان کی ڈھال باچھ مانگی جاتی ہے ۔ جو زمیندار مہیا نہیں کر سکتا اس کو ٹریکٹر نہیں ملتا تھا ۔

جناب والا ۔ چھوٹے زمیندار کے لئے تو پھر موقع ہی نہیں مل سکتا کہ وہ اپنی زمین tractor کے ذریعہ کاشت کر سکیں حالانکہ ان کو tractor ضرور ملنا چاہئے ۔ یہ ۱۷ مربعہ اور ۱۵ مربعہ کی پابندی ہٹا

دی جائے تو بہتر ہے ۔ اگر پابندی رکھنا ہی ہے تو کم از کم چار مربعہ کر دینی چاہئے ۔

اس وقت ایک بل نیشنل اسمبلی میں پیش ہو رہا ہے ۔ وہ بھی ہمارے ملک کے بہت بڑے مسئلہ کے متعلق ہے ۔ یہ جو کھڈی والے ہیں ۔ بافندے ہیں ۔ ہمارے ملک میں یہ لاکھوں کی تعداد میں ہیں ۔ اس سے پہلے ہم کھڈیوں پر کوئی ٹیکس نہیں تھا ۔ مگر اب ہے ۔ اس لئے میں اس معزز ہاؤس کی وساطت سے نیشنل اسمبلی سے التجا کرتا ہوں ۔ اور آپ سے request کرتا ہوں کہ میری گذارش ان تک پہنچا دی جائے کہ یہ غریب لوگ ٹیکس برداشت کرنے کے قابل نہیں ہیں ۔ وہ انہیں معاف کر دیا جائے ۔ اس کے علاوہ کچھ آبادی کا مسئلہ ہے ۔ بل کے متعلق بھی کچھ کہنا ہے ۔ لیکن وقت کی کمی کے باعث کچھ نہیں کہہ سکتا ۔ سمندری روڈ منظور کی گئی تھی ۔ کیا میں دریافت کر سکتا ہوں ۔ کہ کن وجوہات کی بنا پر ابھی تک نہیں بنی ؟

چودھری محمد ادریس (جھنگ ۔ ۱)۔جناب سپیکر ۔ یہ حقیقت ہے ۔ کہ سابقہ چند سالوں میں ہمارے ملک نے اور خصوصیت سے ہمارے صوبہ نے بلا شک و شبہ بے حد ترقی کی ہے ۔ اور ہمیں یقین ہے کہ آنے والے سالوں میں بھی صدر صاحب کے منشور کے مطابق عمل کیا جائے گا اور ملک بدستور مزید ترقی کریگا ۔ اس بات کی خوشی ہے ۔ کہ ہمارے بہت سے مسائل حل ہو گئے ہیں ۔ لیکن جناب والا ۔ اس صوبہ میں ابھی تک ایسے علاقے ہیں اور ایسے بے شمار لوگ ہیں ۔ کہ وہ اس ملک کی خوشحالی سے ابھی تک بہرہ ور نہیں ہو سکے ۔

پچھلے دو دنوں میں مختلف علاقے کے ممبر صاحبان اپنے ضلع کو پسماندہ ضلع قرار دیتے رہے ہیں ۔ میں یہ سوچتا رہا کہ میں اپنے ضلع کو کیا کہوں میں پسماندہ کا لفظ نہیں استعمال کرتا بلکہ میں محرومیت اور بد نصیبی کی طرف آتا ہوں ۔ میرا ضلع اور میرا علاقہ اور میرا شہر ایک ایسا محرومیت کا علاقہ ہے اور ایک ایسا بد نصیب علاقہ ہے کہ جہاں پچھلے چند سالوں بلکہ پچھلے ۱۵ سالوں میں بھی زیادہ عرصہ سے کسی قسم کی کوئی ترقی نہیں ہوئی بلکہ ضلع کو دانستہ طور پر محروم رکھا گیا ہے ۔ اس کی وجہ اس ضلع کے سابق سیاستدانوں کے اپنے مفادات ۔ ۔ ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آرڈر ۔ اس ضلع کو الیکشن کے زمانے میں تو بہت اہمیت حاصل رہی ہے ۔

Mr. Speaker : This is no point of order.

چودھری محمد ادریس ۔ ہمارے ضلع کو سابق سیاستدانوں نے اپنے مخصوص مفادات کے پیش نظر ترقی سے دانستہ طور پر محروم رکھا ہے ۔ اور پچھلے تین سالوں میں ہمارے ضلع کے نمائندے جمہوریت کے سنہری نعرے لگا کر ہمارے لئے تفریح طبع کے سامان پیدا کرتے رہے ہیں ۔ جناب والا ۔ اب حالات بدل چکے ہیں پالیسی یہ ہونا چاہئے اور طریقہ کار یہ ہونا چاہئے کہ خوشحالی اور ترقی کے اس دور میں ہر علاقہ کو برابر کا حصہ ملا اور ہمارے ضلع کو اگر زیادہ نہیں تو مناسب حصہ ضرور دیا جائے ۔

جناب والا ۔ ہمارے شہر اور ہمارے ضلع کی محرومیت اور بد نصیبی کا اندازہ اس سے لگائیے کہ ہمارے شہر کے پروفیسر عبدالسلام دنیا بھر کے مانے ہوئے سائنسدان ہیں لیکن اس سے زیادہ بد نصیبی کیا

ہو سکتی ہے کہ ہمارے شہر کے کالج میں اب تک سائنس کی کلاسز تک موجود نہیں ہیں ۔ میں جناب وزیر تعلیم سے استدعا کرونگا کہ وہ اور ان کے افسران جنہوں نے بار بار وعدہ کیا کہ پروفیسر عبدالسلام کے شہر کے کالج میں جلد سائنس کی کلاسز جاری کی جائیں گی ۔ وہ اپنے اس وعدہ کو پورا کریں ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے صاحبزادی محمودہ بیگم کے اس خیال سے پورا اتفاق ہے بلکہ میں ان کی پر زور تائید کرتا ہوں ۔ کہ تعلیم کے میدان میں کم سے کم اگر زیادہ نہیں تو ۵۰ فیصدی عورتوں کو حصہ دیا جائے اور میں استدعا کرونگا کہ اس کار خیر کی ابتدا ہمارے شہر سے کی جائے ۔ جہاں لڑکیوں کا انٹر کالج تو موجود ہے لیکن اس میں سائنس کلاسز نہیں ہیں ۔ ابھی ابھی میرے ایک دوست نے فرمایا تھا کہ لاہور جیسے شہر میں تو یہ ممکن ہو سکتا ہے کہ لڑکیاں لڑکوں کے ساتھ تعلیم حاصل کریں لیکن ہمارے پسماندہ شہر میں یہ نا ممکن ہے ۔ کہ لڑکیاں لڑکوں کے کالج میں داخلہ لیں ۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ انٹر کرنے کے بعد وہ بچیاں جو تعلیم حاصل کرنا چاہتی ہیں اور ان کے والدین انہیں لڑکوں کے کالج میں نہیں بھیجنا چاہتے تو وہ تعلیم سے محروم ہو جاتی ہیں ۔ لہذا اگر اس سال نہیں تو اگلے سال سہی اس اصول پر عمل کرتے ہوئے عورتوں کو بھی تعلیم کے میدان میں ۵۰ فیصدی حصہ دیا جائے ۔ ہمارے شہر میں لڑکیوں کے کالج کو ڈگری کالج ضرور بنایا جائے اور انٹر کالج میں اس سال سے سائنس کی کلاسز کا ضرور انتظام ہونا چاہئیے ۔

جناب والا ۔ میں اس ضلع سے تعلق رکھتا ہوں جس سے دو دریا بہتے ہیں اور جن سے بہت سی نہریں نکلتی ہیں اور ملتان بہاولپور اور دوسرے علاقوں کو پانی مہیا کرتی ہیں لیکن ہمارا ضلع نہری پانی سے محروم ہے ۔ اگر جناب ہم یہ مطالبہ کریں کہ ہمیں نہری پانی کا

مساوی حصہ دیا جائے تو یہ غلط نہ ہوگا لیکن میں جناب اس کے متبادل مطالبہ کرتا ہوں کہ ہمارے ضلع میں زیر زمین پانی کی بہتات ہے اور ہمارے ضلع کے محنتی کسانوں نے اپنی محنت سے ٹیوب ویل لگانا شروع کر دئے ہیں لیکن ان ٹیوب ویلوں کو چلانے کے لئے اگر جلد بجلی مہیا کر دی جائے تو پانی کی کمی دور ہو سکتی ہے اور ہمارا ضلع بھی ترقی کے میدان میں دوسرے ضلعوں کے برابر کھڑا ہو سکتا ہے ۔ صنعتی لحاظ سے ہمارے ساتھ وہی سلوک ہوتا ہے جو ضلع لائل پور کے فاضل ممبر نے ابھی ابھی میرے ساتھ کیا ہے ۔ اور جس طرح سے وہ میرا ٹائم کو اس وقت چھنتیے رہے اسی طرح سے ہمارے ضلع کی صنعتی ترقی کو لائل پور نے ہم سے چھین لیا ہے ابھی پچھلے چند سالوں کا واقعہ ہے کہ جب ہمارے ضلع کے لئے ایک شوگر مل منظور کیا گیا تو لائل پور کے لوگوں نے اور لائل پور کے سرمایہ داروں نے جو شوگر مل ہمیں ملا تھا اسے ہمارے ضلع میں نہیں لگنے دیا اور ہمیں اس وعدہ پر ٹال دیا کہ آپ کے لئے کچھ دنوں بعد شوگر مل منظور کر دی جائے گی ۔

صاحب صدر پچھلے دنوں جھنگ میں tour پر گئے تو انہوں نے کھلے الفاظ میں یہ وعدہ کیا تھا کہ ملک کے کسی حصہ کی صنعتی ترقی میں محض اس لئے رکاوٹ نہیں ہوگی کہ وہاں صنعتیں لگانے کی اجازت نہیں دی جاتی ہے ہم خود اپنے سرمایہ سے اور اپنے raw material سے صنعتیں لگانے کے لئے تیار ہیں اگر حکومت اس قسم کی شرط کر دے اور ہمیں اجازت مل جائے تو ہمارا ضلع صنعتی ترقی میں لازمی طور پر دوسرے ضلعوں کے برابر ہوگا ۔

Mr. Speaker : The Member may please conclude his speech.

چودھری محمد ادریس۔۔جناب میں ختم کرنے سے پہلے جناب حمزہ صاحب کا جواب دینا چاہتا ہوں کہ پچھلے دنوں الیکشن میں ہمارا ضلع کافی مشہور ہو گیا تھا مجھے جناب اس پر فخر ہے کہ میرا ایک ایسا ضلع ہے کہ جہاں پراونشل الیکشن میں آپوزیشن کی درخواستوں پر جناب ریجنل الیکشن کمشنر کی موجودگی میں الیکشن ہوا اور انہوں نے خود پولنگ کی نگرانی کی اور آپوزیشن کے پورے زور کے باوجود الیکشن میں آپوزیشن نے ۳۹۳ ووٹوں میں سے صرف ۵۱ ووٹ پائے ۔ اور یہ الیکشن چیف الیکشن کمشنر کے representative کی موجودگی میں ہوا تھا جس کے متعلق آپوزیشن کے ایک سابق فاضل رکن نے یہ اس وقت اعلان کیا کہ اگر مجھے کسی جگہ بھی بیان دینا پڑا تو میں یہ کہونگا کہ اس سے کوئی اور fair الیکشن نہیں ہو سکتا ۔ مجھے اس بات پر فخر ہے کہ میرے ضلع کے یہ انتخابات ہوئے ہیں وہ fair ہوئے ہیں ۔

آخر میں جناب وزیر خزانہ کو اس لئے مبارکباد نہیں دیتا کہ جناب حمزہ صاحب کو ہر وقت یہ اعتراض ہو جاتا ہے کہ ہماری سائڈ پر بیٹھنے والے معزز دوست مبارکباد سے شروع کرتے ہیں اور شکریہ پر ختم کرتے ہیں ۔ میں اس سے ہٹ کر اپنے وزیر خزانہ کو ایک یقین دہانی کراتا ہوں کہ وہ صوبے کی ترقی کے لئے یا صوبے کی خوشحالی کے لئے جو بھی ٹیکس لگائیں گے ہم اس کو خندہ پیشانی سے قبول کریں گے ۔

مسٹر منظور حسین (شیخوپورہ ۔ ۲)۔۔جناب سپیکر ۔ بجٹ کی اچھائی یا برائی بجٹ کے taxation proposals ہوتے ہیں اور بجٹ کا اچھا یا برا ہونا اس بات پر منحصر ہوتا ہے کہ نئے ٹیکس کتنے لگے ہیں ۔ اور آمدنی کیا ہے ۔ ہم دیکھتے ہیں کہ اس سال بجٹ

میں زیادہ بوجھ کاشتکاروں اور زمینداروں پر رہا ہے جس کی وجہ سے اس ہاؤس کے ہر ممبر نے بجٹ پر خاص تنقید کی ہے۔ میں یہ اپنا فرض سمجھتا ہوں اور مجھے یہ دلی خوشی ہے اور میں ہزاروں زمینداروں کی طرف سے جناب گورنر صاحب کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے بڑھتے ہوئے زرعی انکم ٹیکس پر معافی دے دی۔ اور میں امید کرتا ہوں کہ وہ اسی طرح آبیانہ پر جو ٹیکس لگا ہے اس کی معافی کو بھی سوچیں گے۔

جناب والا۔ ہمارا ملک ایک زرعی ملک ہے۔ قیام پاکستان کے بعد ہمارے حکمرانوں نے اس طرف توجہ نہیں کی جس کی وجہ سے زراعت کافی پیچھے رہی۔ انڈسٹری کی بھی کمی تھی اب انڈسٹری کی طرف کافی توجہ کی گئی ہے لہذا میں سمجھتا ہوں کہ اگر اتنی توجہ زراعت کی طرف کی جاتی تو آج ہمارے ملک کو خوراک کی کمی کا احساس نہ ہوتا۔ آئندہ ۵ سالہ منصوبے میں جیسا کہ زراعت کی طرف توجہ دی گئی ہے ہم کافی حد تک خوراک کے معاملے میں خود کفیل ہو جائیں گے۔ اس کے علاوہ میں قومی ترقی کے لئے یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ اپنی قومی زبان کی طرف زیادہ توجہ دی جائے ہمارے اکثر فاضل ممبران نے اپنے علاقہ کی زبان کی طرف خاصا زور دیا ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہماری زبان جو اردو ہے اس کی طرف ہمیں زیادہ سے زیادہ توجہ دینی چاہئے۔ اس کے علاوہ میں نے یہ بات محسوس کی ہے کہ دیہاتوں میں ہسپتالوں کا کوئی انتظام نہیں ہے۔ میرے ایک دوست نے آج اپنی ایک تقریر میں یہ بات پیش کی کہ ان کے علاقے میں ۵-۷ میل کے اندر کوئی ہسپتال نہیں ہے جناب سپیکر۔ یہ کتنی افسوسناک بات ہے جس علاقہ سے میں تعلق رکھتا ہوں یعنی تحصیل فیروز والا میں کوئی سرکاری ہسپتال نہیں ہے۔

اب جناب میں وزیر تعلیم جناب یاسین وٹو صاحب کو ان کا ایک کیا ہوا وعدہ یاد کرانا چاہتا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ اگر انہوں نے اس وعدہ کو پورا کر دیا تو ضلع شیخوپورہ کو اس بجٹ سے کافی حصہ مل جائیگا ۔

عرض یہ ہے کہ ہمارے ضلع شیخوپورہ میں لڑکیوں کے لئے کوئی کالج نہیں ہے اور جب پچھلے سال شیخ صاحب وہاں تشریف لے گئے تھے ۔ تو انہوں نے وعدہ فرمایا تھا کہ آئندہ سال کالج کی کوشش کریں گے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں ایک کالج ضرور ملنا چاہئے اگر وہ چاہیں تو ضرور مل جائے گا ۔ اس کے بعد جناب سپیکر ۔ میں اپنے علاقے کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ ضلع گوجرانوالہ تحصیل فیروز والا اور سیالکوٹ کا علاقہ جس میں صرف چاول ہی پیدا ہوتے ہیں اور جس سے یہ ملک زر مبادلہ بہت زیادہ کماتا ہے اس علاقے میں نہر کا پانی صرف ۲۵ فیصد اراضی کو ملتا ہے ۔ اگر یہ سو فیصدی کر دیا جائے تو زمیندار خوشحال ہو جائیں گے اور ملک کے لئے زیادہ زر مبادلہ کمایا جا سکے گا ۔ اس کے علاوہ جناب سپیکر ۔ میں لیڈر آف دی ہاؤس کی خدمت میں کچھ ضروری گذارشات پیش کرنی چاہتا ہوں وہ یہ کہ اس وقت جب کہ ہندوستان کی فوجیں ہماری سرحدوں پر جمع ہیں ہمیں چاہئیے کہ ہم اپنے سکولوں اور کالجوں میں ملٹری ٹریننگ لازمی قرار دیں ۔ اور اس کے علاوہ دیہاتوں سے رضاکار بھرتی ہوں اور ان کو ملٹری ٹریننگ دی جائے ۔ اس کے بعد میری یہ گذارش ہے کہ ہمارے ملک میں کافی آدمی ایسے ہیں جنہیں انصاف کے لئے پوری امداد نہیں ملتی ۔ میں چاہتا ہوں کہ ہر ضلع میں Free Legal Aid Societies قائم کی جائیں تاکہ لوگوں کو مفت قانونی مدد مل

سکے ۔ اس لئے میں چاہتا ہوں کہ اس چیز کی طرف زیادہ سے زیادہ توجہ دی جائے ۔ شکریہ ۔

راؤ محمد افضل (منٹگمری ۔ م)۔۔میں جناب وزیر خزانہ صاحب اور ان کے ان ساتھیوں کو جنہوں نے دن رات محنت کرکے یہ ترقیاتی بجٹ اس معزز ایوان میں پیش کیا ہے مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ جناب والا ۔ میں اس تحصیل سے تعلق رکھتا ہوں جو بد قسمتی سے پسماندہ ترین تحصیل کہی جا سکتی ہے ۔ عرض یہ ہے کہ سن ۴۷ میں جب پاکستان بنا تو تحصیل دیپالپور کو جو نہر سیراب کرتی تھی اس کا head works ہندوستان میں آ گیا اور ہیڈ ہندوستان میں چلے جانے کی وجہ سے میری تحصیل دیپالپور کے پانی کا problem اس قدر بڑھ گیا کہ ہمیں چھ ماہ میں سے صرف تین ماہ کے لئے پانی ملا کرتا تھا لیکن ہم سے آبیانہ باقاعدہ وصول ہوتا رہا اور جو ہم خندہ پیشانی سے آج تک دیتے رہے ہیں ۔ اس کے بعد جناب والا ۔ جب G. S Link تیار ہوا تو کچھ پانی میسر آنے لگا مگر جناب والا ۔ سن ۵۸-۵۹ میں settlement ہو جانے کی وجہ سے اس تحصیل دیپالپور میں خوش حیثیتی ٹیکس جو صرف ایک چوتھائی ہوا کرتا تھا اس کو بڑھا کر سات روپیہ تک کر دیا ۔ جناب والا ۔ اس تحصیل سے وصولی پہلے کے مقابلہ میں دو گنی ہو گئی ہے ۔ سن ۵۸-۵۹ سے اس تحصیل کی کل وصولی تقریباً ۱۸-۱۹ لاکھ ہوا کرتی تھی اور اب اس تحصیل کی وصولی ۳۱-۳۲ لاکھ تک پہنچ گئی ۔

جناب والا ۔ ہمارے اس قدر زیادہ آبیانہ کا کوئی جواز نہیں ۔ خوش حیثیتی ٹیکس دو گنا تین گنا کر دیا گیا ہے ۔ اگر جناب وزیر مال صاحب اس علاقے پر کرم فرمائی فرمائیں تو میں مشکور

ہونگا ۔ اتنا heavy tax جو تمام مغربی پاکستان کی کسی تحصیل یا ضلع پر عائد نہیں کیا گیا وہ میری تحصیل دیپالپور پر جس کا میں ممبر ہو کر آیا ہوں عائد کیا گیا ہے ۔ جناب والا ۔ یہ کسی طرح بھی انصاف پر مبنی نہیں ہے ۔ اس کے علاوہ میں تحصیل دیپالپور کے تعلیمی مسائل کے متعلق کچھ عرض کرونگا ۔ میں جناب وزیر تعلیم صاحب سے جو اس حلقہ نیابت سے تعلق رکھتے ہیں گذارش کرونگا کہ وہ عنایت اور مہربانی فرماتے ہوئے یہ خیال فرمائیں کہ صرف ایک گورنمنٹ ہائی سکول تحصیل ہیڈ کوارٹر پر کھولا گیا ہے اور پانچ لاکھ کی آبادی میں صرف ایک گورنمنٹ ہائی سکول ہے ۔ زنانہ سکول کوئی نہیں ۔ تو میں ان سے عرض کروں گا کہ وہ ہمارے اس حق کو پورا کریں ۔ اور بالکل ہچکچاہٹ سے کام نہ لیں ۔ یہ ہمارا حق ہے اور کوئی انگشت نمائی نہیں کرے گا ۔ جب ہم دو گنا یعنی ۴۰ لاکھ روپیہ معاملہ اور آبیانہ کے طور پر دے سکتے ہیں ۔ تو ہمارا یہ حق ہے کہ آپ جلد از جلد اس تحصیل میں ایک انٹر میڈیٹ کالج بنائیں اور ایک گرلز سکول جلد از جلد تحصیل ہیڈ کوارٹر میں کھول کر مہربانی فرمائیں ۔ اس کے علاوہ جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ ابھی تک ہمارے پانی کا مسئلہ حل نہیں ہوا ہے ۔ وہاں پر واپڈا نے ایک drill station بنا دیا ہے مگر اس سے ہم دیہاتیوں کو کوئی فائدہ نہیں پہنچا ۔ بجلی جو ہے وہ ہم تک پہنچ چکی ہے ۔ ہم اسے روزانہ دیکھتے ہیں ۔ دیہاتوں میں پہنچا دی گئی ہے مگر خدا جانے کہ کیا سبب ہے کہ وہ آگے لائینیں نہیں بچھا رہے ۔ ان کے پاس ایک ٹیکنیکل جواب ہے ۔ کہ میٹیریل نہیں ہے ۔ میٹیریل نہیں ملتا ۔ ایک لائین دیپالپور سے مظہر آباد جو کہ میرا موضع ہے گئی ہے ۔ گورنر انسپیکشن ٹیم کے بریگیڈیر صاحب وہاں پر پہنچے اور انہوں

نے میری مدد کی - آن کی عین مہربانی سے میری امداد ہوئی - لائین تو انہوں نے کھینچنی شروع کر دی - سامان جو ہے وہ میرے گاؤں میں موجود ہے - پڑا ہے مگر اب وہ کسی اور چیز کا انتظار کر رہے ہیں جو میرے خیال میں اس معزز ایوان کے بہت سے ممبران کو پتہ ہے کہ وہ کس چیز کا انتظار کرتے ہیں - یہ ایک ممبر کے گاؤں کی حالت ہے - چھ ماہ ہوئے کہ بجلی کا کام شروع ہوا اور آج تک اس کی تقسیم جو ہے وہ نہیں ہو سکی - وہ صرف انتظار کر رہے ہیں کہ انہیں فی کنیکشن ایک ہزار روپیہ دیا جائے جو اس ممبر کے مقدور کے مطابق بھی نہیں ہے - میرے خیال میں اگر یہ معزز ایوان اور اس سے تعلق رکھنے والے حضرات میری اس معاملہ میں امداد فرمائیں تو اس معزز ایوان کی کرم فرمائی ہوگی - جناب والا - سڑکوں کی حالت جناب محمد خان جنیجو صاحب دیکھ کر آئے ہیں - بد قسمتی سمجھئیے یا خوش قسمتی سمجھئیے کہ ایک دفعہ وہ وہاں پر تشریف لے گئے تو انہوں نے بڑی محنت اور کوشش سے میری امداد فرمائی اور وہ یہ تھی کہ انہوں نے وعدہ فرمایا کہ بہت جلد خراب سڑکوں کی جو حالت ہے اسے ٹھیک کرکے پایۂ تکمیل تک پہنچا دیں گے لیکن ڈیڑھ سال کے قریب ہو گیا ہے اس طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی -

جناب والا - پاکپٹن - قصور روڈ جو سن ۵۰ میں بنائی گئی تھی اس کی بھی ناگفتہ بہ حالت ہے - میرا خیال ہے کہ جناب وزیر صاحب اس کی طرف توجہ فرمائیں گے اور جلد از جلد اس علاقے کی یہ problem حل کریں گے - اس کے علاوہ دیپالپور بصیر پور روڈ ہے جو کہ غالباً سن ۳۶ میں بنائی گئی تھی مگر ڈسٹرکٹ کونسل کی وہ ملکیت ہے اور بارڈر ایریا کو جاتی ہے - اس کی حالت بھی

وہ خود دیکھ کر آئے ہیں جو بہت بری ہے ۔ اگر جناب وزیر صاحب اس طرف توجہ فرمائیں تو ان کی مہربانی ہوگی ۔ رقم ڈسٹرکٹ کونسل نے پی ڈبلیو ڈی کے پاس جمع کرا دی ہے ۔ مگر تا حال محکمہ نے کوئی جنبش نہیں کی ۔ جناب والا ۔ اس کے علاوہ ہماری تحصیل دیپالپور میں اوقاف ڈیپارٹمنٹ کے تحت تقریباً ۳۰ ہزار ایکڑ رقبہ ہے جو ان کے قبضہ میں ہے جو اس سے پیشتر ہندو اوقاف کا تھا اور اس پر تقریباً تمام مہاجرین آکر آباد ہوئے ہیں اگرچہ ہماری تحصیل کے اوقاف کا رقبہ تمام مغربی پاکستان کے لوگوں کو الاٹ کر دیا گیا ہے ۔ مگر اس بد قسمت تحصیل میں جو مہاجرین آکر آباد ہوئے ہیں ان کو وہ رقبہ tender پر دیا جاتا ہے جو ایک ایک قسم کا ظلم ہے ۔ میرا خیال ہے اور امید ہے کہ وزیر اوقاف صاحب اس امر کی طرف توجہ فرمائیں گے کہ وہیں کے لوگوں کو وہ رقبہ قیمتاً دیا جائے اور امید ہے کہ وہ ان کے یونٹ کے لحاظ سے ان کی امداد فرمائیں گے ۔ اور یہ دیکھیں گے کہ اس چیز کے برعکس کوئی سکیم تیار نہ ہو ۔

Mr. Speaker : The Member may please conclude his speech now.

راؤ محمد افضل ــ جناب والا ۔ میں نے تو پچھلا بقایا بھی آپ سے لینا ہے اور مجھے امید ہے کہ آپ مجھے موقعہ دیں گے ۔

مسٹر سپیکر ــ ہماری دوسری نشست چھ بجے شام شروع ہوگی اور رات ۹ بجے ختم ہوگی ۔ اب میں ہاؤس کی کارروائی ملتوی کرنے لگا ہوں ۔ راؤ محمد افضل صاحب دوسری نشست میں اپنی تقریر جاری رکھیں گے ۔ لہذا ہاؤس کی کارروائی چھ بجے شام تک کے لئے ملتوی کی جاتی ہے ۔

The Assembly then adjourned till 6.00 *p. m. the same evening.*

The Assembly met at 6 p.m. of the clock.

Mr. Speaker in the Chair.

Mr. Speaker : Yes, Rao Muhammad Afzal.

راؤ محمد افضل (منٹگمری - ۴)—جناب والا - میں بجلی کے متعلق عرض کر رہا تھا - جناب والا - عرض یہ ہے جیسا کہ تحصیل ریکارڈ سے معلوم ہو چکا ہے اگر واپڈا واقعی بجلی دے دے تو اس تحصیل میں جو پیداوار اب ہو رہی ہے اس سے تقریباً تین گنا زیادہ پیداوار بڑھ سکتی ہے اور اس کی اشد ضرورت اس لئے بھی ہے کہ ہندوستان کی طرف سے دیپالپور کینال کا پانی بند ہو جانے کے بعد بھی - اس لنک کے پانی سے تحصیل دیپالپور کے رقبہ کو سیراب کیا جا رہا ہے اور وہ صرف ۳ اور ۴ حصہ کو سیراب کرتا ہے اور باقی ۱ اور ۴ حصہ upstream رقبہ جو تا حال تقریباً پانی سے محروم ہے اور وہ بالکل بنجر ہوتا جا رہا ہے اور اس میں شور پیدا ہو گیا ہے میں جناب لیڈر آف دی ہاؤس سے عرض کروں گا کہ وہ جلد سے جلد اس کا سد باب فرمائیں اور وہاں کے کاشتکاروں کیلئے اور زمینداروں کے لیے کوئی زیادہ سے زیادہ قدم اٹھا کر شکریہ کا موقع دیں -

اب جناب والا - میں یہ عرض کروں گا جیسا کہ جناب گورنر صاحب نے اپنے بیان میں فرمایا ہے - - - - -

Mr. Speaker. The member may please try to conclude his speech.

راؤ محمد افضل—واپڈا کے محکمے کیلئے جلد ہی کوئی چیکنگ ایجنسی مقرر کریں گے جیسا کہ پہلے سے گورنر کی انسپکشن ٹیم موجود ہے تاکہ اس ڈیپارٹمنٹ کا کوئی محاسبہ کیا جا سکے اور اس کی وجہ سے ہم کاشتکاروں اور زمینداروں کو روز مرہ کی

جو تکالیف ہیں ان سے نجات مل سکے ۔ جناب والا ۔ آپ کی وساطت سے محکمہ نہر کی خدمت میں بھی میں یہ عرض کروں گا کہ جن نہروں کی اب تک Remodelling نہیں ہوئی ہے ان کی جلد سے جلد Remodelling کرنی چاہئے تاکہ زمینداروں کو پانی مل سکے ۔ جناب اس وقت پوزیشن یہ ہے کہ نصف وقت گذر چکا ہے اور زمینداروں کو پانی نہیں ملا ہے اور جناب میں صاف صاف یہ بھی عرض کر دوں کہ جن زمینداروں نے اپنی زمینوں کی چک بندیوں کیلئے درخواستیں دے رکھی ہیں وہ درخواستیں اب تک دفتروں میں پڑی ہوئی ہیں ان کا فیصلہ کر کے واپس کر دیا جائے۔ اس کا بھی نصف وقت گذر چکا ہے یعنی ۳ ماہ گذر چکے ہیں لیکن ان کا فیصلہ ہو کر ابھی تک واپس نہیں بھیجی گئیں ۔ جناب والا ۔ اس کے علاوہ تحصیل دیپالپور کی منڈی ہرجانہ اور ہجر شاہ مقیم کو بارڈر ایریا قرار دے دیا گیا ہے وہاں کی اجناس دوسری منڈیوں میں جانا بند ہو گئی ہے لیکن بارڈر ایریا کی چوڑائی ۸ میل ہوتی ہے ۔ اور وہاں کے زمینداروں اور کاشتکاروں کو بے حد نقصان پہنچ رہا ہے ۔ اس علاقے کی اجناس دوسرے علاقے کی اجناس سے تقریباً ۲ اور تین روپے فی من کم فروخت ہو رہی ہیں میں اس ایوان کی وساطت سے یہ عرض کروں گا کہ اس علاقے کے لوگوں کو جلد سے جلد یہ اجازت دی جائے کہ وہ اپنی اجناس دوسری منڈیوں میں فروخت کر سکیں ۔

زراعت کے سلسلے میں تحصیل دیپالپور نے کافی حد تک ترقی کی ہے اس کی وجہ موجودہ حکومت کا تعاون ہے ۔ ہر یونین کونسل کے ہیڈ کوارٹر پر پلانٹ پروٹیکشن کے ماہرین مقرر کر کے وہاں کے زمینداروں کو بتا دیا جاتا ہے کہ کون کون سی بیماریاں فصلوں کو لاحق ہو سکتی ہیں اور ان کا علاج کیا ہے اس طرح اس محکمہ نے

ہمیں ہر طریقہ سے مدد دی ہے اور زمینداروں کو کافی حد تک مدد پہنچائی ہے ۔ کھاد کی تکالیف آج کل زمینداروں کو عام ہیں اس سلسلے میں میری یہ عرض ہے کہ یونین کونسل کی بجائے یونین سوسائیٹی سروس کا پرانا نظام مقرر کیا جائے اس سے زمینداروں کو سہولت ہوگی اور اس سے سوسائیٹی سروس کے نظام کو بھی فائدہ ہوگا ۔

اس کے علاوہ اکثر کھیتوں میں ایمونیم سلفیٹ اور سپر فاسفیٹ استعمال ہوتی ہے مگر زمینداروں کو یہ علم نہیں ہوتا کہ کھیت کس قسم کی کھاد چاہتا ہے تو اگر ہر ضلع ہیڈ کوارٹر پر لیبارٹریز قائم کر دی جائیں تو اس سے زمینداروں کو پتہ چل جائیگا کہ ان کا کھیت کس قسم کی کھاد چاہتا ہے اور اس سے فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ بھی ہو جائے گا ۔

مخدوم اختر علی شاہ قریشی (جھنگ - ۲)۔جناب سپیکر ۔ میں جناب وزیر خزانہ کو موجودہ بجٹ پیش کرنے پر ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے اسے بڑے سوچ و بچار کے ساتھ پیش کیا ہے اور بہت ہی مناسب تقسیم کے ساتھ پیش کیا ہے ۔ دوسرے پنج سالہ منصوبے میں ترقی کی بنیاد رکھ کر Rehearsal کیا گیا ہے اور آئیندہ پنج سالہ منصوبے میں ملک واضح اور نمایاں ترقی کرے گا صد رمحمد ایوب خان کے منشور کو قوم نے اپنا لیا ہے اور موجودہ بجٹ میں صدر ایوب خان کے منشور کی نمایاں جھلک نظر آ رہی ہے ۔

جناب والا ۔ ملک کی ۸۵ فیصدی آبادی کا انحصار دیہات اور زراعت پر ہے آبادی جو دیہاتوں میں رہتی ہے اس کا انحصار زراعت پر ہے ۔ میری گذارش ہے کہ زراعت کو Commission Basis پر کیا جائے تا کہ ملک کی ضروریات پوری ہو سکیں

اور گندم جو کہ ہماری مادری خوراک ہے وہ زیادہ سے زیادہ فراہم ہو سکے ۔ جناب والا میں ضلع جھنگ کے حلقہ نمبر ۲ کا رہنے والا ہوں میں نہیں کہہ سکتا ہوں کہ ہمارا حلقہ پسماندہ ہے اگر پسماندگی پائی جائے تو ہم لوگوں میں ہی ہوتی ہے اور حلقے کا کوئی قصور نہیں ہوتا ۔ اراضی ایک قدرتی تحفہ ہے ۔ پانی موجود ہوتا ہے ۔ کام کرنے والے بھی موجود ہوتے ہیں لیکن ہماری کم عقلی اور کاہلی اور سستی کا نتیجہ ہوتا ہے کہ ہم اس سے زیادہ سے زیادہ استفادہ نہیں کر سکتے ۔ جناب والا ۔ تحصیل شور کوٹ کو دریائے چناب اور دریائے جہلم دو حصوں میں تقسیم کرتے ہیں اور اس کے درمیان رابطہ ہیڈ ترموں سے قائم ہے ۔ اگر شور کوٹ روڈ اور گڑھ مہاراجہ کے درمیان دریائے چناب پر ایک Ferry Bridge یا پل بنا دیا جائے تو وہ تحصیل کے دونوں علاقوں کو آپسمیں ملا دے گا اور دونوں علاقے آپس میں زیادہ قریب ہو جائیں گے ۔ جناب والا ۔ شور کوٹ کا بیشتر علاقہ جھنگ برانچ Tail سے سیراب ہوتا ہے اور حویلی کینال جو کہ ہیڈ ترموں سے نکالی گئی ہے ملتان اور میلسی کو سیراب کرتی ہے ۔ حویلی کینال اور چند مائینرز جو کہ جھنگ برانچ کے ہیں ان کے ذریعے غربی علاقے کو سیراب کیا گیا ہے اور حویلی کینال سے پرانی آبادی جو کہ جھنگ کی ہے اس کو چار فیصدی پانی دیا گیا ہے ۔ حویلی کینال کا جو غربی علاقہ ہے وہ تب سیراب ہو سکتا ہے اگر حویلی کینال سے کچھ مائینرز نکالے جائیں اور جو پانی جھنگ برانچ کا حویلی کینال سے Cross کر کے غربی علاقے کو دیا جاتا ہے اس کو پیچھے روک دیا جائے تو اس صورت میں سر کا علاقہ سیراب کیا جا سکتا ہے ۔ چالیس فیصدی کی بجائے اس کو ساٹھ فیصدی کر دیا جائے تو ضروریات آبپاشی پوری ہو

جاتی ھیں اور اس کے لئے کوئی نیا منصوبہ نہیں بنانا پڑتا یعنی پانی وھیں کا وھیں رہ جاتا ھے اور زرعی پیداوار میں بھی اضافہ ھو سکتا ھے ۔ پھر جناب یہ چیز ھے کہ حویلی کینال کی غربی جانب regulators موجود ھیں گورنمنٹ کو وھاں کوئی نمایاں خرچ نہیں کرنا پڑتا ۔ اس کے علاوہ جناب والا ۔ جھنگ میں کوئی صنعتی ادارہ قائم نہیں ھوا ۔ ھم شوگر مل کے متعلق بہت متوقع تھے لیکن ھمیں شوگر مل نہیں مل سکی ۔ ھم حکومت سے پر زور اپیل کرتے ھیں کہ وہ ھمیں شوگر مل جھنگ کے لئے عطا فرمائے تاکہ لوگوں کی مالی حالت بہتر ھو سکے ۔ جناب والا ۔ تحصیل شور کوٹ میں ایک ھائی سکول موجود ھے ۔ اس کی بلڈنگ تیار ھو چکی ھے وہ بلڈنگ اتنی ھے کہ وہ انٹر میڈیٹ کالج کے لئے کافی ھے تو میری تجویز ھے کہ پرانے ھائی سکول کی جو بلڈنگ ھے اس کو جناب مڈل سکول بنا دیا جائے اور موجودہ ھائی سکول کی بلڈنگ جو ھے اس کو انٹر میڈیٹ کالج بنا دیا جائے ۔ اس طریق پر کوئی نئی بلڈنگ نہیں بنانی پڑتی ۔ صرف سٹاف پرانا ھے جو انٹر میڈیٹ کالج میں کام کرے گا ۔ مڈل سکول میں بھی کام ھوتا رھے گا بلڈنگ دونوں جگہ موجود ھیں ۔ میں جناب ایک اور عرض کرنی چاھتا ھوں کہ ملک میں علاقائی تعصب نہیں ھونا چاھئے ۔ پاکستان حاصل کرتے وقت ایک قلی کا بھی وھی حق تھا جو ایک سرمایہ دار کا تھا ۔ دونوں کی طاقت برابر خرچ ھوئی ۔ مزدور لوگ ھیں ۔ مزارعہ ھیں تو ان کی ترقی اور ان کی معیار زندگی کو بہتر کرنے کے لئے کچھ سوچ و بچار کیا جائے ۔

حاجی عطا محمد (خیر پور ۔ ۲)۔۔جناب سپیکر ۔ بجٹ پر تین دن بحث ھوئی اب یہ بجٹ میرا خیال ھے کہ زیادہ بحث کا محتاج نہیں

لیکن اس میں جو نکتہ چینی کی گئی ہے اس کے متعلق میں کچھ عرض کروں گا کیونکہ ہم سب مغربی پاکستان کے نمائندوں کی صورت میں اس ہاؤس میں ممبرز اراکین کی حیثیت سے جمع ہوئے ہیں ۔ ہمارے پیچھے لوگ اپنے کان لگا رہے ہیں کہ ان کے نمائندے وہاں کیا کر رہے ہیں ۔ اور وہ سوچ رہے ہیں کہ یہ نمائندے ان کے لئے کیا کرتے ہیں اور کیا سوچتے ہیں ۔ عرض یہ ہے ۔ جناب کہ پہلے تو میں صدر مملکت جناب محمد ایوب خان صاحب کا شکریہ بجا لاتا ہوں ۔ کیونکہ انہوں نے ۱۰ کروڑ آدمیوں کی ذمہ داری اپنے کاندھوں پر اٹھائی ہے ۔ یہ کوئی مذاق نہیں ہے ۔ ایک مسلمان مملکت جس کا سر براہ صدر یعنی مسلمانوں کے خلیفہ کی حیثیت رکھتا ہے اس نے اتنا بھاری بوجھ اٹھایا ہے ۔ اس نے اپنا آرام اپنی زندگی قوم کے لئے اور ان کی شکایات سننے کے لئے وقف کر دی ہے اور تمام اندرونی اور بیرونی حالات کا جائزہ ان کے دماغ میں ہوگا ۔ وہ تو قوم کے لئے کام کرتا ہے ۔ اور بوجھ اٹھاتا ہے. اور ہم لوگ ہیں کہ اپنے گھر کا بوجھ نہیں اٹھا سکتے لیکن انہوں نے جو ملک کا بوجھ اٹھایا ہے تو اس کے لئے ہم شکریہ بجا لاتے ہیں اور اس کے ساتھ اس بات کا اظہار کرتے وقت ہرگز نہیں جھجکتے کہ یہ بڑی ذمہ داری ہے اور ہم نے ان تمام ذمہ داریوں کا احساس لازمی طور پر ان کو کرانا ہے ۔ اگر صرف ہم لوگ ان کو مبارک ہی دیتے رہیں گے اور ان کو اس ملک کے اندرونی حالات سے واقف نہیں کرائیں گے تو ان کو کیسے معلوم ہوگا ۔ وہ ہمارا کام ہے ۔ یہ ذمہ داری صرف اس زندگی تک نہیں یہ ہمارا ایمان ہے کہ یہ زندگی چند روزہ کی ہے ۔

قافلہ رفت ما ہم می رویم این بجا چند روز ما بس است

یہ شیخ سعدی شیرازی کی ایک لڑکی نے بادشاہ کو جواب دیا تھا ۔ کہتے ہیں ایک بادشاہ نے شیخ سعدی کے مکان پر دستک دی ۔ اس کی ایک لڑکی ۸/۹ برس کی باہر آئی ۔ بادشاہ اس کو کہتا ہے ۔ ''سعدیا شیرازیا نام است و بس است،، سعدی شیرازی نام تو آپکا بڑا ہے لیکن ''خانۂ تو خار و خس است،، لیکن جھونپڑی جو آپ کی ہے خارو خس کی ہے ۔ تو وہ جواب دیتی ہے ۔

قافلہ رفت ما ہم می رویم این بجا چند روز ما بس است

ان کا یہ فرض ہے کہ وہ صدر صاحب کو یہ تمام باتیں بتاتے رہیں ۔ اس سے انکار نہیں کہ ترقی ہوئی ہے مگر اس کے ساتھ ساتھ اتنا قرضہ بھی ہو گیا ہے ۔ وہ بھی ہمیں ادا کرنا ہے ۔ یہ قرضہ صدر صاحب کی کوشش سے ملتا ہے ۔ مگر اس کا صرفہ اور خرچہ جو ہے وہ اس گورنمنٹ کی مشینری صحیح طور پر نہیں کرتی ۔ اگر اس کا صحیح استعمال ہو تو پھر کسی ٹیکس کے لگانے کی ضرورت نہیں ۔ اور میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ جتنا بھی یہ خرچہ ہوتا ہے اس کا ۵۰ فیصد گورنمنٹ مشینری کے ذریعہ لوگوں کی جیبوں میں چلا جاتا ہے ۔ اور صرف ۵۰ فیصد خرچ ہوتا ہے ۔ اگر خرچہ صحیح ہو تو پھر کسی طبقہ پر ٹیکس لگانے کی ضرورت نہ پڑے ۔ تو یہ جو قرض ہے اسے حزب اختلاف بجا لا رہی ہے ۔ یہ صدر مملکت اور ملک امیر محمد خان گورنر کو جتاتے رہتے ہیں کہ ہمارے ملک میں کیا کیا کمی ہے ۔ بجائے اس کے کہ ان پر نکتہ چینی کی جائے انہیں شاباش اور مبارکباد دینی چاہئے ۔ ان کے حلقہ والوں کو مبارکباد دینی چاہئے کہ انہوں نے اچھا انتخاب کرکے بھیجا ۔ ان کے والدین کو مبارکباد دینی چاہئے کہ انہوں نے ایسا بچہ پیدا کیا ۔ عوام کو اور پاکستان کو مبارکباد دینی چاہئے کہ انہوں نے ایسے افراد پیدا کئے ۔ اس لئے میں یہ اپیل کرتا ہوں کہ وہ

جو ان لوگوں کے اوپر کیچڑ پھینکتے ہیں انہیں اس کے برعکس ان کی تعریف کرنی چاہئے کہ وہ ملک کی خدمت کر رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ جتنی نکتہ چینی حزب اختلاف والوں نے کی ہے اس سے زیادہ نکتہ چینی قائد ایوان کی اپنی پارٹی نے کی ہے ۔ وہ ایک ہاتھ سے انہیں مبارکباد دیتے ہیں اور دوسرے ہاتھ سے انہیں کھینچتے ہیں ۔ یہ کیا مبارکباد ہے ۔ یہ کیا شیخ صاحب نہیں جانتے ؟ ہر آدمی نے یہ کہا ہے کہ اس کا علاقہ پسماندہ ہے ۔ حتیٰ کہ پنڈی والوں نے بھی شکایت کی ہے ۔ لاہور والوں نے بھی یہی شکایت کی ہے ۔ پھر ترقی کہاں ہے ۔ ہمارے سب معزز دوستوں نے نئے ٹیکس کے متعلق تفصیل اور وضاحت سے بات کی ہے ۔ کسانوں کی آمدنی اور خرچ کا جو نقشہ دکھایا گیا ہے اس سے مجھے اتفاق ہے ۔ تھوڑا بہت کام ہوا ہے اس سے انکار نہیں ۔ لیکن قرضہ کتنا ہو گیا ہے ۔

سید عبدالخالق (پشاور ایجنسی ۔ ۴)۔۔جناب والا ۔ سب سے پہلے میں محترم وزیر خزانہ کو فاضل بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد دیتا ہوں ۔ لیکن صرف اتنا عرض کرونگا کہ آبیانہ کی شرح میں جو اضافہ کیا گیا ہے اسے منسوخ کیا جائے ۔ تاکہ غریب زمیندار طبقہ آرام میں ہو جائے ۔ اس کے بعد میں اپنے علاقہ کی ایجنسی کی کچھ ضروریات پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ سب سے پہلے تو میں تین سڑکوں کا ذکر کرونگا ۔ جو مالا کنڈ ایجنسی کے لئے بہت اہمیت رکھتی ہیں ۔ اور ان کی حالت ناگفتہ بہ ہے ۔

(۱) ہری چند شیر گڑھ روڈ (۲) آماندرہ تھانہ روڈ براستہ اللہ ڈھنڈ (۳) ثبخیلہ قلنگی روڈ ۔ ان پر بسوں اور ٹرکوں ہت آمدورفت

جاری رہتی ہے ۔ جب بارش ہو جاتی ہے تو عوام کو کافی تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔ ہری چند شیر گڑھ روڈ جو ہے اس پر لاکھوں من گنا مردان شوگر مل ۔ تخت بھائی شوگر مل ۔ اور چار سدہ شوگر مل کو مہیا کیا جاتا ہے ۔ زمیندار مل والوں سے بات کرکے گنا کاٹ کے سڑک کے کنارے لا کر رکھ دیتے ہیں ۔ اس اثنا میں اگر بارش ہو جائے تو وہ گنا کئی کئی دن سڑک کے کنارے پڑا رہتا ہے ۔ ٹرک والوں کو تو سڑک کی حالت معلوم ہے وہ گنا نہیں لوڈ کرتے وہاں پڑے پڑے گنے کا دو تہائی رس سوکھ جاتا ہے پھر مل والے اسے نہیں لیتے ۔ اس سے زمینداروں کو کاشتکاروں کو کافی نقصان پہنچ جاتا ہے ۔ وہ سوکھا گنا صرف ایندھن کے کام آتا ہے ۔ اس لئے میری عرض یہ ہے کہ یہ بہت اہم سڑک ہے وزیر تعمیرات صاحب آئندہ سیزن سے پہلے اس کی پختگی کا حکم صادر فرمائیں ۔ تاکہ غریب زمیندار نقصان عظیم سے بچ جائیں ۔

جناب والا ۔ میری دوسری عرض یہ ہے کہ مالاکنڈ ایجنسی میں اور ملحقہ ریاستوں میں کافی گرمائی اور سرمائی پھل پیدا ہوتے ہیں ۔ مگر ان کے لئے نزدیک کوئی منڈی نہیں ۔ جس وجہ سے یہ پھل یا تو سستے داموں فروخت ہوتے ہیں یا خراب ہو جاتے ہیں ۔ میری گذارش یہ ہے کہ مالا کنڈ ایجنسی میں کسی موزوں جگہ کیننگ فیکٹری مع کولڈ سٹوریج بنایا جائے تاکہ پھلوں کو ڈبوں میں بند کرنے اور ان سے رس نکالنے کا بندوبست ہو جائے اور اس طرح غریب زمینداروں کی حالت کچھ سدھر سکے ۔

جناب والا ۔ تیسری عرض یہ ہے ۔ کہ ہمارے بعض مواضعات جن کا نام وزیر دو بنڈی ۔ پلٹی درہ ۔ ہروشہ اور سخا کوٹ ہے ۔ جن کی کم از کم دس ہزار ایکڑ بارانی اراضیات ہیں ۔ ابھی تک اس

مذکورہ اراضی کے لئے نہ تو کسی ٹیوب ویل اور نہ ہی بفٹ اریگیشن کا بندوبست کیا گیا ہے ۔ لہذا میں آپ کی وساطت سے وزیر متعلقہ کی خدمت میں عرض کرونگا ۔ کہ اس پنجسالہ منصوبے میں اس کی طرف ضروری توجہ دی جائے ۔ تاکہ وہاں کی زرعی پیداوار میں اضافہ ہو ۔ اور اس طرح لوگوں کی معاشی حالت بھی بہتر ہو ۔

جناب والا ۔ میری چوتھی گذارش یہ ہے ۔ کہ ہمارا علاقہ قبائیلی علاقہ ہے ۔ اور پسماندہ بھی ہے وہاں کے عوام کی بیروزگاری روز بروز بڑھتی جا رہی ہے ۔ اس لئے میری یہ تجویز ہے ۔ کہ وہاں ایک ٹیکنیکل سکول قائم کر دیا جائے ۔ تاکہ وہ لوگ علم و ہنر سیکھیں ۔ اور اپنی پریشانی دور کرنے کی کوشش کریں ۔

سید یوسف علی شاہ (پشاور ۔ ۱)۔۔جناب سپیکر ۔ ایک بجٹ قومی اور اقتصادی ترقی کا آئینہ دار ہوتا ہے ۔ سر براہ مملکت فیلڈ مارشل محمد ایوب خان نے اپنے انتخابی منشور میں قوم سے جو وعدے کئے تھے ۔ ان کو جس مستعدی سے پورا کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے ۔ وہ قابل ستائش ہے ۔ مغربی پاکستان کا یہ موجودہ بجٹ سر براہ مملکت کے منشور میں کئے ہوئے وعدوں کی طرف ایک بہت بڑا قدم ہے ۔ اور میں اس کے لئے جناب وزیر خزانہ کو ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ گورنر مغربی پاکستان جناب ملک امیر محمد خان کی موثر قیادت میں صوبہ مغربی پاکستان میں دوسرے پنجسالہ منصوبے کے دوران نمایاں ترقی ہوئی ہے ۔ قومی آمدنی چوبیس فیصد کے تخمینے سے تین اعشاریہ سات فیصد زیادہ بڑھی ہے ۔ اور اسی طریقے

سے ہماری برقی قوت میں بھی بہت زیادہ اضافہ ہوا ہے ۔ تعلیم کے میدان میں بھی صوبے نے بہت زیادہ ترقی کی ہے ۔ لیکن اس کے ساتھ ہی میرا حلقہ نیابت یعنی پشاور مغربی پاکستان کے ترقیاتی منصوبہ جات سے اب تک پوری طرح مستفید نہیں ہو سکا ۔

جناب والا ۔ پشاور جو کہ پاکستان کے اہم شہروں میں شمار ہوتا ہے ۔ اس کے بھی کئی ایک ایسے مسائل ہیں ۔ جن کو حل کرنے کے لئے فوری توجہ کی ضرورت ہے میں اس سلسلے میں پشاور میں مکانات کی قلت کا ذکر کرونگا ۔ گذشتہ دس سالوں میں یکے بعد دیگرے تین مرتبہ پشاور امپروومنٹ ٹرسٹ کی تشکیل کی گئی ۔ اور ہر مرتبہ عوام کو یہ محسوس ہوا ۔ کہ وہ پشاور کے مسائل کو حل کرنے کی کوشش کریگا ۔ اور پشاور کے پرانے حصے کو مسمار کرکے اس کو دوبارہ تعمیر کریگا ۔ اور پاکستان کے دوسرے شہروں کی طرح وہاں بھی سٹیلائٹ ٹاؤن یعنی ذیلی بستیاں تعمیر کی جائینگی ۔ لیکن آپ کو یہ سن کر تعجب ہوگا ۔ کہ ہر مرتبہ پشاور امپروومنٹ ٹرسٹ بغیر کسی کارروائی کے ختم ہو گیا ۔ اور تیسری مرتبہ بھی آج سے چند دن قبل جب کہ اس کی میعاد ختم ہو گئی ہے ۔ اس کا کوئی اجلاس نہیں ہو سکا ۔ میں آپ سے صرف اتنی عرض کرونگا ۔ کہ باوجودیکہ پشاور ایک چھوٹا سا شہر ہے ۔ لیکن آج پشاور میں مکانوں کی قلت کی وجہ سے مکانوں کے کرائے اس قدر بڑھ گئے ہیں ۔ اور زمین کی قیمت اس قدر زیادہ ہو گئی ہے کہ وہاں ایک عام شہری کے لئے یہ قطعی ممکن نہیں ہے ۔ کہ وہ اپنی رہائش کے لئے مکان تعمیر کر سکے ۔ یا کم از کم مکان ہی کرائے پر لے سکے ۔ اور میں یہاں پر یہ بھی

گذارش کر دوں کہ کئی صورتوں میں لاہور کے مقابلے میں مکانوں کے کرائے پشاور میں زیادہ ہیں ۔ آپ کو پشاور کی نسبت لاہور میں مکان سستے کرائے پر مل سکتے ہیں ۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق پشاور میں دس ہزار مکانوں کی قلت ہے ۔ اس لئے میں آپ کی وساطت سے حکومت مغربی پاکستان سے یہ درخواست کرونگا کہ وہ پشاور کے اس عظیم مسئلے کی طرف جلد از جلد توجہ دیں ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد پشاور میں پرائمری تعلیم کا مسئلہ آتا ہے ۔ آپ کو تعجب ہوگا ۔ کہ پاکستان بننے کے بعد اب تک پشاور کی پرائمری تعلیم میں کسی قسم کی تبدیلی نہیں ہوئی ۔ اس سلسلے میں بلدیہ پشاور دس فیصد حصہ پرائمری تعلیم کے لئے contribute کرتی ہے ۔ جو تقریباً ساڑھے تین لاکھ روپے سالانہ بنتے ہیں ۔ اس کے علاوہ پشاور کے عوام سے محصول چونگی پر دو آنے فی روپیہ cess ادا کرتے ہیں اور یہ بھی ساڑھے تین لاکھ روپیہ بنتا ہے اس طرح ہم سالانہ سات لاکھ روپے حکومت مغربی پاکستان کو دیتے ہیں ۔ حالانکہ وہاں پر جو پرائمری سکول قائم کئے گئے ہیں اس پر حکومت تین لاکھ روپے سالانہ خرچ کرتی ہے ۔ اور پشاور میں جو پرائمری سکول موجود ہیں ان کی حالت اس قدر ناگفتہ بہ ہے کہ اگر آپ پشاور جائیں تو آپ کو وہاں ایسے سکول بھی نظر آئیں گے جہاں سال کے بارہ مہینے کھلے آسمان کے نیچے سکول لگتے ہیں ۔ اور اگر کہیں بارش ہو جائے ۔ تو بچوں کو چھٹی دے دی جاتی ہے وہاں سکولوں کے لئے عمارتیں نہیں ہیں اور جو عمارتیں موجود بھی ہیں تو وہ حفظان صحت کے لحاظ سے قطعی موزوں نہیں ہیں ۔ اس لئے میں حکومت سے یہ درخواست کرونگا ۔ کہ وہ اس اہم قومی مسئلے کی طرف ضرور توجہ دے ۔

اسی طرح جناب والا ۔ میں آپ کی توجہ پشاور کے ہائی سکولوں کی طرف بھی دلاؤں گا ۔ اس سلسلے میں میری یہ گذارش ہے ۔ کہ قیام پاکستان کے بعد پشاور شہر میں ہائی سکولوں کی تعداد میں قطعاً کوئی اضافہ نہیں ہوا ۔ بلکہ ان کی تعداد میں کمی ہی ہوئی ہے ۔ کیونکہ غیر مسلم جو سکول چلایا کرتے تھے ۔ انکے چلے جانے کے بعد وہ سکول بند ہو گئے ۔ اور ہماری حکومت کی طرف سے ابھی تک انکا کوئی بدل نہیں ملا ۔ اور کوئی نیا سکول نہیں کھولا گیا ۔ اسکے بعد میں پشاور انڈسٹریل اسٹیٹ کی طرف آپکی توجہ دلانا چاہتا ہوں ۔ مجموعی طور پر پشاور ریجن میں ملک کے دوسرے علاقوں کے مقابلے میں صنعتی ترقی بالکل کم ہوئی ہے ۔ اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے ۔ کہ وہاں زمین مہنگی ہے ۔ اور اس کے علاوہ اس سلسلے میں حکومت کی جانب سے بجلی اور دیگر ضروریات کی فراہمی کے لئے سستے وسائل نہیں ہیں ۔ کچھ عرصہ قبل جمرود روڈ پر اس کے لئے زمین منتخب بھی ہوئی تھی ۔ لیکن ابھی تک انڈسٹریل ٹاؤن کی جو سکیم ہے ۔ اس پر عملدرآمد نہیں ہوا ۔

جناب والا ۔ میں ایک اور مسئلے کی طرف آپ کی توجہ دلاتا ہوں ۔ اور وہ ہے ۔ اوقاف کا مسئلہ ۔ جہاں تک محکمہ اوقاف کا تعلق ہے ۔ میں اس سلسلے میں آپ سے عرض کروں گا ۔ کہ میں نے اس سلسلے میں پشاور سے متعلق کچھ اعداد و شمار جمع کئے ہیں ۔ ان کے مطابق وہاں مسجدوں کے اماموں کی تنخواہ بہت کم ہے ۔ پشاور شہر میں میں نے دیکھا ہے ۔ کہ بیشتر مساجد میں اماموں کی تنخواہ صرف ساٹھ روپے ہے ۔ اور ان کے مدد گار جن کو خادم کہتے ہیں ۔ ان کی تنخواہ تیس روپے ماہوار ہے ۔ اور اس طریقے سے پچھلے چار پانچ سال کے عرصہ میں پشاور ڈویژن سے

اوقاف کی جو آمدنی ہوئی ہے ۔ اس میں تیس لاکھ روپے کی بچت ہوئی ہے ۔ جو پشاور ڈویژن نے محکمہ اوقاف کو بھیجی ہے ۔ تو میں سمجھتا ہوں ۔ کہ ہمارے لئے یہ بات نہایت ہی باعث شرم ہے ۔ کہ اگر ہم ان لوگوں کے لئے بھی کچھ نہ کر سکیں ۔ کہ جنہیں ہم اپنا امام سمجھتے ہیں ۔ اور جن کے پیچھے کھڑے ہو کر ہم نماز پڑھتے ہیں ۔ آپ اندازہ لگائیے ۔ کہ مہنگائی کے اس دور میں کوئی کس طرح تیس روپے اور ساٹھ روپے ماہوار میں اپنا گذر کر سکتا ہے ۔

اس کے علاوہ پشاور کو ایک اور اہم مسئلہ درپیش ہے ۔ وہ water logging کا ہے ۔ وہاں حالت یہ ہے ۔ کہ نشیبی علاقوں میں پانی کی سطح روز بروز اونچی ہو رہی ہے ۔ اور کئی علاقوں میں زمین کی سے پانی پھوٹنا شروع ہوگیا ہے ۔ ہم گذشتہ کئی سالوں سے حکومت کی توجہ اس جانب مبذول کرا رہے ہیں ۔ لیکن ابھی تک اس سلسلے میں کچھ بھی نہیں کیا گیا ۔ اور اگر water logging کے مسئلے کی طرف اسی طرح کوئی بھی توجہ نہ دی گئی ۔ تو مجھے ڈر ہے ۔ کہ پشاور کا یہ تاریخی اور پرانا شہر مسمار ہو جائے گا ۔

Mir Wali Muhammad Khan Talpur (Hyderabad - V): Mr. Speaker, Sir, in a developing country with little resources of its own, the preparation of the budget is always a difficult task. The expenditure weighs heavily on the Finance Minister's mind and to meet that expenditure he must resort to ways and means of getting as much revenue as possible. And for this purpose he resorts to taxation and loans. Our country is also in the same plight at this moment. Hence the Budget for 1965-66 is presented under those conditions. If it is reviewed in the context of these conditions it will prove to be an eye-opener for all. The huge amounts allotted for industry, for education, for Health, for Social uplift, for Agriculture and for all other Departments show that the intention of the Government to provide maximum benefit to the people. For this our Finance Minister deserves congratulations and praise.

Mr. Speaker, Sir, much has been said about the Budget Moreover because of the short time at my disposal I leave this matter and come to taxation, proposals that have been presented to this House, Sir, in the former Punjab the taxation proposals were not different from what they are

now except that the limit of Rs. 250 for the payment of Agricultural Income tax has been lowered to Rs. 150. Sir, it is a very difficult proposition to explain the conditions that prevail in the region which I represent. We are already under a heavy burden of a fluctuating system of land revenue. This system was thrust upon us in the year 1942. In spite of our clamouring, in spite of Government's promise to change the system it is still being continued. The centralisation of revenue laws which has been promised is still awaited. The Sind agriculturist is the last in the order to receive any benefits but first of all in the order to bear the burden of taxation. No doubt that the conditions for the production of agricultural produce are different everywhere. But the worst sufferer in this case is the former Sind Province. The last straw on the camel's back will be the present proposal of taxation. It will be absolutely against the interest of agriculturists and absolutely against the interest of the country itself if 85% of the population is subjected to such burdens without the means to bear them. I would like to request our Revenue Minister to either go into the question of resettlement of land revenue assessment in the former Sind or centralise the revenue laws and then only subject the people of Sind to fresh burden of taxation The more it is said about it the less. Therefore I will not go into the details.

Mr. Speaker, Sir, I want to point out to the Communications Minister through you that the work which is being done by the ADC in the Ghulam Muhammad Barrage area is not doing any good to the people because the Roads Department is incapable of coping with that work. It will be in the interest of the public as well as the entire Ghulam Muhammad Barrage area if railway facilities are provided to transport agricultural produce. At present there is only one railway line from Hyderabad to Badin. Sir, it is a pity that a project which has cost more than thirty-five crores of rupees is devoid of these facilities. It would be in the interest of the public if road transport is made more efficient in this area. I would request that this matter may be brought to the notice of the *Roads Department*.

Thank you, Sir.

Mr. Speaker : Chaudhry Muhammad Iqbal.

چودھری محمد اقبال (گجرات - ۳):۔جناب سپیکر - میں ایک اچھا بجٹ پیش کرنے پر وزیر خزانہ صاحب کو مبارک باد پیش کرتا ہوں - اس کے بعد میں اپنے علاقے گجرات کے متعلق چند تکالیف جو بہت ضروری ہیں عرض کروں گا - جناب والا - ضلع گجرات کے لئے ہم نے کئی دفعہ اور پچھلی اسمبلی میں بھی مفت گنا دینے کی پیش کش کی تھی - میں ذاتی طور پر جانتا ہوں کہ سابقہ صوبہ سرحد میں جتنے بھی ضلعے ہیں وہاں تقریباً سب اضلاع میں شوگر ملیں ہیں - اسی طرح سندھ کے صوبہ کے ہر

ضلع میں شوگر مل ہے ۔ پنجاب میں بھی سرگودھا میں ایک شوگر مل کھلی ہے ۔ ایک اس سال منظور ہو گئی ہے ۔ گوجرانوالہ میں بھی ایک شوگر مل ہے ۔ لائل پور میں دو شوگر ملیں ہیں ۔ ہر ایک ضلع میں جہاں فروٹ بھی پیدا ہوتا ہے ۔ کپاس بھی پیدا ہوتی ہے وہاں شوگر ملیں بھی موجود ہیں ۔ چند سالوں سے راولپنڈی کی آب و ہوا تبدیل ہونے کی وجہ سے ہمارے ضلع گجرات میں کپاس کی فصل نہیں ہوتی ۔ وہاں پندرہ سولہ کاٹن ملیں ہیں جو کئی سالوں سے چلتی نہیں ۔ کپاس پیدا نہ ہونے کی وجہ سے اب وہ بند ہوگئی ہیں ۔ وہاں اب گنا ہی ایک ایسی فصل رہ گئی ہے جن پر زمیندار گذارہ کر سکتے ہیں ۔ مہربانی فرما کر ایک شوگر مل منڈی بہاؤالدین یا ڈنگے میں منظور فرمائی جاوے ۔ گجرات ضلع ایسا ہے کہ جب ملک تباہی کی طرف جا رہا تھا تو اس ضلعے نے ۳۲ میل جلوس نکال کر ملک کو تباہی سے بچا لیا ۔ قیام پاکستان کے وقت ضلع گجرات کی خدمات ہر ایک ضلع سے نمایاں تھیں جناب والا ۔ صدارتی انتخاب بھی ضلع گجرات سے شروع ہوا ۔ گجرات نے جس محبت اور عقیدت کا مظاہرہ کیا تھا ۔ وہ آپ سب صاحبان کو یاد ہوگا ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ میں عرض کروں گا کہ ضلع گجرات کا نصف سے زیادہ علاقہ بارانی ہے ۔ وہاں ٹیوب ویل لگائے جائیں اور جس طرح آبیانہ دوسرے زمینداروں پر لگایا جاتا ہے اسی طریقے سے آبیانہ ہم سے بھی وصول کیا جائے تاکہ ہم با عزت طریقے سے اپنا گذارہ کر سکیں ۔

اس کے علاوہ میں تحصیل کھاریاں کی طرف آتا ہوں ۔ ضلع گجرات میں آنے کے لئے بھمبر نالہ راستے میں پڑتا ہے ۔ بھمبر نالہ

کے دوسری طرف اتنی زیادہ آبادی ہے کہ وہاں ہر سال کئی جانیں برسات کے موسم میں نالہ میں پانی آ جانے کی وجہ سے ضائع ہو جاتی ہیں ۔ اس کے علاوہ لوگوں کو گجرات میں مقدمات کی تاریخوں پر آنا ضروری ہوتا ہے ۔ ان کو بھمبر نالہ سے گذرنا پڑتا ہے جس سے کئی جانیں تلف ہو جاتی ہیں ۔ اس لئے بھمبر نالہ پر پل کی تعمیر نہایت ہی ضروری ہے ۔ براہ کرم اس کی تعمیر کی جائے ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ میں تعلیم کے متعلق عرض کروں گا ۔ لالہ موسیٰ میں ہائی سکولز ہیں لیکن کالج کا ہونا بھی نہایت ضروری ہے ۔ کیونکہ گجرات میں صرف ایک پرانا زمیندارہ کالج ہے جو آبادی کے لحاظ سے وہاں کے طالب علموں کے لئے کافی نہیں ہے ۔ لالہ موسیٰ میں کالج کا کھولنا انتہائی اہم ہے مہربانی فرما کر کالج کی منظوری فرمائی جاوے تاکہ وہاں کے تعلیمی مسائل حل ہو جائیں ۔

جناب والا ۔ ضلع گجرات میں بہت چھوٹے چھوٹے زمیندار ہیں جن کے پاس بارہ ایکڑ سے کم اراضی ہے ان کو کسی اور جگہ آباد کیا جائے جس طرح پہلے زمینداروں کو سندھ میں زمین دی جاتی تھی ان کو بھی زمین دی جائے ۔

آج کل جناب والا ۔ گجرات کے حالات بہت خراب ہیں ۔ خدا کا ڈر تو پہلے بھی لوگوں میں نہیں تھا اور اب حکومت کا ڈر بھی نہیں ہے ہر روز قتل کی وارداتیں آپ اخبارات میں پڑھتے ہوں گے ۔ کچہری میں بازاروں میں ہر روز وارداتیں ہوتی ہیں جن کو سن کر رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں ۔ کوئی بھی اپنے آپ کو وہاں محفوظ

نہیں سمجھتا ۔ انگریز کا بنایا ہوا قانون کمزور ہے ۔ کسی کو بھی کوئی سزا نہیں ہوتی ہے ۔ اگر سیشن کورٹ غلطی سے سزا دے بھی دے تو ہائی کورٹ میں اپیل کرکے وہ ملزم جنہوں نے دن دھاڑے کسی کی گردن اڑا دی ہوتی ہے بری ہو جاتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر۔۔آپ کورٹس کے خلاف کچھ نہیں کہہ سکتے البتہ قانون کی کمزوری کا ذکر کر سکتے ہیں ۔

چودھری محمد اقبال۔۔جناب میں قانون کی کمزوری ہی کا ذکر کر رہا ہوں ۔ کہ اس میں اتنی لچک یا کمزوری ہوتی ہے کہ دن دھاڑے قتل کرنے والے صاف بری ہو جاتے ہیں ۔ خیر میں اس بات کو چھوڑتا ہوں اور اپنے علاقے کی شکایات ایوان میں بیان کرتا ہوں ۔

ہمارے ضلع میں ٹاؤن ڈنگہ کی ایک یونین کمیٹی ہے وہاں کا پانی خراب ہے بڑا نکما پانی ہے اس کا ذائقہ خراب ہے اور بڑا کھارا ہے لہذا پانی دوسرے دیہات سے لانا پڑتا ہے وہاں سے نصف میل کے فاصلے پر پانی اچھا میٹھا ہے اگر وہاں سے واٹر سپلائی کا بندوبست کیا جائے جیسا کہ اکثر قصبات میں واٹر سپلائی کا انتظام ہے تو ہماری مشکلات رفع ہو سکتی ہیں ۔

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی ۔ ۱)۔۔جناب سپیکر ۔ اس سے پہلے کہ میں بجٹ کی کسی clause پر گفتگو کروں میں وزیر خزانہ شیخ مسعود صادق صاحب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں جنہوں نے بجٹ تیار کرتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھا کہ ترقیاتی سکیموں میں کوئی رکاوٹ حائل نہ ہو ۔ جناب والا ۔ اس بجٹ کو اس واسطے صحیح معنوں میں ترقیاتی بجٹ کہا جا سکتا ہے اور

یہ لازمی طور پر صدر مملکت فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کے منشور اور گورنر مغربی پاکستان ملک امیر محمد خان کی قیادت کی روشنی میں تیار کیا گیا ہے۔ اور یہ بات بلا خوف تردید کہی جا سکتی ہے کہ صدر محمد ایوب خان کے عہد میں اور گورنر مغربی پاکستان ملک امیر محمد خان کی قیادت میں جو ترقی پاکستان اور مغربی پاکستان نے کی ہے وہ سابقہ حکومتوں کے بارہ سالوں میں نہیں ہو سکی تھی (خوب ۔ خوب) اس لئے یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ ان کے ۷ سال سابقہ بارہ سالوں پر حاوی ہو گئے ہیں ۔ (خوب ۔ خوب) اس لئے میں اس بجٹ کا خیر مقدم کرتا ہوں ۔ میرے نزدیک یہ بجٹ ہماری ڈویلپمنگ اکانومی (ترقی پذیر معیشت) کا آئینہ دار ہے اور مجھے یقین ہے اس کے ذریعے ہمارا صوبہ اقتصادی طور پر اور بھی زیادہ ترقی کر جائے گا ہم دنیا کو فخر کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ پاکستان کی ترقی کی رفتار بہت تیز ہے ۔ غیر ممالک سے جو ماہرین پاکستان کی ترقی کا جائزہ لینے کیلئے آتے ہیں وہ بار بار اس امر کا اعتراف و اعلان کرتے ہیں کہ پاکستان نے اس قلیل عرصے میں جو اقتصادی اور صنعتی ترقی کی ہے وہ واقعی قابل ستائش ہے ۔ خاص طور پر پانی کے عظیم بند ڈیمز کی تعمیر کی سکیمیں اور مختلف قسم کی فیکٹریاں اور کارخانے مثلاً کھاد شوگر ۔ کپڑے وغیرہ کے اتنے کارخانے قائم ہو چکے ہیں وہ پاکستان کی اقتصادی ترقی کے منہ بولتے ثبوت ہیں ۔ اس کا ایک اور بین ثبوت یہ بھی ہے کہ پاکستان میں ترقی کی رفتار دیکھ کر اور اس کی ٹھوس اقتصادی حالت کو دیکھ کر اب بیرونی ممالک کے ایڈز دینے والے ممالک ہمارا ہاتھ بٹھانے پر زیادہ آمادہ اور زیادہ اعتماد سے تیار ہیں ۔ بلکہ یہ بیرونی ماہر پاکستان کی اقتصادی ترقی کی مثال دوسرے ترقی پذیر ملکوں کے سامنے پیش کرتے ہیں اس سے

ایک طرف پاکستان کی ساکھ بیرونی ملک میں بڑھ گئی ہے اور ہمیں آسانی سے امداد مل رہی ہے - دوسرے سیاسی طور پر ہمارا وقار بیرونی ممالک کی نظروں میں روز بروز بڑھتا جا رہا ہے -

جناب سپیکر - اب اس سے پہلے کہ میرا وقت ختم ہو جائے میرے خیال میں مجھے اپنے علاقے کے مسائل کا ذکر کر لینا مناسب ہوگا اور اگر کچھ وقت ملا تو پھر بجٹ پر کچھ کہوں گا -

جناب والا - ہمارے یہاں علاقائی - صوبائی بلکہ قومی سطح پر اہم ضرووت دو چیزوں کی ہے - ایک تعلیم کا مسئلہ ہے اور دوسرا طبی سہولتوں کی بہم رسانی کا مسئلہ ہے - جہاں تک تعلیم کے مسئلے کا واسطہ ہے - اس کے واسطے کافی کچھ کیا جا رہا ہے مگر مجھے تعلیم بالغان کے بارے میں کچھ عرض کرنا ہے - جناب والا - ۱۹۶۲ میں راولپنڈی کو ایک الگ ریجن مقرر کیا گیا تھا مگر اس وقت ضرورت اس امر کی ہے - کہ اس ریجن میں بچوں کی تعلیم کے علاوہ تعلیم بالغان پر بھی زور دیا جائے شاید اس معاملہ میں اب تک کوئی کام اس واسطے نہیں ہوا کہ راولپنڈی کے علاقہ کو ترقی یافتہ اور تعلیم یافتہ سمجھا گیا ہے - مگر اصلیت یہ ہے کہ اس معاملے میں یہ دوسرے اضلاع سے بہت پیچھے ہے -

جناب والا - ہماری ۸۰ فیصدی آبادی دیہات میں آباد ہے اور وہ اکثر و بیشتر ناخواندہ ہیں وہ غریب ہیں اور صحت کے اصولوں سے ناواقف ہیں اور ان کی صحت کی طرف کوئی خاص توجہ نہیں دی جاتی - عام طور پر ہسپتال اور ڈسپنسریاں شہروں میں قائم کی جاتی ہیں اور اگر دیہات میں میل ہا میل تک نہ کوئی ہسپتال ہے اور نہ ڈسپنسری اور اگر کوئی ڈسپنسری ہے بھی تو وہاں عملہ پورا نہیں ہے اور اگر عملہ ہے تو ادویات نہیں ہیں - جناب والا - دیہاتوں

کو جانے دیجئے ہمارے شہروں میں مریضوں اور زخمیوں کے ساتھ جو سلوک ہوتا ہے وہ ناقابل بیان ہے ۔

جناب والا ۔ صحت عامہ کی مد کے لئے جو ۸ کروڑ ۳۴ لاکھ کی رقم دکھائی گئی ہے وہ میرے خیال میں صوبے کی صحت عامہ کے لئے ناکافی ہے صوبے میں ہسپتال پہلے ہی کم ہیں اور موجودہ ہسپتالوں کی ناگفتہ بہ حالت کسی سے چھپی ہوئی نہیں ہے میں صرف ہسپتال والوں کو اس کا قصور وار نہیں گردانتا بلکہ حقیقت یہ ہے کہ صوبہ کی آبادی کے لحاظ سے صحت عامہ کی سہولتیں بہت کم ہیں ۔ موجودہ ہسپتال اس صوبہ کی ایک تہائی آبادی کے واسطے بھی ناکافی ہیں ۔

جناب والا ۔ میں اپنے فرض سے کوتاہی کروں گا اگر اس وقت میں خاص طور پر راولپنڈی کی تکالیف کا ذکر نہ کروں ۔ ویسے تو طبی سہولتیں تمام صوبے ہی میں کم ہیں لیکن راولپنڈی ارباب اختیار کی بے توجہی کا خصوصی طور پر شکار رہا ہے ۔

جناب والا ۔ راولپنڈی عبوری دارالحکومت ہے ۔ میرے حلقہ نیابت کی آبادی تقریباً چھ لاکھ ہے ۔ صرف راولپنڈی شہر کی آبادی تقریباً اڑھائی لاکھ کے لگ بھگ ہے اس آبادی میں تیز رفتاری سے اضافہ ہو رہا ہے ۔ لیکن بڑھتی ہوئی آبادی کی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے صحت عامہ کی طرف سے کچھ نہیں کیا گیا ۔

اس اڑھائی لاکھ کی آبادی کے واسطے صرف ایک ڈسٹرکٹ ہسپتال ہے جو ۱۲۵ بستروں پر مشتمل ہے ۔ ۱۲۵ بستر تو ایک وارڈ کے لئے بھی ناکافی ہیں ۔ یہاں صرف چھ ڈاکٹر ہیں ۔ اس واسطے بیماروں کا داخلہ نا ممکن ہوتا ہے ۔

اس کے علاوہ یہ ڈسٹرکٹ ہسپتال مری اور گوجر خان تحصیلوں کی ضروریات بھی پوری کرتا ہے ۔ در اصل یہ ہسپتال ہسپتال نہیں ۔ بلکہ اکثر بھنگڑ خانہ نظر آتا ہے ۔ گرمیوں کی لو ۔ بارشوں ۔ آندھیوں اور راولپنڈی کی سردی میں غریب مریض باہر برآمدے میں زمین پر پڑے ہوتے ہیں لہذا میں آپ کی وساطت سے جناب وزیر صحت سے استدعا کرونگا کہ وہ اس ہسپتال کو کم از کم ۵۰۰ بستروں کا ہسپتال بنا دیں تاکہ ہماری تکالیف کچھ تو دور ہو سکیں ۔ اور ہمارے مریض کسی نام کے ہسپتال میں تو جا سکیں ۔ مگر افسوس یہ ہے کہ اس بجٹ میں اس کے لئے کوئی انتظام نہیں کیا گیا ۔ اور ہمارا کوئی خیال نہیں رکھا گیا ۔

مسٹر محمد اکبر خان کانجو (رحیم یار خان - ۴)--جناب سپیکر - ۱۹۶۵-۶۶ء کا یہ بجٹ جو اس وقت اس معزز ایوان میں زیر بحث ہے ایک بہت ہی بڑا اور اہم بجٹ ہے ۔ کیونکہ یہ تیسرے پنج سالہ منصوبے کے پہلے سال کا بجٹ ہے ۔ میں وزیر خزانہ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ وہ اس فرض سے بطریق احسن سبکدوش ہوئے ہیں ۔

جناب والا ۔ زرعی ٹیکس میں اضافے کی سکیم جو اس حکومت نے واپس لے لی ہے ۔ یہ اس کا ایک بہت ہی مستحسن فیصلہ ہے ۔ میں غریب زمینداروں کی طرف سے اس حکومت کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ آبیانے میں دس فیصدی کا اضافہ ۔ اگر حقیقت میں دیکھا جائے تو اس کا نصف بوجھ اس صوبہ کے غریب ترین طبقہ پر پڑے گا ۔ اور وہ غریب طبقہ کون سا ہے ۔ وہ ہمارے صوبے کے مزارعان ہیں ۔ اس میں کوئی شک و شبہ نہیں کہ اس ملک کا غریب ترین اور قابل رحم طبقہ ہمارے کسان اور مزدور ہیں ۔ آبیانے میں

اس دس فیصدی اضافے کا نصف بوجھ غریب مزارعین پر پڑے گا ۔ حکومت کو چاہئے کہ اسے بھی واپس لے کر لاکھوں نہیں بلکہ کروڑوں مزارعین کی دعائیں حاصل کرے ۔ یہ بھی یقیناً اس کا بہت ھی بہتر مستحسن اور مبارک فیصلہ ہوگا ۔

جناب والا ۔ بہاولپور کی مالی امداد میں پچھلے سال کی نسبت اس سال کچھ اضافہ کیا گیا ھے ۔ چونکہ یہ تیسرے پنج سالہ منصوبے کا پہلا سال تھا ۔ اس لئے ھمیں امید تھی کہ ھماری مالی امداد میں زیادہ اضافہ کیا جائے گا ۔ کیونکہ پچھلے کئی سالوں سے بہاولپور کے ساتھ ناانصافی ہو رھی ھے ۔ اور اسے اپنے ترقیاتی فنڈ کا پورا حصہ نہیں ملتارھا ۔ یہ موجودہ حکومت اور نواب امیر محمد خان کالا باغ کی قیادت کا نتیجہ ھے کہ آج وہ اپنی نئی وضع کردہ پالیسی کے تحت پسماندہ علاقوں کی طرف زیادہ سے زیادہ توجہ دے رھے ھیں ۔ تاکہ ان کو سب سے پہلے ترقی دی جائے ۔ (تالیاں) اس لئے ھماری مالی امداد میں جو اضافہ کیا گیا ھے وہ خاطر خواہ نہیں ھے اور ھم بہاولپور کے لوگ اس پر خوش نہیں ۔ ھم یہ سمجھتے ھیں کہ ھمارے ساتھ کوئی زیادہ انصاف نہیں کیا گیا ۔ کیونکہ جو رقم ھمارے لئے مخصوص کی جاتی ھے ۔ وہ کبھی پوری خرچ نہیں ھوتی ۔ لہذا میں جناب وزیر خزانہ کی خدمت میں یہ استدعا کروں گا کہ جس علاقے کے لئے جو رقم رکھی جائے وہ ھر حالت میں خرچ کی جائے ۔ اور اگر وہ خرچ نہ ھو سکے تو اس کے لئے کوئی معقول وجوھات ھونی چاھیئیں اور غیر تسلی بخش وجوہ کی بنا پر متعلقہ حکام کے خلاف سخت کارروائی کی جائے ۔ مثال کے طور پر میں آپ کی خدمت میں رحیم یار خان کے ڈسٹرکٹ ھسپتال کے متعلق عرض کرتا ھوں ۔ اس ھسپتال کے لئے پچھلے دو سال سے مبلغ ۸ لاکھ روپے اور خصوصاً اس کی ترقی کے لئے مخصوص ھو رھے ھیں ۔

لیکن سرخ فیتے کے چکر میں پڑ کر آج تک اس پر ایک پیسہ بھی خرچ نہیں ہوا ۔ اور دو سال سے وہ رقم زائد المیعاد ہو رہی ہے ۔

جناب والا ۔ ہماری مادی ترقی کی رفتار قابل اطمینان ہے ۔ اور ہمیں فخر ہے کہ ہمارا دوسرا پنج سالہ منصوبہ بطریق احسن اور بخیر و خوبی ختم ہو رہا ہے ۔ اب ہم تیسرا پنج سالہ منصوبہ بھی اسی عزم سے شروع کر رہے ہیں ۔ اور انشاء اللہ تعالیٰ ہم اسے بھی ہر حالت میں کامیاب کریں گے ۔ اگر یہ تیسرا پنج سالہ منصوبہ کامیاب ہو گیا تو ہماری حکومت اس پر فخر کرنے میں بجا طور پر حق بجانب ہوگی بلکہ اس کے لئے یہ کام قابل فخر ہوگا ۔ مگر جناب ہم مسلمان ہیں اور ہم نے یہ ملک ایک خاص motto یعنی "لا الہ الا اللہ" کو سامنے رکھ کر حاصل کیا تھا ۔ ہمیں روحانی ترقی کی طرف بھی کچھ توجہ دینی ہوگی ۔ چونکہ ہم مسلمان ہیں ۔ اس لئے روحانی ترقی کے بغیر ہمارے ہاں جتنی ترقی بھی ہو رہی ہے ۔ میں اسے اچھا نہیں سمجھتا ۔ میرے نزدیک اصل ترقی وہی ہے جو ہم روحانیت میں کریں ۔ اس سلسلے میں میں ایک شعر عرض کرتا ہوں ۔

کی مسلمان نے ترقی تو فرنگی بن کر
وہ فرنگی کی ترقی ہے مسلمان کی نہیں

اگر روحانی قدروں کو پامال کرکے ترقی کی جائے ۔ تو یہ کوئی ترقی نہیں ۔ ہم مسلمان ہیں اگر حکومت معاشرے کی اصلاح کی کوشش کریگی ۔ تو ہم انشاء اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ پورا تعاون کریں گے ۔ اس سلسلے میں علامہ اقبال فرماتے ہیں ۔

نہیں ہے ناامید اقبال اپنی کشت ویران سے
ذرا نم ہو تو یہ مٹی بڑی زرخیز ہے ساقی

جناب والا ۔ ہمارے ہاں جتنی خراب چیزیں ہیں ۔ اب میں ان کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ ہمارے ملک میں شراب کو ہی لے لیجیئے ۔ اسے خدا وند تعالیٰ نے ام الخبائث کہا ہے ۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ اسے معمولی آمدنی کی خاطر کیوں جائز سمجھا جاتا ہے ۔ بہرحال یہ ایک اسلامی مملکت کے شایان شان نہیں ۔ بلکہ ہمارے اس اسلامی ملک کے عوام کا یہ مطالبہ ہے کہ اسے بغیر کسی حیل و حجت فوراً بند کیا جائے ۔ (تالیاں)

اسی سلسلے میں دوسری بات جناب بدکاری ہے ۔ اس کے بارے میں جناب گورنر صاحب نے ایک آرڈیننس تجویز کیا تھا ۔ مگر وہ ابھی تک کار گر ثابت نہیں ہو رہا ۔ میرے نزدیک بدکاری کی وجہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۴۹۸ ہے ۔ افسوس کا مقام ہے کہ اگر ایک شخص کی ایک کتے کی بچی چوری ہو جائے تو اس کے متعلق پولیس کے پاس پرچہ چاک ہو سکتا ہے ۔ لیکن اگر ایک شخص کی بیوی بمع بچوں کے اغوا کر لی جائے ۔ تو پولیس والے اس کے متعلق کچھ نہیں کر سکتے ۔ اور ہمارے ملک کا کوئی قانون اس شخص کی مدد نہیں کر سکتا ۔ سوائے اس کے کہ وہ شخص عدالت میں جائے اور ملزم کے خلاف دفعہ ۴۹۸ کے تحت چارہ جوئی کرے ۔ اور پھر دوسری طرف سے تنسیخ ہو جائے ۔ اور اس طرح وہ کئی سال زنا کا مرتکب ہوتا رہے ۔ لہذا میری یہ التماس بلکہ پرزور اپیل ہے کہ تعزیرات پاکستان کی اس دفعہ ۴۹۸ کو قابل دستاندازی پولیس قرار دیا جائے ۔ تاکہ پولیس کارروائی کر سکے ۔

مسٹر سپیکر ۔ کانجو صاحب اب اپنی تقریر ختم فرمائیے ۔

مسٹر محمد اکبر خان کانجو ۔ بہت اچھا جناب ۔

جناب والا ۔ جہاں تک ہمارے نظم و نسق کا تعلق ہے ۔ رشوت ستانی پاکستان کے حسین و جمیل جسم پر ایک ناسور بن چکا ہے ۔ جو ہر وقت رستا رہتا ہے ۔ اور اس کے مواد سے پاکستان کا حسین و جمیل جسم گندا اور بدبودار بن چکا ہے ۔ اس رشوت کے متعلق اب ہمیں کچھ اطمینان ہوا ہے ۔ کیونکہ ہمارے محبوب صدر نے اپنے انتخابی منشور میں وعدہ فرمایا تھا کہ وہ رشوت کو ملک سے ہر قیمت پر ختم کریں گے ۔ اور اس کے متعلق اخبار بین حضرات جانتے ہیں کہ حالیہ گورنروں کی کانفرنس میں بھی یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ رشوت ستانی کو ختم کرنے کے لئے تدابیر سوچی جائیں گی ۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ ہماری حکومت کو بھی اس ناسور کا پورا پورا احساس ہے ۔ مجھے امید ہے کہ ہماری حکومت رشوت ستانی پر پوری طرح قابو پا لے گی ۔

جناب والا ۔ ہمارا ملک اس وقت تعمیر و ترقی کے راستے پر گامزن ہے ۔ ملک کا بچہ بچہ اپنے پورے جذبات اور اپنی پوری طاقت کے ساتھ ملک کی تعمیر و ترقی میں حصہ لے رہا ہے ۔ لیکن اس تعمیر و ترقی پر جتنا روپیہ صرف کیا جا رہا ہے ۔ اس میں سے بیشتر ضائع جا رہا ہے ۔ افسوس کا مقام ہے کہ ہمارے جتنے تعمیری منصوبے بھی ہوتے ہیں ۔ ان سب کے ٹھیکے دئے جاتے ہیں ۔ چنانچہ ٹھیکے دینے والے افسران ٹھیکیداروں سے کمیشن لیتے ہیں ۔ لیکن اسے رشوت نہیں کہا جاتا ۔ یہ کمیشن ۱۵ سے ۲۵ فیصدی تک ہوتی ہے ۔ اور اس کی صورت یوں نہیں کہ اگر ٹھیکیدار کو فائدہ ہو تو وہ اس فائدے پر کمیشن دے گا ۔ نہیں یہ تو اسے کل رقم پر دینا پڑتی ہے ۔ اب آپ خود ہی خیال فرمائیں کہ جب ایک ٹھیکیدار کل رقم کا ۱۵ سے ۲۵ فیصد ٹھیکہ دینے والوں کو دے ۔ تو بڑے بڑے ٹھیکوں کی صورت

میں یہ رقم کہاں تک پہنچتی ہوگی ۔ اور یہ ایک ایسا مستقل سلسلہ ہے جس کی کوئی شخص تردید نہیں کر سکتا ۔

یہ ہر حالت میں ٹھیکیدار سے لی جاتی ہے مسلمان ٹھیکیدار جب ۱۵ سے ۲۵ فیصد کمشن ادا کرے گا تو پھر مزدور کو کیا مزدوری ملے گی ۔ میں جناب گورنر صاحب کی خدمت میں اپیل کرتا ہوں کہ وہ اپنی معائنہ ٹیم میں ایک انجنیئر کا اضافہ کر دیں تاکہ سب کام صحیح ہو جائیں ۔

راجہ محمد عبداللہ خان (گوجرانوالہ ۔ ۳)۔۔محترم سپیکر صاحب ۔ اس موقع پر میں اپنے ضلع اور خصوصاً اپنے علاقہ کے متعلق یا اس کے ساتھ ملنے والے اضلاع کے جو مشترکہ مسائل ہیں وہ آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں ۔

سب سے اہم مسئلہ میرے علاقہ میں کالج کا مسئلہ ہے ۔ اس علاقہ میں جس نے Dr. Graham Hailly جیسے قابل اور محنتی انسان پیدا کئے ۔ جنہوں نے تعلیم و تدریس اور تحقیق کا کام کیا ہے ۔ قانون کی دنیا میں ایس ۔ اے رحمان ۔ یعقوب علی خان اور انوارالحق جیسے قابل جج پیدا کئے ۔ تعلیم کی دنیا میں حمید احمد خان جیسے قابل پروفیسر جو اس وقت پنجاب یونیورسٹی کے وائس چانسلر ہیں ۔ اس علاقہ میں پیدا ہوئے پھر صحافت اور سیاست کے آسمان کے درخشان ستارے مولانا ظفر علی خان تھے ۔ جو چاند کی صورت میں جلوہ گر ہوئے ۔ یہ سب اسی علاقہ سے تعلق رکھتے ہیں ۔ لیکن اس علاقہ کی حالت اس وقت یہ ہے ۔ کہ وہاں ایک بھی گورنمنٹ سکول تحصیل ہیڈ کوارٹر میں نہیں ہے ۔ پبلک کی ہمت اور میونسپل کمیٹی کی مہربانی سے اگرچہ وہاں ایک میونسپل ہائی سکول ہے ۔ ایک گرل سکول ہے ۔ ایک مشن سکول ہے ۔ اور ایک اور لڑکیوں کا پرائیویٹ

سکول ہے ۔ لیکن جہاں تک گورنمنٹ سکول کا تعلق ہے میرے خیال میں یہ تحصیل شاید اپنی مثال آپ ہوگی ۔ جہاں ہیڈ کوارٹر میں ایک بھی گورنمنٹ سکول نہیں ۔ اس سے آپ کو اتنا تو پتہ چل سکتا ہے ۔ کہ لوگوں کو تعلیم کا کتنا شوق ہے اور وہاں کتنے کتنے قابل آدمی پیدا ہوئے ہیں ۔ اس لئے میں حکومت سے درخواست کرتا ہوں ۔ کہ وہاں کے غریب لوگوں پر رحم کریں جن کے بچوں کو دور دور بھیجکر تعلیم دلانی پڑتی ہے ۔ یہ بچے نہایت لائق اور تابی ہیں ۔ لیکن مالی کمزوری کی وجہ سے وہ اعلیٰ تعلیم سے محروم ہو جاتے ہیں ان پر مہربانی فرمائیں ۔ اور ان کی دعائیں لیں چونکہ حکومت کی طرف سے ٹیکس پر ٹیکس لئے جاتے ہیں ۔ اس لئے اب صرف دعاؤں کی ہی ضرورت ہوگی ۔

اس علاقہ کا دوسرا مسئلہ چاول کی پیداوار ۔ کاشت اور فروخت کا مسئلہ ہے ۔ ضلع شیخوپورہ اور ضلع گوجرانوالہ میں جہاں اعلیٰ قسم کا چاول بہت زیادہ مقدار میں پیدا ہوتا ہے ۔ اجارہ داری سکیموں کے تحت ۲۸ روپے من لوگوں سے خرید لیا جاتا ہے ۔ اور باہر منڈیوں میں ۴۸ روپے من کے حساب سے بیچا جاتا ہے ظاہر ہے ۔ کہ اس اجارہ داری کی وجہ سے کاشت کار اور زمیندار کو اپنی محنت کا پھل نہیں ملتا ۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ان کاشت کاروں کو محنت کا پھل ملے ۔ تاکہ وہ اپنے کام میں اور زیادہ دلچسپی لے ۔

مسٹر سپیکر ــ راجہ صاحب ۔ اب آپ تشریف رکھیں ۔ نماز مغرب کے کے لئے ایوان کی کارروائی ۱۵ منٹ کے لئے ملتوی کی جاتی ہے ۔

(اس مرحلہ پر اسمبلی کا اجلاس نماز مغرب کے لئے ملتوی ہو گیا) ۔

The Assembly met again after the evening prayers with Mr. Speaker in the Chair.

Mr. Speaker : Raja Muhammad Abdullah Khan.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : Sir there is no quorum in the House.

Mr. Speaker : Let there be a count (*count was taken*)

The House is not in quorum, let the bells be rung.

(*Quorum bells were rung for five minutes*). Five minutes are over, let the names of the members, who are present in the House, be recorded.

(*At this stage some members entered the House*).

Mr. Speaker : The House is now in quorum. Yes Raja Muhammad Abdullah Khan.

راجہ محمد عبداللہ خان۔جناب والا ۔ میں سیالکوٹ کے متعلق اور چاولوں کی خرید و فروخت کے متعلق کچھ عرض کر رہا تھا ۔ میں نے عرض کیا تھا کہ کاشتکاروں کو ان کی محنت کا پورا پھل نہیں ملتا ۔ یہی نہیں بلکہ وہ لوگ جو کہ چاول خریدتے ہیں اور جن کے پاس ان کی خرید کی اجارہ داری ہے وہ ان کو وقت پر ادائیگی بھی نہیں کرتے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ان بیوپاریوں کو کاروباری لحاظ سے بہت نقصان اٹھانا پڑتا ہے ۔ میں عرض کروں گا ۔ کہ ملکی مفاد کے تحت اور چاول کی کاشت کو فروغ دینے کے لئے اور اس کو بہتر بنانے کے لئے جناب وزیر صاحب موصوف اس چیز کی طرف خاص توجہ دیں ۔ زیادہ سہولتیں بہم پہنچائیں اس اجارہ داری کے ساتھ ساتھ ایک touch system بھی ایجاد کیا گیا جس کے متعلق کاروباری حلقوں میں کافی ناپسندیدگی کا اظہار کیا گیا ہے تو حضور والا بہتر ہوگا کہ کوئی ایسی تجویز آپ غور فرمائیں جو اس تجارت کو فروغ دینے کے لئے ان بیوپاریوں کے لئے فائدہ مند ہو اور کاشت کاروں کے مفاد کا بھی لحاظ رکھتے ہوئے ایسی سکیم بنائی جائے جو touch system کو ہٹا کر اس سے بہتر ثابت ہو سکے صاحبان دوسری چیز جو میں عرض کرنی چاہتا ہوں وہ میرے علاقہ کی صنعتی ترقی کے متعلق ہے ۔ آپ جانتے ہیں کہ وزیر آباد نظام آباد اور

رسول نگر وغیرہ کاروبار کے لحاظ سے آج سے نہیں عرصہ دراز سے مشہور ہیں بلکہ میں کہوں گا کیونکہ وہاں چھریاں چاقو اور قینچیاں بنتی ہیں اور یہ چیزیں معزز اراکین کے گاؤں میں بھی ہونگی لیکن افسوس کا مقام ہے کہ اس کاروبار کو انتہائی درجے کا نقصان پہنچا ہے ۔ منڈیاں تقریباً بند ہو چکی ہیں ۔ بیرونی ممالک میں یہ چیزیں بہت جاتی ہیں اور اس کے لئے جو جائز سہولتیں ہیں وہ بہم نہیں پہنچائی جاتیں ۔ یہ حقیقت ہے کہ اس تجارت کے خراب ہونے سے وزیر آباد شہر اور نظام آباد تقریباً ویران ہو چکے ہیں ۔ یہاں کبھی لوگوں کی حالت اچھی تھی وہ خوشحال تھے آباد تھے اور اس زمانے میں دیکھا گیا ہے کہ سینما دیکھنے کے لئے وہ لوگ لاہور اور دھلی تک جایا کرتے تھے ۔ لیکن آج ان کی حالت عام مزدوروں کی طرح ہو گئی ہے ۔ جو ٹوکری اٹھا کر گذارہ کرتے ہیں ۔ ان کی صلاحیتوں کو بروئے کارلانے کے لئے میں عرض کروں گا کہ ان کے لئے منڈیاں پیدا کی جائیں اور اگر ممکن ہو تو ان کے علاقے کو ایک صنعتی Estate قرار دیا جائے تاکہ وہ لوگ اپنی صلاحیتوں کو صحیح طور پر بروئے کار لائیں اور ملک کے لئے مفید ہو سکیں ۔

دریائے چناب جسے اس علاقے کے لوگ پیر چھناں بھی کہتے ہیں ۔ عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ یہ پیر صاحب غصے میں آ جاتے ہیں اور وزیر آباد اکال گڑھ وغیرہ کے علاقے میں تباہی مچاتے ہیں اس تباہی کا اثر حافظ آباد تک پڑتا ہے ۔ اور پھر سالہا سال تک اس تباہی کی حالت درست نہیں ہو سکتی ۔ میں عرض کروں گا کہ اس علاقے کو تباہی سے بچانے کے لئے کوئی انتظام کیا جائے تاکہ یہ عوام کے لئے مفید ثابت ہو نقصان دہ نہ ہو ۔

سردار گل زمان خان (هزاره - ۱)—جناب والا - میرے فاضل دوستوں نے اپنے اپنے علاقے کی پسماندگی کا رونا رویا ہے - اب مجھے خدشہ ہے کہ کراچی اور لاہور والے معزز حضرات ان شہروں کو پسماندہ قرار دینے کو کوشش کریں گے - جناب والا - میں یہ سمجھ نہیں سکا کہ پسماندہ کون سے علاقے کو کہتے ہیں - کیا اس علاقے کو جہاں کافی روزگار نہ ہو - سستی خوراک نہ ہو - مفت تعلیم نہ ہو ذرائع رسل و رسائل مہیا نہ ہوں عوام کو پینے کا پانی نہ ملے - ایک وقت کی روٹی میسر نہ آئے - میں آپ کی توجہ اپنے علاقے ضلع ہزارہ کی طرف دلانا چاہتا ہوں - جہاں عوام کو ایک وقت روٹی میسر نہیں - لوگ جڑی بوٹیوں اور پتوں پر گذارہ کرتے ہیں - یہاں کوئی روزگار نہیں طبی اور تعلیمی سہولتیں نہیں ہیں - ذرائع رسل و رسائل کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا -

جناب والا - میں سب سے پہلے روزگار کو لیتا ہوں - پہلے وہاں گرمیوں میں صوبائی دفتر منتقل ہو جاتے تھے - مالاکنڈ کی فوجی چھاؤنی بھی گرمیوں کے چند مہینے کے لئے وہاں چلی جاتی تھی وہاں کے لوگ سیزن میں سیاحوں کی ملازمت کرکے اور لکڑی فروخت کرکے اپنا گذارہ کر لیتے تھے - وہاں بارہ ماہ میں صرف آلو کی فصل ہوتی ہے - وہ بھی بہت کم کیونکہ عوام کے پاس کاشت کرنے کے لئے خالی علاقہ نہیں ہے اب وہاں کے عوام جنگل سے لکڑی کاٹ کر اسے بیس بیس میل اپنے کندھوں پر اٹھا کر شہر میں لے جاتے ہیں - اور وہاں سے دو روپے کا آٹا اور آٹھ آنے کا گڑ لاتے ہیں آپ لوگ گڑ سے نفرت کرتے ہیں مگر وہاں گڑ کو نعمت سمجھا جاتا ہے - میرے علاقے میں کوئی طبی سہولتیں نہیں ہیں میرا علاقہ بائیس یونین کونسلوں پر مشتمل ہے مگر وہاں کوئی ڈسپنسری

نہیں صرف گرمی کے موسم میں نتھیا گلی میں سیزن کے لئے ایک ہسپتال قائم کیا جاتا ہے وہ بھی عوام کے لئے نہیں سیاحوں کے لئے میں وزیر صحت سے یہ گذارش کروں گا ۔ کہ اس ہسپتال کو مستقل طور پر وہاں رہنے دیا جائے اگر یہ خیال ہو کہ وہاں سردیوں میں برف پڑتی ہے تو اسے بگوتر میں منتقل کر دیا جائے جہاں تک تعلیم کا تعلق ہے میرے سارے بائیس میل کے علاقے میں صرف دو ہائی سکول ہیں ۔ لورالائی اور بکوٹ ۔ میں وزیر تعلیم صاحب سے گذارش کروں گا کہ اس علاقے کا خاص طور سے خیال رکھیں جہاں تک رسل و رسائل کا تعلق ہے وہاں صرف ایک روڈ ہے جو ایبٹ آباد سے نتھیا گلی اور وہاں سے مری تک جاتی ہے ۔ درمیانی علاقے میں کوئی سڑک نہیں ۔ اگر وہاں سڑکوں کا جال بچھا دیا جائے تو وہاں کے معدنی ذرائع سے حکومت کو کافی فائدہ پہنچ سکتا ہے ۔ میں اپنے معزز وزیر صاحب سے پر زور اپیل کرتا ہوں ۔ کہ وہ اس سیزن میں اس علاقے کا دورہ کریں ۔ ان لوگوں کی حالت دیکھ کر امید واثق ہے کہ ان کے دل میں خود ہی رحم پیدا ہو جائے گا اور وہ وہاں سڑکیں بنانے کے لئے ضرور کچھ نہ کچھ کریں گے ۔

مسٹر عبدالقیوم (کراچی ۔ ۲)۔۔جناب والا ۔ چونکہ وقت تھوڑا ہے ۔ اس لئے میں کسی تمہید کے بغیر کراچی کے مسائل کی طرف آتا ہوں ۔ میرے کراچی کے دوستوں اور محترمہ زاہدہ خلیق الزمان صاحبہ نے کراچی کے مسائل کا بالتفصیل ذکر کیا ہے ۔ کراچی کے لئے ۶ کروڑ ۶۴ لاکھ روپے منظور کئے گئے ۔ اس کے علاوہ ایک اور جگہ کہا گیا ہے کہ کراچی اپنے وسائل سے ۵ کروڑ

۷۸ لاکھ روپے اپنے ترقیاتی منصوبے پر خرچ کر سکتا ہے ۔ یہ پانچ کروڑ ۷۸ لاکھ کی رقم میرے خیال میں ان بقایا جات پر مشتمل ہے جن کی ادائیگی کافی عرصے سے نہیں ہوئی ۳½ کروڑ کی رقم مکانات کی اس میں شامل ہے جس میں سے 1½ کروڑ کی رقم وصول ہو چکی ہے ۔ ۵۷ لاکھ کی رقم پانی کی ہے ۔ جس میں سے ۲۷ لاکھ وصول ہو چکی ہے اور ۳۰ لاکھ باقی ہے اس طرح میرے حساب سے ۴ کروڑ ۴۵ لاکھ کی رقم بنتی ہے حضور والا ۔ اس رقم کی وصولیابی کی کوئی ایسی توقع نہیں ہے اس وقت ہمارے پاس ترقیاتی منصوبوں پر خرچ کرنے کے لئے ۶ کروڑ ۶۴ لاکھ کی رقم موجود ہے ۔ اس رقم کی تقسیم اس طرح سے کی گئی ہے ۔ واٹر اور پاور کو ۵۶ لاکھ ۱۶ ہزار دیا گیا کراچی میں پانی کا بہت بڑا مسئلہ ہے ۔ میرے فاضل دوستوں نے اس کا ذکر کیا ہے کراچی میں زیادہ تر آبادی نئی بستیوں میں ہے میں سمجھتا ہوں کہ دس لاکھ کی ایسی آبادی جس کو پانی کی مناسب سہولتیں میسر نہیں ہیں ۔ اور اس کے لئے کافی رقم کی ضرورت ہے ۔ میں ایک مثال دے سکتا ہوں ۔ وہاں ساڑھے تین لاکھ کی رقم سے پانی کا ایک منصوبہ ۶ ہزار کی آبادی کے لئے تیار کیا گیا حال ہی میں مجھے اس علاقے کے لوگوں سے تبادلہ خیالات کا موقع ملا تو انہوں نے مجھے بتایا کہ جب تک انہیں ڈیڑھ لاکھ روپیہ اور نہ ملے گا پانی کی فراہمی نہیں ہو سکتی ۔

اب میں اپنے حلقہ نیابت کی طرف آتا ہوں ۔ یہ زیادہ تر نئی آبادیوں پر مشتمل ہے ۔ مثلاً ڈرگ روڈ ۔ مالیر ۔ مالیر کنٹ ۔ ائیر پورٹ وغیرہ کل تین لاکھ کی آبادی ہے ۔ ان سب علاقوں میں پانی کی

سہولتیں نہیں ہیں ایک دن میں ڈرگ روڈ کالونی میں دورہ پر گیا تو وہاں ایک ٹیپ پر دو اڑھائی سو برتن موجود تھے - پانی تھوڑا تھوڑا آ رہا تھا - سب کی باری پورے ۲۴ گھنٹے میں بھی نہیں آ سکتی تھی - آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ وہاں پانی کی کتنی زیادہ تکلیف ہے - لوگ گرمیوں کے موسم میں محکمہ پانی کے افسران کے پیچھے مارے مارے پھرتے ہیں -

تو اس لئے وزیر خزانہ صاحب سے میری یہ درخواست ہے کہ وہ اس مد میں اضافہ کریں ہمیں وہاں پر تعلیم کے سلسلے میں تکالیف ہیں - ہائی سکولوں کی تکلیف ہے اور صحت کے معاملوں میں بھی ہمیں تکالیف ہے - ان سب کے متعلق جب demands پر بحث ہوگی تو اس وقت میں اپنی گذارشات پیش کرونگا - اس وقت صرف اتنا ہی عرض کرونگا کہ یہ تمام ملک کی تکالیف ہیں - تمام ملک کے مسائل ہیں اس کے لئے میں ایک تجویز یہ پیش کرونگا - کہ اس مسئلے کو حل کرنے کے لئے دو حصوں میں تقسیم کر دیا جائے - ایک حصہ پرائیویٹ سیکٹر کے حوالے کیا جائے اور دوسرا پبلک سیکٹر کے حوالے کیا جائے میں یہ ایک novel سی تجویز پیش کر رہا ہوں جو کہ میرے ذہن میں ہے کہ کراچی میں جو لوگ باہر کے مقامات سے آئے ہوئے ہیں وہ اکثر ملوں میں ملازم ہیں اور وہاں مل مالکان انہیں کچھ نہ کچھ سہولتیں پانی - تعلیم اور ان کی طبی ضروریات کو مدنظر رکھ کر فراہم کرتے ہیں - تو میں یہ سمجھتا ہوں - کہ اگر کسی planned طریقے سے کوئی منصوبہ بنا دیا جائے - تعلیم طب اور مکانوں کی فراہمی کو پرائیویٹ سیکٹر میں لیا جائے - جیسے کہ ہماری انڈسٹری ہے - یہ پبلک سیکٹر میں بھی ہے - اور پرائیویٹ سیکٹر میں بھی ہے - اس لئے میرا خیال ہے کہ مل مالکان کو یا مخیر حضرات

کو یہ incentive دیا جائے تو کراچی سے شروع کرکے ہم دوسرے علاقوں کے عوام کے انسانی مسائل حل کر سکتے ہیں ۔ کراچی میں زیادہ تر آبادی شمالی علاقوں کی ہے ۔ اور یہ آبادی روز بروز بڑھ رہی ہے اس کو arrest کرنے کے لئے میری یہ تجویز ہے کہ جہاں سے یہ لوگ آتے ہیں ۔ وہاں بھی ترقیات کی طرف زیادہ توجہ دی جائے ۔ اس سے میرا اشارہ دو علاقوں کی طرف خصوصیت کے ساتھ ہے ۔ ضلع ہزارہ سے ہر سال ہزاروں کی تعداد میں روزگار کی تلاش میں کراچی جاتے ہیں ۔ اور دوسرے علاقے ضلع پشاور ۔ مردان اور ان سے ملحقہ علاقے اور ریاستیں ہیں ۔ میری تجویز ہے کہ کراچی کو influx سے بچانے کے لئے اور خود ان علاقوں کے مفاد کے پیش نظر ان علاقوں میں ڈیویلمپنٹ کی جائے ۔ پشاور کے علاقے میں ایک انڈسٹریل اسٹیٹ بن رہی ہے ۔ میں ہر روز اپیل کروں گا ۔ کہ ہزارہ کے علاقے میں بھی ایک سمال انڈسٹریل اسٹیٹ قائم کی جائے ۔

مسٹر عبدالغنی (بہاولپور ۔ ۳)۔جناب والا ۔ پیشتر اس کے کہ میں اپنے علاقے کے مسائل پیش کروں ۔ آپ کی وساطت سے دو ایک ضروری چیزیں اس ایوان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں ۔ اور جن کو میں نے ایک ریزولیوشن کی شکل میں بھی آپ کی خدمت میں پیش کیا ہے ۔

جناب والا ۔ مہاجرین کا مسئلہ ایک بڑا اہم مسئلہ ہے ۔ ہر ضلع اور ہر قصبہ میں claimants ہزاروں کی تعداد میں موجود ہیں راہن اور مرتہن ہر ضلع میں موجود ہیں ۔ مرتہن کو زمین ملنی چاہئے ۔ اور راہن کو رقم ملنی چاہئے ۔ حکومت نے راہن اور مرتہن دونوں کو یکجا زمینیں تقسیم کر دی ہیں ۔ اور وہ claimants بیچارے

اسی طرح اپنے گھروں میں پڑے ہوئے ہیں ۔ اگر آپ اس کے متعلق اعداد و شمار اکھٹے کریں ۔ تو آپ کو معلوم ہوگا کہ ہر ضلع میں ہزاروں کی تعداد میں وہ لوگ موجود ہیں جو صحیح معنوں میں زمینوں کے حقدار ہیں ۔ حکومت کو چاہئے ۔ کہ اگر ان کو کوئی معاوضہ دینا ہے تو وہ اپنی کراؤن لینڈ سے انہیں دے ۔ اور وہ زمینیں ان سے لیکر مہاجرین میں تقسیم کر دی جائیں ۔ میرے خیال میں اس مسئلے پر وزراء صاحبان اور دیگر سب ہی معزز ممبران میری حمایت کریں گے کہ یہ بہت اہم مسئلہ ہے ۔ ہزاروں لوگ قربانیاں دیکر مشرقی پنجاب سے یہاں وارد ہوئے ہیں ۔ لیکن انہیں ایک مرلہ اراضی بھی نہیں ملی اسی طرح ایک اور مسئلہ agreed اور non-agreed ایریاز کا ہے ۔ یہ مرکزی حکومت کا portfolio ہے ۔ لیکن میں آپکی وساطت سے اس معزز ایوان کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ وہ یہاں پر ایک ریزولیوشن پاس کرے کہ اس مسئلے کے حل کے لئے اقدامات کو جلد از جلد عملی جامہ پہنایا جائے تاکہ وہ برباد لوگ جو ابھی تک اس سے محروم ہیں ۔ ان کو ان کا حق دلایا جائے ۔ agreed اور non-agreed ایریاز کے مسئلے کا جہاں تک تعلق ہے ۔ وہ لوگ مشرقی پنجاب میں بھی بیٹھے ہوئے ہیں ۔ اور وہ بھی زمینیں چھوڑ کر یہاں آئے ہیں ۔ اور جو زمینیں ان کے قبضے میں رہ گئی ہیں ۔ ان کو قانونی طور پر دی گئی ہیں ۔ یہ بھی مہاجرین کی حق تلفی ہے ۔ اس لئے میں یہ عرض کرونگا کہ ایک ریزولیوشن اس کے لئے بھی پیش کیا جائے ۔ تاکہ ان کی حق رسی ہو سکے ۔

اس کے علاوہ ایک اور اہم مسئلہ یہ ہے کہ پسماندہ علاقوں اور بالخصوص سابقہ ریاست بہاولپور کے علاقے کی طرف خصوصی توجہ دی جائے ۔ اور وہ مسئلہ یہ ہے ۔ کہ ہمارے علاقے کو سابقہ

پنجاب کے ساتھ شامل کیا گیا ہے ۔ اور مقابلے کے امتحانات میں ہمارے بچوں کو ان کے ساتھ مقابلہ کرنا پڑتا ہے ۔ حالانکہ سابق صوبہ سرحد سندھ اور مشرقی پاکستان کے لئے مخصوص سیٹیں ہیں اس لئے میری بھی یہ گذارش ہے کہ دوسرے علاقوں کی طرح ہمارے علاقے کے لئے بھی سیٹیں مخصوص کی جائیں ۔ کیونکہ ہمارا علاقہ ایک پسماندہ علاقہ ہے ۔ وہاں نہ سکول ہیں ۔ نہ ہسپتال ہیں ۔ جب ون یونٹ معرض موجود میں آیا تھا ۔ تو اس وقت ہمیں یہ تسلی دی گئی تھی ۔ کہ ہر پسماندہ علاقے کی ترقی کی طرف پوری پوری توجہ دی جائیگی ۔ ہمیں اس وقت یہ سنکر خوشی ہوئی تھی ۔ کہ ہمیں پنجاب جیسے ترقی یافتہ علاقے کے ساتھ ملایا جا رہا ہے ۔ اور اب ہمارے مسائل حل ہو جائینگے ۔ لیکن ابھی تک اس علاقے کی ترقی کی طرف کوئی خصوصی توجہ نہیں دی گئی ہے ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ ایک اور بڑا ہی اہم مسئلہ ہے وہ یہ ہے کہ ہمارا علاقہ ایک سو چالیس میل لمبا ہے ۔ اور وہاں نہ تو کوئی سکول ہے ۔ نہ کوئی کالج ہے ۔ نہ کوئی ہسپتال ہے ۔ اور نہ ہی کوئی ریلوے لائن ہے ۔ صرف ایک سڑک شروع کی گئی ہے جو کہ ابھی پایہ تکمیل تک نہیں پہنچی ۔ پچھلے بجٹ میں اس کے لئے تینتالیس لاکھ گیارہ ہزار روپے رکھے گئے تھے ۔ لیکن ابھی تک اس سڑک کا اجرا نہیں ہوا ۔ اس کے علاوہ فورٹ عباس سے منصورہ تک آج تک کوئی سڑک نہیں بنی اور جب وہ لوگ اپنی پیداوار منڈی میں فروخت کرنے کے لئے لاتے ہیں تو انہیں تین روپے کرایہ دینا پڑتا ہے تو ان کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے پچھتر پاؤنڈ کا جو ریلوے ٹریک ہے ۔ وہ ختم کیا جائے اور چونکہ پٹڑی موجود ہے ۔ لائن بھی موجود ہے تو وہاں پر نوے پاؤنڈ کی لائن کا اجرا کیا جائے ۔

چودھری عید محمد (لاہور - ۳)۔جناب سپیکر - میں آپ کی وساطت سے وزیر خزانہ کو سال رواں کا بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں - اور آپ کی وساطت سے وزیر اوقاف کو یہ عرض کرنا چاہتا ہوں - کہ اوقاف کا جو روپیہ جمع ہوتا ہے - اگر اسے قرآن شریف کے درس کے لئے مدرسے قائم کرنے پر خرچ کیا جائے - تو بہت موزوں ہوگا - مثال کے طور پر حضرت داتا گنج بخش علیہ الرحمۃ کے خزانے میں اس وقت لاکھوں روپے جمع ہیں - وہ روپیہ ان مدرسوں کے قائم کرنے پر صرف کیا جائے - اس سلسلے میں میری گذارش یہ ہے - کہ اس مقصد کے لئے تین مدارج ہوں - ایک درجہ قرآن شریف حفظ کرنے کے لئے قائم کیا جائے - دوسرا درجہ قرأت سے پڑھانے کا ہو - اور تیسرا درجہ یونہی روانی سے پڑھنے کا ہو - اور اس کے علاوہ اس غرض کے لئے ایک یونیورسٹی لاہور میں قائم کی جائے - اور یہ تمام کام حضرت داتا گنج بخش علیہ الرحمۃ کے خزانے میں جمع شدہ رقم سے ہو سکتا ہے -

میری دوسری عرض یہ ہے - کہ میں وزیر خزانہ کو یاد دلانا چاہتا ہوں - کہ صدر صاحب کے جلسوں میں انہوں نے جگہ بہ جگہ یہ فرمایا تھا - کہ ہم دفعہ $\frac{81}{3}$ کو اڑا دیں گے - اور تمام سڑکیں گلیاں ، نالیاں اور بجلی ٹھیک ہو جائیں گی -

تیسری گذارش یہ ہے - کہ صبح کے اجلاس میں میری ایک بہن نے فرمایا تھا - کہ سنیما کے مارننگ شو بند کر دئے جائیں - میں ان کی اس تجویز کی تائید کرتا ہوں - کیونکہ صبح کے شو میں طلبا جاتے ہیں - اور اس طرح ان کی تعلیم میں بڑا حرج واقع ہوتا ہے - میں بھی سنیما کی انڈسٹری سے تعلق رکھتا ہوں - میں پہلے صبح کا شو کیا کرتا تھا - لیکن اب صرف اس چیز کو مدنظر رکھ کر نہیں کرتا -

کیونکہ جس وقت لڑکے اور لڑکیاں اپنے بستے لے کر آتے تھے ۔ تو میں نے دیکھا ۔ کہ وہ آپس میں بات چیت بھی کرتے تھے ۔ تو اس لئے میں نے صبح کا شو منعقد کرنا ھی بند کر دیا ۔ اور اپنے ملنے والوں سے بھی کہا ھے ۔ کہ وہ صبح کا شو بند کر دیں ۔ اور میں نے اپنی ایسوسی ایشن میں بھی یہ سوال اٹھایا ھے ۔ لہذا میری بہن نے یہ جو بڑا اھم مسئلہ اٹھایا ھے ۔ میں اس کی پرزور حمایت کرتا ھوں ۔ اور اسے ضرور منظور کیا جائے ۔ میرے باقی دوستوں نے بجٹ کے متعلق بہت کچھ کہا ھے ۔ لہذا میں اس پر ایوان کا زیادہ وقت نہیں لینا چاھتا ۔ اور شکریے کے ساتھ اپنی نشست پر بیٹھتا ھوں ۔

Mr. Speaker : Leader of the House.

Khan Habibullah Khan : Sir, would you kindly permit Mr. Memon to speak for two minutes ?

Mr. Speaker : Yes, Mr. Memon.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, a Member from Lahore accused the Government.....

(voices – Urdu, Urdu)

Sir, I have been given two minutes and I will request the Members to permit me to speak in English. I will make an attempt to explain it to them in Urdu outside the House.

Sir, I was making a submission that Member from Lahore accused the Government of having deprived some newspapers of their legitimate share of advertisements. I have times out of number made it known and declared on the floor of this august House that the main and primary consideration for this Government in the matter of distribution of advertisement is its circulation. The Government does not countenance any such suggestion from any Member and does not feel that any paper is opposed to it. Government looks upon all papers, which represent the national press, with the same impartiality. The only difficulty is the ethics of the Press do not permit me to say here – that certain newspapers either by accident or by design refuse to submit their books of account to the Audit Bureau of Circulation and, therefore, fail to get the necessary certificate of circulation. With the result that the Government had to resort to this step. I assure the Members that on this score there will be no grievance and the Government will be absolutely impartial and just to the national press.

A lady member made a mention about banning these morning shows and Member declared here today that he on his own has actually put this suggestion into practice. I assure the lady member in particular and ths!

august House in general that this matter is receiving the attention of the Government and very soon a decision will be taken to ban these morning shows.

Sir, in the last I would make an humble submission. Unfortunately, yesterday there was some loose talk in this House and I greatly appreciate the Ruling of the Speaker who ordered that particular passage to be expunged. On behalf of the Government I assure the House that we greatly appreciate and admire the way the journalists and Reporters have done their duty. They have been doing it honestly, and I have been declaring it times out of number that there has never been an occasion in the past and there will be no occasion in future for this Government to use the Press Ordinance. The Press has full freedom. The journalists and Reporters are doing their duty without any fear or favour and I assure the House that they will continue to do so and we have nothing but admiration for them.

Mr. Speaker : Leader of the House now.

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان)۔جناب سپیکر صاحب ۔ ایوان کے معزز ممبر صاحبان نے چاہے وہ میری دائیں طرف ہیں یا میری بائیں طرف انہوں نے ہر مسئلے کی طرف بعض تکالیف جو ان کو درپیش ہیں اپنے علاقے میں اپنے ضلع میں یا اپنے حلقہ میں ان کی طرف میری توجہ مبذول کرائی ہے ۔ میں اگر ایک ایک مسئلہ کا ۔ ایک ایک مطالبہ کا اور ایک ایک اعتراض کا جواب دوں تو شاید بہت لمبا وقت اس کے لئے چاہئے ۔ میں صرف مختصراً ایک ہی فقرے میں جواب عرض کئے دیتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ جو جو مسائل آپ کو درپیش ہیں ۔ جو جو معاملے آپ نے یہاں بیان کئے ہیں ۔ جو جو تکالیف آپ کے حلقہ میں آپ کے علاقے میں اور آپ کے ضلع میں درپیش ہیں میں انشاء اللہ حتی‌الوسع ان پر غور کرنے کے لئے اور آپ کی امداد کے لئے تیار ہوں ۔ میں چاہتا ہوں کہ ہر ایک کی تسلی کراؤں لیکن میرے خیال میں یہ یقین دلانا ان کے لئے کافی ہوگا ۔ میرا دراصل مقصد اس وقت آپ سے اجازت لے کر جواب دینے کا ایک تو یہ تھا کہ جناب کو معلوم ہے کہ جنرل بجٹ پر شاید ہی کوئی ایسا موقع اجلاس میں آیا ہو جس میں اس کا ذکر نہ کیا گیا ہو اور یہ فیشن بن چکا ہے ۔ حزب اختلاف کی

طرف سے حکومت پر ایک الزام ہمیشہ لگایا جاتا ہے اور وہ یہ ہے کہ ہر طرف رشوت ہی رشوت ہے ۔ جرائم کی آزادی ہے ۔ کسی محکمہ کو آپ دیکھیں ۔ پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی ہو ۔ جیل خانہ جات ہو ۔ محکمہ صحت ہو ۔ محکمہ مواصلات ہو کوئی بھی محکمہ ہو وہاں رشوت ہی رشوت ہے اور جرائم ڈاکے ۔ قتل ۔ چوریاں اور ہر قسم کے جرائم روز بروز ترقی کرتے ہیں اور زیادہ ہوتے جاتے ہیں ۔ یہ ہمیشہ ہم سنتے آئے ہیں اور اس کا جواب بھی آسان ہے اور ایک ہی فقرے میں دیا جا سکتا ہے لیکن آج میں اس مسئلہ پر خاص طور پر جناب کی وساطت سے معزز ایوان کے ممبر صاحبان کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں اس کی اہمیت یہ ہے کہ خلاف توقع اور خلاف کنونشن ۔ خلاف رواج کل ہمارے اپنے ایک ممبر اور سابقہ وزیر صاحب اور میرے محترم بھائی اور دوست ملک قادر بخش صاحب نے سب سے پہلے آتے ہی بجٹ کی اہم بحث کا آغاز کیا ۔ ہم نے دیکھا ہے کہ عام بحث کا آغاز ہمیشہ حزب اختلاف کی طرف سے ہوتا ہے ۔ ہمیشہ حزب اختلاف کا لیڈر چاہے اس کو لیڈر مانیں یا نہ مانیں رسمی طور پر وہ ہی ہمیشہ بحث کا آغاز کرتا ہے لیکن کل پرسوں یہ نہیں ہوا میں انتظار کر رہا تھا کہ میرے دوست خواجہ محمد صفدر صاحب اٹھتے ہیں اور وہ بحث کا آغاز کریں گے ۔ اگر وہ نہیں تو حمزہ صاحب اٹھتے اور بحث کا آغاز کرتے ۔ لیکن میں نے دیکھا کہ اپنی پارٹی میں سے اور ہماری طرف سے ملک صاحب اٹھے اور انہوں نے بحث کا آغاز کیا ۔ میں اس وقت دیکھتا رہا کہ حزب مخالف کے ارکان خاص کر خواجہ محمد صفدر صاحب اور حمزہ صاحب زیر آستین مسکرا رہے ہیں اور آنکھوں آنکھوں میں داد دے رہے ہیں ۔ کہ واہ ۔ واہ ملک صاحب نے بحث کا آغاز کیا ۔ پہلے تو ان کو ہدیہ تبریک پیش کیا ۔ مجھے معلوم ہے کہ دائیں

ھاتھ اور بائیں ھاتھ ھدیہ تبریک پیش کرتے ھی انہوں نے اپنی گاڑی reverse gear میں ڈال دی ۔

وہ ٹاپ گیئر پر چل رھے تھے مگر پھر اچانک گیراج میں چلے گئے ان کا شکوہ بجا ان کا گلہ درست ان کی شکایت صحیح وہ کہنے لگے بھائیو رشوت ستانی کا ھر طرف زور ھی زور ھے ھر جگہ رشوت ستانی ھے ۔ ھر محکمے میں رشوت ھے ۔ ھر کہیں پر ڈاکے پڑ رھے ھیں ۔ قتل ھو رھے ھیں ۔ جرائم کئے جا رھے ھیں ۔ چوریاں کی جا رھی ھیں ۔ لوگ بیماریوں کا شکار ھیں ھسپتالوں میں کوئی علاج نہیں ھوتا وغیرہ وغیرہ مگر کس زمانے کا ذکر کر رھے تھے اسی زمانے کا جس میں خود وزیر با تدبیر تھے اور بر سر اقتدار ھو کر ان چیزوں کو دور کرنے پر مامور تھے ۔ وہ یقیناً مستقبل کا ذکر نہیں کر رھے تھے ابھی ۲۳ مارچ تک تو وہ خود وزیر تھے ۔ اور مارشل لا کے بعد سے لیکر اب تک ساڑھے تین سال تک وہ وزارت کی کرسی پر براجمان تھے اور اب بھی اسی مسلم لیگ کی صوبے میں حکومت ھے جس کے وہ خود بھی ممبر تھے اور اب بھی اس کے ممبر ھیں ۔ مجھے ان کی عدم موجودگی میں ان کے خلاف بات کرنے سے حجاب آتا ھے یہ غیر مناسب سی بات معلوم ھوتی ھے کہ کسی کی غیر حاضری میں اس کے خلاف کچھ کہا جائے اس لئے میں چاھتا تھا کہ ملک قادر بخش صاحب خود ایوان میں میری تقریر کے وقت موجود ھوں چنانچہ آج صبح میں نے ان کو اوچھ شریف کے پیر صاحب کے ذریعے پیغام بھیجا تھا کہ میں آج ساڑھے گیارہ بجے تقریر کروں گا اس لئے وہ ضرور آئیں مگر وہ کہیں چھپ گئے اور ایوان میں نہ آئے پھر میں نے ان کو پیغام بھیجا کہ میں اس دوسری نشست میں ان کے الزامات کا جواب دوں گا مگر وہ

اب بھی غیر حاضر ھیں لہذا مجھے مجبوراً ان کی غیر حاضری میں ان کے اعتراضات کا جواب دینا پڑا ۔ مگر اب بھی مجھے امید ھے کہ ھمارے خواجہ محمد صفدر صاحب میری باتیں ان تک پہنچا دیں گے اور مجھے بڑی خوشی ھوگی کہ ملک صاحب کو دوبارہ موقع ملے بلکہ میں کہتا ھوں کہ ان کو ضرور موقع دیا جائے تاکہ وہ میری باتوں کا جواب دے سکیں ۔ ملک صاحب نے جو قتل چوریوں اور ڈاکوؤں کا ذکر اسمبلی میں کیا تو اخبارات میں عام سوسائٹی میں ھر گلی کوچے میں یہ شو مچ گیا کہ ایک سابق وزیر اور ذمہ دار رکن حکومت ایوان اسمبلی میں قتلوں چوریوں ڈاکوں اور رشوت ستانیوں کا ذکر کر رھے ھیں مگر اصل میں یہ وزیر صاحب خود اپنے آپ کو ھی condemn کر رھے تھے وہ فرماتے ھیں کہ ان کو احساس ذمہ داری ھے اور یہ ان کے ضمیر کی آواز ھے ۔ لیکن اگر انہیں احساس ذمہ داری تھا تو انہوں نے کیوں اپنے عہد حکومت میں ان خراب حالات کی اصلاح نہ کی اور کیوں وزارت سے چمٹے رھے کیا ان کی یہ پرانی ذمہ داری تھی یا نئی ذمہ داری ھے کیا ان کا ضمیر نیا ھے یا وھی وزارت والا ضمیر اور وھی پرانا ضمیر جس کے ساتھ وہ کرسی وزارت پر متمکن تھے ۔

جب کیا تنگ بتوں نے تو خدا یاد آیا

۲۳ مارچ ۱۹۶۵ تک تو وہ خود وزیر تھے ۔ ان تین برسوں میں ان کی ضمیر ۔ ایمانداری اور دیانتداری کہاں تھی جب کہ وہ محض ایک وزیر ھی نہیں بلکہ ایک سینئر وزیر تھے ۔ میں بس اتنا پوچھتا ھوں کہ ان کا یہ ضمیر پرانا ھے ۔ یا نیا ؟ کیا ان کا ضمیر مردہ تھا یا زندہ اور جاگتا تھا یا اعتکاف میں بیٹھ گیا تھا ۔ یا حج کرنے گیا ھوا تھا ۔ غالباً انہوں نے حج بھی کیا ھوگا معلوم تو حاجی ھوتے

ھیں یا ان کا ضمیر وزارت چھن جانے کے بعد اب جاگا ھے - شکایات کے شور و غوغا سے اصلاح احوال نہیں ھوتی کیا انہوں نے کوئی تدبیر یا تجویز حالات کو سدھارنے کے لئے بھی بتائی ھے کیا انہوں نے کوئی حل بھی بتایا ھے - انہوں نے یہ بھی کہا تھا کہ میں نے وزارت کے زمانے میں کبھی اس بات سے انکار نہیں کیا تھا - کہ صوبے کے محکموں میں رشوت ستانی ھے اور نا اھلی پائی جاتی ھے چنانچہ بطور ثبوت انہوں نے فرمایا تھا کہ اگر ان کے کسی محکمے کے خلاف تحریک التوا پیش ھوتی اور اسکی سماعت کی منظوری کے لئے آپوزیشن کو مطلوبہ تعداد میں ممبران نہ ملتے تو میں اپنی طرف سے اجازت دلا دیتا تھا کہ میرے محکمے کے خلاف تحریک التوا بے شک پیش کر لی جائے - لیکن میں پوچھتا ھوں کہ کیا ملک صاحب یہ اعتراف کرنے کے لئے تحریک التوا پیش کرنے کی اجازت دیتے تھے کہ میں مانتا ھوں کہ میرے محکموں میں واقعی رشوت ستانی زیادہ ھے سرکاری افسر اور اھلکار نا اھل ھیں یا وہ اس لئے اجازت دیتے تھے کہ خم ٹھونک کر اپنے افسروں اور اھل کاروں کی ڈیفنس پیش کر سکیں (خوب - خوب) - جناب والا - اگر وہ ساری باتیں درست ھیں جو ملک صاحب نے ایوان میں اب بیان فرمائی ھیں جب کہ وہ وزارت سے نکل چکے ھیں تو کیا میں آپ کی وساطت سے ان سے پوچھ سکتا ھوں کہ وہ وزارت کے زمانے میں ایک با اصول اور با ضمیر اور ذمہ دار شخص کی حیثیت سے کیوں ان چیزوں کا انکشاف نہیں کرتے تھے - یا ان کی پردہ پوشی کیوں کرتے تھے - یہاں مجھے جناب والا - اس حکیم صاحب کی کہانی یاد آ گئی ھے جن کے پاس ایک شخص آیا اور کہنے لگا کہ حکیم صاحب میرے دانتوں میں کیڑے پڑ گئے ھیں سخت تکلیف ھے کوئی علاج تجویز فرمائیے - حکیم صاحب نے

فرمایا کہ کل آئیے دوسرے دن جب وہ شخص پھر حاضر ہوا تو حکیم صاحب بڑی متانت سے فرمانے لگے ۔ بچے گڑ نہ کھایا کرو اس نے حیران ہو کر پوچھا حکیم صاحب اگر یہی گڑ نہ کھانا علاج تھا تو آپ نے یہ چھوٹی سی بات کل ہی کیوں نہ فرما دی حکیم صاحب نے انکسار و ادب سے جواب دیا بھائی کل میں نے بھی گڑ کھایا ہوا تھا اس لئے جس کام سے میں خود پرہیز نہیں کرتا تھا اس سے آپ کو روکنے کے لئے کس منہ سے کہتا ۔ الحمد اللہ آج سے میں نے خود گڑ کھانا چھوڑ دیا ہے اس لئے پہلے خود عمل کرکے آپ کو نصیحت کر رہا ہوں کہ آپ بھی گڑ نہ کھایا کریں تو میں کہوں گا کہ یہ ملک صاحب تم نے خود بھی گڑ کھایا ہے مگر خود ہی گڑ کھانے کے خلاف لیکچر دیتے پھر رہے ہو یہ کیا بات ہوئی رشوت ستانی کے خلاف قتل ڈاکے کے خلاف اتنی دھواں دھار تقریریں ملک صاحب کو زیب نہیں دیتیں البتہ اگر ایک صاحب کردار شخص جناب خواجہ صاحب جو خود گڑ نہیں کھاتے وہ آکر کہیں کہ بچے گڑ نہ کھایا کر تو ہم ان کی قدر کریں گے (قہقہے) ۔

جناب سپیکر ۔ ملک صاحب نے ضلع بنوں کی ایک کہانی سنائی تھی میں بھی ایک کہانی ضلع مظفر گڑھ کے متعلق سنانی چاہتا ہوں اور پیر صاحب اوچھ شریف سے استدعا کرتا ہوں کہ وہ یہ کہانی ملک صاحب کو سنا دیں ۔ سپیکر صاحب کہانی یہ ہے کہ دو زمیندار منڈی میں مال فروخت کرکے واپس گاؤں کو جا رہے تھے ان کے پاس پیسے تھے جنگل میں جاتے جاتے ان پر جھاڑیوں میں سے ڈاکو نے حملہ کر دیا ۔ ایک ساتھی تو چھپ گیا مگر دوسرے کو ڈاکو نے گھیر لیا اور کہا کہ نکالو سارا مال ۔

اس نے ہاتھ جوڑ کر کہا کہ ہے ہی نہیں ڈاکو نے کہا اپنی جیب کی تلاشی دو ۔ چنانچہ ڈاکو تلاشی لینے کے بعد مال کی فروخت کے جتنے پیسے بھی اس کی جیب میں تھے لے کر چلتا بنا ۔ اس کے بعد دوسرا ساتھی بھی آ گیا ۔ اور یہ جو لوٹا گیا تھا چلانے لگا کہ جلدی آؤ ۔ جلدی آؤ ۔ میں لوٹا گیا ۔ اس نے مجھے لوٹ لیا ہے ۔ اور تمام پیسے لے لئے ہیں ۔ جب اس ڈاکو نے دیکھا کہ اس کے ساتھی کے پاس ایک بڑا لمبا چوڑا ڈنڈا ہے ۔ تو اس نے یہ کیا کہ مال جلدی سے زمین میں دبا کر ۔ وہاں اللہ اکبر کہہ کر نماز کے لئے کھڑا ہو گیا ۔ کہ وہ سمجھے کہ نماز پڑھ رہا ہے ۔ جب وہ اپنے دوسرے ساتھی کے قریب آیا تو اس نے پوچھا کہ کیا بات ہے ۔ کیوں چلا رہے ہو ۔ تو اس نے کہا اس نے مجھے لوٹ لیا ہے ۔ اور مجھ سے سب پیسے چھین لئے ہیں ۔ اس پر وہ کہنے لگا کہ تم بدمعاش ہو ۔ جھوٹ کہتے ہو ۔ وہ تو نماز پڑھ رہا ہے ۔ تم نمازی آدمی پر یہ الزام لگا رہے ہو ۔ اس پر اس نے کہا کہ وہ یہ کام بھی کرتا ہے اور وہ بھی کرتا ہے ۔ (قہقہہ) یعنی یہ نماز بھی پڑھتا ہے اور چوری بھی کرتا ہے ۔ تو اب میں ملک صاحب سے کیا کہوں ۔ وہ تو خود وزارت میں تین سال وزیر رہ چکے ہیں ۔ اور اب اس کی شکایت کرتے ہیں ۔ اب اس حکومت اور اس وزارت کو کوستے ہیں ۔

جناب والا ۔ میں محترم خواجہ محمد صفدر صاحب کی وساطت سے ملک صاحب سے پوچھتا ہوں ۔ چلو ہم مان لیتے ہیں کہ آپ کے دور اقتدار میں رشوت ستانی اور جرائم کا دور دورہ تھا ۔ اور ویسے بھی یہ ماضی کی بات ہے ۔ ابھی انہیں وزارت سے نکلے ہوئے ایک ڈیڑھ مہینہ ہی تو ہوا ہے ۔ کل کسی نے ایک شعر پڑھا تھا ۔ مجھے وہ یاد آ گیا ۔

گو واں نہیں پہ واں سے نکالے ہوئے تو ہیں
کعبے سے ان بتوں کو بھی نسبت ہے دور کی

یہاں سے کسی صاحب نے یہ شعر فرمایا تھا ۔ یعنی یہ کعبہ ہے اور وہ بت ہیں ۔ وہ یہاں سے نکالے ہوئے ہیں ۔

گو واں نہیں پہ واں سے نکالے ہوئے تو ہیں
کعبے سے ان بتوں کو بھی نسبت ہے دور کی

یہ تو غالب کا شعر تھا ۔ مجھے مومن کا ایک شعر یاد آ گیا ۔ مومن نے اس کے الٹ شعر کہا ہے ۔

اللہ رے گمرہی ! بت و بت خانہ چھوڑ کر
مومن چلا ہے کعبے کو اک پارسا کے ساتھ

اب آپ ملک صاحب سے پوچھئے کہ یہ کعبہ ہے یا وہ کعبے والے بیٹھے ہیں ۔ ادھر خواجہ صفدر صاحب بھی بیٹھے ہیں ۔ کون سا کعبہ ہے اور بت خانہ کسے کہہ رہے ہو ۔ ہم تو نہیں سمجھ سکے کہ وہ کعبہ کسے کہہ رہے ہیں اور بت خانہ کسے کہتے ہیں ۔ البتہ یہ ضرور ہے کہ وہ یہاں سے چھوڑ کر وہاں چلے گئے ہیں ۔ میں ان سے صرف یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ ملک صاحب ۔ آپ تین سال یہاں رہے ہیں ۔ آپ نے رشوت مٹانے اور اس کا قلع قمع کرنے ۔ جرائم کا قلع قمع کرنے ۔ ان کو بند کرنے یا کم از کم ان میں کمی کرنے کے لئے کیا کیا ہے ۔ آپ کو یاد ہے کہ اس معزز ایوان کے کئی محترم ممبران ایسے ہیں جو پرانے ہیں ۔ اور جو آپ کے ساتھ رہے ہیں ۔ خاص کر حمزہ صاحب اور خواجہ محمد صفدر صاحب جیسے محترم ممبران ۔ اور ان کے علاوہ ہماری اپنی پارٹی کے کے بہت سے ممبر صاحبان ایسے ہیں جو آپ کے ساتھ گذشتہ تین

سال کے دوران کام کرتے رہے ہیں - ان میں سے کوئی ایک بھی مجھے یہ بتا دے کہ گذشتہ تین سال میں ملک صاحب نے کبھی اس ایوان میں یہ تسلیم کیا ہو - یا یہ مانا ہو کہ واقعی ہمارے دور حکومت میں رشوت ستانی یا جرائم زوروں پر ہیں - کیا انہوں نے کبھی ایسا کہا تھا - مجھے یقین ہے کبھی نہیں کہا - اور اگر یہ درست ہے کہ رشوت ستانی اور دیگر جرائم کا دور دورہ تھا - جیسا کہ انہوں نے خود ہی ذکر کیا کہ وہ موجود تھے تو ان کا اخلاقی فرض کیا تھا - ایک باضمیر انسان جس کا یہ دعویٰ ہو کہ میں با اصول اور با ضمیر ہوں - ان کا یہ فرض تھا کہ کھلے اور برملا طور پر دنیا کے سامنے یہ اعلان کر دیتے کہ ہمارے نظم و نسق میں واقعی یہ خرابیاں ہیں اور ہم ان کو مٹانے - کم کرنے یا ان کا قلع قمع کرنے کی کوشش کر رہے ہیں - اور اگر ان کے لئے یہ بھی ممکن نہ تھا - تو پھر ان کے لئے بہتر یہی تھا کہ وہ استعفیٰ دے کر چلے جاتے - مگر افسوس کہ انہوں نے ان میں سے ایک بات بھی نہ کی - نہ انہوں نے ان برائیوں کو کم کرنے کی کبھی کوشش کی اور نہ ہی انہوں نے استعفیٰ دیا - بلکہ تین سال تک وہ یہاں اس کرسی سے جمے رہے -

جب کیا تنگ بتوں نے تو خدا یاد آیا

کم از کم ایک مرتبہ تو انہیں یاد آیا ہوتا کہ اوہو پچھلے تین سال میں بڑے بڑے گناہ ہوئے - اور میں بھی ان میں شریک تھا - لطف یہ ہے کہ انہوں نے توبہ بھی نہ کی اور سیدھے بول اٹھے - جناب وہ توبہ تو کرتے - سجدہ سہو تو کرتے - اگر کوئی غلطی ہو جائے تو سجدہ سہو کر لینا چاہیئے - ان کو چاہیئے تھا کہ معافی مانگ لیتے کہ مجھ سے بڑا گناہ ہوا - ہم پر الزام لگاتے

اور گالیاں دیتے ۔ تو بخدا میں برداشت کرتا اور ان کی صحیح
باتوں میں قدر کرتا ۔ لیکن پہلے وہ یہ کہتے کہ یہ گناہ
مجھ سے بھی سر زد ہوا ہے ۔ یہ گناہ مجھ پر بھی عائد ہوتا
ہے ۔ میں نے اس کے لئے توبہ کر لی ہے ۔ میں نے حج کر لیا ہے ۔
میرے گناہ دھوئے گئے ہیں ۔ آپ خیال رکھیئے ۔ شائد انہوں نے
حج بھی تو نہیں کیا ۔ (ایک آواز :۔ وہ اب جا رہے ہیں ۔) اب شائد
ان کا حج بھی قبول نہ ہو ۔

صاحب صدر ۔ چلو یہ بھی سہی کہ انہوں نے استعفیٰ بھی
نہیں دیا ۔ اعلان بھی تو نہیں کیا ۔ آپ مجھے یہ بتائیں کہ فی الحال
باقی محکموں کو چھوڑ دیں ۔ مثلاً جنیجو صاحب کا محکمہ ہے ۔
میمن صاحب کے محکمے ہیں اور اسی طرح شیخ صاحب کے محکمے
ہیں ۔ یا جو دوسرے وزرا کے پاس تھے ۔ ان کو چھوڑیئے ۔ رشوت ستانی
اور جرائم کے وہ تمام گناہ بے شک ان وزیروں کے کھاتوں میں لکھے گئے ۔
لیکن جناب اب آپ اپنی account book کی طرف آئیں ۔ ایک کھاتہ آپ
کا بھی تو ہے ۔ آپ بتائیں کہ آپ کے پاس محکمہ جنگلات تھا ۔
محکمہ انہار ۔ محکمہ خوراک ۔ محکمہ حیوانات اور کیا کیا جات تھے ۔
(قہقہہ) بہر صورت ان کے پاس بہت سے محکمے تھے ۔ آپ مجھے
بتائیے کہ آیا آپ نے اپنے محکموں میں رشوت ستانی کو بند کیا یا
نہیں ؟ آپ نے کتنے افسروں کو قید کروایا ۔ کتنے افسروں پر
مقدمے چلائے کتنے افسروں کو معطل کیا ۔ کتنوں کو برخواست کیا
اور کتنے افسروں کو demote کیا ۔ نیز آپ نے کتنے افسروں کو
censure کیا ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں ۔ آپ مجھے بتائیے ۔ لیکن آپ
اس کے جواب میں یہ تو کہہ سکتے ہیں کہ میں نے ان کے
ساتھ ہر ممکن رعایت کی ہے ۔ I give the accused benefit of doubt.

یہ ایک مسلمہ اصول ہے کہ ملزم کو ہمیشہ شک کا فائدہ دیا جاتا ہے ۔ میں بھی ان کو شک کا فائدہ دیتا ہوں ۔ لیکن میں ان کی خدمت میں یہ بات کھلے طور پر عرض کر دوں کہ یہ آپ کے بس کی بات نہ تھی کہ آپ سارے صوبے سے رشوت ستانی اور جرائم کا خاتمہ کر دیتے ۔ اور یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ دیگر وزرا پر بھی آپ کا زور نہیں چل سکا ۔ لیکن آپ نے اپنے محکمے میں کیا کیا ۔ آپ کے پاس دو ۔ تین ۔ چار ۔ پانچ محکمے تھے ۔ آپ نے ان میں افسران کے لئے تادیبی کارروائی کی غرض سے کیا کچھ کیا اور کیا خاص اقدامات کئے جن سے یہ ثابت ہو کہ آپ نے گڑ نہیں کھایا ۔ اگر یہ ثابت ہو جائے کہ آپ نے واقعی گڑ نہیں کھایا ۔ تب میں آپ کی بات ماننے کو تیار ہوں ۔ لیکن اگر آپ یہ کہیں کہ میں نے تین سال کے عرصہ میں ایک رینجر کو معطل کیا ۔ ایک فارسٹ گارڈ کی تنزلی کی ۔ ایک کمپاؤنڈر کی ترقی بند کر دی ۔ تو یہ کوئی سزا نہیں ۔ یہ تو ہر روز ہوتا ہے ۔ اس سے بڑی بڑی باتیں ہوتی ہیں ۔ یہاں تو بڑے بڑے افسر مثلاً چیف انجینئر ریٹائر کر دئیے گئے ۔ کمشنر برخواست کئے گئے ۔ میں ان کے نام نہیں لیتا ۔ ڈپٹی کمشنروں اور پولیس کے سپرنٹنڈنٹوں پر مقدمے چلائے گئے ۔ ڈپٹی سیکریٹریوں اور بڑے بڑے افسروں کو قید کیا گیا ۔ ان کو جرمانے کئے گئے ۔ انہیں برخاست معطل کیا گیا اور ان کی تنزلیاں کی گئیں ۔ آپ مجھے اپنے محکمے کا حساب کتاب بتائیں کہ آپ نے کیا کیا ۔ تب میں آپ کی بات مانوں گا ورنہ میں سمجھوں گا کہ آپ نے سستی شہرت حاصل کرنے اور اپنے آپ کو شہید بنانے کے لئے یہ آواز اٹھائی یہ محض سستی شہرت کی خاطر اور اپنے آپ کو شہید کنوانے کی غرض سے کیا

گیا ۔ تا کہ صبح کو اخبارات میں آپ کی تصویر جلی سرخیوں کے ساتھ ہو ۔ یعنی ملک قادر بخش صاحب کا زلزلہ خیز بیان ۔ اگر آپ نے یہ صرف اسی لئے کیا ہے ۔ تو چلئے میں بھی grudge نہیں کرتا ۔ آپ کو مبارک ہو ۔ لیکن اگر آپ نے یہ تقریر اس خیال سے کی ہے کہ ہم اسے تسلیم کریں آپ نے واقعی دیانتداری سے کی ہے ۔ تو معاف کیجئے ۔ ہم آپ کی یہ بات کبھی نہیں مانینگے ۔ البتہ جو کام ۔ جو ذمہ داری ۔ جو فرائض ہمارے ہیں ۔ ان کے متعلق خواہ آپ کہیں یا نہ کہیں ۔ وہ تو ہم حتی‌الوسع سر انجام دیتے ہی رہیں گے ۔ لیکن اگر یہ نیک نامی لینا چاہتے ہیں کہ جناب میں نے یہ آواز اٹھائی اور حکومت کو جگایا ۔ کیونکہ وہ سو رہی تھی ۔ تو آپ یہ نیک نامی کبھی نہ لے سکیں گے ۔ بہتر یہ تھا کہ آپ جیسے کہنہ مشق ۔ تجربہ کار ۔ لائق فائیق شخص جو پہلے بھی اس معزز ایوان کے ممبر رہ چکے ہوں ۔ اور جو میاں ممتاز محمد خان دولتانہ صاحب کے دور اقتدار میں چیف پارلیمنٹری سیکریٹری رہ چکے ہوں ۔ اور جو میری طرح نووارد نہیں ہیں ۔ بلکہ پرانے سیاست دان ہیں ۔ تجربہ کار ہیں اور سب کچھ سمجھتے ہیں اور جو کچھ انہوں نے فرمایا ہے ۔ ہم تو یہ سنتے سنتے تھک گئے ہیں میں ان سے معافی چاہتا ہوں ۔ لیکن میں یہ پھر عرض کروں گا کہ ایسی باتیں سنتے سنتے بخدا ہم تھک گئے ہیں کہ رشوت عام ہے ۔ چوری ہے ۔ قتل ہے ۔ ڈاکہ ہے ۔ چور بازاری ہے ۔ منافع خوری ہے ۔ یہ کونسی نئی بات ہے میں ان سے پوچھتا ہوں ۔

یہ کہاں کی دوستی ہے کہ بنے ہیں دوست ناصح
کوئی چارہ ساز ہوتا کوئی غمگسار ہوتا

یہ رشوت اور یہ جرائم جو اس ملک میں ہیں ۔ ان کے لئے وہ ہمیں نصیحت کر رہے ہیں ۔ وہ تو پرانے سیاست دان ہیں تجربہ کار ہیں ۔ ان سے یہ توقع نہیں تھی کہ وہ اس رنگ میں ہمیں گالیاں دیں اور نصیحیت کریں کہ چوری کو بند کیا جائے ڈاکے اور قتل و غارت کو بند کیا جائے یہ تو ایک چھوٹا بچہ بھی کہہ سکتا ہے ۔ کہ قتل اچھی چیز نہیں اسے بند کرو ۔ یہ تو ہر شخص کہہ سکتا ہے ۔ ہمیں تو آپ سے اس سے زیادہ توقع تھی وہ یہ تھی کہ آپ ہمیں یہ بتائیں ۔ کہ پاکستان میں رشوت ستانی کا جو دور دورہ ہے ۔ اس کی کیا وجہ ہے مرض تو سب کو معلوم ہوتا ہے ۔ لیکن اس کی وجہ معلوم نہیں ہوتی ۔ پھر جب مریض ڈاکٹر کے پاس جاتا ہے ۔ تو وہ اسے مرض کی وجہ بتا دیتا ہے اور ایک نسخہ تجویز کر دیتا ہے کہ اس کے مطابق علاج کرو ۔ اس پر عمل کرو انشاء اللہ شفا ہوگی ۔ ملک صاحب نے جو یہ کہا ہے ۔ کہ اس چیز کو بند کرو ۔ اس چیز کو بند کرو ۔ یہ کوئی نئی بات نہیں کہی اسی طرح جو آپ نے اس ہاؤس میں چالیس منٹ یا ایک گھنٹہ کے قریب باتیں کی ہیں ۔ ان میں کونسی نئی بات تھی ملک صاحب ہم سے معمر ہیں ہمیں یہ بتاتے کہ برخودار یہ جو مرض ہے اس کی اصل وجہ یہ ہے ۔ ایک وجہ ہے ۔ دو ہمیں یا تین ہیں وہ ہمیں بتاتے اور پھر اُن کا علاج بتاتے ۔ تو یقیناً ہم ان کی باتوں پر کان دھرتے اور سوچتے اور حکیم قادر بخش صاحب کے نسخہ پر عمل کرتے ۔ اس طرح بیماری کا علاج ہو سکتا تھا انہوں نے جو کچھ بھی کہا ان کے کہنے کا مقصد صرف یہ تھا ۔ کہ وہ ہمیں بد نام کریں اور اپنے آپ کو شہید ظاہر کریں وہ چاہتے ہیں ۔ کہ

لہو لگا کے شہیدوں میں نام کر لیں گے

جناب صدر ۔ میں نہیں چاہتا ۔ کہ ان باتوں کو بار بار کہوں ۔ مجھے خوشی ہوتی اگر وہ کوئی constructive suggestions لاتے کوئی تعمیری تجاویز پیش کرتے تاکہ ہم ان پر سوچ بچار کرتے اور قوم ملک اور پاکستان اور تمام لوگوں کو اور عوام کو فائدہ ہوتا ہمیں کوئی عقل نہیں ہمیں سمجھ نہیں ہمیں کوئی تجربہ نہیں کوئی زیادہ قانون جاننے والے نہیں ۔ ملک صاحب کو چاہئے تھا کہ ہمیں کوئی ٹھوس تجاویز دیتے تو ہم عمل کرنے کو تیار تھے ۔ میں ان کی غیر حاضری میں یہ سب کچھ کہہ رہا ہوں لیکن میں یقین دلاتا ہوں کہ کوئی قابل عمل بات خواہ وہ ملک قادر بخش کی طرف سے ہو یا کسی اور کی طرف سے خاص کر حزب اختلاف کی طرف سے کوئی نسخہ جو مجرب ثابت ہو تعمیری صورت میں ہمارے سامنے پیش کیا جائے تو یقیناً ہم ان کی ٹھوس تجاویز پر عمل پیرا ہوں گے ہو سکتا ہے کہ جرائم اور رشوت ستانی کا بالکل قلع قمع نہ ہو لیکن یہ ضروری ہے کہ ان میں کمی ضرور ہو جائیگی ۔ اس لئے وہ جو مفید نسخہ تجویز کریں گے ہم اس پر عمل کریں گے ۔

With full confidence I am going to announce openly and publicly that if there is any concrete suggestion forthcoming from any quarters we are prepared to consider it and act upon it provided it is effective

یہاں کتنی اور باتیں ہیں ۔ جو میں کہنا چاہتا ہوں ۔ میرے پاس وجوہات بھی ہیں ۔ suggestions بھی ہیں ۔ صاحب صدر ۔ میں یہ سب باتیں اور یہ سب مسائل کسی اور وقت عرض کروں گا پھر اس وقت اگر ملک صاحب چھیڑ دیں گے ۔ تو ان کا جواب تفصیل کے ساتھ دے سکوں گا محمد علی صاحب نے جو یہ کہا تھا کہ وہ مریض کی رگ پر ہاتھ رکھ کر فوراً سمجھ جاتے ہیں میں ان کی بات کی سو فیصدی تائید کرتا ہوں کہ جب مرض کی وجوہات معلوم ہو

جائیں تو پھر اس کا علاج ہو سکتا ہے ۔ اس سلسلہ میں میں ان کی پوری تائید کرتا ہوں ۔

یہاں مارشل لا کا نام بھی لیا گیا ہے ۔ سو میں عرض کروں گا کہ مارشل لا کے دنوں میں یعنی ۷ اکتوبر ۱۹۵۸ کو پشاور ہائی کورٹ سے میں سرکٹ میں آیا تھا ۔ آنے کے بعد دوسری صبح ہی کو میں نے اخبار میں مارشل لا کے متعلق پڑھا ۔ ان دنوں مجھے ہائی کورٹ میں دو مہینہ کام کرنے کا اتفاق ہوا ۔ مجھے معلوم ہے کہ مارشل لا کا نام سنتے ہی لوگوں کے دلوں میں کپکپی آ گئی تھی چوری ۔ ڈاکہ ۔ قتل ۔ بلیک مارکیٹ hoarding یکدم ختم ہو گئی ۔ جن کے پاس بلیک کی موٹر کاریں تھیں انہوں نے باہر lawn میں پھینک دیں ۔ ان میں بڑی بڑی شورلیٹ کاریں بھی تھیں ۔ لوگوں نے چوری کا سونا پھینک دیا ۔ چھپی ہوئی نقدی کا اعلان کر دیا ۔ اور چوری ڈاکہ Blackmarket, Profiteering, Hoarding اس طرح بند ہو گئے جیسے کبھی تھے ہی نہیں ۔ اور یہ حالت تھی ۔ جیسے کوئی قبرستان ہو ۔ جہاں کوئی آواز سنائی نہ دیتی ہو ۔

ذوق نے کہا تھا ۔

موت نے کر دیا لاچار وگرنہ اے ذوق

واقعی موت لاچار کر دیتی ہے ورنہ انسان تو کبھی خدا کو نہ مانتا جب تک ڈر نہ ہو کون کسی کی بات مانتا ہے ۔ میں یقین دلاتا ہوں کہ میں ایک دن میں یہ تمام قسم کے جرائم بند کرا سکتا ہوں میں اعلان کرتا ہوں کہ میرے پاس رشوت کا علاج ہے ۔ میرے پاس قتل چوری ڈاکہ اور ان تمام جرائم کا علاج ہے ۔ میں ان کو ایک دن میں بند کر سکتا ہوں بشرطیکہ کوئی سخت سزا ہو ۔ ایسی سزا جو کسی دوسرے ملک میں ہے ۔ لیکن کیا کریں ۔ یہ انگریز کا

قانون ہے اس میں بجٹ کے کئی راستے ہیں اس میں بھول بھلیاں ہیں اس میں کوئی سخت سزا نہیں دی جا سکتی ۔ اس کے متعلق میں اپنے خیالات کا اظہار کسی اور وقت کروں گا ۔ کیونکہ اس کی تشریح کی ضرورت ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ میں آپ کا ممنون ہوں اور تمام ایوان کا ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے patient hearing دی ۔ اور میری باتیں سنیں جو باتیں رہ گئی ہیں ان کا کسی اور وقت ذکر کروں گا اور جواب دوں گا ۔

Thank you very much.

Mr. Speaker : The Minister of Finance.

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق)۔۔۔جناب عالی ۔ پیشتر اس کے کہ میں اس معزز ایوان میں اراکین کی تقریروں اور ان کے دلائل کا جواب دوں میں مناسب سمجھتا ہوں کہ بہ حیثیت ایک غریب وزیر خزانہ کے اپنی مشکلات آپ کے سامنے پیش کروں ۔

میرا یہ دعویٰ ہے کہ دنیا کے بڑے سے بڑے ملک میں بھی قابل ترین وزیر خزانہ نے کوئی ایسا بجٹ پیش نہیں کیا جو ملک کی سو فیصدی رائے کا آئینہ دار ہو میں یہ نہیں کہتا کہ جو میزانیہ میں نے پیش کیا ہے وہ complete ہے ۔ ہو سکتا ہے کہ اس میں بہت سی خامیاں ہوں لیکن میں یہ اس ایوان کو یقین دلاتا ہوں کہ میں نے اس پر بہت محنت کاوش اور جانفشانی کی ہے ۔ ہمارے سامنے ہمارے صدر مملکت کے وعدے تھے ہمارے سامنے ہماری constitutional obligations تھیں ہمارے سامنے سب سے زیادہ ضروری چیز یہ تھی کہ مغربی پاکستان میں ہمارے جو پسماندہ علاقے ہیں ان کو اچھے ترقی یافتہ علاقوں کے لیول پر لانا ہے ۔ ان چیزوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اور ان سب باتوں کا خیال رکھتے ہوئے اس میزانیہ کی تشکیل کی گئی ہے ۔ جب میں نے صوبے کے

وسائل کو دیکھا اور جب میں نے مختلف خطوں کی ضروریات کو دیکھا تو میں سچ کہتا ہوں کہ مجھکو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ بجٹ کا متوازن کرنا نا ممکن ہے ۔ جناب آپ کو معلوم ہے کہ ہم پسماندہ ملک ہیں ہمارے resources بہت کم ہیں ۔ جیسا کہ میں نے اس معزز ایوان کے اراکین کی تقریروں کو سنا ہے جن میں حزب اختلاف اور حزب اقتدار دونوں ہی طرف کے بیٹھنے والے شامل ہیں اور ان سب نے ہی یہ رونا رویا ہے کہ سڑکیں نہیں ہیں ہسپتال نہیں ہیں پانی نہیں ہے اور نہ جانے کیا کیا چیز ان لوگوں نے مانگی ہے لیکن اس کے لئے ہم کو روپیہ درکار ہے اور بغیر پیسے کے کام نہیں چل سکتا ۔ اگر میں ان تمام معزز اراکین کی تقریروں کا جواب دوں تو دو یا تین دن لگ جائیں گے ۔ لہذا میں جناب ان باتوں کا جواب دوں گا جن کو میں اہم سمجھتا ہوں ۔

(اس مرحلہ پر خواجہ محمد صفدر ہنس پڑے) ۔

وزیر خزانہ—(خان حبیب اللہ خان سے مخاطب ہو کر) لیجئے صاحب خواجہ صاحب ہنس رہے ہیں ۔

وزیر مال—وہ ملک قادر بخش کی تقریر پر ہنس رہے ہیں ۔

وزیر خزانہ—خواجہ صاحب کی باتوں کا میں ممنون بہت ہوں ۔

خواجہ محمد صفدر—شکر ہے کہ میری باتوں کے آپ ممنون ہیں ۔

وزیر خزانہ—جناب جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے کہ ہمارا ملک پسماندہ ہے آپوزیشن والے مانیں یا نہ مانیں لیکن میں اتنا مانتا ہوں کہ ان ۱۷ برس میں پاکستان نے جو اقتصادی ترقی کی ہے اس کی مثال سارے ایشیا میں سوائے جاپان کے کہیں نہیں ہے ۔ اب جناب آپ تیسرا

منصوبہ جس کا پہلا بجٹ میں نے آپ کے سامنے پیش کیا ہے اس کو دیکھیں تو پاکستان بھر میں ۵ ہزار ۲ سو کروڑ روپیہ کا ڈولپمنٹ بجٹ ہے ۔ جس میں سے مغربی پاکستان کے حصہ میں تقریباً ۲۵ سو کروڑ روپیہ آتا ہے ۔ یعنی ۵ برس تک ہم ۵ سو کروڑ روپے سالانہ اس صوبے کی ڈولپمنٹ پر خرچ کریں گے ۔ جس میں سے ۱۳۵۰ کروڑ روپے حکومت مغربی پاکستان پبلک sector میں سے کریگی اور ۱۱۵۰ کروڑ پرائیوٹ sector اور سنٹرل گورنمنٹ سے کریگی ۔ اس کا total ۲۵ سو کروڑ روپے مغربی پاکستان کے ڈولپمنٹ کے لئے ہوگا ۔ ظاہر ہے کہ اتنے بڑے منصوبے کے لئے ہمارے پاس وسائل نہیں ہیں لہذا ہم کو انٹرنیشنل ایجنسیز اور غیر ملکوں کی طرف قرضے کے لئے اور عطیہ جات کے لئے رجوع کرنا پڑیگا ۔ میرے دوست خواجہ محمد صفدر اسبات کو سمجھیں کہ غیر ممالک ہم سے اتنی امید کرتے ہیں کہ اگر امریکہ اپنے پسینہ کی کمائی اور یونائیٹڈ کنگڈم اپنے پسینہ کی یا روس اپنے پسینے کی کمائی ہم کو بطور قرض دے دے یا عطیہ میں دے دے تو وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ ہم قرض یا عطیہ کے طور پر روپیہ دینے کو تیار ہیں لیکن اس کے لئے آپ کے عوام کو بھی قربانی دینی ہوگی شاید حزب اختلاف کے اراکین یہ سمجھ رہے ہیں کہ یہ جو روپیہ ہم خرچ کر رہے ہیں وہ شادی بیاہ پر خرچ کر رہے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر—ہم تو یہی سمجھتے ہیں ۔

وزیر خزانہ—خواجہ صاحب نے خاص کر جو قرضہ جات مغربی پاکستان کے بڑھ رہے ہیں ۔ اس پر زیادہ زور دیا ہے اور اس پر بڑی تشویش کا اظہار کیا ہے ۔ میں مانتا ہوں کہ خواجہ صفدر صاحب بڑے اچھے وکیل ہیں بڑے اچھے لیڈر ہیں ۔ لیکن میں یہ ماننے کے لئے تیار نہیں ہوں

کہ خواجہ صاحب بڑے اچھے economist بھی ہیں اور یہ میزانیہ کو سمجھتے ہیں - لیکن میں ایک بات خواجہ صاحب کی تسلیم کرنے کے لئے تیار ہوں کہ جو اعداد و شمار خواجہ صاحب نے دئے ہیں وہ درست ہیں وہ فرماتے ہیں کہ سنہ ۱۹۵۸ میں مغربی پاکستان کا قرضہ ۱۳۱ کروڑ روپیہ تھا اور اب شاید قرضہ ۵۴۱ کروڑ روپیہ ہو گیا ہے یعنی ۴۱۰ کروڑ روپیہ کا اضافہ ان ۶ - ۷ برس میں ہو گیا ہے - میں عرض کرونگا کہ خالی قرضہ دیکھکر انسان کو ڈرنا نہیں چاہئے - امریکہ آج دنیا کا امیر ترین ملک ہے آپ سن کر حیران ہونگے کہ اس کا پبلک کا قرضہ ایک کروڑ کے اوپر ہے - یو - کے - کا قرضہ کوئی ۵۰ ہزار کروڑ روپے کے اوپر ہے وہ بھی آج خاصا امیر ملک ہے ہم سے زیادہ امیر ہے - خواجہ صاحب کو یہ بھی نہیں معلوم یہ عام طور پر کہتے ہیں کہ فلاں مل اونر کروڑ پتی ہے اگر آپ محاسبہ کریں تو کوئی مل والا ایسا نہیں جس پر کروڑھا روپیہ کا قرضہ نہ ہو - جناب اگر کوئی چھوٹی دوکان بھی چلانی پڑتی ہے تو اس میں بھی مال ڈالنا پڑتا ہے - عام طور پر بیوپاری بینک سے قرضہ لیتے ہیں یہ قرضے ان منصوبوں پر خرچ ہوتے ہیں جن سے آمدنی ہوتی ہے - اور اس کی وجہ سے نیشنل انکم میں اضافہ ہوتا ہے - بعض ایسے قرضے ہوتے ہیں جو عشر عشیر ہوتے ہیں اور وہ ایسے منصوبوں پر خرچ کئے جاتے ہیں جن سے ہم کو آمدنی کم ہوتی ہے اور اسبات کا لحاظ رکھا جاتا ہے کہ اس کا سود اور اس قرضے کو اس آمدنی میں سے واپس کر دیں - میں اس معزز ایوان کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ ابھی جیسا کہ میں نے اقرار کیا ہے کہ تقریباً ۴۱۰ کروڑ روپے کے قرضے کا ۶ - ۷ برس میں اضافہ ہوا ہے میں آپ کو یہ بتاؤں گا کہ ہماری مغربی پاکستان کی آمدنی یعنی نیشنل انکم سنہ ۱۹۵۸ میں ۱۵ سو کروڑ روپے تھی - اور سن ۶۵ میں تقریباً ۲ ہزار ۳۸ کروڑ ہمارے مغربی پاکستان کی نیشنل انکم تھی یعنی ہمارا

سالانہ اضافہ نیشنل انکم میں ۵۳۸ کروڑ روپے کا ہے اور قرضہ ۴۱۰ کروڑ بڑھا اور نیشنل انکم ۵۰۰ کروڑ سے اوپر ایک سال کی ہے اور یہ بڑھتی جائے گی انشاء اللہ ملک قادر بخش کے متعلق ہاؤس کے لیڈر خان حبیب اللہ خان صاحب میرے خیال میں کافی کہہ چکے ہیں ۔

Haji Gul Hassan Mangi : Point of order, Sir. Malik Qadir Bakhsh was a Minister in this Cabinet and I think it is not desirable that we should say anything further on his corruption whatsoever. He is also a member of this party and I think it is not proper.

Minister of Revenue : I do not agree with that. He was a member of the Muslim League party and he should not have said that. But if he has said it, then he must be prepared to hear the reply also.

Mr. Speaker : That may be an appeal to the Ministers but it is not a point of order.

وزیر خزانہ—جناب والا ۔ میں اب اس معزز ایوان کے سامنے پچھلے یعنی دوسرے پنج سالہ منصوبے کے ذریعے جو ترقی ہوئی ہے اس کی تفصیلات دینی چاہتا ہوں سب سے پہلے میں سڑکوں کے متعلق کہوں گا ۔ ان کی لمبائی آٹھ ہزار آٹھ سو میل سے بڑھ کر ۱۱ ہزار ۵۷۰ میل ہو گئی ظاہرا طور پر یہ ترقی تو صرف تین ہزار میل کی ہے ۔ یہاں یہ یاد رہے کہ میں محض عمدہ اور پختہ تار کول پڑی سڑکوں کی بات کر رہا ہوں یعنی جو فرسٹ کلاس ہماری سڑکیں ہیں ان کی بات کر رہا ہوں ۔ ظاہرا طور پر یہ ترقی ۳ ہزار میل کے قریب نظر آتی ہے لیکن میں عرض کروں گا کہ سڑک کا گولہ جو ہوتا ہے اس کی چوڑائی خیال میں رکھیں کہ یہ کم از کم ۱۰ ہزار میل کی لمبائی بن جاتی ہے ۔ جناب جہاں سڑک کا ۱۲ کا گولہ تھا وہ اب ۱۸-۲۰ کا گولہ ہم نے کر دیا ہے ۔ آپ سب کچھ جانتے ہیں (تالیاں) اب میں جناب تعلیم کے متعلق دوسرے پنج سالہ منصوبہ میں جو کچھ ہم نے کیا اس کے متعلق آپ کو اعداد و شمار دونگا ۔ پرائیمری سکول سن ۵۹ - ۶۰ میں ۱۸

ہزار تھے - سن ۶۴ - ۶۵ میں ۳۵ ہزار ہو گئے ہیں - اب میں enrolment یعنی لڑکوں لڑکیوں کی تعداد جو پہلے ۱۵ لاکھ ۴۱ ہزار تھی اب ۲۷ لاکھ ۶۱ ہزار ہو گئی ہے - سیکنڈری ایجوکیشن enrolment کے متعلق عرض کرتا ہوں کہ وہ ۱۲ لاکھ سے بڑھ کر ۱۶ لاکھ ۳۰ ہزار ہو گئی ہے - کالج جن کی تعداد سن ۵۹ - ۶۰ میں ۱۳۳ تھی وہ بڑھ کر ۲۲۰ ہو گئی ہے - اب scholarships کے متعلق عرض کرتا ہوں - جو آپ کی حکومت مغربی پاکستان دیتی ہے - اس کی تعداد پہلے ۱۱۴۰۰ تھی جو کہ ہم ہم دیا کرتے تھے - اب سن ۶۴ - ۶۵ میں ان کی تعداد ۴۰ ہزار کر دی گئی ہے - Diploma Holders پہلے ان کی تعداد ۴۳۲ تھی اور اب ۱۷۰۷ ہو گئی ہے - اینجینیرز پہلے ۳۱۳ ہوا کرتے تھے - لیکن اب ان کی تعداد ۸۶۳ ہے اور Non Development Budget ۱۲ کروڑ ہوا کرتا تھا - اب ۲۷ کروڑ ہو گیا ہے اب میں صحت کے متعلق عرض کروں گا - پہلے ڈسپنسریوں کی تعداد سن ۵۸ میں ۱۱۱۲ تھی - میرے پاس موجودہ اعداد و شمار نہیں ہیں سن ۶۳ میں ان کی تعداد ۱۴۶۱ ہو گئی ہے - ہسپتالوں کی تعداد سن ۵۸ میں ۳۳۸ تھی لیکن سن ۶۳ میں ۳۶۷ ہو گئی تھی number of beds in dispensaries and hospitals سن ۵۸ میں ۲۱۱۶۹ تھے اور سن ۶۳ میں ۲۳۱۶۶ تھی - یہاں میں عرض کروں گا - کہ normally beds کی تعداد میں ۲ ہزار کا اضافہ ہوا ہے لیکن در اصل ہماری کوتاہی سمجھئے - پہلے ہسپتالوں میں جو مریض جاتا تھا اس کو زیادہ دیر وہاں رکھتے تھے اب ہم جلدی فارغ کر دیتے ہیں کیونکہ مریضوں کی تعداد بڑھ گئی ہے جو کہ ہسپتال میں داخل ہوتے ہیں -

خواجہ محمد صفدر—یا وہ صحت یاب نہیں ہوتا اور اس کو صحت یاب ہونے سے پہلے ہی نکال دیتے ہیں -

وزیر خزانہ—مرتا کوئی نہیں ۔ عرض کرتا ہوں کہ پہلے رجسٹر شدہ ڈاکٹروں کی تعداد سن ۵۸ میں ۵۰۳۴ تھی ۔ سن ۶۴ میں ۸۲۶۹ ہو گئی ۔ اب Qualified Lady Doctors and Health Visitors کے بارہ میں عرض کرتا ہوں۔ پہلے ان کی تعداد ۳۶۴ تھی جو اب ۷۵۳ ہے ۔ نرسوں کی تعداد سن ۳۸ میں ۲۸۲۹ تھی ۔ میرے پاس فگرز سن ۵۸ سے لیکر سن ۶۳ تک کے ہیں ۔ اس لئے معاف کا خواستگار ہوں ۔ بجلی کے متعلق جیسا کہ میں نے اپنی بجٹ میزانیہ کی تقریر میں عرض کیا تھا ۷ لاکھ ۳۱ ہزار کلو واٹ سے بڑھ کر ۱۱ لاکھ ۷۹ ہزار کلو واٹ تک ہو چکی ہے ۔ جیسا کہ آپ کو پتہ ہے کہ جب پاکستان معرض وجود میں آیا تھا ۔ ہمارے مغربی پاکستان کی کل بجلی جو تھی وہ مشکل سے ۷۰ ہزار کلو واٹ تھی اب میں زراعت پر آتا ہوں ۔

وزیر مال—میں درخواست کرونگا کہ ہاؤس کا وقت بڑھا دیا جائے ۔

Mr. Speaker : The normal time of the sitting was from 6 to 9 p m. If the Minister can't finish his speech by 9 then the time is extended till he finishes his reply.

وزیر خزانہ—That is right Sir زراعت کے متعلق عام طور پر یہ تاثر دیا گیا ہے کہ اس میں کوئی بھی ترقی نہیں ہوئی میں عرض کرونگا کہ سن ۵۹ - ۶۰ میں گندم کی جو پیداوار ہوئی ہے وہ ۵۶۳۸ لاکھ ٹن ہے اور سن ۶۴ - ۶۵ میں ۴۳ لاکھ ٹن ہوئی ہے یعنی ۱۱ عشاریہ ۷ فیصدی کا اضافہ ہوا ہے ۔ اب روئی کے متعلق عرض کرتا ہوں سن ۵۹ - ۶۰ میں ساڑھے سولہ لاکھ bales تھی اور اب جناب سن ۶۴ - ۶۵ میں ۲۱ لاکھ bales یعنی ۱۱ عشاریہ ۷ فیصدی کا اضافہ ہوا ۔ کاٹن کے متعلق عرض کرتا ہوں کہ یہ سن ۵۹ - ۶۰ میں ساڑھے سولہ لاکھ bales تھی اور اب جناب سن ۶۴-۶۵

میں ۲۱ لاکھ bales یعنی ۲۷ عشاریہ ۲ فیصدی کا اضافہ ۔ نیشکر کے متعلق عرض کرتا ہوں کہ سن ۵۹ - ۶۰ میں تھا ۱۱ لاکھ ٹن اور سن ۶۴ - ۶۵ میں ۱۶ لاکھ ٹن یعنی ۴۵ عشاریہ ۵ فیصدی کا اضافہ ہوا چاول کے متعلق جس میں خواجہ صاحب بہت دلچسپی رکھتے ہیں ۹ لاکھ ٹن سے بڑھ کر ۱۲ لاکھ ٹن ہو گئے ہیں یعنی ۳۳ فیصدی کا اضافہ ہوا ۔ اب میں yield per acre آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ اس میں کیا ہوا ۔ گندم کی yield per acre اب ساڑھے آٹھ من تھی اب سوا نو من سے زیادہ کاٹن ڈھائی من سے بڑھ کر ۲ عشاریہ ۸ من ہو گئی ہے ۔

شوگر کین کی پیداوار ۱۳۹ من فی ایکڑ سے ۳۰۹ من ہوگئی ہے ۔ چاول کی 9½ من سے 10¾ من فی ایکڑ ہو گئی ہے ۔ تیسرے پنجسالہ منصوبے کے دوران مغربی پاکستان کی حکومت جیسا کہ میں نے ابھی عرض کیا ہے ۔ ۱۳۵۰ کروڑ روپے خرچ کرے گی ۔ اب اس کے متعلق ہمارا جو target ہے وہ بھی میں عرض کر دوں ایگریکلچر پر ہمارا کل خرچ ۱۸۳ کروڑ روپے کا ہو گا یعنی پہلے سے دوگنا ۔ mechanisation پر ۱۸ کروڑ روپے اور fertilizer پر ۳۴ کروڑ روپے فیکٹری بنانے کے لئے امپورٹ کے لئے نہیں ۔ واٹر اینڈ پاور پر ۴۳۷ کروڑ روپے خرچ ہوں گے ۔ واٹر سیکشن پر ۲۶۷ کروڑ روپے اور پاور پر ۱۷۰ کروڑ روپے ۔ سیم اور تھور پر ۱۵۶ کروڑ روپے ۔ پاور کے لئے نیو سکیمز میں دو لاکھ کلو واٹ کا ایک پاور سٹیشن southren range کے لئے ہو گا ۔ پبلک سیکٹر کے لئے ۱۵۰ کروڑ روپے خرچ ہوں گے ۔ کراچی میں ہیوی انڈسٹری ، ٹولز اور مشینری پر 6½ کروڑ روپے heavy انجینئرنگ انڈسٹری کے لئے ۱۵ کروڑ روپے heavy electric complex کے لئے ۱۰ کروڑ روپے پھر ۳۰ کروڑ روپے extension of fertilizers products کے لئے اور ۱۳ کروڑ روپے سیمنٹ production کے لئے رکھے گئے ہیں ۔

اب میں تعلیم پر آتا ہوں ۔ اس کے لئے تیسرے پنجسالہ منصوبے میں ۱۱۵ کروڑ روپے رکھے گئے ہیں ۔ جس سے ۲۷۳۳۸ اپر گریڈ کے لئے سکول کھولے جائیں گے ۔ ۲۵ ہزار پرائمری سکول اور ۲ ہزار مڈل سکول اور ۲۴۰ ہائی سکول ۔ اب میں پرائیویٹ سیکٹر پر آتا ہوں ۔ ۷۰ انٹرمیڈیٹ کالج کھولے جائینگے ۔ ۱۰ ڈگری کالج ۔ ۱۲ پولی ٹیکنیک سکول اور ۳۵ probationery schools. جن میں سے ۱۰ لڑکیوں کے لئے منظور کئے گئے ہیں۔ یونیورسٹی کو آئندہ پانچ سالوں میں development کے لئے ۱۹ کروڑ روپے ملیں گے ۔

اب میں original allocation کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ جیسا کہ آپ نے میری تقریر میں پڑھ لیا ہو گا ۔ سابقہ صوبہ سرحد میں ہم پچھلے سال کی نسبت زیادہ دے رہے ہیں ۔ سندھ میں بھی پچھلے سالی کی نسبت زیادہ دے رہے ہیں بہاولپور اور کراچی کے متعلق میں کچھ وضاحت کرنا چاہتا ہوں ۔ یہ صحیح ہے کہ پچھلے چند سال سے بہاول پور کے ساتھ سوتیلی ماں کا سا سلوک ہوا ہے ۔ میں نہیں کرتا رہا ۔ میرے آنے سے پہلے ۔ بد قسمتی سمجھئے کہ جو بھی روپیہ بہاول پور کو منصوبوں کے لئے دیا گیا تھا وہ مقصد پایۂ تکمیل تک نہیں پہنچا ۔ بڑی مشکل سے ۴ کروڑ ۲ لاکھ منصوبہ کے لئے اکٹھا کیا گیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں یہ رقم بہاول پور کے لئے کافی ہو گی ۔ ۶۰ لاکھ روپے کی ایک یک مشت رقم بھی ان کے لئے رکھ دی ہے ۔ یعنی اب ان کے لئے ۴ کروڑ ۶۲ لاکھ روپے ہو گئے ہیں ۔ وہ جو رقم ہے اسے برقی کنوؤں پر سیم اور تھور کے انسداد کے لئے خرچ کیا جائے گا ۔ میں بہاول پور کے نمائندوں سے وعدہ کرتا ہوں کہ اگر یہ منصوبہ پایۂ تکمیل تک پہنچ گیا تو میں انہیں اور منصوبہ بنا کر دوں گا ۔ (تالیاں)

میرے بعض کراچی والے دوستوں کو اعتراضات ہیں جن کا میں جواب دینا چاہتا ہوں - ۱۹۶۴-۶۵ کے میزانیہ میں انہیں ۱۰ کروڑ ۲ لاکھ کی رقم ڈویلپمنٹ کے لئے دی گئی تھی - اب کے ۶۵-۶۶ میں ان کے لئے ۶ کروڑ ۶۴ لاکھ روپے ڈیویلپمنٹ کے لئے رکھے گئے ہیں - مزید ۵ کروڑ ۷۸ لاکھ روپے کی رقم کے-ڈی-اے (K.D.A.) اپنے ذرائع سے مکانات اور فلیٹوں پر خرچ کرے گی - جس کی میزان ۱۲ کروڑ ۴۲ لاکھ روپے بن جاتی ہے - گویا ۲ کروڑ ۴۰ لاکھ کا اضافہ ہؤا پچھلے سال سے - میرے بھائیوں کو شکایت ہے کہ شاید K.D.A. یہ خرچ نہ کر سکے - میں وعدہ کرتا ہوں کہ میں خود دیکھوں گا کہ K.D.A. کے پاس جو رقم ہے وہ ان منصوبوں پر خرچ کرے - اب میں عرض کروں کہ حکومت مغربی پاکستان نے وہاں ہیوی مشینری complex کے لئے ۱۵ کروڑ روپے کی رقم رکھی ہے - ۱۰ کروڑ کی رقم وہاں heavy الیکٹرک complex کے لئے رکھی گئی ہے - ہیوی مشینری کے blueprints تیار ہیں انشاءُ اللہ دو تین برسوں میں یہ منصوبہ مکمل ہو جائے گا - مشینری اینڈ ٹولز complex کے لئے جو رقم رکھی گئی ہے، اس کی عمارت زیر تعمیر ہے - باہر سے مشینری آ رہی ہے - ایک دو برسوں کے اندر کام مکمل ہو جائے گا - اس کے علاوہ وہاں ۳۰ کروڑ روپے کا Atomic Energy Electric Power Station بن رہا ہے - کراچی پاکستان کا سب سے بڑا انڈسٹریل شہر ہے - اور سارے مغربی پاکستان کی ۴۰ فیصد انڈسٹری کراچی میں ہے -

وہاں ایک سٹیل مل بھی بن رہی ہے - آپ نے اخباروں میں پڑھا ہوگا کہ اس کے لئے گفت و شنید ہو رہی ہے - اس کی ابھی ۷۰ لاکھ کی ملکیت ہے - میں پھر کراچی والوں سے وعدہ کرتا ہوں کہ اگر کوئی منصوبہ تیار ہوا تو ہم ان کی ضرور مدد

کریں گے ۔ کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ کراچی میں جتنے زیادہ امیر لوگ موجود ہیں اتنے ہی وہاں غریب سے غریب تر لوگ بھی موجود ہیں ۔ کراچی میں اتنا تضاد ہے کہ باقی کسی شہر میں میں نے نہیں دیکھا کہ کوئی محلات میں رہتا ہے تو کوئی جھونپڑی میں رہتا ہے ۔ ہم نے دیکھا ہے کہ وہ لوگ جو غریب ہیں ان کو بجلی بھی مہیا نہیں ہے ۔ ان کو پانی بھی مہیا نہیں ہے ۔ ان کے لئے سڑکیں بھی نہیں ۔ انشاء اللہ تعالے میں پوری کوشش کروں گا کہ ان کی امداد کروں ۔

جناب والا ۔ یہاں ہماری حکومت عوامی ہے ۔ عوام کی بنائی ہوئی ہے اور عوام کے لئے ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔۔Question ۔

وزیر خزانہ ۔۔آپ Question کرتے کرتے مر جائیں گے ۔ ہم اسلامی سوشیلیزم کو believe کرتے ہیں ۔ ہم بھی چاہتے تو ہیں کہ امیر امیر تر نہیں ہونا چاہئے ۔ غریب کا معیار زندگی بلند کرنا ہے ۔ اشیائے خوردنی اور خاص کر وہ چیزیں جن کو غریب استعمال کرتے ہیں ان کی قیمتوں کو سستا کرنا ہے یا کم از کم انہیں مہنگی ہونے سے روکنا ہے ۔ یہ بھی ہماری پالیسی ہے ۔ کہ انڈسٹریز کو ایک ہی خطے میں Concentrate نہ کریں بلکہ ہماری پالیسی یہ ہے کہ ہم انڈسٹریز کو ان خطوں میں لے جانا چاہتے ہیں جو پس ماندہ ہیں ۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ جب ہم نئی ملوں کی منظوری دیتے ہیں تو اس خیال کو ضرور ملحوظ رکھتے ہیں کہ یہ ایسی جگہ پر لگائی جائے جہاں پہلے انڈسٹری نہیں ہے ۔ زراعت کو فروغ دینا ۔ تعلیم کو فروغ دینا ۔ طبی امداد کو فروغ دینا ۔ دیہی ترقیاتی پروگرام کو بڑی اچھی

طرح سے چلانا یہ ہماری پالیسی ہے ۔ آپ کو یاد ہوگا کہ اس تیسرے پانچ سالہ منصوبہ میں دیہی ترقیاتی پروگرام کے لئے دس کروڑ روپیہ رکھا تھا اب اس میزانیہ میں ۱۰ کروڑ سے بڑھا کر ۱۵ کروڑ کر دیا ہے ۔ وقت بہت کم ہے اور ابھی باتیں میں نے بہت عرض کرنی ہیں میں اب جلدی جلدی کہوں گا ۔ جناب والا ۔ عام طور پر شکایت کی گئی ہے کہ بجلی باوجود کافی ہونے کے دیہاتوں میں برقی کنوؤں کے لئے نہیں ملتی ہے ۔ میں اس کے متعلق عرض کروں گا کہ اس میں ٹیکنیکل مشکلات ہیں کیونکہ اس میں جو تاریں استعمال ہوتی ہیں یا اور چیزیں جو استعمال ہوتی ہیں ہم کو مہیا نہیں ہوتی ہیں ۔ ہم پوری کوشش کر رہے ہیں چاہے ہم کو سنٹر سے لڑائی لڑنی پڑے ہم ان کے لائسنس لے کر اور ان چیزوں کو امپورٹ کرکے جلد سے جلد ہر گاؤں میں پہنچائیں گے ۔

جناب والا ۔ الیکشن کے بارے میں میرے بہت سے بھائیوں نے کہا ہے ۔ میں اس کے متعلق عرض کرتا ہوں کہ اگر الیکشن صحیح نہ ہوتے تو خواجہ محمد صفدر صاحب یہاں نہ بیٹھے ہوتے ۔ (ہیئر ۔ ہیئر) میں کہتا ہوں کہ تین الیکشن یہاں ہو چکے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ــ ایمان سے کہتے ہیں ۔ (قہقہہ)

وزیر خزانہ ــ ایمان سے کہتا ہوں ۔ (قہقہہ) کہ یہاں صدراتی الیکشن ۔ نیشنل اسمبلی کا الیکشن اور صوبائی اسمبلی کے الیکشن ہوئے ہیں ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ حزب مخالف نے اور ان کے قائدین نے جس میں خواجہ محمد صفدر صاحب بھی شاید ہوں گے وہ وہ تقریریں کیں اور گندے الفاظ ہمارے صدر مملکت اور ہمارے صوبہ کے

سر براہ کے متعلق کہے میں کہتا ہوں کہ اگر یہ بڑے سے بڑے تعلیم یافتہ ملک میں ہوتے تو ان کو پھانسی چڑھا دیا جاتا لیکن ہم نے صبر سے کام لیا - ہم نے رولز اینڈ ریگولیشنز ایسے بنائے کہ جو امریکہ اور United Kingdom میں نہیں تھے - جب ووٹر ووٹ ڈالنے آتا تھا تو اس وقت سوائے اللہ کے اس کے درمیان میں کوئی آدمی نہیں ہوتا تھا - کوئی اسے مجبور نہیں کرسکتا تھا - پازا چنار جیسے ٹرائبل ایریا میں ۵۲ ووٹ صدر کے مخالف نکلے تھے - میں کہتا ہوں کہ کہیں کوئی آپ ایسی مثال دیں جہاں اتنے آزادانہ الیکشن ہوئے ہوں اور ۹۹ فیصدی سے بڑھکر ووٹر ووٹ ڈالنے گئے ہوں - اگر ہم میں حوصلہ مندی نہ ہوتی تو خواجہ صاحب اس ملک سے باہر بھاگتے - یہ ہماری حوصلہ مندی تھی کہ ہم بیٹھے رہے - میں کہتا ہوں کہ دنیا میں اس الیکشن کی کہیں ایسی مثال نہیں ملتی جتنے آزادانہ الیکشن ہم نے کرائے ہیں - لیکن مشکل یہ تھی کہ حزب مخالف کے پاس کوئی پروگرام نہیں تھا - اور صدر ایوب کے پاس پروگرام تھا - سب سے بڑی خوبی یہ تھی کہ انہوں نے بے پناہ ڈویلپمنٹ کی تھی علاوہ ازیں صدر کی فارن پالیسی کو بھی لوگوں نے اپنایا اور بہت سی ایسی چیزیں تھیں جن کو قوم نے پسند کیا - اگر الیکشن آزادانہ نہیں ہوئے تو کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ مشرقی پاکستان پاکستان کا حصہ نہیں ہے - وہاں صدر صاحب کو ۵۲ فیصد ووٹ ملے اور محترمہ فاطمہ جناح کو ۴۸ فیصد ووٹ ملے - تقریباً برابر برابر رہے - ہمارے مغربی پاکستان میں محترمہ ۲۷ فیصدی ووٹ لے گئی - اور میرے دوست اور سابقہ اتنے بڑے وزیر ملک قادر بخش صاحب کے ضلع ووٹنگ میں (اگر سارے پنجاب میں

فیصد کا حساب لگائیں تو وہ) سب سے پیچھے رہا ۔ یہاں ابھی جس کے بارے میں خان حبیب اللہ خاں صاحب نے فرمایا ہے ان کو پورا پتہ نہیں کہ ان کے پاس کون کون سے محکمے تھے ۔ ان کے پاس فوڈ کا محکمہ تھا ۔ ان کے پاس زراعت کا محکمہ تھا ۔ ان کے پاس جنگلات کا محکمہ تھا ۔ ان کے پاس حیوانات کا محکمہ تھا ۔ ان کے پاس ایریگیشن کا محکمہ تھا ۔ ان کے پاس پاور اینڈ واٹر کا محکمہ تھا جب یہاں غلام نبی میمن صاحب نہیں آئے تھے اس وقت ان کے پاس قانون اور پارلیمنٹری افیئرز کا محکمہ بھی تھا ۔ جتنے محکمے ان کے پاس تھے میرے خیال میں گورنر صاحب کے پاس بھی نہیں ہونگے ۔ اگر اتنے محکمے کسی وزیر یا تدبیر کے پاس تھے تو وہ حضرت حکیم ملک قادر بخش صاحب تھے ۔ کرپشن کے بارے میں میرے لیڈر خان حبیب اللہ خاں صاحب نے کافی کچھ کہا ہے وہ تو صرف ایک شخص کی کرپشن کے بارے میں کہا ہے میں اب صوبہ کی کرپشن کے بارے میں کہنا چاہتا ہوں ۔ اگر میں یہ دعویٰ کروں کہ کرپشن نہیں ہے تو میں جھوٹ بولوں گا ۔ کرپشن تو باوا آدم اور اماں حوا کے زمانے سے شروع ہوئی اور ابد تک رہے گی ۔ روس میں جہاں اگر تھوڑی سی انسان رشوت لے تو اسکی زندگی کا خاتمہ کر دیتے ہیں چین میں بھی زندگی کا خاتمہ کر دیتے ہیں وہاں پر بھی ۱۰۰ فیصدی رشوت ختم نہیں ہوئی تو یہاں یہ کیسے ختم ہو سکتی ہے ۔ لیکن یہ کہنا کہ کرپشن بہت زوروں پر ہے یہ سراسر غلط ہے ۔ میں کہتا ہوں ہمارے افسران کی بہت بڑی اکثریت نہایت ایماندار ہے ۔

خواجہ محمد صفدر—ملک قادر بخش صاحب والا فقرہ دھرا رہے ہیں جو انہوں نے دو سال پہلے دھرایا تھا ۔

وزیر خزانہ—میری بات تو سن لیجئے ۔ ملک قادر بخش صاحب نے فرمایا تھا کہ کرپشن کا خاتمہ ہوگیا ہے ۔ آپ کو یاد ہوگا اور اخبار پڑھ لیجئے کہ جب جرگہ ایکٹ پاس ہوا تو ملک صاحب نے بیان دیا تھا اور وہ سب اخباروں میں آیا تھا کہ کرپشن بالکل ختم کر دی ہے ۔ آپ اخبار پڑھیں ۔ انسانی حافظہ ذرا کمزور ہوتا ہے خیال نہیں رہتا بھول جاتے ہیں ۔ انہوں نے اخباروں کو بیان دیا تھا کہ رشوت کو ختم کر دیا ہے لیکن میں نے کبھی نہیں کہا ۔ یہ تا ابد ختم نہیں ہوسکتی ۔

خواجہ محمد صفدر—Question ۔

وزیر خزانہ—یہ روز بروز کم ہو رہی ہے ۔ ملک صاحب نے یہ بھی کہا تھا کہ ہمارے افسران اڑھائی اڑھائی سو کی ٹائیاں لاتے ہیں اور ایک ایک ہزار کے قالین رکھتے ہیں ۔ ملک صاحب کو میں نے ہی بتایا تھا کہ پاکستان میں اڑھائی سو کی بھی ٹائی ملتی ہے ۔ (قہقہہ) بھائی میں استعمال کرتا ہوں ۔ کرتا رہا ہوں اور کرتا رہوں گا ۔ اور ملک صاحب کو پندرہ سو روپیہ ملا کرتا تھا کیونکہ جب بھی کسی وزیر صاحب کی فسٹ اپوائنٹمنٹ ہوتی تھی اس کو وردی بنانے کے لئے equipment الاؤنس ملتا ہے ۔ ملک صاحب کے پاس ایک اچکن ہوا کرتی تھی جس کے دو بٹن ٹوٹے ہوا کرتے تھے ۔

Mr. Speaker: That has got nothing to do with the Provincial Budget.

وزیر خزانہ—اتنی شعر و شاعری جو حبیب اللہ صاحب نے کی ہے

was that Provincial Budget ?

Mr. Speaker: That was in response to the allegations made by Malik Qadir Bakhsh.

Minister of Finance: It is very pertinent Sir. I may tell you that he got Rs 1500/- as Equipment Allowance and he never used it. Sir, it fits in the Budget. It is a part of the Budget. I can prove it.

خان عبدالستار خان مہمند--ہوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - آنریبل فنانس منسٹر صاحب خواجہ صاحب کو اڑھائی سو روپیہ کی ٹائی کا جواب دے رہے ہیں -

Mr. Speaker: This is no point of order.

وزیر خزانہ--اگر آپ چاہتے ہیں بٹنوں والا قصہ نہ سناؤں تو میں نہیں سناتا ہوں -

Mr. Speaker: Well, if that is relevant to the Budget.

Minister of Finance: Sir, it is very relevant.

Haji Gul Hassan Mangi: Sir, Malik Qadir Bakhsh has remained with him for quite a long time and he was his colleague. I think it is not desirable for Sheikh Masood Sadiq to say so much against him.

وزیر خزانہ--یہ کس زبان میں بات کر رہے ہیں - میری سمجھ میں نہیں آیا -

Haji Gul Hassan Mangi: You should not say so much against him.

وزیر خزانہ--میں بجٹ کی بات کر رہا ہوں - میں عرض کر رہا ہوں کہ وہ گورنر ہاؤس بھی کئی دفعہ پہنچے - وہاں ہیڈ آف دی سٹیٹ جاتے ہیں - گورنر صاحب نے کئی دفعہ اشارہ کیا کہ اگر کوئی نیا سوٹ یا کوئی اچکن نہیں بنا سکتے ہو تو دو بٹن تو لگا سکتے ہو - ایک دوست کو ہم نے سوئی دھاگہ دے کر بھیجا اور اس نے بٹن لگایا - پندرہ سو روپیہ ہمیں اسی لئے ملتا ہے - ٹائیاں جو بونس ووچر پر آتی ہیں ان پر ڈیوٹی لگا کر شائد اڑھائی سو کو ملتی ہوں - میں اڑھائی سو روپیہ میں نہیں خریدتا ہوں - جب لٹن وغیرہ جاتا ہوں وہاں سے اڑھائی سو روپیہ کی ٹائی ایک پونڈ میں لے آتا

ہوں ۔ میں افسران کو جہاں تک جانتا ہوں اور جناب جنیجو صاحب سے پوچھتا ہوں کہ کسی افسر کی پندرہ بیس روپیہ سے زیادہ کی ٹائی نہیں دیکھی ہوگی ۔ جتنے افسران جو تین تین ہزار روپیہ تنخواہ لیتے ہیں اکثر سوشل تعلقات میرے ان کے ساتھ ہیں ۔ ان کے ہاں ایک ہزار سے اوپر کا قالین میں نے نہیں دیکھا ۔ یہ تو میرا جدی کاروبار ہے ۔ میرا خیال ہے کہ انہوں نے کچھ دیکھا نہیں ہے کیونکہ ملک صاحب سوشل نہیں ہیں ۔ میں ہر جگہ جاتا ہوں ۔ یہاں ایک sweeping statement دینا بے معنی ہے ۔ میں نہیں سمجھتا تھا کہ ہم میں black sheep ہوں گے ۔ گورنر صاحب کی کانفرنس کے متعلق خواجہ صفدر صاحب نے حوالہ دیا ہے اور یہ فرمایا ہے کہ اس وقت کرپشن بڑھ رہی ہے اس لئے بڑی تشویش کا اظہار کیا گیا ہے ۔ یہ صحیح بات نہیں ہے ۔ قانون اور رولز اینڈ ریگولیشنز میں جو الفاظ ہوتے ہیں اس سے ان کا بچ بچاؤ ہو جاتا ہے ۔ ان کو ٹھیک کرنا ہے ۔ قانون اور رولز اینڈ ریگولیشنز درست اور صحیح ہیں ۔ جناب والا ۔ گورنر کانفرنس میں یہ فیصلہ ہوا ہے کہ ایسے لوگوں کو کڑی سے کڑی سزا دیں ۔ جناب والا ۔ جرائم کے متعلق بھی کہا گیا ہے ۔ میں جرائم کے متعلق عرض کروں گا کہ سارے صوبہ میں نظم و نسق کی حالت حسب معمول ہے اور اس گوشوارہ سے جو میں آپ کے سامنے پیش کر رہا ہوں اس سے جرائم کے متعلق پتہ چلتا ہے ۔

قتل کی وارداتیں
مغربی پاکستان میں

۱۹۶۳ء - ۳۰۰۸
۱۹۶۴ء - ۲۹۲۱

یعنی ۸۷ کی کمی ہوئی ہے ۔

ڈاکے

۱۹۶۳ء - ۱۴۰
۱۹۶۴ء - ۱۳۶

۴ کی کمی ہوئی

بچوں اور عورتوں کا اغوا

۱۹۶۳ء - ۱۹۶۳

۱۷۸۰ - ۱۹۶۴ء

یعنی ۱۸۳ کی کمی ہوئی ہے۔

بلوہ

۱۱۸۲ - ۱۹۶۳ء

۱۰۵۱ - ۱۹۶۴ء

یعنی ۹۱ کی کمی ہوئی ہے۔

سرکاری ملازمین پر حملے

۶۸۹ - ۱۹۶۳ء

۶۵۲ - ۱۹۶۴ء

یعنی ۳۷ کی کمی ہوئی ہے۔

اس میں شک نہیں کہ معمولی نوعیت کے جرائم کی جو وارداتیں ہوئی ہیں اس میں تھوڑا سا اضافہ ہوا ہے اور یہ جو بڑی وارداتیں ہیں اس کی تفصیل یہ ہے۔

۷۶۲۱۱ - ۱۹۶۳ء

۷۹۸۵۳ - ۱۹۶۴ء

یعنی ۳۶۴۲ کا اضافہ ہوا ہے۔

یہ وہ وارداتیں ہیں جو ایف آئی آر میں درج کرائی گئی ہیں۔ سچی نہیں ہیں۔ لیکن جن لوگوں کے مقدمات پولیس نے چالان کئے ہیں اور جو سچی وارداتیں ہیں وہ یہ ہیں۔

۵۰۰۹۳ - ۱۹۶۳ء

۵۰۱۴۴ - ۱۹۶۴ء

اس میں ۵۱ کا اضافہ ہوا ہے۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ آپ کو پتہ ہے ہر سال آبادی اڑھائی فیصد بڑھتی ہے اس کا مطلب یہ ہوا کہ ۵۱ کا اضافہ نہیں ہوا ہے بلکہ اس میں بہت کمی واقع ہوئی ہے ۔ اگر آبادی کے حساب کو ملحوظ خاطر رکھیں تو اس میں بہت کمی ہوئی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں اس لحاظ سے پولیس کی کارکردگی قابل ستائش ہے ۔

جناب والا ۔ پھر کیمیائی کھاد کے متعلق بہت کچھ کہا گیا ہے ۔ جیسا کہ میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا ۔ ہمارے ہاں امونیم سلفیٹ کی سالانہ پیداوار تین لاکھ ۱۸ ہزار ٹن ہے مگر اس کی موجودہ ضرورت چھ لاکھ ٹن ہے اس لئے تقریباً تین لاکھ ٹن سالانہ کی کمی ہے ۔ جس چیز کی قلت ہو اس کی بہم رسانی کے متعلق شکایات ضرور ہوتی ہیں مگر میں نے یہ بھی عرض کیا تھا کہ ہم اپنے پانچ سالہ منصوبہ میں کیمیائی کھاد کی پیداوار ساڑھے تیرہ لاکھ ٹن تک بڑھانے کی کوشش کر رہے ہیں مگر فی‌الحال اس کی قلت کو دور کرنے کے لئے باہر سے چار لاکھ ٹن کھاد امپورٹ کر رہے ہیں تاکہ زمینداروں کی ضروریات پوری ہو سکیں اور ان کی شکایات دور ہو جائیں ۔ قلت کے علاوہ دوسری شکایت تقسیم کھاد یعنی ڈسٹریبوشن کے متعلق ہے ۔ تقسیم میں واقعی کچھ خامیاں معلوم ہوتی ہیں ۔ اس وقت تین چار ایجنسیاں تقسیم کا کام کر رہی ہیں ۔ ایک اے ۔ ڈی ۔ سی دوسرے کوآپریٹو تیسرے پی ۔ آئی ۔ ڈی ۔ سی ۔ تقسیم کی خامیوں کی شکایت کے سلسلے میں ہم نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ یونین کونسلوں کی معرفت کھاد کی تقسیم کی جائے ۔

مسٹر محمد انور علی خان بلوچ ــ جناب یونین کونسلوں کے ذمے پہلے ہی دو کروڑ روپے کا حساب بقایا ہے ۔ اب آپ کھاد کی شکل میں مزید رقوم ان کے حوالے کر رہے ہیں ۔

Mr. Speaker: The member may please take his seat. If he wants to raise a point of order, then he should be in his seat.

وزیر خزانہ—میں پہلے بتا چکا ہوں کہ ہماری ڈیمانڈ چھ لاکھ ٹن کی ہے اور ہماری پیداوار تین لاکھ ٹن سالانہ ہے ۔ باہر سے درآمد کی جانے والی کھاد کے ذریعے فی الحال یہ قلت دور کی جائے گی اور تقسیم کے طریقہ میں کچھ فرق پڑ جائے گا یعنی اصلاح حال جائے گی ۔

مسٹر محمد انور علی خان بلوچ—جناب میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں یونین کونسلوں کے پاس دو کروڑ روپے بقایا ہے اس کا جواب آپ نے نہیں دیا ۔

Mr. Speaker: This is not a question hour. The member should please take his seat, and if he wants to put a question, should give a notice for that.

وزیر خزانہ—جناب سپیکر ۔ وقت کم ہے اس لئے اب میں تقریر ختم کرتا ہوں مگر ایک غلط فہمی کا ازالہ کر دینا چاہتا ہوں کہ بعض لوگ آبیانے کو بھی ایک ٹیکس سمجھتے ہیں یہ ان کی غلط فہمی ہے آبیانہ کوئی ٹیکس نہیں ہے بلکہ یہ تو مہیا کردہ پانی کی قیمت یا معاوضہ ہے ۔ آبیانہ سابقہ پنجاب میں سب سے بڑی مد ہوتی تھی اور irrigation پر اس قدر سرمایہ صرف ہو چکا ہے کہ اس پر جو سود ادا کرنا پڑتا ہے وہ بھی اب پورا نہیں ہو رہا ہے ۔ جناب والا ۔ قلت وقت کی وجہ سے میں دوسرے کئی امور کا جواب نہ دے سکنے کے لئے معذرت خواہ ہوں ۔

Mr. Speaker: The House is adjourned for tomorrow to meet at 8.00 a.m.

The Assembly then adjourned till 8.00 *a.m. on Thursday, the* 24*th June,* 1965.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FIRST SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Thursday, the 24th June, 1965

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8.00 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain, Siddiqi, (Qari of the Assembly) and its translation.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تِلْكَ آيَاتُ اللَّهِ نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۗ وَمَا اللَّهُ يُرِيدُ ظُلْمًا لِّلْعَالَمِينَ ۝ وَلِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ۝ كُنتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ وَتُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ ۗ وَلَوْ آمَنَ أَهْلُ الْكِتَابِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُم ۚ مِّنْهُمُ الْمُؤْمِنُونَ وَأَكْثَرُهُمُ الْفَاسِقُونَ ۝ لَن يَضُرُّوكُمْ إِلَّا أَذًى ۖ وَإِن يُقَاتِلُوكُمْ يُوَلُّوكُمُ الْأَدْبَارَ ثُمَّ لَا يُنصَرُونَ ۝

پ ۴- س ۳- ع ۲- ایات ۱۰۸ تا ۱۱۱

میں نے بھی اپنی ماں کا دودھ پیا ہے ۔ آپ کہتے ہیں تو میں جواب نہیں دیتا ۔ یہ علیحدہ بات ہے لیکن میرے پاس بڑا معقول جواب تھا ۔

مسٹر سپیکر--شیخ صاحب آپ مختصر سا جواب دیں ۔

وزیر خزانہ--اچھا جناب اگر لیڈر آف دی ہاؤس حکم دیتے ہیں تو میں راضی نامہ کر لیتا ہوں ۔ خود تو آپ نے راضی نامہ مان لیا ہے ۔ میں نے کہا ہے کہ راضی نامہ ہو جائے ۔

مسٹر سپیکر--آپ تشریف رکھیں ۔

وزیر خزانہ--میں نے نہایت ادب سے بات کی تھی کہ ملک صاحب نے corruption پر بڑا زور دیا ہے ۔ جو وزراء کو پندرہ سو روپیہ کا ان کی پہلی تقرری پر Equipment Allowance ملتا ہے وہ اب دو ہزار ہو گیا ہے ۔ وہ کپڑے بنانے کے لئے ہوتا ہے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ ملک صاحب نے تو وہ لے لیا تھا مگر انہوں نے کون سے کپڑے بنائے ہیں تو کیا ملک صاحب بتا سکیں گے کہ کون سے کپڑے انہوں نے بنائے تھے کیونکہ پندرہ سو روپیہ تو انہوں نے لے لیا تھا ۔

Mr. Speaker : Now Malik Sahib is entitled to point of personal explanation.

ملک قادر بخش (مظفر گڑھ - ۲)--عرض ہے کہ میں نہیں چاہتا تھا کہ تلخ نوائی میں جاؤں اب بھی میں کوشش کروں گا کہ خیالات پر اس طرح قابو رکھوں تاکہ جو دل کے پہلے ہی سے مریض ہیں ان کو ٹھیس نہ لگے - عرض ہے کہ مجھے پندرہ سو روپیہ تو ملا لیکن ایک ایک پائی کا حساب آج بھی میرے پاس موجود ہے جو میں نے خرچ کیا - جس وقت بھی لیڈر صاحب چاہیں وہ مجھ سے لے سکتے ہیں - حضور والا - میں نے اپنی کوٹھی کو furnish کرنے کے لئے جو جو پیسے لئے ہیں وہ دیکھے جا سکتے ہیں اور یہ بھی دیکھا جا سکتا ہے کہ میں نے کون کون سی نئی چیز پر خرچ کیا - حضور والا - سفر خرچ بھی ہوتے رہے لیکن میں جب بھی اپنے گاؤں گیا کوئی سفر خرچ نہیں لیا - حضور گو میں وزیر خوراک تھا - ایک سیر میرا راشن تھا - محکمہ کا وزیر خوراک ہوتے ہوئے بھی بازار سے دو ڈھائی روپے سیر کھانڈ لیتا رہا - میں مجبور ہوں میرے سامنے شیخ صاحب بھک جائیں گے - میں تو مانتا ہوں کہ میں غریب ہوں - میرے پاس کونسا شراب کا ٹھیکہ تھا - میرے پاس کہاں ہے ڈپو - کون سا ڈپو ہے - مجھے نہ بتائیں ایسی باتیں -

Mr. Speaker : Now Malik Sahib may please take his seat.

ملک قادر بخش--یہاں تک ضرور دعویٰ کرتا ہوں کہ اگر پاکستان میں ایک ہزار آدمی دیانتدار ہیں تو ان میں سے میں ضرور ایک ہوں - اگر چھ ہوں تو ان میں سے میں ایک ہوں اور اگر ایک ہو تو وہ میں ہی ہوں -

وزیر خزانہ--صاحب دیکھئے انہوں نے مجھ پر ذاتی حملہ کیا ہے میرے پاس کوئی شراب کا ٹھیکہ نہیں ہے - میں چیلنج کرتا ہوں

یہ بالکل غلط بیانی کرتے ھیں ۔ میرے پاس کوئی ڈپو نہیں ھے ان کے پاس ھوگا ۔ غلط بیانی سے کام لیتے ھیں اور پھر کہتے ھیں کہ میں بڑے آرام سے بات کرتا ھوں ۔ میں نے تو ایک صحیح بات کی تھی جس کی شہادت میں میں بڑے بڑے آدمی پیش کر سکتا ھوں ۔ انھوں نے اپنے پیسوں کا کوئی حساب نہیں دیا ۔ یہ غلط بیانی کرتے ھیں ۔ وزراء کی کوٹھیوں کے بارے میں وہ کہتے ھیں کہ بیس ھزار روپیہ ان کو furnishing کے لئے دیا جاتا ھے تو یہ بیس ھزار روپیہ ان کا ذاتی نہیں ھوتا ۔ وزراء جب کوٹھیاں خالی کرتے ھیں تو وہ سامان وھیں کا وھیں رہ جاتا ھے ۔

Mr. Speaker : Order, please. I think there has been sufficient discussion on this subject and now we proceed with the business of the House.

WEST PAKISTAN BUDGET (GENERAL) 1965-66.

DISCUSSION OF EXPENDITURE CHARGED UPON THE PROVINCIAL CONSOLIDATED FUND (GENERAL BUDGET).

Mr. Speaker : Now the House will have discussion of expenditure charged upon the Provincial Consolidated Fund (General Budget). Yes, Khawaja Sahib.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱)۔۔جناب والا ۔ آج سے چند روز پیشتر میں نے اس ایوان میں گذارش کی تھی کہ ھمارے موجودہ آئین کے تحت ھمارے مالی اختیارات کو کس طرح محدود کیا گیا ھے میں نے یہ عرض کیا تھا کہ میزانیہ میں ایک مد charged expenditure کے نام سے موسوم ھے جس کے متعلق اس ایوان کے معزز ممبران کٹوتی کرنی تو کجا ۔ بجائے کٹوتی کرنے کے کسی قسم کی تجویز بھی پسند نہیں کر سکتے ۔ بس اتنی اجازت ھے کہ اس مد پر بات چیت کر لی جائے اظہار رائے کر لیا جائے ۔ اس سے زیادہ اجازت نہیں ان حدود و قیود کو مدنظر رکھتے ھوئے میں اس موقعہ پر charged expendi-

ture کے صرف ایک آئٹم ڈیمانڈ نمبر nil جو قرضہ پر سود کی ادائیگی کے لئے مطالبہ زر کی شکل میں اس ایوان کے سامنے پیش کیا گیا ہے اپنے خیالات کا اظہار کروں گا ۔ یعنی اس مطالبہ زر ڈیمانڈ نمبر nil یعنی without any number میں ۳۰ کروڑ ۴۰ لاکھ کی رقم رکھی گئی ہے ۔

Minister of Finance : Khawaja Sahib, there cannot be any cut motion کوئی کٹ موشن نہیں ہے ۔

خواجہ محمد صفدر—اس پر کٹ موشن ہو ہی نہیں سکتا ۔ بہر حال میں جناب والا ۔ یہ عرض کر رہا تھا کہ ۳۰ کروڑ ۴۰ لاکھ کی یہ رقم جس کا مطالبہ کیا جا رہا ہے کہ آئندہ سال ہم سود کی شکل میں ادا کریں گے ۔ اس کے متعلق میں اپنے خیالات کا اظہار کرنا چاہتا ہوں ۔ اس سے پیشتر کہ قرضہ جات اور سود کے متعلق میں تفاصیل میں جاؤں میرا خیال ہے کہ اگر میں چند اعداد و شمار آپ کی وساطت سے اس ایوان کے سامنے پیش کر دوں تو زیادہ بہتر اور مناسب ہوگا اور میرے معزز دوستوں کو شاید میری گذارشات کو جانچنے میں سہولت ہوگی لیکن میرا مدعا کیا ہے یہی کہ ان کو سہولت ہو ۔ جناب والا ۔ صوبائی حکومت نے ۳۰ جون سن ۱۹۶۰ کو ۴ کروڑ ۸۰ لاکھ ۶۳ ہزار ۳۴۸ روپے سود کی ادائیگی کی تھی اور جناب والا ۔ اس سال ہم سے یعنی جو سال گذر رہا ہے ۔ جناب ۳۰ کروڑ ۲ لاکھ کا مطالبہ تھا ۔ لیکن خرچ نظر ثانی شدہ تخمینہ جات کے حساب سے کم ہے ۔

اور آئندہ سال یعنی ۱۹۶۵ کے آخر میں اس مد میں ۳۰ کروڑ ۴۰ لاکھ روپے مہیا کئے گئے ہیں ۔ یہ وہ رقم ہے جس کا مطالبہ ہم سے کیا جا رہا ہے ۔ گویا کم و بیش اتنا خرچ

ہو سکتا ہے ۔ جناب والا ۔ اس کے ساتھ ہی اگر میں صوبہ کے قرضہ کے بارے میں کچھ عرض کروں تو وہ غیر مناسب نہ ہوگا ۔ ۳۰ جون ۱۹۶۰ء کو یعنی جس تاریخ سے دوسرا پنجسالہ منصوبہ شروع ہوا ۔ اس صوبہ کے ذمے دو ارب پچیس کروڑ روپے قرضہ تھا ۔ جو ۳۰ جون ۱۹۶۵ کو ۴ ارب ۴۹ کروڑ روپے ہے اس کے بعد میں قرضہ اور سود دونوں کے تخمینہ جات دوں گا ۔ یہ میرے اپنے ذاتی تخمینے ہیں ۔ میں وزیر خزانہ سے معذرت چاہتا ہوں کہ میں یہ اعداد و شمار کسی سرکاری مطبوعہ کتاب سے نہیں لے سکتا ۔ ۳۰ جون ۱۹۷۰ء کو میرے اندازہ کے مطابق اس صوبے پر تقریباً ۱۷ ارب روپیہ قرضہ ہوگا ۔ ۱۹۷۰ء کے ایک سال میں اس پر ۱۰۰ کروڑ یعنی ایک ارب سود ہوگا ۔ میں ان اعداد و شمار پر کس طرح پہنچا ہوں ۔ وہ یوں ہے ۔ تیسرے پانچ سالہ منصوبے میں جیسا کہ محترم وزیر خزانہ نے ارشاد فرمایا ہے ۔ پبلک سیکٹر پر ۱۳۵۰ کروڑ روپے صرف ہوں گے اگر ان میں یہ ۴ کروڑ روپے شامل کر لئے جائیں تو یہ تقریباً ۱۸ ارب روپے کی رقم بن جائے گی ۔ ہم اپنی ڈیویلپمنٹ کے اخراجات revenue surplus سے پورے کر رہے ہیں ۔ اس حساب سے میں نے اندازہ لگایا ہے ۔ نئے ٹیکس ملا کر اور ہمارا جو surplus ہوگا ۔ آئندہ ۵ سال میں revenue receipts بھی اور revenue expenditure بھی ایک ارب ہوگا ۔ اس لحاظ سے میرا اندازہ ۱۷ ارب روپیہ ہے ۔ ۱۹۷۰ میں اس صوبے کے ذمے جو قرضہ ہوگا ۔ اسے دو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے ۔ ایک حصہ وہ ہے ۔ جو ہم نے مقامی طور پر مقامی پبلک ۔ لوکل باڈیز اور اس صوبے میں قرضہ float کرکے حاصل کیا ہے ۔ دوسرا وہ قرضہ ہے جو بیرونی ملکوں سے حاصل کیا ہوگا ۔ یہ دو علیحدہ قسم کے قرضے ہیں ۔ اس وقت جو اعداد و شمار

میں نے اکھٹے کئے ھیں ان کے مطابق ھمارے ۴۴۹ کروڑ قرضہ میں سے ۱۹۰ کروڑ قرضہ ھے ۔ اور اس تناسب سے آئندہ ۵ سال میں ھم پبلک سیکٹر پر ۴۹ فی صد بیرونی قرضہ جات سے خرچ کریں گے اور ۵۱ فیصد اندرونی قرضہ جات سے ان تمام اعداد و شمار کے لئے وزیر خزانہ تیسرے پنجسالہ منصوبہ کے صفحات ۵۱ سے ۵۹ دیکھ لیں وھاں یہ تمام نقشے دئیے ھیں ۔

مسٹر عبدالقیوم (کراچی ۔ ۲)۔۔پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔ جناب والا ۔ ان قرضہ جات اور سود کے سلسلے میں اگر خواجہ محمد صفدر صاحب ساتھ ھی انکم کی figures بھی دے دیں تو اسے سمجھنے میں زیادہ سہولت ھوگی ۔ جو روپیہ یہاں خرچ کیا جا رھا ھے ۔ آخر اس سے ھمیں کچھ انکم بھی ملے گی ۔

Mr. Speaker : It is not a point of order.

خواجہ محمد صفدر۔۔جناب والا ۔ اگر میرے دوست میری تقریر میں خامی محسوس کرتے ھیں تو وہ میرے جواب میں وہ خامی مجھے بتا دیں ۔ تاکہ میں کسی دوسرے موقع پر ان کا جواب دے سکوں ۔ میرے محترم دوست کو یہ معلوم ھونا چاھئے کہ میں اس وقت صرف قرضہ اور سود کے بارہ میں بات کر رھا ھوں ۔ میں اس وقت تیسرے پنجسالہ منصوبہ کی ساری Implementation زیر بحث نہیں لاؤں گا ۔ اگر میں ایسا کروں تو میری تقریر موضوع سے ھٹ جائے گی ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رھا تھا کہ میری رائے میں تیسرے پنجسالہ منصوبہ کے آخر میں ھمارے ذمہ کم و بیش ۸۹۰ کروڑ روپے کے بیرونی قرضہ جات ھوں گے ۔ شائد میرے بعض دوستوں کے اذھان میں یہ بات ھو کہ میں قرضہ برداشت کرنے کے کلیۃً خلاف ھوں ۔

میں یہ واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ ایک ترقی پذیر ملک کے لئے ایک حد تک اپنے وسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے قرضہ لینا ضروری ہو جاتا ہے ۔ مگر ہمیں اپنی چادر کے مطابق پاؤں پھیلانے چاہئیں ۔ ایسا نہ ہو کہ ملک سود اور قرضے کی ادائیگی کے بوجھ تلے دب جائے ۔ اور اس کے لئے وہاں سے نکلنا مشکل ہو جائے ۔ میں قرضہ برداشت کرنے کے حق میں ہوں ۔ لیکن جو پالیسی اس سلسلہ میں ہماری گورنمنٹ کی ہے ۔ اس کے میں خلاف ہوں ۔ یہ میں نے اس لئے عرض کر دیا ہے ۔ تاکہ میرے استدلال کی جو لائن ہے وہ میرے دوستوں کے ذہن میں آ جائے ۔

جناب والا ۔ بیرونی قرضہ جات کی سب سے زیادہ رقوم ہم امریکہ سے حاصل کرتے ہیں ۔ وہ ہمارا سب سے زیادہ قرض خواہ ہے ۔ ساہوکار ہے ۔ اگر اسکے قرضوں کو مختلف حصوں میں تقسیم کیا جائے ۔ تو اسکے تین حصے بنتے ہیں ۔ (۱) پراجیکٹ ایڈ ۔ دراصل بات یہ ہے ۔ کہ لفظ ایڈ سے عام آدمی کے ذہن میں کچھ غلط فہمی پیدا ہو جاتی ہے ۔ اسلئے میں قرضے کا لفظ استعمال کرونگا ۔ تو پہلا حصہ ہے ۔ پراجیکٹ ایڈ ۔ دوسرا ہے ۔ کماڈٹی لونز (Commodity Loans) اور تیسرا ہے PL480 Counter part fund انکے متعلق جو دقتیں کہ ہمیں بطور پاکستانی پیش آ رہی ہیں ۔ انکے متعلق میں آپ سے گزارش کروں گا ۔ کہ ذاتی طور پر بہت بڑا اعتراض ہے ۔ کہ ہمیں جو قرضہ جات خواہ امریکہ سے ملیں ۔ خواہ کسی اور ملک سے ملیں ۔ وہ پراجیکٹ لونز ملتے ہیں ۔ اسکی مراد یہ ہے ۔ کہ جو سکیم ہم بناتے ہیں جب تک قرضہ دینے والے ملک اسکو منظور نہیں کرتے ۔ وہ ہمیں قرضے نہیں دیتے ۔ اس بات کا لازمی نتیجہ یہ ہے ۔ کہ ہماری اقتصادی ترقی ہم خود کنٹرول نہیں

کرتے ۔ بلکہ قرضہ دینے والے ہماری اقتصادی ترقی کو کنٹرول کر رہے ہیں ۔ مثال کے طور پر ایک مدت ہوئی ۔ کہ ہم یہ چاہتے ہیں ۔ کہ ایک سٹیل پلانٹ یا ایک سٹیل مل یہاں لگائی جائے ۔ لیکن اسکے لئے ابھی تک ہمیں کسی ملک نے قرضہ نہیں دیا ۔ کیوں ؟ محض اسلئے کہ یہ مل لگانے کی ہماری خواہش ہے ۔ کہ یہاں مل لگے ۔ ان قرضہ دینے والے ممالک کی خواہش نہیں ہے ۔ کہ یہاں مل لگے ۔ ہمارے جو منصوبے انکی خواہش کے مطابق ہونگے ۔ اور انہیں قبول ہونگے ۔ اسکے بعد وہ انہیں منصوبوں کے لیے قرضے دیں گے ۔ اس لحاظ سے ہمارے وہ دوست ممالک جو ہمیں قرضے دیتے ہیں ۔ وہ ہماری اقتصادی ترقی کو کنٹرول کرتے ہیں ۔ یعنی یہ ملک ہماری خواہش کے مطابق ترقی نہیں کر رہا ہے ۔ بلکہ ہمیں بیرونی ممالک کی خواہش کے مطابق اپنی اقتصادی ترقی کرنی ہوگی ۔ ورنہ نہیں ۔ قرضہ نا منظور ۔ کوئی بات ہی نہیں ہے ۔ اور اسکے ساتھ دوسری چیز یا دوسری صورت جس میں کہ ہمیں امریکہ سے قرضہ ملتا ہے ۔ وہ ہے ۔ کماڈٹی لونز ۔ اسکے تحت ہمیں مختلف چیزیں مثلاً لوہا اور چھوٹی موٹی مشینری میسر آتی ہے ۔ یہاں ہم اپنے کاروباری اصحاب کو لائسنس جاری کرتے ہیں اور وہ اسکے تحت امریکہ سے مال درآمد کرتے ہیں ۔ ابھی چند روز ہوئے ۔ میرے محترم دوست ملک قادر بخش صاحب نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے اس معزز ایوان میں ارشاد فرمایا تھا ۔ کہ دنیا کی منڈیوں کے بھاؤ سے امریکہ کی منڈی کے بھاؤ چالیس فیصد زیادہ ہوتے ہیں ۔ یعنی جو چیز ہم جاپان سے سو روپے میں خرید سکتے ہیں ۔ چونکہ ہم مجبور ہیں ۔ کہ ہمارے ملک نے یہ قرضہ برداشت کیا ہے ۔ کیونکہ کماڈٹی ایڈ میں ہمیں یہ قرضہ ملا ہے ۔ اس لئے ہمیں امریکہ کو چالیس فیصد زیادہ

ادا کرنا پڑتا ہے ۔ یعنی ایک تو ہمیں قرضہ دیا جا رہا ہے ۔ وہ معاف نہیں کیا جائیگا ۔ اور میں یہ بھی عرض کردونگا ۔ کہ ہم سے سود کس طرح وصول کیا جاتا ہے ۔ اور یہ کہ ہمیں قرضہ کتنی تعداد میں دیا جاتا ہے ۔ حالانکہ ہم مجبور ہیں ۔ کہ ہم ڈیڑھ گنا زیادہ قیمت امریکہ کے بیوپاریوں کو ادا کریں ۔ اور تیسری صورت PL480 Counter part fund کی ہے ۔ یہ وہ fund ہے ۔ جو ہم خوراک کی مختلف اشیاء امریکہ سے خریدتے ہیں ۔ اور جنکی ادائیگی ہم روپے میں کرتے ہیں ۔ اور وہ روپیہ یہاں امریکی سفارتخانے کے پاس جمع رہتا ہے ۔ کچھ روپیہ اپنے مصرف میں لاتے ہیں ۔ اور کچھ اپنی ترقیات کے لیے قرض لیتے ہیں ۔ مثال کے طور پر رورل ورکس پروگرام میں ابھی کل ہی جناب وزیر خزانہ نے ارشاد فرمایا ۔ کہ پندرہ کروڑ روپے ہمیں ملیگا ۔ تو وہ اسی PL480 کا ہے ۔ جناب والا اس میں بھی ایک شرط ہے شرائط تو بیسیوں ہونگی ۔ لیکن مجھے ایک ہی معلوم ہے ۔ اور وہ یہ ہے ۔ کہ ہم مجبور ہیں ۔ کہ گندم ان سے ہی درآمد کریں ۔ کیونکہ ہمارا ملک اس سلسلے میں خود کفیل نہیں ہوسکا ۔ اسکی وجوہات کیا ہیں ۔ آج ہی دو تین گھنٹے کے بعد اگر موقع ملا ۔ تو ہو سکتا ہے ۔ کہ میں زراعت کے متعلق اپنی گذارشات کرتے ہوئے اس کے متعلق بھی عرض کروں ۔ کہ ہمیں تقریباً آٹھ لاکھ ٹن گندم ہر سال امریکہ سے درآمد کرنی ہوتی ہے ۔ لیکن انکے ساتھ یہ شرط ہے ۔ کہ ہم ان کی اجازت کے بغیر اپنا چاول کہیں بھی فروخت نہیں کر سکتے ۔ ہر قسم کے قرضہ جات کے متعلق مختلف شرائط ہیں ۔ کہیں یہ شرط ہے ۔ کہ ہماری منصوبہ بندی انکی مرضی کے مطابق ہوگی ۔ کہیں یہ شرط ہے ۔ کہ ہماری درآمد انکی مرضی کے مطابق ہوگی ۔ کہیں یہ شرط ہے ۔ کہ ہماری برآمد بھی انکی

مرضی کے مطابق ہوگی - یعنی یہ قرضہ جات غیر مشروط نہیں ہیں - ہم ان قرضہ جات کو مشروط طور پر حاصل کرنے کے بعد اگر یہ دعویٰ کریں - کہ ہم اقتصادی طور پر یا سیاسی طور پر امریکہ کے اثر سے آزاد ہیں - تو یہ دعویٰ غلط ہے - بے بنیاد ہے - اگر آپ اپنی اقتصادی اور سیاسی آزادی برقرار رکھنا چاہتے ہیں - تو آپ کے لئے لازم ہے - کہ آپ ان قرضہ جات کو موجودہ شکل میں برداشت کرنا چھوڑ دیں - اور اگر کسی دوسری شکل میں قرضہ نہیں ملتا - تو قرضہ برداشت کرنا ہی چھوڑ دیں - بھوکے مریں - ننگے پھریں - لیکن ایک خود دار قوم کی طرح زندگی بسر کریں - اور ایک غلام قوم کی حیثیت سے ہم پیٹ بھر کر کھانا اور اچھا لباس پہننے پر اکتفا نہ کریں -

جناب والا - حقیقت یہ ہے - کہ ایک زمانہ تھا - کہ دنیا کی بڑی بڑی طاقتور قومیں اپنی فوجوں کے ذریعے دوسرے ممالک پر قبضہ کیا کرتی تھیں - دوسرے ممالک کو اپنا محکوم بنایا کرتی تھیں - وہ امپریلزم اور کالونیلزم کا زمانہ گزر چکا ہے - وہ محکومی فوج کشی کی وجہ سے ہوتی تھی - آج روپے اور ڈالروں کے ذریعے ملکوں اور قوموں کی آزادیوں کو چھینا جا رہا ہے - آزادیوں کو غصب کیا جا رہا ہے - ہم بھی ان بد نصیب قوموں میں سے ہیں - جو روپے کے عوض اپنی آزادی کو بیچ رہے ہیں - فروخت کر رہے ہیں - اب سوچئے کہ وہ روپیہ کیا ہمارے لئے منفعت بخش ہے - وہ روپیہ امریکہ کو ہی منفعت بخشتا ہے - حال ہی میں امریکہ کے ادارہ بین‌الاقوامی امداد نے اپنی گورنمنٹ کو رپورٹ دی ہے کہ پچھلے سال ۳ ارب اور غالباً ۳۰ کروڑ ڈالر انہوں نے اکانومی امداد دی - جس میں سے ۳ کروڑ قرضہ کسی نہ کسی

شکل میں ٹیکنیکل ٹیکنیشن کی صورت میں یا جو مال خریدا گیا ہے اسکی شکل میں ان کو واپس پہنچ گیا ہے ۔ ہمارے ایک مقامی روز نامہ نے ابھی چند روز ہوئے اپنے اداریے میں لکھا تھا کہ طاس سندھ میں آبپاشی کے لئے امریکہ نے ہمیں ۳۲ کروڑ روپیہ کا قرضہ دیا ہے اور ۸۵ کروڑ روپیہ کی رقم ٹھیکوں کی صورت میں پھر واپس لے لی ہے ۔ ان کے ٹیکنیشن ۔ ان کے کنسلٹینٹ یہاں تشریف لاتے ہیں بلکہ ہر قرضہ میں ایک شرط ہوتی ہے اور قرضہ پر دستخط فرماتے وقت اس میں شرط ہوتی ہے کہ ان کے ٹیکنیشن اور کنسلٹینٹ قرضہ کے ساتھ جائیں گے ۔ جن کی ادائیگی اس طرح ہوگی ۔ یقین جانئے ہمارے گورنر صاحب کی تنخواہ اندازاً ۷۲ ہزار روپیہ سالانہ ہے لیکن ان کے کنسلٹینٹ کو جو تنخواہ ۔ الاؤنس اور دوسری ضروریات زندگی ہم دیتے ہیں وہ ہم سے پچیس ہزار روپیہ لیتے ہیں ۔ یعنی ۳ لاکھ روپیہ سالانہ وصول کرتے ہیں یعنی ایک کنسلٹینٹ کا خرچ صوبہ کے سربراہ کے خرچ سے کم نہیں بلکہ زیادہ ہے ۔ فرمائیں کیا ہمارے لئے مناسب ہے ۔ کیا ہم اس طرح اپنے ملکی resources کو برباد کر رہے ہیں اور اس نام پر کہ ہم اقتصادی ترقی کر رہے ہیں ۔ اقتصادی ترقی کا تو تین دن سے رونا اس ایوان میں آتا رہا ہے ۔ مجھے کسی دوست کا نام یاد نہیں ہے اس معزز ایوان میں کم و بیش سو تقاریر ہوئی ہیں ایک شخص نے بھی یہ نہیں کہا کہ ہمارے صوبہ میں یا اسکے کسی ضلع میں یا اسکے کسی علاقے میں اقتصادی ترقی ہوئی ہے ۔ ہر ایک نے کہا ہے کہ ہمارا ضلع اور ہمارا علاقہ پس ماندہ ہے ۔ ترقی کا معیار ہمارا یہ ہے کہ اس ایوان میں ایک شخص نے بھی اٹھ کر کہا ہو (جناب والا حکمران پارٹی سے تقریباً سارا ایوان تعلق رکھتا ہے ماسوائے پانچ آزاد امیدواروں کے

اور پانچ ہم ہیں) کہ اس صوبہ نے ترقی کی ہے - یا ضلع نے ترقی کی ہے - یا اسکے حلقہ نیابت میں ترقی ہوئی ہے - سب نے کہا ہے کہ ہمارا علاقہ پسماندہ ہے مصیبت زدہ ہے - خدا معلوم کیا کیا میرے دوستوں نے نام دیئے ہیں - کیا یہ ترقی ہے ؟ اور دوسری طرف صورت یہ ہے کہ ہم کو آج سے ٹھیک پانچ سال کے بعد ایک سو کروڑ سود کی شکل میں ادا کرنا ہوگا - جناب والا دراصل اس میں کوئی شک نہیں کہ ہمارا غریب ملک ہے - جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے کہ غریب ملکوں کو اس بات کا زیادہ لالچ ہوتا ہے کہ وہ جلدی ترقی کریں لیکن ترقی کے لئے جو اقتصادی طور پر درست اور صحیح طریقے ہیں انہیں استعمال کیا جائے - جو اقتصادی طور پر نا درست طریقے ہیں وہ بجائے ترقی کے ہمیں بربادی کی طرف لے جائیں گے انہیں استعمال نہ کیا جائے عام طور پر یہ کہا جاتا ہے کہ ہماری شرائط قرضہ بہت نرم نہیں کیا نہیں وہ میں نے بتا دی ہیں کہ شرائط قرضہ کیا ہوتی ہیں - مثال کے طور پر کنسلٹینٹ کی شرط - ٹیکنیکل ایڈوائزر کی شرط ہے - شاید کسی دوست کے ذہن میں خیال ہو کہ ہمیں قرضہ سستا ملتا ہے تو میں پوچھتا ہوں کہ ہمیں سود بھی ادا کرنا پڑتا ہے جو شاید کسی زمانہ میں کسی ملک میں بھی روا نہ تھا آج ہم نے اپنا سود پانچ سال میں ۴ فیصدی سے پانچ فیصدی تک ادا کرنا ہوگا - مثال کے طور پر ۱۹۶۰-۶۱ ۱۹۶۱-۶۲ اور ۱۹۶۲-۶۳ میں ہم نے ۲۵ سال کیلئے High tension grid کیلئے امریکہ سے ساڑھے تین فیصد پر قرضہ لیا - پھر امریکہ سے ساڑھے تین فیصد پر لیا - پھر امریکہ سے ساڑھے تین فیصدی سود پر لیا - ۱۹۶۱-۶۲ میں جو قرضہ لیا ہے اسکا سود ساڑھے چھ فیصد ہے - اور پھر جناب والا ۱۹۶۲-۶۳ میں ہم نے ورلڈ بنک

سے قرضہ لیا ۔ اس کا ساڑھے پانچ فیصدی سود ہے ۔ ۱۹۶۲-۶۳ میں پھر امریکہ سے قرضہ لیا اس کا پونے چھ فیصد سود ہے ۔ پھر ویسٹ جرمنی سے قرضہ لیا اسکا ۳ء۳ فیصدی سود ہے ۔ اور پھر فرانس سے ۱۹۶۳ میں قرضہ لیا اسکا ۵ء۵ فیصدی سود ہے ۔ اسکے بعد ویسٹ جرمنی سے قرضہ لیا اس کا ۶ء۲۵ فیصدی سود ہے ۔ ویسٹ جرمنی سے دوسرا قرضہ لیا اس کا ۶ فیصدی سود ہے ۔ پھر فرانس سے قرضہ لیا اس کا ۵ فیصدی سود ہے ۔ پھر ایک قرضہ ویسٹ جرمنی سے لیا اس کا ساڑھے ۵ فیصدی سود ہے ۔ علی ہذا القیاس بعض قرضے ایسے ہیں جن کا ۴ فیصدی سود دینا ہے اور وہ بھی ہیں جن کا ساڑھے چھ فیصدی سود بھی دینا ہے ۔ جناب والا کیا میں وزیر خزانہ صاحب سے پوچھ سکتا ہوں کہ ہمارے کون کون سے ایسے منصوبے ہیں جن میں اتنی آمدنی ہے جن میں سے چھ ساڑھے چھ فیصدی سود ادا کرنا ہے ۔ وہ پروگرام منفعت بخش ہوگا ۔ بلکہ خود ہی تسلیم کیا کہ ہمارے قرضہ جات کا کچھ حصہ (چلئے کچھ سے مراد ۲۵ فیصدی لے لیں میں تو اس سے زیادہ بناتا ہوں شاید ان کے نزدیک ۲۵ فیصدی درست ہے جو) Non-Productive طور پر استعمال ہوتا ہے جن سے آمدنی کی توقع نہیں اگرچہ اس سے عوام کی بھلائی ضرور ہے ۔

بعض چیزیں ایسی ہیں مثال کے طور پر بجلی جس کے اخراجات کو ہم productive کہہ سکتے ہیں کیونکہ اس سے کافی آمدنی بھی وصول ہوتی ہے ۔ اور لوگوں کو فائدہ بھی پہنچتا ہے مگر اسی طرح نہروں کی تعمیر کو بھی productive کہا جائے گا ۔ مگر اس کے مقابلے میں سڑکوں کی تعمیر سے اگرچہ عوام کو بے انتہا فائدہ پہنچتا ہے ۔ مگر گورنمنٹ کو اس سے براہ

راست آمدنی وصول نہیں ہوتی اس لئے ان اخراجات کو non-productive کہاں جائے گا ۔

اب جناب سپیکر ۔ میں گذارش کرونگا کہ اگر اس قسم کے غیر منفعت بخش non-productive اخراجات کل قرضوں کے ۲۰ فیصدی تک محدود رہیں تو یہ ایک قابل برداشت حد ہوتی اور باقی ۸۰ فی صد productive اخراجات کے ساتھ مل کر مجموعی طور پر ایسے اخراجات کے لئے سود پر قرضہ لینے کی پالیسی قابل قبول ہو سکتی ہے ۔

لیکن اگر non-productive اخراجات اور قرضہ جات کی کثرت ہو جیسا کہ ہماری گورنمنٹ برداشت کر رہی ہے ۔ تو جناب والا ۔ میں پوچھتا ہوں کہ آیا ۱۹۷۰ میں ہم سو کروڑ روپے سود بھی ادا کر سکیں گے اور ساتھ ہی اپنے دوسرے بنیادی اور ضروری اخراجات بھی برداشت کر سکیں گے مثلاً سکول ۔ کالج ۔ ہسپتال اور سڑکوں وغیرہ کی تعمیر اور بحالی پر بھی روپیہ خرچ کر سکیں گے ۔

آخر اتنا روپیہ کہاں سے آئے گا ابھی تو سود کی ادائیگی شروع نہیں ہوئی اور سارے قرضہ جات کی رقوم خوشی خوشی اپنی ترقیاتی سکیموں پر خرچ کرتے جاتے ہیں ۔ لیکن جب ان قرضوں کی واپسی اور ادائیگی کا وقت آیا اور ساتھ ہی ۱۰۰ کروڑ روپیہ بطور سود ادا کرنا پڑا تو پھر ہماری روز مرہ کی ترقیاتی سکیموں اور تجاویز کا کیا حشر ہوگا ۔ ان چیزوں پر تو ہمارا خرچ recurring قسم کا ہوگا وہ ہم کہاں سے پورا کریں گے ؟ اس لئے میں عرض کر رہا ہوں کہ ابھی سے سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں ۔ اور اپنے قرضہ جات کی پالیسی پر نظر ثانی کریں ۔

میں یہ نہیں کہتا کہ تمام قرضوں کو فی الفور بند کر دیا جائے بلکہ میری استدعا تو صرف یہ ہے کہ آپ ٹھنڈے دل سے اپنے قرضہ جات کی پالیسوں پر نظر ثانی کریں - اگر یہ واقعی ملک کے لئے منفعت بخش ہیں تو ع - چشم ما روشن دل ماشاد لیکن اگر اقتصادی طور پر ان کے ضرر رسان اور نقصان دہ ثابت ہونے کا خطرہ اور اندیشہ ہو تو ابھی سے ان پر نظر ثانی کر لینے میں کیا حرج ہے ؟ میں کہونگا کہ بڑے بڑے economists ملک میں موجود ہیں بیرونی ماہرین بھی آپ کو مل سکتے ہیں ان سب سے مشورہ کر لیجئے شیخ مسعود صادق صاحب نے بجا فرمایا ہے کہ میں کوئی معاشی ماہر نہیں ہوں میں مانتا ہوں کہ میں اقتصادیات کا ماہر نہیں اور میری رائے قطعاً ایکسپرٹ کی رائے کا درجہ نہیں رکھتی - مگر میں عرض کرونگا کہ آپ کو بہترین economists مل سکتے ہیں ان سے مشورہ کر لیجئے - لیکن آپ صرف ایسے ماہروں پر انحصار نہ کریں جو خوش آمدی ہیں اور محض آپ کے بوٹ کی ٹو چاٹتے رہتے ہیں بلکہ ان صحیح قسم کے ماہروں سے مشورہ کریں جو علم بھی رکھتے ہوں اور ملک کے خیر خواہ و ہمدرد بھی ہوں - اگر وہ رائے دیں کہ گورنمنٹ کی موجودہ پالیسی میں تبدیلی کی ضرورت ہے تو پھر آپ کو ضرور اپنے قرضہ جات کی پالیسی میں تبدیلی کر لینی چاہئے ورنہ مجھے خدشہ ہے کہ موجودہ پالیسی کہیں ہمارے اقتصادی تنزل کا باعث نہ ہو -

مثال کے طور پر آپ ملک کی فی کس سالانہ آمدنی کو لیجئے جو ۱۹۶۰ میں ۲۳۶ یا ۲۳۷ روپے تھی مگر تین سال میں بڑھ کر ۲۴۸ -

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق)۔جی نہیں یہ اب ۳۸۰ روپے ہے۔

خواجہ محمد صفدر۔اچھا جی۔ ۳۸۰ روپے بھی ہو تو پھر بھی تین سال کے عرصے میں یہ آمدنی بڑھ کر بہ مشکل ایک روپیہ یومیہ تک ہو گئی ہے ظاہر ہے کہ یہ نہایت قلیل آمدنی ہے۔ آئندہ پانچ سالہ منصوبے کی تکمیل پر اندازاً ۴۲۴ روپے بقول شیخ صاحب ہو جائے گی۔ مجھے خدشہ ہے کہ یہ کہیں ۴۲۰ نہ ہو جائے۔

جناب اس ملک میں ۵۶۲۷ کروڑ یا ۵۲۰۰ کروڑ روپے اس پانچ سالہ منصوبے پر خرچ ہونگے۔

اتنے گرانقدر اخراجات کے بعد آمدنی فی کس میں اضافہ نہایت قلیل اور حقیر معلوم ہوتا ہے۔ اس پر کون فخر کر سکتا ہے۔

جناب والا۔ میں ان گذارشات کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

خان عبدالستار خان مہمند (مردان۔ ۲)۔جناب والا۔ میں خواجہ محمد صفدر صاحب کی تقریر پر رائے زنی نہیں کرنا چاہتا مگر اتنی گذارش کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ کوئی ملک development نہیں کر سکتا جب تک کہ اپنے ملک کو ترقی یافتہ بنانے کے لئے ترقی یافتہ غیر ممالک (خواجہ محمد صفدر:۔ اپنے ملک کو فروخت نہ کر دے) سے قرضہ اور امداد حاصل نہ کرے۔ اگر خواجہ صاحب کے پاس کوئی خفیہ خزانہ ہے تو بتا دیں ہم اس سے روپیہ نکال لیا کریں۔ جناب سپیکر۔ خواجہ

صاحب نے گورنمنٹ کی پالیسی پر شدید نکتہ چینی کی ہے اور کہا ہے کہ یہ روپیہ ضائع کر رہی ہے ۔ حالانکہ جو روپیہ دیہات کی ترقی کے لئے یونین کونسلوں کو دیا جاتا ہے وہ اس کو مقامی development پر صرف کرتی ہیں ۔ اور اپنے علاقے کی بہبودی اور بہتری پر خرچ کرکے عوام کا معیار زندگی بلند کر رہی ہے خواجہ صاحب باہر دیہات میں جا کر تو دیکھیں کہ ان سالوں میں کتنی زیادہ ترقی ہو گئی ہے کافی نئی سڑکیں تعمیر ہوئی ہیں سکول کھولے گئے ہیں ہسپتال اور ڈسپنسریاں قائم کی گئی ہیں ۔

پھر جناب والا ۔ سٹیل ملز لگانے کے سلسلے میں بھاری قرضہ جات کا ذکر خواجہ صاحب نے کیا ہے مگر میں کہونگا ۔

beggars are not choosers.

خواجہ محمد صفدر—مجھے اسی پر اعتراض ہے ہم قوم کو a nation of beggars نہیں بنانا چاہتے ۔

خان عبدالستار خان مہمند—خواجہ صاحب سنیئے ۔ جواب سننے کی ہمت بھی ہونی چاہئے ۔ آپ خود ہی غور فرمائیے کہ امریکہ روس اور چین وغیرہ ہمارے رشتہ دار تو نہیں ہیں جو ہم کو لکھوکھا روپے بطور ایڈ دے رہے ہیں ۔ ہم ان کے عزیز رشتہ دار بھتیجے تو نہیں لگتے کہ وہ مفت میں کرم بخشی کرتے جائیں ۔ ان کو بھی اپنے عوام کے سامنے قرضہ جات کو Justify کرنا پڑتا ہے ۔ وہ اپنے ملک کے نمائندوں اور خود عوام کے سامنے جواب دہ ہوتے ہیں وہ اپنے ٹیکس گذاروں کو نئی منڈیوں کی بنا پر اطمینان دلاتے ہیں اور ہم اپنے productive پراجیکٹس کو دیکھتے ہیں جن سے ملک کو نفع ہوگا ۔

آپ نے یہ بھی کہا کہ پریذیڈنٹ نے ملک کو امریکہ کے ہاتھ میں بیچ دیا ہے ۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ صدر ایوب کی فارن پالیسی کی بدولت پاکستان کا وقار دنیا بھر میں بلند ہو گیا ہے انہوں نے امریکہ ۔ چین اور روس کے ساتھ بہتر تعلقات استوار کرکے ملک کی عزت کو چار چاند لگا دئیے ہیں اور پاکستان کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کی کوشش کی ہے ۔ مجھے حال ہی میں اس سیمینار میں شامل ہونے کا شرف حاصل ہوا جس میں ہمارے ملک کی ڈویلپمنٹ کی نگرز دی گئی تھیں ان کو سن کر مجھے حیرت ہوئی کہ اتنی ترقی ہو چکی ہے میں نے ماہر سے پوچھا کہ آیا یہ سچ مچ کی بات ہے یا محض پراپیگنڈا ہی پراپیگنڈا ہے تو اس نے مجھے یقین دلایا کہ یہ تو hard facts ہیں ان کا ریکارڈ موجود ہے ۔ ظاہر ہے کہ اپنے ملک میں اتنی مالی طاقت اور ہمت نہیں تھی کہ اتنے اخراجات اپنی جیب سے خرچ کرتا ۔ قرضہ لینے کی مجبوری تھی فارن ایکسپرٹ بھی چن چن کر بلانے پڑے ان کو تنخواہ دینا بھی جائز تھا ۔

دوسری بات انہوں نے یہ فرمائی تھی کہ جب یہ قرضہ لیتے ہیں ۔ تو اس وقت اس کے بارے میں experts سے رائے بھی لیا کریں میں سمجھتا ہوں ۔ ہماری حکومت نے اس سلسلے میں ماہرین سے ضروری رائے لی ہوگی ۔ یہ ہو نہیں سکتا کہ صرف ایک وزیر نے اپنی مرضی سے یہ کہہ دیا ہو کہ فلاں ملک سے ہمیں اتنا قرضہ دلا دو ۔ اور وہ دلا دیا گیا ہو ۔ بلکہ اکثر ہوتا یوں ہے کہ غیر ملکی ماہرین یہ دیکھتے ہیں کہ کس کس چیز کے لئے کتنا کتنا قرضہ ضروری ہے ۔ اور یہ کس حد تک اس ملک کی پیداوار بڑھائیگا اور کس حد تک اس ملک کی ضروریات پورا کریگا ۔ یہ مانا کہ

recurring expenses سب پر ہوتے ہیں - یہ مانا کہ بعض قرضوں سے productivity نہیں ہو سکتی - اور بعض سے آمدنی بھی نہیں ہو سکتی - لیکن کیا ہمارے نزدیک انسانی جانوں کی اتنی قدر بھی نہیں کہ یہ جو ہمارے صوبے میں آئے دن سڑکوں پر حادثات ہوتے رہتے ہیں - ان میں کمی کرنے کی غرض سے سڑکیں بنائی جائیں اور ان کو کھلا کیا جائے ویسے ایک انسانی جان کی قیمت کا اندازہ کرنا ناممکن ہے - اس لئے یہ ضروری ہے کہ سڑکوں کے لئے نہروں پانی اور آبپاشی کے لئے - اور اس کے ساتھ ہی زمین کی drainage اور water-logging وغیرہ کو ختم کرنے ان تمام چیزوں کے لئے قرضے لئے جائیں - یہ مجبوری امر ہے - البتہ اگر خواجہ صفدر صاحب کو کوئی خزانہ معلوم ہو - تو وہ ہمیں جگہ دکھا دیں - ہم جناب وزیر خزانہ کو مجبور کرینگے کہ وہ اس خزانے کو کھدوائیں اور وہاں سے سونا نکالیں اور اس طرح آئندہ اپنے ملک کو بیرونی ممالک کے قرضوں سے بچائیں -

ملک معراج خالد (لاہور - ۵)—جناب سپیکر - جناب خواجہ صاحب نے اس بات کو تسلیم کیا ہے - کہ فی زمانہ کوئی بھی ترقی پذیر ملک بیرونی ممالک سے قرضے لئے بغیر اپنے ترقیاتی منصوبے نہیں چلا سکتا - آج ہمارے سامنے ان ملکوں کی مثالیں موجود ہیں جو ترقی پذیر ممالک کو قرضہ جات دے رہے ہیں - انہوں نے خود بھی کسی وقت امریکہ وغیرہ جیسے ممالک سے قرضے لئے تھے - فرانس - جرمنی جاپان اور خود برطانیہ نے جو آج کل ایشیا اور افریقہ کے مختلف ممالک کو قرضہ جات دے رہے ہیں - اور مشروط قرضہ جات دے رہے ہیں انہوں نے خود امریکہ سے قرضے لئے اور ان سے اپنے نفع بخش ترقیاتی منصوبے چلا کر اس قابل ہو گئے کہ اب وہ دوسرے ممالک کی مدد کر رہے ہیں -

جناب والا ۔ جہاں تک دوسرے ملکوں سے اپنے ترقیاتی منصوبوں کے لئے قرضہ جات لینے کا تعلق ہے ۔ اس امر سے قطعی طور انکار نہیں کیا جا سکتا کہ فی زمانہ قرضوں کے بغیر کوئی چارہ کار نہیں ۔ لیکن انہوں نے جو سوال اٹھایا ہے وہ یہ ہے کہ بیرونی قرضے مشروط نہیں ہونے چاہئیں ۔ کیونکہ مشروط قرضوں کی صورت میں کسی بھی قرضہ لینے والے ملک کی اقتصادی اور سیاسی پالیسیاں متاثر ہوتی ہیں اور یہ ایک ایسی حقیقت ہے جس سے انکار نہیں کیا جا سکتا ۔

جناب سپیکر ۔ سرمایہ دار یا مغربی ممالک تو آزاد اور ترقی پذیر ممالک کو قرضے دے کر ان کی اقتصادی اور سیاسی پالیسیوں کو متاثر کرتے ہیں ۔ اسے ہی neo سامراج کا نام دیا گیا ہے کیونکہ وہ اس طرح وہاں اپنے استعماری عزائم پورا کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور یہی طریقہ ہے کہ وہ ان ملکوں کو قرضے دیکر ان کی اقتصادی اور سیاسی پالیسیوں کو متاثر کرتے ہیں ۔

جہانتک پاکستان کا دوسرے سامراجی ممالک سے قرضہ جات لینے کا سوال ہے اور ان قرضہ جات کی بدولت اپنے ترقیاتی منصوبوں کو چلانے کا تعلق ہے ۔ یہ پالیسی ایسی ہے جو اس حکومت کی اختیار کردہ نہیں ۔ بلکہ عسکری انقلاب ۱۹۵۸ء سے پہلے بھی ہمارے ہاں امریکہ اور دوسرے ملکوں سے قرضہ جات لینے کی پالیسی کارفرما تھی ۔ چنانچہ جب بھی بیرونی قرضے لینے کا موقع آیا ۔ ان کی وجہ سے ایسے ایسے معاہدے عمل میں آئے جن سے ہماری اقتصادی اور سیاسی پالیسیاں متاثر ہوئیں ۔ صدر ایوب نے انقلاب کے بعد فوری طور پر اس ضرورت کو محسوس کیا کہ مشروط قرضوں کی صورت میں ہم وہ آزادی حاصل نہیں کرسکتے

جو ہمارا منتہائے مقصود ہے ۔ اور جناب یہ ایک حقیقت ہے اور اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ صدر ایوب نے افریقی اور اور ایشیائی ترقی پذیر ممالک کو اقتصادی آزادی دلانے کیلئے جو Leading Role play کیا ہے وہ روز روشن کی طرح عیان ہے ۔ اس کی تازہ ترین مثال یہ ہے کہ الجیریا میں ہونے والی کانفرنس جس میں ایشیا اور افریقہ کے لیڈر اکٹھے ہونے والے تھے ۔ اور جس کے متعلق اب مختلف خبریں آ رہی ہیں ۔ اس میں صدر ایوب نے بڑا اہم کردار ادا کیا ہے ۔ اور اس کا بنیادی نکتہ منجملہ دیگر امور کے یہ تھا کہ ایشیا اور افریقہ کے ممالک کس طرح ان سامراجی ممالک سے اقتصادی آزادی حاصل کر سکتے ہیں اس کوشش میں چین ۔ انڈونیشیا ۔ مصر اور پاکستان پیش پیش تھے تاکہ وہ ان ممالک کو مجبور کر دیں کہ وہ جس طرح گذشتہ دو سو سال یا تین سو سال تک ان ممالک میں لوٹ کھسوٹ کرتے رہے ہیں ۔ اگر وہ اب ہمیں قرضے دیتے ہیں یا دوسری صورتوں میں ہمیں امداد دیتے ہیں ۔ تو ہم پر کوئی خاص مہربانی نہیں کرتے ۔ بلکہ وہی واپس لوٹا رہے ہیں ۔ جس طرح کہ وہ صدیوں تک ہم سے مفادات اٹھاتے رہے ۔ اس لئے اب ان کی طرف سے ان قرضوں پر اور مالی اعانتوں پر کسی قسم کی شرط لگانا قطعی طور پر نامناسب ہے ۔ اس طرح اس دوسری بنڈونگ کانفرنس میں بڑے اہم فیصلے ہونے والے تھے ۔ خدا کرے وہ ہو جائیں ۔ تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ کس طرح ان ممالک نے اکٹھے ہو کر اس اقتصادی لوٹ کھسوٹ سے اپنے آپ کو آزاد کرانا ہے ۔ اور یہ قرضہ جات جن کے بغیر ہم چل نہیں سکتے ان کی لعنت کو ہم نے کس طرح ختم کرنا اور اپنی economies کو self reliant بنانا ہے ۔

جناب والا۔میں سمجھتا ہوں کہ قرضہ جات نہایت ضروری ہیں ۔ لیکن یہ مشروط نہیں ہونے چاہیئیں ۔ نیز ان قرضہ جات کے متعلق جو کچھ خواجہ صاحب نے فرمایا ہے ۔ وہ بالکل درست ہے ۔ اور موجودہ حکومت کی یہی کوشش ہے کہ ان مشروط قرضہ جات سے نجات حاصل کی جائے ۔ اور اپنی پالیسی کو آزاد بنایا جائے ۔ اور اپنی خارجہ پالیسی کو کسی صورت بھی اس کے تابع نہ کیا جائے ۔ اس کا واضح ثبوت موجود ہے اور ملک کا بچہ بچہ جانتا ہے کہ سوشلسٹ بلاک کے ممالک کے ساتھ کس طرح تعلقات پیدا کئے گئے ہیں اور اس میں ان سامراجی ممالک کی خواہشات اور عزائم کو قطعی طور پر دخل نہیں دینے دیا گیا ۔ اس لئے قرضہ جات اپنی جگہ ضروری ہیں مگر ان کا مشروط ہونا ہرگز بجا درست اور ٹھیک نہیں ۔ اور موجودہ حکومت کی یہ پالیسی اور کوشش کہ ان سے نجات حاصل کی جائے قابل تعریف ہے ۔ لہذا جوں جوں یہ پالیسی کامیاب ہوگی ۔ اس کے نتائج سامنے آئینگے ان قرضہ جات کا بوجھ لازمی طور پر کم ہوتا جائیگا ۔ اور ان نئے دوستوں سے جن کے ساتھ ہم اپنے تعلقات قائم کر رہے ہیں ۔ اور جو ہمیں بغیر شرطوں کے قرضہ جات دینے کیلئے تیار ہیں ۔ اور کچھ دئے بھی ہیں ۔ مزید آزادانہ تجارت کی راہیں کھل جائینگی اور یہ قرضہ جات کی لعنت ختم ہو جائیگی ۔

مسٹر عبدالقیوم (کراچی ۔ ۲)۔۔جناب والا ۔ خواجہ صفدر صاحب نے قرضوں کے متعلق بڑی سخت نکتہ چینی کی ہے ۔ میں نے ان سے اس سلسلے میں ایک سوال کیا تھا کہ ان قرضوں کے ساتھ اگر ہمیں اپنے ملک کی آمدنی کے اعداد و شمار بھی مل جاتے ۔ تو ہمیں ان کا جائزہ لینے میں کم از کم سہولت ضرور ہوتی ۔

حضور والا ۔ اس ملک کے صنعت کار ۔ اور تاجر سب قرضے لیتے ہیں ۔ یہ کوئی کہنے کی بات ہی نہیں ۔ بلکہ ایک عام فہم بات ہے ۔ عموماً قرضہ لینے سے پہلے یہ سوچا جاتا ہے ۔ کہ اس قرضے سے ہمیں return کیا ملے گی ۔ اور کیا ہم اس قابل ہونگے کہ کچھ عرصہ بعد یہ قرضہ سود بمع اصل کے واپس کر سکیں ۔ یہ ایک عام اصول ہے جو نجی ادارے ۔ صنعت کار اور تاجر سب قرضہ لیتے وقت ذہن میں رکھتے ہیں ۔ میرا خیال ہے کہ اسی اصول کا اطلاق گورنمنٹ کے قرضوں پر بھی ہوتا ہے ۔ گورنمنٹ کے پاس قرضہ لینے سے پہلے مختلف منصوبوں کی feasibility reports جاتی ہیں مرکزی حکومت کے پاس تو ایک خاصا محکمہ ہے جسے پلاننگ کمیشن کہتے ہیں ۔ لیکن صوبائی حکومت کے پاس پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ ہے جو صوبائی حکومت کے تمام قرضوں اور سکیموں کی پڑتال کرتا ہے ۔ ان کے متعلق اعداد و شمار اکٹھا کرتا ہے ۔ اور ان کے بعد قرضوں کی منظوری کا مرحلہ آتا ہے ۔ تو اس لئے یہ کہنا کہ ہمیں کچھ عرصہ بعد یعنی ۱۹۷۰ میں ایک سو کروڑ روپیہ صرف سود ادا کرنا پڑیگا کیونکہ ہم نے اتنے زیادہ قرضے لے رکھے ہیں مناسب نہیں ۔ میرے خیال میں قرضہ لینے والوں اور Project Reports تیار کرنے والوں نے اس سود کی رقم کو ضرور اپنے ذہن میں رکھا ہوگا ۔

اس کے علاوہ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ بھی ایک عام فہم بات ہے کہ قرضہ دینے والا پہلے یہ سمجھ لیتا ہے کہ قرضہ لینے والا اس قابل ہے کہ وہ سود اور اصل رقم ادا کر سکے گا ۔ چنانچہ اسی لئے ہماری تمام سکیمیں ہمارے تمام پراجیکٹ قرضہ دینے والے ملکوں کے پاس بھیجے جاتے ہیں ۔

وہ اسے بغور دیکھتے ہیں چیک کرتے ہیں پھر قرضہ دیتے ہیں یا اس کو نامنظور کر دیتے ہیں ۔ خدا کا شکر ہے کہ ہمارا ملک اس قابل ہے اور باہر کے ملکوں کو یہ اچھی طرح اندازہ ہوگیا ہے کہ ہم سود اور اصل رقم ادا کر سکتے ہیں ۔ اس وجہ سے وہ قرضہ دینے کے لئے تیار ہو جاتے ہیں ۔ آپ کو یاد ہوگا ، کم از کم ہمارے معزز ممبران کو بخوبی علم ہوگا کہ مارشل لا سے پہلے ہماری حکومتیں باہر کے ملکوں کے پیچھے بھاگا کرتی تھیں ۔ کہ کہیں سے کوئی قرضہ مل جائے اور کوئی ملک قرضہ دینے کو تیار نہیں ہوتا تھا ۔ لیکن اب باہر کے ممالک ہمارے پاس آتے ہیں ۔ حال ہی میں آپ نے اخبارات میں پڑھا ہوگا کہ Consortium نے Third Five Year Plan کے پہلے سال کے لئے 500 Million پونڈ کا قرضہ دیا ہے ۔ اسی طرح دوسری Western Democratic Countries کی طرف سے قرضہ مل رہا ہے ۔ اب Socialist Countries بھی قرضہ دے رہی ہیں ۔ اس سے یہ ذہن نشین کر لینا چاہئے کہ ہماری Economic Development کتنی ہوگئی ہے اور باہر کے ممالک کو ہم پر کتنا اعتماد اور کتنا بھروسہ ہے وہ سمجھتے ہیں کہ ہم سود بھی ادا کر سکتے ہیں ۔ اور اصل رقم بھی واپس کر سکتے ہیں ۔ وہ ہماری Feasibility Report میں مختلف پراجیکٹس کو study کرتے ہیں ۔ اور اندازہ کر لیتے ہیں کہ ہماری economic stability کتنی ہے ۔ ہمارے پاس جو Raw Material ہے ہم اسے استعمال کرنے کے بعد اس قابل ہوں گے کہ ہم قرضہ ادا کر سکیں ۔ اس طرح فاضل الکم ہمیں بچ جائے گی خواجہ محمد صفدر صاحب نے سٹیل ملز کے متعلق تنقید کی ہے اس کے دو پراجیکٹ ہیں ۔ ایک مشرقی پاکستان کیلئے ۔ دوسرا مغربی پاکستان کے لئے مشرقی پاکستان کی سٹیل مل کی capacity ایک لاکھ ٹن ہوگی اور یہ Japanese collaboration سے ہوگی ۔

اس کی production ایک سال کے اندر شروع ہوجائیگی مغربی پاکستان کے لئے ۵ لاکھ ٹن کی سٹیل مل زیر غور ہے جناب غلام فاروق صاحب اس سلسلہ میں کتنی بار امریکہ جا چکے ہیں ۔ یہ ایک ٹیکنیکل معاملہ ہے ۔ اور اس کے لئے کئی قسم کے ٹیسٹ کی ضرورت ہوتی ہے ۔ چونکہ Furnaces اور open hearth کی کافی examination ہوتی ہے ۔ اس لئے کچھ دیر ہوگئی ہے ۔ جہاں تک مجھے معلوم ہوا ہے مغربی پاکستان میں بھی جلدی ہی ایک سٹیل مل کا کام شروع ہو جائے گا ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ مسٹر احمد میاں سمرو ۔ کرسی صدارت پر متمکن ہوئے ۔)

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی ۔ ۸)۔۔جناب سپیکر ۔ ہمارے ملک کو قرضہ اور سود کے بوجھ سے جس شدت سے زیر بار کیا گیا ہے اس کے لئے خواجہ محمد صفدر صاحب کی باتوں کا اس وقت میں اعادہ نہیں کرنا چاہتا ۔ البتہ اس سلسلہ میں دو تین باتیں جو تشنہ رہ گئی تھیں ان کی طرف اس ہاؤس کو متوجہ کرانا چاہتا ہوں ۔

ہمارے بعض دوسرے دوستوں نے اپنی تقریروں میں یہ بات فرمائی تھی کہ کسی صنعتی ادارہ کو یا کسی قوم یا کسی ملک کو اپنی ترقی کے لئے قرضہ کی ضرورت ہوتی ہے مجھے تعجب ہے کہ میرے بزرگ دوست نے خود صنعت کار ہوتے ہوئے یہ بات کہتے وقت محسوس نہیں کیا کہ قرضہ لینا بعض حالات میں کسی قوم یا ملک کے لئے ناگزیر ہوتا ہے ۔ لیکن اس میں تناسب کا سوال سب سے اہم ہے کہ قرضہ کتنا ہو یعنی آمدنی کی مطابقت سے قرضہ کا تناسب کیا ہو ؟ دنیا کا کوئی ملک اور کوئی صنعتی ادارہ ایسا نہیں جو آمدنی اور قرضے میں تناسب قائم

نہ رکھیے ۔ اور قرضہ کو آمدنی کے ۷۵ فیصدی سے زائد کر دے اگر کوئی صنعتی ادارہ سالانہ آمدنی کے اعتبار و تناسب سے ۷۵ فیصد زیادہ مقروض ہے تو اسے تسلی بخش ادارہ نہیں کہہ سکتے پھر آپ دوسرے ملکوں کو لیجئے ۔ امریکہ میں public debt ضرور بہت زیادہ ہے لیکن وزیر خزانہ کو ایک لمبی چوڑی رقم بتاتے وقت شاید یہ خیال نہیں رہا کہ public debt کے مقابلہ میں امریکہ کی آمدنی کیا ہے ۔ ہمارے صوبہ کے اس سال کے بجٹ میں پورے سال کا ریونیو ایک ارب ۷۷ کروڑ ۲۰ لاکھ روپیہ ہے اور جو رقم قرض و سود میں ادا کرنی ہے ۔ وہ ایک ارب ۳۲ کروڑ ۲۸ لاکھ روپیہ ہے یعنی ۷۵ فیصد سے بھی زیادہ اس طرح سال بھر کی کمائی صرف قرضہ اور سود ادا کرنے میں صرف ہو گئی پھر آپ فرمائیے کہ یہ صورت کس طرح تسلی بخش ہے ۔ ہم نے کبھی یہ نہیں کہا کہ قرضہ نہ لیتے اور ایسی جو بات ہم سے منسوب کی جاتی ہے ۔ وہ غلط فہمی پر مبنی ہے ۔ ہر پس ماندہ ملک کو قرضہ کی ضرورت ہوتی ہے ۔ اس لئے وہ قرضہ لینے پر مجبور ہے لیکن سوال یہ ہے کہ قرضہ کتنا لیا جائے اب یہ آپ کو دیکھنا چاہئے کہ آپ کس قدر قرضہ کے متحمل ہو سکتے ہیں ۔ آپ کی گراس نیشنل پراڈکشن کیا ہے اور آپ کے ہاں Per Capita Income کا تناسب کیا ہے ۔ میں آپ کی خدمت میں وہ اعداد و شمار پیش کرتا ہوں جو سٹیٹسٹکس آفس کی طرف سے ان کے مئی ۱۹۶۵ کے شمارے میں دئے گئے ہیں اور اس کے صفحہ ۱۱۷ پر درج ہیں ۔

میں ۱۹۵۸ یعنی انقلاب سے پہلے کے حالات نہیں بتاؤں گا کیونکہ ان سے بعض حضرات allergic ہوتے ہیں ۔ اس لئے میں

صرف ۱۹۵۹-۶۰ اور اس سے بعد کے قرضہ جات کے متعلق ہی عرض کروں گا ۔

۱۹۵۹-۶۰ میں ہمارا قرضہ ۲ ارب ۲۵ کروڑ ۷۴ لاکھ روپیہ تھا ۔ ۱۹۶۲-۶۳ میں اس میں ۱۵ فیصد کا اضافہ ہوا اس وقت قرضہ دو ارب ۲۸ کروڑ تھا ۔ اس کے مقابلہ میں ہماری Gross Industrial production ۱۹۵۹-۶۰ میں اگر ۱۰۰ کا factor مان لیں تو ۱۳۴۰۸ تھی یعنی ۳۴۰۸ کا اضافہ ہوا ۔

Mr. Deputy Speaker : Mr. Farooqi may please address the chair.

مسٹر محمود اعظم فاروقی—یہاں تک تو ٹھیک تھا ۔ اس حساب سے آپ کے قرضہ میں ۱۵ فیصد کا اضافہ ہوا اور Gross Industrial Production میں ۳۴۰۸ کا اضافہ ہوا ۔ لیکن اگلے سال (اب آپ کا توازن گر رہا ہے) ۔ یعنی ۱۹۶۳-۶۴ میں آپ کا قرض ۳ ارب ۳۹ کروڑ ہوا یعنی ۵۱ فیصد کا اضافہ ہوا اور آپ کے Gross Industrial Produce میں ۵۱۰۱ فی صد کا اضافہ ہوا ۔

۱۹۶۴-۶۵ میں یہی قرضہ ۴ ارب ۴۹ کروڑ ہو گیا یعنی اس میں ۹۱ فیصد کا اضافہ ہوا اور Gross Industrial Production میں ۵۷۰۶ فی صد کا اضافہ ہوا ۔

اس طرح سے تین سال کے اندر مستقل طور پر آپ کے Gross Industrial Production اور آپ کے قرضہ کے تناسب میں توازن قائم نہیں رہا ۔ اس کے مقابلہ میں Per Capita Income میں ۱۹۶۲-۶۳ میں ۵ فیصد کا اضافہ ہوا اور ۱۹۶۳-۶۴ میں صرف ۱۱ فی صد کا اضافہ ہوا ۔

تو جناب والا ۔ یہ آپ کے شائع کردہ اعداد و شمار ہیں ۔ جس کے مطابق میں یہ عرض کرونگا کہ آپ اپنے قرضوں اور اپنی

آمدنی کا جائزہ لیں ۔ آپ کے قرض کا بیشتر حصہ جیسا کہ خواجہ صفدر صاحب نے فرمایا ہے اس ملک کو چلا جاتا ہے جو ملک قرض دیتا ہے اور جو کچھ بچ رہتا ہے وہ آپ کے ۲۱ سرمایہ داروں کے خاندان جن کو آپ نے منتخب کر لیا ہے ان کے پاس نفع کی صورت میں چلا جاتا ہے عوام کو ان سے کوئی استفادہ نہیں ہوتا ۔ اس قرض کے سلسلے میں جس دوسری بات کی طرف جناب ڈپٹی سپیکر کے توسط سے میں ایوان کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ ہمارے دستور میں یہ کہا گیا ہے کہ اس ملک میں ربوا کو ختم کر دیا جائیگا ۔ جناب والا کچھ دنوں پہلے ربوا کے بارے میں کچھ متنازعہ فیہ اور مختلف باتیں کہی جاتی تھیں بعض لوگوں کا خیال تھا کہ وہ سود ربوا نہیں ہے جو ہم قرضوں پر ادا کرتے ہیں اور وہ اس ربوا کی تعریف میں نہیں آتا ہے جسے قرآن نے منع کیا ہے ابھی حال ہی میں یہ مسئلہ خود آپ کی حکومت کی مقرر کردہ اسلامی ایڈوائزری کونسل کو بھیجا گیا تھا ۔ اسلامی ایڈوائزری کونسل نے متفقہ طور پر یہ فیصلہ کیا کہ وہ سود جس کا ہم قرضوں کی لین دین میں اور ایک دوسرے کے ساتھ اور بینکوں کے ساتھ لین دین میں ادا کرتے ہیں اصلاً وہ ربوا ہے ۔ جس کو اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا ہے اور صرف منع ہی نہیں فرمایا بلکہ ان الفاظ میں منع کیا ہے اگر تم نے اس حکم کے بعد بھی سود لیا اور ربوا میں تم ملوث ہوئے تو تم نے اللہ اور اللہ کے رسول کے خلاف اعلان جنگ کیا ۔ یہ ہے حکم اس سود کے لئے تو جو قوم اور جو شخص حرام جانتے ہوئے اور مسلمان ہوتے ہوئے سود لیتا یا دیتا ہے تو وہ قوم اور وہ فرد معمولی گناہ کا مجرم نہیں ہوتا بلکہ اللہ تعالیٰ اور اس کے

رسول کے ساتھ اعلان جنگ کا مرتکب ہوتا ہے ۔ اس سخت حکم کے باوجود آپ کے بجٹ میں ۳۴ ۔ کروڑ روپے سود کی مد میں داخلی اخراجات ہیں اور آمدنی میں بھی سود کی رقم شامل ہے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ وہ قرضہ جات جو آپ بیرونی ممالک سے لیتے ہیں اسکے لئے تو میں مانے لیتا ہوں کہ آپ سود دینے کیلئے مجبور ہیں چلئے آپ کو رخصت مل گئی لیکن وہ قرضہ جات جو مرکزی حکومت صوبائی حکومت کو دیتی ہے یا صوبائی حکومت لوکل باڈیز کو دیتی ہے یا اسکو بھی چھوڑئیے ۔ صوبائی حکومت جو قرضے اپنے غریب ملازموں کو کلرکوں کو سکول کے ماسٹروں اور چپراسیوں کو مکان بنانے کے لئے دیتی ہے اس پر سود لینے کیلئے آپکے پاس کیا وجہ جواز ہے کیا آپ کے دل میں یہ خلش پیدا نہیں ہوتی کہ آپ ایک مسلمان ملک کے شہری ہیں آپ نے دستور میں اسبات کا اعلان کیا ہے کہ مسلمانوں کو اسلام کے مطابق زندگی بسر کرنے کے مواقع فراہم کریں گے اسلام کو سر بلند کرنے کے لئے یہ ملک حاصل کیا گیا ہے پھر بھی ہمارے آمدنی اور خرچ میں سود شامل ہے اور اللہ اور رسول کے حکم کے باوجود ہم اسکو کوئی اہمیت نہیں دیتے ۔

جناب والا ۔ آپ کے بجٹ میں جو آپ نے پیش فرمایا ہے ۔ کیا کسی جگہ کوئی اشارہ ہے جس سے یہ سمجھا جائے کہ آپ charged expenditure کے سود کو ختم کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں سلسلے میں ایک اور مد کی طرف میں جناب ڈپٹی سپیکر صاحب کے توسط سے وزیر خزانہ کو متوجہ کرنا چاہتا ہوں اور بجٹ کے صفحہ ۶۱۱ ۔ پر capital outlay state trading کی ایک رقم ۶ ۔ لاکھ ۶۲ ۔ ہزار Coal control organisation سے متعلق ہے ۔

جناب والا ۔ Coal control organisation ابھی چند ماہ پہلے یہ محکمہ مرکز کے تحت تھا ۔ اب مرکز سے وہ صوبائی حکومت کو منتقل کر دیا گیا ہے ۔ یہ وہ ادارہ ہے جو ملک میں کوئلہ کی پیداوار پر نظر رکھتا ہے اور بیرونی ممالک سے ملک کی ضروریات کے لئے کوئلہ درآمد کرنیکی ذمہ داری بھی اسی کی ہے اس ادارہ کا طرز عمل اور اسکی کارکردگی نہایت غیر تسلی بخش ہے جب سے یہ ادارہ مرکز سے صوبے کی طرف منتقل ہوا ہے تمام صنعت کار اسکی کارکردگی سے تنگ و عاجز ہیں ۔ ملک میں جتنے کوئلے کی درآمد کی ضرورت ہے اتنی درآمد نہیں کی جاتی storage کا کوئی انتظام نہیں ہوتا کارخانے بند ہونے کے قریب آ جاتے ہیں اور اکثر کوئلہ نہ ملنے کیوجہ سے ملک کی صنعتی پیداوار متاثر ہوتی ہے ۔

خان عبدالستار خان مہمند--پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب یہ کوئلہ کی بات کیوں کرتے ہیں یہ صرف بجٹ پر بولیں ۔

Mr. Deputy Speaker: This is no point of order.

مسٹر محمود اعظم فاروقی--جناب والا ۔ ہم اس محکمہ پر اتنا روپیہ خرچ کر رہے ہیں لیکن اگر آپ اس کو تسلی بخش طریقہ پر چلانے کی صلاحیت نہیں رکھتے تو کوئی ضرورت نہیں تھی کہ یہ محکمہ جو صنعتی ترقی کے لئے نہایت اہم ہے اس کو مرکز سے صوبے کی طرف منتقل کیا جاتا ۔ مجھے توقع ہے کہ متعلقہ حضرات اس کی کارکردگی کی طرف توجہ دیں گے اور کوشش کریں گے کہ اس سے صنعتی اداروں کو جو تکلیفیں پہونچ رہی ہیں وہ دور کی جائیں ۔

مسٹر محمد خان جوگزئی (کوئٹہ ۔ لورالائی)--جناب عالی ۔ ہماری زبان پشتو ہے ۔ اردو ہماری ایسی ہے کہ مادری نہیں ہے ہم اردو میں ٹھیک نہیں بول سکتے لیکن ہم مجبور ہیں کہ دو ایک لفظ

اردو میں کہیں ۔ کیونکہ یہاں اسمبلی میں سب اردو بول رہے ہیں ۔ جناب انگریزوں کا وقت چلا گیا انہوں نے ہمارا اخلاق برباد کر دیا ۔ ہمارے کوئٹہ ڈویژن میں انگریزوں نے کچھ کام نہیں کیا ۔ اب پاکستان بن گیا ہے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر۔آپ پراونشل consolidated فنڈ پر بولیں ۔ آپ کی تقریر پراونشل consolidated فنڈ پر ہونی چاہئے ۔ جو آئٹم اس وقت ڈسکشن میں ہے وہ پراونشل consolidated فنڈ ہے ۔ لہذا آپ جو تقریر فرمائیں وہ اس کے متعلق ہو ۔

مسٹر محمد خان جوگازئی۔میں یہ نہیں سمجھتا ۔

ایک آواز۔صاحب جو کچھ یہ کہہ رہے ہیں ان کو کہنے دیجئے ۔

مسٹر محمد خان جوگازئی (پشتو)۔جناب والا ۔ چونکہ ممبران کا اصرار ہے اس لئے میں اردو کی بجائے پشتو میں تقریر کروں گا ۔ اور جو کچھ اردو میں عرض کر چکا ہوں اب پشتو میں اس کا اعادہ نہیں کروں گا ۔ تو جناب والا ۔ میری عرض یہ ہے کہ انگریزوں کے اسی سالہ دور حکومت میں انہوں نے ہمیں ایک بند تعمیر کرکے دیا تھا جس کا نام خوش دل خان بند ہے اس بند سے ہمارے علاقہ کو کچھ فائدہ ہوا تھا لیکن اس کے بعد میرے علاقہ میں کوئی امدادی کام حکومت ۔ نہیں کیا ۔ جناب والا ۔ میری عرض یہ ہے کہ پاکستان بننے کے بعد قائداعظم کے زمانہ میں رشوت ستانی نہیں تھی ۔ اس لئے اس زمانہ مین ترقیات کا کچھ کام ہوا مگر ان کی وفات کے بعد اس علاقہ کے عوام کی ترقی کی جانب کوئی توجہ نہیں دی گئی مارشل لا کے نفاذ سے پہلے ملک میں بدعنوانیوں اور رشوت

ستائیوں کا دور دورہ تھا ۔ اسی وجہ سے بااثر لوگوں کے علاقوں میں ہر قسم کی ترقیات کے کام ہوتے رہے ہیں لیکن ہمارے علاقے کو یکسر نظر انداز کیا گیا ۔ مارشل لا کے نفاذ کے بعد حکومت نے وہاں پر بند بھی تعمیر کئے اور کریزیں بھی بنائیں اور دوسری مراعات میں بھی ہمیں حصہ ملتا رہا چونکہ کوئٹہ کا علاقہ ایک پسماندہ علاقہ ہے وہاں بارش اس قدر ہوتی ہے اس سے بنجر زمینوں کی آبپاشی کا کام لیا جا سکتا ہے مگر اس طرف کوئی خیال نہیں کیا جاتا آبپاشی کا اس علاقہ میں یہ واحد ذریعہ ہے کیونکہ اس علاقہ میں کوئی دریا نہیں ہے تمام علاقہ خشک ہے یہاں تک کہ اس علاقہ میں جنگلات بھی نہیں ہیں ۔ اس لئے میں آپ کی خدمت میں درخواست کرتا ہوں کہ مہربانی فرما کر ہمارے علاقہ کی طرف توجہ فرما کر اس علاقہ کے عوام کی بہبود کا خیال کریں اور اس علاقہ کے عوام کو بھی دوسرے علاقوں کی طرح پوری پوری مراعات دی جائیں ۔ جناب والا ۔ آپ سب کو بخوبی علم ہے کہ مارشل لا سے قبل اس علاقہ میں تعلیم کا کوئی خاطر خواہ بندوبست نہیں تھا لیکن مارشل لا کے نفاذ کے بعد تمام ملک میں تعلیم پر کروڑوں روپیہ خرچ ہوا اور ملک کی ترقی کی طرف خصوصی توجہ دی گئی جناب والا ۔ میں جب کبھی پہلے ملتان کے علاقہ سے گذرا کرتا تھا تو وہاں بے آب و گیاہ بنجر علاقے کے سوا اور کچھ بھی نہ تھا مگر اب جب کبھی اس علاقہ سے میرا گذر ہوائی جہاز سے ہوا ہے تو مجھے ہر طرف آبادی ہی آبادی اور سبزہ نظر آتا ہے ۔ اور یقیناً وہ علاقہ لاہور سے بھی زیادہ آباد نظر آتا ہے جناب والا ۔ میرا یہ سب کچھ عرض کرنے کا مطلب یہ تھا کہ ہم بھی یہ چاہتے ہیں کہ اسی طرح ہمارے علاقہ میں بھی ترقیات کا کام ہو اور ہمارا علاقہ بھی ترقی کرے یہ درست ہے کہ صدر مملکت فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کی زیر قیادت ملک

بہت ترقی کی ہے اور میرے علاقہ میں بھی تعلیم کا کچھ نہ کچھ بندوبست کر دیا گیا ہے اور اس طرح ہمارے بچوں کی تعلیم کی طرف توجہ دی گئی ہے جس کے لئے ہم ان کے مشکور ہیں اور ہمیں اس قیادت پر پورا پورا اعتماد ہے جناب والا ۔ آپ اس حقیقت سے آگاہ ہیں کہ ہم پاکستان کے خیرخواہ ہیں اور اگر خدا ناخواستہ پاکستان پر کوئی برا وقت آیا تو انشاء اللہ ہم پاکستان کی خدمت اس طرح کریں گے کہ شاید ہی کسی نے کی ہو ۔ جناب والا ۔ صدر مملکت کے انتخابی منشور میں جو وعدے عوام سے کئے گئے تھے ان مواعید کی وجہ سے بلوچستان کے سارے ہی ووٹ صدر صاحب کو حاصل ہوئے اس لئے میری یہ استدعا ہے کہ صدر صاحب کے منشور کے مطابق اس علاقے کی ترقی کی طرف بھی خصوصی توجہ فرمائیں کیونکہ ہمیں انگریزوں کے زمانہ کے بعد کسی بھی حکومت نے قابل توجہ نہیں سمجھا جس کی وجہ سے ہم ملک کے دیگر حصوں سے پسماندہ رہ گئے ہیں اس لئے میری پر زور استدعا ہے کہ ہمارے علاقہ کی امداد کی جائے تاکہ ہمارا علاقہ ترقی کر سکے ۔ شکریہ ۔

رانا پھول محمد خان (لاہور ۔ ۷)۔۔جناب سپیکر ۔ میرے فاضل دوست فاروق صاحب نے قرضوں پر کچھ اعتراضات کئے ہیں ۔ میں بھی یہ تسلیم کرتا ہوں کہ واقعی ایک آزاد قوم کو مقروض نہیں ہونا چاہئیے لیکن اس کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ نے جہاں انسانوں کو پیدا کیا ہے وہاں ان کی ضروریات کو اس قدر بڑھا دیا ہے کہ اگر وہ قرضہ حسنہ لیکر بھی اپنی ضروریات کو پورا کریں تو شرعی طور پر بھی یہ کوئی برائی نہیں ہے ۔ میرے محترم بزرگ جناب خواجہ صاحب اور فاروق صاحب یہ فرماتے ہیں کہ یہاں ہسپتال نہیں ہیں ۔ یہاں سڑکیں نہیں ہیں ۔ یہاں پینے کا پانی

نہیں اور دوسری طرف وہ فرماتے ہیں کہ قرضہ نہیں لینا چاہئیے ۔ دیکھنا ہم نے یہ ہے کہ جو قرض ہم دیگر ممالک سے لیتے ہیں آیا وہ اس مقصد کے لئے خرچ بھی ہو رہا ہے یا نہیں جس کے لئے وہ لیا گیا ہے ۔ تو جہاں تک ان قرضہ جات کا تعلق ہے میرے فاضل دوست فاروق صاحب نے فرمایا کہ ہم اپنی آمدنی کا ۷۰ فیصدی جو ہے وہ سالانہ قرض میں ادا کرتے ہیں ۔ میں تسلیم کرتا ہوں لیکن وہ دوسری طرف بھی دیکھیں کہ اس قرض سے ہمارے ملک کی کس قدر ضروریات پوری ہوتی ہیں ۔ اگر قرض لیکر صنعتی ترقی پر اور زرعی ترقی پر وہ رقومات خرچ نہ کیجائیں تو فاروق صاحب کو یہ محسوس ہوگا کہ ہم اپنی ضروریات پوری نہیں کر سکتے ۔ میں یہ گذارش کرتا ہوں کہ ان قرضہ جات سے اس ۸۵ فیصدی آبادی کو جو دیہاتوں میں رہتی ہے کس قدر فائدہ ہوتا ہے ۔ اس سے پہلے دیہاتی آبادی کی طرف کسی حکومت نے توجہ بھی نہیں دی تھی ۔ آپ دیکھیں گے ۔ آپ کے پاس ریکارڈ موجود ہے کہ آپ کے صوبہ میں کتنے پرائمری سکولوں ۔ سڑکوں اور مڈل سکولوں کا ۔ نالیوں اور پینے کے پانی کا انتظام ہوا ۔ صنعتی میدان میں آپ نے کس قدر ترقی کی ہے ۔ اور ملک کی ضروریات کو کس قدر پورا کیا ہے ۔ قرض کے متعلق میں گذارش کروں گا کہ دنیا کے امیر ترین ملک امریکہ نے بھی پچھلے دنوں جرمنی سے قرضہ لیا ۔ مجھے پتہ نہیں کہ وہ اسے ملا ہے یا نہیں ۔ اس لئے قرض کا لینا کوئی بری بات نہیں ۔ قرض کا ادا کرنا ضروری ہے اور وہ ادا اسی شکل میں ہو سکتا ہے جب اس کا صحیح استعمال کیا جائے ۔ قرض لینے سے پہلے غیر ممالک کی یہ شرائط ہوتی ہیں کہ وہ دیکھتے ہیں کہ جس سکیم کے تحت روپیہ لیا جا رہا ہے کیا وہ اس سکیم کے تحت لگا ہوا روپیہ آسانی سے واپس بھی ہو

سکتا ہے یا نہیں ۔ وہ سوچتے ہیں کہ روپیہ کی وصولی کا انتظام ضروری ہے ۔ اس لئے میں گذارش کروں گا اپنے محترم دوستوں سے اور خصوصاً فاروق صاحب سے کہ خدا کے لئے وہ فارمولا ہمیں بتا دیں کہ سود نہ لگایا جائے یعنی ہم سود نہ دیں ۔ ملک کی وہ ترقی بھی چاہتے ہیں لیکن اس کے لئے اللہ دین کا چراغ کہاں سے آئے ۔ پی ایل ۴۸۰ کے تحت خواجہ صاحب نے اعتراض فرمایا تھا کہ اس کا ۷۵ فیصدی یونین کونسلوں کی معرفت خرچ ہوتا ہے اور وہ دیہات کے لئے خرچ ہوتا ہے ۔ در اصل میرے فاضل دوست فاروق صاحب اور خواجہ صاحب شہر کے رہنے والے ہیں ۔ ان کو احساس نہیں ہے کہ دیہاتوں میں بھی انسان بستے ہیں ۔ اس سے پہلے کسی حکومت نے آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھا تھا کہ ان کی ضروریات کیا ہیں ۔ نہ ان کو پینے کا پانی ملتا تھا اور نہ کچھ اور ۔ اب اگر ان کے لئے کچھ آسائش مہیا کی جاتی ہے تو یہ چیخنا شروع کر دیتے ہیں کہ قرضہ نہ لیا جائے ۔ جناب والا میرا تو خیال ہے کہ ہمیں زیادہ سے زیادہ قرضہ لینا چاہئے اور اس کو خرچ کرنے کے لئے حکومت نے ایک معقول انتظام کیا ہوا ہے اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ قرضہ لینا ہمارے لئے ضروری ہے اور ہمیں اپنی صنعت کو زیادہ سے زیادہ ترقی دینی چاہئے تاکہ ملک زیادہ ترقی کرے ۔ اللہ کرے کہ ہم چند سالوں میں اس قابل ہو جائیں کہ ہم کسی سے قرض نہ مانگیں اور اپنے پاؤں پر خود کھڑے ہو جائیں ۔

ملک محمد اختر (لاہور ۔ ۲)۔۔جناب سپیکر ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ آج جو اہم مسئلہ اس ہاؤس کے سامنے پیش ہے اور جس آئٹم پر محترم قائد حزب اختلاف نے اس ایوان میں بحث کا آغاز

کیا ہے وہ نہایت ہی اہم ہے ۔ اقتصادی اعتبار سے بھی جناب سپیکر ۔ اگر ہم قرضہ جات کی رقموں کی طرف غور کریں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ (قطع کلامی)

Mr. Yusaf Ali Khan Magsi : On a point of order. Sir, I think the member is not in his seat. He has never spoken from this seat before.

A Member : The seats have changed.

Mr. Deputy Speaker : He is in his seat That is no point of order.

ملک محمد اختر جناب والا ۔ ۳۰ جون تک ۵۴۱ اعشاریہ ۳۲ کروڑ ہمارا loan ہو جائے گا اور اس loan پر جو رقم اس وقت زیر بحث ہے وہ ۲۹ کروڑ ۳۰ لاکھ ۱۳ ہزار ۹۰۰ روپیہ بطور سود دینا مطلوب ہے ۔

باقی اعداد و شمار پریس میں آ چکے ہیں ۔ میں کسی چیز کا اعادہ کرنا نہیں چاہتا صرف اتنا عرض کروں گا کہ یہ سود جو ہے صرف اسی کی رقم ہمارے Revenue کا دس فیصد بن جاتی ہے ۔ جو اس وقت بجٹ ہے اس کے اندازہ کے مطابق یہ قرضہ آئندہ پانچ سال میں دوگنا ہو جائے گا ۔ جناب والا ۔ ہمیں ایک تو یہ دیکھنا ہے کہ یہ قرضہ جات ہم جو حاصل کر رہے ہیں اس کا سیاسی پہلو کیا ہے ۔ پھر یہ دیکھنا ہے کہ اس کا اقتصادی پہلو کیا ہے ۔ قرضہ جات تین قسم کے ہیں ۔ ایک وہ جو ہم بیرونی ممالک سے حاصل کرتے ہیں ۔ دوسرے وہ جو سنٹرل گورنمنٹ سے لیتے ہیں اور تیسرے وہ جو مارکیٹ سے float کرتے ہیں ۔ جناب والا اگر ان قرضوں کا سیاسی پہلو بھی مدنظر رکھا جائے تو وہ قرضہ جو ہم مارکیٹ سے لیتے ہیں وہ کافی سستا پڑتا ہے ۔ سنٹرل گورنمنٹ کو ہم جو سود ادا کر رہے ہیں اس کے مقابلے میں اس قرضے کا سود 4.75 فیصد ہے ۔ تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ

قرضہ لیتے وقت ہمیں سب سے پہلے یہ دیکھنا چاہئیے کہ سود کی سب سے سستی شرح کہاں سے ہو سکتی ہے ۔ پھر یہ کہ اس کی Investment کا کیا حال ہوگا ۔ پچھلے سال ہم نے سنٹرل گورنمنٹ کو جو سود ادا کیا وہ ۱۸ کروڑ روپے تھا اور اس سال ۲۶ کروڑ روپے ہے ۔ اور مارکیٹ کے قرضے پر ہمیں جو سود ادا کرنا پڑتا ہے وہ تقریباً دو کروڑ روپے ہے مارکیٹ سے ہم جو قرضہ لے رہے ہیں اس کے سود میں ۸ لاکھ کا اضافہ ہوا اور سنٹرل گورنمنٹ کے قرضہ کے سود میں ۸ کروڑ کا اضافہ ہوگا ۔ گویا عملاً ہمارا رجحان یہ ہے کہ ہم مارکیٹ سے سستا قرضہ لینے کی بجائے مرکزی حکومت سے مہنگا قرضہ لے رہے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں پبلک سے قرضہ لینے کی کوشش کرنی چاہئیے تاکہ لوگوں کے پاس جو سرمایہ Ornaments کی صورت میں موجود ہے ، اس کی Investment ہو اور وہ اسے حکومت کے Ventures میں لگائیں ۔ یہ قرضہ سستا بھی ہوگا اور بیرونی دباؤ سے آزاد بھی رہیں گے ۔ اب میں بیرونی قرضہ جات کی طرف آتا ہوں ۔ جناب والا ۔ مجھے ان اراکین سے مؤدبانہ اختلاف ہے جو یہ کہتے ہیں کہ ہم اپنے قرضہ کو بڑھاتے جائیں اور اپنی گردنیں بیرونی حکومتوں کی گرفت میں دیتے جائیں ۔ اس وقت میرے پاس اعداد و شمار نہیں ہیں وہ میں آئندہ کسی کٹ موشن پر پیش کر دوں گا ۔ مگر میں دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ باہر سے جو معمولی ٹیکنیکل ایکسپرٹ منگائے جاتے ہیں ان کی تنخواہ بسا اوقات ہمارے پریذیڈنٹ کی تنخواہ سے بھی بڑھ جاتی ہے ۔ ہمارے اپنے انجنیئرز بیرونی ممالک سے وہی skill وہی کوالیفیکیشن اور وہی ڈگریاں لے کے آتے ہیں ۔ اور وہ ہمیں ۱۵ ، ۱۶ سو سے دو ہزار روپے تک بآسانی مل جاتے ہیں ۔ مگر ان بیرونی ماہرین کو ہم ۲۵ ،

۳۰ ہزار روپے تنخواہ کی صورت میں ادا کرتے ہیں اور اگر ہم ان سہولتوں کا حساب بھی لگائیں جو ان لوگوں کو دی جاتی ہیں تو باہر کا ایک ماہر یہاں کے کم و بیش پندرہ کوالیفائڈ انجنیئروں کے برابر ہوتا ہے ۔ اس کے بعد ان بیرونی قرضہ جات کے ساتھ جنہیں بعض لوگ Aid کا نام دیتے ہیں ۔ ایسی شرائط لگی ہوتی ہیں جنہیں کوئی خود دار ملک قبول نہیں کر سکتا ۔ کسی بھی بحث میں پڑے بغیر مختصر گذارش یہ ہے کہ ہمیں ان بیرونی قرضہ جات سے جلد از جلد نجات حاصل کرنی چاہئیے ۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی (ڈیرہ غازی خان ۔ ۱)۔۔۔ صاحب صدر ۔ میں قرضہ جات کے بارہ میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ Projection Meetings میں خود صدر صاحب پر بھی یہی اعتراض کیا گیا تھا کہ باہر کے ملکوں سے جو اس قدر قرضے لئے جا رہے ہیں وہ ہمارے لئے تباہ کن ثابت ہوں گے ۔ میں بذات خود تجارت کا ماہر نہیں ہوں لیکن مجھے صدر صاحب کا جواب صحیح یاد ہے کہ انہوں نے ایک فارمولا بیان فرمایا تھا اور اس کی رو سے یہ ثابت کیا تھا کہ جس قدر قرضہ لیا جا رہا ہے اس کے تناسب سے جس قدر ادائیگی ہوتی رہی ہے اس کی نسبت صحیح ہے ۔ جہاں تک مجھے یاد ہے اس کے بعد جتنی Projection Meetings ہوئیں میرے سننے یا دیکھنے میں نہیں آیا کہ وہاں قرضوں کی نسبت پھر سوال کیا گیا ہو ۔ اس میں انہوں نے تجارتی نقطہ نگاہ سے ثابت کر دیا تھا کہ یہ قرضے ہمارے ملک کے لئے کوئی خطرناک نہیں ۔

دوسری بات قرضہ کے متعلق یہ ہے کہ کوئی ملک قرضہ نہیں دیتا جب تک کہ وہ رقم جو حاصل کی جائے صحیح خرچ

نہ ہو ۔ ہمارے اخراجات کے اوپر وہ لوگ کڑی نظر رکھتے ہیں کہ ہم قرضے کا صحیح مصرف کر رہے ہیں یا نہیں ۔ چنانچہ یہ بڑی قابل تعریف بات ہے کہ جس غرض کیلئے قرضہ جات لئے جا رہے ہیں اسی مقصد کے لئے صرف ہو رہے ہیں ۔ میں تو یہ بھی کہوں گا کہ قرضہ حاصل کرنا آجکل کے زمانہ میں بڑی صفت کی بات ہے ۔ قرضہ اسی ملک کو دیا جاتا ہے جس پر کوئی اعتماد کرے ۔ اگر آپ کو باہر سے قرضہ نہ دیا جاتا تو لازماً یہ قابل اعتراض بات تھی ۔ اگر قرضہ لیں تب بھی اعتراض ہے اگر نہ لے سکیں تب بھی اعتراض ہے ۔ میں ان چند الفاظ پر اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

میجر ملک محمد علی (سرگودھا ۔ ۳)۔۔۔جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے ملک میں ڈویلپمنٹ کی ضرورت ہے ، صنعت کی ضرورت ہے ، ذرائع آمد و رفت اور دیگر شعبہ جات میں بھی ضرورت موجود ہے ۔ پہلا سوال یہ ہے کہ ہمیں قرضہ لینا چاہئیے کہ نہیں ۔

اس مسئلے کی نوعیت پر طے ہونا چاہئیے ۔ کہ آیا ہم ان سب شعبہ جات میں اپنے وسائل سے پوری طرح ترقی کر سکتے ہیں ۔ میرے خیال میں اس بات سے تو سب صاحبان کو اتفاق ہوگا ۔ کہ ہم نے اگر پوری طرح ترقی کرنی ہے ۔ تو پھر ہم نے غیر ممالک سے بھی اور خود اپنے ملک کے وسائل سے بھی مختلف صورتوں میں رقوم حاصل کرنی ہوگی ۔ غیر ممالک سے قرضہ حاصل کرنا اس لئے بھی ضروری ہوتا ہے ۔ کہ ہمیں مختلف شعبہ جات کی ترقی کیلئے مشینری اور Technical know-how کو import کرنے کی بھی ضرورت ہوتی ہے ۔ اب اسکے بعد یہ سوال

پیدا ہوتا ہے ۔ کہ غیر ممالک والے جو شرائط رکھتے ہیں ۔ وہ کس حد تک ہمارے مفاد کو سامنے رکھکر رکھی جاتی ہیں ۔ یا یہ کہ وہ کسقدر کڑی ہوتی ہیں ۔ بعض اوقات ایسی شرائط بھی ہوتی ہیں ۔ کہ جن کا یہاں پر ذکر کیا گیا ہے ۔ اور ان پر اعتراضات بھی کئے گئے ہیں ۔ میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی ۔ کہ اسوقت اعتراض کی کیا گنجائش باقی رہ جاتی ہے ۔ جس وقت کہ وہ شرائط مثلاً سود کی شرح یا سیاسی امور میں مداخلت کرنا وغیرہ سخت نہ ہوں ۔ آپ اس بات سے ہی اندازہ لگا لیجئے ۔ کہ ہم کئی برسوں سے قرضہ لے رہے ہیں ۔ امریکہ سے کافی رقوم قرض کے طور پر لی گئیں ہیں ۔ لیکن اسکے باوجود جہانتک ہماری خارجہ پالیسی کا تعلق ہے ۔ ہم کافی عرصہ سے دیکھ رہے ہیں ۔ کہ ہماری صاحب اقتدار پارٹی امریکہ کی منشاء کے خلاف ہی پالیسی مرتب کر رہی ہے ۔ تو پھر اس بات کو سامنے رکھتے ہوئے یہ کہنا کہ امریکہ نے قرضے دیکر ہمیں سیاسی مجبوریوں میں جکڑ لیا ہے ۔ میں تو کم از کم اس خیال سے اتفاق نہیں کرسکتا ۔ اسکے بعد سوال یہ آتا ہے ۔ کہ ہمیں قرضہ جات وہاں سے لینے چاہئیں کہ جہاں سے ہمیں سب سے زیادہ سستی شرح پر میسر آ سکیں ۔ تو اس سلسلے میں میری گذارش یہ ہے کہ ہمیں بعض جگہوں سے ایسے قرضے بھی ملے ہیں ۔ کہ جنہوں نے سود کی شرح بھی چھوڑ دی ہے ۔ ہمیں چین سے بھی قرضہ ملا ہے ۔ اور میں نے سنا ہے ۔ کہ یوگوسلاویہ سے بھی ہمیں قرضے کی offer آئی ہے ۔ اور اس قرضے کی ادائیگی بھی اس قرضے سے بنائے گئے مال کے ذریعے کر سکتے ہیں ۔ تو جہاں ہمیں اتنی اچھی شرائط پر قرضہ مل سکے ۔ تو ہمیں اس سے فائدہ اٹھانا چاہئیے ۔ میرے خیال میں سب سے پہلی چیز یہ دیکھنے کی ہوتی ہے ۔ کہ ہم

قرضے کی رقوم صحیح طور پر استعمال کریں ۔ تاکہ اسکی واپسی کا بھی بندوبست ہوسکے ۔ جب تک یہ تینوں چیزیں پوری ہوسکتی ہوں ۔ ہمیں قرضہ جات سے استفادہ کر کے اپنے ملک کی ترقی کیلئے استعمال کرنا چاہئیے ۔ اندرون ملک سے قرضہ حاصل کرنے کی صورت میں کئی صورتوں میں خاص فائدہ ہوتا ہے مثلاً (۱) سستا ہوتا ہے ۔ (۲) اس طرح سے رقوم کو سرکولیشن سے ہٹا لینے میں قیمتوں کے بڑھنے پر بھی کنٹرول ہوتا ہے ۔ اور خود اسکے اپنے طور پر بھی فوائد ہیں ۔ ان چیزوں کو سامنے رکھتے ہوئے میں اس معزز ایوان کی خدمت میں آپکی وساطت سے یہ عرض کرونگا ۔ کہ بشرطیکہ ہم مختلف ذرائع سے حاصل کردہ قرضوں کو صحیح طور پر استعمال کر سکیں ۔ تو ہمیں ضرور بیرونی قرضہ جات اپنی ترقی کے لئے لینے چاہئیں ۔

Mir Wali Muhammad Khan Talpur: On a point of order, Sir. The House is not in quorum.

Mr. Deputy Speaker: Let there be a count. (*Count was taken.*) The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*). The House is in quorum.

مسٹر حمزہ—پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب شیخ مسعود صادق صاحب پارلیمانی تاریخ میں بڑی گرانقدر روایات کا اضافہ کر رہے ہیں ۔ کہ جب کسی کٹ موشن پر بحث ہو رہی ہے ۔ اور بحث کو wind up کرنے کا موقع آتا ہے ۔ تو وہ اپنی نشست پر موجود نہ ہوں ۔ صرف جواب دینے کی غرض سے ایوان میں تشریف لے آتے ہیں ۔

Mr. Deputy Speaker: This is not a point of order.

وزیر خزانہ—میں باہر لابی میں بیٹھا ہوا تھا ۔ مجھے کیا پتہ تھا ۔ کہ وہ آخری بولنے والے ہیں ۔ ان سے پہلے جب کبھی

بھی میں جواب کیلئے اٹھا ۔ تو کوئی نہ کوئی صاحب تقریر کرنے کیلئے اٹھ کھڑے ہوتے ۔

مسٹر حمزہ۔۔ایوان اس بات کا پابند نہیں ہے ۔ کہ ممبران آپکا انتظار کریں ۔

وزیر خزانہ۔۔آپ ہیڈ ماسٹر تو نہیں ہیں ۔

Mr. Deputy Speaker : No cross talk, please.

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق)۔۔جناب والا ۔ اس معزز ایوان میں بیرونی قرضہ جات کے متعلق بہت کچھ کہا گیا ہے ۔ میں آپکی وساطت سے عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ ان بیرونی قرضہ جات کا تعلق مغربی پاکستان سے نہیں ہے ۔ بلکہ یہ مرکزی حکومت سے متعلق ہیں ۔ لیکن اسکے باوجود بھی جو جو اعتراضات یہاں پر اس سلسلے میں کئے گئے ہیں ۔ میں انکا جواب دونگا ۔ میں حزب اقتدار کے معزز اراکین کا بھی مشکور ہوں ۔ کہ جنہوں نے کئے گئے اعتراضات کا جواب دیا ہے ۔

جناب والا ۔ جیسا کہ میں نے کل بھی عرض کیا تھا ۔ کہ خواجہ صفدر صاحب کے لئے قرضہ جات یونہی حوا ہو گئے ہیں ۔ لیکن یہ صحیح ہے ۔ جیسا کہ خواجہ صاحب نے فرمایا ہے ، کہ ۳۰ جون ۶۰ تک ہم نے جو رقم سود کے لئے مخصوص کی تھی ۔ وہ چار کروڑ اسی لاکھ تھی ۔ اور یہ بھی صحیح ہے ۔ کہ اس مرتبہ جو رقم رکھی گئی ہے ۔ وہ تیس کروڑ کے قریب ہے ۔ اس سلسلے میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ اب مالی پوزیشن کے بارے میں جو آمدنی کی تقسیم کے بارے میں جو فیصلہ ہوا ہے ۔ اس سے پہلے ہمیں چند سالوں کے لئے ان قرضوں کی ادائیگی کی معافی دی گئی تھی ۔ اب وہ معافی ختم ہو گئی ہے ۔ کیونکہ ہم

نے فنانس کمیشن کے ایوارڈ کے تحت مرکزی حکومت سے بہت سا روپیہ اپنے حصے سے زیادہ حاصل کرنا شروع کر دیا ہے ۔ اور جیسا کہ میں نے کل بھی عرض کیا تھا ۔ کہ ہم قرضہ جات زیادہ تر ان منصوبوں کے لئے لیتے ہیں جنکو ہم سمجھتے ہیں ۔ کہ کار آمد ہوں گے ۔ اور سود اور اصل قرضہ ہم ان ہی منصوبوں کے منافع سے واپس کریں گے ۔ آپکو علم ہوگا ۔ کہ دوسرے پنجسالہ منصوبے میں ہمارا خیال تھا ۔ کہ قومی آمدنی میں چوبیس فیصد اضافہ ہوگا لیکن خدا کے فضل و کرم سے قومی آمدنی میں چوبیس فیصد کی بجائے اٹھائیس فیصد اضافہ ہوا ہے ۔ اب تیسرے پنجسالہ منصوبے میں ہم نے قومی آمدنی میں اضافے کی جو حد مقرر کی ہے ۔ وہ سنتیس فیصد ہے پچھلے حساب سے مجھے امید واثق ہے ۔ کہ انشاء اللہ تعالے ہماری قومی آمدن میں کم از کم چالیس اور پنتیالیس فیصد کے قریب اضافہ ہوگا ۔ اگر اس حساب سے دیکھا جائے ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ۔ کہ ۶۵ء میں ہماری توقع تھی ۔ کہ تین سو اسی روپے کی اوسط فی کس آمدن کے حساب سے مغربی پاکستان کی قومی آمدنی دو ہزار اڑتیس کروڑ روپے ہوگی ۔

خواجہ صاحب ۱۹۷۰ تک پہنچ گئے تھے ۔ آپ کو پتہ ہے ۔ کہ ان پانچ برسوں میں کم سے کم ۱۵ فیصد آبادی میں اضافہ ہوا ہے ۔ اگر ہم ۳۰ فیصد بھی سمجھیں تو ۔ ۔ ۔ ۔ میں سمجھتا ہوں کم ہے ۔ اس سے بھی زیادہ ہوگی ۔ مغربی پاکستان میں ہماری سالانہ انکم تین ہزار کروڑ سے زیادہ ہوگی کم نہیں ہوگی ۔ موجودہ سالوں سے ۱۹۷۰ میں ایک ہزار کروڑ کا اضافہ ہوگا ۔ خواجہ صاحب خود فرماتے ہیں کہ اب ہم ۳۰ کروڑ سالانہ سود

دیتے ہیں ۔ ان کو ڈر ہے کہ ۱۹۷۰ میں ہم ۳۰ کروڑ کی بجائے ایک سو کروڑ سالانہ سود دیں گے ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ ان کا ایک سو کروڑ والا حساب غلط ہے ۔ ہمیں اندازہ ہے کہ ۱۹۷۰ کے اختتام پر آپ کی صوبائی حکومت کو تقریباً ۵۰ ۔ ۶۰ کروڑ کے درمیان سود دینا پڑے گا ۔ خواجہ صاحب نے فرمایا ہے کہ جو بیرونی قرضہ ہم لیتے ہیں وہ linked ہوتے ہیں ۔ tied ہوتے ہیں ۔ یہ صحیح ہے ۔ اگر آپ کسی بنک کے پاس چلے جائیں جب تک آپ ان کو تسلی نہیں کرائیں گے کہ آپ اس قابل ہیں کہ آپ سود اور جو آپ کو payment کرنا ہے وہ کر سکیں گے تو آپکو قرضہ دیں گے اگر نہیں کر سکتے ہیں تو میں سمجھتا کہ وہ آپکو ایک کوڑی بھی نہیں دیں گے ۔ جب ہم کسی ملک کے پاس جاتے ہیں اور وہ ملک جو دنیا کا امیر ترین ملک ہے اور انہوں نے consortium بنایا ہوا ہے جب ہم ان کے پاس جاتے ہیں لازماً وہ ہمارا ہر منصوبہ اچھی طرح سے پرکھتے ہیں ان کو روپیہ ہم کو ادھار دینا ہوتا ہے ۔ اگر وہ سمجھتے ہیں کہ ہمارا منصوبہ غلط ہے تو کیوں ہم کو وہ قرضہ دیں ۔ اس لئے لازمی ہے کہ جب وہ قرضہ دیں تو وہ اپنا کوئی نہ کوئی آدمی بھیجیں تاکہ وہ اسکی دیکھ بھال کرسکے ۔ اور دیکھے کہ جو قرضہ انہوں نے دیا ہے اسکا صحیح استعمال ہو رہا ہے ۔ آپ کی حکومت کوشش کر رہی ہے کہ جہاں تک ممکن ہوسکے tied up loans میں کمی کی جائے ۔ سارے tied up loans نہیں ہوتے ۔ جب ہم اپنا منصوبہ بنا چکتے ہیں تو consortium کے باہر بھی دوسرے ملکوں سے Negotiate کیا جاتا ہے ۔ یہ نہیں کہ ہمیں force کیا جاتا ہے ۔ وہاں تو ہم بھیک مانگتے ہیں ۔ بلکہ اسکی وجہ یہ ہے کہ پاکستان کو consortium کے باہر بھی انٹرنیشنل

لیول پر بہت بڑا ملک سمجھتے ہیں ۔ اسکو ایک مثالی ملک سمجھتے ہیں وہ یہ کہتے ہیں کہ جس طرح ڈویلپمنٹ کے قرضہ جات کو پاکستان نے استعمال کیا ہے اس کی دنیا بھر میں کوئی مثال نہیں ملتی ہے ۔ قرضہ جات جو ہم باہر سے لیتے ہیں وہ دو قسم کے ہوتے ہیں ایک تو کمرشل ہوتے ہیں اور ایک نان کمرشل ہوتے ہیں ۔ مثال کے طور پر جو کمرشل قرضہ لیتے ہیں وہ یہ ہوتے ہیں مثلاً ریلوے ۔ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن کیلئے اور بسوں والوں کیلئے ۔ ایریگیشن پروگرام اور واپڈا کے لئے لیتے ہیں بعض قرضے ایسے ہیں جیسے تعلیم کیلئے بھی لیتے ہیں ۔ صحت کے لئے بھی لیتے ہیں ۔ یہ صحیح ہے کہ بعض قرضے جو ہم کو باہر سے ملتے ہیں وہ ¾ فیصدی پر بھی ملتے ہیں ۔ یعنی ۱۲ آنے سینکڑہ ۔ یہ بھی صحیح ہے کہ بعض قرضہ جات جو ہم کمرشل کام کے لیے لیتے ہیں ساڑھے چھ فیصدی تک بھی ہوتے ہیں لیکن اگر ان سب کا مجموعی تناسب لیا جائے تو اڑھائی فیصد سے اوپر نہیں پڑتا ۔ ہم ان قرضوں کی ادائیگی باہر کی حکومتوں کو نہیں کرتے ہیں یہ قرضے جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے مرکز لیتا ہے اور مرکز ہی اسکی ادائیگی کرتا ہے ۔ مرکز نے صرف ۹۱ کروڑ روپیہ کی اس سال ادائیگی کرنی تھی ۔ ہمیں تو سنٹر باہر سے لے کر قرضہ دیتا ہے ۔ ہم تو سود جیسا کہ آپ نے فرمایا ہے ۵ء۷۵ فیصدی مرکزی حکومت کو دیتے ہیں ۔ کسی صاحب نے یہ بھی فرمایا ہے کہ اس معزز ایوان کے ہر رکن نے اٹھ کر یہ فرمایا ہے کہ ترقی بالکل نہیں ہوئی ہے یہ غلط ہے ۔ جیسا کہ میں نے کل facts and figures پیش کی تھیں کہ ہم نے سارے ایشیا بھر میں ماسوائے جاپان کے جتنی ترقی کی ہے اور کسی ملک نے نہیں کی ہے ۔ ہمارا ملک پس ماندہ ملک ہے وہ

ارکان جنہوں نے تقاریر کی ہیں انہوں نے یہ نہیں کہا کہ ترقی نہیں ہوئی ہے - انہوں نے یہ کہا ہے کہ ہمارا علاقہ بہت پس ماندہ ہے اتنی رقم دینے کے باوجود یہ ناکافی ہے - وہ اور رقم مانگتے ہیں - کسی نے نہیں کہا ہے کہ ہمارے ضلع میں ترقی نہیں ہوئی ہے - وہ یہ کہتے ہیں کہ باوجود اتنا روپیہ دینے کے ہمیں کچھ اور دیا جائے جناب والا جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا تھا کہ ہمارے وسائل جو ہیں وہ اتنے وسیع نہیں ہیں اس لئے ملک کی ڈویلپمنٹ کیلئے قرضہ لینا ضروری ہے - میں اس معزز ایوان سے یہ وعدہ کرتا ہوں کہ جو دم قرضہ لیتے ہیں اس کا ایک پیسہ بھی ضائع نہیں ہوگا - بعض قرضے جو ہم باہر سے لیتے ہیں ان کا سود پچاس پچاس برس میں دینا پڑتا ہے - اور ان ملکوں کو برا بھلا کہنا ٹھیک نہیں ہے - ہم ان کے پاس جاتے ہیں وہ ہمارے پاس نہیں آتے ہیں - ہم ضرورت کے وقت ان کے پاس جاتے ہیں - ان معروضات کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

---

DISCUSSION OF DEMANDS FOR GRANTS FOR EXPENDITURE OTHER THAN NEW EXPENDITURE (GENERAL BUDGET)

Mr. Deputy Speaker : The House will now take up discussion on Demands for Grants for expenditure other than New Expenditure (General Budget).

Khawaja Muhammad Safdar to move his cut motion. He is not present. Mr. Mahmood Azam Farooqi.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : Not moving, Sir.

Mr. Deputy Speaker : Mr. Hamza.

Mr. Hamza : Sir, I beg to move :

That the total of Rs. 2,84,82,440 on account of 7:—Land Revenue—Total Other Expenditure-Other than New Expenditure be reduced by Rs. 100.

Mr. Deputy Speaker : Motion moved is :

> That the total of Rs. 2,34,82,440 on account of 7—Land Revenue—Total Other Expenditure-other than New Expenditure be reduced by Rs. 100.

Yes, Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ (لایل پور - ٦)---جناب سپیکر - یہ تخفیف زر کی تحریک میں نے اس لئے پیش کی ہے کہ مالیہ وصول کرنے کی پالیسی بنیادی طور پر ایک سرے سے دوسرے سرے تک غیر منصفانہ ہے اور یہ غیر منصفانہ پالیسی اب سے نہیں بلکہ بہت عرصے سے رائج ہے - یہاں میں آپ کی اجازت سے Economic Problems of Pakistan سے ایک اقتباس پڑھ کر سناؤں گا :

> "It is common knowledge that uneconomic holdings which form a very large proportion of our area under cultivation can hardly yield two square meals a day to their owners. In spite of this the owner of the smallest unit of land has to pay land tax. It would be difficult to find any sound reason to justify the taxation. Most of the advanced countries in the world including USA charge land revenue on income tax basis and exempt a large proportion of the farmer's income to afford him subsistence. Ever since the Government has enforced the system of charging higher agricultural incomes at a progressive rate the injustice of taxing the smallest unit of land has become all the more glaring. To prove its bona fide and justification in charging agricultural income-tax and in resumption of Jagirs and Zamindaris the Government should exempt low agricultural incomes up to a certain figure to leave behind the barest minimum to enable the cultivator to keep body and soul together."

جناب سپیکر - آپ کو اس چیز کا بھی علم ہوگا کہ ہمارے ملک میں ایک زرعی اصلاحات کی سکیم وضع و نافذ ہوئی تھی جس میں 12½ ایکڑ اراضی کو گذارہ یونٹ قرار دیا گیا تھا - یعنی وہ شخص جو کم از کم 12½ ایکڑ کا مالک ہو وہ معاشی طور پر اس پر اپنا گذارہ چلا سکتا ہے اور اس سے کمتر اراضی پر گذارہ نہیں ہو سکتا کیونکہ اس کی کاشت پر خرچ زیادہ اور آمدنی کم ہوتی ہے اس ضمن میں جناب صدر مملکت فیلڈ مارشل محمد ایوب خان نے بھی اپنی اس رائے کو اپنے منشور میں شامل کیا تھا اور وعدہ کیا تھا کہ دولت کی منصفانہ تقسیم کی جائے گی -

اس منشور کی دفعہ (۶) میں مذکور تھا کہ مالیہ کے نظام میں انصاف اور یکسانیت کی خاطر ایسی اصلاحات کی جائیں گی جن سے چھوٹے زمینداروں سے انصاف کا معاملہ ہو۔ ان کے وعدہ کے ان الفاظ سے صاف عیاں ہے کہ کم از کم اس وقت تو وہ ایسا ہی سمجھتے تھے مگر شاید بعد میں پریذیڈنٹ بن جانے کے بعد ان کے اس خیال اور وعدے میں کوئی تبدیلی آ گئی ہو۔ کم از کم اس وقت تو آن کا یہی خیال تھا کہ مالیہ کا نظام کامل و منصفانہ نہیں تھا اور خاص طور پر اس مالیہ کے نظام میں چھوٹے زمیندار کے ساتھ تو انصاف کا معاملہ نہیں ہو رہا تھا اور نہ ہی اب انصاف روا رکھا جا رہا ہے جناب ابھی تک تو صورت حال یہی ہے جیسی کہ میں نے عرض کر دی ہے۔

جناب سپیکر۔ بجٹ پیش کرتے وقت بھی وزیر خزانہ نے فرمایا تھا کہ یہ بجٹ ہم صدر ایوب کے منشور کی تکمیل کے لئے اور آن کے وعدوں کو پورا کرنے کی غرض سے پیش کر رہے ہیں اور آن کے وعدوں کی روشنی میں ہی یہ بجٹ تیار کیا گیا اور پیش کیا گیا ہے۔ پھر جناب یاد رہے کہ یہ ایک ایسا وعدہ تھا جس کا تعلق اس ملک کی کم سے کم ۸۰ فیصد آبادی کے ساتھ تھا اور جس آبادی کے غریب ہونے میں کسی کو بھی شک و شبہ نہیں ہوگا۔ مگر افسوس صد افسوس کہ یہ وعدہ بھی ابھی تک پورا نہیں کیا گیا جناب سپیکر صاحب آپ سابقہ اسمبلی کے بھی ممبر تھے اور آپ کو یاد ہوگا کہ جب گورنمنٹ کی طرف سے کاشتکاروں پر مالیہ میں ۲۵ فیصد اضافہ کی تجویز سابقہ اسمبلی میں پیش ہوئی تھی تو حزب اختلاف کی طرف سے اس میں یہ ترمیم پیش کی گئی تھی کہ اس ۲۵ فیصد اضافہ سے آن

چھوٹے کاشتکاروں کو متثنیٰ کر دیا جائے جو بیس روپے یا اس سے کم تر مالیہ ادا کرتے ہیں ۔ اس وقت اسی ایوان میں حکومت کی طرف سے ایک معزز وزیر نے یہ یقین دلایا تھا کہ بیس روپے تک مالیہ ادا کرنے والے کاشتکاروں پر اس ۲۵ فی صد اضافہ مالیہ کو لاگو نہیں کیا جائے گا اور ان سے یہ اضافہ وصول نہیں کیا جائے گا لیکن افسوس ہے کہ یہ وعدہ بھی حکمرانوں کی مصلحتوں پر قربان کر دیا گیا ۔ ع ۔ رموز مملکت خویش خسرواں دانند ان حکمرانوں کے اسرار و رموز ہماری سمجھ میں نہیں آ سکتے یہ وعدہ اس معزز ایوان میں ایک معزز وزیر نے کیا تھا، اور اسی ایوان میں یہ نئی روایات میں اضافہ کا موجب ہو گیا کہ گورنمنٹ اپنا وعدہ پورا نہیں کیا کرتی چنانچہ یہ وعدہ آج تک واضح طور پر پورا نہیں کیا گیا ہے کہ ۲۵ فی صد اضافہ مالیہ سے ان غریب کاشتکاروں کو متثنیٰ کیا جائے گا جو بیس روپے تک مالیہ ادا کرتے ہیں اور جو اس اضافہ کی ادائیگی کی استطاعت نہیں رکھتے اب جبکہ صدر مملکت غریبوں سے انصاف کرنے کا جھنڈا لہراتے ہوئے میدان میں نکل آئے ہیں اور جب وزیر خزانہ بھی صدر ایوب کے منشور کی تکمیل پر اتر آئے ہیں تو اس وعدے کو کیوں ابھی تک پورا نہیں کیا گیا یا پورا نہیں کیا جاتا ۔ آپ کو علم ہوگا کہ پاکستان مسلم لیگ کی طرف سے منشور کی مد نمبر ۱ پر یہ اعلان ہو چکا ہے کہ انکی گورنمنٹ کی پالیسی یہ ہے کہ 12½ ایکڑ اراضی کے مالکان سے مالیہ وصول نہیں کیا جائے گا بلکہ مسٹر معراج خالد جو کہ حکومت کی پارٹی کے ایک معزز رکن ہیں انہوں نے بھی یہ مطالبہ ایوان میں پیش کر دیا ہے کہ 12½ ایکڑ اراضی کے مالکوں کو مالیہ سے متثنیٰ کیا جانا چاہئیے ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر سپیکر کرسیٔ صدارت پر متمکن ہوئے۔)

جناب سپیکر ۔ کسی حکومت کا ۔ ترقی یافتہ حکومت کا نہیں ۔ کم از کم ایک ایسی حکومت کا جسے ملک میں تھوڑی بہت ترقی کرنے کا دعوے ہو ۔ یہ نصب العین ہوتا ہے ۔ اور عوام اس سے یہ توقع رکھتے ہیں کہ وہ اپنی آبادی کو کم از کم ضروری اشیائے خورد و نوش جو جسم و روح کے رشتے کو قائم رکھنے کیلئے لازم ہوں بہم پہنچائے ۔ اور اس کے ساتھ ہی طبی امداد ۔ تعلیم ۔ اور انصاف بھی انہیں مہیا کرے ۔ یہ وہ لوازمات ہیں جن کی کسی مہذب حکومت سے توقع کی جا سکتی ہے ۔ لیکن حقیقت یہ ہے اور آپ نے دیکھا ہوگا کہ بھاری فیسیں وصول کرنے والے ڈاکٹر ۔ امیر قسم کے وکیل ۔ بڑے بڑے سرمایہ دار ۔ ٹھیکیدار ۔ سمگلر ۔ رشوت خور افسران ۔ غبن کرنے والے لوگ اور کارخانے دار ۔ اگر وہ کوئی ٹیکس ادا کرتے بھی ہیں تو وہ بالکل برائے نام ہوتا ہے ۔ کیونکہ ہمارے ملک میں Tax evasion بھی ایک بہت بڑی وبا بلکہ ایک بلا ہے جس پر آج تک حکومت کنٹرول نہیں کرسکی ۔ یہ لوگ عموماً ٹیکسوں کے بوجھ سے بچ جاتے ہیں ۔ لیکن ہماری حکومت نے چھوٹے چھوٹے کاشتکاروں کو ایک ایسی مرغی سمجھ رکھا ہے کہ جس وقت بھی چاہا ۔ اسے پکڑا اور ذبح کر لیا ۔

جناب سپیکر ۔ آپ کو اس امر کا احساس ہوگا کہ یہ چھوٹے کاشتکار جو بمشکل اپنی گزر اوقات کرتے ہیں آپ ان سے بعض مالیہ ہی وصول نہیں کرتے بلکہ وہ تمام بالواسطہ ٹیکس بھی وصول کرتے ہیں جو مرکزی یا صوبائی حکومت کی طرف سے عائد کئے جاتے ہیں ۔ جب بھی وہ اپنی ضروریات زندگی خریدتا ہے تو اسے وہ

ٹیکس بھی ادا کرنا پڑتے ہیں ۔ لیکن افسوس اس امر کا ہے کہ حکومتیں تو بدلتی رہیں اور یہ نام نہاد انقلابی حکومت بھی آئی ۔ یہاں انقلابات تو آئے لیکن اس کمزور اور غریب کاشتکار کی زندگی میں یا اس کی مصیبتوں ۔ فاقوں یا غربت میں ذرہ بھر بھی فرق نہ آیا ۔ کل اس ایوان کے ایک معزز ممبر بڑے فخر سے ہمارے ملک کا چین کے ساتھ مقابلہ کر رہے تھے ۔ یہ حقیقت ہے کہ ہم اپنی بین اقوامی پالیسی میں اور امور خارجہ میں کچھ تبدیلیاں کر رہے ہیں لیکن چین کے ساتھ تعلقات استوار کرنے کا مطلب یہ نہیں کہ ہم اپنے ملک میں جو نظام حکومت رائج کر چکے ہیں اور جسے پہلے سے زیادہ سختی کے ساتھ ہم رائج کرنا چاہتے ہیں ہم اس ملک میں ویسا ہی نظام بھی رائج کرینگے جو کہ چین میں ہے ۔ اس لئے چین کے ساتھ جہاں تک نظام کا تعلق ہے ہمارا مقابلہ کرنا یا اس کی مثال دینا ہی بہت بڑی غلط فہمی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ آپ کو معلوم ہے کہ چین ایک ایسا ملک ہے جس کا مادی ترقی میں اعتقاد اور ایمان ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔۔۔ حمزہ صاحب ۔ کیا آپ وہاں کے ریونیو سے مقابلہ کر رہے ہیں ؟

مسٹر حمزہ ۔۔۔ جی ہاں جناب میں وہاں کے کاشتکار کی زندگی کا ذکر کر رہا ہوں ۔ محکمہ مال جتنا روپیہ بھی وصول کرتا ہے وہ سب چھوٹے کاشتکاروں سے کرتا ہے اس کی بہت بڑی مقدار چھوٹے کاشتکار سے وصول کی جاتی ہے لیکن اس کے مقابلے میں ان احباب ، بزرگوں اور معزز ممبران کو یہ یاد دلاتا ہوں کہ ہمارا اس سلسلے میں چین سے کوئی مقابلہ نہیں کیا جا سکتا ۔ آپ

کو معلوم ہے کہ ماؤزے تنگ وہاں کا پریذیڈنٹ ہے ۔ وہ اس قسم کا پریذیڈنٹ ہے جس کے پاس کروڑوں بن جمع ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و تعلیم (میاں محمد یاسین خاں وٹو): جناب والا ۔ میں معزز ممبر کی اطلاع کیلئے عرض کر دوں کہ ماؤزے تنگ چین کا پریذیڈنٹ نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ وہ شخص جو اس حکومت کا سربراہ ہے ۔ آپ اسے کسی نام سے بھی یاد کریں یا پکاریں ۔ وہ کروڑ ہا بن کا مالک ہے ۔ مگر اس کی قوم بھوکی ہے ۔ لیکن اس کے مقابلے میں ہمارے ملک کی حالت دیکھئے ۔ ہمارا پریذیڈنٹ انتہائی غریب اور متوسط طبقے کا آدمی ہے ۔ اور ہماری قوم بہت دولتمند ہے ہمارا ان سے کوئی مقابلہ نہیں کیا جا سکتا ۔

جناب سپیکر ۔ ہمارے ہاں لوگوں کا گذارہ روحانی غذا پر ہوتا ہے ۔ لیکن وہ لوگ مادی غذا چاہتے ہیں ۔ یہ لوگ جو روحانی معاملات کو انتہائی اہمیت دیتے ہیں اور ان کا ذکر کرکے پبلک سے یہ توقع کرتے ہیں کہ وہ نرا روحانیت پر ہی گذارہ کریں ۔ یقیناً اس سے ان کا پیٹ بھر جاتا ہے ۔ لیکن اب ہم جتنا بھی مادی نقطۂ نظر سے اپنی آبادی کو دیکھتے ہیں ۔ ہمیں ان میں سے بہت کم لوگ ایسے نظر آتے ہیں ۔ جو دو وقت ۔ ۔ ۔ ۔

Khan Muhammad Yusuf: I think Sir this is an aspersion on the President. He could not insinuate.

مسٹر سپیکر ۔ کون سی بات ایسی ہے ۔

Khan Muhammad Yusuf: Here he means Sir that the people here feel that the President in China wants materialism, and here he means that the President is not living on 'Ruhaniyat' but he wants materialism.

مسٹر سپیکر۔حمزہ صاحب ۔ آپ کی اس سے کیا مراد تھی ؟

مسٹر حمزہ۔جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ وہ ملک کیمونسٹ ہے ۔ ان کا ایمان اور اعتقاد Dialectical Materialism میں ہے ۔ روحانیت ان کے ہاں کوئی وقعت نہیں رکھتی ۔ ہمارا ایک ایسا ملک ہے جو روحانی اقدار کو پورا کرنے کیلئے قائم ہوا ۔ اور اس وقت یہاں اسلامی اقدار رائج ہیں اور پھل پھول رہی ہیں ۔

Mr. Speaker : I am sorry to say that the Member is definitely not relevant. He is discussing the Constitution of the two countries and that is absolutely not relevant.

مسٹر حمزہ۔جناب سپیکر ۔ میں دونوں ممالک کی آبادی کی زندگی کا جیسی کہ وہ گذار رہے ہیں ذکر کر رہا ہوں ۔

Mr. Speaker : But the Member should discuss Demand No. 2. The cut motion is to discuss the present policy as well as mal-administration and corruption in the department. That is the object of the cut motion and the Member can not discuss the Constitutions of the two countries.

مسٹر حمزہ۔جناب سپیکر ۔ میں یہاں Constitution کا ذکر نہیں کر رہا ۔ میں تو یہ عرض کر رہا ہوں کہ کاشتکار کی زندگی کیا ہے ۔ وہ کاشتکار کون ہے ۔ کیسا ہے اور کس قسم کے دن گذارتا ہے ۔ جس سے آپ نے یہ مالیہ اراضی وصول کرنا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اب میں آگے بڑھتا ہوں کیونکہ بہت سے اصحاب allergic ہیں میں ان کے جذبات کا احترام کرتا ہوں ۔

Khan Muhammad Yusuf : Mr. Speaker, he is insinuating that I am allergic. I have raised a constitutional point that no aspersion can be cast against the head of the State. This is not allergy.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اس میں کسی پر کوئی aspersion نہیں ۔

Mr. Speaker : The Member neededn't reply. Mr. Yusuf has already explained.

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر ۔ میرے پاس Statistical Hand Book of West Pakistan. ہے اس میں جو اعداد و شمار دئیے ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ ہمارے ملک میں، ۲۰ لاکھ ۲۸ ہزار قطعات اراضی ایسے ہیں جن کو مزارعین کاشت کرتے ہیں ان کا کل رقبہ ۱۹ کروڑ ۲۹ لاکھ اور ۵ ہزار ایکڑ ہے ۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ ملک کے اس حصہ یعنی مغربی پاکستان کے اعداد و شمار کے مطابق ۸ لاکھ ۳۴ ہزار قطعات اراضی ہیں جن کو چھوٹے مالکان اراضی کاشت کرتے ہیں ۔ ان کا کل رقبہ ایک کروڑ ۱۰ لاکھ ۱۲ ہزار ایکڑ ہے ۔ آبادی کا کتنا بڑا حصہ ہے جس کے پاس کاشت کرنے کے لئے زمین نہیں ۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ ہماری حکومت کی پالیسی دیکھئے ۔ حالانکہ دنیا کے تمام کے تمام اقتصادیات کے ماہر اس بات پر متفق ہیں کہ وہ کاشتکار جو خود ہل چلاتے ہیں اور زمین کے مالک ہیں وہ زمین کا بہترین استعمال کرتے ہیں ۔ وہ اپنے لئے اور قوم کے لئے زیادہ سے زیادہ پیداوار حاصل کرتے ہیں ہمارا ملک جو پچھلے کئی سالوں سے زرعی اجناس کی کمی کا شکار ہو رہا ہے اور جس کی بنا پر مسعود صادق صاحب نے فرمایا تھا کہ ہم غیر ممالک سے بھیک مانگتے ہیں اس کی اراضیات کی تقسیم کی پالیسی یہ ہے ۔ میں ان اراضیات کی تقسیم کا ذکر اس لئے کرتا ہوں کیونکہ ہمارے اسلامی جمہوریہ پاکستان میں لاکھوں نہیں بلکہ کروڑوں ایکڑ زمین ایسی ہے جو حکومت کی ملکیت ہے اور قوم کی امانت ہے ۔ جنرل بجٹ پر بحث کے دوران میں میں نے پس ماندہ علاقوں کے لوگوں کی زبانی بھی اور دوسرے علاقوں کے نمائندگان کی زبانی بھی جن کو ترقی یافتہ کہا جاتا ہے اور وہ گنجان آباد ہیں

سنا ہے اور ان کا یہ مطالبہ ہے ان کے علاقوں میں بہت سے مزارعین ایسے ہیں کہ انکو اگر زمین دے دی جائے تو ان کا ذریعہ معاش پیدا ہو جائے گا۔ ملک کی خدمت ہو گی لیکن اس کے برعکس ہماری حکومت کا رویہ یہ ہے کہ سرکاری اراضیات کو پچھلے کئی سالوں سے سابقہ پنجاب کے colony districts میں۔ گدو بیراج میں۔ غلام محمد بیراج میں اور سابقہ پنجاب کے سرحدی علاقوں میں ایک مخصوص خوش قسمت طبقہ میں تقسیم کیا گیا ہے۔ جو اس ملک کی privileged class ہے۔ وہ طبقہ کونسا ہے وہ سول افسران ہیں وہ ملٹری افسران ہیں۔ جب ہماری طرف سے یہ مطالبہ کیا جاتا ہے کہ آپ یہ اراضیات مزارعین میں تقسیم کر دیں ان سے اراضیات کی قیمت وصول کی جائیں اور آسان اقساط میں لے لیں اس سے ملک میں خوش حالی کا دور دورہ ہو گا غریب آدمیوں کے لئے ذریعہ معاش مہیا ہو جائے گا، تو اسوقت یہ کہا جاتا ہے کہ ہم نے ان اراضیات کو نیلام کرنا ہے چونکہ ملک کو دولت کی ضرورت ہے اور development projects یعنی ترقیاتی کاموں پر روپیہ صرف کرنا ہوتا ہے لیکن افسوس ہے کہ ہر طبقہ کی طرف سے ایوان کے اندر اور ایوان کے باہر ہر روز یہ مطالبہ سنا جاتا ہے کیونکہ یہ اس ملک کا اہم مسئلہ ہے لیکن اس کے باوجود گورنمنٹ کے کان پر جوں تک نہیں رینگتی۔ اور آج تک اس مسئلے کی طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی اور یہ اراضیات افسران میں تقسیم کی گئی ہیں۔

جناب سپیکر۔ مجھے اس چیز پر اعتراض نہیں اور نہ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے معزز ممبران کو کوئی اعتراض ہو گا۔ آپ انتظامیہ کے افسران کو جنہوں نے انتظامیہ کی نہایت اعلیٰ

خدمات سر انجام دی ہیں اور نہایت دیانتداری سے کام کیا ہے ایک کوڑی تک نہیں بچائی ۔ آپ ان کو زمین کی بجائے کوئی اور تحفہ یا انعام دیں اور جہاں تک لکھوکھا ایکڑ اراضی کا تعلق ہے ۔ یہاں ہمارے ملک میں کروڑوں مزارعین زمین کو ترستے ہیں اور زمین ان کو ترستی ہے ۔ ان کو ملنی چاہئیے ۔ اس کے برعکس یہ زمین آپ انتظامیہ کے افسران کو دے رہے ہیں جو دیانتدار ہیں ۔ میں نہیں سمجھتا ان میں سے کبھی کسی نے کوئی مطالبہ کیا ہے ۔ لیکن چونکہ انتظامیہ ہماری حکومت کی اتنی لاڈلی اور پیاری ہے اس لئے اس کے افسران کو سرکاری زمین تقسیم کی جا رہی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے پچھلی اسمبلی کے اجلاس میں ۱۳ جنوری ۱۹۶۵ کو ایک نشان زدہ سوال پیش کیا تھا ۔ میں نے پوچھا تھا کہ آپ بتائیں کہ گدو بیراج اور غلام محمد بیراج میں mechanised farming کے لئے کتنی اراضیات افسران میں تقسیم کی ہیں ۔ جواب یہ تھا کہ ۲ لاکھ ۷۲ ہزار ایکڑ ۔ اس میں اکثریت افسران کی تھی یا ان کے رشتہ داروں کی اور ان کی بیگمات کی تھی ۔ میں نہیں سمجھتا کہ ان کی بیگمات ٹریکٹرز چلانے کی بھی اہلیت رکھتی ہیں یا نہیں لیکن ان بیچارے کاشتکاروں کو جن کے باپ دادا شروع سے ہل چلاتے رہے ہیں کیوں نظر انداز کیا جا رہا ہے ۔ کیا وہ لوگ مشین سے کاشت نہیں کر سکتے اور اگر انکو مشین سے کاشت کرنا نہیں آتا تو کیا انکو سکھایا نہیں جا سکتا ۔ کیا وہ مزارعین نہیں ہیں ۔ کیا وہ محنت نہیں کر سکتے ۔ کیا آپ ان کو کوآپریٹو farms کی صورت میں مراعات نہیں دے سکتے ۔ اور کیا آپ کوآپریٹو basis پر آرگنائز کرکے مشینی کاشت کا فائدہ انکو نہیں

پہنچا سکتے ۔ جناب سپیکر ۔ میں تو جبتک اس ملک میں بیروزگاری عام ہے اور خصوصاً کاشتکاروں میں بیروزگاری اتنے زوروں پر ہے سرے سے اس پالیسی ہی کا مخالف ہوں کہ ملک میں مشینی کاشت رائج کی جائے ۔ جناب سپیکر ۔ اس کا مقصد محض یہ ہے کہ بڑے بڑے مالکان اراضیات اپنے مزارعین کو مشینی کاشت کے بہانے سے کان سے پکڑ کر نکال دیتے ہیں ۔ اس سے پہلے بہت سے مزارعین کو خود کاشت کے بہانے نکالا جا چکا ہے اب مشینی کاشت کے بہانے بقایا کو ختم کیا جائیگا ۔ مجھے اس چیز پر اعتراض نہیں کہ مزارعین کو زمینوں سے بےدخل کردیا جائے وہ بیچارے تو خود داری اور خوشحالی کی زندگی بسر نہیں کر سکتے ۔ لیکن میں اس معزز حکومت سے پوچھتا ہوں میں اس قابل احترام حکومت سے پوچھتا ہوں میں اس حکومت سے پوچھتا ہوں جس سے پوچھنا بڑا خطرناک ہے کہ آپ ہمیں یہ بتائیں کہ آپ نے ان کے متبادل ذریعہ معاش کا کیا انتظام کیا ہے وہ مزارعین جو بیدخل ہوتے ہیں یا وہ مزارعین جو گاؤں میں ہیں اور جن کو زمین میسر نہیں آتی ان کو روزگار مہیا کرنے کے لئے آپ نے کون سے متبادل انتظامات کئے ہیں ۔ جبتک ملک میں بیروزگاری ہے افرادی قوت موجود ہے روزگار کے مواقع موجود نہیں ہیں مشینوں اور خاص طور پر ٹریکٹروں کو درآمد کرنے کی کیا ضرورت ہے وہ زمینیں جو قطعات کی صورت میں چھوٹے مالکان میں تقسیم کی جائیں یا مزارعین میں تقسیم کی جائیں آپ یہ دیکھیں گے کہ ٹریکٹر کے ذریعہ فی ایکڑ وہ اس قدر فصل پیدا نہیں کر سکیں گی جتنی کہ ایک چھوٹا کاشتکار خود اپنے ہاتھ سے ہل چلا کر خود پیدا کر لے گا ۔ جناب سپیکر ۔ ہماری موجودہ حکومت اور مارشل لا کی حکومت میں میرے خیال میں بہت ہی کم فرق ہے بلکہ میں مارشل لاء کی حکومت سے اس موجودہ حکومت

کو زیادہ سخت گیر پاتا ہوں انہوں نے زرعی اصلاحات کا ایک ڈھونگ رچایا تھا لیکن آپ کو بھی اس چیز کا احساس ہوگا کہ ملک کے تمام حصوں کی طرف سے یہ آواز بلند کی جاتی رہی ہے کہ انہوں نے ملکیت کو حد سے بہت اونچا مقرر کیا۔ میرے سامنے ایک اقتصادی رپورٹ ہے اسکا ایک اقتباس میں آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں :۔

"اس میدان میں ہم دیکھتے ہیں کہ زرعی اصلاحات اور ان کی اراضی کے علاوہ کوئی بنیادی تبدیلی نہیں کی گئی۔ ان اصلاحات کے ملک کی اقتصادی حالت پر اثرات مرتب ہونا ابھی باقی ہیں لیکن بجائے خود اس سکیم کو بھی نیا نہیں کہا جا سکتا۔ پہلے پہل دوسرا پنجسالہ منصوبہ مسلم لیگ کے ذریعہ اصلاحات کی رپورٹ اور جماعت اسلامی پاکستان کے منشور سنہ ۱۹۵۸ء میں اس مثالی اور انقلابی اصلاحات کی تجویز کی گئی تھی"

لیکن اب ہماری حکومت کی فیاضی دیکھئے کہ کمزوروں کیساتھ کس حد تک فیاضانہ سلوک ہوتا ہے اور وہ بھی آپ نے دیکھ ہی لیا ہے لہذا ہماری حکومت نے انتہائی حد ۵۔ سو ایکڑ مقرر کی۔ اور اس کے ساتھ ساتھ آپ کو یہ بھی علم ہے کہ زرعی اصلاحات نافذ کرنیوالے کون تھے اور وہ کن پر نافذ کی جاتی تھیں۔ ہوا یہ ہے کہ زرعی اصلاحات جنکو میں ڈھونگ کہتا ہوں اور عام آبادی کے لوگ بھی یہی کہتے ہیں کہ اس سے اچھے نتائج مرتب نہیں ہوئے۔ sheep farm اور cattle farm باغات کے بہانے بہت سی اراضیات جو کہ اس کی زد میں آتی تھیں اس سے بچا لی گئیں۔ اور محض وہ اراضیات جو کہ بالکل ناکارہ تھیں سہنگ قیمت

پر گورنمنٹ کے حوالے کر دی گئیں ۔ جناب سپیکر ۔ یہ تو زرعی اصلاحات کے سلسلے میں حکومت کا کارنامہ تھا ۔ اور ماضی قریب میں حکومت نے کاشتکاروں کے ساتھ کیا سلوک روا رکھا وہ یہ کہ سابق پنجاب کے بہت سے اضلاع میں آج سے تقریباً ۱۰۔ سال پہلے ہماری حکومت نے ان کاشتکاروں کے لئے جن کی اراضیات محض دو یا تین ایکڑ تھیں یا بیدخل مزارعین جن کو زمینوں سے بیدخل کیا گیا تھا ان کے لئے ایک سکیم رائج کی تھی ۔ اس اصلاح میں جو سرکاری اراضی پانچ پانچ چھ چھ ایکڑ رقبے کے قطعات کی صورت میں تھی ان کو الاٹ کر دی گئی ۔ لیکن پچھلے سال ان پر ایک ناگہانی وبا کی صورت میں ایک نئی پالیسی اور ایک نیا حکم نافذ کر دیا گیا اور وہ یہ ہے کہ وہ اراضیات جو کہ کلاس (۱) میونسپل کمیٹی کی حدود سے ۱۰۔ میل کے فاصلے پر ہوں اور کلاس (۲) میونسپل کمیٹیز جو ۵ ۔ میل ہی کے اندر ہوں ان کو ان اراضیات سے ۱۰۔ سال کے بعد بیدخل کر دیا گیا ۔ جناب سپیکر ۔ ان میں اکثریت ایسے لوگوں کی تھی جنہوں نے پچھلے ۱۰۔سال کی محنت شاقہ سے ان زمینوں کو ہموار کیا تھا اور قابل کاشت بنایا تھا اور ان میں سے بعض ایسے بدنصیب بھی تھے جنہوں نے ان اراضیات کی اقساط بھی سرکاری خزانہ میں داخل کر دی تھیں لہذا ہماری حکومت کو ان کے حال پر رحم نہیں آیا ۔

خدا معلوم وہ رحم کا خانہ کہاں ہے اور کس کے لئے ہے ۔ ان کو بیدخل کیا گیا اور کہا یہ جاتا ہے کہ یہ اراضی ہم نے مخصوص کر لی ہے تاکہ آئندہ جب ان شہروں میں ترقی ہوگی اور شہر پھیلیں گے تو حکومت کو پرائیویٹ لوگوں سے اراضی لینے میں دقت نہیں ہوگی ۔ جناب سپیکر ۔ ویسے ہماری حکومت کی

مستقبل پر نگاہ بہت کم جاتی ہے ۔ مستقبل کا ان کو فکر ہی نہیں ہے اگر فکر ہوتا تو یہ پالیسیاں جو آج قوم پر ٹھونس رہے ہیں اور جس قسم کا سلوک وہ اس قوم سے کر رہے ہیں یہ کبھی بھی نہ کرتے ۔ جناب سپیکر ۔ اس حکومت کا یہ عالم ہے کہ ابھی چند ہی دن گزرے کہ اس نے ایک آرڈیننس کے ذریعے ایک قانون ۔ ایک ہنگامی قانون ہم سے پاس کروایا ہے کہ ۱۵ دن کے اندر اندر اس زمین کو جو کسی پرائیویٹ آدمی کی ملکیت ہو وہ اپنے قبضے میں لے سکتے ہیں ۔ صرف زمین ہی نہیں بلکہ اگر اس پر کوئی کارخانہ تعمیر شدہ ہو یا کوئی مشینری نصب ہوئی ہو یا اگر کوئی پلانٹ لگا ہوا ہو تو وہ اس کو بھی لے سکتے ہیں ۔ میں تو حکومت سے یہ توقع کرتا تھا کہ اگر ان کو یہ اراضیات شہروں کے پھیلاؤ کے پیش نظر ان لوگوں کے نام منتقل نہیں کرنی تھیں تو کم از کم ان کے حال پر یہ رحم کرتے کہ ان کو اس وقت بیشک مالکانہ حقوق نہ دیتے مگر ان پر زمین کے کاشت کرنے کی جو شرائط تھیں ذرا سخت کر دی جاتیں اور ان سے مالیہ ۱۰ گنا یا ۵ گنا مالیہ جیسی کہ ان کی زمینوں کی حیثیت تھی اس کے مطابق ان سے وصول کر لیا جاتا تاکہ وہ غریب زمینداراں زمینوں کو کاشت کر لیتے اور یہ چیز ان کے بسر اوقات کا باعث ہوتی ۔ لیکن بیک جنبش قلم حکومت نے اپنی پہلی پالیسی کو ترک کیا اور نئی پالیسی نافذ کر دی اور پھر اتنا بھی خیال نہ کیا کہ یہ لوگ بیروزگار ہو جائیں گے ۔ یہ بھی نہ سوچا کہ حکومت ان کو ہیراجوں میں زمین دے دے تاکہ وہ وہاں جا کر اپنا پیٹ پال سکیں اور قوم کی خدمت کر سکیں ۔ جناب سپیکر ۔ یہ تو اس حکومت کی کارگذاری ہے اور یہ نئی پالیسی جو کہ حکومت نے ان کاشتکاروں کے متعلق وضع

کی ہے اس سے نہ تو سابق صوبہ سرحد مستثنیٰ ہے اور نہ سابق پنجاب اور نہ سابق سندھ ۔ مجھے اس چیز کا علم ہے کہ مزارعین بیچارے بے بس مزارعین ہیں ۔ وہ کمزور مزارعین ہیں جو کہ سابق صوبہ سرحد میں بستے ہیں ۔ ان کی حالت بہت ناگفتہ بہ ہے ۔ سابق صوبہ پنجاب میں جو اراضیات تھیں وہ حکومت نے اپنے لاڈلے اور پیارے افسران میں تقسیم کر دیں ۔ چھوٹے مزارعین جنہیں کچھ زمین دی بھی گئی تو ان سے وہ واپس لے لی گئی ۔ سندھ سے جو سلوک کیا گیا اس کی صدائے باز گشت پچھلی اسمبلی میں سنائی دیتی تھی ۔ خدا جانے اب ہمارے معزز ممبران کو کیا چیز سونگھ گئی ہے ۔ کسان جن کو سندھ میں ہاری کہا جاتا ہے وہ بیچارے جہاں کہیں بھی ہوں زمین تھوڑی بہت کاشت کرتے ہیں ۔ وہ پٹے کی زمین کاشت کرتے ہیں وہ بھی ان سے لے لیکر افسران کو دی جا رہی ہیں ۔ ایک جگہ نہیں ۔ دو جگہ نہیں بلکہ سارے گدو ۔ بیراج میں اور غلام محمد بیراج میں بھی یہی شکایت ہے ۔ میں علاقائی تعصب کی زہر پھیلانی نہیں چاہتا نہ کسی قسم کے تعصب کا خیال ہی میرے ذہن میں ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ میرا یہ ایمان ہے بلکہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ حکومت کا بھی یہ فرض ہے کہ وہ سب سے پہلے وہ اراضیات جو کہ بیراجوں میں نئی نہریں جاری ہونے کے بعد قابل کاشت ہوں وہ ان لوگوں کو دی جائیں جو کہ وہاں کے باشندے ہوں اور خصوصاً ان لوگوں کو کہ جنکے پاس زمین نہ ہو اور وہ لوگ جو کہ غربت کا شکار ہوں ۔ جناب سپیکر ۔ آج تک ہماری حکومت نے اس ایوان کو اپنے اعتماد میں نہیں لیا ۔ پتہ نہیں کہ اس کی کیا وجہ ہے کہ یہ تمام کی تمام اراضیات جو کہ افسران کو دی جاری ہیں وہ اتنی بڑی تعداد میں کیوں

دی جا رہی ہیں ۔ اس میں کون سی خوبی ہے اور اس کے علاوہ جہاں تک ان اراضیات کا تعلق ہے جو کہ چھوٹے کاشتکاروں سے حاصل کر کے ان سے چھین کر بارڈر ایریا میں وہاں کے ملٹری افسروں کو دی گئی ہیں ایسا کیوں کیا جا رہا ہے ۔ ہمیں یہ بتایا گیا تھا کہ ہم بارڈر کا تحفظ چاہتے ہیں اور وہاں martial race کو آباد کرنا چاہتے ہیں ۔ مشاہدے میں یہ چیز آئی ہے کہ وہ لوگ جو دو تین چار مربعہ زمین کے مالک ہوتے ہیں وہ اکثر اوقات اپنی زمین خود کاشت نہیں کرتے ۔ ان کو کاشت کرنے کی ضرورت ہی کیا ہے اور حکومت اس چیز کو جانتی ہے اور ان نقائص اور ان خامیوں کو جانتے ہوئے بھی انہوں نے یہ زمینیں اپنے افسروں کو نوازنے کیلئے دیدی ہیں ان افسروں نے اپنے مزارعین کو کہا ہے کہ وہ ان پر کام کریں تاکہ وہ اپنے آبائی گاؤں میں جا کر آرام کریں اور وہ آرام کرتے ہیں ۔ کیا ہی اچھا ہوتا اگر یہ اراضیات چھوٹے آدمیوں کے پاس رہتیں ۔ بجائے اس کے کہ وہ بڑے بڑے افسروں کو دی جاتیں بہتر ہوتا کہ وہ فوج کے حوالداروں اور سپاہیوں کو زمینیں دیتے تاکہ وہ خود کاشت کرکے اپنا اور اپنے بچوں کا پیٹ پال سکتے ۔ ان کو بارہ بارہ ایکڑ کے قطعات کی صورت میں دیتے بلکہ آپ کو یہ دعوے کرنا چاہئیے تھا اور اعلان کرنا چاہئیے تھا کہ ہم Absentee landlords کو discourage کرتے ہیں ۔ Absentee landlords کی ایک کلاس ہے جس کے متعلق حکومت کی ایک Persistent policy ہے مگر اس پالیسی سے چھوٹے زمینداروں میں ایک ایسی چیز پیدا ہوجاتی ہے جس سے کہ وہ خیال کرتے ہیں کہ حکومت ان کی کوئی مدد نہیں کرنا چاہتی ۔ حکومت کا تو فرض اولین ہے کہ وہ ان چھوٹے زمینداروں کے تحفظ کا انتظام کرے مگر آپ تو اس ملک میں vested interests

پیدا کرتے ہیں اور عام آبادی کے حق کو سلب کر کے چند لوگوں کو نوازتے ہیں ۔ اس پالیسی کے تحت آپ نے اس ملک کی تمام زمینوں کو جو کہ State Lands کے زمرے میں آتی ہیں زیادہ تر اپنے افسروں میں تقسیم کیا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ وقت کافی لے چکا ہوں اور اب تھوڑی سی اپنے علاقے کی بات بھی عرض کئے دیتا ہوں ۔ میرے بزرگ محترم جناب شیخ مسعود صادق صاحب کو کئی بار وہاں جانے کا اتفاق ہوا ہوگا ۔ انہیں لائلپور سے بڑی محبت ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ مجھ سے بھی انہیں بہت محبت ہے ۔ وٹو صاحب اکثر ٹوبہ ٹیک سنگھ تشریف لیجاتے ہیں ۔ الیکشن کے ایام میں انہوں نے وہاں کون سے کار ہائے نمایاں سر انجام دیئے وہ کسی اور وقت عرض کر دوں گا ۔ تحصیل ٹوبہ ٹیک سنگھ رقبہ کے لحاظ سے زرعی پیداوار کے لحاظ سے ضلع لائلپور میں سب سے زیادہ اہمیت کی حامل ہے بلکہ میں اپنے بزرگ و محترم قائد ایوان جو کہ اتفاق سے وزیر مال بھی ہیں ان کی اطلاع کے لئے بھی عرض کردوں کہ یہ ایک ایسی تحصیل ہے جو راولپنڈی ڈویژن سے اور گجرات سے بھی زیادہ مالیہ آپ کی حکومت کو دیتی ہے ۔

یہ ایک سب ڈویژن ہے ۔ ہمارے علاقے کی طرف سے کئی بار اپنی مشکلات کے پیش نظر یہ مطالبہ کیا گیا ہے کہ اسے ضلع کا مقام دے دیا جائے ۔ ہمارے ہاں ایس ۔ ڈی ۔ ایم ہوتے ہیں جو کہ تمام سب ڈویژن کو کنٹرول کرتے ہیں ۔ ان کے اختیارات اور فرائض کی فہرست سن لیجئے ۔ ان کے ذمے مہاجرین کی آبادکاری کا کام بھی ہے ۔ سرکاری اراضیات جو کالونیوں میں ہیں ان کا سارا کام بھی ان کے ذمے ہے ۔ مجسٹریٹ درجہ اول

بھی ہیں ۔ بلدیہ گوجرہ کے چیرمین بھی ہیں غوثیہ کالج اور دیگر کالجوں کے انتظامات بھی ان کی تحویل میں ہیں ۔ تحصیل کا عام نظم و نسق بھی ان کے ذمے ہے ۔ وہ ڈسٹرکٹ کونسل کے ممبر بھی ہیں ۔ پچھلے پانچ چھ ماہ سے جب سے حکومت برائے نام الیکشن کرا رہی ہے ، الیکشن کا کام بھی ان کے ذمے ہے ۔ اگر وہ انتہائی محنت ، مشقت ، کوشش اور دلچسپی سے بھی کام کریں تو ان سارے کاموں کو نبھا نہیں سکتے ۔ آپ اعداد و شمار منگوا کر دیکھ لیجئے ، وہ بمشکل تین چار دن ہیڈ کوارٹر میں رہتے ہیں ۔ اور جہاں تک کسیسز کا تعلق ہے ، انہیں بہت کم وقت دیتے ہیں ۔ نتیجہ یہ ہے کہ ہماری تحصیل کی جو انتظامیہ ہے وہ لوگوں میں انتہائی بد نام ہے ۔ اور اس کی وجہ یہ ہے منتظم کے ذمے اس قدر کام لگا دیئے گئے ہیں جنہیں وہی شخص سر انجام دے سکتا ہے ، جسکے پاس کوئی جناتی قوت ہو مقدمات کی یہ حالت ہے کہ لوگ عدالت میں جاتے ہیں اور تاریخ لے کے واپس آ جاتے ہیں ۔ خاص طور پر مزارعین کو اراضیات الاٹ کرنے کا جو کام ہے اسے بہت نقصان پہنچ رہا ہے ۔ ہمارے ہاں جو رشوت ستانی ہے ۔ اس کی مثال اور کہیں نہیں ہوگی ۔ کئی بار میں یہ سوچتا ہوں کہ یہ اہل کار اتنا روپیہ کہاں سنبھال کے رکھتے ہیں ۔ اس لئے میں وزیر مال صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ ہماری تحصیل میں کم از کم ایک ریونیو افسر اور تعینات کر دیں ۔ تاکہ وہ یہ فرائض بطریق احسن سرانجام دے سکے آج تک ہماری حکومت نے اگر میں اسے ماں کہوں تو ہمارے ساتھ سوتیلی ماں کا سا سلوک کیا ہے ۔ لیکن ہمارے علاقے کی لوگوں کی بردباری دیکھیے کہ تحصیل ٹوبہ ٹیک سنگھ میں کالج موجود نہ تھا ، لوگوں نے ایک روپیہ فی ایکڑ مالیہ کے

علاوہ وصول کر کے دو اڑھائی لاکھ روپیہ اکٹھا کیا اور اسے ٹی بی کلینک پر، تحصیل ٹوبہ ٹیک سنگھ میں جو پرائیوٹ کالج ہے یا جو میونسپل کالج ہے اس پر خرچ کیا۔ ہم نے اپنے غریب کاشتکاروں سے ایک روپیہ فی ایکڑ وصول کرکے اسے کالج پر اور علاقے کے دوسرے تعلیمی اداروں پر جو روپے کی قلت کا شکار تھے لگایا۔ ان کی مدد کی۔ اب آپ کم از کم ہماری اتنی عرض مان لیں کہ وہاں اتنے افسر مقرر کر دیں کہ پبلک کے جائز کام بطریق احسن ہو سکیں۔

جناب سپیکر۔ مجھے یہ معلوم ہے کہ جو نئے افسر آئیں گے ان میں سے اکثریت الا ماشاء اللہ کچھ نہ کچھ ناجائز روپیہ بھی وصول کریں گے۔ لیکن ساتھ ہی یہ بھی ہے کہ اگر وہاں ایک دو زیادہ افسر آ جائیں جو جتنی زیادہ شرح وہاں رشوت کی آجکل ہے وہ نہیں رہے گی۔ اور ہمارے ایس۔ ڈی۔ ایم کو بھی اتنے زیادہ بوجھ سے نجات حاصل ہو جائے گی جو آج کل ان کے کندھوں پر ڈالا ہوا ہے۔ جب کبھی ان سے کوئی جواب طلب کرے تو وہ لازماً یہ کہنے میں حق بجانب ہوں گے کہ کام اتنا ہے کہ کوئی ایک شخص چاہے وہ کتنا ہی ذہین، محنتی اور لائق کیوں نہ ہو اسے سرانجام نہیں دے سکتا۔

چونکہ وقت کم ہے اس لئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

Dr. Mrs. Ashraf Abbasi (Zone II): Mr. Speaker, Sir, fortunately or unfortunately I could not take part in the general discussion of the Budget because there was no time. During the last few days I have been seeing that our Leader of the House, who is also the Revenue Minister, is taking keen interest in the proceedings of the House. Therefore, I am sure that the reasonable submissions that we make will not be voices in the wilderness. Through you, Sir, I take this opportunity to make some humble submissions.

Sir it is a fact that every Pakistani is a liability of the ruling party and the prosperity of the country depends upon the prosperity of the individuals.

Sir, the agriculturists of West Pakistan from the backbone of our country. This is an open secret. It is also an open secret that the agriculturists of this country, no matter where he is – whether in Punjab or Sarhad or Sind— is over burdened by taxes. The only difference is that at certain places the land revenue is more and where it is less, there is agricultural tax imposed in certain areas.

Sir now with the facts and figures, I want to prove, as my little knowledge goes, how the agriculturist in each and every part of West Pakistan is over-burdened and that the increase in the agricultural tax or imposition of new agricultural tax will be the last straw that breaks the camel's back. Sir, you know if the backbone is bent, then God help that country. As it is, during these last Land Reforms, the land in each part of the country was valued at certain units, say, in one district or one region or certain regions, each acre is equal to 100 units, and in certain other areas each acre is equal to 36 units. This means that production from one acre in certain areas where each acre is 100 units will be equal to the production of about 3 acres in those areas where they are valued at 36 units per acre. Now, the land revenue in the areas where the land is assessed at 36 units per acre is about Rs. 5. This I am talking about paddy and similar other crops like cotton and wheat. Suppose the land revenue per acre in the areas where it is assessed at 100 units per acre is Rs 2 and on top of it the agriculturist has to pay five times the land revenue as the agricultural tax. Now, five into two makes ten and ten plus two makes twelve. That means that the land revenue which he pays from his production in certain areas is about Rs. 12 and in areas where there is no agricultural tax, because that area amounts to 3 acres of the land over there, he pays land revenue equal to Rs. 15 for the the same production in two different areas. So, as it is where there is no agricultural tax they pay Rs. 15 and others pay Rs. 12. So, you can see that the land revenue paid by certain areas is more than in other areas. Sir, by giving these examples, my humble submission, through you, to the Revenue Minister is that he should take all these points into consideration and find out himself if there is the least ' gunjaish ' for increasing the land revenue for the agriculturist. You must have seen that the industrialists are given tax-holiday and by the time the parent industry is established, infant industry comes up and within few years the industrialist can float so many industries but if you look at the agriculturist, I don't think any agriculturist whose only source of income is land has in so many years added to his land. On the contrary, he keeps on selling his lands to make both ends meet and to pay his debt that he has taken in making his land more profitable.

The other thing about which I want to make my humble submission, through you, is that these things should be looked into carefully. Of course, I do not want injustice to be done to any part of Pakistan. My submission is that let the lands be valued at their production value and then the lands should be assessed on the production and not on the number of acres because there are acres upon acres of barren lands but there is no production at all. If these be assessed at the same rate then naturally the agriculturist in that part will be the loser.

Another thing is that from time to time, I think during the last time also, I have told the House that in that part of the area where I belong

to, each survey number is assessed as it is. If a survey number is 8 acres, the land revenue is charged on 8 acres whether two acres or three acres are under crop but in other areas if a survey number is 8 acres and if two acres are under crop then land revenue is charged only for two acres. This I have been saying so many times but still nothing has been done about it, With these humble submissions I take my seat.

Haji Gul Hassan Mangi : (Parliamentary Secretary Revenue) : Sir, it would have been much better for me if I would have been given time to speak as a member of Assembly. . . . .

Minister of Education : The Parliamentary Secretary is still a member of the House.

Haji Gul Hassan Mangi : But my responsibilities are greater now.

Sir, I have to bring some facts to the notice of the Leader of the House.

Mr. Speaker : Is the member winding up the debate since he is the Parliamentary Secretary ?

Parliamentary Secretary, Revenue : I have to give some suggestions.

Minister of Revenue : My Parliamentary Secretary should be careful in attacking me.

Sardar Muhammad Ashraf Khan : Point of order.

Is it proper for a Parliamentary Secretary to criticise his own department ?

Mr. Speaker : Surely, it is not proper. Mr. Mangi may please take his seat.

سردار منظور احمد خاں قیصرانی (ڈیرہ غازی خان - ۱)--

مسٹر سپیکر -

ہر بلائے کز آسمان آید خانۂ انوری را می پرسد

اتفاق ایسا ہے - کہ بجٹ پر عام بحث کے دوران اپنی گذارشات اس ایوان میں پیش کرنے کے لئے مجھے صرف دو ہی منٹ ملے - اور اس کے بعد اجلاس ملتوی ہوگیا -

جناب والا - میں اس علاقے کی نمائندگی کر رہا ہوں - اس بے زبان علاقے کی نمائندگی کر رہا ہوں - جسکی حالت زار کی نسبت آج تک اس ہاؤس میں ذکر ہی نہیں کیا گیا -

جناب والا ۔ آپ خود شاهد هیں ۔ همارے وزراء صاحبان جانتے هیں ۔ اور پریس بھی گواہ ہے ۔ بلکہ اس ایوان کی فضائیں اور اس کے در و دیوار اس بات کے شاهد هیں ۔ کہ میرے علاقہ تولسہ کی حالت زار کا کبھی بھی یہاں ذکر نہیں کیا گیا ۔ اسلئے اگر میں موضوع زیر بحث سے ذرا بھٹک بھی جاؤں تو اسے قابل اعتراض نہ سمجھا جائے ۔ اور مجھے اپنی مقامی مشکلات کے متعلق معروضات کرنے کی اجازت دی جائے ۔

جناب والا ۔ میں یہ چاهتا هوں ۔ کہ مجھے ایک نمائندے کی حیثیت سے جو ذمہ داری عائید هوتی ہے ۔ اس سے عہدہ برآ هونے کیلئے میں اپنا بوجھ هلکا کروں ۔ اور ان ذمہ داریوں کا بوجھ جناب کی وساطت سے اپنے وزراء صاحبان پر اور اس معزز ایوان پر بھی ڈالوں ۔ تاکہ میرا بوجھ کچھ هلکا هو جائے ۔ اور اللہ کی نظر میں بھی میں اپنی ذمہ داریوں سے سبکدوش هو سکوں ۔ یہ صحیح ہے ۔ کہ اس ایوان میں اس علاقے کے متعلق آج تک کسی نے اپنی شکایات بیان نہیں کیں ۔ اپنی حالت زار حکومت کے گوش گذار نہیں کیں ۔ اور یہ بھی صحیح ہے ۔ کہ جب تک بچہ روئے نہیں ۔ ماں بھی اسے دودھ نہیں دیتی ۔ همیں اپنی هر دلعزیز حکومت سے هر وقت یہ توقع ہے کہ اگر هم اپنی حالت زار کو بیان کرتے اور اسکی صدا حکومت تک پہنچتی تو وہ اس پر ضرور غور بھی کرتی ۔ اور هماری مشکلات کا تدارک بھی کرتی ۔ دراصل یہ همارا هی قصور ہے ۔ نہ هم نے کبھی اپنی مشکلات ان تک پہنچائیں ۔ اور نہ انہوں نے اس طرف توجہ دی ہے ۔ کیونکہ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے بن روئے تو بچے کو ماں بھی دودھ نہیں دیتی ۔ اس لئے هم پر اس ایوان میں یہ ذمہ داری عائد هوتی ہے

اور اگر ہم اپنی حالت زار یہاں بیان کرتے تو یہ ہردلعزیز حکومت لازمی طور پر اس طرف توجہ دیتی ۔ خصوصاً پسماندہ علاقوں کے متعلق بار ہا کہا گیا ہے ۔ کہ انکی طرف یہاں بہتر اور زیادہ توجہ دی جائیگی ۔ در اصل یہ پسماندگی کا لفظ بھی کچھ ایسا بن گیا ہے کہ پہلے تو اسکی تشریح کرنی چاہئیے ۔ اس کے بعد ہمیں معلوم کرنا پڑیگا کہ دراصل پسماندہ علاقے کون کونسے ہیں ۔ اور ستم بالائے ستم یہ ہے کہ اگر کراچی کی نمائندگی کرنے والے بھی کوئی معزز ممبر تقریر کرنے اٹھے ہیں تو انہوں نے بھی اپنی پسماندگی کا ذکر کیا ہے ۔ اور راولپنڈی کے ممبران نے بھی یہی صدا لگائی ۔ لاہور کے معزز ممبران اور ہمارے بھائیوں نے بھی یہی فرمایا ۔ غرضیکہ ان علاقوں کے ممبر صاحبان نے بھی اپنے آپ کو پسماندہ علاقے کا نمائندہ بتایا کہ جنہیں ہم ترقی یافتہ علاقے سمجھتے تھے ۔ تو اب یہ معلوم نہیں کہ دراصل پسماندہ علاقے کونسے ہیں ۔ اور اگر میں یہ کہوں کہ نہیں وہ تو پسماندہ نہیں ہیں ۔ بلکہ ترقی یافتہ علاقہ سے تعلق رکھتے ہیں تو شاید یہ ایوان کے حقوق میں مداخلت ہو اس لئے میں بھی انہیں بھی پسماندہ سمجھ لیتا ہوں ۔ لیکن در حقیقت ہمارے علاقے کے لوگ بے حد پسماندہ ہیں اور ان کی حالت ناگفتہ بہ ہے ۔ اگر حقیقت حال بیان کی جائے اگر مکمل نقشہ کھینچا جائے کہ یہ لوگ کس طرح زندگی بسر کر رہے ہیں . . . .

مسٹر سپیکر ۔۔۔نقشہ کھینچیں ۔

سردار منظور احمد خاں قیصرانی ۔۔۔جناب ڈیرہ غازی خاں ایسا مقام ہے جس کو قدرت نے مرکزیت دی ہوئی ہے ۔ اگر ڈیرہ غازی خاں سے لاہور کا یا پشاور کا جو کہ سابقہ صوبہ سرحد کا صدر مقام ہے یا کوئٹہ کا جو بلوچستان کا صدر مقام ہے ۔ یا

حیدر آباد کا جو سندھ کا صدر مقام ہے : فاصلہ معلوم کرنا ہو تو ان سب کا فاصلہ تقریباً برابر پڑتا ہے ۔ گویا یہ پاکستان کا دل ہے : جتنی بھی اسکی قدر کی جائے اتنی ہی کم ہے ۔ یہ اتنا مذکرن ہے کہ اسکے ایک طرف دریا ہے اور دوسری طرف پہاڑ ہے ۔ یہ پاکستان کا دل ہے اسکو ضائع نہیں کرنا چاہئے ۔ جہاں تک ہو سکتا ہے اسکو دیکھ کر خوشی ہوتی ہے ۔ ہماری ضلع کی زمین بہترین زمینوں میں شمار ہوتی ہیں ۔ بعض اوقات میرے دوست جب وہاں آتے ہیں . . . .

Mr. Speaker : Order, order, Mir Afzal Khan, has crossed the floor.

Minister of Revenue : He has crossed the line and not the floor.

Mr. Speaker : That is proper language.

Minister of Revenue : Crossing the floor means, for instance, Mr. Hamza comes to this side . . . . (*Laughter*)

خواجہ محمد صفدر---آپ اس طرف آ جائیں ۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی---جناب والا ۔ یہ زمینیں سونا اگلنے والی زمینیں ہیں ۔ فصل کی پیداوار کو دیکھ کر کئی دوست کہتے ہیں کہ یہ علاقہ کسقدر سر سبز ہے ۔ ہمارے ڈیرہ غازی خان کے لوگ وفاداری کے لحاظ سے بھی کسی سے کم نہیں ہیں ۔ پاکستان کے حصول کے لئے جب کہ مسلم لیگ نے سول نافرمانی کر کے یونیسٹ حکومت کو شکست دی تھی اس وقت ڈیرہ غازی خان سے اس تحریک کا آغاز ہوا تھا ۔ وہاں سے ہی جرأت مندانہ قدم اٹھایا گیا جس کے نتیجہ میں یونیسٹ گورنمنٹ کو شکست ہوئی ۔ گویا کہ وہاں سے پاکستان کی تعمیر کی خشت لگی ۔ اور ہمارے چیف نے بھی ایسا ہی کیا ۔ سول

نافرمانی کی اور ان کو جیل میں لے جایا گیا اور بھی قربانیاں اس علاقے کے لوگوں نے دیں - چیف نے اس خطاب کو واپس کر دیا جو انگریز کے دور میں حاصل کیا ہوا تھا - وہ کسی گورنر کے ماتحت نہیں تھے لیکن حصول پاکستان کے بعد انہوں نے اپنا ملک سمجھ کر اعلان کیا کہ ہم کو اس میں حصہ لینا ہے - اور ہم پاکستان کے ساتھ مل کر خوشحالی کی زندگی بسر کریں گے - کسی نے کہا ہے -

ہے بجا شیوہ تسلیم میں مشہور ہیں ہم
قصہ درد سناتے ہیں کہ مجبور ہیں ہم
ساز خاموش ہیں فریاد سے معمور ہیں ہم
نالہ آتا ہے اگر لب پہ تو معذور ہیں ہم

وہاں کے بسنے والوں کی حالت یہ ہے جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں - سینکڑوں لوگ ایسے ہیں جنہوں نے ریل گاڑی نہیں دیکھی پھر ریلوے بجٹ کا آپ ذکر کرتے ہیں - اگر اس طرف وہ آئے تو دیکھ بھی لیں -

اس کے علاوہ جناب والا اور بھی بہت سی تکالیف ہیں - وہاں پینے کا پانی نایاب ہے - سب سے پہلے ہوا کا نمبر آتا ہے جو ہر ایک فرد قدرت کو میسر کی ہوئی ہے - اسکے بعد پانی کا نمبر آتا ہے - بدقسمتی سے پانی ہمارے ہاں میسر نہیں ہے - پانی کے لئے ہم لوگ ترستے ہیں اور میلوں دور جا کر پانی لاتے ہیں - اس کے علاوہ بعض ایسی ایسی جگہیں بھی ہیں جہاں پینے کے پانی میں جانور یعنی مویشی وغیرہ بھی بیٹھتے ہیں ان کی وجہ سے بیماریاں پیدا ہوتی ہیں - اس علاقے میں خاص بیماریاں

ہیں جن کی تشخیص ڈاکٹر نہیں کر سکتے ۔ وہاں ایک خاص قسم کا کیڑا ہوتا ہے یہ اس پانی کی خصوصیت ہے جو پانی زمین میں ہے یہ اس سے پیدا ہوتا ہے اور نہایت ہی موذی کیڑا ہوتا ہے ۔ اس کے علاوہ ہم پانی کیلئے اپنا گھر بار چھوڑ دیتے ہیں اس کی تلاش میں ایک جگہ سے دوسری جگہ جاتے پھرتے ہیں ۔ یہ حقیقت ہے کہ ہمارے علاقے کو اگر زمانہ سلف اور پتھر کے زمانہ سے تعبیر کیا جائے تو یہ مثال بالکل صادق آئے گی ۔ ہمارے علاقے کے اندر برتن استعمال نہیں کرتے ہیں بھیڑ بکریوں کی کھالوں کو استعمال کرتے ہیں ۔ روٹی پکانے کے لئے توے کی بجائے پتھر کو استعمال کرتے ہیں ۔ یہاں تو جوار اور باجرہ مویشیوں کیلئے بویا جاتا ہے اور یہ مویشیوں کی غذا ہے اگر ہمیں یہ غذا کیلئے میسر آ جائے تو بہت غنیمت ہے ۔

مسٹر حمزہ۔۔۔پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا یہ ریونیو پر بات کرتے ہیں اور اپنے علاقے کی پسماندگی کے بارے میں بھی سنا رہے ہیں یہ چیزیں تو دیکھنے سے تعلق رکھتی ہیں ۔ میرا خیال ہے اگر ہم ایک بار وہاں سے ہو آئیں تو سب کچھ پتہ چل جائیگا ۔

Mr. Speaker : This is not a point of order.

وزیر مال۔۔۔جناب والا ۔ وہ لینڈ ریونیو بھی دیتے ہیں ۔ اور ان کو پانی بھی میسر نہیں ہے ۔ اس کا یہ مطلب ہے . . . .

سردار منظور احمد خان قیصرانی۔۔۔جناب والا ۔ میں عرض کر رہا کہ جس چیز کو مویشیوں کی غذا کہا جاتا ہے ۔ یعنی جوار اور باجرہ وہ بھی اگر ہمیں میسر آ جائے تو ہم اسکو بھی غنیمت

سمجھتے ہیں ۔ جناب والا ہماری یہ حالت ہے کہ جو ہمارے ہاں جنگلی درخت پھلوں کے ہوتے ہیں یعنی بیری وغیرہ اس کا پھل کھانے کیلئے وہ لوگ باہر نکل جاتے ہیں تاکہ ایک دو روز کا غلہ بچا سکیں ۔

مسٹر سپیکر۔۔آپ تشریف رکھیں ۔ آپ نے جو کٹ موشن دی ہیں اس وقت آپ بول لیں ۔ خان حبیب اللہ خان ۔

سید دیوان غلام عباس بخاری۔۔جناب والا ۔ وزیر صاحب آخر میں بولیں ۔

مسٹر سپیکر۔۔اگر آپ اس ڈیمانڈ کو آج ختم نہیں کرنا چاہتے تو یہ ہاؤس کی مرضی ہے ۔ کیونکہ اسکے بعد ایجوکیشن کی ڈیمانڈ بھی ہے ۔

وزیر تعلیم۔۔جناب والا ۔ میں نے اس سلسلے میں خواجہ محمد صفدر صاحب سے بات کی ہے کہ تعلیم پر بحث کرنے کی بجائے اس کٹ موشن پر ہی بحث جاری رکھنی چاہئے کیونکہ وقت کم ہے میرے اندازہ کے مطابق مجھے جواب دینے کیلئے ایک گھنٹہ وقت چاہئے ۔ بہت سے ممبر صاحبان بھی بات کرنا چاہتے ہیں ۔ اس وقت آپ کے کلاک کے مطابق ہاؤس کا وقت ۴۰ منٹ باقی ہے ۔ اس وقت میں سارے ممبر صاحبان بات بھی نہیں کر سکیں گے ۔

خان محمد یوسف (راولپنڈی ۔ ۲)۔۔جناب سپیکر ۔ میری گذارش یہ ہے کہ ہمارا لینڈ ریونیو سسٹم دنیا بھر میں مکمل اور اکمل سسٹم ہے اور یہ شہنشاہ اکبر کے ''نورتنوں'' کا تیار کردہ ہے ۔ ہندوستان کے برطانوی حکمرانوں نے بھی ایک سو سال میں اس

کو تبدیل کرنے کی ضرورت نہیں سمجھی تھی بلکہ میں کہونگا کہ وہ اس میں کوئی تبدیلی کر ہی نہیں سکتے تھے کیونکہ اس کی اکملیت ہی اس درجے کی ہے اور اس میں کوئی ایسی خامی نہیں تھی جسے دور کرنے کا خیال کسی حکمران کو سوجھتا مگر جناب سپیکر۔ آج میں اپنے وزیر مال اور قائد ایوان کی خدمت میں آپ کی وساطت سے بصد افسوس و تاسف عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے افسران کی ایک کمیٹی نے ہماری جمع بندیوں اور خسرہ گرداوری کے وہ نام تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس کو انگریزیت کے دور میں بھی سمجھا جاتا تھا اور جس کو آج کل کے افسران نا قابل فہم سمجھتے ہیں حالانکہ انگریزی کے الفاظ اور اصطلاحات کو یہ فارسی سے اچھا جانتے ہیں اور اسی لئے انگریزیت کو شامل کر رہے ہیں۔ جناب والا۔ آگے چل کر اس سے مشکلات پیدا ہو جائیں گی انہوں نے جمعبندی کا نام شاید رجسٹر حصہ داران یا حقداران رکھا ہے۔ اس میں اور خسرہ نمبر کو سروے نمبر تیایا ہے حالانکہ ان دونوں۔ اصطلاحات۔ میں انگریزی کے لفظ رجسٹر اور سروے وغیرہ ہیں علاوہ ازیں جناب والا یہ مال کے محکمہ کی مشہور و معروف ''رقوم''/ارقام کو ہندسوں کو اور اعداد کو بھی تبدیل کر رہے ہیں ان کا خیال یہ ہے مال کی ''ارقام'' آسان نہیں ان کے مقابلے میں عام ہندسوں کو رواج دے رہے ہیں۔ مثلاً ایک دو تین کو ''عدد عا ہے'' کی بجائے یہ اب ۱ - ۲ - ۳ لکھنا چاہتے ہیں مگر جناب والا۔ جب یہ ایک گھڑی رکھتے ہیں اور اسکے رومن میں لکھے ہوئے اعداد کو یہ پڑھ لیتے ہیں تو کیا وجہ ہے کہ یہ رقوم کے فارسی رسم الخط کو نہ پڑھ سکیں اور یہ اسکو کیوں مشکل قرار دیتے ہیں جن کو ایک بچہ بھی رومن اعداد کی طرح بہ آسانی سیکھ

سکتا ہے مزید برآں جناب مبلغات کی رقوم نویسی سے بد دیانتی کا قلع قمع ہوتا تھا اب عام ہندسوں کے لکھنے سے بد دیانتی بڑھ جائے گی اور ان ہندسوں کو بہ آسانی ۱ سے ۱۰ اور ۱۰ سے ۱۰۰ اور ۱۰۰ سے ہزار بنایا جاسکے گا ۲ کو ۳ میں تبدیل کیا جا سکتا ہے اور ۹ کو ۹۰ بنانا بھی جعل سازوں کے لئے آسان ہوگا ۔ ۱۱۰ کو ۱۱۰۰ بنایا جائے گا لیکن سابقہ طریقہ ارقام و رقوم میں ایسی جعل سازی یا تبدیلی نا ممکن تھی لیکن اگر آپ اس تبدیلی پر مصر ہیں تو پھر جناب والا یہ بات بھی جاری کر دیں کہ ہندسوں کے ساتھ ساتھ مبلغات کو لفظوں میں بھی لکھدیا جایا کرے مثلاً جہاں ۱۰ کا ہندسہ لکھیں وہاں الفاظ میں دس بھی لکھا جائے میرے خیال میں ایسی Instructions فی الفور جاری کر دینی چاہئیں ۔

اب جناب سپیکر ۔ میں آپ کی اجازت سے اپنے علاقہ راولپنڈی کی پس ماندگی کے بارے میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں سابقہ صوبہ پنجاب کے جملہ اضلاع میں صرف راولپنڈی ہی ایک ایسا ضلع تھا اور ہے جس میں کوئی ''نواب'' موجود نہیں ہے ورنہ ضلع کیمبل پور میں سرگوھا میں جہلم میں اور گجرات وغیرہ اضلاع میں نواب موجود تھے مگر افسوس ہے کہ اس چھوٹے چھوٹے مالکان اراضی کے ضلع میں جن معمولی کاشتکاروں سے ان کی زمینیں راول ڈیم میں سرکاری طور پر حاصل کی گئی ہیں ان کو تاحال معاوضہ نہیں دیا گیا اور نوابوں اور جاگیرداروں سے زمین حاصل کرنے کا فارمولا جن کے ماتحت ملتان شیخوپورہ سرگودھا میں معاوضہ دیا گیا ہے راولپنڈی میں اس کا اطلاق نہیں کیا گیا لہذا میں استدعا کرونگا اور بڑے ادب کے ساتھ گذارش کرونگا کہ ان غریب بے خانماں مالکان اراضی کو انکی حصول

کردہ اراضیات کا معقول معاوضہ جلد دینا چاہئے ۔ اگرچہ حکومت کی عادت ہے کہ یہ نیچے سروں کی بات نہیں سنتی مگر میں پھر بھی ادب سے ملتجی ہوں کہ وہ معاوضہ ادا کرے ۔

وزیر مال۔۔آپ کن displaced لوگوں کا ذکر کر رہے ہیں ۔

خان محمد یوسف۔۔جناب راول ڈیم کے displaced اشخاص کا ذکر کر رہا ہوں ۔

اس کے علاوہ جناب سپیکر ۔ گورنمنٹ نے ایک مری ہائی پاور کمشن مقرر کیا تھا جس نے علاقہ مری کی دریا برد ہونے والی اراضیات کو جو بارش اور ریت کے باعث نابود ہو جاتی ہیں بچانے کے لئے ایک تجویز تیار کی تھی اور میں یہاں ان کی Recommendations میں سے ایک اقتباس پڑھ کر سنانا چاہتا ہوں ۔

"We strongly recommend that it should be announced that if terracing.....

ان کا ارادہ یہ ہے کہ زمین کو terrace کرنے کے لئے گورنمنٹ subsidy دے ۔

We strongly recommend that it should be announced that if terracing is not completed within five years of the announcement cultivation in unterraced area will be prohibited by law. We understand that a fresh settlement of Rawalpindi District is long overdue. Our present revenue and forest settlement records are badly in need of revision and we feel that even if there is some delay in taking up the settlement of the rest of the District a settlement of the hills should start forthwith and the Settlement Officer should be given a direction to carry out the recommendations of this Commission as a part of his mission. It will be essential to resurvey the guzaras in this settlement and assess the exact amount of nautor in each guzara which is essential for the prevention of further nautor

In addition to this we strongly recommend compulsory consolidation in this area. The consolidation here will have to be of a different type as fields must be provided along the contours. The consolidation organization must have surveyors attached to it to provide for this."

Now, this is a special area, whole of it and it needs special attention.

اسکی رو سے جو Terracing کی جائے گی اس سے احتمال ہے کہ ریت دوسری اراضیات میں جا کر ان کو تباہ و برباد کر دے گی

اور دریاؤں کے ذریعے بھی یہ ریت پھیل کر تباہی پھیلائے گی ۔ جناب والا ۔ یہاں کے لوگ اتنے پس ماندہ اور غریب ہیں کہ الفاظ میں اس کو بیان کرنے کی گنجائش نہیں ہے وہ زمین کی آمدنی میں اپنی شبانہ روز کی labour کی قلیل اجرت اور ملازمت کا قلیل مشاہرہ ملا کر بھی مشکل سے گذر اوقات کر رہے ہیں آپ یہ اندازہ فرما لیجئے ۔ ویسے تو آپ سب حضرات اکثر مری جاتے ہیں ۔ اور وہاں اس طبقے کو دیکھتے ہیں جو عیش و طرب میں مگن رہتا ہے ۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہاں کا ماحول ہی جدا گانہ ہے ۔ اور شاید ہم بہت ہی ترقی یافتہ لوگ ہیں لیکن ذرا دس قدم آگے بڑھ کر ان لوگوں کو دیکھئے کہ وہ لوگ کس قدر غربت ۔ افلاس اور بیماری میں مبتلا ہیں ۔ اور یہی کیفیت کہوٹے کے لوگوں کی ہے ۔ تو ان حالات میں اگر آپ ان کے ساتھ اچھا سلوک کرکے ان کی ضروریات کا بہتر طور پر بندوبست کر دینگے تو ان کی آمدنی میں یقیناً اضافہ ہو جائیگا ۔

ان معروضات کے ساتھ جناب میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

دیوان سید غلام عباس بخاری (ملتان ۔ ۷)۔۔۔جناب سپیکر ۔ جہانتک مالیہ اراضی کا تعلق ہے ۔ میں محسوس کرتا ہوں کہ پاکستان کی تاریخ میں ہر بجٹ کے اجلاس کے موقع پر زمینداروں پر کسی نہ کسی صورت میں کوئی نہ کوئی ٹیکس بڑھایا گیا ہے ۔ اگر مالیہ اراضی کی صورت میں نہیں تو آبیانے کی صورت میں بڑھایا گیا ۔ اور اگر آبیانہ نہ بڑھایا گیا تو مالیہ اراضی میں اضافہ کیا گیا ۔

جناب والا ۔ میں آپ کی خدمت میں یہ بات واضح کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارا مالیہ اراضی جب اصول بندوبست کے مطابق قائم ہوتا

ہے ۔ لہذا دوران بندوبست ماہرین دس سال کی پیداوار کی اوسط اور دس سال کے نرخ کی اوسط نکالتے ہیں ۔ پوری آمدنی سے پورے اخراجات یعنی مزارع ۔ کمی ۔ بیج ۔ سبز خوردہ وغیرہ ۔ یہ سب چیزیں وضع کر کے خالص بچت حق زمیندارہ پر ½ حصہ مالیہ اراضی کی تشخیص قرار پاتا ہے ۔ اگر مالیہ اراضی ایک چوتھائی جمع سے زیادہ بڑھ جائے تو ہمارے تسلیم شدہ حق بندوبست کے مطابق زمینداروں اور کاشتکاروں پر زیادتی سمجھا جائیگا ۔

جناب والا ۔ خالص مالیہ اراضی اگر ایک روپیہ یعنی سو نئے پیسے ہو ۔ تو اس پر ترقیاتی فنڈ ۳۵ پیسے لگ جاتا ہے ۔ اوکل ریٹ جس کو سوا کہا جاتا ہے ۔ آٹھ آنے یا ۵۰ پیسے لگتا ہے ۔ شاہی مسجد فنڈ دو آنے یا ۱۲ پیسے بن جاتا ہے ۔ مہاجر ٹیکس دو آنے یا ۱۲ پیسے لگ جاتا ہے ۔ اور پھر بعض جگہوں پر دیہی پولیس کی وصولی ہوتی ہے چنانچہ وہ ۱۲ پیسے ملا کر اگر مالیہ اراضی ۱۰۰ پیسے ہو تو اس پر ۱۲۱ لوازمات بڑھا دئے جاتے ہیں ۔ اگر میں یہاں ایک کاشتکار کی پوری آمدنی کا جائزہ لوں جیسا کہ میرے دوست چودھری محمد نواز صاحب نے لیا تھا تو اس پر بہت وقت صرف ہوگا ۔ دراصل اس کی آمدنی اور مالیہ اراضی کا اگر موازنہ کیا جائے تو یہ ٹیکس اس کا نصف حصہ بن جاتے ہیں ۔

اس کے علاوہ ملتان کے ضلع میں ہمیں خرچ چلھی وغیرہ آبیانہ کے علاوہ کرنا پڑتے ہیں ۔ لہذا پہلے تو میں یہ اپیل کرونگا کہ اب اس رسم کو ختم کرنا چاہئیے ۔ کیونکہ اب تو زمیندار اور کاشتکار کے بدن میں خون بھی باقی نہیں رہا ۔ ہر سال ٹیکس میں اضافہ کر کے اسے مزید زیر بار نہ کیا جائے ۔

جناب والا - زرعی انکم ٹیکس کے متعلق بنیادی چیز جو دنیا بھر میں تسلیم کر لی گئی ہے - یہ ہے کہ خواہ کوئی ٹیکس بھی ہو وہ جائداد کے مالک سے لیا جاتا ہے - مگر اس معاملے میں اس بنیادی اصول کو نظر انداز کرتے ہوئے نابالغ بچے مالکان کا مالیہ اراضی والد کے مالیہ اراضی میں ملا کر اور اس کی ratio بڑھا کر زرعی انکم ٹیکس وصول کیا جاتا ہے - جو دنیا کے متفقہ اور بنیادی ٹیکس کے اصول کے خلاف ہے -

جناب زرعی انکم ٹیکس کا ایک اصول یہ بھی ہے کہ جب یہ ٹیکس تشخیص کیا جاتا ہے تو اس کیلئے اخراجات . . . .

مسٹر سپیکر--دیوان صاحب - اگر آپ ٹیکس کے متعلق کچھ فرمانا چاہتے ہیں - تو اس کے لئے آپ کو فنانس بل پر موقع مل جائے گا -

دیوان سید غلام عباس بخاری--جناب اس کا مالیہ اراضی سے تعلق ہے - اس لئے عرض کر رہا ہوں -

مسٹر سپیکر--آپ اس وقت صرف مالیہ اراضی کے متعلق فرمائیں - ٹیکس کے متعلق آپ کو موقع مل جائے گا کیونکہ اس کے لئے فنانس بل آ رہا ہے -

دیوان سید غلام عباس بخاری--جناب والا - جب نہری علاقوں میں مالیہ اراضی کی تشخیص کی جاتی ہے تو اس وقت نہری پٹواری بھی گرداوری کرتا ہے اور اس کے علاوہ محکمہ مال کا پٹواری بھی گرداوری کا ذمہ دار سمجھا جاتا ہے - میں یہ سمجھتا ہوں کہ ایک طرف تو ہم کہتے ہیں کہ ہمارے پاس فنڈز نہیں ہیں - ہمیں اپنے اخراجات کم کرنے چاہئیں - ہمارا صوبہ غریب ہے -

اور ادھر ہم نے ایک موضع میں ایک ہی کام پر دو دو پٹواری رکھے ہوئے ہیں جہاں نہر کے پٹواری اس بات کے ذمہ دار ہوتے ہیں کہ وہ پانی کی بہم رسانی کا خیال رکھیں اور کاشتکاروں کو پورا پانی دیں تاکہ پانی کی کمی کی وجہ سے فصلیں خراب نہ ہوں ۔ وہاں موقع پر یہ ہوتا ہے کہ جہاں ان کی کچھ خدمت ہو جائے ۔ وہاں موگے زیادہ چلتے ہیں اور جہاں خدمت نہ ہو ۔ وہاں وہ کم چلتے ہیں ۔ جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جب پانی ٹھیک طور پر نہ ملے ۔ تو لازماً لوگوں کی فصلیں خراب ہو جاتی ہیں ۔ پھر اس پر نہری پٹواری کو مجبور کیا جاتا ہے کہ وہ ایک خاص حد تک خرابہ دے سکتا ہے ۔ اور اس سے آگے نہیں دے سکتا ۔ اس لئے وہ کاشتکار یا وہ زمیندار جن کو پانی نہ ملنے کی وجہ سے ان کی فصلات خراب ہوگئی ہوں ۔ ان کو خرابہ ملتا ہی نہیں ۔ اور ادھر انہیں اصولاً مالیہ اراضی ادا کرنا پڑتا ہے ۔ میری تجویز یہ ہے کہ جو محکمہ پانی کی بہم رسانی کا ذمہ دار ہو ۔ اسے گرداوری کے حقوق نہ دیئے جائیں ۔ یہ حقوق محکمہ مال کو دیئے جائیں تاکہ وہ صحیح گرداوری کریں اور افسران بالا کو بھی پتہ چلے کہ نہر کے محکمہ نے کس حد تک کام کیا ہے ۔

Mr. Speaker: The member should please try to conclude his speech now.

I will finish it in two minutes sir. ــ دیوان سید غلام عباس بخاری

اس کے علاوہ جناب جب کبھی آفات سماوی و ارضی سے فصلات کی تباہی ہو جاتی ہے تو گورنمنٹ کو مالیہ اراضی وصول کرنے میں بڑی دقتیں ہوتی ہیں ۔ اس کیلئے میری تجویز یہ ہے کہ کوئی ایسی ایجنسی قائم کی جائے جس کے ذریعے زمینداروں کی فصلات انشیور ہو سکیں ۔ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ زمیندار اور کاشتکار

ادائیگی مالیہ اراضی میں کوئی دقت محسوس نہ کرینگے ۔ جب کہ ان کی فصلیں آفات سماوی و ارضی کا شکار ہو جائیں ۔

جناب والا ۔ اب میں بنجر رقبوں کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ میں یہ بات اس معزز ایوان میں واضح کرنا چاہتا ہوں کہ جب کاشتکار یا زمیندار بنجر رقبہ آباد کرتا ہے ۔ تو اسے اس پر بہت ہی محنت کرنا پڑتی ہے اور اس کیلئے اسے بہت وقت اور سرمایہ خرچ کرنا پڑتا ہے ۔ اور اسے تین تین ۔ چار چار سال تک وہ سرمایہ واپس نہیں ملتا ۔ جو وہ اس بنجر رقبے کو آباد کرنے پر خرچ کر چکا ہوتا ہے ۔ اس لئے میں آپ کی وساطت سے جناب وزیر متعلقہ کی خدمت میں عرض کرونگا کہ کم از کم بنجر رقبے آباد کرنے والے کاشتکاروں اور زمینداروں کو تین سال کیلئے مستثنیٰ کر دیا جائے جو ٹیوب ویل کے رقبہ جات ہیں ان کو تین سال کے لئے معاملہ سے معافی دی جائے ۔

مسٹر محمد افضل (منٹگمری ۔ ۴)۔۔جناب سپیکر ۔ میں ایک بہت ضروری اعتراض پیش کرنا چاہتا ہوں اس کے لئے مجھے اجازت دی جائے ۔

مسٹر سپیکر۔۔اس وقت صرف ۲۰ منٹ باقی ہیں اور اس تھوڑے سے وقت میں وزیر مال صاحب نے کئی باتوں کا جواب بھی دینا ہے ۔

مسٹر محمد افضل۔۔میں بہت جلد اپنی گذارشات ختم کر دوں گا ۔

جناب سپیکر ۔ جو معاملہ میں عرض کرنا چاہتا ہوں یہ اس وقت ایک ناسور بنتا جا رہا ہے وزیر مال صاحب کی خدمت میں

عرض کروں گا کہ بیع اراضی دو طریقہ سے ہوتی ہے ایک تو بیع رجسٹری اور دوسری بیع زبانی ۔ جن کو رقبہ بیچنا ہوتا ہے وہ بیع زبانی کے لئے صرف پٹواری کو کہہ دیتا ہے کہ فلاں اراضی بیع ہو گئی ہے چنانچہ پٹواری اس کا انتقال درج کر دیتا ہے اور تحصیل دار یا نائب تحصیل دار اس کی تصدیق کر دیتا ہے ۔ یہ تصدیق ایک فرضی بیان پر بھی ہو سکتی ہے ۔ اور نائب تحصیلدار یا تحصیلدار اس بات کے لئے bound نہیں ہوتا کہ انتقال کے سلسلہ میں مالک زمین اپنا دستخط یا نشان انگوٹھا ثبت کرے ۔ اس لئے میں وزیر مال کی خدمت میں عرض کرونگا کہ آئندہ کے لئے یہ طریقہ نہیں ہونا چاہئے بلکہ کسی بھی انتقال زمین کے لئے مالک زمین کے دستخط یا انگوٹھا کا ثبت ہونا لازمی قرار دیا جائے ۔ یہ ایک ایسا حساب ہے کہ مالک زمین کو سول کورٹس میں جانا پڑتا ہے اور سالہا سال تک اس مالک کو اپنی زمین سے محروم ہونا پڑتا ہے اس لئے میں آپ کی وساطت سے اس ہاؤس کی خدمت میں عرض کروں گا کہ اس کے لیے کوئی فوری اقدام کیا جائے تاکہ زمیندار کو اس مصیبت سے نجات ملے ۔

مسٹر محمد انور علی خاں بلوچ (لائل پور ۱۰)۔جناب سپیکر ۔ کل کی طرح آج شام کو بھی ایک سٹنگ رکھ لیں ۔

مسٹر سپیکر۔آج شام کو تو آپ کے لئے ایک لیکچر کا انتظام کیا گیا ہے ۔ یہ لیکچر آئین کی دفعہ ۱۱۲ کے تحت ہوتا ہے اس میں آپ کی شمولیت ضروری ہوتی ہے ۔ آج شام کو جو لیکچر ہو رہا ہے وہ فنانس سیکرٹری صاحب Financial Provisions کے موضوع پر دے رہے ہیں ۔ یہ نہایت ضروری لیکچر ہے ۔ آپ اس میں ضرور شامل ہوں ۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو)۔۔وقت کیا رکھا ہے۔ چھ بجے ؟

مسٹر سپیکر۔۔نہیں ۔ ساڑھے چھ بجے شام ۔

مسٹر محمد انور علی خان بلوچ۔۔میرے اکثر دوست اس معاملہ پر بحث کر چکے ہیں مگر دو تین چیزیں ایسی ہیں جن کی تائید کرتے ہوئے عرض کروں گا کہ ٹیوب ویل کے لگانے سے یہ فائدہ تو ہو جاتا ہے کہ سیم اور تھور دور ہو جاتی ہے اور اس کو زمیندار محسوس کرتا ہے اس لئے جہاں نہری پانی کم ملتا ہے وہاں کوشش کر کے ٹیوب ویل ضرور لگائے جائیں ۔ لیکن پانی والے رقبہ کی نسبت اس رقبہ میں جہاں نہری پانی کم دستیاب ہے وہاں اسی حساب سے مالیہ اور آبیانہ کی شرح ہونی چاہئے ۔ محکمہ نہر اگر خود جا کر دیکھے تو وہ صحیح اندازہ کر سکے گا میں آپ کی وساطت سے وزیر مال صاحب کی خدمت میں جو اس ایوان کے لیڈر بھی ہیں اور اس ہاؤس کی خدمت میں ایک نہایت اہم اور ضروری بات عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ وہ یہ دیکھیں کہ ہماری زمینوں کو نہروں سے کتنا پانی ملتا ہے ۔ ہم اس چیز سے اتفاق کرتے ہیں کہ جہاں ٹیوب ویل نصب ہوتے ہیں یا لگائے جاتے ہیں وہاں ٹیوب ویل کا اثر زمین پر پڑتا ہے ۔ پانی کا جس وقت تکاس ہوتا ہے سیم کے پانی کا Level نیچے چلا جاتا ہے ۔ اور پھر زمیندار جو ٹیوب ویل سے زمین کاشت کرتا ہے اس کا معاملہ بھی زمیندار پر پڑتا ہے ۔ اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ جو زمینیں ٹیوب ویل کے ذریعہ سے کاشت ہوں ان کی نسبت سے یا اس حساب سے زمیندار کو معاملہ معاف کر دیا جائے ۔

دوسری عرض یہ ہے جیسا کہ میرے ایک معزز دوست نے فرمایا ہے اس مالیہ کے اس بوجھ کو زمیندار برداشت نہیں کرسکتا ۔ آج کل حکومت کی زیادہ تر توجہ انڈسٹری کی طرف ہے ۔ زمیندار کی طرف کوئی توجہ نہیں دی جاتی ۔ اس سلسلہ میں میں ایک چھوٹی سی مثال دیتا ہوں کہ لائل پور میں بڑے بڑے کارخانہ جات ہیں وہ مزدور جو پہلے زمینداروں کے پاس ہوتے تھے جب وہ دیکھتے ہیں کہ کارخانوں میں تنخواہ زیادہ ملتی ہے تو وہ شہروں کی طرف رجوع کرتے ہیں ۔ ابھی ابھی کراچی میں دونوں پارٹیز کی ایک میٹنگ ہوئی تھی جس میں انہوں نے مزدوروں کو ختم کرنے پر زور دیا ۔

مسٹر سپیکر—اس کا لینڈ ریونیو سے کیا تعلق ہے ؟

مسٹر محمد انور علی خاں بلوچ—جناب سپیکر ۔ یہ بات بھی اسی ضمن میں آتی ہے ۔ اگر میرے ایسا کہنے سے کوئی گستاخی ہوئی ہو تو معاف فرمائیے میں ایوان کے سامنے یہ عرض کروں گا کہ زمیندار کے پاس اب وہ مزدور نہیں رہے ۔ چھوٹے زمیندار کو تو پانی بھی پورا نہیں ملتا ۔ اگر وہ ٹیوب ویل لگاتے ہیں تو ان پر مالیہ بھی لگایا جاتا ہے اور اگر کسی طریقہ سے وہ اپنی زمین کاشت کرنا چاہتا ہے تو اسے ٹریکٹر میسر نہیں آتے ۔

جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ ان مزدوروں کو شہروں میں زندگی کی سہولتیں زیادہ ملتی ہیں ۔ اور اسے دیکھ کر ہی وہ شہروں کی طرف آتے ہیں ۔ نیز کارخانوں میں ان کو تنخواہیں بھی معقول ملتی ہیں ۔ لیکن وہ اس چیز کو نہیں سوچتے کہ دو سال کے بعد ہی ٹی بی کے مریض بن جاتے ہیں ۔ شہر لائل پور میں ٹی بی کا مرض بہت بڑھ چکا ہے ۔

یہ مزدور جب پہلے زمینداروں کے پاس کام کرتے تھے تو ان کی صحت اچھی تھی کارخانوں میں اگرچہ انہیں معقول تنخواہ ملتی ہے مگر آئے دن وہ اس مرض میں مبتلا ہوتے ہیں ۔

اس کے علاوہ میں عرض کروں گا کہ زمینداروں کی سہولت کے لئے نہ تو کوئی اچھی سڑکیں ہیں نہ کوئی اور چیز ہے ۔ ریونیو دن بدن بڑھایا جا رہا ہے لیکن بچارے زمیندار کو دیکھیں اس پر شفقت کی نظر ڈالیں وہ تمام دن دھوپ میں کام کرتا ہے ۔ وہ نہ سردی دیکھتا ہے نہ گرمی ۔ نہایت محنت سے اپنا کام کرتا ہے ۔ اس کا آبیانہ بڑھانے سے آپ کو کچھ نہیں ملے گا ۔

رانا پھول محمد خان (لاہور ۔ ۷)۔۔۔جناب والا ۔ میں تقریر تو نہیں کرنا چاہتا ۔ صرف ایک لفظ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ ایک لفظ کی تو اجازت نہیں ۔

رانا پھول محمد خان۔۔۔میں صرف آدھے منٹ میں اپنے خیالات کا اظہار کر دوں گا جناب سپیکر ۔ میں آپ کی وساطت سے وزیر مال صاحب کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ جن نہری رقبہ جات میں ٹیوب ویل لگائے گئے ہیں وہاں حکومت کی طرف سے ایک چٹھی ارسال کی گئی ہے کہ ایسے زمینداروں کو ۱۰ سال تک ۲۵ فیصد آبیانہ معاف کیا جائے گا ۔ لیکن اس پر عمل نہیں ہو رہا ۔ زمینداروں کو پانی کی کمی کی وجہ سے ٹیوب ویل لگانے پڑتے ہیں ۔ وہ کافی روپیہ خرچ کرتے ہیں لیکن ان کو آبیانہ پورا ادا کرنا پڑتا ہے میں وزیر مال صاحب کی توجہ اس طرف مبذول کراؤں گا اور عرض کروں گا کہ وہ پڑتال کرائیں اور ہدایت جاری کریں کہ آبیانہ میں ۲۵ فیصد کی رعایت ضرور دی جائے ۔

وزیر مال (خان حبیب‌اللہ خان)۔۔۔صاحب صدر ۔ میرے پاس ٹائم نہیں ہے کہ میں تمام اعتراضات مطالبات اور تکلیفوں کا جواب دے سکوں ۔ اور وقت کی کمی کے باعث یہ نا ممکن بھی ہے ۔ لیکن میں ایک عرض کئے دیتا ہوں شائد اس سے ان کو تسلی ہو جائے ون یونٹ سے پہلے سابقہ صوبہ سرحد سابقہ پنجاب سابقہ سندھ اور بہاولپور کا لینڈ ریونیو سسٹم اور آبیانہ سسٹم ایک دوسرے سے مختلف تھا ۔ سابقہ صوبہ سرحد کا ایک سسٹم تھا پنجاب میں دوسرا تھا ۔ سندھ میں تیسرا تھا اور بہاولپور میں چوتھا تھا سب ایک دوسرے سے الگ الگ تھا کیونکہ وہاں پراونشل گورنمنٹ ہوتی تھیں وہ اپنی مرضی کے مطابق لینڈ ریونیو اور واٹر ریٹ لگایا کرتے تھے اور یہ ایک حد تک ٹھیک بھی تھا جس وقت ون یونٹ بن گیا تو اس وقت ہم یہ فیصلہ نہیں کر سکتے تھے کہ ایک دم ہم کیسے تبدیل کرکے سب کو ایک سطح پر لے آئیں حتی‌الوسع By executive order یعنی انتظامی آرڈر سے یہ کوشش کی کہ جہاں بوجھ زیادہ ہے وہاں کم کر دیا اور جہاں بوجھ کم ہے وہاں زیادہ کر دیا ۔ Levelling up اور Levelling down کا یہ طریقہ اختیار کرتے رہے چنانچہ میں مختصر طور پر یہ عرض کر دوں کہ سابق صوبہ سندھ میں آبیانہ کا ریٹ بہت بڑھا ہوا تھا ۔ سن ۱۹۵۹ میں Rationalisation کے ذریعہ سے پنجاب سرحد اور بہاولپور تینوں علاقوں کا ۷ کروڑ بڑھا دیا گیا ۔ اور اس کے مقابلے میں سندھ کا سالانہ ۵ کروڑ آبیانہ کم کیا ۔ میں یہ Facts and figures اس لئے بتا رہا ہوں کہ حکومت یہ محسوس کر رہی تھی کہ سندھ کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے ۔ اور اس کا آبیانہ زیادہ ہے اور اس کے مقابلہ میں پنجاب اور سابق صوبہ سرحد میں کم تھا نتیجہ یہ ہوا جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے

کہ ۷ کروڑ ان تینوں علاقوں بہاولپور پنجاب اور سرحد پر بڑھا دیا گیا اور سندھ سے ۵ ۔ کروڑ کم کر دیا گیا ۔ میری بہن ڈاکٹر اشرف عباسی کو معلوم ہوگا کہ سندھ میں سن ۱۹۶۱ء میں مالیہ ۲۵ فیصدی کم کر دیا گیا ۔ نتیجہ کیا ہوا کہ سندھ کو ایک کروڑ روپے کی بچت ہوئی ۔ ڈولپمنٹ cess سن ۱۹۵۴ء سے بذریعہ ڈولپمنٹ cess ایکٹ جو ۲۵ فیصدی حاوی تھا وہ سندھ پر بھی حاوی تھا لیکن سندھ نے کبھی یہ cess نہیں دیا ۔ اور التوا پر التوا ہوتا رہا کبھی ایک پیسہ نہیں دیا ۔ نتیجہ کیا ہوا کہ جہاں تک ڈولپمنٹ فنڈ cess کا تعلق ہے یہ abolish کیا گیا جیسا کہ میں نے عرض کیا levelling up اور levelling down کا یہی طریقہ ہو سکتا ہے وہ اختیار کیا گیا ۔ چونکہ اس کا التوا ہوتا رہا اور وہ ادا نہیں کر سکتے تھے لہذا وہ بھی معاف ہوگیا اور پھر آئندہ کے لئے یہ abolish ہو گیا ۔ رہا surcharge جسکا ذکر میرے محترم حمزہ صاحب نے کیا ہے تو Surcharge فی صد مالیہ پر لگایا جاتا ہے اور وہ کتنے پر ؟ آپ کو معلوم ہے کہ ایک بندوبست کی میعاد ۳۰ سال ہوتی ہے ہر ۳۰ سال کے بعد بندوبست ہونا ضروری ہے ۔ لیکن خاص وجوہات کی بنا یعنی پاکستان نیا بنا تھا اس کے بعد ون یونٹ آیا پھر ہندوستان کی طرف سے مصیبت پر مصیبت جھگڑے اور لڑائی کی تیاری پھر پاکستان کو بچانا بھی اور اس کی حفاظت بھی کرنا اور اس کو ترقی کی راہ پر گامزن بھی کرنا اور دشمنوں کے مقابلے کی تیاری بھی کرنا انڈسٹریل آرگنائیزیشن بھی کرنا اس لئے بیشتر اضلاع میں بندوبست نہ ہو سکا ۔ میرے اپنے ضلع میں سن ۱۹۰۳ میں بندوبست ہوا تھا سنہ ۱۹۳۳ء یا سنہ ۱۹۳۴ء میں پھر ہونا چاہئے تھا لیکن آج تک بندوبست نہ ہوا پھر لوگوں کی حیثیت میں

اور زمینداروں کی حیثیت میں کمی بیشی بھی ہوتی رہتی ہے بعض ترقی کر جاتے ہیں بعض بدقسمتی سے پیچھے رہ جاتے ہیں تو بندوبست کا مطلب یہ ہے کہ از سر نو وہاں پر سروے کیا جائے اسلئے کہ اتنے عرصے میں یہ بھی ممکن ہے کہ آپ کی زمین میرے پاس اور میری زمین آپ کے پاس چلی جاتی ہے لینڈ ریکارڈ پرانا ہو جاتا ہے اس کو بھی بنانا سروے کرانا غلہ یا دوسری پیداوار جو ہوتی ہے اس کی قیمتوں کا average نکالنا تو بندوبست کے سلسلے میں بہت سے کام کرنے پڑتے ہیں ۔ یہ سب میں نے اس لئے کہا کہ میرے ایک بھائی نے ابھی کہا تھا کہ وہ کیا طریقہ ہے جس طریقہ پر آبیانہ اور مالیہ لگاتے ہیں یا اس میں کمی اور بیشی کیسے ہوتی ہے ۔ ۱۹۱۵ء میں حالانکہ ہم بچے تھے لیکن مجھے یاد ہے کہ گندم کی قیمت ۳ ۔ یا ۴ ۔ روپے من تھی جو اب ۱۲-۱۳-۱۴-۱۵-روپے من ہے اور ہمارے علاقے میں تو بلیک مارکٹ میں بھی ۳۰-روپے میں نہیں ملتا ۔ ان حالات کے پیش نظر انہوں نے یہ فیصلہ کیا کہ ۲۵ ۔ فیصدی سر چارج لگایا جائے اور یہ سر چارج پنجاب فرنٹیر اور بہاول پور کے ان اضلاع میں ہے ۔ جہاں بندوبست نہیں ہے ۔ جہاں بندوبست ہوتا ہے وہاں مالیہ یا آبیانہ لگایا جاتا ہے ۔ سندھ ان سے مبرا ہے اور بھی بہت سی چیزیں ہیں جن کا میں تفصیل سے ذکر نہیں کر سکتا ۔ مختصراً میں صرف یہ عرض کر دوں کہ جہاں یہ محسوس کیا گیا ہے کہ زیادتی ہوئی ہے تو ہم نے کمی کی کوشش کی ہے اور جہاں ہم نے یہ محسوس کیا ہے کہ ناجائز رعایت برتی گئی ہے وہاں ہم نے بڑھا دیا ہے میرے اپنے صوبے میں کئی ایسے اضلاع ہیں کئی ایسے خطے ہیں کئی ایسی جگہیں ہیں جہاں آبیانہ کم تھا تو ان پر بڑھا دیا گیا لیکن ایک بات

میں یہ عرض کردوں کہ عرصہ سے حکومت یہ غور کررہی ہے کہ کسی کے ساتھ زیادتی نہ ہو اور اس کے لئے یونیفیکیشن آف لینڈ ریونیو کا ایک بل تقریباً تیار ہو گیا ہے اس کے ذریعہ تمام لینڈ ریونیو سندھ بلوچستان فرنٹیر سابق پنجاب میں ایک سطح پر لے آیا جائے گا اور اس قانون کے بعد تمام یہ جھگڑے ختم ہو جائیں گے ۔ اس سلسلے میں کچھ formalities پوری کرنا باقی رہ گئی ہیں ۔ میمن صاحب کہتے ہیں کہ کوئی ایسی چیز اس میں نہ ہو جو fundamental right کو hit کرے لہذا ہم کوشش کر رہے ہیں کہ جتنا جلد ممکن ہو یہ بل ہاؤس کے سامنے آ جائے اور آپ ہی اس بل کو پاس کریں گے اور اس وقت اگر کسی صاحب کو کچھ کہنا ہو گا تو وہ کہہ بھی سکیں گے ۔ آخر میں یہ بات میں پھر کہہ دوں کہ اپوزیشن کی طرف سے تو صرف چار ہی آدمی چلاتے ہیں کہ ہمارا مالیہ زیادہ ہے اور کوئی کہتا ہے کہ آبیانہ زیادہ ہے لیکن ادھر سے تو ۱۵۰ - آوازیں اٹھتی ہیں کہ آبیانہ زیادہ ہے اور مالیہ زیادہ ہے لیکن اس بل کے پاس ہونے کے بعد یہ سب تکلیفیں دور ہو جائیں گی ۔

آپ نے فیصلہ کرنا ہے ۔ آپ جو مناسب سمجھیں جس طرح مالیہ مقرر کریں اور آپ ایسا طریقہ سوچیں کہ حکومت بھی چل سکے اور شیخ مسعود صادق کا بجٹ بھی balanced ہو ۔ ایسا نہ ہو کہ آپ اس کو دھکا دے دیں اور کل وہ مجھ سے جھگڑا کریں کہ آپ نے میرے بجٹ کو خراب کیا ۔ حکومت تو آپ کو معلوم ہے مالیہ ہی سے چلتی ہے ۔ آبیانے سے ۔ ایسی مدوں سے چلتی ہیں ۔ میں خود ایک چھوٹا سا زمیندار ہوں اور یہ چاہوں کہ بالکل مالیہ اور آبیانہ نہ دوں اور یہ چیزیں نہ ہوں تو یہ

کیسے ممکن ہو سکتا ہے ۔ حکومت بھی تو چلانی ہے اور بغیر حکومت کے ہم زندہ نہیں رہ سکتے اور جب حکومت آپ چلائیں گے تو ٹیکس تو ضرور دینا ہو گا ۔ خوشی سے کوئی ٹیکس نہیں دیتا مگر دینا پڑتا ہے اور ہم دے رہے ہیں تو انشاء اللہ وہ بل آپ کے سامنے آئے گا اور ہم کوشش کریں گے کہ تمام علاقوں کے ساتھ انصاف ہو اور زمینداروں پر اتنا بوجھ پڑے جو وہ اٹھا سکیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ خان صاحب آپ اور کتنا وقت لیں گے ۔

وزیر مال ۔ کیا ٹائم ہو گیا ہے ؟

Mr. Speaker : The time is extended by 5 minutes.

وزیر مال ۔ اتنی باتیں ہیں اور وقت کم ہے ہاں بعض بھائیوں نے کہا ہے کہ آپ مالیہ لگا رہے ہیں مگر وہ لگانا پڑتا ہے اور ٹیکس بھی لگا رہے ہیں مگر ایزادی نہیں ہو رہی ۔ پہلے جو زراعتی ٹیکس تھا ۔ یعنی ۲۵۰ روپیہ پر تھا تو ۲۵۰ روپے کے اوپر جو مالیہ دیتا ہے اس پر انکم ٹیکس ایک چوتھائی اور ایک تہائی تھا ۔ وہ پہلے ہی سے ہے یہ نہیں کہ اب نہیں ہے ۔ اس دفعہ وزیر خزانہ نے بجائے ۲۵۰ کے ۱۵۰ کر دیا ہے جس پر آپ نے تالیاں بجائی تھیں ۔ انہوں نے کہا ہے کہ ceiling ۱۵۰ ہو گیا ہے آپ نے اس پر تالیاں بجائی تھیں کیا اس کا مطلب یہ تھا کہ پہلے تھا ۲۵۰ اور اب ۱۳۹ تک معاف ہے آپ نے تالیاں بجائیں ۔ ۲۵۰ تو پہلے تھا ۔ گورنر صاحب سے ہم ملے ۔ ایک ڈیپوٹیشن ملا ۔ تو انہوں نے از راہ عنایت منظور کر لیا اور بہت اچھا ہوا اور فرمایا کہ پنجاب ۔ بہاول پور اور سابق صوبہ سرحد کے لئے ۱۵۰ تک ceiling رہے ۔

Mr. Speaker : Khan Sahib may please address the chair.

وزیر مال ــــ جناب والا ۔ میرا منہ صرف اس طرف ہے ۔ میں خطاب تو آپ ہی کو کر رہا ہوں ۔ صرف منہ میرا اس طرف ہے ۔ تو پہلے ۱۵۰ پر دینا پڑتا تھا لیکن اب فیصلہ ہوا کہ نہیں ۲۵۰ تک معاف ۔ جہاں تک سندھ کا تعلق ہے انہوں نے اب تک زراعتی ٹیکس نہیں دیا تھا ۔ فائننس بل میں تجاویز یہ تھیں کہ ۲۵۰ سے شروع کر دیں ۔ وفد گورنر صاحب کو ملا ۔ آخر راضی نامہ اس پر ہوا کہ چلو اگر پنجاب ۔ صوبہ سرحد اور بہاول پور کی Ceiling ۲۵۰ سے شروع ہوتی ہے تو اس سے نیچے معاف ۔ اس سے اوپر لگے گا ۔ آپکے لئے ۵۰۰ تک معاف ہے ۔ ۴۵۰ روپیہ Ceiling مقرر کی گئی جو اس کے اوپر مالیہ دیگا اس پر زراعتی انکم ٹیکس آئے گا اور وہ ریٹ اس سے کم ہے یعنی ڈیڑھ گنا زیادہ سے زیادہ ہے ۔ ایک عرض میں کئے دیتا ہوں کہ میں بھی اس کی زد میں آتا ہوں ۔ میں آپکو بتاتا ہوں کہ میں چھوٹا سا زمیندار ہوں ۔ میں سندھ پنجاب جیسے زمینداروں جیسا نہیں ہوں ۔ میں خود بھی اس کی زد میں آتا ہوں ۔ یہ بتاتا ہوں کہ جو ۲۵۰ سے اوپر مالیہ دے وہ کیسے غریب زمیندار ہوسکتا ہے اور وہ کیسے کہہ سکتا ہے کہ میں غریب زمیندار ہوں ۔ جیسا کہ حمزہ صاحب کہا کرتے ہیں کہ وہ لوگ جو کہ دس پندرہ بیس چالیس روپیہ دیتے ہیں وہ چھوٹے زمیندار ہوتے ہیں مگر جو ۲۵۰ ۔ ۵۰۰ یا ہزار دیتے ہیں وہ متوسط درجے کے زمیندار ہوتے ہیں ۔ ان کو غریب نہیں کہنا چاہئیے ۔ غریب تو وہ ہے جو ۱۰ ۔ ۱۵ مالیہ دے اور دولت مند زمیندار ہم اس کو کہتے ہیں جو چار پانچ ہزار یا دس ہزار مالیہ دیں لیکن خدا کے فضل سے اب کوئی ۱۰ ہزار روپیہ دینے والا نہیں رہ گیا ۔ پہلے

دیا کرتے تھے مگر اب Land Reforms کے بعد کوئی نہیں رہ گئے ہیں - تین چار پانچ ہزار والا شاید ہی کوئی رہ گیا ہو - اس سے زیادہ نہیں رہا تو یہ غلط بات ہے چھوٹے زمیندار وہ ہیں جو میں نے عرض کر دیا - یعنی ۲۵۰ کے اوپر جو ہیں وہ متوسط درجے کے زمیندار ہیں اور جو پانچ چھ ہزار والے ہیں وہ اونچے زمیندار ہیں - تو اگر بوجھ پڑے گا تو بڑے زمینداروں پر پڑے گا جنکی جائیداد زیادہ ہے - اور چھوٹے زمیندار ۲۵۰ اور ۱۵۰ والے ہیں - وہ اس سے بالکل Exempt ہیں - اور درمیان والے لوگ گذارہ کریں گے - لیکن خدا کرے کہ اس بل کے بعد کچھ اور کمی بیشی ہو جائے -

Mr. Speaker : Time is further extended till the Minister finishes his speech.

وزیر مال—جناب والا - اسی طرح چار چار پانچ پانچ منٹ دیتے جائیں -

Mr. Speaker : I have extended the time till the Minister finishes his speech.

وزیر مال—حمزہ صاحب نے فرمایا کہ چھوٹے زمینداروں کا مالیہ معاف کیا جائے - بہت اچھا معاف کیا جائے لیکن انہوں نے یہ نہیں سوچا کہ چھوٹے زمینداروں کا مالیہ کیسے معاف ہوسکتا ہے - انہوں نے فرمایا کہ ۲۰ فیصدی معاف کر دیا جائے مگر ان کو پتہ ہونا چاہئیے کہ اگر ۲۰ فیصدی معاف کر دیا جائے تو آپکو تقریباً ۲ کروڑ کا خسارہ ہوگا - بہت زیادہ چوٹ پڑے گی - تو تکلیف یہ ہے کہ جو ۵۰ فیصدی مالیہ دیتا ہے وہ فوراً اپنے بچوں میں زمین تقسیم کر دیگا - ایک دو تین بچے یا جتنے بھی اس کے ہوں ان کو وہ زمین تقسیم کر دیگا تو اس طرح وہ ۵۰ فیصدی بھی مالیہ دینے سے بچ جائے گا - فرض کیا کہ میرے تین چار بچے ہیں میں اپنی زندگی ہی میں اپنی ساری زمین اپنے بچوں کو تقسیم کر دوں تو میں اپنے عمل سے بڑے زمیندار سے متوسط درجے اور متوسط درجے سے چھوٹا زمیندار بن سکتا ہوں -

اس کا کیا علاج کیا جائے ۔ اگر میں چالیس فیصدی مالیہ دیتا ہوں اور زمین میں بیٹے کو دیدوں تو وہ بھی بیس کا اور میں بھی بیس کا ہوگیا تو اس طرح سے ہم دونوں exempt ہوگئے ۔ تو یہ Practical Difficulties ہیں ۔ آپ ان کو نہ بھولئے ۔ ہم نے ان امور پر بہت سوچا ہے آخر ہم نے یہ سوچا کہ چلو یہ زراعتی انکم ٹیکس لگانا ہے تو ان چھوٹے زمینداروں کو بچا دیں ۔ غریبوں کے لئے کچھ مدد کریں کہ ۲۵۰ سے جو نیچے ہیں وہ سب زراعتی انکم ٹیکس سے exempt ہیں ۔ تو یہ مدد ہوسکتی تھی اور کیا مدد ہوسکتی ہے ۔ لیکن میں بتاتا ہوں کہ آپ کی تجویز پر عمل اس لئے نہیں ہوتا کہ وہ ناقابل عمل ہے ۔ جیسا کہ میں نے کہا کہ اگر ایک generation مالیہ دیتی ہے اور فرض کیا کہ ایک شخص کی موت کے بعد اس کی وراثت جب اس کے بچوں کو دی جائے گی تو سب ہی چھوٹے زمیندار بن جائیں گے ۔ تو اس حساب سے دوسری generation میں ایک بھی بڑا زمیندار نہیں ہوگا ۔ تو جیسا کہ کہا جاتا ہے کہ مالیہ معاف کر دیا جائے ۔ تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ مالیہ لگانا بند کر دیں ۔ یہ نہیں ہو سکتا ۔ ہم بہت کوشش کرتے ہیں کہ چھوٹے زمینداروں کے ساتھ انصاف کیا جائے لیکن بالکل مالیہ معاف کرنا یہ چیز ناقابل عمل ہے ۔ ایک اور بات رہ گئی جس کو سن کر مجھے دکھ ہوا ۔ حمزہ صاحب نے فرمایا کہ بارڈر لائین پر جو زمینیں دی گئیں وہ غریب سپاہیوں اور حوالداروں کو نہیں دی گئیں اور بڑے بڑے افسران کو دی گئی ہیں تو یہ بات غلط ہے آپ اور ہم زندہ ہیں ۔ ہم خدا کے فضل سے سر اٹھا کر کہہ سکتے ہیں کہ یہ ہماری فوج ہے اور میں کہتا ہوں کہ یہ زمین جو بارڈر پر ہم فوجیوں کو دے رہے ہیں اگر میرا بس چلے تو میں فوجیوں کو اور زمینیں دوں گا ۔ اگر ہماری فوج نہ ہو ہمارا دفاع نہ ہو تو ہندوستان ہم پر چھا جائے ۔ یہ تو آپکی فوج ہی کی وجہ ہے کہ ہندوستان ابھی تک hesitate کر رہا ہے کہ وہ کیا کرے ۔

فوج کو اس نے جمع کیا ہے مگر ہندوستان والے خود بھی ڈرتے ہیں۔ وہ آپ کی اور میری تقریروں سے نہیں ڈرتے - نہ وہ آپ کی گالیوں سے ڈرتے ہیں - اگر کسی نے ہمیں بچایا ہوا ہے - ہمارا دماغ اور ہماری حفاظت کی ہے تو وہ ہماری فوجیں ہیں -

مسٹر حمزہ—پوائنٹ آف آرڈر جناب - انہوں نے کہا ہے کہ میں نے گالیاں دی ہیں - میں نے کسی کو گالیاں نہیں دیں - میں نے اسمبلی میں ایک سوال کا نوٹس دیا تھا کہ مجھے فہرست مہیا کی جائے کہ کتنے افسروں کو سرحدوں پر زمین مہیا کی گئی اور کتنے سپاہیوں کو وہاں پر زمین مہیا کی گئی - مگر حکومت نے مجھے اس کا جواب دینے سے انکار کیا - کیونکہ وہاں زمینیں بڑے بڑے افسروں کو دی گئی تھیں اس لئے وہ اسے چھپانا چاہتے تھے -

Mr. Speaker : This is not a point of order.

وزیر مال—ان کا یہ الزام کہ ہم بڑے بڑے فوجی افسران کی ناجائز رعایت کرتے ہیں اور چھوٹے فوجی افسران کے ساتھ سلوک نہیں کرتے غلط اور بے بنیاد ہے - ہم نے جو کچھ کیا ہے پروگرام کے مطابق کیا ہے - ہم سب کا لحاظ رکھتے ہیں - خواہ وہ چھوٹے ہوں یا بڑے ہوں - افسر ہوں یا سپاہی ہوں - سب کو بارڈر پر زمینیں ملی ہیں - کسی کے ساتھ ناجائز سلوک نہیں کیا گیا - نہ ان کی طرف سے کوئی شکایت ہمارے پاس آئی ہے - آپ کو کیا پتہ ہے کہ ہم کیا انتظامات کر رہے ہیں - سپاہیوں کو کیسے راضی کرتے ہیں - افسروں کو کیسے راضی کرتے ہیں - قبائلیوں کو کیسے راضی کرتے ہیں ہاڑیوں کو کیسے راضی کرتے ہیں جو ملک کا دفاع کرتے ہوئے شہید ہوجاتے ہیں ان کے لئے بھی ہم نے ایک رقبہ مخصوص کر رکھا ہے - جو ریٹائرڈ افسران ہیں یا ہونے والے ہیں ان کی حوصلہ افزائی کے لئے تاکہ ان کے لئے incentive ہو اور افسر دیانتدار ایماندار اور کارگزار ہوں انہیں بھی زمین کی الاٹمنٹ کی جاتی ہے - مگر وہ کہتے ہیں کہ بیراج پر بے انصافی ہو رہی ہے - بارڈر پر بے انصافی ہو رہی ہے - زمینوں کی تقسیم میں بے انصافی ہو رہی

ہے ۔ (مسٹر حمزہ سے) آپ تو سر ہلاتے ہلاتے ہی مر جائیں گے ۔ اور کچھ نہیں ہوگا ۔

اور ایسے افسران جنہوں نے نمایاں خدمات سر انجام دی ہیں ایمانداری سے ان کے لئے بھی زمینیں ریزرو کی ہوئی ہیں ۔ (قطع کلامی) ہمارا کاروان چلتا رہے گا ۔ آپ کہتے رہیں گے ۔

میں آخر میں یہ عرض کروں گا کہ ڈیرہ غازی خان میں دو بڑی سکیمیں ہیں ۔ جنہیں ہم توسیع دے رہے ہیں ۔ اس وسعت کے بعد وہاں نہ صرف پینے کا پانی بلکہ آبپاشی کے لئے بھی پانی مہیا ہو جائے گا ۔ (تالیاں) ۔ اسی طرح کوٹ ادو کی ریلوے لائین بھی بچھائی جا رہی ہے ۔ وہ شکایت بھی رفع ہو جائے گی ۔ باقی چھوٹی چھوٹی باتیں ہیں ۔ میں نے وہ سب نوٹ کر لی ہیں ۔ کاش میرے پاس وقت ہوتا اور حمزہ صاحب میرے راستہ میں حائل نہ ہوتے ۔ بہرحال میں نے وہ سب باتیں نوٹ کر لی ہیں ۔ ٹیوب ویل اور واٹر سپلائی کی ۔ اور یوسف صاحب نے جو فرمایا تھا حروف کو اعداد میں تبدیل کرنے کے متعلق ۔ اور انتقال پر انگوٹھا کے متعلق ۔ اور بہت سی باتیں جو ری ہیبلیٹیشن کے متعلق لوگوں کی ہیں ۔ وہ سب میں نے نوٹ کر لی ہیں ۔ آپ لوگ دعا کریں ۔ حمزہ صاحب کی باتوں کا خیال نہ کریں ۔ انشاء اللہ سب کچھ ہو جائے گا ۔ (تالیاں) ۔

Mr. Speaker : I will now put the cut motion. The question is—

That the total of Rs 2,84,82,440 on account of 7 - Land Revenue—Total Other Expenditure—Other than New Expenditure be reduced by Rs. 100.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Before I adjourn the House, I want to make one announcement that we are having one lecture on financal procédure at 6-30 p.m. and Members are requested to attend it punctually.

The House is adjourned to meet tomorrow at 8.00 a.m.

The Assembly then adjourned till 8.00 a. m. on Friday, the 25th June, 1965.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FIRST SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Friday, the 25th June, 1965

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8·00 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain, Siddiqi, (Qari of the Assembly) and its translation

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ ۖ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ ۖ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ ۚ فَإِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۚ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ۝ إِنْ يَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۖ وَإِنْ يَّخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ بَعْدِهٖ ۗ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَّغُلَّ ۚ وَمَنْ يَّغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝

پ ۴- س ۳- ع ۸- آیات ۱۵۹ تا ۱۶۱

(اے پیغمبر) اللہ کی مہربانی سے تمہاری افتادِ مزاج ان لوگوں کے لئے نرم واقع ہوئی ہے اور اگر تم بدخو اور سخت دل ہوتے تو یہ تمہارے پاس سے بھاگ کھڑے ہوتے پس انکو معاف کردو اور اُن کے لئے (اللہ سے) مغفرت مانگو اور اپنے کاموں میں اُن سے مشورہ کرلیا کرو اور جب کسی کام کا پکا ارادہ کرلو تو اللہ پر بھروسہ رکھو بیشک اللہ بھروسہ رکھنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ اور اگر اللہ تمہاری مدد کرے تو تم پر کوئی غالب نہیں آسکتا اور اگر وہ تمہیں چھوڑ دے تو پھر کون ہے کہ تمہاری مدد کرے اور مسلمانوں کو تو چاہیئے کہ اللہ ہی پر بھروسہ رکھیں۔ اور یہ کبھی نہیں ہوسکتا کہ (پیغمبر خدا) خیانت کریں۔ اور خیانت کرنے والے لوگوں کو قیامت کے دن خیانت کی ہوئی چیز لا حاضر کرنی ہوگی۔ پھر ہر شخص کو اس کے اعمال کا پورا پورا بدلا دیا جائے گا۔ اور ان کے ساتھ بے انصافی نہیں کی جائے گی۔

وَمَا عَلَيْنَا إِلَّا الْبَلَاغُ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS.

Mr. Speaker: Now the Question Hour. Khan Ajoon Khan Jadoon.

METALLED ROADS FROM JEHANGIRA TO TOPI VIA SAWABI, FROM MARDAN TO SAWABI AND FROM KUDA TO TOPI.

*7. **Khan Ajoon Khan Jadoon:** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state:—

(*a*) the width of the following metalled roads :

(i) from Jehangira to Topi *via* Sawabi,

(ii) from Mardan to Sawabi and

(iii) from Kuda to Topi;

(*b*) whether it is a fact that Vehicular Traffic on the said roads has increased tremendously during the last 15 years;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative. whether there is any scheme for widening the said roads during the 3rd five year plan, if so, the estimated amount allocated for the purpose ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون)۔(الف) ان سڑکوں کی پختہ چوڑائی مندرجہ ذیل ہے ۔

(i) جہانگیرا صوابی روڈ ۔ 10' تا 12'

ٹوپی صوابی روڈ ۔ 12'

(ii) مردان صوابی روڈ ۔ 12'

(iii) کھڈا (امبر) ٹوپی روڈ ۔ 12'

(ب) جی ہاں

(ج) جی نہیں

خان اجون خان جدون۔کیا وہ سڑک کی چوڑائی بتا رہے ہیں یا black top کی ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری--یہ black top کی چوڑائی ہے ۔

خان اجون خان جدون--انہوں نے فرمایا ہے کہ کوئی ایسی پلین نہیں ہے کہ ان سڑکوں کو چوڑا کیا جائے ۔ جزو (ب) کے جواب میں انہوں نے کہا ہے کہ وہاں ٹریفک بڑھ گیا ہے ۔ اگر ایسا ہے تو انہیں چوڑا کرنے کے لئے رقم مخصوص کرنی چاہئے ۔

وزیر مواصلات--جناب والا ۔ اس وقت وہاں کے لئے رقم کا تعین ممکن نہیں ہے ۔ مگر میں ان سے وعدہ کرتا ہوں کہ ان سڑکوں پر خرچ کیا جائے گا ۔ اگر حالات بہتر ہو گئے تو جتنی وہاں کی اہم سڑکیں ہیں انہیں ہم اس سال کے بعد اپنے منصوبہ میں شامل کر لیں گے ۔

مسٹر سپیکر -- اگلا سوال ۔

SCHEME FOR CONSTRUCTION OF BRIDGES OR CULVERTS ON SAWABI TOPI ROADS

*8. **Khan Ajoon Khan Jadoon** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state: —

(*a*) whether it is a fact that there are two narrow steep slopes near Babu Kanda and village Baja on Swabi Topi Roads;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether there is any scheme for construction of bridges or culverts at the said places; if so, the estimated cost thereof?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون)--(الف) جواب اثبات میں ہے ۔

(ب) موضع باجہ کے قریب صوابی ٹوپی سڑک میں موجودہ ڈھلوان کی جگہ پر سال ۱۹۶۵-۶۶ کے اندر مبلغ -/۳۰۰، روپیہ کی لاگت سے ایک آٹھ فٹ چوڑا پل تعمیر کر دیا جائے گا۔ صوابی ٹوپی روڈ میں بابو خاور ڈھلوان کی اصلاح پر مبلغ -/۱۵۰۰۰ روپیہ خرچ آئے گا۔ اور یہ کام مالی سال ۱۹۶۶-۶۷ میں انجام دیا جائے گا۔

خان اجون خان جدون ــ صوابی ٹوپی روڈ کے درمیان بابو کنڈا اور باجا کے مقامات پر سڑک کی اصلاح کے لئے جو پندرہ ہزار روپیہ رکھا گیا ہے آیا آپ وہاں پل تعمیر کریں گے۔ یا culverts تعمیر کریں گے۔

وزیر مواصلات (مسٹر محمد خان جینجو) ۔ وہاں culverts بنائے جائیں گے۔

— —

PROVISION AND EXPENDITURE OF FUNDS FOR THE SATELLITE TOWNS DURING THE 5 YEARS PLAN

*11. **Khan Ajoon Khan Jadoon** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state the total amount (i) provided for and (ii) spent on construction of each Satellite towns in West Pakistan during the 2nd Five Year Plan and further amount proposed to be spent on each of them during the 3rd Five Year Plan ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) ۔

(اول) دوسرے پنجسالہ منصوبہ کے دوران ۱۱۳۰۹۰۰ لاکھ روپے روپے برائے اضافی بستیاں مندرجہ مشمولہ جدول ''الف،، مختص کیا گیا تھا۔ جس میں سے ۹۱۵۰۷۷ لاکھ روپے خرچ کرنے کی اجازت دی گئی تھی۔

(دوم) ۳۸۱۴۲۲ لاکھ روپے دوسرے پنجسالہ منصوبہ میں مندرجہ مشمولہ جدول ''الف،،* مضافاتی بستیوں کی تکمیل پر خرچ کئے گئے

۱۴۳۶۰۷۰ لاکھ روپے (۹۴۶۰۷۰ لاکھ روپے برائے جاریہ سکیموں اور ۴۹۰۰۰ لاکھ روپے برائے نئی سکیموں) تیسرے پنجسالہ منصوبہ کے دوران مخصوص کئے گئے ہیں ۔ سکیموں کی تفصیلات مشمولہ جدول "الف"* میں مندرج ہیں ۔

خان اجون خان جدون—جناب والا ۔ جو فہرست دی گئی ہے ۔ اور جو پچھلے پنجسالہ منصوبے میں اخراجات آئے ہیں ۔ ان میں ۳۴ سکیمیں مرتب کی گئی ہیں ۔ اور ان میں سے سابق صوبہ سرحد کے لئے کوئی بھی سکیم مرتب نہیں کی گئی تھی ۔ ایک تو یہ بتائیں ۔ کہ سابق صوبہ سرحد سے یہ بے انصافی کیوں کی گئی ہے ۔

وزیر مواصلات (مسٹر محمد خان جینجو)—جہانتک sattelite ٹاؤن کا تعلق ہے ۔ پہلے ہم ان شہروں کو priority دیتے ہیں ۔ جہاں displaced persons زیادہ آباد ہوں ۔ اور ان شہروں میں جس قدر displaced persons ہوں ۔ ان کو priority دی جاتی ہے ۔ تو ان شہروں میں کراچی ، لاہور ، لائل پور ، حیدرآباد اور سکھر آتے ہیں ۔ جتنے بھی affected cities important تھے ۔ جہاں زیادہ لوگ بے گھر تھے انکو ہم نے اس میں شامل کیا ہے ۔ اور جہاں تک سابقہ صوبہ سرحد کا تعلق ہے ۔ ہم نے تیسرے پنجسالہ منصوبے میں پشاور کو بھی شامل کیا ہے ۔ اور اس کے علاوہ دوسرے علاقوں کو بھی due priority دی جائیگی ۔

خان اجون خان جدون—یہ تو صحیح ہے کہ آپ کے محکمے نے پشاور کے ساتھ دوسرے پنجسالہ منصوبے میں قطعی ناانصافی کی ہے لیکن پشاور ۔ مردان ۔ کوہاٹ اور بنوں سب ہی ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہیں ۔ ان میں بھی مکانات کی بہت قلت ہے ۔ اب ہمیں صرف دو

*Please see Appendix I at the end.

سکیمیں دی گئی ھیں ۔ اور وہ بھی پشاور اور ایبٹ آباد کے لئے ۔ آپ اس ناانصافی کا ازالہ کریں ۔ اور مردان ۔ کوھاٹ اور بنوں کے لئے بھی کوئی سکیم اس میں شامل کریں ۔ کیا آپ ایسا کر سکیں گے ۔

وزیر مواصلات۔۔دیکھئے میں آپ کو displaced persons کی فہرست دے رہا ھوں ۔ اس سے آپ اندازہ لگائیں ۔ کہ اس کی ضرورت سابقہ پنجاب ۔ سندھ ۔ فرنٹئر یا کراچی میں ھے ۔ کہ نہیں ۔ اس کے بعد آپ خود ھی convince ھو جائیں گے ۔ کہ زیادہ ضرورت وھاں پر ھے ۔ اس کے بعد جہاں بھی ضرورت ھوگی ۔ ھم وھاں پر بھی دیں گے ۔

Khan Muhammad Yusuf Khan : Is it a fact that satellite towns schemes have open places for recreation of the people ?

Minister of Communications and Works : Yes, some of them have. It is planned out.

Khan Muhammad Yusuf Khan : Is it a fact that those places are being allotted to officials and non-officials ?

Minister of Communications and Works : Nothing is brought to my notice. If he will bring it to my notice, I will certainly look into it.

Qazi Muhammad Azam Abbasi : Is there any satellite scheme for Hyderabad in the 3rd year plan ?

Minister of Communications and Works : This is a new question and I want notice for it.

خان اجون خان جدون۔۔وزیر مواصلات نے اس بات پر زور دیا ھے ۔ کہ اس سکیم کا مقصد صرف مہاجرین کو accommodate کرنا ھے ۔ لیکن کیا آپ یہ حقیقت میں فرما رھے ھیں ۔ حقیقت تو یہ ھے ۔ کہ جن شہروں میں مکانوں کی قلت ھے ۔ وھاں پر sattelite town تعمیر کریں ۔ صرف مہاجرین کے لئے تو نہیں ھوتے ۔

وزیر مواصلات—یہ بھی حقیقت ہے ۔ لیکن زیادہ priority ہم وہاں پر دیتے ہیں ۔ جہاں مہاجرین ہوں ۔ ان کے پاس مکانات نہ ہوں ۔ تو انکو مہیا کریں ۔

TAKING OVER OF THE ROAD RUNNING FROM NAWANKALI TO PARMOLI IN TEHSIL SAWABI BY GOVERNMENT

*12. **Khan Ajoon Khan Jadoon**: Will the Minister of Communications and Works be pleased to state whether there is any Scheme for the taking over of the road running from Nawankali to Parmoli in Tehsil Sawabi, District Mardan from the District Council during the Third Five Year Plan?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون)—جی نہیں ۔ ایسی کوئی تجویز نہیں ہے ۔ حکومت کی پالیسی تو یہ ہے کہ ضلعی کونسلوں کی حوصلہ افزائی کی جائے کہ وہ مقامی اہمیت کی سڑکوں کی نگہداشت خود کریں ۔

خان اجون خان جدون—آپ یہ سڑکیں ڈسٹرکٹ کونسل کے حوالے کر تو رہے ہیں ۔ لیکن میں آپ کو ایک پرانی تجویز بھی یاد دلاؤں ۔ کیا آپ نے ڈسٹرکٹ کونسلوں کو روڈ رولر بھی مہیا کئے ہیں ۔

وزیر مواصلات—جی ہاں ۔

FRAMING OF RULES FOR RECRUITMENT TO CLASS I AND CLASS II SERVICES AND POSTS IN B. & R. DEPARTMENT

*13. **Khan Ajoon Khan Jadoon**: Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether any rules for recruitment to Class I and II Services and Posts in the Buildings and Roads Department have been framed after Integration ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the negative whether any circular containing Government Policy on the subject has been issued and if so, whether a copy of it would be placed on the Table of the Assembly ;

(*c*) the Region-wise number of Class I and Class II posts in the said Department on 30th November, 1964 ;

(*d*) whether any of the officers in Class I and Class II in the abovesaid Department have been reverted during the period from 1st June 1964 to 30th November 1964 if so, their names and reasons for reversion of each of the said officers ?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon) : (*a*) No.

(*b*) Pending finalization of the rules, the recruitment to Class I and Class II Services & posts in the B & R Department are being made in accordance with the S & GAD's circular letters Nos. (1) 871-Integ-55/4471, dated 25th November 1955 and (2) S.O. XIX-Misc. 1/62, dated 16th April, 1963, copies of which placed on the Table of the Assembly.*

(*c*) The region-wise number of Class I and Class II posts in the B & R Department (Civil as well as E & M) on 30th November, 1964 are as under :—

	Northern *Region.*	Central *Region.*	Eastern *Region.*	Southern *Region.*	Western *Region*
Class I	13	26	16	22	14
Class II	20	60	27	64	28

(*d*)—(*i*) No officer in Class I in the above said Department has been reverted during the period from 1st June 1964 to 30th November, 1964.

It may, however, be mentioned here that orders reverting two Temporary Assistant Engineers belonging to Northern Region, viz. M/s Amanullah Khan ikandari and Muhammad Rafiq Khan, who had been promoted as Officiating Executive Engineers provisionally were issued during the said period These officers were not Class I officers but were promoted to officiate against the posts of Executive Engineer (which is a Class I post) on an ad-hoc basis. Since they had been promoted in excess of the number admissible for the Northern Region in accordance with the policy laid down by the S & GAD in their circular letter No. S. O. XIX. Misc. 1/62, date 16-4-1963, orders for their reversion were issuad. The reversion orders have, however, not been implemented due to an ad-interim stay order issued by the High Court of West Pakistan, Peshawar Bench.

---

*Please see Appendix II at the end.

(i)–(ii) No officer in Class II was reverted during the period from 1-6-1964 to 30-11-1964.

It may, however, be mentioned that three Overseers viz. M/s Muhammad Jamil, Muhammad Sadiq and Muzaffar Hussain Shah, who were promoted as Officiating Sub-Divisional Officers (E & M), were reverted during the period in question. These officers were also not Class II officers but were promoted to officiate against the Class II posts on purely temporary basis and were liable to reversion at any time without any notice or on the availability of qualified Engineers. Since qualified Temporary Assistant Engineers became available on completion of their training, M/s Muhammad Jamil and Muzaffar Hussain Shah were reverted to accommodate them and Mr. Muhammad Sadiq who was junior deputation to the Public Health Engineering Department was also reverted.

خان اجون خان جدون---اس کا جواب بڑا لمبا ہے ۔ اور مجھے پڑھنے کا موقع ہی نہیں ملا ۔

Mr. Speaker : We will take up this question last of all.

BRIDGE ON RIVER RAVI AT LAHORE

*21. **Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state whether it is a fact that the only Bridge on River Ravi at Lahore is not wide enough to cope with the heavy traffic on it; if so, whether there is any schemes for the construction of another bridge over the river; if so, the details thereof?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون)---جی ہاں ۔ لاہور کے قریب راوی کا پل چوڑا نہیں ہے ۔ اور موجودہ بھاری ٹریفک کی ضروریات کے لئے ناکافی ہے ۔

دریائے راوی پر لاہور کے قریب نئے پل کی تعمیر جس پر تقریباً ایک کروڑ چوالیس لاکھ روپے خرچ آئے گا ۔ ماہ اکتوبر ۔ نومبر ۱۹۶۵ء میں شروع ہونے کا امکان ہے ۔ یہ پل مناسب چوڑائی کا ہوگا ۔ اس کی تعمیر کا کام شروع ہونے کے قریباً تین سال کے اندر مکمل ہو جائے گا ۔

CONSTRUCTION OF MORE BRIDGES ON OLD RAVI OUTSIDE TEXALI GATE LAHORE

*22. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there is very heavy traffic on the Old Ravi Bridge outside Texali Gate, Lahore ;

(*b*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, whether Government intend to construct two more bridges at the site for incoming and outgoing traffic ; if so, details thereof ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون)۔۔(الف) جواب اثبات میں ہے ۔

(ب) جی ہاں ۔ ان پلوں کی تعمیر لاہور تا راولپنڈی شاہراہ کو چوڑا کرنے کی بڑی سکیم کا ایک حصہ ہوگی جس کے لئے تیسرے پانچ سالہ منصوبہ میں ۴۵ لاکھ اور ۶۶ - ۱۹۶۵ کے سالانہ ترقیاتی منصوبہ میں ۱۵ لاکھ روپے کی رقم مخصوص کی گئی ہے ۔

Qazi Muhammad Azam Abbasi : When will this work be started ?

Minister of Communications and Works : This year.

CONSTRUCTION OF OVER BRIDGE ON RAILWAY LEVEL CROSSING ON ATOBAN ROAD, HYDERABAD

*48. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there is a Railway Level Crossing on Atoban Road in Hyderabad ;

(*b*) whether it is a fact that all the traffic from Latifabad to other parts of Hyderabad and Kotri Pass through the said level crossing ;

(*c*) whether it is a fact that the said level crossing remains close most of the time due to heavy railway traffic which causes great inconvenience to the road traffic and general public ;

(*d*) if answer to (*b*) and (*c*) above be in the affirmative, whether Government intend to construct an over bridge on the said Railway level

crossing ; if so, (*i*) estimated cost thereof, (*ii*) the time by which the said over bridge is likely to be constructed ?

Minister of Railways (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : (*a*) No. There is no railway level crossing on Autobahn Road in Hyderabad. There is, however, a level crossing on Latifabad Hyderabad road at mile 112/4-5 between Hyderabad and Kotri stations know as Latifabad level crossing.

(*b*) No. The road traffic from Latifabad to other parts of Hyderabad passes through the said level crossing as also through the subway at mile 110/20 between Hyderabad and Kotri stations. On the other hand the traffic from Latifabad to Kotri does not have to pass through the said level crossing or the sub-way. Such traffic passes over the direct road available between the two towns and this road does not cross the railway line.

(*c*) No. The level crossing is only closed for 5 to 10 minutes at a time for the passage of each train. About 50 trains pass over the level crossing which, therefore, remains closed to road traffic for an aggregate period of about 6 hours during the 24 hours of a day. To facilitate clearance of road traffic speedily the level crossing has been widened to 40 ft. and fitted with lifting barriers.

(*d*) The answers to (*b*) and (*c*) not being in the affirmative, the question of constructing a road over bridge on the said level crossing does not arise. Justification for such overbridge will further lose force when the road overbridge under construction near Kali level crossing at Hyderabad at an estimated cost of Rs. 36·5 lac which is at a distance of only 7 furlongs from Latifabad level crossing is completed. This overbridge will provide an unobstructed route for road traffic to and from Hyderabad.

Kazi Muhammad Azam Abbasi : Sir, is it a fact that half of the amount which has been given for Kali Bridge by the Municipal Committee is lying with the Railway Department since nine months ?

وزیر ریلوے—جناب والا - یہ بہت جلد مکمل ہو جائے گا -
اس کا صحیح estimate ۳۶۰۵ ہے - اس پر کام شروع ہو رہا ہے -

Kazi Muhammad Azam Abbasi : Sir, my question is whether this amount is lying with the Railways Department since nine months ?

Minister of Railways : I need fresh notice for this.

Kazi Muhammad Azam Abbasi : Whether it is a fact that the work has not yet been started.

وزیر ریلوے---اس کا سروے ہو چکا ہے - کام بڑی جلدی ہو جائے گا -

Kazi Muhammad Azam Abbasi : I want to know how much time it will take to complete construction of the Kali road bridge ?

وزیر ریلوے---جناب والا - میرا خیال ہے آئندہ سال میں مکمل ہو جائے گا - کوشش تو یہی ہے -

---

INCREASE IN NUMBER OF INQUIRY CLERKS AND TELEPHONE SETS IN THE INQUIRY OFFICE OF LAHORE RAILWAY STATION

*49. **Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) the number of (*i*) Inquiry Clerks and (*ii*) Telephone sets operating in the Inquiry Office of Railway Station, Lahore in January 1947 and May, 1965, separately ;

(*b*) whether it is a fact that the present staff in the said office is not in a position to cope with the number of inquiries now made with the result that the passengers cannot obtain the information in reasonable time ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, whether Government intend to increase the number of Inquiry Clerks and Telephone sets in the said Enquiry office ?

Minister for Railways : (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : (*a*) Information called for is furnished below :—

		January 1947	*May* 1965
(1) Enquiry Clerks Grade III	...	5	5
(2) Enquiry Clerks Grade II	...	2	9
(3) Telephone sets operating in Enquiry Office, Lahore	...	1	2

(*b*) No. The existing strength of staff is adequate to cope with the number of enquiries made by the public on phone or otherwise.

(*c*) In view of the answer to (*b*) above, the question of increasing the number of Enquiry Clerks does not arise, An additional telephone set is, however, being provided.

RUNNING OF DIRECT TRAIN BETWEEN LAHORE AND SARGODHA

*50. **Kazi Muhammad Azam Abbasi:** Will the Minister of Railways be pleased to state whether it is a fact that there is no direct rail service bteween Lahore and Sargodha between 3-45 a. m. to 3-45 p. m. if so, reasons therefor and whether there is any proposal for running of train between the said hours?

(ب) ۱۹۵۳ء میں کمرشل برانچ میں ۲۵۱ درجہ سوئم کے ملازمین کام کرتے تھے جب کہ ۱۹۶۵ء میں ان کی تعداد ۳۱۵ ہے ۔ آپریٹنگ برانچ میں یہ تعداد ۱۸۰ تھی جب کہ ۱۹۶۵ء میں یہ تعداد ۲۵۸ ہو گئی ہے ۔ سٹورس برانچ میں ۱۹۵۳ء میں درجہ سوئم کے ملازمین ۱۰۱ تھے جب کہ ۱۹۶۵ء میں یہ تعداد ۲۹۲ ہو گئی ۔ اسی طرح انجینئرنگ برانچ میں سٹاف کی تعداد ۱۹۵۳ء میں ۲۷۴ تھی جب کہ ۱۹۶۵ء میں یہ ۳۱۹ ہے ۔

(ج) ترخنامہ اور ڈیولپمنٹ برانچوں کے سٹاف کی ذمہ داریاں مندرجہ ذیل امور پر مشتمل ہیں ۔

(۱) تمام امور جو ریلوے کی بچت سے متعلق ہوں ۔

(۲) ریل اور سڑک کا مقابلہ ۔

(۳) ریل اور سڑک کے تعلق کی استواری ۔

(۴) سڑک کے ٹریفک کے اعداد و شمار مہیا کرنا ۔

(۵) سٹی بکنگ اور اوٹ ایجنسیز ۔

(۶) مشہور سٹیشنوں پر تاجروں کے ساتھ میٹنگ کرنا ۔

(۷) راستہ میں دیر ۔

(۸) گاڑیوں کے اوقات میں تبدیلی کے لئے تجاویز جو عوام کی ضروریات کے مطابق ہوں ۔

(۹) ٹریفک اور آمدنی میں اتار چڑھاؤ کی وجوہات معلوم کرنا ۔

(۱۰) ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹیوں سے موصول شدہ ایجنڈا کے بارے میں معلومات مہیا کرنا ۔

(۱۱) نئی ریلوے لائنوں کے بنانے کے لئے ٹریفک کی معلومات مہیا کرنا ۔

(۱۲) میلہ اور دوسرے اجتماعوں کے ٹریفک کے لئے تجاویز دینا ۔

کرایہ اور ترخنامہ کے انسپکٹروں کی ذمہ داری مندرجہ ذیل امور پر مشتمل ہے ۔

(۱) ان درخواستوں پر معلومات بہم پہونچانا جو کرایہ یا نرخ میں کمی کے لئے پیش کی گئی ہوں اور جن میں کوئی مقابلہ موجود نہ ہو اور جو ٹریفک بیرون ملک بھیجی جانی والی اشیا سے متعلق ہے ۔

(۲) ویگنوں کے فرش کے رقبہ یا حجم کے متعلق نرخ لگانے والے امور سے متعلق ہوں ۔

(۳) سٹیشنوں پر نرخنامہ کے رجسٹروں کی آخری چیکنگ ۔

(۴) سامان کی درجہ بندی کے متعلقہ امور پر دیکھ بھال ۔

(۵) سٹیشنوں پر متعلقہ عملہ کو کرایہ اور نرخنامہ کے متعلق مناسب رہنمائی کرنا ۔

(۶) ریلوے کی آمد کو ضائع ہونے سے بچانے کے لئے سٹیشنوں پر کچھ آمد اور روانگی کے لئے پیش کردہ مال کو چیک کرنا اور اس کے بارے میں سٹاف کی غلطیوں کو دور کرنے کے لئے مناسب ذرائع تجویز کرنا ۔

(۷) مال کی فوری ترسیل کے لئے موقع پر پیش کردہ مال کو جس کی درجہ بندی ۔ بناوٹ یا وزن کے بارے میں جھگڑا ہو موقع پر ملاحظہ کرنا اور اس بارے میں مناسب ذرائع اختیار کرنا ۔

(۸) مخصوص شدہ جگہ کے مناسب استعمال کو چیک کرنا ۔

(۹) سٹیشنوں پر رعایتی حکم ناموں کو چیک کرنا ۔

نرخنامہ اور ڈیولپمنٹ کے انسپکٹروں کے متعلقہ بالا فرائض کے پیش نظر ان دونوں قسم کے انسپکٹروں کے فرائض یکساں نہیں ہیں ۔

لہذا تمام قسم کے کام کی دیکھ بھال کے لئے دو مختلف شعبوں کے سٹاف کی ضرورت ہے ۔

Mr. Speaker : Has the Member received a copy of the reply ?

Malik Muhammad Akhtar : No Sir.

مسٹر سپیکر۔۔وہ سوالات جن کے جوابات اس printed book میں نہیں چھپتے ان کو ہر محکمہ کی طرف سے فاضل ممبر کی سیٹ پر رکھ دیا جاتا ہے تاکہ اس کو وہ دیکھ لیں اور کوئی سپلیمنٹری سوال کرنا چاہیں تو کرلیں ۔ لہذا اگر آپ سپلیمنٹری سوال کرنا چاہتے ہوں تو کر لیں ۔

Malik Muhammad Akhtar : It is not possible to put supplementaries in the absence of the reply. It should have been supplied to me. Any how I have no objection it can be sent to me in due course.

خواجہ محمد صفدر۔۔جناب اب وقت بھی ختم ہو گیا ہے ۔

Mr. Speaker : The Question Hour is over.

میں فاضل وزراء اور پارلیمانی سیکریٹری صاحبان کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ جن سوالات کے جوابات ایوان میں نہیں دئیے گئے وہ ایوان کی میز پر رکھ دئیے جائیں تاکہ جن سوالات کے جوابات آ گئے ہوں وہ فاضل ممبر یہاں سے دیکھ سکیں ۔

SUPPLEMENTARIES TO STARRED QUESTION NO. 13

مسٹر سپیکر۔۔خان اجون خان جدون سوال نمبر ۱۳ پر کوئی سپلیمنٹری کرنا چاہتے تھے اگر وہ چاہیں تو سپلیمنٹری کر سکتے ہیں ۔

خان اجون خان جدون۔۔جناب ''سی'' کا جو جواب آپ نے دیا ہے اس کے پیش نظر کلاس (۱) اور کلاس (۲) افسران کے

بارے میں آپ نے ریجن وائز جو لسٹ دی ہے اس سلسلے میں کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ ان میں کیا وہ افسر بھی شامل ہیں جو پبلک ہیلتھ میں کام کر رہے تھے ۔

Minister of Communications and Works: Actually I cannot give reply to that کیونکہ Originally وہ ہمارے ساتھ ہوتے ہیں اور ہم ہی ان کو Deputation پر بھیجتے ہیں ۔ اب Separate کالم بنانے کے لئے ان کے کاغذات چل رہے ہیں ۔

خان اجون خان جدون—میں عرض کرتا ہوں کہ آپکے رولز بہت پیچیدہ ہیں ان کی Terms and Conditions کیا ہیں کیا وہ ویسٹ پاکستان کے Cadre پر ہیں ۔ سرکولر آپکا ۲۵-۱۱-۵۵ کے سرکولر کے مطابق ہے اور اس پر ہائی کورٹ کے فیصلے بھی موجود ہیں ۔ تو اس پیچیدگی کو آپ کب ختم کریں گے ؟ پھر حصہ ڈی میں انہوں نے فرمایا ہے کہ صرف دو افسروں کو Revert کیا گیا ہے یعنی کلاس ۱ افسروں کو مثلاً امان اللہ خان سکندری اور رفیق کو ۔ اس کی وجہ آپ یہ بتاتے ہیں کہ ۱۶-۴-۶۳ کے سرکولر کی پالیسی کے مطابق یہ کارروائی کی گئی ہے ۔

وزیر مواصلات (مسٹر محمد خان جنیجو)—جناب اس وقت کے جو رولز تھے اس کے تحت ترقیاں ہوتی رہی ہیں ۔ صرف اس کے بعد اپریل ۱۶ سن ۱۹۶۳ء کو ایک اور سرکولر نکلا کہ اب جتنی بھی ترقیاں ہونی ہیں وہ اس کے مطابق ہونی چاہئیں کیونکہ جب وہ سرکولر الگ ہے تو ان کے افسران کو Revert ہونا پڑا ۔ اب ہوا یہ ہے کہ جتنی بھی کلاس ۱ کی ترقیاں ہیں وہ ریجنل Cadre پر آئندہ ہونگی ۔ اس لئے ان کو Revert ہونا پڑا ۔ اور جتنی کلاس ۱ کی پوسٹیں ہیں وہ Regional Cadre پر ہیں ۔

خان اجون خان جدون۔۔۔ابھی تک Zonal Sub cadre تو نہیں بنا تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا آپ نے Zonal Sub-cadre بنا دئیے ہیں ؟

وزیر مواصلات۔۔۔جی ہاں بنا دیئے ہیں ۔

ANSWERS TO STARRED QUESTIONS LAID ON THE TABLE

AMENITES TO TRAVELLING PUBLIC OF LAHORE DIVISION

*417. **Malik Muhammad Akthar :** Will the Minister of Railways be pleased to state the amounts earmarked in the Third Five Year Plan for providing amenitis to travelling public of Lahore Division ?

وزیر ریلوے (ملک بھ حیات خان تمن)۔۔۔مبلغ ۳۶۴۳۵ لاکھ روپیہ کی رقم تیسرے پنج سالہ منصوبے میں پاکستان ویسٹرن ریلوے کے لاہور ڈویژن میں تیسرے درجے کے مسافروں کو سہولتیں بہم پہنچانے کے لئے مختص کی گئی ہے ۔

REDUCTION OF OFFICERS AND SUBORDINATES STAFF IN KARACHI DIVISION

*418. **Malik Muhammad Akhtar :** Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) the length of broad gauge line under the jurisdiction of Karachi Division at present and prior to the opening of Sukkur Division ;

(*b*) whether any reduction has been made in the number of officers and subordinate staff in Karachi Division as a result of reduction in the working miles of the said Division and, if so, category wise detail thereof ;

(*c*) whether it is a fact that the number of Commercial Inspectors in the said Division has not been reduced although some Inspectors have under their charge only 6 stations to lookafter ?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان ٹمن)۔(الف) موجودہ کراچی ڈویژن کی بڑی لائن کی لمبائی ۳۵۸٫۵۲ میل ہے جب کہ سکھر ڈویژن کھلنے سے پیشتر اس کی لمبائی ۸۱۱٫۴۱۷ میل تھی۔

(ب) جی ہاں۔ ۱۱ افسران اور ۸۰۴۲ ماتحت ملازمین کی کمی کر دی گئی ہے جس کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔*

(ج) جی نہیں۔ سکھر ڈویژن کھلنے پر کراچی ڈویژن کے کمرشل انسپکٹروں کی تعداد میں کمی کرکے ۵ کی بجائے چار کر دی گئی ہے۔ یہ حقیقت نہیں ہے کہ ان میں سے کچھ کے چارج میں صرف ۶ سٹیشن ہیں۔

KARACHI CIRCULAR RAILWAY

*419 **Malik Muhammad Akhtar :** Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) the total expenditure incurred on the Karachi Circular Railway ;

(*b*) the total income so far derived from booking of passengers, parcels and goods, separately at the said Railway ;

(*c*) whether the actual return from the said railway is the same as was anticipated under the scheme ; if not, difference between them ?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان ٹمن)۔(الف) خالص خرچ جو کراچی سرکلر ریلوے پر مئی ۱۹۶۵ء کے آخر تک ہوا وہ ۔ ۲٬۸۱٬۱۸٬۰۶۹ روپے ہے۔

---

*Please see Appendix V at the end.

(ب) کل آمدنی جو نومبر ۱۹۶۴ء سے جب یہ لائن کھولی گئی تھی مئی ۱۹۶۵ء تک مسافروں کی بکنگ ، پارسل اور گڈز ٹریفک سے اس لائن پر ہوئی مندرجہ ذیل ہے ۔

مسافر	۸۰۸۷۴۴۳۶	روپے
گڈز	۳۶۶۱۶۲۰۶۷۴	روپے
پارسل اور سامان	۱۹۴۲۶۴۱۱	روپے
ٹوٹل ۔	۳۷۶۱۹۲۱۶۳۱	روپے

یہ آمدنی ظاہر کرتی ہے کہ منافع اندازہ کئے گئے منافع سے زیادہ ہوگا ۔

(ج) کسی بھی سکیم برائے تعمیر نئی ریلوے لائن کا منافع صرف شدہ سرمائے پر اس سکیم کے مالی جواز کیلئے اس آمدنی پر کیا جاتا ہے جو چھٹے سال میں ہو ۔ لہذا ابھی وہ موقع نہیں آیا جس سے ہم اصل آمدنی اور اندازاً آمدنی کا موازنہ برائے مالی جواز کرسکیں ۔ یہ ریلوے لائن نومبر ۱۹۶۴ء میں ہر قسم کے ٹریفک کیلئے کھولی گئی ہے ۔ اور جو آمدنی اس وقت ہو رہی ہے اس سے اندازہ کرتے ہوئے ظاہر ہوتا ہے کہ کھلنے کے چھ سال بعد خالص آمد اندازاً کی گئی خالص آمد سے کافی حد تک بڑھ جائے گی ۔

STRENGTH OF SPECIAL TICKET EXAMINERS

*420. **Malik Muhammad Akhtar** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) the division-wise total strength of Special Ticket Examiners, (*i*) on the entire railway, (*ii*) in the Railway Headquarters office and (*iii*) in the Accounts Wing of the Railway Administration ;

(*b*) whether it is a fact that there is only one Divisional Special Ticket Examiner in each Division, and there are two Inspectors in the Headquaters office and three Inspectors in the Accounts Wing ; if so, reasons for having three Divisional Inspectors in the Accounts Wing ?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خاں تمن)۔(الف) سپیشل ٹکٹ ایگزامینر کی ریلوے پر ڈویژنوں کے مطابق تعداد اور ایسی آسامیوں کی تعداد جو ہیڈ کوارٹر دفتر اور اکاؤنٹس دفتر میں ہیں مندرجہ ذیل ہیں ۔

(۱) (اے) لاہور ڈویژن	۱۶۱
(بی) راولپنڈی ڈویژن	۱۰۳
(سی) ملتان ڈویژن	۱۲۲
(ڈی) سکھر ڈویژن	۷۷
(ای) کوئٹہ ڈویژن	۲۸
(ایف) کراچی ڈویژن	۱۱۳
(۲) ہیڈ کوارٹر دفتر	۲۹
(۳) اکاؤنٹس دفتر	۲۷

(ب) جی ہاں ۔ ٹکٹ ایگزامینروں کی دو مستقل آسامیاں اکاؤنٹس دفتر میں ہیں جو کہ ریلوے کو صوبوں کی تحویل میں دینے کی وجہ سے پاکستان ایسٹرن ریلوے کے اکاؤنٹس دفتر میں سے ایک مستقل انسپکٹر کے پاکستان ویسٹرن ریلوے پر تبادلے کی وجہ سے ایک فاضل آسامی مارچ ۱۹۶۳ء میں بنانا پڑی تاکہ تبدیل شدہ انسپکٹر کو جگہ مہیا کی جا سکے کیونکہ باقی دو انسپکٹر جو پاکستان

ویسٹرن ریلوے کے اکاؤنٹس دفتر میں پہلے سے ہی متعین تھے انہیں مستقل ہونے کی وجہ سے اس جگہ سے ہٹایا نہیں جا سکتا تھا۔ چونکہ ایک انسپکٹر ۴ جولائی ۱۹۶۵ء کو ریٹائر ہو رہا ہے یہ زائد جگہ ختم کر دی جائے گی لہذا انسپکٹروں کی اصلی دونوں جگہیں باقی رہ جائیں گی۔

UPGRADING OF POSTS CLERKS OF DIFFERENT CATEGORIES

*440 **Khanzada Taj Muhammad Khan Bangash**: Will the Minister of Railways be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the post of Goods Clerks in Pindi Division have been upgraded but the posts of Booking Clerks and Parcel Clerks in the said Division have not been so upgraded; if so, reasons therefor;

(*b*) whether it is a fact that a majority of Class III Essential Staff at many Railway Stations in the said Division have not been allotted any quarters and they are paying heavy rents for rented houses;

(*c*) whether it is also a fact that the Chief Goods Clerks in the said Division have been declared as essential staff for allotment of quarters, but the Chief Booking Clerks and Chief Parcel Clerks of the same Division have not been so declared when the former are required to be on duty only in day time and the latter are often called up for duty during the night hours also, if so, reasons for not declaring the said Chief Booking Clerks and Chief Booking Clerks and Chief Parcel Clerks as essential staff for the purpose of allotment of quarters?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان تمن)۔(الف) جی ہاں۔ ریلوے کے تمام ڈویژنوں بمع راولپنڈی ڈویژن کی کچھ آسامیاں کام اور ذمہ داری کے بڑھنے کیوجہ سے حال ہی میں اونچے درجہ میں تبدیل کر دی گئی ہیں۔ پارسل اور بکنگ کارکنوں کی کچھ آسامیوں کو اونچے درجہ کرنے کا سوال زیر غور ہے۔

(ب) جی نہیں۔ تیسرے درجہ کے ضروری عملہ کی اکثریت راولپنڈی میں ریلوے کوارٹروں میں رہائش پذیر ہے۔

(ج) جی ہاں ۔ چیف گڈز کلرک راولپنڈی کو کوارٹر کی الاٹمنٹ کے لئے ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ نے لازمی عملہ قرار دیا ہے ۔ ریلوے ہیڈ کوارٹرز سے جاری شدہ پالیسی کے تحت کمرشل سٹاف میں سے کسی بھی عملہ کو بشمول چیف گڈز کلرک کے کوارٹروں کی الاٹمنٹ کے لئے لازمی قرار نہیں دیا گیا ۔ اس غلطی کے ازالہ کیلئے کارروائی کی جا رہی ہے ۔

سردار منظور احمد خاں قیصرانی (ڈیرہ غازی خاں-۱)۔۔ مسٹر سپیکر۔۔ہمارے ہاؤس کے لیڈر کی فراخدلی ملاحظہ فرمائی جائے کہ انہوں نے ہر طبقہ سے خواہ وہ آن benches پر ہو خواہ وہ سرکاری بینچوں پر ہو اجازت بخشی ہے کہ جو بھی معقول تجویز ہو وہ سنیں گے اور اس کو اپنائیں گے ۔ میں اس بارہ میں پہلے کچھ جرگہ سسٹم کے متعلق اور ایف سی آر کے متعلق بتانا چاہتا ہوں کیونکہ اس ہاؤس میں اس جانب سے غلط تصور پیش کی گئی ہے ۔ ان کے خیال میں جرگہ سسٹم ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ قانون بڑا سنگین ہے اور اس سے کوئی بچ ہی نہیں سکتا ۔ میں تو بلکہ ہر ایک قانون کے متعلق یہ کہوں گا کہ قانون کا بنانا جتنا اہم ہے اس کے چلانے کے مسئلہ پر غور کرنا زیادہ ضروری ہے اور بہت اہمیت درکار ہے ۔ اگر کسی قانون کو بہتر اور صحیح آدمی چلائیں تو وہ قانون صحیح معنوں میں اپنی شکل پر آتا ہے ۔ اور اس میں کوئی ایسی بات نہیں ہوتی جو کہ عوام یا انصاف کے خلاف ہوں ۔ مثال کے طور پر ڈیرہ غازی خان کا excluded area ہے جہاں پر کہ مکمل جرگہ سسٹم ہے اور چھوٹی موٹی بات جو بھی وہاں کے لوگوں کے درمیان متنازعہ ہو تو وہ ایف سی آر کے تحت کارروائی

چلتی ہے ۔ لیکن کریمنل لا امینڈمنٹ ایکٹ جب نافذ ہوا تو ڈکیتی ۔ چوری ۔ قتل کے چند ایک ایسے مقدمات تھے وہ کریمنل لا امنڈمنٹ ایکٹ کے تحت جرگہ میں آئے اور باقی تمام مقدمات جو تھے وہ جوڈیشل اور سول عدالتوں میں جانے لگے ۔ تو ڈی جی خان کا جو De- Excluded Area ہے اس کے عوام نے protest کیا اور مطالبہ کیا ۔ وہ ہمارے پاس آئے مگر ہم نے کہا کہ ہم نہیں جاتے آپ خود جائیں ۔ چنانچہ گذشتہ سال کی بات ہے کہ وہ تمام لوگ ۔ چیئرمین اور ان کے مقدمان ۔ مقدمان کہتے ہیں معتبر کو یا جو ایک نمبردار کی حیثیت کا ہو ۔ وہ لاہور پہنچے ۔ جناب گورنر صاحب سے ملے اور ان سے مطالبہ کیا کہ ایف سی آر کا نفاذ دوبارہ De-Excluded Area میں مکمل طور پر اسی شکل میں نافذ کیا جائے ۔ اب جہاں یہ کہا جاتا ہے کہ ایف سی آر ایک بھیانک قانون ہے تو میں پوچھتا ہوں کہ وہ آدمی کیوں اتنے بیتاب تھے ۔ وہ دوڑ کر یہاں کیوں آئے اور کیوں مطالبہ کیا کہ ہمارا جرگہ سسٹم اسی طریقہ پر ہو ۔ میں خود ۱۵/۱۰ سال بلکہ ۲۰ سال تک جرگہ میں کام کرتا رہا ہوں اور مجھے اس کا تجربہ ہے ۔ میں اپنے حزب اختلاف کے ان دوستوں سے حمزہ صاحب سے عرض کروں گا کہ وہ ایک بار فورٹ منرو تشریف لائیں گرمیوں میں وہ ٹھنڈی جگہ ہے اور وہاں پر پبلک کو ملیں اور دیکھیں ۔ اگر ۹۹ فیصدی وہاں کی پبلک کہے کہ ہمیں ایف سی آر اسی شکل میں دو جو پہلے ہے تو میرے الفاظ سچے اور اگر اس نسبت سے ذرا بھی تجاوز ہو جائے تو میں آپ کا گلہ قبول کر لوں گا ۔ حقیقت تو یہی ہے کہ جرگہ کے چلانے والے صحیح آدمی ہونے چاہئیں ۔ آپ قانون پر اعتراض نہ

فرمائیں لیکن اس طرف توجہ دیں کہ قانون کے چلانے والے صحیح آدمی ہونے چاہئیں چونکہ وہاں کریمنل لا امینڈمنٹ ایکٹ کے تحت بیشتر جوگے ختم ہو چکے ہوئے ہیں تو میں جب لاہور کے لئے چلا اور جب الیکشن کے دنوں میں میں نے projection meetings کی تھیں تو اس وقت بھی لوگوں نے مجھ سے مطالبہ کیا تھا کہ جس وقت آپ اسمبلی میں جائیں آپ کوشش کریں کہ اس ایریا میں جرگہ سسٹم بحال کیا جائے ہم موجودہ جوڈیشل طریقہ کار سے ناخوش ہیں مگر جرگہ کا جو قانون ہے وہ ہمارے لئے بہترین نظام ہے اور اس سے سستا اور جلدی فیصلہ کن اور کوئی قانون نہیں ہو سکتا (آوازیں ہیئر ۔ ہیئر) صرف اگر اس میں کوئی نقص ہے تو وہ قانون چلانے والوں کی وجہ سے ہوتے ہیں بعض قوانین بنفس نفیس اچھے تو ہوتے ہیں مگر اگر ان کو چلانے والا آدمی صحیح نہ ہو تو اس کے نتائج اچھے برآمد نہیں ہو سکتے ۔

جناب والا ۔ ایک صاحب نے کچھ ۱۹۸۴ء کے متعلق بھی ذکر کیا تھا جہاں تک جنرل ایڈمنسٹریشن کا تعلق ہے تو میں اسکو بھی واقعی بڑی اہمیت دیتا ہوں اور میری گذارش ہے کہ اس کو قابل دست اندازی پولیس گردانا جائے ۔ کیونکہ یہ ہمارے معاشرہ کا اہم جز ہے ان معاملات میں بھی کشیدگی ہو جاتی ہے ۔ لوگ مقدمہ بازی میں پڑ جاتے ہیں تو یہ ایک میری تجویز ہے کہ جس کو اگر عملی جامہ پہنایا جائے تو جرائم کا کافی انسداد ہوگا ۔ پھر اس کے بعد رشوت کا چرچا ہوا اس کے متعلق بہت سی باتیں ہوئیں ۔ مجھے اس کے متعلق کچھ مزید کہنے کی ضرورت نہیں لیکن جیسا کہ ہماری پارٹی کے لیڈر نے فرمایا کہ ہر شخص رشوت رشوت تو کہتا ہے کبھی کوئی یہ بات نہیں کرتا کہ

وہ نسخہ بتائے کہ نسخہ کیا ہے تو میں تھوڑی سی گذارش اس کی نسبت بھی کرنی چاہتا ہوں ۔

WEST PAKISTAN BUDGET (GENERAL), 1965–66

VOTING ON DEMANDS FOR GRANTS FOR NEW EXPENDITURE (GENERAL BUDGET), 1965–66

Mr. Speaker : Now the House will take up voting on Demands for Grants for New Expenditure, Minister of Finance may please move Demand No. 12.

Demand No. 12

Minister of Finance-(Sheikh Masood Sadiq) : Sir I beg to move—

That a sum not exceeding Rs. 11,70,200 be granted to the Governor to meet new expenditure for the financial year ending on the 30th June, 1966, in respect of General Administration.

Mr. Speaker : Motion moved is —

That a sum not exceeding Rs. 11,70,200 be granted to the Governor to meet new expenditure for the financial year ending on the 30th June, 1966, in respect of General Administration.

The first cut motion on this Demand is from Dewan Syed Ghulam Abbas Bokhari and he is not present. Next is from Sardar Manzoor Ahmad Khan Qaisrani, who may move it.

Sardar Manzoor Ahmad Khan Qaisrani : Sir I beg to move —

That the total of Rs. 11,70,200 on account of 25—General Administration—Total New Expenditure be reduced by Rs. 11,70,199.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is —

That the total of Rs. 11,70,200 on account of 25—General Administration—Total New Expenditure be reduced by Rs. 11,70,199.

Yes, Mr. Qaisrani.

یہ تجاویز میرے ذہن میں آئی ہیں ۔ اگر وہ اسے قابل قبول سمجھیں تو ان کے اوپر توجہ دی جائے ۔ اگر یہ قابل قبول نہ ہوں تو اعتراض نہیں ۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ رشوت کے انسداد کے

لئے جتنے قانون اور جتنے محکمے بنائے جاتے ہیں اتنی ہی رشوت بڑھتی جاتی ہے۔ لیکن اگر میری تجاویز پر عمل کیا جائے تو یہ بات اتنی نہیں ہوگی۔ ہمیں چاہئے کہ ہم یونین کونسلوں کو فروغ دیں۔ جتنے زیادہ سے زیادہ اختیارات انہیں دے سکیں دیں۔ جتنے زیادہ سے زیادہ مقدمات ان کے سپرد کر سکیں کریں۔ میرے خیال میں آپ یونین کونسلوں کو جتنے زیادہ اختیارات دیں گے اتنے ہی زیادہ صحیح ممبران منتخب ہو کر آئیں گے کیونکہ ہمارے عوام باشعور ہیں۔

اور اپنے نفع و نقصان کو سمجھ سکتے ہیں۔ اگر یونین کونسل کے ممبران کے پاس زیادہ اختیارات ہونگے تو عوام صحیح آدمیوں کو منتخب کریں گے اور دیکھیں گے کہ ہمارے علاقے میں کون سے ایسے آدمی ہیں جو اتنے وسیع اختیارات کو سنبھال سکیں گے۔ ہمارے عوام کا شعور بلند ہے۔ آپ یونین کونسلوں کو چھوٹے چھوٹے کام جو ان کے قابل ہیں۔ دے دیں۔ آپ تجربہ کریں اس سے رشوت بھی کم ہوگی اور گورنمنٹ کے افسروں کا بوجھ بھی کم ہوگا۔

میری دوسری تجویز اس بارہ میں یہ ہے کہ محکمہ جات جتنے کم سے کم ہو سکتے ہیں اتنے کم کئے جائیں۔ کیونکہ جتنے محکمے بڑھتے جاتے ہیں اتنی شکایات بڑھتی جاتی ہیں۔ چھوٹے محکمے یونین کونسلوں کے سپرد کئے جائیں۔ میں ماہر قانون نہیں ہوں کہ ان اختیارات کی تفصیل دے سکوں ہمارے وزراء اور حکام خود اس کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ پھر دوسرا اصول جو میں تجویز کروں گا وہ یہ ہے کہ محکمہ جات سے ہماری نسبت جتنی کم سے کم ہو وہ بہتر ہے۔ مثال کے طور پر موٹروں کا ٹیکس ٹوکن ہر سہ ماہ ادا کرنا پڑتا ہے۔ اس کی سال یا دو سال کے لئے ٹیکس کی یکجاہ ادائیگی کو جائز قرار دیا جائے تو محکمہ مذکور سے تعلق کم ہوگا اور رشوت کے

مواقع کم ہوں گے ۔ اگر ایسا کر دیا جائے تو جو چاہے دو سال کا موٹر ٹیکس دے اور جو چاہے ٹرک کا سال کا ٹیکس یکجاہ دے ۔ تو لوگوں کو ٹوکن وغیرہ کے سلسلے میں جو رشوت ہر سہ ماہ دینی پڑتی ہے ۔ وہ نہیں دینی پڑے گی ۔

اس بارے میں میری ایک اور تجویز یہ ہے ۔ کہ ڈسٹرکٹ کے جو ہیڈز ہیں مثلاً ڈپٹی کمشنر صاحب ۔ سپرنٹنڈنٹ پولیس ان کو ایک پبلک ڈے رکھنا چاہئے ۔ اس کا یہ مقصد ہو کہ وہ مہینہ میں ایک دفعہ یا ہفتہ میں ایک دفعہ کوئی دن مقرر کر لیں اس دن بالکل ایک آزاد نشست ہو وہ بنگلے میں باہر بیٹھیں لوگ انہیں آزادی سے ملیں اور اپنی شکایات بیان کریں ۔ نہ کسی کو رپورٹ کرنی پڑے نہ کسی کو چپڑاسی کے پاس جانا پڑے کھلا دربار ہو ۔ لوگ اپنی شکایات وہاں لائیں اور وہ ان کی شکایات سنیں ۔ شکایات انہیں تحریر میں دی جائیں وہ ایک کاپی اپنے پاس رکھیں اور ان شکایات کو رفع کرانے کے لئے استعمال کریں ۔ وہ عوام کی تکالیف کو priority دیں ۔ اس طرح امید ہے کہ رشوت میں کمی ہو جائے گی اور یہ جو دفتری تکلیف بڑھتی جاتی ہے ۔ وہ بھی کم ہو جائے گی ۔

ایک اور تجویز بھی میرے ذہن میں آئی ہے وہ یہ ہے کہ رشوت کے الزام میں جو مقدمات ہوں وہ جرگہ سپرد ہونے چاہئیں ۔ کیونکہ جب کوئی ثبوت نہیں ملتا تو عام عدالتوں میں رشوت کے مقدموں میں کوئی کارروائی نہیں ہوسکتی ۔ اب سوال یہ ہے کہ اگر کوئی کسی ملازم سرکار کے خلاف رشوت کی جھوٹی درخواست دے دے تو اسے خواہ مخواہ پریشانی ہوگی ۔ تو اس کے لئے میں یہ تجویز پیش کرتا ہوں کہ جو یونین کونسل کے ملازم ہوں اور وہ ملازم سرکار جن کا level یونین کونسل

نک ہو اگر یونین کونسل کے منتخب ممبران کی تین چوتھائی اکثریت یہ ریزولیوشن پاس کرکے بھیجے کہ فلاں ملازم سرکار کے خلاف رشوت کی شکایت ہے اسے جرگہ سپرد کر دینا چاہئے - تب ایسا کیا جائے - اسی طرح تحصیل کونسل کے level پر تحصیل کے سرکاری ملازموں کے متعلق تحصیل کونسل کے منتخب ممبران کی تین چوتھائی اکثریت اگر کہے کہ فلاں ملازم جو ہے وہ رشوت لے رہا ہے تو اس کا کیس جرگہ سپرد کر دیا جائے - اسی نسبت سے ڈسٹرکٹ کونسل ڈسٹرکٹ level کے ملازموں کے خلاف کارروائی کرنے کی مجاز ہو - اور ڈویژنل کونسل ڈویژن کے ملازموں کے خلاف اسی طرح ریزولیوشن پاس کرے - اسی نسبت سے ہم آگے مقرر کرتے جائیں - امید ہے اس سے کافی حد تک رشوت کا انسداد ہو سکے گا - یہ صحیح ہے جناب والا - جو لیڈر آف دی ہاؤس نے فرمایا تھا کہ ہم ایک دن میں انتظام کر سکتے ہیں - یہ ہو سکتا ہے اور وہ ایسا کر سکتے ہیں - ہم نے اخبار میں پڑھا تھا کہ اسی لاہور کے اندر مارشل لاء کے ایام میں ایک دوکان کھلی تھی جس میں دوکاندار نہیں تھا یہ ایک دن میں اتنی ایمانداری کیسے ہو گئی تھی - اس لئے انہوں نے بالکل صحیح فرمایا ہے کہ ہم ایک دن میں انتظام کر سکتے ہیں - مگر وہ کارروائی بھی قابل ملامت سمجھی جائے گی - یہ تجاویز جو میں نے پیش کی ہیں ، میں اتنا کہہ سکتا ہوں کہ اگر ان پر عمل کیا جائے تو رشوت ضرور کم ہو جائے گی - ہمیں اس حد تک بھی نہیں جانا چاہئے کہ عوام اتنی سختی کو برداشت نہ کر سکیں - میری ان تجاویز میں اتنی سختی بھی نہیں اور کافی حد تک رشوت کا انسداد بھی ہو سکے گا -

ایڈمنسٹریشن کے متعلق میری ایک اور گذارش ہے ۔ ہمارے جو ٹیکنیکل انجینئرز ہیں ہم ان پر جتنا فخر کریں کم ہے انہوں نے جو کارہائے نمایاں سر انجام دئے ہیں وہ ہمارے سامنے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں ایسا دماغ دیا ہے کہ جس پر ہم جتنا فخر کریں بجا ہے ۔ اگر میں گذارش کروں تو یہ چھوٹا منہ اور بڑی بات ہے مگر میں اپنے دماغ کے مطابق اور اپنے حالات کے مطابق ایک تجویز ان کے سامنے رکھتا ہوں ۔ اگر وہ اس پر غور کریں تو ہو سکتا ہے کہ شاید اس سے بہتر نتائج برآمد ہوں ۔ وہ یہ ہے ۔ ہمارے انجینئر صاحبان چونکہ غیر ملکوں میں جا کر تعلیم حاصل فرماتے ہیں یا وہاں کا دورہ کرکے آتے ہیں اس لئے ان کے ذہن میں انہی ملکوں کے حالات و وسائل پیش نظر ہوتے ہیں ۔ مگر یہاں کے وسائل ان ملکوں کے مقابلے میں بہت ہی محدود ہیں ۔ میری یہ تجویز ہے کہ بڑی بڑی سکیموں کی بجائے انجینئر صاحبان کی توجہ دلائی جاوے کہ وہ چھوٹی چھوٹی اور سستی اور مقامی وسائل کے مطابق سکیمیں بنائیں مثلاً چھوٹے چھوٹے بند آبپاشی کے انتظامات کو بہتر بنا سکتے ہیں ۔ اور لوگوں کی بھلائی جلد ممکن ہو سکے گی ۔ بعض چھوٹی چھوٹی سکیمیں زیادہ مفید ثابت ہو سکتی ہیں ۔ بجائے فنڈز کی سالوں بھر انتظار کرنے اور ترقی سے رک بیٹھنے سے ۔ اس طرح خرچ بھی کم ہوگا اور ہماری تکلیفیں بھی جلد رفع ہو جائیں گی ۔ یہ تھیں میری گذارشات اس کی نسبت جو میں نے عرض کر دی ہیں ۔

مسٹر عبدالقیوم (کراچی ۔ ۲)۔۔جناب والا ۔ کراچی جیسے دور افتادہ شہر کیلئے یہ ضرورت محسوس کی جاتی ہے ۔ کہ وہاں کے مقامی حکام کو زیادہ سے زیادہ اختیارات دئیے جائیں ۔ میرا اشارہ ایڈیشنل ڈائریکٹر آف انڈسٹریز کراچی کی طرف ہے ۔ جیسا کہ آپ

کو معلوم ہے ۔ وہاں ملک کی پچاس فیصد صنعت ہے ۔ اور وہاں پر ایک ایڈیشنل ڈائریکٹر کا تعین کیا گیا ہے ۔ اسکے اختیارات محدود ہیں ۔ انڈسٹریز کی سروے ہوتی ہے ۔ اسکے چھوٹے چھوٹے لائسنسوں کے لئے یہاں ڈائریکٹر آف انڈسٹریز اور سیکرٹری انڈسٹریز کو refer کیا جاتا ہے ۔ اس طرح وہاں کی انڈسٹری کے مسائل جلد از جلد حل نہیں ہوسکتے ۔ اور لوگوں کو انصاف کے ملنے میں تاخیر ہوتی ہے ۔ دوسرا محکمہ لیبر کا ہے ۔ وہاں پر ایک جائینٹ ڈائریکٹر آف لیبر ہے ۔ لیبر کے کئی معمولی معمولی مسائل یہاں پر مرکز میں سیکرٹری یا ڈائریکٹر لیبر ویلیفئیر کو refer کئے جاتے ہیں ۔ اور وہاں کے معمولی معمولی مسائل کو بھی حل کرنے میں کافی تاخیر ہوتی ہے ۔ کچھ عرصہ ہوا ۔ کہ میں نے اخبار میں پڑھا تھا ۔

خواجہ محمد صفدر—ہوائنٹ آف انفارمیشن ۔ جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کٹوتی کی اس تحریک کی حمایت فرما رہے ہیں ۔ یا اس کی مخالفت فرما رہے ہیں ۔

Mr. Speaker : He has just started. It is yet to be seen.

خواجہ محمد صفدر—میں صرف پتہ کرنا چاہتا تھا ۔ وہ خود ہی بتا دیں ۔ تو بہتر ہوگا ۔

مسٹر عبدالقیوم—میں ایڈمنسٹریشن کے متعلق چند تجاویز پیش کرنا چاہتا تھا ۔

چودھری محمد نواز—جناب والا ۔ کل یہ اعتراض کیا گیا تھا ۔ کہ پارلیمنٹری سیکرٹری بحث میں حصہ نہیں لے سکتے ہیں ۔ اب جو فاضل دوست تقریر فرما رہے تھے وہ بھی پارلیمنٹری سیکرٹری ہیں ۔ کیا وہ تقریر کرسکتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر---اس میں پوزیشن یہ ہے ۔ کہ اس وقت جو اعتراض کیا گیا تھا ۔ وہ پارلیمنٹری سیکرٹری برائے مال تھے ۔ اور وہ مال کے متعلق بحث کرنا چاہتے تھے ۔ تو اس حالت میں یا تو وہ بحث کا جواب دے سکتے تھے ۔ خود اس میں حصہ نہیں لے سکتے تھے ۔ کیونکہ وہ گرانٹ بھی مال سے متعلق تھی ۔ اب جو مسئلہ زیر بحث ہے ۔ مسٹر عبدالقیوم نے اپنی تقریر شروع کی ہے ۔ اب یہ معلوم نہیں ۔ کہ وہ اس تخفیف زر کی تحریک کی حمایت میں کھڑے ہوئے ہیں ۔ یا وہ اس کی مخالفت کرنا چاہتے تھے ۔

Sardar Muhammad Ashraf Khan : Sir, I want to request that the policy regarding Parliamentary Secretaries should be made more clear and quite elaborate because the position of making speeches on the general budget is different and making speeches on cut motions is absolutely different. So I will request the chair to please make the position more elaborate and give us a better understanding on this point.

Haji Gul Hassan Manghi : Sir, on a point of personal explanation. Yesterday I wanted to support the Revenue Minister never knowing that he was to make a speech himself. When he rose then I took my seat. I did not take any part in the discussion.

خواجہ محمد صفدر---جناب والا ۔ میں اس مسئلے کے متعلق یہ گذارش کروں گا ۔ کہ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحبان یا وزراء صاحبان صرف اسی صورت میں بحث میں حصہ لے سکتے ہیں ۔ جب وہ کسی کٹوتی کی تحریک کا جواب دیں ۔ وہ نہ تو اس کی حمایت کر سکتے ہیں ۔ اور نہ مخالفت ۔ وہ دونوں صورتوں میں بحث میں حصہ نہیں لے سکتے ۔ جب کسی کٹوتی پر ایوان سیر حاصل بحث کرے ۔ اس کے بعد یہ ہوتا ہے ۔ کہ وہ حکومت کا نقطہ نظر بیان فرمائیں ۔ اس وقت کٹوتی کی ایک تحریک پیش ہوئی ہے ۔ اور ابھی چند ایک اور اسی مطالبہ زر کے متعلق پیش ہونی ہیں ۔ تو

جب ان سب پر ایوان بحث کر چکے - تو پھر اس کے بعد ہی پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب یا وزیر صاحب اس کا جواب دیں - تو ہمیں کوئی اعتراض نہ ہوگا - ورنہ میرا خیال ہے - کہ موجود طریقہ کار درست نہیں ہے - جو کہ اس ایوان میں اس وقت اختیار کیا گیا ہے -

مسٹر سپیکر—خواجہ صاحب - میں آپ سے اتفاق کرتا ہوں - اور پارلیمانی روایات بھی یہی ہیں - کہ جب کٹوتی کی ایک تحریک پیش ہو - اور اس پر جب بحث ہو چکے - تو پھر پارلیمنٹری سیکرٹری اس بحث کو Wind up کر دیں - یا وزیر صاحب اس کو ختم کر دیں - لیکن جہاں تک اس تحریک تخفیف کا تعلق ہے - اس پر صرف سردار منظور احمد صاحب ہی بولے ہیں - اور اس کے بعد مسٹر عبدالقیوم صاحب اٹھے ہیں - اور کوئی صاحب بولنے کے لئے نہیں اٹھے - اور آپ کی جو تحریک تخفیف پیش ہوئی ہے - وہ مختلف ہے - کیونکہ ان میں amount مختلف ہے -

خواجہ محمد صفدر—جناب والا - اس کے متعلق بھی میں عرض کردوں - کہ جہاں تک ریمارکس اور amount کا تعلق ہے - اس گیارہ لاکھ ستر ہزار دو سو روپے میں اس طرح تخفیف تجویز کی گئی ہے - کہ گورنمنٹ کے پاس ایک روپیہ رہ جائے - اور جو ریمارکس دیئے گئے ہیں - وہ بھی اس کے مطابق نہیں ہیں - تو یہ دراصل اکانومی کٹ ہوگی - اور یہ حکومت کے خلاف ایک طرح کی تحریک عدم اعتماد ہے - اس لئے اگر سردار منظور احمد صاحب نے یہ کٹ دینی تھی - تو اپنی تجاویز پیش کرنے کے لئے وہ ایک روپے کی ٹوکن کٹ دیتے - میں یہ سب کچھ اس لئے

گذارش کر رہا ہوں ۔ کہ ہم میں سے اکثر ممبران یہاں لئے لئے تشریف فرما ہیں ۔ اس لئے ہم اس طریق کار کو آہستہ آہستہ ہی سیکھینگے ۔ تاکہ ہم ایوان کی کارروائی بہتر طریق پر چلا سکیں ۔ اب یہ تحریک پیش ہوگئی ۔ سردار صاحب نے اپنی تحریک تخفیف پیش کر دی ۔ لیکن میں آپ کی خدمت میں دوبارہ عرض کرونگا ۔ اور جناب محترم قائد ایوان سے بھی میں یہ درخواست کرونگا ۔ کہ وہ اپنے ساتھیوں کو سمجھائیں ۔ کہ انہوں نے کس وقت بولنا ہے ۔ اور کس وقت نہیں بولنا ۔ اگر وزراء صاحبان اور پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب بحث کے درمیان میں ہی حصہ لینا شروع کر دیں گے ۔ تو پھر باقی ممبران کا وقت ضائع ہوگا ۔

مسٹر سپیکر ــ خواجہ صاحب ۔ دراصل یہ پوزیشن یا understanding وہ خود ہی اچھی طرح سے طے کر سکتے ہیں ۔ میرے لئے مشکل ہے ۔ کہ جب کوئی صاحب بولنے کیلئے کھڑے ہوں ۔ تو مجھے معلوم نہیں ہوتا ۔ کہ وہ اس کا جواب دے رہے ہیں ۔ یا اس کی تردید یا حق میں بول رہے ہیں ۔

خان عبدالستار خان مہمند ۔ پوائنٹ آف آرڈر ــ جناب والا ۔ خواجہ صاحب جو یہ فرماتے ہیں ۔ کہ ہماری اس قسم کی تحاریک ہیں ۔ تو میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ کٹوتی کی ہر تحریک مختلف ہے ۔ لہذا اس پر بحث کر لی جائے ۔ اس کے بعد فاروق صاحب کی بھی کٹوتی کی تحریک ہے ۔ ہر تحریک مختلف ہے ۔

مسٹر سپیکر ــ عبدالستار صاحب ۔ پوزیشن یہ ہے ۔ کہ ہر تحریک کو علیحدہ علیحدہ لیا جائے گا ۔ لیکن سوال یہ ہے ۔ مسٹر عبدالقیوم صاحب کیا آپ بحث کو ختم کر رہے ہیں ۔ یا اس میں شرکت کرنا چاہتے ہیں ۔ یا آپ تقریر کرنا چاہتے ہیں ۔

مسٹر عبدالقیوم—جناب والا ۔ مجھے یہ معلوم نہیں کہ اور کوئی بھی بولنے والے ہیں ۔ یا نہیں ۔ میں تو چند ایک تجاویز جو کہ کراچی کے متعلق تھیں ۔ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر—پھر آپ تشریف رکھیں ۔ میں یہ معلوم کر لوں ۔ کہ اس پر کوئی اور صاحبان بھی بولنا چاہتے ہیں ۔ اس کے بعد قائد ایوان سے مشورہ کر لیں ۔ اگر آپ بحث کو wind up کرنا چاہیں ۔ تو پھر اسے wind up کرنے کے لئے اس بحث میں حصہ لیں ۔ اگر اس تحریک پر بحث کرنا چاہیں تو پھر وہ کر لیں ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خاں)—جناب والا ۔ یہ بڑا اہم معاملہ ہے ۔ اور جناب نے اس بات پر رولنگ دینا ہے ۔ جہاں تک پارلیمنٹری سیکرٹری کا تعلق ہے ۔ یہ سب کو معلوم ہے ۔ کہ اگر گورنمنٹ کی طرف سے کوئی تحریک پیش ہو ۔ تو وہ اس کی مخالفت نہیں کر سکتے ۔ جیسے کہ کل حاجی گل حسن منگھی اٹھے تھے ۔ تو آپ نے فرمایا تھا ۔ کہ وہ اس بحث میں حصہ نہیں لے سکتے ۔ اور وہ حکومت کی تحریک کی مخالفت نہیں کر سکتے ۔ یہ معاملہ یہاں تک تو بالکل صاف ہے ۔ لیکن اگر اس طرف سے کوئی تحریک ایوان میں پیش کی جائے ۔ تو جیسے دیگر ممبران اس میں حصہ لے سکتے ہیں ۔ اسی طرح وزراء اور پارلیمنٹری سیکرٹری بھی اس میں حصہ لے سکتے ہیں ۔ اب سوال یہ ہے ۔ اور جس کا جواب یا رولنگ آپ نے دینا ہے ۔ ویسے تو یہ ہماری پارٹی کا کام ہے ۔ کہ ہم خود اس بات کا فیصلہ کریں ۔ کہ بحیثیت ہماری پارٹی کے ممبران وہ کٹ موشن پیش کریں ۔ اس پر بولیں نہ بولیں ۔ اسکے حق میں بولیں ۔ یا اس کی مخالفت کریں یہ علیحدہ بات ہے ۔ جناب والا ۔ نے یہ رولنگ دینا ہے ۔ کہ اگر گورنمنٹ پارٹی کا کوئی ممبر

کٹ موشن پیش کرے ۔ تو کیا پارلیمنٹری سیکرٹری کو یہ حق ہے کہ وہ اس کے متعلق کوئی تجاویز پیش کرے ۔ مخالفت کرنے کی بات اور ہے ۔ اور پوری طرح حمایت کرنا اور بات ہے ۔ آیا اسے اس چیز سے بھی منع کیا جا سکتا ہے ۔ کہ وہ کہے کہ یہ میری تجاویز ہیں ۔ یہ تو ٹھیک ہے ۔ کہ وہ اس کی مخالفت نہیں کر سکتا ۔ حمایت تو کر سکتا ہے ۔ اور بحث کو wind up بھی کر سکتا ہے ۔ کیونکہ یا وزیر اسے wind up کر سکتا ہے ۔ یا پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ اب سوال یہ رہ جاتا ہے ۔ کہ آیا پارلیمنٹری سیکرٹری کو یہ حق بھی ہے ۔ کہ وہ کوئی تجاویز پیش کرے یا اسے یہ حق نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر ــــ خان صاحب ۔ جہاں تک اس کے اس حق کا تعلق ہے کسی ایکٹ یا کسی statute book یا کسی رولز آف پروسیجر میں یہ چیز واضح نہیں ہے لیکن جہاں تک پارلیمانی روایات کا تعلق ہے پارلیمنٹری سیکرٹری ایسی suggestion اس وقت پیش نہیں کر سکتے جبکہ ایک تخفیف زر پیش ہو ۔ جواب دے سکتے ہیں ۔ debate کو wind up کر سکتے ہیں ۔

وزیر مال ــــ That is exactly what I wanted یہ پارلیمانی روایات کے مطابق ہے ۔

خان عبدالستار خان مہمند (مردان ۔ ۲) ــــ جناب والا ۔ سردار منظور احمد خان صاحب نے جو کٹ موشن پیش کی ہے انہوں نے اس میں یہ کہا ہے کہ suggest ways for re-orientation of the tone of general administration. تو جناب والا ــ میں عرض کرتا ہوں کہ انہوں نے اس کے بارے میں جو چند باتیں کی ہیں ان کی چند باتوں سے

تو مجھے مکمل اتفاق ہے ۔ مثلاً انہوں نے یہ کہا ہے کہ مقدمات پر خرچ کم ہونا چاہئے کیونکہ ہمارے اکثر لوگ وکیلوں کی بڑی بڑی فیسیں برداشت نہیں کر سکتے ۔ ہمارے سابقہ صوبہ سرحد میں یا مغربی پاکستان میں ایف ۔ سی ۔ آر لاگو ہو گیا ہے جس شکل میں بھی ہے ۔ لیکن سچی بات یہ ہے کہ ہم اسے پرانی شکل میں چاہتے ہیں اور ہمارے عوام بھی یہی چاہتے ہیں ۔ ہمیں ضرورت اس چیز کی ہے کہ انصاف ہو اور حق ہو ۔ اس میں شک نہیں کہ عدالتوں میں انصاف نہیں ہوتا انصاف ہوتا ہے ۔ مگر جدا جدا علاقوں کی جدا جدا مشکلات ہوتی ہیں جدا جدا تکلیفات ہوتی ہیں ۔ وہاں پر جب کوئی واردات ہوتی ہے تو ملزم کی طرف سے انتہائی کوشش ہوتی ہے کہ کسی نہ کسی طریقے سے اپنے آپ کو جرگہ سے بچا لیا جائے اور کیس open court میں چلا جائے ۔ اس لئے کہ جرگہ میں علانیہ اور خفیہ تحقیقات ہوتی ہے ۔ دوسری عرض یہ ہے کہ ہمارے پاس ٹرائیبل ایریا ہے ۔ ہوتا کیا ہے کہ دو تین بھائی ہیں ایک نے قتل کر دیا ۔ دوسرا کہیں جا کر مفرور ہو گیا اس نے وہاں سے جا کر اطلاع بھیجی کہ دیکھو اگر تم نے کچھ کہا تو رات کے وقت جب کھیتوں میں آبپاشی کرو گے یا دن کو میں تمہیں زندہ نہیں چھوڑوں گا مصیبت یہ ہوتی ہے کہ سیشن کورٹ میں تو open شہادت اور چشمدید گواہ موجود نہ ہونے کی وجہ سے ملزم بری ہو جائے گا ۔ لیکن ملزم کو پتہ ہوتا ہے کہ جرگہ سسٹم میں علانیہ اور خفیہ تحقیقات ہوتی ہے اور ملزم کی کوشش ہوتی ہے کہ کسی نہ کسی طریقے سے اپنے آپ کو جرگہ سے بچائے ۔ جناب اس سلسلے میں میری عرض یہ ہے کہ جرگہ سسٹم جو پرانے طریقے کا وہاں

حاوی تھا اسے بحال کیا جائے تو بہتر ہے میں جرگہ کا ممبر سال ہا سال تک رہ چکا ہوں۔ رہا یہ کہ جرگہ کے ممبران انصاف نہیں کریں گے۔ کیا وہ خدا سے نہیں ڈرتے۔ ان کے دل میں خوف خدا نہیں ہوگا کیا ان کو روز قیامت حساب کتاب کا سامنا کرنا نہیں ہو گا۔ کیا وہ بے گناہ شخص کو ۲۰ سال قید کریں گے۔ اور گناہ گار شخص جو ہے اس کو چھوڑ دیں گے۔

پھر اس کے علاوہ جناب والا۔ عرض یہ ہے کہ بعض قوانین میں سختی کی ضرورت اس لئے ہوتی ہے تاکہ ملک میں امن و امان ہو۔ جب تک ملک میں امن و امان نہیں ہو گا ملک ترقی نہیں کر سکتا۔ جب میں سابقہ صوبہ سرحد کی اسمبلی کا ممبر تھا وہاں میں نے بذات خود لا اینڈ آرڈر سٹینڈنگ کمیٹی کے ممبر کی حیثیت سے یہ تجویز پیش کی تھی کہ جب جرگہ اس شخص کو ملزم قرار دے تو اسکی جائیداد کی ضبطی کے احکام بھی جاری کئے جائیں۔ اور اس پر عمل درآمد ہو۔ اس سے سال دو سال جرائم کم ہو گئے تھے۔ ان لوگوں کو اپنی جائیداد کی ضبطی کا ڈر تھا۔ لوگ اس سے بہت گھبراتے تھے۔ بعد میں قانون میں خاصی نرمی کر دی گئی میں نہیں کہہ سکتا کہ کیا وجوہات تھیں مگر ہمارے لئے جرگہ سسٹم بہت زیادہ ضروری ہے۔ اور اس کے بغیر ہمارے لئے کوئی چارہ کار نہیں ہے۔ رہا یہ سوال کہ جرگہ کے ممبران کا انتخاب کیسے ہوتا تھا۔ جرگہ کے ممبران کا انتخاب عام طور پر ضلع کے ڈپٹی کمشنر صاحب کمشنر کی approval کے ساتھ کرتے تھے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اکثر ۹۵ اور ۹۶ فیصدی جرگہ میں ایماندار افراد لئے جاتے تھے۔ یہ دوسری بات ہے کہ ایک شخص بڑا اچھا ہو۔ بظاہر لیکن ہو بہ سیدھا

سادا مسلمان معلوم ہوتا ہو تو اس کے اندر سے کوئی اور چیز نکلے ۔ یہ تو ان کا قصور نہیں ہو سکتا میں تو ان کو مورد الزام نہیں ٹھہراتا ۔

جناب والا ۔ کرپشن کے بارے میں جو انہوں نے فرمایا ہے اس کے بارے میں میری عرض یہ ہے اور میں یہ نہیں کہوں گا کہ کرپشن نہیں ہے ۔ کرپشن ہے لیکن اتنی زیادہ نہیں کہ اس پر اتنا زیادہ تشویش کا اظہار کیا جائے ۔ کہ ہائے مر گئے۔ رشوت ہی رشوت ہے ۔ فلاں چور ہے ۔ فلاں چور ہے ۔ میرے بھائی اکثر یہ کہتے ہیں لیکن مجھے حیرت ہوتی ہے کہ ان کو کوئی بھی پاک صاف نظر آتا ہے ۔ سپاہی سے لے کر سی ۔ ایس ۔ پی تک ان کو چور ہی نظر آتے ہیں ۔ مجھے افسوس ہے اور بڑی حیرت کی بات ہے ۔ کہ ان کے پاس ایک ایک ہزار کے قالین کیوں ہیں ۔ اگر کسی سی ۔ ایس ۔ پی کا ذکر ہے تو ان کی جائیداد ہوتی ہے ۔ لینڈ لارڈ ہوتے ہیں ۔ دولتمند ہوتے ہیں میں تو کہتا ہوں کہ وہ تو ایک قوم کی خدمت کرتا ہے اور اپنے روپے کو سرکولیشن میں لاتا ہے ۔

"برائے نہادن چہ سنگ و چہ زر"

اور وہ روپیہ قوم کے کاموں پر لگاتا ہے ۔ قوم کے مزدوروں کو اس سے فائدہ ہوتا ہے ۔ جناب والا ۔ میری عرض یہ ہے کہ رشوت ضرور ہے اس میں شک نہیں لیکن رشوت کو دور کرنے کے لئے ہمیں چند ایک طریقوں کو بروئے کار لانا چاہئے ۔ سب سے پہلے ہمیں معاشرے میں ایسی تبدیلی کی ضرورت ہے کہ ہم یہ سوچنا چھوڑ دیں کہ آج رات کو ہم سوئیں اور صبح اٹھیں

تو ایک معمل بن گیا ہو ۔ اس چیز کی کشش اور اس چیز کی کوشش ہم لوگوں کو مجبور کرتی ہے ۔ دوسرے ہم رشوت کیوں دیتے ہیں ۔ اس لئے کہ ناجائز کام ناجائز ذرائع سے ناجائز وقت میں کرانا چاہتے ہیں ۔ اگر ہم اس چیز سے اجتناب کریں ۔ تو ٹھیک ہے ۔ اگر کہیں جائز کام ہے ۔ تو جائز طریقے سے Through proper channel آہستہ آہستہ ہوتا جائے گا میرے خیال میں ہمیں رشوت دینے کی ضرورت نہیں پڑے گی ۔ ہمیں بہت زیادہ جلدی ہوتی ہے اور ہم کہتے ہیں کہ یہ کسی نہ کسی طریقے سے جلد کام ختم ہو جائے ۔ رہا یہ کہ رشوت کو کم کرنے کے لئے جو چیز میں نے عرض کی ہے کہ لوگوں کے دلوں میں خوف خدا پیدا کیا جائے قوم کے دل میں معاشرے کے دل میں خوف خدا پیدا کیا جائے ان کو یہ سمجھایا جائے کہ ناجائز کام کیوں کرتے ہو ناجائز طریقے سے کسی کا حق کیوں غصب کرتے ہو۔ رشوت کیوں دیتے ہو ۔ فلاں نے کہا کہ اسے نہ دیں مجھے دے دیں ۔ ہڑپنے کا حق چھیننے کے لئے کرتے ہیں ۔ ان کے دلوں میں خوف خدا پیدا کیا جائے اور کہا جائے کہ خدا سے ڈرو ایک روز مرنا ہے کیا خالی ہاتھ دنیا سے جاؤ گے اللہ کے سامنے کچھ لے کر جاؤ ۔ بڑے بڑے مالدار قارون جیسے لوگ اس دنیا سے خالی ہاتھ گئے ہیں ۔ ناجائز دولت کسی کام نہیں آئے گی ۔ ناجائز طریقوں سے ناجائز دولت کمانا چھوڑ دو ۔ رشوت ستانی کے متعلق عرض کر رہا ہوں کہ بعض ایسے مقدمات ہیں کہ جو حکومت اس قابل سمجھتی ہے کہ ان کی سماعت کا پورا ثبوت مل رہا ہے ۔ وہ بھی جرگہ کے سپرد کئے جا سکتے ہیں ۔ اور اگر محسوس کیا جائے یا پوری تحقیقات کے بعد معلوم ہو جائے کہ

اس شخص نے کرپشن کی ہے ۔ اس شخص نے رشوت لی ہے یا اس شخص نے بے ایمانی کی ہے ۔ یا اس شخص نے ناجائز طور پر دولت کمائی ہے ۔ تو میں اس کے بارے میں عرض کروں گا کہ وہ جائیداد جو اس نے بنائی ہے اس کی ضبطی کے احکام جاری کر دئیے جائیں ۔ یہ نہیں کہ اسکو سزا ہی دی جائے بلکہ جائیداد کی ضبطی کے احکام بھی جاری کر دئیے جائیں ۔

جناب والا ۔ میرے معزز بھائی نے ایک اور تجویز پیش کی تھی کہ یونین کونسل یا ڈسٹرکٹ کونسل تین چوتھائی کی اکثریت کے ساتھ جو تجویز پیش کرے تو اس شخص کے خلاف کرپشن کے بارے میں کارروائی کی جائے تو میں نہایت ادب کے ساتھ ان کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ یہ طریقہ ذرا مشکل اور پیچیدہ ہوجائے گا ۔ ہمارے ملک میں پارٹی بازی ہے اس میں شک نہیں کہ بعض افسر ہمیں پسند ہوتے ہیں ۔ بعض نا پسند ہوتے ہیں ۔ بعض ہمارے ناجائز کام نہیں کرتے ۔ اور بعض ہمارے جائز کام نہیں کرتے اس طریقے سے اس قانون میں بڑی مشکلات پیدا ہو جائیں گی ۔ موجودہ طریقہ کار جو ہے کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ جرگہ کے لیے سفارش کرتا ہے اور کمشنر صاحب اس کی approval دیتے ہیں اگر موجودہ طریقہ کو بحال رکھا گیا تو یہ اختیارات تحصیل کونسلوں کو تفویض نہ کئے جائیں تو زیادہ بہتر ہے ۔ ہو سکتا ہے کہ آئندہ وقتوں میں پانچ سال میں دس سال میں پندرہ سال میں ہمارا معاشرہ اس قابل ہو سکے اور ایسے لوگ پیدا کر سکیں کہ جو یونین کونسل لیول پر ۔ تحصیل کونسل لیول پر یا ڈسٹرکٹ کونسل لیول پر اس چیز کی سفارش کریں تو وہ صحیح سفارش ہوگی اور زیادہ بہتر ہوگی میں ان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ اس چیز کے متعلق ذاتی طور

ہو یہ میری ذاتی رائے ہے ممکن ہے ان کی رائے صحیح ہو اور میری رائے غلط ہو بہر حال میری ذاتی رائے یہ ہے کہ اس وقت یہ اختیارات یونین کونسلوں اور تحصیل کونسلوں کے حوالے نہ کئے جائیں جب تک ہمارے عوام کا شعور اس قابل نہ ہو سکے اور یہ کہہ سکیں کہ یہ لوگ صحیح طریقے سے کام شروع کریں گے ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ دفتری کام میں دیر وغیرہ کے متعلق شکایت ہے ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ بعض اوقات کاغذات کو ایک دفتر سے دوسرے دفتر تک پہنچنے میں خاصی دیر ہوجاتی ہے یہ نہیں ہونی چاہئے ۔ بہر حال جو کلرک متعلقہ ہیں یا جو کام کرنے والے ہیں وہ بھی انسان ہیں ۔ میں یہ کہوں گا کہ ہر جگہ ہر شعبہ میں ۔ ہر محکمہ میں قابل انسان بھی ہوتے ہیں اور کم قابلیت رکھنے والے انسان بھی ہوتے ہیں ۔ ان پر بوجھ بھی ہوتا ہے ۔ پریشانیاں بھی ہوں گی ۔ دماغ بھی اس قابل نہیں ہوگا کہ صحیح طور پر کام کر سکیں ۔ یہ بھی ان کو فکر ہو گی کہ آج کچھ بال بچوں کے لئے روزی لے جانی ہے کہاں سے لے جاؤں کل بچے کی فیس داخل کرنی ہے اس کے لئے بھی انتظام کرنا ہے پھر کل بچے کو یونیورسٹی میں داخل کرنا ہے اس کی فیس کا بھی انتظام کرنا ہے دیگر قسم کی اور چیزیں ہو سکتی ہیں بہر حال جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے لیڈر آف دی ہاؤس سے درخواست کروں گا کہ وہ اس سلسلہ میں اس کام کو تیز تر کردیں تاکہ دفتری کام میں یا دفتری کاغذات میں جو دیر ہوتی ہے اس کو کم سے کم تر کیا جائے ۔ تاکہ عوام کا اور حکومت کا وقت ضائع نہ ہو تو یہ زیادہ بہتر رہے گا ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ میری عرض یہ ہے کہ ہمارے - بعض چھوٹے چھوٹے کاغذات اور چھوٹے چھوٹے کام وہاں پر پورے نہیں ہوتے وہ لاہور ہی آ کر پورے ہوتے ہیں یا لاہور میں ہی ختم ہوتے ہیں بجائے اس کے کہ وہاں کے عوام کو چھوٹے چھوٹے کاموں کے لئے لاہور آنا پڑے ۔ بہتر یہ ہے کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ یا کمشنر صاحبان جو بہت ذمہ دار افسر ہوتے ہیں ان کے حوالے یہ کام کر دیا جائے ۔ مثلاً اگر prohibited bore کے لائسنس کے لئے یا retainer بنانے کے لئے کاغذات لاہور نہ جائیں اس کے لئے ڈپٹی کمشنر کو authorise کریں یا کمشنر صاحب کو authorise کریں مثلاً ایک شخص ہے اس کے پاس ۵۵ء۴ بور کا پستول ہے یا تھری ناٹ تھری کی رائفل ہے یا carbine کا یا کسی اور چیز کا لائسنس بنانا چاہتا ہے تو پہلے ڈپٹی کمشنر اس کے لئے کمشنر کو سفارش کرے گا اور پھر کمشنر ہوم سیکریٹری کو سفارش کرے گا اس طرح یہ لمبا چوڑا پروسیجر ہوتا ہے ۔ مجھے ایک عزیز دوست نے بتایا کہ ڈیڑھ سال ہو گیا ہے ۔ ایک prohibited bore کے اسلحہ کا ایک private retainer بنانے کے لئے ابھی تک کچھ بھی نہیں ہوا ۔ میں گذارش کروں گا کہ گورنمنٹ کو کوشش کرنی چاہئے جن کاموں کا اختیار ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ یا کمشنر صاحبان کو ہوتا ہے وہ ان کاموں کو آسانی سے مقامی طور پر کر دیا کریں تاکہ غریب عوام کوئٹہ سے قلات سے پشاور یا مردان سے کراچی سے دور دراز کا سفر طے کر کے لاہور جانے کی تکلیف اٹھانے پر مجبور نہ ہوں اس سے عوام کو علاوہ زاید اخراجات کے بے جا ذہنی پریشانی بھی لاحق ہوتی ہے آپ انتظام کریں کہ مقامی افسران ڈی سی اور کمشنر صاحبان موقعہ پر ہی یہ کام جلدی سر انجام دے دیا کریں ۔

ان الفاظ کے ساتھ میں عرض کروں گا کہ اگر مناسب ہو تو اس کٹ موشن کو لے لیں اس لئے کہ یہ مناسب بات ہے۔

خان محمد یوسف خان (راولپنڈی-۲)۔۔جناب والا ۔ افسوس ہے کہ رشوت ستانی دن بدن بڑھتی جا رہی ہے اور کم نہیں ہو رہی ہمارے وزراء نے بھی اس کا تذکرہ کیا ہے اور اپوزیشن والوں نے بھی اس کی شکایت کی ہے کوئی محکمہ بھی آج اس سے محفوظ نہیں ہے اس لئے ہم سب ہراساں ہیں مجھے افسوس ہے کل ایک وزیر صاحب نے بھی کہہ دیا تھا کہ باوا آدم سے لیکر رشوت چلی آرہی ہے اور یہ دنیا سے قطعاً بند نہیں ہوسکتی یہ ایک پرانی قدرتی بیماری انسان پر چلی آ رہی ہے اس سے ہراساں نہیں ہونا چاہئے ۔ مگر جناب والا ۔ میں حیران ہوں کہ یہ بات انہوں نے کیسے کہہ دی جبکہ اسلام ہی ایک ایسا مذہب ہے جس کی تاریخ کے اوراق کو پلٹ کر دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ اس میں یہ بھی درج ہے کہ خلفائے راشدین کے زمانے میں رشوت قطعاً نہیں تھی اور یہاں تک تاریخ مکمل ہے وہ اولین شخص جس نے مسلمانوں میں پہلے پہل رشوت لی ۔ وہ کونسا شخص تھا اس کا نام تک درج ہے ورنہ عام طور پر اسلامی معاشرہ اس لعنت سے پاک تھا مگر یہ عالم ہے کہ Anti-corruption کا محکمہ قائم ہے اور اس پر جوں جوں زیادہ خرچ کیا جا رہا ہے رشوت ستانی اور بھی بڑھتی جا رہی ہے یہ مادیت کا دور ہے اگر اخلاقی تعلیم پر اور مذہبی تعلیم پر زور دیا جائے تو یہ مادیت کی پیدا کردہ لعنت دور ہوسکتی ہے دوسرے اگر سنگین جرائیم کی شدید سزائیں دی جائیں تو بھی جرم کم ہو سکتے ہیں مجرموں سے سختی کی بجائے نرمی کرنے سے جرائم بڑھ رہے ہیں ۔ پھر جناب بعض ایسے سرٹیفکیٹ طلب کئے جاتے ہیں ۔ جن کی تصدیق کرانے

کے لیے رشوت دینی پڑتی ہے کہ فلاں فرد حنفی ہے یا کس فرقے یا شہر یا ملک کا رہنے والا ہے اس میں پانچ روپے دس روپے بیس روپے تک دینے پڑ جاتے ہیں خاص کر نچلا طبقہ ملازمین کا عوام کو بڑا تنگ کرتا ہے ۔ اس کے علاوہ جناب والا میں تمثیلاً عرض کرنا چاہتا ہوں کہ محکمہ جنگلات کے ادنیٰ ملازمین بڑے بڑے افسروں سے بھی زیادہ روپے کما لیتے ہیں کیونکہ جو لوگ جنگل میں بھیڑ بکری چرانے آتے ہیں یہ ان سے ایک دن میں پچاس پچاس روپے تک رشوت لے لیتے ہیں اگر سرکاری جنگلات کی چراگاہیں قریبی دیہات میں تقسیم کر دی جائیں تو ان کو درختوں کی حفاظت کا ذمہ دار بھی بنایا جا سکتا ہے اور رشوت سے چھٹکارا بھی حاصل کیا جا سکتا ہے ۔ دیہاتی خود grazing اور lopping کے ذمہ دار ہوں گے اور کئی قسم کے نقائص دور ہو جائیں گے اس قسم کے عملی اقدامات سے اور مذہبی و اخلاق تعلیم سے رشوت کم ہو سکتی ہے ۔

جناب والا ۔ اس سلسلے میں میں یہ عرض کر دینا بھی ضروری سمجھتا ہوں اور جیسا کہ میں نے پہلے بھی تعلیم کے بارے میں عرض کیا ہے اور بالخصوص آئندہ جن غیر مسلم اصحاب اور سکولوں پر ہمارے بچوں کی تعلیم کی ذمہ داری ہے چونکہ ان کے ہاتھ پہلے ہی ہمارے اوپر ہیں اس لئے حکومت کو ان کی طرف خاص توجہ دینی چاہئے تاکہ ہمارے بچوں کی تعلیم صحیح لائنوں پر ہو اس کا نتیجہ انشاء اللہ تعالیٰ ہمارے لیے اچھا نکلے گا ۔ اور وہ قباحتیں جو ہمیں اس وقت نظر آتی ہیں وہ ہماری آئندہ نسل میں سے یقیناً ختم ہو جائیں گی ۔

Mr. Speaker : I will now put the cut motion

The question is :—

That the total of Rs. 11,70,200 on account of 25-General Administration-Total New Expenditure be reduced by Rs. 11,70,199.

The motion was lost.

Next motion is by Mr. Mahmood Azam Farooqi.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : I move :—

That the total of Rs. 11,70,200 on account of 25-General Administration-Total New Expenditure be reduced by Rs. 10,00,000.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is :

That the total of Rs. 11,70,200 on account of 25-General Administration-Total New Expenditure be reduced by Rs. 10,00,000.

Yes, Mr. Farooqi.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸)—جناب والا - اس معزز ایوان میں اس اجلاس کا جس قسم کی گفتگو سے آغاز ہوا ہے - خواہ وہ ریلوے کے بجٹ پر ہو یا جنرل بجٹ پر - یا supplementary بجٹ پر - ہر موقع پر ہر گوشے سے یہی بات آپ کے سامنے آتی رہی کہ حکومت کے تمام محکموں پر رشوت - بدعنوا' - نااہلی - اختیارات کا جائز - ناجائز استعمال اور اسی قسم کی دیگر خرابیاں - نہ صرف یہ کہ مسلط ہوتی جا رہی ہیں - بلکہ روز بروز بڑھتی جا رہی ہیں ہم تو خیر حزب اختلاف کے رکن ہیں - ہماری بات تو یہ کہہ کر رد کر دی جاتی ہے کہ ان کا کام ہی مخالفت برائے مخالفت ہے - لیکن امر واقعہ یہ ہے کہ ہمارے بائیں طرف بیٹھنے والے دوستوں نے بھی - اگر سب نے نہیں - تو بیشتر حضرات نے اپنی تقریروں میں اس بات کی شکایت کی ہے -

جناب والا - اس ضمن میں اصل چیز جو دیکھنے کی ہے - یہ ہے کہ خواہ گفتگو کسی قسم کی ہو - اور موضوع سخن کوئی بھی ہو - بدعنوانی اور رشوت کی شکایت ہر موقع پر کیوں کی جاتی رہی ہے -

یہ چیز اس بات کی نشاندھی کرتی ھے کہ لوگ اس سے کتنے عاجز اور پریشان ھیں ۔ ان کے ذھنوں پر یہ بدعنوانیاں مسلط ھیں ۔ کوئی گفتگو ھو اور کوئی موقع بھی ھو ۔ وہ یہی شکایت کرتے ھیں ۔ آخر کیوں ؟ اس لئے کہ یہ ان کے دل کی آواز ھے ۔ جو بلا تامل نکلتی رھتی ھے ۔ مجھے خوشی ھے کہ قائد ایوان نے بھی ان خرابیوں کو تسلیم کیا ھے ۔ یہ ایک بڑی ھی خوش آئند چیز ھے ۔ کیونکہ جب تک ان خرابیوں کے موجود ھونے کا احساس نہ ھو ۔ اس وقت تک ان کی اصلاح ناممکن ھے ۔ ویسے قائد ایوان کو اور ھمارے بائیں طرف بیٹھنے والے سب دوستوں کو کم از کم اس بات سے تو اتفاق ھے کہ یہ خرابیاں موجود ضرور ھیں ۔ اور اگر اختلاف ھے تو وہ صرف کثرت اور قلت کے بارے میں ھے ۔ ھم سب جانتے ھیں کہ یہ خرابیاں اور برائیاں روز افزوں ھیں اور روز بروز بڑھ رھی ھیں ۔ ان میں کمی نہیں ھو رھی ۔ لیکن آپ فرماتے ھیں کہ صورت حال یوں نہیں ۔ کیونکہ دنیا کے ھر ملک میں ھر زمانے میں یہ خرابیاں رھی ھیں اور آئندہ بھی رھیں گی ۔ البتہ تھوڑی بہت جو خرابیاں ھیں وہ آھستہ آھستہ رفع ھوتی رھیں گی ۔

جناب والا ۔ جب ھم یہ کہتے ھیں کہ یہ خرابیاں ھیں ۔ تو ھمارا مطلب یقیناً یہ نہیں ھوتا کہ ھر محکمے کے سارے افسران ۔ چپراسی سے لے کر سیکرٹری تک سب بدعنوان اور corrupt ھیں ۔ ایسا نہیں ھے ۔ ھم بھی اس بات کو اچھی طرح جانتے ھیں ۔ کیونکہ ھم اس ملک میں رھتے ھیں اور ھمیں ان سے سابقہ پڑتا ھے ۔ ھم یہ جانتے ھیں کہ یہاں بہت سے اچھے لوگ بھی ھیں ۔ لیکن زیادہ خراب ھیں ۔ دراصل جب کوئی بات کہی جاتی ھے ۔ تو اس کی بنا مستثنیات پر نہیں رکھی جاتی ۔ بلکہ عام حالات پر رکھی جاتی ھے ۔

اگر سب کے سب لوگ خراب ہوتے اور بدعنوانیوں کے مرتکب ہوتے رہتے ۔ تو یہ نظام حکومت چلنا ناممکن ہو جاتا ۔ بات یہ ہے کہ ہمارے موجودہ قائد ایوان ایک عرصہ سے وزارت کی کرسی پر متمکن رہے ہیں ۔ جس کی وجہ سے عوام سے ان کا رابطہ قائم نہیں رہ سکا ۔ ان کو اپنے کام اور اپنی ضروریات کے لئے ۔ اپنے مسائل کے حل اور مشکلات سے نجات حاصل کرنے کی غرض سے کبھی چھوٹے افسران کے پاس جانا ہی نہیں ہوتا ۔ اس لئے ان کو خرابیوں کا احساس ہی نہیں ہو سکتا ۔ دراصل ان کو پتہ ہی نہیں کہ عوام ان بدعنوانیوں اور اس بدنظمی کی وجہ سے کن مشکلات سے دو چار ہیں اور ان کے حالات روز بروز کس حد تک خراب ہوتے جا رہے ہیں ۔ نتیجہ یہ ہے کہ آج وہ اپنا کوئی کام بھی رشوت دینے یا کوئی رسوخ استعمال کئے بغیر نہیں کرا سکتے ۔

جناب والا ۔ اس کا سب سے بڑا نقصان جو اس ملک کو پہنچ رہا ہے ۔ اور جس کا مجھے شدت سے احساس ہے ۔ وہ ہماری نوجوان نسلوں میں سے خود اعتمادی کا کم ہوتا جاتا ہے ۔ چنانچہ آج ہمارے ہاں عام فضا یہ ہے کہ ہر شخص یہ سمجھتا ہے کہ ہمارا کوئی کام بغیر رشوت اور اثر و رسوخ کے استعمال کے نکل نہیں سکتا ۔ میرے پاس لوگ آتے رہتے ہیں ۔ جن میں سکول کے طلبا اور فارغ شدہ طالب علم بھی ہوتے ہیں ۔ ان کے ذہن میں یہ بات ایک established fact کی صورت میں رچ بس چکی ہے کہ ہمیں اس وقت تک کوئی ملازمت نہیں مل سکتی ۔ امتحان میں اچھی ڈویژن نہیں مل سکتی ۔ ہم مقابلے کے امتحان میں کامیاب نہیں ہو سکتے ۔ جب تک اثر و رسوخ کا استعمال نہ کیا جائے یا رشوت کی کوئی صورت نہ ہو سکے ۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ ہمارے نوجوانوں میں خود اعتمادی ۔ initiative ۔ اپنی

قوت اور بھروسے پر کام کرنے کی جہت اور اپنے مسائل کا حل تلاش کرنے کی صلاحیت کم سے کم تر ہوتی جا رہی ہے ۔ اور جس ملک کے نوجوانوں میں یہ خرابی پیدا ہو ۔ وہ یقیناً بہت ہی خطرناک نتائج کا پیش خیمہ ہے ۔

جناب والا ۔ ہمارے محکموں میں جو خرابیاں ہیں ۔ وہ تین حصوں میں تقسیم کی جا سکتی ہیں ۔ اول رشوت اور بدعنوانی ۔ دوم ۔ نااہلی اور سہل انگاری ۔ اور سوم ۔ اپنے اختیارات کا جائز استعمال ۔ ہمارے محترم قائد ایوان اور دوسرے وزراء نے یہ فرمایا تھا کہ جرائم اور دوسری خرابیاں ملک میں اس طرح نہیں بڑھ رہیں کہ وہ ہمیں چوکنا کرنے کا باعث ہوں ۔ میں ان خرابیوں اور برائیوں میں اضافے کے چند اعداد و شمار حکومت کے شائع کردہ اعداد و شمار سے پیش کرتا ہوں ۔

۱۔ قتل یعنی انسانی جان کا بغیر کسی وجہ کے ختم کر دینا ۔ یہ اسلام میں اتنا سنگین جرم ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک شخص کے قتل کو انسانیت کے برابر فرمایا ہے ۔ مغربی پاکستان میں ۱۹۶۲ء میں ۲۹۱۹ قتل ہوئے اور ۱۹۶۴ء میں ۳۰۱۷ ۔

۲۔ مغربی پاکستان میں ۱۹۶۲ء میں ۱۳۱۱ اغوا کی وارداتیں ہوئیں ۔ اور ۱۹۶۴ء میں ۱۸۵۹ ۔

آپ کہیں گے کہ اگر ۵ کروڑ کی آبادی میں ۱۹۶۴ء میں ۱۸۵۹ اغوا کی وارداتیں ہوئیں ۔ تو یہ کون سے ایسے بڑے جرائم ہیں ۔ یا اتنا بڑا معاملہ ہے جس سے ہم پریشان ہوں ۔

جناب والا ۔ جس شخص کا چھ سالہ سکول جانے والا بچہ یا اس کی جوان لڑکی اغوا ہو جائے ۔ اس خاندان کا حال افراد خاندان کی موت سے کہیں زیادہ بدتر ہو جاتا ہے ۔

آپ اندازہ نہیں کر سکتے کہ ۵ کروڑ کی آبادی میں اغوا کے جرائم سے متاثر ۱۸۵۹ خاندانوں کی کیا حالت ہوگی اور یہ ۱۸۵۹ خاندان کس کرب میں مبتلا ہوں گے ۔ کراچی میں اگر ایک لڑکی اغوا کر لی جاتی ہے، تو اس کا کوئی پتہ نہیں چلتا ۔ آخر اس کی ذمہ داری کس پر ہے ۔ کیا ہماری انتظامیہ پر اس کی ذمہ داری ہے یا ہماری وزارت پر یا ہماری پولیس پر اس کی ذمہ داری ہے ۔ یا ہمارے سربراہوں پر ۔ آخر کس پر اس کی ذمہ داری ہے ۔ کراچی جو ایک بہت بڑا شہر ہے وہاں بڑے بڑے غیر ملکی dipolmates آتے ہیں ۔ دنیا کے مہذب شہروں میں سے ایک شہر ہے وہاں ایک سال میں ۱۷ قتل کا ہو جانا کوئی معمولی بات نہیں ۔ اُن میں سے کتنوں کا پتہ چلا ۔ کتنوں کا پتہ نہیں لگا ۔ کس نے قتل کیا مجرم کون تھے ۔ اور وہ کہاں گئے اُن کا کوئی پتہ نہیں ۔ اب میں بد عنوانیوں کی ایک تازہ مثال دیتا ہوں ۔ لاہور میں سرکاری ملازمین کے لئے ایک کالونی بنانے کی تجویز ہے ۔ اُس کے لئے جگہ کی allocation ہو چکی ہے اور میرے علم کی حد تک اس کے لئے ابھی تک کوئی قواعد و ضوابط مقرر نہیں کئے گئے نتیجہ یہ ہے کہ جس شخص کا کوئی اثر و رسوخ ہو وہ اسے استعمال کریگا یہاں رشوت تو شاید ممکن نہ ہو کیونکہ ایک سرکاری ملازم سے دوسرا سرکاری ملازم شاید رشوت نہ لے گا البتہ اثر و رسوخ ضرور استعمال ہوگا اور اس سے استفادہ کیا جائیگا ۔ لیکن جو شخص کسی قسم کے اثرات سے محروم ہے وہ اس allocation سے استفادہ نہیں کر سکے گا ۔

(اس مرحلہ پر ڈپٹی سپیکر مسٹر احمد میاں سمرو کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے)۔

انتظامیہ میں دوسری اہم خرابی جو کم تشویش ناک نہیں ۔ وہ اس کی نا اہلی ہے اس کے لئے میں تین بڑی مثالیں پیش کروں گا ۔ سب سے پہلے اس ایوان کے سابقہ معزز رکن مسٹر عبدالباقی کو لیجئے جن کی جان پر حملہ ہوا تھا ۔ اور جس کا ذکر اس ایوان میں پہلے بھی آ چکا ہے اُن کے واقعہ کو گذرے ہوئے آج کئی ماہ کا عرصہ ہو چکا ہے آپ کو معلوم ہے ۔ کہ ابھی تک یہ پتہ نہیں چل سکا ۔ کہ وہ کون لوگ تھے ۔ جنہوں نے یہ اقدام کیا ۔ انہوں نے کیوں ایسا کیا ۔ کس کے اکسانے پر ایسا کیا اور پھر وہ لوگ کہاں گئے کس کی آغوش عاطفت میں چھپ گئے ہیں کہ ابتک اس کا کچھ پتہ نہیں چل سکا ۔ اب آپ خیال فرمائیے وہ تنہا ایک عام شخص نہیں تھے ۔ بلکہ صوبائی اسمبلی کے معزز رکن تھے ۔ اور دو اڑھائی لاکھ انسانوں کی نمائندگی کی ذمہ داری ان کے سپرد تھی جب ان کے ساتھ ایسا معاملہ ہو سکتا ہے تو ان لوگوں کا کیا حال ہو گا ۔ جو بے وسیلہ ۔ بے یارو مددگار اور بے سہارا ہیں اور جن کی زندگی اس ملک میں بھیڑوں اور کتوں سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتی ۔ جب میں یہ کہتا ہوں ۔ کہ اُن کی زندگی بھیڑوں اور کتوں سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتی ۔ تو میں جانتا ہوں کہ یہ حقیقت ہے ۔ کراچی کو دیکھ لیجئے ۔ کراچی کے کسی اخبار کو اٹھا کر دیکھ لیجئے ۔ روزانہ دو چار حادثات کا ذکر ہو گا مرنے یا قتل ہونے کے واقعات ہوں گے ۔ لیکن میری نظر سے ابھی تک کوئی اخبار نہیں گذرا جس میں اس بات کا بھی ذکر ہو کہ فلاں بس ڈرائیور یا فلاں قاتل کو پھانسی کی سزا دی گئی ہے ۔ جس نے سکول جاتے ہوئے

کسی بچے پر بس چڑھا دی تھی ۔ سکول جانے والے چھوٹے بچوں یا دفتر جانے والے نوجوانوں کے متعلق کوئی نہیں جانتا کہ وہ وہاں پہنچے بھی ہیں یا نہیں ۔ اور بعض اوقات شام کو ماں اور بیوی کو ہزار انتظار کے بعد ان کی لاش کسی ہسپتال سے ملتی ہے ۔ یہ واقعات انوکھے نہیں ہیں ۔ کسی بھی دن کا اخبار اٹھا لیجئے یہ کبھی نہیں ہوگا ۔ کہ آپ کو ایسی دو چار وارداتیں نہ ملیں ۔ میں اس بات کی ضمانت دیتا ہوں ۔ کہ ایسا نہیں ہوگا ۔ اور آپ اخبار دیکھ کر مایوس نہیں ہوں گے ۔

دوسری نا اہلی کی مثال یہ ہے ۔ کہ لاہور جس کو قلب پاکستان کہا جاتا ہے ۔ آپ کی صوبائی حکومت کا دارالخلافہ ہے ۔ یہاں کا دارالحکومت ہے ۔ یہ شہر تہذیب کا گہوارہ ہے ۔ اسی شہر میں ملک کی ایک پرامن جماعت نے جب اپنی سالانہ کانفرنس کا انعقاد کیا ۔ جس میں تقریباً دس ہزار انسانوں کا اجتماع تھا ۔ وہاں چند غنڈے آئے ۔ انہوں نے جلسہ گاہ کی دکانیں لوٹ لیں ۔ سٹالوں پر حملے کئے ۔ قناتوں کی رسیاں کاٹ دیں ۔ شامیانے گرا دئے یہاں تک کہ قرآن پاک کی بے حرمتی کی گئی ۔ گولیاں چلائی گئیں ۔ اور ایک بے گناہ ان گولیوں کا نشانہ بن گیا ۔ ایک انسان قتل نہیں ہوا ۔ جس کا قتل پوری انسانیت کے قتل کے برابر ہے ۔ اتفاق سے اس جماعت نے موقع پر ہی اس قاتل کو پکڑ لیا ۔ اور وہ سزا یاب ہوا ۔ لیکن اس بات کے لئے حکومت اب بھی جواب دہ ہے ۔ کہ وہ کون لوگ تھے ۔ جنہوں نے اس پر امن اجتماع پر حملہ کیا ۔ ان کو بھیجنے والے کون تھے ۔ ان کی پشت پناہی کون کر رہے تھے ۔ وہ کہاں سے آئے تھے ۔ اور پھر کس کی آغوش عافیت میں جا چھپے ۔ کہ آج تک ان کا پتہ نہیں چل سکا ۔

نا اهلی کی تیسری مثال یہ ہے ۔ کہ ابھی حال ہی میں صدارتی انتخاب کے ختم ہونے پر دوسرے ہی دن نتیجہ کے بعد کراچی میں کچھ فسادات ہوئے ۔ جن سے اخبارات کے صفحات پر ہیں ۔ لیکن ان واقعات اور ان فسادات کی تفصیل شاید آپ کو معلوم نہ ہو ۔ ایک آبادی کے لوگوں نے ٹرکوں ۔ کاروں ۔ اور گاڑیوں میں سوار مسلح ہو کر اس وقت جب شہر میں دفعہ ۱۴۴ نافذ تھی ۔ fire arms سے ہوائی fire کرتے ہوئے دوسری آبادی کے لوگوں پر حملہ کیا ۔ ان کی دکانیں لوٹ لیں ۔ قتل و غارت کا بازار گرم ہوا ۔ آگ لگائی گئی ۔ سینکڑوں لوگ بے خانماں ہوگئے ۔ بے شمار عورتیں بیوہ ہوگئیں ۔ اور کتنے ہی بچے یتیم ہوگئے ۔ عمر بھر کا اثاثہ جو ان لوگوں نے جمع کیا تھا ۔ اپنے گاڑھے پسینہ کی کمائی جو خون پسینہ ایک کر کے حاصل کی تھی ۔ چند لمحوں میں آگ کی نظر ہو گئی ۔ اور آج تک پتہ نہیں چل سکا ۔ کہ اس کا ذمہ دار کون تھا ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر--یہ matter چونکہ subjudice ہے ۔ اس لئے اگر آپ اسے touch نہ کریں تو بہتر ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی---تیسری خرابی اختیارات کو ناجائز استعمال کرنے سے متعلق ہے میں اس کی بھی چند مثالیں پیش کروں گا ۔ اگر تمام واقعات بیان کئے جائیں تو شاید زندگی ختم ہو جائے ۔ اور پھر بھی یہ قصۂ درد ختم نہ ہو ۔

پچھلے دنوں اس ایوان میں انتخابات میں انتظامیہ کی بد عنوانیوں کا ذکر ہوا تھا ۔ اس سلسلہ میں میں یہ عرض کروں گا ۔ کہ کچھ لوگوں نے جو ملک کے وفادار شہری تھے ۔ اس طرح کی

بد عنوانیوں کو تحریری طور پر محفوظ کرنے کا انتظام کیا ۔ اس کا مقصد یہ تھا ۔ کہ یہ معلوم ہوسکے ۔ کہ معاشرہ میں کیا کیا خامیاں ہیں ۔ تاکہ آئندہ کے لئے اُن کو نگاہ میں رکھا جا سکے ۔ اور اس کے ازالہ کی فکر کی جا سکے ۔ اور ایک ایسی دستاویز تیار ہو جائے ۔ جس سے معاشرہ کی خامیوں کا پورا پورا اندازہ ہو سکے ۔ اور صحیح حالات اور واقعات پبلک کے سامنے آ جائیں ۔ لیکن اُن لوگوں کو روک دیا گیا ۔ اگر وہ واقعات غلط ہوتے تو اس کے لئے قانون موجود تھا ۔اس کے لئے دفعات موجود تھیں ۔ آپ ان کی غلطی پر ان کو سزا دے سکتے تھے ۔ ان کو کیفر کردار تک پہنچا سکتے تھے ۔ اور اگر وہ صحیح بات کہہ رہے تھے ۔ تو آپ ان باتوں کو سامنے آنے سے کیوں روکنا چاہتے ہیں ۔ کیا آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی بد عنوانیاں پبلک کے سامنے نہ آئیں ۔ جو لوگ آپ کی بد عنوانیاں عوام کے سامنے لانا چاہتے ہیں وہ آپ کے دشمن نہیں ہیں ۔ آپ کی اصلاح اسی میں ہے ۔ اس میں خود آپ ہی کا فائدہ ہے ۔ آپ کے چھوٹے چھوٹے افسران جو پورے ملک پر چھائے ہوئے ہیں ۔ اضلاع اور تحصیلوں میں پھیلے ہوئے ہیں ۔ اگر ان کی بد عنوانیاں آپ کے سامنے آ جاتیں اور عوام کے سامنے آ جاتیں تو آپ ان بد عنوانیوں کا ازالہ کر سکتے تھے ۔ اور احتیاط برت سکتے تھے ۔

دوسری مثال جو میں پیش کر رہا ہوں ۔ وہ high handedness کی ہے ۔ مشرقی پاکستان میں cyclone آیا ۔ فیلڈ مارشل محمد ایوب خان صاحب نے عوام سے اپیل کی ۔ کہ اس دیس میں رہنے والوں کے لئے fund اکٹھا کیا جائے یہ بات قابل انکار اور محتاج بیان نہیں ۔ کہ کوئی حکومت یا کوئی شخص کوئی رفاہی کام اپنی قوت پر تنہا نہیں کر سکتا ۔ نہ کوئی ادارہ یا کوئی انجمن اکیلے یہ کام کر سکتی ہے ۔

البته سب مل کر ھی کسی national calamity میں اچھی طرح کام کرنے کے قابل ھو سکتے ھیں ۔

کراچی کی جماعت اسلامی نے بھی یہ طے کیا کہ وہ مشرقی پاکستان کے طوفان زدگان کی اعانت کے لئے کپڑے اور روپیہ لوگوں سے اکٹھا کرکے ان تک پہنچایا جائے ۔ کیونکہ مشرقی پاکستان کی جماعت اسلامی نے رفاھی کام کے لئے بے شمار مراکز کھول لئے تھے اور وہ رفاھی کام کر رھے تھے ۔ پورے مغربی پاکستان میں جہاں جہاں جماعت اسلامی کی شاخیں تھیں اس نے اس کام کے لئے فنڈز اکٹھا کرنے شروع کئے اور آپ کی اطلاع کے لئے میں عرض کردوں کہ ھم اب تک ساٹھ ھزار روپیہ انکو بھیج چکے ھیں ۔ کراچی کی انتظامیہ نے تمام محلوں کے تھانوں کو تحریری طور پر یہ حکم بھیج دیا کہ جماعت اسلامی کے کارکنوں کو یہ کام نہ کرنے دیا جائے اور ان کی یہ مہم بند کر دی جائے میں سمجھتا ھوں کہ یہ اختیارات کا ایک ایسا شدید ناجائز استعمال تھا کہ جس سے سارے ملک کے لوگ متاثر ھوتے ھیں ۔ کہا جا سکتا ھے کہ پورے مغربی پاکستان کے اندر کراچی ایک ایسا شہر ھے جہاں یہ charitable funds collection act نافذ کیا ھوا ھے ۔ جس کے تحت جماعت یا شخص یا کوئی ادارہ charitable مقصد کے لئے کوئی فنڈ حکومت کی اجازت کے بغیر جمع نہیں کر سکتا ۔ صحیح ھے کہ وھاں یہ قانون موجود ھے لیکن کیا اس قانون کا اطلاق پولیٹیکل پارٹیز پر بھی ھوتا ھے کیا سیاسی جماعتیں charitable ادارہ ھیں کہ وہ فنڈز جمع کرنے کے لئے حکومت سے اجازت لیں اور پھر یہ کوئی نئی بات نہ تھی آج سے کئی سال پہلے ۱۹۵۵ء یا سنہ ۱۹۵۶ء میں جب غالباً چودھری محمد علی کی

وزارت کا زمانہ تھا تو اس وقت کراچی کی جماعت اسلامی کو قربانی کی کھالیں جمع کرنے سے روک دیا گیا تھا اسوقت بھی ہم نے یہ سوال اٹھایا تھا کہ اس قسم کے قانون کا اطلاق سیاسی جماعتوں پر نہیں ہوتا انجمن حمایت اسلام اور اس قسم کی دوسری جماعتوں پر ہو سکتا ہے ۔ اس قسم کے قانون کا اطلاق سیاسی جماعتوں پر کرنا غلط ہوگا چنانچہ حکومت نے اس کو مانا ۔ پھر سنہ ۱۹۶۲ء میں مارشل لا کے بعد اور پولیٹکل پارٹیز ایکٹ کے نفاذ کے بعد جو سنہ ۱۹۶۲ء کے شروع میں یا سنہ ۱۹۶۳ء میں مشرقی پاکستان میں cyclone آیا اور اسی طرح سے ہم نے چندہ جمع کرنا شروع کیا تو اس وقت بھی کراچی کے کمشنر نے ہم کو اس سے روکا اور تحریری طور پر حکم دیا تو ہم نے تحریری طور پر اسکا جواب دیا کہ جس قانون کے تحت جماعت کو اس کام سے روکا جا رہا ہے اس قانون کا اطلاق سیاسی جماعتوں پر نہیں ہوتا ہے اس وقت ڈپٹی کمشنر نے اس بات کو تسلیم کیا اور ہمارے کام کو جاری رہنے دیا ۔ اور مداخلت نہیں کی ۔ لیکن آج کی انتظامیہ نے اس کام کو ایک بار پھر روک دیا ۔ جناب والا ۔ اس کام کو روک دینے کا اثر جماعت پر پڑا ۔ کیونکہ جماعتیں جو فنڈز اکٹھا کرتی ہیں وہ اپنی جیب میں رکھنے کے لئے نہ تھا اس کا اثر ان مصیبت زدگان پر پڑا اور اس سے وہ خاندان متاثر ہوئے جو طوفان کی زد میں آ کر اپنا سب کچھ کھو بیٹھے تھے ۔ جن کے لئے صدر مملکت نے بھی اپیل کی تھی کہ ان کی امداد کی جائے ۔

جناب ۔ ایک اور مثال میں آپ کو دیتا ہوں یہ بہت ہی تازہ مثال ہے ۔ جناب والا ۔ یہ کل کا جنگ اخبار ہے اس کی یہ خبر

ہے کہ کراچی کی پولیس نے آج ۲۵-آدمی گرفتار کئے یہ طویل خبر ہے اس کا اختصار یہ ہے کہ ''نیو جوبلی انشورنس کمپنی،، ایک کاروباری ادارہ ہے اور یہ utility سروس بھی نہیں ہے اس کمپنی کے employees کا کمپنی کے ساتھ کچھ اضافہ معاوضہ کے سلسلے میں معاملہ چل رہا تھا اور یہ ملازمین ایک خاموش مظاہرہ کر رہے تھے کوئی لاٹھی ڈنڈا نہیں چلا رہے تھے اپنے مطالبات کو منوانے کے لئے - اور نہ کوئی خلاف قانون صورت اختیار کر رہے تھے - پتہ نہیں کہ وہ کیا حالات تھے جنہوں نے پولیس کو مداخلت کرنے کے لئے مجبور کیا بہر حال پولیس نے دفتروں میں جا کر آدمیوں کو گرفتار کیا اور ان کو تھانے لے گئے - اسی طرح سے میرے پاس ایک خط ڈیرہ غازی خان کے ایک قصبہ درجل سے آیا ہے وہاں کچھ کمہاروں کی آبادی ہے وہاں کے پولیس حکام نے ان سے مفت برتنوں کا مطالبہ کیا اور ان سے وہ برتن حاصل کئے - اس پر وہاں کے کچھ سماجی کارکنوں نے مداخلت کی اور ان کمہاروں کو بتایا کہ پولیس والوں کو کوئی حق نہیں ہے کہ وہ مفت یا بغیر قیمت کے تم سے سامان لیں نتیجہ میں پولیس نے ان کارکنوں کو پکڑ لیا اور بغیر کسی وارنٹ کے گرفتار کرکے تھانے لے گئے اور وہاں ان کو زدوکوب کیا - یہاں تک کہ اس میں کچھ آدمی . . . . . .

Minister of Revenue (Khan Habibullah Khan) : On a point of order, Sir. Can the member refer to some matter which is sub-judice. He must know that if people have been arrested and taken to a lock-up naturally the case must be sub-judice. You cannot offer any comment on that.

مسٹر محمود اعظم فاروقی—جناب والا - یہ معاملہ sub-judice نہیں ہے -

مسٹر ڈپٹی سپیکر—فاروقی صاحب - یہ معاملہ sub-judice ہے -

وزیر مال--Sub-judice اور چیز ہے اور آپ کا تبصرہ اور چیز ہے اخبار نے تو صرف یہ لکھا ہے کہ ان کو پکڑا اب آپ مزید کہہ رہے ہیں کہ ان کو مارا - یہ آپ کا تبصرہ ہے جو آپ نہیں کر سکتے -

مسٹر محمود اعظم فاروقی--جناب Sub-judice اس چیز کو نہیں کہتے ہیں بلکہ ملک کی عدالت میں جو مقدمہ ہو وہ Sub-judice ہوتا ہے -

مسٹر ڈپٹی سپیکر--اگر Investigation Stage پر ہے تب بھی Sub-judice ہوتا ہے -

مسٹر محمود اعظم فاروقی---جناب والا - اگر آپ فرماتے ہیں تو میں آپ کا حکم مانے لیتا ہوں - میرے علم کی حد تک تو Sub-judice اس کو نہیں کہتے ہیں بلکہ جس کسی ملک کی عدالت میں کوئی مقدمہ ہو تو وہ Sub-judice ہوتا ہے -

وزیر مال--گرفتاری کے ۲۴ - گھنٹے کے اندر اندر مجسٹریٹ سے اجازت لینی پڑتی ہے اور وہ Investigation کرتا ہے -

مسٹر ڈپٹی سپیکر--اگر Investigation Stage پر ہے تب بھی Sub-judice ہے اور اگر Investigation Stage میں نہیں ہے تب بھی Sub-judice ہے -

مسٹر محمود اعظم فاروقی--جناب میں ایک اور مثال بھی دیتا ہوں - کراچی شہر میں ایک New کراچی بھی ہے - نیو کراچی سے آپ حضرات کے ذہن میں کوئی نیو دہلی قسم کا تصور نہ پیدا ہو جائے کہ دہلی کے بعد کوئی نیو دہلی بھی ہے - جو

دھلی سے بہتر ہے یہ نیو کراچی وہ جگہ ہے جہاں پر نہ بجلی ہے نہ پانی کا انتظام ہے نہ پارک ہیں نہ سکول ہیں اور نہ ہسپتال ہیں ۔ اس نئی کراچی میں لوگوں کی آبادی ہوئے تقریباً تین سال کا عرصہ ہوا اب تک ۵۰ ۔ فیصدی خاندان ایسے ہیں ۔ جن کو محکمہ متعلقہ اور انتظامیہ نے اب تک الاٹمنٹ آرڈر نہیں دیئے ہیں ۔ اس سے ان کو نقصان یہ پہونچتا ہے کہ متعلقہ انتظامیہ اور پولیس کے افسران جب چاہتے ہیں مردوں کی موجودگی میں اور مرد اگر موجود بھی نہ ہوں تو بھی ان سب کو گھر سے باہر نکال دیتے ہیں اور ان کا سامان سڑکوں پر پھینک دیا جاتا ہے ۔ یہ واقعات کوئی قصہ کہانی کے طور پر نہیں کہہ رہا ہوں بلکہ یہ چشم دید واقعات ہیں جو میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھے ہیں ۔ ایک گھر میں ایک سال سے ایک خاندان بسا ہوا تھا ۔ راشن کارڈ بھی اس کا موجود تھا ۔ پہلی جون کو اس کے پاس ایک نوٹس آتا ہے وہ نوٹس میرے پاس موجود ہے اس نوٹس میں لکھا ہے کہ دوسری جون کو مکان خالی کر دو ورنہ آپ کو مکان سے بیدخل کر دیا جائیگا ۔ میں پوچھتا ہوں کہ جو شخص لاکھوں روپیہ لگا کر اپنی جائیداد بناتے ہیں ان کو بھی یہ اختیار حاصل نہیں ہے کہ ۲۴ ۔ گھنٹے کے اندر کسی کرایہ دار سے مکان خالی کرا سکیں انکو کم سے کم تین چار ہفتہ کی مہلت دیجاتی ہے کہ متبادل جگہ تلاش کر لیں تو جب ایک شخص اپنی ذاتی مالیت سے بنائے ہوئے مکان میں رہنے والے کرایہ دار سے ۲۴ گھنٹے کے اندر مکان خالی نہیں کرا سکتا تو ان حکام کو کیا اختیار تھا کہ اس مکان سے جو عوام کے خزانے سے بنا ہو جس میں کلرک مزدور اور سڑک پر بھیک مانگنے والے نادار اور

اپاهج سب کا حصه هے اور جو غیر آباد لوگوں کے رهنے کے لئے مکان تعمیر کیا گیا هو اس میں رهنے والے ایک شخص کو ۲۴ - گھنٹے کے اندر انخلاء کا نوٹس دیں اور صرف نوٹس هی نہیں دیں بلکه اس نوٹس پر عملدر آمد بھی کر دیں - یعنی ۲-جون کی صبح کو میرے سامنے اس مکان سے جہاں مرد تو موجود نہیں تھے کام پر گئے هوئے تھے پولیس نے عورتوں اور بچوں کو باهر نکالا اور انکا سامان بھی باهر پھینک دیا - ۲۴-گھنٹے کے اندر رهنے کیلئے متبادل جگه کس کو ملتی هے - چلئے میں یه بھی مانے لیتا هوں که ناجائز قبضه رها هوگا اور وه غلط طور پر قابض هوں گے مگر ایک شخص جو ایک سال سے کسی مکان میں رهتا هو اس سے یه کہا جائے که تم ۲۴-گھنٹے کے اندر مکان خالی کر دو تو یه حکم کسی قانون میں جائز هے معروف طریقه هے که جب ایک خاندان کو گھر سے بے گھر کرتے هیں تو اس کو فرصت دیتے هیں اور مہلت دیتے هیں که متبادل جگه تلاش کرے -

جناب والا - ان تمام بد عنوانیوں کے اسباب کیا هیں - جب اسباب پر هم غور کرتے هیں تو سب سے پہلی چیز یه سمجھ میں آتی هے که ''چون کفر از کعبه برخیزد کجا ماند مسلمانی،، - آپ اوپر سے چلئے - جب تک بڑے بڑے افسروں اور محکموں کے اونچے اونچے لوگ ٹھیک نه هوں گے یا آپ ان کو ٹھیک نه کریں گے اس وقت تک آپ نیچے کے لوگوں سے اگر یه توقع کریں که رشوت بند هو جائے گی تو یه ممکن نہیں هے - اگر آپ انتظامیه کو اپنے سیاسی مقاصد کے لئے اپنے کاموں میں لائیں گے تو آپ ان آدمیوں کو مظالم کرنے سے روک نہیں سکتے - انتظامیه کو سیاست سے الگ رکھئے - اپنے مقاصد کے لئے ان کو

استعمال نہ کیجئے - جب ہی انتظامیہ اپنی حدود کے اندر رہ سکتی ہے جب اس کو یہ معلوم ہوگا کہ آپ اپنے مقاصد کے لئے اس کو ناجائز طور پر استعمال کر سکتے ہیں تو ان کے اندر جرأت پیدا ہوتی ہے - ان کے اندر یہ ہمت پیدا ہوتی ہے کہ وہ اپنے اختیارات کو اپنے مقاصد کے لئے استعمال کریں اور ناجائز طریقے اختیار کریں - اگر آپ یہ چاہتے ہیں کہ وہ اپنے اختیارات کو ناجائز طور پر استعمال نہ کریں تو آپ کو اس موجودہ پالیسی کو ترک کرنا ہوگا - وزیر متعلقہ صاحب اور جناب قائد ایوان نے پچھلی گفتگو میں یہ فرمایا تھا کہ رشوت کی شکایت آپ سب کرتے ہیں لیکن کوئی یہ نہیں بتاتا کہ اس کو ختم کیسے کیا جائے - میں آپ کو بتاؤں گا لیکن میں بتانے سے پہلے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ ہم سے کیوں پوچھتے ہیں - حکومت کے تمام ذرائع - تمام وسائل - پولیس کا محکمہ - انتظامیہ کی مشینری اور تمام محکموں کے ہزاروں لاکھوں کی تعداد میں افسر اور ان کے کارکنوں کی فوج در فوج آپ کے حوالے کی ہوئی ہے - اربوں روپے کا خزانہ ہم نے آپکے حوالے کیا ہوا ہے - آپکا یہ کام ہے کہ آپ سوچیں کہ اس کو کس طرح سے ختم کیا جائے اور ان بدعنوانیوں کو کس طرح سے دور کیا جائے - ہم تو آپ کو یہ بتائیں گے کہ یہ برائی ہے - اگر آپ اس برائی کو مانتے ہیں تو ہم سے ترکیب نہ پوچھیئے بلکہ آپ ان برائیوں کو ختم کر کے ہمیں بتائیے کہ ہم نے ان کو ختم کیا ہے اور یہ بھی بتائیے کہ آپ نے اس کے لئے کیا تدابیر اختیار کی ہیں - آپ کو ان رخنوں کا پتہ ہونا چاہئیے جہاں سے برائی داخل ہوتی ہے - آپ کو ان افسران کا پتہ ہونا چاہئیے کہ وہ کون لوگ ہیں جو اپنے ذرائع

سے زیادہ بہتر زندگی بسر کر رہے ہیں یعنی Beyond their means وہ رہ رہے ہیں ۔ کیا آپکو نہیں معلوم کہ کتنے حکومت کے افسران ایسے ہیں جو ۲۵۰ یا ۳۰۰ یا ۴۰۰ تنخواہ پاتے ہیں لیکن انہوں نے موٹریں رکھی ہوئی ہیں ۔ لاہور کے متعلق تو میں نہیں جانتا ۔ کراچی کے متعلق میں جانتا ہوں کہ جہاں ہاؤسنگ سوسائٹی کے اندر ان کے اپنے مکانات ہیں کہ جن سے ہزار ہزار روپیہ کرایہ آتا ہے ۔ ایک شخص کی ۴۰۰ یا ۵۰۰ یا ایک ہزار روپیہ تنخواہ ہو تو کیا وہ موٹر رکھنا afford کر سکتا ہے ؟ یقیناً وہ اس تنخواہ میں موٹر رکھنا afford نہیں کر سکتا ۔ تو کیا آپ کو اس کا پتہ نہیں اگر پتہ نہیں ہے تو پتہ ہونا چاہئیے ۔ آپ کی سی آئی ڈی پولیس کس کام آتی ہے ۔ کیا ان کا صرف یہی کام ہے کہ سیاسی کارکنوں کی نقل و حرکت کی نگرانی کرتی رہے ۔ آپ اپنے ان افسران کو ۔ اپنی انتظامیہ کی فوج کو اس کام کے لئے استعمال کیجئے کہ وہ آپ کو بتائے کہ کون سے وہ رخنے ہیں جہاں سے برائی داخل ہوتی ہے پھر اب انہیں بند کرنے کی کوشش کی جائے ۔ اگر آپ مجھ سے پوچھتے ہیں کہ میں آپ کو بتاؤں کہ کس طرح سے بند کیا جائے ۔ ان بدعنوانیوں کو ۔ ان رشوت ستانیوں کو ان نا اہلیوں کو تو میں آپ سے عرض کروں گا کہ تمام برائیاں ختم کرنے کے لئے اسلام صرف دو صورتیں اختیار کرتا ہے ۔ ایک تبلیغ اور دوسری سزا ۔ معاشرے کی اصلاح قوم کی اصلاح ہے جس میں یقیناً افسران اور حکومت کے لوگ بھی شامل ہیں ۔ چنانچہ ایک طرف اس کی اصلاح کی جد و جہد کی جائے دوسری طرف سزاؤں کا خوف ان کے دلوں میں ڈالا جائے ۔ تو یہی وہ طریقہ ہے جس سے ملک میں برائی ختم ہو سکتی ہے ۔

نشر و اشاعت کے ذرائع آپکے پاس ھیں ۔ ریڈیو آپکے پاس ھے ٹیلی ویژن آپکے پاس ھے ۔ پریس ٹرسٹ آپکے پاس ھے ۔ سرکولیشن کے کتنے ھی اخبارات آپکے پاس ھیں ۔ عوام اور معاشرے کی اصلاح کی ذمہ داری آپکی ھے ۔ آپ ان جملہ ذرائع کو اس کام کے لئے استعمال کیجئے ۔ ریڈیو ٹیلی ویژن پر ناچ اور گانوں کے پروگرام کم کیجئے ۔ یہ جو ۲۴ گھنٹوں میں ۱۵ منٹ درس قرآن کا انتظام کیا ھوا ھے اس کو بڑھائیے ۔ قرآنی تعلیم عام کیجئے ۔ لوگوں کے دلوں میں خوف خدا پیدا کیجئے ۔ خود پہلے اپنے اندر خوف خدا پیدا کیجئے جب ھی دوسروں پر اثر ھوگا کیونکہ جب تک آپ خود درست نہ ھوں گے تو دوسرا آپ کی بات نہیں سن کر نہ دے گا ۔ تو جناب والا میں عرض کروں گا کہ نشر و اشاعت کے جو ذرائع ھیں انہیں آپ اس کام کے لئے استعمال کیجئے تاکہ لوگوں کے دلوں میں خوف خدا پیدا ھو اور آخرت میں جواب دھی کا احساس پیدا ھوگا ۔ اگر آپ ان تمام برائیوں کو روکنا چاھتے ھیں تو لوگوں کے اندر حوصلہ اور کردار پیدا کیجئے کہ اگر نقصان ھوتا ھے تو ھو جائے بات بگڑتی ھے تو بگڑ جائے مگر رشوت نہ دی جائے ۔ جب تک قوم میں یہ کردار پیدا نہیں ھوتا اس وقت تک آپ اس بیماری کو دور نہیں کرسکتے ۔ اس کے بعد دوسری چیز جو میں نے عرض کی وہ سزائیں ھیں ۔ آپ سزائیں سخت رکھیں جب میں سخت سزاؤں کے متعلق کہتا ھوں تو اس سے میری یہ مراد نہیں کہ آپ ان مجرموں کو جو سزا کے مستحق ھوں جرگے کے حوالہ کر دیں یا آپ کوئٹہ قلات ایریا کے لئے کریمنل لا امینڈمنٹ ایکٹ اور اس طرح کے دیگر رولز بنائیں نہیں بلکہ جو اپنا قانون ھے اس قانون کی آپ پوری پابندی کریں ۔ جس کو

سزا دیں وہ عدالتی چارہ جوئی کے بعد ہونی چاہئیے - ملزم کو صفائی کا موقعہ دے کر سزا دیں اور سخت سزا دیں - جب تک کہ آپ معاشرے کی اصلاح کے لئے سزاؤں کو سخت نہ بنائیں گے - اور ایسا لائحہ عمل اختیار نہیں کریں گے تب تک یہ برائیاں ملک میں پھلتی پھولتی رہیں گی اور اگر واقعی آپ ان کو ختم کرنا چاہتے ہیں تو جیسا کہ میں نے عرض کیا اور پھر عرض کروں گا کہ اپنی اصلاح کیجئے - اپنے اندر خوف خدا پیدا کیجئے - اگر آپ گڑ نہ کھائیں گے تبھی آپ دوسروں کو گڑ کھانے سے روک سکیں گے - نشر و اشاعت کے ذرائع کو خدا ترسی کے ساتھ خدا کے سامنے جواب دھی کے احساس کو بیدار کرنے کے لئے استعمال کیجئے - اور اگر آپ یہ نہیں کریں گے تو یہ قوم جس تیزی کے ساتھ برائیوں کی طرف قدم بڑھا رہی ہے اللہ ہی اس کا حافظ ہے - قوم کی ذمہ داری آپ کے ہاتھ میں ہے - ہماری اور آپکی ذمہ داری آپکے ہاتھ میں ہے - ہم توقع رکھتے ہیں کہ آپ اس کی اصلاح کی فکر کریں گے -

مسٹر حمزہ (لائلپور - ٦)--جناب سپیکر - عام نظم و نسق کے متعلق تخفیف زر زیر بحث ہے - سب سے پہلے میں یہ مناسب سمجھتا ہوں کہ اپنے حکمرانوں کے ان سنہری وعدوں اور توقعات کی طرف ان کی توجہ دلاؤں جنکی لشاندھی انہوں نے مغربی پاکستان کے . . . .

خان عبدالستار خان مہمند--پوائنٹ آف آرڈر جناب سپیکر - معزز ممبر نے بھی اس سلسلہ میں جنرل ایڈمنسٹریشن پر ایک تحریک تخفیف پیش کی ہے یعنی کٹوتی جو نمبر ٥ پر ہے - تووہ اسی پر تقریر فرمانا چاہیں گے یا نہیں یا فاروقی صاحب اس پر تقریر کر رہے ہیں -

Mr. Deputy Speaker : Mr. Hamza has got his cut-motion after this.

مسٹر حمزہ---جناب سپیکر ۔ میری تحریک تخفیف زر بعینہ وہی ہے جس کی تائید میں میں تقریر کر رہا ہوں ۔

Mr. Deputy Speaker : Would the member like to move his cut-motion later ?

مسٹر حمزہ---جناب سپیکر ۔ وہ تحریک پیش کر چکے ہیں اور میرا خیال ہے کہ اب اس کی ضرورت نہیں ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : Quite.

مسٹر حمزہ---جناب سپیکر ۔ وہ مواعید جو کہ مغربی پاکستان کے صوبہ کو مدغم کرتے وقت کئے گئے تھے ان کی طرف میں ان کی توجہ مبذول کراتا ہوں ۔

جناب سپیکر ۔ میرے سامنے مغربی پاکستان کی Council of Administration کی رپورٹ ہے ۔ اس کے صفحہ ۹ پر یہ بتایا گیا ہے ۔

" The Council recommend that the organization of the West Pakistan Secretariat should be as in the chart at Appendix IV which shows the grouping of the main subjects to be dealt with by the various Ministries and also the Heads of the Administration Departments attached to each Ministry. Full list of subjects to be dealt with by each Ministry is contained in Appendix V. Strength of the staff in the West Pakistan Secretariat Ministries is shown in Appendix VI.

The statement below indicates the comparative strength of the existing Secretariats and the proposed Secretariat :—

	Existing strength of Provincial/State Secretariats.	Proposed strength.
Officers ...	174	94
Ministerial establishment ...	1809	1120
Class IV staff ...	1141	470

جناب سپیکر ۔ اگر ہم ان حکام اور ماتحت ملازمین کی تعداد کا جائزہ لیں جو اس وقت ہمارے سیکریٹریٹ میں کام کر رہے

ہیں، تو ہمیں یہ دیکھ کر حیرانی ہو گی کہ ان کی تعداد کم ہونے کی بجائے بہت حد تک بڑھ چکی ہے ۔ جہاں تک اخراجات کا تعلق ہے ایک یونٹ کے معرض وجود میں آنے کے وقت ۵۸،۵۷ میں ہم جنرل ایڈمنسٹریشن پر ۳ کروڑ ۵۳ لاکھ ۳۶ ہزار ایک سو روپے خرچ کررہے تھے ۔ اس سال اس مد میں ۶ کروڑ ۸۵ لاکھ ۹۳ ہزار کی گنجائش رکھی گئی ہے اس کا یہ مطلب ہے کہ ایک یونٹ بنانے کے وقت جس بچت کی توقع ظاہر کی گئی تھی بلکہ وعدہ کیا گیا تھا، ہم اس کے برعکس خرچ میں دگنا اضافہ کر چکے ہیں ۔ لیکن جہاں تک کارگذاری کا تعلق ہے میرا انتہائی محتاط اندازہ یہ ہے کہ اس میں ۵۰ فیصد کمی ہو گئی ہے۔ سرکاری بنچوں پر بیٹھنے والے معزز ممبران نے بھی اس کی تائید کی ہے ۔ اس کا یہ مطلب ہے کہ ہمارے عملہ نے پیچھے کی طرف ۴۰۰ فیصد ترقی کی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ یہ تو حال ہے ہمارے انتظامی ڈھانچے کا ۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ آپ کو اس حقیقت کا بھی علم ہو گا کہ کئی سال گذرے ہماری حکومت نے ہندوستانی حکومت کی نقل کرتے ہوئے سیکریٹریٹ میں سیکشن افسر سکیم رائج کی تھی ۔ عملی طور پر پچھلے چند سالوں میں ہمیں جو تجربہ ہوا ہے وہ یہ ہے کہ جن افسروں سے حکومت وقتاً فوقتاً ناراض ہوتی رہتی ہے، انہیں سیکریٹریٹ میں سیکشن افسر تعینات کر دیا جاتا ہے ۔ حالانکہ انہیں پہلے اس محکمہ کا کوئی خاص تجربہ نہیں ہوتا۔ پھر تعیناتی کا یہ عرصہ اکثر اوقات ایک دو سال ہوتا ہے، جو سیکھنے ہی میں گذر جاتا ہے ۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اس محکمہ کی کارگذاری کو شدید نقصان پہنچتا ہے ۔ اس لئے یہ شکایت عام ہے کہ وہاں پر کوئی کام وقت پر سرانجام نہیں ہوتا ۔ اگر ہماری حکومت

کو سیکشن افسر سکیم سے کوئی خاص محبت ہے یا انہوں نے اس امر کا فیصلہ کر لیا ہے کہ اس سکیم کو قائم رکھنا ہے یا جیسا کہ عام طور پر ہوتا ہے انہوں نے اسے اپنے اپنے وقار کا سوال بنا لیا ہے، تو میں ان کی خدمت میں مؤدبانہ گذارش کروں گا کہ وہ کرپشن افسروں کا ایک علیحدہ cadre بنا دیں اور اس کے لئے انہیں خاص طور پر ٹریننگ دیں ۔ اور پھر انہیں ایسے کام پر لگائیں جو وہ بطریق احسن سر انجام دے سکیں، ورنہ یہ قومی دولت کا ضیاع ہے ۔ پھر یہ سکیم ایک ایسے دفتر سے متعلق ہے جو تمام مغربی پاکستان کی حکومت کے ڈھانچے کو چلاتا ہے اگر اس ڈھانچے کو چلانے والے ہی بنیادی طور پر ٹھیک نہ ہوں تو اس سے کبھی حوصلہ افزا نتیجہ برآمد نہیں ہو سکتا ۔

جناب سپیکر ۔ اس سے پہلے بھی اس ایوان میں میرے معزز و محترم جناب خواجہ محمد صفدر صاحب نے یہ فرمایا تھا ۔۔ سابقہ اسمبلی کا ذکر ہے کہ سیکریٹریٹ کے جو اوقات کار ہماری حکومت نے مقرر کئے ہیں وہ ہمارے ملک کی آب و ہوا اور عادات کے نقطۂ نظر سے قطعاً مناسب اور مفید نہیں ہیں آپ کا کیا خیال ہے کہ ہمارے افسران سردیوں کے ایام میں صبح سات بجے اپنے دفتر میں حاضر ہو جاتے ہوں گے ۔ حالانکہ آجکل جب کہ گرمی کا موسم ہے ان میں سے اکثر وہاں پر تشریف نہیں لاتے ۔ شاید جناب اجون خاں جدون صاحب نے فرمایا تھا ۔۔ چونکہ یہ بات سرکاری بنچوں کی طرف سے کہی گئی ہے اس لئے میں اسے یہاں سند کے طور پر بیان کرنا چاہتا ہوں ۔۔ کہ صبح کے وقت دفاتر کے اوقات کے مطابق سوائے چپراسیوں یا صفائی کرنے والوں کے اور کوئی نہیں آتا ۔ جب گرمیوں کے موسم میں

افسران کرام صبح سات بجے نہیں پہنچ سکتے تو آپ خود ہی اندازہ کریں کہ سردیوں میں جب اتنی سردی پڑتی ہے وہ کیسے وقت پر اپنے دفتر میں تشریف لائیں گے ۔ ہمارے افسران کاشت کار تھوڑے ہیں کہ صبح سویرے اپنے کھیت میں جائیں ۔ ہمیں چاہئیے کہ ہم اپنی آب و ہوا اور ملکی حالات و عادات کے مطابق سیکریٹریٹ کے اوقات کار کو تبدیل کریں ہم نے انگریز کی اندھا دھند تقلید کی ہے ان میں بعض بعض اچھی چیزیں بھی تھیں ۔ انہوں نے اپنی حکومت کے ایام میں جو اوقات کار مقرر کئے تھے وہ موزوں تھے اس سے پہلے میں نے سابقہ اسمبلی کے دوران حکومت عالیہ کی خدمت میں یہ عرض کی تھی کہ ریٹائرمنٹ کی عمر ۶۰ سال کی بجائے ۵۵ سال کر دی جائے اللہ تعالٰے کا فضل ہے کہ یہ مچھلی پتھر کو چاٹ کر واپس آ گئی ہے ۔ اگرچہ دیر کی وجہ سے بہت سا قومی نقصان ہوا ہے ، پھر بھی ہم ان کے شکر گذار ہیں اور توقع رکھتے ہیں کہ اس تجربہ کے پیش نظر سیکریٹریٹ کے اوقات کار میں بھی مناسب تبدیلی کردیں گے تا کہ کارگذاری بہتر ہو جائے ۔

جناب سپیکر ۔ ایک معزز ممبر نے جو کہ سابقہ وزیر بھی ہیں ۔ اپنی تقریر میں جس سے کہ حکومت عالیہ کے تیور بہت برے اور بہت سخت تکتہ چینی ہوئی ۔ اور بہت ناراضگی کا اظہار ہوا انہوں نے ملک میں پھیلی ہوئی بد انتظامی کی ایک وجہ یہ بھی بتائی تھی کہ افسروں کے تبادلے بہت تیزی سے ہو رہے ہیں ۔ ویسے تو انہوں نے یہ بات کہتے ہوئے گناہ کیا ہے ۔ لیکن میں آپ کے سامنے Decision of the Cabinet on the Report of Administration Commission پیش کرتا ہوں ۔ اسکا حوالہ دیتا ہوں ۔ کیبنٹ نے یہ فیصلہ کیا تھا ۔

"Member of the Provincial Service and officers of Class I and Class II service should be transferrable within the entire province . . . .

(2) Divisional and district officers should not essentially be transferred before completing the period of 3 years in their posts. Within the district or divisional headquarters postings should be made by giving additional pay and providing more amenities to the officers concerned . . . ."

Mr. Deputy Speaker : Which is the document the member is reading from ?

Mr. Hamza : Decisions of the Cabinet on the Report of Provincial Administration.

جناب سپیکر ۔ اگر یہ secret document ہے اور میرے پاس ہے ۔ تو یہ بھی ان کی نا اہلی کی ایک نشانی ہے ۔

Minister of Law : It is a secret document —

خواجہ محمد صفدر — یہ میرا ہے ۔ اور It is a priced document اس کی تمام تر ذمہ داری میری ہے کیونکہ یہ میرا ہے ۔

وزیر قانون ۔ حمزہ صاحب کے پاس یہ نہیں ہے ۔ وہ کوئی اور ہے ۔

خواجہ محمد صفدر—یہی ہے ۔

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر ۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے ۔ کہ یہ نرے نااہل ہی نہیں ہیں ۔ بلکہ ان کو کچھ آتا جاتا بھی نہیں ۔

وزیر تعلیم—ایک چیز ہوگی ۔ یا کچھ آئے گا ۔ یا پھر کچھ جائے گا ۔

مسٹر حمزہ—فاروقی صاحب ان کو اکثر خدا کے خوف کا احساس دلاتے رہے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر تعلیم۔۔حالانکہ خدا کا خوف آپ کو دلانا چاہئے تھا ۔

مسٹر حمزہ۔۔یہ بہت دور کی بات ہے ۔ لیکن افسوس تو یہ ہے ۔ کہ یہ کینبٹ کے فیصلے پر بھی عمل نہیں کرتے ۔ عمل بھی کیسے کریں ۔ وہ مقاصد جن کے لئے وہ تمام کی تمام انتظامیہ کی مشینری کو چلانا چاہتے ہیں ۔ وہ ان کو اس بات پر مجبور کرتی ہے ۔ کہ افسروں کو فٹ بال کی طرح آگے پیچھے پھینکتے رہیں ۔ اس سے پہلے تو کبھی کبھار ان کو ان فیصلوں کی قدر و قیمت کا احساس ہوتا ہوگا ۔ لیکن پچھلے الیکشن میں جو کارگذاریاں انہوں نے کی ہیں ۔ میرے خیال میں اس کے بعد تو ان کو اس کا احساس بھی جاتا رہا ہوگا ۔ اور میرے خیال میں اس وقت اسے ان کے سامنے دھرانا بھی کچھ زیادہ موزوں نہیں ہے ۔ جس کے لئے میں اس کی معافی چاہتا ہوں ۔

Mr. Deputy Speaker : The member may please try to finish his speech as we have very little time at our disposal and there might be other members who might like to speak.

مسٹر حمزہ۔۔جہاں تک کٹوتی کی تحاریک کا تعلق ہے ۔ لیکن آپ سے مودبانہ عرض کروں گا ۔ کہ ان کے لئے کوئی خاص وقت متعین نہیں ہے ۔ اور میں نے تو ابھی بہت کچھ کہنا ہے ۔ اور آپ کو علم ہے کہ اس منصب جلیلہ پر متمکن ہوتے ہوئے بھی اور ویسے بھی آپ کا ذاتی تجربہ بھی یقیناً یہ ہے ۔ کہ ہماری انتظامیہ مشینری میں اس قدر نقائص ہیں کہ اگر ہم انہیں مہینوں بھی گنواتے رہیں ۔ تو بھی وہ اختتام پذیر نہیں ہو سکتے ۔

جناب سپیکر۔میں نے عام بحث کے دوران الیکشن میں کی گئیں دھاندلیوں کا بھی ذکر کیا تھا ۔ اور ان کا ذکر کر کے میں نے

اس معزز ایوان کے بعض ممبران کو کار گذاری دکھانے کا موقع مہیا کیا تھا ۔ اور بعض وزراء نے دل کھول کر اور بڑے فخر کے ساتھ کہا تھا ۔ کہ الیکشن بالکل ہی غیر جانبدارانہ ہوئے تھے ۔

وزیر تعلیم--وہ تو ہوئے تھے ۔

مسٹر حمزہ -- میں ان سے یہ سوال کرتا ہوں ۔ کہ کیا یہ حقیقت نہیں ہے ۔ کہ لائل پور سے ملحقہ ایک ضلع میں ۱۲ مارچ ۱۹۶۵ کے بعد جس دن تعارفی جلسہ (Confrontation meeting) ہوا تھا ۔ ۴۷ بنیادی جمہوریتوں کے مختلف ممبران کو مختلف مقدمات میں ملوث کیا گیا ۔ اور گرفتار کیا گیا ۔

رانا پھول محمد خان--پوائنٹ آف آرڈر ۔ جن لوگوں کو گرفتار کیا گیا ہے ۔ اگر ان کے مقدمات عدالت میں زیر سماعت ہیں ۔ تو ان کو یہاں پر زیر بحث نہیں لایا جا سکتا ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر -- وہ مقدمات کو زیر بحث نہیں لارہے ہیں ۔

رانا پھول محمد خان -- مقدمات کے بغیر کسی کو گرفتار نہیں کیا جا سکتا ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر--برائے مہربانی آپ اپنی نشست پر تشریف رکھیں وہ مقدمات کو زیر بحث نہیں لارہے ہیں ۔

مسٹر حمزہ -- جناب سپیکر ۔ ان میں سے بہت سوں کو چھوڑ دیا گیا ہے ۔ فکر نہ کریں اتنی صفائی دینے کی کوئی ضرورت نہیں ہے ۔ جناب سپیکر ۔ ان میں سات آٹھ چیئرمین بھی تھے ۔ اور ان میں سے اس اسمبلی کے ایک معزز رکن بھی تھے ۔ جن کو ڈاکے کے مقدمے میں گرفتار کیا گیا ۔

چودھری محمد ادریس—اس ایوان کے جس معزز ممبر کے متعلق فاضل ممبر فرما رہے ھیں ۔ ان کی گرفتاری کے متعلق مقدمہ ابھی تک ھائی کورٹ میں زیر سماعت ھے ۔ اور اس لئے اس کے متعلق کوئی بات نہیں کی جا سکتی ۔

Mr. Deputy Speaker : This matter is sub-judice, Mr. Hamza should not discuss it.

خواجہ محمد صفدر—جناب والا ۔ اس کا ذکر تو کیا جا سکتا ھے ۔ البتہ اس پر بحث نہیں کی جا سکتی ۔ میرے دوست بحث اور ذکر کو غلط ملط کر رہے ھیں ۔ یہاں یہ تو کہا جا سکتا ھے ۔ کہ فلاں آدمی کو گرفتار کیا گیا ھے ۔

چودھری محمد ادریس—یہ کہا جا سکتا ھے ۔ کہ کسی کو گرفتار کیا گیا ھے ۔ لیکن یہ نہیں کہا جا سکتا کہ غلط طور پر گرفتار کیا گیا ھے ۔

خواجہ محمد صفدر—انہوں نے تو نہیں کہا ۔ البتہ یہ بات آپ کے ذھن میں تھی ۔

Mr Deputy Speaker : Mr. Hamza may please go on.

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ وہ ممبر جو کہ اپنی ذھانت اپنی خود اعتمادی اور اپنی اچھی تقاریر کی بنا پر مشہور تھے ۔ اور جن کی تقاریر کو یہ ایوان ھمیشہ یاد ھی کرتا رھے گا ۔ ان کو ڈاکو بنا دیا گیا ۔

Mr Deputy Speaker : The member is again going into the merits of the case. He is discussing whether he was correctly arrested or not. He should not discuss the merits of the case.

مسٹر حمزہ—میں نے تو یہ عرض کیا ہے ۔ ۔ ۔ اور ایک اور شخص جن کو پاکستان میں اور پاکستان کی مرکزی حکومت میں وزیر رہنے کا بھی شرف حاصل تھا ۔ ان کو بھی گرفتار کیا گیا ۔ اور کیا وجہ ہے ۔ کہ الیکشن سے صرف آٹھ روز قبل ان ممبران کی گرفتاریاں شروع ہوئیں ۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں ۔ کہ اس سے پہلے اتنے تھوڑے عرصہ میں بنیادی جمہوریتوں کے اتنے ممبران کو گرفتار کیا گیا ہو ۔

وزیر تعلیم—جناب والا ۔ یہ معاملہ sub-judice ہے ۔ عدالت میں ہی دیکھا جا سکتا ہے کہ انہیں کیوں گرفتار کیا گیا ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : I have already requested him not to go into the merits of the case.

مسٹر حمزہ—میں اب اس موضوع کو ہی چھوڑ دیتا ہوں ۔

خواجہ محمد صفدر — جناب والا ۔ وہ صرف یہ پوائنٹ بنا رہے ہیں ۔ کہ بنیادی جمہوریتوں کے اتنے ممبران الیکشن سے پہلے گرفتار کئے گئے ہیں ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر—خواجہ صاحب ۔ انہوں نے یہ فرمایا ہے ۔ کہ انہیں کیوں گرفتار کیا گیا ہے ۔ یہ حقائق court of law میں پیش ہیں ۔ اور وہ ان پر بحث نہیں کر سکتے ۔

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر ۔ میں تو ان کا ذکر بھی چھوڑ چکا ہوں ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر—آپ کہتے تو ہیں ۔ کہ آپ اس کا ذکر چھوڑ چکے ہیں ۔ لیکن آپ پھر اسی ذکر کو شروع کر دیتے ہیں ۔ آپ اس پر بحث نہیں کر سکتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ—میں مغربی پاکستان کے دوسرے علاقوں کی بابت عرض کرتا ہوں - - - - -

جناب سپیکر - انہوں نے ایک اور کارنامہ کیا اس کو یہ sub judice نہیں کہہ سکتے ہیں - جس علاقے میں - - - - -

وزیر مال—ضروری نہیں کہ ہم یہاں sub-judice نہیں کہہ سکتے ہیں ؟

Mr. Deputy Speaker : He is going to refer to it.

وزیر خزانہ—جناب والا - انہوں نے پہلے فرمایا ہے اور یہ مانتے ہیں کہ یہ sub-judice تھا - یہ خود اقرار کرتے ہیں - اس کو sub-judice کہہ سکتے ہیں -

Mr. Habibullah Khan : He cannot give a ruling that this matter is not sub-judice.

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر - میں عرض کروں گا - کہ یہ بہت جلد باز ہیں - انسان فطرتاً جلد باز ہے - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ میرے ہی علاقے میں - - - - -

Mr. Deputy Speaker : He should not discuss the merits of anything which is sub judice. How much more time would he take ?

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر - ہو سکتا ہے کہ مجھے مزید آدھ گھنٹہ درکار ہو -

Mr. Deputy Speaker : How would it be possible.

مسٹر حمزہ—جناب والا - بہت سے موضوع ہیں جو معزز وزراء صاحبان کے لئے انتہائی مفید ثابت ہوں گے -

Mr. Deputy Speaker : How would it be possible to give so much time to the member.

مسٹر حمزہ—جناب والا ۔ اگر یہ لوگ درمیان میں مجھے interrupt نہ کریں ۔

Mr. Deputy Speaker : If the member refers to certain things which are sub judice it cannot be helped.

خواجہ محمد صفدر—جناب والا ۔ یہی تو ایک مطالبہ زر ہے جو آج زیر بحث آئے گا ۔ اس کے بعد ملک اختر صاحب کی تقریر ہے اس کے بعد وزیر صاحب نے جواب دینا ہے ۔ وقت تو اتنا ہی چاہئے ۔

Minister of Finance : How can the member debar this side of the House. آپ کا مطلب ہے ادھر سے کوئی نہیں بول سکتا ۔

خواجہ محمد صفدر—نہیں ۔

وزیر خزانہ—کیوں نہیں بول سکتے ۔ غلط ہے ۔

خواجہ محمد صفدر—جناب والا ۔ سب سے پہلے ان لوگوں کا حق ہے جنہوں نے کٹوتی کی تحاریک اس ایوان میں پیش کیں ۔ ہمارے قواعد و ضوابط میں یہاں کوئی بھی پابندی نہیں کہ کٹوتی پر تقریر کرتے ہوئے یہ کہا گیا ہو کہ وقت اتنا دیا جائے گا یا اتنا نہیں دیا جائے گا ۔ جناب والا ۔ آپ کو یاد ہو گا کہ کل ایک مطالبہ زر زیر بحث آیا تھا کئی دوستوں نے اس پر کٹوتی کی تحاریک دی ہوئی تھیں وقت کی کمی کی وجہ سے ان کی تیار شدہ تقاریر ان کے پاس رہیں وہ یہاں تقاریر نہیں کر سکے کیونکہ وہ یہ مطالبہ نہیں کر سکتے تھے کہ پہلے مطالبہ زر کو ختم کیا جائے اور وقت کی پابندی کی جائے ۔ وقت کی پابندی اور وقت

کا مقرر کرنا اس کے متعلق اس ایوان نے کوئی ایسا ضابطہ نہیں بنایا ہوا ہے ۔ ورنہ اگر آپ ارشاد فرمائیں گے تو حمزہ صاحب یقیناً آپ کے حکم کے مطابق اپنی تقریر کو مختصر کردیں گے ۔ وہ اور بات ہے لیکن یہ کہنا جیسا کہ میرے دوست زور دے رہے ہیں کہ قانوناً ہم ایسا کر سکتے ہیں تو ہم بھی قانوناً اپنے حق کے لئے ایسا کریں گے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ــــ خواجہ صاحب limited time ہے ان ممبران نے جنہوں نے کٹوتی کی تحریک دی ہوئی ہے they have a prior right

Khawaja Muhammad Safdar : Yes they have priority.

Mr. Deputy Speaker : I admit they have priority but they must take reasonable time. Others should also be given an opportunity.

مسٹر حمزہ ــــ مجھے حق ہے ۔ میں اپنے حلقہ نیابت کا ایک واقعہ آپ کے سامنے بیان کرتا ہوں ۔ ایک شخص جس کا نام منظور احمد ناز تھا اور وہ میرا بڑا حمائتی تھا اس کو چوری کے الزام میں گرفتار کیا گیا اور گرفتار بھی ۱۸ مارچ کو کیا گیا ۔ اور اس کا ۶ دن کا ریمانڈ لیا . . . . .

Mr. Deputy Speaker : Is it sub-judice ?

مسٹر حمزہ ــــ No. Sir. جناب والا ۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ جب ۲۱ تاریخ کو الیکشن گذر گیا تو ۲۳ تاریخ کو کیس واپس لے لیا گیا ۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی ــــ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ حمزہ صاحب نے اپنی پہلی تقریر میں فرمایا تھا کہ اگر حکومت کی مداخلت ہوتی تو شاید میں بھی نہ آ سکتا ۔ اب اس کے برعکس

فرمایا ہے کہ میرے ایک حمائتی کو گرفتار کیا گیا ہے ۔ یہ بات سچی ہے یا وہ بات سچی تھی ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر۔۔میں نے نہیں سمجھا ہے ۔ کہ آپ کیا کہہ کہہ رہے ہیں ۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی۔۔جناب والا ۔ حمزہ صاحب نے اپنی ابتدائی تقریر میں فرمایا تھا کہ اگر حکومت کی الیکشن میں مداخلت ہوتی تو میں بھی شاید نہ آ سکتا ۔ اب فرما رہے ہیں کہ ان کا ایک حمائتی گرفتار کیا گیا ۔ میں پوچھتا ہوں کہ ان کی وہ بات سچی ہے یا یہ بات سچی ہے ۔

مسٹر حمزہ۔۔۔جناب والا ۔ میں جواب ضرور دوں گا لیکن مجھے وقت پورا درکار ہے ۔ تو اس حکومت نے بعض جگہوں پر ایسے کار ہائے نمایاں سر انجام دئیے ہیں اور بعض جگہوں پر انہوں نے بذات خود پرچیوں پر نشان لگائے ہیں ۔ اور اگر میرے حلقہ میں بذات خود پرچیوں پر نشان لگانے کی نوبت آتی تو یقیناً میں منتخب نہیں ہو سکتا تھا اس لئے ممنون ہوں ۔ لیکن پولیس کو پورے طور پر استعمال کیا گیا ۔ میرے علاقے میں لوگوں کی ۔ ممبروں کی جو ہمارے صدر کے نزدیک نہایت معزز ہیں ان کی یہ حالت تھی کہ کوئی یہ نہیں کہہ سکتا تھا کہ میں نے حمزہ کو ووٹ دینا ہے .....

Minister of Law (Mr Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, the report about the gentleman, to whom Mr. Hamza is referring, is that he showed signs of insanity on the 18th. He was subjected to a medical examination and on the 24th he was let off.

مسٹر حمزہ۔۔جناب سپیکر ۔ یہ صریحاً اور ننگی غلط بیانی ہے ۔ اس سے زیادہ غلط بیانی نہیں ہو سکتی ۔ میں کہتا ہوں ٹائپ رائٹر

کی چوری کا کیس تھا ۔ اس کو ۱۸ تاریخ کو گرفتار کیا گیا ۶ دن کا ریمانڈ لیا گیا اور ۲۴ تاریخ کو کیس واپس لے لیا گیا ۔

جناب سپیکر ۔ جہاں تک پستول کے لائسنس جاری کرنے کا تعلق ہے ہماری حکومت کو اس بات پر بہت فخر حاصل ہے کہ ہم اس قسم کے لالچ دے کر لوگوں کے ووٹ خریدتے ہیں ۔ یا ووٹ لیتے ہیں ۔ لیکن میں اس حکومت سے یہ دریافت کرتا ہوں کہ جب آپ نے انتظامیہ مشینری کو سیاسی مقاصد کے لئے اس حد تک استعمال کیا ہے اس کے بعد آپ کس طرح ان سے توقع کرتے ہیں کہ اس ملک کے رائج‌الوقت جو بھی قوانین ہیں چاہے وہ جرگہ سسٹم کے ہوں چاہے وہ عام قوانین ان کا بذات خود کیا احترام کریں گے ۔ خود نہیں کر سکتے تو وہ لوگوں سے کیا احترام کروائیں گے ۔

جناب سپیکر ۔ ہماری پولیس اور سول افسران نے اس حد تک الیکشن میں حصہ لیا ہے کہ X X X X X

* X X X X X X X X X

Minister of Finance ! Question !

رانا پھول محمد خاں۔پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ اس طرح سے کہنا کہ X X X * میں سمجھتا ہوں یہ اس ہاؤس کی بے عزتی ہے ۔ وہ کسی ممبر کا نام لیں ورنہ اپنے الفاظ واپس لیں ۔ میں درخواست کروں گا کہ وہ ہاؤس کے ممبران کو اپنے سے حقیر نہ سمجھیں اور اپنے آپ کو بہت زیادہ اہمیت نہیں دینی چاہئیے ۔ اس قدر بد ھضمی حمزہ صاحب کر نہیں ہونی چاہئیے ۔

*Expunged as ordered by the Deputy Speaker.

Mr. Deputy Speaker: This is no point of order.

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ کہا جاتا ہے کہ :

حقیقت چھپ نہیں سکتی بناوٹ کے اصولوں سے
کہ خوشبو آ نہیں سکتی کبھی کاغذ کے پھولوں سے

وزیر مال ــ جناب نے خود حمزہ صاحب کو یہ کہتے ہوئے
X X X X X X سنا ہے کہ

* X X X X X X X

انہوں نے ممبر نیشنل اسمبلی اور ممبر پراونشنل اسمبلی کا ذکر کیا ہے جو یہاں بیٹھے ہیں چاہے حمزہ ہوں چاہے صفدر صاحب ہوں (جو بھی ہوں یہ immaterial ہے) بہر حال انہوں نے یہ کہا کہ ممبر پراونشنل اسمبلی خود گئے ۔ اور جناب والا ۔ کسی ممبر پراونشنل اسمبلی پر حملہ کرنا اس ایوان پر حملہ کرنے کے مترادف ہے ۔ اس پر تو پرولیج موشن لائی جا سکتی ہے ۔

To save time and to hush up the matter and not to wash the dirty linen in public . . . .

بہتر یہ ہے کہ اس معاملہ پر پرولیج موشن لانے سے پہلے مسٹر حمزہ سے کہا جائے کہ وہ یہ الفاظ واپس لے لیں اور ہاؤس کے ممبران سے معافی مانگیں جن کے بارے میں انہوں نے وہ لفظ کہے تھے ۔

خواجہ محمد صفدر ــ جناب سپیکر ۔ آپ پہلے اپنا رولنگ دیں کہ آیا . . . . .

Mr. Deputy Speaker: I said it was not a point of order. The question is different whether it is a point of order or not, but whether the remarks should be allowed to go on record it is a different matter. I would, therefore, request Mr. Hamza to withdraw his words about MPAs.

---

*Expunged as ordered by the Deputy Speaker.

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر ۔ میں آپ کے حکم کے پیش نظر اپنے الفاظ واپس لیتا ہوں ۔

Mr. Deputy Speaker : They should be expunged from the record.

Khan Ajoon Khan Jadoon : Sir he should apologise.

Khawaja Muhammad Safdar : You cannot dictate.

Mr. Deputy Speaker : He has withdrawn his remarks.

Khan Ajoon Khan Jadoon : Sir he should also apologise.

Mr. Deputy Speaker : Order please. Khan Jadoon may please sit down.

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر ۔ اس ایوان میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ ہمارے ملک میں مسلم لیگ نے آزادانہ اور منصفانہ طور پر انتخابات لڑ کر فتح حاصل کی اس کے خلاف میرے پاس کم از کم یہ مثال موجود ہے کہ ایک سابقہ وزیر نے بھی جس کو مسلم لیگ کا ٹکٹ دیا گیا تھا ہائی کورٹ میں ''رٹ،، پیش کرکے آزادانہ انتخابات کا انتظام کرایا اور ایک سول جج کی ڈیوٹی لگوائی کہ وہ راز دارانہ ووٹ ڈلوانے کا بند و بست کریں ورنہ پولیس اور مقامی حکام دخل دے رہے تھے اور ووٹوں کی secrecy violate ہونے کا خطرہ تھا ۔

اس بنا پر جناب سپیکر ۔ میں دعویٰ کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ بعض پولیس افسران ایسے تھے جو مداخلت کرتے تھے اور جن کو انعام کے طور پر مربعے دیئے گئے ۔

رانا پھول محمد خاں—Question ۔ جناب یہ غلط ہے خلاف واقعہ ہے مربعے دینے کا سوال پیدا نہیں ہوتا کیونکہ افسروں کو اختیار ہی نہیں کہ کسی کو مربعے دے سکیں ۔

مسٹر حمزہ۔اور جن پولیس افسروں نے سرکاری پارٹی کی مدد کرنے سے انکار کیا اور قانون کا احترام ملحوظ خاطر رکھنا چاہا ان کو سزائیں دی گئیں اور ان کے تبادلے کئے گئے جس ملک میں انتظامیہ کو ان مقاصد کے لئے استعمال کیا جاتا ہو اور جو گورنمنٹ خود ہی انتظامیہ کی مشینری کو یوں خراب کرے وہ آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کیسے کرا سکتی ہے ۔ جس گورنمنٹ کا اپنا رویہ غیر منصفانہ اور جانبدارنہ ہو اس کی انتظامیہ مشینری ان سے بھی زیادہ بے انصاف ہو جاتی ہے وہ قانون کا احترام نہ تو خود کرتی ہے نہ عوام سے قانون کا احترام کرا سکتی ہے جناب سپیکر ۔ نوبت یہاں تک آن پہنچی ہے کہ منصف مزاج افسروں کو چن چن کر ختم کیا جا رہا ہے یا ان کو دور دراز جگہوں پر تبدیل کر دیا جاتا ہے یا ایسے عہدوں پر لگایا جاتا ہے جن پر ان کو کوئی اختیارات ہی حاصل نہ ہوں ۔

اب میں جناب سپیکر ۔ اس مطالبہ زر کی طرف آتا ہوں جو انہوں نے اینٹی کرپشن ڈیپارٹمنٹ کے عملہ کے متعلق پیش کیا ہے اصل میں یہ حکومت خود ہی منبع و سر چشمہ ہے رشوت ستانی اور قانون شکنی کا اور نا جائز کارروائی کرنے والے افسران کو سربمہر دلانے کا نیز نیک نیت اور منصف مزاج افسران کو سزا دینے کا ۔ پھر یہ گورنمنٹ خواہ مخواہ اس محکمہ پر روپیہ کیوں ضائع کر رہی ہے ۔ اس کا ایک بین ثبوت یہ ہے کہ جوں جوں گورنمنٹ اس محکمے پر زیادہ روپیہ خرچ کرتی جاتی ہے رشوت کی وبا بڑھتی چلی جا رہی ہے اگر یہ محکمہ راشی اور بددیانت افسروں کو سخت سے سخت سزائیں دلائے تو رشوت جلد ختم ہو جائے مگر ایسا نہیں ہو رہا جب خود گورنمنٹ ہی افسران

کو ناجائز کارروائی کے لئے استعمال کرتی ہو تو پھر سخت سے سخت قوانین بنانے کا کیا فائدہ کیونکہ جن افسران نے ان قوانین پر عمل کرنا کرانا ہوتا ہے ان کو خود گورنمنٹ دوسری قسم کی ٹریننگ دیتی ہے اور وہ قوانین صحیح طور پر استعمال نہیں کرتے ہمارے ملک میں قوانین کی کمی نہیں ہے کمی تو کارندوں اور افسروں کی ہے۔

اس کے علاوہ جناب سپیکر صاحب ۔ گورنمنٹ نے بنیادی جمہوریت کا نظام قائم کر کے ایک ایسی فضا پیدا کر دی ہے جس میں وہ نمائندوں پر دباؤ ڈال کر اپنا کام نکال سکتی ہے کیونکہ بنیادی جمہوریت کے سمبران مقامی افسران کے ہاتھوں میں اور ان کے زیر اثر کام کرنے پر مجبور ہوتے ہیں۔

رانا پھول محمد خاں۔۔جناب وہ پھر انہی الزامات کو بار بار دوہرا رہے ہیں کیا انہی الزامات کو بار بار دوہرایا جاسکتا ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : He has not to repeat of course.

خواجہ محمد صفدر۔۔جناب والا معزز رکن نے اپنی تقریر میں کوئی Repetition نہیں کی ہے اور نہ ہی یہ الزام ان پر لگایا جا سکتا ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : Not on this. (Interruptions) : Mr. Hamza may please resume his seat. We have very little time at our disposal. I think he realises that.

مسٹر حمزہ۔۔پندرہ منٹ مزید دیجئے میں اس موضوع کو ہی چھوڑ دیتا ہوں۔

Minister of Finance : Sir at 11-30 a.m. two Ministers will speak.

We have to close at 12.00 noon.

Malik Muhammad Akhtar: Sir I want to speak on this motion.

Mr. Deputy Speaker: I will request the member to resume his seat.

Malik Muhammad Akhtar: Sir I have got my motion and I have a prior right to speak. I cannot be deprived of my right.

Mr. Deputy Speaker: The member has not moved his motion. We are at present on the motion moved by Mahmood Azam Farooqi.

Malik Muhammad Akhtar: That is true but just now you gave your views that I will have prior right to speak.

Mr. Deputy Speaker: I am not depriving the member of his right.

Malik Muhammad Akhtar: I must get preference over others Sir. My cut motion is on the Order of the Day.

Mr. Deputy Speaker: I will give him his turn.

Malik Muhammad Akhtar: Sir I need at least ten to fifteen minutes.

Mr. Deputy Speaker: I will give the member ten minutes.

Malik Muhammad Akhtar: I want twenty minutes Sir.

Mr. Deputy Speaker: The member should realise that the time at my disposal is very short.

Malik Muhammad Akhtar: But Sir I cannot be deprived of my right.

Mr. Deputy Speaker: The member will not be deprived of his right to speak.

Malik Muhammad Akhtar: I am being so deprived Sir.

Mr. Deputy Speaker: He should please resume his seat. He will not be deprived of his right.

Minister of Finance: Sir the discussion is to close at 12 o'clock and the Ministers have to speak

خان عبدالستار خان مہمند--پوائنٹ آف آرڈر ۔ عرض یہ ہے کہ اس ڈیمانڈ پر اگلی موشن پر میں اپنی باتیں کر لوں گا لہذا اب مجھے کچھ نہیں کہنا ۔

Mr. Deputy Speaker : It is not a point of order. He should please sit down

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی - ۱)۔۔جناب سپیکر ۔ ہم پر عوام اور قوم کی نمائندگی کا فرض عائد ہوتا ہے ۔ ہمیں انتظامیہ پر یا صوبہ کے امور کے ذمہدار دوسرے لوگوں پر تنقید کا حق حاصل ہے ۔ لیکن یہ فرض بھی عائد ہوتا ہے کہ ہم تنقید کرتے وقت انصاف کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں ۔

جناب والا ۔ اس ایوان میں رشوت ستانی ۔ انتظامیہ کی بدعنوانیوں اور نااہلی کے متعلق جو کچھ کہا گیا ہے وہ غلط نہیں ہے ۔ ہمیں یہ تسلیم کرنا چاہئے کہ ہماری انتظامیہ میں خرابیاں موجود ہیں ۔ ہمارے کچھ افسر راشی بھی ہیں ۔ بدعنوان بھی ہیں اور نااہل بھی ہیں ۔

ہمارے دفتروں کے طریق کار میں انقلابی تبدیلیاں لانے کی ضرورت ہے ۔ ہمارے یہاں red tapeism سرخ فیتہ اور دفتریت کی لعنت عام ہے ۔ ایک طرف ہم ان تمام خرابیوں کا اعتراف کرتے ہوئے ان کی اصلاح کی کوشش کر رہے ہیں تو دوسری طرف ہمیں یہ بھی کہنا چاہئے یہ تمام خرابیاں موجودہ حکومت کی پیدا کردہ نہیں ہیں ۔ موجودہ حکومت اور ہماری پارٹی اگر ان خرابیوں کی اصلاح کرے گی تو یہ ہماری پارٹی کی نیک نامی کا باعث ہوگی اور یہ عوام اور قوم کی صحیح خدمت ہوگی ۔

QUESTION OF PRIVILEGE

RE : MR. HAMZA'S REMARKS ALLEGING POLICE ASSISTANCE IN ASSEMBLY ELECTIONS

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) Sir I am on a point of order. I have just now presented to the Speaker a motion of privilege on the breach of privilege and have made a request under Rule 175 that the Speaker may kindly permit it to be discussed immediately, and during the sitting for to-day. With the permission of the Speaker Sir, I will read the relevant rule.

> " The Speaker shall, after the disposal of questions and before the Orders of the Day are entered upon, call the Member concerned who shall rise in his place and, while asking for leave to raise the question of privilege, make a short statement relevant thereto. The Speaker may, if he is satisfied that the matter has suddenly arisen, and of which he receives a written notice, allow a question of privilege to be raised at a. y time during the cour e of a s tting after the disposal of questions."

My respectful submission is that the question of privilege which I have very respectfully raised and of which I have given written notice to the Speaker has arisen suddenly today. During the course of debate a member, who does not seem to be present in the House at this moment had accused members of this House of the grossest misconduct in as much as M.P.As. have been accused of having succeded in the election with the aid and assistance of police and after the result was declared they went over to them to thank them. My submission is that this is definitely a breach of the privilege of the members of this august House who have been elected and looking to the importance of the question, the Speaker may permit this motion of privilege to be taken up now for discussion.

Mr. Deputy Speaker : Does the Minister still want to press the motion after the member having withdrawn the words ?

Minister of Law : Yes, Sir.

Mr. Deputy Speaker : Since the remarks have been expunged from the record . . . . . .

Minister of Law : Yes, I know, they have been expunged. A member of this House very rightly made a suggestion to the member that

mere withdrawal of these remarks will not do. He should, in all fairness and out of sheer courtesy to the members of this House, apologise. There was nothing wrong. A precedent of this House is available. Only yesterday the Leader of the Party had no hesitation to offer amends to a member of this House and we thought that the member will have this courtesy extended to the House to apologise. Having found that he was insistent that he had no regard for the prestige of this House, I have been constrained to put this motion before the House and, I am sorry to say, I am pressing it.

Mr. Deputy Speaker : I want to ask the Minister whether after the remarks having been expunged from the records of the House, he still wants to press it ?

Minister of Revenue (Khan Habibullah Khan): He must apologise. Let me say by way of illustration, Sir, that supposing I abuse a gentleman, no doubt, these remarks will be expunged but shall I be excused for the use of abusive language against certain gentleman even if those remarks were expunged from the records ? What about that ? If I misbehave in the House by uttering abusive language against a member here, well, you cannot allow such a thing to go on record and these words have to be expunged but unless I apologise, I think, the matter does not end by merely expunging the remarks from the record. My submission is that more expunging of the remarks from the proceedings of the Assembly under the orders of the Speaker does not purge the contempt.

Mr. Deputy Speaker : And his withdrawal ?

Minister of Law : Withdrawal of the remarks does not purge the contempt. It may mitigate but it does not exonerate.

Mr. Deputy Speaker : Khawaja Sahib what have you to say ?

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱)--جناب والا - مجھے اس تحریک پر پہلا اعتراض یہ ہے کہ This is not the proper time. یہ کل صبح بھی take up کی جا سکے گی -

Mr. Deputy Speaker : Rule 175 . . . . . .

Khawaja Muhammad Safdar : Yes, rule 175 (1) says :—

> **" The Speaker shall, after the disposal of questions and before the Orders of the Day are entered upon, call the Member concerned who shall rise in his place and, while asking for leave to raise the question of privilege, make a short statement relevent thereto. The Speaker may, if he is satisfied that the matter has suddenly arisen, and of which he receives a written notice, allow a question of privilege to be raised at any time during the course of a sitting after the disposal of questions."**

اگر آپ اس کی اجازت دے دیں تو آپ کے اختیار میں ہے ۔

Minister of Law : I had made a submission to the Chair to permit me today.

خواجہ محمد صفدر۔جناب یہ تو آپ کے اختیار میں ہے ۔ آپ اس کی اجازت دے سکتے ہیں کہ یہ لازمی طور پر کل پیش ہو ۔ ویسے تو یہ آج بھی پیش ہو سکتی ہے ۔ اگر آپ نے وہ اختیار استعمال کرکے ان کو اجازت دے دی ہے ۔ تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ۔ لیکن اگر آپ نے اپنا وہ اختیار استعمال نہیں کیا ۔ تو پھر میں یہی کہوں گا کہ یہ ordinary course میں کل آ جائے ۔ ہمیں کوئی جلدی نہیں یہ بھی تیار ہو کر آ جائیں اور ہم بھی تیار ہو کر آ جائیں گے ۔

Mr. Deputy Speaker : I would like to ask the Leader of the House whether he insists that it should be taken up today or we take it up tomorrow morning ?

Minister of Revenue : I would request that it should be taken up today and immediately.

خان اجون خان جدون۔جناب والا ۔ ان کے ان remarks سے ہمارے جذبات کو سخت ٹھیس پہنچی ہے ۔ اس لئے میں استدعا کروں گا کہ اسے ابھی لے لیا جائے ۔

Mr. Deputy Speaker : Alright. I will allow it to be raised today, I hold the motion in order and now the Minister should formally ask for leave of the House to raise his question of privilege.

Minister of Law : Sir, I ask for leave to raise a question involving the breach of privilege of this House which has accured on account of certain derogatory remarks about the Members of this Assembly, made by Mr. Hamza in the course of his speech a short while ago. I am thankful to the Speaker who has very kindly permitted this motion regarding breach of privilege to be raised today in this House. Sir, looking to the importance of the question, it was very unfortunate that during the heat of the moment and the thick of the debate, the member had to go to the length of making accusations of the meanest type against the members of this House. The record of the Assembly will show, and I think there is no doubt or any controversy about it, that the member did say these words that some of the M. P. As. . . . . .

Mr. Deputy Speaker : I think, before I allow you to speak, since I have hold the motion in order, I will first have to propose the motion to the House.

Minister of Law : May I make a submission that the rule that I have quoted, namely, rule 175, will have reference to earlier rules.

Mr. Deputy Speaker : I am referring to sub rule (2) which says :—

" . . . . . whether the member has the leave of the Assembly . . . .".

Minister of Law : The Speaker will bear with me that the first part of rule 175 says—

" The member shall be permitted to make a short statement."

Mr. Deputy Speaker : That is before I hold the motion in order. I have hold the motion in order and your short statement is for the purpose that I should hold the motion in order. That has been done. Therefore, so far as that aspect is concerned further statement is not necessary.

Now, the question would be of sub-rule (2) which says :—

> " If the Speaker holds that the matter proposed to be discussed is in order he shall ask whether the member has the leave of the Assembly. If objection to leave being granted is taken, the Speaker shall request those members who are in favour of leave being granted to rise in their places and if not less than thirty members rise accordingly, the Speaker shall intimate that the leave is granted."

Is there any objection to the leave being granted ?

Khawaja Muhammad Safdar : You can ask the members to stand in their seats.

Mr. Deputy Speaker : They will be asked to rise in their seats if any objection is taken.

Khawaja Muhammad Safdar : Of course, we object to it.

Mr. Deputy Speaker : I now put it to the House. Those Members who are in favour of leave being granted, may rise in their places.

The leave was granted.

Mr. Deputy Speaker : Do we consider the question of privilege or would you like it to be referred to the Committee?

کہ مورخہ ۲۵—۶—۶۵ کو جب مسٹر حمزہ اسمبلی ہال میں تقریر کر رہے تھے تو انہوں نے دوران تقریر معزز ممبران کے الیکشن کے متعلق کچھ ہتک آمیز الفاظ کہے جس پر ہاؤس نے باوجود مسٹر حمزہ کے وہ الفاظ واپس لینے کے اور معذرت پیش کرنے کے فیصلہ کیا کہ تا اختتام سیشن مسٹر حمزہ ہاؤس میں نہ آئیں ۔ مزید برآں سپیکر صاحب نے ان الفاظ کو اسمبلی کے ریکارڈ سے حذف کر دیا ۔ اب معزز ہاؤس فراخدلی کا ثبوت دیکر اس فیصلہ پر نظر ثانی کرتے ہوئے اس قدر ترمیم کرے کہ مسٹر حمزہ ۲۸—۶—۶۵ یعنی آج سے ہاؤس میں آ سکیں ۔

(تحریک اتفاق رائے سے منظور ہو گئی)

Mr. Speaker : I greatly appreciate the initiative of Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak and the magnanimity of the Leader of the House, and the Majority party. I am thankful to all, and now I call upon Mr. Hamza and other members of the Opposition to come in and take part in the proceedings of the Assembly.

(*At this stage Mr. Hamza and other Members of the Opposition entered the House in the midst of cheers and thumping of tables*).

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ جناب سپیکر ۔ میں اپنے محترم دوست جناب خان محمد اسلم خان کھٹک اور ان جملہ احباب کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس قضیہ کو ختم کرنے کی مساعی جمیلہ کیں ۔ جناب والا ۔ میں آپ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے اس مسئلہ میں گہری دلچسپی کا اظہار فرمایا اور شروع سے آخر تک میرے احباب اور میرے درمیان جو بات چیت ہوئی اس میں آپ شریک رہے ۔ جناب والا میں قائد ایوان اور اپنے ان دوستوں کا جو میرے سامنے تشریف فرما ہیں شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اس مسئلہ کی نزاکت کا احساس فرمایا اور اپنے فیصلے پر نظر ثانی فرمائی ۔ میں انتہائی طور پر ان دوستوں کا مشکور ہوں جنہوں نے نہایت ہی موزوں الفاظ میں اپنے خیالات کا اظہار کیا جن خیالات کا اظہار میرے نہایت ہی محترم دوست جناب محمد اسلم خان کھٹک نے فرمایا ۔ مجھے ان سے لاتعلقی نہیں بلکہ میں ان سے کہونگا کہ اختلافات جائز طور پر ہونے چاہئیں ۔ غالباً ان کی آج maiden speech تھی لیکن بہر حال جس طور پر

انہوں نے اپنے جذبات کا اظہار فرمایا غالباً وہ اس سے بہتر طریق پر کیا جا سکتا تھا ۔ لیکن اس کے باوجود میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ جناب والا ہم اس ایوان میں اس غرض سے نہیں آئے کہ کسی دوست کی دل آزاری کریں ۔ ہماری خواہش صرف اتنی ہے کہ ہم اپنے ڈھنگ سے جس کو ہم درست سمجھتے ہیں اس طریق سے اس ملک اور ملت کی خدمت کریں ۔ اس کے علاوہ ہماری یہاں حاضری کی ضرورت نہیں ۔

جناب قائد ایوان سے میری ملاقات پہلے پہل اس ماہ کی ۹ تاریخ کو ہوئی ۔ ان سے میرا کیا بغض یا عناد ہو سکتا ہے ؟ یا کیا کد ہو سکتی ہے ؟ اس ایوان کے اکثر ممبر صاحبان نئے تشریف لائے ہیں ۔ سب میرے دوست ہیں ۔ میرے دل میں ان کا انتہائی احترام ہے ۔ میرے ساتھ اس طرف بیٹھنے والے دوستوں کے دلوں میں بھی ان کا انتہائی احترام ہے ۔ ہمیں ان کے ساتھ کوئی عداوت بغض یا عناد نہیں ہو سکتا ۔ ہو سکتا ہے کبھی بحث کی گرمی میں ان کے منہ سے ایسے الفاظ نکل جائیں ، جنہیں میں خود بھی غیر پارلیمانی سمجھوں ۔ میں خود اپنے آپ کو یا اپنے دوستوں کو غلطی سے پاک نہیں سمجھتا ۔ ہم بھی غلطی کر سکتے ہیں ۔ پہلے بھی کرتے رہے ہیں ۔ ممکن ہے آئندہ بھی کر بیٹھیں لیکن میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ اس ایوان کا وقار بلند رکھنا صرف ان ہی کا فرض نہیں انہی کی اجارہ داری نہیں ہمارا بھی فرض ہے ۔ اور ہم انشاءاللہ آئندہ کوشش کریں گے کہ اس ایوان کے وقار کو بہر صورت برقرار رکھیں ۔ (تالیاں) ہم کوشش کریں گے کہ اس ایوان میں بہتر روایات لائیں ۔ ہمیں اپنے محترم بھائیوں سے محض سیاسی اختلافات ہے ورنہ ہم دل سے ان کی قدر کرتے آئے ہیں اور آئندہ بھی کریں گے ۔ میں اس کا وعدہ کرتا ہوں ۔ ان الفاظ کے ساتھ جناب والا ، میں آپ کا اور ان سب دوستوں کا جنہوں نے اس مسئلہ کو سلجھانے کی کوشش کی ، جدوجہد کی اور Majority party کے تمام اراکین کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ پیشتر اس کے کہ وقفہ سوالات شروع کیا جائے میں بھی آپوزیشن کے فاضل ممبران کی موجودگی میں اپنے خیالات کا اظہار کرنا چاہتا

ہوں ۔ سب ارکان جانتے ہیں کہ اس ایوان کے دو بازو ہیں ۔ ایک میجارٹی پارٹی اور دوسرا آپوزیشن ۔ دونوں کے تعاون ہی سے ایوان کی کارروائی بخیر و خوبی سر انجام پا سکتی ہے ۔ جہاں تک کسی ممبر کے جذبات یا احساسات کو مجروح کرنے کا تعلق ہے میں یہ گزارش کرونگا کہ کسی کے جذبات و احساسات ہی اس کی زندگی کا سب سے قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں ۔ (تالیاں) اور ہمیں کوشش کرنی چاہئے کہ ہم کسی ممبر کے—ویسے تو ہر انسان کا فرض ہے کہ وہ کسی دوسرے کے جذبات کو مجروح نہ کرے—ہر ممبر یا رکن کی یہ کوشش ہونی چاہئے کہ وہ کسی دوسرے ممبر یا رکن کے جذبات کو مجروح نہ کرے ۔ اس کے ساتھ ہی میں یہ بھی عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ اگر کسی سے کوئی فروگذاشت یا لغزش ہو جائے تو ہمیں اس پر نہایت صبر اور تحمل سے کام لینا چاہئے اور کوشش کرنی چاہئے کہ اس ایوان کی کارروائی نہایت با وقار طریق سے سر انجام پائے ۔

میں لیڈر آف دی ہاؤس کا خصوصاً—لیڈر آف دی آپوزیشن کا خصوصاً اور ان دوستوں کا—شیخ مسعود صادق صاحب ۔ ریلوے منسٹر صاحب ۔ لاء منسٹر صاحب ۔ میاں معراج الدین صاحب ۔ جو میرے ساتھ اس تمام کوشش میں منسلک رہے تہ دل سے مشکور و ممنون ہوں ۔ انہوں نے نہایت محنت کی اور اس تمام واقعہ کو بخیرو خوبی سر انجام دینے میں میری پوری پوری مدد کی اور مجھ سے تعاون فرمایا ۔ میں ان سب کا نہایت ہی ممنون ہوں اور اس توقع کے ساتھ کہ آئندہ کوئی ایسا نا خوشگوار واقعہ اس ہاؤس میں نہیں ہوگا اور یہ پہلا اور آخری واقعہ ہوگا اعلان کرتا ہوں، کہ اب اسمبلی کی باقاعدہ کارروائی شروع کی جائے ۔ (تالیاں)

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker : Now the Question Hour. Kazi Muhammad Azam Abbasi.

RESTRICTIONS ON THE USE OF WINE, OPIUM, CHARAS AND BHUNG IN THE PROVINCE

***23. Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Minister of Excise & Taxation be pleased to state :—

(*a*) the number of Muslim and Non-Muslim contractors of Wine, Bhang, Charas and Opium in the Province separately ;

(*b*) whether Government intend to decrease the number of the said contracts in the next financial years ; if so, the percentage proposed to be decreased ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in negative, whether Government intend to impose any more restrictions on the use of Wine, Opium, Charas and Bhang in the Province ?

Minister of Excise and Taxation (Sheikh Masood Sadiq) : (*a*) The number of Muslims and Non-Muslim contractors of Wine, Bhang, Charas and Opium in the Province is given below :—

Wine	Muslims	257	Non-Muslims	206
Bhang	,,	243	,,	13
Charas	(Sale possession and consumption is prohibited).			
Opium	Muslim	302	Non-Muslim	14
Total		802		233

The number varies from year to year as most of the vends are auctioned annually.

(*b*) It is the policy of Government to reduce the consumption of intoxicants to the minimum by increasing the duty and taxes payable thereon. No exact percentage can however be anticipated.

(*c*) Answer to (*b*) is not in the negative. Therefore this question does not arise.

خواجہ محمد صفدر ۔ ضمنی سوال جناب ۔ کیا وزیر آبکاری فرمائینگے کہ ہماری اسلامی مملکت میں منشیات کو پورے طور پر بند کرنے کا قانون کب تک رائج کر دیا جائیگا ؟

وزیر آبکاری و محصولات ۔ جہاں تک حکومت مغربی پاکستان کی پالیسی کا تعلق ہے انہیں علم ہے کہ ہم نے یہ فیصلہ کر لیا تھا کہ یہاں مسلمانوں کے لئے مکمل طور پر شراب بند کر دی جائے ۔ مگر اس وقت اسلامک آئیڈیالوجی کونسل کی رپورٹ مرکزی حکومت کے سامنے پیش ہے ۔ ارادہ یہ تھا کہ دونوں صوبوں میں بیک وقت قانون لایا جائے ۔ اس لئے کچھ دیر ہو گئی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ ضمنی سوال جناب ۔ کیا وزیر منشیات کو اس بارے میں شک ہے کہ آیا منشیات اسلام میں جائز ہیں یا ناجائز ؟

وزیر آبکاری و محصولات - جناب والا - میں بار بار کہہ رہا ہوں کہ قران شریف میں اس کی بار بار مذمت کی گئی ہے - خدا تعالیٰ کے قانون کی تو انہیں پروا نہیں اور انسانی قانون کو لانا چاہتے ہیں -

مسٹر حمزہ - ضمنی سوال جناب - کیا وزیر صاحب براہ کرم فرمائینگے کہ اس کی کیا وجہ ہے کہ

"The demand of Excise Opium has increased leading to an increase in receipts from Rs. 9,90,000 to Rs. 10,81,000."

This has been given in the Explanatory Memorandum to the Budget 1965-66.

وزیر آبکاری و محصولات - عرض کروں گا کہ یہ جو افیون کے ٹھیکے ہیں انہیں نیلام کیا جاتا ہے - کبھی بولی زیادہ ہو جاتی ہے - کبھی کم ہو جاتی ہے - اس سے یہ نہیں کہ افیون استعمال کرنے والوں کی تعداد بڑھ گئی ہے - ان کی تعداد تو دن بدن اور بتدریج کم ہوتی جاتی ہے -

خواجہ محمد صفدر - کیا جناب وزیر منشیات فرمائینگے کہ ۶۴ میں ایسے لوگوں کی تعداد کیا تھی اور ۶۳ء میں کیا تھی ؟

وزیر آبکاری و محصولات - خواجہ صاحب غصہ سے بھرے ہوئے اندر آئے ہیں - میں دعوے سے کہتا ہوں کہ ان کی تعداد دن بدن کم ہو رہی ہے -

خان محمد یوسف - کیا وزیر آبکاری ارشاد فرمائینگے آیا وہ مسلمان ٹھیکیداروں کے شراب کے ٹھیکے منسوخ کرنے کیلئے تیار ہیں ؟

وزیر آبکاری و محصولات - کرنے کو توہم غیر مسلموں کے ٹھیکے بھی منسوخ کر سکتے ہیں -

خان محمد یوسف - کیا انہوں نے کبھی سوچا ہے کہ مسلمانوں کو تو کم از کم شراب بیچنے سے روکنا چاہئے - اللہ تعالیٰ نے شراب پینے سے منع فرمایا ہے -

مسٹر حمزہ - انہوں نے فرمایا ہے :-

"The Government revenue has been lost as the Government discourages the use of opium and wine".

ان کے اس ارشاد کے باوجود جو کہ ضبط تحریرمیں ہے اور جو کہ اس explanatory memorandum میں ہے ۔ یہ تضاد کیوں پایا جاتا ہے کہ پچھلے سال کے مقابلے میں اس سال آمدنی بڑھی ہے ۔

وزیر آبکاری و محصولات ۔ میں ان کا سوال نہیں سمجھا ۔ وہ دھرا دیں تو مہربانی ہوگی ۔ البتہ اگر وہ محاصل کے متعلق بات کرنا چاہتے ہیں تو میں نے یہ عرض کیا تھا کہ لوگ نیلام میں بڑھ چڑھ کر بولی دیتے ہیں ۔ باقی آمدنی کی وجہ میں آگے کسی سوال کے بارے میں عرض کرتے وقت بتاؤنگا ۔ میرے پاس اعداد و شمار ہیں کہ پہلے کتنے پرمٹ تھے اور اب کتنے ہیں ۔ بہر حال اب یہ بتدریج کم ہو رہے ہیں ۔

UNSATISFACTORY ARRANGEMENTS OF PUBLICITY IN RURAL AREAS

*41. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Information be pleased to state whether it is a fact that due to unsatisfactory arrangements of publicity in rural areas, the rural population is quite ignorant about the development work going on in the Province ; if so, the steps Government intend to take to improve the publicity arrangements in rural areas ?

Minister of Law and Information (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : It is denied that there are unsatisfactory arrangements of publicity in rural areas and that the rural population is quite ignorant about the development work going on in the Province.

The media of publicity employed by Government for the projection of its development work to the rural areas consist of mufassil press, the mobile cinema vans, distribution of literature to the local councils and publicity through radio. Government realize that in view of the level of literacy in the Province greater stress should be laid on publicity through audio-visual means which envisages the use of larger number of mobile cinema units for the projection of Government development activities to the rural areas. A scheme has been prepared which will be put into immediate operation as soon as the necessary funds are sanctioned by the Central Government who has been addressed for grant-in-aid for this purpose.

Qazi Muhammad Azam Abbasi : May I know whether the Central Government has given grant-in-aid for this purpose ?

Minister of Law and Information : The Central Government had actually sanctioned a sum of Rs. 18 lakhs for this purpose which included 9 lakhs of foreign exchange. Unfortunately the grant could not be had from Central Government

during the financial year and it lapsed. The Central Government has been addressed again by the Provincial Government and the Central Government is likely to restore this grant to the Provincial Government, on receipt of which the scheme, which is ready, will be put into operation immediately,

Qazi Muhammad Azam Abbasi : If the Central Government does not agree, then is the Provincial Government ready to go on with the scheme without grant-in-aid from the Central Government ?

Minister of Law and Information : I am sorry I cannot answer this hypothetical question.

خان اجون خان جدون - جناب وزیر صاحب نے فرمایا ہے - کہ مرکزی حکومت نے اٹھارہ لاکھ روپے grant-in-aid منظور کی تھی - لیکن وہ رقم حاصل نہ کی جا سکی - تو کیا میں ان سے پوچھ سکتا ہوں کہ اس روپے کو حاصل نہ کرنے میں کس کی غفلت تھی ؟

وزیر قانون و اطلاعات - اس میں کسی کی غفلت نہ تھی - جیسے ہی سکیم تیار ہوئی تو جون کا مہینہ ختم ہوگیا - وقت تھوڑا تھا اور ابھی ہم نے انتظامات اور تقرریاں کرنی تھیں - اس میں کسی سطح پر بھی کسی کی غفلت شامل نہیں ہے - جس طرح عام routine میں کام چلتا ہے - یہ بھی چلتا رہا - لیکن بدقسمتی سے جون کا مہینہ ہی ختم ہو گیا - اور ہمیں یہ گرانٹ نہ مل سکی -

خان اجون خان جدون - گرانٹ پچھلے جون میں منظور ہوئی تھی - اور آپ نے اس جون میں سکیم مکمل کی - تو کیا یہی سب سے بڑی غفلت نہیں ہے -

وزیر قانون و اطلاعات - معزز رکن نے شاید میرا جواب سمجھا نہیں - مرکزی حکومت نے جو اٹھارہ لاکھ روپیہ دینا تھا - اس رقم کو ہم نے بجٹ میں شامل نہیں کیا تھا - مرکزی حکومت نے یہ رقم صرف ad hoc basis پر grant-in-aid کے طور پر دینی منظور کی تھی - اس رقم کا تو بجٹ میں ذکر بھی نہیں ہے -

قاضی محمد اعظم عباسی - یہ رقم مرکزی حکومت نے کب دینی تھی ؟

Minister of Law and Information : I require notice for it.

APPOINTMENT OF FACT FINDING COMMITTEE FOR THE BETTERMENT OF THE WORKING JOURNALISTS

***42. Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Minister of Information be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that the Provincial Government has appointed a Fact finding Committee for recommeding steps for the betterment of the conditions of the working journalists in the Province ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether the said Committee has submitted its recommendations ; if so, the details there of and the time by which the said recommendations are likely to be implemented ?

Minister of Information (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) :

(a) A Fact Finding Committee was appointed to find out the extent to which the Wage Board Award was being implemented.

(b) The Fact Finding Committee for the Implementation of the Journalists Wage Board Award has submitted its recommendations. These recommendations are now being actively examined by the Government. A decision is expected to be taken soon. The details of recommendations cannot be disclosed at the present stage in the public interest.

Qazi Muhammad Azam Abbasi : Approximately how much time will it take to implement this ?

Minister of Law and Information : I have said very soon and with utmost despatch.

ALLOCATION MADE FOR THE PURCHASE OF INFORMATION OFFICES

*43. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Information be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Divisional Information Office, Sargodha and District Information Office, Lyallpur, have not been provided with photographic section and Government Transport with the result that a considerable part of the contingency grant provided for the said offices is being spent on purchase of photographic materials and taxi-hire ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the expenditure incurred by each of the office separately on hiring of taxis and purchase of photographic material during the last 5 years ;

(*c*) whether it is a fact that allocations were made in the year 1962-63, 1963-64 and 1964-65 for the purchase of vehicles for all the Information Offices in the Province ;

(*d*) if answer to (c) above be in the affirmative, the amounts allocated for the purpose for both the offices referred to in (*a*) above in the years 1962-63, 1963-64 and 1964-65 ?

Minister of Law and Information (Mr. Ghulam Nabi M. Varyal Memon) : Sir, I have to submit that.....

Qazi Muhammad Azam Abbasi : Sir, I have not received the reply to this question.

Minister of Information : I am sorry. I will give this reply to him on the next turn. I am again sorry that this reply has not been given to the member.

Mr. Speaker : This question will be answered on the next turn.

مسٹر حمزہ ۔ کیا وزیر اطلاعات یہ فرمائیں گے ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ دیکھیئے ۔ یہ سوال اگلی مرتبہ دھرایا جائے گا ۔ آپ اس وقت ضمنی سوالات پوچھ سکتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ سارے کا سارا سوال دھرایا جائے گا ۔

مسٹر سپیکر ۔ جی ہاں ۔

LIQUOR PERMIT HOLDERS

*203. **Mian Nazir Ahmad :** Will the Minister of Excise and Taxation be pleased to state :—

(*a*) the areas in the Province of West Pakistan where the use of liquor is prohibited except on permits ;

(*b*) the number of liquor permit holders in the areas mentioned in (*a*) above in 1958 and May, 1965 and in case, there has been an increase in their number ; reasons thereof ?

وزیر آبکاری و محصولات (شیخ مسعود صادق) ۔ (الف) پشاور، ڈیرہ اسماعیل خاں، راولپنڈی، سرگودھا، لاہور، ملتان، اور بہاولپور، ڈویژنوں میں شراب کا استعمال ممنوع ہے ۔

(ب) تعداد پرمٹ ہولڈران ۵۸-۱۹۵۷ء تعداد پرمٹ ہولڈران ۶۵-۱۹۶۴ء (مئی ۱۹۶۵ء تک)

۷،۲۰۷ ۳،۵۷۱

تعداد پرمٹ ہولڈران ۵۸-۱۹۵۷ء کی بہ نسبت ۶۵-۱۹۶۴ء میں کم ہے ۔ اس لئے یہ سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ کیا جناب وزیر صاحب یہ بتلا سکیں گے کہ بعض علاقوں میں شراب کے کھلم کھلا استعمال کی اجازت ہونے کی وجوہات کیا ہیں ؟

وزیر آبکاری و محصولات ۔ آپ کو علم ہے ۔ کہ مختلف صوبوں کے انضمام سے مغربی پاکستان کا صوبہ بنا ہے ۔ ہماری پالیسی یہی ہے ۔ کہ سب جگہ

ایک ہی قسم کا قانون رائج کریں ۔ اور جیسا کہ میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے اس بارے میں رپورٹ آ چکی ہے ۔ جب مرکزی حکومت اس پر سوچ بچار کرے گی ۔ تو پھر سارے صوبے میں اس پر ایک ہی طرح عمل کریں گے ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب وزیر صاحب کا جواب کچھ صاف نہیں ہے ۔ میرا مدعا یہ ہے ۔کہ بعض علاقوں میں تو شراب نوشی کی ممانعت ہے ۔ لیکن بعض جگہوں میں اس کی ممانعت نہیں ہے ۔ اور وہاں پر کھلم کھلا شراب استعمال ہوتی ہے ۔ تو یہ کن وجوہات کی بنا پر ہے ؟

وزیر آبکاری و محصولات ۔ جناب والا ۔ میں نے تو عرض کر دیا ہے کہ جب مغربی پاکستان کے صوبے کی تشکیل ہوئی تھی تو اس وقت سابقہ کئی صوبوں میں اس کی ممانعت تھی ۔ اور کئی صوبوں میں ممانعت نہیں تھی ۔ اگر وہ میری اس بات کو نہ سمجھ سکیں ۔ تو اس میں میرا کیا قصور ہے ۔ پشاور، ڈیرہ اسماعیل خاں اور سابقہ پنجاب میں بہاولپور، سرگودھا، ملتان، راولپنڈی، وغیرہ میں ممانعت تھی ۔ سندھ اور بلوچستان میں ممانعت نہیں تھی ۔

مسٹر منظور احمد خاں ۔ جناب والا ۔ ٹھیکیداروں کی تعداد میں تو فرق آ گیا ہے ۔ لیکن کیا شراب کی مقدار میں بھی کوئی فرق آیا ہے ؟

وزیر آبکاری و محصولات ۔ میں آگے چل کر بتاؤں گا ۔ کہ پہلے سے بہت کمی ہوئی ہے ۔ مقدار کے لحاظ سے بھی کمی ہوئی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا مغربی پاکستان کے تمام اضلاع میں ایک ہی قسم کا قانون رائج ہے ؟

وزیر آبکاری و محصولات ۔ میں نے عرض کیا ہے ۔ کہ ڈیرہ اسماعیل خاں، پشاور، راولپنڈی، لاہور، سرگودھا، ملتان، اور بہاولپور ڈویژن میں تو ایک ہی قسم کے قوانین رائج ہیں ۔ لیکن باقی جگہوں میں اسی قسم کے رائج نہیں ہیں ۔

خان محمد یوسف ۔ جناب کیا پرمٹ کو منسوخ کرنے کے لئے ایڈوائزری کونسل کو advice کی ضرورت ہوتی ہے ۔

Minister of Excise and Taxation : I will read the relevant portion.

"Permits for the issue of liquor are granted to Muslims on the production of medical certificate by Doctors in Government service only..."

یہ جو پرمٹ ملتے ہیں یہ medical ground پر ملتے ہیں ۔ ہر ایک مسلمان نہیں لے سکتا ۔ اگر ڈاکٹر یہ کہے کہ فلاں شخص شراب کے بغیر مر جائے گا تو ایسے شخص کو پرمٹ ملتا ہے ۔

خان محمد یوسف ۔ ہر کام کے لئے کس ڈاکٹر کو سفارش کرنے کے لئے متعین کیا گیا ہے ؟

وزیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ۔ میڈیکل ڈاکٹر ہو گورنمنٹ سرونٹ ہو اور کم از درجہ اول کا آفیسر ہو ۔

I have said by doctor in government service.

QUANTITY OF OPIUM SOLD IN PROVINCE

***204. Mian Nazir Ahmad** : Will the Minister of Excise and Taxation, be pleased to state : -

(*a*) the quantity of opium sold in the Province during each of the year ending May, 1960 and May, 1964 ;

(*b*) in case, there was any increase in the sale of opium during the year ending May, 1964, reasons thereof ?

وزیر آبکاری و محصولات (شیخ مسعود صادق) ۔ (الف) مندرجہ ذیل مقدار میں افیون فروخت کی گئی ۔

سال	تعداد
۱۹۵۹-۶۰ء	۷۶۷۸ سیر
۱۹۶۳-۶۴ء	۵۰۳۷ سیر

(ب) سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔

IMPLEMENTATION OF SCHEMES RELATING TO FINANCE DEPARTMENT IN QUETTA, LORALAI, SIBI AND ZHOB

***211. Babu Muhammad Rafiq** : Will the Minister of Finance be pleased to state : -

(*a*) the name of the schemes included in 1963-64 and 1964-65 budgets for implementation in the Districts of Quetta, Loralai, Sibi, Zhob and Chagai of Quetta divison ;

(*b*) in case there has been any difference between the budgetary provisions and the actual expenditure incurred on each of the said schemes, reasons therefore ?

Minister of Finance (Sheikh Masood Sadiq) : (a) Statements showing the names of the schemes included in 1963-64 and 1964-65 budgets for implementation in the Districts of Quetta, Loralai, Sibi, Zhob, and Chagai, of Quetta Division alongwith the budgetary allocations for each scheme are placed on the Table of the House.*

(b) Figures of expenditure against the allocations for individual schemes of the Quetta Division, will have to be collected from the offices of the various Departments located within Quetta Division. Reasons for variation cannot, therefore, be furnished untill this data has been collected.

GOVERNMENT ADVERTISEMENTS

*309. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Information be pleased to state the amount paid to each daily newspaper published from Lahore on account of Government advertisements from 1st October 1964 to-date ?

Minister of Law and Information (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) :

Sir, I regret that a copy of the reply has neither been supplied to the Member nor to the Assembly Secretariat. I would, therefore, request that I may be permitted to answer this question on the next turn.

Mr. Speaker : May I know the reasons why a copy has not been supplied to the Member and this Secretariat ?

Minister of Information : The Member has asked for details of the exact amount of advertisements given to various papers. This information had to be collected from the whole Province. The information runs into lakhs of figures and we have to collect this information from all the regions.

Mr. Hamza : Supplementary Sir.

Mr. Speaker : The question has not been replied. How can the Member put a supplementary ?

مسٹر حمزہ ۔ جناب وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ اطلاعات تمام صوبہ سے حاصل کرنی تھیں ۔ جناب والا میں نے جو اطلاع دریافت کی ہے وہ محض لاہور کے روزناموں کے متعلق ہے ۔

وزیر اطلاعات ۔ جناب والا صرف لاہور کے روزناموں کو advertisements نہیں ملتی ہیں بلکہ باہر کے یعنی مغربی پاکستان کے روزناموں کو advertisements ملتی ہیں ۔

---

* Please See Appendix at the end.

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا اس سلسلے میں ایک بورڈ بنا ہوا ہے تمام اشتہارات اس بورڈ کی وساطت سے دئے جاتے ہیں ۔

Mr. Speaker : This question will be answered on the next turn. The Member may then put his supplementary questions.

AMOUNT ALLOCATED TO QUETTA DIVISION DURING 1963-64 AND 1964-65 FOR IMPLEMENTATION OF DEVELOPMENT SCHEMES

***316. Sardar Muhammad Ishaq Khan :** Will the Minister of Finance be pleased to state :—

(*a*) the amount provided in the budget for the years 1963-64 and 1964-65 for the implementation of development schemes in Quetta Division ;

(*b*) the amount allocated to each District of the said Division for the said purpose during each of the said years alongwith the total expenditure incurred therefrom on each Development Scheme in each District of the said Division ;

(*c*) whether it is a fact that the amounts allocated during the said fiscal years for the purpose mentioned in (a) above were not wholly utilized ; if so reasons therefor ?

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ (الف) سال ۱۹۶۳-۶۴ء اور ۱۹۶۴-۶۵ء کے دوران کوئٹہ ڈویژن میں ترقیاتی منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کی غرض سے حسب ذیل رقوم مخصوص کی گئی تھیں :۔

	روپے
۱۹۶۳-۶۴ء	۴۷۳,۸۴,۰۰۰
۱۹۶۴-۶۵ء	۳۰۹,۰۰,۰۰۰

(ب) شق (الف) بالا میں مندرجہ رقوم کا ضلع وار تجزیہ حسب ذیل ہے :۔

کوئٹہ ڈویژن	روپے ۱۹۶۳-۶۴ء	روپے ۱۹۶۴-۶۵ء
ضلع کوئٹہ	۳,۷۹,۷۳,۰۰۰	۲,۸۱,۵۹,۰۰۰
ضلع لورالائی	۱۷,۰۲,۰۰۰	۳۸,۰۹,۰۰۰
ضلع سبی	۲۷,۶۰,۰۰۰	۳۲,۳۱,۰۰۰
ضلع شکئی	۱۲,۹۰,۰۰۰	۱,۶۸,۰۰۰
ضلع ژوب	۱۲,۳۶,۰۰۰	۲۱,۹۶,۰۰۰
میزان	۴,۳۹,۶۲,۰۰۰	۳,۸۵,۶۳,۰۰۰
ڈویژن کی اساس پر وضع کردہ منصوبے	۲۵,۲۲,۰۰۰	۲۳,۳۷,۰۰۰
میزان	۴,۷۳,۸۴,۰۰۰	۲,۰۲,۰۰,۰۰۰

انفرادی منصوبوں پر صرف شدہ اخراجات کے اعداد ضلع وار موجود نہیں ہیں اور یہ کوئٹہ ڈویژن میں واقع مختلف محکموں کے دفاتر سے فراہم کرنا پڑیں گے ۔

(ج) سوال کے اس جزو کا جواب جزو (ب) کے جواب میں محولہ مواد کے فراہم ہو جانے کے بعد دستیاب ہو سکے گا ۔

CLOSING DOWN OF THE OPIUM OFFICE AT NOWSHERA

*356. **Khan Ajoon Khan Jadoon** : Will the Minister of Excise and Taxation be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that formerly permission for opium cultivation in Peshawar and Rawalpindi Divisions was granted by the District Opium Officers posted at Nowshera and Rawalpindi respectively ;

(b) whether it is a fact that as a result of Government decision to restrict opium cultivation, the said cultivation, has totally stopped in the whole of Rawalpindi Division and in some Districts of Peshawar Division ;

(c) whether it is a fact that as a result of the fall in work the office at Nowshera has been closed down and the work relating to Peshawar Division, has been closed down and the work relating to Peshawar Division, has been transferred to District Opium Office at Rawalpindi ;

(d) if answer to (a) to (c) above be in the affirmative reasons for closing down the office at Nowshera instead of the office at Rawalpindi ?

Minister of Excise and Taxation (Sheikh Masood Sadiq) : (a) Yes.
(b) Yes.

(c & d) Cultivation throughout the Province was supervised by two District Opium Officers with Headquarters at Rawalpindi and Nowshera. Cultivation has now been curtailed to certain areas in the Haripur and Swabi Tehsils. The office at Nowshera was situated in a rented building which has been vacated as a result of legal proceedings.

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا افیون کی کاشت کو کیوں محدود کر دیا ہے اس کی کیا وجوہات ہیں ؟

وزیر آبکاری ومحصولات۔ جناب والا حکومت کی پالیسی ہے کہ افیون۔ پوست اور پوست کے ڈوڈے کو کم سے کم استعمال میں لایا جائے۔ ہم نے انٹرنیشنل معاہدہ کیا ہوا ہے ۔ اس میں بتدریج کمی ہو رہی ہے ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا وزیر متعلقہ نے میرے سوال کا جو جواب دیا ہے اس سے واضح ہے کہ نوشہرہ میں جو دفتر تھا اس کو عارضی

طور پر اس لئے بند کر دیا گیا ہے کہ وہ دفتر کرایہ کے مکان میں تھا ۔ کیا وہاں پر دوسری کرایہ کی بلڈنگ نہیں مل سکتی تھی جس میں دفتر بنایا جا سکتا ؟

وزیر آبکاری ومحصولات ۔ جناب والا میں نے کبھی بھی ''عارضی،،کا لفظ استعمال نہیں کیا ہے ۔ میں نے یہ عرض کیا تھا کہ راولپنڈی اور نوشہرہ میں دو دفتر تھے کیونکہ نوشہرہ سے قانونی طور پر ہم نکل گئے ہیں اس لئے راولپنڈی میں آنا لازمی تھا ۔ میں نے یہ بھی عرض کیا تھا کہ ابھی زیادہ تر ضرورت جو پڑے گی وہ تحصیل صوابی اور ان علاقوں میں جو ہزارہ کی طرف ہیں اور جہاں پوست کی کاشت ہوتی ہے ۔ اگر ضرورت پڑی تو ہم تحصیل صوابی میں یا ہزارہ میں دفتر کھولیں گے ۔ راولپنڈی اور نوشہرہ کے دفاتر بند کر دیں گے ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا وزیر متعلقہ نے اپنے جواب میں فرمایا کہ ہم انٹرنیشنل معاہدہ کر چکے ہیں ۔ وہ انٹرنیشنل معاہدہ کیا ہے ۔ اور اس پر کس طرح اثر انداز ہوتا ہے ؟

Mr. Speaker : The Member may give a fresh question for that.

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا وزیر صاحب نے میرے ضمنی سوال کے جواب میں فرمایا ہے کہ اگر ضرورت پڑی تو ہری پور یا تحصیل صوابی میں دفتر کھولیں گے ۔ جناب والا ۔ جب کہ کاشت ہی وہاں ہوتی ہے تو ضرورت کا کیا سوال پڑتے ہے ؟ کیا ضرورت آپ محسوس نہیں کر سکتے کہ دفتر وہاں ہونا چاہئیے ؟

وزیر آبکاری و محصولات ۔ جناب والا یہ صحیح ہے اور یہ درست فرماتے ہیں ۔ ہم کوشش کر رہے ہیں کہ ہزارہ یا تحصیل صوابی میں ہم کو کوئی جگہ ملے اور ہم راولپنڈی میں جو دفتر ہے اس کو وہاں منتقل کر دیں ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا اگر ہم آپ کو جگہ مہیا کر دیں تو کیا آپ دفتر فوری طور پر منتقل کرنے کے احکام جاری کر دیں گے ؟

وزیر آبکاری و محصولات ۔ اگر جگہ ہوئی تو میں ضرور favourably consider کروں گا ۔

ADVICE OF THE ADVISORY COUNCIL ON THE USE AND SALE OF OPIUM AND LIQUOR IN THE PROVINCE

*462. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Excise and Taxation be pleased to state :—

(a) the number of persons who have been issued permits for the use of liquor and opium in the areas where such use is prohibited except on permits ;

(b) the number of Muslim and Non-Mutlim licence holders for the sale of liquor and opium in the province ;

(c) whether it is a fact that the question of use of liquor was referred by the Provincial Government to the Advisory Council of Islamic Idelogy for advice ;

(d) if the answer to (c) above be in the affirmative, whether the said advice has since been received ;

(e) if answer to (d) above be in the affirmative, (i) the advice given by the said Council, and (ii) the action taken by Government in furtherance thereof ?

Minister of Excise and Taxation (Sheikh Masood Sadiq) : (*a*) 5,376 liquor permits were issued during 1963-64.

Opium is not sold on permits.

	Muslims	*Non-Muslims*
(*b*) Liquor	257	206
Opium	302	14

(*c*) Yes.

(*d*) Yes.

(*e*) The advice is under consideration of a Committee whose recommendations will be submitted in due course of time.

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا شراب کے متعلق وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ ڈاکٹر شراب پینے کیلئے سرٹیفکیٹ دیتے ہیں اس لئے ان کو شراب دی جاتی ہے ۔ اگر افیون کے متعلق کوئی ڈاکٹر سرٹیفکیٹ نہ دے تو افیون کو کیوں نہ بند کر دیا جائے ؟

وزیر آبکاری و محصولات ۔ جناب والا یہ معاملہ اسلامک آئیڈیالوجی کونسل میں رپورٹ کے لئے رکھا گیا ہے ۔ وہ سب منشیات پر غور کو رہی ہے ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا شراب کے سلسلہ میں مسلمانوں کے لئے آپ ڈاکٹری سرٹیفکیٹ پر شراب دینے کی اجازت دیتے ہیں ۔ جب کہ ڈاکٹر ہر مرض کے ماہر نہیں ہوتے تو کیا آپ اسمبلی میں ایسا قانون لائیں گے کہ شراب کا پرمٹ دینے والے خاص ڈاکٹر ہوں عام ڈاکٹر نہ ہوں ۔ تا کہ یہ معلوم کر سکیں کہ واقعی یہ شخص شراب پینے کے بغیر مر جائیگا ؟

وزیر آبکاری و محصولات ۔ جناب والا میں نے ابھی ابھی عرض کیا تھا کہ ہم ان ڈاکٹروں کے کہنے پر شراب دیتے ہیں جو حکومت کے نوکر ہیں ۔ اگر اس کے لئے سپیشل محکمہ کھولا جائے تو میری ناقص رائے میں corruption بڑھ جائے گی ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ نے جو فرمایا ہے کہ مجوزہ اقدام سے رشوت ستانی بڑھ جائے گی تو گویا آپ اس بات کا اعتراف کرتے ہیں کہ صوبے میں رشوت ستانی موجود ضرور ہے ؟

وزیر آبکاری و محصولات ۔ آپ نے میری اختتامیہ تقریر نہیں سنی تھی ورنہ آپ یہ سوال نہ پوچھتے ۔

Mr. Speaker : That is not a supplementary question.

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ کیا اسلامک ایڈوائزری کمیٹی کے آپ بھی ممبر ہیں ۔ اگر نہیں تو آپ کی اس میں کیا حیثیت ہے ؟

Minister of Excise & Taxation : I am supposed to be its Chairman.

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ اس صورت میں تو آپ کو علم ہونا چاہئیے کہ اس معاملہ میں دیر کیوں ہو رہی ہے ؟

وزیر آبکاری و محصولات ۔ یہ معاملہ مرکزی گورنمنٹ کے سامنے پیش ہے انہوں نے ملک کے دونوں بازوؤں کے لئے یکساں قانون بنانا ہے ۔

خان گل حمید خان ۔ جو چیز قرآن شریف کی رو سے منع ہے اس کے امتناع کر دینے میں کیا چیز حائل ہے ؟

وزیر آبکاری و محصولات ۔ خواجہ محمد صفدر سے پوچھئے ۔ وہ بڑے مولوی بنے پھرتے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ یہ محکمہ میرے سپرد کب سے ہوگیا ہے ؟

مسٹر حمزہ ۔ کیا آپ کے پاس اسلامی مشاورتی کونسل کی رپورٹ آ گئی ہے ؟

Minister of Excise and Taxation : A copy of the Report has come to us also, but it was appointed by the Central Government and naturally they will first present it to the Centre.

چودھری محمد سرور خان ۔ جب سب منشیات پر غور ہو رہا ہے تو کیا تمباکو بھی اس میں شامل ہوگا ؟

ایک ممبر ۔ پھر تو یہ بڑا ظلم ہوگا ۔ (قہقہہ)

وزیر آبکاری و محصولات ۔ سب سے بڑا نشہ تو تمباکو ہی ہے ۔ مگر خیر یہ اس کمیٹی کے زیر غور نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ چودھری محمد سرور کو فکر نہیں کرنا چاہئے ۔ (قہقہہ)

خان محمد یوسف خان ۔ کیا اس کمیٹی کے مشورے کے بغیر شراب بند نہیں کی جا سکتی ؟

وزیر آبکاری و محصولات ۔ جناب والا ۔ میں بار بار عرض کر چکا ہوں کہ ہم اس کے امتناع کا تہیہ کر چکے ہیں مگر سنٹرل گورنمنٹ نے ملک کے دونوں بازوؤں کے لئے یکساں قانون بنانا ہے اور یہ معاملہ سنٹرل گورنمنٹ کے ہاتھ میں ہے ۔ میرے اختیار میں یا صوبائی حکومت کے ہاتھ میں تو نہیں ہے ۔

خان محمد یوسف خان ۔ کیا شراب بندی کے راستے میں کوئی آئینی رکاوٹ ہے ؟

وزیر آبکاری و محصولات ۔ معاملہ سنٹرل حکومت کے زیر غور ہے ۔ آئینی رکاوٹ تو کوئی نہیں ہے ۔

چودھری محمد نواز خان ۔ وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ افیم پوست کے ڈوڈوں کی کاشت اور پیداوار میں ایک انٹرنیشنل معاہدہ کے ماتحت کمی واقع ہوئی ہے ۔ تو کیا پوچھ سکتا ہوں کہ شراب کی درآمد میں جو اضافہ ہمارے ملک میں ہوا ہے وہ بھی کسی انٹرنیشنل معاہدے کے ماتحت ہوا ہے ؟

مسٹر سپیکر - کیا آپ یہ ضمنی سوال گذشتہ سوال کے سلسلہ میں پوچھ رہے ہیں ؟

چودھری محمد نواز خاں - جناب والا - یہ اس کے ساتھ connected ہے -

وزیر آبکاری و محصولات - اگر آپ یہ بھی پوچھنا چاہتے ہیں تو

I can collect the facts and figures and present before the House.

مسٹر حمزہ - پبلک میں یہ تاثر پایا جاتا ہے کہ جس معاملہ کو گورنمنٹ مڑ جانا چاہتی ہے اسے کسی کمیشن یا کمیٹی کے سپرد کر دیا جاتا ہے - کیا یہ ٹھیک ہے ؟

Minister of Excise & Taxation : This is a question of opinion and I cannot give an answer to this.

خان اجون خان جدون - کیا مذکورہ کمیٹی کی رپورٹ جو سنٹرل گورنمنٹ کو موصول ہو چکی ہے اس کی ایک کاپی آپ کو یعنی صوبائی حکومت کو موصول نہیں ہوئی ہے ؟

Minister of Excise & Taxation : Should I answer this question again Sir ? I have told him twice that we have received a copy of the Report and he wants me to repeat that again.

خان اجون خان جدون - تو کیا آپ اس کی ایک کاپی ایوان میں سرکولیٹ نہیں کریں گے ؟

Minister of Excise & Taxation : It is not a public document so far.

Mr. Speaker : The Question Hour is over.

WEST PAKISTAN BUDGET (GENERAL) 1965-66.

APPROVAL OF THE EXPENDITURE SPECIFIED IN THE STATEMENT UNDER ARTICLE 42, READ WITH ARTICLE 89 OF THE CONSTITUTION IN RESPECT OF PROJECTS FOR THE FUTURE YEARS.

Mr. Speaker : The House will now take up the next item on the Orders of the Day, i.e., approval of the expenditure in respect of projects for the future years. The Minister of Finance.

Minister of Finance (Sheikh Masood Sadiq) : Sir I beg to move :

That the House do approve of the expenditure specified in the statement under Article 42, read with Article 89 of the Constitution in respect of projects for the future years.

Mr. Speaker : Motion moved is :

That the House do approve of the expenditure specified in the statement under Articles 42, read with Article 89 of the constitution in respect of projects for the future years.

I think there is no opposition to this motion. The question is :

That the House do approve of the expenditure specified in the statement under Articles 42, read with Article 89 of the constitution in respect of projects for the furture years.

The motion was carried.

DISCUSSION OF THE CONTINGENCY ITEM AND VOTING ON MOTIONS FOR REDUCTION RELATING THERETO.

Mr. Speaker : Next item on the Orders of the Day is the Discussion of the Contingency Item and voting on motions for reduction relating thereto.

Yes, Mr. Farooqi.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - جناب والا - ۱۹۶۵—۶۶ کے اخراجات میں ۱۲ کروڑ روپے کا خرچ محض اتفاقیہ مدوں یعنی contingency Item کے لئے رکھا گیا ہے - یہ رقم انتظامیہ کے سپرد کر دی جاتی ہے اور ہمارے بجٹ میں اس کا پرووِیژن دستور کی دفعہ ۸۵ کے تحت کیا جاتا ہے لیکن میں عرض کرونگا کہ انتظامیہ اپنے ان اختیارات کو ناجائز طور پر استعمال کر رہی ہے - مثلاً ۶۵—۱۹۶۴ کے حسابات آپ کے سامنے پیش ہیں - ان کو دیکھنے سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ انتظامیہ نے اس بڑی رقم کو خرچ کرنے کے اختیارات کو ناجائز طور پر استعمال کیا ہے -

جناب والا - ہمارے ملک کے آئین کے تحت ہمارے بجٹ کو تین حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے -

1. Charged Expenditure
2. Expenditure other than the new expenditure
3. New Expenditure

پہلی دو مدوں کے سلسلے میں ایوان کے اختیارات محدود ہیں ان اخراجات پر ہم گفتگو کر سکتے ہیں تبصرہ کر سکتے ہیں مگر صوبے کے سربراہ کی اجازت کے بغیر یہ ایوان ان میں کمی نہیں کر سکتا - صرف مد نمبر ۳ ہی ایک ایسی مد ہے جس کے سلسلے میں ایوان کو پورے اختیارات ہیں مگر یہ رقم کل بجٹ کا بہ مشکل ۱۸ یا ۲۰ فیصد کے برابر ہوتی ہے - ہمارے دستور میں یہ گنجائش

رکھی گئی ہے کہ contingency item کے لئے جسے میں غیر متوقع یا نادیدہ اخراجات کہونگا ایک رقم مختص کی جائے ۔ میں دستور بنانے والوں کے ساتھ حسن ظن رکھتے ہوئے کہونگا کہ ان کا منشا یہ نہیں تھا کہ اس طرح ایک چور دروازہ رکھ لیا جائے اور تھیلی کے نیچے سوراخ کرکے روپیہ نکالا جائے بجائے اس کے کہ تھیلی کے منہ سے روپیہ سیدھے ہاتھوں حاصل کیا جاتا ۔ دستور میں unexpected expenditure اور contingency کے الفاظ ہیں ۔ یہ الفاظ خود اپنے اندر یہ معنی رکھتے ہیں کہ یہ رقم ان اخراجات کے لئے ہے جن میں کم از کم دو صفات ہونی چاہئیں ۔ یعنی اول تو وہ نادیدہ ہوں ۔ یعنی وہ اخراجات آپ کے پیش نظر نہ رہے ہوں اور ناگہانی طور آپ کے سامنے آ گئے ہوں ۔

ان کے اندر دوسری صفت یہ ہونی چاہئے کہ وہ اخراجات بہت ضروری ہوں اور انتظامیہ اس بات کا انتظار نہ کر سکتی ہو کہ اسمبلی کا آئندہ اجلاس ہو اور وہ ان اخراجات کو اس کے سامنے ایک نئے خرچ کی صورت میں ایک نیا مطالبہ زر رکھ کر منظور کرائے ۔ Contingencies میں عموماً ایسی مدات شامل ہوتی ہیں جو کوئی مستقل خرچ نہ ہوں ۔ بلکہ ہنگامی متفرق اور sundry قسم کا کوئی خرچ ہو ۔ ۱۹۶۴-۶۵ کے حسابات کو دیکھتے ہوئے جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا تھا ۔ یوں محسوس ہوتا ہے کہ بہت سے اخراجات ایسے ہیں جو اپنی حقیقت کے لحاظ سے New Expenditure کے ضمن میں آتے ہیں ۔ جن کے لئے انتظامیہ کو باقاعدہ ایوان کے سامنے پیش کر کے ۔ اس کی رائے لے کر منظوری حاصل کرنی چاہیئے تھی ۔ انتظامیہ نے ان اخراجات کو بجائے ایوان کے سامنے لانے کے اس Contingency کو چور دروازے سے خرچ کر لیا ۔ چنانچہ اب میں آپ کے سامنے اس قسم کے اخراجات کی چند مثالیں پیش کرتا ہوں ۔

۱۹۶۴-۶۵ میں اس Contingency کی رقم میں سے ۵۰ ہزار روپے آرٹس کونسل کو دئے گئے ۔ ایک کروڑ ۱۳ لاکھ ۴۴ ہزار روپے Communication and Works Department کو ایک گرانٹ کی صورت میں دئے گئے ۔ اسی طرح پولیس کے رعائتی راشن کے لئے ۳۹ لاکھ ۹۴ ہزار روپے خرچ کئے گئے ۔ Iron Ore کے Industrial Test کے لئے ۱۸ لاکھ ۸۰ ہزار روپے خرچ کئے گئے اور

اسی طرح بہت سے دیگر اخراجات ہیں ۔ میں نے آپ کا وقت ضائع ہونے سے محفوظ کرنے کی غرض سے صرف چند مثالیں پیش کی ہیں ۔ جن کے متعلق آپ کا یہ کہنا ہے کہ یہ سب Contingent Items ہیں ۔ Contingency کی عام اصطلاح کا مطلب یوں نہیں سمجھا جاتا ہے ۔ بلکہ خود گورنمنٹ کے حسابات میں بھی اور ہر محکمہ کے حساب میں ایک Contingency کا Item ہوتا ہے ۔ آپ خود ہی ایسے اخراجات کا جائزہ لیں اور دیکھیں کہ آیا Contingency میں اس قسم کے اخراجات رکھے جا سکتے ہیں یا نہیں ۔ دراصل اس میں وہ چھوٹے چھوٹے اخراجات شامل کئے جانے چاہئیں تھے جو کسی مستقل مد کا جواز نہ بن سکتے ہوں ۔ صرف انہی کو Contingency اخراجات کہا جا سکتا ہے ۔ تو اس طرح جو اخراجات ان اخراجات کی صف میں بالکل نہیں آتے ۔ ان کو Contingency کے اخراجات کہنا اور دفعہ ۷۵ کے تحت حاصل کردہ اختیارات کا اس کے لئے استعمال کرنا ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ یہ اس ایوان کے حقوق اور اس کے اختیارات پر دست درازی ہے اور اس دفعہ کا ناجائز استعمال ہے ۔ اس طریق کار سے اس ایوان کو اس کے حق سے محروم کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ میں آپ کے توسط سے جناب وزیر خزانہ اور دیگر حضرات سے درخواست کرونگا چونکہ آپ کی یہ Contingency کی ۱۲ کروڑ روپے کی رقم جو کل Revenue Receipts کے ۱۰ فیصد سے کم ہے اور جس پر ہم دستور کے تحت تخفیف زر کی کوئی تحریک نہیں لا سکتے ۔ آپ خود اسے ۱۲ کروڑ روپے سے کم کریں اور اس میں ان اخراجات کو نہ ڈالیں جو بذات خود ایک مستقل خرچ کی حیثیت رکھتے ہوں ۔ دراصل ان سب اخراجات کو New Expenditure کی حیثیت سے اس ایوان کے سامنے کسی اور موقع پر آنا چاہئیے اور ان کی منظوری حاصل کی جانی چاہئیے ۔

میں امید کرتا ہوں کہ آپ ان پر غور فرمائینگے اور ایسے اخراجات کو اس مد میں سے نکال دیں گے ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک محمد اختر

ملک محمد اختر (لاہور ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ ابھی میرے معزز ساتھی جناب فاروقی صاحب نے Contingency Item کے متعلق اس ہاؤس میں اپنے خیالات کا اظہار فرمایا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہم تو پہلے ہی

صرف ۲۰ فیصد بجٹ پر Motions دے سکتے ہیں ۔ اب اس Contingency Item کو رکھ کر ہمارے حقوق پر مزید حملہ کیا گیا ہے ۔

یہ ۱۲ کروڑ روپے کی گرانقدر رقم صفحہ ۳۷۳ ۔ Volume-II میں دی گئی ہے ۔ میرے نزدیک یہ بہت زیادہ ہے ۔ اسے کم ہونا چاہئیے ۔ پچھلے سال بھی اسی طرح ۱۲ کروڑ روپے کی ایک رقم رکھی گئی تھی ۔ لیکن Revised Budget میں اسے ۳ کروڑ روپے کر دیا گیا تھا ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ جب ہم غیر ملکی حکومتوں اور اپنی مرکزی حکومت سے اتنے گراں قدر قرضہ جات لے رہے ہیں ۔ ہمیں صرف اس مقصد کے لئے اتنی بڑی رقم نہ رکھنی چاہئیے ۔ کیونکہ ہو سکتا ہے کہ ہمیں کوئی اور Unforeseen Expenditure آ پڑے ۔ اس لئے مناسب یہی تھا کہ یہی رقم جو پچھلے سال کے Revised Budget میں ۱۲ کروڑ سے ۳ کروڑ روپے کر دی گئی تھی ۔ آئندہ سال کے بجٹ میں بھی ۳ یا ۴ کروڑ کے لگ بھگ رکھی جاتی ۔ لیکن افسوس کہ ایسا نہیں کیا گیا ۔

جناب والا ۔ میں اس کی تفصیل میں نہیں جانا چاہتا ۔ گزارش یہ ہے کہ اگر ہماری تعلیم کی مد کو دیکھا جائے تو اس سے معلوم ہوگا کہ یہ Contingency Item کس طرح بڑھ رہی ہے ۔ ۱۹۶۴—۶۵ء میں اس میں ۱۰ لاکھ ۴۴ ہزار ۳۰ روپے کا اضافہ ہوا ۔ ۱۹۶۳—۶۴ء اور اس سے پہلے سالوں کے دوران اس میں ۳۴ لاکھ ۵۱ ہزار ۳۸۶ روپے کا اضافہ ہوا ۔ اسی طرح اگر آپ آبپاشی کی رقومات دیکھیں تو ان میں ۱۹۶۴-۶۵ء میں ۲۴ لاکھ ۶۵ ہزار کا اضافہ تھا اور اب ۱۹۶۵—۶۶ میں یہ ۲۲ لاکھ ۶۴ ہزار ۵۳۹ روپے کا اضافہ ہے ۔ میں یہ سب کچھ مثال کے طور پر عرض کر رہا ہوں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو Contingency Item کی provisions کی گئی ہیں ۔ یہ کسی طرح بھی مناسب نہیں ۔ کم از کم یہ ۱۲ کروڑ روپے کی رقم بلا وجہ block کر رکھنا جب کہ ہم ترقیاتی منصوبوں کیلئے قرضہ جات حاصل کر رہے ہیں ۔ کسی طرح بھی واجب نہیں ۔ میری گزارش یہ ہے کہ اگر آپ ہر Item کے لئے provision کرتے ہیں تو یہ ۱۲ کروڑ روپے کی رقم جو بلا وجہ reserve کر رہے ہیں ۔ یہ ایک بہت بڑا اور بلا وجہ بار ہے ۔ اس لئے اسے کم کرنا چاہئیے ۔

سید عنایت علی شاہ (پشاور - ۴) ۔ جناب سپیکر ۔ حزب مخالف کے معزز اراکین نے اس ۱۲ کروڑ روپے کی رقم کے متعلق اپنے زرین خیالات کا اظہار کیا ہے ۔ حالانکہ Contingency کے متعلق جیسا کہ ان پر واضح ہے ۔ اور میں بھی ان پر یہی بات واضح کرنا چاہتا ہوں کہ یہ وہ رقم ہے۔ جو نادیدہ اخراجات کے لئے ہے ۔ کیونکہ اگر کسی وقت ناگہانی طور پر ہمارے صوبے میں ایسے حالات پیدا ہو جائیں ۔ جن کی وجہ سے حکومت کو اخراجات برداشت کرنا پڑیں ۔ تو ان کے لئے ہمارے پاس ایک معقول رقم ہونی چاہئیے ۔

جناب سپیکر ۔ یہ بات میرے خیال میں سارے ایوان پر واضح ہے کہ وقتاً فوقتاً ہمارے اس صوبے میں ناگہانی حالات رونما ہو چکے ہیں ۔ اور ہو رہے ہیں ۔ آپ مشرقی پاکستان کو ہی لیجئیے ۔ وہاں کئی دفعہ floods آ چکے ہیں ۔ اور اس کے علاوہ کئی بار cyclones بھی تباہی کرتے رہے ہیں ۔ اس کے علاوہ ہمارے صوبہ مغربی پاکستان کو ہی لیجئیے ۔ یہاں کئی دفعہ دریاؤں میں Floods آتے رہے ہیں ۔ اور تقریباً ہر سال آتے رہتے ہیں ۔ ظاہر ہے کہ اگر ہمارے پاس Contingency کی یہ رقم نہ ہو تو ہماری پبلک کو بہت زیادہ نقصان اٹھانا پڑے ۔ ہماری Communications ۔ سڑکیں اور Irrigation کی کئی سکیمیں بالکل ناکارہ ہو جائیں ۔ اس لئے میں درخواست کروں گا کہ یہ ۱۲ کروڑ روپے کی رقم منظور کر دی جائے ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) ۔ جناب والا ۔ اس وقت اس ایوان کے سامنے ہنگامی اور ناگہانی اخراجات کو پورا کرنے کے لئے ۱۲ کروڑ روپے کا مطالبہ زر منظوری کے لئے پیش ہے ۔

جناب والا ۔ پیشتر اس کے کہ میں آپ کی وساطت سے اس مطالبہ زر کے حسن و قبح کے متعلق اپنی گذارشات اس ایوان کے سامنے پیش کروں ۔ میں مناسب سمجھتا ہوں کہ پہلے اس کے آئینی پہلو کو زیر بحث لاؤں تاکہ ہمیں یہ معلوم ہو سکے کہ ہمارے موجودہ آئین میں اس اسمبلی کو کس حد تک مالی اختیارات حاصل ہیں ۔ تاکہ میرے جو دوست اس ملک کی صورت حال کے متعلق یہ کہتے کہتے نہیں تھکتے کہ اس ملک میں جمہوریت کا دور دورہ ہے اور اسمبلی بااختیار

ہے عوام کو ہر قسم کی آزادی حاصل ہے میں ان کی خدمت میں یہ امر واضح کر دوں یا کر سکوں کہ حقیقت یہ ہے کہ نہ تو یہ اسمبلی بااختیار ہے جتنی کہ ایک آزاد جمہوری ملک میں ہونی چاہئے اور نہ ہی اس صوبہ کے عوام کو اس آئین کے تحت وہ آزادی حاصل ہے جو ہمارے عوام کو ملنی چاہئے ۔

جناب والا ۔ میری رائے میں ہمارے موجودہ آئین میں اس اسمبلی کے اختیار کو اس طور پر محدود کر دیا گیا ہے کہ اس ملک کی پارلیمانی تاریخ میں بلکہ میں یہ کہوں گا کہ ہندوستان اور پاکستان کو ملا کر متحدہ ہندوستان کی پارلیمانی تاریخ میں اس قسم کی پابندیاں اس سے پہلے کبھی نافذ نہیں تھیں ۔

جناب والا ۔ یہ امر مسلمہ ہے کہ اس ملک کی مختلف قوموں کو جیسا کہ یہاں ہماری تھیں طویل جد و جہد کے بعد ہی آزادی حاصل ہوئی ۔ ایسی جدوجہد جس سے سالہا سال تک ہزاروں لوگوں کو آزادی کی قربان گاہ پر بھینٹ چڑھنا پڑا ۔ انہوں نے گولیاں کھائیں ۔ قیدیں کاٹیں ۔ اور انہیں طرح طرح کی صعوبتیں برداشت کرنا پڑیں ۔ تب جا کر وہ آزادی سے ہمکنار ہوئے ۔ خصوصیت سے اگر آپ تاریخ ہند و پاکستان پر نگاہ ڈالیں تو کم و بیش تین چوتھائی صدی سے متحدہ ہندوستان میں جو لوگ آباد تھے خواہ وہ ہندو تھے مسلمان تھے سکھ تھے یا پارسی تھے انہوں نے انگریز حکام سے نجات حاصل کرنے کے لئے مسلسل جد و جہد کی اور انگریز حکام بتدریج ان کے حقوق کو مانتے گئے ۔ پہلے قلیل ۔ پھر اس سے زیادہ ۔ اور پھر اس سے زیادہ ۔ برٹش پارلیمنٹ میں متواتر قانون پاس ہوتے رہے جو یکے بعد دیگرے ہندوستان میں نافذ ہوئے ۔ اس تاریخ کے پڑھنے سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ انسان نے اپنے حقوق ۔ خصوصیت سے وہ حقوق جو آزادی سے تعلق رکھتے ہیں ان کو حاصل کرنے کے لئے متواتر جد و جہد کی ہے ۔ بالکل اسی طرح ہم لوگوں کی متواتر کوشش اور بے مثال جد و جہد کا صلہ آزادی کی صورت میں ملا ۔ تو اس کے بعد ایک دن ہم کیا دیکھتے ہیں کہ تمام حقوق اور تمام آزادیاں جو انگریز کے زمانے میں ہمیں حاصل تھیں اور جو ہم نے اتنی لمبی جد و جہد کے بعد حاصل کی تھیں یک لخت ہم سے چھن گئیں ۔ ہم ایک آزاد ملک میں ہوتے ہوئے محکوم بن گئے ۔

جناب والا ۔ اس موقع پر میں اس بحث کو طویل نہیں کرنا چاہتا اور اصل موضوع کی طرف آتا ہوں ۔

A Member : Sir. The House is not in quorum.

Mr. Speaker : Let there be a Count. (*count was taken*)

The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*)

The House is now in quorum. Yes, Khawaja Sahib

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ میں اس معزز ایوان کا وقت اس پر صرف نہیں کرنا چاہتا کہ میں آئین کے مختلف حصوں پر بحث کروں ۔ بلکہ میں اپنی بحث کو محدود کروں گا اور صرف مالی دفعات کے متعلق ہی جو اس وقت زیر بحث لائی جا سکتی ہیں یا اس وقت زیر بحث ہیں ۔ اپنے خیالات کا اظہار کروں گا ۔

جناب والا ۔ اس سے پیشتر میں نے یہ گذارش کی تھی کہ اس ایوان کو خرچ کے اس حصہ پر اپنی رائے کا اظہار کرنے کا اختیار نہیں ۔ جسے charged expenditure کہتے ہیں ۔ میں نے یہ گذارش کی تھی کہ اس ایوان کو خرچ کے اس حصہ پر اظہار رائے کا اختیار نہیں جسے نئے اخراجات کے علاوہ اخراجات کہتے ہیں ۔ میں نے یہ گذارش کی تھی ۔ کہ اس ایوان کو اپنی رائے استعمال کرنے کا اختیار صرف نئے اخراجات پر ہے ۔ آرٹیکل ۴۵ کے تحت اس آئین کی رو سے ہماری حکومت کو یہ حق حاصل ہے کہ آئندہ سال میں ہنگامی اخراجات کے لئے کوئی رقم متعین کرے اور اس کو مطالبہ زر کی شکل میں اس ایوان میں پیش کرے ۔ یہاں تو اس مطالبہ زر میں ہم ایک حد تک تخفیف زر کی تحریک پیش کر سکتے ہیں ۔ یعنی یہ ایوان سارا کا سارا مل کر ان ہنگامی اخراجات کے مطالبہ زر کے متعلق ایک حد تک تخفیف کر سکتا ہے ۔ اس سے زیادہ اس معزز ایوان کے ۱۵۵ معزز ممبران کو یہ حق حاصل نہیں کہ آئین کے مطابق اس حد تک پلاننگ لگا سکیں ۔ اور وہ حد کیا ہے ؟ ۔ جناب والا ۔ محاصل کے ۱/۱۰ ۔ حصے کی حد تک یہ مطالبہ زر بھی ہو تو اس کو بھی یہ ایوان نیچے نہیں لا سکتا ۔ البتہ اگر ۱/۱۰ ۔ سے زیادہ ہو اور میرے محترم وزیر خزانہ یہ کہیں کہ یہ ۱۵۷ ۔

کروڑ روپیہ ھی میرے نام منتقل کر دیا جائے کہ میں اس کو Contingency item کے تحت جس طرح چاھوں خرچ کروں تو پھر اس ایوان کو یہ اختیار حاصل ھوتا کہ وہ ۱۵۷ - کروڑ کے ۱۰/۹ کو کم کر دیں تو ۱۰/۱ یعنی ۱۵ - کروڑ سے زیادہ رقم وزیر خزانہ کو ضرور مل جائے گی - کیونکہ اس سے زیادہ کمی کرنے کا ھمیں حق نہیں ھے - تو اس کا مطلب جناب والا - یہ ھے کہ جہاں تک صرف اس آئٹم کا تعلق ھے ھر ۱۰ - روپے میں سے ایک روپیہ ھمارے ووٹ سے بالا تر ھے - ھمارے صوبے کی آمدنی کا ھر دس روپے میں سے ایک روپیہ اس معزز ایوان کے ووٹ سے بالا تر ھے

جناب والا - آئین کی اس دفعہ کے متعلق میرا دعویٰ ھے کہ (گو کہ میرا علم بہت محدود ھے میں ایک معمولی سا طالب علم ھوں لیکن جستجو ضرور کرتا ھوں مگر یہ کہنا کہ مجھے اس موضوع کے متعلق سارا علم حاصل ھے یہ میرا دعویٰ نہیں ھے) کہ شاید ھی کسی ملک کے آئین میں ایسی دفعہ موجود ھو - یہاں ناگہانی اخراجات کے متعلق سارے صفحات پر ایک لفظ یا دو الفاظ لکھے ھیں یعنی ''Contingency item'' اس سے زیادہ اس کی تشریح نہیں ھے اس سے زیادہ اس کی وضاحت نہیں ھے - اس قسم کی دفعہ میرے علم کے مطابق کسی آئین میں نہیں ھے - جناب والا - اب میں آپ کی وساطت سے اس ایوان میں کسی اور ملک نہیں بلکہ یہ کہنا چاھئے کہ متحدہ ھندوستان کے سابقہ دستوروں کے متعلق جہاں تک اس امر کا تعلق ھے جو زیر بحث ھے اپنی گزارشات آپ کے سامنے یہ ثابت کرنے کی غرض سے پیش کروں گا کہ ان دستوروں میں بھی جو کہ اس وقت متحدہ ھندوستان میں نافذ تھے جبکہ ھم غلام تھے ان میں بھی اس قسم کی کوئی دفعہ نہیں تھی - میں جناب والا - گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ سنہ ۱۹۱۹ء سے شروع کرتا ھوں یعنی آج سے تقریباً ۴۵ - سال پہلے . . .

Mr. Speaker : Khawaja Sahib you have sufficiently made out the point.

Khawaja Muhammad Safdar : Let us see what is written there.

میرے خیال میں کوئی عجلت نہیں ھے -

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) - ھاں ایک بجے تک ھو سکتا ھے -

خواجہ محمد صفدر - تو اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں آپ کی توجہ آرٹیکل ۷۵ کی طرف مبذول کراؤں جناب والا - میں یہ آرٹیکل ۷۵ - آپ کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں اس آرٹیکل ۷۵ (۱) میں یہ ہے

There may be included in an Annual Budget Statement an item of estimated expenditure (in this Article referred to as a contingency item) for the purpose of making provision for the withdrawal from the Central Consolidated Fund, at the discretion of the President, of amounts necessary to meet unexpected expenditure (whether on revenue account or not) that is not specifically provided for in the statement.

(ii) where a contingency item is included in an Annual Budget Statement, it shall be shown as a sum that is not required to meet new expenditure, but, notwithstanding clause (3) and (4) of Article 41, the National Assembly may, without the consent of the President, reduce a demand for a grant in respect of that sum to an amount that is not less than ten percentum of the total of expenditure on revenue account specified in the Budget Statement.

(3) The President. ....."

So on and so forth.

میرا خیال ہے کہ ان الفاظ کو پڑھنے کے بعد میرے دوست مجھ سے اتفاق کریں گے جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ویسا ہی ان الفاظ کا مفہوم ہے - آپ جناب والا - میں آپ کی توجہ گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ سنہ ۱۹۱۹ء کے سکشن ۱۱ (۲) کی طرف دلانا چاہتا ہوں

The estimmated annual expenditure and revenue of the province shall be laid in the form of a statement before the council in each year, and the proposals of the local government for the appropriation of provincial revenues and other moneys in any year shall be submitted in the vote of the council in the form of demands for grants. The council may assent, or refuse its assent, to a demand, or may reduce the amount therein referred to either by a reduction of the whole grant or by the omission or reduction of any of the items of expenditure of which the grant is composed :

اس کے بعد جناب والا پارٹ - ۳ میں Charge expenditure کے متعلق جو نہایت اہم ہے اس میں دو proviso ہیں - آج سے ۷۵ سال قبل ماسوائے Charge expenditure کے تمام کا تمام خرچ اس ایوان کی مرضی کے مطابق اور اس ایوان کی مرضی کے ساتھ ہوتا تھا یعنی New Expenditure اور Other than New Expenditure میں کوئی تخصیص نہیں تھی - آج کی طرح اس وقت ہمارے ووٹ سے بالاتر نہیں تھا - لیکن جناب والا انگریز حکام نے ایک بات اپنے قبضے میں رکھی تھی کہ اگر کسی

اخراجات کے متعلق جو محکمہ جات کے متعلق Reserved تھے اسمبلی یہ فیصلہ کرے کہ ہم اس خرچ کو کم کر دیں تو گورنر صاحب کو یہ اختیار تھا کہ وہ ان اخراجات کی Reduction یا کٹوتی بحال کر دیں ۔ اس کے متعلق اسمبلی کو اختیارات اور ووٹ دینے کا اختیار نہیں تھا ۔ جہاں تک Transferred Subjects اور Reserved Subjects کا تعلق ہے Transferred Subjects منسٹروں کے ماتحت ہوتا تھا اور ریزرو سبجکٹ Governor General in council کے ماتحت ہوتا تھا ۔ لیکن جہاں تک اس خرچ کا تعلق ہے جو Reserved کے متعلق تھا اس کے متعلق گورنر کو یہ اختیار تھا کہ وہ اسے ہاؤس کی پاس شدہ کٹوتی کے باوجود بحال کر دے ۔ یہ مثال ۱۹۱۹ء کی تھی ۔ اب میں ۱۹۳۵ء پر آتا ہوں ۔ گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ۱۹۳۵ء سے جناب والا یہ ثابت ہوتا ہے کہ اس قسم کا Contingency item وہاں بھی موجود نہیں تھا ۔ میرے محترم حزب اقتدار کے رہنما اور لیڈر خان حبیب اللہ خان صاحب ضرور مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کہ یہ Contingency item ۱۹۱۹ء کے گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ میں نہیں تھا اور اس میں کوئی ایسی شق نہیں جس سے یہ ثابت ہو سکے کہ اس زمانے میں آج سے ۴۵ سال پہلے اس قسم کی کوئی شق اس دستور میں موجود ہو ۔

جناب والا ۔ ۱۹۳۵ء کے گورنمنٹ آف انڈیا کی دفعات ۷۹/۸۰/۸۱ اس کے مالی دفعات کے متعلق اور مالی معاملات کے متعلق ہیں ۔ میں نہیں چاہتا کہ میں ان کو سارا پڑھوں لیکن میں ان کو پڑھنے کے بعد یہ گزارش کرونگا کہ ۱۹۳۵ء کے دستوری قانون میں بھی کوئی دفعہ ایسی نہیں تھی جسے ہمارے موجودہ آئین کے آرٹیکل ۴۵ کے مترادف کیا جا سکے ۔ جناب والا اس وقت ابھی ہم غلام تھے ۔ آزادی کے بعد ایک آئین وضع کیا گیا ۔ اس کا حوالہ دینا میں لازمی سمجھتا ہوں ۔ اس کی دفعات ۹۸/۹۹/۱۰۰ ہیں ۔ ان کا بغور مطالعہ کیا جائے تو اس میں بھی یہ تو ہے کہ Supplementary and Excess grants جیسا کہ ہمارے آئین میں بھی موجود ہیں اور اس میں یہ بھی ہے کہ Charged Expenditure کو علیحدہ کیا جائے اور وہ اس ایوان کے ووٹ سے

بالاتر ہوگا اور آج بھی مجھے اس بات پر اعتراض نہیں ہے کہ Charged Expenditure اس ایوان کے ووٹ سے بالاتر کیوں ہے ۔ مجھے اس پر قطعاً کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن اس آئین میں بھی ایسی کوئی شق موجود نہیں جس سے یہ اخذ کیا جا سکے کہ یہ پابندیاں اس ایوان کے اختیارات پر ہمارے اس مرحوم آئین میں کہیں موجود تھیں ۔ جناب والا ان مختصر تصریحات کے بعد کہ ہمارا موجودہ آئین جہاں ہم پر اور پابندیاں لاگو کرتا ہے جہاں ہم سے اور آزادیاں چھینتا ہے وہاں ۔ ۔ ۔ (قطع کلامی)

Minister of Finance : Question !

خواجہ محمد صفدر ۔ وہاں اس امر میں بھی ہمیں پابند کرتا ہے کہ ہمارے اپنے محاصلی اخراجات کا کم از کم ۱۰ فیصدی حصہ ایسا ہو جسے ہم وزیر خزانہ کی صواب دید پر چھوڑ دیں وہ جس طرح چاہیں اس کو خرچ کریں ۔ جناب والا اس آرٹیکل کو اگر آپ بغور پڑھیں اگر آپ اس کا بغور مطالعہ کریں تو آپ یہ پائیں گے کہ اس میں لفظ ''May'' استعمال ہوا ہے ۔ ''Shall'' نہیں ہوا ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اس آئین کے بنانے والوں نے ہنگامی حالات کے پیش نظر یہ دفعہ رکھی اور عام حالات کے لئے نہیں رکھی ۔ تو اگر ایسے ہنگامی حالات پیدا ہو جائیں یا جیسا کہ چند روز ہوئے ہمارا خیال تھا کہ خدا نخواستہ پیدا ہو جائیں گے ۔ مثال کے طور پر لڑائی چھڑ جائے تو اس صورت حال کی نگرانی کے لئے اگرچہ یہ صوبے کے لئے نہیں ہے اس وقت بھی مرکز کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ اس ملک کی حفاظت کے لئے ۔ اس ملک کی حفاظت کے اخراجات کو ہنگامی اخراجات کے طور پر اپنے پاس رکھے اور نیشنل اسمبلی اپنے ووٹ سے یہ اجازت دیدے کہ جناب صدر مملکت اس کو جس طرح چاہیں ملک کی حفاظت کے لئے ملک کے دفاع پر ، دشمن کو شکست دینے کے لئے صرف کر سکیں ۔ جناب والا اس کے دوسرے الفاظ جو تیسری یا چوتھی سطر میں ہیں ان میں Unexpected اخراجات کے لئے ، یعنی غیر متوقع اخراجات کے لئے ایسا Phrase ہے جس کو آپ مد نظر فرمائیں اور پھر دیکھیں کہ ہمارے ہاں تو ۱۹۶۲ء سے یہ رسم چلی آ رہی ہے کہ بجٹ کا ۱۰ فیصد حصہ ہم

reserve کر لیتے ہیں اور سال بھر اس کو اللوں تللوں پر خرچ کرتے رہتے ہیں ۔ جس طرح چاہیں اس کو خرچ کرتے رہتے ہیں اور سال کے آخر میں ہم ایک لسٹ اس ایوان کو مہیا کر دیتے ہیں کہ فلاں فلاں چیز پر خرچ ہوا ۔ نہ اس کا کوئی سر ہوتا ہے نہ پیر ہوتا ہے ۔

Minister of Finance : Question !

خواجہ محمد صفدر ۔ میرے محترم دوست نے اس کو کوئسچن غالباً اس لئے کہا ہے کہ سابقہ سال میں جو اخراجات اس آئٹم سے کئے گئے ان میں سے پہلے ۱۱۸ آئٹم سپلیمنٹری بجٹ کی صورت میں میرے محترم دوست نے اس ایوان میں پیش کئے جو زیر بحث آئے ہیں لیکن جو اب سپلیمنٹری ڈیمانڈز ہیں ان پر بحث ہوگی ۔ اور باقی اخراجات جو ہیں اس پر بحث نہیں ہوگی لیکن میں اس پر بھی اعتراض کرتا ہوں ۔ جب ہمارے آئین میں خصوصیت سے یہ پرویژن ہے کہ ہم Supplementary Demands کہ ہمارے وزیر خزانہ اس ایوان میں پیش کر کے منظور کرا سکتے ہیں ۔ تو پھر دیگر صورت کیوں اختیار کی جاتی ہے ۔ یہ چیز دوسری بار move ہوئی ہے (قطع کلامی) مجھے معلوم ہے ۔ دسمبر میں move ہوئی تھی اور جون میں بھی move ہوئی تھی ۔ مجھے یاد ہے ۔ میرے پاس وہ دونوں موجود ہیں بلکہ پچھلے جون کا بھی میرے پاس ہے ۔ تو جناب والا میں یہ گزارش کر رہا تھا کہ مجھے اس امر پر بھی اعتراض ہے ۔ جب آئین میں خصوصیت کے ساتھ ایک آرٹیکل موجود ہے کہ Excess Demands اور Supplementary کے متعلق وزیر خزانہ ان اختیارات کو استعمال کر کے جو کہ آئین میں دئے گئے ہیں سال بھر میں اخراجات کر سکتے ہیں اور Supplementary Demands ۳۰ جون سے پہلے پہلے ایوان میں پیش کر کے اس کی منظوری حاصل کر سکتے ہیں تو پھر کیا وجہ ہے کہ Contingency Items میں سے پہلے تو وہ خرچ اس طرح کرتے جائیں ۔ پھر ان اخراجات کو Supplementary Demands کی شکل میں ٹرانسفر کر کے اس ایوان میں بھیج دیں ۔ میں جناب والا اپنی کم علمی کا اعتراف کرتا ہوں ۔ میرے دوست اشاروں سے مجھے بتا رہے ہیں کہ تم غلط ہو ۔ مجھے نہایت

خوشی ہوگی میں خوشی سے اعتراف کروں گا اپنی غلطی کا کہ اس آئین میں مختلف آئٹم دئے ہوئے ہیں Supplementary and Excess Demands کے لئے۔ جنرل بجٹ کے لئے اور Contingency Item کے لئے Contingency Items کو Supplementary Demands میں convert کر سکتے ہیں۔ میں یہ نہیں کہتا کہ نہیں کر سکتے اور کیوں نہ ایسا کیا جائے جب کہ ایک طریقہ کار موجود ہے۔ جناب والا میں یہ گزارش کر رہا تھا کہ اس Contingency Item کو اس طور پر خرچ کیا جاتا ہے۔ میں زیادہ وقت نہیں لونگا۔ میں زیادہ مثالیں نہیں دونگا اگر آپ صرف ان چند ایک items کو دیکھیں جو کہ حال ہی کے جون ۱۹۶۵ء کے سپلیمنٹری بجٹ میں دئے گئے ہیں۔ مثال کے طور پر آئٹم نمبر ۱۳۸ ہے Grant of additional funds to the Commissioner Kalat Division Permanent Services صرف اتنا اس میں درج ہے۔ اب جناب مجھے یقین ہے کہ کے وہ لوگ جو کہ فنانس ڈیپارٹمنٹ سے تعلق رکھتے ہیں اگر انہیں یہ کہا جائے کہ وہ آئندہ سال کے تخمینہ جات۔ مختلف محکمہ جات کے مطالبات کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست طور پر بنائیں تو یقیناً درست طور پر بنائیں گے لیکن ہو یہ رہا ہے کہ موجودہ صورت میں بجٹ کو نہایت Slip Shod طور پر تیار کیا جاتا ہے۔

اور پھر سال بھر میں جیسا کہ میرے محترم دوست جناب وزیر خزانہ نے ارشاد فرمایا ہے دوبارہ سپلیمنٹری بجٹ پیش ہوتا ہے۔ اور ان دونوں کو ملا کر کم و بیش تقریباً ۴۰ لاکھ روپے بنتے ہیں۔ ۳۸ لاکھ تو صرف ایک ہی کے ہیں۔ اتنی بڑی رقم کے متعلق سال کے شروع میں سوچنا چاہئیے کہ یہ کیسے خوچ ہوگی۔ کہاں خرچ ہوگی۔ اگر یہ ضروری اخراجات تھے تو سال کے شروع میں کیوں نہ سوچا گیا۔ وہ بجٹ کا تقریباً ۱/۳ حصہ بعد میں سوچتے ہیں۔ یہ کوئی ایسی بات نہیں جس پر وزیر خزانہ کی تعریف کی جا سکے۔ نہ اسے مفید کہا جا سکتا ہے۔ اخراجات میں مان لیا ایک فیصد، دو فیصد یا تین فیصد کی کمی بیشی ہو سکتی ہے۔ اور اسے سپلیمنٹری Demands کی صورت میں لایا جا سکتا ہے۔ لیکن کروڑوں روپے کی سپلیمنٹری Demands پیش کرنا

کس طرح سے جائز اور درست ھیں ۔ مثال کے طور پر کمشنر قلات ڈویژن کو ایک لاکھ روپیہ دیا گیا تھا ۔ ھم نہیں جانتے یہ کیا اخراجات ھیں ۔ کیوں سال کے اوائل ھی میں نہ سوچا گیا کہ انہیں فلاں اخراجات کے لئے اس قدر روپے کی ضرورت ھوگی ۔ کیوں Contingency سے ادائیگی کی گئی ۔ یہ سوال ابھرتا ھے اور ابھرنا چاھئیے ۔ اس کے بعد Item : 162 کو دیکھئیے، 224 کو دیکھئیے ۔ آئٹم 162 میں ۵ ھزار روپے کا خرچ ھے ۔ آئٹم 224 میں ۵ لاکھ روپے کا خرچ ۔ اب بتایا جائے کہ محکمہ اطلاعات عامہ سویا ھوا تھا یا وزیر خزانہ خواب خرگوش میں محو تھے ۔ ۵ لاکھ روپے ایک چھوٹے سے محکمے کو دئے گئے ھیں ۔ جس کا کام وزیر خزانہ کی مدح سرائی کرنا یا دیگر وزراء کی مدح سرائی کرنا ھے ۔ یا جناب گورنر صاحب یا جناب صدر صاحب کی مدح سرائی کرنا ھے ۔ یا اس سے بڑھ کر یہ تین چار اخبارات یا رسالے نکالتے ھیں یا انہوں نے اپنے آپ گورنمنٹ کے پیسوں سے الیکشن کا پروپیگنڈہ شروع کر دیا تھا ۔ ان کے ناگہانی اخراجات کہاں سے آ گئے ۔

وزیر خزانہ ۔ تصویریں وہ آپ کی روزانہ نکالتے ھیں ۔ میری تصویر تو کبھی نہیں آتی ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب میں اپنے ان دوستوں سے جو انفرمیشن سے تعلق رکھتے ھیں نہایت ادب سے درخواست کروں کہ وہ آج ھی وزیر خزانہ کی دس بیس تصویریں لے لیں اور انہیں خصوصیت سے نہایت خوبصورت فل سکیپ کاغذ پر چھاپیں ۔

میں وزیر خزانہ سے پوچھنا چاھتا ھوں کہ آخر ان دونوں محکمہ جات مین سے کون سویا ھوا ھے ؟ محکمہ اطلاعات عامہ یا فنانس ڈیپارٹمنٹ ۔ کیا انہوں نے ان کی جائز ضروریات پر پوری توجہ نہیں دی یا انہوں نے اپنی ناجائز ضروریات بعد میں منوا لی ھیں ۔ ان میں سے کون سی بات درست ھے ۔

جناب والا ۔ اس سے آگے آئٹم نمبر217 میں محکمہ پولیس کو ۵ لاکھ روپیہ دیا گیا ھے ۔ اس کی کوئی وضاحت نہیں کہ کس کام کے لئے دیا گیا ھے ۔ شاید کسی ضروری کام کے لئے ھو ۔ میں یہ تو نہیں کہہ سکتا کہ یہ انعام کے

طور پر دیا گیا ہے ۔ آخر سال کے اوائل میں کچھ نہ کچھ تو پتہ ہونا چاہئیے کہ ہمیں سال کے دوران یہ اخراجات پیش آئیں گے ۔ ہمارے تخمینہ جات قریب سے قریب تر ہونے چاہئیں ۔ نہ یہ کہ لاکھوں روپے کا فرق ہو ۔ یہ کسی طرح بھی محکمہ فنانس کے لئے مناسب اور باعزت نہیں ۔ نہ اس سے ان کے وقار میں کوئی اضافہ ہوتا ہے ۔

جناب والا ۔ آئٹم 209 اور 223 کی رو سے ایک اور محکمہ تعمیرات کو 13644520 روپے دئے گئے ۔ ایک اور آئٹم ہے جس کے متعلق میں جانتا ہوں کہ وہ اخراجات ہنگامی اور جائز تھے ۔ دوسرے کے متعلق اگر وہ بتا دیں تو ہم قبول کر لیں۔ حیدرآباد ڈویژن میں طوفان سے سڑکیں بہہ گئی تھیں ۔ ان سڑکوں کے لئے 11213000 کی ایک رقم دی گئی ہے ۔ یہ ضروری خرچ تھا ۔ مگر جو دوسری رقم ہے وہ کہاں خرچ ہوئی ۔ یہ کیا اندھیر گردی اور اندھیر نگری ہے ۔ پہلے لاکھوں اور کروڑوں روپے خرچ کر لئے بعد میں اس ایوان کو ایک سند لکھ کر بتا دی کہ فلاں جگہ خرچ کیا گیا ہے ۔

جناب والا ۔ میں اس ضمن میں اور مثالیں دے کر آپ کا اور اس ایوان کا قیمتی صرف نہیں کرنا چاہتا ۔ میری غرض ان مثالوں سے صرف یہ ثابت کرنا تھا کہ نہ کوئی ہنگامی اخراجات تھے ، نہ فوری ۔ حالانکہ ان پر پابندی ہے ۔ To meet unexpected expenditure میرا دعویٰ ہے کہ اس قسم کے اخراجات کہ فلاں دفتر میں کلرک رکھ لئے جائیں ۔ غیر متوقع نہیں ہو سکتے ۔ مگر یہاں آئٹم پر آئیٹم اس قسم کے ہیں ۔ کہ فلاں دفتر کو مرمت لاحق ہو گئی ۔ بھلا آپ پہلے کہاں تھے ؟ مثلاً یہ دیکھ لیجئے کہ جامعہ نصیریہ کو 10630 روپے کی Grant-in-aid دی گئی ہے ۔ اس خرچ کو کیسے ہنگامی کہا جا سکتا ہے ۔

"Payment of grant-in-aid to Jamia Nasiria, Mastung.

Continuance of two posts of Junior Clerks for the courts of an officer under-training and a Section 30 Magistrate at Jhang.

Creation of posts in connection with the investigation of cracks in the Sukkur Barrage Breaches.

Pay of grant-in-aid to the College of Animal Husbandry in connection with the S. P. C. A. Hospital."

انہیں معلوم ہونا چاہئیے تھا کہ دو سال ہوئے زمین خریدی ہوئی ہے اس کی قیمت ادا کرنی ہے ۔

وزیر خزانہ ۔ یہ سب ڈیمانڈز آپ پاس کر چکے ہوئے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ وہ ان کا حوالہ دے رہے ہیں ۔

Khawaja Muhammad Safdar : Allow me to submit, Sir.

"Statement of expenditure from the Provincial Consolidated Fund under the Authority of "Contingency Item." for the year 1964-65 submitted to the legislature under Article 45(3) & (4) of the Constitution."

میرا خیال ہے اب شیخ صاحب کی تسلی ہو جائے گی ۔ انہوں نے خود لکھا ہوا ہے ۔

وزیر خزانہ ۔ آپ نے اسے پاس کیا ہوا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ ہمارے پاس کرنے کی کیا بات ہے ۔ ہم تو یہاں انگوٹھا لگانے آتے ہیں ۔ تو جناب والا ۔ میں یہ گزارش کر رہا تھا کہ چونکہ میرے محترم دوست آئندہ سال بھی اس قسم کے اخراجات برداشت کریں گے ، جس قسم کے وہ 62-63 ، 63-64 اور 64-65 میں کرتے رہے ہیں ۔ جو میرے نزدیک غیر متوقع ہنگامی یا اتفاقی نہیں تھے ۔ نہ ہی وہ Contingency کے کسی لغوی معنوں کے مطابق لئے جا سکتے ہیں ۔ اس لئے جناب والا ، میں اس آئٹم کی مخالفت کرتا ہوں ۔

اس کے ساتھ ہی میں یہ گزارش کر دوں ۔ تاکہ اس ایوان کو اپنے اختیارات کا علم ہو جائے ۔ کہ ہم نے ایک ارب بہتر کروڑ کا خرچہ منظور کیا ہے ۔ اور اس میں سے یہ صرف پانچ کروڑ پچانوے لاکھ اٹھہتر ہزار سات سو اکتالیس روپے اس ایوان میں ووٹ کے لئے پیش کئے گئے ہیں ۔ جو کہ نئے Expenditure کی مد میں ہیں ۔ ماسوائے ان اخراجات کے جو ڈویلپمنٹ کے لئے ہیں ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں آپکا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

خان عبدالستار خان مہمند (مردان ۔ ۲) ۔ جناب والا ۔ میرے فاضل دوست خواجہ محمد صفدر صاحب نے جس طریق سے contingency اخراجات اور دوسری چیزوں پر ایک عالمانہ اور فاضلانہ تقریر کی ہے میں انہیں اس کی داد

دیتا ہوں ۔ لیکن آپ کی وساطت سے ان کی خدمت میں گزارش کرونگا کہ بعض اوقات ان دیکھے واقعات رونما ہو جاتے ہیں ۔ ایسی آفات نازل ہو جاتی ہیں کہ جن کے لئے حکومت کو مجبوراً کچھ نہ کچھ روپیہ رکھنا ہوتا ہے اور اسی رقم سے آن تکالیف کے ازالے کی خاطر روپیہ دینا پڑتا ہے ۔ مثلاً حکومت یہ اندازہ لگاتی ہے کہ اسے چینی پر عائدکردہ پراونشل ڈیوٹی سے اس قدر آمدنی ہوگی ۔ تو کبھی اُس قدر آمدنی ہو جاتی ہے اور کبھی نہیں ہو پاتی ۔ اسی طرح انہیں گنے سے جس قدر آمدنی کی توقع ہوتی ہے ۔ کبھی تو ہو جاتی ہے ۔ لیکن کبھی کبھی گنے کی فصل کی خرابی کی وجہ سے ان کو وہ متوقع آمدنی نہیں ہوتی ۔ یعنی ایسا ہوتا ہی رہتا ہے کہ کبھی حکومت کو متوقع آمدنی ہو جاتی ہے اور کبھی ان کی توقع کے مطابق وہ آمدنی نہیں ہوتی ۔ تو اگر ایسی صورت میں وہ ایسی چیز رکھتے ہیں جیسا کہ اب انہوں نے رکھی ہے ۔ تو یہ انہوں نے مہربانی کی ہے اور ہم نے اس کی منظوری بھی دیدی ہے ۔ اگر چند کروڑ روپے اس بارہ کروڑ روپے کے علاوہ بھی وہ ان دیکھے اخراجات کیلئے رکھتے ہیں تو اس میں کیا برائی ہے ۔ یہ روپیہ بہر حال خرچنا تو ہے ۔ لہذا اس رقم کو خواہ وہ بجٹ میں رکھیں ۔ خواہ اسے contingency اخراجات کا نام دیکر ایوان کی منظوری کے لئے پیش کریں ۔ بات ایک ہی ہے ۔ چاہے آپ کان کو اس طرف سے پکڑیں چاہے دوسری طرف سے پکڑیں بات ایک ہی ہے ۔ خرچ تو اسے بہر صورت کرنا ہی ہوگا ۔ بعض اوقات انہیں اپنے اخراجات کو پورا کرنے کے لئے ٹیکس بھی لگانے پڑتے ہیں اور بعض اوقات جب وہ دیکھتے ہیں کہ پرانے ٹیکسوں سے ہی کام پورا ہو جائیگا ۔ تو وہ کوئی نیا ٹیکس نہیں بھی لگاتے ۔ میں جامعہ نصیریہ مستونگ کے متعلق عرض کرونگا کہ اس کے لئے ایک معمولی سی گرانٹ پر بعض معزز دوستوں نے اعتراض فرمایا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ ہم نے یہ کہا ہے کہ انہوں نے یہ اچھا کیا ہے کہ یہ رقم دی ہے ۔ البتہ ہم نے یہ کہا ہے کہ اس کو اس طرح سے خرچ نہیں کرنا چاہئے ۔

خان عبدالستار خان مہمند ۔ جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ حکومت نے

یہ محسوس کیا ہوگا اور ممکن ہے کہ پچھلے سال ان کے علم میں نہ ہو کہ یہ ادارہ کسی قسم کا کام کر رہا ہے ۔ اسے کس طرح چلایا جا رہا ہے اور یہ کن ہاتھوں میں چلایا جا رہا ہے ۔ تو اب انہوں نے یہ محسوس کیا ہوگا کہ یہ کن ہاتھوں میں چلایا جا رہا ہے ۔ تو اب انہوں نے یہ محسوس کیا ہوگا کہ یہ ادارہ اس وقت قوم کی صحیح خدمت سرانجام دے رہا ہے ۔ اس لئے اسے یہ رقم دلا دی جائے ۔ تو اگر اس کے لئے انہوں نے یہ رقم مہربانی کر کے رکھی ہے ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ انہوں نے اس علاقے پر احسان کیا ہے مہربانی کی ہے ۔

جناب والا ۔ آپ کی وساطت سے میں معزز ایوان کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بعض اوقات حالات اور واقعات پر ان چیزوں کی ضرورت کا انحصار ہوتا ہے ۔ تو اس کے پیش نظر اگر حکومت نے اس معزز ایوان کے سامنے ایک contingency item رکھی ہے ۔ تو اس میں کیا حرج ہے ۔ آپ کو بھی علم ہے کہ اس مد میں کسی حد تک رقوم رکھی جا سکتی ہیں اور اس مد سے زیادہ رقوم منظور ہی نہیں کی جا سکتیں اور میرے خیال میں جناب وزیر خزانہ نے اسی حد تک وہ رقوم یہاں پیش کی ہیں ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ ان رقوم کی منظوری دیدی جائے اور اس مد کو پاس کر دیا جائے ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ جناب والا ۔ میں نے خواجہ محمد صفدر صاحب کی فاضلانہ تقریر کو بغور سنا اور میرا خیال تھا کہ معزز رکن میزانیے پر بحث کریں گے ۔ لیکن ان کی تمام تر بحث آئین کے متعلق تھی ۔ خواجہ صاحب نے بڑے زور دار الفاظ میں کہا ہے کہ میں اس تحریک کی مخالفت کرتا ہوں ۔ لیکن شاید خواجہ صاحب کو یہ علم نہیں ہے اور خود انہوں نے ہی یہاں پڑھ کر سنایا ہے کہ محاصل کے دس فیصد تک تو ہمیں خود حق پہنچتا ہے کہ ہم contingency item میں رکھیں اور جو item میں نے پیش کی ہے وہ سترہ کروڑ کی بھی ہو سکتی تھی ۔ لیکن میں نے صرف بارہ کروڑ کی پیش کی ہے ۔ یعنی میں نے پہلے ہی دس فیصد کے بجائے سات فیصد رکھی ہے ۔ وہ اس کی مخالفت اسی وقت کر سکتے تھے جب کہ یہ item دس فیصد سے بڑھ جاتی ۔ میں تو یہ نہیں

سمجھا کہ وہ کسی چیز کی مخالفت کرنا چاہتے ہیں ۔ جب کہ قانوناً ہم دس فیصد تک یہ item رکھ سکتے تھے اور ہم نے صرف سات فیصد رکھی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ ہم پر آئین کے تحت یہ پابندی عائد نہیں ہوتی ۔ بلکہ اب وزیر خزانہ ہم پر یہ پابندی لگا رہے ہیں ۔

Minister of Finance : No, Sir. I will read the relevant portion of Article 45 :—

"(1) There may be included in an Annual Budget Statement an item of estimated expenditure (in this Article referred to as a contingency item) for the purpose of making provision for the withdrawal from the central consolidated fund, at the discretion of the President of amounts necessary to meet unexpected expenditure whether on revenue account or not) that is not specifically provided for in the statement.

(2) Where a contingency item is included in an Annual Budget Statement, it shall be shown as a sum that is not required to meet new expenditure but, notwith-standing clauses (3) and (4) of Article 41, the National Assembly may, without the consent of the President, reduce a demand for a grant in respect of that sum to an amount that is not less than ten percent of the total of expenditure on revenue account specified in the Budget Statement."

یہ بھی اگر دس فیصد سے زیادہ ہوتا تو آپ کو اس میں کمی کرنے کا حق پہنچتا تھا چونکہ یہ پہلے ہی دس فیصد سے کم ہے ۔ اس لئے آپ کو اس میں کمی کرنے کا حق نہیں پہنچتا کیونکہ یہ تو پہلے ہی سات فیصد ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں تو اسے کم کرنے کیلئے نہیں کہہ رہا ہوں بلکہ میں تو یہ کہہ رہا ہوں کہ آپ کو یہ رقم ملنی ہی نہیں چاہئے ۔

وزیر خزانہ ۔ شکریہ ۔ خواجہ صاحب نے پچھلی contingency item کا بڑا حوالہ دیا ہے ۔ اس لئے میں عرض کرونگا کہ خود خواجہ صاحب کو اس بات کا علم ہوگا کہ آئین کی دفعہ 45 کی ذیلی دفعہ 3 میں ہے کہ

"The President shall cause to be laid before the National Assembly, for its information, a statement of all expenditure from the Central Consolidated Fund under the authority of a contingency item."

آپ کو اس بات کا علم ہے کہ میں آئین کی دفعہ 45 (3) کے تحت اسے Table پر Lay کر سکتا تھا ۔ لیکن میں نے کبھی بھی ایسا نہیں کیا ۔ میں نے اسی دفعہ 45 (4) کے تحت اس کی باقاعدہ ووٹنگ کرائی ہے اور خواجہ صاحب نے بھی خود تسلیم کیا ہے بلکہ اس سال کئی مرتبہ میں ضمنی بجٹ میں بھی

contingency item کو ایوان کے سامنے پیش کر چکا ہوں ۔ آئین کی دفعہ 45 (4) یہ ہے ۔

"The statement of expenditure referred to in clause (3) of this Article may be included in a Supplementary Budget Statement for the relevant financial year and, in that event, to the extent that the expenditure so included is also specified in the Schedule of Authorized Expenditure that relates to that Supplementary Bndget Statement, the expenditure shall be deemed to have been made under the authority of that Schedule and not under the authority of the contingency item."

خواجہ محمد صفدر ۔ یہ بھی ہم سے زیادتی ہے ۔

وزیر خزانہ ۔ یہ آپ سے کس طرح زیادتی ہے ؟ میں تو اسے Table پر بھی lay کر سکتا تھا ۔ لیکن میں نے ہمیشہ ہی اس پر ووٹنگ کرائی ہے ۔ اب بھی جیسا کہ میں نے کئی بار عرض کیا ہے میں دس فیصد تک رکھ سکتا تھا لیکن میں نے صرف سات فیصد ہی رکھا ہے اور خواجہ صاحب کو یہ علم نہیں کہ جو کچھ ہم خرچ کرتے ہیں اس کے ایک ایک پیسے کے محاسبے کیلئے آڈٹر جنرل بیٹھے ہوئے ہیں اور آپ کا ایک پیسہ بھی ضائع نہیں ہو سکتا ۔ خواجہ صاحب کو خود بھی یہ علم ہے اور وہ خود بھی اس بات کو مانتے ہیں کہ غیر متوقع واقعات پیش آ سکتے ہیں ۔ نعوذ باللہ میں کوئی پیغمبر نہیں ہوں کہ مجھے پتہ چل جائے کہ کب ٹڈی دل کا حملہ ہونے والا ہے یا یہاں بیماری پھیلنے والی ہے یا یہ کہ زیادہ بارش ہوگی یا کم بارش ہوگی یا یہ کہ شدت کی گرمی پڑیگی یا آندھی چلیگی ۔ تو ایسی سینکڑوں چیزیں ہیں کہ جن کا ہمیں علم نہیں ہوتا اور خواجہ صاحب نے خود بھی فرمایا ہے کہ سرحدات پر پر ہمارے حالات کچھ اچھے نہیں ہیں ۔ تو میری گزارش یہ ہے کہ ممکن ہے ہمیں سول ڈیفنس پر خرچ کرنا پڑے ۔ تو ان سب چیزوں کو مد نظر رکھتے ہوئے غیر متوقع اخراجات کی مد ہمیں علیحدہ رکھنی پڑتی ہے ۔ ہم ایک ایک پیسے کا جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے حساب دیتے ہیں ۔ ہمارا محاسبہ ہوتا ہے ۔ فاروقی صاحب کو کوئی غلط فہمی ہوئی ہے کہ contingency items کو انہوں نے یہ خیال کیا ہے کہ یہ ایک ہی چیز ہے ۔ جس پر آپ بحث کر رہے ہیں اس کے متعلق عرض کیا ہے کہ یہ غیر متوقع اخراجات ہوتے ہیں ۔ یہ ایک contingency item ہوتی ہے جو باقاعدہ میزانیہ میں ایک item کی

صورت میں رکھی جاتی ہے ۔ جس میں بجلی کے بل ۔ محکمہ کی بلڈنگز کا کرایہ کاغذ اور پنسل کے اخراجات ۔ حکومت کے نوکر جو باقاعدہ حکومت کے نوکر نہیں ہیں اور دیگر اسی قسم کی متفرقات items ہوتی ہیں ۔ فاروقی صاحب کو غلط فہمی ہے کہ contingency item کو باقاعدہ حساب میں رکھا گیا ہے ۔ انہوں نے اسے ایک ہی چیز سمجھا ہے ۔

جناب والا خواجہ محمد صفدر صاحب نے یہ بھی حوالہ دیا ہے کہ روز بروز حکومت اس معزز ایوان کی طاقت کو چھین رہی ہے ۔ میں خواجہ کی توجہ آپ کی معرفت ۱۹۵۶ء کے آئین کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں جس کی وہ بڑی تعریف کیا کرتے ہیں ۔ آپ اس کو پڑھ کر دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ پہلی حکومت کی طاقت زیادہ تھی اور اب اس میں کمی کی گئی ہے ۔ آپ آرٹیکل ۶۷ کو پڑھیں ۔

If in respect of any financial year it is found—

(a) that the amount authorized to be expended for particular service for the current financial year is insufficient, or that a need has arisen for expenditure upon some new service not included in the Annual Financial Statement for that year ; or

(b) that any money has been spent on any service during a financial year in excess of the amount granted for that service for that year,

the President shall have power to authorize expenditure from the Federal Consolidated Fund, whether the expenditure is charged by the constitution upon that Fund or not, and shall cause to be laid.....

".....before the National Assembly a Supplementary Financial Statement, or as the case may be, an Excess Financial Statement, setting out the amount of that expenditure, and the provisions of Articles 63 shall apply to the aforesaid statements as that apply to the Annual Financial Statement.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں شیخ صاحب کی توجہ آرٹیکل ۶۳ کی طرف دلاتا ہوں ۔ وہ اور یہ ایک ہی چیز ہے ۔

وزیر خزانہ ۔ پہلے unlimited powers تھیں ۔ اب limited کر دی گئی ہیں ۔

Khawaja Muhammad Safder : A big question in Capital letters.

Minister of Finance : You always question.

جناب والا ۔ خواجہ محمد صفدر صاحب نے آئین کا بار بار حوالہ دیا ہے میں تو یہ سمجھونگا ۔ کہ یہ انگریز کے آئین کے follower ہیں ۔ امریکہ کے آئین کے

follower ہیں ۔ ہمیں کیا ضرورت پڑی ہے کہ ہم کسی ملک کے پیچھے چلیں ۔ ہر ایک ملک کے اپنے اپنے حالات ہوتے ہیں ۔ میں اپنے حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے کہتا ہوں کہ ہمارا موجودہ آئین ایک بہترین آئین ہے ۔ یہ کہنا کہ یہ آئین غلط ہے درست نہیں ہے ۔ خواجہ صاحب انگریز کی تقلید کرنا چاہتے ہیں ۔ خواجہ صاحب امریکہ کی تقلید کرنا چاہتے ہیں۔ اور پاکستانی عوام کی تقلید نہیں کرنا چاہتے ہیں ۔ حضور والا ۔ میں زیادہ جواب نہیں دینا چاہتا کیونکہ جو اصحاب بھی بولے ہیں سب نے میزانیہ کے متعلق کچھ نہیں کہا ہے بلکہ سب نے آئین کا حوالہ دیا ہے ۔ میری درخواست ہے کہ آپ اس آئٹم کو ایوان کے سامنے منظوری کے لئے پیش کریں ۔

Mr. Speaker : Discussion on this item is over. There is no other item on the Orders of the Day. Before we conclude our sitting I would like to make an announcement.

Today we are having a talk on the Principles of Law-making in Islam by Allama Alauddin Siddiqi, Chairman Council of Islamic Ideology at 6.30 p.m in the tea room. The Members are requested to attend it punctually.

The House now stands adjourned to meet at 8.00 a.m. tomorrow.

The Assembly then adjourned till 8.00 a.m. on Tuesday, the 29th June, 1965.

APPENDIX

(Ref : Starred Question No. 211)

DISTRICT BASIS SCHEMES IN QUETTA DIVISION, 1963-64

(Figures in rupees)

Serial No.	*Name of the Scheme*	*Budget allocation 1963-64*
	QUETTA DISTRICT	
	AGRICULTURE SECTOR	
	AGRICULTURE	
1.	Constructing Office of the Deputy Director Agriculture, Quetta.	63,000
2.	Construction of two Tube-Wells at Kalu Vitabad, Quetta.	75,000
3.	FOREST	
1.	Range and pasture improvement Maslakdh. . .	1,77,000
	FOOD STORAGE	
1.	Construction of Food Storage accommodation at Quetta.	2,00,000
2.	Land acquisition in Quetta Region. . .	1,19,000
	FISHERIES	
1.	Khushdil Fish Farm.	2,000
	Total	6,36,000
	WATER AND POWER SECTOR	
1.	Bolan Dam Project.	5,00,000
2.	Construction of Small Irrigation Scheme, Quetta Circle.	5,32,000
3.	Living Karazes & Channels Quetta Circle.	5,58,000
4.	Tube-Wells in Yarn Area, Quetta Circle.	50,000
5.	Construction of residential accommodation in Quetta Circle.	2,70,000
6.	Reconstruction of Sara-Shugh weir and Channel (Quetta)	1,50,000
7.	Sangrilla Irrigation Scheme. (Quetta)	3,00,000
8.	Nigong Irrigation Schemes.	2,26,000
9.	Siritoi Flood Irrigation Scheme.	2,00,000
10.	Construction of Flood Division Weir on Toghi River near Bolanzai.	2,00,000
11.	Lining of Channels in Loralai Irrigation Division.	3,00,000

12.	Sukhleji Irrigation Scheme.	1,00,000
13.	Remodelling of Bloan Weir Distribution System.	3,00,000
14.	Construction of Irrigation Colony at Quetta.	4,00,000
15.	Construction of Dubba Irrigation Scheme.	2,00,000
16.	Construction of Chacha Irrigation Scheme.	3,00,000
17.	Chaltar Irrigation Scheme. . .	1,50,000
18.	Sazoo Irrigation Scheme. . .	1,50,000
19.	Sunni Spring Irrigation Scheme. . .	1,00,000
20.	Loi Irrigation Scheme. . .	2,00,000
21.	Wam Tangi Dam. . .	12,82,000
22.	Ahmadzai Irrigation Scheme. . .	3,90,000
23.	Irrigation Scheme on Mashkey near Gajjar.	2,00,000

——

Education and Training Sector

1.	Construction of buildings for 6 Primary Schools in Quetta	95,000
2.	Construction of Girls Primary School, Quetta ...	50,000
	Total ...	1,45,000

New Schemes

1.	Supply of equipment to Quetta Schools ...	70,000
2.	C. T. Classes, Quetta ...	50,000
3.	Middle Schools Karabala and Barkhan ...	38,000
4.	Girls High School Quetta and Boys High School, Quetta ...	66,000
	Total ...	2,24,000

Health Sector

1.	Construction of Infectious Diseases Hospital at Quetta ...	26,000
2.	Three additional wards in Fatimah Jinnah T. B. Sanatorium at Quetta ..	72,000
3.	Civil Dispensary at Gulistan ...	...
4.	8 Bedded Hospital at Hindu Bagh ...	25,000
5.	Improvement of Sandeman Hospital at Quetta ...	...
6.	Construction of 6 Bedded Hospital at Dalbandin ...	...
7.	Field Training Health Centre at Pishin ...	...
8.	Medical Health Technicians School, Quetta ...	4,00,000
9.	Opening of a Lady Health Visitors School at Quetta, Purchase of equipment ...	1,00,000
10.	Stipends for the students of L. H. V. and Health technicians Schools Grant of Scholarships to the L. H. V. Students in the proposed Public Health School at Quetta ...	23,000
11.	Improvement of Water-Supply for Miss Fatima Jinnah T. B. Sanatorium Quetta ...	1,36,000
12.	Stipends to 20 posts of Probationer Nurses in connection with Scheme of training of Nurses and Midwives at the Sandeman Civil Hospital, Quetta ...	13,000
13.	Purchase of X-Ray plan and Generator for Civil Hospital Nushuki, (Quetta) ...	26,000
14.	Improvement of Sandeman Civil Hospital, Quetta for training of Nurses of Midwives, purchase of equipment...	2,00,000

15.	Purchase of equipment for the Health Technician Training Institute, Quetta ...	92,000
16.	Purchase of equipment for the Health Visitors School, Quetta ...	40,000
17.	Provision for the cost of an X-Ray plant and generator for Civil Hospital, Turbat ...	45,000
18.	Provision of X-Ray plant and equipment for Miss Fatima Jinnah T. B. Sanatorium, Quetta ..	1,50,000
19.	Purchase of equipment for three new wards of 24 beds each in Fatima Jinnah T. B. Sanatorium, Quetta ...	67,000
20.	Purchase of equipment for newly established 20 bedded infectious Disease Hospital at Quetta ...	20,000
21.	Purchase of equipment for Blood Bank in the Sandeman Civil Hospital, Quetta ...	23,000
	Total ...	14,58,000

Sibi District

AGRICULTURE

1.	Bhagnari Cattle-cum-Baluchi Sheep Farm Usta Mohammad (Sibi) ...	5,00,000

Water and Power Sector

1.	Survey of Katchi plain ...	2,00,000
2.	Construction of Diversion Weir in Kill Kaur (Kachi) ...	3,00,000
3.	Diversion Weir ean Kaha Nallah Near Murrnjin in Bughti Area ...	3,00,000
	Total ...	8,00,000

Housing and Settlement Sector

1.	Construction of a new Police Station with married Quarters at Sui, District Sibi ...	2,31,000
	Total ...	2,31,000

Health Sector

1.	Construction of a building for Civil Dispensary and Staff Quarters at Much ...	14,000
2.	Purchase of an X-Ray Plant for Civll Hospital, Sibi ..	25,000
	Total ...	39,000

Printed at Istiqlal Press, Lahore

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN.

FIRST SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN.

Tuesday, the 29th June, 1965.

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-00 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi, (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ لَا وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ
اِلَّا خَسَارًا ۝ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ
يَـُٔوْسًا ۝ قُلْ كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ۭ فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰى سَبِيْلًا ۝ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ
عَنِ الرُّوْحِ ۭ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ وَلَىِٕنْ
شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ عَلَيْنَا وَكِيْلًا ۝
اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا ۝

(پ ۱۵ ۔ س ۱۷ ۔ ع ۹ و ۱۰ ۔ آیات ۸۲ تا ۸۷)

اور ہم قرآن کے ذریعہ سے وہ چیز نازل کرتے ہیں۔ جو مسلمانوں کیلئے شفا اور رحمت ہے اور ظالموں کے حق میں تو اس سے نقصان ہی بڑھتا ہے۔ اور جب ہم انسان کو نعمت عطا کرتے ہیں۔ تو منہ پھیر لیتا ہے اور پہلو بدل لیتا ہے۔ اور جب اسے سختی پہونچتی ہے تو مایوس ہو جاتا ہے۔ (اے پیغمبر) کہدو کہ ہر شخص اپنے طریق کے مطابق عمل کرتا ہے پس تمہارا پروردگار اس شخص سے خوب واقف ہے۔ جو سب سے زیادہ سیدھے راستے پر ہے۔ اور لوگ تم سے روح کے بارے میں سوال کرتے ہیں۔ کہدو کہ وہ میرے پروردگار کا ایک حکم ہے۔ اور تم لوگوں کو بہت ہی کم علم دیا گیا ہے۔ اور اگر ہم چاہیں تو جو (کتاب) تمہاری طرف نازل کرتے ہیں اسے (دلوں سے) محو کر دیں پھر تم اس کیلئے ہمارے مقابلے میں کسی کو مددگار نہ پاؤ گے۔ مگر اس کا قائم رہنا تمہارے پروردگار کی رحمت ہے کچھ شک نہیں کہ تم پر اس کا بڑا فضل ہے۔ وما علینا الا البلاغ

SUSPENSION OF THE QUESTION HOUR

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) :— Sir the Finance Bill is to be taken up for consideration today and we expect that we will be having a detailed debate on this and, I, therefore, request, with special appeal to the Opposition and the Speaker, that the Question Hour may be suspended. It is a very important bill and many members would like to speak on it.

Mr. Speaker : I think there is no opposition to it and the Question Hour is suspended.

THE WEST PAKISTAN FINANCE BILL, 1965.

Mr. Speaker : Now the Finance Bill. Minister of Finance to move the motion.

Minister of Law : If you permit me Sir, I will move it on behalf of the Finance Minister.

Mr. Speaker : Yes, please.

Minister of Law : Sir I beg to move :—

That the West Pakistan Finance Bill, 1965, be taken into consideration at once.

Mr. Speaker : Motion moved is :—

That the West Pakistan Finance Bill be taken into consideration at once.

Khawaja Muhammad Safdar : Opposed Sir.

Mr. Speaker : Yes, Khawaja Sahib.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - میں اپنی گزارشات کا آغاز وزیر خزانہ کی تقریر کے اس حصہ کے اقتباسات کے حوالے سے کروں گا جو انہوں نے فائننس بل پیش کرتے ہوئے فرمائی تھی - جناب والا - انہوں نے اپنی تقریر کے صفحہ آول پر دوسرے پیرا میں ایک نہایت ہی اصولی بات کا اظہار فرمایا تھا کہ ہم ان ٹیکسوں کو تجویز کرتے وقت یہ خیال رکھ رہے ہیں کہ ان ٹیکسوں کا بوجھ متمول طبقہ پر پڑے اس کے ساتھ ہی انہوں نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ یہ پالیسی جناب صدر مملکت کے منشور کے عین مطابق ہے اور اس

کہ صوبے کے متمول لوگ جو مزید ٹیکسوں کا بوجھ اٹھانے کے قابل ہیں ان پر مزید بوجھ ڈالا جائے اور صوبے کا وہ طبقہ جو مالی عسرت کی بنا پر پہلے ہی ٹیکسوں کے بوجھ تلے دبا ہوا ہے اس پر مزید بوجھ نہ ڈالا جائے ۔

جناب والا ۔ ٹیکسیشن کا یہ ایک سنہری اصول ہے مجھے خوشی ہوئی ہے کہ جناب وزیر خزانہ نے اپنی تقریر میں اس اصول پر چلنے کا دعویٰ فرمایا اور ساتھ ہی ساتھ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ، انہوں نے اسبات کا بھی اعادہ کیا کہ ہماری یہ پالیسی صدر مملکت کے منشور میں کئے گئے وعدوں میں نمبر (۴) پر ہے ۔

" ٹیکسوں کو اس طرح عائد کرنا کہ ہر ایک پر مساوی اور منصفانہ بار پڑے " ۔

جناب والا ۔ اس وزارت کا یہ دعویٰ ہے کہ یہ جناب صدر مملکت کے منشور پر عمل پیرا ہیں اور اس منشور کو عملی جامہ پہنانے کے لئے کوشاں ہیں ۔ یہ دعویٰ محض زبانی ہے اور اس دعویٰ کو حقیقت سے کوئی تعلق نہیں ہے ۔ جناب والا ۔ میں اس مختصر سے وقت میں یہ گزارش کرنے کی جسارت کروں گا کہ جس دعویٰ کو اس تقریر ہی میں نہیں بلکہ آگے اور پیچھے بار بار دھرایا جا رہا ہے اس کی حقیقت کیا ہے ؟ جناب والا ! آپ صدر مملکت کے منشور کے کسی بھی حصے کو نکال لیں اور اس حصہ کی روشنی میں اپنے گرد و پیش کے حالات کا جائزہ فرمائیں تو آپ بھی میری طرح اسی نتیجہ پر پہونچیں گے ۔ لیکن اگر اس ایوان میں کسی دوست کے دل میں یہ شک و شبہہ ہو تو میں کوشش کروں گا کہ وہ شک و شبہ رفع ہو جائے ۔ جناب والا ۔ منشور کی شق نمبر ۵ اس طرح ہے ۔ "پاکستان میں جمہوریت چاہے جو شکل اختیار کرے مگر اس کی بنیاد صرف نظریات کی اندھی تقلید کی بجائے حقیقت ، تجربے اور مشاہدے پر ہونا چاہئے اور اس کے اصول یہ ہوں " ۔

جناب والا ۔ جناب صدر مملکت نے یہاں چار اصول گنوائے ہیں جن پر

اس ملک میں جمہوریت کی اساس ہوگی ، بنیاد ہوگی ۔ انہوں نے پہلا اصول ارشاد فرمایا ہے (۱) انفرادی رائے کی آزادی ۔

جناب والا ۔ انفرادی رائے کی آزادی کے متعلق——

مسٹر سپیکر ۔ خواجہ صاحب بہتر ہوگا کہ آپ اس منشور کو اس لائن اور اس رنگ میں Discuss کریں جو فائننس بل سے متعلق ہو ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں نے جناب والا ۔ اس لئے اس طرح شروع کیا تھا کہ فائننس بل میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ ہم نے بل میں مجوزہ ٹیکسوں کو اس طور پر لگایا ہے کہ وہ جناب صدر مملکت کے منشور کے عین مطابق ہوں ۔ میں نے اپنی گزارشات کی ابتدا ہی میں یہ عرض کیا تھا کہ یہ دعویٰ غلط ہے ۔ کہ موجودہ Taxation یا جو مزید ٹیکس اس صوبہ پر عائد کئے جا رہے ہیں وہ جناب صدر مملکت کے منشور کے مطابق ہیں ۔ میں نے گزارش کی تھی کہ وہ غلط ہے اور اس Context میں میں اپنے دوستوں کے سامنے آپ کے توسط سے یہ ثابت کرنا چاہتا ہوں کہ وہ جناب صدر مملکت کے منشور پر عمل پیرا نہیں ۔ میں ان کی توجہ اس امر کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ وہ آئندہ مالی سال میں کوشش فرمائیں کہ جناب صدر مملکت کے منشور کو عملی جامہ پہنایا جا سکے ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جمہوریت کا پہلا اصول جناب صدر مملکت نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ انفرادی رائے کی آزادی ہوگی ۔ آپ خود ملاحظہ فرما لیں کہ کتنے مقدمات ہیں جو ۱۲۴—الف کے تحت اس صوبے میں اس وقت بھی چل رہے ہیں ۔ کیا اس سے پہلے کبھی اس صوبے میں رائے کے اظہار پر اسقدر قدغن تھی ؟ جناب والا ۔ میرے دوست اس سے اتفاق کریں گے کہ انگریز کے عہد میں بھی ۱۲۴—الف کو شاذ شاذ استعمال کیا گیا تھا اور آج ان لوگوں کے خلاف پاکستان پینل کوڈ کی دفعہ کو استعمال کیا جا رہا ہے جن کو یہ فخر حاصل ہے کہ انہوں نے تحریک پاکستان میں ہراول دستے کے طور پر کام کیا ۔ محمد علی

قصوری اور خواجہ رفیق کو کون نہیں جانتا کہ سنہ ۱۹۴۶ء — ۱۹۴۷ء میں وہ کس مقام پر تھے - اور کیا کر رہے تھے -

جناب والا - دوسرا اصول جس کا اظہار جناب صدر نے فرمایا ہے وہ اشتراک عمل کی آزادی ہے یا Liberty of Association ہے - در اصل یہ تمام وہ Fundamental liberties ہیں جن کے متعلق جناب صدر نے اپنے منشور میں اظہار فرمایا ہے تو اس کے متعلق میں یہ گزارش کروں گا کہ ہمیں اس کی حدود کی طرف بھی توجہ دینی چاہئے - ابھی تھوڑا عرصہ ہوا کہ ہمارے ملک کی ایک پرامن جماعت کو خلاف قانون قرار دیدیا تھا -

مسٹر سپیکر — خواجہ صاحب - میں سمجھتا ہوں کہ کم از کم میں اس کی relevancy کو follow نہیں کر سکتا -

Khawaja Muhammad Safdar : I will try to be relevant according to your thinking and your order.

Mr. Speaker : Thank you very much.

خواجہ محمد صفدر — جناب والا - بہر حال میں نے اپنی چند گزارشات سے اور ان چند مثالوں سے اپنے بزرگوں کی خدمت میں یہ عرض کیا ہے کہ وہ زبانی دعوے تھے - میں ان سے التماس کرتا ہوں کہ خدا را وہ جناب صدر مملکت کے منشور پر عمل پیرا ہوں - تاکہ یہ صوبہ ان آزادیوں اور بنیادی حقوق سے ہمکنار ہو ، جن کا وعدہ خود جناب صدر نے اپنے منشور میں فرمایا ہے - اس کے بعد جناب والا - جب ہم اس فائیننس بل اور اس سے متعلقہ بجٹ کو دیکھتے ہیں جو کہ تیسرے پنج سالہ منصوبہ کے پہلے سال کے لئے بنایا گیا تھا تو اس کی اہمیت ہماری نظر میں بہت زیادہ ہو جاتی ہے - تیسرے پنج سالہ منصوبے کا آغاز دو تین دن کے بعد پہلی جولائی سے ہونے والا ہے اور جناب وزیر خزانہ نے اپنی اس تقریر دلپذیر میں ارشاد فرمایا تھا کہ ہماری مالیاتی پالیسیوں کی وجہ سے دوسرا پنج سالہ منصوبہ ہماری امیدوں سے فزوں تر کامیاب ہوا ہے اور ان مالی پالیسیوں پر عمل پیرا ہو کر ہمیں یہ امید

واثق ہے کہ تیسرا پنج سالہ منصوبہ اس سے بھی زیادہ کامیاب ہوگا اور ہم Economic self-sufficiency تک پہنچ جائیں گے اور اس سے متعلق جو مقاصد ہیں وہ ہم حاصل کر لیں گے یعنی وہ Objective جو ہمارے ذہن میں ہے حاصل کر لیں گے ۔ جناب والا ۔ میرے لئے نہایت ضروری ہے کہ میں جناب وزیر خزانہ کے اس دعوے کی جانچ کروں ، پڑتال کروں کہ ان کی مالی پالیسیوں کی وجہ سے اس صوبہ کو گزشتہ پانچ سالوں میں کیا فائدہ پہنچا اور اس پس منظر کے پیش نظر میں کوئی نتائج اخذ کرنے کی کوشش کروں کہ اگر ان کی اس قسم کی مالی پالیسیاں جاری رہیں تو آئندہ پانچ سالوں میں اس صوبے کو کیا منفعت یا فائدہ پہنچے گا یا اس کو کیا نقصانات اٹھانے پڑیں گے ۔ جناب والا ۔ دوسرے پنج سالہ منصوبے میں کچھ مقاصد پیش نظر رکھے گئے تھے کچھ مواعید قوم سے کئے گئے تھے کہ آئندہ پانچ سالوں میں ہماری مالی اور اقتصادی پالیسیوں کی بنا پر اس صوبے اور اس ملک میں اس قسم کے نتائج مرتب ہونگے ۔ میں ان مواعید کی جانب جناب والا ۔ آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کے نہایت ہی معزز اراکین کی توجہ دلاتا ہوں ۔ دوسرے پنج سالہ منصوبہ کے صفحہ نمبر ۱ پر ہے :—

"These objectives were stated in the First Five-Year Plan and are restated in the Second. (1) The nation aspires to a standard of living for all its people as high as can be achieved with the resources available to it; (2) equitable distribution of wealth ; (3) education of all in accordance with their talents ; (4) victory over disease ; (5) adequate facilities for transport and communications so that the nation may be effectively unified economically and socially....."

ان پانچ مقاصد کو پیش نظر رکھ کر یہ دوسرا پنج سالہ منصوبہ تیار کیا گیا تھا ۔ ان میں سے کوئی ایک مقصد جن کا میں نے ابھی ذکر کیا ہے لے لیجئے ۔ کیا وہ ہمیں حاصل ہو چکا ہے ؟ کیا ہمارا رہن سہن دنیا کے دوسرے ملکوں جیسا ہو چکا ہے ؟ کیا ہم میں سے ہر ایک کو تعلیم میسر ہو گئی ہے ؟ کیا اس صوبے سے بیماری کا قلع قمع ہو گیا ہے ؟ کیا ہمیں پیٹ بھر کر خوراک ملتی ہے ؟ کیا سر چھپانے کے لئے ہمارے سر پر کوئی سایہ ہے ؟ ان مقاصد کو سامنے رکھئے اور پھر ان کے دعووں کو ۔ اور پھر دیکھئے کہ ان کی مالی پالیسیوں کی وجہ سے ہم تمام

چیزیں ہمیں میسر آ گئی ہیں ؟ اور دوسرا پنج سالہ منصوبہ نہایت کامیاب رہا ہے ؟ میرے محترم دوست یہ نہیں بتاتے کہ وہ مقاصد کیا تھے جن کے لئے یہ دوسرا پنج سالہ منصوبہ تیار کیا گیا تھا اگر وہ مقاصد ہم نے حاصل کر لئے ہوں اور ان میں کوئی شک نہ ہو تو میں پہلا انسان ہونگا جو ان کو مبارکباد دونگا ۔ تو وہ مقاصد کیا ہیں ؟ ان کے حصول کے لئے کیا کچھ کیا گیا ؟ یہ تو سبھی جانتے ہیں کہ پانچ سال گزرنے کے بعد کم از کم وہ مقاصد ہمیں حاصل نہیں ہوئے ۔ خوراک کو لے لیجئے ۔ کیا یہ امر واقعہ نہیں ہے ۔ جناب والا ۔ کہ آج ہم خوراک کے معاملے میں خود کفیل نہیں ہیں ؟ تو کیا یہ چیز ان مواعید کے بر عکس نہیں جو کہ دوسرے پانچ سالہ منصوبہ میں کئے گئے تھے ؟ صفحہ ۱۲۷ پر ملاحظہ ہو ۔

"The agricultural programme aims at :—

(*i*) Self-sufficiency in basic food production, maintaining as a minimum the present levels of foodgrains ;

(*ii*) raising of dietary standards through increased supplies of fish, fruits, vegetables, sugar and livestock products ;

(*iii*) expanding the output of jute, cotton, tea and forest products to the maximum possible extent ;

(*iv*) working towards an export position across the full production front, not excepting foodgrains ;

(*v*) increasing employment opportunities and reducing under employment in agriculture.

ارشاد فرمایا جاتا ہے کہ ہماری غرض یہ ہے کہ نہ صرف ہم خوراک کے مسئلہ میں خود کفیل ہوں ۔ بلکہ ہم اسے برآمد بھی کریں گے ۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اس وقت پاکستان کی اجناس کی پیداوار فی ایکڑ دنیا کے تقریباً تمام ملکوں سے کم ہے اور اسے بڑی آسانی سے بڑھایا جا سکتا ہے ۔ مختصراً دوسرے پنج سالہ منصوبے کے سامنے اسے مقصد کے طور پر رکھا گیا تھا اور آج حالت یہ ہے کہ پچھلے سال آٹھ لاکھ ٹن گندم اس صوبہ نے در آمد کی اور پینتیس لاکھ روپیہ اس پر صرف کیے ۔ کہاں یہ دعویٰ کہ ہم بر آمد کریں گے کہاں یہ حالت کہ در آمد کرتے کرتے ہم تھک گئے ہیں ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کی اقتصادی اور مالی پالیسیوں میں زراعت پر توجہ نہیں دی گئی ۔

آج سے چند روز پہلے ہمارے وزیر خزانہ نے یہ دعویٰ کیا تھا کہ اس صوبہ میں گندم کی پیداوار فی ایکڑ اوسطاً ۹۶۲ من ہے ۔ ان کا یہ کارنامہ ایسا نہیں جس پر وہ فخر کریں ۔ کیوں کہ اس سے پہلے گندم اوسطاً اس سے زیادہ پیدا ہوتی رہی ہے ۔

"At the core of the agricultural programme in the determination to feed the nation with food grown on its own soil. While this policy is justifiable on such non-economic grounds as national self-respect, it also has solid economic motivations. Yields of food-grains in the country are among the lowest in the world ; and yet comparatively simple practices as well as higher technology for raising productivity are well established and only waiting for application in the field.

۱۹۵۲—۵۳ میں ۱۰ من اوسط تھی ۔ ۱۹۵۴—۵۵ میں ۹۶۵ من ، ۱۹۵۵—۵۶ میں ۹۶۴ من ، ۱۹۵۶—۵۷ میں ۹۶۷ من ، ۱۹۵۹—۶۰ میں ۱۰۶۷ من اور ۱۹۶۰—۶۱ میں ۱۰ من پیداوار تھی ۔ اور آج ۱۹۶۵ میں ہماری کامیاب پالیسی کی وجہ سے ہم ایک ایکڑ سے اوسطاً ۹۶۲ من گندم اس صوبہ میں پیدا کر رہے ہیں ۔ جناب والا ۔ اگر اس پر ہی اکتفا ہوتا تو شاید میں سمجھتا کہ پچھلے سال کوئی مالی فروگذاشت ہو گئی تھی اور اب آئندہ سالوں میں شاید وہ اس سیکٹر کی طرف زیادہ توجہ فرمائیں کیوں کہ ٹیکس زیادہ تر اس سیکٹر سے وصول کیا جاتا ہے ۔ صوبہ کی مالی آمدن کا بیشتر حصہ زراعت سے آتا ہے ۔ جیسا کہ ان تجاویز سے ظاہر ہے جو ہمارے سامنے پیش ہیں ۔ لیکن اگر آپ تیسرے پنج سالہ منصوبہ کی پالیسی پر غور فرمائیں تو یہ مقاصد جو دوسرے پنج سالہ منصوبہ میں درج تھے کہ ہم خوراک کے معاملے میں خود کفیل بن جائیں گے ان کا اس میں ذکر ہی نہیں کیا گیا ۔ اسے چھوڑ ہی دیا گیا ہے ۔ اگر کسی کو شک ہے تو میرے سامنے Outlines of Third Five Year Plan ہے ۔ اس کے صفحہ ۹۶ میں یہ مقاصد دیے گئے ہیں ۔

(a) to increase the real income of farmers ;

(b) to promote by policies and investments those crop and live-stock production patterns that will utilise most economically the human, land, and water resources of the country ;

(c) to achieve self-sufficiency in food requirements to the extent compatible with other needs of the economy, aiming, at the same time at improving nutritional standards of food consumption, and at meeting the demand for export crops ;"

میں درخواست کروں گا کہ وہ زرعی سیکٹر کو اس طرح پھلنے پھولنے

دیں ۔ کیوں کہ یہیں سے ہماری آمدن کا بیشتر حصہ وصول ہوتا ہے اور اسی سیکٹر پر ہماری ۸۵ فیصد آبادی کا انحصار ہے ۔ اور اسی پیداوار کے تقریباً ۵۴ % حصہ کو بر آمد کر کے ہم اپنا زر مبادلہ کماتے ہیں ۔ جناب والا ۔ اس موضوع پر اور وقت نہیں لیتا ۔

انھوں نے دوسرے پلان میں یہ وعدہ کیا تھا کہ تعلیم کا مسئلہ حل ہو جائے گا اور یہاں تعلیم عام ہو جائے گی ۔ ہر ایک کو تعلیم میسر ہو سکے گی ۔ میں نے ابھی آپ کے سامنے وہ حوالہ دیا ہے ۔ مگر جو ہماری موجودہ پالیسی ہے اور جس طرح ہم اپنی آمدنی کو تقسیم کر رہے ہیں کیا اس کے پیش نظر یہ دعویٰ کیا جا سکتا ہے کہ آئندہ سو سال میں بھی اس ملک میں تعلیم عام ہو جائے گی ۔ اس وقت مغربی پاکستان کا تعلیمی معیار یہ ہے کہ اس صوبہ میں خواندگی تقریباً ۱۷ فی صد ہے ۔ مشرقی پاکستان میں خواندگی ہم سے کہیں بڑھ کر ہے ۔ دونوں صوبوں کو ملا کر ۱۹ فی صد ہے ۔ سو میں سے سترہ اشخاص خواندہ ہیں ۔ صرف لکھنا پڑھنا جانتے ہیں ۔ انہیں تعلیم یافتہ نہیں کہا جا سکتا ۔ جناب والا ۔ میں یہ گزارش کروں گا کہ جب میں یہ دیکھتا ہوں کہ آئندہ سال میں ہمارے گاڑھے پسینے کی کمائی سے حاصل کئے ہوئے ٹیکسوں میں سے تعلیم کا کیا انتظام ہوتا ہے تو مجھے یہ دیکھ کر دکھ ہوتا ہے کہ آئندہ سال میں ہمارے صوبے میں صرف پانچ انٹرمیڈیٹ کالج کھولے جائیں گے ۔ پندرہ مڈل سکولوں کو ہائی سکولوں کا درجہ دیا جائے گا ۔ دس نئے ہائی سکول کھولے جائیں گے ۔ میں ان سے درخواست کروں گا کہ وہ اپنی مالی پالیسی پر دوبارہ غور فرمائیں اور تعلیم کی طرف زیادہ توجہ دیں ۔ پانچ کروڑ کی آبادی کے لیے ، جس میں صرف ۱۷ فیصد خواندہ ہیں ، ۱۰ ہائی سکول کھولنا اور پندرہ مڈل سکول کو ہائی سکول کا درجہ دینا کہاں کی دانشمندی ہے ۔ ہمارے ٹیکسوں کو اس حد تک درست طور پر استعمال کیا جا رہا ہے کہ ہم تعلیم کے زیور سے بھی آراستہ نہیں ہو سکتے ۔

ھاں کوئی نیا ھسپتال تجویز نہیں کیا گیا ۔ صرف سابقہ زیر تعمیر ھسپتالوں ھی کا ذکر کیا گیا ھے ۔ میری ان سے درخواست ھے کہ خود انھوں نے گذشتہ پانچ سالوں میں یہ فیصلہ کیا تھا کہ اس صوبہ میں ۱۵۰ طبی مراکز قائم کیے جائیں گے ۔ لیکن قرطاس ابیض سے یہ صاف ظاھر ھے کہ اس سال کے آخر تک صرف ۸۲ طبی مراکز قائم کیے گئے ھیں ۔ ڈیڑھ سو کہاں اور بیاسی کہاں ۔ یہ اپنے اعداد و شمار کو دوبارہ دیکھیں اور غور فرمائیں کہ انھوں نے پانچ کروڑ کی آبادی کے لیے طبی امداد کا کس حد تک انتظام کیا ھے ۔

جناب والا ۔ ایک اور مسئلہ رھائش کا ھے ۔ رھائش کے مسئلے کو ھم نے اپنی مالی پالیسی کے اعتبار سے حل کرنے کی کوشش ھی نہیں کی ۔ اس وقت بھی لاکھوں کی تعداد میں ایسے انسان ھیں جنھیں سر چھپانے کے لیے چھت میسر نہیں ھے ۔ وہ نہایت عسرت کی زندگی بسر کر رھے ھیں ۔ نہایت گندے ماحول میں زندگی بسر کر رھے ھیں ۔ وہ جھونپڑیوں میں رھتے ھیں ۔ Secular میں رھتے ھیں ۔ Slums میں رھتے ھیں ۔ لیکن ھم ھیں کہ ھم جہاں بھی سٹیلائٹ ٹاؤن تعمیر کرتے ھیں ۔ ان میں بنگلوں کی تعمیر کا انتظام تو کرتے ھیں لیکن غریب عوام کی رھائش کے انتظام سے ھم نے آنکھیں پھیر لی ھیں ۔ ان کی طرف سے ھم نے آنکھیں موند لی ھیں ۔ حکومت سے میری یہ گزارش ھے کہ وہ ھم سے ٹیکس ضرور وصول کرے ۔ لیکن جو ٹیکس یہ وصول کرے اسے درست طور پر ھماری ضروریات کے مطابق خرچ کرے ۔ یہ نہیں کہ جس طرح اس کے جی میں آئے اس طرح اسے استعمال کرے ۔ ھم سے وصول کردہ ٹیکسوں کو تمام صوبے کے باشندوں کی ضروریات کو مد نظر رکھتے ھوئے خرچ کرنا چاھیے ۔ جناب والا ۔ یہ پونے دو ارب روپے کا بجٹ ھے ۔ جس میں تھوڑے سے خسارے کو پورا کرنے کے لئے انھوں نے چار کروڑ بارہ لاکھ روپے کا نیا ٹیکس لگایا ھے ۔ جو کہ شاید پاس بھی کر دیا جائے ۔ اور جس کے پاس ھونے سے یہ کمی دور بھی ھو جائے گی ۔ اگر اس پونے دو ارب روپے کو عقلمندی اور سلیقے سے خرچ کیا جائے ، تو میں سمجھتا ھوں کہ اس صوبے کی بھلائی اور بہتری

کے لیے بہت کچھ کیا جا سکتا ہے ۔ لیکن اگر پونے دو ارب روپے کے بجٹ کے بجائے پونے دو کھرب روپے کا بجٹ بھی بنا دیا جائے ۔ اور اسے اس طرح اللے تللے میں اڑا دیا جائے ۔ جس طرح کہ ہمارے وزیر خزانہ اور ان کے رفقائے کار کر رہے ہیں ۔ تو اس سے عوام کو کوئی فائدہ نہیں پہنچ سکتا ۔ ان کے حالات میں کوئی نیا ٹیکس عائد کرنا یا پرانے ٹیکسوں کو اسی طرح جاری رکھنا کسی طور پر بھی جائز نہ تھا ۔ اگر حکومت ان ٹیکسوں سے حاصل کردہ رقوم کو درست طور پر خرچ ہی نہیں کر رہی ہے ۔ تو اس کو کیا حق پہنچتا ہے کہ وہ ہم پر نئے ٹیکس عائد کرے ۔ یا پرانے ٹیکسوں کو جاری رکھے ۔

جناب والا ۔ معاشی اعتبار سے اور اقتصادی اعتبار سے بھی اس وقت صوبے کی حالت سب ہی ساتھیوں کے پیش نظر ہے ۔ اس زیر بحث بل کے مختلف مراحل پر بحث کرتے ہوئے شاید میں چند ایک اور گذارشات اس معزز ایوان کے سامنے کروں ۔ لیکن میں نہایت ادب کے ساتھ اپنے محترم دوستوں کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ وہ خدا را یہ سوچیں کہ وہ اس غریب ملک سے حاصل کردہ ٹیکسوں کو کس طرح صرف کر رہے ہیں ۔ اور وہ ایسا کیوں کر رہے ہیں ۔ کیا یہ ملک ان کا اپنا ملک نہیں ہے ؟ انہیں جو بھی اقدام کرنا ہو ۔ ایک اصول کو سامنے رکھتے ہوئے کرنا چاہئے ۔ تاکہ پاکستان مضبوط اور مستحکم ہو ۔ اور اگر ایسا ہوگا تو ہم سب ہی مضبوط ہوں گے ۔ اگر پاکستان ہماری کسی سیاسی یا معاشی غفلت کی وجہ سے کمزور ہوا ، تو ہم سب کمزور ہوں گے ۔ میں کمزور ہوں گا ، آپ کمزور ہوں گے ۔ میری اولاد کمزور ہوگی ، ان کی اولاد کمزور ہوگی ، ہمیں صرف ان ہی اصولوں کو سامنے رکھتے ہوئے نئے ٹیکس عائد کرنے چاہئیں ۔ اگر خزانہ بھرا ہوگا تو تمام کام پورے ہو سکتے ہیں ۔ اور اگر خزانہ خالی ہوا ، تو پھر ہم کوئی کام نہ کر سکیں گے ۔ ویسے بھی میرے دوست بھلائی کا کام تو کم ہی کرتے ہیں ۔ البتہ بڑے کام میں یکتائے روزگار ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک محمد اختر ۔

ملک محمد اختر (لاہور-۲) - جناب سپیکر - میں سب سے پہلے اس Expenditure note کی طرف جناب کی توجہ دلانا چاہتا ہوں - جو ہمارے محترم وزیر خزانہ نے چار کروڑ بارہ لاکھ روپے کی رقم کا نیا ٹیکس نافذ کرتے ہوئے پیش فرمایا ہے - اس میں انہوں نے فرمایا ہے کہ یہ ٹیکس صدر مملکت کے منشور کے عین مطابق ہیں - بلکہ اُن وعدوں کے مطابق ہیں ، جو صدر مملکت نے اپنے الیکشن کے دوران میں لوگوں سے کئے تھے - میں اس سلسلے میں مودبانہ عرض کروں گا کہ نئے ٹیکسوں کا نفاذ اس منشور سے سراسر انحراف ہے - جس میں کہ صدر مملکت نے عوام سے وعدے کئے تھے - اور پھر یہ کہنا بھی سراسر غلط ہے کہ یہ ٹیکس متمول طبقے پر لگائے گئے ہیں - یہ کہنا کہ ان ٹیکسوں کی مساوی تقسیم کی گئی ہے - یہ بھی غلط ہے -

حاجی عطا محمد - جناب والا - میرے خیال میں کورم نہیں ہے -

Mr. Speaker : Let there be a count.

(Count was taken and the House was found to be quorum) The House is in quorum. Yes, Mr. Akhtar.

ملک محمد اختر - جناب والا - میں یہ ثابت کروں گا کہ یہ جو چار کروڑ بارہ لاکھ روپے کے ٹیکس ہیں - ان کا بوجھ عوام کے کندھوں پر براہ راست ڈال دیا گیا ہے - بلکہ اگر میں یہ الزام لگاؤں کہ صنعت کاروں کو اور متمول طبقے کو اس سے خاص طور پر مبرا رکھا گیا ہے - تو میں سمجھتا ہوں کہ میرا یہ دعویٰ درست ہے - میں ان براہ راست ٹیکسوں کے متعلق گفتگو کرتے ہوئے یہ عرض کروں گا کہ سب سے پہلے یہ مشاہدہ فرمائیے کہ یہ ٹیکس نئے لگے ہیں - مثال کے طور پر سب سے پہلے سنیما کی مختلف درجےبندی کی گئی ہے - پہلےدرجے ، دوسرے درجے اور تیسرے درجے کے سنیماؤں پر ٹیکس لگایا گیا ہے جو گیارہ ہزار پانچ سو روپے ہے - اگر وزیر خزانہ یہاں پر ہوتے ، تو میں ان سے استدعا کرتا . . . .

is referring to the Finance Bill as it is, but if he were to look into the amendment proposed, this tax on cinema has been taken away.

Mr. Speaker : I have not been able to follow what the Minister has said.

Minister of Law : Sir the Finance Bill, as it was introduced, contains a provision that there will be a tax on cinema tickets, but according to the amendment, which is also now before the House, this tax has been taken away ; it is being removed.

Mr. Speaker : But at this stage when we are considering that the bill be taken into consideration at once, he cannot take notice of the amendment. We don't know whether that amendment would be carried or not.

Minister of Law : I was making a suggestion if we could save time ; otherwise the Member may carry on.

Malik Muhammad Akhtar : I am discussing the bill as it is.

میں ٹیکس کے اصول پر بحث کر رہا ہوں ۔

جناب والا ۔ میرے نظریے کے مطابق سنیما مڈل کلاس کے لوگوں کے لیے ایک ایسی سستی تفریح ہے جس سے عوام کا متوسط طبقہ مستفید ہوتا ہے ۔ اور ان کے لیے یہی ایک Pass-time ہے ۔ اس لیے میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ٹیکس براہ راست عوام پر لگایا گیا ہے ۔ اسی طرح موٹر وہیکلز پر جو ٹیکس لگائے گیے ہیں ان کے سلسلہ میں میں آپ کو مبارکباد پیش کرتا اگر آپ رولز رائس اور بیوک گاڑیوں پر پانچ ہزار روپے ٹیکس لگا دیتے ۔ لیکن آپ کی نظر انتخاب کہاں پڑی ہے ۔ اس کرائے پر جو ہماری مال بردار گاڑیاں حاصل کرتی ہیں ۔ آپ نے ایک مخصوص شرح کے مطابق ان پر ٹیکس لگایا ہے ۔ یہ ٹیکس بھی عوام پر براہ راست ہے ۔ اسی طرح کراچی ڈسٹرکٹ میں جو Freight پر ٹیکس لگایا گیا ہے ۔ اس مقدار سے جس سے ریلوے Freight پر لگایا گیا ہے ، وہ بھی براہ راست ٹیکس ہے ۔ بلکہ آپ مجھے یہ دعویٰ کرنے پر مجبور کرتے ہیں کہ میں یہ کہوں کہ اشیائے صرف اور ضروریات زندگی کے بھاؤ بڑھیں گے ۔ مثلاً میں کراچی میں اس کے اثر کی طرف آتا ہوں ۔ جو ٹیکس آپ نے Steam Vessals کی بار برداری پر لگایا ہے ۔ اور جو ٹیکس آپ نے ریلوے Freight پر لگایا ہے ۔ اندازہ لگائیے

کہ تقریباً تین روپے سے دس روپے تک چھ پیسے، دس روپے سے بیس روپے تک پندرہ پیسے، بیس روپے سے تیس روپے تک پچیس پیسے اور اسی طرح پچاس سے ستر روپے تک پچاس پیسے ستر سے سو روپے تک ایک روپیہ ، سو روپے سے ڈیڑھ سو روپے تک ڈیڑھ روپے اور ڈیڑھ سو سے تین سو پچیس روپے تک تین روپے۔ تو اب آپ ھی بتائیے ۔ کہ کیا یہ بار برداری نوے فیصد ایسی نہیں ھے ، جو عوام کے عام اشیائے صرف سے متعلق ھوتی ھے ۔ اور کیا اس کی ادائیگی تاجر لوگ اپنی جیب سے کریں گے ۔ اور کیا ضروریات کی چیزوں کے بھاؤ بڑھ نہیں جائیں گے ۔

جناب والا ۔ اسی طرح Steam Vessels پر ٹیکس لگائے گئے ھیں ۔ اور میں یہ سمجھتا ھوں کہ ultimately ان کی جو recovery ھونی ھے وہ عوام سے ھونی ھے ۔ اور اسی طرح Railway Freight پر جو ٹیکس لگائے گئے ھیں یہ انہی شرحات کے حساب سے ھیں جو میں نے ابھی پڑھے ھیں ۔ پھر وہ بھی عوام پر ھی واجب الادا ھوں گے ۔ اس کے بعد Additional stamp duty ھے جس کا نفاذ کیا جا رھا ھے ۔ میں سمجھتا ھوں کہ اگر یہ موت ٹیکس کو بڑھا دیتے اور اس ٹیکس کو بڑھا دیتے جو اس جائیداد پر ھوتا ھے جو لوگ Inheritance میں پاتے ھیں اور جس کی مالیت پانچ یا دس لاکھ سے زیادہ ھوتی تو میں آپ کو مبارک باد دیتا لیکن آپ نے معمولی انتقال جائیداد پر بھی ٹیکس لگا کر یہ ثابت کیا ھے اور عوام کو اس ٹیکس سے زیربار کر دیا ھے کہ آپ متمول طبقہ کو ٹیکسوں سے نجات دلانا چاھتے ھیں ۔ جناب والا ۔ ھر قسم کی جائیداد خواہ اس کی Mortgage ھو یا ٹرانسفر ھو ۔ ان سب پر ٹیکس لگا دیا گیا ھے اس سے زیادہ اور کیا کیا جا سکتا تھا ۔ عوام کی نقل و حرکت پر ٹیکس لگا دیا گیا ھے ۔ ان Commerical Transactions پر ٹیکس لگا دیا گیا ھے جس میں تیسرے درجہ کے لوگ شامل ھیں۔ یا ھم جیسے مڈل کلاس کے لوگ شامل ھیں یا اس سے جو ذرا اونچے لوگ ھیں ان پر آپ نے ٹیکس لگا دیا ھے ۔ لیکن آپ نے بڑی کلاس کو اور متمول کلاس کو اس ٹیکس سے مبرا رکھا ھے ۔ اب میں کس کس ٹیکس کے متعلق کہوں ۔ ھوٹلوں پر جو ٹیکس لگائے گئے ھیں وہ آپ نے فرسٹ کلاس ھوٹل پر One rupee per

day per lodging unit پر لگایا ہے اور سیکنڈ کلاس ہوٹل پر پچاس پیسے لگایا ہے مجھے معلوم ہے کہ راولپنڈی جو اس وقت ہمارا کیپیٹل ہے وہاں جا کر جو متوسط درجے کے لوگ ہوٹلوں میں ٹھہرتے ہیں ان کا کرایہ عام طور پر دو تین یا پانچ روپے ہوتا ہے ۔ اس پر آپ نے ایڈیشنل پچاس پیسے ٹیکس لگا دیا ہے ۔ آپ یہ نہ سمجھیں کہ وہ زائد کرایہ اس مسافر کے ذمہ نہیں ہوگا ۔ ہوٹل کا مالک ہرگز اس فالتو کرائے کو ادا نہیں کرے گا ۔ اسکے علاوہ آپ نے روز مرہ کی چیزوں میں براہ راست گرانی پیدا کرنے کی کوشش کی ہے۔ ان ٹیکسوں کا بار میں سمجھتا ہوں کہ ۹۰ فیصدی نہیں بلکہ ۹۵ فیصدی غریب عوام پر ہے۔ اس میں سے جو لوگ متمول تھے ان کو مبرا رکھا گیا ہے ۔ ہمارے اس بجٹ میں جس میں چار کروڑ بارہ لاکھ روپیہ کے ٹیکس لگائے گئے ہیں اس کو قومی بجٹ کا لیبل لگا کر پیش کیا گیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ قومی بجٹ نہیں ہے یہ ان چند افراد کا بجٹ ہے جو اس ملک پر چھا گئے ہیں ۔ دراصل یہ تمام کا تمام روپیہ براہ راست عوام کی جیبوں سے وصول کرنے کا پروگرام بنایا گیا ہے ۔

جناب والا ۔ قیام پاکستان کے وقت جو بلند بانگ دعوے کئے گیے تھے کہ عوام کو ہر قسم کی سہولتیں میسر ہوں گی میں سمجھتا ہوں کہ آج تک کسی نے بھی ان کے متعلق کوئی دھیان نہیں دیا ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ اس گرانی کے وقت میں جب کہ لاہور میں اچھی گندم ۱۸ روپے فی من فروخت ہو رہی ہے اگر آپ گذشتہ سالوں سے اس کا مقابلہ کریں تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ آج سے تین سال قبل گندم کا بھاو تیرہ ۔ چودہ ۔ پندرہ ۔ سترہ روپے تک پہنچا اور اس کے بعد اس سال ۱۸ روپے اس کا بھاؤ ہو گیا ہے ۔ اور پھر آپ کے اس ٹیکس سے بار برداری پر بھی اثر پڑے گا ۔ کیا یہ ٹیکس لگانے سے آپ نے ان عوام کی جو پہلے ہی گرانی کی چکی میں پس گئے ہیں مشکلات میں اضافہ نہیں کیا ؟ اور کیا یہ ٹیکس لگنے سے اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں نہیں بڑھیں گی ؟

جناب والا ۔ اب میں ٹیکسیشن کے ان اصولوں کی طرف آتا ہوں جن

اصولوں کے پیش نظر ٹیکس لگایا گیا ہے ۔ میں اپنے محترم وزیر خزانہ صاحب کو یہ یاد دلانا چاہتا ہوں کہ اگر وہ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ ان کا حق ہے کہ جس وقت بھی چاہیں اور جس قدر بھی چاہیں عوام پر ٹیکس لگا دیں تو وہ سراسر غلطی پر ہیں ۔ جناب والا ۔ دنیا کے متمدن ممالک میں اس طرح نہیں ہوتا، ان ممالک میں اس طرح نہیں ہوتا جن کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ہم نے اپنے ملک میں جمہوریت کو رائج کیا ۔ جن کے نقش قدم پر چل کر ہم نے پارلیمانی نظام کو اس ملک میں رائج کیا ۔ اور آج اس ملک میں صدارتی نظام کو رائج کیا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہمیں ان دفعات کو Follow کرنا چاہئے جو ان کے آئین میں موجود ہیں ۔ اور ان اصولوں پر ہمیں عمل پیرا ہونا چاہئے جن اصولوں پر چل کر ہم عوام میں مقبول ہوں ۔ میری مراد ان اصولوں سے ہے جو ایک نئے آزاد ملک میں ٹیکس کا نفاذ کرتے وقت مد نظر رکھے جاتے ہیں ۔ آج ۱۹۶۵ ہے آج سے دو سو سال قبل Adam Smith نے دولت اقوام پر ایک کتاب لکھی تھی ۔ اس میں چند اصول ٹیکسوں کے بارے میں انھوں نے بیان کئے تھے ۔ اور انہی اصولوں کے تحت ٹیکسسز کا نفاذ ان ممالک میں ہوتا ہے لیکن ہم ان اصولوں سے انحراف کرتے ہوئے یہ تمام ٹیکسسز آج پاکستان پر لگا رہے ہیں ۔ ٹیکس کا پہلا اصول یہ ہونا چاہئے کہ براہ راست ٹیکس دینے والا شخص خود بخود صحیح اندازہ کرے کہ اس کو کس قدر ٹیکس ادا کرنا ہے ۔ لیکن یہ دستور بن چکا ہے کہ اعداد و شمار کے بڑے بڑے ہیر پھیر پیش کیے جاتے ہیں ۔ سنہری نقشے ڈویلپمنٹ کا نام لے کر پیش کئے جاتے ہیں اور ان سے عوام کو یہ بتانا مقصود ہوتا ہے (میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ عوام کو ایسے اعداد و شمار گمراہی کی طرف لے جاتے ہیں) کہ یہ ٹیکس ان کے مفاد کے لئے ہیں حالانکہ یہ ٹیکس ان کے مفاد کے لئے نہیں ہوتے ، بلکہ ایسے لوگوں کے مفاد کے لیے ہوتے ہیں جن کا قبضہ ان لوگوں کے ذہنوں پر ہوتا ہے ۔ اور جو ٹیکسیشن کی تجاویز پیش کرنے والے ہوتے ہیں ۔

جناب والا دوسرا اصول یہ ہے کہ ٹیکس کے قواعد اس قدر سادہ

کہ اس تخمینہ کے لئے کسی ثالث کی ضرورت نہ ہو ۔ اول تو ہمارے عوام تعلیم سے بہرہ ور نہ ہونے کی وجہ سے ٹیکس کے نفاذ کے وقت صحیح اندازہ نہیں لگا سکتے کہ اس ٹیکس کا کس قدر بوجھ ان پر پڑے گا اس کے بعد ٹیکس لگانے والے ایسی عیاری سے اعداد و شمار پیش کرتے ہیں جس سے ہمارے عوام اندازہ نہیں کر سکتے کہ ٹیکس کی وصولی کیا ہوگی ۔ وہ اس وقت اندازہ کرتے ہیں جب وہ اس ٹیکس سے بلا وجہ زیر بار آ چکے ہوتے ہیں ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہمارے ہاں جب ٹیکسیشن کا نفاذ ہوتا ہے تو ان Experts کی چاندی ہوتی ہے جو ٹیکسیشن کو Interpret کرتے ہیں ۔ سیلز ٹیکس کو لے لیجئے ۔ انکم ٹیکس کو لے لیجئے ۔ پراپرٹی ٹیکس کو لے لیجئے ان سب میں پیشہ ور لوگوں کی چاندی ہوتی ہے ۔ بجائے اس کے کہ عوام کو اس طریقے سے Table بنا کر دے دیا جائے کہ وہ اپنے ٹیکس کا خود اندازہ کریں کہ انہیں کس قدر ٹیکس دینا ہے ۔ انہیں ان لوگوں یعنی Experts کے پیچھے بھاگنا پڑتا ہے اور اس میں مزید پیچیدگیاں پیدا ہوتی ہیں ۔ یہی وجہ ہے کہ ٹیکسیشن کا نفاذ خواہ اچھے انداز میں کیا گیا ہو عوام میں کبھی مقبول نہیں ہوتا ۔ کیونکہ ٹیکس عوام کے لیے اکثر پیچیدگیاں پیدا کرتا رہتا ہے ۔ میں اپنے محترم وزیر خزانہ صاحب سے گذارش کروں گا کہ کیا اس طرح سے بڑھتے ہوئے ٹیکس ایسا تو نہیں کر دیں گے کہ وہ منبع ہی خشک ہو جائے جس سے ہم رقومات وصول کر سکتے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ٹیکسیشن کو سیاسی الجھن پیدا کرنے کا باعث بنایا گیا ہے ۔ اور اس طرح سے گذشتہ دنوں میں جب کہ اس ہاؤس میں Money Bill پیش کیا گیا اس دن Agricultural exemption کی شرح کو کم کردیا گیا ۔ اب بتلائیے کہاں ہیں وہ صدر مملکت کے منشور پر عمل کرنے کے دعوے جو ارکان حکومت یہ کہہ کر کیا کرتے تھے کہ ٹیکسیشن کے بوجھ کو عوام میں Equalise کیا جائے گا ۔ ایک ایگریکلچرل ٹیکس میں دوبارہ Exemption کی گئی ہے یعنی پہلے زرعی ٹیکس میں جو اضافہ کیا گیا وہ اب اس کو Withdraw کر لیا گیا ہے ۔ مجھے اس سے خوشی ہے اور مجھے اس پر فخر ہے کہ غریب دیہاتی عوام کا بوجھ کسی قدر ہلکا کیا گیا ہے ۔

مگر شہری طبقے کو ٹیکس کی چکی میں بدستور پسا جا رہا ہے جن کی نمائندگی موجودہ حکومت نہیں کرنا چاہتی کیوں کہ ان کے عوام کی تعداد کم ہے ۔ مگر دیہات میں جن کے نمائندوں کی تعداد زیادہ ہے وہاں ٹیکس واپس لے لیا گیا ہے ۔ مگر شہریوں پر ٹیکس بڑھا دیا گیا ہے اور Explanatory Memorandum اس اصول سے انحراف کیا گیا ہے ۔ جس کا دعویٰ بجٹ میں کیا گیا تھا ۔

جناب والا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ جہاں ایک مخصوص طبقے کو ٹیکسوں سے مبرا کیا گیا ہے اور ان کو shelter کیا گیا ہے وہاں شہریوں پر ٹیکس کا بوجھ بڑھایا گیا ہے ۔ جناب والا ۔ میں اس کی دو تین مثالیں دینا چاہتا ہوں جن کی روشنی میں حکومت کفائیت شعاری کر کے ۵۰ کروڑ روپے کی انکم بچا سکتی تھی اور بہت سی Wastage کو بند کر سکتی تھی ۔ اس سے ان کا بجٹ بھی سر پلس ہو سکتا تھا اور فاضلہ بجٹ کے ہوتے ہوئے کسی مزید ٹیکس کی ضرورت ہی نہیں رہ سکتی تھی ۔ میں یہ مثالیں محکمہ واپڈا سے دینا چاہتا ہوں جہاں ایک فرم Coode and Partners کو رکھا گیا جس کے انسپکشنگ انجینئر تین تین ہزار روپیہ مشاہرہ پاتے ہیں اس میں اس قسم کے بارہ غیر ملکی ایکسپرٹ کام کرتے ہیں جو کہ مجموعی طور پر چالیس لاکھ روپیہ لیتے ہیں ۔ اس کے مقابلے میں ہمارے اپنے طالب علم جو انہی اداروں کے فارغ التحصیل ہیں اور وہی ڈگریاں حاصل کر چکے ہیں جو ان غیر ملکی انجینئروں کو دیتے ہیں وہ چیف انجینئر کے دو ہزار روپیہ کے مشاہرہ کے حساب سے کل چار لاکھ روپیہ لیکر وہی کام کر سکتے ہیں باقی اخراجات کو ملا کر مجموعی طور پر بیس لاکھ روپیہ اس سے بچت کی جا سکتی ہے ۔ پھر جناب والا ۔ وہاں ایک دوسری فرم Tiptan and Kalmbach Inc. Engineering کے نام سے کام کرتی ہے ۔ یہ پندرہ ہزار روپیہ فی کس لیتی ہے مگر اس کے مقابلے میں مقامی اور ملکی انجنیئر صرف اٹھارہ سو روپے فی کس لے سکتے ہیں ۔ اس قسم کے ۴۲ غیر ملکی اس فرم میں کام کر رہے ہیں مزید برآں جناب والا ان کو ۱۰۰ فیصدی کمشن بھی دیا جاتا ہے معلوم نہیں اس کمشن کو کس طرح Calculate کیا جاتا ہے اگر ان غیر ملکیوں کو خارج کر دیا جائے

تو بہت سی رقم کی بچت ہو سکتی ہے ۔ جو کہ ۷۰ یا ۸۰ لاکھ روپے تک جا پہنچے گی ۔ اس کے علاوہ ان کو ''بونس'' بھی دیا جاتا ہے ۔ خدا جانے یہ بونس کیا بلا ہے ۔ (یہاں جناب والا میں ایک بڑی بات زبان سے نکالنا چاہتا ہوں) شائد اس کو Fraud کہہ سکتے ہیں ۔ میری عادت ہے کہ میں بے ڈھڑک حق بات کہہ دیا کرتا ہوں ۔ اگر آپ کو ناگوار نہ ہو تو میں عرض کر دوں کہ بونس ایک قسم کا Fraud ہے یعنی غیر ملکی انجینئر ہر منصوبے کی تکمیل کے لیے میعاد Target مقرر کرتے ہیں کہ فلاں کام پانچ سال میں کر دیا جائے گا ۔ اور اگر وہ تین یا چار سال میں مکمل کر دیں تو جتنی جلدی میعار سے پہلے وہ کام کی تکمیل کر دیں اس قدر زیادہ رقم ان کو ''بونس'' کی صورت میں دی جاتی ہے دو گنا تین گنا بلکہ چار گنا زیادہ رقم بونس کی شکل میں دی جاتی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ وقت کافی زیادہ مقرر کر دیا جاتا ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ Target مقرر کرتے وقت وہ اتنا وقت مقرر کر دیتے ہیں جس میں سے کافی وقت بچایا جا سکتا ہے ۔ وہسے کہنے کو یہ شرط بھی ہے کہ اگر کام وقت کے بعد دیر سے ہوگا تو اتنی رقم بطور ہرجانہ وصول کی جائے گی ۔ جو کہ شاذو نادر ہی ہوتا ہے ۔ عموماً قبل از وقت منصوبہ تکمیل پذیر ہو جاتا ہے اور گرانقدر رقوم بطور بونس وصول کی جاتی ہیں کیوں کہ شروع سے ہی Actual-requirement سے زیادہ میعاد کا Target مقرر کر دیا جاتا ہے ۔ اس طرح ایک فرم Harza Engineering Company International ہے یہ بھی غیر ملکی فرم واپڈا میں کام کرتی ہے ۔

جناب والا ۔ اگر repetiton خیال نہ فرمائیں تو جیسا کہ میں ریلوے بجٹ کے سلسلہ میں کہہ چکا ہوں ان تین پولیس کانسٹیبلوں کے لیے سارا ڈبہ ریل کا Reserve کر دیا جاتا ہے جس میں ۲۰ مسافر سفر کر سکتے ہیں ۔ صرف کراچی لاہور سیکشن میں ہی اس ڈبے میں بیس لاکھ روپے کا خسارہ ریلوے

لاکھ روپے تک پہنچتا ہے اس ایک لا میں کفائت شعاری کرکے ۵۰ لاکھ روپیہ کمایا اور بچایا جا سکتا ہے ۔ اگر حکومت کے ارکان ہمارے ساتھ سر جوڑ کر بیٹھیں تو کفائت شعاری کی ایسی سکیموں پر عمل کرکے پچاس کروڑ روپیہ بچایا جا سکتا ہے آپ کو تو فی الحال پانچ کروڑ مطلوب تھا جس کے لیے ٹیکس لگانا پڑا ۔ ذرا ہیڈز آف دی ڈیپارٹمنٹس کو Tighten کرتے تو اتنی بچت کی جا سکتی تھی ۔ جو ۵۰ کروڑ تک جا پہنچتی ۔

جناب والا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ذہنی سکون سے یہ کام ہو سکتے ہیں ۔ میں نے Comparative statement of wheat دی تھی ۔ اصل سوال تو یہی ہے کہ عوام کو سستی روٹی بہم پہنچائی جائے جس سے عوام کے مسائل حل ہو سکتے ہیں ۔ مگر حکومت ان حقائق سے چشم پوشی کرتی ہے ۔ حالانکہ عوام کا یہ پیدائشی حق ہے کہ وہ روٹی حاصل کر سکیں اور ان کے بچے تعلیم اور علاج کی سہولتیں حاصل کر سکیں ۔ مگر غریبوں پر اور ان کے بچوں پر تعلیم کے راستے مسدود ہو چکے ہیں ۔ اول تو پرائمری سکولوں کی کمی ہے اگر سکول ہوں تو ٹیچر نہیں اور اگر ٹیچر بھی ہوں تو بچوں کے بیٹھنے کے لیے ٹاٹ تک نہیں ہوتے اسی طرح مڈل سکولوں کا حال ہے سرکاری اور انجمنوں کے سکول ناکافی ہیں اس لیے بعض فائدہ بٹورنے والوں نے پرائیویٹ سکول کھول لیے جس کی لوٹ کھسوٹ بیان سے باہر ہے وہاں خورد و نوش کا خرچ بے پناہ ہے ۔

اس کے بعد ذرا آگے آئیے ۔ میٹرک کے بعد طلبا کی جو حالت ہوتی ہے ، آج کل ہم اس سے دو چار ہیں ۔ آپ بھی اس کے متعلق اپنے اعداد و شمار منگوائیے اور اندازہ فرمائیے کہ کس کالج میں داخلے کے لیے کتنی گنجائش ہے ۔ اور وہاں اس کے لیے کتنی درخواستیں ہیں ۔ موجودہ حالات کے پیش نظر اگر میں یہ کہوں کہ میٹرک پاس کرنے کے بعد ۵۰ فیصد طلبا کالج کی تعلیم کا خیال صرف اس لیے چھوڑ دیتے ہیں کہ ان کے والدین ان کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتے ۔ تو یہ بےجا نہ ہوگا ۔ اور پھر اس گرانی کے عالم میں اگر بقایا ۵۰ فیصد طلبا تعلیم حاصل کرنے کے خواہشمند

بھی ہوں ۔ تو ان کے داخلے کا یہ عالم ہے کہ ان میں سے بمشکل دس فیصد کو داخلہ ملتا ہے ۔

جناب والا ۔ میں آپ کی توجہ Technical Education کی طرف دلاتا ہوں ۔ آج انجینئرنگ کالج کا یہ عالم ہے کہ پچھلے سال ایف ۔ ایس ۔ سی فرسٹ کلاس ۶۰۰ نمبروں سے شروع ہوتی ہے ۔ مگر جب وہاں داخلے کا موقع آیا تو وہ داخلہ ۶۵۰ نمبروں والے امیدواروں کو ملا ۔

اسی طرح میڈیکل کالجوں کی طرف آئیے ۔ میڈیکل کالجوں کو بھی ایک طلسم ہوشربا بنا دیا گیا ہے ۔ میرے نزدیک اب وہاں merit پر داخلے کا کسی طالب علم کے لیے امکان ہی نہیں ۔ ہوتا یہ ہے کہ بعض پس ماندہ علاقہ جات کے طلبا کو جو امتحان میں تھرڈ ڈویژن یا سیکنڈ ڈویژن لیتے ہیں ، داخل کر لیا جاتا ہے ۔ اور اس کے مقابلے میں شہر کے ایسے طلبا کو جن کے فرسٹ ڈویژن سے بھی ۵۰ یا ۱۰۰ نمبر زیادہ ہوتے ہیں ، داخلہ نہیں ملتا ۔ مثال کے طور کراچی میں چھ یا سات لاکھ کی تعداد میں طلبا ہیں ۔ میرے اندازے کے مطابق فاطمہ جناح میڈیکل کالج میں صرف ۱۰ کے قریب نشستیں مختص کی گئی ہیں ۔ اب آپ خود ہی بتائیے کہ عوام جن میں آپ ہردلعزیز ہونا چاہتے ہیں ۔ جن کے پاس کھانے کو روٹی نہیں جن کے بچوں کے لیے وہ سہولتیں حاصل نہیں جو ترقی کرنے کے لئے ضروری ہوتی ہیں ۔ آپ ان عوام کو صرف تقریروں اور ہوش ربا باتوں سے اپنا گرویدہ کرنا چاہتے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں یہ ہرگز نہیں ہوسکتا ۔ اس طریق کار سے عوام اور بر سر اقتدار طبقے کے درمیان بہت بڑی خلیج حائل ہو چکی ہے ۔ چنانچہ اس خلیج کو پر کرنے کے لیے ضروری ہے کہ حکومت عوام کے نقطۂ نگاہ اور قومی نقطۂ نگاہ سے ہر مسئلے کا حل سوچے ۔

Chaudhry Anwar Aziz : On a point of information. Sir, I would like to know from the Member, Mr. Akhtar, whether he knows that Adam Smith, whose theories he wants to impose on us, was born in 1723 and died in 1790 ?

Malik Muhammad Akhtar : May I have the right of reply ?

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں نے mention کر دیا تھا کہ وہ دو سو سال پہلے تھیں ۔ اور اب آپ کی اطلاع کے لیے پھر دھرا دیتا ہوں ۔ جناب! بدقسمتی سے ہمارا حکمران طبقہ ہمیں ان دو سو سال پہلی سہولتوں سے جو ہمیں ان آزاد ممالک سے حاصل تھیں ، محروم کر رہا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ مسٹر حمزہ

مسٹر حمزہ (لائلپور ۔ ٦) ۔ جناب سپیکر ۔ بجٹ کی عام بحث کے اختتام پر جناب وزیر مالیات نے یہ فرمایا تھا کہ ہم پاکستان کی حکومت Islamic Social Justice کے اصولوں پر چلانا چاہتے ہیں ۔ لیکن یہ مسودہ قانون یا فنانس بل جو ہمارے سامنے پیش ہے ۔ اگر ہم اسے ان تقاضوں سے جانچیں جن پر ایک رفاہی مملکت کو پورا اترنا چاہیے ، تو مجھے بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ یہ کسی رفاہی مملکت کا فنانس بل نہیں ہو سکتا ۔

جناب سپیکر ۔ اسمبلی کے ایوانوں میں یعنی محض صوبائی اسمبلی میں ہی نہیں ، بلکہ مرکزی اسمبلی میں بھی ۔ اور خاص طور پر اسمبلیوں سے باہر ہمیشہ حکومت پر یہ نقطہ چینی کی جاتی رہی ہے ۔ کہ انہوں نے ایک مخصوص اور محدود طبقہ کے مفادات کی حفاظت اپنا فرض اولین سمجھا ہوا ہے ۔ تحریک آزادی پاکستان کے وقت اور خاص طور پر ان ایام میں جب کہ سابق صوبہ پنجاب پر یونینسٹ حکومت قابض تھی ۔ مسلم لیگ کی طرف سے یہ دعویٰ کیا گیا تھا کہ ہم پاکستان بننے کے بعد ان تمام افراد سے وہ تمام مراعات اور جائیدادیں چھین لیں گے اور سلب کر لیں گے ۔ جو انہوں نے انگریزوں کی حکومت کو یہاں رائج اور قائم کرنے کے عوض حاصل کی تھیں ۔ لیکن اس ملک کی بدقسمتی یہ ہے کہ وہ لوگ جو اس ملک میں انگریزوں کے راج کو قائم رکھنے میں پیش پیش تھے ۔ پاکستان بننے کے بعد بیشتر وہی لوگ تھے جن کے ہاتھ میں عنان حکومت آئی ۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہمارے ملک کی حکومت آج تک انہی پالیسیوں پر کاربند اور عمل پیرا ہے ۔ جو انگریزوں نے اس ملک کے لئے

وضع کی تھیں ۔ اور جن پر وہ خود بھی عمل کرتے رہے تھے ۔

جناب سپیکر۔جہاں تک اس فنانس بل کا تعلق ہے ۔ اگر یہ حکومت واقعی چاہتی ہے کہ اس صوبے کی عام آبادی کا معیار زندگی بلند کیا جائے۔ اور ان عام ضروریات زندگی سستے داموں بہم پہنچائی جائیں ، تو اس کے لئے لازم تھا کہ Taxes اس طبقے پر لگائے جاتے ، جن کے پاس دولت کی فراوانی تھی ۔ اور جن کے پاس دولت کے ذرائع تھے ۔ لیکن جب ہم اس بجٹ کو یا اس فنانس بل کو دیکھتے ہیں تو اس سے ہم ایک ہی نتیجہ اخذ کرتے ہیں یعنی یہ کہ چونکہ بڑے بڑے زمینداروں اور کارخانہ‌داروں کا ہماری حکومت میں بڑا عمل دخل ہے ۔ بلکہ حکومت پر ان کا اچھا خاصا اثر ہے ۔ اور وہ بارسوخ بھی ہیں ۔ اس لئے ان کی آواز زیادہ سنی جاتی ہے ۔ قصہ کوتاہ یہ کہ حکومت ان کے اشاروں پر چلتی ہے ۔ اس لئے ہمارے ہاں جو ٹیکس بھی لگائے جاتے ہیں ۔ ان سب کا بوجھ بالآخر نچلے طبقے پر پڑتا ہے ۔

جناب سپیکر۔ آپ کو اس چیز کا علم ہوگا کہ امن و امان قائم رکھنا حکومت کا فرض اولین ہے ۔ لیکن وہ حکومتیں جو ترقی کی منازل طے کر رہی ہیں ۔ یا طے کر چکی ہیں ۔ ان کے ہاں امن و امان قائم رکھنے کو ضمنی حیثیت حاصل ہو جاتی ہے ۔ چونکہ لازمی طور پر جب ترقی ہوتی ہے اس سے قدرتی طور پر ملک میں امن و امان قائم ہو جاتا ہے ۔ لیکن اس ملک میں اس بدقسمت ملک میں جہاں آج تک نئے سے نئے متشددانہ قوانین اور ڈکٹیٹرانہ قوانین حکومت کی طرف سے لائے جاتے ہیں یہ چیز صاف طور پر ظاہر ہو جاتی ہے کہ ہماری حکومت آج تک مغربی پاکستان کے لوگوں کے لئے امن و امان کی نعمت فراہم نہیں کر سکی ۔

جناب سپیکر۔میں نے ایک دوست کے سامنے جب Wealth of Nations کا ذکر کیا تو اس چیز سے وہ گھبرا گئے کہ یہ تو آج سے ۲۰۰ سال پہلے لکھی گئی تھی اس کا ذکر اس ترقی یافتہ دور میں اور اس انقلابی حکومت

کروں گا جو آج سے تقریبا ۹۰۰ سال پہلے ٹرکی میں حکومت کرتا تھا اس نے ایک کمشن مقرر کیا کہ وہ کچھ ایسے اصول مرتب کرے جن کے تحت حکومت کو یا اس وقت کے افسران یا حکمرانوں کو عمل کرنا ہو ۔ ان اصولوں میں سے ٹیکس کی وصولی کے بارے میں یہ اصول تھا ۔

It is in "The book of Government or Rules for Kings", page 23.

"1. Tax-Collectors, when they are given a fiscal district, must be instructed to deal honourably with their fellow creatures, and to take only the due amount of revenue, and to claim that too with civility and courtesy, and not to demand any taxes from them until the time comes for them to pay ; because when they demand payment before the time, trouble comes upon the peasants, and to pay the tax they are obliged to sell their crops for half (of what they would be worth when they ripen), whereby they are driven to extremities and have to emigrate If any peasant is in distress and in need of oxen or seed, let him be given a loan to ease his burden and keep him viable, lest he be cast out from his home into exile.

جناب سپیکر ۔ اس کے ساتھ افسران کو ھدایت کی گئی ۔

"1. Officers who hold lands in fief must know that they have no authority over the peasants except to take from them—and that with courtesy—the due amount of revenue which has been assigned to them to collect ; and when they have taken that, the peasants are to have security for their persons, property, wives and children, and their goods and farms are to be inviolable ;"

جناب سپیکر ۔ ھماری حکومت کاشتکاروں سے مالیہ وصول کرتی ھے لیکن جہاں تک ان کے مال و جان اور عزت و ناموس کا تعلق ھے اس کی ضمانت یہ حکومت آج تک نہیں دے سکی ۔ بلکہ زیادہ سے زیادہ اختیار حاصل کر کے یہ حکومت زبردستی عوام کی رائے کے خلاف ٹیکس یا مالیہ وصول کرتی رھی ھے ۔ اس کے باوجود اب مغربی پاکستان میں اور خاص طور پر جس علاقہ سے میں تعلق رکھتا ھوں اور جس علاقہ میں میں بستا ھوں وھاں کے متعلق میں بڑے وثوق اور یقین کے ساتھ کہہ سکتا ھوں کہ ھمارے علاقہ کے کاشتکار پہلے سے زیادہ غیر محفوظ ھیں ۔ میں ایک ایسی حکومت کے متعلق عرض کر رھا ھوں ۔ جو اس چیز کا دعویٰ کرتی ھے کہ ھمارا ملک ترقی کی منازل بڑی تیزی سے طے کر رھا ھے ۔ لیکن حقیقت یہ ھے کہ وہ اپنے بنیادی فرائض بھی ادا نہیں کر سکی ۔ اس کو کیا حق حاصل ھے کہ وہ ھم سے مالیہ وصول کرے ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے ساتھ ساتھ میں آپ کی وساطت سے قائد ایوان

کی خدمت میں مودبانہ عرض کرتا ہوں کہ ہماری حکومت اس حد تک عوام کی فلاح و بہبود سے لا تعلق ہے کہ اس حکومت کو قطعاً یہ حق حاصل نہیں کہ ان پر کسی قسم کا ٹیکس لگائے۔ یہ بات کون نہیں جانتا کہ آج اس ملک کی آبادی کی اکثریت کو بے شعور کہہ کر رائے دینے کے حق سے محروم کر دیا گیا ہے۔ اس کے بعد ہماری حکومت کو حق حاصل نہیں کہ اس آبادی پر کسی قسم کا ٹیکس لگائے۔ اور وصول کرے۔ جن حالات میں مغربی پاکستان میں الیکشن کرائے گئے ہیں وہ الیکشن جن کو رسوائے زمانہ الیکشن کہا جاتا ہے وہ الیکشن جو برائے نام تھے۔

Mr. Speaker : That was not the responsibility of the West Pakistan Government.

مسٹر حمزہ۔ انتظامیہ کے افسران جو اس حکومت کے ماتحت کام کر رہے ہیں ان کو سرکاری پارٹی کے لئے استعمال کیا گیا۔ میں حکومت سے پوچھتا ہوں کہ کیا یہ افسران جن کو سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کیا گیا۔ وہ اپنی تنخواہیں عوام کے خزانہ سے وصول نہیں کرتے؟ کیا ان کا یہ فرض نہیں کہ عوام کی خدمت کریں۔ کیا وہ آپ کی جیبوں سے تنخواہ وصول کرتے ہیں یا عوام کے دئے ہوئے ٹیکسوں سے وصول کرتے ہیں۔ پھر آپ ان کو اپنے مخصوص مفادات کے لیے کیوں استعمال کرتے ہیں۔ ہماری حکومت کو قطعاً کسی لحاظ سے بھی اور کسی نقطۂ نظر سے بھی یہ حق نہیں پہنچتا کہ ملک کی آبادی سے کسی قسم کا ٹیکس وصول کرے۔

جن مقاصد کے لیے ان لوگوں اور ان افسروں کو استعمال کیا وہ مقاصد ایک محدود طبقہ سے متعلق تھے یہ مقاصد دولت مند، سرمایہ داروں، کارخانہ داروں سے متعلق تھے۔ حکومت کا فرض ہے کہ ایک پائی بھی بطور ٹیکس کسی مزدور یا چھوٹے کاشتکار سے وصول نہ کرے اگر کرے گی تو ان بیچاروں کے کندھوں پر یہ ایک بے جا بوجھ ہوگا۔ اس لیے حکومت کو ان سے زبردستی ٹیکس وصول کرنے یا ان سے کسی قسم کے ٹیکس کا مطالبہ

جناب سپیکر ۔ میں نے چند روز پہلے اپنی حکومت پر اراضیات کی تقسیم کے سلسلہ میں اعتراضات کیے تھے۔ ان میں ایک بڑا اعتراض یہ تھا کہ ہماری حکومت صرف ان لوگوں کو نوازتی ہے جو دولت مند ہوں یا بڑے کارخانہ دار ہوں یا بڑے زمیندار ہوں یا سول سروس کے کوئی بڑے افسر ہوں یا وہ ملٹری سے تعلق رکھتے ہوں ۔ اس کے جواب میں جناب وزیر مال نے یہ فرمایا تھا کہ آج ہماری قوم کو ہندوستان سے خطرہ لاحق ہے ہمیں ہندوستان کے حملوں کا جواب دینا ہے ہمیں اپنی سرحدوں کی حفاظت کرنا ہے اس لیے ہمارے لیے یہ ضروری ہے کہ ہم اپنی ملٹری فورسز کو زیادہ سے زیادہ مراعات دیں ۔ اور زیادہ سے زیادہ مشاہرہ دیں ۔ ان کی ضروریات دیکھیں ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ کیا وہ آج سے ایک ہزار سال پہلے کے زمانے میں جی رہے ہیں ۔ ان کو معلوم ہونا چاہیے کہ یہ بیسویں صدی کا زمانہ ہے آج فوجیں جنگ نہیں لڑتیں ۔

رانا پھول محمد خاں ــ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ فوج پر تنقید صوبائی اسمبلی کے کسی اجلاس میں نہیں کی جا سکتی ۔

مسٹر سپیکر ــ یہ فوج پر تنقید نہیں یہ صوبائی حکومت کے کسی ایک فعل کے متعلق تنقید کر رہے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ــ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ آج وہ زمانہ نہیں کہ ہماری فوج جنگ لڑے ملک کی فوج ہمارے لیے بہت عزیز ہے ۔ میں ان کا انتہائی احترام کرتا ہوں ۔ میں ان کی اس خدمت کے لیے جس کے لیے وہ ہیں مداح ہوں ۔ میں اس حکومت کی خدمت میں مودبانہ عرض کروں گا کہ یہ ایک بڑے نمکین سمندر میں چند میٹھے پانی کی جھیلیں قائم کرنے کی کوشش نہ کریں یہ جھیلیں کبھی کامیاب نہ ہوں گی ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان)۔ ذرا پھر فرمائیے ۔

مسٹر حمزہ ــ آپ نمکین پانی کے سمندر میں تھوڑے سے رقبے میں

کامیاب نہ ہوں گی ۔ آج آپ ساری قوم کی فلاح و بہبود کے بارے میں سوچئے اگر قوم آپ کے ساتھ ہے ، اگر آپ کے کاشتکار آپ کے ساتھ ہیں ، اگر مزدور خوش ہیں ، اگر مزدوروں کی جان محفوظ ہے اور آپ ان کے ساتھ انسانوں جیسا سلوک کرتے ہیں تو آپ یقین کیجیے کہ اس ملک کو اور آپ کو دنیا کی کوئی طاقت نقصان نہیں پہنچا سکتی ۔ اگر ہم کو جنگ کرنا ہے اگر ہمارے ملک کے ایک ایک بچے مرد اور عورت کو مقابلہ کرنا ہے اور اگر آپ فلاح و بہبود کو سوچتے ہیں تو آپ کا یہ فرض ہے کہ آپ مجموعی طور پر فلاح و بہبود کو سوچیں آپ کس کو ووٹ دینے کا حق دیتے ہیں اور وہ بھی چند گنے چنے لوگوں کو دیتے ہیں اور عام آبادی کو بے شعور کہہ کر پھینک دیتے ہیں اور ان کو بے شعور گردانتے ہیں اور پھر چند با شعور چنتے ہیں اور پھر ان با شعور لوگوں کو بھی آزادی سے اپنی رائے کے استعمال کا حق نہیں دیتے ۔ آج ملک میں یہ حال ہے اور اس قدر بد دلی ہے کہ آپ یقین کیجئے (اور اس میں شبہ کی گنجائش نہیں) کہ حکومت پبلک کے سامنے اور عوام کے سامنے آنے سے بھاگتی ہے اور آج اس قسم کے قوانین بنائے جا رہے ہیں جن سے عوام کی آواز کو دبایا جائے ۔

جناب صدر ۔ ٹیکس ہم سے وصول کریں اور یارانہ لگائیں بڑے بڑے زمینداروں سے ۔ فائدہ پہونچائیں بڑے بڑے Industrialist کو ۔ ٹیکس Holiday انہیں دیں اور نام لیں عوام الناس کی فلاح و بہبود کا ۔ دعویٰ کریں اسلامی سوشل جسٹس کا اور زمینیں دیں ان افسران کو جو کہ ملک میں رشوت وصول کرنے ہی کی وجہ سے بدنام ہیں تو میری یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ آپ کن کی خدمت کرتے ہیں ۔ ابھی پرسوں بھی نوائے وقت میں یہ چیز شائع ہوئی ہے کہ ''ہماری مسلم لیگ اسمبلی پارٹی کے ممبران نے یہ مطالبہ کیا ہے''۔

Mr. Speaker : The Member need not make out thus point.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ ہوتا یہ رہا ہے کہ اگر اس ملک میں

کرمنل لا امنڈمنٹ ایکٹ نافذ کیا گیا اور جرگے کے ممبروں کی نامزدگی ہوئی تو اس میں بھی بر سر اقتدار پارٹی کے کہنے کے مطابق اور ان کی مداخلت اور ان کے اشاروں کے مطابق جرگے کے ممبروں کو نامزد کیا گیا ۔ جناب سپیکر۔ آج ہمارے افسران سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ اگر آپ میونسپل کمیٹی کی حلقہ بندی کریں تو وہ بھی ان کے کہنے کے مطابق کریں ۔ میں ان سے یہ پوچھتا ہوں کہ آپ کا یہ دعویٰ ہے سابقہ حکومتیں انتظامیہ کو اپنے مقاصد کے لئے استعمال کرتی رہی ہیں آپ نے جو قوانین بنائے ہیں آپ نے اس کے لیے فرمایا ہے کہ ہم ملک سے بد امنی کو رفع کر دیں گے اور Vested interests کو eliminate کر دیں گے ۔ آپ خود ہی اس قسم کے قوانین بناتے ہیں اور اس میں اس قسم کے Loop holes رکھتے ہیں جن سے آپ من مانی کر سکیں ۔ میں آپ کی خدمت میں یہ مودبانہ عرض کروں گا کہ نیشنل اسمبلی میں الکوژل کالج ایکٹ جب پاس ہوا تو ان کی دور اندیشی کا بھی اندازہ لگائیے کہ اس میں انہوں نے Electoral-unit کی حلقہ بندی یا ان کے حدود کے تعین کے لئے اصول وضع کیے لیکن چیرمین یونین کونسل کی حدود کے تعین کے لیے کسی قسم کا کوئی اصول آج تک متعین نہیں کیا گیا ۔

Mr. Speaker : That is not the responsibility of the Provincial Government.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر۔ مجھے پراونشل گورنمنٹ کی ذمہ داریوں کا علم ہے اور سنٹرل گورنمنٹ کی ذمہ داریوں کا بھی مجھے علم ہے ۔ لیکن میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ آپ کو بھی اس چیز کا علم ہوگا کہ اس صوبے میں سنٹرل گورنمنٹ کو صوبائی حکومت کے دائرے میں جس حد تک دخل ہے ۔ یا وہ اختیارات جو جناب گورنر صاحب کو حاصل ہیں ان کے ہوتے ہوئے میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں خواہ مخواہ ایک ممبر یا ایک نمائندے کا اعزاز تو دیدیا گیا ہے ۔ لیکن ہمارے اختیارات اسقدر محدود ہیں کہ ہم بہت سی ایسی چیزیں یا بہت سے ایسے نقائص جو دیکھتے ہیں ان کے بارے میں نہ اپنی رائے دے سکتے ہیں اور اگر رائے دیں

تو فضول میں گرفتار ہو جاتے ہیں ۔ جناب سپیکر۔ آج صورت حال یہ ہے کہ ہماری انتظامیہ سے یونین کمیٹی اور یونین کونسل کی حدود سے متعلق جو سفارشات یا Recommendations طلب کی گئیں ان میں کسی قسم کے حدود و قیود کو سامنے نہیں رکھا گیا ۔ بلکہ بعض ایسی جگہ جہاں بر سر اقتدار طبقہ کے کہنے کے مطابق افسران نے حد بندی نہیں کی آج یہاں سے مطالبہ کیا جاتا ہے کہ ان کے اشاروں کے مطابق ۔ ان کے کہنے کے مطابق اس طرح ان کی حد بندی کی جائے کہ یہ اپنے ڈھب کے اپنے مطلب کے اپنے اشاروں پر ناچنے والے چیئر مین مقرر کروا سکیں ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ــ یہ غلط ہے ۔

مسٹر حمزہ ــ جناب سپیکر ۔ انہوں نے قانون کا استعمال کرنا ہے ۔ اپنے اختیارات کا استعمال کرنا ہے اور پھر وہ چیئر مین ہماری گورنرز کانفرنس کے فیصلہ کے مطابق آئندہ ڈسٹرکٹ کونسلوں اور ڈویژنل کونسلوں کے ممبران کو منتخب کریں گے ۔ اور اس طور پر کافی روپیہ خرچ ہوگا اور دیہی development کا کام آپ ان کے ذمہ سونپ رہے ہیں ، وہ قوم کا سرمایہ خرچ کریں گے ۔ وہ تمام کا تمام سرمایہ ہماری قوم کا سرمایہ ہوگا ۔ آپ اپنے ڈھب کے چیئرمین منتخب کرنا چاہتے ہیں تو یہ آپ کو کیا حق حاصل ہے ۔ یعنی روپیہ تو آپ پبلک سے وصول کریں اور چیئرمین اپنے ڈھب کے جو آپ کے اشاروں پر کام کریں ۔ اگر آپ نے روپیہ وصول کرنا ہی ہے تو آپ ان سے وصول کیجئے جنکو کہ اپنے آپ کو مسلم لیگ کا ممبر کہلانے کا شرف حاصل ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ جہاں تک آپ کے دولتمند طبقے کا تعلق ہے ان میں سے آپ کو بہت مل جائیں گے لیکن عام آبادی میں شاذ و نادر ہی کوئی اس قسم کا آدمی آپ کو ملے گا ۔ اس لئے برائے کرم اتنی نوازش کیجئے کہ ٹیکس جو بھی آپ نے وصول کرنا ہے وہ آپ بالا طبقہ سے وصول کیجئے ۔ آپ ان سے وصول کیجئے جو کہ محلات میں بیٹھ کر آپس میں مل کر قانون میں ہیر پھیر کرواتے ہیں اور فائننس بل میں اپنا مطلب پورا کرنے کے لئے اپنے آپ

کو ٹیکس سے بچانے کے لئے ترامیم پیش کراتے ہیں ۔ آپکو متوسط طبقہ سے ، غریبوں سے ، مزدوروں اور چھوٹے کاشتکاروں سے کسی قسم کا ٹیکس وصول کرنے کا کوئی حق حاصل نہیں اگر آپ ان سے ٹیکس وصول کرتے ہیں تو یہ آپ کی سینہ زوری ہے ۔ آپ کے پاس اختیارات ہیں ۔ آپ ان کو بے دریغ استعمال کر رہے ہیں ۔ اور یقیناً استعمال کریں گے ۔ کیونکہ آپ کو ان کے استعمال کرنے میں فخر محسوس ہوتا ہے مگر تابکے ؟ میں آپ کی خدمت میں مودبانہ عرض کردوں کہ اس قسم کا سسٹم رائج کرنے سے بہتر تھا کہ آپ ایک پارٹی کی گورنمنٹ بناتے ۔ میں آپکو یاد کراؤں کہ * x x x x x x x x x x

Mr. Speaker : Mr. Hamza I think you are not relevant.

Minister of Revenue : Can the Member refer to an ex-Head of a State of a foreign country ?

Mr. Speaker : No. The remarks made by Mr. Hamza are expunged from the proceedings of the Assembly and he should now make another point.

وزیر مال ــ یہ ان کے اوپر حملے کرتے ہیں اور ان کو لپیٹ میں لاتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ــ جناب سپیکر ۔ مجھے ان کو لپیٹ میں لینا مقصود نہیں ۔ مجھے تو انہیں دوسروں کے تجربات سے سبق سکھانا ہے لیکن یہ سبق سیکھنا نہیں چاہتے ۔

Mr. Speaker : No discussion about that. What is your opinion about the taxation proposals.

مسٹر حمزہ ــ میں جناب سپیکر ۔ یہ عرض کر رہا ہوں کہ چونکہ وہ سبق سیکھنا نہیں چاہتے . . . (قطع کلامی) ۔

Mr. Speaker : No. discussion ; no repetition. What is your opinion about the taxation proposals ?

مسٹر حمزہ ــ جناب سپیکر ۔ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

*Expunged as ordered by the Speaker.

مسٹر سپیکر ــ مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی۔ ۸) ــ جناب سپیکر ۔ یہ سن ۶۵ عیسوی کا مالیاتی بل جو ہمارے سامنے زیر غور ہے یہ اصل میں اس بجٹ کا ایک حصہ ہے جو ابھی ایک ہفتہ سے اس ایوان میں زیر غور رہا ہے اور اس میں مطالبہ زر کی ساری رقوم منظور کی جا چکی ہیں اس لئے اس بل کا اس میں دیکھا جانا ناگزیر ہے ۔

جناب والا ۔ اس ایوان کے ساتھ یہ بڑا مذاق ہے اور یہ ایک تماشا ہے کہ جب ٹیکس لگانے کا سوال پیدا ہوتا ہے تو فائننس بل کے ذریعے سے اس ایوان کے تمام لوگوں کے ووٹوں سے اسے منظور کرایا جاتا ہے ۔ اور جب وصول شدہ ٹیکسوں کے خرچ کا سوال ہوتا ہے تو ۸۰ فیصدی پر بلکہ ۹۰ فیصدی پر انتظامیہ بلا شرکت غیرے متصرف ہوتی ہے اور ان کو اپنی مرضی کے مطابق خرچ کرتی ہے اور اس ایوان کو حق نہیں ہوتا کہ وہ اس میں ایک بات بھی کہہ سکے یا پر مار سکے ۔ جناب والا ۔ صوبائی حکومت نے اپنے اخراجات کو پورا کرنے کے لئے چار کروڑ کے یہ نئے ٹیکسوں کی جو تجویز پیش کی ہے یہ در اصل ۴ کروڑ انسانوں کے خون کے قطرے ہیں ۔ جو ان کی رگوں سے نچوڑے جا رہے ہیں ۔ جب انسانوں کی رگوں سے زیادہ خون نچوڑنے کا سوال ہوتا ہے تو اس میں آپ اس ایوان کو شریک کرتے ہیں اور جب اس ملک کے کروڑوں انسانوں کی بڑی محنت اور پسینے اور خون سے کمائی ہوئی آمدنی اور ان کے سرمائے کے خرچ کرنے کا سوال آتا ہے تو اس ایوان سے کبھی آپ نہیں پوچھتے کہ اس کی مرضی کیا ہے ۔ اور وہ کس خرچ کو صحیح اور کس خرچ کو غلط سمجھتا ہے ۔ جناب والا ۔ اس ایوان میں اور انتظامیہ میں ایک تھوڑا سا فرق ہے جسے ہمیشہ پیش نظر رکھنا ضروری ہے ۔ اس ملک کے عوام نے اپنے براہ راست ووٹوں سے ایک انتخابی ادارہ منتخب کیا ۔ انتخابی ادارے نے ایک طرف اپنے ووٹوں سے اپنے اس ایوان کو منتخب کیا اور دوسری طرف انہوں نے اپنے ووٹوں سے ملک کے

سربراہ مملکت کا انتخاب کیا ۔ سربراہ مملکت صوبوں کے گورنروں کو اپنی مرضی کے مطابق نامزد کرتے ہیں اور صوبوں کے گورنر اپنی مرضی کے مطابق ان وزراء کرام کو نامزد کرتے ہیں جو کہ اس انتظامیہ کے براہ راست ذمہ دار ہیں اور جن کی نگرانی میں یہ سارے خرچ کئے جاتے ہیں۔ اسی طرح سے عوام اور ایوان کے درمیان صرف ایک رشتہ حائل ہے لیکن انتظامیہ اور عوام کے درمیان چار دبیز پردے حائل ہیں کہ جن کے پار ان کی نظر نہیں جا سکتی اور یہ وہ ان پردوں سے جھانک کر دیکھ سکتے ہیں کہ عوام کی مشکلات اور مسائل کیا ہیں ان کی ضروریات کیا ہیں ۔ وہ کون سے ٹیکس دے سکتے ہیں ۔ کون سے نہیں دے سکتے ۔ کس چیز کی ان کو ضرورت ہے ۔ جناب والا ۔ ہونا یہ چاہئیے تھا کہ جو لوگ کہ عوام کے تقریباً براہ راست نمائندے ہیں اور جن کے اور عوام کے درمیان پردے کم حائل ہیں ان کو اخراجات اور آمدنی پر نظر رکھنے کا اور محاسبے کا زیادہ حق حاصل ہونا چاہئیے تھا اور وہ لوگ جو عوام سے بہت دور ہیں جو ان کی حالت سے بے خبر ہیں وہ اس ایوان کے اور اس کی مرضی کے پابند ہوتے لیکن معاملہ اس کے بر عکس ہے ۔ بہر حال یہ ہمارے ملک کے دستور کی دفعات ہیں ۔ سوائے اس کے کہ ہم اس ایوان میں چار آنسو بہا لیں اور اس سے زیادہ ہمیں اختیار نہیں کہ ہم کچھ کر سکیں ۔ جناب والا ۔ میں چاہتا ہوں کہ اس فائننس بل میں نئے ٹیکسوں کی جو تجاویز رکھی گئی ہیں ان پر صرف ان کے معاشی پہلو سے گفتگو کی جائے ۔ میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ میرا اصول اختلاف برائے اختلاف نہیں اور میں جذبات کی رو میں بہنے والا شخص نہیں ہوں ۔ وزیر مالیات نے اپنی تقریر میں یہ فرمایا تھا کہ ان ٹیکسوں کی تجاویز جو کہ ایوان کے سامنے رکھی گئی ہیں ان کا اثر ملک کے متمول لوگوں پر پڑے گا اور ملک کے عوام جو کہ مزدور اور کسان ہیں اور ٹیکس دینے کی صلاحیت نہیں رکھتے وہ اس سے محفوظ رہیں گے ۔ میں آپ کے توسط سے جناب وزیر مالیات کی خدمت میں بڑے ادب سے عرض کروں گا کہ ایسی

یہ کہ وہ اس ایوان کے معزز اراکین کی غور و فکر کو دوسری راھوں پر ڈالنا چاھتے تھے - دنیا میں ٹیکسیشن کا متفقہ نتیجہ یہ ھے کہ ٹیکس کا بار آخر کار صارفین اور عوام الناس پر پڑتا ھے - آپ ٹیکسیشن direct لگائیں یا Indirect لگائیں آخرکار جو ٹیکس دیتا ھے وہ کھیت میں ھل چلانے والا کسان ھے اور کارخانوں کی مشینیں چلانے والا مزدور ھے - جناب والا - اس کے باوجود بھی متمدن ممالک میں جہاں عوام کی مرضی بالاتر ھوتی ھے جہاں انتظامیہ کے اوپر عوام کے نمائندے بالا دست ھوتے ھیں - وھاں ٹیکسیشن کا اصول یہ ھے کہ براہ راست ٹیکسیشن زیادہ سے زیادہ ھو اور بالواسطہ ٹیکس کم سے کم ھو - ھمارے ملک میں صورت حال بالکل برعکس ھے - یہاں ۱۹۵۹-۶۰ میں براہ راست ٹیکس ۶۰ کروڑ ۵ لاکھ روپے تھے - اور بالواسطہ ٹیکس ایک ارب تیس کروڑ ۶ لاکھ - اور ۱۹۶۴-۶۵ میں براہ راست ٹیکس ایک ارب ۹ کروڑ روپے تھے اور بالواسطہ ٹیکس ۲ ارب ۶۷ کروڑ - یعنی براہ راست ٹیکس کل آمدنی کا ۲۹ فیصد ھے - اور بالواسطہ ٹیکس کل آمدنی کا ۷۱ فیصد - یہ بالواسطہ ٹیکس وہ ھیں جنہیں عوام اشیائے صرف کے ذریعے سے اوراپنی ضروریات زندگی کی خرید و فروخت کے ذریعے حکومت کو مہیا کرتے ھیں - دراصل اس بات کو سامنے رکھنا ضروری ھے کہ براہ راست ٹیکس بھی عوام ھی دیتے ھیں اور بالواسطہ ٹیکس بھی عوام ھی مہیا کرتے ھیں - انکم ٹیکس ھی کو لیجئے - جب کوئی صنعت کار اپنی مصنوعات کی قیمت فروخت متعین کرتا ھے تو وہ اس بات کو سامنے رکھتا ھے کہ اخراجات پیداوار کتنے آئیں گے - منافع کتنا لینا ھے - کتنا ٹیکس نکل جائے گا پھر اصل نفع کتنا ھوگا - اس طرح ٹیکس کی رقم جو ادا کی جانے والی ھے - وہ اس کی مصنوعات کی قیمت میں جزو لاینفک کی حیثیت سے موجود ھوتی ھے دراصل انکم ٹیکس اور کارپوریشن ٹیکس مصنوعات کی قیمتوں پر ڈال دیئے جاتے ھیں اور ۲۹% براہ راست ٹیکس کے ساتھ تقریباً ۷۱ فیصد بالواسطہ ٹیکس بھی بڑی حد تک عوام الناس ھی ادا کرتے ھیں تو ملک کی معیشت اور مالیات کا یہ رجحان کہ براہ راست ٹیکس کو کم کیا جائے اور بالواسطہ

ٹیکس کو زیادہ کیا جائے ۔ میں سمجھتا ہوں بڑا خطرناک رجحان ہے اور عوم کےمفاد کے خلاف ہے ۔

معزز وزیر خزانہ نے فرمایا تھا کہ ان کے نئے ٹیکسوں کا بوجھ عوام پر نہیں پڑے گا ۔ میں ایک ایک ٹیکس کا جائزہ لیکر بتاؤں گا کہ کس طرح عوام ان سے متاثر ہوں گے ۔ آپ کا پہلا ٹیکس زرعی ٹیکس ہے ۔ اس کے لئے وزیر مالیات نے فنانس بل میں ایک دفعہ یہ بھی رکھی ہے کہ کوئی زمیندار اس ٹیکس کو اپنے کاشتکار کی طرف منتقل کرنے کے لئے مالیہ میں کوئی اضافہ نہیں کرے گا ۔ یہ تجویز اتنی زیادہ اہم ہے کہ میرے جیسا آدمی بھی اسے سمجھنے سے قاصر ہے ۔ مجھے معلوم نہیں کہ آپ کے پنجاب اور بہاولپور میں کاشتکار اور زمیندار آپس میں ریوینو اور مالیہ کا تعین کیسے کرتے ہیں ۔ مگر میں سندھ کے بارہ میں جانتا ہوں کہ وہاں زمیندار ہاریوں یعنی کاشتکاروں کے ساتھ ایک پٹہ کرتے ہیں ۔ کبھی ربیع اور خریف دونوں کے لئے ۔ اور کبھی صرف ربیع یا خریف کے لئے ۔ اس میں ایک رقم تعین ہوتی ہے ایک خاص عرصہ کے لئے ۔ کیا اس تجویز کا یہ مطلب ہے کہ آپ کے بجٹ کے نفاذ کے وقت پٹے کی جو رقم متعین تھی ۔ اس میں آئندہ سال یا کبھی بھی جب نیا پٹہ لیا جائے گا تو اضافہ نہیں ہو سکے گا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایسا نہیں ہے بلکہ اس کا زیادہ سے زیادہ مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ موجودہ پٹہ کی رقم میں اضافہ نہ کیا جائے ۔ آئیندہ فصل کیلئے جو پٹہ ہوگا اس میں اسے اضافہ کرنے کا پورا اختیار حاصل ہوگا ۔ اگر آپ یہ اختیار نہ دیں گے تو سندھ کا زمینداری سسٹم چوپٹ ہو جائے گا ۔ اور اگر اسے یہ حق حاصل دینگے تو پھر زمیندار اس ٹیکس کے اضافہ کو بڑی آسانی سے کاشتکار کی طرف منتقل کر سکیگا ۔

آپ ۔' واٹر ٹیکس یا آبیانہ میں بھی دس فیصد کا اضافہ کیا ہے ۔ کیا آپ کا خیال ہے کہ زمیندار اسے اپنے کاشتکار کی طرف منتقل نہیں کرے گا ۔ اگر وزیر محترم اس غلط فہمی میں مبتلا ہوں ، تو وہ

ملک کے زمینداروں کی ذھنیت سے واقف نہیں اور شائد وہ اپنے عوام کی پسماندگی اور ان کی ذھنی مرعوبیت سے بے خبر ھیں کاشتکار میں نہ سیاسی شعور ھے ، نہ علم ۔ اور یہ بھی آپ کی ذمہ داری تھی کہ آپ اس تک علم پہنچاتے ۔ اس لئے وہ زمیندار کے ٹیکس کو اپنی طرف منتقل کئے جانے کو آسانی سے قبول کر لے گا ۔ اور زمیندار کا ھاتھ اس کی گردن پر بدستور قائم رھیگا ۔

جناب والا ۔ آپ نے ریلوے کے تیسرے اور ڈیوڑھے درجہ کے کرایہ میں چھ پیسے اور ۱۲ پیسے کا اضافہ کیا ھے ۔ آپ کہیں گے کہ جو شخص چار روپے کا ٹکٹ خریدے اس کے لئے چھ پیسے یا بارہ پیسے کوئی بہت بڑی بات نہیں ۔ جناب والا ۔ جس ملک میں ایک شخص کی ذاتی آمدنی صرف بارہ آنے روزانہ ھو اسے اپنے ریلوے کے سفر میں دو آنہ یا ایک آنہ اگر زیادہ دینا پڑے گا تو یقیناً اس کے لئے یہ بڑا بار ھے ۔ ھمارے وزرائے کرام یا اس ایوان کے وہ حضرات جو بڑے زمیندار ھیں یا اللہ کے فضل سے خوشحال ھیں ان پر تو ایک آنہ یا دو آنہ کا اثر نہ ھوگا ۔ لیکن وہ لوگ جو بڑی مشکل سے اپنے بچوں کا پیٹ پالنے کیلئے روٹی مہیا کر سکتے ھیں اور وہ عوام جو بڑی مشکل سے اپنے لئے نان شبینہ مہیا کرتے ھیں ان کے لئے ایک آنہ یا دو آنہ کی رقم بہت بڑی رقم ھے ۔

پھر آپ نے کراچی میں Inland water میں چلنے والی کشتیوں پر بھی ایک ٹیکس عائید کیا ھے ۔ اگر وزیر محترم کو یہ معلوم نہیں تو میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ کراچی میں کچھ آبادیاں ایسی ھیں جنہیں پانی نے شہر سے جدا کر رکھا ھے ۔ جیسے منوڑا یا بابا بھیٹ وغیرہ ۔ یہاں کے بسنے والے لوگ ھزاروں کی تعداد میں اپنا ذریعہ معاش کراچی میں حاصل کرتے ھیں ۔ مچھلیاں پکڑنے پر ان کی زندگی کا گذارہ ھے ۔ وہ صبح کو اپنی رات بھر کی کمائی کراچی میں فروخت کرنے کے لئے لاتے ھیں ۔ اور پھر شام کو اپنی حاصل کی ھوئی آمدنی سے ضروریات زندگی [illegible]

ان کشتیوں پر لگایا ہے، اس کامطلب یہ ہے کہ ہر وہ شخص جو ایک روپے کی مزدوری کمانے کے لئے روزانہ ان دیہاتوں سے کراچی شہر میں آتا ہے صبح و شام دو آنہ مزید خرچ کا زیر بار ہو گا ۔ میں پھر عرض کروں گا کہ جس ملک کے افراد کی اوسط آمدنی بارہ آنے روز ہو ۔ اگر آپ اُن سے یہ مطالبہ کریں کہ تم اس کشتی پر ایک آنہ صبح اور ایک آنہ شام کو مزید ٹیکس دو ، تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ یا تو مجرمانہ حد تک ملک کے حالات سے ناواقفیت کی بناء پر ہے ۔ یا ملک کے عوام کے مفادات ، رفاہ اور فلاح و بہبود سے عدم دلچسپی کی بناء پر ہے ۔ کراچی کے اُن ہزاروں آدمیوں پر جو منوڑا اور بابا بٹ کے علاقوں میں رہتے ہیں ۔ اُن پر یہ ٹیکس ایک بار گراں ہے ۔ اگر دو آنے روزانہ کشتی پر ٹیکس عائد کیا جائے ۔ تو آپ اس کا اندازہ لگائیے کہ یہ رقم سالانہ کتنی ہو جاتی ہے ۔ اور یہ سب اُن لوگوں پر عائد کیا گیا ہے ۔ جو کہ مجبور ہیں ۔ کہ وہ اپنے ذریعۂ معاش کی تلاش کی خاطر روزانہ کراچی آتے جاتے رہتے ہیں ۔ ان پر یہ ٹیکس بہت بڑا بار ہے ۔ میں نہیں سمجھتا کہ آپ اس پر غور کریں گے ۔ لیکن اگر آپ کے دل میں کوئی فراخی ہے ، تو پھر آپ اس پر ٹھنڈے دل سے غور کر کے نظر ثانی کر لیں ۔ کہ آیا یہ منصفانہ ٹیکس ہے ۔ ایک اور ٹیکس Capital gains کے نام پر آپ عوام پر عائد کر رہے ہیں ۔ اور وہ یہ ہے کہ اگر کوئی شخص اپنی جائیداد کو فروخت کرے ۔ تو اُس کی فروخت سے حاصل شدہ منافع پر ٹیکس عائد ہو گا ۔ یہ ٹیکس گذشتہ سال کے بجٹ میں Introduce کیا گیا تھا ۔ لیکن اس میں اس وقت ایک شق موجود تھی کہ اگر حکومت کسی کی جائیداد کو بالجبر حاصل کرلے ۔ اور اس جبری فروختگی سے اگر صاحب جائیداد کو کوئی نفع ہو ، تو وہ اس ٹیکس سے مستثنیٰ ہو گا ۔ اس استثنیٰ کو آپ نے اپنی موجودہ تجاویز سے خارج کر دیا ہے ۔ اور وزیر مالیات ہمیں اپنی تقریر میں یہ وجہ بتاتے ہیں کہ جائیداد کے دام جس طرح سے بڑھ رہے ہیں ، تو حکومت بھی جب کوئی جائیداد حاصل کرتی ہے ، تو اس کی قیمت وہی ادا کرتی ہے ، جو عام بازار کی قیمت ہے ۔ لہٰذا یہ

کوئی وجہ نہیں ہے کہ صاحب جائیداد اس پر ٹیکس ادا نہ کرے ۔ تو میں پھر عرض کرونگا کہ غالباً یہ ٹیکس حالات سے بیخبری اور عوام سے رابطہ نہ ہونے کا نتیجہ ہے کہ آپ یہ سمجھتے ہیں کہ آپ جائیداد کی قیمت وہی ادا کرتے ہیں ، جو قیمت کہ بازار میں ہوتی ہے ۔ حالانکہ واقعہ اس کے بالکل مختلف ہے ۔ میں اس کی ایک نہیں بلکہ ہزاروں مثالیں دے سکتا ہوں کہ اگر بازار میں جائیداد کی قیمت دس ہے ، تو حکومت اس کو پانچ سے زیادہ پر حاصل نہیں کرتی ۔ تو اس طرح وہ صاحب جائیداد جس میں یقیناً بڑے بھی ہوں گے اور چھوٹے بھی ہوں گے ۔ ان کو آپ نے ایک ہی تلوار کے دونوں سروں سے کاٹا ہے ۔ ایک طرف تو آپ ان کو اس جبری حاصل کردہ جائیداد کی وہ قیمت ادا نہیں کرتے ، جس کو اگر انہیں بازار میں فروخت کرنے کا اختیار ہوتا تو وہ اسے فروخت کر کے حاصل کر سکتے تھے ۔ اور دوسری طرف آپ نے اُن پر وہ مزید ٹیکس عائد کر دیا ۔ جس سے کہ پہلے وہ مستثنیٰ تھے ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد ایک اور ٹیکس سنیما پر عائد کیا گیا ہے ۔ آپ سے یہ عرض کر دوں کہ میں فلم انڈسٹری کو اصولاً غلط نہیں سمجھتا ۔ کیونکہ یہ سائنس کی ایک ایجاد ہے ۔ اس سے آپ ملک کی تعلیم کے لئے رفاہ عامہ کیلئے ، عوام کی تربیت کیلئے ، تبلیغ کے لئے اور اشاعت کے لئے غرضیکہ اسے مختلف کاموں کے لئے استعمال کر سکتے ہیں ۔ لیکن ملک میں فلموں کی جو موجودہ صنعت ہے ۔ اور جو آپ کے زیر سایہ پرورش پا رہی ہے ۔ اور جس میں جنسی جذبات کو بھڑکانے کی پوری کوشش کی جاتی ہے ۔ اور عریانی اور فحاشی کے بیشمار پروگرام کلچر کے نام پر پیش کئے جاتے ہیں ۔ میں اسکو غلط سمجھتا ہوں ۔ اس کے باوجود امر واقع یہ ہے ، کہ De jure پوزیشن الگ ہے ۔ اور de facto پوزیشن الگ ہے ۔ عام لوگوں کی واحد تفریح سنیما ہے ، جو لوگ کہ پنجاب کلب نہیں جاتے ۔ ان چھوٹے چھوٹے سنیماؤں میں وقت گزارنے کے لئے تھوڑے پیسوں سے سستی تفریح حاصل کرتے ہیں ۔ آپ

نے سنیما پر جو ٹیکس عائد کیا ہے ۔ یہ بار بھی بالواسطہ ان ہی لوگوں پر پڑیگا ۔ جو نان شبینہ کے محتاج ہیں ۔ اور جو تھوڑا سا پیسہ خرچ کر کے اس تفریح سے وقتی طور پر استفادہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں ۔

آپ نے ایک اور ٹیکس ہوٹلوں پر لگایا ہے ۔ یہ زیادہ تو نہیں ہے ۔ لیکن اس کے بارے میں کہا یہ گیا ہے کہ یہ ملک کے تعلیمی مقاصد کو پورا کرنے کے لیے ہے ۔ تو ملک کی تعلیم اور تعلیمی مقاصد کو آپ کی جتنی نظر عنایت حاصل رہی ہے ۔ اور جو معاملہ آپ اب تک اس کے ساتھ کرتے آئے ہیں ۔ اس کے پیش نظر میں نہیں سمجھتا کہ یہ ٹیکس جو تعلیم کے خوشنما نام پر اور اس خوشرنگ وعدے کی پردے میں آپ حاصل کرنا چاہتے ہیں ۔ آپ کے لیے جائز ہے ۔ آپ بتائیے کہ اس کو حکومت کہاں خرچ کرے گی ؟ تعلیم کے ساتھ آپ کا طرز عمل اور سلوک یہ ہے کہ پچھلے بجٹ پر بھی میں نے گفتگو کرتے ہوئے یہ عرض کیا تھا کہ اس صوبے کے پانچ کروڑ انسانوں کے تعلیم بالغان کے لیے آپ نے نو ہزار نو سو روپے کی گرانٹ رکھی تھی ۔ اور آرٹ کونسل کے لیے پچاس ہزار روپے رکھے تھے ۔ اور ان تعلیمی اداروں کے لیے کہ جہاں متمول طبقے کے بچے تعلیم پاتے ہیں ۔ آپ نے بائیس لاکھ روپے رکھے تھے ۔ جس کی ایوان منظوری دے چکا ہے ۔ دستور نے آپ پر یہ ذمہ داری عائد کی ہے کہ آپ ملک کے لوگوں میں تعلیم کو نہ صرف یہ کہ عام کریں بلکہ آپ کی یہ ذمہ داری ہے کہ ملک کا ہر شخص زیور تعلیم سے آراستہ ہو ۔ خواہ وہ مرد ہو ۔ خواہ وہ عورت ہو ۔ خواہ بالغ ہو یا نابالغ ہو ۔ خواہ بچہ ہو یا بوڑھا ہو ۔ اگر آپ سکولوں پر کچھ رقوم خرچ بھی کرتے ہیں ۔ تو میں یہ پوچھتا ہوں کہ آپ نے ملک کے بالغوں کی تعلیم کے لیے جن میں کہ مرد اور عورتیں سبھی شامل ہیں ۔ ان کی تعلیم کے لیے کیا انتظام کیا ہے ۔ کیا آپ سمجھتے ہیں کہ پانچ کروڑ انسانوں کی تعلیم بالغان کے لیے سال بھر میں نو ہزار نو سو روپے کی یہ بڑی کثیر رقم کافی ہوگی ۔ جب میں تعلیم کے ساتھ آپ کا یہ طرز عمل دیکھتا

مقاصد کے لیے اور تعلیمی مصارف کے لیے ہوٹلوں پر یہ ٹیکس لگایا ہے ۔ تو پھر میں یہ سمجھنے پر مجبور ہوتا ہوں کہ در اصل یہ ایک خوشنما وعدہ ہے کہ جس کے بہانے آپ عوام سے یہ ٹیکس وصول کرنا چاہتے ہیں ۔ ذرا آپ دیکھیے کہ آپ کے تعلیمی اداروں کا معیار کیا ہے ۔ اگر ہم کہیں گے تو آپ برا منائیں گے ۔ میں آپ ہی کے ایک ادارے کی رپورٹ آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔ جس سے آپ یہ اندازہ کر سکتے ہیں کہ تعلیم کے ساتھ آپ کا طرز عمل اور سلوک کیا ہے ۔

جناب والا ۔ یہ آپ کی پبلک سروس کمیشن کی رپورٹ ہے ۔ جو میں آپ کی وساطت سے پیش کر رہا ہوں اس کے صفحہ ۶ پر دوسری شق پڑھتا ہوں ۔

"Dearth of Suitable Candidates for certain technical and specialist posts continued to be felt during the year under report"

اس کا مطلب یہ ہے کہ مناسب تعلیم آراستہ سے مناسب قسم کے تعلیم یافتہ لوگوں کی کمی اس ملک میں اس سال بھی اسی قدر محسوس کی جاتی رہی ۔ نتیجۃً انتالیس جگہوں میں سے ستائیس جگہوں کو پبلک سروس کمیشن پر نہ کر سکی ۔ اور اس کے لیے موزوں آدمی نہ مل سکے ۔ اسی رپورٹ کے صفحہ ۱۰ پر دیکھیے کہ پبلک سروس کمیشن کے ممبران کیا فرماتے ہیں ۔

"Knowledge of Candidates in competitives examinations remained very poor in all subjects except in Punjabis Sindhi and Baluchi."

اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کا تعلیمی معیار یہ ہے ۔ کہ وہ طلبا جو کالجوں کے اچھے طلبا سمجھے جاتے ہیں ۔ کیوں کہ مقابلے کے امتحانات میں عموماً وہی طلباء بیٹھتے ہیں ۔ جو تعلیمی حیثیت سے ممتاز سمجھے جاتے ہیں ۔ تو یہ تعلیمی حیثیت سے ممتاز نوجوانوں کی حالت ہے ۔ کہ جب وہ پبلک سروس کمیشن کے سامنے جاتے ہیں ۔ تو کمیشن جائزہ لینے کے بعد اس نتیجے پر پہنچتا ہے کہ ان کا تعلیمی معیار انتہائی گھٹیا اور پست ہے ۔

"The standard of knowledge exhibited by candidates was generally

یہ Departmental امتحانات کے بارے میں ہے ۔ یعنی وہ لوگ جو کسی نہ کسی ذریعے سے سفارش یا اثر و رسوخ کے ذریعے سے سرکاری دفاتر میں گھس جاتے ہیں ۔ جب وہ اپنی مستقل ملازمت یا ترقی کے لیے پبلک سروس کمیشن کے سامنے پیش ہوتے ہیں ۔ تو ان میں اور جو امیدوار کمیشن کے سامنے براہ راست پیش ہوتے ہیں ۔ ان میں کوئی فرق نہیں ہوتا ۔

اور آگے چلئے

"It is disappointing to find that most of the candidates who appeared before us including those seeking teaching jobs have not developed reading habits."

اس کے علاوہ تیسرے پیراگراف کو دیکھیے وہ بھی آنکھیں کھولنے والا ہے ۔

"Knowledge of our religion and of our country was also poorly exhibited by most of the candidates. Most of your youngmen seem to have little urge to acquire at least the basic and correct knowledge of our religion and country."

یہ ہمارے ان نوجوانوں کے بارے میں رپورٹ ہے جو آپ نے تعلیمی اداروں میں ممتاز حیثیت رکھتے ہیں ۔ جو اپنے امتحانوں میں اچھے نمبروں سے کامیاب ہوتے ہیں ۔ ان کے بارے میں ہمارے پاس کمیشن کی یہ رپورٹ ہے کہ نہ ان کو اپنے ملک کی خبر ہے نہ ان کو اپنے مذہب کی خبر ہے ۔ وہ ملک جو اسلام کے لیے حاصل کیا گیا وہ ملک جس کے دستور بنانے والوں نے حکومت کے لیے یہ بات لازم رکھی کہ ملک کے لوگوں کو اسلام کے مطابق زندگی بسر کرنے کے قابل بنایا جائے ۔ اس ملک کے نوجوان طلبا اور ممتاز حیثیت رکھنے والے طلبا نہ اپنے مذہب کے متعلق کچھ جانتے ہیں اور نہ دین کے متعلق کچھ جانتے ہیں نہ اپنے ملک کی ان کو کوئی خبر ہے ۔

جناب والا ۔ تعلیم کے سلسلہ میں میں بات کر رہا تھا اور شاید یہ نامکمل رہ جائے اگر میں ایک اور رپورٹ پیش نہ کروں ۔ یہ کراچی یونیورسٹی کے وائس چانسلر کا ۲۰ مئی ۱۹۶۵ء کا دیا ہوا کنووکیشن ایڈریس ہے ۔ اس میں فرماتے ہیں ۔

"However, six science departments will still be left without proper accommodation, but we see no hope of putting up buildings for them because the Provincial Government has refused to make provision for them in the allocations of the next Five-Year Plan.

We have made continuous representations without any success. All our requests have been arbitrarily turned down without a rational examination."

وائس چانسلر صاحب فرماتے ہیں کہ آئندہ سال ہم کو اپنے ۶ سائنس کے محکمے بند کرنے پڑیں گے ۔ اس لیے کہ حکومت نے تیسرے پانچ سالہ منصوبہ میں ہمارے لیے مناسب رقم متعین نہیں کی ہے ۔ اور باوجود بار بار کے Representations کے اور بغیر کوئی وجہ بتائے اور بغیر فنی جائزہ لئے ہمارے مطالبات کو رد کر دیا گیا ہے ۔ پھر اسی رپورٹ میں آگے فرماتے ہیں ۔

"Where will all the personnal needed for the Third Five-Year Plan come from, if Universities are not given the wherewithal to expand ? Our Planners must make a full appraisal of the human resources needed not only for the Third Five-Year Plan but for subsequent plans as well. Men cannot be built or imported like machinery ; training is a long and painful process. Unless training facilities are provided now, neither agriculture nor industry can prosper."

اسی خطبہ میں انھوں نے آگے چل کر یہ فرمایا ہے کہ آپ تیسرا پانچ سالہ منصوبہ لے کر آگے چلے ہیں ۔ لیکن اس منصوبہ کو عملی جامہ پہنانے کے لیے اگر آپ کے پاس افراد کار نہ ہوں گے ۔ تو آپ اس کو عملی جامہ کیسے پہنائیں گے ۔ اگر آپ کے پاس انجینئرز نہ ہوں ۔ اگر آپ کے پاس ماہرین سائنس نہ ہوں۔ اگر آپ کے پاس ماہرین زراعت نہ ہوں۔ اگر آپ کے پاس ماہرین تعلیم نہ ہوں تو آپ تیسرا منصوبہ کس کی قوت پر چلائیں گے ۔ کوئی منصوبہ بغیر افراد کار کے دنیا میں کامیاب نہیں ہو سکتا ۔ افراد کار کیا مشین کے پرزے ہیں جن کو آپ باہر سے درآمد کر لیں گے ۔ یہ مشین کے پرزے ہیں جن کو آپ ایک دن میں کارخانے میں ڈھال لیں گے ۔ انسانوں کو بنانے کے لیے وقت چاہیے ۔ تعلیمی ادارے ہونے چاہئیں اس پر محنت صرف کرنی پڑتی ہے ۔ اگر آپ یہ نہیں کریں گے تو نتیجہ وہی ہوگا جو ہمارے ایک دوست نے اپنی تقریر میں فرمایا ہے کہ ایک ایک ادارے میں آپ درآمد شدہ نالائق انجینیر بلا کر پچاس پچاس لاکھ اور ایک ایک کروڑ روپیہ ان کے معاوضوں پر خرچ کرتے ہیں لیکن نتیجہ کچھ نہیں ہوتا آپ کا بیرونی زرمبادلہ بھی ضائع ہوتا ہے اور افراد بھی

پیدا نہیں ہوتے ہیں ۔

جناب والا ۔ میں آپ کو اس تعلیم کے سلسلہ میں ایک اور دلچسپ بات سناؤں گا اور یہ بھی میری اپنی بنائی ہوئی چیز نہیں ہے ۔ اور نہ حزب اختلاف کے کسی ممبر کا بیان ہے بلکہ ہماری حکومت کے اپنے مقرر کردہ پلاننگ کمیشن کے ایک ممتاز ممبر ڈاکٹر ایم ۔ این ہدا کی تقریر کا حوالہ ہے جو ۴ مارچ ۱۹۶۵ ء کو پاکستان ٹائمز میں شائع ہوئی تھی ۔ ڈاکٹر ہدا صاحب فرماتے ہیں ۔

"Dr. M. N. Huda, Member of the Planning Commission, deplorded the lack of agreement on educational objectives which was a handicap to the Planning Commission in preparing developmental programmes for education.

He agreed with Professor Radhid of the Government College, Lahore and Mr. Hassan Habib of Administrative Staff College that education was not being given priority in national development. The Commission was faced with a peculiar difficulty. The nation was yet to determine "what we are going to do in the realm of education."

یہ آپ کی پلاننگ کمشن جس کو اس ملک کے نظام معیشت اور نظام اقتصادیات میں بنیادی اہمیت حاصل ہے ۔ اس کا ایک ممبر ہے جو یہ کہتا ہے کہ ہمارے ملک میں تعلیم کو وہ اہمیت نہیں دی جا رہی ہے جس کا کہ وہ حق‌دار ہے ۔ نتیجۃً ہمیں تیسرے پانچ سالہ منصوبہ میں افراد کے حصول کے لیے دقت پیش آئے گی ۔ جناب والا ۔ یہ ہے آپ کا تعلیم کے ساتھ طرز عمل ۔ جب میں آپ کا تعلیم کے ساتھ یہ طرز عمل دیکھتا ہوں اور جب فنانس منسٹر صاحب یہ فرماتے ہیں اور بڑے بلند بانگ دعوؤں کے ساتھ فرماتے ہیں کہ ہم نے تعلیمی مصارف کے لیے ٹیکس لگایا ہے ۔ تو مجھے آپ کی بات پر یقین نہیں آتا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ٹیکس یقیناً آپ لگا رہے ہیں آپ انسانوں کی رگوں سے خون ضرور نچوڑ رہے ہیں ۔ لیکن آپ اس کو کہیں اور استعمال کریں گے اور آپ ہمارے ہاتھ مفت اس خون سے رنگین کر رہے ہیں ۔

جناب‌والا ۔ آپ کے تعلیمی اداروں میں بد نظمی ہے ۔ آپ کے اساتذہ میں بے اطمینانی ہے ۔ کراچی کو ابھی پچھلے دنوں جب آپ نے مغربی پاکستان

کرتے وقت آپ نے ان کی تنخواھوں کو پہلے سے کم کر دیا ۔ جس ملک میں گرانی روز افزوں ھو ۔ جس ملک میں اخراجات زندگی روز بروز بڑھ رھے ھوں ۔ وھاں آپ کسی کے مشاھرے کو زیادہ کرنے کی بجائے اگر اس میں کمی کریں گے تو پھر آپ یہ کیسے توقع کر سکتے ھیں کہ وہ پوری دلجمعی کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دیں گے ۔ لیکن میں کہوں گا کہ آپ Fools Paradise میں رھتے ھیں ۔ جناب والا ۔ ابھی مغربی پاکستان میں آپ نے یہ فیصلہ کیا کہ ٹاؤن کمیٹیوں کے سکولوں کو مغربی پاکستان کی حکومت کی تحویل میں لیا جائے ۔ یہ بڑا اچھا فیصلہ تھا اور تعلیمی مقاصد کو بڑھانے کے لیے یہ ضروری تھا تاکہ پورے صوبہ کے نظام میں یکسانیت پیدا ھو ۔ لیکن دونوں اداروں کے اساتذہ کی سنیارٹی کو متعین کرنے اور اور ان کو ترقیاتی منازل کے راستے پر گام زن کرنے کے سلسلہ میں آپ نے شدید وہ غلطیاں کی ھیں ۔ آپ نے وہ بد نظمی کا دور شروع کر دیا ۔ بلکہ آپ نے بدنظمی کا باب کھول دیا ھے ۔ جس سے تمام اساتذہ میں جو پرانے سکولوں کے تھے اور جو ٹاؤن کمیٹیوں سے آ کر شامل ھوئے تھے ان سب میں بے اطمینانی کی کیفیت پیدا ھوگئی ھے ۔ میں جب سے لاھور میں آیا ھوں میرے پاس بیسیوں خطوط اور پمفلٹ کی صورت میں Representations آئے ھیں جس سے معلوم ھوتا ھے کہ بے شمار غلطیاں کی گئی ھیں ۔ بہر حال یہ اس واقعہ ھے کہ جتنی درخواستیں اتنی Representations آ رھی ھیں ان سے معلوم ھوتا ھے کہ یقیناً اساتذہ میں بے اطمینانی ھے ۔ آپ اس بے اطمینانی کو دور کیجیے ۔ جب تک آپ اساتذہ کو مطمئن نہیں کریں گے جب تک آپ اساتذہ کی پریشانی کو نہیں روکیں گے تب تک وہ دلجمعی سے کام نہیں کر سکیں گے ۔ آپ اپنی نوجوان نسل کو بے اطمینان ھاتھوں میں محفوظ سمجھتے ھیں تو یہ غلط ھے ۔ ھماری نوجوان نسل ۔ ھمارے بچے ۔ ھمارے اپنے خون اور جگر کے ٹکڑے جنہیں آپ اساتذہ کے سپرد کرتے ھیں کہ وہ آئندہ نسل کے لیے انہیں مفید انسان بنائیں گے ۔ اگر ان اساتذہ کو آپ خوش نہیں رکھیں گے تو ان سے یہ توقع رکھنا کہ ھماری آئندہ نسلوں کو صحیح تعلیم کے ساتھ پروان چڑھائیں گے یہ فعل

عبت ہے ۔

جناب والا ۔ وزیر مالیات نے اپنی تقریر دل پذیر میں (کیوں کہ خواجہ صفدر صاحب ان کی تقریر کو تقریر دل پذیر کہا کرتے ہیں) یہ فرمایا تھا کہ وہ فنانس بل اور بجٹ اسلامی اصول انصاف کی بنیاد پر آپ کے سامنے پیش کر رہے ہیں ان کے الفاظ تھے ''اسلامک پرنسپل آف سوشل جسٹس'' بات آگے نکل رہی ہے لیکن

ذکر جب چھڑ گیا قیامت کا
بات پہنچی تیری جوانی تک

تو اس کا آگے نکل جانا ناگزیر ہے ۔

جناب والا ۔ یہ کون سا انصاف ہے ؟ کیا یہ اسلامی انصاف ہے کہ آپ کے شہر کراچی میں ہزاروں لاکھوں انسان ۱۸ سال سے ابھی تک جھگیوں میں مقیم ہیں ۔ جن کے بستر کارپوریشن کی سڑکیں اور جن کی چھت آسمان کے سائے کے سوا کچھ نہیں ہے ۔ یہ کیا اصول انصاف ہے کہ آپ نے ان کی خوشحالی اور آباد کاری کے لیے کوئی رقم بجٹ میں نہیں رکھی ۔ آپ کے وعدے سن سن کر ہمارے کان پک گئے کہ آپ ان مہاجروں کو آباد کریں گے ۔ اٹھارہ سال سے یہ غریب لوگ آپ کے وعدے سن رہے ہیں مگر پھر بھی آسمان کا سایہ ان کے سر سے دور نہیں ہو سکا ۔ یہ کون سا اسلامی اصول انصاف ہے ؟

جناب والا ۔ کراچی میں دو بستیاں کورنگی اور لانڈھی کی ہیں ۔ ان علاقوں میں آپ نے ایک ایک کمرے کے کوارٹر ۸۰ گز مربع جگہ میں بنائے جن کی نقد قیمت چودہ سو روپے فی کوارٹر تھی مگر اقساط میں ادا کرنے پر ۳۵۰۰ روپے قیمت مقرر کی گئی ہے ۔ یہ کون سا مہاجنی سود آپ ان مہاجروں سے وصول کر رہے ہیں ۔ کیا یہ مہاجنی سود اور مہاجن کا جابرانہ بے رحمانہ سود نہیں ہے ؟ یہ حکومت کروڑوں روپے عوام سے سیلز ٹیکس کے نام سے وصول کر چکی ہے اور عوام نے دل جمعی

فراخ دلی سے اور خندہ پیشانی سے کروڑوں روپے مہاجر ٹیکس میں دیا ہے ۔ ان میں پنجابی بھی تھے سندھی بھی ، پٹھان بھی تھے اور بنگالی بھی شامل تھے ان سب کو خوشی تھی کہ ان کی اس قربانی سے مہاجروں کی امداد کی جائے گی ۔

Mr. Speaker : Please Conclude your speech.

مسٹر محمود اعظم فاروقی — بہت اچھا جناب اب اگر حکومت نے اس مہاجر ٹیکس سے یہ مہاجر کوارٹر بنائے تو ہمارا خیال تھا کہ یہ بلا معاوضہ غریب مہاجروں کو دئیے جائیں گے ۔ مگر ان مہاجروں سے اب مہاجنی سود وصول کیا جا رہا ہے ۔

جناب والا ۔ ایک مثال میں اور دینا چاہتا ہوں ۔ کراچی شہر میں ایک بستی بنام ''لیاری'' ہے یہ دوسو سال پرانی گندی آبادی ہے جہاں لوگ Filth and dirt میں رہتے ہیں جس کا اندازہ کوٹھیوں اور بنگلوں میں رہنے والے وزراء نہیں لگا سکتے ۔ الیکشن کے دنوں میں ہمارے وزیر مالیات جناب محمد شعیب صاحب نے کراچی کی اس بستی لیاری میں جا کر اور ہمارے سابق صوبائی وزیر غفار پاشا صاحب نے بھی وہاں جا کر وعدہ کیا تھا کہ اس بستی کے لوگوں سے صدارتی انتخاب میں ووٹ لینے کے بعد کوارٹروں کی زمین انہیں پٹہ پر دےدی جائے گی ۔ مگر صدارتی الیکشن میں ووٹ دینے کے بعد چار ماہ گذر گئے پھر بھی ابھی تک ان لوگوں کو زمین کا پٹہ نہیں دیا گیا ۔ وہ لوگ بیچارے مارے مارے پھرتے ہیں ۔ مرکزی وزیروں کے پاس جاتے ہیں ۔ لاہور میں ممبروں کے دروازوں پر دستک دیتے ہیں مگر اب ان کی کوئی نہیں سنتا ۔ یہ ہے اس حکومت کے وعدوں کا حشر جو ہماری آنکھوں کے سامنے ہو رہا ہے ۔ حکمران پارٹی ووٹ لے کر اب اپنے وعدوں کو بھول گئی ہے ۔

جناب والا ۔ ایک آخری عرض کرنے کے بعد میں اپنی تقریر ختم کر دوں گا ۔ جب بجٹ کے ۸۰ فی صد اخراجات منظور کیے جاتے ہیں تو گورنمنٹ ہماری رائے نہیں لیتی اور وہ ہمارے ملک کا خزانہ اپنی مرضی سے

خرچ کر ڈالتی ہے تو پھر بیچارے عوام پر ٹیکس لگاتے وقت ان کا خون چوسنے کے لیے ہمارے ہاتھ کیوں رنگین کیے جاتے ہیں ۔ یہ ٹیکس بھی آرڈیننس کے ذریعے لگایا کیجئے ۔ جس طرح یہ ۸۰ فی صد اخراجات اپنی مرضی سے آپ کر لیتے ہیں اسی طرح یہ لوگوں سے ٹیکس وصول کرتے وقت بھی ہم سے رائے نہ لیا کیجئے ۔ عوام رقم دینے میں بخل نہیں کرتے ملک کی سالمیت کے لیے تو وہ خون بھی دے سکتے ہیں اور انہوں نے خون دیا بھی ہے مگر عرض کروں گا کہ ان سب رقوم اور اخراجات کو چند مخصوص خاندانوں کے مفاد پر ہی صرف نہ کیجئے بلکہ صحیح جگہ پر بھی صرف کیا جائے ۔

Mr. Speaker : The Minister of Revenue.

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ۔ جناب صدر صاحب ہمارے دوست قائد حزب اختلاف خواجہ محمد صفدر اور ان کے لفٹیننٹ مسٹر حمزہ صاحب اس وقت ایوان میں موجود نہیں ہیں ۔ میں ان کے اعتراضات کا جواب دینا چاہتا ہوں ۔ آپ کو یاد ہوگا کہ حمزہ صاحب فنانس بل پر تبصرہ کرتے کرتے پھسل کر سیاسیات میں جا پڑے تھے ۔ انہوں نے موجودہ حکومت کے کارناموں اور بد عنوانیوں پر بہت کچھ تبصرہ اور تنقید کی اور بہت سی باتوں کو دھرایا یا جن کا ذکر وہ پہلے بھی کر چکے تھے ۔ انہوں نے فرمایا کہ موجودہ حکومت انتظامیہ کو اپنے مقاصد کے لیے اور اپنی مطلب برآری کی غرض سے استعمال کرتی ہے اور خاص کر انتخابات میں ان کو ناجائز استعمال کیا گیا اور ان سے طرح طرح کی بدعنوانیاں اور دھاندلیاں کرائی گئیں ۔ مسٹر حمزہ نے فرمایا تھا کہ اس وجہ سے اب گورنمنٹ کو یہ حق نہیں رہا کہ وہ ہم سے ٹیکس وصول کرے ۔ لیکن آدمی دوسروں کے گناہ دیکھتے وقت اپنے گناہوں کی طرف نہیں دیکھتا ۔ ہمارے پٹھانوں میں ایک محاورہ ہے کہ ہمارا گناہ ہماری ریڑھ کی ہڈی ہے جو نظر نہیں آ سکتی کیوں کہ یہ ہمارے پیچھے کی طرف پشت میں ہوتی ہے ۔ جناب والا ہم مانتے ہیں کہ ہم انسان ہیں ۔ ہم گناہ گار ہیں ۔ ہم سے لغزشیں ہوتی ہیں ہم میں بہت سی خامیاں بھی ہیں مگر آدمی کو چاہیے کہ دوسروں پر حملہ کرتے

وقت خود اپنے گناہوں کو بھی ذرا ایک نظر اٹھا کر دیکھ لے ۔ وہ کہتے ہیں کہ موجودہ حکومت نے انتخابات میں دھاندلیاں کیں یا کرائیں مگر وہ اپنے آپ کو غریبوں کے غمخوار ظاہر کرتے ہوئے موجودہ حکومت کے متعلق یہ کہتے ہیں کہ یہ تو صرف متمول لوگوں دولت مندوں سرمایہ داروں اور کارخانہ داروں کے لئے ہی کام کر رہی ہے اور حزب اختلاف والے غریب مزدوروں اور نچلے طبقہ کے عوام اور کاشتکاروں کے حامی و مددگار ہیں بلکہ وہ عوام اور غربا کے ٹھیکیدار ہیں اور موجودہ حکومت ان کی دشمن ہے ۔ اور عوام کو سرے سے بھول ہی چکی ہے ۔ جناب والا مجھے افسوس ہے کہ یہ تنقید کرنے والے لوگ خاص طور پر جب یہ اقتدار سے بھی محروم ہو جاتے ہیں تو پھر یہ اپنی بصارت اور بصیرت دونوں سے محروم ہو جاتے ہیں ۔ ان کو کچھ دکھائی نہیں دیتا ۔ اب یہ لوگ یہ تو کہتے ہیں کہ صدر ایوب کے زمانے میں موجودہ حکومت نے انتخابات میں یہ دھاندلیاں کی ہیں مگر یہ نہیں بتاتے کہ سکندر مرزا اور غلام محمد نے انتخابات میں کیا کچھ کیا تھا ۔ اور بیچارے صدر ایوب نے کیا کیا ہے ۔ آنکھ والے دیکھ سکتے ہیں اور جو آدمی سویا ہوا ہو اس کو بھی جگایا جا سکتا ہے مگر جو پہلے ہی جاگا ہوا ہو مگر جان بوجھ کر آنکھ نہ کھولے اور صحیح حالات کو نہ دیکھے اس کا کیا علاج ہے ۔ اس لئے میں ان حضرات سے کہتا ہوں کہ جناب میرے دائیں دیکھئے ، میرے بائیں دیکھئے آگے دیکھئے ، پیچھے دیکھئے ، اوپر دیکھئے ، نیچے دیکھیے ، آپ کو خود ہی نظر آ جائے گا کہ کیا کچھ ترقی ہو رہی ہے ۔ اور اس سے عوام اور غریبوں کو کیا فائدہ پہنچ رہا ہے ۔ میں اس پر زیادہ بحث کرنا نہیں چاہتا ۔ میں تو یہاں انہیں اپنے انتخابات یاد دلانا چاہتا ہوں ۔

جناب والا ۔ یہاں پر عموماً یہ کہا جاتا ہے کہ ہم نے گذشتہ انتخابات میں انتظامیہ کو استعمال کیا ۔ اپنے خیال کے مطابق میں تو بنیادی جمہوریت کے انتخابات کو بھی اتنی اہمیت نہیں دیتا ۔ میں تو قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلی کے ممبران کے انتخابات کو بھی اتنی اہمیت نہیں دیتا جتنی کہ

یا آنے والی حکومتوں کے خلاف بہت کچھ سنا ہے ۔ میں نے تو یہ بھی سنا ہے کہ انہوں نے ایک Prospective Cabinet بھی بنا رکھی تھی ۔ کہ پریذیڈنٹ کون ہوگا ۔ وزیر داخلہ کون ہوگا ۔ وزیر خزانہ کون ہوگا ۔ وزیر دفاع کون ہوگا اور وزیر خارجہ کون ہوگا ۔ مجھے تو اس کے متعلق زیادہ معلوم نہیں ۔ بہر صورت میں ان سے یہ عرض کئے دیتا ہوں ۔ کہ بہت اچھا ان کے متعلق ممکن ہے کچھ ہوا ہو ۔ میرے نزدیک پاکستان کا دار و مدار صدارتی انتخاب پر تھا ۔ کیوں کہ اگر صدر ایوب کامیاب نہ ہوتے ۔ تو دنیا ایک طرف جاتی ۔ اور اگر محترمہ مس فاطمہ جناح کامیاب ہوتیں تو پھر آپ مختلف رنگ دیکھتے ۔ ان کے قول کے مطابق پاکستان تباہ ہو رہا ہے ۔ کمزور ہو رہا ہے ۔ اور نیچے زمین کی تہہ میں گر رہا ہے ۔ ہماری Prestige ختم ہو گئی ہے ۔ اور ہمارے وقار کو نقصان پہنچ رہا ہے ۔ اور ہم نے غریبوں کو برباد کیا ہے ۔ کیوں ؟ اس لیے کہ صدر ایوب صاحب اقتدار اور سربراہ مملکت ہیں ۔ اگر محترمہ مس فاطمہ جناح کامیاب ہو جاتیں تو ان کے قول کے مطابق ہم سب زندہ بہشت میں چلے جاتے ۔ اور سارے پاکستان کا نقشہ باغ و بہار کا سا ہو جاتا ۔ اس کا رنگ ہی کچھ اور ہوتا ۔ یہ سب کچھ ان کے کہنے کے مطابق ہے ۔ اسی لیے میں عرض کر رہا ہوں کہ ان کے قول کے مطابق پاکستان کا دارومدار صدارتی انتخاب پر تھا ۔ اب آپ ہی ایمان سے کہیئے ۔ کہ آپ اب یہ کیوں کہتے ہیں کہ فلاں شخص یہاں کس طرح آیا ۔ یا انتظامیہ نے ان کو امداد دی ۔ اور وہ اس کی برکت سے یہاں آئے ۔ البتہ یہ مجھے معلوم نہیں کہ آپ اپنی دعاؤں کی وجہ سے یہاں آئے یا اپنے گناہوں کی وجہ سے آئے ۔ کیونکہ لوگ آپ کے گناہوں کو بھی اچھی طرح سے جانتے تھے ۔ لیکن خیر اب اس بات کو بھی چھوڑیئے ۔

جناب والا ۔ یہ حضرات ایمان داری سے اور دل پر ہاتھ رکھ کر کہیں کہ صدارتی انتخاب میں وہ کون سی مراعات تھیں جو محترمہ مس فاطمہ جناح اور ان کے ساتھیوں کو نہ دی گئیں ۔ اس انتخاب کی تیاری پانچ ۔ چھ ۔ سات یا آٹھ ماہ سے ہو رہی تھی ۔ جو کہ آخری دن تک جاری

رہی اور بالآخر ختم ہو گئی ۔ یہاں میں ان پر یہ بھی واضح کو دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ ان کا ایک آدمی بھی اس عرصہ کے دوارن گرفتار نہ کیا گیا ۔ (تحسین و آفرین) آپ نے محترمہ مس فاطمہ جناح کو اس انتخاب میں نقصان پہنچانے ۔ اسے کمزور کرنے اور اس کے راستے میں پابندیاں اور رکاوٹیں ڈالنے کے لیے یہ سب کچھ کیا ۔

مسٹر حمزہ ۔ تو پھر آپ نے وہ White paper شائع ہونے سے کیوں روک لیا تھا ؟

وزیر مال ۔ جناب والا ۔ حمزہ صاحب کا جواب میں پھر کسی وقت عرض کروں گا ۔

میں ان سے پوچھتا ہوں کہ اس وقت کون سی چیز تھی جس کی ہم نے اجازت نہ دی ۔ Confrontation Meetings میں دونوں کو برابر کی مراعات اور Opportunities دی گئیں ۔ آپ یہ نہیں کہہ سکتے کہ صدر ایوب کے لیے تمام راستے کھلے تھے ۔ اور مس فاطمہ جناح کے راستے میں رکاوٹیں ڈالی گئیں ۔

جناب والا ۔ اخباروں کو اس چھ ماہ کے عرصے کے دوران وہ آزادی دی گئی کہ پاکستان سے قبل انگریز کے دور حکومت میں اور پاکستان بننے یعنی ۱۹۴۷ء سے لے کر آج تک ان کو کبھی ایسی آزادی حاصل نہ ہوئی ہوگی ۔

طلبا اور پرانے سیاستدان یعنی EBD Onian Class بھی بالکل آزاد تھی ۔ ویسے اگر ہم چاہتے تو قانون کے تحت EBD Onians کو پکڑ سکتے تھے ۔ کیوں کہ قانون کے تحت EBD Onians انتخابات میں حصہ نہیں لے سکتے تھے ۔ آپ خود ہی پوری دیانتداری اور ایمان داری سے کہیں ۔ کیا آپ کو معلوم نہیں کہ EBD Onians انتخابات میں درپردہ اور چھپ کر حصہ لیتے رہے ۔ وہ یقیناً حصہ لیتے رہے ۔ اور اس طرح وہ قانون کی زد میں آ سکتے تھے ۔ میں بطور سابق وزیر داخلہ یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ وہ قانون شکنی کرتے

کرینگے یا کسی پر مقدمہ چلائینگے - تو یہ کہیں گے کہ دیکھو - ہمارے راستے میں روڑے اٹکائے جا رہے ہیں - یہ منصفانہ - غیر جانبدارانہ اور آزادانہ انتخابات نہیں ہیں - چنانچہ ہم نے آنکھیں بند کر لیں - وہ گناہ کرتے رہے - جرائم کرتے رہے اور متواتر جرائم کے مرتکب ہوتے رہے -

جناب والا - یہاں میں آپ کو یہ بھی بتا دوں کہ محترمہ مس فاطمہ جناح کے کوھاٹ کے دورہ سے دو تین دن پہلے آپ کے ساتھی اور دوست محترمہ کے انتخاب کے سلسلے میں کوھاٹ آئے - انھوں نے وھاں برملا طور پر پولیس کو کہا کہ تم ھڑتال کر دو - حکومت کی امداد مت کرو - یہ کرو اور وہ کرو - چنانچہ وھاں پولیس نے ھڑتال کر دی - کیا کبھی ایسا بھی ھوا ھے ؟ لیکن اس کے باوجود ھم نے آپ کو اتنی لمبی ڈھیل دئے رکھی - اگر آپ کو اتنی لمبی ڈھیل نہ دیتے - تو آپ کو گلہ نہ ھوتا - آپ ھماری بات کو چھوڑیں - بیرونی ممالک کے اخبار نویس بھی یہ بات تسلیم کر چکے ھیں کہ صدارتی انتخابات سب سے زیادہ غیر جانبدارانہ اور آزادانہ تھے - اور اس سے آپ بھی انکار نہیں کر سکتے - (تحسین و آفرین) آپ کو اس سے کیا کہ عمر جان خان اس ھاؤس میں کیسے آئے یا ملک قادر بخش کیسے آئے - اصل بات یہ ھے کہ اگر محترمہ مس فاطمہ جناح کامیاب ھوتیں تو آپ سب کامیاب ھوتے - اور ھم ھار جاتے - لیکن جب صدر ایوب کامیاب ھوئے - تو اس کا منطقی اور لازمی نتیجہ یہ تھا کہ جن لوگوں نے صدر ایوب کو منتخب کیا - انھوں نے ھی ھمیں منتخب کرنا تھا - نہ کہ آپ کو - چونکہ Electoral College کے ممبران نے صدر ایوب کو overwhelming majority یعنی بھاری اکثریت سے کامیاب کر لیا - اس سے کیا آپ کا یہ خیال تھا کہ وہ لوگ اسمبلیوں میں آپ کو لائینگے ؟ ھرگز نہیں - انھوں نے ھم کو منتخب کرنا تھا اور ان اسمبلیوں میں لانا تھا - کیونکہ یہ تو ایک سیدھی سی بات ھے کہ جن لوگوں نے صدر ایوب کو کامیاب بنایا تھا انھوں نے صدر کی حمایت کرنے والے ممبران چننے تھے -

جناب والا - یہ غلط بات ھے کہ یہ نمائندہ لوگ پولیس کے ذریعہ -

دھاندلی کے ذریعے تھانیداروں کے ذریعے یا انتظامیہ کے ذریعے ان اسمبلیوں میں منتخب ہو کر آئے۔ یا کسی اور طریقے سے کامیاب ہو کر آئے۔ در اصل صدر ایوب کی کامیابی کے بعد ہماری کامیابی یقینی تھی۔ یہ ہو نہیں سکتا تھا کہ ایک طرف تو وہ ۸۰ ہزار نمائندے صدر ایوب کو ووٹ دیں اور دوسری طرف وہ آپ کو دیں۔ یا خواجہ محمد صفدر صاحب کو دیں۔ آپ کو پتہ ہے کہ آپ کیوں منتخب ہو کر یہاں تشریف لائے۔ یہ بھی میں آپ کو بتا دیتا ہوں۔

مسٹر حمزہ۔ اسی لئے تو ہم تین فیصد ہیں۔

Mr. Speaker : No interruptions please.

وزیر مال۔ جناب والا۔ آپ کو معلوم ہے کہ یہ حضرات یہاں کیسے تشریف لائے؟ آپ کو معلوم ہے کہ گانوں کی دو قسمیں ہیں۔ خواجہ محمد صفدر صاحب موجود نہیں۔ کاش وہ ہوتے۔ کیونکہ اس وقت میرا اشارہ خواجہ صاحب کی طرف ہے۔ اگر وہ Lobby میں میری آواز سن رہے ہوں۔ تو برائے کرم اندر تشریف لے آئیں۔

تو جناب! میں گانوں کے متعلق عرض کرنیوالا تھا۔ ایک تو پکے گانے ہوتے ہیں اور دوسرے ہلکے پھلکے۔ تو ان کی طرح میرے حزب اختلاف کے دوستوں نے ہلکے پھلکے انتخابات دیکھے ہیں۔ پکے انتخابات نہیں دیکھے۔ خواجہ محمد صفدر صاحب بیچارے شریف انسان ہیں۔ وہ اکثر ہم پر تنقید اور نکتہ چینی کرتے ہیں۔ بعض اوقات وہ ہم پر حملے بھی کرتے ہیں اورچوٹیں بھی کر جاتے ہیں۔ لیکن کسی وقت بھی ہماری دل آزاری نہیں کرتے۔ وہ شرافت کے دائرے سے باہر جا کر ہمارے جذبات کو مجروح نہیں کرتے۔

جناب والا۔ اس دن کسی نے کہا تھا کہ آپ یہاں کیسے آئے۔ اب میں اس کی طرف اشارہ کر رہا ہوں۔ عرض یہ ہے کہ ان کی پارٹی تو ان کے لئے کام کرتی رہی۔ وہ بدستور کوشش کرتی رہی۔ لیکن جب انتخابات

ختم ہوئے تو ان کی پارٹی کی طرف سے ان کے لیے امداد کا کوئی سلسلہ نہ رہا ۔ تاہم وہ لڑتے رہے ۔ اور اچھے طریقے سے لڑتے رہے He is a good fighter ان کے متعلق ہمارے دلوں میں اتنا غصہ تھا جتنا کہ ہونا چاہیئے تھا ۔ کیونکہ انہوں نے کبھی ہاری دل آزاری نہیں کی ۔ خواجہ صفدر صاحب نہایت آسانی سے ممبر بن کر یہاں تشریف لے آئے ۔ وہ دراصل ہلکے پھلکے گانے کی طرح ہلکے پھلکے انتخاب کی وجہ سے یہاں تشریف لائے ہیں ۔ میں ان سے پھر عرض کرتا ہوں کہ انہوں نے پکے انتخابات نہیں دیکھے ۔

۱۹۵۱ء میں جو انتخابات ہوئے تھے ، وہ پکے انتخابات تھے ۔ کیا آپ کو یہاں میاں ممتاز محمد خان دولتانہ کے دور کے انتخابات یاد ہیں ۔ جناب میں خود ان کی اپنی زبان سے یہ بات ثابت کر کے دکھانا چاہتا ہوں ۔ میں اپنی زبان سے نہیں کہتا ۔ کیونکہ پھر کہا جائے گا کہ یہ تو حبیب اللہ کہتا ہے ۔ یا اس کی پارٹی والے کہتے ہیں ۔ نہیں ، ہرگز نہیں ۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ اس وقت کیسی دھاندلی مچائی جاتی رہی ہے ۔ اگر ہم ان کے گناہوں کو دیکھ لیں ، تو ان کے مقابلے میں ہم تو فرشتے سمجھے جائینگے ۔ ہم تو آپ کو فرشتے نظر آئینگے ۔ تو سنئے ۔

جناب والا ۔ ایک شخص مسمی ماسٹر خان گل ۔ جو اسی جگہ ایک ممبر تھے ۔ میرے خیال میں آپ حضرات انہیں جانتے ہونگے ۔ ان کو ۱۹۵۱ء میں شوق ہوا کہ میں عبدالقیوم خان کے خلاف ۔ جو اس وقت چیف منسٹر تھے الیکشن لڑوں ۔ عبدالقیوم خان پشاور سٹی سے کھڑے ہوئے ۔ ماسٹر خان گل کو یہ خیال آیا کہ میں چیف منسٹر کے مقابلہ میں کھڑا ہو جاؤں ۔ اب سنئے کیا ہوا ۔ کاغذات نامزدگی میں الف پر Proposer اور ب پر Seconder کا نام ہوتا ہے ۔ماسٹر خان گل نے کاغذات نامزدگی تیار کر کے ریٹرننگ افسر کے پاس بھیج دئے ۔ صبح کو جانچ پڑتال ہونی تھی ۔ تو کیا ہوا رات کو ہی ایک جیپ Proposer کے گھر کے سامنے آ گئی ۔ یہ Proposer غالباً کوئی مہاجر تھے ۔ اس جیپ میں پولیس تھی ۔ انہوں نے کہا کہ فلاں صاحب گھر سے باہر نکلو ۔ Proposer بیچارا گھر سے باہر آیا ۔ اس کو جیپ

میں بٹھا لیا اور چھاؤنی لے گئے ۔ راستے میں اس کے ہاتھ پاؤں اور آنکھیں باندھ دیں ۔ اور پھر راتوں رات ہی ۵۰ میل دور ایک فورٹ (قلعہ) میں اسے نظر بند کر دیا ۔ اگلے روز صبح کو ماسٹر خان گل جب ریٹرننگ افسر کے پاس گئے تو انہوں نے نام پکارا ۔ ماسٹر صاحب نے کہا کہ میں ماسٹر خان گل ہوں ۔ میرا Seconder تو ہے لیکن میرا Proposer گم ہے ۔ ریٹرننگ افسر نے کہا چلو میں یہ بات نہیں سنتا ۔ اور اس طرح ماسٹر خان گل کے کاغذات نامزدگی Reject ہو گئے ۔ یہ تو ظاہر بات ہے کہ Proposer حوالات میں تھا اس لئے کاغذات نامزدگی Reject ہو گئے ۔ اسی طرح ایک اور صاحب میر اکبر المعروف دکھی ہیں ان کو زمانہ جانتا ہے ۔ وہ بھی خان عبدالقیوم خان کے مقابلہ میں کھڑے ہوئے ۔ یہ ایک ہی دن کا واقعہ دوسرے دن کا واقعہ نہیں ۔ دکھی صاحب اپنے کاغذات نامزدگی لے کر ریٹرننگ افسر کی طرف جا رہے تھے ۔ راستہ میں پولیس نے انہیں پکڑ لیا ۔ اور کہا بدمعاش کہیں کے کہاں جا رہے ہو ۔ قیوم خاں کے خلاف کاغذات نامزدگی داخل کر رہے ہو ۔ چنانچہ اسے پکڑ کر بغیر کسی وجہ سے حوالات میں ڈال دیا ۔ کوئی لکھائی پڑھائی نہیں ہوئی ۔ وہ تو حوالات میں تھا ۔ ادھر ۹ یا ۱۰ بجے سے تین بجے کا وقت ہوتا ہے کاغذات داخل کرنے کے لئے ۔ اس مقررہ وقت کے اندر اندر اس کے کاغذات داخل نہ ہو سکے ۔ جب وہ اس مقررہ وقت کے بعد ریٹرننگ آفسر کے پاس پہنچا اور بتایا کہ میں تو پولیس کی حوالات میں تھا اس لئے وقت سے پہلے کاغذات داخل نہیں کر سکا ۔ لیکن اس کی کسی نے نہیں سنی ۔ اور اس بات کا اعلان کر دیا گیا کہ صرف ایک ہی Nomination Paper آیا ہے ۔ اور خان عبدالقیوم خاں دو علاقوں سے بلا مقابلہ منتخب ہو گئے ہیں ۔ ان علاقوں کا درمیانی فاصلہ دو اڑھائی سو میل ہے ۔ ایک جگہ تو Proposer گم تھا ۔ اور ایک جگہ Candidate ہی نہیں تھا ۔ اب آپ ہنسیں نہیں ۔ میں آپ کو ایک اور دلچسپ واقعہ بتاتا ہوں شمس الحق جو ان کے پی ۔ اے تھے یا پرائویٹ سیکرٹری تھے وہ ڈاکٹر خان صاحب کے علاقہ چارسدہ سے کھڑے ہوئے اور اپنے کاغذات نامزدگی داخل کر دئے ۔ اس کے مقابلہ میں ایک بڑا خان کھڑا ہوا ۔ جس کا نام نثار خان

ہے ۔ ان کے بڑے بھائی غفور خاں ۳۲ سے ۳۷ تک اسمبلی کے ممبر رہ چکے ہیں ۔ وہ ایم پی اے رہے ہیں ۔ نثار خان ان کا چھوٹا بھائی ہے ۔ جو شمس الحق کے مقابلہ میں کھڑا ہوا ۔ خواجہ صفدر صاحب میری طرف توجہ کریں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں ہمہ تن آپ کی طرف متوجہ ہوں ۔

وزیر مال ۔ تو پھر کیا ہوا ۔ ریٹرننگ افسر نے یہ کہہ دیا کہ شمس الحق کے کاغذات منظور کئے جاتے ہیں ۔ اور نثار خان کے کاغذات defective ہیں ۔

حاجی عطا محمد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ میں آپ کی وساطت سے قائد ایوان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ اس بحث کو مختصر کریں کیونکہ وقت ختم ہو رہا ہے ۔ اس طرح تو دوسرے دوست اپنے خیالات کا اظہار نہیں کر سکیں گے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ۔

وزیر مال۔ آپ کو معلوم ہے کہ نثار خان کے کاغذات کیوں مسترد کئے گئے ان کے متعلق یہ بتایا گیا کہ آپ کے باپ کا نام غلط ہے ۔ ان کاغذات میں آپ کے باپ کا نام حاجی صحبت خان لکھا ہے ۔ لیکن پیدائش کے کاغذات میں صرف صحبت خان یا محبت خان درج ہے ۔ اعتراض یہ تھا کہ نام کے ساتھ جو حاجی کا لفظ بڑھایا گیا ہے یہ غلط ہے ۔ اس نے کہا کہ جناب جب میں پیدا ہوا تھا اس وقت میرے والد صاحب حاجی نہیں تھے ۔ انہوں نے میری پیدائش کے بعد حج کیا ہے ۔ ریٹرننگ افسر نے کہا کہ کچھ بھی ہو۔ نقل پرچی پیدائش میں اور کاغذات نامزدگی میں آپ کے والد کا نام مختلف ہے اس لئے پیپرز خارج کئے جاتے ہیں ۔ یہ تھیں بے ضابطگیاں جو آپ کے وقت میں ہوئیں ۔ اور یہ تھے انتخابات جو آپ کے زمانہ

ہو کر آئے ہیں۔ ۱۹۵۱ میں یوسف خٹک صاحب اس علاقہ سے کھڑے ہوئے تھے جس علاقہ سے خان محمد حسین خان تشریف لائے ہیں ۔ ان کو ڈر تھا ۔ وہ لاہور سے آٹھ دس اخبار والوں کو اپنے ساتھ لے گئے ۔ وہ سمجھتے تھے کہ یہ اخبار والے میرے اوپر سایہ کریں گے اور ان کا یہ خیال تھا کہ خان عبدالقیوم ان سے ڈر جائیں گے ۔ ان کو کیا پتہ تھا کہ اس قسم کی باتوں کا علاج قیوم خان کو آتا ہے ۔ وہاں ووٹنگ ہورہی تھی ۔ اور یوسف خان خٹک کے صندوق کے صندوق بھرے جا رہے تھے۔ جب یہ دیکھا کہ مخالف امیدوار کو کچھ ووٹ نہیں ملے تو پولیس نے یوسف خان کے صندوق اٹھوا دئے۔ اور اخبار والوں کو بھگا دیا ۔ انہوں نے کافی چیخ و پکار کی ۔ تار دئے گئے ۔ کہ صندوق چوری ہو گئے ہیں اور ووٹنگ میں گڑ بڑ ہو رہی ہے لیکن وہاں کسی کی شنوائی نہ ہو سکتی تھی نہ ہوئی ۔ اصل بات یہ تھی کہ پرچی پر کراس کا نشان غائب تھا اس وقت کراس نہیں تھا ۔ اور جھرلو عام چلتا تھا ۔ تو کیا ہوا کہ پرچیاں رینگتے رینگتے ایک صندوق سے دوسرے صندوق میں چلی گئیں ۔ اور یہ بات آسان اس لئے تھی کیوں کہ پرچیوں پر کوئی نشان نہیں تھا ۔ یا کراس نہیں تھا ۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ پرچیوں کو بڑی آزادی تھی ۔

وزیر مال ۔ آزادی تو تھی ۔ جب ہی تو پرچیاں رینگتے رینگتے ایک صندوق سے دوسرے صندوق میں چلی گئی تھیں ۔ یہ کوئی ایسی بات نہیں جس میں کوئی شک و شبہ کی گنجائش ہو ۔ میں اس کا ریکارڈ بتا سکتا ہوں ۔ اور پھر آپ کو معلوم ہے اس کا ذکر کس نے کیا تھا ۔ خواجہ صاحب دل میں سمجھتے ہیں کہ جو کچھ میں نے کہا ہے وہ درست اور صحیح ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اور میرا خیال ہے کہ آپ بھی اپنے دل میں سمجھتے ہوں گے کہ جو کچھ ہم نے کہا ہے وہ بھی غلط نہیں ۔

وزیر مال ۔ جناب والا ۔ میں ایک اور حوالہ دوں گا ۔ میرے پاس ایک اخبار ''زندگی'' ہے ۔ غالباً یہ رحیم یار خان سے نکلتا ہے ۔ اور اس کے ایڈیٹر نذیر احمد چودھری ہیں ۔ یہ جماعت اسلامی کا اخبار ہے ۔ پہلے تو اس میں مجھے گالیاں دی گئی ہیں وہ اس لئے کہ مولانا مودودی صاحب سے کبھی کبھی محبت کا اظہار ہوتا رہتا تھا ۔ یہ جماعت اسلامی کا اخبار ہے ۔ مسلم لیگ کے کسی اخبار یا اس کی ساتھیوں یا ہمدردوں کے ساتھ تو ان کو کوئی ہمدردی نہیں ہو سکتی ۔ اس لئے میں ان کے اخبار ہی کا حوالہ دیتا ہوں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ یہ اخبار جماعت اسلامی کا اخبار نہیں کسی اور کا ہوگا ۔

وزیر مال ۔ میں اس اخبار کا حوالہ دیتا ہوں ۔ اس کے ۱۶ صفحے ہیں ۔ ایک صفحہ پر میرا ذکر ہے ۔ اور باقی ۱۵ صفحوں پر مولانا مودودی صاحب کی تعریف ہے ۔ آپ کے اس اخبار نے پہلی حکومتوں کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ۱۹۵۱ء میں کس طرح انتخابات ہوئے ۔ اس میں نوائے وقت اخبار کا حوالہ بھی دیا ہے ۔ جو کچھ میں بتا رہا ہوں وہ حمید نظامی مرحوم کے قلم کا لکھا ہوا ہے ان کا Produce کیا ہوا ہے ۔ ''زندگی'' اخبار میں صرف اس لئے دکھانا چاہتا ہوں کہ یہ میرا اخبار نہیں ہے یہ جماعت اسلامی کا اخبار ہے اور جماعت اسلامی سے ہمدردی رکھتا ہے ۔ اس میں مجھے گالیاں دی گئی ہیں اور مولانا مودودی کی تعریف کی گئی ہے نوائے وقت کا ایک آرٹیکل جو حمید نظامی مرحوم کا لکھا ہوا ہے اس ''زندگی'' اخبار میں reproduce کیا گیا ہے جسے میں آپ کے سامنے پڑھ کر سناتا ہوں ۔ اس سے آپ خود نتیجہ نکال لیں ۔ یہ میں خود نہیں کہہ رہا ہوں بلکہ حمید نظامی مرحوم نے یہ مضمون لکھا ہے ۔ حمید نظامی مرحوم ایک نہایت ہی قابل لائق اور دیانتدار آدمی تھے وہ جھوٹ نہیں لکھ سکتے تھے ۔ یہ اپنے اخبار صفحہ ۴ ۔ کالم ۴ ۔ میں فرماتے ہیں ۔

میں لکھتے ہیں اس کو word by word اور لفظ بہ لفظ اس میں لکھا ہوا ہے میں کہتا ہوں کہ آپ میری بات نہ مانیں یہ تو حمید نظامی کے الفاظ ہیں۔

''سنہ ۱۹۵۱ کے جن دنوں میں پنجاب میں الکشن ہو رہے تھے ان دنوں مسٹر یوسف خٹک جنرل سکریٹری پاکستان مسلم لیگ اس صوبے میں تشریف فرما تھے۔ ان دنوں جو یہاں دھاندلی ہوئی تھی اس کے خلاف اخبار میں احتجاج کرنا ہمارے لئے ناممکن تھا''۔

حمزہ صاحب کیا چلے گئے ؟ کیا وہ غائب ہو گئے ؟

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ وہ لابی سے سن رہے ہیں ۔

وزیر مال ۔ جناب یہ حمید نظامی کہہ رہے ہیں میں نہیں کہہ رہا ہوں ۔ میں کچھ نہیں کہوں گا ۔ حمید نظامی نے اخبار میں لکھا ہے کہ

''اخباروں پر سنسر بٹھایا جا چکا ہے''

جناب صدارتی انتخاب میں ہم نے اخباروں کو سنسر نہیں کیا تھا۔ اخبار جو چاہتے تھے لکھتے تھے اور جو چاہتے تھے شائع کرتے تھے ۔ ہم نے کھلی چھٹی دے رکھی تھی ۔ ہم نے سنسر نہیں لگایا تھا ۔ حمید نظامی لکھتے ہیں ۔

''کیونکہ اخباروں پر سنسر بٹھایا جا چکا ہے مگر مختلف ذرائع سے جنرل سکریٹری پاکستان مسلم لیگ مسٹر یوسف خٹک کی خدمت میں یہ گزارش پہونچائی گئی کہ خدا را اس دھاندلی کی مذمت کی جائے ورنہ پاکستان کے بعض اور صوبوں میں بھی یہی کچھ ہوگا ۔ ابھی پنجاب میں ہوا ہے ممکن ہے پھر سرحد میں ہو''۔

مگر صاحب موصوف پر اس کا اثر یہ ہوا کہ آپ کی موجودہ مسلم لیگ کونسل کے کرتا دھرتا (یہ مسلم لیگ کونسل اس پرانی مسلم لیگ

کی جانشین ہے) یوسف خٹک جو سنٹر میں حزب اختلاف کے لیڈر رہ چکے ہیں اب بھی وہ مسلم لیگ کے بڑے بھاری عہدیدار ہیں یہ ان کا ذکر ہو رہا ہے ۔ ہاں تو صاحب صدر میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یوسف خٹک نے بہ نفس نفیس ایک ضلع کے ڈپٹی کمشنر کو گورنر پنجاب سردار عبدالرب نشتر سے شکایت کی اور اس کے خلاف کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا ۔ اس ڈپٹی کمشنر کا قصور صرف یہ تھا کہ اس نے مسلم لیگ کے امیدوار کو ناجائز امداد دینے سے انکار کر دیا تھا اور خان صاحب کی موجودگی میں ان سے یہ کہنے کی گستاخی ہوئی تھی کہ ''میں کسی پارٹی کی امداد کرنے کے لئے اپنے فرائض منصبی سے تجاوز نہیں کر سکتا''۔ ملاحظہ ہو کہ یوسف خٹک آپ کے لیڈر ہیں انہوں نے گورنر سے کہا کہ اس ڈپٹی کمشنر کے خلاف کارروائی کی جائے جس نے مسلم لیگ کے امیدوار کو امداد دینے سے انکار کر دیا تھا ۔ آج حمزہ صاحب ہمارے اوپر انگلیاں اٹھا کر کہتے ہیں کہ انتظامیہ کو استعمال کیا گیا ۔ اگر میں اپنی طرف سے کچھ کہوں گا تو آپ انکار کر دیں گے اور کہہدیں گے کہ یہ غلط ہے لیکن حمید نظامی نے یہ خبر لکھی ہے جس سے آپ انکار نہیں کر سکتے اس نے جو کچھ لکھا ہے وہ ٹھیک لکھا ہے اس میں اختلاف نہیں ہے ۔ جناب والا ۔ میں آپ کو پکے انتخاب کی مثال دے رہا ہوں اور الحمدللہ آج خٹک صاحب پاکستان میں جمہوریت کے تحفظ اور مسلم لیگ کی نیک نامی کی فکر فرما رہے ہیں ۔

صوبہ سرحد کے آمر ''(یہ اشارہ خان عبدالقیوم خان کی طرف ہے) دھاندلی میں پنجاب سے بھی بازی لے گئے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ لیکن امر سے بازی کون لے گیا ؟

وزیر مال ۔ اس میں اختلاف ہے ۔ جناب والا۔ شان ۔ صندوق سے ۔۔ ، بیلٹ پیپر stamped نکلے جن پر نہ دستخط تھے اور نہ انگوٹھا تھا ۔ جب دیکھا کہ ہمارے صندوق خالی ہیں تو وہ کاؤنٹر فائل جو پھاڑے نہیں گئے

پاکستان کے اخلاق کردار کے ساتھ جو طرز عمل روا رکھا گیا ہے اس کی ادنیٰ سی مثال آپ کی وہ دھاندلیاں ہیں جو اس وقت برسراقتدار لوگ اختیار کرتے تھے اور طرح طرح کی الزام تراشی میں مصروف رہتے تھے جناب والا شان! یہ آپ کے اس دور کا ذکر ہے نہ کہ ہمارے دور کا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ آپ اس سے بھی بڑھ گئے ہیں ۔

وزیر مال۔ یہ پروپیگنڈا کیا گیا۔ یہ شرمناک سےشرمناک باتیں کی گئی جو میں نے حقیقت پسند لوگوں کے سامنے مختصر ترین حوالہ جات کے ساتھ ہے پیش کر دیں ۔ ان لوگوں کی بہتان طرازیوں کو حقیقت کے ساتھ جو تعلق ہے اس کا آپ خود ہی اندازہ لگا لیجئے۔ جناب والا شان ۔ مرحوم محمد ابراہیم خان جھگڑا کا دوسرا پراونشل مسلم‌لیگی صدارتی انتخاب عبدالقیوم خان سے ہوا آپ کو پتہ ہے کہ اس میں کیا ہوا اور اس کے بعد وہ جس طرح کامیاب ہوئے ۔ لیکن جونہی عبدالقیوم خان صاحب کامیاب ہوئے ــــــــــــــــــاس دن ایک صاحب نے یہاں فرمایا تھا کہ انگریزوں نے ہم کو یہاں بہت حقوق دئے تھے۔ ہماری میونسپل کمیٹیوں اور ڈسٹرکٹ بورڈ اور ان کے چیئرمین منتخب ہو کر آتے تھے اور دیکھئے آپ کی Regime نے کیا کیا ۔ صدر ایوب نے ہم سے یہ حقوق چھین لئے ۔ آپ کو پتہ ہے عبدالقیوم خان نے منتخب ہوتے ہی اور اپنے دور حکومت میں کیا کیا ۔ انہوں نے ایک ایک میونسپل کمیٹی ایک ایک ڈسٹرکٹ بورڈ کو معطل کر دیا اور توڑ دیا ۔ کی تاریخ ہے ؟ یہ صدیوں کی تاریخ نہیں ہے یہ آپ کی یاد کی یہ کب بات ہے ۔ اور چند سال کی بات ہے ۔ جیسے ہی وہ بر سراقتدار آئے ۔ انہوں نے پہلا کام اور پہلا کارخیر یہ کیا کہ آپ کو جو بنیادی حقوق ملے تھے یکے بعد دیگرے ایک سرے سے دوسرے تک تمام میونسپل کمیٹیز تمام نوٹیفائڈ ایریا کمیٹیز کو انہوں نے توڑ دیا اور کس کو مقرر کیا ؟ اسمبلی کے ممبروں کو ان کا Administrator مقرر کیا ۔ یاد رکھئے صفدر صاحب کہ جب تک وہ صوبہ سرحد میں برسراقتدار رہے کسی میونسپل کمیٹی کسی ڈسٹرکٹ بورڈ میں انتخاب نہیں ہوا ۔ سب کی سب ٹوٹی ہوئی تھیں ہوئی پڑی تھیں اور

ان کو انھوں نے حوالے کر دیا تھا Administrators کے ۔ اور وہ ایڈمنسٹریٹر اسمبلی کے ممبر ہوا کرتے تھے۔ پھر ہمیں طعنے دیتے ہیں لیکن ہم بھی کہتے ہیں ۔

''الٹے وہ شکوے کرتے ہیں کس کس ادا کے ساتھ
بے طاقتی کے طعنے ہیں عذر جفا کے ساتھ''

ہمیں طعنے دیئے جاتے ہیں ۔ انگریز ہم کو طعنے دیں، امریکہ والے طعنے دیں، فرانس والے ہمیں طعنے دیں ۔ ہم ان کو جواب دے دیں گے لیکن آپ کے منہہ سے یہ بات ٹھیک نہیں لگتی کہ حمزہ صاحب یا ان کے ہمنوا اور ساتھی ہمیں طعنے دیں کہ آپ نے انتخابات میں انتظامیہ کی مشینری کو استعمال کیا ہے ۔ ہم نے انتخابات میں انتظامیہ کی مشینری کو استعمال نہیں کیا ۔ جب ابراہیم ان کے مقابلے میں ہار گئے تو جن لوگوں نے ان کو ووٹ نہیں دیا تھا ان پر آفت آن پڑی تھی ۔ ایک ایک کو ہٹائے گئے۔ کسی ڈپٹی کمشنر پر شک ہوا تو اسے کہا چھٹی کر جاؤ ۔ ایک ایس پی تھا مردان کا خان محمد علیخان کے ضلع میں ۔ ایس پی سے ناراضگی ہوئی کہ آپ نے میری امداد نہیں کی ۔ اس کو demote کر کے ڈی ۔ ایس ۔ پی کیا گیا ۔ ایک ڈپٹی کمشنر تھا وہ غریب چل بھی نہیں سکتا تھا اس کو کہا کہ تم گلگت جاؤ ۔ اس نے انکار کیا اور کہا کہ میں استعفیٰ دے دوں گا ۔ وہ تھا خان محمد اسلم خان ۔ اس نے کہا کہ میں وہاں نہیں جا سکتا ۔ میں نوکری نہیں کر سکتا ۔ اس کے علاوہ ایک تماشہ اور دیکھا کہ کلاچی کا ایک ایڈمنسٹریٹر تھا ۔ اس کو آرڈر ہوا کہ تم dismiss کئے جاتے ہو اس کا نام اغلباً ''اورنگ زیب خان تھا جہاں تک کہ مجھے یاد ہے ۔ وہ قیوم صاحب کے پاس پہنچا اور کہا کہ جناب میرا گناہ کیا ہے مجھے کیوں ڈسمس کیا تو اس نے کہا کہ تم نے میرے خلاف ووٹ دیا تھا ۔ اس نے کہا کہ جو کچھ ہو گیا سو ہو گیا ۔ اورنگ زیب کا نام سنتے ہی اس کے دل میں خیال پیدا ہوا کہ ہو نہ ہو یہ کلاچی کا ایڈمنسٹریٹر ہے تو اس کو موقوف کر دیا ۔ نکال دیا ۔ وہ غریب رویا

میں تو صرف اس کا ہم نام ہوں ۔ اس کو دھاندلی کہتے ہیں ۔ اس کو vindictiveness کہتے ہیں ۔ اس کو بدعنوانی کہتے ہیں تو بھائی یہ غلط باتیں ہیں جو آپ کرتے ہیں ۔ آپکو غیر ممالک کے لوگ بھی یہ گواہی دیں گے کہ ان انتخابات سے زیادہ آزادانہ اور منصفانہ اور ان سے زیادہ غیر جانبدارانہ انتخابات نہ کبھی آپ نے دیکھے ہوں گے اور نہ آئندہ دیکھ سکیں گے ۔

خواجہ محمدصفدر ۔ ہمنے کبھی ایسا انتخاب نہیں دیکھا ۔ (قہقہہ)

وزیر مال ۔ آپ کی Constituent Assembly کیا تھی ۔ ہماری Constituent Assembly بھی آپ نے دیکھ لی ہے ۔ آپ کی کا کیا حال تھا ۔ اگر ایک ضلع میں آٹھ ممبر ہیں تو چار ممبر بھیج دئے جاتے ہیں ۔ پھر آپ ہمیں طعنے دے رہے ہیں کہ ۸۰ ہزار نے صدر ایوب کو منتخب کر لیا ہے ۔ پتہ نہیں کہ آپ کے سیالکوٹ میں کتنے ممبر ہوں گے سیالکوٹ کے بارہ ممبروں نے بیٹھ کر چھ کو Constituent Assembly کا ممبر بنایا ہے ۔ آپ کی Constituent Assembly عوام کی منتخبہ اسمبلی تھی ۔ یہ عوام کی نمائندہ تھی ۔ کوئٹہ کو میونسپل کمیٹی نے اپنے ممبروں کو Constituent Assembly کی ممبری کے لئے بھیجا ۔ ہمارے Electoral College کے ممبران جو کہ Adult Franchise کی بنیاد پر منتخب ہوئے ہیں اور Universal Adult Franchise کی بنیاد پر بنیادی جمہوریت کے ممبران Electoral College کے ممبران منتخب ہوئے ہیں ۔ وہ ۸۰ ہزار ہم کو ووٹ دیتے ہیں ۔ اور پھر آپ کہتے ہیں کہ وہ قوم کے نمائندے نہیں ہیں اور آپ کے ضلع کے بارہ آدمی چھ کو بھیج دیتے ہیں اور آپ کہتے ہیں کہ وہ قوم کے نمائندے ہیں ۔ آپ میونسپل کمیٹی کے ممبر بھیجتے ہیں تو آپ کہتے ہیں کہ وہ قوم کے نمائندے ہیں ۔ میں نے تو یہی عرض کرنا تھا ۔ باقی باتوں کا جواب شیخ صاحب دیں گے ۔ میں نے کہہ دیا تھا کہ فائننس بل پر بولتے بولتے فرماتے فرماتے حمزہ صاحب پھسل گئے تھے ۔

رکھیں اور آنکھیں بند کر کے سوچیں کہ ان دنوں کسی اور کے دور اقتدار میں کیا کیا دھاندلیاں ہو رہی تھیں ۔ کیا کچھ تھا جس کو تصور کیا جا سکتا ہے اور کیا کچھ نہیں ہوا ؟ جمہوریت کا گلا انہوں نے کاٹ دیا تھا تو یہ طرز حکومت آپ کو ہی پسند ہوگی ۔ ہمیں تو صدارتی طرز حکومت پسند ہے ۔ آپ کو پارلیمانی طرز حکومت کا بھی پتہ ہے ۔ اس کا ۱۰/۱۲ سال تجربہ کیا گیا ۔ ہمارے تجربے کے مطابق پارلیمانی طرز حکومت فیل ہو چکی ہے ۔ دنیا میں اگر پارلیمانی طرز حکومت کامیاب رہی ہے ، تو شاید صرف ولائت میں ہے باقی کسی جگہ نہیں ہے ۔ امریکہ کی طرز حکومت بالکل الگ ہے ۔ صدارتی طرز حکومت فرانس کی بالکل الگ ہے ۔ جرمنی کی بالکل الگ ہے ۔ سوئٹزرلینڈ کی بالکل الگ ۔ روس کی الگ ۔ چین کی الگ ۔ افغانستان کو دیکھئے وہ الگ ہے ۔ پھر کہتے ہیں کہ ہم انگریزوں کی نقل کرتے ہیں ۔ آپ انگریزوں کے دلدادہ ہیں ہم تو نہیں ہیں ۔ ہم تو یہ سمجھتے ہیں کہ ہمیں صدارتی طرز حکومت کی ضرورت ہے ۔ باقی یہ بات کہ کون سی طرز حکومت ہمیں راس آتی ہے کون سا System of elections ہمارے لئے بہتر ہے جس میں لوگوں کو فائدہ ہو تو ہم تو یہی کہیں گے کہ ہمیں صدارتی طرز حکومت ہی پسند ہے ۔ آپ امریکہ اور انگریزوں کو سراہتے جائیں ۔ ہم آنکھیں بند کر کے ان کی نقل اور تقلید نہیں کر سکتے ۔ لہذا میں یہ عرض کر دیتا ہوں کہ جتنے الزامات اس ضمن میں ہم پر لگائے گئے ہیں وہ سب بے بنیاد ہیں ۔ مجھے پتہ نہیں کہ شیخ صاحب کے فائننس بل کے کس سیکشن میں ۔ شیڈول یا آرٹیکل میں انتخابات کا ذکر آتا ہے لیکن جہاں تک میرا خیال ہے شیڈول میں کہیں انتخابات کا ذکر نہیں تھا ۔ تو میں کہتا ہوں کہ اس ضمن میں آپ نے جو کچھ فرمایا ہے یہ ٹھیک نہیں ۔ بار بار دھرانے سے آپ کے دلائل مضبوط نہیں ہوتے بلکہ اس طرح ایک ہمیں موقعہ دیتے ہیں کہ ہم آپکا پول کھولیں آپکو یاد دلائیں کہ آپکے دور اقتدار میں کیا ہوا ۔

Thank you very much.

certain allegations have been made that the Presidential elections had been rigged and that they were not fair. I had moved about during the election period and I can tell you this much that many an official was luks-warm. Why ? There was a lot of propaganda, there was a lot of hulla-gulla and there was a lot of mass and let me assure you that there was no loophole for officialdom to see where the vote goes, which side it goes and where it may go. So to make this charge that elections were forced upon the people is not correct. That was not so. The people of Pakistan, who are the real people of Pakistan, waited, they judged, they saw in the projection meetings and they had to look over that Pakistan was achieved after 5 to 6 lakh Muslims were massacred and butchered in the Indo-Pakistan sub-continent. They wanted their freedom, they wanted justice, they wanted a strong Pakistan and they wanted to ward off imperialism. Then they selected their choice and the choice was the President. The President was chosen by the progressive people, by the pratiotic people, by the people who are the sons of their soil and not by the lackeys of imperialism and colonialism who have been left behind in this country. Not only this but there were foreign countries interested in this matter also. The Indian imperialism took a big part, reactionaries from other parts of the world took a big part. Why was it so ? They thought that Pakistan has been created to be tied to the heels of imperialism. It is the President who has broken these chords. They wanted to topple him, they wanted to remove him. It was the people who juged that why did they want to remove him ? It was because he had good relations with the great Chinese people. The great Chinese people are today the bastion of the oppressed and suppressed peolpes and nations of the world. They have supported you in Kashmir, they have supported your just cause and they have supported you in the "Rann of Kutch. And the Great Prophet said," if you have to learn something go to China." And the President did what the Great Prophet said. We as Muslims must accept what the Great Prophet said.

Then, our relations with the great Soviet people were not liked. The tendency was to have fraternal relations with the Soviet people. Imperialism had created a wall between us and them. We belong to the North. The *divine wind* comes from the North. The river Indus comes from the North. Our race comes from the North and we were deprived of this contact with the USSR. The people saw this. The people looked into this and the people gave their verdict. And that verdict is the verdict of the progressive people, of the patriotic people and of the common man and not of the lackeys left behind by the imperialists.

There has been a charge made that Ben Bella x x x x x x x x I do not want to comment on theirinternal matters and on what has happened in Algeria. But, I must say that Ben Bella as an individual represents the revolutionary forces, the progressive forces, the emerging forces, the ant-imperialism forces, the ant-colonial forces and the anti-neo-colonial forces in Asia, Africa and Latin America. * x x x x x x x x He was a great resolutionary. * x x x Thank you very much.

Mr. Speaker : Mr. Akhter Ayub I have already expunged these remarks from the proceedings of the Assembly.

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب ! میں نے چند باتیں بن باللہ کے بارے میں کہی تھیں ۔ وہ آپ نے expunge کر دیں ۔ یا تو آپ مجھے اجازت دیجئے . . . .

Mr. Speaker : The member may please take his seat.

آپ کے remarks بھی expunge ہو گئے ہیں اور ان کے remarks بھی expunge ہو گئے ہیں ۔

Minister of Finance : Sir, I move the closure.

جناب والا ۔ میں ساری رات بیمار رہا ہوں ۔ اس وجہ سے صبح حاضر نہ ہو سکا ۔ تفصیلاً جواب third reading پر دونگا ۔

Mr. Speaker : I will now put the question. The question is :

That the West Pakistan Finance Bill, 1965 be taken into consideration at once.

The motion was carried.

Clause 2

Mr. Speaker : We will now take up the Bill clause by clause. Clause 2. There is no amendment in this clause. The question is :

That clause 2 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 3

Mr. Speaker : Clause 3. There is an amendment proposed by Rai Mansab Ali Khan Kharal. He may please move it.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, there is an objection to this amendment. This amendment was received only yesterday. Under the Rules two days clear notice is required to move any amendment. It is Rule 66.

مسٹر سپیکر ۔ رائے صاحب وہ کیا حالات تھے کہ آپ پہلے نوٹس نہ دے سکے ؟

رائے منصب علی خان کھرل ۔ جناب والا ۔ جونہی میں نے سوچا کہ اس بل میں یہ ترامیم ہونی چاہئیں اور یہ نہایت ضروری ہیں ۔ میں نے اپنی پہلی فرصت میں ان کا نوٹس دے دیا ۔ جناب والا ۔ چونکہ یہ فنانس بل ہے اور بہت ضروری بل ہے اور اس کے مندرجات سارے ملک کے عوام پر اثر انداز ہونے والے ہیں اس لیے مجھے یہ ضروری ترامیم پیش کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی جائے ۔

Minister of Finance : Sir, any amendment in the Finance Bill re-

taking his assent but the Governor was not here. So this delay was inevitable.

Minister of Law : Sir, it was passed on to the Assembly Secretariat within fifteen minutes after it was received from the Governor.

خواجہ محمد صفدر ــ جناب والا۔ کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ رائے صاحب کی بات درست ہے یا وزیر خزانہ کی بات درست ہے ۔ اور جناب میں یہ عرض کروں گا کہ ہمیں یہ ترامیم آج صبح ملی ہیں ۔ رات کے کسی وقت جو میں یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ بارہ بجے کے بعد کا وقت تھا اسمبلی کا ملازم انہیں ہمارے ہاں چھوڑ گیا تھا ۔ کیوں کہ میں بارہ بجے رات کے بعد سویا ہوں ۔ ہمیں یہ صبح ملی ہیں ۔ اور اتنے شارٹ نوٹس پر ہم کسی طرح بھی موزوں طریق پر اس کا جواب نہیں دے سکتے ۔

مسٹر سپیکر ــ یہ وضاحت کی گئی ہے کہ ان ترامیم کے لیے گورنر صاحب کی منظوری ضروری تھی اور وہ دیر سے آئی ہے ۔ اس لیے وہ یہ ترامیم دیر سے پیش کر رہے ہیں ۔ اس وضاحت کے پیش نظر وہ انہیں پیش کرنے میں حق بجانب ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ــ محرک تو کہتا ہی نہیں ۔

مسٹر سپیکر ــ رائے صاحب آپ نے یہ ترامیم گورنر صاحب کی منظوری کے لیے بھیجی تھیں نا ؟

رائے منصب علی خان کھرل ــ یہ تو ظاہر ہے ۔ اس کے کہنے کی کیا ضرورت ہے ۔ کیوں کہ اس کے بغیر کوئی ترمیم پیش ہی نہیں ہوسکتی ۔

Mr. Speaker : In view of the statement and explanation submitted by Rai Mansab Ali Khan Kharal I suspend Rule 66 in this respect and allow the amendment to be moved. Yes, Rai Sahib.

Rai Mansab Ali Khan Kharal : Sir, I move :

That for clause 3 of the Bill, the following be substituted, namely :—

"3. (1) There shall be levied and collected from every owner's of land which is

Mardan, Kohat, Peshawar, Campbellpur, Dera Ghazi Khan, Gujranwala, Gujrat, Jhelum, Jhang, Multan, Muzaffargarh, Rawalpindi, Sargodha, Sheikhupura and Sialkot on the land revenue payable in the agricultural year 1964-65, an additional amount of agricultural income-tax by way of surcharge at the rates specified in the FIRST SCHEDULE.

Explanation :—For purposes of this section "agricultural year" means the agricultural year as defined in the Punjab Land Revenue Act, 1887.

(2) The provisions of the North-West Frontier Agricultural Income-Tax Act, 1948, and the Punjab Agricultural Income-Tax Act, 1951, shall, so far as may be, apply to the assessment, collection and recovery of the surcharge imposed under this section."

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That for clause 3 of the Bill, the following be substituted, namely :—

"3. (1) There shall be levied and collected from every owner of land which is assessed to agricultural Income-tax in the Districts of Bannu, Dera Ismail Khan, Hazara Mardan, Kohat, Peshawar, Campbellpur, Dera Ghazi Khan, Gujranwala, Gujrat, Jhelum, Jhang, Multan, Muzaffargarh, Rawalpindi, Sargodha, Sheikhupura and Sialkot on the land revenue payable in the agricultural year 1964-65, an additional amount of agricultural income-tax by way of surcharge at the rates specified in the FIRST SCHEDULE.

Explanation :—For purposes of this section "agricultural year" means the agricultural year as defined in the Punjab Land Revenue Act, 1887.

(2) The provision of the North-West Frontier Agricultural Income-Tax Act, 1948, and the Punjab Agr cultural Income-Tax Act, 1951, shall, so far as may be, apply to the assessment, collection and recovery of the surcharge imposed under this section."

Mr. Speaker : Is there any opposition to this amendment ?

Khawaja Muhammad Safdar : Yes Sir.

Mr. Speaker : Yes, please

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔۱) ۔ جناب والا ۔ آپ اس ترمیم کے الفاظ ملاحظہ فرمائیں یہاں بعض اضلاع پر یہ ٹیکس عائد نہیں کیا جا رہا ہے ۔ اور بعض اضلاع اور علاقوں پر مثلاً سابق صوبہ پنجاب میں ایسے اضلاع ہیں کہ جن پر یہ ٹیکس عائد کیا جا رہا ہے ۔ یا تو محرک صاحب اس کی وجہ ارشاد فرماتے کہ جن اضلاع کو مستثنیٰ کر دیا گیا ہے ۔ مثال کے طور پر لاہور ۔ وہاں کے لوگوں نے ان کی کیا خدمات سر انجام دی ہیں ۔ اور سیالکوٹ وغیرہ یا شیخوپورہ ، سرگودھا ، راولپنڈی ، اور مظفر گڑھ وغیرہ یعنی سابقہ پنجاب کے دس اضلاع اس میں درج ہیں ۔ اور باقی اضلاع اس میں درج نہیں ہیں ۔ میں نہیں چاہتا کہ ان اضلاع کی بھی شامت آ جائے ۔ اور ان پر بھی یہ ٹیکس لگا دیا جائے ۔ لیکن میں یہ حق تو کم از کم رکھتا ہوں کہ سیالکوٹ جیسے پسماندہ اور غریب ضلع پر یہ بار کیوں ڈالا جا رہا ہے ۔ یہ ضلع تو اپنی غربت کے لیے

ھی دے سکتے ھیں ۔ ذھین آدمیوں کے لیے یہ ٹیکس دینا دشوار ھے ۔ اس لیے میں وزیر خزانہ صاحب سے دریافت کرتا ھوں کہ وہ ترمیم کیوں لائے ھیں کیوں کہ ان کی سفارش پر ھی اس ترمیم کی سفارش گورنر صاحب نے کی ھوگی ۔ تو کم از کم ھمیں سمجھائیے کہ ان اضلاع میں کیا خصوصیت دیکھی گئی ھے ۔ اور اگر اس میں کوئی غلطی ھو گئی ھو ، تو پھر اس کی تصحیح کی جائے ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق)۔ جناب والا ۔ یہ Printing mistake ھے ۔ اور اس میں پوری لائین ھی رہ گئی ھے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ I am sure there is a mistake اگر میرے ضلع کی لائن رہ گئی ھے، تو پھر تو میں مشکور ھوں ۔

وزیر خزانہ ۔ میں خواجہ صاحب کا مشکور ھوں کہ انہوں نے بر وقت اس چیز کو Point out کیا ھے ۔ لاھور اور دیگر اضلاع کے متعلق انہوں نے جو فرمایا ھے ۔ در اصل سابقہ پنجاب سارا ھی رہ گیا ھے ۔

Khan Muhammad Yusuf : It appears Sir that there is no business for transaction. The House, should, therefore, be adjourned for ten minutes.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ بہتر ھے کہ حزب اقتدار آپس میں مشورہ کرے کیوں کہ میرے خیال میں اس میں Lacuna ھے ۔ اور اسے آپس کے مشورے کے بعد ھی دور کیا جا سکتا ھے ۔ اس لیے میری تجویز ھے کہ ایوان کی کارروائی دس پندرہ منٹ کے لیے ملتوی کر دی جائے ۔

Mr Speaker : Khawaja Sahib, let them ask for the adjourment.

Khan Muhammad Yusuf : Sir is there any provision in the rules by which the House remains suspended for some time ?

Mr. Speaker : No.

Khan Muhammad Yusuf : Then I request that it should be adjour-

وزیر خزانہ ــ جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ اس ترمیم کے لیے بھی گورنر صاحب کے دستخط کی ضرورت ہے ۔ اس لیے میں یہ عرض کروں گا کہ آپ ایوان کی کارروائی سات بجے شام تک ملتوی کر دیں ۔

We have to send a man wherever he is.

خواجہ محمد صفدر ــ اگر گورنر صاحب یہاں تشریف رکھتے ۔ تو بہتر تھا کہ کسی کو بھجوا کر . . . .

وزیر خزانہ ــ وہ یہاں نہیں ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ــ جناب والا ۔ پھر میں ان سے درخواست کروں گا کہ کل صبح تک اس کو ملتوی کر دیں کیوں کہ کل بھی اس کے پاس ہونے میں دقت نہ ہوگی ۔ میں نے اس لیے عرض کیا تھا کہ شاید گورنر صاحب یہیں ہوں ۔ اور اگر وہ یہاں نہیں ہیں ، تو پھر آج شام تک تو ان کے دستخط حاصل کرنا مشکل بات ہوگی ۔ پچھلے سال کی طرح راتوں رات آدمی بھیج کر ان سے دستخط کروا لیں ۔

وزیر خزانہ ــ جناب والا ۔ مجھے خواجہ صاحب کی تجویز سے اتفاق ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ــ شکریہ ۔ ہم کل صبح آٹھ بجے یہاں اکٹھے ہو سکتے ہیں ۔

Mr. Speaker: I think it is the sense of the House that the House should be adjourned for tomcrrow.

پیشتر اس کے کہ ایوان کی کارروائی ملتوی کر دی جائے ۔ میں معزز اراکین کے نوٹس میں یہ چیز لانا چاہتا ہوں کہ آج کا لیکچر ساڑھے پانچ بجے شام کو ہوگا ۔ کیونکہ ساڑھے چھ بجے میمن صاحب کی چائے کی دعوت ہوگی ۔ اور مجھے امید ہے کہ میمن صاحب کی چائے کی دعوت میں جتنے ممبر صاحبان شرکت کریں گے ۔ لیکچر سننے کے لیے وہ اتنے ہی تعداد

میں تشریف لائیں گے ۔

Minister of Law : Sir we can utilise the rest of the day for the remaining business, which is on the Orders of the day.

Khawaja Muhammad Safdar : No Sir. We are just in the middle of this bill and we are not prepared for that.

Mr. Speaker : Yes, that is not possible.

The House is adjourned for tomorrow to meet at 8-00 a.m.

The Assembly then adjourned till 8-00 a.m. on Wednesday, the 30th June, 1965.

Wednesday, the 30th June, 1965.

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-00 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝ وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيْلًا اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ۝

(پ ۱۴ - س ۱۶ - ع ۱۸ و ۱۹ - آیات ۸۹ تا ۹۱)

اور (اس دن کو یاد کرو) جس دن ہم ہر امت میں سے خود ان پر گواہ کھڑے کریں گے۔ اور اے پیغمبر تم کو ان لوگوں پر گواہ مقرر کریں گے۔ اور ہم نے تم پر ایک (ایسی کتاب) نازل کی ہے کہ اس میں ہر چیز کا بیان مفصل موجود ہے اور مسلمانوں کے لئے ہدایت اور رحمت اور بشارت ہے اللہ تم کو انصاف کرنے، احسان کرنے اور رشتہ داروں کو (دادودہش) کرنے کا حکم دیتا ہے اور بے حیائی کے کاموں اور مطلق برے کاموں اور بغاوت و سرکشی سے منع کرتا ہے۔ (اور) نصیحت کرتا ہے تاکہ تم یاد رکھو۔ اور اللہ سے پختہ عہد کرو تو اس کو پورا کرو اور جب پکی قسمیں کھالو۔ تو ان کو مت توڑو کیونکہ تم اللہ کو اپنا ضامن مقرر کر چکے ہو۔ اور جو کچھ بھی تم کرتے ہو۔ اللہ اس سے اچھی طرح واقف ہے۔ وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker : Now the Question Hour. Kazi Muhammad Azam Abbasi.

INSTALLATION OF FACTORIES OF SUGAR, TEXTILE, CLOTH AND PAPER MILLS, ETC., IN THE PROVINCE

*92. **Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state whether it is a fact that sugar, textile, cloth and paper mills and factories for production of agricultural machinery spare parts are likely to be installed in the Province during the Third Five Year Plan ; if so, the proposed location thereof ?

Parliamentary Secretary (Khan Mukarram Khan) : The Third Five Year Plan and the proposed Industrial Investment Schedule contain provisions for establishing sugar, textile, paper and agricultural machinery spare parts manufacturing units in the Province of West Pakistan. The location of such units has, however, not yet been determined and it is, therefore, not possible at this stage to indicate the same, but the claims of underdeveloped areas compatible with feasibility would be duly considered in this regard by the Government as well as by the Financing Agencies.

Kazi Muhammad Azam Abbasi : I want to know whether Hyderabad Division comes in that category ?

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ جناب والا ۔ یہ سلسلہ ڈویژن وار نہیں ہوتا ۔

Minister of Law : Probably Hyderabad may not included in that category because the Member, who himself is from Hyderabad, knows that it has developed industrially by loops and bounds.

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا ۔ کیا جناب پارلیمنٹری سیکریٹری اس بات کی وضاحت فرمائینگے کہ شکرسازی کے کارخانے لگاتے وقت اس بات کو مد نظر رکھا جاتا ہے کہ جس جگہ فیکٹریاں لگانی ہوں وہاں ان کے لئے خام مال کا ہونا بھی ضروری ہوتا ہے ؟

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ جناب والا ۔ اس کا ضرور خیال رکھا جائیگا ۔ اور اب تو ویسے ھی کارخانے ایسے مقامات پر لگائے جا رہے ھیں جہاں ان کے لئے خام مال کی پیداوار کافی ھو ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا ۔ اگر یہ حقیقت ھے تو پشاور ڈویژن میں شکر اور قند سازی کے لئے کافی خام مال موجود ھے ۔ اور وھاں مزید فیکٹریاں لگانے کی ضرورت ھے ۔ کیا حکومت اس کی طرف توجہ دیگی ؟

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ جناب والا ۔ وھاں پہلے ھی دو تین شکر کے کارخانے موجود ھیں اور اب چوتھا کارخانہ لگانا زیر تجویز ھے ۔ لیکن اسے لگانے میں کچھ ٹیکنیکل مشکلات ھیں ۔ معزز ممبر کے سوال کا جواب اس وقت میرے پاس موجود نہیں ۔ اس لئے اسے باقاعدہ طور پر تیار کر کے دیا جائیگا ۔

مسٹر سپیکر ۔ معزز ممبر صاحبان ضمنی سوالات کرنے کے بعد تشریف رکھا کریں ۔ اور اسی طرح پارلیمنٹری سیکریٹری صاحبان سوالوں کے جواب دینے کے بعد تشریف رکھا کریں ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ کیا یہ حقیقت ھے کہ انڈسٹریز لگاتے وقت پس ماندہ علاقوں کا خیال نہیں رکھا جاتا اور کیا آئندہ پس ماندہ علاقوں کو اور علاقوں کی نسبت ترجیح دی جائے گی ؟

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ ضرور خیال رکھا جائے گا کیونکہ پس ماندہ علاقوں کی ترقی بہت ضروری ھے ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ کیا یہ حقیقت ھے کہ سابقہ صوبہ فرنٹیر کا کوٹا ۱/۷ حصہ ھے لیکن اس سلسلہ میں ۱/۵۰ سے بھی کم حصہ دیا گیا ھے ۔

Minister of Law : I think, the question has been answered.

جب یونٹ بنیں گے ، تو پس ماندہ علاقوں کا ضرور خیال رکھا جائے گا ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا میں جناب پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب سے دریافت کرسکتا ہوں کہ جب ہماری حکومت نئے کارخانے نصب کرنے والوں کے لئے خام مال کی فراوانی اور دوسری اقتصادی ضروریات کو مدنظر رکھتی ہے ۔ تو کیا سیاسی طور پر کسی کو نوازنے یا نقصان پہنچانے کو بھی مد نظر رکھتی ہے یا نہیں ۔

Minister of Law : I do not quite understand what the Member wants.

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ میں نے یہ دریافت کیا ہے کہ جب آپ کسی کارخانہ کے لگانے کے لئے خام مال کو مد نظر رکھتے ہیں تو کیا سیاست کو بھی ملحوظ رکھتے ہیں ۔

وزیر قانون ۔ ہم سیاست کو قطعاً بیچ میں نہیں لاتے ۔ البتہ Relevant factors کا ضرور خیال رکھتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا ان Relevant factors میں سیاست کو بھی دخل ہے یا نہیں ۔

Mr. Speaker : This has already been replied. Next question.

FIRE IN STRAW BOARD MILLS RAHWALI

*93. **Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state whether it is a fact that a huge fire which broke out on the night of April 20, 1965 in the Straw Board Mills, Rahwali, District Gujranwala caused extensive damage to its building, machinery and the stocks, if so, (*i*) the cause of the fire (*ii*) the estimated loss and (*iii*) the result of enquiry, if any ?

Parliamentary Secretary (Khan Mukarram Khan) It is a fact that fire broke out in the Sethi Straw Board Mills Ltd. Rahwali, District Gujranwala, on the night of 20th of April, 1965. The extent of the damage is not available. The Provincial Government do not hold inquiry in Private Companies' affairs unless called upon to do so. The cause of the fire is not known. However, Sethi Straw Mills, Ltd., Rahwali, have attributed the cause of fire to some defect in the electrical circuit.

CEMENT FACTORIES RUN BY WEST PAKISTAN INDUSTRIAL DEVELOPMENT CORPORATION

***103. Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state :—

(*a*) the names of Cement Factories run by W P. I. D. C. alongwith their total estimated annual production ;

(*b*) names of Cement Factories in the Province which are not under the control of Government alongwith their total estimated annual production ;

(*c*) the selling rates of the cement produced by the W. P. I. D. C. and privately owned cement factories prevailing in April and May, 1965, respectively and in case there is any difference in the rates ; reasons thereof ;

(*d*) whether Government intend to install more cement factories during the year 1965-66 or during the 3rd Five Year Plan ; if so, the number and locations thereof ?

Parliamentary Secretary (Khan Mukarram Khan) (*a*) The names of Cement Factories under the control of WPIDC alongwith their estimated annual production is as under :

(*i*) Zeal Pak Cement Factory Hyderabad-4,80,000 tons

(*ii*) Maple Leaf Cement Factory Daudkhel—2,50,000 tons.

(*b*) The following are privately owned factories and the total estimated production is given against each :—

(*i*) M/s Valika Cement Ltd ; Manghopir, Karachi. 3,00,000 tons.

(*ii*) M/s Pakistan Progressive Cement Industries Ltd., Dandot 55,000 tons.

(*iii*) M/s Pakistan Progressive Cement Industries Ltd ; Shantinagar, Karachi. 1,60,000 tons.

(*iv*) M/s Ismail Cement Industries Ltd., Gharibwal District Jhelum. 4,00,000 tons.

(*c*) The selling rates of Cement produced in the factories under the control of WPIDC and other factories are as under :—

WPIDC FACTORIES :—

(*i*) Zeal Pak Cement Factory Hyderabad and

(*ii*) Maple Leaf Cement Factory Daudkhel.

(*a*) Ex-factory	...	Rs. 81.00
(*b*) Surcharge	...	Rs. 7.00
(*c*) Excise Duty	...	Rs. 15.00
(*d*) Sales & Rehab. Tax @ 16%	...	Rs. 16.48
(*e*) Siding charges	...	Rs. 0.41
		Rs. 119.89

(*f*) F. O. R. Station of despatches per ton

Privately owned Cement Factory :—

(*iii*) M/s Valika Cement Ltd, Manghopir, Karachi :—

Ex-works excluding all charges	...	Rs. 87.00
Surcharge	...	Rs. 7.00

Excise Duty	...	Rs. 15.00
Sales Tax @ 15% on surcharge duty paid value	...	Rs. 15.45
Reh : Tax @ 1% on surcharge duty paid value	...	Rs. 1.03
		Rs. 125.48

(*iv*) M/s Pakistan Progressive Cement Industries Ltd ; Dandot—(Provisionally same as against item No. (*iii*) above)

(*v*) M/s Pakistan Progressive Cement Industries, Ltd ; Shantinagar, Karachi. (Same as against item No. (*iii*) above)

(*vi*) M/s Ismail Cement Industries Ltd; Gharibwal. District Jhelum:—

For Public	Ex-works excluding all charges	...	Rs. 100.00
	Excise duty	...	Rs. 15.00
	Surcharge	...	Rs. 7.00
	Sales Tax	...	Rs. 18.30
	Reh : Tax	...	Rs. 1.22
	Siding	...	Rs. 1.00
			Rs. 142.52

For WAPDA	Ex-works excluding all charges	...	Rs. 78.00
	Excise duty	...	Rs. 15.00
	Surcharge	...	Rs. 7 00
	Bagging	...	Rs. 19.94
	Sales Tax	...	Rs. 18.30
	Reh : Tax	...	Rs. 1.22
	Siding	...	Rs. 0.50
			Rs. 133.96

The selling prices of WPIDC Cement Factories are the most competitive.

Reasons — The difference in prices is due to high cost of transportation of raw material.

(*d*) According to the report made to the National Economic Council the sanctioned capacity of Cement is 25,60,000 tons. Out of which 19,10,000, tons has already been installed and the remaining is under installation. The provisional target of the Third Five Year Plan for West Pakistan is 40,00,000 tons, out of which 25,60,000 tons have already been sanctioned and the remaining capacity of 14,40,000 tons will be sanctioned during the Third Five Year Plan. Final decision about the exact location of new Units are yet to be taken.

So far as WPIDC is concerned extension of Zeal Pak Factory with two Kilns of 1000 tons per day each is underway.

It has, however, been proposed in the Third Five Year Plan to increase the production of Cement in West Pakistan to 40 lacs tons by 1969-70.

مسٹر عمر جان خان ۔ کیا حکومت مالا کنڈ اور کوہاٹ میں سیمنٹ کے کارخانے لگانے کا ارادہ رکھتی ہے ؟

ملک منجملہ اختر (لاہور-۲): جناب سپیکر میں اس ترمیم کی ترمیم شدہ فارم میں جو بل پیش کیا گیا ہے اس کی مخالفت کرتا ہوں اور اس بنا پر کرتا ہوں کہ اس سے ہماری زراعت میں جو لوگ جو کاشتکار ہیں یا زمیندار ہیں وہ Discourage ہوں گے۔ جناب والا دوسرے پانچ سالہ منصوبہ میں کوشش کی گئی کہ ملک کو غلے کے سلسلے میں خود کفیل بنایا جائے۔ بڑوا کشن میں خاص ترقی کریں۔ جیسا کہ پورٹ سے ظاہر ہے اور Target یہ لیا گیا کہ غلہ کی پیداوار دوسرے پانچ سالہ منصوبہ میں ملین ٹن سے ملین ٹن کر دی جائے۔ اسی طرح سے کاٹن ملین بیلز سے ملین بیلز کر دی جائیں۔ اور شوگر کین کی پیداوار کو ملین ٹن سے ملین ٹن کر دیا جائے اور مزید زراعت کی خوشحالی لانے کے لئے فرٹیلائزر کو استعمال کیا جائے۔ اور اس سے مزید رقبہ زیر کاشت لایا جائے۔ جناب والا۔ میں گذارش کروں گا کہ ہم جن ممالک کی تقلید کر رہے ہیں اگر وہاں پر کسی انڈسٹری یا زراعت

یا کسی منصوبہ پر عمل پیرا ہونا ہو تو سب سے پہلے انکم ٹیکس کو Free کیا جاتا ہے ۔ نہ کہ ایسے ممالک میں ایسے منصوبہ جات پر مزید ٹیکسوں کا نفاذ کیا جاتا ہے ۔

یہ کسی کو اعتراض نہیں کہ گورنمنٹ اپنی New ventures کے لئے جو کہ وہ آج کل کر رہی ہے عوام کو ٹیکسوں کے زیر بار نہیں کرنا چاہیے۔ دوسرے اور تیسرے پانچ سالہ منصوبوں پر زیادہ سے زیادہ رقوم کی گنجائش رکھی گئی ہے اور اس وقت بھی زراعت کے لئے جو سرچارج واپس لیا گیا ہے وہ اس کی اصل پالیسی کے منافی معلوم ہوتا ہے ۔ میں ۱۹۶۵ کے بجٹ کی طرف آتا ہوں جس میں ۱۴۶ ملین کروڑ روپیہ زمینداروں کی خاطر خرچ کرنے کا منصوبہ ہے اس میں ۱۵۴ ہزار روپیہ بطور ٹارگٹ کھاد Fertilizers کا استعمال ہوگا اس لیے گورنمنٹ کو لازم ہوگا کہ اس ٹارگٹ کے تحت زمینداروں کو Fertilizers مہیا کرنے Facilities کاشتکاروں اور زمینداروں کے لئے مہیا کرنے اور ماڈرن آلات کشاورزی کی Import میں رکاوٹ نہ پیدا ہونے دے ۔ جناب والا ۔ جہاں تک ہمارے محترم قائد حزب اختلاف نے Unification of Laws کے متعلق فرمایا ہے میں عرض کروں گا کہ یہ کام بڑا ضروری ہے ۔ در اصل یہ کوشش دس سال قبل ہو جانی چاہیے تھی بلکہ ''ون یونٹ'' کے ساتھ اس پر عمل بھی ہو جانا چاہئے تھا اور ہماری نئی کانسٹی ٹیوشن کے مطابق مختلف سابقہ صوبوں کے علاقوں میں یکساں قوانین رائج کرنے ضروری تھے ۔ اس لیے میں استدعا کروں گا کہ اس فرض کا اب بھی احساس کیا جائے اور فی الفور Unification of Laws کو عمل میں لایا جائے ۔ تا کہ علاقائی تعصب بھی جاتا رہے اور یکساں سلوک کا سسٹم سارے مغربی پاکستان میں روا پا جائے ۔ میں دوبارہ عرض کروں گا کہ اس Amended صورت کو پھر Withdraw کیا جائے تاکہ ایک Healthy atmosphere پیدا ہو جائے اس لئے Unification of Laws کر دینا چاہئے ۔

خان اجون خان جدون (سردان ـ ۳) ۔ جناب سپیکر ۔ جو ایگریکلچرل

انکم ٹیکس پر سر چارج لگایا گیا ہے میں اس کے خلاف نہیں ہوں چونکہ ہمارا ملک پس ماندہ ہے اور چونکہ اس کو ترقی کرنا ہے اور کوئی ملک ٹیکس عائد کئے بغیر ترقی نہیں کر سکتا اس لئے میں اس مسودہ قانون کی حمایت کرتا ہوں۔ ہمارے جتنے بھی فنانس کے ماہر باہر جاتے تھے اور Aids مانگتے تھے اُن کو بیرونی ممالک یہی مشورہ دیتے تھے کہ آپ اپنی ملکی زراعت کو کیوں ترقی نہیں دیتے اور باہر سے زرعی اشیاء مثلاً گندم شوگر مانگنے کی بجائے اپنی زراعت کو ترقی دے کر یہ اشیاء خود کیوں پیدا نہیں کرتے اور اس پیداوار میں اضافہ کیوں نہیں کرتے۔ اس لئے ہماری گورنمنٹ نے زرعی انکم ٹیکس اپنے زمینداروں پر لگایا اور اس کے اوپر سر چارج بھی بڑھا دیا کیوں کہ حکومت واقعی ایگریکلچر سیکٹر میں گرانقدر رقوم خرچ کر رہی ہے لیکن زمیندار کو پھر بھی اس سے پورا فائدہ نہیں پہنچ رہا ہے مثال کے طور پر ۸ روپے کی کھاد کی بوری ساڑھے بائیس روپے میں زمیندار کو مل رہی ہے اس کے باوجود زمیندار پر ٹیکس کا بوجھ بھی ڈالا جا رہا ہے۔ جناب والا میں اس ٹیکس کے خلاف نہیں ہوں مگر میں چاہتا ہوں جو مراعات گورنمنٹ زمینداروں تک پہنچانا چاہتی ہے وہ ضرور زمینداروں کو بہم پہنچائی جائیں۔

میری دوسری گذارش یہ ہے کہ آلات کشاورزی زمینداروں کو import کرنے میں مدد دی جائے اس وقت Tractors کی سخت ضرورت ہے وہ ضرور مہیا کئے جائیں بہتر بیج اور مناسب قیمت پر کھاد Fertilizers بہم پہنچائے جائیں کیونکہ یہ چیزیں دن بدن گراں ہو رہی ہیں۔

رائے منصب علی خاں کھرل (شیخوپورہ-۳)۔ جناب والا۔ جہاں تک ایگریکلچرل انکم ٹیکس کے سر چارج کا تعلق ہے اس میں حکومت نے Status quo کو ہی maintain کرنے کی کوشش کی ہے اور کوئی نئی چیز نہیں لائی گئی جس پر کسی کو اعتراض ہو سکے۔ اور پھر جناب والا یہ کہنا بھی غلط ہے جب کہ آپوزیشن کی طرف سے کہا گیا ہے اور خاص کر ملک محمد اختر صاحب نے فرمایا ہے کہ زمینداروں اور کاشتکاروں کو

discourage کیا گیا ہے اس حکومت نے ہرگز ہرگز کاشتکاروں کی ہوصلہ افزائی نہیں کی۔ یہ بالکل غلط تاثر دیا جا رہا ہے کہ حکومت نے کوئی نئی چیز لاکر پیش نہیں کی بلکہ ایک پرانے [illegible] موجود اور رائج شدہ چیز کو بحال کیا ہے۔ قبل ازیں بھی تو یہی انکم ٹیکس کے سرچارج کی شرح اور معدل یہی تھی کہ جو زمیندار ۵ ہزار روپے تک مالیہ ادا کرتے تھے ان پر یہ اضافہ ٹیکس عائد ہوگا بعد میں یہ حد تبدیل کر کے ۱۰ ہزار روپے مالیہ مقرر کر دی گئی تھی مگر اب دوبارہ وہی پرانی ۵ ہزار روپے والی حد مقرر کی گئی ہے جس کے اوپر اور زاید مالیہ ادا کرنے والوں کو مزید اضافہ ٹیکس دینا پڑے گا اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ معزز جناب صاحب کا یہ اعتراض [illegible] پر مبنی اعتراض ہے [illegible]

جناب والا جہاں تک unifications of laws کا تعلق ہے کہ سارے صوبے میں یکساں قانون رائج کیا جائے میں اس کے حق میں ہوں یہ حکومت کو بھی اس کا گہرا احساس ہے اور اس ایوان میں بھی یہ اعلان کیا جا چکا ہے کہ حکومت اس پر شد و مد سے غور کر رہی ہے اور حکومت بالآخر جلد تمام قوانین کو یکساں کر دے گی۔ جناب والا۔ یہاں میں اس بات پر زور دوں گا کہ حکومت کو کاشتکاروں اور زمینداروں پر سے ٹیکسوں کا بوجھ کم کرنا چاہئے لیکن میں اس بات سے قطعاً متفق نہیں ہوں کہ ان پر جو مالیہ یا Taxes ہیں وہ بالکل معاف کر دئے جائیں۔ کیونکہ اس کے بغیر ہم حکومت نہیں چلا سکتے۔ ہم اپنے ریونیو اور خزانے کا سب سے بڑا حصہ زمینداروں اور کاشتکاروں سے وصول کرتے ہیں اور ہماری آبادی کا بیشتر حصہ کاشتکاری کرتا ہے۔ اگر ہم ان سے یہ ٹیکس وصول نہ کریں تو ہمارے لیے اور کوئی چارہ کار نہیں۔ البتہ ہمارا مطالبہ صحیح ہے اور میں حکومت کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ کاشتکاروں پر کم ٹیکس لگائیں تاکہ وہ کاشتکاری کی طرف زیادہ سے زیادہ توجہ دے سکیں۔ اور زیادہ سے زیادہ فصلیں اگانے کی کوشش کریں۔ تاکہ ملک کی معیشت بھی سنبھل سکے۔

ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی عرض کروں گا کہ خواجہ صاحب اور ان کے

ساتھ دینے کی اجازت دی جائے۔ اور اس ترمیم کو منظور کیا جائے That clause 4 of the Bill be deleted.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is—

That Clause 4 of the Bill be deleted.

Mr. Speaker : I will now put the amendment.

The motion was carried

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب وزیر خزانہ بھی تو اس کے متعلق (Clause 5)

کچھ فرمائیں

Mr. Speaker : Clause 5. There is an amendment by Rai Mansab Ali Khan Kharal.

Rao Mansab Ali Khan Kharal : کے متعلق رائے That clause 5 of the Bill be deleted. منصب علی صاحب بہت کچھ فرما چکے ہیں۔

Mr. Speaker : Is there any opposition to the motion ?

I have no objection to what he has said.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا۔ میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ اس معاملے کے متعلق حکومت کا کیا خیال ہے ؟ وہ بھی تو ہمیں بتایا جائے۔

Mr. Speaker : جناب وزیر خزانہ ۔ تو رائے منصب علی خان صاحب نے فرما دیا ہے۔ That clause 5 of the Bill be deleted.

The motion was carried.

His arguments are so convincing that I have no answer to them.

Mr. Speaker : Now, we come to clause 6 and there is an amendment by Rai Mansab Ali Khan Kharal. The question is—

Mr. Speaker : I will now put the amendment. The question is—

That for clause 3 of the Bill, the following be substituted, namely :—

"3. (1) There shall be levied and collected an additional agricultural income-tax in which is assessed to agricultural income-tax in the District of Bannu, Dera Ismail Khan, Hazara, Mardan, Kohat, Peshawar, Compbellpur, Dera Ghazi Khan, Gujranwala, Gujrat, Jhelum, Jhang, Lahore, Lyallpur, Mianwali, Montgomery, Multan, Muzaffargarh, Rawalpindi, Sargodha, Sheikhupura and Sialkot on the land revenue payable in the agricultural year 1964-65, an additional amount of agricultural income-tax by way of surcharge at the rates specified in the FIRST SCHEDULE.

Explanation : For purposes of this section "agricultural year" means the agricultural year as defined in the Punjab Land Revenue Act, 1887.

(2) The provisions of the North-West Frontier Agricultural Income-Tax Act, 1948, and the Punjab Agricultural Income-Tax Act, 1951, shall, so far as may be, apply to the assessment, collection and recovery of the surcharge imposed under this section."

The motion was carried.

Mr. Speaker : I will now put the clause. The question is—

That Clause 3, as amended, form part of the Bill.

The motion was carried.

(Clause 4)

Mr. Speaker : There is an amendment to clause 4 by Rai Mansab Ali Khan Kharal. He may please move it.

Rai Mansab Ali Khan Kharal : Sir, I beg to move:—

That clause 4 of the Bill be delected.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is—

That Clause 4 of the Bill be deleted.

The motion was carried.

(Clause 5)

Mr. Speaker : Clause 5. There is an amendment by Rai Mansab Ali Khan Kharal.

Rai Mansab Ali Khan Kharal : Sir I beg move—

That clause 5 of the Bill be deleted.

Mr. Speaker : Is there any opposition to the motion ?

خواجه محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ کلاز نمبر ۳ کے پیش نظر یہ کلاز نمبر ۵ تو ٹھہر ہی نہیں سکتی ۔ چونکہ ہم نے کلاز نمبر ۳ کو منظور کر لیا ہے ۔ اس لئے اس کے پیش نظر اب اس کی ضرورت ہی نہیں رہتی ۔

Mr. Speaker : The question is—

That clause 5 of the Bill be deleted.

The motion was carried.

(Clause 6)

Mr. Speaker : Now, we come to clause 6 and there is an amendment by Rai Mansab Ali Khan Kharal. The Member may please move it.

Rai Mansab Ali Khan Kharal : I beg to move—

That clause 6 of the Bill be re-numbered as clause 4, and in this clause as so re-numbered,—

(i) in sub-clause (1) for the words "Fourth Schedule", occurring in line 8 the words "SECOND SCHEDULE" be substituted ;

(ii) in sub-clause (5), for the words "two hundred and fifty rupees", occurring in lines 4—5, the words "four hundred and fifty rupees" be substituted ;

(iii) in sub-clause (11), in clause *(b)* of the Explanation, for the word "includes", occurring in line 7, the word "excludes" be substituted.

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That clause 6 of the Bill be re-numbered as clause 4, and in this clause as so re-numbered,—

(i) in sub-clause (1) for the words "Fourth Schedule", occurring in line 8, the words "SECOND SCHEDULE" be substituted.

(ii) in sub-clause (5), for the words "two hundred and fifty rupees" occurring in 4-5, the words "four hundred and fifty rupees" be substituted ;

(iii) in sub-clause (11), in clause *(b)* of the Explanation, for the word "includes", occurring in line 7, the word "excludes" be substituted.

Mr. Hamza : Opposed.

Mr. Speaker : Just a minute.

رائے صاحب ۔ آپ پہلے یہ فرمائیں کہ آپ کی ترمیم کیا ہے ؟

رائے منصب علی خاں کھرل ۔ جناب والا ۔ اس ترمیم میں کوئی خاص بات نہیں ۔ یہ تو صرف پہلی ترامیم کی وجہ سے لازم ہو جاتی ہے ۔ تاکہ ہم اسی ترتیب سے یہ ترامیم لائیں ۔ میں حمزہ صاحب سے گذارش کرونگا کہ وہ اپنے اعتراض کی وضاحت فرمائیں ۔ تاکہ ہمیں بھی پتہ چلے کہ ان کو اس پر کیا اعتراض ہے ۔

Mr. Speaker : Yes, Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ (لائلپور-۶) ۔ جناب سپیکر ۔ اس دن جب وہ بل موصول ہوا میں ۔ دیکھا کہ اس میں بڑے زمینداروں پر زرعی انکم ٹیکس لگانے کی جو گنجائش رکھی گئی تھی ۔ میں نے اسے صحت مند تبدیلی کی طرف ایک قدم سمجھا تھا ۔ اس لئے میرا خیال تھا کہ میں حکومت کو مبارکباد پیش کروں ۔ لیکن بڑا افسوس ہے کہ وہ اس سے بال بال بچ گئے ۔ (قہقہہ)

جناب سپیکر ۔ جناب رائے منصب علی خاں صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ میں اپنے اس اعتراض کی وضاحت کروں کہ میں اس ترمیم کی مخالفت کیوں کر رہا ہوں ۔ در اصل وضاحت تو حکومت کی طرف سے ہونی چاہیئے تھی ۔ کیونکہ پہلے حکومت نے فنانس بل میں ایک ٹیکس کی گنجائش رکھی ۔ اور اس کے بعد راتوں رات محلات میں کچھ مذاکرات ہوتے رہے ۔ جس کا نتیجہ اس ترمیم کی صورت میں ظاہر ہوا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب ۔ یہ تو ان کے نام پر محض ایک تہمت ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ بظاہر یہ کام رائے منصب علی خان صاحب کے ذمے لگایا گیا تھا ۔ ویسے وہ ہمیں بہت پیارے اور لاڈلے ہیں ۔ لیکن جو کام ان کے ذمے لگایا گیا ۔ میں سمجھتا ہوں ، وہ ان کے ساتھ بڑی زیادتی ہے ۔ حقیقتاً جب کبھی بھی ہماری طرف سے یا عام پبلک کی طرف سے اس فلاحی مملکت کی اس انقلابی حکومت کے سامنے چھوٹے زمینداروں کیلیے مراعات اور

خاص طور پر مطالبہ : میں نے جو تجاویز کا مطالبہ پیش کیا تو ہمیشہ یہی جواز پیش کیا گیا کہ ہمارے مالی وسائل اس قدر محدود ہیں۔ اور ہماری ضروریات اس قدر زیادہ ہیں کہ ہم چھوٹے چھوٹے ٹیکسوں کے حالیہ رحم نہیں کر سکتے۔ اور جیسا کہ میرے فاضل ساتھی نے آج ہی اس ایوان میں بتایا کہ جناب وزیر مالیات نے اپنی بجٹ کی تقریر میں بھی فرمایا تھا کہ یہ نئے ٹیکس جو ہم تجویز کر رہے ہیں۔ ملک کی مالی اور اقتصادی ضروریات کے پیش نظر لگائے جا رہے ہیں۔ دراصل یہ ان کا فرق تھا کہ آج ہمارے سامنے اعداد و شمار پیش کرتے۔ یا ان کا گوشوارہ ہمارے سامنے رکھتے جس سے یہ ظاہر ہوتا کہ اس ترمیم کے ذریعے جو نئے ٹیکس لگائے جا رہے ہیں ان کی رقم کتنی وصول ہوگی۔ تاہم اس حد تک میں ان کی مجبوری سمجھ سکتا ہوں۔ لیکن افسوس اس امر کا ہے کہ جناب وزیر مالیات نے اس کی زحمت بھی گوارا نہیں فرمائی۔ اگر وہ یہ زحمت گوارا فرماتے تو ہو سکتا تھا کہ ہم اس کی روشنی میں مختلف خیالات کا اظہار کر سکتے۔

میرا خیال ہے کہ آپ اس کو یہ اچھی طرح جانتے ہیں کہ ہماری حکومت کی یہ پالیسی ہے کہ ملک کی کاٹیج صنعت کو قومی ملکیت میں نہ لیا جائے۔ لیکن جہاں تک خرچ کرنے کی اہلیت میں دولت کی تقسیم ہے اور اس میں تفاوت کا تعلق ہے حالات کا تقاضا ہے کہ کاٹیج صنعت کو قومی ملکیت میں کیا جائے۔ چہ جائیکہ ان کے مالک بڑے بڑے دولت مند ہیں جن کے نزدیک روپے کی کوئی وقعت اور قیمت نہیں ہوتی۔ ہم انہیں ٹیکس کی رعایتیں دیں۔ ہمیں چاہئے کہ ان سے جو ٹیکس وصول کریں وہ زیادہ شرح سے وصول کریں اور اسے نچلے طبقہ پر خرچ کریں۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ میری خواہش یہ تھی اور میرا مطالبہ یہ تھا کہ میں اس بجٹ کو مسترد کر دوں۔ لیکن بعد میں جب میں نے دیکھا کہ انہوں نے بنیادی بجٹ میں تبدیلی کر لی اور اپنی ساری مجبوریاں ظاہر کر دیں کہ کس طرح ان کو دوسرے حد طبقہ کے سامنے ٹیکس کی رعایتیں دینی پڑیں۔ اور اس طرح ان کو بعض ایسے ٹیکس واپس لینے پڑے جو انہوں نے لگائے تھے۔ تو میں نے سوچا کہ اس ایوان میں لانی پڑی ہے اس ملک کی دولت کا کچھ حصہ نچلے طبقہ کی طرف

نہیں ۔ جس طریقہ سے دولت استعمال کی جا رہی ہے ۔ اس کی عام مثال یہ ہے کہ

"حلوائی کی دکان نانا جی کی فاتحہ"

جناب سپیکر ۔ جب کبھی حکمرانی طبقہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو لازماً زمینداروں اور کارخانوں داروں کا تصور ذہن میں آتا ہے ۔ زمینداروں کی طرف سے یہ دعویٰ کیا جاتا رہا ہے کہ ہم ہر وقت ملک کی خدمت کرنے کے لیے تیار ہیں ۔ ہم ملک کے آڑے وقت میں کام آنے کے لیے ہر وقت موجود ہیں ۔ ہم ملک کے لیے اپنے خون کا آخری قطرہ بہا دیں گے ۔ میں ان کی خدمت میں نہایت مودبانہ عرض کرتا ہوں کہ آپ ہماری قوم پر یہ بہت بڑا احسان کریں گے کہ ٹیکس جو آپ پر ادا کرنا فرض ہے ۔ اگر آپ وہ ٹیکس ہی دے دیں تو اس قوم پر آپ کا بڑا احسان ہوگا ۔ ہم اچھی طرح جانتے ہیں کہ دودھ پینے والے مجنوں خون نہیں دے سکتے ۔

مسٹر سپیکر ۔ جو کلاز اس وقت زیر بحث ہے صرف اس کے متعلق تقریر کریں اس وقت آپ جنرل تقریر کر رہے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں اس کے متعلق عرض کروں گا کہ پہلے مسودہ قانون کے مطابق ۲۵۰/- روپے مالیہ ادا کرنے والے سے اب زرعی ٹیکس وصول نہیں کیا جائے گا جو نئی ترمیم کے مطابق ۔ ۲۵۰ کی حد کو بڑھا کر اب ۳۵۰/- روپے کر دی ہے ۔ دوسری طرف ٹیکس کی شرح بھی کم کر دی ہے میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ ٹیکس جسے میں ان کے مضبوط کندھوں پر کوئی بوجھ تصور نہیں کرتا ۔ میں چاہتا ہوں کہ پہلی تجویز قائم رہتی ۔ اس وقت قوم جن حالات سے گزر رہی ہے ۔ اور جن حالات کا مقابلہ کر رہی ہے ۔ یہ قومی تقاضا ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ ٹیکس ادا کریں تو حکمران جو قوم کے سامنے بڑے بڑے دعوے کرتے ہیں ۔ یہ سب کھوکھلے ہیں ۔ ان کا مقصد یہ ہے کہ اپنے آپ کو کوئی آنچ نہ آنے دیں انصاف یہ ہے کہ ٹیکس ان لوگوں پر لگایا جائے جو اسے آسانی سے ادا کر سکیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ حمزہ صاحب اس وقت مسئلہ جو زیر بحث ہے وہ یہ

ہے کہ جن لوگوں پر ٹیکس لگا ہے وہ ادا کریں اور یہ چیز پیش نظر نہیں کہ جن لوگوں پر ٹیکس لگا ہی نہیں ان کو ادا کرنا پڑے گا۔ اب سیکنڈ ریڈنگ ہو رہی ہے اس بل کی کلاززز پر ہی بحث ہو سکتی ہے۔ جنرل بات نہیں ہو سکتی۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ پہلی ریڈنگ میں جنرل بات ہو سکتی ہے۔ دوسری ریڈنگ میں کلاززز پر یا ان کی ترامیم پر بحث کر سکتے ہیں۔ تیسری ریڈنگ میں بل کو Discuss کر سکتے ہیں جس شکل میں کہ وہ ترمیم کے بعد پیش ہو۔

مسٹر حمزہ۔ جناب سپیکر۔ یہ ٹیکس ان لوگوں پر لگا ہے جو ۲۵۰/- روپے بطور مالیہ ادا کرتے ہیں۔ یہ رعایت دو ایکڑ کے مالک کاشتکار کو نہیں۔ بلکہ دولت مندوں اور بڑے بڑے زمینداروں کو دی گئی ہے۔ زرعی ٹیکس لازماً اس طبقہ پر عائد ہوتا ہے جس کا میں نے پہلے ذکر کیا ہے۔ جو یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ انہوں نے قومی ترقی میں اہم رول ادا کیا ہے۔ لیکن آپ دیکھیں کہ وہ کس طرح اور کس طریقہ سے قومی مفاد کے ساتھ کھیل رہے ہیں۔

رائے منصب علی خاں کھرل۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ مسٹر حمزہ صاحب کی تقریر کا جو مطلب یا مقصد ہو وہ ابھی تک ہماری سمجھ میں نہیں آیا۔ ایک طرف انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ ٹیکس متمول اور بڑے لوگوں پر ہے اس کے بعد انہوں نے اس بات پر اعتراض کیا ہے کہ حکومت اس طبقہ پر کیوں ٹیکس نہیں لگاتی۔ اور پھر یہ فرمایا ہے کہ اس طبقہ نے قوم کے معاملات اور ملک کے معاملات میں جو رول ادا کیا ہے اسے discuss کرنا چاہیے۔

مسٹر سپیکر۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں۔ آپ بعد میں اس کا جواب دے سکتے ہیں۔

رائے منصب علی خاں کھرل۔ وہ کم از کم اپنی بات کی وضاحت تو فرمائیں کہ وہ کیا کہنا چاہتے ہیں۔

مسٹر حمزہ ۔ میں کوشش کروں گا کہ میری بات آپ کی سمجھ میں آ جائے لیکن اگر آپ کی سمجھ میں نہ آئے تو اس میں میری کوئی ذمہ داری نہیں ۔

جناب سپیکر ۔ میں تو یہ عرض کرتا ہوں کہ زرعی ٹیکس پہلے ۲۵۰ روپے سالانہ مالیہ ادا کرنے والے سے شروع کیا گیا تھا اب ۴۵۰ روپیہ سے شروع ہوگا ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ ان بڑے بڑے زمینداروں کو نواز رہے ہیں ۔ چاہئے تو یہ تھا کہ تمام کا تمام ٹیکسوں کا بوجھ ان پر ڈالتے اور ان سے وصول کرتے لیکن آپ اس بوجھ کو نچلے طبقہ پر ڈال رہے ہیں ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا میں یہ عرض کرتا ہوں کہ جہاں تک ۲۵۰ روپیہ مالیہ کا تعلق ہے وہ تو بہاولپور پنجاب اور فرنٹیر کے صوبہ جات پر ہے ۔ جو پہلے سے لگا ہوا ہے ۔ وہی ہے لیکن یہ جو ۴۵۰ روپیہ کا ٹیکس ہے یہ صرف سابقہ سندھ کے علاقوں کے لیے ہے اس لئے آپ ان دونوں کو mix up نہ کریں

Rs. 250/- is an old slab for the old Provinces of Frontier, Punjab and Bahawalpur while Rs 450/- was fixed for Sind.

یہ بات سمجھ کر آپ آگے proceed کریں ۔

مسٹر حمزہ ۔ سیکشن ۶ سے صاف ظاہر ہے محض ضلع کراچی ۔ دادو ۔ حیدر آباد ۔ تھرپارکر ۔ سانگھڑ ۔ جیکب آباد ۔ لاڑکانہ ۔ سکھر نواب شاہ اور ٹھٹھہ پر لگایا جا رہا ہے ۔ آپ نے فرمایا کہ ۲۵۰ سے ۴۵۰ کر دیا ہے ۔

وزیر مال ۔ ہم نے صرف ۴۵۰ for the first time کیا ہے ۔ اور یہ سمجھنے کی بات ہے جسے میں سمجھاتا ہوں کہ تجویز ۲۵۰ کی تھی لیکن اب ۴۵۰ کر دیا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ پہلے تو ایسا نہیں تھا ۔ یہ نیا کلاز ہے Southern ریجن پر ۔ پہلے تجویز یہ تھی کہ ۲۵۰ روپے سے شروع ہو اب اسکو ۴۵۰ کر دیا ۔

مسٹر حمزہ ۔ پہلے دن جب یہ فائننس بل حکومت کی طرف سے پیش کیا گیا تو آپ نے ۲۵۰ سے زیادہ مالیہ جو ادا کرنیوالے تھے ان پر زرعی ٹیکس تجویز کیا تھا ۔

وزیر مال ۔ وہ اب چھوڑ دیا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ نے آج ترمیم پیش کی ہے کہ زمینداروں کو رعایت دی جائے کیا اب ملک کے حالات بالکل مختلف ہیں ملک بہت ترقی کر گیا ہے اور عام لوگوں کے پاس بہت دولت آ گئی ہے اسلئے ان غریبوں سے یہ ٹیکس لینا موزوں نہیں ۔ ۲۵۰ کے بجائے ۳۵۰ والوں سے لینا چاہیے ۔ جناب سپیکر۔ افسوس تو یہ ہے اور آپکو بھی اس چیز کا علم ہوگا کہ وہ لوگ جنھیں اس ملک میں بڑے بڑے زمیندار کہلوانے کا شرف حاصل ہے وہ عام طور پر عیش و عشرت کی زندگی بسر کرتے ہیں ۔ فضولیات پر دولت خرچ کرنا اور روپے کا ضائع کرنا انکا روزمرہ کا وطیرہ ہے ۔ کتے پالنے اور خبیث مشاغل میں مصروف رہنے پر انکے لئے کوئی پابندی نہیں ۔ بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ اگر حکومت ان پر ٹیکس لگا کر ان سے فالتو دولت وصول کر لے تو اس میں قوم کی یہ بھی بھلائی ہوگی کہ یہ جو عیش و عشرت کی زندگی بسر کرتے ہیں اسکو چھوڑ کر یہ محنت مشقت کرنے لگ جائیں گے ۔

پارلیمنٹری سیکریٹری (خان مکرم خان) ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ یہ جناب بڑے زمینداروں کی بے عزتی کر رہے ہیں ۔ میں Request کروں گا ۔ کہ خدا کے لئے ایسی تقریر نہ کریں پہلے ان کے ساتھ ایک واقعہ پیش آ چکا ہے اب پھر کہیں ویسی ہی بات نہ ہو جائے ۔ یہ زمینداروں کو عیش و عشرت کے الفاظ کے ساتھ نہ نوازیں ۔ ہم عیش و عشرت نہیں کرتے ہیں ہم مر رہے ہیں ۔

Mr. Speaker : This is no point of order.

Haji Gul Hassan Mangi : On a point of personal explanation.

Mr. Speaker : He has not said anything about the member.

Haji Gul Hassan Mangi : It affects me very much.

Mr. Speaker : Mr. Hamza does not know that he is a big land-lord.

خواجہ محمد صفدر ۔ ہم تو ان کو businessman سمجھتے ہیں یہ لینڈ لارڈ نہیں ہیں ۔

ایک آواز ۔ ہیں ۔ یہ لینڈ لارڈ ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ تو پھر یہ Landlord - *cum* - Businessman ہیں ۔

Haji Gul Hassan Mangi : It is quite relevant Sir. Sir, previously this tax was on Rs. 250/- only. Now, it has been raised to Rs. 450/-. That means that big Zamindars and industrialists are being taxed and poor people are being exempted. I would inform Mr. Hamza that it is we who are being affected and not the poor people.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ اگر ان سے یہ فالتو دولت جسکے بل بوتے پر یہ فضول خرچی کرتے ہیں اور ملک کی دولت کو ضائع کرتے ہیں اور غلط کام کرتے ہیں اگر ان سے یہ لے لیجائے اور اس کو اچھے مقصد پر صرف کیا جائے تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ ایک تو یہ لوگ محنت مشقت کرنے لگ جائیں گے اور بری عادتوں سے بچ جائیں گے اور دوسری طرف قوم اور ملک کی بھلائی ہوگی اور غریبوں کی زندگی اور ان کے ایام آسانی سے گزرنے لگیں گے ۔ جناب سپیکر ۔ اتحاد بہت بڑی برکت ہے ۔ آپ نے یہ دیکھا کہ ہمارے بہت سے سندھی بھائی جو کہ اس کلاز سے متاثر ہوتے تھے فائننس بل کے پیش ہونے سے لے کر کل تک ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

ایک آواز ۔ وہ سب بیٹھے ہوئے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ انہوں نے متحد ہو کر اور اکٹھا ہو کر کوشش کی اور اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ وہ اس میں کامیاب ہو گئے ۔ مقصد نیک تھا یا برا میں اس بحث میں نہیں جاتا لیکن ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Haji Gul Hassan Mangi : Point of order. Sir, it was our wish that the poor Khatedars should be given exemption from this tax and it has been given to them and we big zamindars are being taxed. That means that exemption has been given upto Rs. 450/- and the middle class Khatedar has to pay nothing.

Khawaja Muhammad Safdar : Poor especially.

Haji Gul Hassan Mangi : So far as big zamindars are concerned they have to bear expenses on marriages, ceremonies and quarrels.....

Mr. Speaker : It would be better if the member replies at a later stage rather than by raising a point of order.

مسٹر حمزہ ــ جناب سپیکر ۔ ان کی کوششوں اور ان کی کاوشوں کا نتیجہ آپ کے سامنے ہے ۔

رائے منصب علی خان کھرل ــ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ مسٹر حمزہ جو الزام لگا رہے ہیں کہ سندھی ممبروں نے متحدہ کوشش کی اور وہ اس کے بعد کامیاب ہو گئے یہ غلط ہے ہم سب انکے ساتھ ہیں اور یہ جو کچھ کیا گیا ہے یہ سب ایک مساوات کے ساتھ کیا گیا ہے ۔ یہ ہمارا گورنمنٹ سے متحدہ مطالبہ تھا ۔ یہ کوئی یک طرفہ مطالبہ نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : This is no point of order. It should have been a point of personal explanation.

مسٹر حمزہ ــ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ کیا ہی اچھا ہوتا کہ یہ تمام لوگ لاکھوں بلکہ کروڑوں مزارعین اور ہاریوں کے مفادات کے لئے اکٹھے ہو کر کوشش کرتے کیونکہ آج تک ان کے مفادات کی حفاظت نہیں ہوئی اور ان کے حقوق کی حفاظت نہ ہوئی اگر ان کے جائز مطالبات نہیں مانے گئے تو اس کا یہ مطلب ہے کہ سندھی ممبروں نے آج تک اکٹھا ہو کر ان کے حقوق کی حفاظت کی ایک بار بھی کوشش نہیں کی ۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے جیسا کہ یہ کہا جاتا ہے کہ یہ حکومت اگر حفاظت کرتی ہے جو زمینداروں کی یا کارخانہ داروں کی اور اس سے بین مثال کیا پیش کی جا سکتی ہے؟ جناب سپیکر ۔ ہمارے زمینداروں کا تو حال یہ ہے کہ یہ اپنے ٹپہ داروں اور عمال حکومت کو تو دولت دے سکتے ہیں لیکن ان کو اپنے بھائیوں جن کو ہاری کہتے ہیں اور جو محنت اور مشقت کرتے ہیں ان کے حال پر بالکل رحم نہیں آتا اگر ہمارے زمیندار ۔۔۔۔

Minister of Revenue (Khan Habibullah Khan): On a point of order. Sir, I think this must be decided once and for all that the amendment relates to one particular subject namely that from Rs. 150/- we have come to Rs. 250/- and from Rs. 250/- we have come to Rs. 450/- Let him say anything on this point. We have nothing to do with the حقوق of Haris or the sympathies or indifference of the big zamindars towards their tenants. That is not relevant. He can say all this on some other occasion. At the moment it is not relevant.

Mr. Speaker: I have already pointed out that he is not relevant.

Khan Habibullah Khan: He is not complying with the orders of the Speaker. That is the difficulty.

Mr. Speaker: Yes Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ ــ حقیقت یہ ہے کہ اگر مالیہ کی شرح یا ایگریکلچرل انکم ٹیکس جو کہ تجویز کیا گیا تھا نافذ کیا جاتا اور زمینداران یہ محسوس کرتے کہ یہ برداشت نہیں کیا جا سکتا تو اس ملک میں یقیناً یہ صورت حال پیدا ہوتی کہ بہت سے بڑے بڑے زمیندار اپنی زمینوں کو چھوڑ دیتے لیکن آپ یقین کیجئے کہ یہ لوگ دولت میں کھیلتے ہیں ان کے پاس ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker: So far I have not been able to make out whether the member is supporting the Amendment or opposing it.

مسٹر حمزہ ــ جناب والا ۔ میں اس ترمیم کی مخالفت کرتا ہوں ۔

Minister of Finance: Sir, he does not want any Agricultural Income Tax. This is what he wants.

مسٹر حمزہ ــ جو ترمیم پیش کی گئی ہے میں اس کی مخالفت کرتا ہوں اور مخالفت اس لئے کرتا ہوں کہ زرعی ٹیکس کی حد کو کم نہیں کیا جانا چاہئے تھا ۔

وزیر مال ــ کم نہیں کیا جانا چاہئے ؟ تو پھر اس کے متعلق آپ کی Recommendation ہونی چاہئے ۔

مسٹر حمزہ ــ مگر ۲۵۰ ۔ پر لگانے سے اگر زمیندار متاثر ہوتے ۔

اس کے بعد یہ صورت حال نمودار ہو سکتی تھی جس کے نمودار ہونے کا قطعی گمان بھی نہیں ہے - زرعی اجناس کی قیمتیں بڑھ چکی ہیں اور ان کی آمدنی میں لاکھوں روپوں کا اضافہ ہو چکا ہے - یہ لوگ اس دولت کے بل بوتے پر اس ملک کی انتظامیہ مشینری کو اپنے قابو میں لئے ہوئے ہیں اور حکومت کو چلا رہے ہیں -

Minister of Health : It is an unwarranted assumption.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - یہ حقیقت ہے کہ ان لوگوں کے پاس اراضیات بہت زیادہ ہیں اور انہی کی وجہ سے اتنی زیادہ دولت حاصل ہوئی ہے -

Mr. Speaker : The member may please take his seat.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - یہ اپنے اثر و رسوخ کے ذریعے سے دولت پیدا کرتے ہیں -

Minister of Fimance : Sir I would like to answer.

مسٹر محمد انور علی خاں بلوچ (لائلپور-۱) - جناب سپیکر - ابھی ابھی اس معزز ایوان کے سامنے میں نے اپنے دوست مسٹر حمزہ کی زبانی جو کچھ سنا اور جو کچھ سن رہا ہوں اس پر مجھے سخت افسوس ہے - یہاں میرے دوست ایک امین بن کر اس ہاؤس میں تشریف لائے ہیں اور ایک امین کی حیثیت میں انہوں نے بار بار یہ کہا ہے کہ ہمیں عوامی قسم کا ایک بجٹ چاہئے اب یہ بجٹ اگر دیکھا جائے تو یہ ایک عوامی نوعیت کا تھا اور عوامی نوعیت کا ہے - اس میں ایک چیز مانی گئی ہے اور اس چیز کا اعتراف کیا گیا ہے اور وہ چیز زمینداروں کے حق میں جاتی ہے لیکن مجھے حیرانگی ہوتی ہے کہ میرے دوست نہ ادھر کھڑے ہوتے ہیں اور نہ ادھر کھڑے ہوتے ہیں - نہ ادھر سانس لینے دیتے ہیں اور نہ ادھر - وہ ایک طرف تو حکومت کی مخالفت کرتے ہیں کہ یہ چیز کیوں لائی گئی یہ کیوں لائی گئی ہے دوسری طرف اگر اس میں کوئی سہولتیں دی جاتی ہیں تو میرے دوست یہ فرماتے ہیں کہ یہ سہولتیں کیوں دی جا رہی ہیں - مجھے یہ سمجھ نہیں آتا کہ آخر ان کا نظریہ حیات کیا ہے ان کی سیاست کیا ہے اور میرے دوست

چاہتے کیا ہیں ۔ اگر ان کو عوام سے یہ ہمدردی ہے اور وہ ان زمینداروں یا زمیندار طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں تو ان کو یہ چاہئے تھا کہ یہ ترمیم جو اچھی آئی اور اس کی وہ مخالفت کر رہے ہیں کہ یہ ترمیم بالکل بے بنیاد ہے ۔ ان کو یہ کہنا چاہئے تھا کہ ان پر یہ ٹیکس لگے کیونکہ وہ بہت بڑے زمیندار ہیں ۔ میرے دوست کو معلوم ہونا چاہئے اور انہیں یہ محسوس کرنا چاہئے کہ ہماری حکومت نے بڑی زمینداریاں کافی دیر ہوئی ختم کر دی تھیں اور یہ مطالبات کافی دیر پہلے اس ہاؤس میں ہوتے رہے اور کافی دیر پہلے یہ تجاویز اس ہاؤس میں آتی رہیں لیکن ہمارے اس دور حکومت میں ہمارے صدر صاحب نے یہ جو قدم اٹھایا وہ گو دیکھنے میں زمینداروں کے لیے بہت تکلیف دہ تھا لیکن میں سمجھتا ہوں کہ وہ لوگ جو آرام کی نیند سو رہے ہوں جو اپنے ہاتھوں سے کام کرنا نہیں جانتے تو ان کے لیے یہ ضروری تھا کہ وہ اپنا کام اپنے ہاتھوں سے کریں تا کہ ان کو اس کی اہمیت کا پتہ ہو ۔ جس وقت یہ زمینیں کم کر کے تھوڑی کر دی گئیں تو اس وقت انہیں محسوس ہوا کہ اب ہمیں کام کرنا چاہئے اور جس وقت کام کرنے کا وقت آیا تو میرے دوست ابھی ابھی اس کی مخالفت کر رہے ہیں ایک زمیندار ہونے کی حیثیت میں بھی مخالفت کر رہے ہیں کہ یہ ٹیکس ان پر عائد ہونا چاہیے تو ایک طرف تو وہ مطالبہ کرتے ہیں کہ ان کو تکلیف بہت زیادہ ہے دوسری طرف فرماتے ہیں کہ ان پر ٹیکس عائد ہونا چاہئے ۔ اب جب کہ تھوڑی زمینیں زمینداروں کے پاس ہیں اور زمینداروں کو اپنا بوجھ آپ اٹھانا پڑتا ہے اور وہ زمین زیادہ سے زیادہ کاشت کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور زیادہ سے زیادہ غلہ کاشت کرنے کی کوشش کرتے ہیں ۔ زیادہ سے زیادہ محنت کرنے کی کوشش کرتے ہیں تو ہمیں چاہئے کہ چھوٹی صنعتیں جو وہاں ان کے چکوک کے ساتھ ہیں ان کو فروغ دیں ان کو ٹریکٹرز سستی قیمتوں پر مہیا کریں ۔ لیکن اس کے برعکس جب وہ لوگ جو آزادی کا سانس لینے والے لوگ ہیں وہ دیکھتے ہیں کہ ہمارا پیٹ واقعی نہیں پلتا اور ان کو مطلوبہ تنخواہیں میسر نہیں آتیں تو اس وقت وہ شہر کا رخ کرتے ہیں ۔ شہروں میں آن کر انہیں اپنی

بغاوت کے حساب کتاب کا پتہ چلتا ہے ۔ انہیں ایجیٹیشن کرنے کا پتہ چلتا ہے ۔ وہ ایجیٹیشن کرنے والے جو لوگ ہیں انہیں یہاں آ کر کارخانوں میں معقول تنخواہیں ملتی ہیں لیکن پھر بھی وہ لوگ یہاں آ کر آرام کی نیند ۔ آرام کا سانس نہیں لے سکتے ۔ تو جناب میں یہ عرض کرتا ہوں کہ میرے دوست نے یہ جو مخالفت کی اس چیز کی انہیں بالکل نہیں کرنی چاہئے تھی ۔ ان کو اسے واپس لینا چاہئے بلکہ میں پر زور سفارش کروں گا کہ میرے دوست نے جو ترمیم دی ہے وہ ٹھیک نہیں اور میں حکومت سے Request کرنی چاہتا ہوں کہ یہ ٹیکس ہم پر عائد نہیں ہونا چاہئے کیونکہ یہ ہمارے سر پر بار گراں ہے اور ہم پر یہ زیادتی ہے ۔ ہم تو اگلا بوجھ نہیں اٹھا سکتے ۔ ہم چھوٹے چھوٹے زمیندار ہیں ۔ ہم خود کاشت کرنے کے عادی ابھی سے بننے لگے ہیں ۔ پہلے ہمارے پاس بہت زمین تھی لیکن جس وقت ہم سے وہ زمین لے لی گئی تو ہم اب مزارعین کے حق کے لیے fight کرنے کے لئے تیار ہیں ۔ جس وقت ہم زمینداروں کے حقوق کے لئے لڑتے ہیں تو ہمیں چاہئے کہ ہم مزارعین کے حقوق کی بھی حفاظت کریں ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ، مسٹر عمر جان خان کرسیٔ صدارت پر متمکن ہوئے) ۔

ہم مزارعین کے حقوق کی حفاظت کرتے ہیں ۔ مثال کے طور پر لائلپور کے ضلع سٹڈ کے لئے زمین منظور کی گئی تھی ۔ وہاں کافی مزارعین ہیں ۔ اور وہ کافی دیر سے بڑی تکلیف میں ہیں ۔ ان کے لئے کوشش کی گئی ہے کہ انہیں باہر جو زمینیں نکل رہی ہیں ۔ وہاں کسی نہ کسی جگہ Accomodate کیا جائے ۔ یہ تکلیف ان کی جائز ہے ۔ اسے رفع کرنا چاہئے ۔ میرے دوستوں کے لیے حکومت کی ہر تجویز پر تنقید کرنا درست نہیں ۔ تنقید برائے تنقید نہیں چاہئے ۔ تنقید برائے اصلاح چاہئے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Yes, Rai Mansab Ali Khan Kharal.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, he is the mover of the amend-

ment and he should be allowed to speak last of all. First, those gentlemen who have stood up should be given chance to speak.

Mr. Senior Deputy Speaker: The member may please take his seat. I understand. Haji Sardar Ata Muhammad.

حاجی سردار عطا محمد (خیر پور - ۲) — جناب والا - اس ایوان کے سامنے محترم حمزہ صاحب کی تقریروں پر یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ وہ صرف مخالفت کے لئے ادھر آئے ہیں - اسے میں نہیں مانتا - وہ جو رائے صحیح ہوتی ہے وہ کہتے ہیں - کبھی مخالفت میں وہ رائے ہو جاتی ہے کبھی موافقت میں ہو جاتی ہے - لیکن حمزہ صاحب کے اس مطالبہ سے مجھے اتفاق نہیں - میری سمجھ میں حمزہ صاحب نے اپنے نزدیک کا نقشہ پیش کیا ہے - اور یہ بھی صحیح ہے کہ حمزہ صاحب ہاؤس میں متواتر تین دن سے اس کے اوپر بڑی نکتہ چینی اور تنقید کرتے رہے ہیں - خدا جانے ایک رات میں انہیں کیسے معلوم ہو گیا کہ سندھ کے حالات ایسے ہیں کہ وہاں ٹیکس بڑھانے پر لوگ سدھر جائیں گے - میں اپنے دوست کو سندھ کے حالات سے واقف کراتا ہوں - اگر وہ ہم سے پہلے پوچھتے تو اتنی تکلیف نہ کرتے ایسی تقریریں کرنے کی - میں جناب کی وساطت سے اس ایوان کی رائے کے ذریعہ صوبہ کے گورنر صاحب کو اس بات سے آگاہ کر دینا لازم جانتا ہوں کہ ان کے نظریہ سے ہمیں اتفاق ہے - وہ ہماری اصلاح اور ترقی کے لئے سوچ رہے ہیں - ہمارا فرض ہے کہ انہیں آگاہ کریں اپنے حالات سے اور صاف صاف مشورہ دیں - یہ جو ٹیکس لگایا گیا ہے آپ یہ سوچیں کہ سندھ والوں نے بڑا احتجاج کیا ہے - گورنر صاحب کی ٹی پارٹی کے موقع پر انہیں عرض کیا تھا کہ ہمارا علاقہ ٹیکس کے بھرنے کے لائق نہیں ہے - اور ہم گورنر صاحب کے ممنون ہیں کہ انہوں نے ہماری بات مان لی - مگر جو ہمارا مطالبہ تھا وہ پورا نہیں مانا گیا - ہمارے سندھ کی جتنی اراضی ہے اس کا ۷۰ فیصد سیم اور تھور کے نیچے ہے - یہ گورنمنٹ مانتی ہے یہ گورنمنٹ کے اپنے اعداد و شمار ہیں - تو بٹائی پر وہاں کے لوگوں کا گذارہ کس چیز پر ہوگا - وہ صنعتی علاقہ بھی نہیں ہے - وہاں کارخانے اتنے زیادہ نہیں ہیں جتنے یہاں ہیں - اس لئے ہم اس ٹیکس کے اوپر

مطمئن نہیں ہیں نہ ہوں گے ۔ اور ہم اس کے اوپر ایک دفعہ نہیں دس دفعہ عرض کریں گے کہ یہ ہمارے اوپر نہ لگایا جائے ۔ میں اپنے دوست حمزہ صاحب کو بتانا چاہتا ہوں کہ سندھ کی روایت یہ کہ جتنا خرچ مالیہ کا ہے یا جتنا بھی خرچ ہے وہ ہاڑی اور زمیندار نصف نصف دیتے ہیں ۔ اس لئے اس ٹیکس کا اثر صرف زمیندار پر ہی نہیں بلکہ ہاڑی پر بھی پڑے گا ۔ اور گورنمنٹ کے اعداد و شمار کے مطابق سندھ میں فی یونٹ پیداوار زیادہ سے زیادہ ۳۶ ہوتی ہے ۔ اور یہاں ۱۰۸ ہوتی ہے ۔ اندازہ لگائیے ہمارے سندھ کے حالات کا ۔ ہم اقلیت میں ہیں ۔ آپ اکثریت میں ہیں ۔ ہماری آپ سنتے نہیں ۔

اور دوسرے آپ یہ بھی فرما رہے ہیں کہ تمام صوبہ کا یکساں حساب دیا جائے ۔ تو میں آپ کو عرض کر دیتا ہوں کہ وہاں کے مالیہ اور یہاں کے مالیہ میں بڑا فرق ہے ۔ وہاں مالیہ یہاں سے ڈیڑھ گنا یا دوگنا ہے ۔ پھر وہاں کی پیداوار کم ہے مالیہ زیادہ ہے ۔ اتنے سال ہوئے ۱۹۵۵ سے ون یونٹ بنا ہے مگر مالیہ کا حساب ابھی تک یکساں نہیں ہوا ۔ اس کے لئے بھی ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ اسے یکساں کیا جائے ۔ ورنہ ہم سمجھیں گے کہ ہمارے ساتھ سوتیلی ماں کا سلوک کیا جاتا ہے ۔ اس کے لئے ہم چیخیں گے ، ہم بھوک سے ضرور چیخیں گے ۔ یہ ہمارا فرض ہے ۔ ٹیکس کے متعلق تمام ایوان میں شروع سے جتنی تقاریر ہوئی ہیں کسی نے اس کی موافقت نہیں کی ۔ پنجاب سندھ اور ساتھ ساتھ ہماری تائید میں ہماری خواتین نے بھی تقریریں کی ہیں ۔ ہم ان کا بھی شکریہ بجا لاتے ہیں ۔ شروع میں ملک قادر بخش صاحب نے اس کے متعلق وضاحت کی تھی ۔ ہم لوگ سارے ان کا شکریہ بجا لاتے ہیں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ اختصار سے کام لیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب میں مختصر ہی بات کروں گا ۔

جناب سپیکر ۔ میں آپ کی وساطت سے اپنے وزرائے کرام سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ وہ سندھ کے علاقے کا دورہ کریں اور جا کر وہاں کے حالات

دیکھیں، سندھ کے کسانوں کے حالات دیکھیں۔ ان کے مکانوں کی حالت دیکھیں، ان کی رہائش کی حالت دیکھیں ، ان کے امن و امان کی حالت دیکھیں اور پھر ٹیکس لگانے کی طرف رجوع کریں ، ہمیں دکھ نہ پہنچائیں جب آپ ٹیکس کا نام لیتے ہیں ، تو ہمیں بڑا دکھ ہوتا ہے ، یہ درست ہے ، کہ پارٹی کے نظم کی وجہ سے ہمارے سندھ کے ممبران صاحبان مجبور ہیں ، لیکن در اصل ان کے دل بھی دکھتے ہیں ، لیکن وہ مجبور ہیں ، میں آپ کی وساطت سے انہیں عرض کرتا ہوں کہ اگر وہ یہاں پر اس ٹیکس کے حق میں رائے دیدیں ، تو انہیں معلوم ہونا چاہئیے کہ وہاں پر لوگ انہیں گالیاں دیں گے ، اور ان کو وہاں پر پیٹیں گے ۔

Minister of Revenue : Is that thereat permissible that if they support this tax they will be abused by their people there ?

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ حاجی صاحب ۔ آپ ایسے الفاظ استعمال نہ کریں ۔ آپ ممبران کو ایک طرح کی دھمکی دے رہے ہیں ، کہ اگر انہوں نے اس ٹیکس کے حق میں ووٹ دیا ، تو وہاں کے لوگ انہیں پیٹیں گے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ اگر ان الفاظ پر آپ کو اعتراض ہے ۔ تو میں یہ الفاظ واپس لیتا ہوں ۔

Minister of Revenue : Mr. Hamza should learn from him.

حاجی سردار عطا محمد ۔ میں خیر پور کے متعلق عرض کروں گا کہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ صرف متعلقہ امر کے متعلق ہی فرمائیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ یہ لازمی ہے کہ ٹیکس کے ساتھ جتنی تکالیف ہیں ۔ وہ بیان کروں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ میں سمجھتا ہوں کہ عام بحث کے دوران میں ضروری تکالیف بیان کر دی گئی ہیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ میں تو اسے بہت ضروری سمجھتا ہوں ۔ اگر آپ اسے مناسب نہیں سمجھتے ۔ تو میں بیٹھ جاتا ہوں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Yes, Minister of Finance.

رانا پھول محمد خان ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے صرف ڈیڑھ دو منٹ مرحمت فرما دیں ۔ کیونکہ میں بھی اس ٹیکس کے متعلق ایک ضروری وضاحت کرنا چاہتا ہوں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : The member may please take his seat. I have already called upon the Finance Minister.

(At this stage Mr. Manzur Hussain stood up to speak.)

Mr. Senior Deputy Speaker : The member can express his view on the third reading of the Bill. Now I have called the Finance Minister to speak.

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ جناب والا ۔ معاملہ تو بہت معمولی تھا ، اور صرف مالیہ کے متعلق تھا ۔ لیکن معزز اراکین نے جتنی تقریریں کی ہیں ۔ ان سے میں نہیں سمجھ سکا ، ان کا مطلب کیا ہے ۔ مجھے سخت افسوس ہوا کہ حاجی عطا محمد صاحب نے صوبائی تعصب پھیلانے کی کوشش کی ہے ۔ میں اس کے خلاف سخت احتجاج کرتا ہوں ۔ میں انہیں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس ایوان میں بیٹھنے والے ہم سب پاکستانی ہیں ۔ ہم کبھی بھی یہ برداشت نہیں کریں گے کہ سابقہ صوبوں کو تکلیف ہو ، بلکہ ہم نے مغربی پاکستان کی تشکیل اس لئے کی تھی کہ جو پسماندہ صوبہ جات ہیں ، ان کا معیار زندگی بلند کر دیا جائے ۔ یہ کہنا کہ ہم نے جان بوجھ کر یہ ٹیکس سندھ پر لگایا ہے ۔ یہ غلط ہے ۔ میں یہ مانتا ہوں کہ سندھ کے حالات سابقہ صوبہ پنجاب ، صوبہ سرحد اور بہاولپور سے مختلف ہیں ۔ خواجہ صاحب بڑے پائے کے وکیل ہیں ۔ انہوں نے پہلے پرائمری پاس کی ۔ پھر ہائی سکول پھر ، بی ۔ اے کیا ۔

اور اس کے بعد ہی لاء گریجویٹ بنے تھے ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ یہ ٹیکس جو سابقہ پنجاب ، صوبہ سرحد اور بہاولپور پر رکھا ہے ۔ اس کو اسی حالت میں رکھا ہے ۔ اس کو ہم نے بڑھایا نہیں ہے ۔ اور نہ ہی اس میں کمی کی ہے ۔ بلکہ یہ خیال تھا کہ اڑھائی سو کی حد کو کم کر کے ڈیڑھ سو روپے کر دی جائے ۔ اور سابقہ صوبہ سندھ اور کراچی کے متعلق بھی ہمارا یہی خیال تھا ۔ جیسے کہ میں نے عرض کیا ہے ۔ ہم اس کو یک دم ہی اونچا نہیں کر سکتے تھے ۔ اب سابقہ صوبہ پنجاب اور سرحد میں اڑھائی سو کر دیا ۔ تو لازمی تھا کہ ہم اس شرح کو بھی بڑھائیں ۔ چنانچہ وہاں کی شرح کو بھی بڑھا کر ساڑھے چار سو روپے کر دیا ہے ۔ ہمارا تو یہ خیال تھا کہ خواجہ صاحب اور حمزہ صاحب ہمیں اس پر مبارکباد دیں گے کہ ہم نے امیر زمینداروں پر ٹیکس لگایا ہے ، مگر وہ تو الٹا ہمیں گالیاں دے رہے ہیں ۔ اگر ان پر ٹیکس لگاتے ہیں ، تو بھی ہمیں گالیاں دیتے ہیں ، اگر انہیں چھوڑ دیتے ہیں ، تو بھی ہمیں گالیاں ملتی ہیں ۔ وہ در اصل ہر چیز پر تنقید برائے تنقید ہی کرتے ہیں ۔

حاجی صاحب نے سندھ کے دورے کے متعلق فرمایا ہے ، تو میں ان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ میں خود سندھ کے گاؤں گاؤں میں گیا ہوں ۔ بلکہ میرا یہ دعویٰ ہے کہ ان کے کسی سابقہ وزیر اعلیٰ نے سندھ کے اتنے دورے نہیں کئے ہوں گے ، جتنے کہ میں نے کئے ہیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ آپ میرے ساتھ چلئے ۔

وزیر خزانہ ۔ آپ کے ساتھ بھی چلوں گا ۔

وزیر مال ۔ کہیں آپ کو زہر نہ دیدیں ۔

وزیر خزانہ ۔ کھانا میں اپنا ہی کھاؤں گا ۔ تو میں یہ عرض کروں گا کہ یہ صحیح ہے کہ سندھ کے ریونیو کا طریقہ ہم سے الگ ہے ۔ اور ہماری پالیسی Unification of Laws کی ہے اور ہم کوشش کر رہے ہیں کہ سندھ کا ریونیو سسٹم صوبے کے دیگر علاقوں کے at par ہو جائے ۔ ممکن

ہے ، ہمیں اس میں ایک دو سال لگ جائیں ۔ تقریباً پانچ سو پٹواریوں کو ایک سکول کھول کر ہم نے لکھایا پڑھایا ہے ۔ اب یہ کہنا کہ سندھ والے زیادہ ریونیو دیتے ہیں تو میں اس کو تسلیم نہیں کرتا ۔ کیونکہ انہیں ایک کروڑ اسی لاکھ روپے کی چھوٹ دی گئی تھی ، اور بھی رقوم ہم نے چھوڑی ہیں اور انشاءاللہ ہم انہیں اور بھی چھوڑیں گے ۔ ہم یہ کبھی بھی برداشت نہیں کریں گے کہ دوسرے علاقوں کے زمینداوں سے ہمارے سندھی بھائی زیادہ دیں ۔ میں بخار کی حالت میں آیا ہوں ، تاکہ خواجہ صاحب کہیں یہ نہ سمجھ لیں کہ میں بھاگ گیا ہوں ۔

وزیر مال ۔ تو آپ اپنا بخار نکال لیں ۔

رائے منصب علی خاں کھرل (شیخوپورہ-۳) ۔ جناب والا ۔ مسٹر حمزہ نے داستان حمزہ ہمیں سنائی ہے ۔ اس کو سن کر مجھے غالب کا ایک شعر یاد آ گیا ہے کہ

بک رہا ہوں جنون میں کیا کیا کچھ
کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی

اور میرا یہ خیال ہے کہ غالب نے جب شعر کہا ہے کسی حمزہ نے ان کے سامنے تقریر کی ہوگی اور اس تقریر کی پریشان خیالی کو دیکھ کر غالب نے یہ شعر کہا ہوگا ۔ بہر حال میرے متعلق جن خیالات کا اور جن جذبات کا اظہار فرمایا گیا ہے میں اس کے لئے شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ حقیقت ہے کہ ہمیں اس ننھی منی سی آپوزیشن سے پیار ہے ۔ ہمیں یہ بڑی پیاری لگتی ہے ۔ جب یہ محفل سے روٹھ گئی تھی تو ہمیں افسوس ہوا تھا ۔ ہم نے لیڈر آف دی ہاؤس سے مطالبہ کیا تھا کہ اس ننھی منی سی آپوزیشن کو واپس بلایا جائے ، اور انہوں نے مطالبہ مان لیا ۔ یہ ننھی منی سی آپوزیشن مسکراتی ہوئی جب ایوان میں تشریف لائی یا ایوان میں داخل ہوئی تو ہم نے تالیاں پیٹ کر اس کا استقبال کیا ۔ اس لئے ان کا جو جذبہ ہے ہم اس کی قدر کرتے ہیں ، ان کا احترام کرتے ہیں اور ان کے اچھے خیالات کا اور ان کی تعمیری تنقید کا ہم خیر مقدم کرتے ہیں ۔ بہر حال جو کچھ داستان

حمزہ حمزہ صاحب نے کہی ہے اس کا جواب وزیر خزانہ صاحب دے چکے ہیں۔ اصل میں جو کچھ وہ چاہتے ہیں وہ ہم نے کر دیا ہے ۔ یہ چاہتے ہیں کہ جو بڑے زمیندار ہیں ۔ جن کے پاس زیادہ زمینیں ہیں اور امیر ہیں ان پر ٹیکس لگایا جائے اور جو چھوٹے زمیندار اور کاشتکار ہیں ان پر ٹیکس معاف کیا جائے یہ ہم نے کر دیا ہے ، اور میری ترمیم کا مقصد بھی یہی ہے ۔ اس لئے بجائے تنقید کرنے کے ان کو امنڈمنٹ کی مخالفت نہیں کرنی چاہئے تھی ۔ انہیں چاہئے تھا کہ وہ اس کی تائید کرتے کم از کم کسی اچھی بات پر ہمارا ساتھ دے دیا کریں ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : The question is :

That clause 6 of the Bill be re-numbered as clause 4, and in this clause so re-numbered,—

(*i*) in sub-clause (*l*) for the words "Fourth Schedule" occurring in line 8, the words "Second Schedule" be substituted ;

(*ii*) in sub-clause (3), for the words "two hundred and fifty rupees", occurring in lines 4—5, the words "four hundred and fifty rupees" be substituted ;

(*iii*) in sub-clause (11), in clause (*b*) of the Explanation, for the words "includes", occurring in line 7, the word "excludes" be substituted.

The motion was carried.

Mr. Senior Deputy Speaker : The Motion before the House is :

That clause 6 of the Bill as amended stand part of the Bill.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ-۱) ۔ Opposed, Sir ۔ جناب والا ۔ مجھے اس امر کا شدید احساس ہے کہ محترم وزیر خزانہ صاحب کی طبیعت علیل ہے ۔ لیکن اس لمبی چوڑی کلاز میں بعض ایسی غلطیاں میری نظر میں آئی ہیں جن کے متعلق میں سمجھتا ہوں کہ کچھ عرض کروں ۔ میں سب کلاز ۱ کی طرف آپ کی توجہ دلاتا ہوں ۔ عام طور پر اور جہاں تک میری رائے ہے ۔ فنانس بل صرف ایک سال کے لئے ہوا کرتا ہے ۔ دوسرے سال نیا فنانس بل جب آتا ہے ، وہ سابقہ فنانس بل کو منسوخ کرتا ہے یا اس کی تنسیخ ہو جاتی ہے ۔ آپ اس امنڈنگ کلاز ۴ کی سب کلاز ۱ کی دوسری لائن کو دیکھیں . . . . (قطع کلامی)

وزیر خزانہ ۔ پہلے ۸ ہے اب ۶ ہو گئی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ شاید میں درست طور پر عرض نہیں کر سکا ۔ اس وقت بحث کلاز ۶ کے متعلق ہے ۔ اس پر ترمیم جناب محترم رائے منصب علی صاحب کی اس ایوان نے قبول کر لی ہے ۔ پہلی ترمیم یہ ہوئی ہے ۔ اس کو ۶ کی بجائے ۴ پڑھا جائے ۔ ابھی آپ ۶ ہی دیکھیں ۴ لکھا نہیں گیا ۔ یعنی نئی کلاز ۴ کا پہلا فقرہ دیکھیں ۔

"With effect from the 1st of July, 1965, there shall be assessed, levied and collected every year, in accordance with....."

so on so forth

تو جہاں تک میرا خیال ہے ۔ اس کی درست طور پر ڈرافٹنگ نہیں ہوئی ہے ۔ فنانس بل میں صرف یہ ہونا چاہئے for the Current Year 1965-66 کیونکہ اگلے سال ان کو پھر غلطی لگے گی یہ اس کو منسوخ کر دیں گے ۔ نئے بل میں نہیں لائیں گے ۔ اسکا نتیجہ یہ ہوگا کہ سابقہ صوبہ سندھ سے جو ٹیکس وصول کرنا چاہئے وہ نہیں کر سکیں گے ۔

وزیر تعلیم ۔ ہم نئے بل میں لے آئیں گے ۔ آپ آئندہ کے لئے تشویش کیوں کر رہے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی ڈرافٹنگ میں جو غلطی ہے اس کو پوائنٹ آؤٹ کر رہا ہوں ۔ بلکہ محترم قائد ایوان نے تسلیم فرمایا ہے کہ فنانس بل ایک سال کے لئے ہوتا ہے یہ continued نہیں ہوتا ۔ مہربانی کر کے آپ اپنی غلطی کو کبھی کبھی تسلیم فرما لیا کریں ۔ یہ کوئی حرج کی بات نہیں ہوتی ۔

جناب والا ۔ دوسری بات جس کی طرف میں آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ سب کلاز ۲ ہے ۔ اس میں جناب تحریر ہے کہ اس ٹیکس کا بار زمینداروں پر اور غریب ہاڑیوں پر (جن کو ہم یہاں مزارع کہتے ہیں جنوبی ریجن میں ہاڑی کہتے ہیں) ان پر نہیں پڑے گا ۔ میں جناب والا ۔ حکومت کی توجہ اس امر کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ جو رسم و رواج جنوبی ریجن میں ہیں وہ یہ ہیں کہ پٹہ ایک سال کے لئے

پا ایک فصل کے لئے کرنا ہوتا ہے اس کے بعد نئے پٹے میں وہ کوئی شرط نہیں ہوگی ۔ میں چاہتا ہوں کہ حکومت اس بات کی روک تھام کر سکے کہ اس ٹیکس کا بوجھ نئے پٹے کے ذریعے ہاڑیوں پر نہیں پڑے گا ۔ اس لئے میں ان کی توجہ بڑے زور اور نہایت ادب کے ساتھ دلانا چاہتا ہوں کہ وہ اس طرف خصوصی توجہ دیں کہ اس ٹیکس کا بوجھ اگلی ہار میرے محترم بھائی ان ہاڑیوں کی طرف منتقل نہیں کریں گے ۔

تیسری بات جس کی طرف میں توجہ دلانا چاہتا ہوں وہ سب کلاز ۸ ہے ۔ اس کی زبان پر میرا اعتراض ہے ۔ اس کی ڈرافٹنگ خاصی غلط سی زبان میں کی گئی ہے ۔ آخری چار لائنیں ملاحظہ ہوں ۔

"ten times the amount of the tax which would have been avoided, if his statement had been accepted as correct or which has been avoided by reasons of the acceptance....."

"Would have been avoided and has been avoided" کو یہاں بہتر الفاظ میں پیش کیا جا سکتا ہے ۔ بہر حال اس کی وجہ سے غلط interpretation نہیں ہوگی ۔

اس کے بعد سب کلاز ۹ کی طرف توجہ دلاتا ہوں ۔ میرا اعتراض یہ ہے اور میری رائے میں اس کو اس شکل میں نہیں ہونا چاہئے تھا ۔ شاید جان بوجھ کر یہ رکھ دی گئی ہے ، تاکہ بڑے بڑے زمیندار اس ٹیکس سے اپنی جان بچا سکیں ۔ اس کلاز میں لکھا ہوا ہے کہ اگر کوئی زمیندار اپنے بچوں کے نام اپنی اراضیات کو منتقل کر دے گا اور اگر بچے ۱۸ سال کی عمر سے کم ہوں گے ۔ پھر وہ زمیندار ٹیکس دینے کا ذمہ دار ہوگا ۔ اگر اس زمیندار کے بچے ۱۸ سال سے زیادہ عمر کے ہوں گے تو پھر وہ ٹیکس سے مستثنیٰ ہوں گے ۔ تو جناب والا ۔ میں اس کلاز کے متعلق یہ کہنے پر مجبور ہوں کہ دیانتداری سے اس کلاز کو نہیں رکھا گیا بلکہ جان بوجھ کر ایسا کیا گیا ہے کہ زمیندار بھائی اس ٹیکس سے بچنے کے لئے اپنی جوان اولاد کو ورثہ میں جائیداد تقسیم کر دیں ۔ اور یہ ٹیکس نہ وہ دیں اور نہ یہ میرے محترم وزیر خزانہ وصول کریں ۔

جناب والا ۔ یہ تو انکم ٹیکس کے سر چارج کو Avoid کرنے کا ایک طریقہ ہے ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ۔ اگر ہم زمینداروں کو اپنی جائداد اپنے جائز وارثوں کے نام منتقل کرنے سے روکیں تو ان کے Fundamental Rights پر زد پڑتی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ یہ چیز Fundamental Rights کے تحت نہیں آتی ۔ آپ یہ چیز تو مقرر کر سکتے ہیں کہ جتنا ٹیکس کسی زمیندار کے ذمے آتا ہے ، اسے لازماً دینا پڑے گا ۔ خواہ وہ اپنی زمین اپنے ورثا یا بیوی کے نام منتقل ہی کیوں نہ کر دے ۔ اگر زمین کا انتقال آپ نہیں روک سکتے ۔ تو پھر بھی ٹیکس تو جو مقرر ہو چکا ہو وہ اس زمین سے وصول کرنا چاہئے ۔ اس کو تو زمیندار Avoid نہ کر سکے ایسا انتظام کرنا چاہئے ۔ قانون کی موجودہ شکل میں ایک زمیندار اپنی زمین اپنے جوان ورثا کے نام منتقل کر کے ٹیکس کو Avoid کر سکتا ہے اگرچہ ۱۸ سال سے کم عمر کے ورثا کے نام زمین منتقل کر کے وہ ٹیکس کو Avoid نہیں کر سکتا کیونکہ اس صورت میں وہ زمیندار ٹیکس کا ذمہ دار خود رہتا ہے اور ٹیکس سے نجات نہیں حاصل کر سکتا ۔

Minister of Education : That is not possible.

Khawaja Muhammad Safdar : Please read it again : it says—

"(b) Any transfer of land or of an interest therein effected on or after the 15.h day of June, 1965, by an owner liable to pay the tax, in favour of his wife or any of his heirs under the age of eighteen years, shall be ineffective for the purposes of this section and the tax assessed on such land shall continue to be payable by the person who would have been liable for its payment if such transfer had not been effected :

Provided that such liability of the owner for the payment of the tax in resp ct of the land or any interest therein transfered to any of his heirs under the age of eighteen years, shall cease when the heir attains the age of eighteen years.

اس کے ماتحت یہ ہو ہی نہیں سکتا ۔

مخدوم محمد شمس الدین گیلانی ۔ جناب والا ۔ جو کچھ خواجہ صاحب نے انگریزی میں فرمایا ہے ۔ اس کا ترجمہ اردو میں بھی سنایا جائے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب محترم پیر صاحب کے ارشاد کے مطابق اس انگریزی اقتباس کا مفہوم یہ ہے کہ اگر کوئی زمیندار اپنی اراضی جس پر زرعی انکم ٹیکس عائد ہوتا ہے اپنی نابالغ اولاد کے نام منتقل کردے ۔ تو پھر بھی وہ اس انکم ٹیکس سے نہیں بچ سکتا اور اس کی ادائیگی اس کے ذمے رہتی ہے ۔ لیکن اگر وہ کچھ زمین اپنی جوان اولاد بالغ اولاد کے نام منتقل کر دے تو ٹیکس کی ذمہ داری سے نجات حاصل کر سکتا ہے اور ٹیکس کی پابندی اس کی اولاد پر اسی صورت میں ہو سکتی ہے کہ اس اولاد کی مجموعی زمین پر ۲۵۰ روپے سے زائد مالیہ واجب الادا ہو اگر وہ اپنی زمین اپنی بیوی کے نام . . . .

مخدوم محمد شمس الدین گیلانی ۔ جناب بیوی یا بیویوں کے نام ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ مجھے یہ معلوم نہیں ۔ یہ پیر صاحب اوچھ شریف صدر مملکت کے بار بار اصرار کے باوجود ایک سے زیادہ بیویاں کرنے کے حق میں ہیں (قہقہہ) اب میں وزیر خزانہ کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ وہ ہماری گزارشات کی روشنی میں اس کلاز پر دوبارہ غور فرمائیں ۔

وزیر تعلیم ۔ یہ بالکل ٹھیک ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اچھا تو وزیر تعلیم نے فتویٰ دے دیا ہے ۔ کہ کلاز ٹھیک ہے ۔ تو یوں ہی سہی (قہقہہ)

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ دو قسم کے ٹیکس عائد ہوتے ہیں ایک عارضی اور ایک مستقل ۔ ہم نے یہ الفاظ جن پر خواجہ صاحب نے اعتراض کیا ہے ۔ اس لئے رکھے تھے کہ دونوں قسم کے ٹیکس کو Cover کر سکیں ۔ ان کی یہ بات میں مانتا ہوں کہ فنانس بل ایک سال کے لئے ہوتا ہے ، اور یہ ٹیکس سالہائے مابعد میں

نہیں لگ سکتا ۔ جب تک کہ دوبارہ فنانس بل میں منظور نہ کیا جائے جیسا کہ شق (۱) میں ہے ۔

"(1) With effect from the 1st of July, 1965, there shall be assessed, levied and collected every year, in accordance with and subject to the provisions of this Act,.. ..."

سب کلاز ۲ پر جو خواجہ صاحب نے اعتراض کیا ہے کہ زمیندار اپنے ٹیکس کا بوجھ مزارع یا ہاڑی پر ڈال دیں گے یہ غلط ہے ۔ یہ حکومت کوشش کرے گی کہ زمیندار ایسا نہ کر سکیں گے ۔ خواجہ صاحب نے جو تنقید کی ہے وہ محض تنقید برائے تنقید ہے یا برائے مخالفت ہے یا وہ ان چیزوں کو سمجھ ہی نہیں سکے ۔ وہ ہم کو شاباش دینے کی بجائے الٹا ہم کو ڈانٹ رہے ہیں ۔ زمیندار اس ٹیکس کو نگل نہیں سکتا ہے ۔ نہ اس کو Avoid کر سکے گا ، بلکہ اس کی ادائیگی کرنے کا پابند ہوگا ۔ اگر وہ چھوٹے بچوں کے نام زمین منتقل کرے گا تو پھر بھی ٹیکس کی ادائیگی کا خود ہی ذمہ دار ہوگا ۔ اس پر خواجہ صاحب کو ہمیں شاباش دینی چاہئے نہ کہ الٹا ڈانٹ ڈپٹ کرنی چاہئے ہم نے اس کو عام طور پر انکم ٹیکس کے Base پر رکھا ہے ۔ اگر وہ minor children کو زمین دیں گے ، تو ٹیکس کی ذمہ داری خود ان زمینداروں پر ہی ہوگی ۔ خواجہ صاحب نے خواہ مخواہ ہمیں ڈانٹا ہے ۔ اصل میں انہیں چاہئے تھا کہ ہمیں شاباش دیں ۔

Now I will put the question to the House. The question is:—

That clause 6, as amended, stand part of the bill.

The motion was carried.

Clause 7.

Rai Mansab Ali Khan Kharal : I move Sir:—

That clause 7 of the Bill be re-numbered as clause 5.

Mr. Senior Deputy Speaker : As there is no opposition, I will put the question. The question is—

That clause 7 of the Bill be re-numbered as clause 5.

The motion was carried.

Mr. Senior Deputy Speaker : The Motion before the House is :

That clause 7, as re-numbered, stand part of the Bill.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔۱) ۔ جناب اس میں کچھ اسی قسم کی اغلاط ہیں ۔ خدا کرے وہ میرے محترم دوست کی سمجھ میں آ جائیں ۔

وزیر خزانہ ۔ یا آپ کی سمجھ میں آ جائیں ۔ (قہقہہ)

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ اس کلاز کی رو سے سنیماؤں پر ٹیکس عائد کیا گیا ہے ۔ یہ ٹیکس اول درجہ کے سنیما پر ایک ہزار روپے سالانہ ۔ دوم درجے کے سنیما پر پانچ سو روپے اور تیسرے درجے کے سنیما پر ایک سو روپے سالانہ ہوگا ۔

جناب والا ۔ یہ ایک سب سے سستی تفریح ہے جو ہمارے عوام کو میسر ہے ۔ اگرچہ میں اس کے حق میں نہیں ہوں کہ ہمارے ہاں جذبات بر افروختہ کرنے والی فلمیں جو آج کل دکھائی جا رہی ہیں دکھائی جائیں ۔ تاہم سنیما ایک ایسی سائنٹیفک ایجاد ہے ۔ جو قوم کا کردار بنانے میں نہایت کامیابی سے اپنا کردار ادا کر سکتی ہے ۔ لیکن پھر بھی ہمارے مزدور اور غریب بھائی دن بھر کی تکان اور کوفت کے بعد کبھی کبھار شام کو سنیما چلے جاتے ہیں ۔ تو ان پر صرف یہی ایک ٹیکس نہیں ۔ بلکہ کئی اور ٹیکس بھی ہیں ۔ چنانچہ یہ کلاز ان کی سستی تفریح کو مہنگا کرنے کا سبب ہوگی ۔

خان محمد یوسف خان ۔ اگر سستا ہونا ہی تفریح کا جواز ہے تو چرس کو بھی کیوں مستثنیٰ نہ کر دیا جائے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میرے دوست خان محمد یوسف خان کو چرس یاد آ گئی غالباً وہ اس علاقے سے تعلق رکھتے ہیں جہاں اکثر لوگ اس کا کاروبار کرتے ہیں ۔ اور اسے استعمال کرتے ہیں ۔ چونکہ ہمارے ہاں ایسا کوئی کاروبار نہیں ہوتا ۔ اس لئے میں اسے بھول گیا تھا ۔

خان محمد یوسف خان ۔ جناب ۔ اگر سستا ہونا ہی مطلوب ہے ۔ تو یہ بھی ایک سستی چیز ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ بہت اچھا جناب ۔

تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ میرے دوست کو چرس ویسے ہی یاد آ گئی ۔ تاہم اس کی کوئی وجہ تو ضرور تھی ۔ (قہقہہ)

وزیر خزانہ ۔ انہوں نے سمجھا ہے کہ شاید آپ چرس پی کر آئے ہیں ۔ (قہقہہ)

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ ایک چیز جس کی میں جناب وزیر خزانہ سے وضاحت چاہتا ہوں ۔ شاید وہ بات میری نظر سے نہ گزری ۔ یا ویسے ہی وہ omission ہے ۔ بہر حال وہ کون بزرگ ہونگے جو اس طرح سنیماؤں کی درجہ بندی کریں گے ۔ کہ اول درجے کا سنیما کونسا ہوگا دوم درجے کا کونسا اور سوم درجے کا کس قسم کا سنیما ہوگا ۔ اگر یہ Excise & Taxation والے نہیں کریں گے ۔ تو کون کرینگے ۔ ان کے لیے یہاں کوئی واضح ہدایات نہیں ہیں کہ کس قسم کے سنیما کو کس درجے میں رکھنا ہوگا ۔ کم از کم میری نظر سے ایسی کوئی بات نہیں گزری ۔ نتیجہ یہ ہوگا کہ جو اول درجہ کا سنیما ہوگا ۔ اس کا مالک بجائے گورنمنٹ کو ایک ہزار روپیہ ادا کرنے کے دو سو روپے انسپکٹر کو ادا کریگا اور اپنے سنیما کو درجہ دوم میں لے آئیگا ۔ اس طرح اسے صرف سات سو روپے ادا کرنا پڑینگے ۔ یعنی اسے تین سو روپے کا فائدہ ہو جائیگا ۔ علیٰ ہذاالقیاس دوسرے درجے والے بھی کرینگے ۔ جس سے رشوت بڑھنے کا خدشہ ہے ۔ اس لحاظ سے انہوں نے اس امر کی وضاحت نہیں کی کہ کن اصولوں کی بنا پر ان سنیماؤں کی درجہ بندی ہوگی ۔

جناب والا ۔ اس کلاز کی مخالفت کی میرے نزدیک دو وجوہات ہیں ۔ ایک تو یہ کہ میں اس ٹیکس کو درست نہیں سمجھتا ۔ کیونکہ بالآخر غریب عوام پر اس سے indirect taxation کا بوجھ پڑے گا ۔

دوسرے یہ کے یہ ایک نہایت ہی مبہم کلاز ہے ۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ taxation میں ابہام نہیں ہونا چاہئے ۔ بلکہ پوری پوری واضح

صورت عوام کے سامنے آنی چاہیئے ۔ ورنہ ہمارے افسر صاحبان کے متعلق ہمارا سارا ایوان متفق ہے کہ وہ رشوت لیتے ہیں ۔

وزیر خزانہ ۔ جناب والا ۔ سارا ایوان کہاں متفق ہے ؟

خواجہ محمد صفدر ۔ ماسوا شیخ مسعود صادق کے جناب ۔

بہر صورت جناب عمال کے رشوت حاصل کرنے کا ایک نیا راستہ کھل جائیگا ۔ اس لیے اس کی بھی اچھے طریقے سے وضاحت کی جا سکتی تھی ۔ لیکن افسوس ہے کہ جناب وزیر خزانہ اسے بھول گئے ہیں ۔

خان محمد یوسف خان (راولپنڈی ۔ ۲) ۔ جناب والا ۔ مجھے اس ترمیم پر تقریر کرنے کی چنداں ضرورت تو نہ تھی ۔ لیکن مجھے قائد حزب اختلاف کے ان remarks سے بہت ہی حیرانی ہوئی کہ وہ اپنا دامن بچانا بھی چاہتے ہیں اور بات بھی کرنا چاہتے ہیں ۔ ڈر" بھی ہیں کہ اگر میں سنیما پر ٹیکس کے عدم جواز کے متعلق یہ کہوں کہ یہ نہ لگایا جائے ۔ تو یہ نہ کہہ دیا جائے کہ سنیما ایسی تفریح گاہیں ہیں جو شاید عوام الناس اور ان لوگوں کو جو بہت زیادہ متقی اور پرہیزگار ہیں ، ناپسند ہیں ۔ اور کہیں وہ یہ نہ سمجھ بیٹھیں کہ ہمارے قائد حزب اختلاف سنیما پر ٹیکس کے خلاف نہیں ہیں ۔ اس لئے اس کے جواز کی دلیل کی صورت پیدا کرتے ہیں کہ چونکہ سنیما موجودہ زمانے کی سائنٹیفک ایجادات میں سے ہے ۔ اس لیے قوم کے کردار کو درست کرنے میں بھی یہ بڑے ممد و معاون ہو سکتے ہیں ۔ اس لیے ان پر ٹیکس کم لگانا چاہئے ۔ تاکہ اکثر لوگ سنیما دیکھیں اور اس سے ان کا قومی کردار بن سکے ۔

تو میں نے اس بنا پر یہ عرض کیا تھا کہ اگر ہر تفریح کو سستا سمجھ کر اسے جائز سمجھنے اور اس سے فائدہ اٹھانے کے پہلو کو ہی دلیل قرار دیا جائے ۔ تو بہتر ہوگا کہ چرس کے بارے میں بھی اسے مان لیا جائے کیوں کہ جو منشیات کے عادی ہیں ۔ وہ کہتے ہیں کہ یہ سستی تفریح ہے اس لیے اسے بھی ٹیکس سے بالکل آزاد کر دیا جائے ۔ تو دراصل یہ

وہ پس منظر تھا جس کی بنا پر میں نے چرس کا ذکر کیا تھا ۔ ورنہ میرا چرس سے کوئی واسطہ یا تعلق نہیں ۔ لیکن مجھے اس بات سے بھی حیرت ہوئی ہے کہ قائد حزب اختلاف کا کسی ایوان میں جو اصل منصب ہوتا ہے ۔ وہ بہر حال حکومت کو جھنجوڑنا ہی نہیں ہوتا ، بلکہ یہ ہوتا ہے کہ مناسب موقعوں پر حکومت کی غلط اندیشیوں کی نشاندھی کی جائے اور ان کی طرف توجہ دلائی جائے تاکہ قوم اور ملک کی حالت بہتر ہو ۔ اور اس کے ساتھ ہی ساتھ قوانین کے نقائص سے بھی حکومت کو آگاہ کیا جا سکے ۔ دراصل یہی ان کے فرائض ہیں ۔ مقام حیرت ہے کہ ایسی تفریح گاہوں میں شاید ہی ایسی فلمیں آتی ہوں جن کو میرے فاضل دوست کے خیال میں قومی کردار بنانے میں بڑی دسترس ہو۔ کم از کم میرے علم میں تو کوئی ایسی فلم نہیں جو اس معیار پر پوری اترتی ہو ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میرے دوست نے میرے الفاظ اس معزز ایوان کے سامنے غلط طور پر پیش کرنے کی زحمت گوارا فرمائی ہے ۔ میں نے کہا ہے کہ میں مخرب اخلاق اور جذبات کو ہوا دینے والی فلموں کے خلاف ہوں ۔ میں تو چاہتا ہوں کہ ان سے دوسرے طریقے سے فائدہ اٹھانا چاہئے ۔

خان محمد یوسف خان ۔ لیکن اس امر واقعہ کو وہ تسلیم کرینگے کہ اس وقت ہمارے ہاں جو فلمیں بھی ہیں ۔ ان میں سے بہت کم ایسی ہیں جو قومی کردار بنانے والی ہوں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ حکومت نے سنیماؤں پر جو ٹیکس لگایا ہے ۔ یہ بہت تھوڑا ہے ۔ اسے زیادہ ہونا چاہئے ۔ (تحسین و آفرین) مجھے یہ دیکھ کر حیرت ہوتی ہے کہ اس پر بھی ہمارے فاضل دوستوں میں سے بعض سنیما والوں کی امداد کیلئے کھڑے ہو کر تقریر کرنے کے بعد یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہم قوم کی خدمت کر رہے ہیں ۔ اس لحاظ سے میں یہ عرض کروں گا کہ یہ ٹیکس جو تجویز کیا گیا ہے ۔ نہایت موزوں ہے اس لیے میں حکومت سے التجا کرونگا کہ آئندہ سال وہ اس میں مزید اضافہ کرنے کے متعلق سوچے ۔ تاکہ ہمارے

خزانے میں ان لوگوں کی رقومات بھی پہنچیں جو سنیما سے تفریح کے علاوہ دوسرے کام یعنی سفارشات کے راستے بھی ڈھونڈتے ہیں ۔ اور بڑے بڑے افسروں کو مفت تفریح مہیا کرکے سفارشوں کے راستے نکالتے ہیں ۔ اس لئے ان پر زیادہ ٹیکس لگنا چاہئے ۔

رانا پھول محمد خان (لاہور ۔ ۷) ۔ جناب سپیکر ۔ میرے محترم بزرگ خواجہ صاحب کی طرف سے سنیما پر ٹیکس عائد کرنے کے سلسلے میں اعتراض کیا گیا ہے ۔ اس کے ضمن میں میں یہ گزارش کرونگا کہ ہماری حزب اختلاف کے قائد اس صوبے کے چار کروڑ عوام کی نمائندگی کا دعویٰ تو فرما رہے ہیں ۔ لیکن جب کبھی اس صوبے کی ۸۵ فیصد دیہی آبادی پر کوئی ٹیکس کم کرنے کا موقع آتا ہے تو اس وقت وہ چیخ اٹھتے ہیں کہ ان پر ٹیکس کم نہ کیا جائے بلکہ اور زیادہ لگایا جائے ۔

جہاں تک زرعی ٹیکس ڈیڑھ سو روپے کی بجائے اڑھائی سو روپے تک لگانے کا تعلق ہے ۔ اس کے متعلق میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ ساڑھے بارہ ایکڑ رقبے کے چھوٹے مالکان بھی ڈیڑھ سو روپے کے مالیہ کی زد میں آتے ہیں ۔ وہاں تو اسے درست سمجھ کر کہا جاتا ہے کہ اسے ڈیڑھ سو روپے پر بھی عائد کیا جائے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ رانا صاحب سنیما کے ٹیکس کے متعلق کچھ فرمائیں ۔ آپ تو زرعی ٹیکس کے متعلق فرما رہے ہیں ۔

رانا پھول محمد خان ۔ جناب والا ۔ آج تک میری نظر سے کوئی ایسا آدمی نہیں گزرا جو سنیما دیکھے بغیر زندہ نہ رہ سکا ہو یا وہ اس وجہ سے مر گیا ہو کہ اس نے سنیما کا کوئی شو نہ دیکھا ۔ حالانکہ ایسے بہت سے واقعات ہیں کہ ملک میں اناج کی قلت کی وجہ سے موت واقع ہو جاتی رہی ہے ۔ اس کی بے شمار مثالیں آپ کے سامنے موجود ہیں ۔ خواجہ صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ سنیما سے قومی کردار بنتا ہے ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ سنیما ایک ایسی تفریح ہے جس سے فائدہ کے بجائے نقصان ہوا ہے ۔

دیہات کے لوگ جب سنیما کے عادی ہو جاتے ہیں تو ان کو چوری کی عادت پڑ جاتی ہے ۔ کیونکہ جب ان کے پاس پیسہ نہیں ہوتا تو وہ چوری کرکے سنیما دیکھتے ہیں ۔ وہاں کی سوسائٹی اچھی نہیں ہوتی ۔ دنیا کی تمام برائیاں ہوتی ہیں جو عوام اس لیے اختیار کر لیتے ہیں کہ سنیما میں برے آدمیوں کی سوسائٹی ان کو ملتی ہے ۔ یہ اچھا ہوتا اگر خواجہ صاحب یہ فرماتے کہ ٹیکس بہت تھوڑا ہے اسے زیادہ کیا جائے کیونکہ سنیما دیکھنا زندگی کا ضروری جزو نہیں تو مجھے خوشی ہوتی اور میں ان کا شکریہ ادا کرتا ۔ لیکن مجھے افسوس ہے کہ جب وہ یہ کہتے ہیں کہ دیہاتی آبادی پر کم ٹیکس کیوں لگایا گیا ہے زیادہ لگا دو ۔ دراصل بات یہ ہے کہ وہ صوبہ کے ۴ کروڑ عوام کی تکالیف کو نہیں جانتے ۔ وہ صرف شہری لوگوں کی تکالیف کے متعلق ہی جانتے ہیں ۔ اور یہی وہ لوگ ہیں جو عام طور پر سنیما دیکھتے ہیں ۔

جناب والا ۔ میں اس ٹیکس کی تائید کروں گا بلکہ یہ عرض کروں گا کہ اگر اسے چار گنا بھی کر دیا جائے تو صوبہ کے عوام کو کوئی تکلیف نہیں ہوگی ۔ اس سے قومی کردار بگڑے گا نہیں بلکہ بن جائے گا ۔

ملک محمد اختر (لاہور ۔ ۲) ۔ جناب والا ۔ اس وقت سنیما پر ٹیکس کا معاملہ زیر بحث تھا ۔ تو کچھ باتیں اس قسم کی چل نکلیں کہ بعض دوستوں نے حزب مخالف پر یہ الزام لگایا کہ ہم لوگ ان ٹیکسوں کی مخالفت کر کے سنیما بینی کی سرپرستی کر رہے ہیں ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ تنقید کنندگان جنہوں نے خود سینسر بورڈ بنایا ہے ان کو دیکھنا چاہئے کہ آیا سینسر بورڈ properly اپنا کام کر رہا ہے ۔ دراصل سنیما بینی میں Educational aspect کو دیکھیں تو یہ بڑی اہم چیز ہے اس کے علاوہ مختلف قسم کی خبریں ہوتی ہیں جن سے ہماری عوام مستفید ہوتے ہیں ۔ اور تیسرے یہ اس قسم کی تفریح ہے جس سے عوام کے کردار کو بلند کیا جا سکتا ہے ۔ اگر ان تین چیزوں کے علاوہ کوئی اور چیز ہو تو اس کے لئے فلم سازی کو پابند کیا جاسکتا ہے اور یہ بہتر ہو گا ۔

جناب والا ۔ یہاں اس قسم کی بحث بھی کی گئی ہے ۔ جس کے لئے میں سمجھتا ہوں کہ اگر اس کا جواب دوں تو ہاؤس کا وقت ضائع ہوگا ۔ اگر حکومت چاہتی ہے کہ سنیما انڈسٹری سے کسی قسم کا فائدہ حاصل ہو اور ٹیکس کی صورت میں Exchequer کے پاس رقوم داخل کرے تو اس کے لیے اور بھی کئی طریقے ہیں ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ حکومت کے خزانہ میں وہ ٹیکس جو Excise & Taxation وصول کرتی ہے کم ہوتا ہے کیونکہ سنیما ٹکٹوں کی بلیک مارکیٹ ہوتی ہے ۔ اس کی بڑی وجہ سنیما کی Shortage ہے ۔ سنیما کمیٹی کو ہدایات دینی چاہئیں کہ زیادہ سے زیادہ سنیما بنانے کی اجازت دے ۔ اور وہ اچھی قسم کی بہترین فلمیں دکھائیں ۔ اس سے قومی کردار بلند ہوگا ۔ عوام بلیک مارکیٹ سے محفوظ رہیں گے ۔ اور لوگ سستی کلاسز میں سنیما بینی کر سکیں گے ۔ عوام کو سستی تفریح میسر ہوسکے گی ۔ میں تنقید کنندگان کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ فرسٹ کلاس پر ایک ہزار روپیہ اور سیکنڈ کلاس پر پانچ سو روپیہ اور کلاس ۳ کے سنیما پر ایک سو روپیہ جو ٹیکس لگایا ہے اس کا اطلاق سنیما کے مالکان پر ہوتا ہے تو ان کا اندازہ درست نہیں ۔ یہ بوجھ عوام پر ہے ۔ اس کے لیے عوام کی جیبوں سے پیسہ نکلے گا اس لئے میں اس ٹیکس کی شدت سے مخالفت کرتا ہوں ۔ اگر حکومت اپنی انکم کو بڑھانا چاہتی ہے ، تو اس کا طریق کار یہ ہے کہ سنیما ہاؤس زیادہ ہوں ۔ عوام سستی ٹکٹوں پر سنیما بینی کر سکیں ۔ اس سے حکومت کو نفع حاصل ہو سکتا ہے ۔

سید عنایت علی شاہ (پشاور ۔ ۴) ۔ جناب سپیکر ۔ خواجہ صاحب نے فرمایا ہے کہ اس ٹیکس کا بوجھ عام آدمی کی تفریح پر پڑتا ہے اس لئے یہ نہیں ہونا چاہیے ۔ میں ان کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ ایسی entertainment کے علاوہ عام آدمی کی اور بے شمار ضروریات ہیں ۔ سب سے پہلے روٹی کا سوال ہے ۔ پھر ایجوکیشن کا سوال ہے ۔ پھر Proper shelter

کا سوال آتا ہے اگر یہ سب کچھ ہے تو پھر اس کے بعد entertainment کا سوال پیدا ہوتا ہے ۔ میں حیران ہوں کہ اگر پہلے بچوں کے لیے دو وقت کا کھانا میسر نہیں کوئی ایجوکیشن کا انتظام نہیں تو ایسی entertainment کا کیا فائدہ ہے ۔ اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ یہ ٹیکس درست ہے اور اسے لگانا چاہئے حکومت کے پاس روپیہ آئے گا اور ملک کی حالت اچھی ہوگی ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ جناب عالی ۔ میرا خیال ہے کہ معزز اراکین حزب مخالف شاید اس کو پورے طور پر پڑھ کر نہیں آئے ۔ ان کو معلوم ہونا چاہئے کہ یہ کوئی نیا ٹیکس نہیں ہے یہ ۱۹۵۰ سے عائد کیا ہوا ہے خواجہ صاحب نے Corruption اور بلیک مارکیٹ اور خدا جانے کیا کچھ کہا ہے ۔ کیا ان کو معلوم نہیں کہ ۱۹۵۰ سے یہ ٹیکس عائد ہے ۔ ۱۹۵۶ سے اب تک وہ اس ایوان کے رکن رہے ہیں ۔ ہر سال یہ کلاز پیش ہوتی رہی ہے ۔ لیکن اس وقت تو انہوں نے کبھی کوئی اعتراض نہیں کیا تھا ۔ وہ ہاتھی شناس والی کہانی تو آپ نے سنی ہوگی ۔ خواجہ صاحب پر پوری اترتی ہے ۔ انہوں نے بہت سی باتیں کہیں ہیں ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ وہ اسے پڑھ کر نہیں آئے ۔

جناب والا ۔ یہ کوئی نیا ٹیکس نہیں ہم اس کی تشخیص اب کیوں کریں جب کہ ۱۹۵۰ میں اس کی تشخیص ہو چکی ہے ۔ یہ جو تین قسم کے سنیما ہیں کلاس ۱ ۔ کلاس ۲ اور کلاس ۳ ۔ ان پر ۱۰۰۰ روپیہ ، ۵۰۰ روپیہ اور ۱۰۰ روپیہ سالانہ ٹیکس ہے ۔ اس حساب سے کلاس ۳ کے سنیما پر ۵ آنے یومیہ بنتا ہے ۔ یعنی ہر شو کے لیے ایک آنہ یا دو آنے بنتے ہیں ۔ اور یہ عوام پر بوجھ نہیں ہوگا ۔ خواجہ صاحب نے تو اور بہت کچھ فرمایا ہے ۔ لیکن اگر بحث اس طرح چلتی رہی تو شام تک بھی ختم نہیں ہوگی ۔

جناب سپیکر ۔ اس وقت جو کلاز پیش ہے اس پر بحث کو ختم کریں اور میں استدعا کرتا ہوں کہ

Question may now be put.

Mr. Senior Deputy Speaker : The question is:—
That clause 7 as re-numbered stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 8

Rai Mansab Ali Khan Kharal : Sir, I beg to move :—
That clause 8 of the Bill be re-numbered as clause 6.

Mr Senior Deputy Speaker : The motion moved is :—
That clause 8 of the Bill be re-numbered as clause 6.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ اس سلسلہ میں صرف ایک منٹ میں کچھ گذارش کرنا چاھتا ھوں وہ یہ ھے کہ کلاز ۸ کو موجودہ کلاز ۶ بنا دیا گیا ھے ۔ آپ دیکھیں کہ کلاز ۱۳ میں موٹر گاڑیوں اور ٹرکوں پر ٹیکس عائد کیا گیا ھے جو شیڈول ۶ میں ھے ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ یہ چیز ٹیکسیشن کے بنیادی اصول کے خلاف ھے کہ ایک ھی قسم کے مختلف ٹیکس لگائے جائیں ۔ کیا اس سے یہ بہتر نہ تھا کہ ایک ھی قسم کے مختلف ٹیکسوں کی بجائے ایک ھی ٹیکس کی شکل میں وصول کر لیتے ۔ مثلاً کچھ گاڑیوں پر ۲۵ روپیہ اور ۵۰ روپیہ ھے ان میں ٹرک بھی شامل ھیں اور ایسی گاڑیاں ھیں جو ۸ سواریاں لے جا سکیں ۔ دوسری گاڑیوں پر ۲۵ روپیہ ھے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : The question is :
That clause 8 of the Bill be renumbered as clause 6.
The motion was carried.

Mr. Senior Deputy Speaker : The Motion before the House is :
That clause 8 as renumbered, stand part of the Bill.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ قبلہ میں یہ عرض کر رھا تھا کہ موٹر گاڑیوں پر ٹیکس ترمیم شدہ دفعہ میں بھی لگایا گیا ھے اور ۱۳ میں بھی لگایا گیا ھے جس کی معرفت بجائے اس کے کہ ایک ھی قانون میں دو قسم کی موٹر گاڑیوں میں دو تین قسم کے ٹیکس لگائے جائیں میرا خیال تھا کہ اگر تمام ٹیکس کو یونیفائی کر لیا جاتا اور سب کو شامل کر لیا جاتا تو بہتر ھوتا ۔ دراصل یہ ٹیکزیشن پالیسی کے خلاف ھے کہ ایک ھی قانون میں تین جگہ تجاویز پیش کی جا رھی ھیں میں آپ کو شیڈول نمبر ۶

میں کلاز ۱۳ Refer کرتا ہوں ۔ اس میں تھوڑا سا اگر اضافہ کر لیا جائے تو اچھا ہے ۔ ویسے ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن ہمارا مطلب صرف یہ ہے کہ یہ سب ایک ہی میں آ جائے تو زیادہ بہتر ہے ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ جناب یہ پرانا کلاز ہے Originally یہ ریونیو ٹیکس کیا تھا میں اسبات کو مانتا ہوں اور ہم کوشش کریں گے کہ اگلے سال سے اگر ہو سکا تو اکٹھا کر دیں گے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : The question is :
That clause 8 as renumbered stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 9

Rai Mansab Ali Khan Kharal : I beg to move :

That clause 9 of the Bill be re-numbered as clause 7, and in this clause as so re-numbered :—

(*i*) in sub-clause (1) for the word "Fifth Schedule", occurring in line 5, the words "THIRD SCHEDULE", be substituted ;

(*ii*) in sub-clause (3), for the word and figure "Section 10", occurring in line 1, the word and figure "section 8" be substituted ;

Mr. Senior Deputy Speaker : Clause under consideration, amendment moved the question is :

That clause 9 of the Bill be re-numbered as clause 7, and in this clause as so re-numbered—

(*i*) in sub-clause (1) for the word "Fifth Schedule", occurring in line 5, the words THIRD SCHEDULE" be substituted ;

(*ii*) in sub-clause (3), the word and figure "section 10, occurring in line 1, the word and figure "section 8" be substituted ;

The motion was carried.

Mr. Senior Deputy Speaker : The Motion before the House is :
That clause 9 as amended stand part of the Bill.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی ۔۸) ۔ Opposed جناب والا ۔ یہ ٹیکس کراچی کیلئے مخصوص ہے اور اس میں وہ کشتیاں جو Inland waters میں چلتی ہیں ان کے تیسرے درجے کے مسافروں پر یہ ٦ پیسے ایک Trip کے حساب سے لگایا جا رہا ہے ۔ جناب والا ۔ میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا کہ دوسرے مقامات پر ممکن ہے کشتیوں کا سفر تفریح کیلئے کیا جاتا ہو لیکن کراچی سے ملحقہ ایسی آبادیاں ہیں جو سمندر کے ذریعہ کراچی سے الگ ہیں اور وہاں ہزاروں آدمیوں کو اپنا ذریعہ معاش حاصل کرنے کے لیے روزانہ کراچی شہر میں صبح کو آنا پڑتا ہے اور شام

کو واپس جانا پڑتا ہے ۔ وہ لوگ جنھیں اس سفر کو تفریح کیلئے نہیں بلکہ اپنے لازمی ذریعہ معاش کو حاصل کرنے کے لیے اختیار کرنا پڑتا ہے ان پر روزانہ دو آنے کا مزید ٹیکس پڑ جائیگا اور یہ غریب عوام کے ساتھ بڑی زیادتی ہوگی ۔ ایک طرف آپ اچھے خاصے زمینداروں کو اور اچھے کھاتے پیتے لوگوں کو رعایت دیتے ہیں اور ان کو چھوٹ دے رہے ہیں کیا اچھا ہوتا کہ یہی چھوٹ آپ ان غریب کشتیوں سے سفر کرنیوالوں کو بھی دیتے تاکہ یہ دو آنے وہ لوگ اپنی ذات پر صرف سے بچا لیتے ان کو کچھ رقم اس سامان کے کرایہ پر بھی خرچ کرنی پڑیگی جو وہ روزانہ لاتے اور لے جاتے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ٹیکس کراچی کے ہزاروں انسانوں پر بڑی زیادتی ہے ۔

وزیر مال اس پر توجہ کریں اور اگر کوئی ذریعہ اسکو کم کرنے کا ہویا اسکو ختم کرنے کا ہو تو اسے اختیار کیا جائے ۔

حاجی سردار عطا محمد (خیر پور ۔ ۲) ۔ جناب والا ۔ میں فاروقی صاحب کی تائید میں یہ عرض کرونگا کہ یہ ٹیکس ایک آدمی پر نہیں پڑتا بلکہ یہ ٹیکس ہر مسافر کی پوری فیملی پر پڑ جاتا ہے ۔ اور اس طرح ایک گھر پر دو تین روپے پڑ جائیں گے ۔ اس کے لیے میں آپ کی وساطت سے گذارش کروں گا کہ اس ٹیکس پر ضرور نظر ثانی کیجائے ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ جناب والا ۔ میں پھر وہی بات کہوں گا جو بات پہلے کہی تھی کہ یہ کوئی نیا ٹیکس نہیں ہے ۔ یہ ٹیکس سنہ ۱۹۵۰ء سے لگا ہوا ہے ۔ اور یہ اس وقت کی مرکزی حکومت نے لگایا تھا جب کہ کراچی حکومت پاکستان کی تحویل میں تھا ۔ اب اس دفعہ یہ اس ایوان کے سامنے پیش ہوا ہے ۔ یہ نیا ٹیکس نہیں ہے یہ پرانا ٹیکس ہے اگر کوئی نیا ٹیکس ہو تو اسکی کمی کیلئے کہا جا سکتا ہے ۔ یہ ٹیکس تو برسوں سے چلا آ رہا ہے تو آپ کیسے سمجھتے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Mahmood Anam Farooqi : On a point of personal explanation.

جناب والا ۔ ہمنے مانا کہ یہ ٹیکس نیا نہیں ہے اور پہلے سے ہے مگر یہ کیا ضروری ہے کہ اگر آپ ایک سال غلطی کرتے ہیں تو دوسرے سال اس پر نظر ثانی کی ضرورت نہیں ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : It is a sort of a reply to the speech of the Finance Minister. The question is :

That clause 9 as amended stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 10.

Rai Mansab Ali Khan Kharal : I move :

That clause 10 be re-numbered as clause 8.

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion moved, the question is :

That clause 10 be re-numbered as clause 8.

The motion was carreid.

Mr Senior Deputy Speaker : The question is :

That clause 10 of the Bill as renumbered stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 11.

Rai Mansab Ali Khan Kharal : I move :

That clause 11 of the Bill be re-numbered as clause 9, and in this clause as so re-numbered, for the words "Fifth Schedule", occurring in line 3, the words "THIRD SCHEDULE" be substituted.

Mr. Senior Deputy Speaker : Clause under consideration, amendment moved the question is :

That clause 11 of the Bill be re-numbered as clause 9, and in this clause as so re-numbered, for the words "Fifth Schedule", occurring in line 3, the words "THIRD SCHEDULE" be substituted.

The motion was carried.

Mr Senior Deputy Speaker : The Motion before the House is :

That clause 11 as re-numbered and as amended stand part of the Bill.

مسٹر حمزہ (لائیلپور - ٦) ۔ Opposed Sir جناب سپیکر ۔ ابھی تھوڑا ہی عرصہ گزرا ہے کہ میں نے بعض حقائق معروضات کی شکل میں حکومتی پارٹی کی خدمت میں پیش کئے تھے ۔ وہ معروضات یقیناً ان کی طبیعت پر ناگوار گزرے ۔ میرے کہنے کا مقصد یہ تھا کہ آج سے ۱۸ روز پہلے جب یہ فائننس بل یہاں پیش کیا گیا تو بعض دباؤ یا اندرون خانہ مذاکرات کی بنا پر اس میں ترامیم کی گئیں اور بعض لوگوں کو کچھ مراعات دی گئیں ان

کو جو اس ہمارے ملک کے کھاتے پیتے طبقہ سے تعلق رکھتے تھے -

(اس مرحلہ پر مسٹر سپیکر کرسیٔ صدارت پر متمکن ہوئے)

تو جناب سپیکر - پندرہ روز کے اندر اندر اگر حکومت نے ان وجوہات کی بنا پر جن کا بہترین علم انہیں کو ہو سکتا ہے - کیونکہ اس بارہ میں انہوں نے نہ تو اس ایوان کو اعتماد میں لیا اور نہ ہی پبلک کو اس کا علم ہے کہ اس قسم کی ترمیم اس ایوان میں کیوں پیش کی جا رہی ہے - میں حکومت سے توقع کرتا تھا کہ ایسا ٹیکس جو کہ تھرڈ کلاس اور انٹر کلاس کے ٹکٹوں پر لگایا گیا ہے ، وہ نہیں لگے گا - اس میں کسی قسم کے شبہ کی گنجائیش نہیں کہ ایسے ٹیکسوں سے عام طور پر غریب آبادی کا طبقہ ہی متاثر ہوتا ہے - کیا ہی اچھا ہوتا کہ حکومت انٹر کلاس اور تھرڈ کلاس کے جو ٹکٹ پر بارہ پیسے اور چھ پیسے کا جو ٹیکس لگایا تھا کو معاف کر دیتی -

جناب سپیکر - جہاں بڑے زمینداروں کو مراعات دی جا سکتی ہیں اور ان مراعات کے دینے کے بعد اس ایوان میں فخریہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ ہم نے موقعہ کی نزاکت کو سمجھ کر اور اپنے ملک کے مفادات کے عین مطابق ایسا کیا ہے وہاں کیا ہی بہتر ہوتا کہ وہ حکومت جو کہ عوام کی خوشحالی اور بہبودی کا دعویٰ کرتی ہے وہ یہ کہتی کہ دولت مند اور غریب کی زندگی میں اور جو دولت کی تقسیم میں فرق ہے ہم اس کو رفع کرتے ہیں - اور خاص طور پر غریب انسانوں کی زندگی کو بہتر بنانا چاہتے ہیں - انتہائی ضروری تھا کہ اس سلسلہ میں کچھ سوچ و بچار کر کے خاص کر انٹر کلاس اور تھرڈ کلاس کے ٹکٹوں پر بارہ پیسوں اور چھ پیسوں کا جو ٹیکس لگایا گیا ہے ، اسے واپس لیتے -

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی-۸) - جناب سپیکر - میں بھی اس معاملہ میں حمزہ صاحب کی تائید کرتے ہوئے یہ عرض کروں گا کہ انٹر کلاس اور تھرڈ کلاس کے ٹکٹوں پر جو بارہ اور چھ پیسوں کا ٹیکس لگایا گیا ہے یہ اس ملک کے عوام الناس کے ساتھ بڑی زیادتی ہے -

یہ چیز جناب وزیر مالیات کی تقریر کے ان الفاظ کے برعکس ہے جس میں انہوں نے یہ فرمایا تھا کہ یہ ٹیکس لگانے میں اس بات کو پیش نظر رکھا گیا ہے کہ ان کا بار ان لوگوں پر پڑے جو ان کے ادا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں۔ آپ کہیں گے کہ تھرڈ کلاس کا مسافر جو تین روپے کا ٹکٹ خرید سکتا ہو تو اس کے اوپر چھ پیسے کا مزید ٹیکس زیادہ نہیں ہے۔ میں بڑے ادب سے عرض کروں گا کہ وہ لوگ جو کہ موٹروں میں گھومتے ہیں یا ایرکنڈیشن ڈبوں میں سفر کرتے ہیں جن کی شامیں کلبوں میں گزرتی ہوں اور وہ اپنا ڈنر ہوٹلوں میں کھاتے ہوں ان کے لئے ایک آنہ، چھ پیسے یا بارہ پیسوں کی کوئی قدر و قیمت نہیں ہے لیکن وہ غریب کسان اور مزدور جو بڑی مشکل سے اپنی تفریح کے لئے نہیں بلکہ سفر کے لئے اور اپنی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے پتہ نہیں کس کس طرح سے اپنا پیٹ کاٹ کر کتنے دنوں اپنے بچوں کو بھوکا رکھ کر وہ تین روپے کرایہ کے لئے جمع کرتا ہے اس کے لئے ایک آنے کی قیمت بہت بڑی قیمت ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس ٹیکس سے آپ نے عوام الناس پر ایک کاری ضرب لگائی ہے اور یہ آپ کی نظر ثانی کا محتاج ہے۔

Minister of Finance : I would again repeat this is not a new tax. It is an old tax which is being continued.

خواجہ محمد صفدر۔ جی ہاں ہم جانتے ہیں۔ یہ تو ہمیں معلوم ہے۔

حاجی سردار عطا محمد۔ شیخ صاحب نے کچھ انگریزی میں کہا ہے میں نہیں سمجھا۔

وزیر خزانہ۔ جناب میں نے عرض کیا ہے کہ یہ نیا ٹیکس عائد نہیں کیا گیا یہ ۱۹۵۰ سے ہر سال اسی ایوان کے سامنے آتا رہا ہے۔ اس پر کسی نے اعتراض نہیں کیا ہے۔ یہ پرانا ٹیکس ہے نیا ٹیکس نہیں ہے۔

حاجی سردار عطا محمد۔ اچھا جناب یہ صحیح ہے اب ہم

سمجھے کہ وہ ٹیکس پرانا ہے ۔ وہ ٹیکس تو پرانا ہے ۔ لیکن ہم نئے آئے ہیں اس لئے ہم استدعا کریں گے ۔ کہ آپ اس پر نظر ثانی کریں ۔

Mr. Speaker : I will now put the clause. The question is: —
That clause 11, as amended, stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 12.

Rai Mansab Ali Khan Kharal : Sir, I move :
That clause 12 of the Bill be re-numbered as clause 10.

Mr. Speaker : As there is no opposition, I will put the question. The question is :—
That clause 12 of the Bill be re-numbered as clause 10.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Motion before the House is :—
That clause 12, as re-numbered, stand part of the Bill.

Sir, I want to oppose it ۔ خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ یہ ٹیکس جو ہے در اصل یہ سٹیمپ ڈیوٹی پر بڑھایا گیا ہے ۔ لیکن اس کی شرح اس قدر کم رکھی گئی ہے جس سے میری مراد یہ ہے کہ جس مالیت پر یہ ٹیکس عائید ہوگا وہ اس قدر کم ہے کہ اس سے ہمارے غریب عوام کی ضروریات متاثر ہوں گی یعنی ایک ہزار روپیہ کی بیع و فروخت کے لئے جو سٹیمپ خریدا جائے گا ۔ اس پر یہ ٹیکس عائد ہو جائیگا اور اس ٹیکس کی شرح اس طرح ہے کہ تقریباً ایک روپیہ فی سینکڑہ سے قدرے زیادہ ہے ۔ جناب والا ۔ آپ جانتے ہیں کہ ہمارے اس غریب ملک میں بہت کم لوگ ہیں جو کہ جائیداد کی خرید و فروخت کا کاروبار کرتے ہیں ۔ ایسے لوگوں پر اگر یہ ٹیکس لگے تو شائد مجھے اعتراض نہ ہو لیکن ہمارے ہاں اکثر لوگ اپنی نہایت ہی اہم ضروریات کے لئے اپنی جائیداد کا کچھ حصہ اکثر فروخت کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں اور ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ ہمارے قانون کے مطابق خریدنے والے کے لئے لازم ہے کہ وہ سٹیمپ خریدے یعنی یہ ڈیوٹی یا ٹیکس جو ہے وہ خریدار کو دینا پڑے گا ۔ مشتری کو نہیں دینا پڑے گا کیونکہ وہ تو لازمی طور پر امیر آدمی ہے اور وہ اتنا اثاثہ رکھتا ہے کہ جس سے وہ خود جائیداد خرید

سکے ۔ لیکن بائیع تو غریب آدمی ہے اس کو اگر ایک روپیہ سینکڑہ کے حساب سے مزید سٹیمپ ڈیوٹی دینی پڑی تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ اس نے جو رقم اصل میں اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے اپنی جائیداد فروخت کر کے حاصل کی ہے اس میں سے یہ اس کو ادا کرنا پڑے گا ۔ تو میرا خیال تھا کہ جناب وزیر خزانہ اگر اس حد کو جو کہ انہوں نے ایک ہزار مقرر کی ہے بڑھا کر ۱۰ ہزار کر دیتے تو زیادہ مناسب تھا ۔ پھر امراً خریدتے اور امراً بیچتے اور جو ۱۰ ہزار روپے کی جائیداد کا مالک ہے ۔ اگر وہ اس کو فروخت کرتا ہے تو وہ یہ afford بھی کر سکتا ہے کہ کچھ سٹیمپ ڈیوٹی زیادہ دے لیکن دو چار ہزار، پندرہ سو یا دو ہزار روپیہ کے اندر اندر جو سودے ہوتے ہیں تو یہ نہایت ہی غریب لوگ ہوتے ہیں جو اپنے بچے بچی کی شادی کے لئے یا اور کسی اسی قسم کی خانگی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے انہیں اپنی جائیداد کا کچھ حصہ فروخت کرنا پڑتا ہے یا ساری جائیداد فروخت کرنی پڑتی ہے ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں یہ ٹیکس بھی ہمارے غریب آدمیوں پر ایک بوجھ کا اور ایک بار کا باعث ہوگا اس لئے میں اس کی مخالفت کرتا ہوں ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ جناب والا ۔ خواجہ صاحب نے خود اس بات کا اقرار کیا ہے کہ ایک ہزار روپے کی مالیت تک ہم نے کوئی اضافہ نہیں کیا اور ۱۰ ہزار روپیہ جیسے کہ وہ تجویز فرماتے ہیں کہ ۱۰ ہزار روپیہ کی مالیت کی جو جائیداد بیچے گا تو اس پر یہ حکم نہیں ہے کہ ایک دفعہ وہ اگر ۱۰ ہزار روپے کی transaction کرے تو وہ ۲۰ دفعہ ایک سال میں ایسی transaction کر سکتا ہے تو اس کا مطلب ہوا کہ اگر ہم اس بات کو تسلیم کر لیں تو ٹیکسیشن ہی ختم کر دیں لیکن اس کی زد میں غریب آدمی نہیں آتا ۔ ایک ہزار تک ہم نے کوئی اضافہ نہیں کیا ۔ ایک ہزار کے اوپر ہم نے اضافہ کیا ہے میرا خیال ہے جو ہم نے پاس کیا ہے وہی صحیح ہے میں خواجہ صاحب کی تجویز سے متفق نہیں ہوں اس کی زد میں غریب آدمی نہیں آتے ایک ہزار تک ہم نے اضافہ

نہیں کیا ۔ اس سے اوپر میں اضافہ کیا ہے ۔ جو کچھ ہم کر رہے ہیں وہی صحیح ہے ۔ میں خواجہ صاحب کی تجویز سے متفق نہیں ہوں ۔

Mr. Speaker : The question is :—

That clause 12, as amended, stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 13.

Mr. Speaker : There is an amendment to clause 13 by Rai Mansab Ali Khan.

Rai Mansab Ali Khan Kharal : I beg to move :—

That clause 13 of the Bill be re-numbered as clause 11, and in sub-clause (1) of this clause as so re-numbered, for the words "Sixth Schedule", occurring in line 4, the words "FOURTH SCHEDULE" be substituted.

Mr. Speaker : Amendment moved, the question is :—

That clause 13 of the Bill be re-numbered as clause 11, and in sub-clause (1) of this clause as so re-numbered, for the words "Sixth Schedule", occurring in line 4, the words "FOURTH SCHEDULE" be substituted.

The motion was carried.

Mr. Speaker : I will now put clause 1 '. The question is :—

That clause 13, as amended, stand part of the Bill.

خواجہ محمد صفدر — جناب والا ۔ اس سے پہلے جب کلاز ۸ پیش تھی اس وقت جناب وزیر خزانہ نے فرمایا تھا کہ اگر ایک ہی چیز کے لئے دو علیحدہ ٹیکسوں کی دفعات ہوں گی تو وہ انہیں یکجا کرنے کی کوشش فرمائیں گے ۔ میں انہیں صرف یہ یاد دلانا چاہتا ہوں ۔ اس سے مزید کچھ کہنا نہیں چاہتا ۔

وزیر خزانہ — میں اپنے قول پر قائم ہوں ۔

Mr. Speaker : The question is—

That clause 13, as amended, stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 14.

Mr. Speaker : Now, we come to clause 14 and there is an amendment by Rai Mansab Ali Khan Kharal.

Rai Mansab Ali Khan Kharal : I beg to move—

That clause 14 of the Bill be re-numbered as clause 12.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :—

That clause 14 of the Bill be re-numbered as clause 12.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is :—
That clause 14, as re-numbered, stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 15.

Mr. Speaker : There is an amendment to clause 15 by Rai Mansab Ali Khan Kharal.

Rai Mansab Ali Khan Kharal : I beg to move :—
That clause 15 of the Bill be re-numbered as clause 13.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :—
That clause 15 of the Bill be re-numbered as clause 13.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The Motion before the House is :—
That clause 15, as re-numbered, stand part of the Bill.

مسٹر محمود احمد فاروقی (کراچی - ۸) — جناب والا - جس کلاز کی جگہ اس کلاز کو رکھا گیا ہے - وہ کلاز ۱۹۶۳ کے فنانس ایکٹ میں تھی - اس میں اس جائیداد کو اس ٹیکس سے مستثنیٰ کر دیا گیا تھا جو حکومت کسی فرد سے مفاد عامہ کے تحت بہ جبر حاصل کرے - مگر اب اس میں سے یہ شق نکال دی گئی ہے - اس کا یہ نتیجہ ہوگا کہ وہ لوگ جو مجبور ہیں کہ اپنی جائداد گورنمنٹ کے ہاتھ فروخت کریں - جنہیں یہ Option نہیں ہے کہ قیمت کم یا زیادہ کر سکیں - قیمت لگانے کا سارا کام حکومت کے اپنے اختیار میں ہے - جو چاہے لگائے - اور یہ بات ہمارے تجربہ میں ہے کہ جو قیمت کسی جائداد کی کھلے بازار میں فروخت کرنے سے ملتی ہے وہ حکومت سے کبھی نہیں ملتی - ایک دو نہیں ہزاروں ایسی مثالیں موجود ہیں - جائداد لینا تو کجا حکومت کسی کا مکان کرایہ پر لے لے تو اس کے مالک کو اس سے کم کرایہ ملتا ہے جو اسے خود آزادی سے دینے سے مل سکتا ہے - اس صورت میں اس استثنیٰ کو ختم کرنے کا یہ نتیجہ ہوگا کہ صاحب جائداد کو دوہرا نقصان اٹھانا پڑے گا - مفاد عامہ کے لئے جائداد کی قیمت پر کم منافع - اور ٹیکس مزید برآں جس سے اسے استثنیٰ حاصل تھا وہ اب اسے دینا پڑے گا جس کی جائداد حکومت کے پاس جائے گی اسے دوہرا نقصان اٹھانا پڑے گا - یہ بڑی زیادتی

ہے ۔ حکومت اپنے مناد کے لئے جائداد حاصل کرے ۔ اس کی کم قیمت دے اور پھر اس پر ٹیکس بھی وصول کرے ۔

وزیر خزانہ ۔ جو کچھ فاروقی صاحب نے فرمایا وہ درست تھا ۔ لیکن اب جب حکومت کوئی جائداد خریدتی یا اپنی تحویل میں لیتی ہے تو پہلے کی طرح پانچ سال کی اوسط قیمت ادا نہیں کرتی۔ بلکہ اب اسے سپریم کورٹ کے ایک رولنگ کے تحت کمرشل قیمت دینی پڑتی ہے ۔ اگر پہلی بات ہوتی تو فاروقی صاحب کا اعتراض درست تھا ۔ مگر اب جب وہ کمرشل قیمت حاصل کرتے ہیں ہمیں انہیں کیسے مستثنیٰ کر سکتے ہیں ۔

اب وہ کسی عام آدمی کے پاس بیچے یا حکومت کے پاس اسے قیمت ایک ہی ملتی ہے ۔ اس لیے ہم نے ایک ہی Category کر دی ہے ۔

Mr. Speaker : I will now put the question. The question is :—

The clause 15, as re-numbered, stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 16.

Mr. Speaker : Clause 16. There is an amendment by Rai Mansab Ali Khan Kharal The member may please move it.

Rai Mansab Ali Khan Kharal : I beg to move—

That clause 16 of the Bill be re-numbered as clause 14, and in this clause as so re-numbered, for the words, figures and comma "Section 7, section 10 or section 14 or for the collection and payment of a toll or tax under section 9", occurring in lines 2—4, the words, figures and comma "section 5, section 8 or section12 or for the collection and payment of a toll or tax under section 9" be substituted.

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved, the question is :—

That clause 16 of the Bill be re-numbered as clause 14, and in this clause as so re-numbered, for the words, figures and comma "section7, section 10 or section 14 o for the collection and payment of a toll or tax under section 9" occurring in lines 2—4, the words. figures and comma "section 5, section 8 or section 12 or for the collection and payment of a toll or tax under section 9" be substituted.

The motion was carried.

Mr Speaker : I will now put the question. The question is—

That clause 16, as amended, stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 17.

Mr Speaker : Now, we come to clause 17 and there is an amendment by Rai Mansab Ali Khan Kharal. He may please move it.

Rai Mansab Ali Khan Kharal : I beg to move :—

That clause 17 be re-numbered as clause 15.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :

That clause 17 be re-numbered as clause 15.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is—

That clause 17, as re-numbered, stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 18.

Mr. Speaker : There is an amendment to clause 18 by Rai Mansab Ali Khan Kharal.

Rai Mansab Ali Khan Kharal : I beg to move :—

That clause 18 of the Bill be re-numbered as clause 16.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is—

That clause 18 of the Bill be re-numbered as clause 16.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is—

That clause 18, as re-nnmbered, stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 19.

Mr. Speaker : Now, we come to clause 19 and there is an amendment by Rai Mansab Ali Khan Kharal.

Rai Mansab Ali Khan Kharal : I beg to move .—

That clause 19 of the Bill be re numbered as clause 17.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :—

That clause 19 of the Bill be re-numbered as clause 17.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is :—

That clause 19, as re-numbered, stand part of the Bill

The motion was carried.

Clause 20.

Mr. Speaker : Now, we come to clause 20. There is an amendment by Rai Mansab Ali Khan Kharal. He may please move it.

Rai Mansab Ali Khan Kharal : I beg to move—

That clause 20 of the Bill be re-numbered as clause 18, and in sub-clause (2), part (*ii*), of this clause as so re-numbered, for the word and figure "section 14", occurring in line 2, the word and figure "section 12" be substituted.

Mr. Speaker : Cl use under consideration, amendment moved, the question is—

That clause 20 of the Bill be re-numbered as clause 18, and in sub-clause (2), para (*ii*), of this clause as so re-numbered, for the word and figure "section 12" occurring in line 2, the word and figure "section 14", be substituted.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Now I will put the clause. The question is :—

That clause 20, as amended, stand part of the Bill.

The motion was carried.

FIRST SCHEDULE

Rai Mansab Ali Khan Kharal : Sir, I beg to move :—

That for the FIRST SCHEDULE of the Bill, the following be substituted, namely :—

"FIRST SCHEDULE"

(*See* section 3)

	Surcharge
Where the total land revenue payable does not exceed Rs. 349.	*Nil*
Where the total land revenue payable exceeds Rs. 349 but does not exceed Rs. 499.	... Rupees twelve.
Where the total land revenue payable exceeds Rs. 499 but does not exceed Rs. 749	... Rupees twenty-four.
Where the total land revenue payable exceeds Rs. 749 but does not exceed Rs. 999	... Rupees fifty.
Where the total land revenue payable exceeds Rs. 999 but does not exceed Rs. 1,999	.. Rupees one hundred.
Where the total land revenue payable exceeds Rs. 1,999 but does not exceed Rs. 4,999	... Rupees two hundred and fifty.
Where the total land revenue payable exceeds Rs. 4,999 but does not exceed Rs 9,999	... Rupees five hundred.
Where the total land revenue payable exceeds Rs. 9,999	... Rupees one thousand.

Mr. Speaker : The question is—

That for the FIRST SCHEDULE of the Bill, the following be substituted, namely :—

"FIRST SCHEDULE

(*See* section 3)

	Surcharge
Where the total land revenue payable does not exceed Rs. 349.	*Nil*
Where the total land revenue payable exceeds Rs. 349 but does not exceed Rs. 499.	... Rupees twelve.
Where t e total land revenue payable exceeds Rs. 499 but does not exceed Rs. 749	... Rupees twenty-four.
Where the total land revenue payable exceeds Rs. 749 but does not exceed Rs. 999	... Rupees fifty.
Where the total land revenue payable exceeds Rs. 999 but does not exceed Rs. 1,999	... Rupees one hundred.
Where the total land revenue payable exceeds Rs. 1,999 but does not exceed Rs. 4,999	... Rupees two hundred and fifty.
Where the total land revenue payable exceeds Rs. 4,999 but does not exceed Rs. 9,999	... Rupees five hundred.
Where the total land revenue payable exceeds Rs. 9,999	... Rupees one thousand.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is :—

Th t the First Schedule, as substituted, stand part of the Bill.

The motion was carried.

Second Schedule

Rai Mansab Ali Khan Kharal : Sir, I beg to move :—

That the Second Schedule of the Bill be deleted.

Mr. Speaker : The question is :—

That the Second Schedule of the Bill be deleted.

The motion was carried.

Third Schedule

Rai Mansab Ali Khan Kharal : Sir, I beg to move :—

That the Third Schedule of the Bill be deleted.

Mr. Speaker : The question is :—

That the Third Schedule of the Bill be deleted.

The motion was carried.

Fourth Schedule.

Rai Mansab Ali Khan Kharal : Sir, I beg to move :—

That for the FOURTH SCHEDULE of the Bill the following be substituted, namely :—

"SECOND SCHEDULE

(*See* section 4)

Slab total land revenue	Amount of tax in respect of each Slab.
Upto Rs. 450	Nil.
More than Rs. 450 but not more than Rs. 1250.	One-fourth of the land revenue.
More than Rs. 1,250 but not more than Rs. 3,500.	One-half of the land revenue.
More than Rs. 3,500 but not more than Rs. 9,000.	Equal to land revenue.
More than Rs. 9,000	One-and-a-half of the land revenue."

Mr. Speaker : The question is :—

That for the FOURTH SCHEDULE of the Bill the following be substituted, namely :—

'SECOND SCHEDULE"

(*See* section 4)

Slab of total land revenue	Amount of tax in respect of each Slab.
Upto Rs. 450.	Nil.
More than Rs. 450 but not more than Rs. 1,250	One-forth of the land revenue.
More than Rs. 1,250 but not more than Rs. 3,500.	One-half of the land revenue
More than Rs 3,500 but not more than Rs. 9,000.	Equal to land revenue.
More than Rs. 9,000.	One-and-a-half of the land revenue."

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is :—

That the Fourth Schedule as substituted stand part of the Bill.

The motion was carried.

Fifth Schedule.

Rai Mansab Ali Khan Kharal : Sir, I beg to move :—

That the Fifth Schedule of the Bill be re-numbered as the Third Schedu e and in this Schedule as so re-numbered, for the words and figures "see section 9 and 11", the words and figures "see sections 7 and 9" be substituted.

Mr. Speaker : The question is—

That the First Schedule of the Bill be re-numbered as the Third Schedule and in this Schedule as so re-numbered, for the words and figures "See sections 9 and 11", the words and figures :"Sections 7 and 9" be substituted.

The motion was carried.

Mr Speaker : The question is :

That the fifth Schedule, as amended, stand part of the Bill.

The motion was carried.

Sixth Schedule

Rai Mansab Ali Khan Kharal : Sir, I beg to move :—

That the Sixth Schedule of the Bill be re-numbered as the Fourth Schedule and in this Schedule as so r -numbered, for the words and figure "See section 13", the words and figure "See section 11", be substituted.

Mr. Speaker : The question is :—

That the Sixth Schedule of the Bill re-numbered as the Fourth Schedule and in this Schedule as so re-numbered, for the words and figure "See section 13", the words and figures "See section 11" be substituted.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is :—

That Sixth Schedule of the Bill, as amended, stand part of the Bill.

The motion was carried.

Preamble.

Mr. Speaker : The question is—

That Preamble be the Preamble of the Bill.

The motion was carried.

Short Title.

Mr. Speaker : The question is :—

That Short Title be the Short Title of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The Minister of Finance to move the next motion.

Minister of Finance : Sir, I beg to move :—

That the West Pakistan Finance Bill 1965 be passed.

Mr. Speaker : Motion moved is :—

That the West Pakistan Finance Bill 1965 be passed.

مسٹر حمزہ (لائلپور - ٦) — جناب سپیکر - فنانس بل جو کہ اپنی آخری stage میں ہمارے سامنے پیش ہے - اس کی تمام شقوں پر ہماری طرف سے جب کبھی بھی کوئی اعتراض ہوا ، تو جناب وزیر خزانہ کی طرف سے محض ایک ہی جواز پیش کیا گیا کہ یہ ایسے ٹیکس یا ایسے محاصل ہیں جو کہ پہلے ہی سے چلے آ رہے ہیں اور ہم نے ان میں کوئی اضافہ نہیں کیا - صرف ایک ہی ایسا ٹیکس تھا جس کے متعلق انہوں نے Statement of object and reasons میں فرمایا تھا اور میں ہو بہو وہی الفاظ آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں -

It is proposed to lower the exemption limit from Rs. 250 - to Rs. 150 - for the Agricultural Income-tax at present levied in the three integrating units of the former NWFP, Punjab and Bahawalpur. A corresponding shift is proposed for the existing tax slabs based on a multiple rate of land revenue. It is also provided to introduce Agricultural-Incometax in the former Sind area at low rates. Simultaneously, the surcharge in the Agricultural Income-tax in the northern integrating units and the surcharge on land revenue in the former Sind levied and continued from year to year under the previous Finance Acts, is being allowed to lapse.

جناب سپیکر - اس فنانس بل میں اگر کوئی تبدیلی تھی - اگر کوئی نیا راستہ اختیار کیا گیا تھا - اگر کوئی ٹیکس تجویز کیا گیا تھا تو وہ یہ تھا - لیکن مجھے انتہائی افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ ہماری گورنمنٹ اس مقصد میں کامیاب نہیں ہو سکی - لیکن اس کے ساتھ ساتھ وہ تمام مطالبات اور ان تمام ٹیکسوں کا بوجھ جس کے تلے اس مغربی پاکستان کی پانچ کروڑ آبادی میں سے کم از کم ساڑھے چار کروڑ کی آبادی آج تک چیختی رہی ہے اور ان کی چیخ و پکار - ان کے مطالبات - ان کے احتجاجات کا ہماری حکومت پر کوئی اثر نہیں ہوا لیکن اس طبقہ کا - اس محدود و مخصوص طبقہ کا - اور با رسوخ طبقہ کا جن پر ایگریکلچرل انکم ٹیکس کا بوجھ پڑتا تھا ان کا اثر اس حد تک ہوا کہ پندرہ دن کے اندر فنانس بل میں ترمیم لائی گئی -

جناب سپیکر - جب کبھی بھی سابقہ حکومتوں کا ذکر کیا گیا ہمیں یہ طعنہ دیا گیا کہ وہ بہت بری تھیں اور ان حکومتوں کو چلانے والوں نے بعض ایسے کام کئے جن کو جناب خان حبیب اللہ صاحب بہت ہی فخر کے ساتھ دھراتے ہیں - مجھے یہ امید ہے کہ آج محترم قائد ایوان اس بات پر

فخر نہیں کریں گے ۔ آپ کی پالیسی نہ صرف یہ کہ بعینیہ وہی ہے جو کہ سابقہ حکومتوں کی تھی بلکہ جہاں تک ان کی برائیوں کا تعلق ہے آپ نے ان میں بہت زیادہ اضافہ کیا ہے اور اس حد تک اضافہ کیا ہے کہ آج اس ایوان میں اس اضافہ کا ذکر کرنا بھی آپ پر گراں گزرتا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ میں ایک بڑے عالم کا انگریزی کا مقولہ آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں اور یہ جناب سابقہ وزیر داخلہ پاکستان اور موجودہ وزیر مال پر بالکل صحیح صادق آتا ہے ۔

It is a wonderful generation. So far as these politicians are concerned they say "everything that is wrong is a fault of the generations ahead of us and is going to be corrected by one after us."

جناب سپیکر ۔ مجھ پر یہ الزام تھا کہ میں نے بعض معزز ممبران کی دل آزاری کی ہے ۔ مجھے اس کا بڑا افسوس ہوا ہے ۔

Mr. Speaker : Every thing should be relevant to the Finance Bill.

Minister of Revenue : That Chepter was closed, it should not be re-opend for discussion.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اس فنانس بل کی بحث کے دوران میں کل جناب خان حبیب اللہ صاحب نے سابقہ سیاستدانوں کی بابت بہت کچھ کہا ۔ آج جب کہ فنانس بل پاس ہو رہا ہے میں ان کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ آپ تصویر کے دوسرے رخ کو بھی دیکھیں ۔ اگر حمزہ کو آپ اس سلسلے میں مطعون کرتے ہیں تو آپ بھی غلطی پر ہیں ۔ میں نے کبھی عبدالقیوم خان کو نہیں سراہا ہے . . . .

Mr. Speaker : Mr. Hamza no discussion about that.

وزیر خزانہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ کل انہوں نے انتخابات کا ذکر کیا تھا ۔ کہ اس حکومت نے دھاندلیاں کی ہیں یا اس حکومت کے وقت میں انتخابات میں دھاندلیاں ہوئی ہیں ۔ یہ ان کا لب لباب تھا جس کو آپ نے Relevant قرار دیا تھا ۔

Mr. Speaker : But the Minister had replied to it.

وزیر خزانہ ۔ میں نے اس کے جواب میں کہا تھا کہ ہمارے دور

حکومت میں دھاندلیاں ہوئی ہیں یا نہیں ہوئی ہیں یا پہلے اس قسم کی دھاندلیاں ہوتی رہی ہیں That was Perfectly relevant اگر وہ بات Relevant تھی تو جواب بھی Relevant تھا ۔ اس فنانس بل کی بابت جو بات Relevant ہو وہ کریں اس کے علاوہ اگر کوئی بات آپ کرنا چاہتے ہیں تو وہ آپ اسی صورت میں کر سکتے ہیں کہ Provided the Speaker allows you

مسٹر حمزہ ــ جناب والا ۔ فنانس بل پاس ہو رہا ہے ۔ حکومت نے عوام پر ٹیکس عائد کیا ہے ۔ میرا اس حکومت پر الزام ہے کہ یہ عوام کی نمائندہ حکومت نہیں ہے ۔ میں اس کے متعلق بتانا چاہتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ــ حمزہ صاحب آپ اس سٹیج پر نہیں بتا سکتے ۔ جو بل امنڈمنٹ کے ساتھ منظور کر لیا ہے اور جس شکل میں بل ہے اس کے متعلق بحث کریں ۔

مسٹر حمزہ ــ ترمیم اس لیے منظور ہوئی ہے کہ ان کی طرف سے کوئی اور وجہ جواز پیش نہیں کی جا سکتی تھی ۔

مسٹر سپیکر ــ ان ترامیم پر آپ بحث فرما چکے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ــ جناب والا ۔ میں محض اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ کہتے ہیں کہ غلام محمد اور سکندر مرزا نے یہ کہا ہے ۔ اس کا عشر عشیر بھی انہوں نے نہیں کیا تھا جتنا کچھ موجودہ حکومت نے کیا ہے ۔

Mr. Speaker : The member is not relevant. He may please take his seat. Khawaja Muhammad Safdar.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ۔۱) ۔ جناب والا ۔ مجھے اس بات کا شدت سے احساس ہے کہ میرے محترم دوست جناب وزیر خزانہ صاحب کی طبیعت علیل ہے ۔ مجھے اس موضوع پر کوئی لمبی چوڑی بات نہیں کرنی ہے بلکہ اکثر باتیں ہم کر چکے ہیں ۔ میں صرف اس قدر گذارش کروں گا کہ اس سٹیج پر فنانس بل ہر ایوان میں ہر سال پیش ہوتے ہیں ۔

ان کے پیچھے ایک فلسفہ سا ہوتا ہے کہ ہم ٹیکس کیوں عائد کر رہے ہیں ۔ کس طبقہ پر ٹیکس عائد کر رہے ہیں ۔ ان کو اکٹھا کرنے میں کیا سہولت ہوگی ۔ موجودہ ٹیکسوں کو کیوں جاری رکھا جا رہا ہے ۔ اور آئندہ اگر کوئی نیا ٹیکس عائد کیا جا رہا ہے تو اس کی ضرورت کیا ہے ۔ کس طبقہ پر عائد کرنا پڑے گا ۔ کس طبقہ کو اس سے مستثنیٰ رکھا جائے گا ۔ انھی قانونی ضروریات کو پورا کرتے ہوئے اس معزز ایوان کے سامنے بھی کل سے یہ فنانس بل پیش ہو چکا ہے ۔ اور ہم اس کی آخری Reading تک پہنچ چکے ہیں ۔ وہ ترامیم جو اس معزز ایوان نے منظور کی ہیں وہ سب اس میں شامل ہو چکی ہیں ۔

جناب والا ۔ میں اس فلسفہ کے بارے میں عرض کروں گا جو میرے ذہن کے مطابق اس فنانس بل کے پس منظر میں کارفرما ہے ۔ مجھے افسوس اس بات کا ہے کہ جناب وزیر خزانہ صاحب نے جن بلند بانگ دعاوی کا اپنی تقریر دل پذیر میں ذکر فرمایا ہے اس کا اس فنانس بل میں قطعاً کوئی بھی اثر نہیں ہم دیکھتے ہیں ، بلکہ ان ترامیم کا جو کہ ہم منظور کر چکے ہیں ان کی وجہ سے یہ بل اور بھی گھناؤنا ہو گیا ہے میں اس لئے گھناؤنا کہنا ہوں کہ ان تجاویز میں ترمیم کر دی گئی ہے جن کا بوجھ بقول فنانس منسٹر صاحب کے متمول طبقہ پر پڑنا تھا ۔ ان ٹیکسوں کی تجاویز میں قطعاً کوئی ترمیم نہیں کی گئی باوجود اس بات کے کہ ہم نے بار بار گذارشات پیش کی ہیں کہ ان کا بوجھ غریب اور نچلے درجے کے لوگوں پر پڑتا ہے ۔ جناب والا ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ دنیا بھر کے ایوانوں میں پریشر گروپ کام کرتے ہیں ۔ جس گروپ کا زیادہ پریشر ہو وہ اپنی بات منوانے میں کامیاب ہو جاتا ہے ۔ قریباً ہر ملک میں groups کام کرتے ہیں ۔ یہاں بھی ہمارے ہاں Pressure موجود ہیں اور کام کرتے ہیں خاص طور پر اس کلاز کی ترمیم انہی کے زیر اثر کی گئی ہے ۔

ہماری یہ گورنمنٹ یہ بلند بانگ دعاوی کرتے نہیں تھکتی کہ وہ عوام کے ساتھ یکساں سلوک کرتی ہے مگر یہاں تو اس نے سخت عجلت

کے ساتھ ایک طبقہ کے سامنے ہتھیار ڈال دیے ہیں ابھی زمینداروں کے Pressure group نے کوئی خاص زور بھی نہیں ڈالا تھا کہ گورنمنٹ نے گھٹنے ٹیک دئے ورنہ اگر جرأت سے کام لیتی تو آج اس ایوان میں ایک بہتر روایت قائم ہو جاتی اس گروپ کے کسی دوست نے وزیر خزانہ کو بتا دیا اور وہ جھٹ ان کی بات مان گئے ۔

وزیر خزانہ ــ بھائی ہم اچھی اچھی نیک باتیں مان لیتے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ــ جناب والا ۔ میں اپنی باتوں کا اعادہ نہیں کرنا چاہتا مگر اتنا ضرور کہوں گا کہ حکومت کو اپنی منصفانہ پالیسی کسی صورت میں نہیں بدلنی چاہئے تھی جیسا کہ وہ اعلان کیا کرتی ہے کہ ہم سب جماعتوں کے ساتھ یکساں سلوک کریں گے ۔ مگر آج انہوں نے اپنی پالیسی تبدیل کر دی ہے اور pressure group کے دباؤ میں آ کر انصاف اور غیر جانبداری کا راستہ چھوڑ دیا ہے ۔ اور اپنے اصول سے ہٹ گئے ہیں وہ اصول غیر جانبداری کا تھا ۔ جس میں بڑے زمیندار اور مزارع کے مابین انصاف ہو سکتا تھا مگر اب زمیندار اپنا بوجھ غریب ہاڑی اور مزارع پر ڈال دیں گے ان غریب مزارعوں کی اولاد پہلے ہی تعلیم سے محروم ہے تن ڈھانپنے کو کپڑا ان کو نہیں ملتا ۔ پیٹ بھر کر روٹی انہیں نہیں ملتی ۔ ان کے بچے بیمار ہوں تو علاج سے محروم رہتے ہیں ۔ اگر یہی فلاحی مملکت کی طرف قدم ہے تو اس پر جس قدر افسوس کیا جائے کم ہو گا ۔ ان غریبوں کے ساتھ انصاف کرنے کا سنہری موقعہ ہماری گورنمنٹ نے اپنے ہاتھ سے گنوا دیا ہے ۔

خان محمد یوسف خان (راولپنڈی ۔۱) ۔ جناب والا ۔ یہ فنانس بل کی تیسری خواندگی ہے اور جہاں تک اس کے پاس کرنے کا تعلق ہے مجھے اس میں کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن اس موقعہ پر میں آپ کی وساطت سے متعلقہ وزیر صاحب کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس میں جو یہ پروژن رکھا گیا ہے کہ جب کوئی زمیندار اپنی اراضی کا انتقال بصورت بیع و فروخت ، ہبہ یا رہن کر دے تو پھر بھی اس پر زرعی انکم ٹیکس

کی ادائیگی لازمی رہے گی مثلاً اگر ایک زمیندار نے اپنی اراضی اپنی اولاد کے نام منتقل کر دی اور وہ اولاد نابالغ ہے تو گو اس اولاد پر یہ ٹیکس نہیں لگے گا مگر اصل مالک کو پھر بھی اس پر ٹیکس ادا کرنا پڑے گا۔

اس موقع پر مجھے دوسری بات یہ عرض کرنا ہے کہ کوئی مالک اراضی اپنی اراضی کو Fancy price پر بھی فروخت کرنے کو تیار نہیں ہوتا مگر حکومت حصول اراضی کے قانون کے ماتحت ایسی قیمت تشخیص کرنے کا اختیار رکھتی ہےجو اصل قیمت سے کہیں کم ہوتی ہے مثلاً کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی زمیندار کی زمین کو حاصل کرتے وقت نہایت قلیل قیمت دیتی ہے جس کے خلاف ہم بول بھی نہیں سکتے اس کی دفعہ ۳۰ کی شرط رکھ دی گئی ہے کہ یکم جولائی ۱۹۵۷ سے لے کر ۳۱ دسمبر ۱۹۵۸ تک کی اوسط قیمت ہی ادا کی جائے گی اس کے خلاف عدالت عالیہ میں بھی شنوائی نہیں ہو سکتی۔ کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے لئے حصول اراضی کا ایکٹ اس قدر سخت ہے کہ ۵ سالہ اوسط پر ہی قیمت تشخیص کی جاتی ہے اور کمشنر صاحب ہی اس کے آخری فیصلہ کنندہ افسر ہوتے ہیں اور زمین پر زرعی ٹیکس بھی عائد رہتا ہے لیکن اگر کوئی اس کے خلاف بولے تو گردن زدنی قرار دیا جائے گا۔

"Government may, notification in the Official Gazette, make such omissions from, additions to, adaptations and modifications of any West Pakistan Act as may be necessary for the purpose of the levy and collection of any tax imposed by this Act".

تو میں یہ عرض کروں گا کہ اگر اس قانون کا اطلاق کرتے وقت یہ Provision ہو سکے۔ تو میں حکومت کی خدمت میں عرض کروں گا کہ اس خطے کو ایک نوٹیفیکیشن کے ذریعے مستثنیٰ قرار دیا جائے۔ اور اگر اب ایسا نہ ہو سکے تو پھر میں یہ ضرور عرض کروں گا اسے بہر صورت ترمیم کرنا پڑے گا اور آئندہ سال اس ترمیم کو Retrospective effect دینا پڑے گا۔ کیونکہ یہ ٹیکس کسی اصول پر مبنی نہیں۔ میرے خیال میں جب یہ فنانس بل ترتیب دیا گیا تھا تو اس وقت اس خاص خطہ زمین کو مد نظر نہ رکھا گیا تھا۔ اور نہ ہی ان لوگوں کی خصوصی کیفیت کو دیکھا

گیا تھا ۔ ورنہ کوئی وجہ نہ تھی کہ ایک غیر منصفانہ طریق پر ان سے یہ ٹیکس وصول کیا جاتا ۔

ان معروضات کے ساتھ میں یہ عرض کروں گا کہ جہاں تک اس جملہ فنانس بل کا تعلق ہے میں اسے پاس کرنے کی تائید کرتا ہوں ۔ اس اظہار خیال سے میرا مقصد حکومت کو اس خطے کی خصوصی اور مختص کیفیت سے آگاہ کرنا تھا ۔ تاکہ آئندہ اس امر کی طرف توجہ دی جائے اور ان لوگوں کو مستثنیٰ کرنے کی غرض سے نوٹیفیکیشن ضرور کی جائے ۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو)۔ جناب والا ۔ فنانس بل کی پہلی خواندگی کے موقع پر میرے محترم دوست فاروق صاحب نے تعلیم کے بارے میں کچھ ارشادات فرمائے تھے ۔ اتفاق کی بات ہے کہ بجٹ پر بحث کے دوران جب کہ Cut Motions پیش ہوتا تھیں ۔ اس وقت مجھے بھی ایوان کے سامنے کچھ معروضات کرنا تھیں ۔ لیکن حالات کچھ ایسے رہے کہ وہ تمام Cut Motions move نہ ہو سکیں ۔ چنانچہ اب جب کہ میرے فاضل دوست نے اس بل پر بحث کے دوران وہی چیزیں پھر دھرائی ہیں ۔ میں آپ کی اجازت سے تعلیم کے متعلق چند معروضات پیش کرنے کے لئے تھوڑا سا وقت لوں گا ۔

جناب والا ۔ کسی ادارے ۔ فرد یا قوم کی ترقی کیلئے ضروری ہے کہ اس کاموں اور کاوشوں کا تسلسل کے ساتھ مناسب اوقات پر جائزہ لیا جاتا رہے ۔ کیونکہ ایسے جائزے سے جہاں کہیں کوتاہیاں ہوں ۔ اور انسانی کاموں میں کوتاہی ہونے کا ہمیشہ اندیشہ رہتا ہے ان سے سبق حاصل کیا جائے اور ان سے استفادہ کیا جائے اور آئندہ کے لئے ہدایت حاصل کی جائے ۔ اور جہاں جہاں صحیح کام ہوئے ہوں ان سے بلند حوصلگی حاصل کی جائے اور ان حوصلوں سے آئندہ کام کی رفتار کو تیز کیاجائے ۔

جناب والا ۔ جہاں تک قوم کی ترقی اور بالخصوص ہمارے معاشرے کی ذہنی طور پر ترقی کا سوال ہے ۔ انقلاب کے دوران جب سے ہم ترقی کی راہ پر گامزن ہیں تعلیم کے بارے میں ہمارے معاشرے کے ہر حصے میں صحیح احساس پایا جاتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ اس ایوان میں

بھی اور اس سے باہر بھی یہ امر قوم میں صحیح زندگی کی نشاندھی کرتا ہے - جس سے ہماری توقعات بندھتی ہیں - اس سے ہم اندازہ کر سکتے ہیں کہ ہماری قوم کا مستقبل انشاءاللہ تعالیٰ درخشندہ ہے -

جناب والا - جہاں تک تعلیم کے متعلق حکومت کی پالیسی کا تعلق ہے - میرے فاضل دوست نے فرمایا کہ حکومت کو اس کا احساس نہیں - اور اس مقصد کیلئے ہمیں جس قسم کے تعلیم یافتہ لوگ پیدا کرنا ہیں اس کی طرف پوری توجہ دی نہیں جا رہی - تو میں یہ عرض کرونگا کہ جب ہم کسی حکومت کی پالیسی کا ذکر کرتے ہیں تو ہمیں ابتداً اس بات کا خیال رکھنا چاہیئے کہ حکومت کی جس پالیسی کے متعلق بات ہو رہی ہے - اس سلسلے میں اسے جو پالیسی وارثت میں ملی وہ کیا تھی ؟ کیونکہ تعلیم کے بارے میں پالیسی کی تشکیل ایک لمحہ میں نہیں کی جا سکتی - اس کے لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم جب بھی اس بات کا جائزہ لیں اس بات کو ہمیشہ مد نظر رکھیں کہ جب وہ نظام یا وہ پالیسی اس حکومت نے سنبھالی تو اس وقت اس کی کیفیت کیا تھی ؟

جناب والا - آپ اور یہ معزز ایوان میرے ساتھ اس بات میں متفق ہوگا کہ آزادی سے قبل ہمارے نظام تعلیم میں وہ بہت سی چیزیں نہ تھیں - جن کی میرے فاضل دوست نے آج نشاندھی کی ہے مثلاً اس وقت مذھبی تعلیم کی طرف قطعاً کوئی توجہ نہ دی جاتی تھی - اس وقت دستکاری اور ہاتھ سے کام کرنے کے بارے میں کوئی توجہ نہ دی جاتی تھی - ٹیکنیکل تعلیم کی طرف بھی کوئی توجہ نہ تھی - یہ سب چیزیں کسی قوم کی ترقی کے لئے بہت ضروری ہیں - لیکن اس کے برعکس اب ہم دیکھتے ہیں کہ مذھبی تعلیم کی طرف پوری توجہ دی جارھی ہے - اور پہلی جماعت سے لے کر آٹھویں جماعت تک دینیات اور اسلامی تعلیم لازم ہے اور اس کیلئے ہمارے Courses موجود ہیں - چنانچہ میں فاضل ممبران سے استدعا کرونگا کہ وہ Courses ملاحظہ فرمالیں - جہاں کہیں وہ ان میں مزید اور مناسب ترامیم کے متعلق فرمائینگے ہم غور کر لیں گے -

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میں بڑے افسوس سے یہ دریافت

کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے محترم وزیر تعلیم بجٹ کی General Discussion پر گفتگو فرما رہے ہیں یا اس بل کی دوسری خواندگی پر ؟

وزیر تعلیم - جناب والا - میں نے سب سے پہلے عرض کیا ہے کہ اس بل کی پہلی خواندگی پر میرے فاضل دوست نے تعلیم کے بارے میں جو ارشادات فرمائے تھے ——

مسٹر سپیکر - پہلی خواندگی پر ان کو موقع نہ ملا تھا -

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - اس کا مطلب یہ ہوا کہ وزرا کو یہ لائسنس ہے کہ وہ relevant اور irrelevant جو چاہیں اس ایوان میں کہیں -

Mr. Speaker : No, that is not the case.

حاجی سردار عطا محمد - On a point of order, Sir - جناب والا - بڑی مشکل یہ ہے اور عموماً دیکھنے میں بھی آیا ہے کہ وزرا صاحبان کی بات کے بعد کسی ممبر کو جواب کی اجازت نہیں ہوتی اس لئے بہتر یہی ہے کہ وزرا صاحبان سب کے بعد بات کریں -

مسٹر سپیکر - میں یہ عرض کر دوں - وٹو صاحب منسٹر انچارج نہیں ہیں - جب منسٹر انچارج بولیں گے تو پھر ان کے بعد کسی کو موقع نہ دیا جائے گا -

وزیر تعلیم - جناب والا - میرے فاضل دوست نے irrelevancy کا جو سوال اٹھایا ہے اس کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ اس فاضل دوست نے تعلیم کے بارے میں اس بل کے ذریعے جو ٹیکس لگایا جا رہا ہے - اس پر اعتراض کیا تھا - اور اس موقع پر یہ سب چیزیں کہی تھیں جن کا میں جواب دے رہا ہوں -

Mr. Speaker : That should not be discussed now.

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جہاں تک اس بات کی کوشش کا تعلق ہے کہ ہم اس کردار کے لوگ پیش کریں ۔ ان اہلیتوں اور ان قابلیتوں کے لوگ پیش کریں جن کے بارے میں میرے فاضل دوست نے ارشاد فرمایا ہے تو ان میں ایک بنیادی بات مذہبی تعلیم کے بارے میں بھی تھی جو ہمارے کردار سے متعلق ہے اور دوسری بات ٹیکنیکل تعلیم سے تعلق رکھتی ہے ۔

تو میں اپنے دوست کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ ان سب چیزوں کے بارے میں موجودہ نظام تعلیم میں پورا انقلاب لایا جا چکا ہے ۔ جس کے اثرات بہر صورت مناسب وقت پر ہمارے سامنے ضرور آئینگے ۔

جناب والا ۔ ٹیکنیکل تعلیم کے سلسلے میں ہم اس وقت سب سے زیادہ جو کچھ کر رہے ہیں ۔ اس کے متعلق میں کچھ اعداد و شمار آپ کی اجازت سے پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ اس کے لیے میں زیادہ وقت نہیں لوں گا ۔ صرف پانچ دس منٹ ہی کافی ہوں گے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ on a point of order sir ۔ جناب والا ۔ میں پھر آپ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ ہم جناب وزیر تعلیم کی تقریر سننے کا پھر کوئی موقع نکال لیں گے ۔

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ میں انہی اعتراضات کا جواب دے رہا ہوں ۔

وزیر خزانہ ۔ خواجہ صاحب آپ کتنی irrelevant باتیں کیا کرتے ہیں اور ہم سنا کرتے ہیں ۔ ذرا تحمل سے کام لیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ اگر انہوں نے بے موقع تقریر کرنا ہے تو وہ الگ بات ہے ویسے اس کے لئے موقع پیدا کیا جا سکتا ہے ۔ اور اسی اجلاس میں کیا جا سکتا ہے ۔ اب آپ ہی اس بات کا فیصلہ فرمائیں کہ وزیر تعلیم کی تقریر relevant ہے یا irrelevant ۔

Mr. Speaker : Please be very brief.

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ میں اپنی تقریر اس ایوان پر غیر ضروری طور سے مسلط کرنا نہیں چاہتا ۔ اس امر کا احساس کہ شاید میں irrelevant ہوں ۔ میں جناب سے اس بات پر Ruling چاہتا ہوں ۔ کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ Ruling ہمیں آئندہ بھی guidance کا کام دے گی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ کسی بل کی خواندگی کے تینوں مرحلے یوں ہوتے ہیں ۔ پہلی خواندگی کے موقع پر اس کے عام اصول آ جاتے ہیں ۔

Second Reading میں آپ اسے finally wind up کرتے ہیں ۔ اور تیسری خواندگی کے موقع پر کوئی relevant بات جو اس بل کی سابقہ بجٹ کے دوران کہہ دی جائے ۔ اس لئے میں اپنے دوستوں کے اعتراضات کا جواب دینے میں خود کو قانونی طور پر حق بجانب اور relevant پاتا ہوں ۔ اگر ایسا نہیں تو آپ Ruling فرما دیں ۔ تاکہ میں اپنی تقریر ختم کر دوں ۔

Mr. Speaker : The Minister may please take his seat. I may explain the position.

صورت یہ ہے کہ فنانس بل یا کسی بل میں عموماً تین stages ہوتی ہیں ۔ ایک stage پہلی خواندگی کی ہوتی ہے ۔

دوسری stage آتی ہے clause by clause کی ۔ اور

تیسری stage آتی ہے کہ It should be passed as amended

جہاں تک کسی عام بل کا تعلق ہے ۔ اس پر اس بل کی provisions کے متعلق relevant بحث ہوتی ہے ۔ لیکن جہاں تک فنانس بل کا تعلق ہے ۔ چونکہ اس کی First Reading میں General Administration بھی discuss ہو سکتی ہے ۔ اس لئے اس موقع پر آپ یہ چیز بھی لا سکتے ہیں کہ General Administration قدرے slack ہے ۔ تعلیم میں یہ نقائص ہیں اور محکمہ مال میں یہ خرابیاں ہیں ۔ لیکن اس بات کے متعلق کہ فلاں ٹیکس نہیں لگانا چاہئے ۔ اس کا اصل موقع First reading کے وقت ہوتا ہے ۔

اس کے بعد Second reading میں بحث clause by clause چلتی ہے ۔ یعنی آپ clauses کو discuss کرتے ہیں ۔ اس وقت ان پر بحث ہو سکتی ہے ۔ اور پھر تیسری خواندگی آتی ہے ۔ اب اس موقع پر آپ بل پر اسی شکل میں بحث کر سکتے ہیں جس میں کہ وہ amend ہوا ہے ۔ اور جس شکل میں آپ نے clauses پاس کی ہیں ۔ چنانچہ تیسری خواندگی میں آپ اسے اسی شکل میں discuss کر سکتے ہیں ۔ تیسری خواندگی پر پہلی خواندگی کی تقریریں نہیں ہو سکتیں ۔ بہر حال ۔

The Minister may now wind up his speech.

خواجہ محمد صفدر ــ جناب والا ۔ صوبہ کے تعلیمی حالات پر بحث کرنے کے لئے ہم کوئی ایک دن مقرر کر سکتے ہیں ۔ اسی طرح وزیر تعلیم صاحب کو تقریر کا کافی موقع مل سکے گا ۔

وزیر تعلیم ــ جناب والا ۔ میں نے ایوان کی خدمت میں وضاحت کے لیے اپنی معروضات پیش کی ہیں ۔ اگر میری تقریر غیر متعلقہ ہے ۔ اور مناسب نہیں ۔ تو میں اصرار نہیں کرتا ۔ اور اپنی تقریر کو ختم کرتا ہوں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی ۸) ۔ جناب سپیکر ۔ ۱۹۶۵-۶۶ کا مالیاتی بل ہے ۔ جو اپنی دو خواندگیوں کے طویل مراحل سے گذر کر تیسری خواندگی کے مختصر مرحلہ میں داخل ہے ۔ گفتگو کے آغاز سے لے کر اب تک ہماری طرف سے یعنی حزب اختلاف کی طرف سے جسے قائد ایوان ننھی منھی حزب اختلاف کے نام سے پکارتے ہیں ۔ مختلف مواقع پر مختلف تجاویز اسی صوبہ کی بہتری کے لئے پیش کی جاتی رہی ہیں لیکن ہر موقع پر ہماری ایک بات کو بھی اس لئے در خود اعتنا نہیں سمجھا گیا ۔ بلکہ الزام لگایا گیا ۔ کہ ہم اختلاف برائے اختلاف کرتے ہیں ۔ ہمارا قصور اگر ہے ۔ تو صرف یہ ہے ۔ کہ ہم ''زہر ہلاہل

کو کبھی کہہ نہ سکے قند" مجھے اس بات کا احساس ہے کہ میری بائیں طرف جو دوست بیٹھے ہیں انہیں عظیم اکثریت حاصل ہے۔ آپ جس جھوٹ کو چاہیں سچ بنا سکتے ہیں۔ اور جس کفر پر چاہیں اسلام کا فتویٰ لگا سکتے ہیں۔ کوئی آپ کو ٹوکنے والا نہیں کوئی آپ کو روکنے والا نہیں۔ ٹوکنے والے کی زبان دانتوں کے درمیان مقید ہے۔ اور روکنے والے کے ہاتھ دست بجولاں ہیں۔ جناب والا۔ فنانس بل پر اعتراضات کے جواب میں وزیر متعلقہ نے بار بار یہ فرمایا ہے کہ یہ ٹیکس انہیں ورثہ میں ملے ہیں۔ یہ وہ ٹیکس ہے کہ جو پچھلے ۵ سال سے اس ملک کے عوام پر عائد رہا ہے۔ اس لئے اسے بحال رکھنا چاہئے اسے قائم رہنا چاہئے۔ اور ہم اسے اپنی نئی تجاویز سے علیحدہ نہیں کر سکتے۔ میں یہ عرض کروں گا۔ کہ ہمارا ملک اور ہماری یہ مملکت ایک رفاہی مملکت ہے۔ کم از کم آپ تو یہی دعوے کرتے ہیں۔ کہ یہ رفاہی مملکت ہے۔ اگر اس ملک کے دستور کو دیکھیں۔ تو وہ ہمیں اور عوام کو جلی نہ سہی خفی طور پر ضمانت دیتا ہے۔ کہ ہم پر سے ٹیکسوں کا بوجھ دن بدن کم کیا جاتا رہے گا۔ ساتھ ہی ساتھ وہ بھی ضمانت موجود ہے کہ آپ عوام کو بنیادی ضروریات زندگی فراہم کریں گے اور ان کے حالات زندگی اسلام کے مطابق درست کرنے کی کوشش کرتے رہیں گے۔ اس نکتۂ نظر سے آپ دیکھئے کہ وہ ٹیکس جس کی زد براہ راست کھیت میں کام کرنے والے کسان پر اور صنعتی مشینوں کے چلانے والے ہاتھوں پر پڑ رہی ہے وہ ٹیکس اگر آج سے ۱۵ سال پہلے عائد تھا تو کیا بر سر اقتدار حکومت کا یہ فرض نہیں تھا کہ اب جب کہ نیا سال دستک دے رہا ہے۔ اور اس کے لئے نئی مالیاتی تجاویز پیش کی جا رہی ہیں تو ۱۵ سال پہلے کے عائد کردہ ٹیکسوں کو ختم کر دیا جاتا۔ اس مسئلہ کو انہیں اس نقطہ نظر سے دیکھنا چاہئے تھا۔ اور ٹیکس عائد کرتے وقت یہ سوچنا چاہئے تھا کہ اس کا اثر کن لوگوں پر پڑ رہا ہے۔ اور ملک کی حالت کیا ہے۔ لوگ کس طرح آپ کے عائد کردہ ٹیکسوں کے بوجھ تلے اور آپ کے پیدا کردہ منافع خوروں کی چکی کے درمیان پس رہے ہیں۔ یہ بات کہنا کہ چونکہ پہلے سے یہ ٹیکس عائد ہیں۔ اس لئے انہیں جاری

رکھا گیا ھے ۔ کوئی خوبی کی بات نہیں ۔ اگر ۱۹۵۰ سے یہ ٹیکس عائد تھے۔ اگر عوام ان سے تکلیف محسوس کر رہے تھے ۔ تو کیا یہ ضروری نہیں تھا کہ آپ اس بوجھ کو ھلکا کرتے ۔ اور اس کی بجائے اپنے خزانہ کے لئے اور حکومت کی ضروریات کے لئے دوسرے ذرائع اختیار کرتے ۔

ھم دیکھتے ھیں کہ اس فنانس بل میں پچھلے فنانس بلوں کی طرح ۱۹۵۰ میں عائد کردہ ٹیکس اس طرح نافذ ھیں ۔ اور اس میں بھی وہ تمام برائیاں موجود ھیں ، جو ان میں تھیں ۔ بلکہ آپ نے اس میں چند اور برائیوں کا اضافہ کر دیا ھے ۔ اگر میں قائد ایوان کی خدمت میں کل والا مصرع عرض کر دوں تو مناسب ھوگا ۔ کہ

''آنچہ خوبان ھمہ دارند تو تنہا داری''

وہ برائیاں جو اس سے پہلے Acts میں موجود تھیں ۔ آپ نے نہ صرف انہیں موجود رکھا ھے ، بلکہ آپ نے ان میں مزید اضافہ کر دیا ھے ۔ جب آپ یہ فرماتے ھیں کہ موٹروں اور کشتیوں پر ٹیکس اس لیے جاری رھے گا ۔ کیونکہ وہ ۱۹۵۰ سے عائد ھے تو کیا آپ کے ذھن میں یہ بات نہیں آتی کہ ۱۹۵۰ سے ۱۹۵۸ تک پرانے سیاستدانوں کے دور میں یہ ٹیکس عائد تھے ۔ اور ملک کے عوام تباہ ھو رھے تھے ۔ یہ بھی ان کے ناقد ھیں ۔ اور آپ بھی ان پر طعنہ زن ھیں ۔ کہ ۱۹۵۰ سے ۱۹۵۸ تک یہ ٹیکس جاری رھے ۔ لیکن جب یہ انقلابی دور شروع ھوا ۔ جس کا دعویٰ یہ ھے کہ وہ بہ نسبت پرانے سیاست دانوں کے عوام کی رگوں سے زیادہ قریب ھیں ۔ جس نے تمام پرانی برائیوں کے دور کرنے کا بیڑہ اٹھایا ھے ۔ اور بزعم خود اس کے ٹھیکیدار ھیں ۔ انہیں ٹیکسوں کے اس بار گراں میں جو ۸ سال سے عوام پر عائد رھے اضافہ کے بجائے کمی کرنی چاھئے تھی ۔ پھر آپ یہ کہتے ھیں کہ یہ دستور رفاھی دستور ھے ۔ یہ اس لیے نافذ کیا گیا ھے کہ عوام کی مشکلات اور ان کی تکالیف کو دور کیا جائے ۔ لیکن ایسا نہیں ھوا ۔ میں جانتا ھوں ۔ اور مجھے پورا احساس ھے کہ ھماری بات آپ کے لئے بے اثر ھوگی اور ھماری کوئی بات نہیں سمجھی جائے گی اس کے باوجود ھم آپ کی ھر غلط چیز پر نکتہ چینی ضرور کریں گے ۔ اور غلط اقدام سے روکیں

گے ۔ کیونکہ اس ملک کی کشتی میں ہم دونوں سوار ہیں ۔ اگر آپ اس میں سوراخ کر کے اسے ڈبونے کی کوشش کریں گے ، تو ہم آپ کو ایسا نہیں کرنے دیں گے ۔ آپ کی برائیوں پر ہم ٹوکتے رہیں گے اگر آپ اپنے ضمیر کے ساتھ ۔ اپنے ملک کے ساتھ ۔ عوام‌الناس کے ساتھ غداری کریں گے ۔ تو ہم آپ کی برائیوں کی طرف اور آپ کی غلطیوں کی طرف آپ کو متوجہ کرتے رہیں گے ۔ میں توقع رکھتا ہوں کہ آپ حضرات ہماری بات کو اس نظر سے دیکھیں گے کہ ہم بھی اس ملک کے بہی خواہ ہیں ۔ ہم اس ملک کے آزاد شہری ہیں ۔ اور آپ سے زیادہ اس ملک کے معاملات میں دل چسپی رکھتے ہیں ۔ اس لئے کہ اس ملک کے ساتھ ہماری آئندہ نسلوں کا مستقبل وابستہ ہے ۔

ان الفاظ کے ساتھ میں قائد ایوان کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ وہ ہماری تمام گذارشات ۔ معروضات اور پیش کردہ ترمیمات اور تجاویز پر آج نہیں ، تو کل اپنے تنہائی کے لمحوں میں غور کریں ۔ اور انہیں روبہ عمل لانے کی کوشش کریں ۔

خان اجون خان جدون (مردان ۔ ۳) ۔ جناب والا ۔ میں اس ٹنانس بل کی تائید کرتا ہوں کہ اسے پاس کیا جائے اس میں پرائمری ایجوکیشن سیس جو تجویز کیا گیا ہے اس کے متعلق میں یہ بات وزیر تعلیم کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ پچھلے سال بھی یہ سیس لگایا گیا تھا ۔ اس لئے کافی رقم وصول کی گئی ہوگی ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ پرائمری سکولوں کی عمارات جو دیہات میں ہیں ۔ ان کی طرف فوری توجہ دیں ۔ خاص کر صوبہ سرحد کے سکولوں کی طرف ۔

مسٹر سپیکر — آپ relevant نہیں ہیں ۔ اس وقت آپ صرف اس بل کی تائید کریں یا مخالفت ۔ اس وقت کوئی مطالبہ ۔ یا سوالات یا کوئی ریزولیشن پیش نہیں ہو سکتا ۔ تو میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس کو کس طرح سے وصول کریں گے ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ــ یہ آپ دفتر میں آ کر پوچھ لیں ۔

خان اجون خان جدون ــ کیوں جناب دفتر میں کیوں آ کر پوچھ لیں ؟ آپوزیشن والوں نے تو ساری باتیں پوچھ لیں تو میں بھی اب یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ ہم کس طریقہ سے اس پر بحث کر سکتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ــ آپوزیشن والوں نے یہ کہا کہ یہ بل پاس نہ ہونا چاہئے ۔

خان اجون خان جدون ــ میں کہتا ہوں کہ پاس ہونا چاہئے ۔

مسٹر سپیکر ــ تو آپ یہ فرما سکتے ہیں کہ یہ پاس ہونا چاہئے ۔ یا جو کچھ آپ کہیں تو آپوزیشن والوں کی تقاریر کے جواب میں ہونا چاہئے ۔

خان اجون خان جدون ــ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ان ٹیکسوں کی ضرورت ہے تاکہ دیہاتوں میں پرائمری سکولوں کی عمارتوں کی جو حالت ہے وہ درست کی جائے ۔ جناب خواجہ صفدر صاحب نے اپنی تقریر میں یہ فرمایا ہے کہ اس ایوان میں ہماری پارٹی کا جو Pressure گروپ ہے اس نے گورنمنٹ کو مجبور کیا کہ یہ لینڈ ریونیو پر جو ٹیکس لگایا گیا تھا ۱۵۰ روپے تک اس کو کم کر کے ۴۵۰ تک کر دیا جائے ۔ کیا یہ کام ہم نے عوام کے مفاد کے خلاف کیا ہے ؟ سنٹرل اسمبلی میں مٹی کے تیل پر ٹیکس واپس لے لیا گیا ہے کیا وہ عوام کے مفاد کے خلاف تھا اور اسی طرح چھوٹے پنکھوں پر سے بھی ڈیوٹی واپس لے لی گئی ۔ اس لیے میں حیران ہوں کہ آپ کس طرح اس تجویز کی مخالفت کرتے ہیں جبکہ عوام کے نقطہ نظر سے ــــــــ

مسٹر حمزہ ــ اور جو ڈیوٹی مزارعین نے ادا کرنی ہے ۔

خان اجون خان جدون ــ صرف مزارعین کیوں ادا کرتے ہیں زمیندار اور مزارعین دونوں مل کر ادا کرتے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ سابق صوبہ سرحد میں فری ایجوکیشن cess لگایا گیا تھا جو اب تک وہاں جاری ہے ۔ میں گورنمنٹ کے نوٹس میں یہ چیز لاؤں گا کہ سابق صوبہ میں دو ایجوکیشن cess ہیں ۔ ایک تو وہ ایجوکیشن cess ہے جس کا میں نے ذکر کیا ہے اور دوسرا ۔ این ۔ ڈبلیو ۔ ایف ۔ پی میں سنہ ۱۹۴۸ء میں ڈولپمنٹ cess ایکٹ میں ایجوکیشن cess بھی ان سے وصول کیا جا رہا ہے آپ اس کا معائنہ کر سکتے ہیں ۔

Mr Speaker : The member may please take his seat.

حاجی عطا محمد (خیر پور ۔ ۲) ــ جناب والا ۔ میں اس سے پہلے ٹیکس عائد کرنے کے متعلق کہہ چکا ہوں ۔ جناب وزیر خزانہ شیخ صاحب یہ میرا گلہ کر رہے تھے کہ میں علاقائی فضا اٹھاتا ہوں ۔ میں افسوس سے کہتا ہوں کہ یہ کہنے سے نہیں ہوتا یہ عمل سے ہوتا ہے ۔ آپ کو چاہئے کہ آپ ہمارے ساتھ عملی طور پر مساوات کا سلوک کریں ۔ یہ ہمارے کہنے سے کچھ نہیں ہوگا ۔ افسوس اس بات کا ہے کہ آپ ہم سے کیسے سلوک کر رہے ہیں ۔ میں عرض کروں کہ ہمارے خیر پور میں ایک سوشل نیشنل ٹرسٹ ڈیڑھ کروڑ کا تھا وہ بند کر دیا ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ــ Sir, he is irrelevant آپ وٹو صاحب کو تو منع کرتے ہیں اور دوسروں کو اجازت دیتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ــ میں نے اجازت نہیں دی ہے انہوں نے ابھی شروع کیا ہے ۔

حاجی صاحب پہلی چیز جو آپ کے سامنے آئی اس میں ترامیم آئیں اور ترامیم پیش ہوئیں اس کے بعد چاہئے یہ کہ پہلے ان ترامیم کو جو آپ کے سامنے ہیں ان پر بحث کریں اور ان کو یا تو پاس کریں اور یا پاس نہ کریں ۔

حاجی عطا محمد ــ میں یہی بات عرض کر رہا ہوں کہ میں کس طریقہ سے اس کو پاس کروں ۔ (قہقہہ)

ہماری زمینوں کی جو حالت ہے اس کی وجہ سے سٹیٹ گورنمنٹ ہم سے ۲۵ فیصدی مالیہ کم لیتی تھی مگر جب ون یونٹ بنا تو ہمارے ساتھ یہ سلوک کیا گیا کہ ہمارا مالیہ ۲۵ فیصدی بڑھا دیا گیا ۔ یعنی بجائے کم کرنے کے بڑھا دیا ہے ۔ ہم اس کے لئے چلا رہے ہیں ۔ جہاں تک تعلیم کا تعلق ہے ہماری تعلیم مفت تھی ۔ اور بورڈنگ ہاؤس تھا لڑکوں کو وظیفے ملتے تھے اور وہ بورڈنگ میں فری رہتے تھے اب وہ بند کر دیا گیا ہے ۔ وزیر خزانہ صاحب نے فرمایا ہم نے سندھ کا دورہ کیا ہے ۔ ہاں جب وہ صاحب دورہ کرنے آتے تھے تو سیلون میں رہتے تھے اور سرکٹ ہاؤس میں ٹھہرتے تھے ۔

وزیر خزانہ ۔ جناب یہ غلط کہہ رہے ہیں ۔ حاجی صاحب آپ حاجی ہیں میں کب سیلون میں گیا ؟

حاجی عطا محمد ــ میں انشاءاللہ دورہ کر کے سب معلوم کر لوں گا ۔

جناب والا ۔ آخر میں میں یہ عرض کروں گا کہ تعلیم کے سلسلے میں جو کہا ہے کہ تعلیم پر کافی رقم خرچ کریں گے تو میں اس کو سراہتا ہوں ۔ میں اس کی تعریف کرتا ہوں ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ــ جناب اس معزز ایوان میں جو تقریریں ہوئی ہیں ان میں نئے ٹیکسوں کے متعلق کم توجہ مبذول کرائی گئی ہے بلکہ وہ پرانے ٹیکس جو چلے آ رہے ہیں ان پر زور زیادہ دیا گیا ہے ۔ جناب والا ۔ آپ اگر فائننس بل کا مطالعہ کریں تو آپ کو معلوم ہو گا کہ ہم نے حتی‌الوسع کوشش یہ کی ہے کہ ٹیکسوں کا بار غریب طبقے پر نہ پڑے ۔ جو ہم نے نئے ٹیکس عائد کیے ہیں اس میں Capital gains tax

ہے جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے اس کی زد متوسط طبقہ اور امیر طبقہ پر پڑتی ہے ۔ دوسرے جو موٹر کاروں پر ٹیکس لگایا ہے اس پر صرف ۱/۳ پہلے کی نسبت زیادہ کیا ہے یہ ٹیکس بھی پرانا تھا ۔ پہلے جو کار تین ہزار کی آتی تھی آج ماشاءاللہ وہ ۵۰ - ۶۰ - ہزار روپے کی ہے ۔ اس حساب سے ہم نے یہ ٹیکس کم کیا ہے ۔ اور بسوں اور ٹرکوں پر بھی تھوڑا بہت ٹیکس بڑھ گیا ہے ۔ جہاں تک میں سمجھتا ہوں ان کے مالکوں کو اچھا خاصا فائدہ ہو رہا ہے ۔ آپ یہ دیکھیں گے کہ موٹر سائیکل اور سکوٹر پر ہم نے کوئی ٹیکس میں تبدیلی نہیں کی ہے موٹر سائیکل اور سکوٹر عام طور پر غریب آدمی رکھتے ہیں اس میں ہم نے ٹیکسسز کوئی نہیں بڑھائے ہیں ۔ جتنے نئے ٹیکس لگے ہیں ہمارا تخمینہ ہے کہ اس میں سے کل مزید آمدنی ۴ کروڑ بارہ لاکھ کے قریب ہوگی اور اس میں سے ۷۵ لاکھ کی رقم مغربی پاکستان کی پی ۔ آئی ۔ ڈی ۔ سی دیگی یعنی کل رقم جو ہمیں ان ٹیکسوں سے ملے گی وہ تین کروڑ ۳۷ لاکھ ہوگی ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ کم ہو گی ۔

وزیر خزانہ ۔ کم رہے گی بڑھے گی نہیں ۔ تو جیسا کہ میں ۔ کہا ہے کہ اس میں سے ۷۵ لاکھ ویسٹ پاکستان کی پی ۔ آئی ۔ ڈی ۔ سی دیگ اور تین کروڑ ۳۷ لاکھ جو نئے ٹیکسسز لگے ہیں ہم ان سے وصول کریں گے ۔

جہاں تک ٹیکسیشن کا سوال ہے عرض کروں کہ خوش قسمتی سمجھئے یا بد قسمتی ۔ ہمارے صوبائی ٹیکس زیادہ تر direct ہوتے ہیں ۔ اس وجہ سے جو ٹیکس لگائے گئے ہوں ان کا سیدھا بار پڑتا ہے اور لوگ اس کو پسند نہیں کرتے ۔ سینٹر کی ٹیکسیشن indirect ہوتی ہے ۔ مثلاً سیلز ٹیکس ۔ ایکسائز ڈیوٹی ۔ کسٹم سے سینکڑوں ہزاروں اور کروڑھا روپیہ کی آمدنی ہوتی ہے لیکن وہ آپ لوگ محسوس نہیں کرتے ۔ خواجہ صاحب نے پہلی بار بڑا زور دیا تھا کہ ہمارا خرچ بڑھ رہا ہے ۔ خاصا بڑھ رہا ہے ۔

میں عرض کروں گا کہ سن ۵۶ - ۵۷ میں ہمارا ریونیو بجٹ ۵۹ کروڑ کا تھا - سن ۶۰ - ۶۱ میں وہ ۸۳ کروڑ ہو گیا یعنی ۴۰ فیصدی کا اضافہ ہوا تھا سن ۶۵-۶۶ کا جو بجٹ ہے وہ ۱۷۷ کروڑ کا ہے یعنی ۱۹۶۰ سے لیکر More than cent percent increase اب تک ہو گئی ہے یہ خالی ٹیکسیشن میں نہیں ہوا بلکہ یہ جو ملک کی اقتصادی اور صنعتی ترقی ہوئی ہے اس کے بعد ہمارا یہ مالیہ اور دوسری ٹیکسیشن جو ہے اس سے آمدنی میں اضافہ ہوا ہے - آپ نے دیکھا ہوگا کہ ہم نے دوسرے پنج سالہ منصوبے میں جو بیرونی امداد رکھی تھی ہم نے اندازہ لگایا تھا وہ کل رقم کا ۴۹ فیصدی تھا لیکن خدا کے فضل و کرم سے ہمیں دوسرے پنج سالہ منصوبے میں جو باہر سے مدد لینی پڑی تھی وہ ۳۸ فیصدی تھی یعنی ہمارا انحصار جو کہ Foreign loan پر تھا وہ ۴۹ فیصدی سے ہو کر ۱۱ فیصدی کم ہو گیا- یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ ہم اپنے آپ پر زیادہ depend کرتے ہیں بہ نسبت غیر ممالک کے اور ہمارا تیسرا پنج سالہ منصوبہ جو ہے ہمارا اندازہ ہے کہ بیرونی مدد کا وہ ۳۲ فیصدی ہے - میں دعا کرتا ہوں کہ ہم اپنے منصوبہ میں کامیاب ہوں اور ہم ۳۲ کی بجائے ۲۵ فیصدی قرضہ جات باہر سے لے سکیں - یہ جو آپ کے سامنے میزانیہ پیش کیا جاتا ہے یہ سارا خرچ ریونیو خرچ نہیں ہوتا جیسا کہ آپکو اعداد و شمار سے ظاہر ہو گیا ہوگا کہ پچھلے سال ہم نے سن ۶۴-۶۵ میں اپنے resources میں سے میرے خیال میں ۴۳ لاکھ روپیہ رکھا تھا اور اس سال ہم نے ۵۷ کروڑ رکھا ہے اور آپ یہ بھی دیکھیں گے کہ صحت اور تعلیم پر ہمارے پہلے جو اخراجات تھے وہ سن ۵۶-۵۷ میں ۲۷ کروڑ تھے اور سن ۶۵-۶۶ میں یہ ۱۰۳ کروڑ ہوں گئے یعنی تقریباً چار گناہ زیادہ ہو گئے ہیں - پھر بھی مخالف پارٹی والے عام طور پر کہتے ہیں کہ ہماری حکومت نے عوام کی بہتری کے لئے کچھ بھی نہیں کیا - تو یہ میری معروضات تھیں جناب - لیڈر صاحب نے کہا تھا کہ مجھے بخار ہے وہ بخار میں نکال لوں لیکن میں بخار نکالنا نہیں چاہتا - میں التجا کروں گا کہ بل پاس کر دیا جائے -

Mr. Speaker : I will now put the question. The questson is :—
That the West Pakistan Finance Bill 1965, as amended, be passed.
The motion was carried.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں درخواست کروں گا کہ ہاؤس کی کارروائی کل پر ملتوی کر دی جائے ۔

Minister of Finance : No objection Sir. I have consulted the Leader of the House and he agrees with it.

مسٹر سپیکر ۔ پیشتر اس کے کہ ایوان کی کارروائی ملتوی کی جائے میں ممبران کو یاد دھانی کرانا چاھتاھوں کہ آج لیکچر کا ٹائم ساڑھے چھ بجے ھے ۔ ممبر صاحبان ٹی روم میں تشریف لائیں اور اب ایوان کی کارروائی کل صبح آٹھ بجے تک ملتوی کی جاتی ھے ۔

(اس کے بعد اسمبلی کا اجلاس جمعرات بتاریخ یکم جولائی ۱۹۶۵ء آٹھ بجے صبح تک ملتوی ہو گیا) ۔

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

DEBATES

1st July, 1965

Vol. I—No. 17

OFFICIAL REPORT

CONTENTS

Thursday, the 1st July, 1965

	Pages
Recitation from the Holy Qur'an	1541
Starred Questions and Answers	1542
Question of Privilege—	
re:misreporting of Assembly proceedings by a section of the Press	1578
Private Members' Business—	
Bills—	
The West Pakistan National Language Bill, 1965 (*introduced*)	1584
The Punjab Trade Employees (West Pakistan Amendment) Bill, 1965 (*introduced*)	1586
The West Pakistan Muslim Personal Law (Shariat) Application (Amendment) Bill, 1965 (*introduced*) ..	1589
Resolutions—	
re:examination and implementation of the recommendations made by the Murree Hills High Powered Commission ..	1590
re:total prohibition of liquor in the Province of West Pakistan	1590
re:holding of elections to the office of the President and National and Provincial Assemblies on the basis of direct adult franchise	1642

[illegible] OF WEST PAKISTAN

[illegible] SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Thursday, the 1st July, 1965

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8·00 a.m. of the Clock, Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi, (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا حَتّٰى اِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ۝ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَآءُ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ۝ وَتَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۚ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

(پ ۲۴ ۔ س ۳۹ ع ۵ آیات ۷۳ تا ۷۵)

اور جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں انکو گروہ گروہ بنا کر بہشت کی طرف لے جائیں گے یہانتک کہ وہ لوگ اس کے پاس پہنچ جائیں گے اور اس کے دروازے کھول دیئے جائیں گے۔ تو اس کا داروغہ اُن سے کہے گا تم پر سلام ہو تم لوگ بہت اچھے رہے اب اس میں ہمیشہ کے لئے داخل ہو جاؤ۔ وہ لوگ کہیں گے کہ تمام حمد و ستائش اللہ کے لئے ہے کہ اس نے اپنے وعدے کو ہم پر سچا کر دکھایا اور ہم کو اس (جنت) کی زمین کا وارث بنا دیا اب ہم بہشت کے اندر جس محل میں چاہیں رہیں۔ پس اچھے عمل کرنے والے لوگوں کا صلہ بھی کیا خوب ہے تم فرشتوں کو دیکھو گے کہ عرش کے گرد گھیرا ڈالے ہوئے ہیں اور ان میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کیا جائیگا اور کہا جائیگا کہ (حقیقتاً) ہر طرح کی حمد و ستائش اللہ ہی کو سزاوار ہے جو سارے جہان کا مالک ہے۔

وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker: Now the Question Hour. Khan Ajoon Khan Jadoon.

SHORTAGE OF WATER IN RAJBAH "KALARE MINOR"

*73. **Khan Ajoon Khan Jadoon:** Will the Parliamentary Secretary, Irrigation and Power be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that agricultural lands o village Satrah in Tehsil Daska of Sialkot District and its adjacent villages are irrigated by a Rajbah known as "Kalare Minor" emanating from M. R. Link Canal ;

(*b*) whether it is a fact that the said area is well known for the production of superior quality of rice ;

(*c*) whether it is a fact that every year hundreds of acres of rice crops in the said area dry up due to inadequate supply of canal water ;

(d) if answers to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, the steps Gov r ment intend to take to enhance the supply of water in the said area ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmad Gill) :

(*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(c) No.

(*d*) The Marala-Ravi Link, as its name indicates is primarily a large channel for transferring the waters of Chenab river into Ravi for S. V. P. canals *via* Balloki during certain period of floods season. Some small channels such as "Kalare Minor" can get only that extra water over and above the transferred supplies as can flow when there is enough discharge running in the Marala-Ravi Link for 2½ months similar to Grow Food supplies. The areas on these small channel were previously dependent on rain water only. However, the working of these channels is expected to improve when the new Barrage immediately below the old Marala Weir is completed, as part of Indus Basin Work after three years.

خواجہ محمد صفدر — جناب والا — کیا سیالکوٹ کے اس حصے میں جو نہر جاری ہوئی ہے جب تک ایڈجرنمنٹ موشن نہ پیش کی جائے اس میں پانی نہیں چھوڑا جا سکتا ؟

Parliamentary Secretary: Sir, I do not agree with the member. I would, of course, agree that zamindars of that illaqa are very ambitious and they want extensive cultivation. Though the water is supplied for 2½ months for crops, they want to sow more crops.

خواجہ محمد صفدر — جناب والا — اب جبکہ دھان کی فصل بونے کا وقت ہے اور پھر بھی اس نہر میں پانی نہیں چھوڑا گیا تو کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ اس دھان کی فصل کا کیا بنے گا اور بعد میں پانی کی کیا ضرورت ہوگی ۔ آخر وقت پر پانی نہ دینے کی وجہ تو بتائی جائے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری — جناب والا — یہ علاقہ ۱۹۵۲ سے ڈیولپ ہوا ہے ۔ اس سے قبل زیادہ تر بارش کے پانی پر ہی اس کا انحصار تھا ۔ اب اس کو نہری پانی دیا جاتا ہے ۔ اگر آپ

نوٹس دینگے تو میں وجہ معلوم کر لونگا کہ اس نہر میں - کیوں - اب - تک پانی نہیں چھوڑا گیا -

Actually I can't say whether water is being supplied now for the rice crop. If that is so, of course, the member can put a fresh question.

خواجہ محمد صفدر — جناب والا - کیا جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب آج ہی اس کا پتہ کرینگے کہ اس نہر میں پانی چھوڑ دیا گیا ہے یا نہیں ؟ اور ان دیہاتیوں کو پانی دینے کا انتظام ہو چکا ہے یا نہیں ؟

چودھری انور عزیز — جناب والا - سیالکوٹ میں ابھی تک M. R. Link میں پانی نہیں چھوڑا گیا - حالانکہ ہمارے پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب جو خود بھی زراعت سے واقفیت رکھتے ہیں - جانتے ہیں کہ دھان کی فصل کے لیے اس وقت تک زمین تیار ہونی چاہیئے - اور خود ان کی کتابوں میں لکھا ہوا ہے کہ اگر دھان کی فصل ۵ جولائی کے بعد کاشت کی جائے تو اس کی پیداوار کم رہ جاتی ہے -

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Surely, we accept the suggestion of the member. We will look into this matter today and let him know the results.

Khawaja Muhammad Safdar: Thank you very much.

چودھری انور عزیز—جناب وہاں پانی ابھی تک نہیں چھوڑا گیا - جس کی وجہ سے اس علاقے کے لوگوں کو بڑی تکلیف کا سامنا ہے -

Parliamentary Secretary: This question has already been answered.

Minister of Law: As the member has rightly pointed out, whatever is written in our books if this is followed faithfully I think this misery would considerably be avoided, but unfortunately zamindars follow what is written in their own books.

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ - جناب والا - جب پانی باقاعدہ طور پر نہیں ملتا اور اسطرح فصل سوکھ جاتی ہے تو پھر آبیانہ کیوں لیا جاتا ہے ؟

Mr. Speaker: That is not a Supplementary Question.

گل صاحب - اگر آپ اس سوال کے متعلق کوئی information حاصل کرنا چاہتے ہیں تو کر لیں - اس سوال کا اور خواجہ صاحب کے ضمنی سوال کا جواب سوالات ختم ہونے پر دیا جائے گا -

خواجہ محمد صفدر — جناب والا — جناب وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ وہ آج ہی پتہ کر لینگے - اور میں ان سے انشا اللہ تعالیٰ کل معلوم کر لوں گا لیکن اگر وہ آج ہی ارشاد فرما دیں تو so much the better

Minister of Law: We will find out.

مسٹر سپیکر — خواجہ صاحب کا مقصد یہ ہے کہ آپ یہ سوال کل repeat ہو گا یا نہیں ؟

خواجہ محمد صفدر — کل تو repeat ہوگا جناب -

Minister of Law: Yes sir.

مسٹر سپیکر — لیکن کل تو ان کی turn نہیں ہو گی -

Minister of Law: I will make a statement on the floor of the House for the information of the members without a question being specifically put-just a statement of facts in connection with this question†.

Khawaja Muhammad Safdar: I am fully satisfied.

چودھری انور عزیز — جناب والا — پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب فرماتے ہیں کہ جتنا رقبہ ہم زمینداروں کو چاہتے ہیں کہ وہ کاشت کریں چوں کہ وہ اس سے زیادہ رقبہ کاشت کرتے ہیں اس لئے پانی پوری مقدار میں بہم نہیں پہونچایا جا سکتا - تو میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ وہاں تو پانی بہم پہونچایا ہی نہیں جا رہا اس لیے ان کے زیادہ یا کم رقبہ کاشت کرنے کا سوال پیدا ہی نہیں ہوتا -

مسٹر سپیکر — آپ سوال پوچھیئے - ان کے جواب پر تبصرہ نہ کیجیئے - آپ ضمنی سوال کی صورت میں سوال دریافت تو کر سکتے ہیں لیکن ان کے جواب پر تبصرہ نہیں کر سکتے کیونکہ پھر تو وہ تقریر بن جائے گی -

Chaudhri Anwar Aziz: It was just a point of information, I wanted him to give that information.

SINKING OF TUBE-WELLS FOR DRAINAGE AND RECLAMATION IN AREA BETWEEN M. R. LINK AND B. R. B. D. LINK

*74. **Khan Ajoon Khan Jadoon**: Will the Parliamentary Secretary, Irrigation and Power, be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that a scheme known as Salinity Control and Reclamation (SCARP IV) was finalised by WAPDA in 1965;

(b) whether it is a fact that the said scheme provides sinking of tube-wells for drainage and reclamation in the area between M. R. Link and B. R. B. D. Link;

†Please see debate dated 2-7-1965 at the end of the Question Hour.

(c) whether the scheme mentioned in (a) above has been approved by the Government ; if so, the time by which work is likely to start thereon ; if not, reasons for delay in according approval thereto ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmad Gill) : (a) a scheme was prepared ;

(b) Yes, this area forms a part of a bigger scheme to cover much more area than between M. R and B. R. B. D. Link.

(c) The scheme is approved by the Provincial Development Working Party but it has to receive approval by the National Economic Council.

SUPPLY OF ELECTRICITY TO KURRAM AGENCY

*77. **Malik Kibat Khan** : Will the Parliamentary Secretary, Irrigation and Power be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that electricity has been provided up to Thall city which is at a distance of 50 miles from Para hinar, Kurram Agency ;

(b) if answer to (a) above in the affirmative, the time by which electricity is likely to be supplied to Kurram Agency ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری امتیاز احمد گل) - (الف) جی ہاں -

(ب) کرم ایجنسی سے متوقع آمدنی جس کا موجودہ حالات میں امکان ہے گرڈ سپلائی کو اس حصہ میں توسیع کرنے کی مالی طور پر متقاضی نہیں ہے - جیسے ہی اس حصہ میں بجلی کی مانگ مناسب حد کو پہنچ جائے گی - اس حصہ میں بجلی لگانے کے اقدامات کئے جائینگے -

سید عنایت علی شاہ — جناب والا — کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب اس بات کی وضاحت فرمائینگے کہ کسی گاؤں کو بجلی بہم پہنچتے وقت کن امور کو پیش نظر رکھا جاتا ہے -

Parliamentary Secretary : WAPDA is a commercial organisation. Of course, 15 per cent minimum return is ensured before we supply electricity to certain areas.

خان اجون خان جٹون — جناب والا — کیا جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کو اس بات کا علم نہیں کہ Village Electrification Programme کے تحت جس گاؤں کی آبادی ایک ہزار یا اس سے زائد ہو اس کے لئے ۱۵ فیصد Minimum Guarantee کی ضرورت نہیں ہے -

Minister of Law : The member has himself put a question which is on the Order of the Day and it will follow and I think the member will be satisfied with its answer. At present we are not in a position to supply the information regarding this particular area.

سید عنایت علی شاہ — جناب والا - جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے فرمایا ہے کہ یہ ایک کمرشل ادارہ ہے اس لئے ہم ۱۵ فیصد return وصول کر رہے ہیں - مہربانی فرما کر

اس ۱۵ فیصد کی وضاحت فرمائیں ۔ آیا یہ سالانہ ہے ۔ ۵ سال کے لئے ہے یا ۱۰ سال کے لیے ۔ آخر یہ کتنے سالوں کے لئے ہے ۔

Parliamentary Secretary: Actually this is the minimum gross return of 15 per cent of the total expenditure.

مسٹر حمزہ — جناب والا ۔ کیا جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب اس کی وجہ بتائیں گے کہ بجلی کے محکمے کے سوال آتے ہی ہاؤس کی بجلی فیل کیوں ہو گئی ہے ؟ (قہقہہ)

LAND AFFECTED BY WATER-LOGGING AND SALINITY IN CENTRAL RECHNA DOAB AREA

***96. Kazi Muhammad Azam Abbasi**: Will the Parliamentary Secretary, Irrigation and Power, be pleased to state :—

(*a*) the acreage of land affected by water-logging and salinity in the Central Rechna Doab area and out of that acreage of land which has been reclaimed up to the April 15, 1965 ;

(*b*) the acreage of land in the above mentioned area (i) rendered completely uncultivable and (ii) partially affected ;

(*c*) the number of tube wells working at present in the area referred to in (a) above ?

Parliamentary Secretary: (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) :

(a) Area affected =424,717 acres

Area brought under Reclamation Operation upto 15-4-65 =227,271 acres.

(b) (i) 209,644 acres of which 66,342 are brought under Reclamation proposals.

(ii) 215,073 acres of which 160,929 acres have been brought under Reclamation proposals.

(c) 2,047 Tube-wells.

THERMAL POWER STATIONS WORKING IN THE PROVINCE

***97. Kazi Muhammad Azam Abbasi**: Will the Parliamentary Secretary, Irrigation and Power be pleased to state :—

(*a*) the locations and generating capacity of Thermal Power Stations working in the Province ;

(*b*) whether Government intend to increase the generating capacity of the said Power Station ;

(*c*) if answer to (b) above be in the affirmative, the names of those Thermal Power Stations whose generating capacity would be increased alongwith the time required for the purpose ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmad Gill) : Reply is still awaited.

BREACHES OF CANALS IN HYDERABAD DIVISION IN 1963-64

***98. Kazi Muhammad Azam Abbasi**: Will the Parliamentary Secretary Irrigation and Power be pleased to state whether it is a fact that an enquiry was held into the causes of the breaches of canals in Hyderabad Division

in 1963-64; if so; (i) the details and result thereof, and (ii) the action taken or intended to be taken against the officials at fault alongwith their names and designations ?

(i) : (چودھری امتیاز احمد گل) **پارلیمنٹری سیکرٹری**
جی ہاں ۔

(ii) تحقیقات گورنر صاحب کی معائنہ ٹیم کے فوجی ممبر نے کی تھی ۔ یہ ایک طولانی خفیہ دستاویز ہے ۔

(iii) چونکہ کوئی افسر ان شکایتوں کا ذمہ دار نہیں پایا گیا ۔ کسی کے خلاف تادیبی کارروائی کا سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

KACHA ROAD RUNNING ALONG THE JHANG CANAL

*112. **Mr. Hamza**: Will the Parliamentary Secretary, Irrigation and Power, be pleased be state :—

(*a*) whether, it is a fact that one kacha road running along the Jhang Branch Canal connecting Chak No. 308/J.-B., Tehsil Toba Tek Singh District Lyallpur with Gojra Mandi Town is shown in the revenue record ;

(*b*) if answer to (a) above be in the affirmative, whether it is a fact that earth has been dug out from the said road by the Irrigation Authorities rendering it impossible;

(*c*) whether it is a fact that there is no other road by which the residents of the said Chak and surrounding villages can transport their produce, etc., to the Mandi;

(*d*) whether it is a fact that the residents of the said villages requested the Revenue Authorities for remedial measures but their grievances have not so far been redressed ; if so, reasons therefor and the action intended to be taken in this behalf ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmad Gill) :

(*a*) No.
(*b*) Does not arise.
(*c*) Different routes to Gojra exist.
(*d*) In view of reply at (*a*) above, the question does not arise in the Irrigation Department.

مسٹر حمزہ — جناب والا — میں جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کی اطلاع کے لیے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس سوال کے حصہ (ا) کا جو جواب دیا گیا ہے وہ مبنی بر حقیقت نہیں ۔ آپ اس کی تصدیق فرما لیں تو آپ کی بڑی مہربانی ہوگی ویسے میں بذات خود دستاویزات کا ثبوت مہیا کرنے کی کوشش کرونگا ۔

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : If the member give us any documents which prove that the information supplied is incorrect, we will be grateful and we will certainly look into it.

Chaudhri Anwar Aziz : Will the Minister be only grateful or will he do something ?

Minister of Law : The word 'grateful' will include everything.

SUPPLY OF ELECTRICITY TO VILLAGE BATAKRA IN TEHSIL SAWABI

*125. **Khan Ajoon Khan Jadoon**: Will the Parliamentary Secretary, Irrigation and Power be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that electricity has not so far been extended to village Batakra in Tehsil Swabi ;

(*b*) if answer to (a) above be in the affirmative, reasons therefor and whether the said village has been included in the Village Electrification Progamme ; if so, the date by which the said village will be electrified ; if not, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmad Gill) :

(*a*) Yes.

(*b*) Village Batakra is covered in the Village Electrification Programme for the year 1965-66. Subject to the availability of funds. The work is expected to be undertaken and completed during the said period. The reasons for non-electrification of the above village is that no funds for Village Electrification Programme were available during the previous years.

Khan Ajoon Khan Jadoon: May I know how much amount was made available for village electrification programme during the last year ?

Parliamentary Secretary: It is not possible to give this information off-hand. I will request him to put a fresh question

مسٹر عمر جان خان — جناب والا ۔ کیا پارلیمنٹری سیکرٹری میری اطلاع کے لئے یہ فرمائیں گے کہ اگر ایک ضلع میں Village Electrification کے لئے رقم مہیا کی گئی ہو اور اس مالی سال میں وہ دیہات electrify نہ ہو سکیں اور اس طرح وہ رقم surrender کرنا پڑے تو اس صورت میں وہ محکمہ کے متعلقہ افسران کے خلاف کوئی کارروائی کرتے ہیں یا نہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری — جناب والا ۔ یہ تو بڑا مشکل سوال ہے۔ جب رقم available ہو اور اس سے کام نہ کیا جائے تو اس کی کچھ وجوہات ہوتی ہونگی ۔ البتہ اگر وہ محکمہ کے افسروں کی سستی کی وجہ سے ہو تو پھر ان کے خلاف مناسب کارروائی کی جا سکتی ہے ۔

مسٹر عمر جان خان — کیا آپ کو معلوم ہے کہ ان کو کیا کیا مشکلات در پیش ہیں اور یہ عملہ کی سستی کی وجہ سے ہے ۔ جو کئی سالوں سے ایسا کر رہے ہیں کیا آپ ان کے خلاف کوئی کارروائی کرنے کو تیار ہیں ۔

Parliamentary Secretary: That I have answered. If somebody is found responsible serious action will be taken.

Khan Muhammad Yusuf Khan: May I know whether a hypothetical question can be put ?

Mr. Speaker: No.

سید عنایت علی شاہ — کیا اس سلسلہ میں کوئی کارروائی کی جائے گی ۔

Parliamentary Secretary: I have already replied.

SUPPLY OF ELECTRICITY TO VILLAGES OF TEHSIL SAWABI

*126. **Khan Ajoon Khan Jadoon** : Will the Parliamentary Secretary, Irrigation and Power be pleased to state:—

(a) the name of Villages of Tehsil Sawabi which have been provided with electricity during the Second Five Year Plan Period;

(b) whether it is a fact that the following villages of Tehsil Sawabi have not, so far, been provided with Electricity although the population of each village exceeds 1,000:—

(1) Ganda (2) Beesak (3) Malka Kaddi (4) Taksil

(5) Dawal (6) Sandows (7) Chanai, and (8) Utla;

(c) if answer to (b) above be in the affirmative, reasons therefor and the date by which electricity will be extended to the said villages ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) :

(a) Names of villages electrified in Sawabi tehsil during the Second Five Year Plan are :—

1. Kaddi 2. Turlandi 3. Teno. 4. Tando Dheri. 5. Hund 6. Rana Dheri 7. Bera Dam 8. Jangi Dhri 9. Mian Dheri 10. Sher Ghund 11. Tarakai and Rashakai 12. Spin Kiani.

(b) It is not known whether the population of the villages in question, is more than 1000 persons but it is a fact that these villages have not so far been provided with the electricity.

(c) The anticipated load of these villages is not expected to bring in enough revenue to justify the electrification of these villages. The villages as such have not been included in the Village Electrification Projects. If, however, a minimum gross return of 15% of the total cost of electrification of these villages is ensured by the residents and funds are available then the villages in question can be electrified.

خان اجون خان جدون — جیسا کہ جواب کے حصہ (ب) میں دیا ہے ۔ اگر میں پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کی خدمت میں ایسے مواضعات کے نام بتا دوں جن کی آبادی ایک ہزار سے زیادہ ہے تو کیا ان کو Village Electrification Programme میں شامل کر لیں گے ۔

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) Sir, we have already replied that the electrification of a village does not depend entirely on a population of one thousand or more than one thousand. The feasibility of electrification depends on the potential demand and the expected gross return of 15% of the total cost of electrification. If that be the position WAPDA electrifies a village. Under the WAPDA Act they have to see that it is run purely on commercial lines.

خان اجون خان جدون — جناب والا ۔ یہاں ایک ہزار کی آبادی کی قید رکھی ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ وہاں سے ۱۵ فیصد return ملتا ہو ۔ کیا آپ نے یہ شرط without any reason رکھی ہے ۔

وزیر قانون — ہم نے تو کبھی یہ نہیں کہا کہ ایک ہزار کی آبادی کی پابندی ہے ۔

خان اجون خان جدون — آپ نے خود لکھا ہے ۔

"It is not known whether the population of the villages in question is more than one thousand"

Parliamentary Secretary: That is in answer to your question. Your question was—

"Whether it is a fact that the following villages of Tehsil Sawabi have not, so far been provided with electricity although the population of each village exceeds 1,000 :—"

and the answer was :

"It is not known whether the population of the villages in question is more than one thousand persons but it is a fact that these villages have not been provided with electricity."

I did not say that the limit is one thousand. I have never said that in my answer.

خان اجون خان جدون — میں اس کی وضاحت چاہتا ہوں کہ جب آپ Village Electrification Programme بنائیں گے تو جس گاؤں کی آبادی ۱۰۰۰ ہوگی اس کے لئے کیا Minimum Guarantee Bond کی ضرورت نہیں ہوگی ؟

وزیر قانون — مجھے پتہ نہیں کہ ایک ہزار کی آبادی کی پابندی ہے ۔

It depends on what is the potential demand-whether it satisfies the minimum requirement of the WAPDA.

خان اجون خان جدون — اگر Expected Revenue Return Cover ہو جائے تو پھر کیا آپ بجلی دینے کو تیار ہیں ۔

Parliamentary Secretary : We will certainly look into the matter.

SUPPLY OF ELECTRICITY TO JADOON AREA

***127. Khan Ajoon Khan Jadoon :** Will the Parliamentary Secretary, Irrigation and Power be pleased to state :—

(*a*) the names of the villages of merged areas of Mardan and Hazara District to which electricity has been provided during the Second Five Year Plan period along with the total expenditure incurred thereon ;

(*b*) whether it is a fact that electricity has not so far been provided to any village of Jadoon Area ; if so; reasons therefor, and the time by which electricity will be extended to the said area ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmad Gill): (*a*) No village of merged areas of Mardan and Hazara district has been electrified during the Second Five Year Plan period.

(*b*) Yes, no village of Jadoon area has been electrified so far, as at present there is no distribution network in the area. The expected revenue returns from Jadoon area, as anticipated at present, do not economically justify the electrification of the area. WAPDA being a commercial organization in respect of electricity supply has to ensure adequate return on its capital investment as required under WAPDA Act. Survey of the prospective demand of the area will be continued and as soon as sufficient demand develops, arrangements will be made to provide electri ity.

خان اجون خان جدون — اضلاع مردان اور ہزارہ کے علاقہ جات ۱۹۵۳ میں merger ہوئے وہاں کسی نے کبھی سروے نہیں کی اور نہ یہ معلوم کرنے کی کوشش کی ہے کہ Expected Revenue Return کیا ہے اس لئے یہ کہنا درست نہیں کہ -

"The expected revenue returns from Jadoon area, as anticipated at present, do not economically justify the electrification of the area."

That is totally wrong.

آپ نے سروے نہیں کی یہ ۲۰ گاؤں ایسے ہیں جن کی پانچ پانچ ہزار کی آبادی ہے ان کا مطالبہ ہے کہ ان کو بجلی سپلائی کی جائے - اس لئے آپ سروے کرا کے متعلقہ محکمہ سے رپورٹ طلب کریں گے -

Parliamentary Secretary: Sir, we can examine the question.

INSTALLATION OF TUBE-WELLS FOR BANNU TEHSIL

*189. **Mr. Umar Jan:** Will the Parliamentary Secretary, Irrigation and Power be pleased to state :—

(*a*) the number of tube-wells sanctioned for irrigation purposes for Bannu Tehsil during the last year and the number of tube-wells proposed to be installed in the third plan period;

(*b*) the number of tube-wells actually installed in the said tehsil along with the number of those which are working satisfactorily;

(*c*) the steps Government propose to take to augument the meagre resources of water in the area surrounding the newly established Sugar Mills at Bannu and Miran areas of Bannu Tehsil ?

Parliamentary Secretary (Ch. Imtiaz Ahmed Gill): I regret that information ragarding this question is still being collected. I would answer it on the next turn.

SCHEME FOR THE ERADICATION OF WATER-LOGGING IN BANNU TEHSIL

*191. **Mr. Umar Jan:** Will the Parliamentary Secretary, Irrigation and Power be pleased to state :—

(*a*) the acreage of land affected by water-logging in Bannu Tehsil along with the locations of the lands affected;

(*b*) whether it is a fact that the Department concerned submitted a Scheme to Government for the eradication of the above said evil;

(*c*) if the answer to, (b) above be in the affirmative, the (i) date on which the scheme was submitted, (ii) the action taken so far thereon, and (iii) the time by which it is likely to be implemented ?

Parliamentary Secretary (Ch. Imtiaz Ahmed Gill): I regret that information has not yet been collected. I will reply it on the next turn.

Qazi Muhammad Azam Abbasi: On a point of order. Sir, in today's list of questions you will notice that in reply to most of the questions it is written that the information is being collected. Ten days have been given to the Department and I think that this is enough time for collecting information.

Parliamentary Secretary: In many cases ten days notice has not been given. In certain cases questions were received on the 24th and 26th. Of course, the members would appreciate that it is not an easy job to collect information [illegible]hy questions. I am not trying to avoid answers. I am informing the members that this question will be replied to on the next turn.

Mr. Umer Jan Khan: Sir, my questions were received in the Office on the 6th of last month and still the information is being collected.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): I will clarify the position. The Government and the Government Departments are fully aware of the ruling of the Chair and the direction that replies must be procured and supplied to the Members within ten days as it is reasonable time. In obedience to this ruling every Department has been instructed to endeavour and do its best to see that the information is collected within the requisite time. But in some cases it really becomes impossible to collect the full information. With the result that we have to come to this House with these apologies I assure the Members that there is no attempt on the part of any Department to avoid answering questions. The material will be collected with the utmost despatch and supplied to the members as soon as it is received.

A SCHEME FOR THE REMODELLING OF THE CIVIL CANALS IN DERA ISMAIL KHAN

*192. **Mr. Umar Jan**: Will the Parliamentary Secretary, Irrigation and Power be pleased to state—

(*a*) whether it is a fact that the Government have formulated a Scheme for the remodelling of the Civil Canals where under their rigational rights of the land owners are proposed to be acquired;

(*b*) whether it is a fact that the Divisional Council Dera Ismail Khan at its meeting held on 1st April 1965, disapproved the proposal of acquisition of the said rights unless the owners were willing to surrender their rights;

(*c*) whether it is a fact that the owners of the said rights are opposed to the said scheme;

(*d*) whether it is a fact that in formulating the said scheme certain areas have been treated unfairly;

(*e*) if the answer to (*c*) and (*d*) above be in the affirmative the action Government intend to take in the matter?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری امتیاز احمد گل) — (الف) ضلع بنوں کی سول نہروں کی ریماڈلنگ کا منصوبہ حکومت کے زیر غور ہے۔ موجودہ حقوق آبپاشی کے سوال کا ابھی کوئی آخری فیصلہ نہیں ہوا۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) مذکورہ حقوق رکھنے والے بعض صاحبان اس بات کے مخالف ہیں کہ حکومت حقوق آبپاشی کو حاصل کرلے۔

(د) جی نہیں۔

(ہ) جب موجودہ حقوق آبپاشی کے متعلق فیصلہ کیا جائیگا تو حکومت دریائے کرم کے پانی کی تقسیم کے معاملہ میں زمین کے مالکوں کے جائز مفادات کے تحفظ کا خیال رکھے گی۔

مسٹر عمر جان خاں ۔ کیا یہ حقیقت ہے کہ ڈپٹی کمشنر بنوں اور کمشنر سیٹلمنٹ نے ۱۶-۵-۶۵ کو احکام جاری کئے ہیں اور Irrigation Rights حاصل کرنے کے لئے نوٹس دیئے ہیں ؟

Parliamentary Secretary : I cannot say anything about this question. It is a fresh question.

Mr. Umer Jan Khan : If I supply the information to say that the whole of the answer is incorrect, is the Parliamentary Secretary prepared to take action against the person who is responsible for supplying this wrong information.

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ آپ ہمیں لکھ کر دے دیں

I would definitely look into it.

Minister of Law : (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : If the member is, however, able to prove that the Department has supplied incorrect information obviously and undoubtedly action will be taken.

Mr. Umer Jan Khan : As regards (d) may I know whether it is a fact that most of the agriculturists of Surani Bazar Ahmad, Shahbaz, Azmat Khan, Kahi and Baharat are displeased with the schemes submitted to the Government.

Minister of Law : We have replied to part (c) of the question that "some of the owners of the said rights are opposed to the acquiring of water rights by the Government", and most probably these 'some' might include the people of the areas to whom the member has referred.

Mr. Umar Jan Khan : I have submitted my supplementary question with regard to (d) "whether it is a fact that in formulating the said scheme certain areas have been treated unfairly;". So I was referring to these areas.

Minister of Law : Not at all ; we have said that no area has been treated unfairly.

Mr. Umar Jan Khan : Is the Parliamentary Secretary prepared to collect information regarding this fact from the Collector of Bannu ?

Parliamentary Secretary : If the member would put a fresh question, surely the information will be collected if it is the concern of my department.

SUPPLY OF ELECTRICITY FOR RUNNING TUBE-WELLS IN LOW LYING LANDS OF TEHSIL BHAKKAR AND THAL

***201. Khan Amanullah Khan Shahani :** Will the Parliamentary Secretary, Irrigation and Power be pleased to state the time which electricity is likely to be made available for running tube-wells, for irrigational purposes, in the low lying lands of Tehsil Bhakkar and Thal area ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری امتیاز احمد گل) : بجلی کی لائنوں اور سب سٹیشنوں کا وسیع جال بچھکر تحصیل اور تھل کے علاقے میں سکینڈری ڈاسمشن اور ڈسٹری بیوشن کے منصوبے کے تحت پہلے ہی بچھایا جا چکا ہے ۔ اس منصوبے کے مندرجہ ذیل گرڈ سٹیشن مکمل کئے جا چکے ہیں ۔

(۱) کوٹ ادو (۲) لیہہ (۳) احمد پور سیال (۴) اٹھاراں ہزاری (۵) پیلاں (۶) بھکر (۷) قائد آباد (۸) مانکرارور (۹) جوہر آباد ۔ ان گرڈ سٹیشنوں کے اطراف و جوانب میں ۱۱ کاوواٹ لائین لگائی جا رہی ہیں ۔

خان امان اللہ خان شاہانی — جناب والا ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے جواب میں فرمایا ہے کہ بجلی تیسرے پنجسالہ منصوبے میں سنہ ۷۰—۱۹۶۵ کے درسیان علاقہ میں فراہم کی جائیگی ۔ کیا اس کام کیلئے رقم مہیا کی گئی ہے اگر رقم مہیا نہیں کی گئی تو وہاں پر جناب گیارہ گرڈ سٹیشن قائم ہو چکے ہیں ۔ لائنیں بچھائی جا چکی ہیں تو اگر رقم مہیا نہیں کی گئی تو گورنمنٹ کو کتنا نقصان ہو گا ۔

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill): Again, Sir, this is one of the questions to which reply is not ready.

Mr. Speaker: I think Irrigation and Power was not in a mood to answer.

Parliamentary Secretary: Mr. Speaker, Sir, it is a public concern. You will appreciate that the maximum number of questions have been asked from the Department and we have actually tried to answer.....

Khawaja Muhammad Safdar: To avoid answer.

Parliamentary Secretary: ....the questions. Those which have not been answered will be answered on the next turn.

SUPPLY OF ELECTRICITY TO VILLAGE SATRAH TEHSIL DASKA

*643. **Dr. Sultan Ahmed Cheema**: Will the Parliamentary Secretary Irrigation and Power be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that Village Satrah is important village of Tehsil Daska, District Sialkot having a population of about five thousand;

(*b*) whether it is a fact that agricultural land in the above said village and its surrounding areas is very fertile;

(*c*) whether it is a fact that zamindars of the aboveseid area have installed tube-wells for irrigation of the land but as these tube-wells are run by diesel oil they are much expensive;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, the time by which Government intend to supply electricity to the said village for running of tube-wells and other domestic use ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : Answer is not ready.

SUPPLY OF WATER FROM MARALA RAVI LINK CANAL TO AGRICULTURAL LANDS OF TEHSIL DASKA.

*644. **Dr. Sultan Ahmed Cheema** : Will the Parliamentary Secretary Irrigation and Power be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that most of the agricultural lands of Tehsil Daska, District Sialkot are irrigated by Marala Ravi Link Canal ;

(*b*) whether it is a fact that supply of water to the said land is made only for the cultivation of rice crop and that too is not regular with the result that three - forth of the total rice crop dry up every year ;

(*c*) whether it is a fact that the affected zamindars have drawn the attention of Government to this state of affairs many times ; but to no avail ;

(*d*) if answers to (a) to (b) above be in the affirmative, the steps Government intend to take to remedy the situation ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری امتیاز احمد گل) : (الف) جی ہاں ۔

(ب) ایم ۔ آر لنک نہر کے فراہم کردہ پانی سے زمینداروں کو اختیار ہے کہ جو فصل چاہیں بوئیں ۔ لیکن آب رسانی کی مدوں میں جس عرصے یا مدت کیلئے پانی کی فراہمی کی جاتی ہے اس کی مدت صرف ڈھائی ماہ ہے ۔ چند سال قبل اس رقبے کی آبپاشی کا انحصار صرف بارش کے پانی پر تھا ۔ یہ درست نہیں ہے کہ نہری پانی کے بے قاعدہ بہم رسانی سے اس علاقے میں چاول کی تین چوتھائی فصلیں ہر سال خشک ہو جاتی ہیں ۔

(ج) جی ہاں ۔

زیر بحث علاقے کا انحصار پہلے صرف بارش کے پانی پر تھا اور اب اس مرالہ راوی لنک کے فاضل پانی سے سیراب ہوتا ہے جو اصل میں دریائے چناب کا پانی دریائے راوی میں منتقل کرنے والی ایک بڑی لمبی نہر ہے ایم ۔ آر لنک سے نکلنے والی چھوٹی چھوٹی نہریں وہ فاضل پانی حاصل کر سکتی ہیں جو ایس ۔ و ۔ پی انہار سے فالتو بچ جاتا ہے ۔ توقع کی جاتی ہے کہ انہار کی کارکردگی میں تقریباً تین سال بعد کافی اضافہ ہو گا جب سندھ کے طاس کی تعمیرات کے ایک جز کے طور پر نیا بیراج جو موجودہ مرالہ کے بہاؤ کی جانب واقع ہے بن کر مکمل ہو جائے گا ۔

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ — جناب والا ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کے جواب سے ظاہر ہوتا ہے۔ کہ پانی کی سپلائی باقاعدہ نہیں ہے ۔ بلکہ صرف نالتو پانی دیا جاتا ہے ۔ اور مرالہ راوی لنک صرف دریائے راوی میں پانی ڈالنے کے لئے ہے ۔ تو میرا مقصد یہ ہے اور ہم جانتے بھی ہیں کہ اس علاقے میں پانی محض برائے نام ہی دیا جاتا ہے ۔ لوگ اگر بارش کے پانی سے اپنی فصلوں کو سیراب کریں ۔ یا کنوؤں یا ٹیوب ویل سے اگر وہ سیراب کرتے ہیں ۔ تو بھی آپکو آبیانہ دینا پڑتا ہے ۔ تو میری عرض یہ ہے ۔ کہ جبتک اس علاقے کی اراضیات کی سیرابی کا خاطر خواہ انتظام نہیں ہو جاتا ۔ تب تک کیوں نہ تمام کا تمام پانی دریائے راوی میں ڈال دیا جاتا ۔ تا کہ لوگ خواہ مخواہ کے آبیانے سے تو بچ سکیں ۔

مسٹر سپیکر — آپ کا مطلب یہ ہے ۔ کہ پانی بالکل ہی نہ دیا جائے ۔

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ — میں عرض کرتا ہوں ۔ کہ جو زمین ہے اسکو تو پانی دیا جائے . . . . . .

Parliamentary Secretary: Sir, I don't agree with the member that the water should not be supplied for crops. Of course, the member should demand that more water should be given, and in my answer, if the member will have a look at it, I have said that the work on this head is likely to finish very soon. The conditions would certainly improve and I hope the member will feel satisfied.

Mr. Anwar Aziz: Sir, the point made by Dr. Cheema was that if the water supplied is going to be in such a bad condition as it is at the moment, and if we are not going to get any real help from WAPDA for our rice crops, then the Government may kindly see to it that revenue rates are reduced accordingly. While we are paying full rates of the revenue, we are not getting sufficient water. It was out of sheer annoyance that Dr. Cheema suggested that if this is the state of affairs and arrangements are not made to satisfy our irrigation requirements it would be better to divert the canal water into the River Ravi so that the people are saved from paying the water rate.

Mr. Speaker: Is it an explanation of Dr. Cheema's supplementary question or is it a supplementary to the question itself ?

Mr. Anwar Aziz: It is a supplementary question. Will the Parliamentary Secretary see to it that if water is not supplied properly, the revenue rates are curtailed accordingly.

Mr. Speaker: What is the member's question ?

Mr. Anwar Aziz: Will he see to it that it is done ?

Parliamentary Secretary: This is a question which I have already answered in reply to Dr. Cheema's supplementary question.

Mr. Speaker: The Question Hour is over. Now we will take up the Privilege Motion.

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا ۔ اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں ایک جنرل request کرنا چاہتا ہوں ۔ سوالوں کے سلسلے میں ہر روز یہ چیز نظر آ رہی ہے کہ بعض ڈیپارٹمنٹ جواب دینے میں تاخیر کر رہے ہیں ۔ یہ چیز اس ایوان کے شایان شان نہیں ہے کہ جواب میں تاخیر کی جائے ۔ اگر تاخیر ہو تو اسکی خاص وجہ ہو کہ اس وجہ سے تاخیر ہوئی ہے ۔ اس سلسلے میں انکوائری کرنی چاہیئے کہ تاخیر کیوں ہو رہی ہے ۔

Mr. Speaker : The Minister concerned and the Parliamentary Secretary should look into it.

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا ۔ اس سلسلے میں دوسری عرض یہ ہے کہ یہ چیز ثابت ہو چکی ہے کہ یہ جو جواب دیتے ہیں وہ حقیقت پر مبنی نہیں ہوتے ۔ ہم ممبران اپنے علاقے کے ماحول کو واقعات کو بہتر طور پر جانتے ہیں کیونکہ ہم موقع پر ہوتے ہیں اور ہمیں واقعات معلوم ہوتے ہیں کہ حالات برے ہیں یا نہیں ۔ اور یہ کہ ڈیپارٹمنٹ اپنے آپ کو بری الذمہ رکھنا چاہتے ہیں ۔ This is very bad یہ چیز اس ایوان کے شایان شان نہیں ہے ۔ میں التجا کروں گا کہ اس معاملہ کے متعلق فوری توجہ دی جائے ۔

Mr. Speaker : The Minister and the Parliamentary Secretary concerned should look into this also.

Mr. Anwar Aziz : Sir, I like to bring something to the notice of this House in connection with what the member has just said. It is that when a member puts a question to a department, it is not really to elicit information. In fact the Member himself has more information about that than the particular Parliamentary Secretary, because, as has been suggested, he belongs to that area and he knows the situation. I would suggest Sir, that the Parliamentary Secretary, when he receives the question, should contact the member or the member should see the Parliamentary Secretary, and try to explain the reasons for which he is putting this question so that the particular trouble is removed.

Mr. Speaker : That is a novel suggestion and I am afraid that is not provided the rules and I cannot ask the Parliamentary Secretaries to see the members.

QUESTION OF PRIVILEGE

re : MISREPORTING OF ASSEMBLY PROCEEDINGS BY A SECTION OF THE PRESS

Mr. Speaker : There is a question of privilege sought to be raised by Mr. Abdus Sattar Khan. The Member may ask for leave to raise it.

Mr. Abdul Sattar Khan Mohmand : Mr. Speaker, Sir, I ask for leave to raise a question of privilege because my privilege as a member of the Provincial Assembly of West Pakistan has been infringed as at least two newspapers, namely, the 'Pakistan Times', dated 26th June, 1965 in a box on the front page and 'Nawai-i-Waqt', dated 29th June, 1965 in its column

"Sar-e-Rahey" have grosslymisrepresentad what I said in the Assembly on 25th June, 1965 while speaking on a cut motion on the demand in respect of General Administration. What I said was that if any C. S. P. Officer had carpets in his house worth Rs. 10,000 each, he may be a landlord or may have had other sources of income than his pay alone. I further said that if such an officer, who had property of his own and was spending money on buying carpets from his income from his property, he was doing a national service as his purchases brought a greater amount of money into circulation and he was thus providing work for the labourers of the country. These remarks of mine were misrepresented as a novel argument in support of corruption and it was stated in the Pakistan Times that what I had said was that a corrupt official, in a way, served a national cause, and that the money collected through corrupt practices was generally used in the construction of huge bungalows which in turn provided labour to thousands of poor people.

Sir, 'Nawa-i-Waqt' has written in its column "Sar-e-Rahey" that I had adduced interesting arguments in support of corruption and had said that corrupt officials in a way were doing the national service in as much as the money acquired by them through corrupt means was being spent on the construction of huge bungalows and thus corruption was alleviating unemployment in the country.

I attach, herewith, a copy of the official record of my speech in question as well as copies of the issues of 'Pakistan Times', dated 26th June 1965 and 'Nawa-i-Waqt' dated 29th June 1965 for perusal.

I may point out here that further on in this very speech I had made some concrete suggestions as to what steps were needed to put an end to corruption, but both the newspapers have taken no notice of what I said in that behalf and have distorted what I said about the officers.

I, therefore, request that the House may kindly take notice of breach of my privilege for suitable action against the newspapers concerned.

اب جناب والا — آپ مجھے اجازت دیں کہ ,,پاکستان ٹائمز،، کو
پڑھ کر سنا دوں ۔ ,,نوائے وقت،، بھی پڑھ کر سنا دوں گا ۔

Pakistan Times, dated 26th June, 1965, front page.

"IN SUPPORT OF CORRUPTION"

By a Staff Reporter

"While most of the speakers participating in the budget debate in the West Pakistan Assembly on Friday, lashed out at the corrupt officials, there was at least one who came out with a novel argument in support of corruption.

Mr. Abdul Sattar Mohmand, a Member from Peshawar speaking on a cut motion, observed that corrupt officials, in a way, served a national cause. The money collected through corrupt practice was generally used in the construction of huge bungalows which in turn provided labour to thousands of poor people. Corruption thus he said was helping in eliminating unemployment.

جناب والا — ۲۹ جون ۱۹۶۵ کے ,,نوائے وقت،، نے ,, سر راہے
میں اس کو اس طرح بیان کیا ہے ۔

,, اسمبلی میں رشوت ستانی کے جواز میں سب سے دلچسپ
جواز پشاور کے جناب عبدالستار مہمند نے پیش کیا ہے ۔
اخباری اطلاع کے مطابق موصوف نے یہ فرمایا کہ
رشوت لینے والے افسر بھی ایک طرح قومی خدمت

انجام دیتے ھیں ۔ کیونکہ وہ رشوت کا روپیہ بڑے بڑے بنگلوں کی تعمیر پر صرف کرتے ھیں جن سے ھزاروں لوگوں کو روزگار ملتا ھے ۔ اس طرح رشوت ستانی سے بے روزگاری کا مسئلہ حل کرنے میں مدد مل رھی ھے

جو بات کی خدا کی قسم لاجواب کی

ھم یہ عرض کرنے سے قاصر ھیں کہ عبد الستار مہمند صاحب نے یہ بات سنجیدگی سے کہی یا طنزوتحریض کے رنگ میں ۔ بہرحال انہوں نے ایک لعنت کا جواز پیش کر کے کئی دوسری سماجی برائیوں اور انتظامی بدعنوانیوں کا بھی جواز پیدا کر دیا ھے اس پہلو سے جناب مہمند کی خدمت میں خراج تحسین پیش کرنا چاھیئے کہ ع

این کار از تو آید و مردان چنین کنند

ویسے رشوت کے روپے سے بڑے بنگلے تعمیر ھونے کے بارے میں جو بات مہمند صاحب نے کہی ھے وہ انکشاف کے ضمن میں نہیں آتی ۔ بارہ چودہ سال قبل جب لاھور میں جنت نظیر مضافاتی بستی گلبرگ کی تعمیر شروع ھوئی تھی تو واقفان حال نے اسے ,, رشوت پورہ کا نام دیا تھا اس وقت گلبرگ میں زیادہ تر بنگلے افسروں کے تھے ۔ اب زمیندار ۔ تاجر ۔ صنعت کار بھی اس بستی کے مکین بن گئے ھیں اور بیسیوں بنگلوں میں غیر ملکی ماھر اور مشیر بھاری کرایہ ادا کر کے مقیم ھیں ۔ اس لئے مہمند صاحب کی دلیل کی بنیاد پر یہ کہا جا سکتا ھے کہ رشوت یا کالے روپے سے صرف غریب لوگوں کو روزگار ھی نہیں ملتا ۔ امیر لوگوں کو بھاری شرح سے کرایہ بھی ملتا ھے ۔ یہ رقم مزید بنگلے تعمیر کرانے کے کام آتی ھے ۔ اس سے روزگار کے ذرائع میں وسعت پیدا ھوتی ھے ۔ جب صرف اس شعبہ میں رشوت کے اتنے فوائد ھیں تو کیا قومی سطح پر اس کی افادیت کا اعتراف و اظہار ضروری نہیں ۔ ھمارے خیال میں اس خدمت کے اس اعتراف کی

یہ صورت بھی ہو سکتی ہے کہ جس طرح دوسرے شعبوں میں اعتراف خدمات کے لئے خطابات دیئے جاتے ہیں اس طرح رشوت کے بنگلے تعمیر کرانے اور غریبوں کو روزگار دلانے والے افسروں کو بھی خطاب دینے چاہئیں تاکہ جو رشوت خور افسر اپنی یہ بالائی آمدنی ہوٹلوں یا ریس کورس میں مال حرام بود جائے حرام رفت کے مصداق ضائع کر دیتے ہیں انہیں بھی غریبوں کو روزگار دلانے کی قومی خدمت کرنے کی ترغیب ہو۔

عبدالستار سہمند صاحب نے رشوت کا جو لاجواب جواز پیش کیا ہے۔ دوسرے ارکان اسمبلی اگر چاہیں تو بلیک مارکیٹ۔ گراں فروشی۔ سمگلنگ۔ سرکاری املاک کے خورد برد کے جواز میں بھی استدلال اختیار کر سکتے ہیں۔ بلکہ اس طرح کا جواز تو عصمت فروشی۔ شراب کی ناجائز کشید۔ بچے اغوا کرنے۔ چوری ڈکیتی۔ قتل و غارت وغیرہ کے حق میں بھی پیش کیا جا سکتا ہے۔ اور ہر برائی میں خوبی اور فائدہ کا کوئی نہ کوئی پہلو ڈھونڈا جا سکتا ہے سہمند صاحب کے اس جواز نے اس مشہور مقولہ کا دل موہ لینے والا ثبوت پیش کر دیا ہے۔

تا مرد سخن نگفتہ باشد
عیب و ہنرش نہفتہ باشد

جناب والا۔ اب میں آپ کی اجازت سے اپنی تقریر آفیشل رپکارڈ کے مطابق پڑھ کر سناتا ہوں جس سے آپ خود فیصلہ کر سکیں گے کہ میں نے اصل میں کیا کہا تھا اور اخبار والوں نے میرے متعلق کس قدر غلط بیانی سے کام لیا۔

جناب والا۔ کرپشن کے بارے میں جو انہوں نے فرمایا ہے اس کے بارے میں میرا عرض یہ ہے اور میں یہ نہیں کہوں گا کہ کرپشن نہیں ہے۔ کرپشن ہے لیکن اتنی زیادہ نہیں کہ اس پر اتنا زیادہ تشویش کا اظہار کیا جائے

کہ ہائے مر گئے ۔ رشوت ہی رشوت ہے فلاں چور ہے ۔ فلاں چور ہے میرے بھائی اکثر یہ کہتے ہیں لیکن مجھے حیرت ہوتی ہے کہ ان کو کوئی بھی پاک صاف نظر آتا ہے ۔ سپاہی سے لیکر سی ۔ ایس ۔ پی تک ان کو چور ہی نظر آتے ہیں ۔ مجھے افسوس ہے اور بڑی حیرت کی بات ہے کہ ان کے پاس ایک ایک ہزار کے قالین کیوں ہیں ۔ اگر کسی سی ۔ ایس ۔ پی کا ذکر ہے تو ان کی جائیداد ہوتی ہے ۔ لینڈ لارڈ ہوتے ہیں ۔ دولتمند ہوتے ہیں میں کہتا ہوں کہ وہ تو ایک قوم کی خدمت کرتا ہے اور اپنے روپے کو سرکولیشن میں لاتا ہے ۔

,, برائے نہادن چہ سنگ و چہ زر ،،

اور وہ روپیہ قوم کے کاموں پر لگاتا ہے قوم کے مزدوروں کو اس سے فائدہ ہوتا ہے ۔ جناب والا ۔ میری عرض یہ ہے کہ رشوت ضرور ہے اس میں شک نہیں لیکن رشوت کو دور کرنے کیلئے ہمیں چند ایک طریقوں کو بروئے کار لانا چاہیئے . . . . . .

جناب والا ۔ اب یہ رہا میری اصل تقریر کا خلاصہ ۔ میں نہیں سمجھ سکتا کہ اخبار والوں نے میری اس تقریر کو یہ رنگ کیونکر دے دیا اور نہ صرف میری ذاتی طور پر بلکہ مسلم لیگ پارٹی کی اور اس معزز ایوان کے ممبران کی بھی توہین کی ہے اور یہ ظاہر کیا ہے کہ اس مسلم لیگ پارٹی کا اور ایوان کا ایک ممبر رشوت ستانی کے حق میں ہے اور رشوت کا جواز اور اس کے فوائد بیان کرتا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ اس مرحلے پر مختصر جواب دے سکتے ہیں مگر کوئی لمبی چوڑی تقریر معاملے کے حسن و قبح پر نہیں کر سکتے ۔

خان عبدالستار خاں ۔ جناب مجھے جواب دینے کا حق ہے کیونکہ میرے خلاف غلط اور توہین آمیز بیان اخبارات میں چھپا ہے ۔ اور اس سے ایوان کے دونوں طرف کے ممبران کے حقوق کے تحفظ کے لئے اس ایوان کو کوئی اقدام ضرور کرنا چاہیئے کیونکہ ایوان پر اب روشن ہوگیا ہو گا ۔ کہ میں نے رشوت ستانی کے حقوق میں اور رشوت

کے جواز میں کوئی دلائل نہیں دیئے ۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ بعض افسران آبائی طور پر صاحب جائداد ہوتے ہیں ۔ اور دولت پر سانپ بن کر بیٹھ جاتے ہیں ۔ اور بعض اپنی دولت کو دل کھول کر خرچ کرتے ہیں ۔ اس سے corruption کے حق میں کونسی دلیل میں نے دی تھی ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ brief explanation دے سکتے ہیں ۔

خان عبدالستارخان ۔ جناب والا ۔ میں نے ہر گز ہر گز corruption کے حق میں کوئی بیان نہیں دیا تھا جیسا کہ میری تقریر کے سرکاری خلاصے سے آپ پر واضح ہو گیا ہو گا ۔ یہ مجھ پر افترا باندھا گیا ہے اور مجھے بدنام کیا گیا ہے نہ صرف مجھے بلکہ مسلم لیگ پارٹی کو بھی بدنام کیا گیا ہے کہ یہ پارٹی شاید بددیانت افسران کی حمایت کرتی ہے اور ان کے حق میں ہے ۔ اس سے کسی پارٹی کا سوال پیدا نہیں کیا جا سکتا ۔

مسٹر سپیکر ۔ کسی پارٹی کی عزت کا سوال یہاں پیدا نہیں کیا جا سکتا ۔

خان عبدالستار خان ۔ بہر حال جناب والا ۔ اس کا تدارک ضروری ہے کہ اس معزز ایوان کے کسی معزز رکن کے خلاف کوئی ہتک آمیز غلط بیانی اخبارات میں شائع نہیں ہونی چاہیئے ۔ اس بارے میں ہمیں کوئی نہ کوئی تہی فیصلہ ضروری کرنا چاہیئے ۔

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi M. Varyal Memon), Sir, I will divide this motion, moved by the member into two parts. Firstly, the factual side and, secondly, the legal side. So far as the facts are concernnd, *prima-facie*, it appears that the speech of the member has not been correctly reported by the Pakistan Times. So far as the other paper namely, Nawa-e-Waqt, is concerned, if my reading of Urdu is correct, it says that 'according to the newspaper version Mr. so and so a Member of this Assembly, is alleged to have said this'. Therefore, it is not on its correspondent report or on the reporter's responsibility that this paper has published this thing but he has copied it from another newspaper which, I would say, undoubtedly is a paper managed and edited by persons who are definitely responsible. I don't mean to say that the default is thereby purged or has disappeared but the responsibility, to some extent, has very much been reduced. As I have been repeatedly saying that it is far from my mind or the wishes of the House that an occasion should arise when any member, as a matter of fact this House, should be called upon to take or press for any action against any newspaper, because the ultimate responsibility in this context will come down to the reporter of the Pakistan Times, who is here in the House to report the proceedings. Under these circumstances I would say that it appears to be a comedy of errors and the newspapers concerned should take the earliest opportunity to make amends for this default and this incorrect reporting. If this is acceptable to the member, I would request him not to press his privilege motion.

مسٹر سپیکر ۔ جہاں تک ہاؤس کی کارروائی رپورٹ کرنے کا تعلق ہے پریس کا فرض ہے کہ وہ ایوان کی اصل کارروائی شائع کریں اس میں کسی قسم کی فروگذاشت نہیں ہونی چاہیئے ۔ کسی ممبر کی تقریر کو interpret نہ کیا جائے بلکہ جس طرح کسی ممبر نے تقریر کی ہو اسی طرح وہ تقریر دی جائے اور اگر اس کی interpretation بھی دینا ضروری ہو تو وہ بھی صحیح دی جائے ۔ لیکن جیسا کہ فاضل وزیر قانون نے فرمایا ہے ہمارا یہ مقصد ہر گز نہیں ہونا چاہیئے کہ ہم اس معاملے کو زیادہ طول دیں ۔ لہذا میں پریس کو ہدایت کروں گا کہ وہ آئندہ اس معاملے میں محتاط رہیں اور اس ہاؤس کے ممبران کی تقاریر صحیح طور پر اسی پیرائے اور اسی انداز میں جس میں کہ انہوں نے کی ہوں رپورٹ کیا کریں ۔ اب فاضل وزیر قانون کی اس suggestion کے بعد کیا آپ اس motion کو press کرتے ہیں ؟

خان عبدالستار خان مہمند ۔ جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ میں آپ کا ہر حکم ماننے کے لئے تیار ہوں ۔ مگر reporting میں جو غلطی ہوئی ہے اس کے متعلق آپ کا کیا ارشاد ہے آئندہ کیلئے تو آپ نے فرما دیا ہے ۔ یہاں نوائے وقت کا نمائندہ بھی موجود ہوتا ہے ان دونوں کی طرف سے ۲۶ تاریخ کے پرچے میں کوئی بات نہیں لکھی گئی ۔ چنانچہ جو غلط reporting انہوں نے کی ہے ۔ اس کے بارے میں جناب کا کیا حکم ہے ؟

مسٹر سپیکر ۔ ہر دو اخبارات اس کے متعلق مناسب amends کر لینگے ۔

They should make amends.

خان عبدالستار خان مہمند ۔ جی ہاں ۔ شکریہ جناب ۔ اب اگر آپ حکم کرتے ہیں تو میں اسے press نہیں کرتا ۔ اس کیلئے جناب وزیر قانون نے بھی یقین دہانی کرائی ہے ۔ بہر صورت آئندہ اس چیز کا کوئی سدباب ہونا چاہیئے اور جو کچھ لکھا گیا ہے اس کی تردید ہو جانی چاہیئے ۔

Mr. Speaker : The motion is not pressed.

PRIVATE MEMBERS' BUSINESS

BILLS

THE WEST PAKISTAN NATIONAL LANGUAGE BILL 1965.

Mr. Speaker : Khawaja Muhammad Said to move his motion.

Khawaja Muhammad Safdar: I beg to move :

That leave be granted to introduce the West Pakistan National Language Bill, 1965.

Mr. Speaker: Motion moved is :

That leave be granted to introduce the West Pakistan National Language Bill, 1965.

Minister of Law: Sir, I oppose it.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) — جناب والا - وزیر قانون صاحب نے اس بل کو اس stage پر جو oppose کرنے کا فیصلہ کیا ہے - مجھے ان کے اس فیصلے سے سخت حیرانی ہوئی ہے - شاید جناب وزیر قانون کو عوامی جذبات اور احساسات کا کوئی پاس نہیں - کیا انہیں معلوم نہیں کہ ہمارے اس صوبے میں اردو کو قومی زبان کا درجہ تو دیا گیا ہوا ہے - لیکن اسے سرکاری زبان بنانے کیلئے عوام کے جذبات کس حد تک شدید ہیں -

جناب والا - یہ بل میرے محترم دوست علامہ رحمت اللہ ارشد صاحب نے سابقہ اسمبلی کے اسی ایوان میں پیش کیا تھا - اور اس بل کو حکمران پارٹی نے اپنی مخصوص سیاسی اغراض کی بنا پر تقریباً دو سال تک التوا میں ڈالے رکھا - اس بل کے متعلق پہلے متعلقہ Standing Committee نے رپورٹ کی کہ اسے فوری طور پر منظور کرنا چاہیئے لیکن میرے سامنے تشریف فرما دوستوں کی سیاسی مصلحتوں کی بنا پر اس ایوان میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ یہ بل ایک Select Committee کے سپرد کر دیا جائے - چنانچہ اس Select Committee نے بھی اس بل پر اپنی سفارش دی - اور سابقہ اسمبلی کی زندگی کے آخری ایام میں جب یہ بل اس ایوان میں پیش ہونے والا تھا - تو حکمران پارٹی نے نہایت ڈھٹائی سے کام لیتے ہوئے اس ایوان کا کورم توڑ دیا - تاکہ یہ بل پاس نہ ہو سکے -

جناب والا - حکمران پارٹی سے تعلق رکھنے والے میرے یہ مہربان دوست دعوے کرتے ہیں کہ ہم اردو کو قومی زبان سمجھتے ہیں - اور ان کے اپنے اس دعوے کو آئین میں شامل کر دینے سے میں سمجھتا ہوں انہوں نے عوام کی آنکھوں میں دھول ڈالی ہے اور ان کو دھوکہ دیا ہے - حقیقت یہ ہے کہ ان پر انگریزی پرستی کا جنون اس قدر سوار ہے کہ یہ انگریزی کی غلامی کو اپنے لئے باعث فخر سمجھتے ہوئے اسی زبان کو آج بھی اپنائے ہوئے

ھیں ۔ اور ھر ایسی کوشش کرتے ھیں جو اس زبان کو اپنا مقام دلانے کیلئے کی جاتی ھے ۔

Minister of Law : Sir, I have consulted the Leader of the Party and we declare that we do not want to oppose the introduction of this Bill.

That is fine Sir. Thank you very much — **خواجہ محمد صفدر**

جناب والا ۔ میں محترم قائد حزب اقتدار کا شکریہ ادا کرتا ھوں کہ انھوں نے اپنے ایک رفیق کار کی غلطی کو فوری طور پر درست کر دیا ھے ۔ دراصل یہ ایک جرأتمندانہ اقدام ھے ۔ میں سمجھتا ھوں کہ ایک رھنما میں یہ خوبی اور خصوصیت ھونی چاھیئے کہ جب وہ دیکھے کہ کہیں کوئی غلطی ھو رھی ھے تو اس کو فوراً درست کرے ۔

جناب والا ۔ میں جناب قائد حزب اقتدار کا دوبارہ شکریہ ادا کرتا ھوں کہ انھوں نے اپنا اعتراض واپس لے لیا ھے ۔ اس لئے میں اس بل پر مزید اپنے خیالات کا اظہار اس موقع پر کرنا مناسب نہیں سمجھتا ۔

Mr. Speaker : The question is :

That leave be granted to introduce the West Pakistan National Language Bill, 1965.

The motion was carried

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I introduce the West Pakistan National Language Bill, 1965.

Mr. Speaker : The West Pakistan National Language Bill, 1965 stands introduced.

THE PUNJAB TRADE EMPLOYEES (WEST PAKISTAN AMENDMENT) BILL, 1965.

Mr. Speaker : Sahibzadi Mahmooda Begum.

Sahibzadi Mahmooda Begum : Sir, I beg to move :

That leave be granted to introduce the Punjab Trade Employees (West Pakistan Amendment) Bill, 1965.

Mr. Speaker : Is there any opposition to this Motion ? I think there is no opposition to this motion. The question is :

That leave be granted to introduce the Punjab Trade Employees (West Pakistan Amendment) Bill 1965.

The motion was carried

Sahibzadi Mahmooda Begum : Sir, I introduce the Punjab Trade Employees (West Pakistan Amendment) Bill, 1965.

Mr. Speaker : The Punjab Trade Employees (West Pakistan Amendment) Bill, 1965 stands introduced.

THE WEST PAKISTAN MUSLIM PERSONAL LAW (SHARIAT) APPLICATION (AMENDMENT) BILL, 1965.

Mr. Speaker : Next motion. Mr. Hamza.

Mr. Hamza : Sir, I beg to move:

That leave be granted to introduce the West Pakistan Muslim Personal Law(Shariat) Application (Amendment) Bill, 1965.

Mr. Speaker : Motion moved is:

That leave be granted to introdnce the West Pakistan Muslim Personal Law (Shariat) Application (Amendment) Bill, 1965.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Opposed, Sir.

مسٹر حمزہ (لائلپور - ٦) — جناب سپیکر - بڑی حیرانی کی بات ہے کہ وزیر قانون صاحب نے ایک ایسے مسودے قانون کو اس ایوان کے سامنے پیش کرنے کی مخالفت کی ہے جس کا پاس کرنا ہمارا آئینی فرض ہے -

جناب والا - اس حقیقت میں کوئی ابہام نہیں کسی قسم کا شک وشبہ نہیں کہ ہم اپنے آئین میں یہ فیصلہ کرچکے ہیں کہ اس ملک میں جتنے بھی رائج الوقت قوانین ہوں گے ان کو ہم قرآن اور سنت کی روشنی میں amend کریں گے - principals of policy میں یہ بتایا گیا ہے -

"No law shall be repugnant to the teachings and requirements of Islam as set out in the Holy Quran and Sunnah and all existing laws shall be brought in conformity with the Holy Quran and Sunnah."

Explanation—"In the application of this principle to the personal law of any Muslim sect, the expression "Quran and Sunnah" shall mean the Quran and Sunnah as interpreted by that sect."

جناب سپیکر - اس ترمیمی مسودہ قانون کا مقصد یہ تھا کہ وہ تمام قوانین جن کا اطلاق مسلم شخصی قانون کے تحت جو اس وقت رائج ہے اور جو اس وقت قرآن اور سنت کے واضح احکام کے خلاف ہے - ایسے تمام رواجی قوانین کے متعلق فیصلے ہو چکے ہیں کہ انہیں ترک کر کے شریعت کے قانون کے مطابق بنائیں —

جناب سپیکر - جب یہ ترمیمی مسودہ قانون اس سے قبل سابقہ اسمبلی میں ایک معزز ممبر نے پیش کیا تھا تو ہماری حکومت نے اسے ایڈوائزری کونسل آف اسلامک آئیڈیالوجی کے پاس اس کی رائے حاصل کرنے کے لئے بھیج دیا - اس ایڈوائزری کونسل کی طرف سے جو رپورٹ بھیجی گئی ہے اور جو اس نے رائے دی ہے - انہوں نے اس ترمیمی قانون کو عین قرآن اور سنت کے مطابق قرار دیا ہے - میں اس کا Relevant portion پڑھ کر سناتا ہوں .

Mr. Speaker : The Member need not read it at this stage.

خواجہ محمد صفدر — یہ صرف ذہن نشین کرانے کے لئے ہے کیونکہ Principals of Policy نمبر ۱ کے تحت اس ایوان پر فرض عائد ہوتا ہے۔

Mr. Speaker : No body denies this fact.

اس رپورٹ کی reference ہو گئی ہے۔

This is sufficient.

خواجہ محمد صفدر — اس لئے بھی اس کا پیش کیا جانا ضروری ہے کہ ایوان کو معلوم ہو جائے کہ خدا اور رسول کے احکامات کے خلاف کیا کچھ ہو رہا ہے۔

مسٹر سپیکر — ان کے سامنے تمام facts موجود ہیں۔

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر۔ میں نے مختصر بیان جو اس ایوان میں دینا ہے اس کے مقابلہ میں وہ رائے جو ایڈوائزری کونسل نے دی ہے اگر وہ ایوان کے سامنے پیش کر دی جائے تو اس سے ممبران کو علم ہو جائے گا۔ اس کی ضرورت اس لئے محسوس کی گئی ہے کیونکہ ایوان کے جملہ ممبران کو رپورٹ کے متعلق پورے طور پر معلومات حاصل نہیں ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ Relevant ہے اور میرے خیال میں اس کا پڑھ دینا ضروری ہے یہ بڑی مختصر سی رپورٹ ہے۔

"According to the Punjab Laws Act IV of 1782 as amended by Act of 1878 and North West Frontier Laws Act 7 of 1901, questions regarding the succession, special property of females, betrothel, marriage, divorce, dower, adoption, guardianship minority, bastardy, family relations, wills, gifts, legacies, partitions were governed by any custom applicable to the parties concerned which is not contrary to justice, equity or good conscience or otherwise altered or abolished or declared to be void by any competent authority. The above rule was, however, subject to some exceptions which are not relevant to the point under discussion.

Section 2 of the West Pakistan Muslim Personal Law (Shariat) Act of 1962 attempted to reinstate the rule of the Shariat in the place of customs in areas where custom had pre-eminence.

Mr Speaker : Please read the opinion of the Council.

Mr. Hamza : The opinion is :

To that extent the Act was directed towards bringing the law of the land in consonance with the principles of Islam. Section 7(2) of the said Act, however, made certain exceptions and provided for the continuation of the rule of customs in some cases notwithstanding the provisions of Section 3 of the said Act.

The West Pakistan Muslim Personal.....

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi M. Varyal Memon): Even at the risk of courting the same charge from the Leader of the Opposition I may say that the decision has been taken not to oppose its introduction. Let it go to the Standing Committee.

خواجہ محمد صفدر — جناب والا ۔ میں قائد ایوان کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور ساتھ ہی میں وزیر قانون صاحب کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ وہ غور کرنے کے بعد اس نتیجہ پر پہنچے کہ جو کام وہ خلاف شرع کرنے والے تھے اس سے وہ بچ گئے ہیں ۔ اس لئے میں اللہ تعالےٰ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : There is no opposition to the leave being granted to introduce the Bill.

The question is :

That leave be granted to introduce the West Pakistan Muslim Personal Law (Shariat) Application (Amendment) Bill, 1965.

The motion was carried

Mr. Speaker : Mr. Hamza should now introduce the Bill.

Mr. Hamza : Mr. Speaker, Sir, I introduce the West Pakistan Muslim Personal Law (Shariat) Application (Amendment) Bill, 1965.

Mr. Speaker : The West Pakistan Muslim Personal Law (Shariat) Application (Amendment) Bill, 1965 stands introduced.

RESOLUTIONS

re : EXAMINATION AND IMPLEMENTATION OF THE RECOMMENDATIONS MADE BY THE MURREE HILLS HIGH POWERED COMMISSION.

Mr. Speaker : Now the House will take up the resolutions. The first resolution is from Khan Muhammad Yusuf.

Khan Muhammad Yusuf : Mr. Speaker, Sir, I beg to move :

That this Assembly is of the opinion that the report of the Murree Hills High Powered Commission which was appointed on 29th September, 1952 by the former Punjab Government to devise measures to combat the alarming deterioration of the Murree Hills Tract shall be examined by the Provincial Government and the recommendations made by the Commission implemented.

Mr. Speaker : Resolution moved is :

That this Assembly is of the opinion that the report of the Murree Hills High Powered Commission which was appointed on 29th September, 1952 by the former Punjab Government to devise measures to combat the alarming deterioration of the Murree Hills Tract shall be examined by the Provincial Government and the recommendations made by the Commission implemented.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, there is no opposition but I would like to state, if it can satisfy the member we will be able to save considerable time, that as soon as I got the notice of this resolution yesterday, I got into touch with the relevant department. I have got the copy of the report of the Murree Hills High Powered Commission today. I assure the member on behalf of the Government that this report is an old one, which was sponsored by the then Punjab Government, and probably it remained in cold storage. The Government will definitely consider it and all the proposals contained therein will receive sympathetic and earnest consideration of the Government and, as far as possible, it will be implemented. I would, therefore, request the member that in view of the assurance, he may not further press his resolution.

Khan Muhammad Yusuf : Mr. Speaker, Sir, in view of the assurance given by the Minister, I withdraw this resolution and thank the Government.

Mr. Speaker : The member may please ask for the leave of the House. You can only withdraw it with the leave of the Assembly.

Khan Muhammad Yusuf : Sir, I ask for leave of the Assembly to withdraw my resolution.

Mr. Speaker : Has the Member leave of the House to withdraw his resolution ?

The resolution was, by leave, withdrawn.

---

re:TOTAL PROHIBITION OF LIQUOR IN THE PROVINCE OF WEST PAKISTAN

Mr. Speaker : Next resolution is from Mr. Mahmood Azam Farooqi.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : Sir, I beg to move—

That this Assembly is of the opinion that the drinking of liquor should be prohibited totally in the Province of West Pakistan.

Mr. Speaker : Resolution moved is—

That this Assembly is of the opinion that the drinking of liquor should be prohibited totally in the Province of West Pakistan.

Minister of Law : It is opposed Sir.

Mr. Speaker : Yes, Mr. Farooqi.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی-۸) - جناب والا - مجھے تو اس ریزولیوشن کی مخالفت پر بڑی حیرت ہوئی ہے - جناب سپیکر - آج سے ۱۸ سال پہلے اس دنیا کے نقشہ پر بیشمار ممالک تھے - آزاد بھی اور غلام بھی - جمہوریت کے علمبردار بھی اور وہ بھی جو بادشاہت کے دیرینہ نظام کو سینے سے لگائے ہوئے تھے جناب والا - وہ ممالک بھی اس کرۂ ارض پر موجود تھے جن میں ۹۰ - اور ۱۰۰ - فیصدی مسلمانوں کی آبادی تھی اور وہ خود ہی اپنے اوپر حکمران تھے - اور وہ ممالک بھی تھے جہاں مسلمان غیر مسلموں کے زیر تسلط تھے - ان ممالک کے درمیان دیواروں اور پہاڑوں کی فطری حد بندیاں قائم تھیں اور انکو ایک دوسرے سے جدا کرنیوالی چیزیں کہیں زبانوں کا اختلاف تھا کہیں رنگ کا اختلاف تھا کہیں انکے درمیان ایک دوسرے کے نسلی تعلق کی بیگانگت تھی لیکن کوئی دو ملک بھی ایسے نہ تھے جو ایک دوسرے سے صرف نظریہ زندگی کی بنیاد پر الگ ہوں -

جناب والا - اسوقت اس برصغیر میں بسنے والے ۱۰ کروڑ مسلمانوں کے دل میں یہ خواہش پیداہوئی کہ ہمیں وہ خطہ زمین ملے جہاں ہمارے اوپر کوئی بیرونی طاقت مسلط نہ ہو اور جہاں ہم آزاد ہوں اور آزاد ہو کر اسلامی نظام زندگی برپا کریں - جس پر ہم ایمان لائے ہیں - خواہش نے مطالبہ کی صورت اختیار کی - مطالبہ جد و جہد

کے مرحلہ میں داخل ہوا ۔ کروڑوں ہاتھ رب لم یزل کے سامنے دعاؤں کے لئے اٹھے ۔ لاکھوں پیشانیاں خدا کے سامنے سجدہ ریز ہوئیں لوگوں نے گڑ گڑا کر دعائیں مانگیں کہ ہمیں ایک ایسی مملکت عطا کی جائے کہ ہم تیرے دین کو برپا کر سکیں ۔ بارگاہ ایزدی میں ہماری دعا قبول ہوئی ۔ اور ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو قدرت نے آواز دی کہ لو ہم نے تم کو وہ چیز دی جو تم ہم سے مانگ رہے تھے اور اب وقت ہے کہ اپنے وعدہ کو پورا کرو جناب والا انسان انسان سے وعدہ کرتا ہے تو اسکو پورا کرنیکی کوشش کرتا ہے ۔ اور اگر پورا نہ کر سکے تو کم سے کم احساس شرمندگی اسکے دل میں موجود ہوتا ہے ۔ مجھے کہنے کی اجازت دیجئے کہ ہم وہ بے غیرت قوم ہیں کہ ہمنے انسانوں کے پیدا کرنے والے خدا کے سامنے ایک وعدہ کیا اور جب اس وعدے کو ایفا کرنے کا وقت آیا تو ہم نے اس سے روگردانی کی ۔ ہمنے ہر قدم اس منزل کیطرف اٹھایا جو ہمکو ہمارے نظریہ سے دور لیجانیوالی ہے ۔ ہمنے چن چن کر اسلامی قدروں کو اس ملک میں پامال کیا ۔ ہم دن میں پانچ وقت نمازوں میں خدا کے سامنے سرجھکاتے ہیں لیکن نہ ہمیں شرم آتی ہے اور نہ ہمارے ضمیر میں کوئی احساس کا کانٹا کھٹکتا ہے ۔ جناب والا مستقبل کا مورخ جب اس ملک کی تاریخ کو مرتب کریگا تو لکھے گا کہ یہ وہی قوم ہے اور یہ وہی گروہ انسانیت ہے جو عدل و انصاف کا علمبردار تھا اور جسنے اپنے ملک میں کرمنل لا امنڈمنٹ اور قلات میں ایف۔سی۔آر ایسے قوانین نافذ کئے ۔

Mr. Speaker. The member is not relevant. He should please come to the subject.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب میں اسکا پس منظر بتا رہا ہوں ۔ جناب آج غیر اقوام ہم پر خندہ زن ہیں کہ ہم عدل و انصاف کے علمبردار تھے ہم آزادی تحریر و تقریر کے علمبردار تھے اور اسلام کے دعویدار تھے لیکن ہمارے ملک میں آج یہ تمام قدریں پامال ہو رہی ہیں اور ہمارے پاس اس کا کوئی جواب نہیں ہے کہ وہ قوم جو دنیا سے بیحیائی بدکرداری شراب نوشی اور سود کو مٹانے کے لئے اٹھی ہو وہ قوم خود اپنے ملک میں اپنے اقتدار کے زمانے میں ملک ملک سے ناچنے گانے والے طائفے منگا کر

رنگ رلیاں مناتی ہے اس قوم نے سود کو جسکو اسلام نے حرام قرار دیا ہے شیر مادر کیطرح حلال کیا اور اس ملک میں شراب جسکو اللہ اور اللہ کے رسول نے حرام کیا ہے اسے پانی کیطرح طیب سمجھ لیا ہے ۔ جناب والا میرے گرد و پیش کے یہ حالات تھے جو محرک بنے میرے لئے کہ میں اس معزز ایوان کے سامنے اپنی قرار داد پیش کروں ۔

جناب سپیکر ۔ یہ اس وقت کا قصہ ہے جب رسول کریم مکہ سے ہجرت کر کے مدینے تشریف لے جا چکے تھے ۔ مسلمانوں کی ایک چھوٹی سی مملکت کفار اور یہودیوں کے نرغہ کے درمیان قائم ہو چکی تھی تو اللہ تعالیٰ نے سورۃ المائدہ کی ۹۰ ویں آیت میں یہ حکم نازل فرمایا ۔

يَآ أَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

اے ایمان لانے والو ۔ یہ شراب اور جوا یہ دونوں چیزیں گندے اور شیطانی کام ہیں ان سے پرہیز کرو ۔ امید ہے کہ تمہیں فلاح نصیب ہو گی ۔ جب یہ حکم آیا اور اللہ کے نبی نے مدینے میں اعلان کیا کہ آج سے شراب مسلمانوں پر حرام کی گئی ہے ۔ مدینے کے مسلمانوں پر نہیں بحیرہ عرب کے چھوٹے سے جزیرہ نما کے لئے بھی نہیں بلکہ عالم اسلام اور دنیا کے مسلمانوں پر ہمیشہ کے لئے اور قیامت تک کے لئے شراب حرام قرار دے دی گئی ہے لوگوں نے آکر پوچھا کہ حضور ہمارے پاس جو شراب ہے کیا ہم وہ یہودیوں کو تحفہ میں دیدیں ۔ حکم ہوا کہ نہیں ۔ جو چیز تمہارے لئے حرام ہے تم اس کا کسی کو تحفہ بھی نہیں دے سکتے ۔ لوگوں نے پوچھا حضور کیا ہم اسے دوا کیطور پر محفوظ کر لیں ۔ حکم ہوا کہ یہ دوا نہیں ہے زہر ہے ۔ پھر پوچھا گیا کہ حضور ہم بعض ایسے علاقوں سے تعلق رکھتے ہیں کہ سردی بہت پڑتی ہے ۔ سردی سے بچنے کے لئے لوگ استعمال کرتے ہیں بڑی محنت شاقہ کرنے والے لوگ ہیں ۔ شراب کا تھوڑا سا استعمال ان کے قویٰ میں قوت پیدا کرتا ہے کیا ہم اس کے لئے استعمال کریں ۔ حکم ہوا نہیں کہا گیا کہ لوگ شائد نہ مانے ۔ آپ نے فرمایا

یاد رکھیئے کہ آپ نے پھر فرمایا کہ اگر وہ نہ مانیں تو ان کے ساتھ جنگ کرو ۔ مسلمانوں کے خلاف جنگ کرنے کا حکم ملتا ہے صرف اس لئے کہ اگر وہ شراب کی بندش کا حکم نہ مانیں ۔ تو جناب والا جب یہ حکم آیا تو تمام شبہات دور کر دیئے گئے ۔ تاریخ اس بات کی شاہد ہے دنیا اس پر گواہ ہے کہ مدینے کی گلیوں میں شراب اس طرح بہائی گئی کہ کچی سڑکوں پر کیچڑ ہو گیا ۔ جس طرح بارش کا پانی گڑھوں میں جمع ہو جاتا ہے اسی طرح شراب گڑھوں میں کھڑی ہوگئی ۔ لوگوں نے مشکیزے پھاڑ دیئے ۔ لوگوں نے مٹکے توڑ دیئے ۔ یہ تھا نبی کریم کا حکم اور یہ تھا قرآن کا حکم جس کی پابندی کرنے والے وہ مسلمان تھے جو ہمارے لئے باعث تقلید ہیں ۔ جناب والا رسول کریم نے شراب کے متعلق مزید تشریح کرتے ہوئے فرمایا کہ حضرت ابن عمر سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے لعنت فرمائی ۹ چیزوں پر ۔ شراب کے پینے والے پر ۔ شراب کے پلانے والے پر ۔ شراب کے بیچنے والے پر ۔ شراب کے خریدنے والے پر ۔ شراب کشید کرنے والے پر ۔ شراب ڈھو کر لیجانے والے پر اور اس پر جس کے لئے یہ ڈھو کر لے جائی گئی ہو ۔ یہ ۹ چیزیں ہوں کہ جو ان کے مرتکب ہوں وہ رسول کریم نے فرمایا کہ وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے دور ہیں اور خدا کی لعنت ہے ان پر دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی جو شراب پئیں یا جو شراب بیچیں یا خریدیں یا اس کا انتظام کریں ۔ جناب والا رسول کریم نے اس دسترخوان پر کھانا کھانے سے منع کیا کہ جس پر شراب استعمال کی جا رہی ہو ۔ آپ نے فرمایا کہ ہر نشہ آور چیز خمر ہے اور خمر حرام ہے ۔ آپ نے فرمایا کہ جس چیز کی کثیر مقدار نشہ پیدا کرے اس کی تھوڑی مقدار بھی حرام ہے اس کا ایک چلو اس کا ایک قطرہ بھی حرام ہے ۔ یہ تھا جناب رسول کریم کا حکم ۔ اس کے بعد خلفائے راشدین کا دور آتا ہے ۔ حضرت صدیق ۔ حضرت عمر فاروق ۔ حضرت عثمان اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے زمانے میں شراب پینے والے کو ۴۰ سے لیکر ۸۰ کوڑے تک مارے جاتے تھے بڑے لوگ تو ہر زمانے میں ہی ہوتے ہیں اور ہوتے تھے ۔ اس زمانے میں جو لوگ خلاف ورزی کرتے تھے ان کے لئے خلفائے راشدین نے ۴۰ سے لیکر ۸۰ کوڑوں تک کی سزا متعین فرمائی صرف یہی نہیں حضرت عمر نے ایک قبیلے کے افراد کی جو

شراب کا کاروبار کرتے تھے دوکانیں جلوا دیں کیونکہ وہ اپنے گھروں میں خفیہ طور پر شراب بنایا کرتے تھے ۔ ایک گاؤں کے متعلق خبر پہنچی کہ اس گاؤں کے لوگ شراب کا خفیہ کاروبار کرتے ہیں ۔ آپ نے حکم دیا کہ اس گاؤں کو نذر آتش کر دیا جائے جناب والا یہ تھا اسلام کا حکم ۔ یہ تھی رسول کریم کی ہدایت اور یہ تھا خلفائے راشدین کا طرز عمل شراب کے معاملے میں جو ہم تک پہنچا اور قدرت آج یہ نظارہ بھی دیکھ رہی ہے کہ جس حکم کے بارے میں ۱۴۰۰ سال سے مسلمانوں کے کسی طبقہ میں کسی فرقے میں کوئی اختلاف نہ تھا آج یہ کہا جاتا ہے کہ مسلمانوں کے ۷۲ فرقے ہیں میں کہتا ہوں کہ ۱۷۲ ہوں لیکن آج تک کہیں بھی یہ سوال پیدا نہیں ہوا کہ شراب حرام ہے یا نہیں ۔ مسلمانوں کی بادشاہت کے دور میں لوگ شراب استعمال کرتے رہے ۔ ان میں زانی بھی تھے ۔ خائن بھی تھے ۔ بد معاملہ بھی تھے لیکن کسی کو یہ جرات نہیں ہوئی کہ وہ اس بات میں شک کرے کہ کیا شراب حلال ہے یا حرام ۔ آج ہمارے اس ایوان میں ہمارے وزیر خزانہ نے ایک تقریر کے دوران فرمایا اور کس ادا کے ساتھ کہ یہ معاملہ اسلامی مشاورتی کونسل میں مشورے کے لئے بھیجا گیا ہے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ جس حکم کے بارے میں خلفائے راشدین میں ۔ صحابہ میں تابعین میں ہیں ۔ فقہہ اور ایشما میں شیعوں اور سنیوں میں بریلویوں اور دیوبندیوں میں یعنی کسی طبقہ میں کوئی اختلاف نہیں رہا ہے تو آج یہ سوال کیوں پیدا ہوتا ہے کہ اسلامی مشاورتی کونسل ہمیں یہ بتائے کہ شراب حلال ہے یا حرام میں آپکی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ اسلامی مشاورتی کونسل نے رائے دیدی ہے کہ شراب حرام ہے میں پوچھتا ہوں کہ آپ نے کیا اس پر عمل کیا ۔ میں پھر آپ سے پوچھتا ہوں کہ اگر آپ نے اس چیز کو اسلامی مشاورتی کونسل کے پاس مشورے کے لئے بھیجا تھا تو یہ بتائیے کہ سن ۶۲ میں جب دستور بنا تو اس کے حصہ دوم میں اور کلاز ۲۰ دستور کے صفحہ ۱۴ پر جبکہ آپ نے یہ فرمایا تھا کہ اس ملک کے لوگوں کو شراب پینے سے روکا جائے گا اور شراب کے استعمال کی حوصلہ شکنی کیجائے گی تو کیا اس وقت آپ نے شراب کو حلال سمجھ کر یہ چیز دستور میں رکھی تھی

نہیں یقیناً آپ نے اس کو حرام سمجھا تھا ۔ تو جب سن ۶۲ کے دستور کے نفاذ کے وقت شراب کو حرام سمجھا گیا ، ۔ شراب کے استعمال کو اسلام کے خلاف سمجھا گیا تو وہ کیا حالات تھے کہ آپ نے یہ چیز اسلامی مشاورتی کونسل کے پاس مشوروں کے لئے بھیجی ۔ پھر مشورہ آنے کے بعد آپ نے اس کے ساتھ کیا معاملہ کیا ہمیں نہیں معلوم ۔ ہم تو آپ کے طرز عمل کو دیکھتے ہیں جو میں ابھی آپکے سامنے بیان کرونگا ۔ جناب والا یہ تھے اسلام کے احکام شراب کے متعلق ۔ ۱۹۴۷ء میں یہ ملک آزاد ہوا بلکہ عدم سے وجود میں آیا اسلام کو قائم کرنے کیلئے ۔ اس وقت سے اس وقت تک شراب یہاں پانی کی طرح حلال ہے ۔ آپ کہینگے کہ ۴۷ سے ۵۸ تک یہاں بدنام سیاستدانوں کا دور تھا اور انہوں نے شراب حلال رکھی تھی میں بھی آپکی تائید کرتا ہوں ۔ یقین کیجئے ان سیاستدانوں کے ناقد مجھ سے زیادہ آپ نہیں ہیں ۔ آپ نے ان پر تنقید اس وقت شروع کی ہے جب وہ اقتدار سے ہٹ گئے ہیں ۔ آپ نے ان کے اوپر ۔ انکی بدعنوانیوں کے اوپر اعتراضات کرنا ۔ ان کے کارناموں کو دنیا کے سامنے اجاگر کرنا اس وقت شروع کیا ہے جب وہ اس ملک کے وزیر گورنر اور گورنر جنرل نہیں رہے ۔ ہم اس وقت انکے خلاف آواز بلند کرتے رہے جب وہ اس ملک میں بر سر اقتدار تھے ۔ اسلئے یقین کیجئے کہ انکے ناقد اور ان پر معترض ہم آپ سے زیادہ ہیں ۔ میں پوچھتا ہوں ۵۸ء سے لے کر ۶۲ تک اس سات سال کے دور میں آپ نے اس سلسلہ میں کیا کیا ؟ دستور میں شراب کو حرام کیا وہاں یہ لکھا کہ مسلمانوں کو اسلامی زندگی بسر کرنے کے لائق بنایا جائے گا ۔ مگر اسکے بعد اس معاملہ میں آپکا طرز عمل کیا رہا ہے ۔ اگر آپ کو یاد نہیں ہے تو میں آپکو سناتا ہوں ۔ ۵۸ میں اس ملک میں شراب کی سالانہ پیداوار حکومت کے اپنے اعدادو شمار کے مطابق ۳ لاکھ ۷۸ ہزار ۲ سو ۳۴ گیلن تھی ۔ ۶۴ میں یہ تعداد ۴ لاکھ ۵۸ ہزار ۴ سو ۴۲ گیلن ہوئی ۔ اور یہ ۵۸ کے مقابلہ میں ۲۱ فیصد زائد تھی ۔ اور سنئے ۔ فروری ۶۵ کے ایک مہینہ میں ۵۰۶۵۶ گیلن شراب بنائی گئی ۔ اور یہ ۶۴ کے مقابلہ میں ۳۳ فیصد زائد تھی ۔ ۱۹۵۸ء کے مقابلہ میں فروری ۶۵ میں آپکے ملک میں شراب کی پیداوار ۵۴ فیصد زائد ہو گئی ۔ نصف سے زیادہ ۔ میں پوچھتا ہوں یہ کونسا طریقہ ہے

دستور کو عملی جامہ پہنانے کا کہ آپ کہتے ہیں کہ شراب کی حوصلہ شکنی کی جائیگی - مگر پیداوار ۵۸ کے مقابلہ میں ۵۴ فیصد زائد کرتے ہیں یہ اعداد و شمار آپکو نوٹ کرنے ہیں تو کر لیجئے - یہ سٹیٹسٹیکل بلیٹن مئی ۶۵ کے صفحہ ۱۲۷۷ کے اعداد و شمار ہیں - جناب والا انہوں نے صرف پیداوار پر ہی اکتفا نہیں کی بلکہ جولائی ۶۴ سے فروری ۶۵ تک آٹھ مہینہ کے عرصہ میں ملک کا بڑی محنت سے کمایا ہوا زر مبادلہ ۳۱ لاکھ ۴۷ ہزار ۷۶۷ روپے شراب کی درآمد پر صرف کیا - یعنی تقریباً ۴ لاکھ روپے ماہانہ کی شراب درآمد کرتے رہے -

جناب والا - وزیر خزانہ نے شراب کے استعمال کے اضافہ پر تبصرہ کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ اسکی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ ملک میں غیر ملکی افراد کی تعداد بڑھ گئی ہے قطع نظر اسکے کہ اسلام میں غیر ملکی افراد کیلئے شراب کے استعمال کے قوانین کیا ہوتے ہیں اس وقت میں یہ عرض کرونگا کہ انکا یہ فرمانا بھی صحیح نہیں - آج سے تقریباً چار سال پہلے آپ ہی کی مرکزی حکومت کے مقرر کئے ہوئے ادارہ بیورو آف انوسٹمنٹ اینڈ پروموشن نے تمام غیر ملکی اداروں پر یہ لازمی قرار دیا کہ وہ اپنے ہاں غیر ملکیوں کی تعداد کو کم کریں - اور ایک خاص تنخواہ کے سلیب میں سو فیصد پاکستانیوں کو لائیں مگر ایک خاص تنخواہ کے سلیب میں ۷۵ فیصد پاکستانیوں کو لائیں - ایک خاص تنخواہ کے سلیب میں ۵۰ فیصد پاکستانیوں کو لائیں - پاکستانیوں کی تقرری پر اس پابندی کے بعد انوسٹمنٹ پروموشن بیورو کا دعویٰ یہ ہے اور وہ اخبارات میں اسکا اعتراف کر چکے ہیں کہ غیر ملکی اداروں میں غیر ملکی ماہرین اور ملازمین کی تعداد دن بدن کم ہوتی جا رہی ہے - اب آپ خود فیصلہ کریں کہ آپ صحیح کہتے ہیں یا وہ صحیح کہتے ہیں ان کا دعوی ہے کہ غیر ملکیوں کی تعداد کم ہو رہی ہے اور آپ اس ایوان میں کہتے ہیں کہ شراب کی مقدار میں اضافہ کا سبب یہ ہے کہ یہاں غیر ملکیوں کی تعداد بڑھ رہی ہے - بتائیے ہم کس کی بات مانیں -

ناطقہ سر بگریباں ہے اسے کیا کہئے

پھر جناب والا — اس ایوان میں ایک سوال کے جواب میں ایک محترم بزرگ نے فرمایا تھا کہ ۶۳-۶۲ میں مری بیوری کمپنی لمیٹڈ کو

پک اک نے ۷ لاکھ ۴۸ ہزار روپے قرضہ دیا تھا اس کام کیلئے کہ وہ شراب بنانے کے کارخانہ کو بہتر بنائیں ۔ تاکہ بہتر قسم کی اور زیادہ مقدار میں شراب پیدا ہوسکے ۔ پھر اسی پر اکتفا نہیں ۔ بلکہ ۶۵ - ۶۴ میں پھر اسی کمپنی کو ایک لاکھ ۶۲ ہزار آٹھ سو روپیہ اور قرضہ دیا گیا ۔ یعنی ابھی آپکی پیداوار اس معیار پر نہیں آئی تھی جو ہم چاہتے ہیں ۔ تقاضا ہے کہ اور بڑھائیے ھل من مزید ۔ اسی سوال کے سپلیمنٹری سوال کے جواب میں ایک وزیر محترم نے فرمایا تھا کہ انکو یہ نہیں معلوم کہ قرضہ صوبائی حکومت کے مشورہ پر دیا گیا تھا یا نہیں — میں انکی اطلاع کے لئے عرض کرتا ہوں کہ پک اک یا انڈسٹریل ڈیولپمنٹ بنک کسی صوبائی صنعت کو قرضہ نہیں دیتے جب تک کہ صوبائی حکومت کی blessings حاصل نہ ہوں — اسلئے میں اسے صوبائی حکومت کی ذمہ داری سمجھتا ہوں ۔ یہ انکے مشورہ سے تھا انکے ایما پر ہوا ۔ گویا ملک میں آج تک شراب کی جو مقدار درآمد کی جا رہی تھی اسے کافی نہیں سمجھا گیا اور ایک شراب بنانے والے کارخانہ کو مزید رقم دلائی گئی کہ وہ اس سے اپنی پیداوار میں اضافہ کریں ۔

جناب والا ۔ آپکے بجٹ میں شراب سے حاصل کی ہوئی آمدنی دن بدن بڑھ رہی ہے ۔ اس میں اضافہ ہو رہا ہے ۔ آپ اس بات کو اپنے ذہن میں تازہ کر لیں کہ نبی کریم (صلعم) نے فرمایا تھا کہ لعنت ہے ان لوگوں پر جو شراب کو ترقی دیں جو شراب پئیں ۔ جو شراب بنائیں وغیرہ وغیرہ ۱۹۶۳-۶۴ء میں پراونشل ایکسائیز جو خالصتاً شراب اور منشیات کی آمدنی ہے اس سے ۳ کروڑ ۶۹ لاکھ روپے کی آمدنی تھی ۔ ۱۹۶۴-۶۵ء میں یہ آمدنی ۳ کروڑ ۸۱ لاکھ روپے تھی ۔ اب ۱۹۶۵-۶۶ء میں اسکا تخمینہ ۳ کروڑ ۹۶ لاکھ روپے کا ہے ۔ تو جناب والا پراونشل ایکسائز کی آمدنی بڑھ رہی ہے ۔ شراب کے کارخانہ کو رقوم دی گئیں ۔ کیا یہ اس طرف نشان دہی ہے کہ آپ شراب کو کم کرنا چاہتے ہیں ۔ نہیں یہ طرز عمل اس بات کی اطلاع دے رہا ہے کہ آپ شراب کو حلال سمجھ کر اسکی پیداوار میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں ہمارے ملک کے اس حصہ صوبہ مغربی پاکستان میں بلکہ اسکے کچھ حصوں میں آپ نے بیشک شراب پر پابندی عائد کی ہے اور اس پابندی کے نتیجہ میں آپ مسلمانوں کو

پرمٹ دیتے ھیں شراب استعمال کرنے کیلئے - میں پوچھتا ھوں کہ کس اسلامی ایڈوائزری کونسل نے آپکو یہ مشورہ دیا ھے کہ جب شراب بند ھو تو آپ مسلمانوں کو شراب نوشی کے پرمٹ دیں - آپ طبی اصول کی بات کرتے ھیں - میں آپ سے عرض کرتا ھوں کہ آج سے چند سال پہلے جب ایک بار امریکہ میں شراب بندی ھوئی - تو وھاں شراب بندی کے قانون کے نفاذ سے پہلے اس ملک کے قانون ساز ادارہ میں بڑی بحث ھوئی - ماھرین ادویات کی رائیں حاصل کی گئیں - بڑے بڑے ڈاکٹروں سے مشورہ کے بعد وہ اس نتیجہ پر پہنچے کہ شراب بند کی جا سکتی ھے - یہ کوئی ایسی چیز نہیں جسکے بغیر کوئی انسان زندہ نہ رہ سکے - اسکے بعد وھاں شراب بندی کا قانون نافذ کر دیا گیا - یہ اور بات ھے کہ اس عیش و عشرت کی دلدادہ قوم نے پھر اسے واپس لے لیا - کیونکہ اسکے پاس اللہ تعالیٰ کی بھیجی ھوئی ھدایت موجود نہ تھی - تو آپ کس طبی اصول کے تحت مسلمانوں کو شراب کے پرمٹ دیتے ھیں - میں اس سلسلہ میں آپ کو ایک اور حدیث سناؤں - عبداللہ بن عمر بن العاص سے روایت ھے کہ شراب پینے والا جب بیمار پڑ جائے تو اسکی عیادت کو نہ جاؤ - حالانکہ مسلمانوں پر بطور فرض کے یہ رکھا گیا ھے کہ وہ بیمار کی عیادت کریں - مگر شراب پینے والا اگر بیمار پڑے تو اسکی عیادت کو جانے کی اجازت نہیں - مگر آپ کہتے ھیں کہ شراب نہ ملنے کی وجہ سے بیمار ھو تو یہ لو پرمٹ اور شراب سے اپنے کام و دھن کو سیراب کرو - جناب والا - جب حضور نے شراب بند کی تھی - تو کیا آپ کسی تاریخ سے یا کسی حدیث یا کسی مورخ کے بیان سے یہ بتا سکتے ھیں - کہ اسوقت بھی لوگوں کو پرمٹ دیئے گئے تھے - میں آپ سے عرض کرتا ھوں - کہ لوگ ملک و قوم کیلئے اپنی جانیں دے دیتے ھیں - آپ کی فوجی اور کیا ھیں جو لوگ کہ رن کچھ میں لڑتے ھیں - کیا وہ اپنی جان کو سلامت رکھنے کیلئے وھاں جاتے ھیں - اگر ملک و قوم کی حفاظت کے لئے غیر مسلم اور اسلام پر ایمان نہ رکھنے والے کبھی اپنے ملک کی حفاظت کے لئے اپنی جان تک کی بازی لگا سکتے ھیں - توکیا اللہ تعالیٰ کے حکم کی اتنی قدر و قیمت بھی نہیں ھے - کہ اگر شراب کے بغیر جان جاتی ھو - تو جانے دیں - کیونکہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے روگردانی کر کے اگر جان سلامت ھے - تو لعنت ھے اس زندگی پر اور تف ھے اس زندگی پر اور اگر شراب چھوڑ

کر اور اللہ تعالی کے حکم کی فرمانبرداری کر کے موت آسکتی ہے ۔ تو پھر اس سے بہتر موت اور کیا ہو سکتی ہے ۔ افسوس ہے کہ آپ اسلامی زندگی کو برپا کرنے کے دعویدار اور علمبردار ہو کر اور ایک مسلمان حکومت میں شراب نوشی کو جائز قرار دیں ایک شخص کو اس لئے پرمٹ جاری کریں ۔ کہ اسکی صحت خراب ہو رہی ہے ۔

جناب والا ۔ ہمارے لئے باعث شرم ہے ۔ اور ہماری گردن شرم سے جھک جاتی ہے ۔ جب ہم یہ دیکھتے ہیں ۔ کہ ہمارے پڑوس کے ملک میں شراب بند ہے ۔ ہندوستان کے ہندو اور سیام کے بدھ تو شراب کو بند کریں ۔ ہندوؤں اور بدھوں کے سفارت خانوں میں اگر کوئی دعوت دی جائے ۔ تو وہاں وہ شراب نہ دیں ۔ اور جب غیر ممالک میں اسلام کے فرزند اور اسلام کے علمبردار کوئی دعوت دیں تو شراب پانی کی طرح ان دعوتوں میں بہائی جائے اس سے اگر آپ کو شرم نہ آئے ۔ تو نہ آئے ۔ ہمارا سر تو شرم سے جھک جاتا ہے ۔

جناب والا ۔ اس ملک کے قیام کا جو مقصد میں نے بیان کیا تھا ۔ اگر اس مقصد کو ہم اپنے پیش نظر رکھیں ۔ تو ہمارا ملک اقوام عالم کے درمیان وہ گل سرسبز تھا ۔ کہ جسکی خوشبو کی ساری دنیا متمنی تھی ۔ اور اب بھی منتظر ہے ۔

جناب والا ۔ یہ وہ ملک ہے ۔ یہ وہ چشمہ ہے ۔ کہ لوگ منتظر ہیں کہ اس سے اسلامی قوانین کے سوتے پھوٹیں اور پیاسے اس سے سیراب ہوں ۔ صرف اس ملک میں ہی نہیں ۔ بلکہ آج دنیا کے کروڑوں مسلمانوں کی نظریں آپ پر لگی ہوئی ہیں ۔ یہ دیکھنے کے لئے کہ آپ نے اللہ تعالی سے جو وعدے کئے تھے ۔ آپ وہ وعدے کہاں تک پورے کرتے ہیں ہم نے جس وعدہ کے ساتھ اس ملک کو وجود میں لانے کے لئے قربانیاں دیں ۔ آپ اس وعدہ کو کہاں تک پورا کرتے ہیں ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ اس قسم کے قوانین کو ملک میں جاری رکھ کر ان شہدا کی روحوں کو شرمندہ نہ کیجئے ۔ جنہوں نے صرف اسلام کی خاطر جانیں دی ہیں ۔ آپ دنیا کو مایوس نہ کیجئے ۔ میں اپنی تقریر کو ختم کرنے سے پہلے اپنے دائیں جانب بیٹھنے والے معزز ممبران کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ میں نے یہ قرار داد پیش کر کے انکو ایک بہت بڑی آزمائش میں

ڈال دیا ہے ۔ کہ ایک طرف تو آپکی پارٹی کا نظم ہے ۔ کہ آپ اس قرار داد کی مخالفت کریں ۔ کیونکہ یہ حزب اختلاف کی طرف سے پیش ہوئی ہے ۔ اور دوسری طرف اللہ تعالیٰ کا نازل کیا ہوا قانون ہے ۔ جو آپ سے مطالبہ کرتا ہے ۔ کہ جب یہ قرار داد پیش ہو ۔ تو آپ اس کی حمایت میں ہاتھ ہی نہیں اٹھائیں بلکہ گردنیں کٹوا دیں ۔ میں آپ سے یہ عرض کرونگا ۔ کہ قائد ایوان کے سامنے جواب دہی سے کہیں بڑی جواب دہی قائد انسانیت کے سامنے ہے ۔ آپ اپنے فرض کو پہچانئے ۔ اگر آپ کا دل اس بات پر مطمئن ہے ۔ کہ شراب کا استعمال اسلام کے قانون کے مطابق ہے ۔ شراب پینی چاہئیے اور حلال ہونی چاہئیے تو بیشک آپ اسکے خلاف رائے دیں لیکن اگر آپ کا دل اس پر مطمئن نہیں ہے ۔ اور آپ کے ضمیر میں چبھن محسوس ہوتی ہے ۔ تو پھر میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ آپ اپنی ضمیر کی آواز کا ساتھ دیں ۔ وما علینا الاالبلاغ ۔

سید عنایت علی شاہ (پشاور ۔ ۴) — جناب سپیکر ۔ اس ایوان کے سامنے یہ مسئلہ زیر بحث ہے ۔ کہ آیا شراب کو کلی طور پر ممنوع قرار دے دیا جائے ۔ یا نہیں ۔ تو جہاں تک شراب کا تعلق ہے ۔ یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے ۔ کہ یہ ایک لعنتی چیز ہے ۔ اور اس کا پینا ایک شیطانی فعل ہے ۔ اور اسکے پینے سے بہت سی بری باتیں سامنے آتی ہیں ۔ لیکن میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ یہ مسئلہ حکومت کے پیش نظر ہے ۔ اور پہلے ہی اس کے متعلق امتناعی قانون موجود ہے ۔ اور جو شخص شراب پیتا ہے اس کے تحت اسے اس کی سزا مل جاتی ہے ۔ اور اس کے لئے سزا بھی موجود ہے اسکے علاوہ شراب کو کلی طور پر ممنوع کر دینے کا جہاں تک تعلق ہے ۔ تو یہ چیز ہم سب پر واضح ہے ۔ کہ شراب دراصل پاکستان میں غیر ملکیوں کے لئے درآمد کی جاتی ہے ۔ اور وہ اسے استعمال کرتے ہیں ۔ اور اگر اسکی پیداوار اندرون ملک بھی ہوتی ہے تو وہ بھی غیر ملکیوں کے لئے ہوتی ہے ۔ لیکن جناب کی وساطت سے حزب مخالف کے معزز ممبران کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ آپ تواریخ کے صفحات کو الٹیں ۔ آپ خلفائے راشدین کے زمانے کو دیکھیں ۔ آپ مسلمانوں کے زمانے کو دیکھیں تو آپ پر یہ بات روشن ہو جائیگی کہ دراصل مسلمانوں نے ہر قوم کے ساتھ رواداری کا سلوک کیا ہے ۔ اور جہاں تک مال غنیمت کا سوال ہوتا تھا اور جن ذرائع

سے ملکی آمدنی ہوتی تھی - تو اس آمدنی کا نصف سے زیادہ حصہ وہاں کے کافروں کی خدمت پر صرف کیا جاتا تھا - آپ سب پر یہ امر واضح طور پر عیاں ہے کہ مسلمانوں کے دور میں زیادہ تر روپیہ ہندوؤں کے مندروں پر خرچ کیا جاتا تھا - ہندوؤں کو پڑھانے کی غرض سے ان کے لئے اساتذہ مقرر کئے جاتے تھے - اور ہندوؤں کی رسوم پر کافی رقوم خرچ کی جاتی تھیں - اور اس سے بھی صاف ظاہر ہے کہ یہ چیزیں مسلمانوں کے خلاف بھی ثابت ہو سکتی تھیں - لہذا اگر ہم اس چیز کو اس نظریے سے دیکھیں - تو ہمارا فرض ہے کہ وہ غیر ملکی جنکے مذاہب میں یہ چیز منع نہیں ہے اور وہ یہاں آ کر ہماری خدمت کرتے ہیں کیونکہ انہیں فنی مشوروں اور کاموں کے لئے بلایا جاتا ہے - اور وہ ہماری ترقیات کے لئے planning کرتے ہیں - تو ہمارا یہ فرض ہے - کہ ہم ان کو مہمان سمجھ کر شراب کو کلی طور پر ممنوع نہ کریں - بلکہ انہیں اس کی سہولتیں فراہم کریں -

سردار محمد اشرف خان (جہلم-۲) جناب والا - جناب محمود اعظم فاروقی صاحب نے تمام عالم اسلام اور بالخصوص مسلمانان پاکستان کے متعلق جن عجیب و غریب خیالات اور جذبات کا اظہار کیا ہے - مجھے اس پر بیحد رنج ہوا ہے - ایک اچھے مسلمان کو یہ زیب نہیں دیتا - کہ وہ کسی دوسرے مسلمان بھائی اور بالخصوص تمام مسلمان قوم کو ان خیالات اور جذبات کے ساتھ یاد کرے - مجھے یہ معلوم ہے - کہ جناب فاروقی صاحب ایسی جماعت سے تعلق رکھتے ہیں - جن کا بنیادی اصول ہی یہی ہے - کہ وہ اپنے آپکو ایک اچھا انسان اور اپنے آپ کو ایک صحیح مسلمان سمجھتے ہیں - اور انکی نگاہ میں دنیا اور پاکستان کا اور کوئی بھی مسلمان اچھا اور صحیح مسلمان نہیں - اور وہ ایک مکمل انسان نہیں بن سکتا - لیکن ان تمام باتوں کے باوجود میں ان سے یہ عرض کرونگا - کہ جن خیالات اور جذبات کا اظہار آج انہوں نے اس معزز ایوان میں کیا ہے - وہ انہیں دوبارہ اس ایوان میں یا اس ایوان کے باہر نہ دھرائیں - جہانتک شراب کو حرام قرار دینے کا تعلق ہے - یہ کام حکومت کا نہیں ہے - بلکہ ہمارے پاس ایسا مکمل اور جامع آئین موجود ہے - جو کہ تمام مسلمانوں کیلئے قابل احترام ہے - اور جسکی تعمیل سب مسلمانوں پر فرض ہے - شراب کو قرآن کریم میں حرام قرار دیا جا چکا ہے - اب ایک

مسلمان حکومت کا صرف یہ کام ہے ۔ کہ وہ کوئی ایسی تدابیر اختیار کرے ۔ کہ جس سے شراب کا استعمال روز بروز کم ہو ۔ اور جہانتک موجودہ حکومت کا تعلق ہے ۔ موجودہ حکومت اس بات پر پورے طریقے سے غور و خوض کر رہی ہے ۔ کہ پاکستان میں شراب کو مکمل طور پر بند کر دیا جائے ۔ پچھلی اسمبلی کے دوران بھی ایک معزز رکن نے اس ایوان میں ایک بل پیش کیا تھا ۔ جس کے فوراً بعد ہی جناب گورنر نے ایک کمیٹی کا قیام فرمایا اور اس کمیٹی کا مقصد ہی یہی تھا کہ وہ ایسے لائحہ عمل پر غور کرے اور ایسی تجاویز پیش کرے کہ جس سے پاکستان میں شراب کو مکمل طور پر ممنوع قرار دیا جا سکا ۔ تو پچھلے دو سالوں کے دوران اس کمیٹی نے متعدد اجلاس منعقد کئے ہیں ۔ اور اس نے چند جامع تجاویز اسلامک آئیڈیالوجی کونسل کے پاس ارسال کی ہیں ۔ تاکہ انہیں صحیح اور مکمل اسلامی نقطۂ نظر معلوم ہو سکے ۔

جناب والا ۔ اس کمیٹی میں دو اہم چیزیں ہیں ۔ اور وہ یہ ہیں ۔ کہ کیا شراب کا طبی اصولوں کے مطابق استعمال جائز ہے یا نہیں ۔ جناب والا اس کا فیصلہ میں اور جناب فاروقی صاحب کرنے سے قاصر ہیں ۔ کیونکہ کئی چیزیں ہیں جو انسانی جان بچانے کے لئے ان کا استعمال ضروری ہے ۔ گویا دوسرے طور پر ممنوع چیز کو استعمال کر کے انسانی جان بچانے کے لئے اسلام بھی اس کی اجازت دیتا ہے ۔ اس کا آخری فیصلہ اسلامک آئیڈیالوجی کونسل کرے گی جس کے ہم پابند ہوں گے ۔

جناب والا ۔ دوسری اہم چیز جو ہے وہ یہ ہے کہ اگر شراب کا استعمال ممنوع ہے ۔ اور شراب کا بنانا جو ہے وہ کسی حد تک جائز ہے ۔ کیونکہ موجودہ صورت میں ہماری مصنوعات میں انڈسٹریز ۔ میڈیکل میں بعض ایسی چیزیں تیار ہوتی ہیں جن میں "liquor" کا استعمال ہوتا ہے ۔ اگر liquor کی پروڈکشن بند کر دیں تو اس کے متعلق کیا لائحہ عمل اختیار کرنا پڑے گا ۔ جہاں تک حکومت کا تعلق ہے حکومت کے پاس ایسے قوانین ہیں کہ اس کا استعمال پہلے سے کم کیا جائے اور کافی تجاویز جو ہیں وہ کار گر ثابت ہوئی ہیں ۔ اور وہ یہ ہیں کہ شراب کے اوپر حکومت نے بہت بڑے ٹیکس عائد کئے ہیں ۔ ایک شراب کی بوتل جو ۸ روپے میں آتی ہے اس کے اوپر ۴۰ روپیہ زائد مختلف ٹیکسوں کی صورتوں

میں عائد کئے گئے ہیں - اور وہ ایک عام آدمی کی قوت خرید سے باہر ہے - ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کا ہمارا ریونیو بجائے کم ہونے کے روز بروز بڑھ رہا ہے - علاوہ ازیں شراب کی جو پروڈکشن ہے ان دو وجوہات کی بنا پر اس میں اضافہ ہوا ہے - سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ foreign elemant[8] جو کہ ہماری صنعت کے قیام کیلئے یہاں موجود ہیں اور جو سرمایہ لگانے کی attraction یہاں ہے اس میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے - ان کی وجہ سے ہمارے ملک میں دوائیاں . مصنوعات اور دوائیں بنانے والی مصنوعات کے کارخانے روز افزوں ترقی پر ہیں ان چیزوں میں لکر استعمال ہوتی ہے اس liquor کے استعمال میں اضافہ ہو رہا ہے - آخر میں میں جناب فاروقی صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ پہلے ایک کمیٹی کا قیام عمل میں لایا گیا ہے - کمیٹی اس پر پورا غور کر رہی ہے اور شراب کو بند کرنے پر پورا غور کر رہی ہے - اس کے بعد مجھے یقین ہے کہ وہ اپنا ریزولیوشن واپس لے لیں گے -

سردار محمد ایوب خان (بہاول پور-۱) - جناب والا - میں نے مختصر سی گذارشات کرنی ہیں - محترم مولانا صاحب نے اس موضوع پر ایک لمبی چوڑی تقریر کر ڈالی ہے - اگر اس تقریر سے ان کا مقصد اپنی قابلیت کا سکہ بٹھانا تھا تو وہ ہم تسلیم کرنے کے لئے تیار ہیں - اور اگر وہ یہ ظاہر کرنا چاہتے ہیں کہ اس ملک میں ان کی پارٹی کے علاوہ اور کسی سیاسی پارٹی کو اس مسئلہ کا خیال نہیں ہے یا کوئی اور سیاسی پارٹی اس مسئلے کی اہمیت کو نہیں سمجھتی ہے تو یہ ہم ماننے کو تیار نہیں ہیں - یہاں اس معزز ایوان میں اس موضوع پر ایک بار نہیں بارہا اس موضوع پر کافی بحث ہو چکی ہے - اس معاملے میں اس ملک کے مسلمانوں کو کسی قسم کی آپس میں اختلاف کی کوئی گنجائش ہی نہیں ہے - یہ بھی ہمارے سامنے ہے کہ اس مسئلہ کے متعلق پاکستان مسلم لیگ پارٹی نے اپنے رویہ کا وضاحت سے اظہار کیا ہوا ہے - چنانچہ اسی سیشن کے دوران ہمارے فنانس منسٹر صاحب نے صاف طور پر اس بات کا اعلان کیا ہے کہ وہ شراب کو قطعاً بند کرنا چاہتے ہیں - موجودہ صورت ایسی ہے اور موجودہ قانون شراب کے متعلق اس قدر صاف ہے کہ اگر اس کی پابندی سختی سے کر دی جائے تو شائد ملک میں چند ایک

ایسے افراد باقی بچیں گے جو قانونی طور پر شراب خریدنے کے مستحق سمجھیں جائیں گے - پہلے ہی اس قدر پابندیاں عائد ہو چکی ہیں کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ شراب اس وقت ممنوع بالکل نہیں ہے مگر اس کا فروغ اور اس کا استعمال اس قدر کم کیا جا سکتا ہے کہ جس کے متعلق کسی قسم کی کوئی گنجائش نہیں ہو سکتی ہے - جناب والا یہ مسئلہ اسلامک مشاورتی کونسل کے زیر غور ہے - اور یہاں پھر مسلم لیگ اسمبلی کی طرف سے علی الاعلان خیالات کا اظہار ہوا ہے - جہاں تک اس گورنمنٹ کا تعلق ہے وہ شراب کے امتناع پر پورے طریقے پر غور کر رہی ہے - وہ جلد از جلد اسکے متعلق قانون نافذ کرے گی - ان حالات میں اسقدر لمبی چوڑی بحث کرنا میں سمجھتا ہوں اس کی چنداں ضرورت نہیں ہے - آخر میں میں ایک چھوٹا سا واقعہ مولانا صاحب کی اطلاع کیلئے عرض کئے دیتا ہوں - اس سے میرا مقصد کسی کے جذبات کو ٹھیس پہنچانا نہیں ہے - یہ ایک معمولی سی بات ہے - جو ان کے غور کے لئے آپکی وساطت سے ان کو سنانا چاہتا ہوں - کچھ عرصہ قریباً آٹھ سال گذرے ہونگے چند احباب ایک جگہ بیٹھے تھے - میں بھی ان میں شامل تھا - اور جماعت اسلامی کے چار اراکین بھی موجود تھے - ملک کے مختلف سیاسی پہلوؤں پر بحث ہو رہی تھی چنانچہ شراب کے امتناع کا بھی ذکر آیا - ان دوستوں میں سے ایک نے جماعت اسلامی کے احباب کو یہ کہا میاں اور تو اور اگر کسی وقت خدا نخواستہ آپ لوگوں کی حکومت ہو گئی تو آپ شراب کو قطعاً بند کر دیں گے - ہو سکتا ہے ان میں کوئی ایک آدھ شراب پینے والا ہو یا اس نے مذاقاً بات کہی ہو - میں وہاں موجود تھا وہ بڑے قابل قدر ممبر تھے اور وہ صالحین میں سے تھے - اس صالح ممبر نے یہ جواب دیا کہ ہم باقی تمام شرابوں کو بند کر دیں گے Beer کی ایک حد تک اجازت دیں گے - یہ بات مولانا صاحب کی خدمت میں عرض کر رہا ہوں - اس کے بعد آپ سوچ بچار کریں - ہم بھی چاہتے ہیں کہ شراب بری چیز ہے - یہ بند ہو جانی چاہیے - تمام تفاصیل کسی اور وقت ایوان میں یا باہر ان کی خدمت میں اس کے متعلق عرض کر دوں گا -

خان محمد علی خان بلوچ (لائلپور-۱) — جناب والا اس معزز ایوان میں مولانا صاحب نے جو کچھ فرمایا ہے وہ بجا ہے اور صحیح ہے اور جائز ہے۔ ایک چیز ہمارے سامنے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سرکار دو عالم آقائے نامدار آقائے کل پر بھیجی ہوئی جو کتاب ہے اس سے زیادہ اور کوئی بڑا قانون ہمارے سامنے نہیں ہے۔ مسلمان اس ضمن میں بہت بیباک۔ نڈر اور بے خوف ہیں۔ اور ایسا ہونا بھی چاہئے۔

شراب ایک ایسی چیز ہے جو اسلام میں منع اور مسلمانوں کے لئے حرام کی گئی ہے۔ اب عملی طور پر سوال یہ ہے ہ اس کو کس طرح بند کیا جائے۔ ہمارا معاشرہ اس امر کا شاہد ہے کہ جب ایک انسان شراب پی لیتا ہے تو اس کے نشے کی حالت میں وہ اپنی ماں، بہن، بیوی اور بیٹی میں تمیز نہیں کر سکتا ہے اور بد حواس ہو کر برے کاموں پر مائل ہو جاتا ہے۔ ظاہر ہے کہ جب ایک انسان اپنی ماں، بہن، بیوی اور بیٹی میں بھی تمیز نہ کر سکے تو انسان نہیں بلکہ حیوان بن جاتا ہے ہمارے نبی کریم سرور دو جہاں آقائے کل صلی اللہ علیہ وسلم نے شراب کو جب منع اور حرام کر دیا تو اب کوئی مسلمان اس کو پینا تو کیا چھونا تک پسند نہیں کر سکتا اور واقعی مسلمانوں کو اس سے نفرت ہے۔ اور وہ اس کے حق میں ایک کلمہ بھی نہیں کہہ سکتے۔ اس ایوان میں کوئی مسلمان ممبر بھی شراب کے حق میں نہیں ہے لیکن اصل سوال اس کو بالکل بند کرنے کا ہے۔ مثلاً جب ایک انسان شراب نوشی کا عادی ہو جائے تو اس کو آہستہ آہستہ بتدریج تبلیغ و نصیحت سے راہ راست پر لانا پڑے گا۔ کہ وہ اس عادت کو چھوڑ دے اس کو سمجھانا پڑے گا۔ کہ یہ بری چیز ہے اس کے بہت سے نقصان ہیں اس سے انسان انسانیت کے درجے سے گر جاتا ہے۔ شراب نوشی میں ایک آدمی اپنی ماں، بہن، بیو، اور بیٹی میں بھی تمیز نہیں کر سکتا اسلئے اے دوست تو اس عادت کو چھوڑ دے ایوان کے دونوں طرفوں کے معزز ارکان کو سر جوڑ کر شراب نوشی کے خلاف کوئی مہم چلانی چاہئے جب اسلام میں منع ہے اور حرام ہے تو پھر کوئی مسلمان کیونکر اس کی عادت پر اصرار کر سکتا ہے پھر یہ بھی سمجھانا چاہئے۔ کہ شراب نوشی کی بد مستی کے کچھ لوازمات ہیں

ھیں اس کے نشے میں آدمی چند اور برائیوں کی طرف رخ کرتا ہے۔ ایک لازمہ پورا ہو تو کہتے ہیں کہ اور لوازمات آ جائیں۔ انہی چیزوں سے ہماری رشوت بھی بڑھتی جائے کیونکہ ایک بد مست آدمی کو اپنے اخراجات اور شراب نوشی کے لوازمات کے اخراجات پورے کرنے کے لئے ناجائز طور پر روپیہ کمانے کی فکر پیدا ہو جاتی ہے جب ایک باپ کو اس کی بیٹیاں، بیٹے اور ان کی ماں شراب پیتے دیکھتی ہیں۔ تو یہ اولاد اور اس کی بیوی بھی اس برائی کی طرف رجوع کرنے سے نہیں ڈرتے حتیٰ کہ سارا کنبہ خراب ہو جاتا ہے۔ بچے کہتے ہیں چلو ہم بھی باپ کی طرح عیش کریں۔ ایک معزز رکن نے فرمایا ہے کہ ہمارے ملک میں غیر ملکی باشندے آتے ہیں جن کو گورنمنٹ نوازنا چاہتی ہے مگر میں کہونگا کہ جب اسلام میں شراب منع ہے۔ تو ہم غیر ملکیوں کو بھی اس کے خلاف کہہ سکتے ہیں مگر اس سے پہلے خود اپنے مسلمان بھائیوں کو سمجھا بجھا کر اس برائی سے ہٹانا چاہئے مثال کے طور پر میں آپ کو آنحضرت نبی کریم سرور دو جہاں آقائے نامدار آقائے کل صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے کا سچا واقعہ سناتا ہوں۔ ایک روز حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس علی شیر خدا اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی بیٹھے تھے کہ ایک کافر مسجد میں پیشاب کرنے بیٹھ گیا حضرات صحابہ کرام نے حضور صلی اللہ علیہ و سلم سے اجازت طلب کی کہ اس کی گردن اڑا دی جائے مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا اس کو پیشاب کر لینے دو جب فارغ ہوا تو فرمایا کہ کیا تمہارے گرجے اور عبادت خانے میں کوئی جا کر پیشاب کرے تو تم کیا کرو گے۔ اس کافر نے کہا ہم اس کی گردن اڑا دیں گے۔ تو حضرت آقائے نامدار نے فرمایا کہ جب تم میرے اصحاب حضرت شیر خدا علی مشکل کشا اور حضرت فاروق اعظم کے سامنے ہمارے عبادت خانے یعنی مسجد میں پیشاب کرو تو کیا یہ بہادر اور جری اصحاب تمہارے ساتھ یہی سلوک نہیں کر سکتے۔

کافر بولا۔ واقعی یہ تو بڑے بہادر شمشیر زن ہیں۔ اور آپکے اشارے پر یہ تو جھٹ میری گردن اڑا سکتے تھے۔

وہ کافر قائب ہو گیا اور مسلمان ہو گیا یہ تھا حضرت نبی کریم سرور دو جہان آقائے نامدار آقائے کل کا اخلاق حسنہ جسنے کافروں کو مسلمان بنایا ۔ ہمیں بھی عملی طور پر اپنے بھولے ہوئے مسلمانوں کو جو شراب کی عادت کا شکار ہیں عقل و نصیحت سے سمجھانا چاہئے کہ یہ عادت چھوڑ دیں ۔ اسی طرح کا ایک اور واقعہ صحبت نبوی کا عرض کرتا ہوں بات لمبی ہے مگر اشارتاً مختصر طور پر عرض کرتا ہوں ۔ ایک دفعہ حضرت نبی کریم سرور دو جہاں آقائے نامدار آقائے کل کے سامنے ایک دعوت میں شہد کا طشت لا کر رکھا گیا اس طشت میں ایک باریک بال تھا آپ نے حضرت عمر سے فرمایا کہ اس کی تشریح حسب طبع و حسب خیال بیان کریں حضرت فاروق اعظم نے بتایا کہ سرکار حکومت شہد کے طشت کی طرح صاف ہے حکومت کا نشہ شہد کی طرح میٹھا ہے لیکن حکومت میں عدل و انصاف کرنا اس بال سے زیادہ باریک ہے تو خیر آنحضرت عدل و انصاف والے بادشاہ کے زمانے میں پیدا ہونے پر بھی مسرت و فخر کا اظہار کیا کرتے تھے ۔ مختصراً عرض کرونگا ۔ کہ ہمارے ملک میں شراب نوشی کی لعنت ضرور دور ہونی چاہئے ۔ اور ہمیں خوشی ہے کہ ہمارے گورنر صاحب نے اس کو منع کرنے کے علاوہ اعلان کر دیا ہے کہ انہوں نے ایک مشاورتی اسلامی کمیٹی بھی مقرر کر دی ہے اب اسلامی مشاورتی کمیٹی کی رپورٹ کا انتظار تو ضرور کرنا چاہئے ۔ اس کے بعد حتمی فیصلہ کیا جائے گا ۔ اور کئی تبدیلیاں عمل میں لائی جا سکیں گی ۔ اس میں شراب نوشی پر بھاری ٹیکس کے علاوہ تبلیغ و نصیحت پر بھی زور دینا مناسب ہوگا ۔ اس بارے میں ہمیں کوئی نہ کوئی حتمی فیصلہ ضرور کرنا چاہئے ۔

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi M. Varyal Memon): Sir, I may be permitted to address the House for 5 minutes before 11 O'clock.

Mr. Speaker: Yes.

Malik Muhammad Akhtar: Sir, I am also going to address the House, particularly the Law Minister because he opposed the resolution.....

Minister of Law: The Leader of the party is here and he will make a suitable reply.

Sir, I submit that Government has no objection on principle to the prohibition on consumption of liquor in the province. But the reason why this resolution, as it is worded, was opposed is that is

does not admit of any exception whatsoever under any circumstance in respect of any individual. The wordings of the resolution are:—

> "This Assembly is of the opinion that the drinking of liquor should be prohibited totally in the province of West Pakistan".

The word "liquor" is defined in the various excise laws and it is that liquor means intoxicating liquor and includes all liquor consisting of or containing alcohol also in substance which may by notification be declared liquor for the purposes of this Act. This would, therefore, mean that if the resolution is accepted by the Government and passed as it is, it will not admit of any exception whatsoever in respect of non-Muslims and in respect of its being used for the purpose of medicines. I would very respectfully invite the attention of the member, who is the mover of this resolution, and also of this House to the Constitution, 'Principles of Policy' No. 20. The heading is "Consumption of Alcohol to be discouraged". It reads as follows :—

> "The consumption of alcoholic liquor (except for medicinal purposes and, in the case of non-Muslims, for religious purposes) should be discouraged."

This being the requirement of the constitution, the use of alcohol for medicinal purposes and by non Muslims is not even to be discouraged. The Provincial Government finds itself in the difficult position to enact a law on the subject which would prohibit or put an absolute ban on the consumption of liquor. This is the difficulty which is confronting the Provincial Government. The matter has already been referred to the Central Government, because if the liquor is prohibited and its consumption is prohibited it would be absolutely for all purposes and for all persons in both the provinces. The Central Government has, as we understand, consulted the Council of Islamic Ideology. Its advice has been received and is receiving the attention of the Central Government. Immediately a decision is taken by the Central Government, we would be in a position to know whether they would like to enact a law which would apply to both the provinces; otherwise this province would go ahead with this legislation subject to the provisions of the Constitution.

ملک محمد اختر (لاہور—۲) - جناب سپیکر - میں مانتا ہوں کہ ہماری حکومت نے اس سے قبل بھی prohibition کی کوشش کی - لیکن اس سے خاطر خواہ نتائج برآمد نہ ہوئے - اور حکومت اپنے اس فرض سے جو اس پر Article 8/Sub Article 1 (a) کے تحت عائد ہوتا ہے عہدہ برآ نہیں ہو رہی - میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کا فرض ہے کہ اس آرٹیکل کے تحت اپنے فرائض انجام دے - یہ اس طرح ہے -

> "The Muslims of Pakistan should be enabled individually and collectively to order their lives in accordance with fundamental principles and basic concepts of Islam and should be provided with facilities where by they may be enabled to understand the meaning of life according to these principles and concepts.

اور جناب یہاں "Should" کا لفظ ہے -

(2) Teaching of the Holy Quran and Islamiat to Muslim should be compulsory....."

اسی طرح جناب والا ۔ اس سے آگے حکومت کا یہ فرض بتایا گیا ہے کہ وہ ایسی سہولتیں مہیا کرے جس سے پاکستان کے مسلمان اپنی روز مرہ کی بود و باش قرآن اور سنت کے مطابق رکھ سکیں ۔

جناب والا ۔ ویسے کہنے کو تو اس ملک میں prohibition ہے جس کی وجہ سے مسلمان شراب کا استعمال نہیں کر سکتے ۔ لیکن ہماری انتظامیہ کی نا اہلی ملاحظہ ہو اور جیسا کہ آپ بھی ہر روز اخبارات میں پڑھتے ہونگے کہ اگر لوگوں سے ناجائز شراب برآمد کی جاتی ہے تو وہ بوتلوں میں نہیں ہوتی بلکہ گیلنوں کے حساب سے ڈرموں میں برآمد کی جاتی ہے اور نہ صرف یہ بلکہ شراب کی کشید کی بھٹیاں اور کارخانے تک پکڑے جاتے ہیں ۔

یہ کہنا بھی کسی حد تک درست ہے کہ غیر ملکی لوگوں کے لئے سہولتیں ہونی چاہئیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اس سہولت کا بسا اوقات ناجائز استعمال کیا جاتا ہے ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ سہولتیں ہمارے ملک میں نہیں ہونی چاہئیں جناب والا ۔ اب میں آپ کی توجہ اس امر کی طرف دلاتا ہوں کہ آخر پاکستان کس نظریے کے تحت حاصل کیا گیا تھا ۔ یہ بات تو سب پر واضح ہے کہ پاکستان اس اساس پر حاصل کیا گیا کہ پاکستان کا مطلب کیا ؟ لاالہ الااللہ ۔ چنانچہ جس نظریے کے تحت ہم نے قربانیاں دیں اس کے مطابق پاکستان تو اللہ کے فضل و کرم سے بن کر رہا مگر یہاں اسلامی نظریات اور اسلامی طریقے کے مطابق زندگی کا رواج پیدا نہ ہو سکا جس کا رائج کرنا اشد ضروری ہے ۔

آپ شراب کے علاوہ باقی تمام منشیات کو ہی لیں ۔ ان کی ناجائز فروخت بڑے زوروں پر ہے ۔ گورنمنٹ خود افیون اور چرس کے ٹھیکہ جات دیتی ہے اور ان سے روپیہ وصول کرتی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں پاکستان کے قیام کے بعد فوری طور پر ہر قسم کی منشیات اور غیر اسلامی معاملات کا خاتمہ ہو جانا چاہئے تھا ۔ جس بات سے مجھے سب سے زیادہ قلق ہوتا ہے وہ گھوڑ دوڑ ہے وہاں جوا کھیلنے کے لئے ہماری حکومت لائسنس دیتی ہے اور اسے جاری

رکھتی ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ اس جوے کی وجہ سے ہمارے ہاں ہزاروں خاندان برباد ہو رہے ہیں ۔ اور اسی طرح غیر ملکیوں کے لئے شراب کی سہولتیں مہیا کرنے کی آڑ میں ہمارا معاشرہ تباہ ہو رہا ہے ۔ لہذا میں اس برائی کو ختم کرنے کی غرض سے زیادہ سے زیادہ سخت قوانین کا مطالبہ کرتا ہوں ۔ تاکہ ہمارے ہاں مکمل prohibition ہو اور ہمارے ہاں ایسے حالات پیدا کئے جائیں اور ایسے قوانین نافذ کئے جائیں جن کی بدولت ہمارے مسلمان بھائی جو اس ملک میں بستے ہیں لیکن اس شراب نوشی کی برائی میں مبتلا ہیں ان کے بچے ان برائیوں سے محفوظ رہیں جو شراب کے عام ہونے کی وجہ سے پیدا ہو رہی ہیں ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد میں ایک اور قانون کا حوالہ دیتا ہوں جو حال ہی میں نافذ کیا گیا ہے اور صرف ان غیر اسلامی سرگرمیوں اور ایسے گناہوں کو روکنے کے لئے کیا گیا ہے جو اس ملک میں سر زد ہو رہے ہیں ۔ لیکن میں یہ عرض کرونگا کہ ہم نے یہ قانون تو بنا دیا ہے ۔ اور عصمت فروشی بند کر دی ہے لیکن میں چیلنج کرتا ہوں کہ ابھی تک عصمت فروشی بند نہیں ہوئی ۔ اگر کوئی یہاں بڑے افسران بیٹھے ہیں تو میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ ان طوائفوں نے اس علاقہ کے قریب ہی کمرے اور مکان حاصل کر لئے ہیں ۔ اور تھوڑے ہی distance پر اسی طرح بدکاری ہو رہی ہے ۔

مسٹر سپیکر - ریزولیوشن تو شراب نوشی کے متعلق ہے ۔

ملک محمد اختر - میں وزیر متعلقہ سے عرض کرونگا کہ اس پر سختی سے عمل کریں اور جو قانون نافذ ہو اسے effectively استعمال کریں ۔

میں جناب فاروقی صاحب کے ریزولیوشن کی تائید کرتا ہوں ۔ اگر ذرا بھی ڈھیل دی گئی ۔ تو اسے mis-use کیا جائے گا ۔ آپ کو معلوم ہے کہ شراب کے لائسنسوں کی تعداد کتنی ہے جو مسلمانوں نے medical grounds پر حاصل کئے ہوئے ہیں وہ کئی ہزار بن جاتے ہیں ۔ اس لئے میں گذارش کروں گا کہ اس evil سے نجات حاصل کرنے کا طریقہ اور دستور پر عمل کرنے کا طریقہ وہی ہونا چاہیے

جو قرآن حکیم کا طریقہ ہے اور اسی کے مطابق ان برائیوں کا فوری انسداد کرنا چاہئے ۔

Mr. Muhammad Yusaf: Sir, there is no quorum.

Mr. Speaker: Let there be a count. (*count was taken*).

The House is not in quorum. Let the bells be rung.

(*Quorum bells were rung*). The House is in quorum.

Yes, Mr. Muhammd Aslam Khan.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak (Kohat II): Mr. Speaker, the resolution is of a nature that it is not possible for any Muslim to disagree with it. I think, the Law Minister who has clearly indicated that the policy. . .

مسٹر سپیکر ۔ اسلم صاحب آپ تشریف رکھیں ۔

۲ ہاؤس کو اس وقت تک ملتوی کیا جاتا ہے جب تک کم از کم وزیر ہاؤس میں تشریف نہ لے آئیں ۔

The House is adjourned for ten minutes.

(*The Assembly then adjourned for ten minutes*)

The Assembly met again at 11' 05 a. m. Mr. Speaker in the chair.

Mr. Speaker: Mr. Muhammad Aslam Khattak.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak: Sir, I am grateful to you for the adjournment because now I will start with a Pushto idiom. Sir there is an idiom in my language, which could be rendered in english like this :

> The lovers have killed themselves and the Khan did not know about it.

While we were blissfully ignorant of our existence, I am very glad that the Leader of the House, with his colleague, is here so that what we say will reach directly the august ears of the Ministers.

Sir I didn,t intend to speak on this subject because this is a subject with the context of which I don,t think any section of this House disagrees. As a matter of fact, the Law Minister just now said that it was the policy of the Government to see that prohibition in Pakistan is enforced as early as possible. To speak on a subject for which there is such a popular support, even by an innuendo to say some thing which would offend some people is rather very difficult. But I merely want to say and place before this House a few things, which have come to my knowledge on the practical side of the prohibition policy.

Sir, the propounder of this resolution made a statement that our great neighbour, India, exercises prohibition, or they did not serve wine or liquor in their diplomatic parties. Well, Sir, I have spent ten years in the diplomatic service of my country and let me assure Farooqi Sahib that what India professes, it does not do. I have attended Indian diplomatic parties and I have seen wines and liquors served in a way that probably countries like mine just can't afford. Even on their National Days,when by the law of their country they can't serve liquor officially, there is always a back room to which people go and drink of the choicest wines that they can produce. Sir I have

served in a number of Islamic countries where prohibition is the order of the day. Let me assure him Sir and tell this House that on paper and in law this prohibition exists. I would not name any country for obvious reasons, but Sir all these Faude cologne bottles of the large sizes that enter their countries do not contain eaude cologne but they contain liquor and whiskies of the most expensive nature. There are a number of countries where grapes grow and I think in spite of the most stringent prohibition, the best wines are brewed in the houses in those countries.

While I am talking on this subject please don't get away with the impression that I am against the resolution in any way. All that I want to tell this august House and the Government is that when they constitute the Committee which is going to look into this problom, the main thing to be looked into is its practical side. Sir, all of us are aware of what happend in the United States of America and the boot-legging in New York Harbour. Billions and billions of dollars were spent on prohibition. What was the result? The result was the dismal failure and the United States Government had ultimately to agree and surrender to the force of circumstances and, today, liquor is sold in that country. It is a painful subject but while talking on prohibition I know that from a number of our cities brothel has been taken away but, Sir, is it a fact that we have stopped prostitution? So, from that angle what I want to say to this House is that we should certainly strive for prohibition but let us not flow with the tide of sentiment. Let us see the practical aspect of all these questions. I did not intend to lengthen my speech to this extent. Originally, I had merely stood up to assure the mover of this Resolution that what he has said about India was not correct.

سید محمد یوسف شاہ (پشاور-۱) — جناب سپیکر — مسٹر فاروقی صاحب نے جو قرار داد ہاؤس کے سامنے پیش کی ہے میں اس کے متعلق یہ عرض کروں گا کہ جہاں تک شراب کی بندی کا تعلق ہے اس کے متعلق احکام الہیٰ اس قدر واضح ہیں کہ ہم کسی قسم کی بحث نہیں کر سکتے کہ شراب پر پابند ، ہونی چاہئے یا نہیں ۔ جہاں تک اس کی پابندی کا تعلق ہے تو بحثیت مسلمان ہم پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کے حکم کے پابند رہیں اور پابند رہنے کی کوشش کریں ۔ میں اس کے متعلق عرض کروں گا کہ پاکستان ایک نظریاتی ملک ہے اور پاکستان بننے سے قبل بر صغیر ہند کے ۱۰ کروڑ مسلمانوں نے اللہ تعالیٰ سے عہد کیا کہ ہم ایسی مملکت بنائیں گے جس کے مسلمان اپنے مذہب ۔ اپنی تہذیب اور اپنی ثقافت کے مطابق زندگی بسر کر سکیں گے چنانچہ اس عہد کا بھی یہ تقاضا ہے کہ ہم پاکستان میں اسلام کے خلاف جو بھی چیزیں ہیں ان کو ختم کریں اور اس کے ساتھ مغربی پاکستان کے وزیر قانون صاحب نے وضاحت فرمائی ہے میں ذاتی طور پر اس وضاحت سے مطمئن ہوں انہوں نے اپنی تقریر میں یہ

فرمایا ہے کہ حکومت مغربی پاکستان کی یہ پالیسی ہے کہ شراب پر مکمل پابندی عائد کی جائے اور جو مجبوریاں حکومت کے سامنے ہیں جو دشواریاں ہوں اور جن کا ذکر انہوں نے فرمایا ہے مجھے امید ہے کہ حکومت ان مجبوریوں اور دشواریوں پر بہت جلد قابو پا لیگی اور شراب پر مکمل پابندی نافذ کرے گی ۔ میں اس سلسلے میں عرض کروں گا کہ اسلام ایک ایسا مذہب ہے جس نے ہمیشہ غیر مسلموں کے ساتھ رواداری کا برتاؤ کیا ۔ اس لئے اس رواداری کا تقاضا ہے جبکہ غیر مسلم لوگ بستے ہوں تو ان پر اس قسم کی پابندی عائد نہ کی جائے اگر ان کا مذہب یا ان کی تہذیب یا ثقافت انہیں اس چیز سے نہیں روکتی تو ان کو اجازت ہو لیکن جہاں تک مسلمانوں کا تعلق ہے ان پر پوری سختی کی جائے تاکہ یہ بری لعنت جس کو اسلام نے حرام قرار دیا ہے وہ اس کی طرف رجوع نہ کریں اس کے ساتھ میں نے یہ کہا ہے کہ حکومت کی طرف سے پابندیاں عائد کی جائیں میں اس کا دوسرا علاج بھی آپ کی خدمت میں عرض کرونگا اور وہ یہ ہے کہ ہم لوگوں کو چاہئیے کہ ہم اپنے آپ کو مسلمان بنانے کی کوشش کریں کیونکہ اگر ایک طرف حکومت کا یہ فرض ہے کہ حکومت قانون بنائے کہ شراب پر پابندی نافذ کر دی جائے اس کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ کا قانون اب بھی موجود ہے ۔ کم از کم بحیثیت مسلمان اگر ہم حکومت کے قانون کو مانتے ہیں تو ہم پر یہ فرض بھی عائد ہوتا ہے کہ ہم زیادہ سے زیادہ اللہ تعالیٰ کے حکم کا احترام کریں تو میں کہوں گا کہ شراب نوشی جو زیادہ ہو رہی ہے اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ مسلمان احکام الٰہی سے غافل ہیں اور اپنے مذہب سے غافل ہیں ۔ ہمیں چاہیے کہ اپنے بچوں کو نئی پود کو پورے اسلامی طریقہ سے تعلیم دیں تاکہ وہ جس وقت بڑے ہوں تو اس مرض سے نجات پا سکیں اور اس میں وہ مبتلا نہ ہوں ۔

سردار حاجی عطا محمد (خیر پور-۲)—جناب والا ۔ اس ریزولیوشن پر میرا خیال ہے کہ مزید بحث کی گنجائش ہی نہیں ہے کیونکہ بہ فضل خدا ہم جتنے احباب ہاؤس میں ہیں وہ اس آئین کو قبول کرنے والے ہیں ۔ ہم مغربی پاکستان کے رہنے والے ہیں اور ہم پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ ہم کوشش کریں اور میں آپکی وساطت سے اس ایوان میں مودبانہ عرض کرتا ہوں کہ احکام

الہی کے ماننے میں بڑا لحاظ ہونا چاہئے کیونکہ اس لحاظ کے بغیر ہم زندہ نہیں رہ سکتے -

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْأَنصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝

اللہ تبارک و تعالی فرماتا ہے جیسا کہ ہم مانتے ہیں وہ ہمارا بادشاہ ہے - اس کا حکم ہے کہ شراب - جوا وغیرہ یہ تمام شیطان کے عمل ہیں اور شیطان کو جو سزا ہے اس کا جو درجہ ہے اس سے ہم بے خبر نہیں ہیں - تو ان خراب چیزوں سے گریز کرنا چاہئے فاجتنبوہ لعلکم تفلحون تب ہمارا چھٹکارا ہو گا تو اگر ہم احکام الہی کی پوری پابندی کریں تب ہی ہمارا چھٹکارا ہو سکتا ہے - اگر ہم بچنا چاہتے ہیں تو ان تمام باتوں میں سے جتنی کہ پہلی کہی جا چکی ہیں سب سے بڑی بات یہی ہے کہ ہم اللہ تعالی کے احکامات پر چلیں - پھر اس کے بعد جناب رسول کریم کی ایک حدیث ہے حضرت انس سے روایت ہے -

تو صحیح معنوں میں اگر یہ کتابیں ہمیں ہدایت دیتی ہیں نبی کریم نے اس حدیث میں قرآن کی تفسیر پیش کی ہے - تو اگر دنیا میں انسانوں کے رہنے کے لئے کوئی بائی لاز ہیں اگر ہم لوگ ان بائی لاز پر عمل نہیں کریں گے تو ہماری تمام کوششیں کام نہیں آئیں گی - اس کی وجہ یہ ہے کہ حضرت انس فرماتے تھے کہ جناب رسول کریم ایک حدیث میں فرماتے ہیں کہ جو لوگ شراب پیتے تھے ان کو حضرت ابوبکر رض جوتیاں اور کوڑے مارتے تھے - چالیس کوڑے مارتے تھے - تو یہ سزا تھی ان کی - دوسری حدیث یہ ہے کہ جناب رسول کریم کے عہد میں خلافت کے زمانے میں یہ سزا ہوتی تھی کہ مجرم کو چالیس کوڑوں کی سزا دی جاتی تھی - جوتیاں لگائی جاتی تھیں یا کپڑے کو لپیٹ کر اس کا کوڑا بنا کر مجرم کو مارتے تھے - لیکن حضرت امیرض کی خلافت کے آخر میں اس سزا سے لوگ سمجھتے نہیں تھے - اس لئے اسے بڑھا کر اسی کوڑے کر دیا گیا - اس سزا سے بھی نہیں سمجھے - ہدایا جلد دوم کے صفحہ .. پر باب شراب سے یہ سند پیش کر رہا

ہوں ۔ یہ ہمارے لئے مانی ہوئی سند ہے ترجمہ اس کا یہ ہے کہ شراب اور دوسری بے ہوشی کرنے والی چیزوں کی سزا شریعت میں اسی کوڑے ہے ۔ سب کا اس پر اتفاق ہے ۔ مزید بھی اس میں سے پڑھ سکتا ہوں ۔ احادیث کا ترجمہ اس شراب کے متعلق قرآن اور حدیث پڑھا جائے گا تو اس کا اثر ہوگا ہمارے قلبوں کے اوپر اور ہم اسے مان لیں گے ۔ حضرت عمر سے روایت ہے کہ محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اوپر شراب کی حرمت نازل ہو چکی ہے (بخاری)

حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ نبی کریم نے فرمایا کہ شراب حرام ہے ۔ حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ شراب بالکل حرام ہے (ترمزی) اس شراب کی وجہ سے ہمارے معاشرے کے اوپر بڑا برا اثر پڑتا ہے ۔ یہ نہ صرف اسراف ہے ۔ اسراف بھی بہت برا ہوتا ہے بلکہ اس سے تمام خاندان کے اوپر برا اثر پڑتا ہے ۔ والدین عادی ہوں تو بچوں کے اوپر برا اثر پڑتا ہے ۔ یہ افسوس کی بات ہوگی ۔ اگر ہم ایسی ناجائز چیز کیلئے ایوان میں سوچیں کہ اس ریزولیوشن کو پاس کریں یا نہ کریں ہم قرآن و حدیث کے ماننے والے ہیں اور ان افراد سے ہیں جنہوں نے اسلامی قانون رائج کیا تھا اور اسے تمام دنیا کے اوپر بھیجا تھا ۔

مخدوم محمد شمس الدین گیلانی (بہاولپور ۔ ۲)— جناب والا ۔ شراب کا حرام ہونا قرآن مجید میں ثابت بلکہ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ نماز جو کسی حالت میں نہیں بخشی جاتی اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے

لا تقربوالصلوۃ وانتم سکاریٰ

یعنی شراب یا نشہ کی حالت میں نماز کے نزدیک مت جاؤ ۔ نشہ بری چیز ہے ۔ جب مشہور ہے کہ غیر ممالک میں امریکہ والوں نے سگریٹ پر یہ لکھنا ضروری قرار دے دیا ہے کہ اس سے سرطان ہوتا ہے جس سے صحت پر اثر پڑتا ہے تو پھر کیا وجہ ہے کہ ہم اللہ اور اللہ کے رسول کے فرمان کے مطابق جو حرام چیز ہے اسے حرام نہ کریں ۔ یہ بہت بڑی دکھ کی بات ہے میں اپنی گورنمنٹ پارٹی کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ وہ اس

کے متعلق سوچے اور صحیح لائحہ عمل تیار کرے۔ یہ شراب کا بل بہر صورت پاس ہونا چاہئے۔ خواہ گورنمنٹ پاس کرے یا کوئی اور۔

مسٹر سپیکر — یہ بل نہیں ریزولیوشن ہے۔

مخدوم محمد شمس الدین گیلانی — شراب حرام ہے جیسے سور کا گوشت حرام ہے۔ جیسے سور نہیں کھاتے ویسے ہی شراب بھی حرام ہے۔ اس لئے اس ریزولیوشن کو ہر حالت میں پاس کیا جائے۔ اس پر سوچا جائے کہ یہ بری چیز ہے اسے مشورہ سے دور کرنا چاہئیے ورنہ آئندہ نسلیں، آنے والی نسلیں ہم سے خفا ہوں گی کہ ہمارے لئے جو اچھی چیز تھی وہ انہوں نے نہیں کی۔

ملک معراج خالد (لاہور۔ ۵) — جناب والا۔ اس قرار داد کا جو مقصد ہے اس سے کسی کو اختلاف نہیں ہے۔ چند دوستوں نے یہ فرمایا ہے کہ اس کے عملی پہلوؤں کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ اگر شراب حرام ہے اور اس میں بے شمار خرابیاں ہیں تو اسے یہاں جاری رکھنا کسی طرح بھی درست نہیں۔ لیکن اس کے مکمل امتناع میں جو خطرات لاحق ہیں اُن کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا ہے۔ چند دوستوں نے فرمایا ہے کہ اقلیتوں کے بارے میں رواداری سے کام لینا چاہئیے۔ اور اُن کے بارے میں شراب میں مداخلت نہیں کرنی چاہئیے یہاں صورت یہ ہے کہ پانچ ہزار آدمی ایسے ہیں جن کو لائسنس ملے ہوئے ہیں۔ اور کہا جاتا ہے کہ اُن میں ننانوے فیصد مسلمان ہیں اور وہ بڑے با اثر لوگ ہیں چونکہ ان میں اکثریت مسلمانوں کی ہے اسلئے یہ خطرہ لاحق ہے۔ کہ اگر یہاں مکمل طور پر امتناع شراب کی جائے تو ان میں یہ رجحان غالب نہ آ جائے کہ ہم اپنا مذہب ہی تبدیل کر لیں۔ کیونکہ ع چھٹتی نہیں ہے منہ سے یہ کافر لگی ہوئی یہ بھی ایک عملی پہلو ہے جسے سامنے رکھنے کا بہانہ فضول ہے پھر جو دوسری چیز قابل غور ہے وہ یہ ہے کہ شراب کے لائسنس بڑے بڑے افسروں کے پاس ہیں۔ آئین کی تصریح کرتے وقت یہ کہا گیا تھا کہ یہاں قرآن و سنت کے مطابق زندگی

بسر ہونی چاہیئے پھر یہ لائسنس کیوں بند نہیں کئے جاتے، پہلے ان کو بھی بند کیا جائے - تاکہ عوام انکی پیروی کریں ایک بہانہ یہ تراشا جاتا ہے کہ اگر شراب کے ٹھیکے منسوخ کر دیئے گئے تو یہاں سے روز گاری ہو جائے گی - یہ حقیقت ہے کہ اگر لاہور میں پانچ ہزار من دودھ آتا ہے تو پانچ سو من ناجائز کشید کی ہوئی شراب بھی لاہور میں درآمد ہوتی ہے - اسے کون پیتے ہیں - اقلیت والے نہیں پیتے یہ تمام عملی پہلو بے معنی ہیں انہیں نظر انداز کیوں نہیں کیا جا سکتا - جو پینے والا ہے جس طرح بھی ہو اُسے بند کرنا چاہیئے ہمیں یہ لازمی طور پر کرنا پڑے گا - ان عملی پہلوؤں کو پیش نظر رکھتے ہوئے جتنے بھی سخت اقدامات کئے جائیں اتنا ہی درست ہو گا -

پیر غلام علی چشتی (منٹگمری - ٦) — جناب والا - عرض یہ ہے کہ جہاں عقل کی حد ختم ہوتی ہے - وہاں سے مذہب شروع ہوتا ہے اگر عقلی دلائل سے ہم سے کہیں - کہ شراب سے یہ فائدہ ہے - یا یہ نقصان ہے - تو یہ مذہب میں ناجائز مداخلت ہے - کیونکہ ہماری عقل سے یہ چیز بالا تر ہوتی ہے - جس طرح عقل یہ سکھاتی ہے - کہ ڈاکٹر کے پاس جائیں - ڈاکٹر کے پاس جا کر عقل کی حد ختم ہوتی ہے - اور ڈاکٹر کا کام وہاں پر شروع ہوتا ہے جہاں اللہ اور رسول کا حکم ہو - وہاں سر تسلیم خم کرنے کے بغیر چارہ کار نہیں - انکو اسے تسلیم کرنا چاہیئے - دوسری عرض یہ ہے کہ یہ جو ریزولیوشن پیش کیا گیا ہے یہ نیک نیتی سے پیش نہیں کیا گیا - کیونکہ جو بات دل سے نکلتی ہے - اثر رکھتی ہے - اور چونکہ اس ریزولیوشن سے ہمارے دلوں پر کوئی اثر نہیں ہوا ہے اور وہ یہ سمجھتے ہیں کہ ریزولیوشن برائے نام اوپر چلا جائیگا - پاس ہو یا نہ ہو - اخباروں میں ہمارا نام آجائیگا - اور ہم اسکا کریڈٹ لے لیں گے - اور حکومت اسکو اسلئے بند نہیں کریگی کہ قوم کا اخلاق خراب نہ ہو - لیکن پیسے کا لالچ ہر حکومت کرتی ہے - اس لئے کہ اسکے بغیر ڈیولپمنٹ نہیں ہو سکتی - میں سمجھتا ہوں کہ اس سے حکومت کا کام بھی پورا ہو سکتا ہے اور ہمارا بھی - وہ اس طرح کہ شراب کی قیمت اسقدر زیادہ مقرر کی جائے کہ صرف بڑے بڑے لوگ ہی اسے پئیں - جن کے اخلاق بڑے خراب ہیں اس طرح ان میں زیادہ سے زیادہ پانچ فی صد لوگ

ایسے ہوں گے - جو ہی سکیں گے - اس لئے ایک بوتل شراب کی قیمت چار پانچ سو روپے کر دینی چاہئیے - اگر ہم ریزولیوشن بھیجیں گے - تو اس کی منظوری نہیں ہو گی - اور اس کا کوئی نتیجہ نہ ہو گا - باقی رہا یہ کہ جو دیسی شراب نکلتی ہے یہ ہمیں یا باہر سے شراب آئے - تو اسکے لئے وہی سزا ہونی چاہئیے جس سے کہ مارشل لاء کے دو تین مہینوں میں سمگلنگ رک گئی تھی تو اسی طرح سختی کرنے سے آپ بھی اسکا استعمال روک سکتے ہیں - ایک بھائی نے فرمایا ہے - کہ اقلیتوں کے لئے شراب جائز ہے - چاہے ہندو ہو - چاہے عیسائی ہو - چاہے سکھ ہو - چاہے کوئی بھی مذہب ہو - کسی بھی مذہب میں شراب پینے کی اجازت نہیں ہے - ایک چیز غلط العام ہو جاتی ہے - اس لئے انہوں نے اسے جائز قرار دیا ہے - جس طرح کہ مسلمانوں نے کیا ہے - کہ ہم سگریٹ پئیں یا حقہ - اور اسے جائز کر دیا ہے - لیکن سکھ سمجھتے ہیں - کہ انکے لئے ناجائز ہے - چونکہ سکھوں کے گرنتھ کے تین حصے بابافرید صاحب نے لکھے ہیں - اور وہ اسے پڑھتے ہیں - اور چونکہ وہ ہمارے بزرگ تھے - اور ہم بھی انکے پیر ہیں - انکے مذہب میں بھی حرام ہے - میرا مطلب یہ ہے - کہ شراب کسی بھی مذہب میں جائز نہیں ہے - میں بہت سے ایسے حضرات کو جانتا ہوں جو بڑی اولوالعزم ہستیاں ہیں - اور جو اس ایوان میں تو شراب کی بندش کے لئے تقریریں کرتے ہیں لیکن باہر جا کر وہ بھی پیتے ہیں - اگر میں انکا یہاں پر نام لوں تو پھر مجھے اپنے الفاظ واپس لینے پڑیں گے - میرے خیال میں ہمیں ہاؤس کے اندر جو اختیارات ہیں - انکو بروئے کار لاتے ہوئے اگر ہم اس پر بہت زیادہ ٹیکس لگا دیں اور جسطرح ولایت میں اسکی قیمت ہے - اس طرح یہاں بھی کردیں - کیونکہ جہاں یہ نہیں ہے - وہاں اسکی قیمت زیادہ ہے - ہمیں وہاں سے سگریٹ سستے ملتے ہیں - وہاں کے لوگوں کو اسکے مضر اثرات سے بچانے کیلئے جب ہمارے ملک میں سگریٹ آتے ہیں - تو وہ سستے ملتے ہیں - اور وہاں اسکی قیمت زیادہ ہے - تو ہمیں پورے طور پر یہ کرنا چاہیئے - کہ اس پر ٹیکس زیادہ لگا دیں - تاکہ عام آدمی اسے نہ پی سکیں -

مسٹر منظور احمد خان (ڈیرہ غازی خان) — جناب سپیکر - چونکہ جناب فاروقی صاحب اور دیگر معزز ممبران نے بھی

بڑی عالمانہ اور فاضلانہ تقاریر کی ہیں - اور اس ایوان کی رائے بھی یہی ہے اور ہونا بھی یہی چاہئیے - اور ایک مسلمان سلطنت کے اتنے معزز ایوان میں ایک کا خیال ایماندارانہ ہو - اور ایمان کی رو سے اسلام میں شراب کی اجازت نہیں - اس لئے یہاں ہر ایک کی رائے بھی یہی ہونی چاہئیے - صرف اتنا فرق ہے - اور میں محسوس کرتا ہوں - کہ آپوزیشن کے حضرات اس ریزولیوشن کے ذریعے اس وقت یہ چاہتے ہیں - کہ یہ پاس ہو جائے اور ہماری پارٹی اور حکومت کی طرف سے صرف یہ خیال کیا جا رہا ہے - کہ ہم ذرا اسکی نسبت سوچیں گے - شراب تو ممنوع ہے - ہم اسکو ممنوع قرار دیں گے - لیکن ذرا وقفہ ہونا چاہئیے - تاکہ ہم انکے ہر پہلو کو سوچ لیں - مجھے صرف وقت کے سوال پر بحث کا احساس ہو رہا ہے - بہر حال رموز مملکت خویش خسروان دانند کے مصداق ہمیں یہ توقع رکھنی چاہئیے - کہ حکومت نے جو سب کمیٹی یا کمیٹی مقرر کی ہوئی ہے - وہ سوچ لیگی - اور اسکے بعد صحیح طریقے پر اس کو ممنوع کر دیا جائیگا - ہم میں سے اکثر کی رائے ہے - بلکہ سب ہی کی رائے ہے - کہ جب ہمیں اسلام اجازت نہیں دیتا - تو ہمیں چاہئیے - کہ مسلمان کی حیثیت سے اسکو ممنوع قرار دے دیں - دراصل انگریزوں کے دور کی بعض بدعتیں ہم میں ایسی سرائت کر گئی ہیں کہ جن سے نکلنا دشوار سا بن گیا ہے - اگر ہم باہر کسی سوسائیٹی میں بیٹھ کر ان غیر ملکیوں میں اسلام کے نام پر گفتگو کریں - تو یہ سمجھا جاتا ہے - کہ یہ پسماندہ اور جاہل ہے - لیکن جب کسی بیرونی ممالک میں رواج سوسائیٹی یا تہذیب کا ذکر کیا جائے - تو یہ سمجھا جاتا ہے - کہ یہ عین انکا حق ہے - یہ غلامی کے دور کی ذہنیت اور احساس ہے دراصل ہم مسلمان جس سوسائیٹی میں بھی بیٹھیں - یا غیر ممالک میں بھی جائیں - اور چاہے کسی بھی غیر مذہب کے لوگوں میں بیٹھیں - تو اگر مذہب کے نام پر اظہار رائے کریں - تو ہمیں جرات مندی سے کام لینا چاہئیے - اس میں سوسائیٹی کا کوئی تعلق نہ ہو - یہ اصل کمزوری ہے - جسکی وجہ سے ہم جرات کے ساتھ اظہار خیال نہیں کر سکتے - تو ان معروضات کے ساتھ میں امید کرتا ہوں - کہ جناب فاروقی

صاحب بھی یہ سوچیں ۔ کہ چونکہ حکومت بھی اس پر غور کر رہی ہے ۔ اور ہم اسے انشاء اللہ ممنوع قرار دینگے ۔ صرف اس کے ہر پہلو پر غور کرنا ہے ۔ پھر اس پر عمل کریں گے ۔ تو انکو بھی تسلی ہونی چاہئیے ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور ۔۶) جناب سپیکر ۔ جناب فاروقی صاحب نے اس قرار داد کو پیش کرتے ہوئے ۔ جو مدلل اور عالمانہ تقریر کی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ کہ اسکے بعد اس معزز ایوان کے کسی معزز رکن کے ذہن میں بھی شبہ کی گنجائش نہیں رہ جاتی ۔ اور میں سمجھتا ہوں ۔ کہ نہ ہی بحیثیت مسلمان کے اس سے پہلے بھی کسی کے ذہن میں یہ شبہ ہو گا ۔ کہ شراب کا استعمال حرام ہے ۔ مجھے برسراقتدار پارٹی اور خاص طور پر انکے قائد سے یہ توقع تھی ۔ کہ وہ اس امر کا اعلان کرنے کا شرف حاصل کرتے ۔ کہ وہ اس قرار داد کی حمایت کرتے ہیں ۔ اور فوری طور پر مغربی پاکستان میں شراب کے استعمال کو ممنوع قرار دیتے ہیں لیکن افسوس ہے ۔ کہ ایسا نہ ہوا ۔ بعض دوسرے معزز ممبران نے عجیب قسم کے بہانے تراشے ہیں ان میں سے ایک معزز ممبر نے یہ فرمایا ۔ کہ ہمارے ملک میں صرف غیر ملکی ہی شراب استعمال کرتے ہیں لیکن اسکے بعد چونکہ سردار محمد اشرف صاحب نے یہ فرمایا 1610
(اور وہ پارلیمنٹری سیکرٹری بھی ہیں ۔) کہ حکومت اس امر پر غور کر رہی ہے ۔ پہلے تو یہ فرمایا کہ یہ کام حکومت کا نہیں ۔ اسکے بعد یہ فرماتے ہیں ۔ کہ حکومت غور کر رہی ہے ۔ حقیقت یہ ہے ۔ کہ اس قرار داد کے پیش کرنے کی زحمت یا ضرورت اس لئے محسوس ہوئی ۔ کہ ہماری حکومت کو غور کرنے کی بڑی عادت ہے ۔ اور غور کرتے کرتے وہ سالہا سال گذار دیتی ہے ۔ اور یہ عادت اس قسم کی موذی اور اسکے ساتھ ساتھ اسکا اثر اسقدر زیادہ ہے ۔ کہ وہ لوگ جو اس حکومت سے پہلے بر سر اقتدار تھے ۔ انکو بھی یہی بیماری تھی ۔ اور اس انقلابی حکومت کو بھی یہی بیماری ہے ۔ اور ہم نے گذشتہ دو تین سالوں میں پچھلی اسمبلی کی زندگی میں بھی دیکھا ۔ کہ تین سال کا عرصہ گذر گیا ۔ لیکن حکومت غور ہی کرتی رہی

(2) جناب سپیکر ۔ اس قرار داد کو پیش کر کے ہم نے یہ کوشش کی ہے ۔ کہ حکومت کو اس مسئلے کی نزاکت اور اہمیت کا احساس ہو لیکن ہمارے ایک معزز رکن نے ایک بڑی بلند خیالی کا اظہار کیا ہے ۔ بلند خیالی بھی ایسی کہ جسے ہم خیال کی معراج کہہ سکتے ہیں ۔ وہ یہ تھی کہ جب ہم نے اس قسم کا قانون پیش کرنا ہے تو ایسا کرتے وقت اس سے جو نتائج پیدا ہوں گے۔ ان پر بھی غور کرنا چاہئیے ۔ ان کو نظر انداز نہیں کرنا چاہئیے ۔ ہو سکتا ہے کہ اگر ہم سختی سے شراب کے پینے کو ممنوع قرار دے دیں تو بہت سے لوگ اسلام کو بھی چھوڑ جائیں ۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر شراب کو استعمال کرنے سے ہم مسلمان بن سکتے ہیں یا مسلمان رہ سکتے ہیں یا اگر ہمارا ایمان اس قدر کمزور ہے کہ شراب کو ترک کرنے کے بجائے ہم اسلام کو ترک کر دیتے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں اس قسم کے (3) مسلمانوں کی قطعاً ضرورت نہیں ہے ۔ ہمیں تعداد کی ضرورت نہیں quality کی ضرورت ہے ۔ تعداد پہلے بھی بہت تھی آج بھی بہت ہے ۔ آج اس قوم کا کردار کیا ہے ۔ اگر کردار چند ایک لوگوں کا بھی اچھا ہو تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ بہتوں کو اپنے ساتھ ملا سکتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ اگر یہ جواز پیش کیا جائے کہ اس قسم کے تجربات امریکہ میں بھی ہوئے تھے اور وہ ناکام ہوئے ہیں تو میں آپ کے ذریعہ اور آپ کی وساطت سے اس ایوان کے معزز ممبران کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ پاکستان کا جب نعرہ لگایا گیا تھا یا پاکستان کو معرض وجود میں لانے کی وجہ جواز یہاں پیش کی گئی تھی تو وہ یہ تھی کہ ہمارا طریقہ زندگی اور ہے ۔ ہماری ثقافت اور ہے ۔ ہمارا دین اور ہے ۔ ہم نے زندگی کے مختلف طریقے مختلف لائنوں پر گذارنے ہیں ۔ اگر آپ اتنے واضح احکامات کے ہوتے ہوئے شراب (4) کو بند کرنے سے مجبور ہیں ۔ تو آپ پاکستان کی جڑوں کو اکھیڑتے ہیں آپ ان بنیادوں کو اکھیڑتے ہیں جن بنیادوں پر آپ نے پاکستان کی عمارت تعمیر کی اور اس کو آپ نیچے لے جانا چاہتے ہیں ۔ اگر آپ کو اس سے انکار ہے تو آپ یہاں پاکستان میں بیٹھ کر اس قسم کے جواز اور کھوکھلے جواز کیوں پیش کر رہے ہیں بلکہ میں تو کہوں گا کہ ہمارے دشمنوں کو آپ موقع مہیا کرتے

ہیں کہ وہ ہم پر نکتہ چینی کریں ہم نے محض نعرہ لگایا ہے اور عملاً کچھ نہیں کرنا چاہتے ۔ آپ مجھے معاف فرمائیں آپ indirectly اکھنڈ بھارت کا نعرہ لگا رہے ہیں ۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ اس پر عمل کیا جائے تو آپ کو عملی دشواریاں اسی وقت اور اسی سال میں ہو سکتی ہیں ۔ اگر آپ کوئی اور کام کرنا چاہتے ہیں تو آپ ایک دن میں آرڈیننس لے آتے ہیں اگر آپ نے کچھ کرنا ہوتا ہے تو پھر بین الاقوامی خطرہ سے قطعاً بے نیاز اور بے پروا ہو جاتے ہیں ۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ اس میں کئی دشواریاں لاحق ہیں تو آئیے اس میں کوئی ترمیم پیش کیجئے ۔ اگر آپ نے یہ محسوس کیا ہے ۔ کہ ہمیں فوری طور پر امتناع شراب کا قانون نافذ کرنا ہے تو پھر بیرونی ممالک کے جو لوگ ہمارے ملک میں بستے ہیں ان کے لئے ترمیم پیش کر سکتے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں اگر آپ نیک نیتی سے دشواریوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے ترمیم پیش کریں گے تو ہم اسکا خیر مقدم کریں گے ۔ لیکن میں کم از کم کسی آدمی سے اور خصوصاً کسی ممبر اور معزز ممبر سے یا کسی پیر سے یہ بات سننی نہیں چاہتا کہ یہ جو قرار داد اس ایوان میں پیش کی گئی ہے یہ ٹھیک نہیں ہے اسکا ہمارے دلوں پر اثر نہیں ہوا دلوں پر اثر کرنا ہمارا کام نہیں ہے ۔ اگر آپ لوگ سال ہا سال سے قرآن پاک پڑھتے آرہے ہیں . . . . . .

Mr. Speaker : Mr. Hamza should not be sentimental.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اس قسم کے کلمات استعمال کئے گئے ہیں ۔ اگر مسلمانوں کے گھر میں پیدا ہوئے ہیں اور مسلمان کہلانے پر فخر کرتے ہیں ۔ ہم مسلمان ہیں ۔ مسلمان بنتے ہیں ۔ لیکن جب قرار داد اس ایوان میں پیش کی جائے اس کا مذاق اڑایا جاتا ہے ۔ مجھے اس پر سخت اعتراض ہے ۔ میں ان گذارشات کے بعد اپنے معزز وزراء اور تمام اس ایوان کے معزز اراکین سے اور خاص طور پر گورنمنٹ پارٹی سے تعلق رکھنے والوں سے مودبانہ گذارش کروں گا کہ اگر کوئی عملی دشواریاں ہوں تو آپ اس میں کوئی ترمیم پیش کریں ہم اس کو بخوشی قبول کریں گے ۔ اور اس پر کسی قسم کا اعتراض نہیں کریں گے ۔ آپ کوئی چیز تو لائیں محض بہانے تراشی سے وقت گذارتے ہیں اور گذارتے رہیں گے ۔ قوم آپ پر بد اعتمادی کرتے ہوئے خاص طور پر اس چیز

کا الزام لگاتی ہے کہ آپ زبان سے کچھ کہتے ہیں عملاً کچھ کرتے ہیں ان کا الزام آپ کے سامنے ہمیشہ رہا ہے اور ہمیشہ رہے گا ۔

Mr. Speaker : Would Khan Sahib like to participate in this discussion ?

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا — جو اعتراضات کئے گئے ہیں میرے خیال میں اور قانون کی رو سے بھی مجھے حق ہے کہ میں اس کا جواب دوں ۔ دوسرے مجھے Personal Explanation بھی دینا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ کو بعد میں وقت ملے گا ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ۔ جناب صدر صاحب ۔ جہاں تک اس قرار داد کے پاس ہونے کا سوال ہے میرے خیال میں اس ایوان سے باہر اور اس ایوان کے اندر کسی کو یہ اختلاف نہیں ہو سکتا کہ شراب حرام ہے یا حلال ۔ یہ فیصلہ خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا اور قرآن پاک کا ہے اس پر بحث کرنا تضیع اوقات ہے ۔ کہ شراب حرام ہے یا حلال ۔ خدا کا حکم ہے ۔ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم ہے ۔ قرآن پاک کا حکم ہے ۔ احادیث میں ہے ۔ علما کے فتوے ہیں ۔ کہ شراب حرام ہے اس پر بالکل کسی کو اختلاف نہیں ہے ۔ کہ شراب کو ممنوع قرار دیا جائے ۔ پہلے یہ کہ شراب حرام ہے یہ خارج از بحث ہے ۔ تو دوسرے یہ کہ شراب کو ممنوع کیا جائے اس میں کسی کو اختلاف نہیں ہو سکتا ۔ اگر کسی رکن ایوان اور یہاں سے باہر کسی کو یہ شک ہے کہ گورنمنٹ پارٹی کی طرف سے شراب ممنوع نہیں ہوگی اس کی اجازت ہوگی یہ غلط ہے ۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ جتنی تشویش فاروقی صاحب کو ہے شائد اس سے زیادہ تشویش ہماری پارٹی کے ممبران کو ہے ۔ (ہئیر ہئیر) یقین جانئیے ہم کسی سے پیچھے نہیں ۔ کوئی شخص دعویٰ نہیں کر سکتا کہ اسلام کے ساتھ محبت اس کا ٹھیکہ ہے ۔ یہ سب دنیا جانتی ہے کہ اسلام کو محبت کس سے ہے ۔ اسلام کے ساتھ محبت کن کو ہے ۔ وہ کون کون سے مسلمان ہیں اور وہ کون کون سی قومیں ہیں ۔ وہ کون کون سی پاوٹیاں ہیں وہ کون کون سی جماعتیں ہیں ۔ اور وہ کون کون سے گروہ ہیں اور وہ کون کون سے افراد ہیں جو اسلام پر سر دینے کیلئے تیار ہیں ۔ سوال یہ ہے کہ کس طرح شراب نوشی کی بیخ کنی کی جائے یہ سوال قابل غور ہے کہ جب شراب اسلام میں

منع ہے حرام ہے تو اسکو عملی طور پر بند کسطرح کیا جائے - کس طریقے سے اس کا قلع قمع کیا جائیے - کیا اقدامات عمل میں لائے جائیں - کہ جو مسلمان شراب نوشی کے عادی ہیں انکو اس عادت بد سے بچایا جائے اور اسکی برائیوں سے نجات دلائی جائے - یہ منع تو ۱۴۰۰ سال سے ہے اسکو حرام قرار دیا جا چکا ہے اس میں شک نہیں کہ یہ اسلام میں واقعی منع ہے اور حرام ہے مگر لوگ پیتے ہیں - اب کس طریقے سے انہیں اس سے روکا جائے اور شراب کو کس طریقے سے بالکل بند کر دیا جائے - اسکے حرام اور منع ہونے کے باوجود لوگ اور مسلمان شراب پیتے ہیں میں پوچھتا ہوں ۱۴۰۰ سال میں کس زمانے میں کس عہد میں کس ملک میں شراب بالکل بند تھی - ہندو سکھ عیسائی بدھ اور دیگر تمام قوموں میں بظاہر شراب منع ہے اور خاص طور پر اسلام میں ضرور منع اور حرام ہے مگر پھر بھی تمام قوموں مذہبوں اور ملکوں کے لوگ ہزاروں سال سے شراب پیتے چلے آئے - اب بھی پیتے ہیں خاص طور پر مسلمانوں میں ۱۴۰۰ سال میں بڑے بڑے حکمران گزرے ہیں بڑے بڑے خاندانی حکمران ہوئے بڑی بڑی قومیں بر سر اقتدار آئیں بڑے بڑے کنبے حکومت کرتے رہے مگر میں پوچھتا ہوں کہ کس حکومت میں کس خاندان میں کس ملک میں اور کس زمانے میں شراب بالکل بند ہوئی -

جناب والا - شراب ممنوع تو قرار دی گئی تھی مگر بند کبھی نہیں ہوئی مسلمانوں نے اسکی بندش کے لئے بڑے سامان کئے محتسب مقرر کئے اور وہ محتسب جہاں شراب کے مٹکے دیکھتے اسکو توڑ دیتے شراب کو گرا دیتے اور شراب رکھنے والے کو سزا بھی دیتے - مگر پھر بھی لوگ شراب چھپ چھپ کر پیتے رہے - دکانیں بند کر کے سرائے کے دروازوں کو بند کر کے چھپ چھپ کے شراب پیتے رہے مٹکے شراب کے چھپا کر رکھتے اور اگر محتسب کو پتہ چلتا کہ فلاں دوکان میں دوکاندار نے شراب کا مٹکا چھپا رکھا ہے اور چھپ کر شراب بی رہا ہے یا کوئی سرائے کے اندر چھپ کر شراب نوشی کر رہا ہے تو محتسب چھاپہ مارتے جس طرح آجکل گھی دودھ میں ملاوٹ منع ہے مگر پھر بھی ملاوٹ ہوتی ہے - اور فوڈ انسپکٹر

چھاپے مارتے ہیں اسی طرح محتسب مشکوک دوکانوں پر چھاپے مارتے اور حملے کرتے خانہ تلاشیاں کرتے تھے اور اگر شراب کا مٹکا مل جاتا تو بغیر کیمیکل analysis کے مجرم کو سزا دے دیتے اسکے مٹکے کو توڑ دیتے شراب کو گرا دیتے تھے ۔ سراؤں اور محلوں پر ایسے ہی ایک مرحلہ پر جب محتسب کو مخبری ہوئی کہ فلاں شخص محل میں چھپ کر شراب پی رہا ہے تو محتسب نے حملہ کرکے دروازہ کھلایا جسکے پیچھے شراب کا مٹکا چھپایا گیا تھا مگر محتسب نے جب دروازہ کھولا تو شراب کا مٹکا دروازے کے کواڑ کے پیچھے محتسب کی نظر سے اوجھل رہ گیا تو صاحب خانہ نے یہ شعر پڑھا :—

نہ ریخت مے را نہ ما را گرفت محتسب

رسیدہ بود بلائے ولے بخیر گذشت

شیخ خوش ہوگئے کہ محتسب شراب کے مٹکے کو نہ دیکھ سکے اور بلا ٹل گئی (شورو غل) جس طرح آپوزیشن والوں نے سچی بات کہی اور ہم نے سنی ۔ اسی طرح اب ہم سچی بات کر رہے ہیں آپوزیشن کو بھی حوصلے سے یہ سچی باتیں سننی چاہئیں ۔ واہ واہ کے نعرے سننے کے لئے تقریر کر لینا آسان ہے مگر اصل اور ٹھوس حالات کا مقابلہ کرنا مشکل ہوتا ہے ہم اصل اور ٹھوس واقعات سے دو چار ہیں ہمیں سستی شہرت کی خواہش نہیں ۔ ہم جذبات میں بہہ نہیں جاتے مگر آپوزیشن والے جذبات کی رو میں بہہ جاتے ہیں اور دھواں دھار تقریر کرنے کے بعد سمجھتے ہیں کہ ''چلو چھٹی ہوئی،، الانکہ یہ ٹھنڈے دل و دماغ سے سوچنے کا معاملہ ہے دنیا کے تمام ملکوں اور شہروں میں یہ مسئلہ در پیش ہے ہندوستان پاکستان عراق ، عرب ، مصر ، امریکہ ، یورپ ، فرانس چین روس ، یوگوسلاویہ ، جرمنی وغیرہ تمام ممالک میں یہ برائی پائی جاتی ہے ۔ بعض ملکوں میں شراب منع ہے مگر بند نہیں ہو سکی ۔ اصل سوال یہ ہے کہ شراب کو کس طریقے سے بند کیا جائے ۔ ہم کوشش کر رہے ہیں ہم بھی شراب کو منع اور حرام سمجھتے ہیں یہ ممنوع ہے ۔ مگر بند نہیں جس طرح منع ہونے کے باوجود کئی برائیاں بند نہیں ہوتیں محض قرار داد پاس کرنے سے یا ایکٹ پاس کر دینے سے کوئی برائی یکسر بند نہیں ہو گی ۔ پہلے تعزیرات ہند میں اور اب تعزیرات پاکستان میں بھی شراب نوشی منع ہے اور حکم

ہے کہ شراب سے بہ مست شخص کو گرفتار کر لیا جائے ۔ میں تو کہونگا کہ قتل سے بڑا گناہ کیا ہوگا ۔ اور پھانسی سے بڑھ کر سخت سزا کیا ہو سکتی ہے ۔ قتل پر ہزاروں لوگ پھانسی کے تختے پر چڑھ جاتے ہیں ۔ مگر پھر بھی قتل بند نہیں ہوئے ہر روز قتل اور ڈاکے کی وارداتیں ہوتی ہیں قتل کی سزا موت ہے پھانسی تختہء اجل ہے ۔ اور ڈاکے کی سزا عمر قید ہے مگر لوگ پھانسی اور عمر قید کی سزا کے باوجود قتل اور ڈاکے سے باز نہیں آتے میں آپوزیشن سے پوچھتا ہوں کہ کیا تعزیرات پاکستان کے باعث قتل اور ڈاکے بالکل بند ہوگئے ہیں ۔ کہاں بند ہوئے ہیں پھانسی کی سزا قائم ہے ۔ عمر قید کی سزا قائم ہے اور نافذ ہوتی ہے وارد بھی ہوتی ہے مگر پھر بھی لوگ ان جرائم کا ارتکاب کرتے رہتے ہیں ۔ سوال منع کرنے کا نہیں محض حرام کرنے کا بھی نہیں اصل سوال یہ ہے کہ اس ممنوع اور حرام شے کا استعمال فی‌الواقع ہوتا ہے اس کو کن طریقوں سے بند کیا جاسکتا ہے ۔ محض ایکٹ اور قرار دادوں سے قتل ڈاکے بدکاری ، اغوا وغیرہ سے جرائم قطعاً بند نہیں ہو سکتے تو کیا گارنٹی ہے کہ شراب کی سزا دینے پر شراب نوشی ضرور بند ہو جائے گی ۔ ممنوع ہونے کو تو شراب پہلے ہی اسلام میں ممنوع ہے منع ہے حرام ہے کون نہیں جانتا کہ مسلمانوں میں شراب منع ہے ۔ حرام ہے مگر میں کہتا ہوں یہ پھر بھی بند نہیں ۔ سو فیصدی بند نہیں نہ اب بند ہے نہ کبھی پہلے زمانے میں سو فیصدی بند ہو سکی خود صحابہ کرام کے زمانے میں کوئی نہ کوئی شخص شراب پی لیتا تھا ۔ اور ہر زمانے میں ہر حکومت میں ہر دور میں ہر خاندان کی حکومت میں یہ برائی موجود رہی یا کم‌وبیش ہوتی رہی ۔ مگر سو فی صدی کبھی بند نہیں ہوئی ۔ یہ سوچنے کی چیز ہے یہ سوچنے کا مقام ہے ۔ اصول پر غور کرنا ہے اور پھر عملی میدان میں ٹھوس حقائق کا مقابلہ کرنا ہے ہمارے ملک میں ابتدا سے ہی شراب نوشی منع ہے ۔ بلکہ پاکستان بننے سے پہلے بھی بعض علاقوں میں منع تھی مگر پھر بھی لوگ چھپ چھپ کر شراب پیتے رہے ہیں ۔ اور آجکل بھی پیتے ہیں ۔ اسکو بتدریج بند کیا جا سکتا ہے اسکو درجہ بدرجہ بند کیا جا سکتا ہے ۔ خود اسلام نے بھی شروع میں اسکو درجہ بدرجہ بند کیا ۔ ہم بھی اس کا قدم قدم پر مقابلہ کر رہے ہیں کانسٹی ٹیوشن کا جو حوالہ دیا گیا ہے کہ بیماری میں ڈاکٹر کے سرٹیفیکیٹ سے اور غیر ملکی غیر مذہب کے لوگوں کے لئے

شراب کی اجازت ہے یہ ٹھیک ہے مسلمانوں کے لئے ہم اسے منع کر رہے ہیں - سوائے دو حالتوں کے - ایک یہ کہ اگر Medical point of view سے ڈاکٹر یہ کہے کہ اس کے لئے شراب ضروری ہے - خواہ وہ کوئی شراب ہو - مجھے تو ان کے نام بھی نہیں آتے - خدا جانے اس کے کتنے نام ہیں - ہم تو کبھی کسی جگہ اس کا رنگ دیکھ لیتے ہیں یا اس کا لیبل دیکھ لیتے ہیں - ویسے تو اس کی کئی قسمیں ہیں - ان میں سے ایک Beer ہے - اور شاید وہ بھی کئی قسم کی ہو - پینے والوں کو یقیناً معلوم ہوگا - مجھے تو پتہ نہیں - کہ اس کی کتنی اقسام ہیں - بہر صورت ان میں فرق ضرور ہوتا ہے - اور میں نے سنا ہے کہ بعض حالات میں ڈاکٹر بھی بعض لوگوں کو بعض بیماریوں کیلئے شراب تجویز کر دیتے ہیں - میں چھوٹا سا تھا - اس وقت گھر میں کوئی بیمار ہو جاتا - یعنی اگر کسی کو نمونیا ہو جاتا تو اسے چمچے سے برانڈی دیتے تھے - اور وہ اس لئے کہ یہ بھی ایک علاج ہے - یہ آج سے کوئی ۳۰ — ۴۰ سال پہلے کی بات ہے - اس وقت مجھے معلوم نہ تھا کہ برانڈی بھی علاج کی غرض سے دی جاتی ہے - ویسے تو اب بھی بعض اوقات خاص خاص بیماریوں کیلئے ڈاکٹر صاحبان خاص خاص چیزیں دیدیتے ہیں - لیکن یہ ضروری نہیں وہ Whisky ہی ہو - برانڈی بھی دے سکتے ہیں اور Whisky بھی - اب اگر ڈاکٹر ہی کسی مریض کی جان بچانے اور شفا کی غرض سے برانڈی یا Whisky لکھ دے اور کہے کہ یہ چیز علاج کیلئے ضروری ہے - اور مریض کو ضرور دی جائے - تو یہ مستثنیات میں آ جاتی ہے - پھر جناب اس کا استعمال غیر مسلموں کے ہاں اکثر ہوتا ہے - آپ جانتے ہیں کہ ہمارے ہاں اب بھی غیر مسلم خاصی تعداد میں ہیں - اگرچہ مغربی پاکستان میں بہت کم یعنی ۱۰ یا ۱۲ لاکھ ہیں - لیکن مشرقی پاکستان میں تو ایک کروڑ کے قریب ہیں - شراب جس طرح ہمارے ہاں حرام ہے - ویسے ہی وہاں حرام ہے - اب اگر ہم اپنے بنگلوں کے آس پاس دیکھیں - تو ہمیں معلوم ہوگا کہ بعض چھوٹی چھوٹی قومیں جنہیں ہم بالمیکی کہتے ہیں - ہمارے

گرد و نواح میں رہتی ہیں - وہ اپنی شادیوں اور تہواروں کے موقعوں پر شراب کو فرض سمجھ کر پیتے ہیں - اب ہم اس میں تو دخل نہیں دے سکتے اگر دیں اور ان میں سے کوئی غیر مسلم یا بالمیکی یہ کہے کہ بھئی یہ تو ہمارے مذہب میں جائز ہے - اس لئے ہم تہواروں کے موقعوں پر شراب پیتے ہیں - اور اس پر ہم ان سے کہیں کہ ہم تو تمہیں پینے نہ دینگے - کیونکہ یہ تو آپ کے مذہب میں بھی حرام ہے - اور اس طرح ہم ان کو ان کا مذہب بتانے لگیں تو یہ کوئی مناسب بات نہ ہوگی - کیونکہ ہمارا تعلق تو اپنے مذہب سے ہے - چنانچہ جہاں تک اسلام کا تعلق ہے - اس میں تو شراب کے متعلق معاملہ بالکل صاف ہے اب اگر وہ ہمیں کہیں کہ ہم تو مسلمان نہیں - بلکہ غیر مسلم ہیں - تو اس میں کوئی شک بھی نہیں کہ ہم نے اپنے آئین کے مطابق پاکستان کے ایک کروڑ یا سوا کروڑ غیر مسلموں کو حفاظت کی ضمانت دے رکھی ہے - ادھر ہندوستان میں ۵ کروڑ کے قریب مسلمان رہتے ہیں - ہمیں ان کا بھی ہر وقت خیال رہتا ہے - اگر ہم پاکستان میں ہندوؤں کے مذہب میں بیجا مداخلت کرینگے تو پھر ہندوستان میں ہندو بھی مسلمانوں کے مذہب میں مداخلت بیجا کرینگے بہر حال مداخلت کریں یا نہ کریں - یہ الگ بات ہے - لیکن کم از کم ہم تو ایسا نہیں کر سکتے - کیونکہ یہ چیز ہمارے آئین اور قوانین میں موجود ہے - اس لئے ہم خلاف آئین - خلاف قانون اور خلاف اخلاق ان کے ساتھ ظلم روا نہیں رکھ سکتے - ہم یہ نہیں کر سکتے کہ آئین میں کچھ لکھیں - قانون کچھ بنائیں اور عمل کچھ اور ہی کریں تو ایسے حالات میں اگر آپ غیر مسلموں پر یہ چیز ٹھونسیں گے اور انہیں شراب پینے دینگے - تو وہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہمارے مذہب میں یہ نہ صرف جائز ہے بلکہ ایک فرض کی حیثیت رکھتی ہے -

جناب والا — یہ بات تو سب کو معلوم ہے کہ اس وقت آپ کے ملک میں ترقیاتی کاموں کا دور دورہ ہے - آپ دیکھتے ہیں کہ اس وقت آپ کے ملک میں روسی موجود ہیں

چینی موجود ہیں - انگریز ہیں - امریکن ہیں - جرمن ہیں اور اسی طرح دیگر غیر مسلم جن میں بڑے بڑے انجنیئر - کارخانے لگانے والے - امداد کرنے والے - تیل نکالنے والے - ہزاروں کی تعداد میں موجود ہیں - اب ہم ان کو کیسے کہیں کہ بھئی شراب مت پیو - وہ تو کہیں گے کہ ہم شراب کے بغیر رہ نہیں سکتے - اور فرض کیجئے کہ اس وقت جو پانچ یا دس ہزار انگریز - روسی - امریکن - کینیڈین اور جرمن ہمارے ہاں کام کر رہے ہیں - جن میں سے بعض تیل نکال رہے ہیں بعض ریسرچ کا کام کرتے ہیں - بعض تعلیم کے سلسلے میں ہمارے ہاں آئے ہوئے ہیں - اور بعض کارخانوں میں امداد کر رہے ہیں - اگر ہم ان کیلئے شراب بند کر دیں تو لازماً وہ کہیں گے کہ ہم تو اس کے بغیر رہ نہیں سکتے - اس لئے ہم واپس جاتے ہیں - تو پھر کیا یہ سب کارخانے اور یہ ترقیاتی کام بند کر دیں - یہ تو بڑا مشکل ہو جائیگا - اسی لئے آئین میں یہ بات رکھی گئی ہے کہ سوائے غیر مسلموں اور ان لوگوں کے جن کیلئے ڈاکٹر لکھ دیں - باقی سب کیلئے ہم شراب ممنوع کرنے کیلئے ہر وقت تیار ہیں -

تو جناب والا - میں یہ عرض کرونگا کہ اگر ہم یہ قرار داد پاس کر دیں - ممکن ہے اس کا بھی کچھ اثر ہو لیکن اس سے زیادہ اس بات کا اثر ہوگا کہ ہمارے علما صاحبان بڑے بڑے امیر - رئیس اور لیڈر لوگ بھی اپنا کام کریں - بجائے اس کے کہ وہ محض سیاسیات تک ہی اپنی سرگرمیوں کو محدود رکھیں - ان کو چاہیئے کہ وہ مسلمانوں کو کھلے طور پر نصیحت کریں کہ مسلمانو - شراب حرام ہے اس لئے اس کا استعمال چھوڑ دو - ویسے قرآن شریف کے مقابلہ میں اس قرارداد کی حیثیت ہی کیا ہے - اسے منظور کر کے اگر ہم یہ خیال کریں کہ اس سے شراب بند ہو جائیگی - تو یہ ناممکن ہے - اس کی کوئی حقیقت نہیں - ان سب حضرات کو چاہیئے کہ وہ قرآن پاک اور احادیث کے مطابق اپنا فرض ادا کریں - ہم بھی اس سلسلے میں حتی الوسع کوشش کرینگے - آپ یہ خیال نہ کریں کہ شاید

حکومت اس فرض کی ادائیگی سے جان چراتی ہے یا اپنا دامن بچاتی ہے - درگز نہیں - میں اعلانیہ کہتا ہوں کہ ہم شراب بند کرینگے - اور ضرور کرینگے مگر ان کو بھی اپنا فرض ادا کرنا چاہیے - میں صرف علما اور پیروں کو ہی نہیں کہتا - بلکہ اسے سب مسلمانوں کا فرض سمجھتا ہوں - صرف ایوان میں ہی قرارداد پاس کرنا کافی نہیں - ایوان سے باہر بھی اس چیز کا پرچار اور پراپیگنڈا ہونا چاہئیے - لوگوں کو نصیحت کرنے اور سمجھانے کی کوشش کی جانی چاہیئے کہ شراب نہ صرف حرام ہے بلکہ نقصان دہ بھی ہے - ان کو چاہیئے کہ وہ وہاں پر پرچار کریں اور اسے بند کرنے کی کوشش کریں - اور حکومت بھی اپنی کوششیں جاری رکھے - آپ کو پتہ ہونا چاہیے کہ قانوناً کوئی شخص شراب نہیں بنا سکتا - اگر بنانا چاہے تو اس کیلئے پہلے لائسنس لے گا - اسی طرح کوئی شخص بغیر لائسنس کے شراب بیچ بھی نہیں سکتا -

جناب والا - آپ کو معلوم ہے کہ بعض اضلاع میں شراب قطعی طور پر ممنوع ہے سوائے اس کے کہ ڈاکٹر کسی شخص کو پرمٹ دیدے - وہاں اگر کوئی شخص شراب پیتا دیکھا جائے تو اس کا چالان ہو جاتا ہے - چنانچہ اس سلسلے میں لوگوں کے چالان ہوئے ہیں - میرے پاس مقدمات پیش ہوتے رہے ہیں - اور لوگوں کو سزائیں بھی ہوئی ہیں - ان اضلاع میں شراب بالکل بند ہے - لیکن جہاں اس وقت بالکل بند نہیں وہاں اسے بتدریج بند کرنا چاہیے - کیونکہ ایسا نہ ہو کہ آپ تو شراب کی بندش کا حکم کر دیں اور وہ underground چلتی جائے - میں یہ اس لئے نہیں کہتا کہ چونکہ ہمیں اس سے آمدنی ہوتی ہے - اس لئے وہ آمدنی ختم ہو جائیگی - یہ بات نہیں - کیونکہ مذہب اور اخلاق کے مقابلے میں آمدنی کوئی چیز نہیں - اور میرے نزدیک اس کی کوئی وقعت نہیں - لیکن اگر شراب بند بھی نہ ہو اور دو کروڑ روپے کی آمدنی جو شراب وغیرہ کے ٹھیکوں سے آتی ہے وہ بھی ضائع ہو جائے - اور لوگ پرمٹ - لائسنس یا دوکان کی بجائے شراب گھروں میں بنانا شروع کر دیں تو پھر یہ صورت حال واقعی قابل افسوس ہے - ایسی صورت میں ٹھیکے

بند ہو جائینگے ۔ دوکانیں بند ہو جائینگی ۔ اور اس کا نکالنا بھی کسی حد تک بند ہو جائیگا ۔ لیکن بلیک مارکیٹ جو ظاہراً بااجازت کاروبار نہیں شروع ہو جائیگی اور لوگ چوربازاری کرنے لگینگے ۔ اب اس کی کیا ضمانت ہے کہ جو لوگ شراب بناتے ہیں ۔ وہ شراب نہ بنائینگے ۔ اور وہ لوگ جو شراب پیتے ہیں ۔ وہ شراب نہ پئیں گے ۔ اور وہ تو چوری چھپے پئیں گے اور ضرور پئینگے ۔ اس لئے میں فاروقی صاحب کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ ہم آپ سے اتفاق کرتے ہیں ۔ یہ نہ صرف مغربی پاکستان کیلئے ایک مسئلہ ہے ۔ بلکہ مشرقی پاکستان کیلئے بھی ہے ۔ اور حقیقتاً یہ سارے پاکستان کیلئے ایک مسئلہ ہے ۔ اس لئے جس شکل میں آپنے یہ ریزولیوشن پیش کیا ہے اور جیسا کہ میں نے آئین کا حوالہ دیا ہے وہاں دو طبقے مستثنے رکھے گئے ہیں ۔ یعنی وہاں یہ لکھا ہے کہ شراب کی بندش ہونی چاہیئے سوائے اس کے کہ ڈاکٹر کسی مریض کیلئے اسے ضروری سمجھے یا غیر مسلموں کیلئے اس کی ضرورت ہو ۔ تو اب اگر آپ یہ قرارداد پاس کرینگے ۔ تو یہ آپ کے آئین کے برخلاف ہوگا ۔ ہمارے آئین میں اور ہمارے constitution میں شراب کی ممانعت کو تسلیم کیا گیا ہے ۔ ماسوائے اس کے کہ کوئی غیر مسلم ہو ۔ یا Medical point of view کی وجہ سے کسی کو اجازت دی جائے ۔ اگر شراب کو قطعی طور پر بند کر دیں ۔ تو یہ قرار داد آئین کے متضاد ہوگی ۔ اس لئے پہلے آئین میں ترمیم کر دیں ۔

خواجہ محمد صفدر — وہ آپ کر دیں ۔

وزیر مال — میں نہیں کر سکتا ۔ آپ کو پتہ ہے ۔

خواجہ محمد صفدر — آپ اس قرارداد کو آئین کے مطابق کر دیں ۔

وزیر مال — یہ تو خود آپ کو چاہیے تھا ۔ کہ قرارداد اس شکل میں پیش کرتے ۔ کہ اس میں ترمیم کی ضرورت نہ ہوتی ۔ لیکن میرا خیال ہے ۔ آپ کو پہلے آئین میں ترمیم کرنا چاہیے ۔ آپ بھی وکیل ہیں

ماشاءاللہ ۔ آپ بھی جانتے ہیں ۔ کہ اس قرارداد پر عمل نہیں ہو سکتا ۔ اس لئے نہیں ۔ کہ ہم کرنا نہیں چاہتے ۔ بلکہ جس شکل میں اسے پیش کیا گیا ہے ۔ وہ ٹھیک نہیں میں جانتا ہوں کہ آپ نے نیک نیتی سے یہ قرارداد پیش کی ہے ۔ میں حمزہ صاحب کو تو کچھ نہیں کہوں گا ۔ لیکن صفدر صاحب اور فاروقی صاحب کی نیک نیتی پر کوئی شک و شبہ نہیں ۔ دراصل آپ سے یہ لغزش ہوئی ہے کہ اسے اس شکل میں پیش کیا ہے میں یہ گذارش کروں گا ۔ کہ یہ قرارداد جس شکل میں پیش کی گئی ہے ۔ وہ ہمارے آئین کی روشنی میں پیش نہیں ہو سکتی ۔ لیکن میں آپ کو اور خاص طور پر فاروقی صاحب کو بتا دینا چاہتا ہوں ۔ کہ مرکزی حکومت اس پر غور کر رہی ہے ۔ اس لئے یہ بات کہ مغربی پاکستان میں شراب کو منع کر دیا جائے ۔ اور ایسٹ پاکستان میں رہنے دیا جائے ۔ وہ بھی مسلمان ہیں ۔ ہم پانچ کروڑ ہیں اور وہ ساڑھے پانچ کروڑ ہیں ۔ ساڑھے دس کروڑ عوام کا ایک ملک ہے ایک آئین ہے ۔ اس لئے ان کے لئے ایک ہی راستہ ہونا چاہئے جس پر چل کر وہ اپنی زندگی کو بہتر بنا سکیں ۔ اگر اسے قطعی طور بند کرنا ہے ۔ تو وہ صرف مرکزی حکومت ہی کر سکتی ہے ۔ یہ کوئی secret بات نہیں ۔ ہماری مرکزی حکومت اس پر غور کر رہی ہے ۔ مرکزی حکومت نے شراب کا مسئلہ اڈوائزری کونسل آف اسلامک آئیڈیالوجی کے پاس غور کرنے کے لئے بھیجا تھا ۔ تاکہ وہ دینی اور مذہبی نقطہ نظر سے اسے دیکھیں ۔ اور اپنی رائے دیں میرا خیال ہے ۔ انہوں نے رائے بھیج دی ہوگی ۔ یہاں تک تو مجھے پتہ ہے ۔ یہ مسئلہ ایڈوائزری کونسل کے حوالے کیا گیا تھا ۔ انہوں نے رائے دے دی ہوگی ۔ یا وہ اس پر غور کر رہے ہوں گے ۔ اس وقت جو تقاریر ہماری پارٹی کی طرف سے ہوئی ہیں ۔ اور جو خیالات کا اظہار فرمایا ہے ۔ وہ ہماری مرکزی حکومت سے پوشیدہ نہیں ۔ آپ کے احساسات ۔ آپ کے جذبات اور خیالات اور آپ کی تشویش کہ شراب حرام ہے ۔ اسے ممنوع قرار دیں ۔ یہ سب کچھ مرکزی حکومت کے علم میں ہے ۔ اگر نہ ہوا ۔ تو میں خود ان کو کہہ دوں گا ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ تقریباً

تمام ممبران بغیر کسی استثنے کے اس بات پر اتفاق کرتے ہیں ۔ کہ شراب حرام ہے ۔ اسے ممنوع ہونا چاہئے مجھے صرف یہ اعتراض ہے ۔ کہ اس پر کس طرح عمل کیا جا سکے گا ۔ یہ جو مشکل ہے ۔ اس مشکل کا حل کیسے نکلے گا ۔ اگر ہم آنکھیں بند کر لیں ۔ اور کہہ دیں ۔ کہ سورج نظر نہیں آتا ۔ تو یہ غط ہے ۔ سورج تو ہے ۔ لیکن ہماری آنکھیں بند ہیں ۔ بالکل یہی صورت ہماری ہے ۔ ہمیں اس کی عملی مشکلات کے متعلق سوچنا چاہئے ۔ ورنہ اس قرارداد کا جو اصل مقصد ہے ۔ ہم اسے پورا نہیں کر سکیں گے ۔ اس کے متعلق مرکزی حکومت غور کر رہی ہے ۔ موجودہ حالات اور واقعات کے پیش‌نظر جو کچھ ہو سکے گا ۔ ضرور ہوگا ۔ نیز آپ کے خیالات اور جذبات بھی مرکزی حکومت تک پہنچ جائیں گے ۔

گورنرز کانفرنس میں بھی اس چیز کو discuss کیا گیا ہے میں خود تو اس کانفرنس میں موجود نہیں تھا ۔ لیکن مجھے معلوم ہے ۔ کہ اس مسئلہ کو discuss کیا گیا تھا ۔

ان الفاظ کے ساتھ اگر میں ناروقی صاحب سے کہوں کہ آپ اس قرارداد کو with draw کر لیں ۔ تو مجھے معلوم ہے ۔ وہ کبھی with draw نہیں کریں گے ۔ اس لئے میں نہیں کہتا کہ اس کا مطلب یہ ہوگا ۔ کہ ہم قرارداد سے ڈرتے ہیں قرارداد پاس ہوگئی ۔ تو آفت آجائے گی ۔ یا فیل ہوگئی ۔ تو ہمیں کوئی مربعے مل جائیں گے ۔ یہ بات نہیں ۔ اس کے متعلق ہم میں اور آپ میں کوئی اختلاف نہیں ۔ اسمبلی کا ہر رکن آپ کے ساتھ سو فیصدی اتفاق کرتا ہے ۔ ہمیں کوئی اختلاف نہیں ۔ صرف سوال یہ ہے ۔ کہ کس طرح اس کا حل تلاش کیا جائے ۔

خواجہ محمد صفدر — وہ آپ خود کریں ۔

وزیر مال— یہ چیز مرکزی حکومت کے ہاتھ میں ہے ۔ وہ اس پر سوچ بچار کر رہی ہے ۔ اب یہ اس پر منحصر ہے ۔ کہ وہ آئین میں ترمیم کرے یا کوئی قانون بنائے ۔ ہم اس کے پابند ہوں گے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) — جناب والا - مجھے پہلے کچھ ذاتی explanation دینا ہے - اور جو کچھ تقریروں میں میرے مختلف دوستوں نے فرمایا ہے - اس کے متعلق وضاحت کرنی ہے میرے کئی دوستوں نے مجھے محبت سے یا احترام سے مولانا کے لفظ سے یاد کیا ہے - میں ان کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ میں مولانا کے لفظ کو قابل احترام سمجھتا ہوں اور میں اس کا بالکل اہل نہیں ہوں - مولانا ہماری زبان میں اس عالم دین کو کہتے ہیں - جس نے دین کا پورا علم حاصل کیا ہو - اور جس کی بھرپور نظر اس پر ہو - میں تو بہت کم علم انسان ہوں اس سے میری عزت افزائی نہیں ہوتی بلکہ اس لفظ کی توہین ہوتی ہے - کئی دوستوں نے فرمایا ہے کہ میرا قرارداد پیش کرنے کا مقصد یہ تھا کہ میری قابلیت (اگر کچھ ہے) تو اس کا سکہ ایوان پر بیٹھ جائے اور اخبارات میں میرا نام آ جائے اور عوام پر منکشف ہو جائے کہ میں نے یہ قرارداد پیش کی ہے - میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ جب کوئی شخص کوئی قرارداد اس ایوان میں لاتا ہے تو اس کے دو مقاصد ہوسکتے ہیں یا تو وہ مقصد جو آپ نے فرمایا ہے یعنی صرف شہرت کی خواہش اور ایوان میں سکہ بٹھانے کا جذبہ یا کہ نیک نیتی سے وہ شخص وہ تجویز لا رہا ہے جسے وہ حق سمجھتا ہے اور جس برائی کو دور کرنے کی اسکی نیت ہے - تو دیکھئے - دل کی بات کو صرف اللہتعالےٰ ہی جانتا ہے اور کوئی شخص کسی کے بارے میں نہیں کہہ سکتا کہ اس کی نیت کیا ہے - واقعہ یہ ہے کہ آپ کسی شخص کے ساتھ انصاف نہیں کر سکتے - اگر آپ یہ کہیں کہ تمہارے دل میں یہ بات ہے حالانکہ وہ بات اس کے دل میں نہیں ہے - تو میرے جن دوستوں نے میری نیت پر حملہ کیا ہے میں ان کو معاف کرتا ہوں لیکن میں یہ عرض کر دوں کہ وہ اللہتعالےٰ سے توبہ کریں - وہ ایک گناہ کے مرتکب ہوئے ہیں کہ انہوں نے ایک مسلمان کی نیت پر حملہ کیا اسلئے وہ اللہتعالےٰ سے توبہ کریں - اور آئندہ کے لئے احتیاط کریں -

جناب والا — ایک اور دوست نے یہ الزام لگایا ہے کہ فاروقی صاحب اور وہ جماعت جس سے ان کا تعلق ہے

اپنے سوا کسی کو مسلمان نہیں سمجھتے یا یہ کہ اپنے سے بہتر کسی کو مسلمان نہیں مانتے - میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے یہ بات اسلئے کہی ہوگی کہ انکو صحیح علم نہ ہوگا - میں ان کے علم کے لئے اور اگر میرے دوست غلط فہمی میں مبتلا ہیں تو میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ میں خود اور جماعت اسلامی جس کا میں رکن ہوں ہم تمام مسلمانوں کو مسلمان ہی سمجھتے ہیں - اور اپنے سے بہتر مسلمان سمجھتے ہیں - اس کی واضح مثال یہ ہے کہ میں روزانہ نماز پڑھتا ہوں ان مساجد میں جہاں امام میری جماعت کے رکن نہیں ہوتے - ہر شخص جو کسی کو امام بناتا ہے تو یقیناً اس کو اپنے سے بہتر سمجھتا ہے اور اگر وہ اپنے سے بہتر نہ سمجھتا ہوگا تو یقیناً اتنا بڑا اہم فریضہ یعنی خدا کے سامنے حاضر ہونے کا فرض کبھی ایسے شخص کے پیچھے ادا نہیں کرے گا - جو خراب انسان ہو - یا گھٹیا انسان ہو - یا خراب مسلمان ہو یا نا مسلمان ہو - تو آپ اپنی اطلاع کے لئے یہ بات جان لیں کہ ہم مختلف مساجد میں نماز پڑھتے ہیں - ان میں سے ۹۹ فیصدی امام جماعت اسلامی کے ارکان نہیں ہوتے - ہم ان کو یقیناً مسلمان ہی سمجھتے ہیں- اور اپنے سے بہتر سمجھ کر ان کے پیچھے کھڑے ہوتے ہیں - خود مولانا مودودی دوسرے لوگوں کے پیچھے نماز پڑھتے ہیں - اس لئے اگر کسی دوست کے دل میں یہ غلط فہمی ہو تو وہ رفع کرلیں - میرے نزدیک تمام حضرات محترم ہیں - میں آپ کی عزت کرتا ہوں - آپکو صرف مسلمان ہی نہیں اپنے سے بہتر مسلمان سمجھتا ہوں ہم میں سے بہت سے لوگ یقیناً مجھ سے بہت بہتر ہوں گے - میں تو گناہگار ہوں اللہتعالےٰ مجھے معاف کرے -

جناب والا - ایک اور صاحب نے حوالہ دیا ہے کہ جماعت کے کسی رکن نے یہ کہا کہ جب اسلامی حکومت ہوگی تو Beer کو جائز قرار دیدیا جائیگا - مجھے پتہ نہیں کہ انہوں نے کس کا حوالہ دیا ہے - میں قائد ایوان سے عرض کروں کہ یہ بات انہوں نے نہیں بلکہ کسی اور صاحب نے فرمائی تھی مگر میں کہہ نہیں سکتا کہ کس نے کہا تھا - بہر حال

یہ بات غلط ہے خواہ کوئی بھی کہے مجھے اس سے کوئی غرض نہیں ہے ہم اسلام کے ماننے والے ہیں اور ہم اللہ رسول اور قران کے احکام کو مانتے ہیں اگر کوئی بڑے سے بڑا آدمی بھی غلط بات کہے گا تو ہم اسکے منہ پر پھینک دیں گے ۔ کیونکہ وہ قرآن اور اللہ کے رسول کے احکامات کے خلاف چیز ہوگی ۔ ہم تو صرف اتنا جانتے ہیں کہ جس چیز کی کثیر مقدار نشہ پیدا کرتی ہے وہ حرام ہے اور اسکی قلیل مقدار بھی حرام ہے اگر اسکی بوتل حرام ہے تو اسکا ایک قطرہ بھی حرام ہے ۔ جناب والا میری تجویز کے خلاف جو مختلف اعتراض کئے گئے ہیں ان میں سے ایک اعتراض غیر مسلم پاکستانیوں کا بھی ہے ۔ اسکے لئے میں یہ عرض کرونگا کہ جسوقت رسول اکرم صلی اللہ علیہ آلہ وسلم کے زمانے میں شراب پر پابندی عائد کیگئی اور شراب کو ناجائز قرار دیا گیا تو اسوقت اس مملکت میں بھی غیر مسلم آبادی تھی ۔ غیرمسلموں کیلئے اسلامی شریعت نے گنجائش رکھ دی ہے ۔ کہ اگر شراب انکے مذہبی رسوم کیلئے ضروری ہو تو انکو استعمال کی اجازت ہوگی ۔ دیکھئے کسی مذہب میں کسی چیز کا جائز ہونا اور اسکے مذہبی رسوم کیلئے ضروری ہونا ان دونوں باتوں میں بہت فرق ہے ٹھیک ہے اگر کسی مذہب میں چوری جائز ہے تو ہم چوری کی اجازت نہیں دیں گے لیکن اگر کسی مذہب میں شراب مذہبی رسوم کیلئے لازمی جزو ہے تو ہم یقیناً اسکی اجازت دیں گے ۔ لیکن میں اپنے علم کی بنا پر یہ بات جانتا ہوں کہ اسوقت پاکستان میں بسنے والی کوئی غیر مسلم قوم ایسی نہیں ہے جسکے یہاں آج شراب اسکے مذہبی رسوم میں ایک جزو کی حیثیت رکھتی ہو ۔ جائز ہونا یا انکے مذہب میں منع نہ ہو یہ ایک اور بات ہے ۔ لیکن مذہبی رسوم کا جزو ہونا جسکے بغیر مذہبی رسوم ادا نہیں ہو سکتے ایسا میرے علم کی حد تک کوئی مذہب نہیں ہے اگر کوئی صاحب بتائیں گے تو میرے علم میں اضافہ ہوگا ۔ ایک اور صاحب نے غیر ملکی مہمانوں کا ذکر کیا تھا ۔ عجیب بات ہے کہ اللہ اور اللہ کے رسول نے فرمایا ہے کہ جس میز پر شراب ہو اس میز پر تم بیٹھ بھی نہیں

سکتے تو پھر غیر ملکیوں کی دعوت کیلئے ہمارے دل میں شراب کی کیسے گنجائش ہو گئی کیا اللہ اور اللہ کے رسول کے احکامات کی اتنی بھی وقعت نہیں کہ ہم کسی غیر ملکی مہمان کی تواضع سے تھوڑی دیر کیلئے قطع نظر کر سکیں۔ میں پوچھتا ہوں کہ آپ بھی تو غیر ملک میں جاتے ہیں کیا آپ کی مہمان نوازی کیلئے وہ اپنے اصول چھوڑ دیتے ہیں انگلینڈ اور امریکہ میں ذبیحہ نہیں ہوتا ہے اور وہاں جس طریقہ سے جانوروں کا گوشت استعمال کیا جاتا ہے۔

سید عنایت علیشاہ — پوائنٹ آف آرڈر۔ اگر یہ جملہ مجھ سے منسوب کیا گیا ہے تو میں اسکی وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔

مسٹر سپیکر — کونسا ؟

سید عنایت علیشاہ — یہ جو Foreign guests کو شراب سے نوازنے کے متعلق ہے۔ یہ بات ایسی نہیں تھی بلکہ یہ اسطرح سے کہی گئی تھی کہ غیر ملکوں سے جو مہمان یہاں آتے ہیں اگر انکے مذہب میں شراب جائز ہے تو ہمیں انکو سپلائی کرنے میں کیا اعتراض ہو سکتا ہے۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی — جناب تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ امریکہ اور انگلینڈ میں ذبیحہ نہیں ہوتا بلکہ جانوروں کو مار کر انکا گوشت استعمال کیا جاتا ہے وہ جو ہمارے مذہب کے لحاظ سے حرام ہے ہمارے پاکستانی بڑے سے بڑے صاحب جو دوسرے ممالک میں جاتے ہیں اور جب وہاں ذبیحہ نہیں ہوتا تو انکے لئے کس طریقہ سے گوشت کا انتظام کیا جاتا ہے میرے علم کی حد تک ایسا کوئی انتظام نہیں بلکہ میرے بہت سے ایسے دوست ہیں جنکو میں جانتا ہوں جو دوسرے ممالک میں رہتے ہیں اور وہ بہت پریشان ہیں کہ گوشت کا کیسے استعمال کریں۔ انگلینڈ میں لاکھوں کی تعداد میں مسلمان بستے ہیں کیا انھوں نے ان مسلمانوں کیلئے کوئی انتظام کیا ہے کہ مسلمانوں کو حلال گوشت مہیا کیا جائے۔ میں ان پر اعتراض نہیں کرتا میں صرف یہ بتانا چاہتا کہ ہر ملک کے کچھ اپنے اصول ہوتے ہیں ہر ملک اپنے کچھ نظریات رکھتا ہے

اور ہر ملک اپنے طریقہ اور رسم و رواج رکھتا ہے اور اپنے یہاں کچھ قوانین رکھتا ہے دوسرے لوگ جب اس ملک میں جاتے ہیں تو انکو چاہئیے کہ وہ ان قوانین کے ساتھ اپنے آپ کو adjust کریں - کسی ملک کے باشندوں کا یہ کام نہیں ہے کہ دوسرے ملک کے آنیوالے لوگوں کے اصول کے مطابق وہ اپنے آپ کو adjust کریں - ایک ملک میں اگر ۵ کروڑ ملکی رہتے ہیں اور انمیں دو ہزار غیر ملکی آئین تو ان دو ہزار غیر ملکیوں کو اس ملک کے رسم و رواج کے ساتھ اس ملک کے قوانین کے ساتھ اس ملک کے لوگوں کے ساتھ adjust کرنا ہوگا - یہ کوئی اصول نہیں ہے کہ ۵ کروڑ انسان دو ہزار غیر ملکیوں کے ساتھ رہنے کیلئے اپنے آپ کو adjust کریں اور اپنے قوانین میں تبدیلی کریں - ایک اور بات یہ کہی گئی تھی کہ یہ حکومت کا کام نہیں ہے کہ وہ شراب کو بند کر دے یہ عوام کا کام ہے - ہم قرآن کے حکم اور اللہ اور اللہ کے رسول کے حکم سے مجبور ہیں کہ ہم خود اسکو مانیں اور اسکی عزت کریں حکومت کا یہ کام نہیں کہ وہ قانون کے ذریعہ ان خرابیوں کو ختم کرے - میں سمجھتا ہوں کہ ایسا نہیں ہے بلکہ یہ حکومت ہی کا کام ہے اور اگر یہ حکومت کا کام نہ ہوتا تو اسے ملک کے دستور میں شراب پر پابندی کا ذکر نہ ہوتا اور صرف اس ملک کے دستور ہی میں نہیں بلکہ ہر زمانے میں مسلم حکومتوں نے اسبات کو قبول کیا ہے کہ یہ حکومتوں ہی کا کام ہے کہ قانون بنائیں اور اسکا نفاذ کریں مسلمان حکومتوں کا ذکر آیا ہے تو میں قائد ایوان کے ایک اعتراض کا جواب دیتا چلوں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آلہ وسلم سے لیکر آج تک ہزاروں حکومتیں قائم ہوئیں اور سب کے زمانے میں امتناع شراب کا قانون نافذ تھا لیکن اسکے باوجود شراب استعمال ہوتی تھی میں محترم قائد ایوان کی خدمت میں عرض کروں کہ اسکی وجہ کیا تھی اسکی وجہ یہ تھی کہ وہ حاکم اور وہ سربراہ خود گڑ کھاتے تھے اور جب وہ حاکم اور سربراہ خود گڑ کھاتے تھے تو وہ کسی اور کو گڑ کھانے سے منع نہیں کر سکتے تھے - جہانگیر شراب پیتا تھا شاہجہان

شراب پیتا تھا اکبر شراب پیتا تھا تو جب یہ لوگ خود شراب پیتے تھے تو اپنے ملک میں شراب بند کیسے کر سکتے تھے لیکن ان ہی حکومتوں کے زمانے میں جب کوئی نیک نفس پیدا ہوا جو گڑ خود نہیں کھاتا تھا تو اس زمانے میں شراب کے استعمال میں کمی ہوئی - تاریخ اسکی شاہد ہے - سلاطین بنی امیہ میں عمر بن عبد العزیز کا زمانہ دیکھئے اور دوسرے خلفائے بنی امیہ کا زمانہ دیکھئے تو آپ کو یہ محسوس ہوگا کہ جبتک قانون بنانے والوں نے خود اسکی پابندی اور اسکا احترام نہ کیا اسوقت تک قانون کا احترام نہ ہوا - آپ یہ کہتے ہیں کہ قانون بنانے سے برائیاں نہیں رکتیں میں بڑے ادب سے پوچھوں گا کہ قانون بنانے سے برائیاں نہیں رکتیں تو آپ کا Penal Code کس لئے ہے - آپ کہتے ہیں کہ چوری قانون کے باوجود ہوتی ہے - قانون موجود ہونے کے باوجود ڈاکے پڑتے ہیں اغوا کی وارداتیں ہوتی ہیں - کھانے میں ملاوٹ کیجاتی ہے اور اسی طرح سے دوسرے جرائم ہوتے ہیں تو پھر آپ نے چوری کو قابل دست اندازی پویس کیوں قرار دیا ہے اور ان جرائم کی روک تھام کیلئے کیوں قوانین بنائے ہیں ان سب کو چھوڑ دیجئے اور ملک کو آزاد کر دیجئے کہ جاؤ تم خود نیک بنو ہم قانون نہیں بناتے لیکن آپ ایسا نہیں کرتے - آپ جانتے ہیں کہ قانون ہی سے ان جرائم میں کمی ہوتی ہے سزاؤں سے ہاتھ رکتے ہیں - اگر ایسا نہ ہو تو قانون بالکل فضول ہے - اور اگر قانون کوئی اثر نہیں رکھتا تو یہ آپ کے افسروں کی نا فرض شناسی ہے کہ قانون موجود ہے لیکن اسکا احترام نہیں ہو سکتا یہ آپ کا کام ہے کہ آپ اسکا احترام کریں ہمسے اسکی وجہ نہ پوچھیے آپ حاکم کی حیثیت رکھتے ہیں آپ ۸—سال سے ملک میں حکمران ہیں آپ کے ہاتھ میں سارے اختیارات ہیں آپ کے ہاتھ میں ملک کی دولت ہے آپ کے پاس پولیس ہے آپ کے پاس فوج ہے اور آپ کے پاس سارے وسائل ہیں آپ کا کام ہے کہ آپ قانون بنائیں اور قانون کا نفاذ کریں اور قانون کا احترام کریں اور لوگوں کو مجبور کریں کہ وہ قانون کی پابندی کریں -

جناب والا — ایک اور میرے دوست نے نیویارک کی مثال دی تھی کہ وہاں کھربوں روپیہ خرچ کیا گیا اور اسکے باوجود شراب بند نہ ہو سکی میں انکی اطلاع کیلئے عرض کردوں کہ ہمیں نیویارک کی مثال نہ سنائیے وہاں جن لوگوں کیلئے امتناع شراب کا قانون نافذ کیا گیا تھا وہ مسلمان نہیں تھے ان کے پاس دین کی روشنی نہیں تھی انکے پاس وہ علم نہ تھا انکو دین کی شمع ہدایت سے روشنی نہیں ملی تھی ۔

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak : On a point of information.

Mr. Speaker : Not during the speech of a member.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak : I want to say something just now on a point of information.

Mr. Speaker : Under the rules there is no point of information.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak: I want to elucidate certain points because the Member has said something about Islam.

Mr. Speaker : Alright.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak : I would like to say to the Member to quote me the rule under which wine and spirits are prohibited as medicine for people who are suffering.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ دوسری بات میں یہ عرض کروں گا کہ اس وقت ملک میں امتناع شراب کا قانون غیر فطری تھا اس لئے کہ امریکہ میں ۹۰ فیصدی لوگ بلکہ سو میں سے ۹۵ آدمی شراب پینے کے عادی تھے ۔ تو صرف ایک قانون کے ذریعے امتناع شراب کر دینا ان کے ملک کے لئے غیر فطری تھا ۔ ہمارے ملک میں غیر فطری نہیں ہے اس لئے کہ ہم نے اس ملک کو اسلام کے نام پر حاصل کیا ہمارے ملک میں اسلام پر ایمان لانے والے لوگوں کی بہت بڑی تعداد بلکہ ساری کی ساری تعداد بستی ہے ۔ ہمارے ملک میں شراب نوشی کا وہ incidence نہیں ہے جو امریکہ میں تھا ۔ خود حکومت کے اعداد و شمار کے مطابق ہمارے ملک میں عشاریہ ایک فی صد لوگ شراب استعمال کرتے ہیں یعنی ہزار میں ایک آدمی اگر کسی ملک میں ہزار میں صرف ایک آدمی شراب استعمال کرتا ہو تو اس کی مثال یوں ہے کہ جس ملک میں ہزار میں سے ایک آدمی چوری کرتا ہو اور آپ چوری کو نہ روک سکیں ۔ تو اسی طرح آپ کے ملک میں ہزار میں سے ایک آدمی

شراب استعمال کرتا ہو اور اس کے لئے آپ شراب کی بندش
کا قانون نہ بنا سکیں - تو میں نہیں سمجھتا کہ اس میں کیا
چیز مانع ہو سکتی ہے اور اسکے کیا وجوہ ہو سکتے ہیں - آپ کہتے
ہیں کہ دستور میں گنجائش اس بات کی ہے کہ شراب کو دوا کے
طور پر استعمال کیا جائے - میں یہ عرض کروں گا جناب
رسول کریم سے پوچھا گیا کہ کیا ہم شراب کو دوا کے لئے
استعمال کر لیں تو آپ نے فرمایا یہ دوا نہیں ہے - ہمارے
لئے جناب رسول کریم کا حکم اس سے بہت زیادہ قیمتی ہے
اور بہت زیادہ وزن رکھتا ہے - ہمارے نزدیک وہ تعلیم اور وہ اصول
جو بشریت کے شہنشاہ نے دیا بہت قدر و قیمت رکھتا ہے -
ہم اسی کو مانیں گے اور اسی پر چلیں گے - اگر آپ کے دستور
میں سقم ہے تو اس کو دور کیجئیے یہ نہ کیجئیے کہ خود تو
بدلتے نہیں قرآن کو بدل دیتے ہیں - تو میں یہ عرض
کر رہا تھا کہ جس ملک میں عشاریہ ایک فی صدی لوگ
شراب استعمال کرتے ہوں اور وہ بھی عشاریہ ایک فی صد
لوگ وہ ہیں جو اسلام کے علمبردار ہوں - اور اسلام کے داعی
ہیں تو ضرورت اس بات کی ہے کہ ایک طرف آپکا قانون بھی
ہو اور دوسری طرف آپ کے پاس تبلیغ اور اشاعت کے - اپنے
نظریات کو پھیلانے کے تمام ذرائع موجود ہوں - نصف سے زیادہ
اخبارات آپکی قومی ملکیت میں داخل ہیں ریڈیو اور ٹیلی ویژن
آپکے پاس ہیں - ان کے وہ پروگرام جو مخرب اخلاق ہوں ان کو
بند کر کے لوگوں کو بتائیے کہ دین کے تقاضے کیا ہیں -
اس سلسلے میں زیادہ وقت صرف کیا جائے اور لوگوں کو بتایا جائے
کہ تمہارے اندر برائیاں کیا ہیں جو سرایت کر گئی ہیں اور
ان سے تمہاری ذات اور قوم کو کیا نقصان پہنچ رہا ہے تو
میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس عشاریہ ایک فی صد لوگوں کو شراب
سے آپ روک سکیں گے - میں قائد ایوان کو مبارک باد دیتا
ہوں کہ اس کمی کا انہیں اعتراف ہے اور میں سمجھتا ہوں
کہ شراب کے متعلق انہیں اتنی ہی پریشانی ہے جتنی کہ مجھے -
یقیناً مجھے ان سے یہی توقع تھی - یہ کہیں باہر سے آئے
ہوئے ہیں - ہمارے ملک کے ہی شہری ہیں - کوئی
وجہ نہیں کہ جو میرے دل میں خلش موجود ہے اس کی

جبھن آپ محسوس نہ کر رہے ہوں یقیناً محسوس کر رہے ہوں گے - تو میں پوچھتا ہوں کہ آپکا طرز عمل اس سلسلے میں کیا ہے - زمام حکومت آپکے ہاتھ میں ہے - شراب کی درآمد اور شراب کے پینے والے مسلمانوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے تو آپ نے اس کے لئے کیا کیا - جو اس کے نتائج اور اس کے اثرات ہونے چاہئیں تھے وہ کم از کم میری نظروں سے پوشیدہ ہیں لیکن پھر بھی میں آپکے جذبات کی قدر کرتا ہوں لیکن فرق یہ ہے کہ ہم عوام ہیں - ہم صرف اپنے جذبات کا اظہار کر سکتے ہیں - آپکے پاس قوت ہے - آپ اپنے جذبات کو قوت کے ذریعے نافذ کر سکتے ہیں - آپ کے پاس قوت نافذہ موجود ہے کہ آپ برائیوں کو ختم کر سکیں اور اچھائیوں کو نافذ کر سکیں اور جناب رسول کریم کے لائے ہوئے دین کو قائم کر سکیں - جب تک آپ عملی کوشش نہیں کریں گے تب تک کام نہیں چلے گا - ہم زبانی وعدوں پر بہت رکھے جاتے رہے ہیں اور اگر زبانی وعدوں پر ہم یقین کرتے تو اب تک خوشی سے ہم مر چکے ہوتے -

Mr. Speaker: I will now put the Resolution.

The question is —

That this Assembly is of the opinion that the drinking of Liquor should be prohibited totally in the province of west Pakistan.

The motion was carried.

re-HOLDING OF ELECTIONS TO THE OFFICE OF THE PRESIDENT, NATIONAL AND PROVINCIAL ASSEMBLIES ON THE BASIS OF DIRECT ADULT FRANCHISE

Mr.Speaker: Next Resolution by Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : I beg to move —

That this Assembly is of the opinion that the Provincial Government should recommend to the Central Government that in future the elections to the office of the President, National and Provincial Assemblies should be held directly on the basis of adult franchise.

Mr.Speaker : The Resolution moved is:

That this Assembly is of the opinion that the Provincial Government should recommend to the Central Government that in future the elections to the office of the President, National and Provincial Assemblies should be held directly on the basis of adult franchise.

Is there any objection?

Minister of Revenue (Khan Habib Ullah Khan) : Yes, Sir.

Mr. Speaker: Yes, Khawaja Sahib.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱)—جناب والا - جس طرح کئی ایک مسائل میرے ان محترم بزرگوں نے ان حکمرانوں نے اس ملک میں

اور اس صوبہ میں پیدا کئے ہیں ان نئے مسائل میں سے ایک مسئلہ یہ بھی ہے کہ آیا اس ملک اور صوبے کی اسمبلیاں اور اس ملک کے صدر بلا واسطہ طریق انتخاب سے منتخب ہوں یا بالواسطہ طریق انتخاب سے ہمارے خیال میں یہ مسئلہ ایک مدت ہوئی طے ہو چکا تھا لیکن ہمارے ان رہنماؤں نے اس طے شدہ مسئلے کو از سر نو الجھا دیا اور اس الجھاؤ کو ہمارے چند رہنما اس ملک میں جاری رکھنا چاہتے ہیں - اس لئے میں نے ضروری سمجھا کہ اس معزز ایوان میں اس مسئلے کو پیش کیا جائے تاکہ اس کے حسن و قبح کے متعلق اس معزز ایوان کے معزز ارکان اپنی رائے کا اظہار کر سکیں - اس سے پیشتر جناب والا کہ میں موجودہ صورت حال میں ان ضروریات اور ان مقتضیات کا ذکر کروں جن کی وجہ سے میری رائے میں ہمارے ان نمائندہ ایوانات کا اور جناب صدر کے عہدہ کے لئے بلاواسطہ طریق انتخاب ضروری ہے میں یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ میں دنیا کے اس حصے کی آئینی تاریخ کی طرف آپ کی توجہ دلاؤں کہ کس طرح مختلف ادوار میں اس مسئلے کے متعلق سوچا گیا اور عمل کیا گیا - جناب والا آج سے تقریباً ۵۶ سال قبل جب متحدہ ہندوستان میں Minto Morley Reforms نافذ ہوئیں تو پہلی بار اس خطے کو انتخابات کا حق دیا گیا اس سے پہلے اگرچہ وائسرائے کی مشاورتی کونسل موجود تھی لیکن وہ سب نامزد گیان ہوا کرتی تھیں - ۱۹۰۹ میں پہلی بار مختلف سطحات پر محدود فرینچائز کی بنا پر انتخابات رائج کئے گئے - وہ محدود انتخابات کیا تھے - اس ملک کی میونسپل کمیٹیوں اور ڈسٹرکٹ بورڈوں کے ممبران کو یہ حق دیا گیا کہ وہ اپنے نمائندے چن کر کونسلوں میں بھیجیں - اس سے ٹھیک دس سال بعد اس طریق کار کو ترک کر دیا گیا - اور اس ملک کے بسنے والوں کو انگریز حکمران نے اس قابل سمجھا کہ یہاں انتہائی محدود فرینچائز کو بلا واسطہ انتخاب کی بنیاد کر دیا جائے - اور اس ضمن میں جائیداد کی پابندی عائد کر دی گئی - جن لوگوں کو ووٹ کا حق حاصل ہوا وہ بڑی بڑی جائدادیں رکھتے تھے - لیکن ایک بین فرق یہ پیدا ہوا - کہ میونسپل کمیٹیوں اور ڈسٹرکٹ بورڈوں کے اراکین سے یہ حق لے لیا گیا - اور بالواسطہ انتخاب کا طریق ترک کر دیا گیا اور اس کی جگہ بلاواسطہ طریق انتخاب رائج کیا گیا -

رانا پھول محمد خان — جناب سپیکر۔ میرے خیال میں کورم نہیں ہے۔

Mr. Speaker : Let there be a count. (*Count was taken*) The House is in quorum. Yes, Khawaja Sahib.

خواجہ محمد صفدر — جناب والا ۔ میں گذارش کر رہا تھا کہ انگریز حاکموں نے بتدریج دنیا کے اس خطے میں بسنے والے محکوموں کو اس قابل سمجھا کہ وہ ۱۹۱۹ میں بلا واسطہ طریق انتخاب سے اپنے ممبران اسمبلی چنیں ۔ اگرچہ جن لوگوں کو ووٹ کا حق حاصل تھا ان کی تعداد نہایت مختصر تھی ۔ اس کے بعد ۱۹۳۵ میں نئی اصلاحات ہوئیں ۔ اب بھی طریق انتخاب بلا واسطہ رکھا گیا اور انتخاب میں حصہ لینے والے ووٹر صاحبان کی تعداد میں بے پناہ اضافہ کیا گیا ۔ اگرچہ تمام بالغان کا حق رائے دہی تسلیم نہ کیا گیا ۔ جناب والا ۔ اس زمانہ سے لے کر ۱۹۵۱ تک پاکستان میں بلا واسطہ انتخاب کا وہی طریقہ رائج رہا جو انگریز نے یہاں جاری کیا تھا ۔ جناب والا ۔ وقت میرے پاس کم ہے اگر جناب قائد ایوان اجازت دیں اور اسے قبول فرمائیں تو وقت کو بڑھایا جا سکتا ہے ۔

Minister of Revenue : I have no objection if it is continued tomorrow. He may continue his speech tomorrow.

Khawaja Muhammad Safdar : Thank you very much. I am extremely grateful to the Leader of the House.

تو جناب والا ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ مسئلہ متنازعہ فیہ اس وقت یہ ہے کہ آیا اس ملک میں بلا واسطہ انتخاب ہو یا بالواسطہ انتخاب ہو ۔ بات بالکل واضح ہے خود آئین میں یہ بات رکھی گئی ہے کہ اس ملک کے حاکم عوام ہیں ۔ اور وہ اس ملک میں حکومت کریں گے ان نمائندوں کے ذریعہ جن کو وہ خود چنیں گے ۔ جناب والا ۔ یہ چیز آئین کے Preamble میں صفحہ ایک پر دی ہوئی ہے ۔

"And whereas it is the will of the people of Pakistan that the State should exercise its power and authority through the representatives chosen by the people."

یہ تمہید بالکل واضح ہے ۔ وہ لوگ اس ملک میں حکمران ہونگے اس ملک کی اسمبلیوں میں بیٹھیں گے جنہیں اس ملک کے عوام چنیں گے ۔ یہ ہمارے آئین کی تمہید ہے ۔ لیکن اس تمہید کا

مطلب اس آئین میں آگے چل کر یہ نکالا گیا ہے کہ ایک شخص کا ووٹ جس میں یہ خوبیاں ہونگی اس یونٹ میں درج کیا جائے گا ۔ اور ایک سو پچپن تا ستاون چار سیکشنوں میں بالواسطہ ووٹ کا طریق دیا گیا ۔

جناب والا ۔ دیکھنا یہ ہے کہ اس طریق کار میں کیا خوبی اور کیا برائی ہے اور بلا واسطہ طریق انتخاب میں کیا برائی اور کیا خوبی ہے ۔ مجھے یقین ہے کہ سارے کا سارا ایوان اس بات پر متفق ہے کہ اس ملک کے لوگوں کو رائے دہی کا حق ہونا چاہیئے ۔ بلکہ اکثر حالات میں میرے محترم راہنما جن کا تعلق حکومت سے ہے وہ بھی بار بار کہہ چکے کہ یہاں تو رائے بالغ رائے دہی موجود ہے اس لئے میں اس وقت اس پوائنٹ کی طرف نہیں آؤں گا ۔ اگر کسی دوست نے اسے چھیڑا تو اپنی جوابی تقریر میں اس کے متعلق گذارشات کروں گا ۔ میں Presume کرتا ہوں کہ حکومت کے نزدیک یہ طے شدہ امر ہے کہ یہاں کے عوام کو بالغ رائے دہندگی کا حق ہونا چاہیئے ۔ اب رہ گیا یہ مسئلہ کہ آیا ہم کسی واسطہ کے ساتھ یہ حق استعمال کریں گے یا بغیر کسی واسطہ کے ۔ ہم نے ہر دو طریق کار کے حسن و قبح پر بحث کرنی ہے اور پھر انشاء اللہ ہم اس نتیجہ پر پہنچیں گے کہ کون سا طریق کار ہمارے ملک کے لئے بہتر ہے ۔

Mr. Speaker: The House now stands adjourned till 8-00 a.m. tomorrow.

The Assembly then adjourned till 8-00 a.m. on Friday, the 2nd July, 1965.

3692 P.L.A.—600—30-12-65—S, M. Forms Press, West Pakistan Lahore.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FIRST SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Friday, the 2nd July, 1965.

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8·00 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi, (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ۗ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْٓا
اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ
اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ
بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ
مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى
رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝ اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ وَالَّذِيْنَ
هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ۝

(پ ۱۴ ۔ س ۱۶ ۔ ع ۱۹ ۔ آیات ۹۶ تا ۱۰۰)

جو کچھ تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جاتا ہے۔ اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ باقی رہے گا اور جن لوگوں نے صبر و استقامت سے کام لیا ہم ان کو ان کے اعمال کا بہت اچھا صلہ دیں گے۔ جو شخص اچھے کام کرے گا خواہ مرد ہو یا عورت اور وہ مومن بھی ہوگا۔ تو ہم اس کو (دنیا میں) پاک اور عیش کی زندگی بسر کرائیں گے اور آخرت میں ان کے اعمال کا نہایت اچھا صلہ دیں گے۔ اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطن مردود سے پناہ مانگ لیا کرو کیونکہ جو مومن ہیں اور اپنے پروردگار پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ اُن پر اس کا زور نہیں چلتا اس کا زور تو ان لوگوں پر چلتا ہے۔ جو اس کو رفیق بناتے ہیں۔ اور اُس کے (وسوسے کے) سبب سے اللہ کے ساتھ شریک مقرر کرتے ہیں۔ وَمَا عَلَيْنَا الَّا الْبَلَاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker : Now the Question Hour.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Mr. Speaker, Sir, I promised yesterday to make a statement in connection with questions. Unfortunately Khawaja Sahib is not here.

Mr. Speaker : Let him come. Khan Ajoon Khan Jadoon.

DISTRIBUTION OF FERTILIZERS TO ZAMINDARS THROUGH UNION COUNCILS

*75. **Khan Ajoon Khan Jadoon :** Will the Parliamentary Secretary, Agriculture, be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the zamindars of Tehsil Sawabi and Mardan District have been procuring Ammonium Sulphate at much higher rate in open Market since the appointment of stockists who generally put off the customers on one pretext or the other ;

(*b*) whether it is also a fact that the Fertilizers Stockists of former North-Western Frontier Region have failed to supply Ammonium Sulphate to zamindars at proper time and fixed rates as a result of which the zamindars have suffered heavy losses ;

(*c*) if answers to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether Government intend to arrange the distribution of Fertilizers to zamindars through Union Councils ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں غلام محمد احمد خان مانیکا) - (الف) و

(ب) ایسی کچھ شکایات موصول ہوئی ہیں -

(ج) جی ہاں -

سید عنایت علی شاہ - جناب والا - کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ مصنوعی کھاد کی قلت مصنوعی نوعیت کی ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا - مصنوعی کھاد کی قلت ضرور ہے کیونکہ اس کی ڈیمانڈ بہت بڑھ چکی ہے - اب اس کے نظام تقسیم میں تبدیلی کی جا رہی ہے جس سے قلت دور ہو جائے گی -

سید عنایت علی شاہ - اگر ۸ روپیہ فی بوری کھاد خریدنا چاہیں تو نہیں ملتی ہے اور اگر ۲۲ یا ۲۴ روپیہ کے حساب سے بازار سے خریدنا چاہیں تو ایسی دس ہزار بوریاں لے لیں - اس کی کیا وجہ ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا - اسی لئے اس قلت کو دور کرنے کے لئے نظام تقسیم میں تبدیلی کی جا رہی ہے -

خان اجون خان جدون - جناب والا - جواب میں کہا گیا ہے ''ایسی کچھ شکایات موصول ہوئی ہیں،، یہ سوال تحصیل صوابی کے متعلق کیا گیا تھا - کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ وہاں پر سٹاکسٹس کے پاس کھاد جب نہیں ہوتی تھی تو اس وقت بازار میں عام طور پر ۱۶ تا ۲۲ روپے کھاد بکتی رہی تھی - جب آپ کے پاس شکایات پہنچیں تو آپ نے بلیک میں کھاد بیچنے والوں کے خلاف کوئی کارروائی کی ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا - اس کے لئے fresh notice کی ضرورت ہے -

خان محمد یوسف - جناب والا - کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ تبدیل شدہ نظام میں کیا طریقہ اختیار کیا گیا ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - یونین کونسلوں کے ذریعہ کھاد تقسیم کی جائے گی -

سید عنایت علی شاہ - کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب معزز ایوان کو یہ یقین دلائیں گے کہ اس ضمن میں جتنی غلط کارروائیاں ہوئی ہیں ان کے ذمہ دار لوگوں کے خلاف یا سٹاکسٹس جنہوں نے غلط اقدام کئے ہیں ، ان کے خلاف کارروائی کی جائے گی ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - ان کے خلاف ہمیشہ ایکشن لیا جاتا رہا ہے - اگر کوئی نئی چیز ہے تو آپ ہمیں بتائیں ہم ایکشن لیں گے -

خان محمد یوسف - جناب والا - کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ main distributor کون ہوگا ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - کوآپریٹو ڈیپارٹمنٹ ہوگا -

خان اجون خان جدون - جناب والا - پہلے جو سسٹم رائج تھا اس سے تجربہ ہوا ہوگا کہ بلیک کون کرتا ہے - سٹاکسٹس کرتا تھا یا پی آئی ڈی سی کرتی تھی ؟

Mr. Speaker : That is a question of opinion.

Khan Ajoon Khan Jadoon : They must have investigated.

Mr. Speaker : If the member wants information on this point, he may put a separate question.

ESTABLISHMENT OF SUGAR MILLS IN THE PROVINCE ON CO-OPERATIVE BASIS

*102. **Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Parliamentary Secretary, Co-operation be pleased to state :—

(*a*) whether there is any scheme for the establishment of sugar mills in the province on Co-operative basis ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, (*i*) details thereof, (*ii*) the present stage of the scheme, (*iii*) proposed locations of the Mills and (*iv*) approximate time by which the said sugar mills would start functioning ;

(*c*) whether after the installation of the said mills sugar will be available to consumers on cheap rates ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (*a*) Yes.

(*b*) (*i*) Bannu Co-operative Sugar Mills, established by WPIDC is a co-operative venture.

(*ii*) The Mill went into trial crushing during the last crushing season.

(*iii*) Sarai Naurang approximately 14 miles along Bannu, Dera Ismail Khan Road.

(*iv*) The Mill will go into operation by November, 1965.

(*c*) The operation of the Mill for the first two or three years will not make any difference on the prices of sugar due to the short supply of sugarcane which will take time in developing.

خان اجون خان جدون - جناب والا - پچھلے سال اسی قسم کا ایک سوال کیا گیا تھا جس کے جواب میں یہ بتایا گیا تھا کہ شوگر مل پشاور co-operative basis پر قائم کی جائے گی -

قاضی محمد اعظم عباسی - کیا پشاور ڈویژن میں کوئی کوآپریٹو شوگر مل قائم نہیں کی جائے گی ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - پشاور میں کوآپریٹو شوگر مل کی تو کوئی سکیم نہیں ہے البتہ ایک حبیب شوگر مل کی تجویز زیر غور ہے -

قاضی محمد اعظم عباسی - ہم نے تو سنا تھا کہ ایک کوآپریٹو شوگر مل پشاور کے علاقے میں قائم ہوگی بلکہ اس کے حصص بھی فروخت ہو رہے ہیں - کیا یہ درست ہے ؟

مسٹر سپیکر ۔ آپ اس کے لئے ایک fresh question دیں تو اس کا جواب طلب کر لیا جائے گا ۔

FOREMAN OF MILK PROCESSING PLANT COLLEGE OF ANIMAL HUSBANDRY, LAHORE

*116. **Mr. Hamza :** Will the Parliamentary Secretary, Agriculture be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Foreman who operates the Milk Processing Plant in the College of Animal Husbandry, Lahore is an unqualified and one-legged man ;

(*b*) whether it is a fact that the said Foreman was declared medically unfit for Government service by the Medical Authorities some time ago ;

(*c*) if answers to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, reasons for retaining the said Foreman in service ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں غلام محمد احمد خان مانیکا) ۔ (الف) ۔ جی نہیں ۔ اس کے پاس الیکٹرک مکینیکل انجنیئرنگ کا ڈپلوما ہے ۔ اس کی ٹانگ کام نہیں کرتی ۔

(ب) جی ہاں ۔

(ج) فورمین عارضی طور پر لگایا گیا ہے ۔ جونہی موزوں آدمی میسر آ جائے گا اس کو بدل دیا جائے گا ۔ اس کے متعلق کوشش کی جا رہی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا سارے مغربی پاکستان میں ان qualifications کا کوئی آدمی advertise کرنے کے باوجود نہیں ملا ؟

Parliamentary Secretary : Employment Exchange as well as advertisement . . . . . .

مسٹر حمزہ - کیا آپ نے ان اشتہارات میں یہ شرط بھی درج کی تھی کہ امیدوار کی ایک ٹانگ بھی ٹوٹی ہوئی ہو ؟ (قہقہہ)

مسٹر سپیکر - آرڈر - آرڈر -

مسٹر محمود اعظم فاورقی - کیا آپ نے اخبارات میں اشتہار دیا تھا ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - جی advertise کیا تھا -

MR. AMIN-UD-DIN AHMED L. V. P. DAIRY BACTERIOLOGIST COLLEGE OF ANIMAL HUSBANDRY, LAHORE

*117. **Mr. Hamza :** Will the Parliamentary Secretary, Agriculture be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that one Mr. Amin-ud-Din Ahmed, L. V. P. who is trained in the processing of Skins and Hides is at present posted as Dairy Bacteriologist and Incharge of Milk Processing Plant in the Dairy Section of the College of Animal Husbandry, Lahore ;

(*b*) whether it is a fact that the above named officer has got no experience in Dairy Bacteriology with the result that a big quantity of milk often coagulates while being processed in the above said plant and is thus wasted ;

(*c*) whether it is a fact that Dr. Muhammad Yusuf Vaid, B. V. Sc., M. Sc. (Bacteriology) presently Assistant Professor of Pharmacology in the said college was specially trained by the Department concerned in the line of Milk Processing ;

(*d*) if answers to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, reasons for not appointing the said Dr. Muhammad Yusuf Vaid as Dairy Bacteriologist in the said college ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں غلام محمد احمد خان مانیکا) ۔ (الف) ۔ جی ھاں ۔ وہ لیدر ٹیکنالوجی کے سپیشلسٹ ھیں اور ایک مستند بکٹیریالوجسٹ ھیں ۔

(ب) جی نہیں ۔ افسر مذکور بکٹیریالوجی میں تربیت یافتہ ھیں ۔ لیکن دودھ کے پلانٹ کو چلانے کے لئے بکٹیریالوجی میں کسی خاص تربیت کی ضرورت نہیں ھوتی ۔ گذشتہ گرمیوں کے مہینوں میں پروسیسنگ کے لئے رکھا ھوا دودھ بجلی بند ھو جانے کی وجہ سے خراب ھو گیا تھا ۔

(ج) مسٹر محمد یوسف وید خصوصی طور پر ڈیری ٹیکنالوجی میں سند یافتہ نہیں ھیں جس کی پروسیسنگ کے مقصد کے لئے ضرورت ھوتی ھے ۔ وہ فی الحقیقت کالج آف اینیمل ھسبنڈری میں فارماکولوجی کے پروفیسر کی آسامی پر تعینات ھیں ۔

(د) چونکہ مسٹر محمد یوسف وید کالج آف اینیمل ھسبنڈری لاھور میں فارماکولوجی کے پروفیسر کی حیثیت سے تعینات ھیں اس لئے ویٹرنری فارماکولوجی میں ان کے ۱۲ سالہ تدریسی تجربے کے پیش نظر انہیں پروسیسنگ کے شعبے میں تعینات کرنے کا سوال پیدا نہیں ھوتا ۔

AUCTION OF PLOTS FOR THE CONSTRUCTION OF GRAIN-MARKET, MAMU-KANJAN DISTRICT LYALLPUR

*118. **Mr. Hamza**: Will the Parliamentary Secretary, Agriculture be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the lay-out plan of Grain-Market, Mamu-Kanjan, District Lyallpur has been sanctioned and it was duly published in August, 1964 ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether the plots of land for the proposed market have been auctioned ; if not, reasons for the delay and the time by which these plots will be auctioned ?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmed Khan Maneka) : Sir this question relates to the Board of Revenue.

Syed Inayat Ali Shah : Supplementary question Sir.

Mr. Speaker : He has not replied to that question.

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ کیا جب ایک سوال ایک محکمہ سے تعلق نہ رکھتا ہو تو اسے straightaway متعلقہ محکمہ کے پاس نہیں بھیجا جا سکتا ؟

مسٹر سپیکر ۔ جب ایک سوال پوچھا جاتا ہے تو اسے اس دفتر میں deal کیا جاتا ہے اور یہ معلوم ہو جائے کہ یہ اس محکمہ سے relate نہیں کرتا تو اس سوال کو دوسرے محکمے کی طرف منتقل کر دیا جاتا ہے جس سے وہ relate کرتا ہو ۔ اب جس محکمہ سے اس کا تعلق ہے جب اس محکمے کی باری آئے گی تو آپ کو اس دن ضرور جواب مل جائے گا ۔

SUPPLY OF FERTILIZERS IN THE PROVINCE

***129. Khan Ajoon Khan Jadoon :** Will the Parliamentary Secretary, Agriculture, be pleased to state :—

(*a*) the estimated requirements of fertilizer in each Division of the Province during the year 1963-64 ;

(*b*) the quantity of fertilizer supplied to each Division through stockists etc., during the above period ;

(*c*) whether it is a fact that a great deal of shortage of fertilizer was experienced in some of the districts of Peshawar Division during the above

period ; if so, reasons therefor and the action Government intend to take to avoid such a situation in future ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں غلام محمد احمد خان مانیکا) ۔ (الف) و (ب) مطلوبہ معلومات کی تفصیل ایوان کے میز پر رکھ دی گئی ہے§ ۔

(ج) مصنوعی کھاد کی زیادہ مانگ کی وجہ سے پشاور ، مردان اور ہزارہ کے اضلاع کو اس کی قلت کا سامنا کرنا پڑا ۔ در حقیقت یہ صورت حال تمام اضلاع میں تھی ۔ ویسٹ پی ۔ آئی ۔ ڈی ۔ سی کی فیکٹریوں میں مصنوعی کھاد جو مقامی طور پر تیار کی جاتی ہے مانگ کو پورا نہیں کر سکتی ۔ اور اس کی معمولی سی مقدار درآمد کی گئی تھی ۔ بہر حال انتظامات کئے جا رہے ہیں تاکہ سال رواں میں مزید مصنوعی کھاد درآمد کی جائے اور دو تین فیکٹریاں بھی لگائی جائیں ۔

خان اجون خان جدون ۔ یہ figures جو requirement اور سپلائی کر دی گئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر کسی ڈویژن مثلاً پشاور ڈویژن کی requirement ۳۲ ہزار ٹن فرٹیلائزر کی تھی تو اس کو ۳۳ ہزار ۸ سو سے بھی زیادہ کھاد سپلائی کی گئی ۔ میں پوچھتا ہوں کہ پھر shortage کہاں سے ہو جاتی ہے اور بلیک مارکیٹ کیسے ہوتی ہے ؟

دوسری مثال انہی فگرز سے یہ دی جا سکتی ہے کہ اگر کل requirement ۲ لاکھ ۳۰ ہزار ٹن کھاد کی تھی تو وہاں ۲ لاکھ ۷۲ ہزار ایک سو اڑتیس ٹن کھاد سپلائی کی گئی ۔ جب سپلائی مانگ سے بڑھ جائے تو بلیک اور قلت پیدا ہی نہیں ہو سکتی ۔

§Please see Appendix I at the end.

پارلیمنٹری سیکرٹری - یہ requirement محکمہ نے خود نکالی تھی دراصل لوگوں کی ڈیمانڈ اس سے کہیں زیادہ تھی -

خان اجون خان جدون - کیا آپ کی تیار کردہ requirement کی figures غلط نہیں تھیں ؟

مسٹر سپیکر - جب لوگوں کی ڈیمانڈ محکمہ کی تیار کردہ Requirement کی figures سے زیادہ تھیں تو صاف ظاہر ہے کہ یہ محکمانہ اعداد و شمار غلط تھے -

خان اجون خان جدون - اگر یہ محکمہ غلط figures نکالتا ہے تو کیا اس کے اہل کار نا اہل نہیں ؟ اور لوگوں کی اصل مانگ زیادہ ہونے کی صورت میں کیا گورنمنٹ کھاد امپورٹ نہیں کرے گی ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - ہم نے پچھلے سال کی ڈیمانڈ کے برابر امسال کی ڈیمانڈ مقرر کی تھی لیکن ڈیمانڈ اس سال بڑھ گئی ہے اور یہ واقعی سپلائی سے زیادہ ہے -

چودھری محمد نواز خان - کیا آپ آئندہ پچاس سال تک اس پچھلے سال کی مانگ کو ہی بنیاد بنائے رکھیں گے یا سال بسال ضرورت کے مطابق حساب لگائیں گے ؟

حاجی عطا محمد - آپ کب تک اسی حساب پر چلیں گے؟

مسٹر سپیکر - ان کا طریق کار بدل گیا ہے اب وہ کوآپریٹو محکمہ کے ذریعے مانگ مقرر کریں گے -

چودھری محمد نواز خان - ہم نے سنا ہے کہ پی - آئی - ڈی - سی اور کوآپریٹو محکمے کے علاوہ ایک اور محکمہ ان کے اوپر کام کرے گا جس کا upper hand ہوگا - کیا وہ بن گیا ہے ؟

Mr. Speaker: Actually this question relates to the Co-operative Department and the member should give a fresh notice for that. If he wants an immediate answer, then he may please give notice of a Short Notice Question. The Parliamentary Secretary will accept it and give a reply shortly.

POSTS OF REGIONAL REGISTRARS OF CO-OPERATIVE SOCIETIES

*135. **Khan Ajoon Khan Jadoon:** Will the Parliamentary Secretary, Co-operation be pleased to state :—

(*a*) the number of posts of Regional Registrars of Co-operative Societies in West Pakistan alongwith pay scale of each of the said posts ;

(*b*) the date on which the Selection Board last selected candidates for appointment as Regional Registrars alongwith the names of candidates selected by the said Board and the names of the Regions to which each of them originally belong ;

(*c*) whether it is a fact that despite selection having been made by the selection Board, non-selected officers are still holding the posts of Regional Registrars ; if so, (*i*) their names and (*ii*) reasons thereof ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum): (*a*) Besides 6 posts of Regional Registrars, there are two posts in the same scale of pay, *i.e.*, (1) Principal, West Pakistan Co-operative Training College, and (2) Chief Auditor.

(*b*) The Selection Board made the selection on 13th October 1964. It was communicated to the Department on 30th October 1964. Following officers belonging to the Regions noted against their names, were selected :—

Name	*Region*
(1) Mr. Said Hussain Khan	... Punjab.
(2) Syed Wajid Ali Gilani	... Do.
(3) Qazi Muhammad Asad	... Do.
(4) Rai Ghulam Muhammad Bhatti	... Do.
(5) Ch. Muhammad Sharif	... Do.
(6) Ch. Mumtaz Ahmad Cheema	... Do.
(7) Mr. Ghias-ud-Din Ahmad	... Karachi.
(8) Mr. Muhammad Amin Jan Khan	... N. W. F. P.

Officers at serial No. 5 and 6 were appointed as Principal and Chief Auditor, respectively while the remaining six were appointed as Registrars, Co-operative Societies.

(*c*) No.

Khan Ajoon Khan Jadoon : I had asked in my question about the pay scales. My question was :

> "the number of posts of Regional Registrars of Co-operative Societies in West Pakistan alongwith pay scale of each of the said posts ;"

In the reply to this question no pay scales have been given.

Parliamentary Secretary : Pay scale of Regional Registrar . . . . .

Mr. Speaker : It is not there in the reply.

Parliamentary Secretary : But I can supplement it.

Mr. Speaker : But it should have been in the reply.

Parliamentary Secretary : The pay scale is Rs. 1600-50-1700.

مسٹر سپیکر - لیکن سوالات کے جواب تیار کرتے وقت ان باتوں کا خاص طور پر خیال رکھا جائے کہ کوئی information بھی omit نہ کی جائے -

پارلیمنٹری سیکرٹری - بہت اچھا جناب - آئندہ ایسا ہی ہوگا -

RECLAMATION OF THE LAND IN GHULAM MUHAMMAD BARRAGE AREA

*141. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Parliamentary Secretary, Agriculture be pleased to state :—

(*a*) the acreage of cultivable and non-cultivable land affected by water-logging and salinity in Ghulam Muhammad Barrage Area ;

(*b*) the steps taken or intended to be taken by Government for the reclamation of the said land alongwith the estimated cost thereof ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں غلام محمد احمد خان مانیکا) - (الف) - واپڈا کے مشیروں کے سروے کے مطابق غلام محمد بیراج میں تھور و سیم سے قابل کاشت و ناقابل کاشت متاثر شدہ اراضی کل ۲۰,۶۸,۰۰ ایکڑ ہے -

(ب) سارے غلام محمد بیراج کے لئے سطحی آب نکاسی کے پراجیکٹ کی تعمیر کا کام ۱۵۰۲۴ کروڑ روپے کی لاگت سے پہلے ہی جاری ہے - گوجرہ دوامی انہار کے علاقے میں پانی کی سطح کم کرنے اور اصلاح اراضی کے لئے ۱۰۵۵ کروڑ روپے کی لاگت کا پراجیکٹ تیار کر لیا گیا ہے جو زیر تکمیل ہے - غلام محمد بیراج کے دوامی انہار کے دیگر علاقے کے لئے نکاس آب و اصلاح اراضی کے منصوبے واپڈا کے مشیروں کی تحقیقات مکمل ہو جانے پر تیار کئے جائیں گے - ان منصوبوں پر لاگت کا تخمینہ مشیروں کی سفارشات موصول ہونے پر ہی لگایا جا سکتا ہے - غیر دوامی انہار والے علاقوں میں پانی کی سطح کم کرنے کے منصوبے پہلے ہی زیر تکمیل ہیں اور توقع ہے کہ اس منصوبے سے سیم پہ قابو پا لیا جائے گا -

خان اجون خان جدون - جناب والا - غلام محمد بیراج میں لوگوں نے زمینیں auction میں خریدی تھیں - آپ نے جو اعداد و شمار دئے

ہیں ۔ ان میں سے اکثر water-logged ہو چکی ہیں ۔ اور یہ رپورٹ کافی زمینوں پر مل چکی ہے کہ یہ unfit for cultivation ہیں ۔ اور وہ بھی for the coming 50 years ۔ ان لوگوں کے متعلق آپ کیا کریں گے ۔ کیا انہیں exchange میں زمین دیں گے یا ان کے پیسے واپس کریں گے ۔

What are you going to do about it ?

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ اس کے لئے fresh notice کی ضرورت ہے ۔

Prior to the construction of Marala-Ravi Link, the area on these channels was dependent for irrigation on rain water only.

2. In the Marala-Ravi Link Project it is specifically mentioned that about 2,000 cusecs are to be used for irrigation enroute (i.e., in Sialkot District) whenever it is available after meeting the full transfer requirements of the Link. It has to be stated very regretfully that Marala-Ravi Link has not been able to deliver so far the discharge required for the Sutlej Valley canals. Therefore, the demand of supplies enroute could not be met. In facts, upto the end of June, 1965, the maximum discharge of 14096 cusecs only has been delivered by the Marala-Ravi Link from river Chenab to the Ravi against the full requirements of 18,000 cusecs. Consequently, the Officers have not been able to meet the demand on Marala-Ravi channels so far.

3. This is not any exceptional situation. Every year the same hydrograph practically repeats.

§Ref: Starred Question No. 73 asked on 1st July, 1965.

In the year 1964, these channels on Marala-Ravi Link were opened on 6th July, 1964 inspite of the fact that a Member of this House brought an adjournment motion for the opening of these canals on 16th June, 1964. It was explained even then that these direct distributaries of Marala-Ravi Link are entitled to draw water from the Link during such periods when supplies are surplus to the needs of Sutlej Valley canals.

4. At present the Sutlej Valley canals, which have a prior right, are running short by about 2,500 cusecs. The Sutlej River, however, has just started rising and it is expected that the Distributaries will be opened very soon after meeting the acute shortage in the Sutlej Valley canals. These Marala-Ravi channels are then likely to run continuously until the river falls again at the end of the flood season.

5. The House will appreciate that if the channels off taking from Marala-Ravi Link are opened before a reasonable discharge stage in the Marala-Ravi Link, they will be drawing supplies at the expense of Sutlej Valley channels which have a prior right. Conditions in the Marala-Ravi Link are, however, likely to improve when the new Marala Barrage below the existing weir is completed after about three years."

Sir, details of the last year are available and I will pass the information on to the Leader of the Opposition if he is interested.

Khawaja Muhammad Safdar : Thank you.

خان عبد الستارخان مہمند (مردان۔ ۲) ۔ جناب سپیکر صاحب ۔ کل میں نے اس ایوان میں ایک تحریک استحقاق پیش کی تھی کہ بعض اخبارات نے میری تقریر کو غلط پیش کیا ۔ میں نے اس کے ساتھ اخبارات کی کاپیاں بھی پیش کی تھیں ۔ مجھے یقین دلایا گیا تھا کہ وہ اخبارات اس کی تصحیح کر دیں گے اس لئے میں نے وہ تحریک واپس لے لی تھی ۔ مگر ابھی تک ان اخبارات نے اس کی تصحیح نہیں کی ۔

Mr. Speaker. The member should wait till the next working day.

اگر تصحیح نہ ہوئی تو آپ اپنی تحریک استحقاق پیش کر سکتے ہیں ۔

خان عبد الستار مہمند ۔ بہت اچھا جناب ۔

ANSWERS TO STARRED QUESTIONS LAID ON THE TABLE

Construction of Small Dam for Utilizing Water of Hill Torrents Dera (Zam) in Ismail Khan District

***507. Mr. Habib Ullah Kundi:** Will the Parliamentary Secretary Agriculture be pleased to state:—

(*a*) the total number of hill torrents (Zam) which cause floods in Dera Ismail Khan District alongwith the steps taken by Government to check the said floods and the total annual expenditure incurred in this behalf;

(*b*) whether it is a fact that ten years ago every Zam irrigated more area than that irrigated at present in the said District if so, reasons therefor alongwith the area commanded by each Zam at present and whether Government intend to take steps to improve the situation;

(*c*) whether there is any scheme with the Government to construct small dams for the utilization of waters of the said hill-torrents (Zam) for irrigation purpose;

(*d*) whether it is a fact that Zam No. 14 in the said District has silted up since long; if so, whether Government intend to take steps to improve the condition of the said Zam by desilting it ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں غلام محمد احمد خان مانیکا) ۔ یہ سوال محکمہ اریگیشن و پاور کے متعلق ہے ۔ جنہیں اس کی کاپی بھیج دی گئی ہے ۔ مذکورہ محکمہ اس کا جواب مقررہ دن دے گا ۔

SUPPLY OF TRACTORS AND BULL DOZERS TO ZAMINDARS OF DERA ISMAIL KHAN DISTRICT

*511. **Mr. Habib Ullah Kundi** : Will the Parliamentary Secretary, Agriculture, be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a large number of people have migrated from Dera Ismail Khan District to some other areas of the Province with the result that there is acute shortage of agricultural labour in the said District ;

(*b*) whether it is also a fact that most of the tractors and bulldozers already supplied to the zamindars of the said District have outlived their utility ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether there is any scheme for the supply of more tractors and bull-dozers to the said zamindars ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں غلام محمد احمد خاں مانیکا) ۔ (الف) ۔ یہ درست ہے کہ زرعی مزدوروں کی کمیابی کی کچھ شکایات موصول ہوئی تھیں ۔

(ب) جی ہاں ۔

(ج) جی ہاں ۔ بلڈوزروں اور ٹریکٹروں کی خرید کے لئے بیرونی قرضہ کے حصول کی کوشش ہو رہی ہے ۔ جونہی یہ مشینری دستیاب ہوگی ڈیرہ اسماعیل خان کو مناسب حصہ دیا جائے گا ۔

QUOTA OF ATTA FIXED FOR DISTRIBUTION AT CHEAP RATES AMONGST RESIDENTS OF VILLAGES IN GALLIS AREA OF TEHSIL ABBOTABAD.

*517. **Sardar Gul Zaman** : Will the Parliamentary Secretary, Food, be pleased to state :—

(*a*) the quota of atta fixed for distribution at cheap rates amongst the residents of villages in the following police stations in Gallis area of Tehsil Abbottabad, (*i*) Lora, (2) Nara, (3) Bakot, (4) Garhi Habibullah and (5) Nawanshehr ;

(*b*) the method adopted for the distribution of atta amongst the residents of the said villages ;

(*c*) whether it is a fact that the present quota is insufficient for the population of the said area ;

(*d*) if answer to (*c*) above be in the affirmative, the steps Government intend to take in this behalf ?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmed Khan Maneka) : (*a*) The monthly quotas are as follows :

(*i*) Lora	...	3,320 bags
(*ii*) Nara	...	1,020 ,,
(*iii*) Bakot	...	1,404 ,,
(*iv*) Garhi Habibullah	...	480 ,,
(*v*) Nawanshehr	...	Nil

(*b*) Supplies are lifted from the Roller Flour Mills at Rawalpindi by selected shop-keepers for distribution on ad-hoc basis.

(*c*) Stocks are being allocated keeping in view the availability of atta manufactured by the Roller Flour Mills.

(*d*) The Provincial Government are always prepared to augment the available supplies of atta by stocks of imported wheat.

SUPPLY OF FERTILIZERS TO ZAMINDARS OF PESHAWAR AND MARDAN DISTRICTS

***630. Syed Inayat Ali Shah :** Will the Parliamentary Secretary, Agriculture, be pleased to state :—

(*a*) the total area of land under cultivation in Peshawar and Mardan Districts and the crops for which the said land is suitable;

(*b*) whether it is a fact that the supply of fertilizers made to the Zamindars of the said District is not commensurate with the needs of the said area ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirimative, (*i*) reasons therefor, (*ii*) the official responsible for this state of affairs, (*iii*) total quantity of fertilizers supplied to the said Zamindars alongwith the total demand for the same and whether Government intend to take steps to make adequate supply of fertilizers to the zamindars of the said District ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں غلام محمد احمد خاں مانیکا) ۔ (الف) ۔ پشاور اور مردان کے اضلاع میں زیر کاشت رقبہ ذیل میں دیا جاتا ہے ۔

پشاور ۴,۶۴,۰۰۰ ایکڑ

مردان ۴,۹۴,۰۰۰ ایکڑ

ان اضلاع کی اہم فصلیں یہ ہیں ۔

ربیع ۔ ------ گندم ، جو اور تیلوں کے بیج ۔

خریف ------ گنا ۔ مکئی اور تمباکو ،

(ب) مصنوعی کھاد کی ضرورت رکھنے والی کاشت شدہ فصلوں اور بہم رسانی کی مقدار کے تناسب کے تحت مصنوعی کھاد اضلاع میں تقسیم کی جاتی ہے ۔

(ج) (i) مصنوعی کھاد کی بڑھتی ہوئی مانگ کی وجہ سے صوبہ بھر میں اس کی قلت پیدا ہو گئی ہے ۔

(ii) پیداوار کی کمی — اس کے لئے کوئی بھی جواب دہ نہیں ۔

(iii) فی الحال زمینداروں کو بہم پہنچائی گئی ۔ مصنوعی کھاد اور ان کی مجموعی مانگ کے متعلق صحیح اعداد و شمار دستیاب نہیں ہیں ۔

پی - آئی - ڈی - سی کے کارخانوں کی مصنوعی کھاد کی پیداوار ضرورت کو پورا نہیں کر سکتی اور ضرورت کو پورا کرنے کے لئے مزید مصنوعی کھاد درآمد کرنے کے انتظامات کئے جا رہے ہیں -

---

BULLDOZERS AND TRACTORS GIVEN TO DERA ISMAIL KHAN DIVISION

*661. **Nawabzada Rahim Dil Khan** : Will the Parliamentary Secretary Agriculture, be pleased to state :—

(*a*) the total number of bulldozers and tractors given to Dera Ismail Khan Division alongwith the number of those out of them allotted to Dera Ismail Khan District and Bannu District, respectively ;

(*b*) the number of tractors and bulldozers out of those allotted to Bannu District which are in working order ;

(*c*) whether it is a fact that fair distribution of tractors and bulldozers between the said two districts has not been made ; if so, the steps Government intend to take in this behalf ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں غلام محمد احمد خاں مانیکا) - (الف) ۲۸ - ان ۲۸ بلڈوزروں اور ٹریکٹروں میں سے ۸ بنوں میں دئے گئے ہیں اور باقی ۲۰ ڈیرہ اسماعیل خان میں رکھے گئے ہیں -

(ب) ضلع بنوں کے آٹھ ٹریکٹروں اور بلڈوزروں میں سے چار چالو حالت میں ہیں -

(ج) یہ تقسیم مقامی افسران نے ہر ضلع کی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے کی تھی - مزید بلڈوزر اور ٹریکٹر خریدے جا رہے ہیں - اور ضلع بنوں کو اس کا مناسب حصہ دیا جاوے گا -

UNSTARRED QUESTIONS AND ANSWERS

TOTAL PRODUCTION OF WHEAT IN TONS IN THE PROVINCE DURING 1963, 1964 AND 1965.

4. **Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Parliamentary Secretary, Food and Agriculture, be pleased to state :—

(*a*) the total production of wheat in tons in the province during 1963, 1964 and 1965 ;

(*b*) the stock position of indigenous wheat in the Province in 1964 and the expected stock position of the said wheat at the end of 1965 ;

(*c*) the rates per maund of indigenous wheat prevailing in May, 1964 and May, 1965 in urban areas of Hyderabad District ;

(*d*) whether there is any proposal with the Government to control the prices of indigenous wheat in urban areas of Hyderabad District in future ?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmed Khan Maneka) :

(*a*) 1963	...	41,04,000 tons
1964	...	40,84,000 tons
1965	...	43,28,000 tons (according to the second forecast)
(*b*) 1-1-1964	...	83,413 tons
1-7-1964	...	22,673 tons
31-12-1964	...	2,269 tons

Expected stock position at the end of 1965.—Nil.

(*c*)	May, 1964 (*per maund*)	May, 1965 (*per maund*)
Hyderabad	Rs. 14/- to Rs. 14.75.	Rs. 14/- to Rs. 15.25.
Matli	Rs. 14/- to Rs. 14.50.	Rs. 15.50 to Rs 16/-
Tando Muhammad Khan	Rs. 14.25 to Rs. 14.75	Rs. 15.25 to Rs. 16/-
Badin	Rs. 14/- to Rs. 14.50.	Rs. 15.50 to Rs. 16/-
Tando Bago	Rs. 14/- to Rs. 14.50.	Rs. 15.25 to Rs. 16/-
Tando Allah Yar	Rs. 13.50 to Rs. 14/-	Rs. 15.25 to Rs. 16/-
Hala	Rs. 13.50 to Rs. 14/-	Rs. 15.25 to Rs. 16/-

(*d*) No.

ALLOCATION OF FUNDS TO AGRICULTURE SECTOR IN THE THIRD FIVE YEAR PLAN FOR IMPLEMENTATION OF DEVELOPMENT SCHEMES.

5. Kazi Muhammad Azam Abassi : Will the Parliamentary Secretary, Agriculture, be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a sum of Rs. 186 crores has been allocated to the Agriculture Sector in the Third Five Year Plan for the implementation of development schemes ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether any provisions have also been made in the Third Five Year Plan for the implementation of development schemes of the Departments of Forest, Animal Husbandry, Food and Irrigation ; if so, the amount so earmarked for each of the said Departments ;

(*c*) the amounts out of those mentioned in (*a*) and (*b*) above earmarked for Hyderabad Divison for the said purposes ?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmed Khan Maneka) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

Forests	...	Rs. 21.73 Crores.
Animal Husbandry	...	Rs. 11.18 Crores.
Food	...	Rs. 2.45 Crores.
Irrigation Deptt.	...	(Information not available with the Agriculture Department.)

(*c*) The exact amounts have not yet been worked out Division wise as the amounts have recently been sanctioned by the Assembly and bifurcation have to be made on year to year basis.

VETERINARY HOSPITALS IN HYDERABAD DISTRICT

6. **Kazi Muhammad Azam Abassi** : Will the Parliamentary Secretary, Agriculture, be pleased to state :—

(*a*) the present number of Veterinary Hospitals in Hyderabad District ;

(*b*) whether there is any scheme with the Government to open more Veterinary Hospitals in the said District during financial year 1965-66 or during the Third Five Year Plan ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, (*i*) the number of Veterinary Hospitals to be opened in the said District during the said periods along with their locations, (*ii*) the amount to be allocated for the opening of each of the said hospitals and (*iii*) the amount to be allocated for the repairs of the buildings of existing Veterinary Hospitals in the said District during the periods mentioned in (*b*) above ?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmed Khan Maneka) : (*a*) Five.

(*b*) Yes.

(*c*) It is proposed to open three more Hospitals at Khokhar, Matiari and Tando Jam for which a sum of rupees three lakhs and sixty thousand will be required provided this proposal is considered feasible and funds are made available. The Veterinary Hospitals at Hyderabad, Hala Matli, Mand Tando Allayar are under the administrative control of District Council Hyderabad and the Veterinary Dispensary at Tando Ghulam Ali which is a Government Dispensary is located in a rented house. No amount has been allocated for the repairs of its building.

ADJOURNMENT MOTION

RE: ORDERS OF THE GOVERNMENT REQUIRING MAULANA MAUDOODI TO SUBMIT FOR SCRUTINY BEFORE PUBLICATION, ANY MATTER RELATING TO ELECTIONS OF PRESIDENT, ELECTORAL COLLEGE, NATIONAL AND PROVINCIAL ASSEMBLIES.

Mr. Speaker : I have received notice of an adjournment motion from Mr. Hamza. The member may please ask for leave of the House to move his motion.

Mr. Hamza : Sir,I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the illegal and uncalled for order of the Government of West Pakistan dated the 25th June, 1965 requiring Syed Abul Ala Maududi, a renowned political Leader and versatile scholar, to submit for scrutiny before publication for a period of 2 months from the date of its service, any matter relating to the elections to the office of the President or the members of the electoral college of Pakistan of the members of the National Assembly of Pakistan or the members of the Provincial Assembly of West Pakistan in which Election Commission or the administration is accused of partiality or favouritism.

This dictatorial order of the Government is against the letter and spirit of the fundamental rights enshrined in the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan and has, therefore, caused great resentment among the public all over West Pakistan, the news of the service of the said order was published in the daily Nawa-e-Waqt, dated the 1st July, 1965.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Vaiyal Memon): Sir, I welcome this first adjournment motion in the present Assembly by the Opposition. I would request that this may stand over till Monday so that I may be able to collect necessary information. Really it took me much time to collect the information which the Leader of the Opposition wanted and, therefore, I am sorry to say, I could not get any time to collect the facts regarding this adjournment motion.

Mr. Speaker : Any objection ?

Khawaja Muhammad Safdar : No, Sir.

Mr. Speaker : So this adjournment motion will be taken up on the next working day, that is, Monday.

PRIVATE MEMBERS BUSINESS
RESOLUTIONS

RE-HOLDING OF ELECTIONS TO THE OFFICE OF THE PRESIDENT, NATIONAL AND PROVINCIAL ASSEMBLIES ON THE BASIS OF DIRECT ADULT FRANCHISE (*Resumption of discussion*).

Mr. Speaker : Now the House will resume discussion on the resolution moved by Khawaja Muhammad Safdar that this Assembly is of the opinion that the Provincial Government should recommend to the Central Government that in future elections to the office of the President, National and Provincial Assemblies should be held directly on the basis of adult Franchise:

Khawaja Muhammad Safdar was on his legs when the House adjourned yesterday. He may please resume his speech.

چودھری محمد نواز - پوائنٹ آف آرڈر - میرے فاضل دوست خواجہ محمد صفدر صاحب کو کل اس قرار داد کو پیش کرتے وقت بیس منٹ کا وقت مل گیا تھا - اور آج پھر وہ اپنی تقریر کا آغاز کر رہے ہیں - اس لئے میری گذارش ہے کہ ان کو بھی دوسرے اراکین کے مطابق ہی وقت دیا جائے کیونکہ اس مسئلے پر دوسرے اراکین نے بھی بولنا ہے -

Mr. Speaker : In all he will get 30 minutes. He has already consumed 13 minutes yesterday and today he will get 17 minutes. Yes, Khawaja Sahib.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - مجھے اپنے دوست کے اس اعتراض کے متعلق اس قدر عرض کرنا ہے کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ قواعد کی رو سے اس قسم کی تحاریک پر بحث کرتے ہوئے محرک کو نصف گھنٹہ ملتا ہے - لیکن مضمون کی وسعت کے پیش نظر آپ کی خدمت میں اور آپ کی وساطت سے ان کی خدمت میں اور سارے ایوان کی خدمت میں درخواست کروں گا کہ اگر مجھے تھوڑا سا وقت زیادہ دے دیا جائے تو مشکور ہوں گا -

Mr. Speaker : The member will have the right of reply also.

خواجہ محمد صفدر - وہ وقت تو ملے گا لیکن اگر کسی مسئلے کو پہلے ہی پوری وضاحت کے ساتھ پیش نہ کیا جا سکے تو پھر مشکل ہو جائے گا - بہر حال ایوان کی مرضی کے آگے سر تسلیم خم ہے - جس طرح میرے محترم بھائی حکم فرمائیں میں اسے بجا لانے کے لئے حاضر ہوں - I am at the service of this House تو جناب والا - وقت کی قلت کے پیش نظر میں اب سیدھے ان تمام قباحتوں کا ذکر کرتا ہوں جو کہ بالواسطہ طریق انتخاب میں لازمی ہیں - نمبر ۱ ووٹ کا حق ایک نہایت ہی قیمتی سیاسی حق ہے - بلکہ اگر میں یہ کہوں کہ لفظ شہریت جن حقوق کا مرکب سمجھا جاتا ہے - ووٹ کا حق ان حقوق میں اولیت کا درجہ رکھتا ہے - موجودہ نظام یعنی بالواسطہ طریق انتخاب سے صرف اسی ہزار پاکستانیوں کو ووٹ کا حق ملا ہے - اور اس طریقے سے تقریباً چار کروڑ بالغ افراد کو اس حق سے محروم کر دیا گیا ہے - جس کی وجہ سے نہ

صرف یہ کہ پاکستان کے دو طبقات میں ایک تفریق پیدا کر دی گئی ہے ۔ بلکہ چار کروڑ انسانوں کے سیاسی حق کو جو کہ شہریت کے حقوق کا جزو لاینفک ہے چھین لیا گیا ہے ۔

جناب والا ۔ اس پر میرا دوسرا اعتراض یہ ہے کہ یہ اس ضروری نہیں کہ ووٹ دیتے وقت الیکٹرول کالج کے اراکین اپنے حلقۂ نیابت کی صحیح اور درست ترجمانی کریں ۔ ایک تو یہ بات ہے کہ ووٹ خفیہ ہوتے ہیں ۔ اور کسی کو معلوم نہیں ہوتا کہ کس نے کس کو ووٹ دیا ہے ۔ اور یہ درست طریقہ ہے ۔ لیکن اس بات کا کس طرح تصور کیا جا سکتا ہے کہ عوام کی رائے کا الیکشن کے نتائج پر صحیح طور پر اثر پڑا ہے ۔ اور وہ رائے الیکشن کے نتائج میں حقیقتاً منعکس ہوئی ہے ۔ اور حالیہ انتخابات کے نتائج ہمارے سامنے ہیں ۔ اب میں اس ضمن کی حد تک ذکر کروں گا کہ عوام کیا چاہتے تھے ۔ لیکن الیکشن کے نتائج کچھ اور ہی نکلے ۔ غیر متوقع نکلے ۔ میری مراد یہ ہے کہ عوام کی حاکمیت جس کا اقرار ہمارے آئین کی تمہید میں درج ہے۔ اس پر بلا واسطہ اس بات سے زد پڑتی ہے کہ اس حاکمیت کا اظہار اس طریقے سے نہ ہو ۔ جس طریقے سے کہ عوام چاہتے ہیں ۔ اور وہ درمیان کے لوگ جنہیں صرف ووٹ دینے کا حق ہے ۔ وہ اپنی من مانی کر سکتے ہیں ۔ اور عوام کی حاکمیت کے صحیح مظہر نہیں ہو سکتے ۔ جناب والا ۔ آپ کو معلوم ہے کہ الیکٹرول کالج نے ہر قسم کی ترغیب اور تحریص کو برداشت کیا ۔ برداشت اس طور پر نہیں کیا کہ اس کا مقابلہ کیا ۔ بلکہ انہوں نے اسے قبول کیا ۔ آپ کو معلوم ہے کہ اس صوبے اور اس ملک کا بچہ بچہ اس امر سے واقف

ہے کہ کراچی میں ایک ووٹ کی قیمت پانچ ہزار روپے تھی اور لاہور میں دو ہزار روپے تھی ۔

بیگم زاھدہ خلیق‌الزمان ۔ وہ اللہ کے سامنے جواب دہ ہیں ۔ آپ کا مطلب ہے کہ ان کا ایمان پانچ ہزار روپے میں خریدا گیا تھا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ بیگم صاحبہ میں تو یہی کہتا ہوں کہ پانچ ہزار روپے کے عوض ان کے ایمان خریدے گئے ۔

چودھری محمد نواز ۔ سیالکوٹ میں ووٹ کی کیا قیمت تھی ؟

خواجہ محمد صفدر ۔ وہاں تین سو روپے سے پانچ سو روپے تک ایک ووٹ کی قیمت تھی ۔

چودھری محمد نواز ۔ آپ نے ایک ووٹ کی کتنی قیمت ادا کی ہے ؟

خواجہ محمد صفدر ۔ میں نے ایک آنہ بھی ادا نہیں کیا کیونکہ میرے پاس ووٹ خریدنے کے لئے کچھ نہیں تھا ۔ میرا خیال ہے اب آپ کی تسلی ہو گئی ہوگی ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ نہ صرف وہ ان کے روپے کے لالچ میں آئے بلکہ مختلف قسم کی ترغیبات دی گئیں اور انہوں نے قبول کر لیں ۔ بلکہ انہوں نے بعض اثرات بھی قبول کئے ۔ کون نہیں جانتا کہ سرکاری مشینری بعض امیدواروں کے حق میں اور بعض امیدواروں کے خلاف استعمال کی گئی ۔ میں اس بات کو لمبا نہیں کروں گا ۔ یہ

الیکٹرول کالج جس نے ترغیب ، رعب اور لالچ قبول کیا یہ عوام کی رائے کا مظہر نہیں بن سکتا ہے ۔

جناب والا ۔ میرا تیسرا اعتراض اس مسئلہ پر یہ ہے کہ ابتدائی الیکشن جسے میں الیکٹرول کالج کا الیکشن کہتا ہوں یہ دو طریق پر لڑا جا سکتا ہے ۔ ایک طریقہ تو یہ ہوگا اور جسے میں غیر سیاسی کہوں گا کہ کچھ لوگ مقامی مسائل کے مطابق ، مقامی دھڑے بندیوں کے مطابق ، برادری ، دوستی ، اقربا نوازی کے جذبہ کے تحت کسی ایک شخص کو چن لیتے ہیں اس صورت میں وہ قطعاً ملکی مسائل سے اور صوبائی مسائل سے بے خبر ہے کیونکہ اسے برادری کے نام پر ووٹ دیا گیا ہے ۔ اسے اپنے دوستوں کے ووٹ حاصل ہیں اس قسم کے الیکشن غیر سیاسی ہیں ۔ اس لئے الیکٹرول کالج معرض وجود میں آیا ہے ۔

جناب والا ۔ دوسرا طریقہ جسے میں سیاسی کہوں گا وہ یہ ہے کہ تمام سیاسی پارٹیاں اس ابتدائی الیکشن میں حصہ لیں وہ لوگ ملکی مسائل کو پیش نظر رکھتے ہوئے اپنے لئے نمائندہ منتخب کریں جس نے ان کا حق رائے دہی استعمال کرنا ہے ۔ اس صورت میں ہمیں دوہرا الیکشن لڑنا ہے۔ سیاسی جماعتوں کے جو لوگ امیدوار ہوں گے وہ ابتدائی الیکشن میں بھی اسی طرح دل چسپی لیں گے ۔ دوڑ دھوپ کریں گے ۔ الیکشن کمپنی میں پوری پوری دلچسپی لیں گے جس طرح وہ دوسرے الیکشنوں میں یعنی صوبائی اسمبلی کے الیکشن میں اور نیشنل اسمبلی کے الیکشن میں حصہ لیں گے ۔ جب آپ کو دہرا الیکشن لڑنا پڑے تو نتیجہ یہ ہوگا کہ ہم سیاسی الیکشن سے عوام کو بے شعور کرتے ہیں ۔ ملکی مسائل پر رائے نہیں لے

سکتے ۔ ان کی رائے پر انحصار نہیں کرتے ۔ خرچ دھرا کرنا پڑتا ہے ۔ تکلیف اور مصیبت دھری اٹھانی پڑتی ہے ۔ ہم کبھی ڈائرکٹ الیکشن میں یہ چیز پیدا نہیں کر سکتے ۔ ہمیں اس ڈائرکٹ الیکشن میں دھرا خرچ برداشت کرنا پڑا ہے کیونکہ وہ ہم پر مسلط ہو گیا ہے اور ہمیں وہ خرچ برداشت کرنا پڑا ۔

جناب والا ۔ میرا چوتھا اعتراض یہ ہے کہ پاکستان کے عوام گذشتہ نصف صدی سے بلا واسطہ طریق انتخاب سے مانوس ہو چکے ہیں اور جس چیز سے کوئی شخص ، یا قوم یا کوئی طبقہ مانوس ہو چکا ہے یا اس کی ٹریڈیشن بن چکی ہے وہ اس کو آسانی سے چھوڑ نہیں سکتا ۔ ایک یہ وجہ ان وجوہات میں سے ہے کہ عوام کی اکثریت بالواسطہ طریق انتخاب کے خلاف ہے ۔ اور یہ کم اہم وجہ نہیں ہے ۔ آج سے ۳۵ سال قبل جب کہ راؤنڈ ٹیبل کانفرنس کی سفارشات کو ہندوستان میں فرینچائز کمیشن نے اپنایا اس وقت انہوں نے اپنی رپورٹ میں جب کہ اس مسئلہ پر بحث ہوئی کہ بلا واسطہ طریق انتخاب ہو یا بالواسطہ طریق انتخاب ہو انہوں نے اس بات پر خصوصیت سے زور دیا ہے کہ طریق انتخاب بلا واسطہ ہو کیونکہ بارہ سال کا عرصہ ہو گیا ہے ۔ اور ان لوگوں کی عادات اس الیکشن سے مانوس ہوئی ہیں ۔ وہ میں آپ کے سامنے پڑھ دیتا ہوں۔

"In the first place it involves the abolition of the direct system of voting, to which India has become accustomed during the last twelve years through four elections held for the Provincial Councils, Legislative Assembly and the Council of State . . ."

جناب والا ۔ یہ انڈین فرینچائز کمیٹی Volume I کا صفحہ ۲۲ ہے ۔ شاید میرے دوست کہہ دیں کہ عادات کیسے پڑ گئیں ۔ جن کی وجہ سے

عادات پڑی ھیں وہ دوست تو مر گئے ھیں ۔ دوسری نسل شروع ھوگئی ھے ۔ ایک نسل چلی گئی ۔ جناب والا ۔ بارہ سال کا عرصہ دانشوروں کے ذھن میں یہ فیصلہ کرنے کے لئے کافی ھے کہ بلا واسطہ انتخاب طریقہ درست ھے اور بالواسطہ انتخاب طریق غلط ھوگا ۔ آج جب کہ تقریباً پچاس سال سے اس بلا واسطہ انتخاب پر عمل کرتے ھوئے ھمارے عوام اور ھماری قوم اس طریقے سے مانوس ھوگئےھیں مارشل لاء کی حکومت نے اس طریقہ انتخابات کو منسوخ کر دیا ھے ۔

جناب والا ۔ میرا پانچواں اعتراض یہ ھے کہ اس طریقہ انتخابات سے vested interests گورنمنٹ مشینری غرضیکہ ھر اس بر سر اقتدار اور طاقتور اور صاحب مال و جاہ شخص کے لئے زیادہ موقع ھے کہ وہ اس میں کرپشن پیدا کر سکے ۔ حالیہ انتخابات اس بات کا بین ثبوت ھیں ۔ میں اسکے متعلق تھوڑا سا پہلے عرض کر چکا ھوں اور اب اسے دھرانا نہیں چاھتا ۔ اس کے متعلق پھر فرنچائز کمیشن کا حوالہ دوں گا ۔ ان کے ذھن میں جب یہ بات تھی اور میں سمجھتا ھوں کہ آج سے ۳۵ سال پہلے کیا انہیں اس امر کا تجربہ نہیں تھا؟ ھم تو کسی تجربہ کی بناء پر کہہ رھے ھیں ۔ مشاھدہ کی بناء پر کہہ رھے ھیں ۔ کیا اس وقت تجربہ نہیں تھا ۔ اس وقت انہوں نے جان لیا ۔

> "Local magnates and other forces can bring strong pressure to bear at the primary stage when voting is public or informal. The fact that the number of secondary electors is small makes corruption at the election of members to the Legislature far easier than under a system of direct election with a large electorate."

تو جناب والا ۔ ھم نے دیکھ لیا ھے کہ ان ۸۰ ھزار ووٹروں کو متاثر کرنے کے مختلف حربے اور طریقے استعمال کئے گئے ھیں اور جس کا

نتیجہ بھی چند دن ہوئے ہیں ہمارے سامنے تھا ۔ میرے خیال میں ہم میں سے کوئی بھی انکار نہیں کر سکتا جو دوست اس بات سے انکار کرینگے وہ محض سینہ زوری کی بناء پر کریں گے ۔

جناب والا ۔ میرا چھٹا اعتراض یہ ہے کہ موجودہ طریق انتخابات سے ہمارے معاشرے میں ، بلکہ ہر گاؤں میں ہر محلے میں اور ہر کوچے میں ہم نے لامتناہی سلسلہ دنگا و فساد کا شروع کر دیا ہے ۔ گھر گھر میں لڑائی ہے ۔ گھر گھر میں جھگڑا ہے الیکشن کے ان معاملات کی وجہ سے ، دھڑے بندیوں کی وجہ سے ہمارے لاء اینڈ آرڈر کو شدید خطرہ ہے ۔ یہ بات میں اب مشاہدے کی بناء پر عرض کر رہا ہوں ۔ لیکن میں اس سے ۳۵ سال پہلے اسی کمیشن کی رپورٹ کا حوالہ دوں گا ۔

> "Moreover, it is the general testimony of officials and others in close touch with villages that the effect of making the village itself an electoral unit would be to intensify caste factions, local feuds and to create not harmony by discord."

جناب والا ۔ آج یہ نتیجہ عملی طور پر ہمارے سامنے آ چکا ہے اب میں اپنے ساتویں اعتراض کی طرف آتا ہوں میرا ساتواں اعتراض موجودہ طریق انتخابات کے خلاف یہ ہے کہ اس سے عوام کی سیاسی تربیت نہیں ہو سکتی ۔ آج سے ۱۸ سال پہلے اس ملک میں پارلیمانی طرز انتخابات کا تجربہ کیا جا رہا ہے ۔ لوگ اس سے واقف ہو چکے تھے وہ طریقہ ہمارے ہمسائے ملک میں ابھی تک جاری ہے اور ہم اس ملک سے اس قدر گہرا تعلق رکھتے تھے اور اب بھی رکھتے ہیں کہ آج بھی ہمارے بعض خاندانوں کے نصف افراد ادھر ہندوستان میں ہیں ۔ اور نصف افراد خاندان پاکستان میں ہیں مگر ہندوستان میں تو یہ تجربہ کامیاب رہا ہے ہمارے جیسے

لوگوں نے اس پر عمل کر کے دکھا دیا ہے اور انہوں نے عملی طور پر آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کرکے دکھا دیا ہے۔ مگر ہم کہہ رہے ہیں کہ اس پر عمل نہیں ہو سکتا ہم نے بلا واسطہ طریق انتخابات کو ترک کر دیا ہے اور بالواسطہ طریقہ رائج کر دیا ہے جس کو عوام پسند نہیں کرتے اور نہ ہی وہ اس کے لئے تیار تھے یہ ان پر ٹھونسا گیا ہے ۔ ہماری بد قسمتی ہے کہ ہمارا آئین نو دس سال کی کوشش کے بعد تیار ہوا اور ابھی نافذ ہوا ہی تھا اور ایک دفعہ اس کے تحت الیکشن ہوا تھا کہ اس کے فوراً بعد اس آئین کو ختم کر دیا گیا ۔

پھر دوسرا آئین بنایا گیا اور اسکے ماتحت ایلیکشن ابھی حال ہی میں ہوئے ہیں مگر اس میں جو بالواسطہ طریق انتخاب اختیار کیا گیا ہے اس سے عوام کی کوئی سیاسی تربیت نہیں ہو سکی ۔ آپ اس کا مقابلہ پہلے طریق انتخاب سے کریں جو کہ بلا واسطہ ہوتا تھا پتہ چلے گا کہ اس میں عوام کے ایک ایک فرد کو یہ سوچنا پڑتا تھا کہ میں کس شخص کو کس عہدے کا اہل سمجھتا ہوں ۔ کس کو ووٹ دوں کون ملک و قوم کی اچھی خدمت کر سکے گا ۔ مگر اب تو عوام براہ راست صدر کو ووٹ دینے کے حق سے محروم ہیں ۔

جناب والا ۔ میرا نواں اعتراض یہ ہے کہ اب الیکٹریٹ کے درمیان اور صدر کے درمیان ایک دیوار حائل ہو گئی ہے الیکٹرول کالج عوام کی رائے کا مظہر نہیں رہا عوام مجبور ، بے بس ہیں الیکٹرول کالج کے ممبر عوام کی رائے کی پروا کئے بغیر ارکان اسمبلی اور صدر کو چن سکتے ہیں ۔

میرا دسواں اعتراض یہ ہے کہ اس طریق انتخاب کے مطابق عوام بے شعور ہیں، بے علم ہیں، سیاسی سوجھ بوجھ نہیں رکھتے - وہ علم کے زیور سے آراستہ نہیں ہیں لہذا وہ ووٹ بھی نہیں دے سکتے یہاں تک کہ اب تو تعلیم یافتہ طبقہ بھی ووٹ دینے کے حق سے محروم ہے ملک کا چیف جسٹس بھی اور دوسرے جج صاحبان بھی ووٹ نہیں دے سکتے مگر ہر نتھو خیرا ووٹ دے سکتا (شور و غل) جناب والا - یہ استدلال خود حکمران پارٹی کے خلاف جاتا ہے کیونکہ اس طریق انتخاب کے ماتحت تمام پڑھے لکھے حضرات ووٹ دینے کے حق سے عملاً خارج ہوگئے یہ ایک نئی تھیوری ہے اس میں فرنچائز محدود ہوگئی ہے - مگر میں کہونگا کہ اگر صدر محض کانسٹی ٹیوشنل صدر ہوتا تو یہ ٹھیک تھا مگر جب صدر کو غیر محدود اختیارات حاصل ہوں جیسا کہ پاکستان کے صدر کو حاصل ہیں تو پھر عوام کو وسیع تر اختیارات رائے دینے کے بھی ہونے چاہئیں - اور صدر کو تمام عوام کا اعتماد حاصل کرنا چاہئے -

بیگم زاہدہ خلیق الزمان - ہمارے صدر کو عوام کا اعتماد حاصل ہے -

خواجہ محمد صفدر - میں اصولی طور پر ہر اس شخص کی طرف اشارہ کر رہا ہوں جو کسی وقت اور کسی زمانے میں بھی صدر ہو سکتا ہے میرا رائے سخن موجودہ صدر ہی سے نہیں بیگم صاحبہ کو مغالطہ ہو رہا ہے - میں پرسنل بات نہیں کر رہا بلکہ اصولی بات کر رہا ہوں دوسرے ملکوں میں جہاں کسی صدر کو وسیع تر اختیارات حاصل ہوتے ہیں - تو اس کا دائرہ انتخاب بھی وسیع تر ہوتا ہے اور

جہاں اختیارات صدر محدود ہوں اور وہ محض کانسٹی ٹیوشنل صدر ہو وہاں دائرہ انتخاب بھی محدود ہوتا ہے ۔

Mr. Speaker: The member may please conclude his speech.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - جب جنرل ڈیگال فرانس کی ففتھ ریپبلک کا صدر بنا تو اس نے ملک میں ریفرینڈم کرایا تھا اور ڈائرکٹ ایڈلٹ فرنچائز پر عمل کیا تھا کیونکہ وہ قوم اور ملک سے وسیع ترین اختیارات حاصل کر رہا تھا ایسے حالات میں قوم کے متفقہ اعتماد کی اور متفقہ فیصلہ کی ضرورت ہوتی ہے - اور بلا واسطہ انتخابات کرائے جاتے ہیں - ہمارے ہاں الیکشن کمیشن نے اپنی رپورٹ میں بالواسطہ طریق کے خلاف رائے دی تھی لیکن حکمرانوں نے ایک ایکسپرٹس کمیٹی بیٹھا کر اس کمیشن کی رائے کے خلاف ان ۔۔۔۔

Mr. Speaker: Khawaja Sahib should finish at 9-40 a.m. Only two minutes more.

خواجہ محمد صفدر - بہتر جناب - تو ان سے رپورٹ لکھوالی - ہم ان ایکسپرٹ صاحبان کے ناموں سے ناواقف ہیں بہرحال ان بزرجمہروں نے فیس لی اور لاء ڈیپارٹمنٹ کو رائے دے دی اور حکمرانوں نے اس خوبصورت رائے کی بناء پر اپنے مطلب کا طریق انتخاب عوام پر ٹھونس دیا تو ان کی ایک کمیٹی نے - پتہ نہیں اس میں دو ممبر تھے، تین تھے یا چار تھے - انہوں نے اس Franchise Commission کی رپورٹ کا analysis کیا اور اس کے خلاف چند ایک باتیں کہیں - جو اس قدر مبہم غلط اور بعید از قیاس ہیں کہ اس دلچسپ کارروائی کی چند ایک سطریں آپ کی خدمت

میں پڑھ کر سناتا ہوں ۔

Mr. Speaker : The member need not read it. His time is up. Khan Muhammad Yusuf.

خان محمد یوسف خان (راولپنڈی ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے یہ افسوس ہے کہ اس پندرہ منٹ کے قاعدے کے مطابق مجھے بھی باقی ممبروں کی طرح تقریر کے لئے صرف ۱۵ منٹ دئے گئے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ اتنے اہم مسئلہ پر صرف ۱۵ منٹ میں سیر حاصل تبصرہ نہیں کیا جا سکتا ۔ ورنہ میں خواجہ صاحب کی خدمت میں عرض کرتا اور آپ کی وساطت سے اس ہاؤس کو اور بالخصوص حزب مخالف کو یقین دلاتا کہ جمہوریت کے اصل نظریات کیا ہیں ۔ مشاہیر عالم نے جمہوریت کو کیسے سمجھا اور اس کے متعلق کیا کچھ کیا ہے ۔ اس کے بعد ہمارے حصے میں جب یہ جمہوریت آئی ۔ تو ہم نے اسے کیسے سمجھا ۔ اور دراصل ہمیں اسے کیسے سمجھنا چاہئے تھا ۔ کس طریقہ سے اسے ملک میں رائج کرنا چاہئے تھا ۔ اور ہم نے اسے یہاں کیسے رائج کیا ۔ جمہوریت کو برسر کار لانے کا موجودہ طریق کار کیا ہے؟ اس طریق کار کے حسن قبح اور اس قسم کی تمام چیزیں عرض کرتا ۔ لیکن وقت کی قلت کی وجہ سے میں اپنی معروضات محدود کرتے ہوئے اپنی تقریر میں صرف چند ایک اعتراضات اور ان کے جوابات تک ہی اکتفا کرونگا ۔

جناب محترم ۔ عرض یہ ہے کہ خواجہ صاحب نے اس چیز پر زور دیا ہے کہ حکومت کرنے کا حق صرف عوام الناس کو حاصل ہے ۔ ان کو اس حق سے محروم کرکے یہ حق صرف چند اشخاص کو دیا گیا ہے ۔

اگر یہ کہا جائے کہ ان کی تعلیم نہیں - تو پھر جناب صدر - چند وزراً بڑے بڑے لکھے اور خواندہ لوگ - کیا وہ بھی اس حق سے محروم کر دئے گئے ھیں ؟ تو میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ یہ غلط ھے- ان خواندہ لوگوں کو بھی حق حاصل ھے - اور اگر وہ اپنا حق حاصل کرنا چاھتے ھیں - اگر وہ Right of Vote حاصل کرنا چاھتے ھیں - تو وہ Electoral College کے لئے انتخاب لڑ سکتے ھیں - لیکن اگر کوئی شخص خود ھی اپنا حق استعمال نہ کرنا چاھے - تو یہ اس کی اپنی کوتاھی ھے - اور اس کا اپنا خیال ھے - کیونکہ اس سے ظاھر ھے کہ وہ اسے چاھتا ھی نہیں - لیکن یہ بات ھمیں ماننی چاھئے کہ جمہوریت بہر صورت ھمارے ملک میں موجود ھے - دراصل Adult Franchise کی بنیاد ھی یہ ھے - ھم نے فرنگی نژاد جمہوریت کو اھل فرنگ سے لیا اور ایک سو سال کی غلامی میں ھم نے ان سے صرف ایک ھی طریق کار سیکھا - اب اگر اس سیکھے ھوئے طریق کار کے خلاف کوئی بات ھوتی ھے تو معاً ھمارے ذھنوں میں یہ خیال پیدا ھوتا ھے گویا ھم نے عوام کے حقوق کو سلب کر لیا ھے - تو بنیادی حقوق کا یہی ایک طریقہ تھا جس سے ھم واقف تھے - میں سمجھتا ھوں کہ جب تک ھم اس غلامی کے تصور کو دور کر کے آزادانہ طور پر سوچنے کی کوشش نہ کریں گے - ھمیں اس چیز کی کبھی سمجھ نہ آ سکے گی کہ ھمارے لئے کون سا طریق کار مفید ھے اور کون سا غیر مفید - جناب والا - میں ضمناً یہ بھی عرض کر دوں کہ ھم بنیادی طور پر مسلمان ھیں - لہذا ھمیں اپنا طریق کار بھی دیکھنا ھوگا -

جب سب سے پہلے خلیفہ کا انتخاب ھوا تو وہ کہاں Direct Franchise

کی بناء پر ہوا ۔ چند صالحین اور متقین اہل الرائے جو یہ سمجھتے تھے کہ کون شخص سب سے اچھا ہے ۔ اس کے متعلق ان سے رائے لی گئی ۔ لیکن ایک دوسرے نقطۂ نظر سے اگر آپ دیکھیں گے ۔ تو آپ کو معلوم ہوگا کہ وہ قبائل کے نمائندے تھے اور تمام قبائل بلا چوں و چرا اپنے اپنے سردار کا حکم مانتے تھے ۔ یہ وہ طریق کار تھا جسے ہم بلا واسطہ نہیں کہہ سکتے بلکہ بالواسطہ کہتے ہیں ۔

اب آپ دیکھیں کہ بہتر طریقہ کیا ہے ۔ اگر ہم ناخواندہ اشخاص جمع ہو جائیں اور ان میں ایک پانچواں آدمی بھی موجود ہو اور وہ سب ایک ہی رائے دیں ۔ میں اسے تمثیلاً عرض کرتا ہوں ۔ فرض کیجئے ایک آقا اور اس کے تین نوکر ہوں ۔ گھر میں جھگڑا ہو جائے کہ آج کھانے کے لئے کیا پکنا چاہئے۔ آقا سمجھتا ہے کہ اس کا بجٹ بھی محدود ہے ۔ اور جو چیز نوکر چاہتے ہیں ۔ وہ شاید ویسے بھی مضر ہے ۔ لیکن وہ ان کی رائے لیتا ہے ۔ اگر وہ تین ناخواندہ نوکر رائے دیدیں ۔ تو اسے وہ تسلیم کرنا ہوگی ۔ یہ ہے جمہوریت ۔ اسے حضرت علامہ اقبال نے یوں بیان فرمایا ہے ۔

جمہوریت اک طرز حکومت ہے کہ جس میں
بندوں کو گنا کرتے ہیں تولا نہیں کرتے

یہ نہیں دیکھا جاتا کہ یہ شخص صاحب الرائے بھی ہے یا نہیں۔ بلکہ ان کو گن کر فیصلہ کر دیا جاتا ہے ۔ اب ہم نے بھی گننے کا ایک طریق کار اختیار کیا ہے ۔ اصولی طور پر ہمیں یہ دیکھنا اور فیصلہ کرنا ہوگا کہ

ایک شخص جو اپنے آپ کو تو اس اہل نہیں سمجھتا ۔ لیکن وہ اپنے علاقے کے کسی سمجھ بوجھ والے آدمی کو منتخب کرتا ہے اور پھر اس کے بعد وہ شخص اپنی رائے کا اظہار کرے تو بس یہی Electoral College کا مطلب ہے۔چنانچہ ہمارے ہاں بنیادی جمہوریتوں میں اسی طرح لوگ منتخب ہو کر آتے ہیں اور بعد میں اپنی رائے کا اظہار کرتے ہیں ۔

جناب والا ۔ کہا جاتا ہے کہ اس طرح صرف چند آدمی رہ جاتے ہیں جن کو خریدنے میں بڑی سہولت رہتی ہے ۔ لیکن کیا Adult Franchise میں خرید نہیں ہوتی؟ وہاں بھی ہوتی ہے اور یہاں بھی ہوتی ہے۔ وہاں بڑے بڑے صاحب اثر لوگوں کی خرید کی جاتی ہے اور یہاں جن لوگوں کی خرید کی جا سکتی ہے ان کے متعلق میں اس معزز ایوان میں عرض کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ یہاں ہر ایک معزز ممبر خواہ وہ حزب اقتدار کا ہو یا حزب مخالف کا ۔ جس سے پوچھا جائے وہ یہی کہے گا کہ میں نے کوئی ووٹ نہیں خریدا ۔ مطلب یہ ہوا کہ یا تو سب کے سب غلط بیانی کرتے ہیں یا سب کے سب سچ کہتے ہیں اور یا کچھ سچ کہتے ہیں اور کچھ غلط بیانی سے کام لیتے ہیں ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ کچھ سچ کہتے ہیں اور کچھ غلط بیانی سے کام لیتے ہیں ۔ تو میں سچ کہنے والوں سے پوچھتا ہوں کہ اگر آپ نے روپیہ نہیں دیا اور ووٹوں کی خرید نہیں کی ۔ تو پھر آپ یہاں کیسے آ گئے ۔ جواب ملتا ہے کہ ہم اس طرح آئے ہیں کہ ہم اپنے علاقے میں بڑے با اثر ہیں ۔ لوگوں نے ہماری خدمات کو سراہا ہے ۔ ہم بڑے کارکن ہیں ۔ خادم ملت و قوم ہیں ۔ یا ہم

بڑے قابل ہیں ۔ اس وجہ سے انہوں نے ہمیں ووٹ دئے ۔ اس کے معنی یہی ہوئے کہ اگر ہر آدمی کوشش کرکے ملک اور قوم کا خیر خواہ اور خادم بنتا ہے تو پھر امکانات موجود ہیں کہ وہ بغیر ووٹوں کی خرید کے آ سکتا ہے ۔ چنانچہ یہ اعتراض خود بخود رفع ہو جاتا ہے کہ یہاں صرف سرمایہ دار ہی آ سکتے ہیں۔ اگر یہ درست ہوتا تو صدیق داؤد بھی ضرور منتخب ہو جاتا ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ جہاں تک یہ ووٹوں کی خرید کا سوال ہے ۔ یہ نقص وہاں بھی موجود ہے اور یہاں بھی ہے ۔ لیکن یہاں کمتر ہونے کے امکانات ہیں اور وہاں بھی امکانات بڑھ سکتے ہیں ۔ یہاں ہمیں یہ بھی یاد رکھنا چاہئے اور میں یہاں اس کی ایک تمثیل پیش کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ جب شروع شروع میں پارلیمنٹ معرض وجود میں آئی ۔ تو یہ اعتراض پیدا ہوا کہ ممبران ان لوگوں سے ووٹ کیسے حاصل کریں وہ تو اس کی اہمیت کو سمجھ نہیں سکتے ۔ تو انہوں نے کہا کہ Let us first teach our masters

کیونکہ لوگ اور عوام ہمارے آقا ہیں ۔ سب سے پہلے ہم انہیں تعلیم دیں ۔ چنانچہ اس کے بعد انہوں نے یہ اصول وضع کیا کہ

Right of representation goes with taxation

یعنی جو شخص ٹیکس ادا کرتا ہے اسے یہ حق حاصل ہے کہ وہ انتخابات میں ووٹ دے ۔ اور کوئی نہیں دے سکتا اور تدریجاً انہوں نے اپنے ملک میں اس طریقے کی تعلیم عام کی اور بذریعہ انتخابات انہیں تربیت دی ۔

چنانچہ اس طرح وہ اس مرحلے پر پہنچے کہ انہوں نے حق رائے دہی بالغاں کو تسلیم کیا ۔

ہمارے ہاں چونکہ ۹۵ فیصد لوگوں کو اس کی تربیت ہی نہیں ۔ اس لئے ہم ایسے حالات میں فی الفور ہر ایک کو کیسے یہ حق دے سکتے ہیں ۔ ویسے یہ حق موجود ہے ۔ اور وہ بھی صرف بلا واسطہ ہے ۔ چنانچہ اسی کی بناء پر وہ ووٹ دیتے ہیں ۔ اب اس طریق کار میں تبدیلی سے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ وہی طریق کار بہتر ہے ۔ میرے نزدیک یہ ایک ایسا طریق کار ہے جس سے سیاسی معاملات کی تربیت نہایت آسانی سے ہو سکتی ہے ۔

یہاں بہت سے حضرات کو معلوم ہوگا کہ لینن کا سب سے بڑا نظریہ یہ تھا کہ وہ کہتا تھا کہ میں چاہتا ہوں کہ ایک باورچی خانے کا لڑکا بھی سیاسیات سے آگاہ ہو ۔ یہ اس کی زندگی کی تمنا تھی ۔ ان لوگوں کے ہاں بھی دیکھئے ۔ وہ چاہتے تو یوں تھے اور یقیناً انہوں نے ایسا ہی چاہا ۔ لیکن انہوں نے جو طریقہ اختیار کیا ۔ وہ بلا واسطہ انتخاب کا نہ تھا ۔ بلکہ بالواسطہ تھا ۔ کیونکہ اس سے سیاسی امور کی تربیت نہایت آسانی سے ہو جاتی ہے ۔

آج آپ دیکھیں کہ اسمبلیوں کے ممبران خواہ وہ قومی اسمبلی کے ممبر ہوں یا صوبائی اسمبلی کے ۔ ان کے متعلق پہلے یہ کہا جاتا تھا کہ وہ سیاسی لوگ ہیں ۔ لیکن اب آپ ایک ایک قریہ میں جائیں ۔ گھر گھر جائیں، تو آپ ہر ایک بنیادی جمہوریت کے ممبر کو کہہ سکتے ہیں کہ

بھئی آپ مجھے سیاسی آدمی ہونے کا طعنہ کیوں دیتے ہیں ۔ آپ تو سب کے سب سیاسی لوگ ہیں ۔ اب سیاستدان صرف ان اسمبلیوں میں ہی نہیں ہیں ۔ بلکہ وہ ۸۰ ہزار ممبران بنیادی جمہوریت جنہوں نے سیاست میں حصہ لیا ہے اور جنہوں نے لوگوں سے ووٹ حاصل کئے ہیں سب سیاست دان ہیں ۔ اس طریق کار سے آپ کو آئندہ ہر محلے اور ہر باورچی خانے کا فرد جانتا ہے تو وہ لینن کا نظریہ کہ ہر آدمی کو سیاست سے آگاہ ہونا چاہئے پورا ہو جاتا ہے ۔ میرے فاضل دوست نے فرمایا ہے کہ اس سے تربیت نہیں ہوتی ۔ لیکن میں عرض کروں گا کہ تربیت تو گھروں میں پہنچ جاتی ہے کیونکہ اس طریقہ کار میں اتنی خرابیاں نہیں ہوتیں ۔ پھر یہ ارشاد فرمایا گیا ہے کہ جھگڑے بہت زیادہ ہوتے ہیں ۔ جھگڑے تو زیادہ ہوں گے لیکن بار بار انتخابات کے بعد رجحانات بدلیں گے اور کسی نے اگر آج ایک شخص کو ووٹ دیا ہے تو کل دوسرے کو ووٹ دے گا ۔ اس طرح آہستہ آہستہ جھگڑے ختم ہو جائیں گے اور پھر ایک وقت آئے گا جب کوئی جھگڑا باقی نہیں رہے گا ۔

جہاں جمہوری طریقہ کار کا تقاضا ہے ۔ یہ طریقہ کار جو اس ملک کے اندر رائج ہوگیا ہے یہ ہمارا دوسرا تجربہ ہے ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ میں نے وہ طریقہ کار بھی دیکھا ہے ۔ انتخاب لڑا ہے اور یہ طریقہ کار بھی دیکھا ہے ۔ میں اپنے ذاتی تجربہ کی بناء پر کہہ سکتا ہوں ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا آپ اس میں کامیاب ہوئے ؟

خان محمد یوسف خان - جی ہاں۔ میں کامیاب ہوا - اسمبلی کا ممبر بھی رہا ہوں - میں اس میں کامیاب بھی رہا ہوں ناکام بھی رہا ہوں - اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ عملی طور پر جتنی واقفیت مجھے ہے آپ اصحاب میں سے شاید کسی کو نہیں - اس طریقہ کار میں چند ایک سہولتیں زیادہ ہیں لیکن وہاں برادریوں کا سوال پیدا ہوتا ہے ایک فرد لوگوں کو مویشیوں کی طرح جہاں چاہے لے جا سکتا تھا کچھ روپیہ کی بناء پر، کچھ اثر و رسوخ کی بناء پر ، اور کچھ رعب و دبدبہ کی بناء پر - لیکن اب جو شخص منتخب ہو کر آتا ہے لوگ اس کی وقعت کو جانتے ہیں - اگر وہ بد دیانت ہے تو روپیہ طلب کرے گا - اگر وہ دیانت دار ہے تو صحیح آدمی کو ووٹ دینے کا خواہش مند ہوگا - میں تو یہاں تک سمجھتا ہوں کہ اس طرح ہر آدمی اپنی ذمہ داری کو محسوس کرتا ہے ہر رائے دہندہ دیکھ سکتا ہے کہ اس نے اپنا ووٹ کس کے حق میں استعمال کرنا ہے - گاؤں میں اگر کسی نے غلط نگاہ سے دیکھا تو معلوم ہو جاتا ہے کہ وہ کس لالچ کا متمنی ہے اور لوگ اس کی طرف انگلیاں اٹھاتے ہیں بلکہ یہ کہتے ہیں کہ انشاء اللہ آئندہ الیکٹرول کالج کے لئے کسی اور کو ووٹ دیں گے - اس طریقہ کار میں غلطی کا امکان ہے - ہر غریب کی آنکھیں دیکھ رہی ہوتی ہیں کہ اس نے ووٹ کس کو دینا ہے لیکن پہلے طریق کار کے تحت کوئی شخص جمہور کو ریوڑ اور مویشیوں کی طرح ہانک کر پولنگ سٹیشن کی طرف لے جاتا ہے - کیا وہ طریق کار زیادہ قابل ستائش ہے - اصل میں یہ ایک انداز فکر بن چکا ہے اور اس کے علاوہ کوئی اچھی بات ذہن میں نہیں آتی - یہی وجہ ہے کہ اب انگشت نمائی کرتے ہیں - میں تو سمجھتا ہوں کہ اگر ایک واحد شخص کو ذمہ دار بنا دیا

جائے اور کسی اسمبلی کی ضرورت نہ رہے تو وہ ایک آدمی اپنی عقل و دانش سے حکومت چلائے تو اس میں بھی جمہوریت ہوگی اور یہ سب سے آسان طریقہ رہے گا ۔ جس طرح وہ چاہے ملک کی بہتری کے لئے کام کرے ۔ وہ اپنی ذمہ داری کو محسوس کرے گا اور ایسی چیزیں لائے گا جس کی وجہ سے ملک ترقی کرے گا ۔ لیکن آپ کہہ دیں گے کہ یہ آمریت ہے ۔ جمہوریت نہیں اور یہ طریقہ غلط ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ ہر طریقہ میں چند خرابیاں ہوتی ہیں اور چند خوبیاں ہوتی ہیں ۔ جہاں کوئی بداندیش ہوگا وہ اس کی خرابیوں کو ابھارے گا ۔ اور جو شخص اس طریقہ کار کو پسند کرے گا وہ اس کی خوبیوں کو ابھارے گا ۔ ہو سکتا ہے مبالغہ سے کام لے ۔ جہاں تک موجودہ طریق کار کا تعلق ہے ۔ میرے نزدیک اس میں خوبیاں زیادہ ہیں اور خرابیاں کم ہیں Adult Franchise کے طریقہ کار میں خرابیاں زیادہ ہیں اور خوبیاں کم ہیں ۔ لیکن اگر کسی مرحلہ پر جب ہم Stage پر پہنچ جائیں جب لوگوں میں تعلیم عام ہو اور وہ تمام خوبیوں اور برائیوں کو سمجھ سکیں تو پھر یہ طریقہ کار بدلا جا سکتا ہے ۔ لیکن جہاں تک میری ذاتی رائے ہے اس طریقہ کار سے لوگوں کو دن بدن زیادہ فائدہ ہونے کی توقع ہے ۔

ان معروضات اور ان خیالات کے اظہار کے بعد میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

چودھری محمد نواز (منٹگمری ۔ ۲) ۔ جناب والا ۔ میرے فاضل دوست خواجہ محمد صفدر صاحب نے Direct Elections یعنی بالغ رائے دہی کی بنیاد پر انتخابات کرانے کے لئے قرار داد پیش کی ہے اس کے لئے میں عرض کرونگا کہ جہاں تک بالغ رائے دہی کی بنیاد پر انتخابات کا تعلق ہے

وہ طریقہ پہلے ہی رائج ہے ۔ لیکن اب جو جھگڑا پیدا ہو گیا ہے وہ صرف یہ ہے کہ انتخابات Direct ہونے چاہئیں یا Indirect ہونے چاہئیں ۔ پچھلے دس سالوں کے دوران میں ہم Direct انتخابات کا تجربہ کر چکے ہیں اور اس تجربہ سے ہم پر یہ عیاں ہوا ہے اور یہ بات صاف طور پر ظاہر ہے کہ وہ ناموزوں تھا وہ صرف نامناسب ہی نہیں تھا بلکہ وہ ملک کے استحکام کے لئے مضر تھا ۔

جناب والا ۔ Direct انتخابات کا ہی یہ نتیجہ تھا کہ ایک وقت ایسا آیا جب کہ قومی اسمبلی اور خاص طور پر مشرقی پاکستان کی اسمبلی ہندو کانگریس اقلیت کے ہاتھ میں چلی گئی ۔ اس کے لئے جو نقصانات ہمیں اٹھانا پڑے وہ ہمارے سامنے ہیں ۔ ہونا یہ تھا کہ وہ ممبر جو مشرقی پاکستان سے تعلق رکھتے تھے وہ رہتے تو کلکتہ میں تھے لیکن کاروبار مشرقی پاکستان میں ہوتا تھا ۔ انہیں یہ فوقیت حاصل تھی ۔ اور وہ اس وجہ سے ملک کے اندرونی اور بیرونی حالات پر اثر انداز ہوتے تھے ۔ ان لوگوں کی وجہ سے مشرقی پاکستان سے کروڑوں نہیں بلکہ اربوں روپیہ باہر جاتا رہا ۔ یہی وجہ ہے کہ ہمارے ملک کا وہ حصہ آج تک پس ماندہ ہے ۔ ہمارے زر مبادلہ کے تمام ذخائر ان لوگوں کے استعمال میں آتے تھے ۔ وہ لوگ سمگلنگ کرتے تھے اور ملک کی دولت باہر چلی جاتی تھی ۔ لوگ کئی دوسری معاشرتی بیماریوں کا شکار ہو گئے تھے ۔ سمگلنگ نے ہماری معیشت کو کھوکھلا کر دیا تھا ہر طرف افراتفری کا عالم تھا ۔ یہ سب ان لوگوں کی وجہ سے تھا ۔ جن کے ہاتھ میں حکومت کا توازن تھا ۔ ایک وقت ایسا بھی آیا جب مشرقی پاکستان کی اسمبلی میں ڈپٹی سپیکر

صاحب کرسی صدارت پر بیٹھے ہوئے تھے اور انہیں اپنی جان سے ہاتھ دھونا پڑا ۔

جناب والا ۔ اس وقت ہمارے ایم ۔ این ۔ اے صاحبان جو تھے ان کو پرمٹ اور کئی دوسری مراعات حاصل تھیں ۔ ان کی وجہ سے انہوں نے ملک کی عزت اور وقار کو بالکل گرا دیا تھا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ ذرا یہ بھی ارشاد فرمائیے کہ آج لائسنسوں اور پرمٹوں کا کیا حال ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ جناب والا ۔ آپ کے سامنے ہے کوئی چھپی ہوئی بات نہیں ہے ۔ اس کا اور اس کا موازنہ کر لیجئے یہ تو کچھ بھی نہیں ہے اور کوئی ایسی بات بھی نہیں ہے ۔ اس وقت وزارتیں غیر ملکی ہدایات کے مطابق تبدیل ہوتی رہیں ۔ ان وزارتوں کی تشکیل دوسرے ممالک میں ہوتی تھی ۔ اس میں ہمارا دخل رسماً تھا ۔ ہمارے ملک کے وزیر اعظم کو دوسرے ملک سے بھیجا گیا اور وہ یہاں آ کر وزیر اعظم کی کرسی پر براجمان ہوگئے ۔

مسٹر حمزہ ۔ ان ہی کو جناب پریذیڈنٹ صاحب نے وزیر خارجہ بنا لیا تھا ۔

چودھری محمد نواز ۔ جناب والا ۔ مجھے یہ اچھی طرح سے یاد ہے کہ اس وقت پنڈت نہرو نے یہ کہا تھا کہ پاکستان چند دنوں کا مہمان ہے اور جب ان سے کسی نے یہ سوال کیا کہ کیا آپ پاکستان

کو اپنے ساتھ شامل کر لیں گے تو انہوں نے جواب میں یہ کہا تھا کہ میں ۸ کروڑ بھوکے لوگوں کا اپنے ملک پر بوجھ نہیں ڈالنا چاہتا ۔

خواجہ محمد صفدر - پوائنٹ آف آرڈر ۔ میرے دوست کیا طریقہ انتخاب پر گفتگو فرما رہے ہیں یا کسی اور چیز پر ۔ کم سے کم یہ میری سمجھ میں نہیں آیا ۔

چودھری محمد نواز - میں جناب آپ کو Back ground بتلا رہا ہوں جیسا کہ آپ نے فرمایا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر - کیا وہ اس سے متعلق ہے ؟

مسٹر سپیکر - خواجہ صاحب وہ غالباً اس سسٹم کی برائیاں بتلا رہے ہیں ۔

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر ۔ وہ غالباً Back bencher ہونے کی وجہ سے اس کا Back ground بتلا رہے ہیں ۔

Mr. Speaker : The member may please go on with his speech.

چودھری محمد نواز - جناب والا ۔ ایک وقت وہ بھی تھا کہ ہمارے ایک ذہین وزیر اعظم نے پنڈت نہرو سے ملنے کی خواہش کی تو انہوں نے یہ فرمایا تھا کہ میں ایک کلرک وزیر اعظم سے ملنے کے لئے تیار نہیں ہوں ۔ جناب والا ۔ میرا ان باتوں کے عرض کرنے کا مقصد یہ تھا کہ اس وقت ہمارے وہ لوگ جو آج جمہوریت اور طریقہ الیکشن کے متعلق یہ فرما رہے ہیں ان کے وہ لوگ جب لیڈر تھے تو ان کی یہ کیفیت

تھی کہ ہمارا ہمسایہ ملک بھی ہم سے ملنا پسند نہیں کرتا تھا کیونکہ وہ ذہنی طور پر یہ سمجھتے تھے کہ ان کی کوئی اپنی قیمت اور وقار نہیں ہے ۔ اور اس وقت حالات یہاں اتنے بگڑ چکے تھے کہ نواب قلات نے اپنی آزادی کا جھنڈا بلند کر دیا تھا ۔ دوسری طرف خان عبدالغفار خان نے پختونستان کا شوشہ چھیڑ دیا تھا اور مشرقی پاکستان میں بھی اسوقت علیحدگی کا رجحان پھیل گیا تھا اور گھرگھر گلی گلی قریہ قریہ افراتفری کا عالم طاری ہو گیا تھا ۔ جناب والا ۔ ان دنوں روس کا ایک وفد پاکستان آیا تھا جب وہ یہاں سے چلا گیا تو اس وفد نے روس میں جا کر یہ الفاظ کہے تھے

''ہم اللہ کے قائل نہیں تھے مگر پاکستان میں جا کر یہ دیکھا ہے کہ واقعی اللہ تعالیٰ ہے''

خواجہ محمد صفدر ۔ کیا یہ کتاب سے Reference دے رہے ہیں یا ان سے بالمشافہ گفتگو ہوئی ہے اگر اس پر بھی روشنی ڈال دیں تو زیادہ بہتر ہوگا ۔

چودھری محمد نواز ۔ آپ کو ان باتوں پر اعتراض ہے لیکن جس وقت آپ تقریر کر رہے تھے تو ہم نے کچھ اعتراض نہیں کیا تھا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب میں نے تو کتاب کے حوالے سے سب باتیں کہی تھیں ۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب یہ تو خواجہ صاحب کے حق میں دلیل جاتی ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ جناب والا ۔ خواجہ صاحب نے فرمایا ہے کہ اس وقت الیکشن میں روپے کا کافی استعمال ہوا ہے ۔ میں ان سے عرض کرتا ہوں کہ اس وقت روپے کا کہیں زیادہ استعمال ہوا ہوگا اور اس وقت تو کچھ بھی نہیں ہوا اور اگر ہوا ہو تو انکے علم میں ہوگا ۔ بہر حال میرے علم میں نہیں ہے ۔ میں خواجہ صاحب سے اپنے ذاتی تجربہ کی بناء پر کہہ رہا ہوں کہ میں نے اس الیکشن میں جس کے متعلق آپ یہ فرما رہے ہیں کہ ڈائرکٹ الیکشن ہونا چاہئے بھی حصہ لیا تھا اور جیسا کہ ہمارے قائد ایوان نے اگلے روز یہ فرمایا ہے کہ ان الیکشنوں میں ووٹ چلتے پھرتے تھے ۔ ایک صندوقچی سے نکل کر دوسری صندوقچی میں چلے جاتے تھے اور وہ اس طرح کہ جب انٹرول ہوتا تھا اور پولیس کا باہر پہرہ ہوتا تھا تو ووٹ ایک صندوقچی سے نکل کر دوسری صندوقچی میں چلے جاتے تھے ۔ یہ اس انتخاب کی مہربانی تھی ۔ خواجہ صاحب نے فرمایا ہے کہ برادری سسٹم کی لعنت اس الیکشن کی مرھون منت ہے ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کرونگا کہ برادری سسٹم اس وقت نہیں بلکہ اسوقت عام تھا اور یہ جو اسوقت دھڑے بندیاں اور برادری کا سسٹم ظہور پذیر ہوا ہے یہ اس ڈائرکٹ الیکشن کی مہربانی تھی ۔

جناب والا ۔ آج موجودہ آئین کے تحت جو الیکشن ہوئے ہیں ان کی بدولت آج ملک میں استحکام پیدا ہو گیا ہے ۔ ان کے ذریعہ یہاں پر زرعی اصلاحات اوقاف اور سمگلنگ کی روک تھام ۔ مہاجروں کی آبادکاری اور خارجہ پالیسی جو آج ہے یہ صرف اسی استحکام کی مرھون منت ہے ۔ تو میں خواجہ صاحب سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ وہ اپنی اس تجویز کو

واپس لیکر ہم پر اور اس ایوان پر اور ملک پر رحم فرمائیں ۔ ہمارا ملک انتخابات میں ہر بار نئے تجربات کا متحمل نہ ہو سکیگا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں ان کی درخواست کو اس وقت قابل قبول نہیں سمجھتا ۔

مسٹر سپیکر ۔ مسٹر حمزہ ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور ۔ ۶) ۔ جناب سپیکر ۔ میرے بزرگ و محترم جناب [illegible] صاحب نے بالواسطہ انتخابات کے حق میں ایک بڑی ہی پتہ کی اور بڑی قیمتی دلیل اور بڑی ہی پتہ کی بات کہی اور وہ یہ تھی کہ لینن کی خواہش کے مطابق ایک باورچی خانے کے ملازم کو بھی ملک کی سیاست میں حصہ لینے کا شرف حاصل ہوگا تو چونکہ اب Lenin کی خواہش پاکستان میں پوری ہو گئی ہے اور یہاں کا تمام نظام اس کے مطابق چل رہا ہے تو انہوں نے میں سمجھتا ہوں کہ خواجہ صاحب کی قرار داد کی تائید کرکے اس چیز کو ظاہر کیا ہے کہ جیسے باورچی خانے کا ایک ملازم جب وہاں کام کرنے والا تربیت یافتہ ہو چکا ہے اس لئے یہ بالواسطہ طریق انتخاب کو ترک کر کے ہمیں بلا واسطہ طریق انتخاب اختیار کر لینا چاہئے اور وہ موقع آن پہنچا ہے ۔ جناب محمد نواز صاحب نے اپنی تقریر دلپذیر میں یہ فرمایا کہ پاکستان کا وقار بہت بلند ہو چکا ہے اور یہ قوم یہ دیکھنا چاہتی ہے کہ اس وقار کی بلندی سے حکومت نے کون سے خارجی مسائل حل کئے ہیں اور جہاں تک ملک کے استحکام کا تعلق ہے ہماری اپنی گورنمنٹ ۔ ہماری وہ پارٹی جو کہ حکومت کی پارٹی ہے اور حکومت کی پارٹی کہلانے کا جن کو شرف حاصل ہے ان کی تمام

تقریروں کا اگر آپ Gist لیں تو اس سے آپ ایک ہی نتیجہ پر پہنچیں گے کہ یہاں جرائم کی تعداد پہلے سے زیادہ ہے ۔

مسٹر محمد زمان چشتی ۔ جناب والا۔ کورم نہیں ہے۔

Mr. Speaker: Let there be a count. (*Count was taken*). The House is not in quorum, let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*).

The House is now in quorum. Yes, Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ ۔ تو جناب سپیکر ۔ ان کی تقریروں کا مفہوم یا ان کے Gist کو اگر اختصار کے ساتھ بیان کیا جائے تو اس سے یہی پائیں گے کہ اس ملک میں رشوت ستانی کا دور دورہ ہے ۔ بد انتظامی کا دور دورہ ہے اور حکومت کی طرف سے جو قوانین لائے جا رہے ہیں وہ بھی اس چیز کو ثابت کرتے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ (قطع کلامی)

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ انتظامیہ پر بحث نہیں ہو رہی طریقہ انتخاب پر بحث ہو رہی ہے ۔ اس لئے میں حمزہ صاحب سے درخواست کروں گا کہ وہ اپنے موضوع سے دور نہ جائیں کیونکہ آج ۱۲ بجے تک ہاؤس ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ I uphold the point of Order مگر ان کے ایک irrelevant فقرے کے جواب میں آپ نے چار پانچ irrelevant فقرے کہہ دئے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے کہ میں سمجھتا ہوں کہ

چونکہ وہ بالکل نئے ہیں ۔ میں ان کو بتاؤں گا کہ اس موضوع پر کس طرح تقریر کرنی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ میرا خیال ہے کہ آپ ان کو outside the Chamber بتا دیں ۔

وزیر تعلیم ۔ وہ جناب والا یہاں تقریر کرنے کے عادی ہیں وہاں تقریر کرنے کی گنجائش نہیں ہوگی ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اس ملک میں جس طریقہ سے جمہوریت کا گلا گھونٹا گیا ہے ۔ ۔ ۔ (قطع کلامیاں)

Minister of Education : Question !

مسٹر حمزہ ۔ حکومتی پارٹی کی زیادتیاں بڑی طویل ہیں ۔ بہت ہی طویل ہیں ۔

Mr. Anwar Aziz : Mr. Speaker Sir, are we to hear this broken record every day ?

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ موجودہ طریقہ انتخاب کو رائج کرنے کے لئے اگر حکومت کے پاس کوئی دلیل تھی یا ہے تو محض یہ کہ سابقہ سیاست دانوں نے اپنے دور اقتدار میں اس قسم کے ہتھ کنڈے استعمال کئے کہ ایک مستحکم حکومت کا قائم ہونا بالکل ناممکن ہو گیا ۔ جناب سپیکر۔ مجھے یہ بات انتہائی افسوس کے ساتھ کہنی پڑتی ہے کہ وہ ہتھ کنڈے جو کہ سابقہ سیاست دانوں نے استعمال کئے تو قصور ان ہتھ کنڈوں کا تھا نہ کہ طریقہ انتخاب کا ۔ افسوس یہ ہے کہ ہماری حکومت نے ان

سیاست دانوں کا جو انجام ہوا ہے اس سے بھی سبق نہیں سیکھا۔ آپ اس حقیقت کو جانتے ہیں کہ حالانکہ انہوں نے اپنے تمام تر اختیارات کو ناجائز طور پر استعمال کیا اس کے باوجود بھی وہ اپنے آپ کو زیادہ دیر تک اقتدار کی کرسی پر قائم نہیں رکھ سکے ۔ جناب سپیکر ۔ آج جب کہ پاکستان کو معرض وجود میں آئے ہوئے تقریباً ۱۸ سال گزر چکے ہیں ہماری حکومت کی طرف سے یہ دعویٰ کیا جاتا ہے کہ اگر بلا واسطہ طریقہ انتخاب اس ملک میں رائج کیا جائے تو عوام الناس کی نمائندگی نہیں ہو سکتی ۔ ملک کا نظام ٹھیک طریقہ سے چل سکتا ہے ۔ میں ان سے یہ دریافت کرتا ہوں کہ آپ اس نتیجہ پر پہنچے ہوں گے کہ پاکستان کو معرض وجود میں آئے ہوئے ۱۸ سال گزر چکے ہیں ۔ آپ کے وہم و گمان میں یہ خیال آج کیوں پیدا ہوا ۔ ۱۹۴۶ء میں جس وقت ہم پاکستان کے لئے جد و جہد کر رہے تھے یا پاکستان کی تحریک جب زوروں پر تھی اور جب پاکستان کا ہم مطالبہ کر رہے تھے تو وہ لوگ اس وقت باشعور تھے انہوں نے جو فیصلہ کیا تو کیا وہ غلط تھا ۔ اگر آج سے ۱۹ سال پہلے وہ ایک فیصلہ کر سکتے ہیں اور اس قسم کا فیصلہ کر سکتے ہیں جس سے کہ ایک نئی مملکت معرض وجود میں آتی ہے تو کیا وجہ ہے کہ آج ۱۸ سال کے بعد آپ ان کو بے شعور گردانتے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ میں معزز ایوان کے ان ممبران کی خدمت میں مؤدبانہ عرض کرتا ہوں ۔ آپ ہمیشہ یہ کہتے ہیں کہ موجودہ طریقہ انتخاب اپنانے سے ہمارے ملک کا وقار بلند ہوا ہے لیکن میں آپ کے سامنے Report of the Franchise Commission 1963 کا ایک اقتباس پڑھتا ہوں ۔ انہوں نے بالواسطہ طریقہ انتخاب کا ایک سب سے بڑے نقص یا خامی کہہ لیجئے ان کی نشاندہی کی تھی ۔

"That opinion at home would be opposed to indirect elections and that unfriendly nations abroad would use this as a propaganda weapon against Pakistan."

ان کے یہ الفاظ اپنی رپورٹ میں درج کرنے کا مقصد یہ تھا کہ اگر آپ ملک کے اندر بالواسطہ طریقہ انتخاب کو رائج کرتے ہیں تو کل کو ہندوستان ہمارے خلاف اسی ~~argument~~ دلیل کو U. N. O میں استعمال کرے گا اور آپ کو علم ہوگا کہ وہ استعمال کرتا رہا ہے ۔ کیا آپ اسی کو عوام الناس کی رائے کا پتہ چلانے کا بہترین طریقہ سمجھتے ہیں۔ کیا آپ کسی ایسی چیز کے لئے تیار ہو سکتے ہیں کہ آپ اس قسم کا referendum یا استصواب رائے مقبوضہ کشمیر میں کرائیں ۔

جناب سپیکر ۔ یہ کبھی نہیں ہو سکتا ۔ ہم کبھی اس چیز کو ماننے کے لئے تیار نہیں ہو سکتے۔ ہماری قوم پر اس سے بڑا ظلم اور کیا ہو سکتا ہے کہ ہم اپنے دشمنوں کو ایسا مواد اور ایسے دلائل بہم پہنچائیں جنہیں وہ ہمارے خلاف استعمال کر سکتے ہوں ۔ بین الاقوامی طور پر ایسے مسئلے کو جو ہمارے لئے زندگی اور موت کا مسئلہ ہے نظر انداز کرتے ہوئے ۔ انہوں نے محض اپنی کرسیوں کی حفاظت کے لئے اس طریق انتخاب کو رائج کیا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ (قطع کلامی)

Mr. Muhammad Yusaf Khan : Even reference to Referendum cannot be made. There is a provision in the Constitution to that effect.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اس سے پہلے اس طریق انتخاب کے متعلق دو بڑے خدشات کا اظہار کیا جاتا تھا ۔ میرے محترم قائد جناب خواجہ محمد صفدر صاحب نے فرمایا ہے کہ یہ خدشات تخویف و تحریص کے

تھے - جناب سپیکر - حقیقتاً موجودہ حکومت نے جو کہ اس طریق انتخاب کی موجد ہے اور جسے اپنی اس ایجاد پر بڑا فخر ہے انہوں نے بذات خود جو کچھ بھی پچھلے الیکشنوں میں کیا - وہ ان تمام شکوک و شبہات کو سو فیصد درست ثابت کرتا ہے - جناب سپیکر - مجھے اس چیز سے قطعاً انکار نہیں کہ بلاواسطہ طریق انتخاب میں چند نقائص ہیں - لیکن وہ نقائص دور کئے جا سکتے ہیں - انہیں کم کیا جا سکتا ہے - لیکن جن نقائص کی نشاندھی حزب اختلاف کی طرف سے کی گئی ہے - اور جن نقائص کا فائدہ بر سر اقتدار طبقہ نے جس ڈھٹائی سے اٹھایا ہے بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ اس ملک میں جمہوریت کا جھٹکہ جس طریق سے اس حکومت نے کیا ہے اس سے زیادہ بدنام طریق انتخاب دنیا میں اور کوئی نہیں ہو سکتا -

Mr. Abdul Qayyum : Point of order. I think the language of the member is unparliamentary.

Mr. Speaker : No.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - اس کے حق میں یہ کہا جاتا ہے کہ ہم لوگ یا ہماری قوم انگریز کی اندھا دھند تقلید کرنے کے لئے تیار نہیں- ہمارے ملکی حالات مختلف ہیں - ہمارا قومی مزاج کچھ اور ہے اور ہمارے عوام کی جو بالغ آبادی ہے وہ اتنی باشعور نہیں ہے کہ یہاں بلا واسطہ طریق انتخاب رائج کیا جائے - میں ان سے پوچھتا ہوں کہ آپ نے دوسرے تمام معاملات میں آج تک انگریز کی پوری پوری نقالی کی ہے - اینگلو امریکن بلاک نے ہمارے ساتھ جو دوست دشمنی کی ہے اس کا ساری قوم کو علم ہے - اس کے باوجود آپ آج تک سینٹو اور سیٹو کے ممبر ہیں- لیکن اگر آپ نے یہ طریق انتخاب رائج کیا تو اس کا مقصد یہ تھا کہ ایسا

طریق انتخاب ہو جس سے آپ اپنی کرسی کو بڑی آسانی کے ساتھ، انتظامیہ کو استعمال کر کے محفوظ کر سکتے ہیں - جناب سپیکر - انہیں معلوم ہونا چاہئے کہ انتظامیہ کی مثال ایک گھوڑے کی ہے - انتظامیہ پر جس دن عبدالقیوم خان سوار تھے وہ بھی اسے استعمال کرتے رہے - (قطع کلامی)

Mr. Speaker : Mr. Hamza has been given an opportunity to speak on Resolution No. 6 and, therefore, he should not criticise the Administration at this stage. He may please confine his arguments to the Resolution in question.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - میں عرض کر رہا تھا کہ موجودہ طریق انتخاب کا سب سے بڑا نقص یہ ہے کہ انتظامیہ کو بڑے مؤثر طریق سے اور بڑی کامیابی کے ساتھ استعمال کر سکتے ہیں - خاص طور پر اب جب کہ آئین میں دو طرح کی ترامیم کر دی گئی ہیں اور جناب صدر کا انتخاب دوسرے انتخابات سے پہلے ہو جاتا ہے - جناب صدر نے اپنے کامیاب ہونے کے بعد اس چیز کا ثبوت دیا ہے کہ X X X X

*X X X X X X X X X X X X X X X X X X X X X X

مخدوم محمد شمس الدین گیلانی - جناب حمزہ صاحب زیر بحث قرار داد سے متعلقہ باتیں نہیں کر رہے -

مسٹر سپیکر - مخدوم صاحب آپ سمجھنے کی کوشش کریں وہ relevant ہیں -

رائے منصب علی خان کھرل - جناب سپیکر - مسٹر حمزہ نے کہا ہے کہ X X X X X X X X X X X X *

*Expunged as ordered by the Speaker.

Mr. Speaker : That sentence is expunged from the proceedings of the Assembly. Mr. Hamza, may please finish his speech in two minutes.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - اس طریق انتخاب میں ہر جگہ ترغیب سے کام لیا گیا ہے - بعض جگہ قانون کا ناجائز استعمال کیا گیا ہے - خاص طور پر بڑے بڑے شہروں میں ووٹوں کو خریدا گیا ہے - عام طور پر کہا جاتا ہے کہ بیسویں صدی کی ایٹمی جنگ میں نہ کوئی جیت سکتا ہے نہ کوئی ہارتا ہے - یہی حال اس طریق انتخاب کے تحت امیدواروں کا ہوا ہے کہ جو جیتا وہ بھی چیخا اور جو غریب ہارا وہ بھی تباہ ہوا - کیونکہ دونوں کو ووٹ خریدنے پر دولت صرف کرنی پڑی - جناب سپیکر - اس طریق انتخاب نے ملک میں ایسا ماحول پیدا کر دیا ہے اور قوم کے کردار کو اس طرح گرا دیا کہ بڑے بڑے شہروں میں ووٹوں کے سودے بھیڑ بکریوں کی طرح ہوتے ہیں - میں سمجھتا ہوں سب سے بڑا ظلم اس طریق انتخاب نے قوم کے ساتھ یہ کیا ہے کہ اس کے کردار اور وقار اور اخلاق کو تباہ کر دیا ہے - جو رہتی سہتی کسر سابقہ سیاستدانوں نے چھوڑی تھی وہ کسر اس انقلاب برپا کرنے والی حکومت نے پوری کر دی ہے -

رائے منصب علی خان کھرل (شیخوپورہ - ۳) - جناب والا - خواجہ محمد صفدر نے اس معزز ایوان میں جو قرار داد پیش کی ہے اور اس کی تائید میں جو دلائل پیش کئے ہیں اگر اس کی بجائے امیر کا ایک شعر پڑھ دیتے تو وہ زیادہ موضوع تھا -

ع شکست و فتح تو قسمت میں ہے ولے اے امیر

مقابلہ تو دل ناتواں نے خوب کیا

جناب والا - ان حضرات اور ان کے ساتھیوں نے حالیہ انتخابات میں پورا حصہ لیا - سب سے پہلے صدارتی انتخاب میں صدارت کے لئے اپنی امیدوار نامزد کی اور کھلم کھلا اس کی حمایت کی اور انتخاب کے بارے میں اپنے تمام نظریات کی پوری طرح تشہیر کی وہ تمام باتیں جو وہ آج یہاں دوہرا رہے ہیں - اس وقت انہوں نے کھلم کھلا ہر سٹیج پر ہر پلیٹ فارم سے کہیں اور عوام کو اپنے سیاسی نظریات سے پوری طرح آگاہ کیا - اور اسکے بعد ان کے لیڈروں نے ان کے زعماء نے اخبارات میں یہ بیانات دئیے جس کا ثبوت آج مہیا کیا جا سکتا ہے - انہوں نے یہ فرمایا کہ ہم بنیادی جمہوریتوں کے انتخابات جیت چکے ہیں - اکثریت ہمارے ساتھ ہے اور ہم صدارتی انتخاب میں جیت جائیں گے - ان دعوؤں کے بعد وہ بڑے خوش تھے اور ان کا یہ خیال تھا کہ صدارتی انتخاب میں ان کو فتح ہوگی اور پھر اسکے بعد وہ اس ملک پر اپنی من مانی کر سکیں گے - اور اپنی مرضی اور خواہش کے مطابق اور ان کی جو ذاتی خواہشات ہیں ان کے مطابق حکومت کر سکیں گے - لیکن نتیجہ اس کے برعکس نکلا - اس کے بعد انہوں نے قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات میں بھی حصہ لیا اور پوری شد و مد ، پورے زور اور اپنی پوری طاقت کے ساتھ حصہ لیا اور اس کے بعد بھی نتائج ان کی توقعات کے برعکس نکلے -

مسٹر حمزہ - اسی لئے سکندر حیات کو تین مربعے دئیے گئے-

رائے منصب علی خان کھرل - جناب والا - اصل میں ان کے ساتھ جو زیادتی ہوئی ہے - وہ یہ ہے کہ وہ یہ سمجھتے تھے - کہ عوام ان کے ساتھ ہیں - اور وہ ان کے خیالات اور نظریات کے حامی ہیں - لیکن اصل میں یہ بات صحیح نہیں ہے - تو انہیں جب ان کی طرف سے مایوسی ہوتی ہے تو وہ جھلا کر ہمارے گلے پڑ جاتے ہیں اور پھر اس کے بعد ایسے دلائل دیتے ہیں کہ جن میں حقائق کم اور الزامات زیادہ ہوتے ہیں -

مسٹر حمزہ - آپ اس سے انکار کیجئے -

رائے منصب علی خان کھرل - جناب والا - خواجہ محمد صفدر صاحب نے جو کچھ فرمایا ہے اور جو دلائل دئیے ہیں - ان کے متعلق میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ سب سے پہلے انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ اس طریق انتخاب میں عوام کی رائے صحیح طور پر معلوم نہیں ہو سکتی جناب والا - یہ الزام یا دلیل بالکل غلط ہے - عوام کی رائے معلوم کرنے کا جو بھی طریقہ ہو - بہر حال آخر کار بات اس نتیجے پر پہنچتی ہے کہ عوام کس قسم کی حکومت چاہتے ہیں - اور وہ کس قسم کے لوگ چاہتے ہیں جو اس ملک پر حکومت کریں - مروجہ طریق انتخاب میں ہر بالغ کو یہ حق ہے کہ وہ اپنی رائے کا اظہار کرے - سب سے پہلے بنیادی جمہوریتوں کے الیکشن ہوئے ہیں - اس میں بھی یہ لوگ اپنے تمام نظریات کو سامنے لیکر آئے تھے - میں تو یہاں تک کہتا ہوں کہ یہ جو انتخاب ہوا تھا یہ دو نظریات کے درمیان ہوا تھا - ایک نظریہ ہمارا

تھا اور دوسر ان کا تھا ۔ ہم نے اپنے نظریے کی تشہیر کی تھی ۔ اور انہوں نے اپنے نقطۂ نظر کو بیان کیا تھا اور عوام کے سامنے انہوں نے اپنے پروگرام کو پیش کیا تھا ۔ ان دو متصادم نظریات کے درمیان جو جنگ لڑی گئی تھی ۔ یہ جو انتخاب ہوا تھا ۔ اس کے بعد یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ عوام کیا چاہتے تھے اور عوام کس قسم کے لوگوں کو چاہتے تھے کہ ان پر حکومت کریں ۔ تو یہ بات غلط ہے کہ اس طریق انتخاب کے ذریعے عوام کی رائے کا صحیح طور پر پتہ نہیں چل سکتا ہے ۔ انہوں نے دوسرا اعتراض یہ فرمایا ہے کہ اس طرح پڑھے لکھے لوگوں کو اس حق سے محروم رکھا گیا ہے ۔ یہ بھی اس لئے غلط ہے کیونکہ بنیادی جمہوریتوں کے انتخابات میں ہر شخص کو یہ حق ہے کہ وہ اپنی مرضی سے اپنی رائے کا اظہار کر سکے یا اپنی مرضی کے لوگوں کو منتخب کرے یا ایسے آدمیوں کو منتخب کرے کہ جو اس کا ہم خیال ہو یا اس کے نظریات کا حامی ہو یا صحیح معنوں میں اس کے خیالات کی ترجمانی کر سکے ۔ اس کے بعد انہوں نے اخراجات کا ذکر کیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو طریق انتخاب وہ چاہتے ہیں ۔ اس میں زیادہ اخراجات ہوتے ہیں بجائے مروجہ طریقہ کے کیونکہ اس طرح ہر آدمی کو اسمبلیوں اور صدر کے انتخاب کے وقت یہ حق ہوگا کہ وہ براہ راست ووٹ دے ۔ اور اس طرح ہر امیدوار کو مجبوراً یہ کرنا پڑے گا کہ وہ ہر آدمی کو خود ذاتی طور پر ملے ۔ اور اس کے بعد ووٹ حاصل کرے۔

تو اس طرح سے وہ تمام قباحتیں یا اندیشے جن کا اظہار کیا گیا ہے اس میں زیادہ موجود ہیں/ بہ نسبت اس مروجہ اور موجودہ طریق انتخاب کے۔ اس کے بعد انہوں نے فرمایا ہے کہ وہ ایک مانوس طریق انتخاب تھا اور ہم اس سے مانوس ہو چکے تھے۔ اور اب اسکو بدلنا مناسب نہیں تھا۔ تو محض یہ دلیل کہ ایک طریق انتخاب سے یا ایک بات سے یا ایک قانون سے ہم چونکہ مانوس ہو چکے ہیں اس لئے ہم اسے قائم رکھیں۔ یہ کوئی دلیل نہیں ہے۔ اس لئے کہ اس بدلتی ہوئی دنیا میں نظریات بھی بدل رہے ہیں۔ تو طریق انتخاب بھی بدل سکتا ہے۔ اور اگر موجودہ طریق انتخاب ہماری ضروریات کے پیش نظر زیادہ موزوں ہے تو ہمیں اسے رائج کرنے میں پس و پیش یا قبول کرنے میں کوئی انکار نہیں ہونا چاہئے۔ اور محض یہ دلیل کہ پہلے یا پرانے طریق انتخاب سے یا بلا واسطہ طریق انتخاب سے ہم مانوس ہو چکے تھے/ میں سمجھتا ہوں کہ اس میں کوئی وزن نہیں ہے۔ اس کے بعد انہوں نے یہ الزام لگایا کہ گورنمنٹ کی مشینری کو زیادہ استعمال کیا جا سکتا ہے۔ صاحب ثروت اور دولت رکھنے والے لوگ اس میں زیادہ حصہ لے سکتے ہیں یا کامیابی حاصل کر سکتے ہیں یا ان کی کامیابی کے امکانات ہو سکتے ہیں۔ یا ~~vested interests~~ زیادہ محفوظ ہو سکتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ خواجہ صاحب کی یہ دلیل بھی اپنے اندر کوئی زیادہ وزن نہیں رکھتی۔ کیونکہ یہ قباحتیں ہر طریق انتخاب میں ہو سکتی ہیں۔ اس کو دور کرنے کے لئے ہمیں معاشرے کو اور معاشرے کے عام اخلاق کو اور

قومی اخلاق کو بلند کرنا ہوگا اس کو سدھارنا ہوگا ۔ اس طریق انتخاب کو بدل کر ان قباحتوں سے نجات حاصل کر سکتے ہیں ۔ اس کے بعد انہوں نے فرمایا ہے کہ اس طریق انتخاب کی وجہ سے عوام اور ارکان اسمبلی کے درمیان ایک خلیج حائل ہے میں نہیں سمجھا کہ یہ نظریہ انہوں نے کہاں سے گھڑ لیا ہے ۔ حالانکہ میرے خیال میں بنیادی جمہوریتوں کے تمام ممبران بھی عوام کے نمائندے ہیں ۔ کیونکہ عوام کا بھی ایک طبقہ انہیں منتخب کرتا ہے ۔ اور اس وقت وہ تمام مطالبات یا مشکلات جو عوام کو درپیش ہوں ۔ وہ ان کے سامنے پیش کرتے ہیں ۔ اس کے بعد وہ ووٹ دیتے ہیں ۔ اور وہ ممبر منتخب ہوتے ہیں ۔ اور وہ ممبر جو بنیادی جمہوریتوں کے ممبر منتخب ہو کر آتے ہیں وہ اس بات کی احتیاط رکھتے ہیں تاکہ وہ یہاں آ کر اپنے علاقے کی نمائندگی کر سکیں ۔ ان کے مطالبات اور ان کی مشکلات آگے پیش کر سکیں یا ان کو دور کر سکیں تو عوام اور ارکان اسمبلی کے درمیان رابطہ قطعاً نہیں ٹوٹتا ۔ بلکہ پہلے سے زیادہ مضبوط تر ہوتا ہے ۔ تو ان معروضات کے بعد میں یہ سمجھتا ہوں کہ موجودہ حالات کے پیش نظر جو کہ ہمیں اندرون ملک اور بیرون ملک درپیش تھے اور درپیش ہیں ۔ ان کے پیش نظر موجودہ مروجہ طریق انتخاب موزوں ترین ہے ۔ اور اس میں ہر شخص کو یہ حق ہے کہ وہ اپنے خیالات اور اپنی رائے کا اظہار کر سکے ۔ اور اپنی مرضی کے مطابق اپنے نمائندے منتخب کر سکے ۔ چاہے وہ اسمبلیوں کے لئے ہوں یا ملک کی صدارت کے انتخاب میں

ہو ۔ تو اصل میں اس طرف سے جو کچھ بھی اعتراضات ہوئے ہیں ۔ وہ ان کی ناکامی اور ناکامی سے پیدا شدہ جھنجھلاہٹ کی وجہ سے ہیں وگرنہ ان اعتراضات کا واقعات سے دور کا بھی تعلق نہیں ۔ ان لوگوں نے اپنے خیالات اور نظریات عوام کے سامنے پیش کئے تھے ۔ اور عوام نے ان نظریات کو رد کر دیا تھا ۔ اور انہوں نے موجودہ طریق انتخاب کو اور موجودہ حکومت کی policies کو پسند کیا تھا ۔ اگر وہ اس طریق انتخاب کو اچھا نہیں سمجھتے تو سب سے پہلے تو یہ بتائیے کہ اس انتخاب میں انہوں نے حصہ ہی کیوں لیا ۔ اور اگر حصہ لیا بھی تھا تو انہوں نے یہ دعوے کیوں کئے تھے ۔ کہ انہیں اکثریت حاصل ہو گئی ہے ۔ اور انہیں عوام کی تائید حاصل ہو گئی ہے ۔ اگر انہیں اکثریت کی تائید حاصل تھی تو کیا وجہ ہے کہ وہ شکست کھا گئے ۔ انہوں نے مشرقی اور مغربی پاکستان میں ووٹ حاصل کئے ۔ اور لوگوں نے انہیں ووٹ دئے ۔ جن لوگوں نے انہیں ووٹ دئے وہ ان کے نظریات کے حامی تھے ۔ وہ ان کے خیالات کی تائید کرتے تھے ۔ اور جن لوگوں نے انہیں ووٹ نہیں دئے ۔ تو ظاہر ہے کہ وہ ان کے خیالات اور نظریات کی تائید نہیں کرتے تھے ۔ اور وہ اس حکومت کی policies فلاسفی اور نظریات کی تائید کرتے تھے ۔ اس لئے انہوں نے صدارتی انتخاب میں صدر ایوب کا انتخاب کیا ۔ اور اس طرح اس موجودہ حکومت کی policies کی تائید کی ہے ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ اس واضح حقیقت کو انہیں تسلیم کر لینا چاہئے ۔ اور انہیں یہ بات مان لینی چاہئے

کہ عوام ان کے نظریات اور خیالات کو نہیں چاہتے ہیں ۔

خان عبدالستار خان مہمند (مردان ۔ ۲) جناب سپیکر صاحب۔ عرض یہ ہے کہ قائد حزب اختلاف نے جو تجویز اس معزز ایوان میں پیش کی ہے وہ یہ ہے کہ صدر کے چناؤ کے لئے جو موجودہ طریق انتخاب اب رائج ہے اور اسی طرح صوبائی اسمبلی اور قومی اسمبلی کا جو طریق انتخاب ہے وہ غلط ہے ۔ اور اسے Adult franchise کے Basic پر بدل دینا چاہئے ۔ میں اس کی پر زور مخالفت کرتے ہوئے چند معروضات آپ کی وساطت سے پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ سب سے پہلی چیز جو اس میں موجود ہے وہ یہ ہے کہ ہر ایک بنیادی جمہوریت کے رکن کو یہ احساس ہو گیا ہے کہ اس کے اپنے ہمسایہ کے ساتھ تعلقات اچھے ہونے چاہئیں// (قطع کلامی)

مسٹر سپیکر ۔ آرڈر ۔ آرڈر ۔

خان عبدالستار خان مہمند ۔ جناب والا ۔ وارڈ آٹھ سو یا بارہ سو افراد پر مشتمل ہوتا ہے ۔ اور ہر ایک وارڈ کی حلقہ بندی کر دی گئی ہے ۔ ہر وہ شخص جو بنیادی جمہوریت کا ممبر بننا چاہتا ہے اس کے لئے یہ چیز لازم ہو جاتی ہے کہ وہ اپنے پڑوس میں تعلقات اچھے رکھے ۔ اب پہلے والی بات نہیں رہی کہ ایک ممبر الیکشن کے لئے کھڑا ہوتا تھا اور اس کے حلقہ کی ایک لاکھ کی آبادی ہوتی تھی ۔ وہ اس آبادی میں سے مختلف ذرائع سے ووٹ حاصل کرتا تھا ۔ اب بنیادی جمہوریت کے ہر

ایک ممبر کو اپنے پڑوس میں اچھے تعلقات رکھنے پڑتے ہیں - تب ہی وہ جا کر بنیادی جمہوریت کا ممبر بنتا ہے - یہ اس بات کی ضمانت ہے کہ اسے اپنے پڑوس میں اچھے تعلقات رکھنے پڑتے ہیں -

جناب والا - میری دوسری عرض یہ ہے کہ موجودہ طریق انتخابات کے متعلق جو فرمایا گیا ہے کہ اس کے بارے میں میری درخواست یہ ہے کہ جو ممبر منتخب ہوتے ہیں ہر ایک اپنے اپنے وارڈ کی نمائندگی کرتا ہے - اس کا وارڈ ایک ہزار یا بارہ سو آدمیوں پر مشتمل ہوتا ہے - Adult franchise کے basis پر وارڈ بنے ہیں - ان لوگوں کی اکثریت سے ہی یہ شخص بنیادی جمہوریت کا ممبر بنتا ہے - اور پھر اس کے بعد صدر صاحب کے انتخاب میں اس چیز کا واضح ثبوت مل چکا ہے کہ ان لوگوں نے ووٹ آزادانہ طریقے سے استعمال کیا ہے - اس سے پہلے جو طریق انتخاب رائج تھا اس میں ہم دیکھ چکے ہیں اور یہ ہمارے علم میں ہے کہ اس میں کیا کچھ دھاندلیاں ہوتی رہی ہیں - میں ان کو دھرانا نہیں چاہتا - یہ ان کے علم میں ضرور ہوگا اور آپ میں سے اکثر صاحبان جو اس معزز ایوان میں بیٹھے ہیں جانتے بھی ہوں گے کہ اس وقت کیا کچھ ہوتا رہا ہے - اور میں سمجھتا ہوں کہ موجودہ انتخابات اتنے fair اتنے صحیح اور اتنے جائز طریقے پر ہوئے ہیں کہ اس میں کسی قسم کی دھاندلی ہونے کے کوئی امکانات ہی نہیں تھے - ہر ایک ممبر کے پاس اپنا شناختی

کارڈ ہوتا ہے ۔ وہ اسے پیش کرتا ہے اور اندر جا کر اپنی مرضی کے مطابق بیلٹ پیپر پر چرخی ڈالا کرتا ہے ۔ انتظامیہ نے اس میں کون سی مداخلت کی ہے اور انتظامیہ اس میں کس طرح مداخلت کر سکتی ہے اور میری سمجھ میں نہیں آتا کہ انتظامیہ مداخلت کیسے کرتی ہے ۔ جب کہ ہر ایک شخص کو یہ حق حاصل تھا کہ وہ اندر جا کر اپنی مرضی کے مطابق بیلٹ پیپر پر چرخی لگائے ۔ اس میں کون کس کو مجبور کر سکتا ہے اور انہیں اس کی کیا ضرورت تھی ۔ جناب صدر صاحب کا الیکشن ہوا ہے اس میں fairness کی سب سے بڑی نشانی یہ ہے کہ جن لوگوں نے محسوس کیا اور جس آزادی کے ساتھ آپوزیشن کو اتنا کھلا حق دے دیا گیا کہ ہم لوگ بھی محسوس کئے بغیر نہ رہ سکے کہ ان کو اتنی زیادہ آزادی نہیں ملنی چاہئے ۔ آزادی تحریر و تقریر کا منشاء یہ نہیں ہے کہ کسی پر کیچڑ اچھالا جائے ۔ ایک ایسا شخص جس نے اس ملک کو تباہی سے بچایا ہے اس کے متعلق بھی انہوں نے بڑے ہی رکیک حملے کئے اور Public meetings میں کئے ۔ لیکن اس کے باوجود موجودہ حکومت نے نہایت فراخ دلی کا ثبوت دیتے ہوئے ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی ۔ جس سے کہ منعقدہ انتخابات میں ان کو آزادی سے اپنا ووٹ استعمال کرنے کی اجازت نہ ہوتی ۔

اس کے بعد جناب والا میری عرض یہ ہے کہ مشرقی پاکستان میں ووٹوں کی کافی تعداد صدر صاحب کے خلاف گئی ہے ۔ میں

کہتا ہوں کہ وہ اس لئے مخالف ہوں گے کہ اس وقت انہوں نے اپنا پراپیگنڈا اس حد تک تیز کر دیا تھا اور انہوں نے یہ کہا تھا کہ ہمیں اکثریت کی حمایت حاصل ہے ۔ اور ہم جیت کر رہیں گے ۔ انہوں نے طرح طرح کی دھمکیاں دی تھیں اور بعض کمزور قسم کے لوگ اس بات سے بھی گھبرا گئے تھے کہ اگر آپوزیشن بر سر اقتدار آ گئی تو وہ کیا کچھ برا نہیں کرے گی ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ دوسری بات یہ ہے کہ ایجنسیوں کے متعلق یہ کہا جاتا تھا کہ یہ حکومت کی اپنی مخصوص نشستیں ہیں ۔ وہاں پر بھی صدر صاحب کے خلاف ووٹ استعمال ہوئے ۔ کیا یہ اس بات کا بین ثبوت نہیں ہے کہ انتخاب نہایت آزادانہ فضا میں ہوا ہے اور موجودہ قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلی کے تمام انتخابات اس آزادانہ فضا میں ہوئے ہیں ۔ اور نہ انتظامیہ نے اس میں کوئی دخل دیا ہے اور اس کے علاوہ نہ حکومت نے اس میں کسی قسم کا دخل دیا ہے اور نہ اس میں دخل دینے کی کوئی گنجائش تھی ۔

جناب والا ۔ اگر آپوزیشن کے صاحبان یہ کہتے ہیں کہ یہ انتخابات صحیح نہیں ہیں اور یہ صحیح نمائندے نہیں ہیں تو میں ان کی خدمت میں جناب کی وساطت سے نہایت مودبانہ گذارش کروں گا کہ اگر وہ نمائندے نہیں ہیں تو پھر ایوان میں کس لئے بیٹھے ہیں ۔ اگر وہ سمجھتے ہیں کہ انتخابات

صحیح طریق پر نہیں ہوئے ہیں اور ہم لوگ عوام کے نمائندے نہیں ہیں تو پھر ان کا منشاء کیا ہوا ۔ اگر وہ اس طریقے سے نہیں سمجھتے تو اس کا منشاء یہ ہوا کہ وہ اب عوام کے نمائندے نہیں ہیں ۔ تو پھر ان کو یہاں آنے کی کیا ضرورت تھی ۔ ہم سمجھتے ہیں کہ انتخابات صحیح طریق پر ہوئے ہیں ۔ جائز ہوئے ہیں ۔ طریقہ انتخاب نہایت موزوں اور مناسب تھا اور جائز تھا ۔ اس سے زیادہ صحیح عوام کے نمائندے اور کیا ہو سکتے ہیں ؟ ہر وارڈ اور ہر علاقے کے بالغ ووٹران نے جس شخص کو اپنا نمائندہ منتخب کیا ہے وہ اس کو اچھی طرح سے جانتے تھے ۔ ان کے نزدیکی تعلقات تھے ۔ وہ اس علاقہ کا رہنے والا شخص تھا ۔ ہزار یا بارہ سو جو ووٹرز تھے ان کے ساتھ اس کا واسطہ تھا ۔ وہ لوگ جانتے تھے کہ یہ شخص ہمارا حق صحیح طریقہ پر استعمال کرے گا ۔ اور اس طریقے سے جب یونین کونسلیں معرض وجود میں آئیں اور انہوں نے جو کام کئے یا کر رہی ہیں ۔ اور جس طریقے سے ترقی کی رفتار ملک میں تیز ہو رہی ہے میں کہتا ہوں وہ سب قابل تعریف ہے ۔

ان الفاظ کے ساتھ میں اس قرار داد کی پرزور مذمت کرتا ہوں ۔

سید دیوان غلام عباس بخاری (ملتان ۔ ۷) ۔ جناب والا ۔ جمہوریت کے متعلق اس وقت میں یہ عرض کرونگا کہ دنیا میں جتنے آزاد ممالک ہیں وہ جمہوریت کو اپنا چکے ہیں ۔ ان میں جمہوریت مختلف رنگ و روپ

میں موجود ہے ۔ اور کوئی بھی یہ نہیں کہہ سکتا کہ آزاد ممالک میں جمہوری ریاستیں جو ہیں وہ غیر جمہوری ہیں ۔ جناب والا ۔ کسی بھی ترقی یافتہ آزاد ممالک میں جمہوریت جو اس وقت جس رنگ میں موجود ہے وہ کبھی بھی آج سے ۴۰—۳۰ سال پہلے اس حالت میں نہیں تھی ۔ آپ کسی ملک کو لے لیجئے وہاں ہمیں جمہوریت بتدریج ترقی کرتی ہوئی نظر آتی ہے ۔ ہر ملک ایک فطرتی رنگ میں جمہوریت کی ایک منزل کی طرف ترقی کرتا نظر آتا ہے ۔ جناب والا ۔ اگر کوئی بھی ملک فطرتی منزل سے جو جمہوری نظام کا بنیادی طور پر اہم تقاضا ہے نہ گزرے اور جو منزل آج سے دس سال بعد آنی ہے اس کو وہ آج اپنا لے یقیناً اسکی حالت بہت ابتر ہوتی ہے ۔ جناب والا ۔ میں حزب اختلاف کے معزز لیڈر کی اس تجویز سے تو اصولی طور پر اتفاق کرتا ہوں کہ ہماری منزل یہ ہونی چاہئے کہ ایک دن ہم ہر بالغ کو یہ حق دیں کہ وہ اپنے اوپر حکومت کرنے والے نمائندے کو خود چنے ۔ مگر میں دیکھتا ہوں اور اس کا ہم نے تجربہ کیا ہے کہ حق رائے دہی بالغان کی بناء پر جو الیکشن ہوئے یا جو ادارے بنائے گئے ان کو آزمایا تو میرے خیال میں وہ اتنے کامیاب نہیں رہے جس قدر آج کل کے ادارے کامیاب ہیں اور ملک اور صوبہ ترقی کی طرف گامزن ہے ۔ جناب والا اسکی وجہ یہ ہے کہ ابھی تک ہماری قوم پوری طرح تعلیم یافتہ نہیں ہوئی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ملک میں خاص کر اس صوبے میں ۷۰ فیصد سے زیادہ لوگ تعلیم یافتہ نہیں ہیں ۔ اس کے علاوہ اقتصادی طور پر بھی مضبوط نہیں ہیں بلکہ عوام تو بھوک کا شکار ہیں ۔ عام طور پر جو آدمی اقتصادی اور معاشی لحاظ سے کمزور ہوں وہ سیاسی رائے کا اظہار صحیح طور

پر نہیں کر سکتے ۔ اس لئے یہ انتظام کہ ہر بالغ کو رائے دہی کا حق دیا جائے یہ آزادی کی منزل کو قرار دیا جا سکتا ہے مگر فی‌الفور نافذ کرنا مناسب نہیں جب تک کہ ۸۰ فی صد لوگ تعلیم یافتہ نہ ہو جائیں ۔

خواجہ محمد صفدر - تو پھر دو صدیوں تک یہ لوگ ووٹ دینے کے حقدار نہیں بن سکیں گے ۔

دیوان سید غلام عباس بخاری - ابھی تک ۸۰ فی صد لوگ غیر تعلیم یافتہ ہیں اس لئے Adult franchise رائج کرنا مناسب نہیں ہے کیونکہ یہ قرین انصاف نہیں کہ ایک ان پڑھ شخص جو سیاسی سمجھ بوجھ نہیں رکھتا اُسکو ملک کے اعلیٰ ترین سیاسی عہدے کے لئے ووٹ دینے کا اختیار دیا جائے ۔ وہ تو سیاسی شعور ہی نہیں رکھتا اگر اتفاق سے کسی ان پڑھ آدمی کی رائے ٹھیک نکل آئے تو یہ کافی نہیں کیونکہ تیسری جماعت کے لڑکے کو اگر ایف ۔ اے ، بی ۔ اے کے سوال پوچھے جائیں تو یقیناً یہ انصاف نہیں ہوگا ویسے اتفاق سے اگر وہ کوئی صحیح جواب دے دے تو پھر بھی اُسکے اس by chance صحیح جواب پر انحصار نہیں کیا جا سکتا کہ دوسرے بچوں کو بھی جو کہ ابھی تیسری جماعت میں پڑھتے ہوں ہم ایف ۔ اے ، بی ۔ اے کے سوال پوچھنے لگ جائیں ۔ اسی طرح ایک ان پڑھ دیہاتی کو جو کہ کسان یا مزدور ہو صوبائی اسمبلی کے ممبران کے متعلق یا سنٹرل اسمبلی کے ممبران یا ملک کے صدر کے متعلق یہ پوچھا جائے کہ تم ان Candidates میں سے کس کو پسند کرتے ہو تو یقیناً سوال اُس کے شعور ، اُسکی لیاقت اور اُسکی قابلیت سے

بالاتر ہوگا ۔ ان کی سیاسی فراست پر بھروسہ نہیں کیا جا سکتا البتہ اگر ملکی اور قومی مسائل کو سمجھنے والے لوگ ہوں تو میں بھی اُن کو ووٹ دینے کے اختیار کی حمایت کرونگا ۔ موجودہ حالات میں یہ صحیح ہے کہ یونین کونسل کے ممبران تحصیل کونسل کے ممبران کا انتخاب کریں اور تحصیل کونسل کے رکن ضلع کونسل کے ممبروں کو چنیں اور ضلع کونسل کے ممبر ڈویژنل کونسل کے ممبروں کو چنیں اور پھر ڈویژنل کونسل کے ممبر صوبائی کونسل یا اسمبلی کے ممبروں کو چنیں ۔ اسی طرح صوبائی اسمبلی کے ارکان کا انتخاب عمل میں لائیں تو درجہ بدرجہ سیاسی شعور کے مطابق صحیح رائے شماری ہو سکتی ہے ۔ اس کے بعد مرکزی اسمبلی اور صوبائی اسمبلیوں کے ارکان کو مل کر صدر کا انتخاب کرنے کا اختیار اور حق دینا چاہئے ۔ اس سے درجہ بدرجہ سیاسی شعور بتدریج بڑھتا جائیگا اور اس شعور کے مطابق بھی حقوق و فرائض لوگوں کو ملیں گے اور نیچے سے اوپر کو درجہ بدرجہ اعلیٰ تر سطح کے سیاسی ادارے قائم ہوتے چلے جائیں گے ۔

جناب والا ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس ریزولیوشن کی مخالفت کرتا ہوں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی ۔ ۸) ۔ جناب والا ۔ یہ عجیب نیرنگی زمانہ ہے کہ آج ایک مسلمان ملک میں ایک فاضل مسلمان رکن نے مسلمانوں کے ایک معزز ایوان میں مسلمانوں کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ جمہوریت مسلمانوں کے حسب حال نہیں حالانکہ دنیا کو جمہوریت کا درس خود مسلمانوں نے ہی دیا تھا ۔ انہوں نے اس ضمن

میں ڈاکٹر اقبال کو بھی ملوث کرنے کی کوشش کی ہے ۔ اور ان کے ایک شعر سے جمہوریت کے خلاف استدلال کیا ہے ۔

مگر انہوں نے ڈاکٹر اقبال کے اس دوسرے شعر کو نظر انداز کر دیا جس میں انہوں نے کہا تھا کہ ع

سلطانی و جمہور کا آیا ہے زمانہ

جناب والا ۔ مسلمانوں نے دنیا کو جمہوریت کا سبق اس زمانے میں دیا جب کہ افلاطون کے ملک میں ابھی شخصی حکومت کا رواج تھا اور ملک یونان جسے روشنی اور عقل و دانش کا گہوارہ سمجھا جاتا تھا وہ ابھی تاریکیوں میں ڈوبا ہوا تھا اور انگلستان ابھی magna carta سے ہنوز ناآشنا تھا ہم نے اللہ سے ہدایت پائی۔ بنی نوع انسان کو بتایا کہ ملک اللہ کا ہے اور اسکی ملکیت سارے انسانوں کی مشترکہ ملکیت ہے انسان دنیا میں خدا کا خلیفہ ہے ۔ اسطرح یہ ملک سارے انسانوں کا ہے ۔ کسی ایک گروہ کا نہیں کالے یا گورے کا نہیں چند لوگوں کا نہیں چند خاندانوں کا نہیں، کسی ایک شخص کا نہیں اور محض ۸۰ ہزار ارکان انتخابی ادارہ کی بھی ملکیت نہیں ہے [خوب خوب کے نعرے] جناب والا ۔ گذشتہ انتخابات کی بدعنوانیوں کا ذکر آیا تو ہمارے ایوان میں ایک معزز خاتون غصے سے لال پیلی ہوگئی تھیں اور انہوں نے مجھے بھی کئی صلواتیں سنا دی تھیں ۔ مجھے فطرتاً اور عادتاً tali talk کی عادت نہیں ہے اور کسی کی گالیوں کا جواب دینا بھی مجھے پسند نہیں اسلئے میں مرزا غالب کی زبان میں فقط اسی قدر عرض کروں گا کہ

گالیاں کھا کے بے مزا نہ ہوا

میں قائد ایوان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ اگر انہیں کبھی رخصت ملے اور مجھے ملاقات کا شرف بخشیں تو میں ان کے ساتھ اس معاملہ پر مفصل دلائل کے ساتھ گفتگو کر کے ان کو قائل کر سکونگا۔ فی الحال وقت بالکل تنگ ہے اسلئے اس قلیل مہلت میں حاصل بحث نہیں ہو سکتی، اور نہ اس موضوع سے انصاف ہو سکتا ہے۔ کراچی کی آبادی کے تقریباً نو لاکھ بالغ افراد چشم دیدہ گواہ ہیں کہ حالیہ انتخابات میں سرکاری پارٹی کی طرف سے اور انتظامیہ کی مداخلت کے باعث بدعنوانیاں اور دھاندلیاں ہوئیں یہ بات سو فی صد صحیح اور درست ہے اور ہرگز غلط نہیں ہے مگر افسوس ہے کہ سرکاری پارٹی کی رائے Prejudice کے باعث (Coloured) ہو چکی ہے۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ آپ اس مسئلے کو صرف ایک بنیادی مسئلے کی نوعیت سے دیکھیں کہ آیا ملک میں صحیح جمہوری نظام کے قیام کے لئے بالغ رائے دہی کی بنیاد پر براہ راست انتخابات صحیح اور مناسب ہیں؟ یا بالواسطہ؟

سب سے پہلی بات میں اس سلسلے میں عرض کرونگا کہ یہاں یہ کہا جاتا ہے کہ ملک میں تعلیم کم ہے۔ اس لئے ہمارے ملک کے لوگوں میں اس بات کی صلاحیت نہیں کہ وہ براہ راست انتخابات برداشت کر سکیں یا اس کے تقاضوں کو ہضم کر سکیں۔ میں تاریخ کا ایک بہت ہی معمولی سا طالبعلم ہوں۔ لیکن اس ایوان میں تاریخ کے علم کے جو فاضلین بیٹھے ہیں۔ وہ میری اس بات کی تائید کریں گے کہ انگلستان میں جب پارلیمنٹ کے لئے پہلے انتخابات ہوئے تو اس وقت وہاں شرح تعلیم ہمارے ملک کے مقابلہ میں نصف سے بھی کم تھی۔ اسی

طرح امریکہ میں جب پہلے انتخابات ہوئے تو وہاں تعلیم کا تناسب ہمارے نصف سے کچھ تھوڑا سا زائد تھا ۔ آج بھی افریقہ کے تاریک بر آعظم میں جہاں ابھی ابھی کئی ممالک کو آزادیاں حاصل ہوئی ہیں ۔ وہ بھی اپنے ہاں انتخابات بالواسطہ نہیں براہ راست کرا رہے ہیں ۔ بلکہ ان کا ایک ایسا ملک اور ایک ایسی قوم بھی ہے جہاں انسان انسانوں کو کھا لیتے ہیں اور اس کے باوجود انہوں نے اپنے ہاں انتخابات براہ راست کرانے کا فیصلہ کیا ہے ۔

جناب والا ۔ یہ کہنا کہ انتخاب کا تعلق یا سیاسی شعور کا تعلق تعلیم سے ہے ۔ یہ کسی حد تک صحیح ہے ۔ لیکن ضروری نہیں کہ جہاں تعلیم نہیں ۔ وہاں سیاسی شعور بھی نہیں ۔ آپ کا روزانہ مشاہدہ ہوگا کہ میں بھی اسی ملک میں رہتا ہوں اور میں جانتا ہوں کہ کتنے پڑھے لکھے لوگ ایسے ہیں جو اپنے ملک کے حالات سے کوئی دلچسپی نہیں رکھتے ۔ وہ سنیما دیکھتے ہیں اور دوسری تفریحات میں وقت صرف کرتے ہیں لیکن ان کو اس سے کوئی بحث نہیں کہ انتخابات کدھر ہوئے اور کہاں ہوئے ۔ کون منتخب ہوا اور کون نہیں ہوا ۔ ان کو اس بات سے کوئی سروکار نہیں کہ کون MPA ہوئے اور کون MNA ہوئے ۔ اس کے برخلاف ہزاروں کی تعداد میں کسان اور مزدور اور ان پڑھ لوگ ہیں جن کو انتخابات کے نتائج سننے سے لگاؤ تھا اور ریڈیو پر ان کے ٹھٹ کے ٹھٹ لگ جاتے تھے ۔ وہ اخبارات دوسروں سے پڑھوا کر سنتے تھے اور اس پر تبصرہ کرتے تھے۔

اور پھر آپ دور کیوں جائیں ۔ ابھی آج سے ۱۸ سال قبل کی بات ہے

جبکہ غیر منقسم ہندوستان میں تعلیم کی شرح یقیناً آج سے بہت کم تھی - اس کے باوجود جب انگریزوں نے یہاں لوگوں کو ۱۹۳۵ء کے ایکٹ کے مطابق بالغ رائے دہی کا حق دیا - تو اس وقت جو انتخابات ہوئے اس میں مسلمانوں اور مسلم لیگ کے خلاف کون سے عوامل تھے جو برسرکار نہ رہے ہوں - لیکن بیشمار مخالفتوں اور ہر قسم کے اثرات کے باوجود نقصانات برداشت کرکے بھی لوگوں نے نظریہ پاکستان کے حق میں فیصلہ کرکے مسلم لیگ کو ووٹ دئے - تو کیا آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ تعلیم کی کمی کی وجہ سے ان کا سیاسی شعور متاثر ہوا ، نہیں، ایسا ہرگز نہیں ہوا - سیاسی شعور تعلیم کے نہ ہونے کے باوجود بھی باقی رہتا ہے - اس لئے یہ عذر پیش کرنا کہ ہم بالغ رائے دہی کی بنیاد پر انتخابات نہیں کرا سکتے - کیونکہ ہمارے ہاں تعلیم کا معیار پورا نہیں ہے - صحیح نہیں ہے -

جناب والا - آپ اس سلسلے میں اس بات کو بھی سامنے رکھیں کہ کوئی شخص اس وقت تک تیرنا سیکھ نہیں سکتا جب تک آپ اسے سمندر نہ ڈال دیں - اگر آپ چاہیں کہ آپ ایک آدمی کو حوض میں تیراکی کی تعلیم دیتے رہیں اور پھر آپ اسے سمندر میں تیرنے کے لئے اتار دیں تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ۲۰ سال کی حوض کی تربیت اسے ایک لمحہ کے لئے بھی سمندر میں ڈوبنے سے بچا نہیں سکتی - اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ اس ملک میں جمہوریت کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لئے بالغ رائے دہی ضروری ہے - تو اس کے نفاذ کی آپ کو آج ہی سے فکر کرنی چاہئے -

جناب والا ۔ میرے ایک دوست نے خلفائے راشدین کے وقت انتخابات کا ذکر فرمایا تھا ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کر دوں کہ قران صرف ایک Constitution کی کتاب نہیں ہے کہ وہ آپ کو ساری تفصیلات مرتب کرکے دیدے ۔ قرآن نے ریاست کے نظام کے سلسلے میں دو اصول مرتب کر دئے ہیں ۔

۱۔ ھو الذی خلق لکم ما فی الارض جمیعا ۔

۲۔ واذ قال ربک للملئکہ انی جاعل فی الارض خلیفہ ۔

دیکھو دنیا میں جو کچھ بھی ہے وہ سب میں نے پیدا کیا ہے ۔ تمہارے لئے یعنی سب انسانوں کے لئے ۔ کسی ایک شخص کے لئے نہیں ۔ کسی ایک خاندان کے لئے نہیں ۔ اور نہ ہی کسی ایک قوم کے لئے ۔ بلکہ میں نے اس دنیا کو سارے انسانوں کے لئے پیدا کیا ہے اور اس میں تمہاری ضرورت اور آرام و آسائش کی چیزیں مہیا کر دیں ۔ اور پھر اللہ نے فرمایا :

واذ قال ربک للملئکہ انی جاعلی فی الارض خلیفہ

اور اب اس دنیا میں اپنا ایک نائب بنانے والا ہوں ۔ یعنی میں اب دنیا میں اپنے تمام اختیارات ایک وائسرائے یا ایک ایجنٹ کی طرف delegate کر رہا ہوں ۔ اور حضرت آدم علیہ السلام اور ان کی اولاد یعنی سارے بنی نوع انسان ہیں ۔ جو لوگ جس ملک میں رہتے ہیں ۔ اس ملک کے سارے انسان اس ملک کی حکومت میں کھلے طریق پر شریک ہیں ۔ اور یہ ہے عوام کی حکومت اور جمہوری حکومت کا پہلا تخیل جو

اسلام اور اللہ کے دین نے اس دنیا کو دیا ۔ تو اس سے یہ معلوم ہوا کہ ہم سب جو اللہ تعالیٰ کے خلیفہ ہیں ۔ ہم اپنی اس خلافت کو ، اپنے اس نائب ہونے کے اختیارات کو اور اپنی ان delegated power کو اپنی مرضی سے کسی ایک شخص میں مرکوز کر دیتے ہیں یا ایک ایوان میں مرکوز کر دیتے ہیں تاکہ وہ ان اختیارات کو استعمال کرے اور ملک پر حکومت کرے ۔

جناب والا ۔ اب یہ انتخابات کس طریق سے ہوں گے ۔ قرآن نے اسے متعین نہیں کیا ۔ قرآن اسے متعین کر سکتا تھا ۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے عمداً اس بات کو چھوڑ دیا تاکہ انسانی فکر کے ارتقا کے ساتھ ساتھ اس کے طریقے بدلتے رہیں ۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا زمانہ قبائلی نظام کا زمانہ تھا ۔ اس وقت ایک بڑا شخص اپنے پورے خاندان کا مختار کل ہوتا تھا ۔ پھر سارے عرب میں قریش اختیار کل رکھتے تھے ۔ سارے عرب کے لوگوں کو ان کی سیادت ، صلاحیت ، علمیت اور دانشوری پر پورا اعتماد تھا ۔ وہ جو کچھ کہتے ۔ سارا عرب اسے مان لیتا تھا ۔ یہ بات اسلام سے پہلے سے چلی آ رہی تھی اس لئے اس وقت وہی طریق صحیح تھا ۔ جو حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے انتخاب میں عمل میں آیا ۔ تو اس سلسلے میں میں یہ بات بھی ضرور عرض کر دوں کہ اگر آپ اس طریقے کو لانا چاہتے ہیں تو پھر آپ کو پہلے عمر فاروق پیدا کرنا پڑے گا ۔ آپ کو ابوبکر صدیق پیدا کرنا پڑے گا ۔ تب آپ یہ دعویٰ کر سکتے ہیں کہ ہم بالواسطہ طریقے سے انتخابات عمل میں لانا چاہتے ہیں ۔ آپ کے پاس تو وہ انتظامیہ

ہے - وہ وزراء ہیں - اور آپ کے پاس وہ عمال حکومت ہیں - جو حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ تو کیا - ان سے صدیوں بعد کے لوگوں سے بھی اخلاق ، دیانت اور امانت میں کہیں کمتر ہیں - آپ کے پاس عمال حکومت تو یہ ہوں - اور آپ کے سر براہان مملکت وہ ہوں جو کہ ہیں - اور دعویٰ یہ ہے کہ انتخاب کا طریقہ وہی بالواسطہ ہوگا جو خلفأ راشدین کا تھا تو میرے نزدیک یہ کوئی مناسب بات نہیں ہے انصاف کی بات یہ ہے کہ جس طرح آج زمانے میں جمہوریت ارتقاء کر رہی ہے - اور جس طرح عوام الناس کی مرضی کے اشخاص کا انتخاب یا ایوان میں اپنا اعتماد مرتکز کرنے کا طریقہ دنیا میں انسانی تہذیب کے ارتقاء کے ساتھ قبول کیا جا رہا ہے - آپ بھی اسی کو اپنائیں - کیونکہ اس وقت دنیا میں یہ بات ایک مسلمہ حیثیت رکھتی ہے - بالغ رائے دہی کی بنیاد پر تمام انسانوں کو یہ حق ملنا چاہئے کہ وہ اپنا سر براہ حکومت منتخب کر سکیں - میں اپنے محترم ارکان ایوان سے درخواست کروں گا کہ حمزہ صاحب نے ایک بات جو بڑے مختصر طریق پر کہی تھی - وہ آپ کی بڑی توجہ کے مستحق ہے - کیا یہ امر واقعہ نہیں کہ آپ بالواسطہ انتخابات کے ذریعے ہندوستان کے ہاتھ میں ایک ہتھیار دے رہے ہیں جو آپ کے خلاف ہی استعمال کیا جا سکتا ہے - اگر آپ سے کوئی یہ سوال کرے کہ جب آپ اپنے ملک میں اس طریقے کو بہتر اور صحیح سمجھتے ہیں - تو اگر کشمیر میں بھی لوگ اسی طریقے سے رائے دہی کر لیں تو آپ کو اس پر کیا اعتراض ہو سکتا ہے - پھر آپ کے پاس اس کا کیا جواب ہے ؟ میں سمجھتا ہوں کہ اس کے لئے یقیناً نہ ہتھیار ہیں اور نہ ہی آپ تیار ہوں گے اس لئے قطع نظر اس بات کے کہ اس سے کس کو فائدہ

پہنچتا ہے اور کس کو نقصان ۔ اس مسئلے کو شخصیات سے الگ ہو کر صرف ایک اصول کی حیثیت سے دیکھنا چاہئے ۔ کیونکہ یہ ایک مسئلے کی حیثیت سے ہمارے اور اس ایوان کے سامنے آیا ہے ۔ اس لئے ہمیں چاہئے کہ ہم اس کی خوبیوں اور برائیوں پر اسی نوعیت سے غور کریں جو اس کا تقاضا ہے ۔

Captain Akhtar Ayub Khan (Hazara—III) : Mr. Speaker, Sir, charges have been made that this form of elections or Basic democratic form of elections or indirect form of elections is not democratic, and there is again a charge or a plea that the old Parliamentary form of Government . . . . . .

Khawaja Muhammad Safdar : I may correct my friend. There is no charge that this is undemocratic. Democracy has several means of elections. One is indirect and the other is direct. We are discussing the merits and demerits of both. This is not the charge that it is undemocratic.

Captain Akhtar Ayub Khan : Now, the direct form of elections introduced in this country was introduced by whom ? The Britishers stayed here for 200 years. They wanted to bring up a people and a class which would look towards London, which would look towards their institutions, which would look towards their creed and which would look towards their ideals. So they brought in this form of direct elections, this form of elections so that the people who come into politics always look towards England for their guidance and for their inspiration. What were direct elections before ? What did people do ? My own family members have been taking part in these elections before. They would catch a few Khans, a few Mullas and a few Pirs, and when the ballot box was laid, these were the few vested interests who drove the people on and who drove the people to the ballot boxes. Why were the people driven, because they were illiterate, because they were not educated, because they were ignorant and because they could not have their own say. These were the people who dominated their minds, who dominated their economies, who dominated their religion and where they moved, these people moved with them. What has happened now ? Today you have got a system whereby you have got basic democracy. People elected their own representatives for the first time. These vested interests have been challenged in the villages, the

Mullas, the Pirs and the Khans and the commonest of the people have challenged it. This is a great revolution, this is a great ideal and this is a big thing in villages. It never happened in the villages before. These basic democrats once elected, what do they demand ? They demand progress, they demand something for their own areas, they demand something with which they can satisfy their own people who have elected them and today the real democracy has really gone to the village, to the common folk, to the poor folk, to the oppressed folk and these people in terms elect their own representatives. Now, those representatives, who were elected in the olden days, once elected never went back to their villages, never saw the faces of the poor men, never took interest in their affairs, because their politics were only in cities, only in the papers, only in the schools, only in colleges and not in the majority of Pakistan and this is the majority which live in villages. Today what do these basic democrats demand from you ? What do they really want from you ? They want progress, they want to get things done, they want to move forward themselves. What has basic democracy really brought to the villages. You have your Tehsil Councils, you have your District Councils and you have your Divisional Council. What has really come into being is something in the form of peoples' democracy and the democracy which goes down to the root of the people. Then people say that we were used to the old form of democracy, we were used to the old form ofelections. British imperialism has left. So must their forms leave us. Somust their ideals leave us. We must have roots in our soil, we must have roots in our people, we must have roots in our causes. Who are these people who advocate the old form of elections, those who had been brought under the imperialists who had been educated in their ways, who had no other ideas but to think their way. They cannot live in mud houses, they cannot go and plough the field, they cannot go and undertake labour. They can only sit in coffee houses and talk what happened in Britain and what happened in, what you call, Washington or something like that. They are Strangers living in their own land. They must read the boak of Pakistan. The book of Pakistan is really the book of this country and the book of this country is the common people democracy which the basic democracy is really laying down today. Then they say that these elections are not fair, they can be guided by the offieials. I do not think so many basic democrats can be guided by officials. Before this, however, a few in a constituency, who had vested interests, were guided more by the officials and more bp money and more by vested interests. So I feel that this is a better form of

Government, a better form of democracy and a better form of justice and this is the basis of people's democracy. Thank you.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak (Kohat-II): Mr. Speaker, Sir, I do not belong to Ziat-e-Shumal or Zaat-e-Yamin but to Khair-ul-Amoor-e-Osatoha. I will say something on this subject which would be based on old logic and sentiment completely out of it. Sir, nobody denies the ultimate sovereignty of the people. The ultimate sovereignty of the people is recognised by the present system and was recognised in the past. Sir, our Constitution is based on Islamic ideology. I will be hoping that Mr. Farooqi would kindly enlighten us on what guidance we can get from the greatest political system that has ever been evolved in which the equality of man was recognised for the first time. Sir, the system of election that came into the universe, to the best of my knowledge, came from Greece and I feel that even the society there was divided into classes. For the first time, the classless society that came was with the advent of Islam. Now what system did we get from there. I think, Sir, the best of people surrounded our Great Prophet and schisms and political differences arose when our Great Prophet had not even been buried. What I mean is that inherent human weakness is a factor with which we have to reckon. I do not think that Mr. Farooqi would contradict me if I say that a statement was made that the Caliph should be from the Quresh. Which meant that only one section of the Muslim world can produce or give a ruler.

Then, our first Caliph died too early and after that Hazrat Umar was nominated and Hazrat Umar had an electoral college through which Hazrat Usman came and with the shahadat of Hazrat Usman I think it was by universal acclamation of the people of that area that Hazrat Ali came into power. I need not go into the differences and schisms which later on developed and which cast the Islamic world.

Sir, what I mean is that basically it is the human factor that is involved and unless we can educate the masses to the extent that they should be able to exercise their right of vote honestly and conscientiously we cannot hope or aspire for the Utopia which has been described in hopes but has never been attained.

Let us see, Sir, the evolvement of the representative system in its present day picture and context. We have the great democracy of

the United States of America. Let us look at their system of election. Can anybody say that corruption does not exist there? Can anybody deny that billions of dollars are spent on Presidential elections and only for a period of four years? Can anybody deny that the people of the United States are sick of this system of elections? By this I mean that there is not a perfect system in the United States of America.

Let us go back to Europe. What systems exist there, Sir? You had a Hitler. You had a Mussolini. Then you have political parties—the Flangists, the Francoists. Each country has a political system of its own. We cannot say that there exists a uniform system in Europe by which the representatives of the people rule the country.

Sir, then the greatest experiment has been the modern experiments — the USSR. Most of us would like to see our country progress as the USSR has. You see Sir, education, which we feel should become universal, how did it become universal in the USSR. Let us study that country and see how were they successful in educating the masses of their people. There, I believe literacy has reached to eighty to ninety per cent. But their system of political parties is 'One Party'. Within that one party whatever their differences may be, but their system is One Party. And in China you have One Party.

Let us come to the most happily governed country — and it is often put forth as an example — the United Kingdom, or in Asia we have Japan. How did these people manage to get themselves governed through the Parliamentary system? They had to evolve a system of Kingship. The Head of State was a sovereign, unconnected directly with politics, nothing to do with politics. With the result that a party system developed in that country.

Sir, I am just placing before this august House the few systems that exist because all of us are interested that we should evolve something in this country which should be of benefit not only to the present generation but to the future as well.

Let us see what happened to us when we had the adult franchise from which I would draw the reference. We had adult franchise and the Leader of the House described to you the elections that took place in my Province. I will not say anything to you about the

Punjab, Bahawalpur or Sind because I am not a direct witness to it. The Leader of the House was then a Session Judge and I was the Director of Public Instruction. We were both close witnesses of the election. Sir, it was adult franchise. The people went and cast their votes in one box and with the help of the magic wand when the results were declared the boxes filled with votes were empty and the empty boxes were full. You see, the executive was used by Government for a purpose totally alien to its functions.

In these elections Sir, I don't plead for the Government to say that there has been no interference. But my impression was that the officials backed their own horses, at least in my Province. If they liked me they were not openly with me but they were quite honestly supporting me. I can tell you about a colleague of mine. He was opposing a Government candidate. In the Government candidate's camp about 140 people were dining. But when they went to cast their votes he got 47 votes and the other candidate whose camp was empty got a majority of the votes. Why? Because at the time of marking these people were guided by their own good conscience. I feel, Sir, that when a thousand people elect a man should we be so despondent about the character of that man who is elected by one thousand people. This makes me so despondent about my own nation, my own people that I feel Sir, that God forbid, if that is our criterion by which our national characters have to be judged, what is our future. One thousand people go and elect a man. Each man goes and casts his vote in the most secret form (at least in my Province), nobody sees for whom he has cast his vote. And if he does not cast his vote honestly then heaven help this country. There have been instances when the whole village turned upon the Basic Democrat and enquired from him "please tell us for whom you are going to vote", and the people who were voting for him forced him to accept their view point. This has happened in my own area. By this I want to tell the House that it is not the system that matters — this system or that system,- basically it is the human element.

Sir, are we educated? I would like both sides of the House to educate our people, to educate the masses and to see that whatever system is in force the people are educated, honest and conscientious enough to cast their votes in accordance to the dictates of their conscience. There is no doubt that the ruling party have always won.

Tell me which President of the United States has ever lost in elections throughout the history of the United States. The glory and the prestige of the President is a tremendous factor in guiding the elections and masses of the people.

Sir, we had President Roosevelt in the United States. He was Roosevelt Ist, Roosevelt 2nd, Roosevelt 3rd and he would have been elected for five more terms if his health had permitted him. Same happened with Eisenhower. They had to bring in a constitutional check that the President would serve for two or three terms, and no further. Therefore, I would most humbly suggest that nobody denies the fact that the sovereignty of the people is there, but let us give this system, that has now come into force, an honest trial; let us give it a trial and see whether the system is going to produce the results which we are all hoping for. We tried the system of adult franchise, and that type of adult franchise, I hope, we will never see again. Let us try this one and if this one succeeds, I feel that whether it is a direct election or whether it is an indirect election, the ultimate sovereignty rests with the people of this country.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - موضوع زیر بحث پر اس معزز ایوان کے معزز ارکان نے اپنے اپنے خیالات اور رائے کا اظہار فرمایا ہے اور اکثر و بیشتر احباب نے میرے ان اعتراضات کا جواب دینے کی سعی فرمائی ہے جو میں نے موجودہ بالواسطہ طریقہ انتخاب کے متعلق اس ایوان میں پیش کئے تھے - میں پہلے ان دوستوں ، ان معزز اراکین اسمبلی کے اعتراضات کا جو کہ انہوں نے میری تقریر پر فرمائے ہیں ان کا مختصر جواب عرض کرنا چاہتا ہوں - میرے محترم دوست خان محمد یوسف خان صاحب نے اس مسئلے کو خلط ملط کرتے ہوئے اس کو خاصا الجھا دیا ہے - میں نے کل اپنی تقریر کے ابتدا میں یہ گذارش کی تھی کہ یہ ہماری حکمران پارٹی بھی تسلیم کرتی

ہے کہ اس ملک میں حاکمیت عوام کی ہوگی - یہاں جمہوریت نافذ رہے گی - مگر یہ مسائل زیر بحث ہی نہیں ہیں- متنازعہ فیہ ہی نہیں ہیں- انہوں نے خواہ مخواہ اس مسئلے کو درمیان میں لا کر زیر بحث مسئلہ کو الجھانے کی سعی فرمائی ہے - میں یہ بھی عرض کر دوں کہ اس وقت پارلیمانی نظام اور صدارتی نظام بھی زیر بحث نہیں کہ دونوں میں سے کون سا اچھا ہے - یہ دونوں طریقے جمہوری نظاموں میں موجود ہیں - دنیا میں اس سے پہلے بھی یہ دونوں طریقے حکومت کے رائج رہے - ان میں بذاتہٖ خوبیاں بھی ہیں اور برائیاں بھی - تو دونوں کے متعلق کچھ نہ کچھ کہا جا سکتا ہے لیکن وہ اس وقت زیر بحث نہیں ہیں - زیر بحث مسئلہ صرف اس قدر ہے کہ آیا صدر کا انتخاب اور اسمبلیوں کے انتخاب بلا واسطہ ہوں یا بالواسطہ - میرے محترم دوست جناب خان محمد یوسف خان تو جوش خطابت میں یہاں تک کہہ گئے کہ ہمیں تو صرف ایک شخص کو صدارت کے لئے چن لینا چاہئے اور باقی اسمبلیوں کی ضرورت ہی نہیں ہے - بہر حال یہ ان کی اپنی رائے ہے لیکن یہ رائے حکمران پارٹی کی نہیں ہے - اس سے جمہوریت قائم نہیں رہے گی - جو وہ چاہتے ہیں وہ آمریت بن جائے گی لیکن حکمران پارٹی کا یہ دعویٰ کہ یہاں جمہوریت ہے اور وہ جمہوریت کو قائم کرنا چاہتے ہیں جیسا کہ وہ فرماتے ہیں میرا خیال ہے درست نہیں - وہ جذبات کی رو میں بہہ گئے اور اپنے الفاظ کو جو انہوں نے استعمال کئے وہ صحیح طور پر غالباً استعمال نہیں کر سکے - اس کے بعد

انہوں نے فرمایا ہے کہ موجودہ سسٹم سے سیاسی تربیت نہایت آسانی سے ہوتی ہے۔ مجھے ان کی اس بات سے اتفاق نہیں ہے۔ عوام کی سیاسی تربیت صرف اسی صورت میں ہو سکتی ہے جب عوام کے سیاسی رہنما یا امیدواران اسمبلی ان تک جائیں۔ اگر امیدواران اسمبلی نے عوام تک نہ جانا ہو۔ صرف بنیادی جمہوریت کے ممبران تک ہی جانا ہے تو میری سمجھ میں نہیں آتا کہ وہ کس طرح یہ بات فرما گئے کہ عوام کی سیاسی تربیت اس طریقہ سے آسان ہو جائے گی۔ اس کے بعد چودھری محمد نواز صاحب نے اپنے ارشادات عالیہ سے ہمیں نوازا۔ وہ بھی جناب پارلیمانی اور صدارتی طریقہ ہائے حکومت میں الجھ گئے۔ میں نے ان کو یاد دلایا کہ یہ موضوع زیر بحث نہیں ہے لیکن وہ ایسی لائن پر چڑھے رہے کہ انہوں نے اپنی لائن تبدیل کرنی مناسب نہ سمجھی۔ رائے منصب علی خان میرے پرانے دوست بھی ہیں، بزرگ بھی ہیں۔ انہوں نے اپنی تقریر کے آغاز میں میر کا شعر اس پر کہا۔ مجھے معلوم نہیں کہ وہ شعر مناسب حال تھا یا نہیں۔ وہ تو وہی جانتے ہیں یا قائد ایوان بہتر سمجھتے ہیں کہ وہ موقعہ پر پڑھا گیا یا بے موقعہ پڑھا گیا۔ بہرحال انہوں نے بلاواسطہ طریقہ انتخاب کی سب سے بڑی برائی کا یوں اظہار فرمایا کہ امیدوار کو ایک ایک آدمی کے پاس جانا پڑتا ہے لیکن میرے نزدیک یہ خوبی ہے کہ امیدوار مجبور ہو کر اپنے حلقے کی آبادی کے تمام بالغان کے پاس جائے۔ مگر ان کے نزدیک یہ برائی ہے کہ امیدوار کو حلقے کے بالغان کے پاس جانا پڑے۔ میرا خیال

ہے کہ ان کے نزدیک آسان اور بہتر طریقہ یہی ہے کہ وہ کسی کے پاس بھی نہ جائے اور جو بھی طریقہ انتخاب ہو یعنی جو Voters ہوں انہیں تھانیداران کے پاس لے آئے۔ غالباً یہ طریقہ آسان ہو سکتا ہے اور یہی غالباً ان کو پسند ہے۔ جناب والا انہوں نے ارشاد فرمایا ہے کہ سرکاری مشینری کا استعمال اس طریقہ میں کم از کم یعنی بالواسطہ طریقہ انتخاب میں کم سے کم ہوگا۔ میری رائے ایک مشاہدے پر مبنی ہے اور اس کی support میں Franchise Committee جو ۱۹۳۱ء میں Round Table Conference کے غور و خوض کے نتیجہ کے طور پر قائم کی گئی تھی اور بعد میں اس نے اپنی سفارشات Franchise کے متعلق پیش کی تھیں یعنی Arguments against indirect system وہ انہیں پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

"The fact that the number of secondary electors is small makes corruption at the election of members to the legislature far easier than under a system of direct election with a large electorate."

اس کے ساتھ ہمارے موجودہ حکمرانوں نے خود جو دوسرا کمیشن مقرر کیا جس کا میں نے ذکر ابھی کیا ہے۔ جس کے صدر جناب اختر حسین صاحب تھے۔ انہوں نے بھی ارشاد فرمایا ہے کہ بالواسطہ طریق انتخاب میں سرکاری مشینری کو آسانی سے استعمال کیا جا سکتا ہے کیونکہ ووٹروں کی تعداد نہایت قلیل ہوگی۔ دونوں رپورٹیں اس سلسلہ میں میری تائید کرتی ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ رائے صاحب کا یہ دعویٰ کہ موجودہ طریق انتخاب میں سرکاری مشینری زیادہ موثر نہیں ہو سکتی درست نہیں ہے جو نامور دانشوروں نے مرتب کی ہیں۔

جناب والا ۔ انہوں نے ایک یہ بھی اعتراض کیا ہے ۔ بلکہ الزام لگایا ہے کہ میں اور میری قسم کے دوسرے لوگ جو اس طریق انتخاب پر اعتراض کرتے ہیں دراصل احساس مایوسی کا شکار ہیں اور اپنی ناکامی کا اظہار اس طریق سے کرتے ہیں ۔ ہم تو شاید مایوسی کا شکار ہوں یا نہ ہوں لیکن ۱۹۳۱ء میں جو کمیٹی بنی تھی اس کے ممبر صاحبان کس مایوسی کا شکار تھے جنہوں نے حتمی طور پر یہ فیصلہ کیا تھا اور کہا تھا کہ وہ بالواسطہ طریق انتخاب کو ناپسند کرتے ہیں ۔ اس کمیٹی کے ممبران حسب ذیل حضرات تھے ۔

The Marquess of Lothian, Chairman.

Sir John Kerr, Deputy Chairman.

Dr. B. R. Ambedkar.

Khan Bahadur Maulvi Aziz-ul-Haq.

Mr. R. R. Bakhale.

Sir Ernest Bennett.

Mr. R. A. Butler.

یہ کس مایوسی کا شکار تھے کہ انہوں نے ان الفاظ میں اپنی سفارشات دی ہیں ۔

"For all these reasons we have unanimously decided to reject the universal indirect system."

میرے دوستوں نے کہا ہے کہ ہم انگلستان کی طرف دیکھتے ہیں ۔ ہم نہ انگلستان کی طرف دیکھتے ہیں نہ واشنگٹن کی طرف ۔ اسی طرح دوسرے کمیشن کے ارکان کو جس میں دو جج صاحبان اور اختر حسین صاحب تھے کیا مایوسی یا ناکامی تھی کہ انہوں نے یہ ارشاد فرمایا ہے ۔

"Therefore, in the case of election of the President, no less than in that of election of members of Assemblies, direct election on the basis of universal adult franchise is the more appropriate method."

جناب والا - ان لوگوں کی مایوسی کے متعلق میرے مہربان دوست رائے صاحب ہی کچھ بتا سکتے ہیں - دیوان غلام عباس بخاری صاحب نے دو اعتراض کئے ہیں وہ کہتے ہیں کہ اس وقت تک جب تک ملک کی تعلیمی حالت اور اقتصادی حالت درست نہ ہو جائے اس سسٹم کو رائج نہیں کرنا چاہئے۔ میں اپنے محترم دوست کی خدمت میں عرض کروں گا کہ آج سے انیس سال قبل تحریک پاکستان میں جن لوگوں نے اپنی رائے کا اظہار فرمایا تھا اور جن کی رائے کے نتیجے کے طور پر یہ ملک معرض وجود میں آیا - اور پھر سابقہ صوبہ سرحد نے ریفرنڈم کے ذریعہ یہ فیصلہ کیا کہ ہم پاکستان میں شامل ہونا چاہتے ہیں اور اسی طرح سلہٹ کے ضلع اور ملحقہ علاقوں نے یہ فیصلہ کیا کہ ہم پاکستان کا حصہ بننا چاہتے ہیں - تو اس وقت ہمارے ان علاقوں میں آج سے تعلیم کم تھی - آج ہماری تعلیم ۱۹۶۲ فیصد ہے - آج سے ۲۰ سال قبل ہماری تعلیم ۱۵ فیصد کے لگ بھگ تھی - آپ اندازہ لگائیں کہ اگر بلا واسطہ انتخاب کے سسٹم کو اس وقت رائج کرنا ہے جب ہمارے ہاں نوے فیصد تعلیم ہو جائے تو ہمیں اس کے لئے کئی صدیاں چاہئیں - کیونکہ اپنی موجودہ رفتار کے مطابق ہم تقریباً پانچ سال میں ۲ فیصد کا تعلیم میں اضافہ کر رہے ہیں - دوسرے پنج سالہ منصوبہ میں یہی ہوا ہے - اور ۱۹ فیصد سے ۹۰ فیصد تک پہنچنے کے لئے ہمیں ابھی ۷۱ فیصد طے کرنا ہوگا -

جہاں تک اقتصادی مسئلہ کا تعلق ہے - یہ بھی انہوں نے فرمایا

ہے کہ اقتصادی حالت خراب ہے اس لئے یہ طریق انتخاب رائج نہیں کرنا چاہئے کیونکہ غریب لالچ میں آ جاتے ہیں ۔

جناب والا ۔ بھارت کی اقتصادی حالت بہت اچھی نہیں لیکن اس کے باوجود وہاں انتخابات آزادانہ بھی ہیں منصفانہ بھی ہیں اور بلا واسطہ بھی ہیں ۔

جناب والا ۔ جہاں تک میں اپنے محترم دوستوں کی تقاریر سے معلوم کر سکا ہوں مجھے یقین ہے کہ وہ بھی یہی چاہتے ہیں کہ اس ملک میں بلا واسطہ طریق انتخاب رائج کیا جائے ۔ (قطع کلامیاں)

جناب دیوان غلام عباس صاحب نے یہی کہا ہے ۔ رائے منصب علی صاحب نے یہی کہا ہے ۔ اس کے بعد ہر شخص نے یہی کہا ہے مگر وہ ساتھ شرطیں لگاتے ہیں کہ یہ چیز بھی ہو لے تب بلا واسطہ انتخابات ہوں ۔ (قطع کلامیاں)

آپ تلملاتے یا بلبلاتے کیوں ہیں ؟ گویا اُن کا مقصد یا منتہائے نظر بھی یہی ہے ۔ فرق صرف اتنا ہے کہ ہم کہتے ہیں کہ اس پر ابھی سے عمل کیا جائے اور وہ کہتے ہیں کہ کچھ عرصہ بعد ۔ بیس سال ، پچاس سال یا جیسے دیوان صاحب کہتے ہیں دو صدیوں بعد اس طریق انتخاب کو رائج کیا جائے ۔ اُنہیں خود اس چیز کا اعتراف ہے اور وہ محض اپنی کوتاہیوں اور خامیوں کی وجہ سے اس طریق انتخاب کو رائج نہیں کرنا چاہتے ۔ میرے نزدیک ہماری قوم میں کوئی خامی نہیں ، کوئی کوتاہی نہیں اور وہ تمام خوبیاں اور اچھائیاں اس قوم میں

آج بھی موجود ھیں جو آج سے بیس سال پہلے موجود تھیں - عوام درست انتخاب کر سکتے ھیں - ھماری قوم باشعور ھے اور صحیح فہم و ادراک رکھتی ھے - آپ کہتے ھیں وہ جاھل ھیں اُسے شعور نہیں - (قطع کلامیاں)

جناب والا - میرے دوست خود ایک بات کہتے ھیں اور جب ان کے سامنے وہ بات دھرائی جاتی ھے تو وہ خفا ھوتے ھیں - مجھے یقین ھے کہ میرے دوست دل سے اس بات کے معترف ھیں کہ صحیح طریق انتخاب یہی ھے کہ بنیادی جمہوریت کو ترک کیا جائے اور بلا واسطہ طریق انتخاب پر گامزن ھوا جائے - (قطع کلامیاں)

سید عنایت علی شاہ - پوائنٹ آف آرڈر - خواجہ صاحب نےجو کہا ھے کہ ھم نےلوگوں کے متعلق یہ کہا ھے کہ وہ بے شعور ھیں - تو یہ کس وقت کہا گیا ھے - اور کس نے کہا ھے -

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - ممکن ھے کہ میرے محترم دوست کی رائےمختلف ھو- لیکن میری کوئی رائےھی نہیں بلکہ جناب صدر صاحب کی تقاریر سے یہ بات ان کے سامنےپیش کرتا ھوں کہ انہوں نے بھی ارشاد فرمایا ھے کہ سیاسی طور پر ھمارا منتہائے نظر یہی ھے کہ اس ملک میں بلا واسطہ انتخاب ھوں - اور اس ایوان میں بھی سب اگرچہ نہیں کہتے لیکن کچھ نے یہ ضرور کہا ھے کہ اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا - تو یہ بزرجمہر جو لاء ڈیپارٹمنٹ کے تھے - انہوں نے بھی اس analysis میں اس کتاب کے صفحہ ۲۰۷ کے پیراگراف ۳۹ میں فرمایا ھے -

"The Committee was of the view that while the ultimate objective of any democratic system . . . . . "

ذرا غور سے سنئے ۔ اس کمیٹی کو مرکزی حکومت کے لاء ڈیپارٹمنٹ نے مقرر کیا تھا ۔ اور اس نے موجودہ طریق انتخاب کے لئے آسمان سے تارے بھی نوچے ھیں ۔ تاکہ یہ ثابت ھو سکے کہ یہ درست ھے ۔ اس کمیٹی کی رائے میں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

". . . . . the ultimate objective of any democratic system must remain direct election . . . . ."

Please note the word ' must".

". . . must remain direct election on the basis of universal adult franchise. The achievement of this objective was dependant entirely on the education of the people . . . . . "

آخر میں میرے محترم دوست نے بھی یہ ارشاد فرمایا ھے ۔ یہ ان کے خیالات کی عکاسی ھے ۔ یا میں یہ کہونگا کہ یہ ریزولیوشن ان کے خیالات کی عکاسی کرتا ھے ۔ تو یہ کوئی مختلف بات نہ ھوگی ۔ جناب والا ۔ حقیقت یہ ھے کہ میرے محترم دوست اس بات کے حق میں ھیں ۔ بعض وجوھات کی بناء پر اگر وہ اپنے دل میں یہ بات بنا لیں تو بھی وہ یہ چاھتے ھیں اور ان کا بھی یہی مقصد ھے اور آج میں یہی درخواست لے کر اس ایوان میں حاضر ھوا ھوں کہ آج ھی سے ھم یہ فیصلہ کر لیں کہ ھم اس طریق انتخاب کے حق میں ھیں ۔ مجھے امید ھے کہ میرے دوست اسے قبول کر لیں گے ۔

مسٹر سپیکر ۔ خان حبیب اللہ خان ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ بہتر ھوتا کہ مجھے wind up کرنے کی

اجازت دیتے تاکہ میں ان کا جواب دے سکتا - یہ تو آپ نے زیادتی کی ہے -

مسٹر سپیکر - آپ مہربانی فرما کر قاعدہ نمبر ۱۵۱ کو ملاحظہ فرمائیں -

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) - صاحب صدر - اس موضوع پر فلسفیانہ بحث تو بہت ہو چکی ہے - اس لئے میں فلسفیانہ بحث میں نہیں پڑنا چاہتا -کیونکہ وقت بہت تھوڑا ہے - پہلے تو میں یہ درخواست کروں گا کہ کم از کم آدہ گھنٹہ وقت بڑھا دیا جائے - کیونکہ میں تو دو گھنٹے میں بھی ختم نہیں کر سکوں گا - لیکن کوشش کروں گا کہ آدہ گھنٹے ہی میں ختم کر دوں - مجھے امید ہے کہ قائد حزب اختلاف کو بھی اس امر پر کوئی اختلاف نہ ہوگا -

خواجہ محمد صفدر - ہم تو شوق سے آپ کی تقریر سنیں گے -

Mr. Speaker. The time is extended by half an hour.

وزیر مال - جناب والا - میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ میں اس ایوان کے سامنے ٹھوس واقعات رکھنا چاہتا ہوں - جسے کہ ہم بہت آسانی کے ساتھ سمجھ سکتے ہیں اور جسے سمجھنے کے بعد ہم یہ فیصلہ کر سکتے ہیں - جیسا کہ اس قرار داد میں کہا گیا ہے کہ آئندہ قومی اسمبلی، صوبائی اسمبلیوں اور صدر کے انتخابات بلا واسطہ ہوں - یا بالواسطہ ہوں - اس کا فیصلہ کر سکیں - تو پیشتر اس کے کہ میں

قائد حزب مخالف کے اعتراضات کا جواب دوں ۔ میں ان سے ایک نہایت ہی سادہ آسان اور سہل سوال دریافت کرتا ہوں ۔ بار بار اس بات کا اعادہ کیا گیا ہے کہ پچھلے انتخابات میں انتظامیہ نے دخل دیا تھا اور انہوں نے ووٹروں پر دباؤ ڈالا تھا ۔ ووٹوں کی خرید و فروخت ہوئی تھی اور یہ کہ رشوت دی گئی تھی اور بہت غلط طریقے استعمال کئے گئے تھے اور اس کے نتیجے میں قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات میں ممبران کامیاب ہوئے ۔ یہ الزامات بار بار دہرائے جا رہے ہیں ۔ تو میں ان سے یہ دریافت کرتا ہوں کہ اگر قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے ممبران کی کامیابی صرف دباؤ، رشوت ، ووٹوں کی خرید و فروخت اور انتظامیہ کی مداخلت کا نتیجہ ہے ۔ تو اب میرے سامنے کم از کم پانچ ممبران حزب مخالف کے بیٹھے ہوئے ہیں ۔ جن میں ایک نمائندہ جماعت اسلامی کا ہے ۔ کونسل مسلم لیگ کا بھی نمائندہ موجود ہے ۔ آزاد رکن بھی تشریف فرما ہیں اور نیشنل عوامی پارٹی کا نمائندہ بھی یہاں پر موجود ہے ۔ میں ان سے نہایت ہی آسان سوال دریافت کرتا ہوں کہ آپ بتائیے کہ آپ جو کامیاب ہو کر یہاں آئے ہیں ۔ کیا آپ نے رشوت دی ہے ۔ کیا آپ نے ووٹ خریدے ہیں یا آپکے حق میں انتظامیہ نے کوئی دباؤ استعمال کیا ہے ۔ وہ اس کا جواب نہیں دے سکتے اور چاہے ۔ وہ اس کا جواب دیں یا نہ دیں ۔ میں اس کا جواب دوں گا ۔ کیونکہ وہ کبھی یہ تسلیم نہیں کریں گے کہ انہوں نے پیسے دے کر کامیابی حاصل کی ہے۔ ان کا جواب ''نہیں،، ہوگا ۔ وہ کہیں یا نہ کہیں ۔ لیکن وہ ''نہیں،، ہی کہیں گے ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ انتظامیہ نے آپکی امداد کی ہے یا آپ پولیس یا ڈپٹی کمشنر کے یا کسی ووٹر پر دباؤ ڈالنے کی وجہ

سے کامیاب ہوئے ہیں ۔ تو وہ یہ کہیں گے کہ انتظامیہ نے ہمارے خلاف مداخلت نہیں کی ۔ بلکہ انتظامیہ نے اس کے بر عکس ہمارے مخالفین کی مخالفت کی ہے ۔ اگر میں کہوں کہ انہوں نے Mal-practice کی ہے ۔ بدعنوانیاں کی ہیں ۔ تو وہ یقیناً کہیں گے کہ نہیں کی ہے ۔ تو میں ان سے پوچھتا ہوں کہ پھر آپ کیسے کامیاب ہو کر یہاں آئے ہیں ۔ تو کیا یہ اس بات کا صریح ثبوت نہیں ہے کہ لوگوں میں شعور ہے اور بقول ان کے باوجودیکہ انتظامیہ ہمارے ہاتھ میں ہے ۔ پیسہ ہمارے ہاتھ میں ہے ۔ ہم رشوت بھی دیتے رہے ہیں ۔ ووٹوں کی خرید و فروخت بھی ہم کرتے رہے ہیں ۔ تو کیا وہ ہمارے امیدواروں کو ہی ہرا کر کامیاب نہیں ہوئے ۔ اگر ان کے cases میں ان کے انتخابات میں یہ امکان تھا کہ بقول ان کے ہمارے امیدواروں نے ان کے مقابلے میں ووٹوں کی خرید و فروخت ضرور کی ہوگی اور بقول ان کے انتظامیہ اور پولیس نے لازمی طور پر اپنا دباؤ مسلم لیگ کے امیدواروں کے حق میں استعمال کیا ہوگا اور پھر بھی یہ امیدوار یہاں کامیاب ہو کر آ گئے ہیں ۔ تو کیا یہ اس بات کا صریح ثبوت نہیں ہے کہ لوگوں میں شعور ہے ۔ ووٹروں میں یہ انسانیت ہے کہ دباؤ ، رشوت اور ووٹوں کی خرید و فروخت کے باوجود وہ پھر دیانتدارانہ طور پر ، آزادانہ طور پر اور غیر جانبدارانہ طور پر اپنی مرضی کے مطابق اندر جا کر بیلٹ بکس میں اپنا بیلٹ پیپر ڈال سکتے ہیں اور خان محمد اسلم خان نے جو کچھ فرمایا تھا وہ اس بات کی سو فیصد تائید ہے ۔ میں نے کبھی یہ نہیں کہا کہ ووٹوں کی خرید و فروخت نہیں ہوئی ۔ میں نے کبھی یہ نہیں کہا کہ دباؤ کا استعمال نہیں کیا گیا ۔ میں نے کہا ہے کہ ووٹوں کی خرید و فروخت

بھی ہوئی ہوگی ۔ لیکن امیدواروں کی کامیابی یا ناکامی ووٹوں کی خرید و فروخت یا دباؤ کا نتیجہ ہے ۔ صاحب صدر ۔ مجھے معلوم ہے اور میں یہاں اعلانیہ عرض کرتا ہوں اور برملا کہتا ہوں کہ مجھے کہیں کہیں سے یہ شکایات ملی تھیں کہ افسروں نے ان پر دباؤ ڈالا اور یہ شکایت بھی ملی تھی کہ الف ، ب ، ج ، نے ووٹ خریدے تھے ۔ لیکن میں سچ عرض کرتا ہوں کہ باوجود اس مبینہ دباؤ اور ووٹوں کی اس خرید و فروخت کے جب ووٹر اندر جاتے تھے تو وہ اپنے ضمیر کے مطابق آزادی سے اپنا ووٹ ڈالتے تھے ۔ بعد میں دباؤ ہوگیا ہوگا ۔ بعد میں پیسے لئے ہوں گے ۔ لیکن جب یہ اندر گئے اور اس کمرہ میں گئے جہاں بیلٹ بکس پڑا ہوا تھا۔ جہاں ان کو کوئی نہیں دیکھ سکتا تھا ۔ وہاں لوگوں نے بڑی اکثریت کے ساتھ اپنی ضمیر کے مطابق اور اپنی پسند کے امیدوار کو ووٹ دئیے ۔ یہ نتیجہ اخذ کرنا کہ سبھی کی کامیابی اسی دباؤ کی وجہ سے ہوئی ہے ۔ ووٹ کی خرید و فروخت پر انتخاب میں کامیابی ہوئی ہے یہ غلط ہے اگر ایسا ہوتا تو آپ کبھی بھی اس ایوان میں نہ بیٹھے ہوتے ۔

جناب والا ۔ ہم سے پہلے جیسا کہ میں نے اگلے روز عرض کیا تھا کہ صندوق علیحدہ علیحدہ ہوتے تھے ۔ پرچیوں پر کوئی کراس کا نشان نہیں ہوتا تھا ۔ اگر کوئی ووٹر اندر جاتا تو جتنے امیدوار ہوتے تھے وہاں اتنے ہی بکس پڑے ہوتے تھے وہ کسی بکس میں ووٹ ڈال دیتا تھا ۔ اس بیلٹ پیپر پر چرخی کا نشان نہیں لگایا جاتا تھا ۔ وہاں انتظامیہ اگر بے ایمانی کرتی تو بڑی آسانی سے کر سکتی تھی ۔ کیونکہ کسی

کو) اس بات کا علم نہیں ہو سکتا تھا کہ ووٹ کس بکس میں ڈالا گیا ہے ۔ تو ہوتا یوں تھا کہ ووٹ ڈالے کسی بکس میں جاتے تھے اور نکلتے کسی اور کے بکس میں سے تھے کیونکہ کوئی پتہ نہیں چلا سکتا تھا کہ آیا یہ ووٹ اسی بکس میں ڈالا تھا یا دوسرے میں ڈالا تھا ۔ اس پر چرخی نہیں لگی ہوتی تھی ۔ لیکن آج دو تین چار بلکہ پچاس امیدواروں کا بکس ایک ہی ہے ۔ ہر ایک شخص اپنے ہاتھ میں پنسل قلم لے کر اندر جاتا ہے کوئی اس کو نہیں دیکھتا ۔ وہ چرخی کا نشان لگاتا ہے ۔ نہ انتظامیہ کا وہاں افسر ہوتا ہے نہ سب انسپکٹر پولیس ہوتا ہے ۔ نہ اس کی جیب میں پیسے ہوتے ہیں وہاں کوئی نہیں دیکھتا ۔ اس وقت جس امیدوار کو چاہے بیلٹ پیپر پر اپنی مرضی کے مطابق اپنے ضمیر کے مطابق چرخی لگا کر ووٹ دے سکتا ہے ۔ اس موجودہ الیکشن میں آپ کی چرخی مجھے نہیں آ سکتی اور میری چرخی اور کسی کو نہیں جا سکتی ۔ کیا انتظامیہ ایک بکس سے دوسرے بکس میں پرچی ڈال سکتی ہے؟ میں واقعات میں نہیں جانا چاہتا جیسا کہ کسی نے کہا ہے کہ ووٹ کی پرچیاں ایک بکس سے دوسرے میں چل پڑیں میں نے کہا تھا وہ رینگتی رہیں ۔ ووٹوں کے پیڈ اور کونٹر فائل تک بکسوں میں سے نکلے ہیں ۔ آج تک نہ کسی نے اس بات کی تردید کی ہے اور نہ کوئی اس کی تردید کر سکتا ہے ۔ وہاں یہ امکان تھا اور آج یہ امکان ہے ۔ بار بار کہا جاتا ہے اور حمزہ صاحب نے آج فرمایا ہے بلکہ دہرایا ہے (وہ صفدر صاحب کے پیچھے چھپے بیٹھے ہوئے ہیں) کہ جمہوریت کا گلا اس موجودہ حکومت نے یعنی ہم نے جمہوریت کا گلا گھونٹ دیا ہے ۔ بتائیے اس سے پہلے گلا نہیں گھونٹا گیا تھا؟ اس سے پہلے جمہوریت کا گلا گھونٹا نہیں گیا تھا بلکہ گلا کاٹ

دیا گیا تھا ۔ میں آپ کو بتاؤں گا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ نے جھٹکا کیا ہے ۔

Mr. Speaker : Order, order. Mr. Hamza may please take his seat.

وزیر مال ۔ جناب والا ۔ میں عرض کر رہا ہوں کہ دنیا جانتی ہے ۔ خدا گواہ ہے اب یہ لوگوں پر چھوڑ دیں کہ ہم نے گلا گھونٹا ہے یا نہیں گھونٹا ہے ۔ اس سے پہلے آپ کے زمانے میں آپ کے لیڈر برسراقتدار تھے میں کہتا ہوں کہ اس وقت جمہوریت کو ذبح کیا گیا تھا ۔ خدا بخشے قائد اعظم کی وفات کے بعد آج آپ کہتے ہیں کہ صدر ایوب کیسے منتخب ہوئے ۔ آپ کہتے ہیں کہ دس کروڑ آدمی ان کو منتخب کریں ۔ ہم کہتے ہیں دس کروڑ نہیں ۸۰ ہزار نمائندے ان کو منتخب کریں یعنی ۸۰ ہزار آدمی صدر کو منتخب کریں ۔ یہ ایک سیدھا سا مسئلہ ہے ۔ دس کروڑ پاکستانیوں میں سے ہر بالغ کو اختیار دیا گیا ہے ۔ ہر ایک بالغ چاہے مرد ہو چاہے عورت ۔ دس کروڑ پاکستانی جو پاکستان میں بستے ہیں ان کو ہم نے حق دیا ہے چاہے وہ غریب ہو چاہے امیر ہو ۔ چاہے اس کی جائیداد ہو چاہے نہ ہو ۔ چاہے وہ دولتمند ہو چاہے نہ ہو ۔ چاہے وہ مرد ہو چاہے وہ عورت ہو ہر ایک بالغ کو ووٹ کا حق دیا ہے ۔ جس کا نام ووٹرز لسٹ میں آ جائے یہ خواہ پانچ کروڑ، چھ کروڑ یا سات کروڑ بنتے ہیں ہر ایک کو ووٹ کا حق دیا ہے ۔ آپ نہیں کہہ سکتے کہ اس کو ووٹ کا حق نہیں دیا گیا ہے ۔ ہم نے سب کو ووٹر بنایا ہے ۔ فرق صرف یہ ہے کہ آپ کہتے ہیں کہ چار کروڑ ، پانچ کروڑ یا چھ کروڑ لوگ براہ راست صدر کو منتخب کریں ہم کہتے ہیں نہیں اس میں عملی مشکلات ہیں ۔

یہ دس کروڑ عوام اپنے اپنے نمائندے اپنی مرضی کے مطابق منتخب کریں جسے members of the electoral college کہتے ہیں۔ پانچ سو، چھ سو یا بارہ سو لوگوں کے اپنے اپنے نمائندے اپنے اپنے چودھری ۔ اپنے اپنے مختار ، اپنے اپنے وکیل ، اپنے اپنے ممبر ، اپنے اپنے بنیادی جمہوریت کے ممبر بھی وہ members of the electoral college اپنی مرضی کے مطابق منتخب کریں ۔ اور ان کو یہ اختیار دیں کہ وہ جس کو چاہیں صدر منتخب کریں ۔ چاہے حمزہ صاحب کو منتخب کریں ، چاہے ایوب خان کو منتخب کریں ۔ چاہے فاروقی صاحب کو منتخب کریں اور چاہے محترمہ فاطمہ جناح کو منتخب کریں ۔ یہ ایک سہل سا مسئلہ ہے کہ دس کروڑ لوگ ۸۰ ہزار کو منتخب کریں اور ۸۰ ہزار نمائندے جو بالغ رائے دھندگی کی بنیاد پر منتخب ہوئے ہوں وہ ۸۰ ہزار نمائندے جا کر صدر کا انتخاب کریں ۔ جیسے چاہیں منتخب کریں ۔ میں پوچھتا ہوں بلکہ صفدر صاحب نے بار بار کہا ہے کہ ہم لوگوں کو عادت پڑ گئی ہے کہ اس طرح انتخاب ہو ۔ ۱۹۳۱ء سے پہلے انتخابات یہاں ہوئے ۔ ۴۰—۴۵ سال ہوگئے ہیں انتخابات ہوئے تھے اور وہ انتخابات ایسے محدود تھے کہ آپ کو یاد ہوگا کہ وہ بالغ حق رائے دہی پر نہیں ہوئے تھے ۔ وہ restricted franchise پر تھے ۔ مثلاً جو آدمی ۴۰ روپیہ مالیہ دے اس کو ووٹ دینے کا حق ہو سکتا تھا۔ جو دو سو یا پانچ سو انکم ٹیکس ادا کرے اسے ووٹ دینے کا حق تھا ۔ جس کے اتنے اتنے مکانات ہوں سکونتی ہوں یا جائیداد ہو وہ ووٹ دے سکتا تھا ۔ اتنا میونسپل کمیٹی کو ٹیکس دیتا ہو اس کا ووٹ ہو سکتا تھا ۔ ہر ایک بالغ کا ووٹ نہیں ہوتا تھا یہ بعد میں ترمیم ہوئی ہے ۔ انگریزوں کے زمانے کو چھوڑیئے میں پاکستان

کا ذکر کرتا ہوں ۔ آپ نے پچھلے ۱۸ سالوں میں کب صدر کا براہ راست انتخاب کیا ، ہم نے ۱۹۶۲ء میں انتخاب کرائے اور کہا تھا کہ تین سال کے لئے یہ موجودہ صدر ہوں گے ۔ اور تین سال کے اندر اندر ہم پھر انتخاب کرائیں گے ۔ آپ نے دیکھا کہ تین سال میں دو ماہ ابھی باقی تھے یعنی دو سال دس ماہ کے اندر ہم نے صدر کا انتخاب کر دکھایا ۔ آپ بتائیں ۱۹۴۷ء سے لے کر اس وقت تک جب تک موجودہ دور حکومت نہ تھی آپ نے صدر کا انتخاب کرایا ہے ۔ قائد اعظم کی وفات کے بعد (خدا بخشے ۔ خدا ان کو جنت عطا فرمائے) آپ کے گورنر جنرل (پہلے گورنر جنرل کہتے تھے اور اب انہیں پریذیڈنٹ کہتے ہیں ۔ سکندر مرزا کے بعد وہ پریذیڈنٹ ہوگئے ہیں) نے انتخابات کرائے ۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ قائد اعظم کی وفات کے بعد (خدا ان کو بخشے) خواجہ ناظم الدین کو گورنر جنرل کس نے بنایا ۔ کیا انہیں عوام سے ووٹ ملتے تھے ۔ کیا عوام سے پوچھا گیا تھا کہ ہم قائد اعظم کی مسند پر ۔ ان کی گدی پر ۔ ان کی کرسی پر تمام دس کروڑ انسانوں کا گورنر جنرل منتخب کرتے ہیں ۔ کس نے عوام سے دریافت کیا تھا ۔ کس نے اسمبلی کے ممبران سے دریافت کیا تھا ۔ سو ڈیڑھ سو کی تعداد میں پاکستان کی اسمبلیوں میں ممبران ہوتے تھے ۔ مشرقی پاکستان میں بھی اور مغربی پاکستان میں بھی اور یہاں پر سابقہ صوبہ سرحد میں بھی اسمبلی تھی ۔ یہاں پر سابقہ صوبہ سندھ میں بھی اسمبلی تھی ۔ یہاں پر سابقہ پنجاب میں بھی اسمبلی تھی ۔ یہاں کئی اسمبلیاں تھیں ۔ عوام سے پوچھنا تو درکنار کیا آپ نے کسی اسمبلی کے ممبر سے دریافت کیا تھا کہ ہمارا گورنر جنرل آف پاکستان تمام پاکستان کا کرتا دھرتا بادشاہ بنے ۔ کیا آپ نے دریافت کیا تھا ؟ نہیں

دریافت کیا تھا میں فلسفیانہ بات نہیں کرتا ہوں بلکہ میں ٹھوس بات کرتا ہوں ۔ کس نے دریافت کیا تھا ؟ کیا اسمبلی کے ممبران سے دریافت کیا تھا؟ دریافت نہیں کیا تھا ۔ بلکہ ہوا یہ کہ پانچ چھ سات سنٹر کے وزیر بیٹھے اور راتوں رات فیصلہ ہوا اور صبح کو اعلان ہوا کہ خواجہ ناظم الدین صاحب ہمارے گورنر جنرل بن گئے ہیں ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ خواجہ ناظم الدین اس قابل نہیں تھے ۔ اس لائق نہیں تھے بلکہ یہ بات نہیں ہے ۔ وہ اس لائق تھے ۔ وہ اس قابل تھے ۔ شاید اس وقت ان سے بہتر آدمی اور کوئی نہ مل سکتا ہو ۔ بات تو اصول کی تھی بلکہ ہونا یہ چاہئے تھا کہ اگر اس وقت اس کو کرسی پر بیٹھانا تھا تو لوگوں سے دریافت کرتے ۔ ریفرنڈم کرتے ۔ آپ ووٹ کرتے ۔ جس طرح صحیح طریقہ ہوتا وہ اختیار کرتے تا کہ لوگوں کی طرف سے mandate مل جائے ۔ بہت عرصہ تک یعنی تین سال تک وہ اس کرسی پر جمے رہے اور تین سال تک ہمارے گورنر جنرل رہے ۔ کیا تین سال کی میعاد میں لوگوں سے پوچھ نہیں سکتے تھے ۔ تا کہ لوگ اس کو mandate دے دیتے اور یہ کہہ سکتے کہ وہ لوگوں کا نمائندہ ہے ۔ اور وہ جس کے متعلق آج ہمیں طعنہ دے رہے ہیں کہ صدر ایوب بالواسطہ طریقے سے آیا ہے اور یہ بلا واسطہ طریقے سے نہیں آیا ہے ۔ آپ اس بات کو بھی چھوڑئیے ۔ خدا ان کو مغفرت کرے ۔ ہمارے قائد ملت خان لیاقت علی خان جب شہید ہوئے تو کس نے خواجہ ناظم الدین کو وزیر اعظم بنایا ۔ اب بتائیں کہ کس نے غلام محمد مرحوم (خدا ان کو بھی بخشے) گورنر جنرل بنایا ۔ کیا آپ نے عوام سے دریافت کیا ؟ خواجہ ناظم الدین صاحب اپنے آپ کو خود وزیر اعظم مقرر کر گئے ۔

اور بحیثیت وزیر اعظم کے وہ گورنر جنرل مقرر کرتے ہیں ۔ انہوں نے خود کہا کہ میں گورنر جنرل آف پاکستان کی حیثیت سے خواجہ ناظم الدین کو وزیر اعظم بنانا چاہتا ہوں اور انہوں نے اپنے آپ کو خود وزیر اعظم بنایا ۔ حالانکہ وزیر اعظم کا اعلان اور حکم گورنر جنرل صادر کرتا ہے ۔ علاوہ ازیں اور کوئی نہیں کر سکتا ۔ انہوں نے بحیثیت گورنر جنرل خود اپنے آپ کو وزیر اعظم پاکستان مقرر کیا اور وہ تین سال تک وزیر اعظم رہے ۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ آپکو اس وقت اس کی کیوں ضرورت پیش نہ آئی ۔ آپ کم از کم لوگوں سے تو پوچھتے آپ عوام سے پوچھتے کہ یہ ہمارا وزیر اعظم ہے کیا آپ کو منظور ہے ۔ اگر اس کی تقرری کے بعد بھی لوگ اس کی منظوری دے دیتے تب بھی کوئی بات ہوتی کہ ہاں اس وقت فوری ضرورت تھی اور ہم نے اس کو وزیر اعظم مقرر کیا ، کیا بعد میں عوام سے دریافت کیا؟ کیا بلا واسطہ عوام سے دریافت کیا؟ کیا انہوں نے اس پر مہر تصدیق ثبت کر دی کہ ہمیں منظور ہے کہ غلام محمد صاحب ہمارے گورنر جنرل ہیں اور خواجہ ناظم الدین صاحب ہمارے وزیر اعظم ہیں ۔ اس کے متعلق لوگوں سے نہیں پوچھا گیا ۔ عوام سے نہیں پوچھا گیا ۔ اس پر آپ ناز کرتے ہیں ۔ اس پر آپ فخر کرتے ہیں اور ہمیں طعنہ دیتے ہیں ۔ تین سال تک وہ رہے اور ان تین سالوں کے دوران بھی اسمبلی کے ممبران سے دریافت نہیں کیا جو عوام کے نمائندے کہلائے جاتے تھے ۔ خواجہ ناظم الدین نے دولتانہ صاحب کو کس طرح ڈسمس کیا ۔ کیا وہ ڈسمسل کسی جمہوریت کے اصول کے مطابق تھی ؟ آپ کو یاد ہے کہ ۱۹۵۳ء میں سابقہ پنجاب میں کیا ہوا ۔ اور پھر اس کے بعد یہاں خواجہ ناظم الدین

نے بیک جنبش قلم دولتانہ کی وزارت کو ڈسمس کیا ۔ آپ یہ بتائیں کہ کیا جمہوریت، کا طریقہ یہی ہوتا ہے ۔ اگر آپ کی جمہوریت کے مطابق (جو آپ کی جمہوریت ہے میں اس کا ذکر کرتا ہوں ۔ میں اپنی جمہوریت کا ذکر نہیں کرتا) پارلیمانی طرز حکومت کے سسٹم کا ذکر کر رہا ہوں ۔ یہاں تو میاں ممتاز محمد دولتانہ وزیر اعلی ہیں اور اس کی کیبنٹ کے ممبر ہیں۔ ممبران اسمبلی کی اکثریت ان کے پاس ہے ۔ پارلیمانی طرز حکومت میں کیبنٹ کیسے ہٹائی جاتی ہے جس پارلیمانی طرز حکومت کا آج آپ مطالبہ کر رہے ہیں اس کے مطابق یہ کیسے ہٹائی جاتی ہے ۔ تو وہ یہ ہے کہ اگر ایوان کی اکثریت وزارت کے خلاف عدم اعتماد کا ووٹ پاس کر دے تو وزارت ٹوٹ جاتی تھی۔ جب تک ممبران ایوان کی اکثریت (پارلیمانی طرز حکومت میں) کسی وزیر اعظم یا کسی کیبنٹ کی پشت پر ہو وہ ڈسمس نہیں کی جا سکتی ہے ۔ اس کو ڈسمس کرنا قوم کا۔ عوام کا اور جمہوریت کا گلا گھوٹنا ہے ۔ کیا پارلیمانی طرز حکومت اس کو کہتے ہیں کہ آپ کے منتخبہ ممبران ایوان کی اکثریت اور بھاری اکثریت ایک وزیر اعظم کی پشت پر ہو اور وہ اس کے بر خلاف عدم اعتماد کا ووٹ پاس نہیں کرتی اور وہ اکثریت چلاتی ہے کہ ہمیں ان پر اعتماد ہے اس کو کیوں ڈسمس کیا جاتا ہے ۔ دولتانہ بمعہ اپنی کیبنٹ ڈسمس ہو جاتا ہے ۔ کانسٹی ٹیوشن آپ کے پاس ہے ۔ آئین آپ کے پاس ہے، آپ بتائیں کہ جمہوریت کے کس اصول کے تحت اس کی کیبنٹ کو ڈسمس کیا گیا اور اس کو جس کیبنٹ میں ممبران اسمبلی کی اکثریت اس کے ساتھ تھی ۔ جمہوریت کا گلا گھوٹنا اسکو کہتے ہیں ۔ یہ گلا گھوٹنا نہیں ہوتا ہے کہ آج آپ ایک معمولی سی بات کہہ دیتے ہیں کہ آپ نے تو

گلا ہی گھونٹ دیا ہے ۔ ارے ہم نے گلا نہیں گھونٹا ہے ۔ آپ اس کی مثال تو دیں ۔ ہم تو مثال دے رہے ہیں ۔ یہ بھی چھوڑیئے ۔ یہ بھی قابل معافی ہے ۔ (آگے سنئے خدا اس کا بدلہ لے گا) خواجہ ناظم الدین صاحب کو کس نے ڈسمس کیا ۔ اب بتائیں کہ کس نے ڈسمس کیا ؟ وہ کیسے ڈسمس ہوگئے ۔ آپ کو وہ مقدمہ یاد نہیں ۔ سب کو وہ مقدمہ یاد ہے ۔ غلام محمد صاحب مرحوم نے کس طریقہ پر خواجہ ناظم الدین صاحب اور اس کی تمام کیبنٹ کے ممبران کو ڈسمس کر دیا ۔ یہ کس جمہوریت کے اصول کے تحت ، کس آئین ، دستور اور کانسٹی ٹیوشن کے رول کے تحت خواجہ ناظم الدین کی تمام کیبنٹ کو راتوں رات ڈسمس کر دیا ۔ آپ یہ کہتے ہیں اور آپ کیوں اس کو بار بار دہراتے ہیں ۔ اس کے لئے مجھے ایک شعر یاد آ جاتا ہے اور وہ یہ ہے ۔ع

الٹے وہ شکوے کرتے ہیں اور کس ادا کے ساتھ
بے طاقتی کے طعنے ہیں عذر جفا کے ساتھ

یہ ہم سے شکوے کرتے ہیں اور ہمیں کہتے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ (مداخلت) اگر میں عرفی کے ایک شعر کو ذرا سے تصرف کے ساتھ ایک دو جگہ آپ کا نام جڑ دوں تو آپ پر بالکل منطبق ہوتا ہے ۔ع

صفدر چہ لاف ہے زنی از پاک دامنی
بر کرتۂ تواں ہمہ داغ شراب چیست؟

جناب والا ۔ اصل شعر عرفی کا یوں ہے ۔

عرفی چہ لاف ہے زنی از پاک دامنی
بر خرقۂ تو ایں ہمہ داغ شراب چیست ؟

میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ آپ ہمیں کہتے ہیں کہ ہم نے جمہوریت کا گلا گھونٹ دیا ہے ۔ آپ بتائیں ہم نے کہاں گلا گھونٹ دیا ہے ۔ ہم یہاں جو کچھ کر رہے ہیں وہ کہہ بھی رہے ہیں ۔ ہم جو کچھ کہہ رہے ہیں وہی کر رہے ہیں ۔ آپ کو یہ طرز حکومت پسند ہو یا نہ ہو لیکن ہمیں تو صدارتی طرز حکومت پسند ہے ۔ ہم کہتے ہیں کہ ہمیں صدارتی طرز حکومت پسند ہے ۔ ہمیں آپ کا اور انگریزوں کا طرز حکومت پسند نہیں ہے ۔ ہم کرتے بھی وہی ہیں جو کہتے ہیں لیکن آپ کا فعل اور عمل کچھ اور ہے اور آپ کہتے کچھ اور ہیں ۔ (مداخلت) تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جمہوریت کا گلا گھوٹنا اسے کہتے ہیں ۔ یہ جمہوریت کو ذبح کرنا ہے ۔ ہم نے بیچاری جمہوریت کو کبھی ذبح نہیں کیا ، ہم نے کبھی اس کا گلا نہیں گھونٹا ۔ آپ کی جمہوریت سے ہماری توبہ ، ہم نے آپ کی جمہوریت کا اچھی طرح تجربہ کر لیا ہے ۔ اس کے علاوہ اور بھی بہت سی باتیں تھیں ، لیکن میں انہیں چھوڑتا ہوں ۔

آپ کی جمہوریت کا تو یہ حال تھا ۔ کیا آپ نے ۱۹۴۷ء سے لے کر ۱۹۶۲ء تک کبھی عام انتخابات کرائے تھے ۔ آپ ہی بتائیں کہ یہ کیسی حکومتیں ہو رہی تھیں ۔ کیا ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء سے لے کر مارشل لاء کے نفاذ تک اس عرصہ کے دوران کبھی کسی گورنر جنرل کا انتخاب ہوا ۔ کسی صدر ، کسی وزیر اعظم یا کسی مرکزی اسمبلی کا انتخاب ہوا ۔ کبھی نہیں ہوا کیا آپ نے کبھی عام انتخابات کرائے ، آپ نے کبھی نہیں کرائے ۔ بلکہ اس سے بھی زیادہ یہ کہ ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء ، جب کہ پاکستان معرض وجود میں آیا ۔ اس وقت سے لے کر ۷ اکتوبر ۱۹۵۸ء

تک ، یعنی تقریباً ساڑھے گیارہ سال کے عرصے میں پاکستان میں کونسا جمہوری نظام جس کا آپ دعویٰ کرتے ہیں آپ نے چلایا ۔ آپ مجھے بتائیے کہ آپ نے پچھلے گیارہ سال میں کب عام انتخابات کرائے ۔ آپ نے ایک دفعہ بھی تو عام انتخابات نہیں کرائے آپ کو اس کی جرات ہی نہیں ہوئی ۔ آپ نے ایک دفعہ عام انتخابات کرائے اور وہ بھی ۱۹۴۶ء میں ہوئے ۔ یعنی پاکستان بننے سے ڈیڑھ سال قبل وہی ممبران ہم سے کھیلتے رہے اور انہیں کو آپ نے کھلونا بنائے رکھا ۔ اور وہ کرتے کیا تھے ۔ اگر آپ کو کسی وقت Constituent Assembly کی ضرورت ہوئی تو آپ کو ایک Constituent Assembly بنا دی ۔ آپ کی ایک Constituent Assembly تھی ۔ اس سے تو آپ انکار نہیں کر سکتے ۔ میں ۱۹۴۶ء والی اسمبلی کا ذکر کر رہا ہوں ۔ آپ نے اس Constituent Assembly اس صوبائی اسمبلی اور اس کے ممبران کو جو مردہ ہو چکے تھے دوبارہ زندہ کیا ۔ اور اس کے بعد کیا کیا ۔ جس ضلع کے ۸ ممبر تھے ۔ اس کے ۴ ممبر منتخب کئے ۔ جہاں ۱۰ تھے وہاں سے ۵ منتخب کئے ۔ ہمارے بنوں میں ۸ ممبر تھے وہاں سے ۴ ممبر منتخب کئے اور اس طرح جہاں ۱۲ ممبر تھے وہاں سے ۶ منتخب کئے ۔ آپ نے مردہ اسمبلیوں کے ممبران کو یہ اختیار دیا کہ ان کے ممبروں کی جتنی تعداد ہو ۔ اس سے آدھی تعداد میں ممبر بھیجیں ۔ یعنی دو آدمیوں کے اختیار سے ایک آدمی بھیج دیں ۔ ان منتخب شدہ ممبران سے آپ نے Constituent Assembly بنائی ۔ اس نے آپ کو آئین یعنی Constitution دیا ۔ ہم نے کبھی ایسا نہیں کیا ۔ آپ کو جب بھی ضرورت ہوتی آپ انہی ممبران کو ملا کر اپنی ضرورت پوری کر لیتے ۔ چنانچہ اسی طرح آپ نے One Unit بنایا ۔ آپ کو یعنی جمہوریت کا دعویٰ

کرنے والوں کو کبھی جرأت نہ ہوئی کہ آپ لوگوں سے اپیل کرتے اور عام انتخابات کراتے ۔ اگر کراتے تو آپ کو پتہ چلتا کہ عام انتخابات کیا ہوتے ہیں ۔ آپ کہتے ہیں کہ ہم شادی ہو چکے ہیں ۔ کس بات کے عادی ہو چکے ہیں ۔ بلا وجہ عام انتخابات نہ کرانے اور عوام سے ووٹ حاصل کرنے کے ۔ ہم تو ان کے دور اقتدار میں یہی کچھ دیکھتے رہے کہ جب صبح ہوتی تو معلوم نہ ہوتا تھا کہ آج کس کی وزارت ہوگی میں تو اتنی جلدی سوٹ نہیں بدلتا جتنی جلدی اس وقت وزارتیں بدل جاتی تھیں ۔ آپ مجھے بتائیں کہ اس دس سال کے عرصہ میں پاکستان میں کتنی وزارتیں بدلیں ۔ آپ کی ایک وزارت بھی پانچ سال قائم نہ رہی ۔ کیونکہ وزارت کی معیاد عموماً ۵ سال ہوتی تھی ۔ پاکستان بننے کے فوراً بعد پہلی وزارت ممدوٹ صاحب کی تھی ان کے بعد شاید دولتانہ صاحب کی وزارت آئی ۔ دولتانہ صاحب کے بعد ملک فیروز خان نون صاحب آئے ۔ پھر عبدالحمید دستی صاحب آئے ۔ ان کے بعد ڈاکٹر خان صاحب آئے ۔ پھر عبدالرشید خان صاحب اور ان کے بعد قزلباش صاحب آئے ۔ یہ غالباً ۵۰ - ۶۰ بنتے ہوں گے ۔ (قہقہہ) اب آپ خود ہی گن لیں ۔ مجھے تو پتہ نہیں ۔ دس سال کے عرصہ میں آپ کی کتنی وزارتیں بدلیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ ہمیں پتہ ہے ۔

وزیر مال ۔ میں تو گنتے گنتے تھک گیا ہوں ۔ (قہقہہ) دراصل دس سال کے عرصہ میں دو وزارتیں ہونا چاہئے تھیں ۔ یہ تو پنجاب کا حال تھا ۔

اب مرکز میں دیکھئے - خدا ان کو بخشے - پاکستان کے پہلے وزیر اعظم نواب زادہ لیاقت علی خان قائد ملت تھے ان کے بعد مرحوم خواجہ ناظم‌الدین ، پھر مرحوم محمد علی بوگرہ ، ان کے بعد چودھری محمد علی ، پھر شاید مرحوم سہروردی اور ان کے بعد وہاں بھی سر فیروز خان نون تھے - اب آپ خود ہی دیکھ لیجئے کہ دس سال کے عرصہ میں مرکزی حکومت کے کتنے وزیر اعظم تھے - یہی حال سابق صوبہ سرحد کا تھا - یہی سندھ میں کھوڑو صاحب کا تھا - یہ تو آپ کے پارلیمانی طرز حکومت کی حالت تھی - کم از کم ہم نے کبھی ایسا نہیں کیا -

جناب والا - ۱۹۵۱ء میں صوبائی انتخابات ہوئے - کتنے سال کے لئے ؟ صرف ۵ سال کے لئے - اسی طرح ۱۹۵۱ء میں ہی سابق صوبہ سرحد میں انتخابات ہوئے - اسی طرح سابق صوبہ پنجاب ، سابق صوبہ سندھ اور دوسرے علاقوں میں جہاں بھی انتخابات ہونا تھے - ۵ سال کے لئے ہوئے - چاہئے تو یہ تھا کہ اس کے بعد ۱۹۵۶ء میں بھی عام انتخابات ہوتے - کیا آپ نے کرائے ؟ نہیں کرائے - بلکہ الٹا اسمبلیوں نے اپنی زندگی خود بخود بڑھا دی تھی - یہاں تو وقت جناب سپیکر صاحب دیتے ہیں - ان سے التجا کرنا پڑتا ہے کہ ذرا میری تقریر کا وقت بڑھا دیجئے - لیکن وہاں اسمبلیاں اپنی زندگی خود ہی بڑھا لیا کرتی تھیں - ۱۹۵۵ء کے بعد انہیں خود بخود چاہئے تھا کہ وہ اسمبلیوں کے انتخابات کراتے - انہوں نے ۱۹۵۵ء میں نہ کرائے ، ۱۹۵۶ء میں نہ کرائے ، ۱۹۵۷ء میں نہ کرائے اور ۱۹۵۸ء تک نہ کرائے - اگر

مارشل نہ آتا تو خدا جانے یہ ۱۹۷۰ء تک چلے جاتے۔ انہوں نے کبھی انتخابات نہ کرانا تھے ۔ یہ تھا ان کا پارلیمانی طرز حکومت ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ On a point of order Sir. ۔ جناب والا ۔ وقت ختم ہو رہا ہے اور قائد ایوان ابھی back - ground میں ہیں ۔ وہ ابھی تک اصل مسئلے کی ground پر نہیں آئے ۔

وزیر مال ۔ جناب والا ۔ ان کو دیکھ کر مجھے یاد آ گیا ۔ وہ جماعت اسلامی سے تعلق رکھتے ہیں ۔ اس لئے خواجہ محمد صفدر صاحب مجھے معاف فرمائیں گے ۔ اگر میں ۵ یا ۱۰ منٹ اور لے لوں ۔ زیادہ نہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ مجھے تو افسوس اس بات کا ہے کہ قائد ایوان نے پون گھنٹے میں اصل موضوع پر کوئی گفتگو نہیں فرمائی ۔ (قہقہہ) میں ابھی تک انتظار ہی کر رہا ہوں ۔

وزیر مال ۔ جناب والا ۔ اصل بات یہ ہے کہ جب ان کو پچھلے انتخابات میں شکست ہوئی تو سوائے اس کے ان کے پاس اور کوئی بہانہ نہ رہا کہ وہ یہ کہتے کہ انتظامیہ نے دخل دیا ۔ رشوت لی ، پیسے لئے ، ووٹ خریدے ، یہ کیا اور وہ کیا ۔

دراصل بات یہ نہیں ۔ اصل بات یہ ہے کہ کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا بھان متی نے کنبہ جوڑا ۔ آپ کا متحدہ محاذ ۔ اصل میں It was a loose body. ۔ کونسل مسلم لیگ ، جماعت اسلامی ، عوامی لیگ ، نظام اسلام اور نیشنل عوامی پارٹی ۔ کجا عبدالغفار خان کی نیشنل عوامی پارٹی اور کہاں خواجہ صاحب کی کونسل مسلم لیگ ، کہاں جماعت اسلامی اور کہاں چودھری صاحب کی نظام اسلام پارٹی ۔ جماعت اسلامی کا تو جمہوریت پر یقین ہی نہیں ۔ میں آپ کو بتا دیتا ہوں ۔ ان کا تو عقیدہ ہی نہیں ۔ اگر فاروقی صاحب کھڑے نہ ہوتے تو شاید میں بھول جاتا ۔ انہوں نے مجھے یاد دلا دیا ۔ میں ان کے امیر مولانا ابوالاعلیٰ مودودی صاحب کے صرف ایک دو اقتباسات سناتا ہوں ۔ زیادہ نہیں ۔

Mr. Speaker : Only two minutes more.

Minister of Revenue : Kindly give me ten minutes more.

Mr. Speaker: The time is extended till 12.40 P.M.

وزیر مال ۔ جناب ۔ خواجہ محمد صفدر صاحب چاہتے ہیں کہ ہمارے ملک میں پارلیمانی طرز حکومت ہو ۔ یعنی Direct Elections ہوں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں نے اس ایوان میں پارلیمانی طرز حکومت کا مطالبہ نہیں کیا ۔ قائد ایوان غلط reference دے رہے ہیں ۔

وزیر مال۔جناب والا۔ خواجہ صاحب یہ چاہتے ہیں کہ عوام اور جمہور پاکستان بلا واسطہ پریذیڈنٹ منتخب کریں ۔ وہ بلا واسطہ یعنی بغیر درمیانی لوگوں کےصدر۔قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلیوں کے ممبرمنتخب کریں ۔ میں ان سےپوچھتا ہوں کہ آج آپ کا اس متحدہ محاذ میں گزارہ کیسے ہوسکتا ہے۔ جس میں وہ لوگ ہیں جن کا سیاسی ایمان یہ ہے کہ جمہور کو ووٹ کا حق نہیں ہونا چاہئے ۔ عوام ووٹ نہیں دے سکتے وہ نالائق ہیں وہ اس قابل نہیں ہیں اور یہ جماعت اسلامی والے کہتے ہیں ۔ میں تو آپ کے متعلق پہلے ہی کہہ چکا ہوں کہ کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا بھان متی نے کنبہ جوڑا ۔ آپ نے ہماری مخالفت کرنے کے لئے پارٹی تو بنا لی ۔ آپ کو یہ نہ سوجھی کہ جب متضاد جماعتیں جمع ہو جائیں ۔ تو اس کا نتیجہ یہی ہونا تھا ۔ آپ کو شکست ہونا تھی ۔ چنانچہ اب میں ان کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ محترم مولانا ابوالاعلیٰ مودودی آپ کی جماعت اسلامی کے امیر عوام کے ووٹ دینے کے متعلق کیا فرماتے ہیں ۔

وہ فرماتے ہیں ۔

> ''اب دیکھئے کہ یہ اپنی جماعتی تشکیل کس ڈھنگ پر کرتے ہیں ان کا قاعدہ یہ ہے کہ ان سب لوگوں کو جو از روئے پیدائش مسلمان قوم سے تعلق رکھتے ہیں اپنی جماعت کی رکنیت کا بلاوا دیتے ہیں اور جو اس کو قبول کر لے اسے ابتدائی رکن بنا لیتے ہیں پھر انہی ابتدائی ارکان کے ووٹوں سے ذمہ دار رکن اور

عہدہ دار منتخب ہوتے ہیں ۔ اور انہی کی
کثرت رائے سے تمام معاملات انجام دئے جاتے
ہیں ظاہر ہے کہ یہ طریقہ صرف قومی تنظیم
ہی کے لئے موزوں ہو سکتا ہے اور اس طریقہ
سے جو نظام بنے وہ اس کے سوا کچھ نہیں
کرسکتا کہ ایک قوم کی خواہشات جیسی کچھ
بھی ہوں ان کے حصول کی کوشش کرے ۔
رہی ایک اصولی تحریک ۔ تو اس کے چلانے
کے لئے یہ طریق جماعت سازی نہ صرف بے کار
ہے بلکہ مضر ہے ۔ ایک قوم کے تمام افراد کو
محض اس وجہ سے کہ وہ نسلاً مسلمان ہیں
حقیقی معنی میں مسلمان فرض کر لینا اور امید
رکھنا،، ۔

سنئے یہ عوام کا ذکر ہے ۔ آپ کے عوام کا ذکر ہے ۔
،، کہ ان کے اجتماع سے جو کام بھی ہوگا
اسلامی اصول پر ہی ہوگا ۔ پہلی اور بنیادی
غلطی ہے ۔ یہ انبوہ عظیم جس کو مسلمان قوم
کہا جاتا ہے اس کا حال یہ ہے کہ اس کے
۹۹۹ فی ہزار افراد نہ اسلام کا علم رکھتے ہیں
نہ حق اور باطل کی تمیز سے آشنا ہیں ۔

اس سے اندازہ کر لیجئے کہ یہ ہمارا ذکر ہو رہا ہے یا ان کا ۔

"نہ ان کا اخلاقی نقطۂ نظر اور ذہنی رویہ
اسلام کے مطابق تبدیل ہوا ہے ۔ باپ سے بیٹے
اور بیٹے سے پوتے کو بس مسلمان کا نام ملتا
چلا آ رہا ہے اس لئے یہ مسلمان ہیں ۔ نہ
انہوں نے حق کو حق جان کر اسے قبول کیا
ہے نہ باطل کو باطل جان کر اسے ترک
کیا ہے ۔ ان کی کثرت رائے کے ہاتھ میں باگیں
دے کر اگر کوئی شخص یہ امید رکھتا ہے کہ
گڑی اسلام کے راستے پر چلے گی ۔ تو اس کی
خوش فہمی قابل داد ہے ۔

یہ ہے عوام کو حق ووٹ دینا ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ اس سلسلہ میں میں ایک personal explanation دینا چاہتا ہوں ۔

وزیر مال ۔ مجھے پہلے ختم کر لینے دیجئے ۔ پھر آپ جو چاہیں کہہ لیں کافی وقت ہے ۔

دوسری جگہ مولانا نے فرمایا ہے :

"جہاں کہ ایسے لوگوں کی اکثریت ہو وہاں
کبھی یہ امید نہیں کی جا سکتی کہ عام
انتخابات میں ان کے ووٹوں سے وہ صالحین
منتخب ہوں گے جو منہاج نبوت پر حکومت

کرنے والے ہوں - جمہوری انتخابات کی مثال
بالکل ایسی ہے جیسے دودھ کو بلو کر مکھن
نکالا جاتا ہے اگر دودھ زہر ملا ہو تو اس سے
جو مکھن نکلے گا قدرتی بات ہے کہ وہ دودھ
سے زیادہ زہریلا ہوگا اسی طرح اگر سوسائٹی
بگڑی ہوئی ہو تو اس کے ووٹوں سے وہی
لوگ منتخب ہو کر بر سر اقتدار آئیں گے جو
اس سوسائٹی کی خواہشات نفس سے سند قبولیت
حاصل کر سکیں گے - پس جو لوگ یہ گمان
کرتے ہیں کہ اگر مسلم اکثریت کے علاقے
ہندو اکثریت کے تسلط سے آزاد ہو جائیں اور
یہاں جمہوری نظام قائم ہو جائے تو اس طرح
حکومت الہٰی قائم ہو جائے گی - ان کا گمان
غلط ہے دراصل اس کے نتیجہ میں جو کچھ
حاصل ہوگا وہ صرف مسلمانوں کی کافرانہ
حکومت ہوگی اس کا نام حکومت الہٰی رکھنا
اس پاک نام کو ذلیل کرنا ہے -،،

ان کا مقصد یہ ہے کہ اگر ان لوگوں سے یا ایسی جمہوریت سے یا عوام کے ووٹ سے حکومت بنے گی تو وہ کافرانہ ہوگی - لیکن اگر قران شریف کے احکام کے مطابق حکومت بنائیں گے تو صرف وہی اسلامی حکومت ہوگی - کیا اس کا یہ مطلب ہے کہ موجودہ حکومت قرآن اور

اسلام سے گریز کر رہی ہے ۔ اگر یہ بات ہے تو چلو جمہور کی بناء رہی سہی ۔ آپ کے قول کے مطابق پہلی حکومتیں بھی کافرانہ تھیں اور اب بھی کافرانہ حکومت ہے اس کے بعد آپ یہ توقع رکھیں کہ بلا واسطہ عوام کے ووٹ سے صدر کا انتخاب ہو یا نیشنل اسمبلی اور صوبائی اسمبلیوں کا انتخاب ہو ۔ تو گڑ کھانے کے بعد میں آپ کی بات کیسے مانوں ۔

دوست دیکھے ہی نہ میرا گر وہ یہ جانے کہ میں

ان سے کیا کہتا رہا اور آپ کیا کرتا رہا

مجھے امید ہے کہ تمام ہاؤس اس قرارداد کو oppose کر کے اسے رد کریں گے ۔

Thank you very much.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ قائد ایوان نے میرے متعلق اور میری جماعت اسلامی کے متعلق جو کچھ ارشاد فرمایا ہے ۔ مجھے افسوس ہے کہ اس سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ قائد ایوان کو اردو سمجھنے میں کچھ دقت ہو رہی ہے ۔ جس مضمون کا آپ نے حوالہ دیا ہے اور جو بات اس وقت زیر گفتگو تھی وہ آج کے مسئلہ سے بالکل مختلف ہے ۔ ایک چیز ہے ''کسی جماعت کو بنانا کسی خاص مقصد کے لئے،، خواہ وہ سیاسی جماعت ہو یا معاشرتی یا اخلاق جماعت ہو یا دینی جماعت ہو ۔ اور دوسری چیز ''ملک کو چلانا ہے،،۔ جہاں تک جماعت کے بنانے کا تعلق ہے ۔ تو جو جماعت کسی خاص مقصد کے لئے بنائی جاتی ہے ۔ اس میں اسی مقصد اور اسی ڈھب کے لوگوں

کو ھی لیا جاتا ھے ۔ یہ مضمون اس وقت لکھا گیا تھا جب کہ ھندوستان میں مسلمانوں کی مختلف جماعتیں مسلمانوں کے مسائل کو حل کرنے کے لئے اپنے پروگرام اور اپنے لائحہ عمل کو عوام کے سامنے پیش کر رھی تھیں مسلم لیگ کا کہنا تھا کہ وہ ایک اسلامی مملکت بنانا چاھتے ھیں ۔ جماعت اسلامی نے ان سے یہ کہا کہ دیکھو اگر تم واقعی اسلامی مملکت بنانا چاھتے ھو تو تم اپنے ممبروں کی اصلاح کرو ۔ اور ان لوگوں کو اپنے ساتھ لے کر چلو جو اسلام کے علمبر دار ھوں بالکل اسی طرح جیسے اگر آپ رفاہ عام کا ادارہ قائم کرنا چاھتے ھیں تو کسی ایسے شخص کو جو رفاہ عام کے مقاصد سے اختلاف رکھتا ھو کبھی اپنا ممبر نہیں بنائیں گے ۔

Mr. Speaker : The member may please be brief.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ پھر میں کسی اور وقت اس کی وضاحت کر دونگا ۔ میرا خیال ھے کہ قائد ایوان اس مضمون کو سمجھے ھی نہیں ھیں ۔

Mr. Speaker : The question is :

That this Assembly is of the opinion that the Provincial Government should recommend to the Central Government that in future the elections to the office of the President, National and Provincial Assemblies should be held directly on the basis of Adult Franchi e.

The motion was lost

Mr. Speaker : The House now stands adjourned till 8-00 a. m. on Monday.

The Assembly then adjourned till 8-00 a. m. on Monday, the 5th July, 1965.

APPENDIX I

Statement Referred to in Answer to Part (*a*) and (*b*) of the Starred Question No: 129.

	Region	*Division.*	*Requirements*	
(*a*)	Peshawar	Peshawar, D.I. Khan and Rawalpindi ...	32,000	tons
	Sargodha	Sargodha ...	56,000	,,
	Lahore	Lahore ...	40,000	,,
	Multan	Multan and Bahawalpur ...	58,000	,,
	Hyderabad	Hyderabad, Khairpur, Quetta & Kalat.	50 000	,,
		Total ...	2,36,000	tons
(*b*)	Peshawar	Peshawar, D.I. Khan and Rawalpindi ...	33,802	tons
	Sargodha	Sargodha ...	35,003	,,
	Lahore	Lahore ...	48,143	,,
	Multan	Multan and Bahawalpur ...	88,850	,,
	Hyderabad	Hyderabad, Khairpur ...	66,340	,,
		Total ...	2,72,138	tons

APPENDIX II

(Ref : Starred Question No. 142)

	Description	*G.M. Barrage*	*Guddu Barrage*	*Soan Valley*	*Total*
1.	Crawler Tractors.	U.K. 100	...	...	100
		U.S.A.			
2.	Cater Pillors	...	17	—	17
		U.S.S.R.			
3.	Bulldozers D. 493A	85	107	64	256
	Bulldozers D. 271A	...	...	16	16
	Bulldozers D. 159B	...	...	30	30
	Tractors MTZ 5MS	...	4	26	30

APPENDIX III

(Ref: Starred Question No. 213)

QUESTIONS	Serial No.	Divisions	Quantity of seed supplied (in maunds) during 1964-65		Expenditure		Remarks
			Wheat	Gram.	Wheat	Gram.	
(A) Yearwise quantity of improved seed of wheat, gram, paddy and cotton separately, supplied each division of West Pakistan during the second Five Year Plan period alongwith the details of expenditure incurred on each of the said quantity of seeds yearwise.	1.	Peshawar	13,282	...	1,03,955	...	
	2.	D.I. Khan	20,122	3,500	3,77,714	59,942	
	3.	Rawalpindi	24,140	400	5,10,607	7,049	
	4.	Sargodha	64,425	1,740	10,24,224	43,310	
	5.	Lahore	58,568	200	9,95,389	408	
	6.	Multan	80,279		14,86.545	...	
	7.	Bahawalpur	29,568	1,000	5,54,067	20,516	
	8.	Hyderabad	...	...	...	...	

9.	Khairpur	30 055	2,025	6,50,670	36,651
10.	Quetta & Kalat	28,847		4,96,210	...
11.	Karachi	...	...	...	...
	Total	3,49,278	8,865	61,99,381	1,71,552

(B) The yearwise quantity of the above mentioned improved seed supplied to Loralai and Sibi District.

1.	Loralai	5,000	...	85,085	...
2.	Sibbi	6,100	...	1,08,275	...
	Total...	11,100	...	1,93,360	...

APPENDIX III—(Contd.)

Questions	Sr. No.	Division	Quantity of seeds supplied (in maunds) during 1963-64.		Expenditure Rs.	
			Gram	Wheat	Gram	Wheat
(A) Yearwise quantity of improved seeds of wheat, gram, paddy and cotton separately supplied to each division of West Pakistan during the current Five Year Plan period along with the details of expenditure incurred against each of the said quantity of seed.	1	Peshawar ...	1819	28070	99915.00	477190.00
	2	D. I. Khan ...	6661	16720	27285.00	284240.00
	3	Rawalpindi ...	6652	30217	54669.00	432482.00
	4	Sargodha ...	4345	57130	46201.00	941535.00
	5	Lahore ...	1700	40538	41242.00	712602.00
	6	Bahawalpur ...	1860	66796	30360.00	1068736.00
	7	Multan ...	...	21232	...	345167.00
	8	Hyderabad ...	...	21350	...	439254.00
	9	Khairpur ...	3927	45026	74019.00	641092.00
	10	Quetta & Kalat ...	2000	15400	35958.00	261802.00
	11	Karachi ...	...	...	...	...
		Total ...	28964	342489	409749.00	5654000.00

(B) Yearwise quantity of the above mentioned improved seeds supplied to Quetta, Loralai and Sibi tehsils.

Quetta	...	2000	5259	35958.00	89405.00
Sibi	...	...	4000	...	68000.00
Loralai	...	...	1650	...	28050.00
Mastung	...	...	1700	...	28900.00
Gundawa	...	...	796	...	13532.00
Dukku	...	...	1000	...	17000.00
Noshku	...	...	905	...	16915.00
Total	...	2000	15400	35958.00	261802.00

APPENDIX III—(Contd.)

Questions	Sr. No.	Division	Quantity of seed supplied (in maunds) during 1965		Expenditure		Remarks.
			Cotton	Paddy	Cotton	Paddy	
(A) Yearwise quantity of improved seed of wheat, gram, paddy and cotton separately, supplied to each division of West Pakistan during the second Five Year Plan period alongwith the data of expenditure incurred on each of the said quantity of seeds yearwise	1	Peshawar	100	...	2,200	...	
	2	D.I. Khan	400	500	9,625	9,392	
	3	Rawalpindi	2,100	879	48,285	16,254	
	4	Sargodha...	39,475	3,320	8,46,700	52,255	
	5	Lahore	9,492	9,520	2,01,927	1,57,060	
	6	Multan	1,38,496	5,326	33,51,779	76,380	
	7	Bahawalpur	53,400	4,800	11,37,600	64,150	
	8	Hyderabad	30,300	21,400	6,87,179	3,36,020	
	9	Khairpur	10,800	18,148	2,37,650	2,08,228	
	10	Quetta & Kalat	...	...	...	...	

11 Karachi	...	...	...	...	
Total :	2,84,563	62,893	65,22,945	9,19,739	

(B) The yearwise quantity of the above mentioned improved seed supplied Quetta, Loralai and Sibi districts.

Loralai	...	...	...	...	Cotton & Paddy are not in demand in Quetta and Kalat Divisions.
Sibbi	...	...	...	...	
	...	...	...	...	

APPENDIX III— (Contd).

Question	S. No.	Division	Quantity of seeds supplied (in mds.) during 196		Expenditure		Remarks
			Cotton	Paddy	Cotton	Paddy	
(A) Yearwise quantity of improved seeds of wheat, gram, paddy and cotton separately supplied to each division of West Pakistan during current Five year Plan period alongwith the details of expenditure incurred against each of said quantity.	1	Peshawar ...	100	400	1800.00	6800.00	
	2	D. I. Khan ...	150	200	2700.00	3400.00	
	3	Rawalpindi ...	2963	651	55850.00	11475.00	
	4	Sargodha ...	51940	9533	320067.00	184211.00	
	5	Lahore ...	119265	17760	226217.00	306365.00	
	6	Multan ...	148308	7182	1792326.00	109605.00	
	7	Bahawalpur ...	47260	3244	901483.00	55718.00	
	8	Hyderabad ...	4207	13944	79807.00	181284.00	

9	Khairpur	35844	12313	679959.00	160080.00
10	Quetta & Kalat	...	...	...	...
Total ...		302697	65227	4060209.00	1018938.00

(B) Yearwise quantity of the above mentioned improved seed supplied to Loralai, Sibbi Tehsils ... ...

(C) In the tehsils mentioned in (*b*) above were not supplied the said seed according to their requirements, action Government taken in this behalf. Cotton and Paddy are not in demand in Quetta and Kalat Divisions.

APPENDIX III—(Contd.)

Question	S. No.	Division	Quantity of seed supplied (in mds.) during 1963		Expenditure Rs.		Remarks
			Cotton	Paddy	Cotton	Paddy	
(A) Yearwise quantity of improved seeds of wheat, gram, paddy and cotton separately supplied to each division of West Pakistan during the current Five Year Plan period alongwith the details of expenditure incurred against each of the said quantity.	1.	Peshawar	—	400	—	7200.00	
	2.	D. I. Khan	—	250	—	3000.00	
	3.	Rawalpindi	681	935	11577.00	16869.00	
	4.	Sargodha	26335	2543	571025.00	60109.00	
	5.	Lahore	3420	11222	61560.00	28892.00	
	6.	Multan	76307	1145	1370220.00	20422.00	
	7.	Bahawalpur	15948	—	321863.00	—	
	8.	Hyderabad	829	8499	17425.00	116315.00	

9	Khairpur	16261	5169	313460.00	92520.00
10	Quetta & Kalat	...	...	...	...
Total ...		139781	31163	2667130.00	345327.00

(B) Yearwise quantity of the above mentioned improved seeds supplied to Loralai and Sibi Tehsils. ... ...Cotton and Paddy are not in demand in Quetta and Kalat Division.

(C) In case the tehsils mentioned in (B) above were not supplied the said seed according to their requirements, action Government taken in this behalf. ... ...

APPENDIX IV

(Ref : Starred Question No. 225)

Statement showing utilization of Budget Allocation under 71—Capital Outlay on Schemes of Agriculture Improvement and Research—Other Agriculture Scheme—E—Requisition of Plant Protection Material (Position upto 9th March, 1965).

Provision under scheme	Allocation	Value of Indent placed with the W. Pak. Dept. of Industries.	Amount utilized L. C. opened.	Balance of Foreign Exchange.	Internal Expenditure.	Total Expenditure.
1	2	3	4	5	6	7
		1963-64.				
Rs. 2,85,00,000	1,00,00,000	Pesticides 90,00,000	Pesticides 74,91,868.47	18,98,717.53	Pesticides 2,81,911.57	Pesticides 77,73,780.04
Foreign Exchange Rs. 2,73.00,000		Equipment 10,00,000	Equipment 6,09,414.00		Equipment 2,36,483,59	Equipment 8,45,897.59
Internal 12,00,000		1,00,00,000	81,01,282.47		6,18,395.16	86,19,677.63

Remarks : 1. Out of 22 items of Pesticides contracts for 2 items could not be materialised, because of non-availability.

2. Total short fall in the supply of plant protection materials since 1963. Foreign Exchange amounts to Rs. 4,15,40,000.

APPENDIX V

(Ref: Starred Question No. 254)

Question 254 (*a*).

STATEMENT SHOWING THE NUMBER OF GOVT. OWNED TRACTORS IN WORKABLE CONDITION IN QUETTA DIV.

Ploughing tractors in scrap condition	...	11
In working condition	...	8 out of which (5) are in perfect condition
Old and which have completed half of their lives	...	32
Old and which have completed their normal life	...	5
New recently received	...	5

Question 254 (*c*)

STATEMENT SHOWING THE NUMBER OF CULTIVATORS IN THE QUETTA DIVISION WHO AVAILED OF THE TRACTORS DURING THE YEARS (1963, 1964 and from 1-1-65 to 31-5-65 alongwith the acreage).

Year	No. of cultivators	Acreage
1962-63	327	4675
1963-64	270	2790
1-1-65 to 1-5-65	144	1360

Question 254 (*d*)

STATEMENT SHOWING THE RATES OF TRACTORS IN QUETTA DIVISION ON 50% subsidy

1. Challenger type	Rs. 11/-	per metre hour
2. D-6 TD 15 & TD 9 type	Rs. 15/-	—do—
3. TTE 20 Type	Rs. 21/-	—do—

The above rates are subsidised and allowed to cultivators.

APPENDIX VI

STATEMENT REFERRED TO IN ANSWER TO STARRED QUESTION No. 381 PARTS (A), (B) AND (C).

(a) (i) 1. Hankot.

2. Diplo.

3. Digri.

4. Nagarparkar.

5. Jamesabad.

6. Pithero.

7. Umerkot.

8. Adayo-otor.

9. Mirpur Khas

10. Chachiro.

11. Tando Yar Mohd Khan.

12. Islamkot.

13. Dheronaro.

14. Nabisar Road.

15. Jhado.

16. Mithi.

(ii) It is proposed to open Hospitals at the following places if funds are made available and these places are considered finally suitable :—

1. Sumaro.
2. Chero.
3. Saufiabad.
4. Koloi.

(b) (i) None in Government Buildings.

(ii) Three in rented buildings.
(Diplo, Dharo Naro and Naukot).

(iii) One in Evacuee Building (Nagarparkar).

(c)

1.	Naukot.	Information not available.
2.	Diplo.	43
3.	Digri	106
4.	Nagarparkar.	38
5.	Jamesabad.	90
6.	Pathero.	110
7.	Umerkot.	180
8.	Adayo-otor.	Information not available.
9.	Mirpurkhas.	109
10.	Chachro	50
11.	Tando Yar Mohd Khan.	1
12.	Islamkot	Information not available.
13.	Dharonaro.	
14.	Nabisar Road	
15.	Jhando.	
16.	Mithi.	

Information in respect of each hospital during the last three years the following number of animals were treated:

1962-63	27,990
1963-64	41,143
1964-65	38,015